فارسی ڈکشنری

یا

لُغاتِ فیروزی

جس میں عربی۔فارسی۔ترکی وغیرہ زبانوں کے الفاظ مستعملۂ کتبِ درسیہ وغیرہ کے معنی بہ تحقیق و تدقیق اردو میں لکھے ہیں اور جسے

بیادگار

عالی جناب آنریبل سرچارلس امفرسٹن ایچیسن صاحب بہادر کے سی ایس آئی سی آئی ای سابق لفٹنٹ گورنر پنجاب

حسبِ ایماء

رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز گورنمنٹ پبلشرز سرشتۂ تعلیم پنجاب و منیجر سنٹرل بکڈپو پنجاب

مولوی محمد فیروزالدین صاحب منشی فاضل مدرس اوّل میونسپل بورڈ سکول سیالکوٹ نے

بامداد مولوی علی محمد اور منشی گلاب سنگھ کے تالیف کیا

سنہ ۱۹۰۳ء

مطبع مفید عام لاہور مملوکہ رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز میں طبع ہوئی

دیباچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پایا فیض بیاں زباں نے مجھے ۔ یہ لطف اوٹھایا کام جاں نے مجھے ۔ لیتے ہی ترا نام دہن شیریں ہو ۔ لی چاشنی یہ سب دہاں نے مجھے

حمد خداوند پاک اور نعت صاحب لولاک کے بعد والا تبار اہل دیار کی خدمت بابرکت میں مکنون خاطر کا اظہار قابل گذارش ہے یہ بات کچھ بھی چھپائی نہیں بلکہ روز روشن کی طرح ہر کہ و مہ پر عیاں ہے کہ جب سے سلطنت برطانیہ کی سرکار دولت مدار نے اس علم و ہنر کے لٹے ہوئے گلستان ملک ہندوستان کی آبیاری کی ذمہ داری اٹھائی اسکے لقب جنت نشان نے مجازی کی پستی سے نکلکر حقیقت کی بلندی پکڑ لی ہے جدھر دیکھو اب علم و ہنر کے سدا بہار گلزار لہلہاتے ہیں جنہیں ہزاروں فلاطون نما بلبل ہزار داستان کیطرح چہچہاتے ہیں یہی ملک پنجاب جو کل تک قریبا جہل کے ظلمات میں آفتاب علم کی نورانی شعاعوں سے مستور ہے اور پڑا تھا آج اسکے قصبات و دیہات کا کوچہ و بازار نہیں بلکہ در و دیوار علم کا گہوارہ بنا ہے نظارہ کرنیوالے کی چشم بصیرت کو اسکی علمیت کا نور چندھیا رہا ہے یہ سب فضل و کمال کے چشمہ نورانی منبع عقل و دانش ذہن رسا جناب مستطاب کرنل آر ایم ڈبلیو ہالرائڈ صاحب بہادر ڈائرکٹر محکمہ پنجاب کی شبانہ روز محنت و جانکاہی فضیلت و آگاہی کا ظہور ہے جنکا بچہ بچہ جان ممنون و مشکور ہے ان ہی کی توجہ سے فارسی زبان کی تحصیل کے اشتیاق کا ولولہ دلوں میں جوش زن ہے اور اسکے سودائے وصال میں مبتلا ہر مرد و زن ہے کیونکہ اردو جو آج دفاتر سرکاری اور ملک کی زبان ہے فارسی بغیر تصویر بیجان ہے لیکن اسکے خریداروں کیلئے یہ تکلیف کتنی بڑی ہے کہ اردو میں اسکے معنے بتانے والی نہ کوئی ڈکشنری ہے نہ فرہنگ نہ لغات جس سے وہ مشکلات آسان ہوں جس میں وہ مصطلحات بیان ہوں جو اسکی تحصیل کی سنگ راہ ہیں طلبہ کیلئے مثل حادثہ جانکاہ ہیں اگرچہ عرصہ ہوا کتاب کریم اللغات انہیں مشکلات کی روک ٹوک کیخاطر تیار ہوئی تھی مگر ان ترقی یافتہ ایام میں اس کا کلام وہ کیفی ہے اور ناپیدی غلط نسخوں کی اشاعت کے سبب اعتبار کے درجہ سے بھی گر چکی ہے اسپر لطف یہ کہ زبان انگریزی کے شیوع سے جو ان دنوں ہماری ملکی زبانوں کی تاجدار ہے اور درحقیقت علوم و فنون کا خزینہ بنتا ہوا ہے اور بچوں کے خیالات اور خواہشات ہیں کہ جس طرح انگریزی ڈکشنری ہماری کل حاجات بر لاتی ہیں مشکل الفاظ کے معنی بتاتی ہیں جن اشخاص کے نام ریڈر میں آتے ہیں انکے مختصر حالات سناتی ہیں ہر علم و فن کی اصطلاحات کی تعریفات بتا کر انکو ہمارے ذہن نشین کراتی ہیں شہروں دریاؤں اور پہاڑوں وغیرہ کے نہ صرف پتہ نشان بتانے سے بلکہ اونکا تھوڑا تھوڑا حال سنانے سے انکا نقشہ ہمارے خیال پر جماتی ہیں مختلف رسم و رواج کے ذکر و اذکار سے انہیں ایک مجسم صورت میں ہماری چشم بصیرت کے سامنے لاتی ہیں اسی طرح فارسی لغات جامع کل حاجات ہوں قاطع مشکلات ہوں فرہنگ اصطلاحات ہوں جغرافیہ کے مطالب کیلئے مجموعہ نقشہ جات ہوں تاریخی واقعات اور حالات کیلئے تاریخ جات ہوں اسلئے ملک کی ضرورت برلانے اور طلبہ کو ان شاقہ محنتوں اور تکلیفوں سے بچانیکی خاطر جو انہیں غیر مکمل لغات کی وجہ سے پیش آتی ہیں اور انکا بیش قیمت وقت اور روپیہ بیسود گنواتی ہیں خیر خواہی و ہمدردی کے منظر طلبہ کی بہبودی و بھلائی کے مصدر منشی گلاب سنگھ صاحب پبلشر سر رشتہ تعلیم پنجاب مینیجر سنٹرل بک ڈپو مالک مطبع مفید عام لاہور نے چاہا کہ بناز آگین محمد فیروز الدین تخلص فیروز قاضی امام الدین صاحب ڈسکوی مرحوم مغفور اول مدرس فارسی میونسپل بورڈ سکول سیالکوٹ اور بندہ درگاہ صمدی محمد علی سپرنٹنڈنٹ مطبع مفید عام لاہور اہل ملک کی خدمت میں ایسی محنت جانکاہی کا نمونہ دکھائیں اور ایسی ہی لغات بنائیں جو طلبہ کی خواہشات کو برلائے ان کا وقت اور روپیہ جو ایک ہی لفظ کی تحقیق و تدقیق اور جانچ پڑتال پر مختلف قسم کی لغت کی دیکھ بھال میں صرف ہوتا ہے بچائے۔ ان کا یہ فرمان واجب الاذعان تھا کیونکہ ملک کی بہبودی کے واسطے ایک اعلٰی نشان تھا اس لئے باوجود کمی لیاقت و استطاعت محض جوش فائدہ طلبہ میں یہ جرأت کی اور اپنی ہمت اس کام میں لگادی ایک کتب مروجہ فارسی کو دیکھا بھالا انکے مشکلات کا عطر نکالا علم و فن اور لغت کی کتابوں سے تحقیق و تدقیق کی ضرورت اور حاجت کے موافق مشکل الفاظ اصطلاحات تاریخی واقعات جغرافیہ کے مطالب رسم و رواج کے مقاصد وغیرہ کی تشریح و توضیح کی دوسرے دوبارہ اسکو عمیق نظر سے پڑتال کیا کام کی کثرت اور نقل کی محنت میں جو نقص باقی رہے انکو نکال دیا اس ہمہ محنت و جد و سوز کی کتاب موسوم لغات فیروزی نو سال کے عرصہ میں چھپ چھپا کر تیار ہوئی ٭

اس کتاب میں کل الفاظ برہان و غیاث اللغات بہار عجم کے اور مصطلحات منشی فاضل اور ایم اے کے امتحانوں تک کے کل نصابوں اور کورسوں کے مشکلات کو حل کیا ہے اور ہر علم و فن کی بڑی بڑی معتبر کتابوں سے بڑی محنت کے ساتھ الفاظ کے معانی کو لکھدیا ہے جس سے کامل یقین ہے کہ یہ مکمل ڈکشنری بہت مفید ہوگی اور لغتوں اور فرہنگوں سے مستغنی کر دیگی ٭

ارباب نظر کی خدمت میں یہ التجا اور استدعا ہے کہ جہاں کہیں کوئی نقص پائیں اطلاع فرمائیں تاکہ دوسرے ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہوسکے ٭

علامات

ف۔ فارسی۔ ع۔ عربی۔ ت۔ ترکی۔ ی۔ یونانی۔ ہ۔ ہندی۔ ر۔ رومی۔ س۔ سریانی۔ انگ۔ انگریزی۔ پ۔ پرتگالی۔ فر۔ فرانسیسی۔ عب۔ عبرانی۔ مف۔ مفرس۔ مع۔ معرب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب الالف

آب ف لغوی معنی پانی اصطلاحی۔ آبرو
عزت۔ فیض۔ دولت۔ دریا۔ موتی۔
جواہر۔ تیغ۔ تلوار جواہر دار خوبی رونق
چمک۔ قدر۔ قیمت۔ قانون۔ طرز۔
اور نام ایک رومی مہینہ کا ہے جو ماہ
بھادوں سے ملتا ہُوا ہے +

آب ع باپ۔ پدر +

اِبا ع انکار کرنا۔ نہ ماننا +

آبا عن جدٍ ع باپ دادے سے۔ اصل
میں یہ لفظ "عن آب و عن جدٍ" تھا۔
ابا کا لفظ منصوب بہ نزع الخافض ہے۔
یعنی ایسا مجرور جس کا جار محذوف
ہے +

ابابیل ع جمع ہے اِبّالہ اور ابیل کی
گروہ مرغان اس کے معنی جو عام مشہور
دیا سلائی کے ہیں کسی لغت میں نہیں
ملتے +

اباحت ع جائز اور مباح کرنا +

آب آتش لباس ف شراب سرخ

آب ارغوانی }
آب آتش رنگ } ف شراب سرخ
آب آتشین } اشک خونین
آب سرخ }

آباد ف ضد ویران۔ بسا ہُوا۔ کبھی
خوش اور خوب۔ شاباش۔ ستائش +

آبادان مزید علیہ آباد کا ہے +

آبادانیدن ف سراہنا تعریف کرنا +

آبادی ف بستی +

آب آمد تیمم برخاست ف جیسے وہ
شخص جس پر کام کا مدار ہو اور جس سے
معاملہ ہو آگیا تو کسی شخص اور نائب کی
کچھ احتیاج نہیں +

آب از سر گذشتہ۔ یعنی انتہا ہو یا کہ
اپنے آنسوؤں کے پانی میں ڈوب گیا۔
شدید آفتوں اور حادثوں کے نازل
ہونے سے مراد ہے +

آب انفعال }
آب خجالت } ف شرمندگی کا پسینا

آب از آتش برآوردن ف۔
ناممکن امر کا کر دکھانا۔ عجیب کام
کر دکھانا +

آب از دیدہ پاک کردن ف
آنکھوں سے آنسوں پونچھنا۔ رحم کرنا +

آبائے علوی ع نو آسمانوں یا سبعہ
سیارہ سے مراد ہے +

آبان ف آٹھواں مہینہ فارسی سال کا
جو اکتوبر سے ملتا ہُوا ہے۔ اور نام اُس
فرشتہ کا ہے جو لوہے پر موکل ہے شمسی
مہینے کا دسواں دن +

آب انار ف سرخ شراب +

اِبانت ع روشن کرنا واضح کرنا۔
جدا کرنا +

آب انگور ف انگوری شراب +

آب بخوردن ف غصہ کھا جانا غصہ
پی جانا +

آبپاشی ف سینچنا۔ کھیتی کو پانی دینا
چھڑکاؤ پانی کا کرنا +

آب پشت ف نطفہ انسانی سے
مراد ہے +

آب بچشم گردانیدن ف آنکھوں
میں آنسوں بھر آنا +

آب بدہان آوردن ف مُنہ میں
پانی بھر لانا +

آب بدہان آمدن ف کسی کھانے
کی نہایت حرص کے باعث مُنہ میں
پانی بھر لانا +

آب بر چہرہ ریختن } ف جتکا دینا۔
آب بر چہرہ زدن } ہوشیار رہنا۔
آب بر دیدہ زدن } مُنہ پر پانی کا
آب بر رُخ زدن } چھینٹا دینا +

آب بر روے کار آمدن ف کسی کام کی
گئی ہوئی رونق کا پھر آجانا +

آب بر روی کار آوردن ف کسی کام کی گئی ہوئی رونق کا پھرلانا +
آب بر آتش ریختن / آب بر آتش زدن } ف تسکین دینا۔ غصہ کو فرو کرنا +
آب بر بنیاد بستن ف گھر کی ویرانی کے درپے ہونا +
آب بر روے آب دویدن ف رونق پر رونق ہونی +
آب بردن ف رونق لے جانی۔ بے رونق کرنا +
آب بریسمان بستن / آب بہ غربال پیمودن } ف ناممکن امر کا تلاش کرنا۔ بے فائدہ کوشش کرنی۔ خو کام کرنا +
اِبتیار ع عطا کرنا۔ نہ عطا کرنا۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے یعنی اس کے معنے ایک دوسرے کی ضد ہیں +
ابتداء ع شروع۔ آغاز +
ابتذال ع بیہودہ خرچ کرنا۔ کھو دینا مجازاً بے اعتباری اور بے قدری +
اَبتر ع لغوی معنی اس کے دُم کٹا۔ مراد ہے وہ شخص جس کے اولاد نہ ہو۔ بدچلن آدمی۔ بگڑا ہوا پریشان پراگندہ۔ ضائع +
اِبتسام ع مشتق ہے بسم سے ہنسنا۔ مُسکرانا۔ کھلنا۔ پھول کا کھلنا +
اِبتشاک ع کٹا ہوا ہونا۔ بیزاری کرنی جھوٹ باندھنا +
اِبتغاء ع چاہنا۔ خواہش +
آب تلخ ف شراب تیزاب شور

اشک شور آنسو +
اِبتلاء ع آزمائش۔ آزمانا۔ بلا میں پڑنا +
آبتین ف فریدون کے باپ کا نام ہے +
اِبتہاج ع خوشی۔ کھلنا۔ خوش ہونا +
اِبتہال ع عاجزی اور زاری کرنی +
آب جاویدان ف آب بقا۔ آب حیات +
اَبجد ع حروف تہجی۔ الف یا تا +
آب جگر ف خوناب۔ رطوبت جگر +
آب جو ف ندی۔ دولت و مال سے مراد ہے +
آب چشم ف آنسو۔ اشک +
آب چشم از کسی گرفتن ف ڈرانا +
آب چکیدن از چیزی ف اُس چیز کی نہایت تازگی و لطافت سے مراد ہے +
آبچین ف وہ رومال جس سے نہاکر بدن پونچھتے ہیں +
آب چیزی بردن ف اس کا بے رونق کر دینا۔ خوار و بے اعتبار کر دینا +
اَبحار ع جمع بحر دریا۔ سمندر +
آب حرام ف شراب۔ دنیا کے مال و دولت سے بھی مراد ہے +
آب حسام ف تلوار کی دھار سے مراد ہے +
آب حیا ف عرق ندامت سے مراد ہے +

آب حیات / آب حیوان } ف امرت جس کے پینے سے موت نہیں آتی مجازاً اشعار اور معشوق کا مُنہ +
آبخار ف گرجستان کی سمت میں ایک ولایت کا نام ہے۔ اور ترکستان میں ایک ملک کا نام ہے۔ اور ایک قوم کا بھی نام ہے +
آبخور / آبخورد / آبشخور } ف نصیب۔ قسمت۔ آبخورش۔ آن جل۔ تالاب یا چشمہ پانی پینے کا +
آب خوردن ف قدرے توقف کرنا +
آب خرابات ف شراب پینے سے مراد ہے +
آب خوردن دل ف دل کا قوت پکڑنا۔ اور مسرور ہونا +
اَبخرہ ع جمع ہے بخار کی +
آب خیر کردن ف پانی کا وقف کرنا +
اَبد ع وہ زمانہ جس کی انتہا نہیں۔ ہمیشگی +
آبدار ف چمکدار۔ بارونق۔ پانی رکھنے والا نوکر۔ اور دولت مند آدمی +
آبداری ف چمک۔ صفائی +
اِبداع ع کسی نئی چیز کا پیدا کرنا۔ اختراع +
اِبدال ع بدل دینا +
اَبدال ع وہ ستر آدمی جن کے وجود سے دنیا قائم ہے چالیس ان میں سے شام میں ہیں اور تیس اور متفرق ملکوں میں۔ جب ان میں کوئی شخص مرجاتا ہے دوسرا اُس کے بدلے اور قائم ہوجاتا ہے اس واسطے ابدال کہلائے فارسی میں یہ لفظ قلندر اور مرید کے معنی میں بھی آتا ہے +

آبدان ف تالاب۔ پانی کا برتن +
آب داشتن ف تر و تازہ رکھنا۔ سیراب رکھنا +
آب در دیدن ف رونے سے مراد ہے +
آب در جگر داشتن ف مستی اور تونگری سے کنایہ ہے +
آب در چشم یا در دیدہ نداشتن ف بے حیا ہونا۔ آنکھوں میں شرم نہ ہونی
آب در جگر نبودن / آب در جگر نداشتن / آب در جگر نگذاشتن / آب در جگر نماندن } ف کمال نکبت اور افلاس سے مراد ہے +
آبدست ف وضو +
آبدستان ف ان نسبت کا ہے۔ وضو کرنے کا لوٹا۔ آفتابہ +
اَبر ف بادل۔ آب (پانی) اور ر کلمہ نسبت سے مرکب ہے +
اِبراء ع ادا کرنا۔ بیزار ہونا۔ پاک ہونا۔ اچھا کرنا +
اَبرار ع بر کی جمع ہے۔ نیکوکار لوگ بھلے آدمی +
اِبراز ع ظاہر ہونا۔ آشکارا ہونا +
اِبرام ع تنگ کرنا۔ محکم کرنا کسی کام کو طول کرنا +
آبراہ ف موری۔ بدررو پیساب +
اِبراہیم ع نام ایک پیغمبر کا ہے +

آذر بت تراش کے بیٹے تھے نام ایک ولی کا ہے جو پہلے بادشاہ بلخ تھے جو فقیر ہو گئے شاہ ادہم کے بیٹے تھے اس واسطے ابراہیم ادہم کہلاتے ہیں

ابر بہار
ابر بہاران } ف موسم بہار کا بادل
ابر بہاری

ابر تر ف سیراب بادل۔ مینہ والا بادل +

آب رز
آب رزاں } ف انگوری شراب

اَبرش ع و ۔ گھوڑا جس پر سیاہ یا سفید داغ ہوں۔ مطلق گھوڑا +

اَبرص ع کوڑھی۔ چتلا۔ چتکبرا۔ اور گرگٹ جو چپکلی کی قسم سے ہے۔ اُس کو بھی کہتے ہیں +

آب رفتہ در جو آمدن ف گئی ہوئی دولت کا پھر آنا +

اَبرق ع ابرک اور چمکدار +

ابرقوہ
ابرکوہ برقو } ف عراق عجم میں ایک شہر ہے +

ابر کافور بار ع ف سفید بادل سے مراد ہے +

ابر نیسان ف بہاری بادل جس سے سیپیوں میں موتی پیدا ہوتے ہیں +

اَبرو ف بھوں جو آنکھ پر ہوتی ہے

آب رواں ف گھوڑے سے مراد ہے +

ابرو بہم در کشیدن
ابرو چین گرفتن } ف غصہ ہونا بھوئیں چڑھانی +
ابرو ترش کردن

آبرو تنگ کردن ف تنجر اور غرور کرنا +

آبرو زدن ف اجازت دینی بھوں سے اشارہ کر دینا +

ابروئی شام
ابروئی فلک } ف ہلال۔ نیا چاند

ابروی طاق ف ایسا ابرو جو خم میں بے نظیر ہو +

ابرو کشادن ف مخاطب ہونا۔ کشادہ رو ہونا شگفتہ رو ہونا +

ابرو کشیدن ف بھوؤں کے ساتھ اشارہ کرنا +

ابر مُردہ ف اسفنج۔ اسپنج +

اَبرَہہ ع حبشہ کے نائب کا نام تھا۔ جس نے پرستش کعبہ پر حسد کر کے یمن میں ایک اور بتخانہ افلیس نام بنایا۔ لیکن ہر چند اُس کی پرستش کے لئے تاکید اور سعی کی وہاں کوئی نہ آیا۔ آخر الامر ایک جرار لشکر بہت سے ہاتھیوں کے ساتھ کعبہ کی تخریب کے لئے بھیجا۔ یہ لشکر جب کعبہ کے قریب پہنچا۔ تو حکم الٰہی سے بہت سے پرندے ابابیل منہ میں کنکر لیکر ان کے سر پر اوڑتے ہوئے آئے اور اتنے کنکر اس لشکر پر برسائے جس سے وہ سارے کا سارا تھوڑے ہی عرصہ میں ہلاک اور تباہ ہو گیا۔ اس قصہ کا اشارہ کلام الٰہی میں تیسویں سیپارہ سورہ فیل میں بھی موجود ہے +

اَبرہ ف ترکیب ہے ابر دیکھنے میں اورہ (نسبت ہے) اوپر کی تہ۔ قبا کے اوپر کی تہ۔ بخلاف آستر کے جو نچلی تہ ہوتی ہے۔

اِبرہ ع سوئی۔ سوزن۔ ڈنک +

آب ریختن ف بے عزت اور ذلیل کرنا +

آبریز ف لوٹا چھاگل پانی پینے کی

آبریز ع (یای معروف) خالص سونا اور چاندی +

ابریسم
اَبریشم } ع ریشم۔ ساز کی تاریں +

اَبریشم زدن ف تار بجانی۔ ساز بجانا +

اَبریشم زن ف مطرب۔ بجانیوالا +

ابریق مب روشن۔ لوٹا چھاگل پانی پینے کی۔ اور تلوار چمکدار۔ یہ لفظ آبریز کا معرب ہے +

آب زندگانی ف آب حیوان +

آب زیر کاہ ف اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ جو بظاہر تو نیک معلوم ہو اور باطن میں مفسد اور شریر ہو حیلہ گر۔ مکار +

آب زیر کاہ انداختن ف مکر و حیلہ کردن +

آب زدن بر چہرے ف گرد و غبار کا فرو کرنا +

آبسالان ف باغ +

آبستن ف حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا +

آبستنہ ف پیٹ والی عورت۔ اور چاپلوسی کرنے والا +

آبستنی ف حاملہ +

آبستنی روز ف جننے کا دن۔ دردِ زہ کا دن +

آب سیاہ ف شراب اور سیاہی سے مراد ہے +

آبشار۔ پانی کی چادر۔ جھرنا جہاں پر پانی جھڑتا ہو اور چشمہ پانی کا +

آبشخور ف قسمت۔ چہ بچہ پانی کا۔ چشمہ تالاب +

آب شدن ف پانی پانی ہونا شرمندہ ہونا۔ پگھلنا۔ گلنا +

آبش روشن ست ف یعنی عزت و اعتبار رکھتا ہے +

آب شرم ف شرمندگی کا پسینا +

آبشم ف گویا ریشم کا کچے ریشم کا گویا جو کیڑہ بناتا ہے +

آب شیریں ف میٹھا پانی۔ اور اس نام کی نوع کشمیر میں ایک نہر ہے +

اِبصار ع دیکھنا۔ آنکھ سے دیکھنا۔ دل سے دیکھنا +

اَبصار ع جمع ہے بصر کی۔ دانائی علم۔ آنکھیں +

اِبطا ع توقف کرنا۔ دیر لگانا +

ابطال ع جمع بطل۔ بہادر اور دلیر لوگ +

ابطال ع جھوٹا کرنا۔ باطل کرنا +

آب طرب ف شراب +

اِبعاد ع دور پھینکنا۔ دور جانا +

ابعادِ ثلاثہ ع تینوں دوریوں یعنے طول و عرض و عمق سے مراد ہے +

آب عصیر ف انگوری شراب۔ مطلق شراب +

اِجلَاف ع جمع ہے جلف کی کمینے لوگ۔ احمق لوگ +
اِجلال ع بزرگی۔ عالیشانی +
اَجَل طَبعِی ع وہ موت جو مقتضائے طبیعت سے ہو۔ کسی خاص باعث جیسے غرق۔ حرق۔ قتل وغیرہ سے نہ ہو +
اَجِلّہ ع جمع ہے جلیل کی۔ بزرگ +
اِجماع ع اکٹھے ہونا۔ سب کی رائے متفق ہوئی +
اِجمام ع گھوڑے کو سواری کے لئے آراستہ کرنا +
اِجمال ع مجمل بیان کرنا۔ کھول کر نہ کہنا۔ بہت کو تھوڑا کر دینا۔ پراگندہ کو اکٹھا کرنا۔ بہت درستی سے کام کرنا +
اَجمَعِین ع سب تمام۔ سب کے سب +
اَجناد ع جمع ہے جُند کی۔ لشکر۔ فوج۔
اَجنَبِی } ع پردیسی۔ کسی اور دیس کا آدمی +
اَجنَب }
اَجنِحَہ ع جمع ہے جناح کی۔ بازو۔ ہاتھ۔ پر +
اَجِنّہ ع جمع ہے جنین کی +
اَجوِبَہ ع جمع ہے جواب کی +
اُجُور } ع مزدوری۔ اُجرت +
اُجُورَہ }
اَجوَف ع کھوکھلا۔ شکم خالی۔ اور صرفیوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کے عین کلمہ میں علّت کا حرف ہو +
اَجوَل ع جول سے صیغہ اسم تفضیل کا ہے۔ بہت جولان کرنے والا۔ اور بہت پھرنے والا۔ عمدہ اور پسندیدہ کے معنی میں بھی آیا ہے +
اِجہار ع ظاہر کرنا +
اَجِیر ع مزدور۔ محنتی +

باب الالف مع الجیم فارسی

اچار } ف یہ لفظ فارسی اور ہندی دونو زبانوں میں مشترک ہے
آچار }
ہموار زمین کے معنی میں بھی آیا ہے +
آچارف مٹی۔ خاک۔ تراب +

باب الالف مع الحاء حطی

اَح ع آواز کھانسی کی۔ آواز درد کی +
آحاد ع اکائیاں ایک سے نو تک۔ عام لوگ۔ عوام الناس +
اَحادِیث ع جمع ہے حدیث کی۔ باتیں۔ اصطلاح میں جناب رسول خدا کے قول کو کہتے ہیں +
اِحاطہ ع گھیرنا۔ اور گھری ہوئی چار دیواری +
اَحباب ع جمع ہے حبیب کی۔ دوست۔ محب +
احبار ع جمع ہے حبر کی۔ دانشمند دانا
اَحِبّا ع جمع ہے حبیب کی +
اِحتِباس ع بخل کرنا۔ روکنا۔ اور خون حیض بند ہو جانے کی بیماری عورتوں کو +
اِحتِجاب ع پردہ میں جانا۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا +
اِحتِجام ع پچھنے لگانے +
اِحتِراز ع بچنا۔ پرہیز کرنا +
اِحتِراس ع نگاہبانی کرنا +
اِحتِراف ع دانائی۔ حرفت پیشہ وری
اِحتِراق ع جلانا۔ پھونکنا +
اِحتِرام ع تعظیم کرنی۔ حرمت کرنی
اِحتِساب ع حساب کرنا۔ آزمائش کرنا +
اِحتِشام ع شکوہ۔ نوکر چاکر کا مالک ہونا۔ صاحب حشمت ہونا +
احتضان ع بغل میں لینا +
احتظاظ ع حظ اٹھانا۔ مزہ پانا +
اِحتِلام ع خواب میں ناپاک ہونا۔ خواب دیکھنا +
اِحتِکار ع مہنگا بیچنے کی امید پر غلّہ جمع کرنا +
اِحتِکاک ع چھلنا۔ گھرچنا کسی چیز کا کسی چیز کا پوست اوتارنا +
اِحتِما ع بیمار کا پرہیز کرنا۔ حمایت کرنا
اِحتِمال ع برداشت کرنا۔ بوجھ اٹھانا۔ بات کا سہنا۔ گمان کرنا۔ گمان +
اِحتِوا ع حاوی ہونا۔ گھیرنا +
اِحتِیاج ع حاجتمند ہونا۔ ایک چیز کی خواہش ہونی۔ حاجت +
اِحتِیاط ع بچنا۔ پرہیز کرنا۔ گھیرا ڈالنا +
اِحتِیال ع فریب کرنا۔ مکر کرنا۔ حیلہ کرنا +
اَحجار ع جمع حجر کی۔ پتھر۔ سنگ +
اِحجاف ع نقصان کرنا۔ کسی کو تنگ کرنا۔ سختی کرنا +
اَحَد ع ایک۔ ا۔ ١۔ عم۔ عہ +
اُحُد ع مدینہ کے پاس ایک پہاڑ ہے جہاں کفار مکہ کی آنحضرت سے جنگ ہوئی تھی +
اَحَدّ ع بہت تیز +
اِحداث ع نیا پیدا کرنا۔ نئی بات نکالنی۔ اور بالفتح نئے جوان۔ نوخاستہ۔
اَحداق ع جمع حدقہ۔ آنکھوں کی پتلیاں +
اَحدی ع ایک منصب کا نام ہے۔ جو اکبر بادشاہ کے عہد میں مقرر ہوا ہے۔ ان منصب داروں کے پاس سوار و پیادے سرکار کی طرف سے متعین نہیں ہوا کرتے تھے۔ صرف منصب ذات رکھتے تھے +
اَحدِیّت ع اکائی۔ ایک ہونا +
اِحدَی الحُسنَیَین ع دو نیکیوں میں سے ایک +
اِحرار ع جمع حُر کی۔ آزاد لوگ۔ عبد اللہ نقشبندی مولوی جامی کے پیر کا بھی نام ہے +
اِحراز ع بچانا۔ گھیرنا۔ استوار کرنا۔ جمع کرنا +
اِحراق ع جلانا۔ پھونکنا +
اِحرام ع مقررہ مقاموں سے زیارت کعبہ سے پہلے کچھ دنوں بعض حلال اور مباح چیزوں کا اپنے اوپر حرام ٹھیرا لینا حرم میں آجانا۔ قصد و نیت
احرام بستن ف مقررہ رسم اسلامی کا ادا کرنا۔ قصد و نیت کرنا +
اِحزان ف غم میں ڈالنا۔ غمگین کرنا۔ اور بالفتح جمع ہے حزن کی اندوہ و غم +
اَحزَم ع دانا تر۔ ہوشیار تر +

اِحْساس ع دیکھنا معلوم کرنا چھونا۔ حس کرنا۔ حواس خمسہ سے کسی ایک حس کے ذریعہ سے کچھ معلوم کرنا +

اِحْسان ع کسی کے ساتھ نیکی کرنی

اِحْسانمَند ف وہ شخص جس کے ساتھ اچھا سلوک کسی نے کیا ہو +

اَحْسَنْتَ ع ماضی واحد حاضر مذکر کا صیغہ ہے۔ بہت اچھا کیا تو نے شاباش آفرین۔ واہ واہ +

اَحْسَن ع بہت نیک۔ بہت خوب +

احسن تقویم ع بہت اچھی ترکیب۔ بہت [illegible] بہت اچھی صورت

اَحْسَن و[illegible] بہت عمدہ طور +

اَحْشا ع جو کچھ سینہ اور پیٹ میں ہو جیسے دل۔ جگر۔ معدہ۔ انتڑیاں وغیرہ

احشام ع جمع حشم۔ نوکر۔ خدمتگار +

اِحْصا ع گننا۔ ضبط کرنا +

اِحْصان ع مضبوط کر دینا۔ پرہیزگار بننا۔ برائیوں سے نگاہ رکھنا۔ بیوی کرنا بیاہا جانا مرد یا عورت کا +

اِحْضار ع حاضر کر دینا۔ موجود کر دینا کسی چیز کا +

اَحْفاد ع جمع حفد کی۔ پوتے۔ نواسے +

اَحَقّ ع بہت حقدار +

اَحْقاد ع جمع حقد کی۔ کینہ۔ غصہ +

اَحْقَر ع حقیر تر۔ بڑا ذلیل۔ اپنے تئیں بسبب کسر نفسی کے بولا کرتے ہیں

اَحْلیٰ ع افعل التفضیل کا صیغہ ہے نہایت شیریں +

احلام ع جمع ہے حُلم کی۔ خوابین سپنے +

اِحْلیل ع سوراخ ذکر +

اِحْمال ع بوجھ اٹھانا۔ بالفتح جمع ہے حمل کی بوجھ +

اَحْمَد ع بہت سراہنے والا۔ نام ہے جناب رسول خدا صلعم نبی آخر الزمان صلے اللہ علیہ وسلم کا۔ انجیل مقدس میں ایک لفظ فارقلیطا آپ کی شان میں آیا ہے۔ اس کے بھی قریب قریب یہی معنی ہیں (انجیل یوحنا باب ۱۶)

اَحْمَر ع بہت سرخ +

اَحْمَض ع ترش۔ مجازاً دشوار۔ ناخوش +

اَحْمَق ع بہت بیوقوف +

اَحْوال ع جمع ہے حال کی +

احوال کسے گرفتن ف کسی کا حال پوچھنا +

اَحْوَر ع نام ستارہ مشتری۔ و مرد سفید پوست و سیاہ چشم وخوبصورت +

اَحْوَل ع اینچا تکو۔ بھینگا +

اِحْیا ع زندہ کرنا۔ جان ڈالنا +

اَحْیان ع جمع حین کی ہے بمعنی زمانہ اور وقت +

اَحْیاناً ع اتفاقاً۔ گاہ گاہ۔ شاید۔ کسی زمانہ یا وقت میں +

باب الالف مع الخاء المعجمہ

اَخ ع برادر۔ بھائی +

آخ ف کلمہ تحسین کا ہے بجائے آفرین کے بولتے ہیں +

اَخ اَخ ف بمعنی خوش جیسے عربی میں اس کے بجائے طوبیٰ اور بخ بخ کا لفظ بولا جاتا ہے۔ مقام تاسف میں بھی آتا ہے +

اَخْبار ع جمع ہے خبر کی۔ بہت سی خبریں۔ آجکل اخبار کا لفظ جن معنوں میں مستعمل ہے۔ اس کے معنی بھی مجموعۂ اخبار یعنی خبروں کا مجموعہ ہیں +

اِخْبار ع خبر دینا۔ بتلانا۔ اطلاع دینا +

اُخْت ع بہن۔ ہمشیرہ۔ بوا۔ مثل مانند۔ نظیر +

اَخْتان ع جمع ہے ختن کی۔ داماد +

اِخْتِبار ع خبر لینا۔ آزمانا۔ امتحان کرنا +

اِخْتِتام ع ختم کرنا۔ پورا کرنا +

اَخْتَر ف ستارہ۔ فال۔ شگون۔ طالع۔ جھنڈا۔ نام ایک فرشتہ کا ہے جو کرۂ زمین پر موکل ہے۔ قمر کی ایک منزل کا بھی نام ہے +

اختر از بالا بزیر آمدن ف ادبار اور بدنصیبی سے مراد ہے +

اِخْتِراع نئی بات نکالنی۔ ایجاد کرنا +

اِخْتِراق ع پھاڑنا۔ پھٹنا۔ پارہ پارہ ہونا اور فراخ دستی کرنا +

اَخْتَر جوانہ ف نیک نصیب۔ نصیبہ

اختر چوڑا ف عطارد سے مراد ہے +

اختر در پیراہن کردن ف بیآرام و بیقرار کرنا +

اختر دنبالہ دار ف دُم دار ستارا +

اخترشناس | ف منجم۔ نجومی +
اختری |

اَخْتَر شُمُردن ف ستارے گننا۔ جاگنے اور بیدار رہنے سے مراد ہے

اَخْتَر کاوِیاں ف کاویانی جھنڈے سے مراد ہے +

اِخْتِصار ع کم کرنا۔ بہت کو تھوڑا کرنا۔ بڑے مطلب کو تھوڑے سے لفظوں میں ادا کرنا +

اِخْتِصاص ع خاص کرنا۔ خصوصیت رکھنا +

اِخْتِطاف ع اچک لے جانا +

اِخْتِفا ع پوشیدہ کرنا چھپانا +

اِخْتِلاج ع عضو کا پھڑکنا +

اختلاط ع ملانا۔ محبت۔ دوستی +

اختلاف ع فرق۔ تفاوت۔ باہم فرق ہونا +

اِخْتِلال ع خلل ڈالنا۔ خلل پڑنا۔ خلل +

آخْتَن ف تلوار کھینچنا۔ مطلق کھینچنا +

آخْتَہ ف تلوار کھینچی ہوئی۔ اور خصی کیا ہوا جانور +

اَخْتَہ بیگی ت وہ شخص جس کے سپرد جانوروں کے خصی کرنے کی خدمت ہو +

آخْتَہ خانہ ف گھوڑوں کا طویلہ +

آخْتَہ ف خصی۔ خواجہ سرا +

اِخْتِیار ع پسند کرنا۔ ایک بات کو ماننا اور مختار کے معنے میں بھی آیا ہے +

اِختیال ع گردن کشی کرنی - خیال کرنا +

اَخْجَہ ت ریزہ زر - روپیہ +

اُخْدُود ع غار - خندق - گڑھا +

اَخْذ / اِخاذ } ت پکڑنا - لینا - اختیار کرنا +

آخِذ ع پکڑنے والا - لے لینے والا +

اَخذ وجَر ع لینا اور کھینچنا - زینت اور دولت کے اکٹھا کرنے سے مراد ہے +

اُخْریٰ ع پچھلی عورت یا چیز - یہ لفظ مؤنث ہے +

آخِر ع پچھلا - دوسرا - ضد ہے اول کی +

آخَر ع دیگر - اور +

آخُرف ہنسلی +

اَخراجات ع جمع الجمع خرچ کی - خرچ +

آخِرُ الامر ع آخر کو - انجام سو - اس بات کے آخر +

آخرت ع انجام - دوسری دنیا - قیامت +

اَخرس ع اس کی جمع خرس اور خرسان آتی ہے - گونگا +

اَخِسّاء ع جمع ہے خسیس کی +

اخشیج ف اصل میں اخشیک تھا - اس کے معنی ہیں - نقیض - مخالف - ضد - اور چار عنصروں میں سے ایک عنصر - وہ شے جو جدا ہو - فرد سے ملکر بنتی ہو - مفرد شے - بخلاف مرکب کے جو دو ذاتوں سے ملکر بنتی ہے +

اَخَصّ ع خاص تر +

اِخصاء خصی کرنا +

اَخضَر ع سبز چیز - سبز رنگ +

اَخطار ع جمع ہے خطرہ کی اور بالکسر خطرہ میں ڈالنا +

اَخطَل ع عرب کے ایک شاعر کا نام ہے +

اِخفاء ع چھپانا - پوشیدہ کرنا - پوشیدہ +

اَخفَش ع ضعیف چشم آدمی جس کی آنکھیں آفتاب میں نہ کھلیں - مجازاً شپرّ - جو مشہور جانور ہے - اور نیز نام ایک شخص کا ہے جو صرف و نحو عربی اور علم قرأت میں امام تھا - چونکہ وہ بھی تمام رات جاگتا رہتا تھا - اس لئے اس خطاب سے مخاطب ہوا - اسکی بکری کا قصہ مشہور ہے +

اَخَفّ ع خفیف تر - سبکتر - بہت ہلکا +

اَخگَر ف آگ کی چنگاری - شروع عشق کا +

اَخلّاء ع جمع خلیل کی صادق دوست - دوست +

اِخلاص ع خالص کرنا - دوستی +

اخلاصمند ف دوست جو خیرخواہ ہو +

اَخلاط ع جمع ہے خلط کی - اور نام شہر کا ہے ملک روم میں +

اَخلاف ع جمع ہے خلف کی - مردہ کا پس ماندہ آدمی - فرزند سعید +

اَخلاق ع جمع ہے خُلق کی خو - عادت خصلت - اچھی خو +

اَخلاقِ مَلَکی ع فرشتہ کی سی خصلتیں عمدہ خصلتیں +

اَخَوات ع جمع ہے اُخت کی بہنیں +

اَخوال ع جمع ہے خال کی - ماموں +

اِخوان ع بھائی بند - جمع ہے اخ کی +

اُخُوّت ع بھائی ہونا +

آخُور ف اصطبل وہ جگہ جہاں چارپائے گھانس کھاتے ہیں ہندی میں اسکو کھرلی کہتے ہیں +

آخور سالار ف طویلہ کا سردار - میر آخور +

آخون / آخوند[1] } ف معلم - اُستاد +

اَخِی ع میرا بھائی +

اَخی ع فارسی میں صاحب مروّت عربی میں میرا بھائی +

اَخیار ع جمع خیر کی - بھلے لوگ +

اَخیر ع پچھلا +

اَخیافی ع وہ بھائی جن کے باپ الگ الگ اور ماں ایک ہو +

باب الف مع الدال مہملہ

اَداء ع پورا کرنا - انداز - ناز - حرکتیں معشوق کی +

آداب ع جمع ہے ادب کی - عزت کرنی - سلام کرنا - تعظیم کرنا - قاعدہ - طریقہ - علم +

آدابِ فاضلہ ع عمدہ خصلتیں اور حکمت عملی - (یا علم اخلاق) کی چاروں قسموں - حکمت - شجاعت - عفت - سے بھی مراد ہے +

اَدات ع آلہ حصول کسی شے کا - ہتھیار - اوزار - اور علم صنعت - اور حرف جو اسم و فعل کے مقابلہ میں ہے +

اِدارہ ع ضبط - انتظام - حکومت - پاسبانی - احاطہ - دارالسلطنت +

اِدام ع سالن روٹی کے ساتھ کھانے والی شے - نانخورش +

اِدامت ع ہمیشگی +

اَدانی ع جمع ہے ادنی کی قریب تر - اور کم درجہ کے لوگ +

اَدَب ع ہر شے کا اندازہ اور حد نگاہ رکھنی - دانش اچھی روش - قاعدہ سلام - اور نام ایک علم کا ہے جس کے جاننے سے کسی زبان کے بولنے میں لغزش اور خطا نہیں واقع ہوتی - اس کی کئی قسمیں ہیں جیسے علم لغت - علم صرف علم اشتقاق - علم نحو - معانی عروض - قافیہ - علم رسم الخط - علم قرض الشعرا - علم انشا وغیرہ - زبان دانی +

اُدَباء ع جمع ہے ادیب کی - ادب دینے والے - علم ادب جاننے والے +

اِدبار ع لغوی معنی پیٹھ پھیرنا مرادی معنی کم نصیبی - بد اقبالی - بد قسمتی نحوست +

اَدَبانہ ف بطور ادب کے +

ادب کردن ف تنبیہ دینا - جھڑکنا +

اِدبیر ف ادبار ہے ادبار کا +

اِدّخار ع ذخیرہ کرنا +

اَدخِنَہ ع جمع ہے دخان کی - دھوئیں

[1] اخوند کی خے پر فتحہ یا ضمہ اور واو معدولہ اور نون ساکن ہے +

اِدرار ع سخت بارش کا برسنا۔ اور جاری ہونا۔ پلے در پلے پیشاب کرنا۔ بار بار انعام دینا۔ جاری ہونا۔ روزینہ وظیفہ +

ادراک ع پانا۔ عقل۔ دریافت کرنا۔ غیر محسوس چیزوں کا دریافت کرنا +

آذرخش ف برق۔ بجلی۔ صاعقہ +

آذرنش ف شالی +

ادریسؑ ع نام ایک پیغمبر کا ہے جو زندہ بہشت میں داخل ہوئے +

اِدّعا ع دعوے کرنا۔ بے دلیل ایک بات کہنی۔ چاہنا۔ خواہش کرنا +

اَدعیہ ع جمع ہے دعا کی +

ادعیہ ماثورہ ع وہ دعائیں جو نبیؐ آخرالزمان سے منقول ہوئیں +

اِدغام ع بغیر چبانے کے کوئی چیز کھانی۔ گھوڑے منہ میں لگام دینی۔ ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں ملا دینا جیسے آدخار کی دال +

اَدَق ع دقیق تر۔ باریک تر۔ مشکل تر +

اَدقچہ ت ایک قسم کا منقش اور آراستہ فرش جو امیروں کے سونے کے لئے چارپائی پر بچھاتے ہیں +

اَدکن ع خاکستری رنگ۔ سیاہی مائل رنگ +

اَدَل ع رہنما تر +

اِدلال ع ناز کرنا +

اَدِلّہ ع جمع ہے دلیل کی +

آدم ع نام ہے حضرت ابوالبشر کا جن سے انسان کی نسل چلی +

اِدماج ع لپیٹنا۔ اور نام ایک صنعت شعریہ کا ہے جس میں ایک مضمون میں دوسرا مطلب لپٹا ہوا ہوتا ہے جیسے

انچہ تیرت میکند برجان خصم
میکند تیغ تو بافرق سراں

اِدمان ع ہمیشگی۔ مشق۔ ہمیشہ شراب پینا +

آدمی ف وہ جو اولاد حضرت ابوالبشر آدم کی ہے۔ انسان +

آدمیت ع انسانیت۔ خلق۔ نیک ہونا +

اَدنےٰ ع بہت نزدیک۔ نالائق۔ کم رتبہ +

آدناس ع جمع ہے انس کی۔ میل۔ چرک +

اَدوات ع جمع ہے ادات کی +

اَدوار ع جمع ہے دَور کی۔ گردشیں۔ آسمان کی۔ زمانے +

اَدوَن ع کمینہ تر۔ حقیر تر۔ نزدیک تر +

اَدویہ ع جمع ہے دوا کی +

اَدہَم ع نام باپ ابراہیم بادشاہ بلخ کا جو تخت شاہی کو چھوڑ کر فقیر ہو گیا اور لوہے کی بیڑی جو قیدیوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔ اور سیاہ سانپ۔ اور گھوڑا مشکی رنگ کا۔ مطلق سیاہ۔ مطلق گھوڑا +

اَدیان ع جمع ہے دین کی۔ مذاہب +

اَدیب ع علم ادب کا جاننے والا۔ زبان دان۔ ادب دینے والا۔ اُستاد +

اَدیم ع ادھوڑی چمڑا۔ سطح ہر شے کی۔ طعام سالن سمیت +

اَدیم یمنی ع خوشبودار اور دھاری دار رنگین چمڑا جو ملک یمن میں ستارہ سہیل کی خاصیت سے تیار ہوتا ہے +

اَدینہ ع جمعہ کا دن +

باب الالف مع الذال معجمہ

اذ۔ اذا ع جب۔ جس وقت۔ جبکہ۔ ناگاہ +

اذےٰ ع ایذا دینا۔ ستانا۔ تکلیف۔ دُکھ +

آذار ر۔ رومی مہینوں میں سے ایک مہینے کا نام ہے۔ جو ماہ چیت سے ملتا ہے +

اِذاعت ع آشکارا کرنا۔ ظاہر کرنا +

اذان ع آواز۔ اور نماز کے وقت کی بانگ +

آذان ع جمع ہے اُذن کی۔ کان +

اِذخار ع ذخیرہ رکھنا۔ ذخیرہ کرنا +

اِذخَر ع ایک خوشبودار گھاس کا نام ہے جسے مرچیا گند بھی کہتے ہیں +

آذر ف آگ۔ اور شمسی مہینوں میں سے ایک مہینے کا نام ہے جو ہندی میں پوس سے ملتا ہوا ہے۔ اور نام اُس فرشتہ کا ہے جو سورج کا موکل ہے +

آذرآبادگان ف جس کا معرب آذربائیجان ہے۔ ایران کی شمال مغربی حد میں ایک مشہور ملک ہے جس کا دارالسلطنت تبریز ہے۔ لفظی ترجمہ اس نام کا آتش آباد ہے۔ چونکہ وہاں آتش خانے بکثرت تھے اس لئے اس نام سے موسوم ہوا۔

آذرپرست ف آتش پرست۔ مجوس +

آذرنگ ف روشن۔ نورانی۔ آگ۔ رنج۔ محنت۔ سختی۔ غم۔ ہلاکت +

آذرگشسپ ف نام آتشخانہ گشتاسپ کا ہے جو اُس نے بلخ میں بنایا تھا۔ اور اپنے سب خزانے وہاں رکھدئے تھے۔ سکندر نے اُسے تباہ و برباد کیا اور سب مال و دولت وہاں سے اُٹھالایا۔ مطلق آتشخانہ۔ بجلی۔ آگ۔ آگ کے پوجنے والے۔ یہ لفظ آذر (بمعنی آگ) اور گشسپ (بمعنی کودنے والی) سے مرکب ہے یا گشسپ کا مخفف ہے +

اذعان ع یقین کرنا۔ فرمانبرداری اطاعت +

اَذفر ع تیز بو۔ خالص +

اَذقان ع جمع ہے ذقن کی ٹھوڑی +

اِذکار ع ذکر کرنا۔ یاد دلانا۔ اور بالفتح جمع ہے ذکر کی +

اَذَلّ ع نہایت خوار۔ ذلیل تر +

اِذلال ع ذلیل کرنا۔ خوار +

اِذن ع اجازت۔ حکم +

اُذن ع کان۔ گوش +

آذناب ع جمع ہے ذنب کی۔ دُم اور بالکسر بمعنی گناہ کرنا +

آذوقہ
آزوقہ } ع طعام کھانا۔ رزق۔ قوت قلیل یہ لفظ آب اور زقہ سے مرکب ہے۔ آب زقہ (ایک دفعہ کا پانی جو پرندہ اپنے بچے کے

منہ میں ڈالے (تھوڑی سی قوت سے
مراد ہے +
اِذہاب ع لیجانا - زوال - سونے کا
ملمع کرنا +
اَذہان ع جمع ہے ذہن کی +
اَذیال ع جمع ہے ذیل کی - دامن
اَذِیّت ع دکھ - رنج - تکلیف +
آذِیش ف آگ - کوڑا - کرکٹ +
آذِین ف آئین بندی - آرائش -
کسی حاکم کے آنے پر شہر کے کوچے
اور بازاروں کی آرائش کرنی +

باب الالف مع الراء مہملہ

اَر ف مخفف ہے اگر کا - شرط کا
حرف ہے - اذہ کے معنے میں بھی
آیا ہے +
اَرت مرد جو بمقابلہ عورت کے
ہے +
آرائے / آرا } ف آراستہ کرنے والا +
آراء ع جمع ہے رائے کی عقل - فکر -
دل کی بینائی +
اَرابہ ف گاڑی - چھکڑا - وہ گاڑی
جس پر توپ کا مصالحہ یعنی گولہ بارود
رہتا ہے +
اراجیف ع جمع ہے ارجاف کی -
جھوٹی اور بے اصل باتیں +
اِراحت ع آرام پانا - آرام دینا -
رات میں چرانا - مرنا - کسی چیز کی
بو محسوس کرنا +
آراد ف ہر شمسی مہینے کی پچیسویں
تاریخ کو کہتے ہیں +
اِرادت ع ارادہ کرنا - مرید بننا +
اِرادہ ع خواہش +
اِرادی ع اختیاری - خواہش کی
چیزیں +
اَراذِل ع جمع ہے ارذل کی -
کمینے لوگ +
آراستگی ف زیبائش کرنا -
زیبائش +
آراستن ف زیبائش کرنا -
سنوارنا - خوشنما کرنا کسی شے کا
اس پر کچھ زیادہ کرکر - جیسے دامن کا
سنجاف کے ساتھ اور ہاتھ زیور کے
ساتھ +
آراستہ ف سنوارا ہوا +
اراقہ ع گرانا پانی وغیرہ کا اور چھڑکنا
اراضی ع جمع ارض کی - بمعنے
زمین +
آرام ف چین - سکھ - سکون - قرار
طاقت - اطاعت +
آرامش ف فراغت - آرام -
راحت +
آرامگاہ ف چین کی جگہ - سکھ کا
مقام +
آرامِل ع جمع ہے ارمل کی -
بیوہ عورتیں +
آرامیدن ف آرام کرنا - آرام
پانا +
آران ف ولایت آذر بائیجان میں
ایک ملک کا نام ہے +
اَرارِیب ع جمع ہے ارب کی - حاجتیں +
اَرائت ع دکھلانا +
آرائش ف زیبائش - آراستگی +
اَرائک ع جمع ہے اریکہ کی تخت +
آرائیدن ف آراستہ کرنا -
سنوارنا +
اِرب ع حاجت +
اَرباب ع جمع ہے رب کی - صاحب
مالک +
اَربابِ حُجّت ع اہل منطق سے
مراد ہے +
اَربابِ صُفُوۃ و صَفا ع صفائی
اور برگزیدگی کے صاحب برگزیدہ
اور صاف باطن لوگ +
اربابِ صنائع ع صنعتوں کے
صاحب - پیشہ ور لوگ +
اربابِ معنی ع خداشناس -
اور عارف لوگ +
اَرباع ع جمع ہے ربع کی - منزل -
گھر - اور جمع رُبع کی بھی ہے جس کے
معنی ۱/۴ کے ہیں +
اَربَع ع چار - للعہ - ۴ +
اربعۂ متناسبہ ع علم حساب کے ایک
قاعدہ کا نام ہے جو علم حساب کی جان
ہے اور جسے قاعدہ زریں بھی کہتے
ہیں - وہ بہت سے قاعدوں میں
کام آتا ہے - اس میں تین عدد
معلوم ہوتے ہیں - اور اُن کی وساطت
سے چوتھا عدد مجہول دریافت کیا
جاتا ہے +
اَربعون ع چالیس - ۴۰ - سالعہ
۴۰ +
اَربعین ع چالیس - چلہ +
ارتباح ع تجارت میں فائدہ
اُٹھانا +
اِرتباط ع ربط کرنا - ملانا - دوستی +
اِرتجاء ع امید رکھنی +
اِرتجاج ع جنبش کرنا - ہلنا -
کانپنا +
اِرتجاع ع رجوع کرنا +
اِرتجال ع بن سوچے بولنا کسی کا
کام جھٹ پٹ کر لینا +
اِرتحال ع کوچ کرنا - رحلت کرنا -
موت آنا +
اِرتداد ع مذہب سے پھرنا - پھر جانا
مُرتد ہونا +
اِرتسام ع منقش ہونا - تصویر کھینچنا +
اِرتشاء ع رشوت کھانا - گھونس
لینا +
اِرتشاف ع چوسنا +
اِرتضاء ع باہم راضی ہونا - آپس میں
خوش ہونا - پسند کرنا +
اِرتعاش ع کانپنا +
اِرتفاع ع اونچا ہونا - بلند ہونا -
نفع - محصول - معاملہ +
اِرتفاق ع رفاقت کرنا +
اِرتقاء ع چڑھنا - ترقی کرنا +
اِرتکاب ع اختیار کرنا - گناہ کرنا
ناجائز کام کا شروع کرنا - سوار ہونا +
اَرتنگ ف نگارخانہ مانی مشہور
مصور کا - اور نام ایک بتخانہ کا صحیفہ
نقاشوں کا تختہ -
اِرتیاب ع شک میں پڑجانا +

اِرْتِیاح ع خوش ہونا +
ارتیاد ع ڈھونڈھنا - طلب کرنا +
اِرْث ع میراث - اصل - قدیم کام - اور مال جو ایک کی وفات کے بعد دوسرے کو ملے - بالفتح آگ جلانی
اَرْج ع اصل میں ارزتھا - بھاؤ - قیمت - مجازاً - قدر - مرتبہ - حد - اندازہ - اور بالفتح اول وبکسر دوم عربی میں خوشبودار شے کو کہتے ہیں +
اَرْجاسَپ ف توران کے ایک بادشاہ کا نام ہے جو افراسیاب کا نبیرہ تھا +
اِرْجاع ع ایک چیز کو دوسری چیز کی طرف متوجہ کرنا +
اَرْجَل ع وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید ہو اور تین اور رنگ کے ایسا گھوڑا اکثر منحوس خیال کیا جاتا ہے +
ارجمند ف قدر و قیمت والا - رتبہ والا +
اَرْچند ف ہرچند +
اَرْحَم ع بڑا رحم کرنے والا - بہت ہی مہربان +
آرد ف آٹا - آناج پسا ہوا - تقدیر کے معنی میں بھی آیا ہے +
اَرْدَبیل ف ایران کے صوبہ آذربائیجان میں ایک شہر کا نام ہے جو اردبیل بن ارمنین کا بسایا ہوا ہے اس میں سلاطین صفویہ کے بزرگ شیخ صفی الدین اسحاق کا روضہ ہے +
اردشیر ف مرکب ہے ارد بمعنی مانند - اور (قہر و خشم) اور لفظ شیر سے شیر کے مانند - شیر کے غصہ والا - غضبناک شیر - مراد بہادر ایران کے ساسانی بادشاہوں میں سے پہلے بادشاہ کا نام ہے جو بہمن بن اسفندیار کی اولاد سے تھا - اس نام کے ایران میں اور بادشاہ بھی ہوئے ہیں +
اَرْدشیر بابکان ع ایران کے ساسانی بادشاہوں میں سے پہلے بادشاہ کا نام ہے جو بابک کا دوہتا اور بہمن بن اسفندیار کا پوتا +
اَرْوَنْد ف الوند پہاڑ کا دوسرا نام ہے +
اُرْدُو ف شاہی لشکر - لشکرگاہ - اب ہندوستان کی عام زبان ہے +
اردی بہشت (ف بیای مجہول) مرکب ہے لفظ ارد (بمعنی مانند) اور بہشت سے - یا کسرۂ اضافت کے اشباع سے پیدا ہوئی یعنے مانند بہشت بسبب پھولنے باغوں اور کھلنے پھولوں کے نظیر بہشت کہلایا - یہ مہینہ چین موسم بہار میں آتا ہے اور ہندی ماہ جیٹھ سے ملتا ہوا ہے +
اَرْز ف قیمت - بھاؤ - قدر +
اَرْزاق ع جمع ہے رزق کی - روزی +
اَرْزان ف سستا - جو مہنگا نہ ہو +
اَرْزانی ف سستاپن +
آرزم ف رزم - جنگ - کارزار +
اَرْزَن ف چینا - اور ایک گاؤں کا بھی نام ہے جو شیراز سے تین فرسنگ کے فاصلہ پر واقع ہے +
اَرْژَنگ ف مانی کا نگارخانہ - چین میں مانی کے ہمسر ایک مصور کا نام بھی ہے - جس کتاب میں صور و اشکال ہوں اس پر بھی ارژنگ کا اطلاق ہوتا ہے +
آرزو ف امید +
آرزو در جگر شکستن }
آرزو در دل شکستن } خواہش کا حاصل نہ ہونا
آرزو سوختن }
مقصد پر نہ پہنچنا +
آرزوگاہ ف امیدگاہ - امید کی جگہ - دنیا سے مراد ہے +
آرزوکشیدن ف حسرت کھانا - افسوس کرنا - خواہش کرنا +
اَرْزیدن ف بکنا - برابر ہونا - قیمت پانا - لائق ہونا +
اَرْزیز ف قلعی - رانگ - ٹن +
آرس ف آذربائیجان میں ایک شہر اور دریا کا نام ہے +
اَرْس ف آنسو - اشک +
اِرْسال ف بھیجنا - نامہ بھیجنا +
اَرَسْطاطالیس }
اَرَسْطو } یہ لفظ یونانی ہے سکندر کے وزیر کا نام ہے جو افلاطون کا شاگرد تھا اور جو حکمائے یونان میں سے تھا - اور یونان کا ایک مشہور حکیم ہے +
اَرْسَلان ت اصل میں ترک لوگ اپنے غلاموں کا یہ نام رکھتے ہیں - لیکن اس لفظ کے معنی بھی غلام مشہور ہو گئے ہیں - پھاڑنے والا - شیر اسد +
اَرْسَلان و آغوش ت ترکی غلاموں کے نام ہیں +
اَرَش ف آدھ گزا - ناپنے کا ہاتھ +
اَرِش ف عاقل - زیرک - مجلس
اَرْش ع فتنہ اٹھانا +
آرش ف ایران کے ایک بےنظیر تیرانداز کا نام ہے جس کا تیر چالیس منزل کے فاصلے پر پہنچ گیا تھا +
اِرْشاد ع ہدایت کرنا - راہ بتلانا +
اَرْشَد ع بہت ہدایت یافتہ آدمی +
اَرْشَق ع بہت اچھی قد والا +
اَرْشمیدس }
اَرْخمیدس } ف جسے انگریزی میں ارکمیڈیز کہتے ہیں ملک اٹلی کے ایک حکیم کا نام ہے - جس نے سونے کھوٹ اور عام اشیا کا وزن مخصوص دریافت کرنے کا قاعدہ ایجاد کیا تھا +
اِرْصاد ع منتظر ہونا - راہ میں نگہبان بٹھلانا - اور بالفتح جمع ہے رصد کی - جنتر منتر - وہ جگہ جہاں سے ستاروں وغیرہ کا حال دریافت

سلہ کئی ایک بادشاہوں کا بھی نام ہے - اور کبھی یہ لفظ جزو نام ہوا کرتا ہے جیسے الپ ارسلان وغیرہ +

کیا جلیئے - جیسے لندن کا گرینج مقام

اَرض / اَرَضِین } ع زمین - دھرتی +

اَرَضَہ ع دیمک مشہور کیڑے ہیں
جو بڑا نقصان کرتے ہیں +

اَرضی ع زمینی - زمین کا +

اِرغام ع خوار کرنا - کسی کا نام
مٹی پر رگڑانا +

اَرغنُون - آرغون - اَرغنُ ف
نام ایک باجہ کا ہے جسے افلاطون
نے ایجاد کیا تھا +

اَرغوان ف / اَرجوان مب } ایک درخت ہے جس کی
ٹہنیاں باریک ہوتی ہیں اور
موسم بہار میں پھولوں سے سرخ ہو جاتا
ہے - سرخ رنگ پھول - مجازاً
سُرخ رنگ +

اَرَق ع بیداری - بیخوابی +

اَرِق ع بہت رقیق - شفاف +

اَرقم ع سیاہ سانپ جس کی پیٹھ
پر سفید چنیاں ہوں +

اَرک / اَرگ ت } وہ قلعہ جس میں بادشاہ سکونت پذیر ہو - وہ
قلعہ جو شہر کے اندر ہو - مطلق
قلعہ - ایک ولایت کا نام بھی ہے +

اَرکان ع جمع رکن کی - ستون
کھم - وزیر - امیر +

اَرکانِ دولت ع دولت اور
سلطنت کے رکن - امرا - وزرا -
روسائے قوم سے مراد ہے +

اَرگجہ ف ایک مرکب خوشبو کا
نام ہے - جو صندل گلاب - کافور
مشک - عنبر وغیرہ سے بناتے
ہیں +

اِرَم ع شہر عاد - بہشت عاد جو
شداد عاد نے ملک شام میں بنایا
تھا +

اِرماض ع گرم ریت میں جلنا -

ارمان / ارمان ف } آرزو - حسرت - پشیمانی - افسوس +

ارمانیدن ف آرزو کرنا -
حسرت کرنا +

اَرمَد ع وہ شخص جس کو رمد کی
بیماری ہو +

اُرمُزد ف ہر شمسی مہینے کا
پہلا دن +

اُرمُزد ف ستارہ مشتری اور
ہر شمسی مہینہ کا پہلا دن +

اَرمُغان ف تحفہ - انوکھی چیز -
سوغات +

اَرمَن ف ایران اور روم اور
فرنگ کے مابین ایک ملک کا نام
ہے جسے ارمینیا کہتے ہیں اور اس کا
بہت سا حصہ شاہ روس کے زیر
حکم ہے +

ارمنی ف منسوب بہ ارمن +

اُرمیہ مخفف ہے - ارمیا کا حضرت
خضر علیہ السلام کا نام ہے +

آرمیدن ف آرام کرنا - بدن کو
سکھ دینا +

آرمینیا ف ٹرکس ایشیا کا ایک
صوبہ ہے جسے ارمن آرمینیہ بھی
کہتے ہیں +

اَرنَب ع خرگوش - سسَیا +

آرنج ف مرفق - کہنی - بازو +

آرندہ ف لانے والا کسی چیز کا -

اَرنہ ف ورنہ - نہیں تو - اگرچہ +

اَرِنی ع مجھے دکھا - اس سے حضرت
موسیٰ علیہ السلام کے قصہ کی طرف
اشارہ ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ
سے کہا کہ مجھے اپنا دیدار دکھا
تاکہ میں تیری طرف دیکھوں خداوند
تعالیٰ نے فرمایا لَن تَرَانِی - یعنے
تو میرے دیدار کی تاب ہرگز نہ لا
سکے گا - لیکن ہاں پہاڑ کی طرف
دیکھ پس اگر وہ اپنی جگہ پر رہا
تو دیکھ سکیگا - بعد جب کوہ طور پر
تجلا الٰہی ہوا تو پہاڑ ریزہ ریزہ ہو گیا
اور حضرت موسیٰ بیہوش ہو کر گر پڑے
فارسی والے ضرورت شعری کے
باعث اکثر رَ کو ساکن استعمال کرتے
ہیں +

ارنی گو ف حضرت موسیٰ کلیم اللہ
سے مراد ہے +

اِرواء ع سیراب کرنا پانی دینا +

ارواح ع جمع ہے روح کی +

آروغ ف ڈکار - اس کو آروق
بھی بعضوں نے لکھا ہے +

آروغیدن ف ڈکار لینا +

اَروِین ف امتحان - تجربہ -
آزمائش +

آرہ ف لکڑی چیرنے کا آلہ اور
جبڑ دانتوں کی +

آری ف ہاں - کلمہ ایجاب کا
ہے +

اَرِیب ع دانا - عقلمند - عالم -

اَرِیکہ ع تخت +

باب الالف مع الزاء معجمہ

اَز ف بمعنی سے - جار کا حرف
ہے +

آز ف حرص - لالچ - اور نام
ایک شہر کا بھی ہے +

اِزاء ع مقابلہ کرنا - برابری کرنی -
مقابلہ +

ازاحت دور کرنا +

آزاد ف بے قید - بے عیب -
اور سوسن سفید - اور درخت
بکائن - اور سوسن بے میوہ کو بھی
کہتے ہیں +

آزادسرو ف ایک شخص کا نام
ہے جس سے رستم کے مارے
جانے کا قصہ فردوسی شاعر نے
سنکر نظم کیا +

آزادرو / آزادطبع / آزادمرد / آزادہ } ف شریف آدمی - وہ شخص جو دنیا سے بے تعلق ہو +

آزادمردی ف جوانمردی +

آزادگان ف جمع ہے آزادکی

آزادی ف بے قیدی - بے عیب
ہونا - حریت - شکر و سپاس +

آزار ف رنج - دکھ - بیماری +

اِزار بند ف۔ نالا جو پاجامہ میں ڈالا جاتا ہے +

آزاری ف۔ بیمار +

ازالت
ازالہ
ع دور کرنا +

ازآن ف۔ اُس سے اس لئے +

ازآن باز ف۔ اس وقت سے +

ازپا در آمدن
ازپا در افتادن
ف عاجز ہو جانا گر پڑنا +

ازپا در آوردن ف۔ عاجز کرنا گرا دینا۔ خراب کر دینا۔ معزول کر دینا +

ازپا نشستن ف۔ تھک کر بیٹھ جانا۔ چھوڑ بیٹھنا +

ازبر
ازبرم
ف حفظ۔ یاد +

ازبر کردن ف۔ یاد کرنا حفظ کرنا +

ازپس واشدن ف۔ دور ہو جانا +

ازبس ف۔ بہت +

اُزبک ت۔ اس کا املا اوزبک ہے۔ ترکون کی ایک قوم کا نام ہے خود مختار۔ رئیس +

ازبن دندان ف۔ نہایت اطاعت اور الحاح اور رغبت سے مراد ہے از دل سے ممنون احسان ہونا +

ازبن گوش ف۔ دیکھو ازبن دندان +

ازبن ناخن ف۔ جمع کیا ہوا ذخیرہ اطاعت اور غلامی سے بھی مراد ہے +

ازپوست بیرون آمدن
ازپوست بیرون افتادن
ازپوست بیرون شدن
ف۔ اپنے آپ سے باہر ہو جانا نہایت خوش ہونا اپنا حال اور بھید ظاہر کر دینا +

ازپے ف۔ واسطے لئے +

ازپیش برداشتن ف اُٹھا دینا۔ ہٹا دینا +

ازپیش پائے کسی برخاستن ف۔ اُس کی تعظیم کو اُٹھنا +

ازپیش خود گرفتن چیزے ف اُس کی طرف توجہ کرنی مشغول ہونا +

ازتقصیر کسی درگذشتن ف اسکی خطا معاف کر دینی +

ازتہ ریش گذشتن ف فریب دینا +

ازتہ دل کارے کردن ف۔ نہایت رغبت سے کام کرنا حضور دل سے کام کرنا +

ازجا بردن
ازجا بر کشیدن
ازجا برآوردن
ف۔ بیخود و حملہ کر دینا +

ازجا برآمدن
ازجا برخاستن
ف۔ بیخود و حملہ ہونا +

ازجا برداشتن کسے را ف ترقی دینی قدر و قدر و مرتبہ بڑھانا +

ازچشمے افتادن ف پہلی رونق پر نہ رہنا پہلے مرتبہ سے گر جانا +

ازچیزے گرد برآوردن ف تباہ اور خراب کر دینا نیست و نابود کر دینا +

ازچیزے گل چیدن ف۔ فیض اُٹھانا۔ دیکھنا +

ازخر افتادن ف۔ مر جانا ہلاک ہونا +

ازخاطر بردن ف۔ بھلا دینا بھول جانا +

ازخاک ستاندن و بہ آب دادن ف۔ تباہ اور نیست و نابود کر دینا +

ازخاک برداشتن کسے را
ازخاک برگرفتن کسے را
ف۔ نوازش کرنا رتبہ دینا +

ازخانۂ زین جدا شدن ف۔ گھوڑے پر سے گر پڑنا +

ازخر افگندن ف۔ دھوکا دینا۔ عاجز کر دینا +

ازخط بیرون شدن ف اطاعت نکرنا فرمانبردار نہونا +

ازخواب برآمدن ف۔ جاگ پڑنا بیدار ہونا +

ازخود ساختن ف۔ اپنا بنا لینا۔ اپنی ملک کر لینا +

ازخود شدن ف۔ مست ہو جانا بیخود ہونا +

ازخود رفتہ ف مست بیخود +

ازخون درگذشتن ف۔ خون کا بحل کر دینا خون کا معاف کر دینا +

اژدحام ع۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ یہ لفظ عربی زحم سے مشتق ہے۔ زا سے فارسی یا ہائے ہوز سے لکھنا پڑھنا غلط ہے +

اَزدر ف۔ لائق۔ سزاوار واسطے زیبا

اُزدرا ع نکلنا +

ازدر اطاعت باز آمدن ف مطیع ہونا +

ازدر ملاطفت در آمدن ف۔ رفق و مدارا سے پیش آنا +

ازدست ف۔ عاجز۔ مطیع محکوم برابر ہمچشم +

ازدست رفتن
ازدست شدن
ف۔ بیخود اور بے اختیار ہونا مضطرب و بیقرار ہونا +

ازدست بردن
ازدست بیرون بردن
ف بیخود و بے اختیار کرنا +

ازدست وہر جستن ف مرنے سے مراد ہے +

ازدست برگرفتن ف۔ نیست و نابود کر دینا +

ازدست دادن ف۔ ہاتھ سے کھو بیٹھنا ضایع کرنا گنوا دینا +

آزدن ف چبھونا چھیدو بنا رنگنا +

آزدہ ف۔ سوئی چبھویا ہوا۔ رنگا ہوا۔ منبّت کاری کیا ہوا۔ اور مخفف ہے آزردہ کا +

اِزدواج ع۔ نکاح کرنا بیاہ کرنا +

ازدور بوسہ زدن ف نہایت ادب اور تعظیم کرنے سے کنایہ ہے +

ازدوش نہادن ف۔ پھینک دینا۔ رکھ دینا +

ازدہان مار بیرون آمدن ف۔ سیدھا پن سے مراد ہے جس میں کسی طرح کی کجی نہ ہو +

ازدہر گذشتن ف۔ مر جانا۔ انتقال کرنا۔ جہان سے گذر جانا +

اِزدیاد ع۔ زیادہ ہونا بڑھنا +

آزر - ف - آگ اور نام حضرت ابراہیم کے باپ کا ہے جو بت گھڑا کرتا تھا۔ بقول بعض حضرت ابراہیم کا باپ تارخ تھا اور آزر ان کا چچا تھا۔ جس نے تارخ کی وفات کے بعد انکی پرورش کی تھی۔

ازران خود کباب خوردن - ف - اپنی محنت اور مشقت سے کوئی چیز حاصل کرنی۔

ازراہ افتادن - ف - رستہ بھول جانا۔

ازراہ انداختن } ف دھوکا دینا
ازراہ بردن } فریب دینا۔

ازراہ رفتن - ف - فریب کھانا۔

آزر پرست - ف - آتش پرست۔

آزردگی - ف - رنجش ناراضگی۔

آزردن - ف - ستانا۔

آزردہ - ف ستایا ہوا خفا کیا ہوا۔

آزردہ پشت - ف - کیڑا کوژپشت۔

ازرق - ع - نیلا گربہ چشم۔

ازرق پیرہن - ف - نیلا کپڑا پہننے والا قلندروں اور ملنگوں سے مراد ہے۔

ازرق زرنہ - ف - نیلا کپڑا رنگینے والا گدڑی پہننے والا زاہد و پارسا سے مراد ہے۔

آزرم - ف - شرم وحیا شفقت و مہربانی۔ بزرگی و عزت عدل و راحت آشتی و صلح طاقت و غضب اسکا راغم و اندوہ گناہ اور خسرو کی بیٹی کا نام ہے۔

آزرم جوئے ف صلح جو۔

آزرم و آب - ف - شرم و آبرو۔

از سایۂ خویش ترسیدن - ف - نہایت ڈرپوک ہونے سے مراد ہے۔

از سر چیزے برخاستن - ف اسکا ترک کر دینا۔

از سر افگندن - ف - ذلیل کرنا عاجز کرنا۔

از سر گرفتن - ف - ابتدا سے شروع کرنا از سر نو شروع کرنا۔

از طاق دل کسے افتادن - ف - اُس کے آگے بے عزت اور نا مقبول ہونا۔

از طرف بر شکستن - ف - کنارہ پکڑنا منہ پھیرنا اعراض کرنا۔

از عہدۂ کارے برآمدن } ف
از عہدۂ کارے بیرون آمدن }
کسی کام کو بخوبی سر انجام کرنا۔

از فکر افتادن - ف - بھول جانا۔

از فلان چہ کشاید - ف - یعنے اُس سے کیا ہوسکتا ہے۔

اَزکے - ع - بہت پاکیزہ لذیذ تر۔

از کار افتادن } ف معطل ہونا نکما ہونا
از کار رفتن }
از کار ماندن } بیکا رہونا
از کار و بار شدن }

از کسے بریدن - ف - کسی سے قطع تعلق کرنا رشتہ توڑنا۔

از کسے در حساب بودن - ف - کسی سے اندیشہ رکھنا۔ احتیاط رکھنی۔

از کسے روے کشیدن - ف - کسی سے منہ پھیرنا اعراض کرنا اُس کی طرف دھیان نہ کرنا۔

از کسے سیر شدن - ف - کسی سے تنگ ہو جانا بیزار ہو جانا۔

از کسے کسوت و جامہ داشتن ف - کسی کا چیلہ ہونا مرید ہونا۔

از کسے رخت بر گرفتن - ف - کسی سے الگ ہو جانا علیحدگی اختیار کرنا۔

از کف دست مہ برآمدن ف - ناممکن امر کا ظہور پانا۔

ازکیا - ع - جمع ہے زکی کی ذہین آدمی۔

ازل - ع - وہ زمانہ جسکا ابتدا نہو اناد۔

ازلی - ع - انادی - ازل والا۔

ازم - ت - انگور۔

ازمان - ع - پرانا ہونا کہنہ ہونا۔

ازمان } ع - جمع ہے زمانہ کی
ازمنہ }

آزمائش - ف - پرکھنا آزمانا۔ امتحان۔

آزمند - ف - لالچی حریص۔

آزمودن ف - آزمانا - جانچنا۔

آزمون - ف - آزمائش امتحان۔

از موم سنگ ساختن - ف - عجیب وغریب کام کرنا۔

ازمہ - ع - جمع ہے زمام کی باگیں۔

از نظر کسے انداختن - ف - کسی کی نظر سے گرا دینا۔ نفرت دلانی۔

از نظر افتادن - ف - نظروں سے گر پڑنا۔

ازواج ع جمع زوج جوڑا بیوی جورو۔

آزور ف - لائق سزاوار - درخور۔

آزوقہ - ع - مرکب ہے آب اور زقہ سے وہ آب و دانہ جو جانور اپنے بچوں کو دیتے ہیں تھوڑی سی غذا قوت قلیل۔

ازہار - ع جمع زہر کی شگوفے کلیاں۔

ازہر - ع - بہت روشن۔

از ہم پاشیدن - ف - بکھر جانا۔ پراگندہ کرنا۔

از ہم ریختن چیزے - ف - کسی چیز کا گرا دینا ڈھا دینا۔

ازبر - ع - حفظ۔

ازیرا ف بمعنی **زیرا** - الف زائد ہے - یا مرکب ہے - ازیں راہ سے اس سبب سے اسلئے۔

از یک دست صدا بر نیاید یا بر نخیزد - ف - یہ ایک فارسی ضرب المثل ہے جیسے ہندی میں کہتے ہیں کہ ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی۔

باب الالف مع الزاء فارسی

اژدہا } ف - بڑا سانپ بھاری جسم
اژدر } کا سانپ۔
اژدرہا }

اژدہائے دلیر - ف - کہیں تلوار سے مراد ہوتی ہے اور کہیں جھنڈے کے اژدہا سے - کہیں تیز رو اور چالاک گھوڑے سے۔

اژدہائے فلک - ف نام ایک شکل آسمانی کا ہے جسکو راس الذنب کہتے ہیں۔

آخژنگ } ۔ ف ۔ چین پیشانی جھریان
آژنگ } میوہ اور پھل کسی ۔
درخت کا ٭

آژیر } ۔ ف ۔ دانا ۔ زیرک پرہیزگار
آژیر } آدمی ۔ ہوشیار تندرست
تالاب غلبہ زیادتی ۔ فریاد ۔ آمادہ
اور تیار کرنا ٭

باب الالف مع السین مہملہ

آس ۔ ف ۔ چکی ۔ اور ایک درخت
کا نام ہے ٭
آسا ۔ ف ۔ مانند ٭
آسٰی ۔ ع ۔ رنج تکلیف دکھ مصیبت ٭
اَسَابِیع ۔ ع ۔ جمع ہے ۔ اُسْبُوع کی ۔
ہفتے ٭
اساتذہ ۔ جمع اُستاذ معرب استاد ٭
اِسَادہ ۔ ع ۔ تکیہ سرہانہ بالش وسادہ ٭
اُسَارٰی ۔ ع ۔ جمع ہے اسیر کی
قیدی ٭
اسار ۔ ع ۔ باندھنا ٭
اَسَاس ۔ ع ۔ بنیاد ۔ نیو ۔ جڑ ٭
اَسَاطِیر ۔ ع ۔ جمع ہے اُس طور
کی جھوٹی کہانیاں گھڑے ہوئے
افسانے ٭
اُسَاطِن ۔ ع ۔ جمع ہے اسطوانہ کی
تھم ۔ ستون ٭
اَسَافِل ۔ ع ۔ جمع ہے اسفل کی کمینے
لوگ کم مرتبہ آدمی ٭
اسالیب ۔ ع ۔ جمع ہے اسلوب کی طور طریق ۔ راہ ٭

اَسَامِی ۔ جمع الجمع ہے اسم کی ٭
آسان ۔ ف ۔ سُگم ۔ سہج ۔ ہولا ٭
آسان نیوش ۔ ف ۔ وہ شخص
جو بات کو سرسری طور پر سنے ۔
آسانی ۔ ف ۔ سہولت ۔ سہج پن ٭
اِسَاءَت ۔ ع ۔ بدی کرنا ۔ برا پن ۔ برائی ٭
آسائش ۔ ف ۔ آرام سکھ چین ٭
اَسپ ۔ ف ۔ گھوڑا ٭
اسباب ۔ ع ۔ جمع سبب کی رسی
وسیلہ ۔ فارسی میں رخت و اثاثہ
کے معنے میں آیا ہے ٭
اسباب راست ۔ ف ۔ راست اور
درست سبب ٭
اسباط ۔ ف ۔ جمع ہے سبط کی پوتے
دو بیٹے گروہ قومین یہ لفظ خاص
بنی اسرائیل پر اطلاق کیا جاتا ہے ٭
اسباغ ۔ ع ۔ پورا کرنا ۔ کامل کرنا ٭
اسپ افگندن ۔ ف ۔ گھوڑا اڑا دالنا ٭
اسپ رلپے کردن ۔ ف ۔ گھوڑے
کے بالان کاٹ ڈالنے ٭
اسپ طویلہ ۔ ف ۔ خاص گھوڑا ٭
اَسْبَق ۔ ع ۔ سب سے اول سب سے
بڑا ہوا ٭
اُسْبُوع ۔ ع ۔ ہفتہ ۔ سات دن ٭
اسپ و فرزین نہادن ۔ ف ۔
مات کرنا ہرا دینا ٭
اسپہبد ۔ ف ۔ سپہ سالار
کمنڈر انچیف سرگروہ ٭
است ۔ ف ۔ ہے کلمہ ربط
کا ہے ٭

اُستا } ۔ ف ۔ آتش پرستوں کی
مخفف } آسمانی کتاب ژند کی
اُست } تفسیر کا نام صرف پیش
(و) ہی سے اُستاد کا مخفف ہے ٭
استاجلو ۔ ف ۔ ترکون کی ایک
قوم ہے ٭
استاد } ۔ ف ۔ سکھلانے والا ٭
استاذ }
استادگار ۔ ف ۔ وزنیان خادم ٭
استادن ۔ ف ۔ کھڑا ہونا ٭
اُستاکار ۔ ف ۔ اُستاد ٭
آستان ۔ ف ۔ دہلیز ٭
اِستبداد[ملہ] ۔ ع ۔ ہٹ کرنا اصرار کرنا استقلال
اور مضبوطی ٭
استبرا ۔ ع ۔ بری ہونی کی
خواہش پاکی چاہنا عیب یا قرض
سے براءت چاہنا ٭
اِسْتَبْرَق ۔ ع ۔ معرب استبرہ
کا ۔ موٹا ۔ دیبا ۔ گاڑھا
ریشمی کپڑا جو مثل اطلس ۔
کے ہوتا ہے ٭
اِسْتِبْشَار ۔ ع ۔ خوش خبری پوچھنی
مژدہ پوچھنا ٭
اِستبصار ۔ ع ۔ یقین کے ساتھ
دیکھنا ۔ دیکھنا دانائی ۔ بینا
ہونا ٭
اِستبطاء ۔ توقف کرنا دیر لگانا ٭
استبعاد ۔ ع ۔ دوری چاہنا ٭
اِستتار ۔ ع ۔ پوشیدہ کرنا چھپا لینا ٭
استثمار ۔ ع ۔ پھل چننا میوہ چننا ۔

استثناء ۔ نکالنا ۔ الگ کرنا کسی
چیز مین سے اور انشاء اللہ تعالےٰ
کہنا ٭
اِسْتِجَابَت ۔ ع ۔ قبول کرنا
جواب کہنا ٭
اِستجازۃ ۔ ع ۔ اجازت مانگنا ٭
اِستجبار ۔ ع ۔ تکبر اور گردن
کشی کرنا ٭
اِسْتِجْلَاء ۔ ع ۔ روشن کرنا مجلا کرنا ٭
اِستجلاب ۔ ع ۔ اپنی طرف کھینچنا
حاصل کرنا ٭
استحالت } ع ۔ کسی چیز کا ناممکن
اِستحالہ } ہونا محال ہونا محال
گننا ۔ حیلہ کرنا ۔ بہانہ لانا حالت
بدلنی حال سے پھرنا اور اصطلاح علم
کیمیا میں جب کئی چیزین کیمیائی
طور سے ترکیب پاکر ایک اور ہی
(ان سب سے) مختلف شئے پیدا کر
دیتی تو اس تبدیل حالت کو استحالہ
یا کیمیائی استحالہ کہتے ہیں ٭
استحسان ۔ ع ۔ نیکی طلب کرنا نیک
گننا پسندیدگی ٭
اِسْتِحْضَار ۔ ع ۔ بلانا کسی کی حضوری
چاہنا ۔ یاد رکھنا ٭
اِسْتِحْقَار ۔ ع ۔ حقیر گننا ۔ خوار جاننا ٭
استحقاق ۔ ع ۔ طلب حق کی کرنا حقدار
ہونا ۔ حق ۔ لائق ہونا ٭
اِسْتِحْکَام ۔ ع ۔ مضبوطی مضبوط کرنیکی
خواہش مضبوط ہوجانا ٭
استخارہ ۔ ع ۔ خیر و نیکی مانگنا خدا سے

ملہ یہ سب عربی مصدرین استفعال کے وزن پر ہین ۔ الف اور ت کے نیچے کسرہ سمجھو اور س پر جزم ٭

اور آگاہی چاہنا کسی بات میں غیب سے ٭

استخراج ۔ ع ۔ نکالنے کی خواہش کرنا ۔ ایک بات کا نکالنا اصطلاح منطق میں استخراج وہ عمل ہے جس سے قاعدہ مقررہ کی تحقیق کے لئے کسی چیز کی چند افراد پر تجربہ کر کے دیکھیں کہ آیا یہ قاعدہ صحیح ہے یا نہیں ٭

استخفاف ۔ ع ۔ خفیف جاننا سب کی حقارت ۔ شرمندگی ٭

استخلاص ۔ ع ۔ چھڑانا چاہنا خلاصی کرانا ٭

استخوان ۔ ف ۔ یہ لفظ اُست (بمعنے افگندہ) اور خوان (بمعنے خوانچہ) سے مرکب ہے ۔ افگندۂ خوانچہ یعنی جو دسترخوان پر سے پھینکدیا جاوے مراد ہڈی ۔ زنگیون کے ایک قسم کے ہتھیار کا نام ہے کھجورون کی گٹھلی کو بھی کہتے ہیں ٭

استخوان در گلو کشیدن ۔ ف ۔ رنج اور محنت کھینچنا ٭

استدامت ۔ ع ۔ ہمیشگی چاہنا ٭

استدراج ۔ ع ۔ خرق عادت جو کافر سے ظاہر ہو ٭

استدعا ۔ ع ۔ چاہنا خواہش کرنا ٭

استدلال ۔ ع ۔ دلیل طلب کرنا دلیل لانا دلیل قائم کرنا گواہی چاہنا ٭

استر / آستر ۔ ف ۔ وہ کپڑا جو رضائی کے نیچے لگاتے ہیں ۔ اور مشہور چوپایہ ہے ۔ کہتے ہیں کہ یہ فرعون کا اختراع ہے ٭

استرآباد ۔ ف ۔ ملک ایران کے شمال کیطرف جھیل کیسپین کے متصل ایک شہر کا نام ہے جسکے جنوب کیطرف شہر بسطام ہے جہاں کے سلطان اولیا بایزید رہنے والے تھے ٭

استراحت ۔ ع ۔ آرام چین سکھ طلب آرام کرنا ٭

استراق ۔ ع ۔ چوری چوری کسی کی بات سننا ٭

استرجاع ۔ ع ۔ دی ہوئی چیز کو واپس لینا ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن پڑھنا ٭

استرداد ۔ ع ۔ لوٹا لینا چاہنا لوٹا لینا ٭

استردن ۔ ف ۔ مونڈنا صاف کرنا ٭

استرضا ۔ ع ۔ رضاجوئی خوشنودی ۔ رضامندی چاہنا ٭

آسترلنگ ۔ ف ۔ یہ لفظ انگریزی زبان کا مفرس کیا ہوا ہے ٭

اسٹرلینگ ۔ پورے وزن کا خالص یہ لفظ پونڈ یا کسی سکہ کے ساتھ ملکر مستعمل ہوتا ہے ٭

استرہ ۔ ف ۔ چھُرا ۔ بال مونڈنے کا اوزار ٭

استسعاد ۔ ع ۔ سعادت ڈھونڈنا نیک بختی طلب کرنا مدد چاہنا نیک بختی ٭

استسقا ۔ ع ۔ طلب سیرابی کی پانی مانگنا ۔ مینہ مانگنا پیاس اور نام ایک بیماری کا ہے جس میں پیاس بہت ہوتی ہے اور دن بدن پیٹ بڑا ہوتا جاتا ہے جیسے جلندھر یا جلودر کہتے ہیں ٭

استشارہ ۔ ع ۔ مشورہ کرنا ٭

استشمام ۔ ع ۔ طلب سونگھنے کی ۔ سونگھنا ٭

استشہاد ۔ ع ۔ گواہی طلب کرنا ٭

استصلاح ۔ ع ۔ صلاح پوچھنا ٭

استطاب ۔ ع ۔ خوشامد ٭

استطابت ۔ ع ۔ پاکی چاہنا خوشی کرنا خوشبودار کرنا ۔ لذیذ ہونا ٭

استطاعت ۔ ع ۔ طاقت ۔ قدرت مقدور ۔ دسترس ٭

استطراد ۔ ع ۔ کام کا اجرا ۔ اور روانگی اور چلاؤ ہر چیز کا ٭

استظلال ۔ ع ۔ سایہ پکڑنا پناہ ۔ لینا سایہ میں پناہ لینا ٭

استظہار ۔ ع ۔ مدد چاہنا پشتی طلب کرنا ۔ ظاہر کرنے کی طلب ٭

استعارہ ۔ ع ۔ کسی چیز کا عاریتاً مانگنا اور ادھار لینا ۔ اور اصطلاح علم بیان میں حقیقی اور مجازی معنے کے درمیان تشبیہ کے علاقہ کا ہونا یعنی حقیقی معشوق کا لباس عاریتاً مانگ کر مجازی معشوق کو پہنانا ٭

استعانت ۔ ع ۔ مدد مانگنا ۔ اعانت چاہنا ٭

استعجاب ۔ ع ۔ تعجب ٭

استعجال ۔ ع ۔ شتابی مانگنا جلدی کرنا ۔ طلب شتابی کی ٭

استعداد ۔ ع ۔ مادہ طاقت علمی ۔ ملکہ ۔ سامان ٭

استعفا ۔ ع ۔ معافی مانگنا نوکری کرنے سے معافی مانگنا نوکری چھوڑ دینا ۔ بعض لوگ جو استعفا کو تے سے لکھتے اور بولتے ہیں وہ غلطی کرتے ہیں ٭

استعلاج ۔ ع ۔ طلب علاج کی کرنا ٭

استعلام ۔ ع ۔ جتلانا ۔ خبر دینا طلب جاننے کی کرنا ٭

استعمال ۔ ع ۔ عمل میں لانا کام میں لانا ٭

استغاثہ ۔ ع ۔ فریاد طلب فریادرسی کی کرنا ٭

استغراب ۔ ع ۔ عجیب بات کرنا تعجب دلانا ٭

استغراق ۔ ع ۔ محو ہونا غرق ہونا ڈوب جانا کسی چیز میں سب کو لینا سب کو شامل کرنا ٭

استغفار ۔ ع ۔ طلب بخشش گناہ بخشوانے کی خواہش ٭

استغنا ۔ ع ۔ بے پروائی ٭

استفاضہ ۔ ع ۔ فیض اُٹھانا نفع پانا ٭

استفراغ ۔ ع ۔ فراغت چاہنا

بدن کا فضلوں سے خالی ہونا
نے کرنا +
استفسار - ع - پوچھنا طلب
معنے کرنا +
استفہام - ع - پوچھنا - سمجھنا
چاہنا +
استقامت - ع - سیدھا پن
مستقیم ہونا +
استقبال - ع - آئندہ پیش
روی - آگے جانا آگے بڑھنا
چاند اور سورج کا ایک دوسرے
کے مقابل ہونا +
استقرا - ع - تلاش کرنا جستجو
کرنا - پیروی - تتبع - اصطلاح
منطق میں وہ عمل ہے جسے کسی
چیز کے چند افراد پر کوئی تجربہ
کرکے اُس کے کل افراد پر بھی وہی
قاعدہ مقررہ کرلیں +
استقرار - ع - ٹھیرنا آرام
کرنا - کسی جگہ قرار پکڑنا ثابت
ہونا +
استقصا - ع - کوشش کرنا
تمام کرنا اور کسی چیز کی انتہا کو
پہنچنا +
استقصار - ع - کم کرنا طلب
کمی کی +
استقلال - ع - بغیر کسی کی
شرکت کے آپ کام کے لئے
آمادہ ہونا مضبوطی - پکڑنا - محکم
ہونا - قائم ہونا - استحکام - مضبوطی
کم جاننا +

استکبار - ع - اپنے تئیں بڑا
سمجھنا - غرور کرنا تکبر کرنا +
استکراہ - ع - نفرت کرنا
مکروہ جاننا +
استلام - ع - ہاتھ یا منہ چومنا پتھر کا
کھیتی کا خوشہ نکل آنا +
استماع - ع - سُننا +
استمالت - ع - اپنی طرف مائل
کرنا - دلجوئی کرنا - خوشامد کرنا
دلجوئی خوشامد +
استمتاع - ع - فائدہ ڈھونڈھنا
نفع چاہنا +
استمداد - ع - مدد مانگنا +
استمرار - چلنا - ہمیشہ رہنا
ہمیشگی +
استمزاج - ع - مزاج دریافت
کرنا - مزاج پانا - رائے دریافت
کرنی +
استنباط - ع - بات کھودنی
ایک بات سے دوسری بات
نکالنی چُننا +
استنثار - ع - ناک جھاڑنی
سنکنا - پراگندہ کرنا بکھیرنا +
استنجاء - پاک کرنا - دھونا
ناپاکی دور کرنا اصطلاح میں
پیشاب یا پاخانہ کے بعد آبدست
کرنا +
استنصار - ع - مدد مانگنا طلب
نصرت کرنا +
استنکاف - ع - بُرا جاننا +
اُستوا - ع - برابر ہونا برابری

ہمواری - اور اصطلاح علم
جغرافیہ میں وہ دائرہ عظیمہ
جو مشرق سے مغرب کی طرف
قطبوں سے برابر فاصلے پر بیچوں
بیچ سطح زمین کے کھنچا ہوا ہے
کرۂ ارض کو دو برابر حصوں
میں تقسیم کرتا ہے +
اُستوار - ف - مضبوط محکم
امین معتمد +
اُستوار داشتن - ف - مان
لینا یقین کر معتبر جاننا +
اُستواری - ف - مضبوطی
استحکام +
استہانت - ع - خوار گننا خوار
جاننا ذلیل کرنا +
استہزاء - ع - ٹھٹھا کرنا ہنسی -
مسخری +
استہلال - ع - نیا چاند دیکھنا
بچہ کا پیدائش کے وقت رونا
روشن ہونا ظاہر ہونا چہرہ
دکھانا - جلوہ دکھانا کسی کو +
استہلاک - ع - ہلاک کرنا
نیست کرنا +
استیفاء - ع - پورا کرنا -
پورا لینا +
استیلا - ع - غالب ہونا غلبہ
تسلط +
استیمان - ع - امن چاہنا
اعتبار کرنا امانت دار پانا +
استیناس - ع - طلب
اُنس - محبت پیدا جاننا اُنس ہو

جانا +
استیناف - ع - آغاز کرنا
ابتدا کرنا کسی چیز میں سرے
سے شروع کرنا +
آستی - ف - مخفف ہے آستین
کا باہنہ - بولی +
آستین - ف - کرتے یا انگرکھے
کی باہنہ بولی +
آستین از دو برداشتن
- ف - آواز دینا - خبردار کرنا +
آستین افشاندن -
رقص کرنا - سماع کرنا عطا کرنا
بخشش کرنا +
آستین افشاندن از
چیزے یا بر چیزے - ف -
اس کا ترک کرنا رد کرنا +
آستین بر چشم کشیدن | ف -
آستین بر دل کشیدن | غمخواری
اور دلاسا کرنا - نرمی اور ملائمت کرنا +
آستین بر رخ کشیدن |
آستین بسر کشیدن - | ف.
منہ ڈھانک لینا +
آستین بر گناہ کشیدن - ف
معاف کر دینا +
آستین تر داشتن - ف - بہت رونا
زار زار رونا +
آستین شستن - ف - بہت رونا +
آستین گل - ف - اتنے
پھول جتنے آستین میں سما سکیں +
آستین نداشتن - ف - نہایت
مفلس ہونے سے مراد ہے +

اِسجاع - ع - مقفٰی بات کہنی +

اِسجاع - ع - مقفٰی باتیں - کبوتر اور قمری کی آوازیں جمع ہے سجع کی +

اِسحاق - ع - نام ہے حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے کا جو سارہ کے پیٹ سے تھے اور ایک مشہور پیغمبر ہوگزرے ہیں +

اسد - ع - شیر ببر +

اَسرار - ع - جمع ہے سر کی پوشیدگیاں بھید +

اِسراف - ع - بے فائدہ خرچ کرنا - فضول خرچی +

اِسرافیل - ع - نام ہے اُس فرشتہ کا جو قیامت کو صور پھونکینگے +

اِسرائیل - عبرانی نام ہے - حضرت یعقوب کا یہ لفظ اِسرا (عبد برگزیدہ) اور ئیل (خدا) سے مرکب ہے یعنے برگزیدۂ خدا - خدا کا چُنا ہوا اور خدا کا شہزادہ یا ولی خدا کے پاس +

اَسر - ع - قید کرنا - باندھنا سب +

اُسرا - ع - جمع ہے اسیر کی - قیدی لوگ +

اُسرب - ع - سیسا - سکہ جس سے بندوق کی گولی بناتے ہیں +

اَسرع - ع - بہت جلد بہت شتاب +

اُسطقس - یونانی لفظ جس کے معنے عنصر یا آخشیج کے ہیں +

اُسطرلاب / اُصطرلاب - وہ اوزار جس سے شمس کا ارتفاع اور انحطاط اور نحوست دریافت کریں +

اُسطوانہ - ع - ستون - کھمبہ +

اسطورہ - ع - بناوٹی بات - گڑھا ہوا افسانہ +

اِسعاد - ع - نیک بخت بنانا اور کرنا کسی کو +

اِسعاف - ع - حاجت روا کردینا کسی کا کام کر دینا اُسکی حسب خواہش +

اَسفار - ع - بفتح اول جمع سفیر یعنے مسافر لوگ اور جمع سفر یعنے بہت سے سفر دلوں کی سپیدیاں اور جمع سِفر بڑی بڑی کتابیں صحیفے اگلے وقتوں کے جیسے توریت وغیرہ اور بکسر اول یعنے روشن ہونا +

اِسفاناخ - مب - اسپاناخ پالک کا ساگ +

اَسفل - ع - سب سے نیچا کم - فرومایہ +

اَسفل السافلین - دوزخ کا سب سے نیچلا طبقہ +

اِسفندارمذ / اِسپندارمذ - ف - شمسی مہینوں میں سے بارھویں مہینے کا نام ہے جس میں آفتاب برج حوت میں ہوتا ہے یہ مہینہ ہندی میں چیت اور انگریزی میں مارچ سے ملتا ہوا ہے +

اِسفنج - مب - اسپنج - ابر مردہ سمندر کے نیچے کی تہ کے جانوروں کا آشیانہ ہے ان کے بدنوں میں سے نکل نکل کر ریشم کے کیڑے کیطرح بنتا چلا جاتا ہے زیادہ تر بحیرہ روم میں پیدا ہوتا ہے اِس کا رنگ پھیکا زرد ہوتا ہے - وزن میں ہلکا - اور آسانی سے دب سکتا ہے لچک اور تخلخل کی صفت اِس میں بہت ہوتی ہے ریشہ دار ہے اور جاذب بھی ہوتا ہے - اسی واسطے ولایت میں سلیٹوں کے پونچھنے اور بدن پر پانی ڈالنے کے کام میں اُسے بہت لاتے ہیں +

اِسفندیار - ف - یہ شخص گشتاسپ کا بیٹا نہایت بہادر پہلوان تھا - آتش پرستی کے مذہب کو اسی کی کوشش سے رونق ہوئی اس کے باپ گشتاسپ نے اس کی بہادری اور شہزوری پر حسد کرکے یہ چاہا کہ یہ شخص لڑائیوں بھڑائیوں میں پھنسا رہے - تاکہ ایسا نہ ہو مجھ سے تخت چھین لے اور اسی واسطے اُس نے جب اسفندیار بہت سے ممالک فتح کر چکا تو اُسے رستم کے ساتھ لڑنے کو بھیجا کیونکہ اُس نے ایک خاص موقع پر گشتاسپ کے حکم کی تعمیل نہ کی غمی اور افسوس کہ ایسا بہادر اور نیک چلن شہزادہ جس نے اپنی ساری عمر باپ کے حکموں کی تعمیل کی رستم کے ہاتھ سے مارا گیا +

اِسقاط - ع - گرانا ڈال دینا حمل کا گرادینا - بات میں چوک جانا - جبر و مقابلہ میں عمل اسقاط یا تربیع وہ ہے جس سے طرفین مساوات میں سے مشترک ارکان دور کر دیتے ہیں +

اَسقام - ع - جمع ہے سُقم کی - بیماریاں - دُکھ +

اُسقف - ع - پادری واعظ دین نصاریٰ +

اِسکاف - ع - موچی کفش گر +

اسکندریہ - ع - ملک مصر کے شمال میں بحیرہ روم کے کنارہ پر ایک مشہور شہر ہے - جو اسکندر بن فیلقوس نے بسایا تھا - ملک مصر کا

بڑا بندرگاہ اور براعظم افریقہ میں بڑی تجارت کا مقام ہے +

اَسلاف - ع - جمع ہے سلف کی اگلے وقت کے لوگ +

اسلام - ع - مسلمان ہونا خدا کی راہ پر گردن رکھنی +

اسلامبول / استنبول - ت - جسے قسطنطنیہ اور کانسٹنٹی نوپل بھی کہتے ہیں آبنائے قسطنطنیہ پر واقع ہے - ملک روم یا ٹرکی (واقع یورپ) کا دارالخلافہ ہے سات پہاڑیوں پر بنا ہوا ہے اول درجہ کا بندرگاہ ہے - اس کا عظیم الشان لنگرگاہ "گولڈن ہورن" یعنے طلائی سینگ کہلاتا ہے +

اَسلحہ - ع - جمع ہے سلاح کی ہتھیار اور اوزار +

اَسلم - ع - بہت بچا ہوا - سالم تر - سانپ کا ڈسا ہوا +

اُسلوب - ع - طریق - طور راہ +

اِسم - ع - نام اور اصطلاح علم صرف میں اسم وہ کلمہ ہے جو اپنے معنے بالاستقلال ظاہر کرے اور تینوں زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ اس میں نہ پایا جاوے +

اِسم اعظم - ع - خدا کا سب سے بڑا نام بعض کے وہ اللہ کا لفظ ہے +

اَسماء - ع - جمع ہے اسم کی بہت سے نام +

اَسمار - ع - جمع سمر کی رات کو جو کہانی کہتے ہیں اُس کو سمر بولتے ہیں یعنی کہانیاں وغیرہ رات کی باتیں +

اَسماع - ع - جمع ہے سمع کی کان گوش +

اسماع - ع - سنوانا - گالی دینا سرود کہنا +

اِسماعیل - ع - حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے جو بی بی ہاجرہ کے پیٹ سے تھے - مکہ معظمہ کی عمارت انھیں نے بنائی اکثر اہل عرب اسی پیغمبر کی اولاد سے ہیں اس کے معنے ہیں خدا سنے گا (پیدائش ۲۵ باب ۱۷) +

آسمان - ف - مرکب ہے آس (بمعنے چکی) اور مان (مخفف مانند) سے وہ شے جو چکی کی مانند گردش کرے چونکہ آسمان بقول بطلیموس اسیطرح حرکت کرتا ہے اسی واسطے اس نام سے موسوم ہوا +

آسمان بزمین دوختن - ف - تیراندازی پر کمال قدرت رکھنا - بڑا قدر انداز ہونا +

آسمان درچشم کسی ریسمان بودن - ف - بے تمیزی سے مراد ہے +

آسمان را بابرو پوشیدن - ف - ایسا ظاہری امر جس کا چھپنا ناممکن ہو +

اَسمر - ع - گندم گون - گیہوں رنگ +

اَسنان - ع - جمع ہے سن کی - دانت +

اَسنیٰ - ع - بہت بلند +

اَسوار - ع - کنگن جو ہاتھوں میں پہنتے ہیں - دست برنجن جمع سوار کی +

اَسواط - ع - جمع ہے سوط کی کوڑے تازیانے +

اَسواق - ع - جمع ہے سوق کی بہت سے بازار +

اَسود - ع - کالا اور کالا سانپ +

اسود واحمر - ع - حبش اور روم سے مراد ہے

آسودگی - ف - آرام - چین سکھ - بے فکری - صلح - امن +

آسودن / آسائیدن - ف - آرام کرنا چین کرنا - آسودہ کرنا +

آسودہ - ف - آرام یافتہ چین - یافتہ فارغ بالی +

اَسولہ - ع - جمع ہے سوال کی +

اُسوہ - ع - پیشوا - مقتدم سرگروہ - افسر قوم - اچھا نمونہ +

اِسہال - ع - پیٹ چلنا دست آنا +

اَسہل - ع - بہت آسان سہل تر +

آسیا - ف - جسے براعظم ایشیا بھی کہتے ہیں - پرانی دنیا کا ایک بڑا مشہور اور وسیع حصہ ہے جس میں سولہ ملک شامل ہیں ہندوستان اُس میں داخل ہے +

آسیا / آسیاب - ف - چکی آٹا پیسنے کی چکی +

آسیاسنگ - ف - چکی کا پاٹ +

اَسیاف - ع - جمع ہے سیف کی بہت سی تلواریں +

آسیب - ف - دُکھ - دھکا - صدمہ چوٹ +

آسیب وآرزم - ف - غصہ اور غضب سے مراد ہے +

اَسیر - ع - قیدی - بندی +

اَسیری - ف - قید - بند +

آسیہ - ع - فرعون کی بیوی کا نام ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سچا پیغمبر جان کر ہمیشہ اس کی عبادت میں سرگرم

بہیا ۔

باب الالف مع الشین معجمہ

آش ۔ ف ۔ شوربا ۔ حریرا پتلی شے پکی ہوئی ۔

اشارت ۔ ع ۔ سین مارنا اشارہ کرنا ۔ رمز ۔

اشارات ۔ ع ۔ علم حکمت میں ایک کتاب کا نام ہے جو بوعلی سینا کی تصنیف سے ہے ۔

اشاعت ۔ ع ۔ شائع کرنا ۔ مشہور کرنا ۔ پھیلانا ۔

اُشاق ۔ ت ۔ بیر لیش غلام سادہ رو غلام اور نام ایک شہر کی غلام کا ہے ۔

آشام ۔ ف ۔ خوراک ۔ چاؤلوں کی پیچھ ۔

آشامیدن ۔ ف ۔ پینا ۔

اشباح ۔ ع ۔ جمع ہے شبح کی ۔ بہت سے بدن بہت سے کالبد ۔

اِشباع ۔ ع ۔ سیر کرنا اور دراز کرنا حرکت کا اس طرح کہ فتحہ کی درازی سے الف اور ضمہ کی درازی سے واؤ ۔ اور کسرہ کی درازی سے یا پیدا ہو جاوے جیسے اچار آچار ۔ اُفتاد اُفتاد آتش ۔ آتیش ۔ اور اصطلاح علم قافیہ ۔ میں حرف دخیلی کی حرکت کا نام اشباع ہے ۔

اشباک ۔ ع ۔ جمع شبکہ کی ۔ بہت سے جال ۔

اشباہ ۔ ع ۔ جمع ہے شبہ کی ۔ نظیرین ۔ ہمشکلین صورتیں ۔

اشتاد ۔ ف ۔ ہر شمسی مہینے کی چھبیسویں دن کا نام ہے ۔

اشتباک ۔ ع ۔ پنجہ میں پنجہ ملانا ۔ درخت ٹہنیوں کا آپس میں گتھ جانا ۔ درزیں ملانا چھید کرنا جال بنانا ۔

اجتماع ۔ ع ۔ انبوہ ۔ ہجوم بھیڑ ۔

اشتباہ ۔ ع ۔ شبہ ۔ شک ۔

اشتداد ۔ ع ۔ سختی کرنا ۔ شدت کرنا ۔ مضبوطی کرنا ۔

اشتر ۔ ف ۔ مشہور بار بردار جانور ہے ۔

اشترا ۔ ع ۔ خریدنا مول لینا ۔

اشتراط ۔ ع ۔ شرط کرنا ۔

اشتراک ۔ ع ۔ ساجھا شراکت ۔

اشتعال ۔ ع ۔ شعلہ مارنا روشن ہونا ۔

اشتغال ۔ ع ۔ مشغول ہونا کسی کام میں مصروف ہونا ۔

اشتلم ۔ ت ۔ غلبہ ۔ زیادتی ظلم ۔ زور ۔ تعدی ۔

اشتمال ۔ ع ۔ شامل ہونا ۔ شامل کرنا ۔ ملانا ۔

اشتہاء ۔ ع ۔ خواہش کرنا طعام کی خواہش کرنا بھوکھ ۔

اشتہار ۔ ع ۔ مشہور کرنا شہرت دینا ۔

آشتی ۔ ف ۔ دوستی ۔ صلح ۔

اشتیاق ۔ ع ۔ شوق کرنا ۔ شوق ظاہر کرنا ۔

اشجار ۔ ع ۔ جمع ہے شجر کی ۔ بہت درخت ۔

اشجع ۔ ع ۔ بہت دلیر ۔ ایک قسم کے سانپ کا نام ہے ۔

آشجو ۔ ف ۔ مریضوں کا ایک قسم کا کھانا ہے ۔ جو جوون سے تیار کیا جاتا ہے عربی میں ماء الشعیر کہتے ہیں

اشتقاق ۔ ع ۔ چیرنا نکالنا ۔ ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنانا ۔

اشخاص ۔ ع ۔ جمع ہے شخص کی بہت شخص ۔

اشخاص اقلیبہ ۔ ع ۔ اعلے درجہ کے لوگ امرا وغیرہ ۔

اشداء ۔ ع ۔ جمع ہے اشد کی سخت مزاج آدمی ۔

اشرا ۔ ع ۔ بہت بد ۔ بڑا شریر ۔

اشرار ۔ ع ۔ جمع شریر کی ۔

اشراف ۔ ع ۔ جمع شریف کی ۔ بھلے مانس واحد پر بھی اسکا اطلاق جائز ہے ۔

اشراف ۔ ع ۔ بلند ہونا پر چڑھنا ۔ کھڑا ہونا واقف ہونا ۔ نیک ہونا ۔ آمادہ ہونا ۔ جھانکنا ۔ اوپر سے نظر ڈالنا ۔

اشراق ۔ ع ۔ روشنی دینا ۔ طلوع کرنا ۔ طلوع صبح کے بعد روشنی کا وقت ۔

اشراقیان ۔ ف ۔ ایک گروہ حکما کا ہے جنہوں نے کثرت ریاضت کے باعث دل ایسے مجلے اور صاف کرلئے تھے ۔ کہ بذریعہ مکاشفہ و مراقبہ کے دور ہی سے باہم تعلیم و تعلم کر لیا کرتے تھے ایک دوسرے پاس حاجت آنے جانے کی نہ رکھتے تھے بخلاف حکماء مشائین کے جو ایک دوسرے کے پاس جاکر علمی حقائق دریافت کرتے تھے ۔ چنانچہ افلاطون ۔ لقراط وغیرہ حکماء اشراقین میں سے ہی تھے ۔

اشراقیہ ۔ ع ۔ اسی گروہ کا نام ہے ۔

اشربہ ۔ ع ۔ جمع شراب کی ۔ اشیائے نوشیدنی پینے کی چیزیں ۔

اشرف ۔ ع ۔ بہت شریف بھلا مانس بزرگ ۔

اشرفی ۔ ع ۔ سکہ زر جو

اشرف بادشاہ کی طرف منسوب ہے۔ دس ماشے کا ہوتا ہے +
اِشعار - ع - خبر دینی - آگاہ کرنا - اور بالفتح جمع ہے شعر کی - ابیات - بال +
اِشعال - ع - روشن کرنا آگ کا بھڑکانا +
اَشعب - ع - نام ایک شخص کا جو بڑا طامع اور حریص تھا عباس جو یمن کے دس قبیلہ میں سے اُس کا داماد تھا۔ اُس سے بھی بدرجہا بڑھ کر طامع تھا +
اَشعّہ - ع - جمع ہے شعاع کی - چمک - شعاعیں +
اَشغال - ع - جمع ہے شغل کی کام کاروبار +
اِشفاق - ع - مہربانی کرنا - خوف کرنا - ڈرانا - پیار کرنا +
اَشفاق - ع - جمع ہے شفقت کی - مہربانیاں +
آشفتن } - ف - پریشان
آشوبیدن } - ہونا - پریشان کرنا - خفا ہونا +
آشفتگی - ف - پریشانی پراگندگی +
آشفتہ رائے - ف - پریشان عقل - بدحواس +
آشفتہ روز - ف - بدحال کمبخت - بدنصیب +
آشفتہ } ف - وہ شخص
آشفتہ حال } جو پریشان حال ہو - پریشان حال - عاشق +
آشفتہ موے - ف - بال بکھرے ہوئے وہ شخص جس کے سر کے بال بکھرے ہوئے ہوں +
اَشقر - ع - ہر سرخ رنگ شے جو زردی و سیاہی ملی ہو اس رنگ کا گھوڑا - مطلق گھوڑا +
اَشق - ع - بہت سخت مشکل دشوار +
اشقیا - ع - جمع شقی کی - بدبخت - نصیب +
اشک - ف - آنسو - آنکھ سے رونے کا جو پانی نکلتا ہے مرد سالک +
اشک ابر } - ف -
اشک سحاب } مینہ سے مراد ہے +
آشکارا - ف - ظاہر - کھلا ہوا +
اشک افشاندن } ف -
اشک ریختن } آنسو بہانا
اشکال - ع - جمع ہے شکل کی صورتیں - شکلیں +
اِشکال - ع - دشواری سخت مشکل بات +
اشکبار - ف - آنسو بہانا - آنسو بہانے والا - آنسو بہانے والی آنکھ +
اشکبوس - ف - نام ایک پہلوان کا ہے - جو افراسیاب کی مدد کو آیا تھا رستم نے پیادہ ہی اُسے ایک تیر سے مار ڈالا +
اشک تلخ - ف - شراب انگوری - آنسو +
اشک چیدن - ف - آنسو پونچھنا +
اشک داؤد - ف - ایک مہرہ کا نام ہے جو سرخ و شفاف ہوتا ہے +
اشک شیریں } - ف -
اشک طرب } خوشی کے رونے سے مراد ہے +
اشک صراحی - ف - شراب سے مراد ہے +
اشک عقیقی } - ف - سرخ
اشک حنائی } آنسو +
اشک فرو خوردن - ف - ضبط کرنا رونے کا +
اشکرہ - ف - نام ایک جانور شکاری کا ہے جسے شکرہ بھی کہتے ہیں - مطلق شکاری جانور +
اشکیل } ع - وہ گھوڑا جس کا
اشکل } داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں سفید ہو - مکر - حیلہ بہانہ +
اشل - ع - ٹنڈا - جس کا ہاتھ سوکھ جاوے +
اُشلق - ت - تہمت +
اِشمام - ع - سونگھنا +
اشنع - ع - بہت بری بات +
آشنا - ف - دوست - واقف - ملاپی - عارف - پیراک +
آشناب - ف - مزید علیہ آشنا کا ہے ہاتھ پاؤں مارنا +
آشناگر } ف - تیراک پانی
آشناور } میں تیرنے والا +
اشواک - ع - جمع ہے شوک کی کانٹے - خار +
آشوب - ف - بروزن جاروب گھبراہٹ - فتنہ - شور - غوغا اور امر ہے مصدر آشوبیدن سے - اسم کے ساتھ مل کر فاعل کے معنے بھی دیتا ہے - جیسے شہر آشوب +
آشوردن - ف - خمیر کرنا - ملانا - مرکب کرنا +
اشہی - ع - بہت مرغوب - نہایت دلپسند +
اشہاد - ع - گواہی دینا +
اشہب - ع - جنگل کا شیر سفید سیاہ - بکری جو سپیدی رکھتی ہو - گھوڑا - سبز خشک +

اَشہر - ع - بہت مشہور +

اشیاء - ع - جمع ہے شے کی چیزین +

اشیاع - ع - جمع ہے شیعہ کی گروہ +

آشیان / آشیانہ - ف - گھونسلا آلنا - گھر کی چھت +

باب الالف مع الصاد مہملہ

اصابت - ع - رسائی پہنچ پہنچنا - پانا - ٹھیک بات کہنا +

اَصابع - ع - جمع ہے اِصبع کی - انگلیاں ہاتھ اور پیر کی +

اَصاغر - ع - چھوٹے - خرد جمع ہے اصغر کی +

اَصالت - ع - اصل پن ذاتی پن - جڑ +

اِصباح - ع - صبح کرنا صبح میں چلنا اور ایک حال سے دوسرے حال میں پھرنا اور بالفتح جمع ہے صبح کی +

اصباہان - مب - ہے - اسپاہان کا جو عراق عجم میں ایک مشہور شہر ہے جسے اصفہان بھی کہتے ہیں +

اِصبع - ع - انگلی +

اَصح - ع - جمع اس کی اصحاء ہے - تندرست بہت صحیح +

اَصحاب - ع - دوست - یار جمع الجمع ہے - صاحب کی +

اصحاب السبت - ع - روز شنبہ کے یار - بنی اسرائیل میں سے ایک قوم تھی - جنھیں سبت کے دن شکار کرنے کی اللہ تعالے نے ممانعت کی تھی - لیکن اتفاق سے اُسی دن بہت سی مچھلیاں جمع ہو جاتی تھیں اور وہ بہت سے حیلے اور بہانے بنا کر اُسی پانی میں مچھلیوں کو بند کر دیتے تھے - اور اتوار کے دن شکار کر لیتے تھے - جب اُن کی یہ زیادتی حد سے گذر گئی - تو اللہ تعالے نے اُنھیں مسخ کر کر بندر بنا دیا اور وہ سب چند دن کے بعد ہلاک اور تباہ ہو گئے +

اصحاب الشمال - ع - بائیں طرف کے لوگ دوزخیوں سے مراد ہے +

اصحاب الیمین - ع - دائیں طرف کے لوگ اہل جنت سے مراد ہے +

اصحاب فیل - ع - اُن لوگوں سے مراد ہے جنھوں نے ابرہہ حاکم یمن کے حکم سے مکہ پر حملہ کیا تھا دیکھو ابرہہ +

اَصحاب کہف - ع - غار کے صاحب یہ سات شخص تھے - جو دقیانوس ایک ظالم بادشاہ کے ڈر سے بھاگ کر ایک غار میں جا چھپے تھے - ایک کتا بھی اُن کی محبت کے باعث ان کے ہمراہ ہو لیا حکم الٰہی سے تین سو برس بعد سو کر بیدار ہوئے اور اُسی وقت پھر سو گئے اور اب قیامت کو پھر اُٹھینگے ان کے کتے کی بھی بہت قدر و منزلت سمجھنی چاہیے +

اصحاب منقل - ع - انگیٹھی کے یار - ہم صحبت و ہمنشین سے مراد ہے +

اِصداد - ع - کسی کو روک دینا - بند کرنا - پھیر دینا +

اصدار - ع - نکالنا ایک بات کا صادر کرنا +

اصداف - ع - جمع ہے صدف کی یعنی سیپ +

اصدقا - ع - جمع ہے صدیق کی دوست - رفیق +

اصرار - ع - کسی کام کے کرنے کو اکیلے مستعد ہو جانا تاکید کرنا - ہٹ کرنا +

اصراف - ع - خرچ کرنا پھیرنا +

اصطباغ - ع - غوطہ دینا - رنگنا - بپتسما دینا - اور وہ عیسائیوں کی ایک خاص رسم ہے - جس کے ادا ہونے کے بعد وہ آدمی جسے بپتسما دیا جاتا ہے - پورا عیسائی سمجھا جاتا ہے +

اِصطبل - ع - گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ +

اُصطرخ - مب ایک شہر کا نام ہے - جو فارس کا قلعہ ہے اُس کو اصطخر بھی کہتے ہیں - کسی زمانہ میں فارس کا دارالسلطنت تھا +

اصطرلاب - ع - کواکب کی بلندی دریافت کرنے کا ایک آلہ ہے (دیکھو اسطرلاب) +

اصطخر - مب ایک شہر کا نام ہے جو فارس کا قلعہ ہے - اصطرخ بھی کہتے ہیں +

اِصطفا - ع - چھانٹنا - برگزیدگی +

اِصطلاح - ع - اتفاق ایک قوم کسی لفظ کے معنے پر اس کے معنے موضوعہ کے علاوہ +

اصطکاک - ع - وہ آواز جو دو چیزوں کے باہم ٹھوکنے سے نکلے +

اصطناع - ع - نیکی کرنا +

اَصعب - ع - صعب بہت سخت +

اِصْغا ۔ ع ۔ سُننا کسی چیز کا ۔ کان جھکانا کسی بات کے سننے کے واسطے ÷

اصغر ۔ ع ۔ بہت چھوٹا خرد ترین ÷

آصف ۔ ع یا ۔ سلیمان پیغمبر علیہ السّلام کے وزیر کا نام ہے ÷

آصف الدّولہ ۔ ع ۔ آصف جاہ اودھ ہند کے اور اکثر وزرا کا لقب ہے ÷

آصف جاہ ۔ ف ۔ جہانگیر کے
آصف خاں } وزیر کا نام جو نورجہاں کا بھائی اور شاہجہان کا سُسرا تھا اُس کا ٹوٹا پھوٹا مقبرہ لاہور میں شاہدرہ کے پاس مقبرہ جہانگیر سے مغرب کی طرف اب تک موجود ہے ÷

اَصْفار ۔ ع ۔ جمع ہے صفر کی یعنے خالی ÷

اَصْفَر ۔ ع ۔ زرد ÷

اصفہان ۔ ع ۔ ایران کے ایک مشہور شہر کا نام ہے ۔ جو فارس کے سب شہروں سے بڑا ہے اور بڑے زرخیز میدان میں واقع ہے ۔ سابق میں دارالریاست بھی تھا ۔ بقول بعض اصفہان نصف جہان کا بگاڑ ہے ۔ چونکہ اُس کا دورہ بارہ کوس کا ہے ۔ اس واسطے عظمت و وسعت کے لحاظ سے نصف جہان کہلایا اسی کو سپاہان بھی کہتے ہیں کیونکہ وہاں بڑی سپاہ رہتی تھی ÷

اصفیا ۔ ع ۔ جمع ہے صفی کی ۔ برگزیدہ لوگ صاف باطن لوگ ÷

اَصْل ۔ ع ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ نسب ÷

اَصلاً ۔ ع ۔ ہرگز ۔ بالکل ÷

اَصْلاب ۔ ع ۔ جمع ہے صلب کی پشتیں ÷

اصلاح ۔ ع ۔ درست کرنا ۔ سنوارنا ÷

اَصْلَح ۔ ع ۔ بہت درست ÷

اصل و اصلی ۔ سب ایک فرنگی سفیر کے نام کا معرب ہے ÷

اصلی ع ۔ ذاتی بے بناوٹ ÷

اصم ع ۔ بہرا جو سنتا نہو ÷

اَصْناف ۔ ع ۔ جمع ہے صنف کی قسمیں اقسام ÷

اَصْنام ۔ ع ۔ جمع ہے صنم ۔ بہت معشوق ÷

اصنع ع ۔ کر ۔ بنا ۔ فعل امر ہے ۔ جو صنعت مصدر سے مشتق ہے ÷

اصوات ۔ ع ۔ جمع ہے صوت کی آوازیں ÷

اَصْوَب ۔ ع ۔ بہت درست بہت ٹھیک ÷

اُصُول ۔ ع ۔ جمع ہے اصل کی ۔ جڑیں اصلیں ÷

اُصول لقبیل ۔ ع ۔ سترہ موسیقی میں سے ایک تال کا نام ہے ÷

اُصول خفیف ۔ ع ۔ سترہ موسیقی میں سے ایک تال کا نام ہے ÷

اصول فاختہ ۔ ایک تال کا نام ہے ÷

اصول کلام ۔ ع ۔ علم کلام سے مراد ہے جس میں نقلی مسائل کو عقلی دلائل سے بیان کرتے ہیں ÷

اصیل ۔ ع ۔ شریف نجیب ۔ وہ شخص جس کا حسب و نسب اچھا ہو ÷

باب الف مع الضاد معجمہ

اضاعت ۔ ع ۔ ضایع کرنا کھو دینا ÷

اضافت ۔ ع ۔ لگاؤ ۔ لگانا مہمان کرنا ۔ نسبت کرنا ایک چیز کا دوسری چیز کی طرف ÷

اضافہ ۔ ف ۔ زیادہ کرنا ÷

اِضافی ۔ ع ۔ نسبتی جو اصلی نہو ÷

اضاقت ع ۔ تنگ کرنا ۔ مال جاتا رہنا ÷

اِضاءت ۔ ع ۔ روشن کرنا ÷

اَضْحیٰ ۔ ع ۔ قربانی کا دن ÷

اضحاک ۔ ع ۔ تعجب دلانا کسی کو ۔ ہنسانا ۔ حوض اس قدر بھرنا کہ رواں ہو جائے ۔ گھاس اُگنا زمین پر ÷

اُضحُوکہ ۔ ع ۔ وہ چیز جس سے لوگ ہنسیں ہنسی ÷

اَضداد ۔ ع ۔ جمع ہے ضد کی ۔ مخالف لوگ ÷

اِضْراب ۔ ع ۔ مُنہ پھیرنا ۔ ایک ہی جگہ ٹھیرنا اور بالفتح جمع ہے ضرب کی نظیریں مثلیں ۔ انواع ÷

اِضْرار ۔ ع ۔ نقصان کرنا ۔ ضرر پہنچانا دوڑنا ظلم سے کسی کو ایک کام پر رکھنا ÷

اضراس ۔ ع ۔ جمع ہے ضرس کی ۔ ڈاڑھ ۔ دانت ÷

اضطجاع ۔ ع ۔ پہلو پر سونا ایک طرف سونا ÷

اِضطراب ۔ ع ۔ گھبراہٹ بیقراری ÷

اِضطرار ۔ ع ۔ لاچار کرنا حاجت مند کرنا ضرورت ہونی کسی شئے کی ÷

اضطراری ۔ ع ۔ بے اختیاری ÷

اَضْعاف ۔ ع ۔ جمع ہے ضعف کی ۔ دوگنی ۔ تگنی چوگنی وغیرہ ÷

اَضعَف - ع - بہت ضعیف بہت ناتوان *

اَضغاثِ اَحلام - ع - پریشان خوابیں جن کی تعبیر ٹھیک نہ ہو *

اضلاع - ع - جمع ہے ضلع کی پسلیاں *

اِضلال - ع - گمراہ کرنا راہ بھلانا - بہکانا *

اِضمار - ع - کلام میں کسی اسم کے واسطے ضمیر کا لانا - گھوڑے کا لاغر کرنا - اور نام ایک زحاف علم عروض کا ہے *

اَضیاف - ع - جمع ہے ضیف کی - بہت سے مہمان *

باب الالف مع الطاء مہملہ

اطارت - ع - اڑانا *

اطاعت - ع - حکم ماننا فرمانبردار ہونا فرمان برداری *

اَطَالَ اللّٰہُ عُمْرَہٗ - ع - خدا اسکی عمر بڑھائے *

اَطالت - ع - درازی دراز کرنا *

اَطِبّا - ع - جمع ہے طبیب کی - طبیب لوگ *

اِطرا - ع - کسی کی تعریف میں مبالغہ کرنا *

اِطراح - ع - ڈال دینا دور کرنا *

اطراد - ع - چلانا - روان کرنا *

اِطراز / **اِطّراز** - ع - نقش کرنا *

اطراف - ع - جمع ہے طرف کی - کنارے *

اَطلال - ع - گرے ہوئے گھر کے نشان جو باقی ہوں کھنڈر *

اُطرُوبہ - ع - وہ چیز جس سے لوگ خوش ہوں *

اطریفل - ع - معرب ہے ترے پھل کا مشہور دوا ہے *

اَطریہ - ع - سوّیاں *

اَطعِمہ - ع - جمع طعام کی - خوراک کھانا *

اِطفا - ع - بجھانا - آگ کو ٹھنڈا کرنا - چراغ کا گل کرنا *

اَطفال - ع - جمع ہے طفل کی - لڑکے - بچے *

اِطّلاع - ع - خبر دینا - آگاہ کرنا کسی کو *

اِطلاق - ع - چھوڑ دینا قید سے کسی کو کھولنا - کہنا *

اَطلس - ع - نرم - ملائم ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا ہے جو بے نقش ہوتا ہے - اور نویں آسمان کا نام ہے جو نقوش کواکب سے سادہ ہے *

اَطلسِ رُومی - ف - نام ہے ایک قسم کی اطلس کا *

اِطماع - ع - لالچ میں ڈالنا - اور بالفتح جمع ہے طمع کی *

اِطمینان - ع - تسلی - دلاسا دلجمعی *

اَطناب - ع - کسی کا لمبا کرنا - طول دینا کسی کی مدح یا ذم میں مبالغہ کرنا - عبارت اور لفظوں کو طول دینا بخلاف ایجاز کے *

اَطوار - ع - جمع طور کی *

اَطہار - ع - جمع اطہر کی - بہت پاک لوگ *

اَطیَب - ع - بہت خوشبودار پاکیزہ *

اَطیط - ع - بھوکھ - خالی پیٹ کی آواز *

باب الالف مع الظاء معجمہ

اظال - ع - جمع ہے ظل کی سائے *

اظلال - ع - سایہ ڈالنا - سایہ دار ہونا نزدیک آنا کسی شے کا *

اِظہار - ع - کھولنا - ظاہر کرنا - غالب کرنا - بھول جانا *

اَظہَر - ع - بہت ظاہر تر *

باب الالف مع العین مہملہ

اَعابِد - ع - جمع ہے عبد کی بندے غلام *

اَعاجب - ع - انوکھی چیزیں اعجوبہ چیزیں *

اعاجیب - ع - جمع ہے عجیب کی *

اِعادت / **اعادہ** - ع - لوٹانا - پھیر کر لانا - پھیر کہنا *

اَعادی - ع - دشمن لوگ *

اَعاظم - ع - جمع ہے اعظم کی *

اعالت - ع - بہت عیالدار ہونا - حریص ہونا *

اعالی - ع - جمع ہے اعلیٰ کی بہت بلند *

اعانت - ع - مدد کرنا مدد *

اعتا - ع - جمع ہے عتو کی سرکش لوگ *

اِعتاق - ع - لونڈی غلام کا آزاد کرنا *

اِعتبار - ع - بھروسا کرنا ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا - نصیحت پکڑنا - عبرت پکڑنا - امتحان کرنا *

اِعتبار گرفتن از چیزے - ف - چیز کو معتبر و موثق سمجھنا *

اِعْتِدَاد - ع - اعتبار - شمار میں لانا حساب میں لانا ۔

اِعْتِدَال - ع - برابر ہونا - یکساں ہونا - سیدھا ہونا - گرمی و سردی و خشکی و تری میں مساوی ہونا - طول و عرض میں برابر ہونا ۔

اعتذار - ع - عذر کرنا ۔

اِعْتِرَاض - ع - شبہ کرنا - کوئی قباحت پیش کرنی حائل ہونا ۔

اعتراف - ع - اقرار کرنا ۔

اعتزاز - ع - عزیز ہونا بزرگ اور عزیز گننا ۔

اعتزال گوشہ - ع - گوشہ گزیں ہونا الگ ہو جانا گوشہ نشینی ۔

اِعْتِسَاف - ع - جور کرنا راہ سے بے راہ چلنا ۔

اعتصام - ع - چنگل مارنا - کچھ شے پکڑنا واسطے بچنے کے ۔

اِعْتِضَاد - ع - مدد چاہنا بازو بنانا - قوت پانا ۔

اِعْتِضَادُ الْخِلَافَت اِعْتِضَادُ الدَّوْلَہ - ع - بازو سلطنت کے رکن سلطنت ۔

اِعْتِقَاد - ع - یقین کرنا - گرویدہ ہونا - ایمان لانا عقیدہ ۔

اعتکاف - ع - گوشہ نشین ہونا اپنے تئیں باندھ رکھنا انتظار کرنا ۔

اِعْتِلَا - ع - بلند ہونا - بلندی ۔

اِعْتِلَال - ع - بیمار ہونا - علیل ہونا - بہانہ لانا ۔

اِعْتِمَاد - ع - بھروسہ کرنا - تکیہ کرنا - یہ لفظ عمد سے مشتق ہے جس کے معنے ستون کے ہیں ۔

اِعْتِنَاء - ع - غمخواری کرنی مہربانی کرنی - اہتمام ۔

اعتناق - ع - معانقہ کرنا - بغلگیر ہونا دوسرے شخص سے ۔

اِعْتِیَاد - ع - عود کرنا - پھر آنا باز گشت کرنا ۔

اِعْتِیَاض - ع - عوض دینا کسی کو ۔

اِعْجَاب - ع - تکبر اور غرور کرنا عجیب جاننا ۔

اِعْجَاز - ع - ناتوان کرنا - عاجز کرنا نبی کا کسی خرق عادت سے معجزہ ۔

اَعْجَم - ع - غیر فصیح آدمی - گونگ ۔

اُعْجُوبہ - ع - عجب تر انوکھی شے ۔

اَعْدَاء - ع - جمع عدو کی دشمن بیری ۔

اِعْدَاد - ع - تیار کرنا اور بفتح جمع ہے عدد کی ۔

اعدام - ع - معدوم کرنا نابود کرنا - روک دینا ۔

اَعْدَائے عدو - ع - سب دشمنوں میں کا بڑا بہت بڑا دشمن ۔

اَعْدَل - ع - بہت عدل کرنیوالا ۔

اعذار - ع - عذر کرنا - ختنہ کرنا - ختنہ کی ضیافت ۔

اَعْرَاب / اعرابی } ع - گنوار آدمی جو جنگل میں خانہ بدوش رہتے ہیں ۔

اِعْرَاب - ع - واضح و روشن کرنا - عربی کلموں کے آخری حرف کی حرکتیں - مطلق حرکتیں ۔

اِعْرَاض - ع - روگردانی کرنا منہ پھیرنا ۔

اَعْرَاضِی - ع - روکنے والا مزاحم ۔

اَعْرَاف - ع - نام ایک مقام ہے جو دوزخ اور بہشت کے بیچ میں ہے ۔

اِعْرَاق - ع - عراق کو جانا - اور جڑ سخت ہونا - شراب میں پانی ملانا ۔

اَعْرَج - ع - لنگ وہ شخص جو ایک پاؤں رکھتا ہو لنگڑا ۔

اِعْزَاز - ع - عزت دینا ۔

اَعْزَل - ع - وہ آدمی جس کے پاس ہتھیار نہ ہو - مرد بے سلاح - اور نام ایک ستارہ کا ہے - جیسے سماک اعزل کہتے ہیں حبش کے نزدیک کوئی ستارہ بمنزلہ ہتھیار اور نیزہ کے نہیں - بخلاف رامح کے جس کے پاس ایک ستارہ ہے جو بمنزلہ ہتھیار اور نیزہ کے ہے ۔

اَعِزَّہ - ع - جمع ہے عزیز کی - بڑے آدمی - معزز لوگ ۔

اَعْسَر - ع - بہت دقیق بہت مشکل ۔

اَعْشٰی - ع - عرب کے عظیم الشان شاعر کا لقب ہے ۔

اعشاب - ع - سبز گھاس جس کو چارپائے کھاتے ہیں ۔

اعصاب - ع - جمع ہے عصب کی پٹھا - پی ۔

اعضا - ع - جمع ہے عضو کی جوڑ ہاتھ اور پاؤں کے ۔

اعضائے رئیسہ - ع - دل اور جگر و دماغ وغیرہ ۔

اِعطا - ع - دینا بخشنا ۔

اعطاف - ع - مہربانیاں جمع ہے عطف کی ۔

اعظم - ع - بہت بڑا ۔

اعقاب - ع - جمع عقب کی - بیٹے - اولاد - اولاد جو باپ کے بعد باقی رہے ۔

اِعْقَال و توکل - ع - زانو اونٹ کا باندھنا اور بحافظ

حقیقی پر بھروسا کر۔ مطلب یہ ہے۔ کہ اپنی طرف سے تدبیریں کئے جا۔ ہمت نہ ہار۔ اور اللہ تعالےٰ پر بھروسا رکھ ۔

اَعلیٰ ۔ ع ۔ بہت بلند بہت اونچا ۔

اِعلال ۔ ع۔ بیمار کردینا علیل کردینا ۔

اَعلام ۔ ع۔ جمع عَلَم کی نشان جھنڈے لڑائی کے ۔

اِعلام ۔ ع۔ خبر دینا جتلانا ۔

اِعلان ۔ ع۔ ظاہر کرنا کھول دینا ۔

اِعلاء ۔ ع۔ بلند کرنا ۔

اَعلم ۔ ع۔ جو سب جگہ ہو۔ جسکو سب جانتے ہوں ۔

اَعمار ۔ ع۔ جمع عمر کی ۔

اَعمال ۔ ع۔ جمع عمل کی ۔

اَعمیٰ ۔ ع۔ اندھا۔ کور۔ نابینا ۔

اَعمیٰ فطری ۔ ع۔ پیدائشی اندھا۔ مادرزاد اندھا ۔

اَعمش ۔ ع۔ وہ شخص جس کی آنکھوں سے بسبب مرض کے پانی جاری رہے اور لقب ایک عالم کا ہے ۔

اِعنات ۔ ع۔ اپنے تئیں کسی سخت کام میں ڈالنا اور نام ایک صنعت کا ہے جسے صنعت لزوم مالا یلزم بھی کہتے ہیں ۔

اَعناق ۔ ع۔ جمع ہے عنق کی۔ گردنیں۔ سرکردہ قوم کے سردار ۔

اَعِنّہ ۔ ع۔ جمع ہے عنان کی باگیں ۔

اَعنی ۔ ع۔ مراد رکھتا ہوں میں۔ قصد کرتا ہوں میں صیغہ متکلم مضارع کا ہے۔ عنایۃ مصدر سے ۔

اَعوام ۔ ع۔ جمع ہے عام کی بہت سے برس ۔

اَعوان ۔ ع۔ جمع ہے عون کی مدد مددگار ۔

اَعور ۔ ع۔ بھینگا ۔

اِعوجاج ۔ ع۔ ٹیڑھا ہونا ۔

اَعوِنہ ۔ ع۔ جمع ہے عاون کی معاون مددگار ۔

اِعیا ۔ ع۔ تھک جانا ۔

اَعیان ۔ ع۔ امرا۔ چشمے۔ اور آنکھیں۔ جمع ہے عین کی ۔

اعیانِ ثابتہ ۔ ع۔ علمی صورتیں خدا کی صُوَرِ علمیہ ۔

اَعیانی ۔ ع۔ سگے بھائی ۔

باب الالف مع الغین معجمہ

آغا ۔ ف۔ صاحب مالک خداوند بیگم برادر کلاں ۔

آغالہ ۔ ع۔ [illegible] ۔

آغار ۔ ع۔ نم۔ سیلی زمین بھگونا ۔

آغاز ۔ ف۔ شروع۔ ابتداء ۔

آغازیدن ۔ ف۔ شروع کرنا۔ قصد کرنا ۔

آغاشتن ۔ ف۔ فراہم کرنا۔ جمع کرنا ۔

آغالیدن ۔ ف۔ بھڑکانا۔ لڑائی کرنا ۔

اَغانی ۔ ع۔ جمع ہے اُغنیہ کی۔ وہ ساز جو ہاتھوں سے بجائے جائیں بخلاف نَے اور موسیقار کے جنھیں مُنہ سے بجاتے ہیں ۔

اَغاید ۔ ع۔ جمع ہے اغید کی۔ بہت نازک بدن محبوب ۔

اَغبر ۔ ع۔ خاک رنگ گرد آلود۔ مکدر شے ۔

اِغتراب ۔ ع۔ مسافر ہونا۔ غریب ہونا ۔

اِغتراف ۔ ع۔ ہاتھ سے پانی پینا ۔

اِغتشاش ۔ ع۔ کسی چیز میں کھوٹ اور خیانت کا گمان کرنا ۔

اِغتفار ۔ ع۔ بخشش مغفرت ۔

اَغذیہ ۔ ع۔ جمع ہے غذا کی کھانا۔ طعام ۔

آغُر ۔ ف۔ مثل آنگور [illegible] داشہرلی ۔

اِغرا ۔ ع۔ اُبھارنا۔ برانگیختہ کرنا ۔

اِغراق ۔ ع۔ غرق کرنا ڈبودینا سخت کمان کھینچنا۔ مدح وذم میں مبالغہ کرنا۔ اور اصطلاح میں وہ مبالغہ جو عقل کے رو سے ممکن ہو۔ لیکن عادت کے رو سے ناممکن جیسے شعر

مارا بکام خویش بدید دلش بسوخت
دشمن کہ ہیچ گاہ مبادا بکام

اَغریرث ۔ ف۔ نام ایک بادشاہ کا ہے جو افراسیاب کا بھائی تھا ۔

اَغریوس ۔ ی۔ یونانی صحرا بیابان ۔

اِغزا ۔ ع۔ کسی کو لڑائی کے لئے برانگیختہ کرنا ۔

اِغذار ۔ ع۔ منہ چھپیر لینا ۔

آغشتن ۔ ف۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑ جانا ۔

اَغصان ۔ ع۔ جمع ہے غصن کی۔ شاخیں ٹہنیاں ۔

اغضا ۔ ع۔ چشم پوشی اغماض ۔

اِغفال ۔ ع۔ بیخبری۔ جہل۔ غفلت نادانی ۔

اَغلاط ۔ ع۔ غلطی کرنا۔ اور بالفتح جمع ہے غلط کی غلطیاں ۔

اِغلاق ۔ ع۔ مشکل کرنا۔ مغلق کرنا۔ بند کرنا ۔

اَغلال ۔ ع۔ جمع ہے غل کی۔ آہنی طوق بیڑیاں ۔

اِغلال ۔ ع۔ کینہ رکھنا۔ خیانت کرنا ۔

اغلام ۔ ع۔ لڑکوں

اور امردوں کے ساتھ فعل بد کرنا ٭

اَغلَب - ع - غالب تر قریب یقین کے ٭

اَغلَط - ع - بہت غلط ٭

اَغلَمش / اَغلَمش - ف - ترکستان کے ایک بادشاہ کا نام ہے جو چنگیز خان کی اولاد سے تھا۔ اور ۶۵۶ھ ہجری میں مرا ٭

اُغلُوطہ - ع - وہ شے جس سے لوگ غلطی میں پڑیں۔ وہ بات جو غلطی میں ڈالے ٭

اَغلَیسُون - ف - توس قزح شیطان کی کمان یا نی کی کمان دھنک ٭

اِغماض - ع - چشم پوشی کرنا درگزر کرنا ٭

اِغنا - ع - بے پروا کرنا دولتمند کرنا ٭

اَغنام - ع - جمع ہے غنم کی بکریاں ٭

اَغنیا - ع - دولت مند لوگ۔ جمع غنی کی ہے ٭

اِغوا - ع - بہکانا برانگیختہ کرنا ٭

آغوش - ف - گود بغل بندہ - غلام کنیزک پرستار ٭

آغوشیدن - ف - بغل میں لینا ٭

اَغیار - ع - جمع ہے غیر کی ٭

باب الالف مع الفاء معجمہ

آف - ت - سورج ٭

اُف - ع - افسوس ٭

آفات - ع - جمع ہے آفت کی ٭

اِفادہ - ع - فائدہ پہچانا ٭

اِفاضت - ع - فیض پہچانا برتن کا پُر کرنا ٭

افاضل - ع - جمع ہے افضل کی ٭

افاعی - ع - جمع ہے افعی کی۔ زہریلے سانپ ٭

آفاغنہ - ع - جمع ہے افغان کی۔ نام ایک قوم کا ہے ٭

اِفاقت / افاقہ - ع - کسی سے فرحت پانا یا دکھ سے آرام پانا۔ ہوش میں آنا۔ بیماری وغیرہ سے صحت پانا ٭

آفاق - ع - جمع ہے اُفق کی کنارے آسمان کے دنیا جہان ٭

آفاق گیر - ف - دنیا کو لینے والا - بادشاہ ٭

آفانین - ع - جمع الجمع ہے فن کی۔ ٹہنیاں درخت کی۔ طرح طرح کی باتیں قسم قسم کے ہنر ٭

آفت - ع - مصیبت دُکھ ٭

آفتاب - ف - سورج - دھوپ ٹھیا آفتاب کی - دن مرکب ہے آب تاب سے یعنے پانی پر چمکنے والا - چونکہ سطح زمین پر پانی بہ نسبت خشکی کے تین گُنا ہے اور نیز پانی سے ایک خاص علاقہ رکھتا ہے یعنے اُسے بخارات بنا دینے کا اس لحاظ سے تغلیباً پانی پر چمکنے والا اور اس پر اثر پہنچانے والا کہلایا - بقول بعض بفک اضافت آفت آب ہے یعنے پانی کی آفت بسبب اُس کے بخارات بنا دینے کے صرف آف کے معنے بھی سورج کے ہیں اِسی لحاظ سے آفتاب مطلق تابش آفتاب یا دھوپ کے معنے ہیں شراب اور رخسارہ محبوب سے بھی مراد ہے ٭

آفتاب بر سر دیوار رفتن
آفتاب بدیوار آمدن
آفتاب بر سر دیوار بودن
آفتاب برلب بام بودن
آفتاب برلب بام رسیدن
آفتاب بکوہ رفتن خواستن
عمر و دولت کے زمانہ کی انتہا و اختتام پر پہنچنے سے مراد ہے ٭

آفتاب پس دیوار / آفتاب پس کوہ - ف - وقت شام سے مراد ہے ٭

آفتاب خوردن - ف - محنت اُٹھانی ٭

آفتاب گرفتن - ف - سورج کو گہن لگنا - کسوف ٭

آفتاب گیر - ف - سائبان چھتری ٭

آفتاب بام - ف - فریب بمرگ ٭

آفتاب مغربی - ف - تلوار سے مراد ہے ٭

آفتاب و مہتاب بغل پیمودن - ف - ایسے امر کے اخفا کا ارادہ کرنا جو [illegible]یت ظاہر ہو ٭

آفتابہ - ف - لوٹا جس سے وضو کرتے ہیں ٭

آفتابی - ف - شکستہ رنگ - متغیر۔ کڑاہی وہ چیز جو دھوپ میں پڑی ہے سورج کی جو سایہ کے لئے بنا لیتے ہیں ٭

آفتابی شدن - ف - ظاہر ہونا ٭

افتاد - ف - افتادن مصدر کا ماضی مطلق مجازاً بمعنے اتفاق ٭

اُفتادگی - ف - عاجزی ٭

افتادن - ف - گر پڑنا - اتفاق پڑنا - لائق و مناسب ہونا - خراب ہونا - دور ہونا نوا جمع کرنا ٭

افتادن از دست افتادگان - ف - مظلومون کی دعا سے خستہ حال ہو جانا +

اُفتادن خصم در پا - ف - دشمن کا تباہ اور پائمال ہونا +

اُفتادہ - ف - گرپڑا ہوا عاجز ناتوان +

اِفتتاح - ع - شروع کرنا کھولنا +

افتتاش - ع - ڈھونڈنا جستجو کرنا +

افتتان - ع - فتنہ اُٹھانا +

افتخار - ع - فخر کرنا غرور کرنا +

افترا - ع - جھوٹی بات بنانا بہتان باندھنا - بہتان +

اِفتراح - ع - خوشی کرنا خوش ہونا +

اِفتراس - ع - گردن توڑ دینا مار ڈالنا سوار ہونا کسی شے کو نشان سے دریافت کر لینا +

افتراق - ع - جدا کرنا علیحدہ کرنا الگ کرنا کسی کو +

افتعال - ع - کسی پر جھوٹ لگانا تہمت - بہتان +

اِفتقار - ع - حاجت فقیری مفلسی خواری - عاجزی +

اِفتکار - ع - فکر کرنا - غور کرنا سوچنا +

اِفحام - ع - خاموش کر دینا خصم کو دلیل و حجت سے +

اِفراح - ع - خوش کرنا +

آفراختن - ف - کھڑا کرنا بلند کرنا +

افراد - ع - جمع ہے فرد کی +

اِفراد - ع - تنہا بیٹھنا +

افخاذ - ع - جمع ہے فخذ کی - رانیں +

افراز - ف - امر ہے افراختن مصدر کا اور اس کے اسم فاعل سماعی ہوا فرازہ کا مخفف ہے مصالح طعام جیسے دھنیا لونگ - زیرہ وغیرہ +

افراس - ع - جمع ہے فرس کی گھوڑے +

افراس آب - ف - گھوڑے پانی کے بلبوں سے مراد ہے جو بارش میں پانی پر ظاہر ہوتے ہیں +

افراسیاب - ف - توران کے ایک عظیم الشان بہادر بادشاہ کا نام ہے جو ایران کے کیانی بادشاہوں کے ساتھ مدتوں لڑتا رہا اور آخرکار کیخسرو ابن سیاوش کے زمانے میں جو اس کا دوہتا تھا مارا گیا - بلبلے +

آفراشتن - ف - بلند کرنا - کھڑا کرنا +

اِفراط - ع - حد اعتدال سے بڑھ جانا بہت زیادہ کرنا +

افروختن - ف - روشن کرنا بھڑکانا +

آفرنجہ - ف - دریائے نیل کے کنارے پر ایک شہر ہے جسے نوشیروان نے بسایا تھا - اور وامق معشوقہ عذرا کی ماں وہیں کی رہنے والی تھی عرب میں بھی ایک ملک کا نام ہے اور ملک زنگبار کی طرف بھی اس نام کی ایک ولایت ہے +

آفری - ف - مخفف ہے آفرین کا +

آفریدگار - ف - پیدا کرنے والا - خالق +

آفریدگان - ف - پیدا کئے ہوئے - دنیا کے لوگ +

آفریدن - ف - پیدا کرنا +

آفریدون - ف - شاہ فریدون جسے ذوالقرنین اکبر بھی کہتے ہیں ملک ایران میں ایک بڑا عظیم الشان بادشاہ گذرا ہے جس کے بیٹوں تور ایرج کے نام پر توران اور ایران ممالک کے نام رکھے گئے +

آفرین - ف - دعا - شاباش - ثنا - تحسین کا کلمہ ہے +

آفرین خوان
آفرین سرا
آفرین گو
آفرین گر
} شاباش دینے والا تحسین کرنے والا - دعاگو - ثنا خوان +

آفرینندہ - ف - پیدا کرنیوالا خالق - خدا تعالے +

افریشم - مخفف ابریشم کا ہے - ریشم +

آفرینش - ف - پیدا کرنا - پیدائش +

افزا - ف - بڑھانے والا بڑھا +

افزائیدن - ف - بڑھانا +

آفزودن - ف - بڑھنا اور بڑھانا +

افزون - ف - زیادہ اور بڑھا ہوا +

افزونی - ف - زیادتی +

افسا - ف - افسونگر +

افساء - ع - توڑ دینا - تباہ کرنا +

آفسار - ف - باگڈور - پالہنگ +

افسان - ف - وہ پتھر جس پر چھری اور تلوار تیز کرتے ہیں +

افسانہ - ف - کہانی قصہ +

افسانہ مادران - ف - لوری +

افسر - ف - کلاہ - ٹوپی - حاکم +

افسردگی - ف - خوشی اور غم کے بین بین حالت - مرجھایا ہوا ہونا طبیعت کا +

آفسردن - ف - مرجھانا ٹھٹھرنا +

افسردہ - ف - مرجھایا ہوا +

افسوس - ف - طنز بازی ظرافت تمسخر +
افسوس - ف - دریغ حسرت ظلم +
افسون - ف - منتر جادو - فریب دلبری چاپلوسی +
افسون زند - ف - آتش پرستوں کا منتر +
افسون گرگی - ف - مکاری مکر +
افشا - ع - ظاہر کرنا +
افشار - ف - اگاڑی پچھاڑی کی وہ رسی جس سے چوپاؤں کے ہاتھ پاؤں باندھ دیتے ہیں +
افشار - ت - جاسوس ایرانی قزلباشوں میں سے ایک قبیلہ کا نام ہے جس میں نادر شاہ ہوا ہے +
افشارت - ت - ترکمانوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے +
افشان - ف - بوندیں پڑی ہوئیں - چھڑکی ہوئی ہر سونے پانی کی چھینٹ +
افشاندن - ف - جھاڑنا چھڑکنا +
افشردن - ف - نچوڑنا محکم کرنا - استوار کرنا +
افشردن گام - ف - ثابت قدم ہونا +
افشردہ گام - ف - ثابت قدم +
افشرہ گر - ف - تیلی عصار +
افشنگ / **افشنگ** } - ف - شبنم طل اوس +
افصح - ع - بہت فصیح صاف عبارت بولنے والا +
افضال - ع - نیکی کرنا احسان بخشش کرنا +
افضال - ع - جمع ہے فضل کی بخششیں - نیکیاں +
افضح - ع - بہت خوار +
افضل - ع - صاحب فضل سب سے بہتر سب سے عمدہ +
افضل الاشکال - ع - سب سے عمدہ شکل دائرہ سے مراد ہے +
افطار - ع - روزہ کھولنا +
افعال - ع - جمع ہے فعل کی بہت سے کام +
افعی - ع - کالا سانپ زہریلا سانپ +
افعی آتشین دم - ف - بندوق سے مراد ہے +
افغان - ف - فریاد - زاری - اور نام ایک قوم کا ہے جو پشاور کے قریب بستی ہے اور ملک افغانستان انہیں کی مسکن کے باعث اس نام سے مشہور ہے +
افغان کرارانی - ف - افغانوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے - اس قبیلہ سے اکبر بادشاہ کے عہد میں سلیمان اور داؤد بنگالے کے حاکم گزرے ہیں +
افق - ع - حد نگاہ کنارہ وہ کنارہ جہاں آسمان اور زمین ملتے نظر آتے ہیں +
افقر - ع - بہت فقیر بہت محتاج +
افک - ع - جھوٹ - بہتان +
افکار - ع - جمع ہے فکر کی +
افگار - ف - زخم - زخمی - مجروح +
افگن - ف - ڈال - ڈال دے +
افگندہ - ف - عاجز +
افگندہ سم - ف - عاجز جو چلنے پھرنے سے رہ گیا ہو - لنگ +
افل - ع - ڈوبنے والا +
افلاح - ع - نیکی کرنا بھلائی کرنا +
افلاج - ع - فالج ہو جانا بے حس و حرکت ہو جانا - کسی عضو کا +
افلاس - ع - مفلس ہو جانا فلس کا مفلس ہو جانا - محتاج ہو جانا غریبی پیسہ پاس نہ ہونا +
افلاطون - ی - ایک مشہور حکیم کا نام ہے جو ارسطو کا استاد اور سقراط کا شاگرد تھا +
افلاک - ع - جمع فلک - آسمان +
افلین - ع - ڈوبنے والے جمع آفل کی +
افنا - ع - نیست و نابود کرنا فنا کرنا +
افنان - ع - جمع ہے فنن کی - شاخیں - ٹہنیاں - علوم صنعتیں +
افواج - ع - جمع ہے فوج کی +
افواہ - ع - جمع فوہ کی یعنی منہ - افواہ بہت سے منہ مجازاً شہرت چرچا +
افواہ عام - ع - کسی بات کا بہت سے آدمیوں کے منہ پر ہونا - عام شہرت +
افہام - ع - سمجھانا +
افئدہ - ع - جمع ہے فواد کی بہت سے دل +
افیال - ع - جمع ہے فیل کی ہاتھی +
افیون - ع - افیم تریاک +
افیونی چیزے شدن - ف - کسی شے کا عادی ہونا +

باب الف مع القاف معجمہ

آقا - ف - صاحب - مالک - خداوند جب یہ لفظ کسی اسم کے اول آتا ہے تو اس شخص کی عظمت پر دلالت کرتا ہے اور جب پیچھے آتا ہے تو حقارت ثابت کرتا ہے ٭

اقارب - ع - رشتہ دار لوگ جمع قریب کی ٭

آقاسی - ت - داروغہ - دیوانخانہ ٭

اقاصی - ع - بعید - بہت دور - جمع اقصیٰ کے ٭

اقالت / اقالہ - ع - بیع کو بائع اور مشتری کا ایک دوسرے کے ذمے فسخ کر دینا - معاف کر دینا گناہ کا ٭

اقالیم - ع - جمع اقلیم کی بمعنے ولایت ٭

اقالیم سبعہ - ع - سات ولائتیں اگلے جغرافیہ والوں نے زمین کو سات حصوں پر تقسیم کر رکھا تھا - ہر ایک حصہ کو اقلیم کہتے تھے ہر ولایت سبعہ سیارہ میں سے ایک ایک کے ساتھ منسوب ہے ٭

اقامت - ع - قائم ہونا ایک جگہ رہنا - وطن کرنا ٭

اقانیم - ع - جمع ہے اقنوم کی تین کتابیں ہیں - دین نصاریٰ کی - آپ ابن روح القدس سے بھی مراد ہے ٭

اقبال - ع - قسمت - نیک - لغوی معنے ہیں سامنے آنا قبول کرنا ٭

اقبال مند - ف - صاحب اقبال - خوش نصیب ٭

اقبح - ع - بہت برا - بہت قبیح ٭

اقبیل - ف - امالہ ہے اقبال کا امالہ کہتے ہیں - الف کو یائے مجہول کی طرف مائل کرنے کو ٭

اقتباس - ع - بتی روشن کرنا - آگ لینا مراد روشنی لینا اور کسی کے کلام کو اپنے کلام میں بدون ذکر اس کے نام کے درج کرنا اور اسے تضمین بھی کہتے ہیں ٭

اقتحام - ع - اختیار کرنا ظلم کرنا - خوار رکھنا بے آبرو دیکھنا کسی کو ٭

اقتدا - ع - پیروی کرنا ٭

اقتدار - ع - صاحب قدرت ہونا طاقت ور ہونا - مجازاً طاقت و قدرت ٭

اقتراح - ع - مانگنا سوال کرنا - بن سوچی بات کہنی ٭

اقتران - ع - نزدیک ہونا ٭

اقتسام - ع - آپس میں بانٹ لینا ٭

اقتصاد - ع - میانہ روی ٭

اقتصار - ع - کوتاہی کرنا ایک بات پر ٹھیرنا بس کرنا اور اہل معانی کی اصطلاح میں کثیر اللفظ اور قلیل المعنے کلام کرنا برخلاف اختصار کے جس میں لفظ کم اور معنے زیادہ ہوتے ہیں ٭

اقتضا - ع - خواہش کرنا چاہنا ٭

اقتطاف - ع - میوہ چننا پھل چننا ٭

اقتفا - ع - پیروی ٭

اقتنا - ع - حاصل کرنا ٭

اقتناص - ع - شکار کرنا حاصل کرنا ٭

اقتناع - ع - قناعت کرنا ٭

آقچہ / اقچہ - ت - روپیہ اشرفی اور وہ سفید چیز جو کھیت میں جانوروں کے ڈرانے کے واسطے رکھا کرتے ہیں ٭

اقحوان - ع - بابونہ جو مشہور دوا ہے ٭

اقداح - ع - جمع ہے قدح کی - پیالے ٭

اقداح - ع - عیب کرنا کسی کا ٭

اقدام - ع - قدم رکھنا ٭

اقدام - ع - جمع ہے قدم کی پاؤں پیر ٭

اقدام نمودن - ف - پیش قدمی کرنا آگے آنا ٭

اقدح - ع - بہت ناقص بہت خراب ٭

اقدس - ع - بہت خراب ٭

اقدم - ع - بہت مقدم - سب سے اول ٭

اقرار - ع - ہاں کرنا مان لینا ٭

اقران - جمع ہے قرن کی سو یا تیس برس - قرین کی بھی جمع ہے جس کے معنے ہمسایہ یا نزدیکی کے ہیں ٭

اقرب - ع - بہت نزدیک ٭

اقربا - ع - جمع ہے قریب کی رشتہ دار لوگ ٭

اقرع - ع - گنجا جسکے سر پر بال نہ ہوں ٭

اقساط - ع - جمع ہے قسط کے بمعنے حصے ٭

اقسام - ع - جمع ہے قسم کی ٹکڑے ٭

اقسام خمسۂ زمین - ف - پانچوں بڑا اعظموں سے مراد ہے - یعنے ایشیا یورپ افریقہ

امریکہ آسٹریلیا +
آقسُنقر - ت - آق (بمعنے سفید) - اور سُنقر (ایک شکاری جانور کا نام ہے) سے مرکب ہے - ایک سفید شکاری جانور کا نام ہے بمقابلہ سیاہ سُنقر کے - تنر کی غلاموں کا نام بھی ہوتا ہے +
اَقصےٰ - ع - بہت دور - نہایت بعید - اور ایک مسجد کا نام ہے - جسے بیت المقدس بھی کہتے ہیں - اُسے ملک شام میں حضرت داؤد علیہ السلام نے بنایا تھا - یہودیوں کا ایک قبیلہ بھی ہے +
اَقصَی الغایتہ - ع - انتہا درجہ کی کوئی چیز +
اَقصَا - ع - کنارے - بُعد +
اَقضٰی - ع - بہت حکم کرنے والا +
اَقضَی القُضاۃ - ع - قاضیوں کا قاضی وہ قاضی جو سب قاضیوں سے اعلےٰ درجہ کا ہو +
اقطار - ع - جمع ہے قطر کی - کنارے - اگر کی بتّی جو خوشبو کے واسطے جلاتے ہیں +
اقطاع - ع - جمع قطع کی - ٹکڑے اطراف زمین جاگیر - راتبہ +
اقطاع خوار - ف - جاگیر دار - راتبہ خوار +
اقطع - ع - ہاتھ کٹا ہوا آدمی +
اَقفال - ع - جمع ہے قفل کی تالے +
اَقَل - ع - بہت چھوٹا - بہت کم +
اِقلال - ع - درویشی فقیری +
اقلی - ی - کُنجی +
اُقلید - مب ہے کلید کا +
اُقلیدس - ی - (وبائے معروف) نام ایک کتاب کا ہے - علم ہندسہ میں جو اپنے مصنف کے نام پر مشہور ہے اقلی کے معنے ہیں کُنجی - اور دس کے معنے ہیں ہندسہ پس لغوی معنے اس لفظ کے کلید ہندسہ ہیں - اس شخص نے علم ہندسہ کو ایسا مانجھا ہے کہ اس کا نام ہے علم ہندسہ کی کُنجی ہوگیا ہے +
اِقلیم - ع - ساتواں ٹکڑا ربع مسکون کا +
اقماع - ع - شکستہ کرنا - توڑنا - ناقص کرنا کسی شے کا +
اَقمِشَہ - ع - جمع ہے قماش کی - پونجیاں +
اِقنا - ع - حاصل کرنا +
اِقناع - ع - خرسند کرنا - خوش کرنا +
اِقناعی - ع - وہ دلیل جو مفید ظن کے ہو - ظنّی دلیل +
اِقناعیات - ع - جمع ہے اقناعی کی +
اقناعیّت - ع - ظنّی ہونا +
اُقنوم - ع - ہر چیز کی اصل بنیاد اور مذہب عیسائی کے رو سے تثلیث الٰہی کی ہر جزو کا نام اقنوم ہے اور وہ تین ہیں - وجود - حیات علم جنہیں اب و ابن و روح القدس بھی کہتے ہیں +
اَقوا - ع - تمام ہونا - اور علم قافیہ کے رو سے حرکت توجیہ کے اختلاف کا نام اقوا ہے - جیسے گُل اور دِل کا قافیہ اور یہ عیب ہے +
اَقوات - ع - جمع ہے قوت کی روزی خوراک +
اَقوال - ع - جمع ہے قول کی باتیں +
اَقوام - ع - جمع ہے قوم کی +
اَقویٰ - ع - بہت قوی بہت زور آور +
اَقوِیا - ع - جمع ہے قوی کی توانا لوگ +
اَقیالوس - ی - دیکھو اوقیالوس +

باب الالف مع الکاف

آکا - ت - بڑا بھائی +
اَکابر - ع - جمع ہے اکبر کی - بہت بڑے +
اَکاذیب - ع - جھوٹی باتیں اس صورت میں جمع ہے اکذاب کی جو کذب کی جمع ہے - یا یہ لفظ افاعیل کے وزن پر کاذب کی جمع ہے +
اَکار - ع - جاٹ - دہقان +
اَکارم - ع - بہت بخشنے والے بڑے معزز لوگ +
اَکاسرہ - ع - جمع ہے کسرے کی جو لقب نوشیروان بادشاہ کا ہے بڑے درجہ کے بادشاہ نوشیروان کی اولاد سے جو بادشاہ ہوئے ہیں انہیں اکاسرہ کہتے ہیں - کبھی اس سے وہ بادشاہ بھی مراد ہیں جو متکبر ہوں +
اَکّال / **اَکّالہ** - ع - بہت کھانے والا +
اکباب - ع - اوندھا کرنا - مُنہ کے بل گرنا مُنہ کے بل گرانا +
اکبر - ع - بہت بڑا +
اکتساب - ع - پیدا کرنا کام

اختیار کرنا - کمانا +

اِکْتِتَاب - ع - لکھنا - اور لکھنا سیکھنا اور کچہری میں نام اپنا لکھنا +

اِکْتِتَام - ع - چھپا رکھنا خطاب کرنا +

اِکْتِحَال - ع - آنکھوں میں سرمہ لگانا +

اِکْتِفَا - ع - کفایت کرنا - بس کرنا +

اِکْتِنَاب - ع - پناہ لینا +

اِکْتِنَاہ - ع - کسی بات کی تہ میں پہنچنا کُنہ میں پہنچنا +

اِکْتِیَاب - ع - غمناک ہونا +

اِکْثَار - ع - بہت کمانا - بہت کرنا بہت کھانا +

اَکْثَر - ع - بہت سب سے زیادہ +

اَکْدَر - ع - بہت سیاہ بہت مکدر +

اَکْدِش - ف - دو غلہ وہ شخص جس کی ماں باپ دو مختلف قوموں سے ہوں جیسے ماں ترکی اور باپ عربی ہو - یا اور اسی قسم کی مثالیں لیلو - امتزاج اور اتصال دو چیزوں کا +

اُکْرَات - ع - جمع ہے کرہ کی جیسے کرہ عناصر - کرہ افلاک +

اَکْرَا - ع - زیادہ ہونا کم ہونا - لغات اضداد میں سے ہے +

اَکْرَاد - ع - جمع ہے کُرد کی - نام ایک فرقے کا ہے جو ضحاک کے زمانہ میں پیدا ہوا تھا - اور اب ایران میں بڑا طاقت ور ہے اکثر لوگ ان میں سے صحرانشین ہیں - ایران کا ایک خاص حصہ اسی قوم کی سکونت کے لحاظ سے کردستان کہلاتا ہے +

اِکْرَام - ع - بخشش - عطا بزرگ کرنا +

اِکْرَاہ - ع - نفرت کرنا کسی سے زبردستی کوئی کام کرانا زبردستی جبر +

اَکْرَم - ع بہت بخشنے والا بزرگتر +

اَکْسُون - ف - دیبائے سیاہ +

اِکْسِیر - ع - رسائن کیمیا +

اکسیر / اکسیرگر } ف - کیمیاگر +

اِکْشَاف - ع - اتنا ہنسنا جس سے دانت ظاہر ہو جائیں مجازاً ظاہر کرنا +

اَکْفَا - ع - جمع ہے کفو کی - ہمسر ہم جنس برابر کے لوگ +

اِکْفَا - ع - عیوب قافیہ میں سے ایک عیب ہے یعنی حرف روی کا مختلف ہونا لیکن بعض کے نزدیک اس طرح جائز ہے کہ ایک طرف روی تازی ہو اور ایک طرف فارسی جیسے لب اور چپ - اسپ اور کسب - یا قریب المخارج ہوں - جیسے صباح - سیاہ لیکن جمہور کے خلاف ہے +

اَکْل - ع - کھانا +

اُکُل - ع - میوہ +

اِکْلِیل - ع - تاج - عصابہ مرصع جواہرات کا سرپیچ اور چاند کے سترہویں منزل کا نام ہے +

اِکْمَال - ع - کامل کرنا - پورا کرنا +

اَکْمَام - ع - جمع ہے کم کی آستینیں - اور کم کی بھی جمع ہے - خلاف شگوفوں کے +

اَکْمَل - ع - بہت کامل +

اَکْمَہ - ع - مادر زاد اندھا اعمیٰ فطری +

اَکْنَاف - ع - اطراف +

اَکْنَان - ع - پردے جمع ہے کن کی +

اَکْنُون / اُکْنُون } - ف - اب - ابھی +

اُکُول - ع - پیٹو بہت کھانے والا +

اَکِید - ع - محکم - استوار +

اَکِیلَہ - ع - غذا کھانے کی چیز +

باب الالف مع الکاف فارسی

آگاہ - ف - خبردار واقف +

آگاہی - ف - خبرداری واقفیت +

آگاہیدن - ف - خبردار ہونا جتانا - آگاہ کر دینا +

اگر - ف - جو شرط کا حرف ہے +

اگرچند - ف - بمعنے ہرچند کلمہ شرط ہے +

اگرچہ - ف - کلمہ ہے - مفید معنے شرط +

آگندن - ف - بھرنا - پر کرنا +

آگندہ گوش - ف - وہ شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے +

آگنیدن - ف - بھرنا - پُر کرنا +

آگین - ف - بھرا ہوا پُر +

باب الالف مع اللام

آل ۔ ع ۔ عربی میں مسند الیہ یا مضاف الیہ وغیرہ پر آتا ہے فارسی میں صرف بعض متاخرین بطور اہل عرب زبان میں تصرف کرکے لے آئے ہیں جیسے ذوالنور شیبہ بن انا الیار ۔ التوبہ ۔ بوالہوس +

آل ۔ ع ۔ اولاد اور بیٹی (دختر) کی اولاد کو خصوصًا بولتے ہیں +

آل ۔ ف ۔ سرخ رنگ کا گھوڑا ۔ ایک قسم کی شراب لکڑی اور خیمہ بھی ہے ۔ ایک مرض بھی ہے جو بچہ جننے کے بعد عورتون کو ہو جاتی ہے ۔ کسی درخت کی جڑیں بھی ہیں جنسے سرخ کپڑا رنگتے ہیں +

آل ۔ ت ۔ سرخ مہر بادشاہ +

آلا ۔ ع ۔ جان لے آگاہ ہو ۔ کلمہ تنبیہ کا ہے +

اِلا ۔ ع ۔ نعمت ۔ نیکی +

اِلّا ۔ ع ۔ نہیں تو ۔ اگرنہ ارشاد +

آلات ۔ ع ۔ جمع ہے آلت کی کسی شے کے حصول کا ذریعہ اوزار ۔ ہتھیار +

آلان ۔ ف ۔ نام ایک ولایت کا ہے اور نام ایک محلہ کا بھی ہے +

الان ۔ ف ۔ ملک روس میں ایک شہر کا نام ہے

الآن ۔ ع ۔ اب ۔ اکنون +

الی الآن ۔ ع ۔ ابتک ہنوز +

الاغ ۔ ت ۔ خر گدھا +

اُلاغ ۔ ع ۔ بیگار کی سواری ۔ قاصد ۔ گھوڑا ڈاک چوکی +

آلاف ۔ جمع ہے الف کی ہزارہا +

آلافُ التحیۃ وَالسّلام ۔ ع ۔ ہزارون درود اور سلام +

اَلاَمان ۔ ع ۔ یہ کلمہ ہے جو بروقت نازل ہونے کسی حادثہ یا مصیبت کے بولا جاتا ہے +

آلا ۔ ع ۔ نعمتیں نیکیان جمع ہے اِلا کی +

آلائی ۔ ف ۔ الان کا رہنے والا +

اِلٰہ ۔ ع ۔ خدائے تعالےٰ معبود +

اَللّٰہ ۔ ع ۔ خدا کا اسم ذات ہے +

اِلٰہی ۔ ع ۔ اے میرے خدایا اے میرے معبود اور حکمت کے اقسام ثلاثہ میں سے ایک قسم کا نام ہے جسے علم الٰہی کہتے ہیں +

اِلٰہیات ۔ ع ۔ علم الٰہی کے مسائل اور مباحث +

آلام ۔ ع ۔ جمع ہے الم کی دکھ مصیبت +

اللہ اکبر ۔ ع ۔ اللہ بہت بڑا ہے ۔ اذان کا ایک کلمہ ہے تعجب کے واسطے بھی بولا جاتا ہے ۔ شیراز کے پاس ایک پہاڑ بھی اسی نام سے موسوم ہے جس پہ بے شمار اقسام کے پھول خود رو اُگتے ہیں اور ان کی بہار دیکھ کر آدمی بے اختیار اللہ اکبر کہہ اُٹھتا ہے اس پہاڑ سے نالا نکلتا ہے ۔ جو رکن آباد کے پاس سے گزرتا ہے +

اللہ اللہ ۔ ع ۔ اہل عرب ایسی جگہ بولتے ہیں جہان کوئی ایسا کام یا ایسی بات کرے جو اس کے مناسب حال نہ ہو ۔ اہل فارس مقام تعجب میں استعمال کرتے ہیں +

آلائش ۔ ف ۔ آلودگی عیب ۔ گناہ گاری خباثت +

آلائیدن ۔ ف ۔ لتھڑنا ۔ لتھیڑنا +

اَلباب ۔ ع ۔ جمع ہے لُب کی عقلیں +

آلبادی اَظلم ۔ ع ۔ ظلم میں پہل ۔ یا ابتدا یا پہل کرنے والا بڑا ظالم ہے +

آلپ ۔ ب ۔ دلیر +

الپ ارسلان ۔ ت ۔ الپ (بمعنے دلیر) اور ارسلان بمعنے (شیر درندہ) سے مرکب ہے اس کے لفظی معنے شیر دلیر کے ہیں ۔ ایران کے خاندان سلجوقیہ میں دوسرا بادشاہ تھا ۔ تاتار ۔ ایران روم میں دس بارہ سال سلطنت کرکے سنہ ۴۶۵ ہجری میں مرگیا ۔ نظام الملک جس نے بغداد میں مدرسہ نظامیہ بنوایا ۔ اس کا وزیر تھا ۔ جلال الدین ملک شاہ جس کے نام سے تاریخ جلالی ایران مروج ہے اسی کا بیٹا تھا +

البتہ ۔ ع ۔ قطعی بے شک ۔ یہ لفظ مبالغہ اور تاکید کے لئے مستعمل ہوتا ہے +

اَلبُرز - ف - نام ایک پہاڑ کا نام ہے - جو ایران کے شمال میں - صوبہ ماژندران میں واقع ہے اور کوہ قاف کے ایک چوٹی کا نام بھی ہے +

اَلبِسَہ - ع - جمع ہے لباس کی +

اَلبِقاءُ لِلمَلِکِ المَعبُود - ع - ہمیشگی واسطے بادشاہ مستحق عبادت کے ہے - لقا اللہ ہی کو ہے +

آلت - ع - اوزار ہتھیار راچھ +

اِلتِباس - ع - شبہ پڑنا شک پڑنا +

اِلتِثام - چومنا +

اِلتِجا - ع - آرزو کرنا آرزو +

اِلتِجاج - ع - لڑنا - جھگڑنا +

اِلتِذاذ - ع - لذت پانا - مزہ اُٹھانا +

اِلتِزام - ع - لازم پکڑنا - ہاتھ گردن پہ مارنا +

اِلتِساق / اِلتِصاق } ع - چپکنا کسی شے کا دوسری شے سے لپٹنا +

اِلتِفات - ع - توجہ کرنا - مہربانی کرنا - توجہ میلان گوشۂ چشم سے دیکھنا +

اِلتِقا - ع - ملنا - ملاقی ہونا - ملاقات کرنا +

اِلتِقاط - ع - چُننا - جمع کرنا کسی چیز کو +

اِلتِماس - ع - کچھ ڈھونڈنا تلاش کرنا - چاہنا +

اِلتِماع - ع - چمکنا +

اَلتَمش - ت - آگے چلنے والی فوج ہراول - چھ کا عدد ہندوستان کے بادشاہوں میں تیسرے بادشاہ کا نام بھی ہے جس کا لقب شمس الدین ہے +

آل تمغا / آل طمغا } ت - زمین یا جاگیر جو بادشاہوں کی طرف سے کسی کو ملے - فرمان شاہی - مُہر بادشاہی

اَلتُون - ت - زر سرخ لونڈی - کنیزک +

اِلتِوا - ع - پیچنا - مختصر کرنا کسی چیز کا +

اِلتِہاب - ع - شعلہ بھڑکنا بھڑکنا آگ کا +

اِلتِیاع - ع - دل کی سوزش جو عشق کے باعث ہو +

اِلتِیام - ع - آپس میں ملنا - زخم کا بھرنا - ملنا گھاؤ کا +

اَلجَہ - ت - لوٹ کا مال - مال غنیمت - غارت سے لیا ہوا اسباب اور ریشمی کپڑے کی ایک قسم ہے +

اِلحاح - ع - گڑگڑانا - منت کرکے مانگنا +

اِلحاد - ع - حد سے گذر جانا ظلم کرنا - دین سے پھرنا ملحد ہوجانا +

اَلحاصِل - ع - آخر کلام خلاصہ کلام کا حاصل کلام +

اِلحاق - ع - ملانا - ایک کو دوسرے سے لگا دینا +

اَلحال - ع - ابھی اسوقت +

اِلحان - ع - نغمہ - اچھی آواز سے پڑھنا یا گانا +

اَلحان - ع - گیت - آوازیں گانے کی +

اَلحَرِیصُ مَحرُومٌ - حریص اور لالچی آدمی کامیابی سے محروم رہتا ہے +

اَلحَمد - ع - قرآن مجید کی سب سے پہلی سورہ جس کا نام سورہ فاتحہ ہے اس کے سرے کا لفظ چونکہ الحمد ہے اسواسطے اس نام سے بھی مشہور ہے - اہل اسلام کے ہاں اس سورہ کو پڑھکر مردوں کو ثواب پہنچایا کرتے ہیں +

اَلحَمدُ لِلّٰہ - ع - سب تعریف اللہ کیواسطے ہے کلمہ شکر کا ہے +

اَلخالق - ت - پوشاک جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں +

اَلخَیرُ فِیما وَقَع - ع - بہتر ہی اسی بات میں ہے جو ہو چکی +

اَلَدّ - ع - بہت جھگڑنے والا +

اَلَدُّ الخِصام - ع - بڑا جھگڑالو - بہت جھگڑنے والا +

الدگز - ع - ایران کے اتابک بادشاہوں میں سے عراق و آذربیجان کا پہلا بادشاہ جو تیرہ سال حکومت کرکے ۵۶۸ھ ہجری میں مرگیا - قزل ارسلان اسی کا بیٹا تھا +

اَلَذّ - ع - بہت بامزہ - بہت لذیذ +

اَلَّذِی لَم یُخلَق مِثلُہَا فِی البِلَادِ - ع - یہ قرآن شریف کی ایک آیت تیسویں سیپارہ میں شہر ارم کی تعریف میں واقع ہوئی ہے معنے اس کے یہ ہیں وہ شہر ایسا تھا جس کے مانند ملکوں میں نہیں پیدا کیا گیا +

اَلرَّجبیل - ع - کوچ - ال التعریف کیلئے ہے +

اِلزام - ع - لازم کرنا - کسی بات کا کسی پر لگا دینا +

اَلزَم - ع - لازم تر - بہت لازم +

اَلسُن / اَلسِنَہ } ع - جمع لسان زبانیں +

اِلساق / اِلصاق } ع - لگانا - چپکانا +

اَلَست - ع - اشارہ ہے

باب الالف مع اللام

آل ۔ ع ۔ عربی میں مسند الیہ یا مضاف الیہ وغیرہ پر آتا ہے فارسی میں صرف بعض متاخرین بطور اہل عرب زبان میں تصرف کرکے لے آئے ہیں جیسے ذوالخورشید بن انا الیار ۔ التوید ۔ بوالہوس +

آل ۔ ع ۔ اولاد ۔ اور بیٹی (دختر) کی اولاد کو خصوصًا بولتے ہیں +

آل ۔ ف ۔ سرخ رنگ کا گھوڑا ۔ ایک قسم کی شراب لکڑی اور خیمہ بھی ہے ۔ ایک مرض بھی ہے جو بچہ جننے کے بعد عورتوں کو ہو جاتی ہے ۔ کسی درخت کی جڑیں بھی ہیں جنسے سرخ کپڑا رنگتے ہیں +

آل ۔ ت ۔ سرخ ۔ مہر بادشاہ +

آلا ۔ ع ۔ جان لے آگاہ ہو ۔ کلمہ تنبیہ کا ہے +

اِلا ۔ ع ۔ نعمت ۔ نیکی +

اِلا ۔ ع ۔ نہیں تو ۔ اگر نہ اور نہ +

آلات ۔ ع ۔ جمع ہے آلت کی کسی شے کے حصول کا ذریعہ اوزار ۔ ہتھیار +

اَلّان ۔ ف ۔ نام ایک ولایت کا ہے اور نام ایک محلہ کا بھی ہے +

الان ۔ ف ۔ ملک روس میں ایک شہر کا نام ہے

الآن ۔ ع ۔ اب ۔ الئون +

الی الآن ۔ ع ۔ ابتک ہنوز +

الاغ ۔ ت ۔ خر گدھا +

اُلاغ ۔ ع ۔ بیگار کی سواری ۔ قاصد ۔ گھوڑا ڈاک چوکی +

آلاف ۔ جمع ہے الف کی ہزارہا +

آلاف التحیۃ والسلام ۔ ع ۔ ہزاروں درود اور سلام +

الامان ۔ ع ۔ یہ کلمہ ہے جو بروقت نازل ہونے کسی حادثہ یا مصیبت کے بولا جاتا ہے +

آلا ۔ ع ۔ نعمتیں نیکیاں ۔ جمع ہے اِلا کی +

آلانی ۔ ف ۔ الان کا رہنے والا +

الٰہ ۔ ع ۔ خدائے تعالےٰ معبود +

اللّٰہ ۔ ع ۔ خدا کا اسم ذات ہے +

الٰہی ۔ ع ۔ اے میرے خدایا اے میرے معبود اور حکمت کے اقسام ثلاثہ میں سے ایک قسم کا نام ہے جیسے علم الٰہی کہتے ہیں +

الٰہیات ۔ ع ۔ علم الٰہی کے مسائل اور مباحث +

آلام ۔ ع ۔ جمع ہے الم کی دکھ مصیبت +

اللہ اکبر ۔ ع ۔ اللہ بہت بڑا ہے ۔ اذان کا ایک کلمہ ہے تعجب کے واسطے بھی بولا جاتا ہے ۔ شیراز کے پاس ایک پہاڑ بھی اسی نام سے موسوم ہے جس پر بے شمار اقسام کے پھول خود رو اُگتے ہیں اور ان کی بہار دیکھ کر آدمی بے اختیار اللہ اکبر کہہ اُٹھتا ہے اس پہاڑ سے نالا نکلتا ہے ۔ جو رکن آباد کے پاس سے گزرتا ہے +

اللہ اللہ ۔ ع ۔ اہل عرب ایسی جگہ بولتے ہیں جہاں کوئی ایسا کام یا ایسی بات کرے جو اس کے مناسب حال نہ ہو ۔ اہل فارس مقام تعجب میں استعمال کرتے ہیں +

آلایش ۔ ف ۔ آلودگی عیب ۔ گناہ ۔ گاری خیانت +

آلائیدن ۔ ف ۔ لتھڑنا ۔ لتھیڑنا +

اَلباب ۔ ع ۔ جمع ہے لُب کی عقلیں +

البادی اظلم ۔ ع ۔ ظلم میں پہل ۔ یا ابتدا یا پہل کرنے والا بڑا ظالم +

آلپ ۔ ت ۔ دلیر +

الپ ارسلان ۔ ت ۔ الپ (بمعنے دلیر) اور ارسلان بمعنے (شیر درندہ) سے مرکب ہے اس کے لفظی معنے شیر دلیر کے ہیں ۔ ایران کے خاندان سلجوقیہ میں دوسرا بادشاہ تھا ۔ تاتار ۔ ایران روم میں دس بارہ سال سلطنت کرکے ۴۶۵ ہجری میں مرگیا ۔ نظام الملک جس نے بغداد میں مدرسہ نظامیہ بنوایا ۔ اس کا وزیر تھا ۔ جلال الدین ملک شاہ جس کے نام سے تاریخ جلالی ایران مروج ہے اسی کا بیٹا تھا +

البتہ ۔ ع ۔ قطعی بے شک ۔ یہ لفظ مبالغہ اور تاکید کے لئے مستعمل ہوتا ہے +

اَلبُرز - ت - نام ایک پہاڑ نام ہے - جو ایران کے شمال میں - صُوبہ مازندران میں واقع ہے اور کوہ قاف کے ایک چوٹی کا نام بھی ہے +
اَلبِسَہ - ع - جمع ہے لباس کی +
اَلبقاءُ للملک المعبود - ع - ہمیشگی واسطے بادشاہ مستحق عبادت کے ہے - بقا اللہ ہی کو ہے +
آلت - ع - اوزار ہتھیار راچھ +
اِلتباس - ع - شبہ پڑنا شک پڑنا +
التثام - چومنا +
التجا - ع - آرزو کرنا آرزو +
التجاج - ع - لڑنا - جھگڑنا +
اِلتذاذ - ع - لذت پانا - مزہ اُٹھانا +
التزام - ع - لازم پکڑنا - ہاتھ گردن پہ مارنا +
التساق } ع - چپکنا کسی
التصاق } شے کا دوسری شے سے لپٹنا +
اِلتفات - ع - توجہ کرنا - مہربانی کرنا - توجہ میلان گوشۂ چشم سے دیکھنا +

اِلتقا - ع - ملنا - ملاقی ہونا - ملاقات کرنا +
التقاط - ع - چُننا - جمع کرنا کسی چیز کو +
التماس - ع - کچھ ڈھونڈنا تلاش کرنا - چاہنا +
اِلتماع - ع - چمکنا +
التمش - ت - آگے چلنے والی فوج ہراول - چھ کا عدد ہندوستان کے بادشاہوں میں تیسرے بادشاہ کا نام بھی ہے جس کا لقب شمس الدین ہے +
آل تمغا } ت - زمین یا جاگیر
آل طمغا } جو بادشاہوں کی طرف سے کسی کو ملے - فرمان شاہی - مُہر بادشاہی
التون - ت - زر سُرخ لونڈی - کنیزک +
اِلتوا - ع - لپیٹنا - مختصر کرنا کسی چیز کا +
اِلتہاب - ع - شعلہ بھڑکنا بھڑکنا آگ کا +
التیاع - ع - دل کی سوزش جو عشق کے باعث ہو +
التیام - ع - آپس میں ملنا - زخم کا بھرنا - ملنا گھاؤ کا +
اَلجہ - ت - لوٹ کا مال - مال غنیمت - غارت سے لیا ہوا اسباب اور ریشمی کپڑے

کی ایک قسم ہے +
اِلحاح - ع - گڑگڑانا - منت کرکے مانگنا +
اِلحاد - ع - حد سے گذر جانا ظلم کرنا - دین سے پھرنا ملحد ہوجانا +
اَلحاصل - ع - آخر کلام خلاصہ کلام کا حاصل کلام +
اِلحاق - ع - ملانا - ایک کو دوسرے سے لگا دینا +
اَلحال - ع - ابھی اسوقت +
اِلحان - ع - نغمہ - اچھی آواز سے پڑھنا یا گانا +
اَلحان - ع - گیت - آوازیں گانے کی +
اَلحریصُ محرُومٌ - حریص اور لالچی آدمی کامیابی سے محروم رہتا ہے +
اَلحمد - ع - قرآن مجید کی سب سے پہلی سورہ جس کا نام سورہ فاتحہ ہے اس کے سرے کا لفظ چونکہ الحمد ہے اس واسطے اس نام سے بھی مشہور ہے - اہل اسلام کے ہاں اس سورہ کو پڑھکر مردوں کو ثواب پہنچایا کرتے ہیں +
اَلحمدُ للّٰہ - ع - سب تعریف اللہ کیواسطے ہے کلمہ شکر کا ہے +
الخالق - ت - پوشاک جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں +
اَلخیرُ فیما وَقع - ع - بہتری اسی بات میں ہے

جو ہوچکی +
اَلَدّ - ع - بہت جھگڑنے والا +
اَلدُّ الخصام - ع - بڑا جھگڑالو - بہت جھگڑنے والا +
الدگز - ع - ایران کے اتابک بادشاہوں میں سے عراق و آذربیجان کا پہلا بادشاہ جو ۱۳ سال حکومت کرکے ۵۶۸ھ ہجری میں مرگیا - قزل ارسلان اسی کا بیٹا تھا +
اَلَذّ - ع - بہت بامزہ - بہت لذیذ +
اَلّذی لَم یُخلَق مِثلُہا فِی البِلادِ - ع - یہ قرآن شریف کی ایک آیت تیسویں سیپارہ میں شہر ارم کی تعریف میں واقع ہوئی ہے معنے اس کے یہ ہیں وہ شہر ایسا تھا جس کے مانند ملکوں میں نہیں پیدا کیا گیا +
اَلرَّجَبیل - ع - کوچ - آل تعریف کیلئے ہے +
اِلزام - ع - لازم کرنا - کسی بات کا کسی پر لگا دینا +
اَلزَم - ع - لازم تر - بہت لازم +
اَلسُن }
اَلسِنہ } ع - جمع لسان زبانیں +
اِلساق }
اِلصاق } ع - لگانا - چپکانا +
اَلَست - ع - اشارہ ہے

طرف آیت الست بربکم
کے جس کے معنے ہیں کیا
میں تمہارا پروردگار نہیں
ہوں الف استفہام کا ہے
اور لست صیغہ واحد متکلم کا
جب خدا وند تعالےٰ نے تمام
روحیں پیدا کرکے کھڑی کیں
تب یہ خطاب فرمایا سو
انہوں نے قالوا بلےٰ کہا
(بلیٰ) ہاں بے شک تو
ہمارا پروردگار ہے - وہ
دن روز میثاق یعنے پروردگار
کی الوہیت پر قول و اقرار
کا دن کہلاتا ہے ✤
اُلش - ت - جھوٹا کھانا
بچا ہوا طعام ✤
اَلطاف - ع - مہربانیان
جمع ہے لطف کی ✤
اَلطف - ع - بہت نازک
بہت پاکیزہ ✤
العافیۃ بالعافیہ - ع -
انجام بخیر ہو ✤
الغاز - ع - چیستان
اور پہیلیان جمع ہے -
لغز کی ✤
آلِ عبا - ع - صاحبان
گلیم - حضرت فاطمہ اور
حضرت علیؑ اور حسنینؑ سے
مراد ہے جن پر مباہلہ کے
روز پیغمبرؐ نے اپنا کمبل
اوڑھا دیا تھا ✤

اَلعَجل - ع - اصل میں
یوں تھا العجل العجل یعنے
بہت جلدی کر ✤
اَلعَطَش - ع - پیاس
پیاسا ہونا ✤
اَلعطش گفتن } ف -
اَلعطش زدن } اپنی
پیاس کا اظہار کرنا ✤
اُلُغ - ت - بزرگ - بڑا ✤
اَلغرض - ع - القصہ -
حاصل مطلب ✤
اَلغیاث - ع - فریاد
دُہائی ✤
اَلف - ع - ہزار ۱۰۰۰
دس سو ✤
اِلف } ع - خوگیر ہونا دوستی ✤
اُلف }
اِلف - ع - سخی آدمی
مرد بے زن - اور نام حرف
اول حروف تہجی کا
ہے ✤
اِلفاف - ع - آپس میں لپٹنا
پیچ در پیچ ہونا ✤
اَلفاف - ع - وہ درخت
جو آپس میں لپٹے ہوں پیچ
در پیچ درخت ✤
**اَلف بر خاک یا بر
زمین کشیدن** - ف -
شرمندہ ہونا - شرمندگی
اُٹھانا ✤
**اَلف بر خاک کسے
کشیدن** - ف - مذہب
امامیہ کی رسم کے مطابق
مردہ کو قبر میں دفنا کر سات
دفعہ سورۂ انزلنا پڑھنا
اور ہر بار قبر پر الف
کھینچنا ✤
اَلف قامتان - ف -
مژگان - بھویں اور نگاہ سے
کنایہ ہے ✤
الف کشیدن } ف
الف بر تن کشیدن }
رسم ولایت کے مطابق
ایام ماتم میں سینہ پر استرہ
مار کر الف کی صورت کے
نشان کر دینے ✤
اَلفت - ع - دوستی -
محبت خوگرفتگی ✤
اِلقا - ع - ڈالنا - دلپر
ایک بات کا ڈالنا ✤
اَلقاب - ع - خطاب
اور نام جو بادشاہ
یا کسی امیر کبیر کی
طرف سے دیا جاوے
اَلقادر باللہ - ع -
خلفائے عباسیہ میں
سے ایک خلیفہ تھا جس کا
نام احمد اور کنیت ابوالعباس
ہے - اس نے ۳۸۱ھ
سے ۴۲۲ھ تک سلطنت
کی سلطان محمود غزنوی
اس کا ہمعصر تھا ✤

اَلقان - ع - جھٹ
پٹ یاد کر لینا ✤
اَلقصہ - ع - حاصل کلام
حاصل مطلب ✤
القلوب تشہد - ع -
دل را بہ دل راہ است
دل کو دل سے راہ ہے
دل آپس میں ایک دوسرے
کے گواہ ہیں ✤
اُلکا - ہند - پرگنہ - زمین
مُلک - وطن ✤
اَلکَن - ع - توتلا ہکلا
جو صاف نہ بول سکے ✤
اُلکہ - ت - کشور
ولایت ✤
اِل - ع - پیمان - عہد
سوگند ✤
اَلم - ع - دُکھ غم
رنج ✤
اَلماس - ع - ہیرا -
مشہور قیمتی پتھر ہے -
تلوار خنجر - چاقو کے
کے معنے میں بھی مستعمل
ہے فولاد - جوہر دار ✤
الماس خجالت
- ع - شرمندگی کا
پینا ✤
**اَلماس دندان
شدن** - ف - نہایت
الحاح اور فروتنی کرنی
کمال عاجزی کرنی ✤

الماس رنگ - ف - تلوار کی تعریف میں واقع ہوتا ہے *

المضاعف - ع - دُگنا *

المعنی فی بطن الشاعر - ع - ایسے کلام کی نسبت بولا جاتا ہے۔ جس کے معنی اچھی طرح دریافت نہ ہو سکیں - بے معنے اور مہمل کلام کی نسبت بھی بولا جاتا ہے *

المعی - ع - وہ شخص جس کی رائے ہمیشہ ٹھیک ہو دانشمند آدمی *

النگ - ف - مورچال دیوار جو اپنی حفاظت اور قلعہ کے فتح کرنے کو بناتے ہیں *

النگ - ت - سبزہ زار - چمن زار *

الواث - ع - جمع ہے لوث کی - الائشین *

الواح - ع - جمع ہے لوح کی تختیاں - تختی *

اولوالعزم - ع - دیکھو اولوالعزم *

الوان - ع - جمع ہے لون کی - رنگھا - رنگا - رنگ *

الوچہ - ف - نام ایک مشہور میوہ کا ہے *

الوندا / اروند } ف - نواحی ہمدان میں ایک اونچے پہاڑ کا نام ہے جو کوہ البرز کی ایک مشہور چوٹی ہے *

آلودن - ف - لتھڑنا - آلودہ ہونا *

آلائیدن - ف - آلودہ کرنا *

آلودگی - ف - آلایش ناپاکی *

الوس - ف - بسبب غصہ یا نزاکت کے کن آنکھوں سے دیکھنا *

الوس / اُلس } ت - قوم انبوہ قبیلہ *

الوش - ت - بچا ہُوا کھانا اُمرا کا جو نوکر کھاتے ہیں *

الوف - ع - ہزارہا - جمع الف کی *

الوہیت - ع - خدائی خداوندی مستحق عبادت کا ہونا *

الویہ - ع - جمع لوا - جھنڈے *

الہاب - ع - بھڑکنا آگ کا - متواتر چمکنا بجلی کا *

الہام - ع - دلپر خدا کی طرف سے کچھ بات آنی *

اللّٰہُمَّ - ع - اے خدا اصل میں یہ لفظ یا اللہ تھا یا کو حذف کرکے اُس کی بجائے آخر میں میم مشدد مفتوح زیادہ کیا گیا *

الیم - ع - دردناک - دُکھ دینے والا *

الیہ - ع - سُرین - چوتڑ *

الیاس - ع - نام ایک پیغمبر کا ہے جو خضر علیہ السلام کے چچیرے بھائی ہیں اور ہمیشہ زندہ ہیں خشکی کی خدمت اُن کے سپرد ہے - جسطرح تری کی خدمت حضرت خضر علیہ السلام کو ہوئی ہے *

باب الالف مع میم

آم - ع - حرف تردید بمعنے یا تردید *

اُم - ع - مادر - ماں - مائی *

اَمَا - ع - لونڈی کنیزک *

اَمّا - ع - لیکن - مگر *

اِمّا - ع - یا کلمہ تردید کا ہے *

امابعد - ع - لفظ بعد مبنی علی الضم ہے اس کا مضاف الیہ اکثر حمد و نعت محذوف ہوتا ہے معنے اس کے یہ ہیں حمد و نعت کے بعد *

اماتت - ع - کسی کو ہلاک کر دینا - کسی کو مار ڈالنا *

اماثل - ع - مثلین - نظیرین - برابر کے لوگ جمع ہے امثل کی *

آماج - ت - تیر و تفنگ کا نشانہ - وہ جگہ جہاں پر تیر مارتے ہیں *

اماجد - ع - جمع امجد کی - بزرگ - بڑے رئیس *

آماجگاہ - ف - خاک تودہ جس پر تیروں کا نشان لگایا جاتا ہے مجازاً مراد سینہ نشین *

آمادن - ف - مہیا کرنا - آمادہ کرنا *

امارت - ع - امیر ہونا حکومت کرنا - حکم چلانا *

امارت - ع - وعدہ کی جائے - اور وقت اور نشان *

امارت نظام - ع -

امارت (بمعنی حکم چلانا)
اور نظام و نظامت (مجازاً
بمعنے علاقہ پرگنہ) سے
مرکب ہے پرگنہ کی حکومت
نام ایک عہدہ کا ہے۔
عہدہ دار امیر نظام کہلاتا
ہے *

آماس - ف - سوج
ورم *

آماسیدن - ف - سوجنا
ورم سے پھولنا *

آماق - ع - جمع اُمق آنکھوں
کے کونے *

اَماکن - ع - مکانات -
جمع مکان *

اَماکن شریفہ - ع -
بزرگ مکان - زیارت
گاہیں *

آمال - ع - امیدیں - جمع
ہے امل کی *

اِمالہ - ع - مائل کرنا اور
اصطلاح میں مائل کرنا
فتح کا طرف کسرہ کے
اس طرح کہ یائے مجہول
پیدا ہو جائے - جیسے کتاب
کتیب - حساب - حسیب
آزار - آزیر - آباد
آبید *

اَمام - ع - آگے - روبرو
سامنے *

اَمام - ع - پیشوا - بادشاہ
ہادی *

امام احمد غزالی - ع -
امام محمد غزالی کے چھوٹے
بھائی بڑے صوفی تھے
اُن کی تصانیف علم تصوف
میں بڑے رتبہ کی کتابیں
ہیں - ۵۱۵ھ ہجری میں فوت
ہوئے *

اِمامت - ع - پیشوائی *

امام مبین - ع - لوح
محفوظ سے مراد ہے *

اِمام ناطق - ع - امام
ناطق بحق - سچ بولنے
والا امام حضرت جعفر صادق
علیہ السلام سے مراد ہے *

اِمام محمد غزالی
اِمام مرشد غزالی
اِمام غزالی
ع - جنھیں حجت الاسلام
بھی کہتے ہیں غزالہ طوس
کی نواح میں ایک گاؤں
کا نام ہے وہاں کے رہنے
والے تھے بڑے فاضل
اور صوفی با صفا تھے -
بہت سی مفید اور دل
پسند کتابیں ان کی تصنیفات
سے موجود ہیں - جیسے
احیاء العلوم - جواہر
القرآن تفسیر یاقوت
التاویل چہل مجلد مشکوٰۃ
الانوار - کیمیائے سعادت
منہاج العابدین - زاد الآخرۃ
وغیرہ ۴۵۰ھ ہجری میں پیدا
ہوئے - اور ۵۰۵ھ ہجری
میں وفات پائی *

اِمامیہ - ع - شیعہ
لوگ جو سوائے بارہ
اماموں کے کسی کو صاحب
ولایت نہیں جانتے *

اُمّ الخبائث - ع -
ماں برائیوں کی شراب
سے مراد ہے *

اُمّ الرزائل - ع - جہل
نادانی *

اُمّ الصبیان - ع -
نام ایک دیو کا ہے جو بچوں
کو آسیب پہنچاتا ہے - طب
میں ایک بیماری جو مرگی
کے اقسام سے ہے جو بچوں
کو ہو جاتی ہے *

اُمّ العلوم - ع - علم صرف
سے مراد ہے *

اُمّ الفضائل - ع - علم *

اُمّ القریٰ - ع - مکہ معظمہ
سے مراد ہے *

اُمّ الکتاب - ع - سورۃ
فاتحہ سے مراد ہے قرآن
مجید اور لوح محفوظ
کے معنے میں بھی آیا ہے
آیات محکمات اور عقل
اول سے بھی کنایہ
ہے *

آمانچہ - ف - نام سپہ
سالار و افسر فوج
تیمور *

اَمان - ع - پناہ -
تکلیف نہ دینا - بیخوف
ہونا - امن بیخوفی *

اَمانت - ع - دھروڑ
کسی کی چیز حفاظت میں
رکھنی *

امانت گزار - ف -
امین یعنے وہ عہدہ دار
جس کی خدمت امانت
گزاری ہو - اور سرکاری
روپیہ پیسہ اس کے حوالہ
ہو *

اَمانی - ع - امیدیں
آرزوئیں - جمع ہے اُمنیہ
کی فارسی ترکیب امان
اور امانت سے منسوب
ہے *

اُمّت - ایک گروہ
جو تابع کسی پیغمبر کا ہو جیسے
مسلمان نصاریٰ یہود
وغیرہ *

امتثال - ع - حکم ماننا
داستان کہنا - تصور کرنا
کسی کی پیروی کرنا -
خون کا بدلہ لینا - کسی
سے مثل بیان
کرنا *

امتحان - ع - آزمانا
آزمائش مصیبت میں
ڈالنا *
امتداد - ع - دراز اور
کشیدہ ہونا - درازی -
امتزاج - ع - ملانا -
کئی چیزوں کا ملا دینا
آمیزش *
امتزاج کیمیائی - ع -
جب دو یا زیادہ اشیاء
جو کمیت و کیفیت میں مختلف
ہوں - اس طرح باہم آمیز
ہوں - کہ ان کے ملنے سے
ایک اور ہی شے کمیت و
کیفیت میں ان دونوں سے
بالکل مختلف پیدا ہوجائے
تو اس طرح کی آمیزش
کو اصطلاح علم کیمیا میں
امتزاج کیمیائی کہتے ہیں *
امۃ الدنیا - ع -
لونڈی دنیا کی طالب دنیا
سے مراد ہے *
امتصاص - ع -
چوسنا *
امتعہ - ع - جمع
متاع کی - پونجی اسباب
فروخت کا *
امتلا - ع - پُر ہونا
پیٹ بھرنا - ایک بیماری
شکم کی ہے - جو بد ہضمی
سے پیدا ہوتی ہے *

امتناع - ع - منع کرنا -
روکنا - روک *
امتناع تداخل - ع -
(دو دوسرے جسم کو اپنی
جگہ پر) داخل ہونے سے
روکنا - یہ ایک مادہ کی
خاصیت ہے - کہ ایک
ہی وقت میں ایک ہی
جگہ دو جسم نہیں سما
سکتے *
امتنان - ع - احسان رکھنا
کسی پر منت رکھنا *
امتیاز - ع - فرق کرنا
تمیز کرنا *
امثال - ع - جمع
مثل کی کہاوتیں *
امثلہ - ع - جمع مثل
مثالیں *
امجد - ع - بہت
بزرگ *
امجاد - ع - بڑے
بزرگ بڑے رئیس *
امداد - ع - مدد کرنا
مدد دینا *
آمد - ف - آیا - آمدنی
آمدن - ف - آنا *
آمدنی - ف - پیداوار
آمد *
آمد و شد } - ف -
آمد و رفت } آنا -
جانا *

آمر - ع - حکم کرنے
والا حاکم *
امر - ع - حکم جمع -
اس کی اوامر - امر بمعنے
کام جمع اس کی امور *
اُمرا - ع - جمع امیر
کی *
امراۃ - ع - عورت *
امراض - ع - جمع مرض
کی - بیماریاں *
امرد - ع - جس شخص
کی ابھی تک داڑھی موچھ
نہ نکلی ہو *
آمرزش - ف -
بخشایش - گناہ معاف
کرنا *
آمرزگار - ف - بخشنے
والا گناہ کا - خداوند
تعالے *
آمرزیدن - ف -
بخشنا - گناہ معاف
کرنا *
امر معروف - ع -
شریعت اسلامیہ کے
مشہور و معروف بھلے
کاموں کا حکم کرنا - جیسے
نماز روزہ - حج - زکوٰۃ
اور صدقہ - عید الاضحیٰ
قربانی وغیرہ *
امروز - ف -
آج کا دن - آج *

امرء القیس - ع -
نام ایک شاعر عرب کا
ہے - جو نہایت فصیح و بلیغ
تھا - اس نے سات نہایت
عمدہ قصیدے تیار کرکے
کعبہ کے دروازہ پر واسطے
جواب و معارضہ کے لٹکائے
تھے - قرآن شریف کی اس
آیت - وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ
وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ
الْمَاءُ الخ ” کے اترنے
سے اس کی فصاحت ختم
ہوگئی *
امزجہ - ع - جمع ہے -
مزاج کی *
امس - ع - شام وقت
شام کا *
امساس - ع - چھونا
مس کرنا *
امساک - ع - بند کرنا
روکنا - بخل کرنا *
امسال - ف - اب
کا سال - اب کی برس
اس سال *
امشب - ف - آج کی
رات - اس رات *
امصار - ع - جمع مصر کی
شہر *
امضا - ع - جاری
کرنا - حکم اجرا کا
دینا *

اَمطار - ع - جمع مطر کی مینہ *
اِمعان - ع - گہری نظر کرنا خوب سوچنا *
اَمعاء - ع - روده ہائے شکم پیٹ کی آنتیں *
اِم غیلان - ع - دیو دن کی یا درخت ببول درخت سمرد *
اِمکان - ع - ہو سکنا طاقت - قدرت - کسی شے کا عدم ووجود دونوں کا ضروری نہونا *
اَمکنہ - ع - جمع مکان کی *
اَمَل - ع - امید - آرزو *
املاح - ع - نمکین کرنا کسی شے کو *
اِملاق - ع - مفلسی - تنگی فقیری *
اَملاک - ع - جمع ملک کی *
اِملال - ع - دل گیر کرنا *
اِملاَ - ع - بھرنا - لکھنا شروع کرنا - رسم الخط حرفوں کا قاعدہ کے مطابق ملا کر لکھنا - عبارت ڈکٹیشن *
اُمَم - ع - جمع ہے اُمت کی *
آمن - ع - چین آرام صلح *
اُمناء - ع - جمع امین کی - جو امانت دار ہو *
اَمنیت - ع - بیخوف ہونا آرام پانا *
اُمنیت - ع - آرزو - امید امل *
آموختن - ف - سیکھنا سکھلانا *
اَموات - ع - مرے موئے مردے *
اَمواج - ع - جمع موج کی لہریں - موجیں *
آمودن - ف - بھرنا سنوارنا *
آموده - ف - سنوارا ہوا آراستہ *
اُمور - ع - جمع امر کی کام *
اُمّ وَلَد - ع - وہ لونڈی جس کے ہاں اس کے مالک سے کچھ اولاد ہو - مالک کو اپنی عین حیات میں ایسی لونڈی کے بیچنے کی اجازت نہیں اور اس کے مرنے کے بعد وہ خودبخود آزاد ہو جاتی ہے کسی کو ورثہ میں مل نہیں سکتی *
اُمورِ عامّۃ - ع - وہ چیزیں جن کی ذات عام ہو - اقسام موجودات من سے کسی ایک کے ساتھ مختص نہون *
آموزش - ف - سیکھنا اور سکھلانا *
آموزگار - ف - سکھلانے والا اُستاد - سیکھنے والا شاگرد *
آموزناک - ف - معلم - اُستاد *
آمون / آموے / آمویہ - ف - دریاے جیحون جو ترکستان کا ایک مشہور دریا ہے کوہ ہندوکش سے نکل کر جھیل ارال میں گرتا ہے *
اِمہال - ع - نرمی اور آہستگی دیر کرنا - تاخیر کرنا *
اُمہات - ع - جمع ہے اُم کی - ماں مادر *
امہات سفلی - ع - اربعہ عناصر زمین کے طبقے *
اُمّہات علوی - ع - علوم اور نفوس اور ارواح *
اُمّ ہانی - ع - ابو طالب کی بیٹی حضرت علی علیہ السلام کی حقیقی بہن کا نام ہے جو پیغمبر آخر زمان علیہ السلام کی چچیری بہن تھیں *
اُمّی - ع - منسوب بہ اُم وہ شخص جس کا باپ بچپن میں مر جاے اور ماں اُس کی پرورش کی متکفل ہو - اور وہ اس وجہ سے علم حاصل نہ کر سکے مجازاً وہ شخص جو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو اگرچہ باپ کی زندگی ہی میں جوان ہوا ہو - کنایہ ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے جن کے والدین کی بچپن میں ہی فوت ہو گئے اور تھوڑے دونوں بعد والدہ بھی سر سے گذر گئیں - اور آپ نے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا تھا *
آمیا - آمیان - ف - ف - ہمیان - نقدی رکھنے کی تھیلی *
امیال - ع - میل کی جمع ہے *
امیثال - ع - جمع ہے - میثل کی *
آمیختگی - ف - ملنا مخلوط ہونا *
آمیختن - ف - دو چیزوں کا آپس میں ملنا یا ملانا *
آمیختہ - ف - ملا ہوا مخلوط ملحق
امید اُمید - ف - توقع رجا

آرزو۔ آس *

امید بخش۔ ف۔ خدا *

امید راپے کردن۔ ف۔ ناامید کرنا *

امیدگاہ۔ ف۔ جائے امید جس پر امید ہو *

امیدوار۔ ف۔ جسے امید ہو آس رکھنے والا *

اَمیر۔ ع۔ حکم کرنے والا۔ رئیس سردار۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مراد ہوا کرتی ہے۔ اندنون افغانستان کے والی کا لقب ہے *

امیر آب حیوان۔ ف۔ حضرت خضر علیہ السلام *

امیر آخور۔ ف۔ داروغہ اصطبل *

امیر الامرا۔ ف۔ وزیر اعظم *

اَمیرُ الجیوش۔ ع۔ فوج کا اعلیٰ حاکم سپہ سالار *

اِمیرُ المومنین۔ ع۔ مسلمانوں کا سردار۔ مسلمانوں کا اعلیٰ دینی و دنیوی حاکم۔ خلیفۂ وقت *

امیرانہ۔ ف۔ امیروں کی طرح *

امیر بحر۔ ف۔ وہ حاکم جو سمندر پر متعین ہو اور محصول وغیرہ وصول کرے *

امیر حج۔ وہ شخص جو کسی قافلہ حجاج پر امیر ہو *

امیر داد۔ ف۔ عدالت کا حاکم مجسٹریٹ چیف جسٹس *

امیرزادہ۔ ف۔ امیر کا بیٹا *

امیر صاحب دلق امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ *

آمیز آمیزش۔ ف۔ ملاپ۔ دو چیزوں کا آپس میں ملجانا۔ جماع *

امیزہ آمیزہ۔ ف۔ ملا ہوا۔ آمیختہ۔ جماع مزاج و طبیعت بڈھا اور زخمی آدمی *

آمیزگاری۔ ف۔ ملاپ *

آمیزناک۔ ف۔ ملنے والا۔ میل ملاپ رکھنے والا *

آمیزیدن آمیزانیدن ف۔ ملنا۔ ملانا *

امی صادق امی گویا کلام ۔ ف۔ حضرت رسول خدا صلعم *

آمیغ۔ آمیغہ۔ ف۔ دو چیزوں کا باہم ملنا۔ مجامعت۔ مباشرت *

امیل۔ ع۔ ایک جگہ کا نام ہے ریتلا پہاڑ جو ایک دن کی مسافت کے برابر لمبا اور ایک کروہ چوڑا ریت کا ٹیلا *

امیلہ۔ ف۔ آملہ جو ہندوستان کا مشہور میوہ ہے *

امیم۔ ع۔ نیکو قد جسکا قد عمدہ ہو۔ وہ شخص جسکے دماغ کو ضرر پہنچا ہو *

اُمیمہ۔ ع۔ اُم کی تصغیر ہے پتھر جس سے سر توڑ ڈالیں لوڑھا کا ہتھوڑا۔ عورتوں کا نام بھی ہوتا ہے۔ چنانچہ بارہ صحابیہ کا نام ہے *

آمین۔ آمین آمین۔ ع۔ خدا کا نام۔ اسم فعل ہے۔ جسکے معنی ہیں اے خدا دعا کو قبول کر یا خدا ایسا ہی ہو۔ خدا یوں ہی کرے *

اَمین۔ ع۔ امانت دار۔ قابل اعتبار بیخوف بے ترس۔ محمد بن ہارون الرشید کا لقب ہے جسے الامین باللہ کہتے تھے۔ وہ ہارون کی وفات پر خلیفہ ہوا مگر مامون الرشید کے ساتھ ایفائے وعدہ نہ کیا اور اسکو تکلیف دی اس لئے دونوں میں جنگ ہوئی اور آخر کار ۱۹۸ھ ہجری میں قید ہوکر مارا گیا *

امین الملة یمین الدولہ ۔ ع۔ مذہب کا امین اور دولت کی قوت۔ سلطان محمود غزنوی کا لقب ہے *

اُمیّہ۔ ع۔ تصغیر ہے امتہ (کنیزک) کی۔ ایک عورت کا نام بھی ہے۔ معاویہ کے باپ ابو سفیان کے دادے کا نام ہے جسکے نام پر بنی امیہ عرب کا ایک مشہور قبیلہ ہے۔ جو مدتوں مختلف ممالک پر حکمران رہا ہے *

باب الالف مع النون

آن۔ ف۔ ژند و پاژند کی لغت میں بمعنے مادر۔ مان فارسی میں بمعنے وہ۔ وہ شخص ملکیت۔ انداز۔ کسی لفظ کے اخیر میں فاعلیت کے واسطے بھی آتا ہے جیسے افتان۔ خیزان *

آن۔ ع۔ وقت۔ لمحہ۔ لحظہ *

اَنّ اِنّ ع۔ تحقیق۔ درست ہو *

اِن۔ ع۔ اگر۔ جو *

اَنا ع۔ ہم۔ ہم لوگ *

اِنا۔ ع۔ وقت *

آنا۔ ت۔ ماں۔ مادر *

آنا۔ ع۔ جمع ہے۔ انو کی جسکے معنے ہیں رات کا کچھ حصہ۔ اور انی کی جمع بھی ہے جس کے معنے ہیں سارا دن *

اِنا۔ ع۔ برتن۔ ظرف۔ آوند *

اِناء انائث انات ع۔ دیر۔ درنگ باز داشت *

اناب۔ ع۔ مشک۔ ایک قسم کا عطر ہے *

انابت۔ ع۔ توبہ کرنا۔ دعا مانگنا۔ خدا کی طرف راجع ہونا۔ بڑے کاموں سے ہٹے رہنا قائم مقامی *

انابیب۔ ع۔ پوریاں جمع انبوبہ کی *

اِناث۔ ع۔ جمع ہے اُنثیٰ کی عورتیں چھوٹے ستارے بیجان چیزیں *

اناجیر۔ ع۔ جمع ہے انجار کی *

اناجیل - ع - جمع ہے انجیل کی +
اِناختہ - ع - اونٹ کا لٹانا اونٹ کا اونٹنی کو جفتی کھانے کے لئے لٹانا +
انادِر - ع - جمع ہے اندر کی +
انارف - ایک مشہور درخت ہے جس کا پھل بھی اسی نام سے مشہور ہے +
انارالله برہانہ - ع - خدا اسکی دلیل کو روشن کرے +
انارالله مضجعہ - ع - اس کی خواب گاہ یا قبر کو روشن کرے +
انارت - ع - روشن کرنا روشن ہونا - درخت کا پھول لانا - ظاہر ہونا - خوب رو ہونا +
انارستان - ف - جہان انار ہوں - انار کا باغ +
انارفرہاد - ف - کہتے ہیں کہ جب فرہاد نے شیرین کے مرنے کی خبر کوہ بیستون پر سنی تو تیشہ اپنے سر پر مار کر مر رہا - تیشے کا دستہ انار کی لکڑی کا تھا - خدا کی قدرت سے وہ لکڑی سبز ہو گئی اور انار کا درخت بنگیا - چنانچہ وہ درخت وہاں ہے اس کا پھل توڑیں تو اندر سے جلے ہوئے دانے نکلتے ہیں +
انارگیرا - انارگیوا - ف - غلاف خشخاش خشخاش کا ڈوڈا خشخاش +
انارمشک - ف - سرخ رنگ سنہری مائل ایک تخم ہے جو ہندوستان میں ہوتا ہے اور عربی میں اسے رمان مصری کہتے ہیں +
انارببین - ف - وہ انار جس پر چالیس دفعہ نوروز کے دن سورۂ یٰسین پڑھیں کہتے ہیں - جو شخص ایسا سارا انار کھا جائے سال بھر بیماری سے بچا رہتا ہے +
اُناس - اناسِم - ع - آدمی - مردم +
اِناسہ - ع - ہلانا +
اناسی - اناسی - ع - جمع ہے انسی کی - جس کے معنے ہیں آدمی ضد وحشی - کمان کی وہ طرف جدھر کمان کھینچنے والے کا منہ ہو +
اناصہ - ع - ارادہ کرنا +
اناصی - ع - جمع ہے نصیبہ کے یعنے آدمی یا سنور جو اور دو سے بہتر اور برگزیدہ +
انصیب - ع - وہ نشان جو سڑک پر پتھر وغیرہ سے مسافت کی مقدار معلوم کرنے کے لئے بنا دیتے ہیں ایک جگہ کا نام بھی ہے +
اناطیطس اناغاطس ی - ایک سیاہ رنگ کا دانہ ہے جسے عورتوں کو جننے کے وقت آگ پر رکھکر اس کا دھواں پہنچاتے ہیں جس سے جننے میں آسانی ہوتی ہے +
اناغلس - ی - مرزنجوش دونا - مروا +
آناف - ع - جمع ہے انف کی +
انام - آنام - ع - مخلوقات جن وانس کی قسم کی خلق الله دنیا کے لوگ +
انامل - ع - جمع ہے انملہ کی انگلیوں کے سرے - انگلیاں +
آنان - ف - وہ لوگ - جمع ہے آن کی +
آنانیت - ع - میں پن ہمنا خودی +
اناہید - ف - ستارہ زہرہ ناہید کا مزید علیہ +
انبا - ف - ادنجان بینگن +
انبا - ع - جمع ہے بناء کی یعنے خبر - آگاہی +
انبا - ع - خبر دینی +
انبات - ع - گھاس کا اگنا اور اگانا +
انباج - ع - ایسی بات کہنی جس کا مطلب صاف معلوم نہ ہو - ٹیلے پر بیٹھنا +
انباح - ع - کتے کو بھونکانا +
انباخون - ف - حصار قلعہ محکم اور مضبوط جگہ +
آنبار - ف - بھرنا - پُر ہونا ڈھیر - تودہ - گھر اور دیوار وغیرہ کا گر جانا - کھات - تالاب +
انبار - ع - انبار کرنا اکٹھا کرنا +
اِنبار - ف - ابن بار کا مخفف ہے +
انبارخانہ - ف - مسئود گدام - جہان اسباب اکٹھا کیا جائے +
انبارہ گی - ف - بھر تا پُری بہتات - نعمت کا بہت ہونا +
انباردن - ف - بھرنا - پُر کرنا - پاٹنا - ڈھیر کرنا +
انبارش - ف - حشو - جس سے کسی کھو کھلی چیز کو بھر دیں +
انباز - انبازناک - ف - شریک - رفیق - ہمتا - برابر کا ساتھی +
انبازی - ف - شراکت - ساجھا - ساتھی پن +
انباشتن انباشتن - ف - بھرنا - پُر کرنا پاٹنا ڈھیر کرنا +
انباغ - ف - سوکن - سوت +

ابنان ۔ ابنانہ ۔ ف ۔ ادھوڑی ۔ چمڑا ✦
ابنان باد ۔ ف ۔ وہ ابنان جسے ہوا سے بھر دیا ہو ۔ دھونکنی آدمی کے پیٹ ✦
ابنان لقط ۔ ف ۔ چرمی حقہ جسے لفظ یا بارود سے بھر کر آگ دے کر دشمنوں کی طرف پھینکیں ✦
انبج ۔ مب ۔ انبہ کا معرب ہے ✦
انبر انبُور ۔ ف ۔ کلوب سنڈاسی سنسی ✦
انبروت ۔ ف ۔ امرود جو مشہور میوہ ہے ✦
انبرہ ۔ انبرہ ۔ ف ۔ ہر چیز جس کے بال گر گئے ہوں ۔ خصوصاً اونٹ ۔ پانی ڈھونے والا اونٹ اور گھوڑا دہ کوہ ۔ اوجھ معدہ شکنبہ ✦
انبساط ۔ ع ۔ خوشی ۔ کھلنا ۔ پھیلنا ۔ خوش ہونا ✦
انبعاث ۔ ع ۔ دوڑنا ۔ نکلنا چلنا ✦
اُنبوب ۔ ف ۔ فرش ۔ بساط ✦
انبوب ۔ ع ۔ پوری ۔ سرکنڈے کا دو گانٹھوں کا درمیانی حصہ ۔ کھوکھلا ۔ سرکنڈہ وغیرہ نلی ✦
اُنبوبہ ۔ ع ۔ ماشورہ ٹونٹی ✦
انبوبہ ۔ ع ۔ انبوب ۔ پہاڑ کے اندر کا راستہ درختوں میں کا راستہ ۔ روش ۔ بلند زمین

انبودن ۔ ف ۔ ڈھیر لگانا ایک دوسرے پر چن دینا ✦
انبودن ۔ ف ۔ اصل کائنات آفرینش ✦
انبوسیدن ۔ ف ۔ ظاہر ہونا ✦
انبوہ ۔ انبہ ۔ ف ۔ ہجوم ۔ گروہ ۔ پُر ۔ مملو ۔ بھرا ہوا ۔ دیوار کا گرنا ۔ بھنات ۔ دیلمان کے نواح میں ایک پہاڑ پر اِس نام کا ایک گاؤں بھی ہے جہاں کی شراب مشہور ہے ✦
انبہ ۔ ف ۔ آم کا درخت ✦
انبوییدن ۔ ف ۔ سونگھنا ✦
اَنبیر ۔ ف ۔ خشک یا تر مٹی بھرنا پُر کرنا ✦
انبیس ۔ ف ۔ صاف کیے ہوئے دالوں کا ڈھیر ✦
انبیا ۔ ع ۔ جمع نبی کی ✦
اَنت ۔ ف ۔ تجھکو ۔ تحسین کا کلمہ بھی ہے ✦
اَنتَ ۔ ع ۔ تو ایک مرد ✦
اَنتِ ۔ ع ۔ تو ایک عورت ✦
اَنتاج ۔ ع ۔ گھوڑی اور اونٹنی کے جننے کا وقت آپہنچنا اسکے حمل کا ظاہر ہونا ✦
انتباد ۔ نچوڑنا ۔ الگ ہوجانا نبیذ بنانا لڑائی میں طرفین کا بیچ و تاب کھانا ✦
انتباس ۔ ع ۔ ننگا کرنا کفن چرانا ✦

انتباہ ۔ ع ۔ مطلع ہونا ۔ خبردار ہونا
انتثار ۔ ع ۔ پراگندہ ہونا ۔ ناک میں پانی ڈالنا ناک میں پانی ڈال کر سُنکنا ✦
انتحال ۔ ع ۔ کسی اور کا کلام یا شعر اپنی تصنیف سے ظاہر کرنا ✦
انتخاب ۔ ع ۔ چُننا ۔ پسند کرنا ✦
انتدا ۔ ع ۔ مجلس میں جمع ہونا ✦
انتذار ۔ ع ۔ کسی چیز کو اپنے اوپر واجب کرنا کسی سے عہد کرنا ✦
انتزاع ۔ ع ۔ چھوڑنا ۔ اُکھڑنا اُکھیڑنا ✦
اِنتساب ۔ ع ۔ نسبت کرنا لگاؤ کرنا ۔ لگاؤ ✦
اِنتساخ ۔ ع ۔ نسخہ لینا ۔ لکھنا ۔ زائل کرنا ✦
اِنتساق ۔ ع ۔ انتظام ہونا اور کرنا ✦
اِنتسال ۔ ع ۔ بیٹا پیدا ہونا ✦
اِنتسام ۔ ع ۔ خوشبو سونگھنا خوشبو آنا ✦
انتشار ۔ ع ۔ پھیلنا ۔ پراگندہ ہونا ✦
اِنتشاص ۔ ع ۔ کسی درخت کو جڑ سے اُکھیڑنا ✦
اِنتشال ۔ ع ۔ ہانڈی میں سے کفگیر بغیر گوشت نکالنا ✦
اِنتشا ۔ ع ۔ مست ہونا خوشبو سونگھنا

اِنتصاب ۔ ع ۔ کسی کام کرنے کو مستعد ہوجانا ۔ کھڑا ہونا ۔ کسی حرف پر نصب (فتح) آنا ✦
اِنتصاح ۔ ع ۔ نصیحت قبول کرنا
انتصار ۔ ع ۔ انصاف پانا ✦
اِنتصاف ۔ ع ۔ انصاف پانا عورت کا سر پر اوڑھنی لینا ۔ نصف کو پہنچنا ۔ تیر کا شکار کو لگنا ✦
اِنتصال ۔ ع ۔ تیر کے پیکان کا نکل جانا ✦
اِنتطاح ۔ ع ۔ گلے اور مینڈھے وغیرہ کا سینگ مارنا ✦
اِنتظار ۔ ع ۔ راہ دیکھنا اُڈیکنا ✦
اِنتظام ۔ ع ۔ بندوبست سلسلہ وار ہونا مروارید کا اور کام کا تمام ہونا ✦
اِنتعات ۔ ع ۔ صفت کرنا تعریف کرنا
انتعاث ۔ ع ۔ کسی چیز کو پکڑنا ✦
اِنتعاش ۔ ع ۔ بلند ہونا ۔ اُٹھنا ۔ بیماری سے تندرست ہونا ۔ فارسی میں بمعنے عیش و عشرت کرنا ✦
انتغاف ۔ ع ۔ سوار کا نظر آنا ۔ سوار کا بلند جگہ پر چڑھنا ✦
اِنتعال ۔ ع ۔ نعل باندھنے پیادہ چلنا ۔ سخت زمین میں بیچ بونا ۔ سخت زمین پر چلنا ✦
اِنتفا ۔ ع ۔ نفی ہونا ۔ کھویا جانا نہونا ✦

انتفاع - ع - فائدہ پانا نفع اٹھانا ✦
انتقا - ع - چھٹنا - پڑیوں میں سے مغز نکالنا ✦
انتقاد - ع - نقد لینا - کھوٹے ناؤں سے الگ کرنا لڑکے کا جوان ہونا ✦
انتقا - ع - پاؤں سے کانٹے نکالنا نقاش کو نگین نقش کرنے کا حکم دینا - چن لینا - کانٹوں دار زمین پر اونٹ کا چلنا ✦
انتقاض - ع - نقض عہد - عہد کا وفا نہ کرنا - رسی کے بل کھول دینا یا دیوار کو گرا دینا ✦
انتقال - ع - ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا مر جانا - اصطلاح علم جبر مقابلہ میں مساوات میں سے کسی مقدار کو ایک طرف سے دوسری طرف علامت بدل کرکے جانا ✦
انتقام - ع - بدلا لینا - بغض نکالنا خفگی کرنا ✦
انتکاس - ع - الٹ جانا - الٹنا ✦
انتکاف - ع - عار جاننا ✦
انتم - ع - تم سب مرد ✦
انتما - ع - تم دو مرد یا عورتیں ✦
انتما - ع - کسی سے لگاؤ کرنا باز کا جگہ بہ جگہ اڑنا - زیادہ ہونا ✦
انتن - ع - تم سب عورتیں ✦

انتہا - ع - انجام - اخیر ✦
انتہاب - ع - لوٹنا - غارت کرنا ✦
انتہار - ع - سرزنش کرنا - رگ کے لہو کا بند نہ ہونا - پیٹ چلنا ✦
انتہاز - ع - فرصت پانا غنیمت سمجھنا - قابو پانا - بری طرح ہنسنا - بری طرح بہت ہنسنا ✦
انتہاس - ع - کھڑا ہونا - کوچ کرنا ✦
انتہاض - کھڑا ہونا کوچ کرنا ✦
انثار - ع - کسی کو نیزہ مار کر اس سے خون نکالنا کسی کو ناک کے بل گرانا ناک میں سے جو کچھ اس میں ہو باہر نکالنا ناک میں پانی ڈالنا ✦
انثے - ع - مادہ ✦
انثیان انثیین - ع - ہر دو خایہ ✦
آنجا - ف - اس جگہ وہاں ✦
انجا - ع - چھوڑانا - درخت کو کاٹنا اور کٹوانا پوست اتارنا آسمان کا کھل جانا میوہ کا پک جانا پسینا آنا - ظاہر کرنا پلیدی کرنا - یادنا ✦
انجاح - ع - مطلب پورا کرنا مراد برلانی ✦
انجار - ع - بام خانہ ✦
انجاز - ع - حاجت کا برلانا وعدے کو وفا کرنا ✦
انجاس - ع - پلید کرنا - نجس کرنا اور بفتح جمع ہے نجاست کی ✦
انجاع - ع - گھاس کا چوپائے

میں اثر پیدا کرنا نصیحت کا آدمی میں اثر کرنا ✦
انجال - ع - چوپائے کو جلدی چلانا - زمین کا سبز ہونا ✦
انجام - ف - آخر - انت ✦
انجام - ع - نکلنا طلوع ہونا بادلوں سے آسمان کا صاف ہو جانا ✦
انجامیدن - انجام ہونا پورا ہونا ✦
انجذاب - ع - جذب کرنا - کھینچنا ✦
انجس - ع - پلید تر - بہت پلید ✦
انجل - ع - فراخ چشم ✦
انجم - ف - نجم کی جمع ہے ✦
انجم افشردن - ف - محکم اور مضبوط کرنا ✦
انجم روز انجم سوز - ف - سورج
انجمن - ف - مجلس - محفل گروہ - فوج ✦
انجمن کہکشان - ف - کہکشان ✦
آنچہ - ف - جو کچھ ✦
آنچنان - ف - اس طرح ✦
انجیدن ف - چھاسنا کرنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ✦
انجیدگان ف - زخمیاں ✦
انجیر - انجیرہ - ف - مشہور میوہ ہے - مقعد کا سوراخ
انجیل - ف - مژدہ خوشخبری

وہ آسمانی کتاب جو حضرت عیسٰے پر نازل ہوئی ✦
انحا - نحو کی جمع ہے ✦
انحا - ع - یک طرف کرنا - ہٹا دینا پیش آنا - معترض ہونا ✦
انحداب - ع - کبڑا پن ✦
انحراف - ع - پھر جانا - حکم عدولی کرنا کجروی - نافرمانی ✦
انحصار - ع - گھیر لینا - احاطہ کرنا ✦
انحطاط - ع - اترنا - کسی چیز کا کمی کی طرف راجع ہونا نرخ کا اتر جانا ✦
انحلال - ع - کشادہ ہونا ✦
انحنا - ع - کبڑا ہونا - ٹیڑھا ہونا ✦
انخراط - ع - جماعت میں جانا کسی چیز میں گھسنا سوئی میں تاگا پرونا پھیلا جانا - کسی پاس اسکی برائی کہتے ہوئے آنا - باریک اور لاغر ہونا ✦
انخراق - ع - پھٹ جانا ✦
انخفاض - ع - گرنا نشیب میں گرنا ✦
انخلاع - ع - اکھیڑنا ✦
انخلال - ع - تباہی بربادی ✦
اند - ف - کے گنتا تین سے نو تک کے نامعلوم شمار کے لئے بھی بولا جاتا ہے - پندرہ ہزار سال - بلٹھی کا درخت شک سے یا تعجب سے بات کہنی - شکر

گزارش - امید - امیدواری -
اَنداف کنگل - کنگل کرنے والا -
غنیمت - صلوا کا خواب -
اَنداء شبنم -
اَنداچہ ف فکر - اندیشہ -
اَنداختن ف ڈالنا - پھینکنا -
اَنداد ع نِدّ کی جمع ہے -
اَنداز ف سرگذشت - افسانہ
اِنداز ع ڈالنا - پھینکنا -
اَنداز ف ڈال - ڈول - وضع -
قصد اور ارادہ کرنا - قیاس -
اندازہ -
اَندازہ ف ہر چیز کا پیمانہ - قیاس
کرنا - قدرت - قوت -
اَندام ف بدن - جسم - باانتظام
کام - زیبا - زیبائی - ادب وآداب -
قاعدہ وروش - گھر کی
فضا -
اَندائی ف خوش اسلوب
کپڑا جو بدن پر درست
آجائے -
اَنداوہ - انداید ف کگمالہ -
اَندایش ف کہگل کرنا - قلعی کرنا -
اَندایشگر ف کہگل کرنے والا - راج -
اَندایشیدن ف کہگل کرنا -
اَندباغ ع چمڑے کا پختہ ہوجانا -
اَندرپت ہ اندرپت کا مخفف ہے -
جو دہلی کا ایک نام ہے دہلی سے
باہر جنوب مشرق کو اس نام کا
ایک پرانا قلعہ ہے -
اَندر ف درمیان - بیچ -

اَندر ع خرمن - کھلیان -
اَندراب ف بدخشان میں ایک
شہر ہے -
اَندراج ع داخل ہونا - درج کرنا -
اَندراس ع پرانا ہوجانا -
اَندران ف اس میں ایک قسم کی گوندہے -
اَندرباے - اندربایست ف ضروری
حاجت -
اَندرخور - اندرخوار - اندرخورد -
اَندرخورند ف لایق - زیبا -
اَندرخوردن ف لایق ہونا - سزاوار
ہونا - زیبا ہونا -
اَندرز ف پند نصیحت - حکایت - وصیت
اَندرگاہان ف درمیانی وقت -
اَندرو - اندرواژ - اندرواہ اندرواى
ف سرگشتہ - حیران - آرزومند - اُلٹا - سرنگون
اَندرورد ع ایک قسم کی چھوٹی تلوار ہے -
اَندرون ف اندر - درمیان - بیچ -
اَندرون ع ہر قسم کے جوان جو شراب
پینے کو جمع ہوں -
اَندرون رفتن ف داخل ہونا - اندرجانا -
اَندرونہ ف تختہ - قمیص -
اَندرونی ف اندر کا - درمیانی -
اَندرہست ف جنگلی زعفران -
اَندری ع سخت اور موٹی رسی -
اَندریمان ف ایک تورانی پہلوان
کا نام ہے جو افراسیاب کے زمانے
میں جنگ دوازدہ رخ میں گرگین کے
ہاتھ سے قتل ہوا -
اَندفاع ع دور ہونا -
اَندک ف تھوڑا -

اَندگان ف اندجان جو ترکستان میں
ایک مشہور شہر ہے اور فرغانہ کا
پایۂ تخت ہے -
اَندکے ف تھوڑا تھوڑا سا -
اُندلس ف ملک سپین - ہسپانیہ -
اِندماج ع کسی چیز میں آنا - مدور ہونا -
اَندمال ع زخم بھرنا -
اَندوختن ف جمع کرنا - جوڑنا -
اکٹھا کرنا - قرض ادا کرنا -
اَندودن ف لیپنا - پوتنا - ملمع کرنا -
اَندون ف اس جگہ - اس طرح - وہاں -
اَندوہ - اندہ ف غم -
اَندوہگین - اندوہناک ف غمگین -
رنجیدہ -
اَندیدن ف تعجب کرنا - شک اور
آہستگی سے بات کرنا -
اَندیش ف سوچ - فکر کرنا -
اَندیشمند - اندیشناک - اندیشہ ناک
اندیشہ مند - اندیشہ گار ف فکرمند -
غمگین - متردد -
اَندیشہ ف فکر - سوچ - خوف - ڈر -
اَندیشہ گاری - اندیشیدگی - سوچ
فکر - تردد -
اَندیشیدن ف سوچنا - بچارنا - فکر کرنا -
اَندیک ف بروزن نزدیک کلمۂ تمنا
کا ہے معنی اسکے امید آرزو کے ہیں -
اِنذار ع ڈرانا - نصیحت کرنا -
اِنزال ع اُترنا - اُتارنا - منی کا مرد
سے جدا ہونا -
اِنزجار ع ہٹ جانا - پلٹ جانا -
اِنزمام ع بندھا ہوا ہونا -

اِنزوا ع گوشہ نشینی - کونہ میں بیٹھنا -
اَنس ع آدمی - انسان -
اُنس ع خوگیر ہونا - الفت محبت - پیار -
اَنس ع پیغمبر آخرالزمان کے ایک
صحابی کا نام ہے جو بیس برس کی عمر
میں مسلمان ہوا اور دس برس تک
برابر آنحضرت کی خدمت میں رہا -
جس قدر حدیثیں اس سے منقول ہیں
ابوہریرہ کے سوا اور کسی صحابی سے منقول
نہیں ۹۹ھ ہجری میں فوت ہوا اس
کی عمر ایک سو تین برس کی تھی -
آنسا ع جمع انیس کی -
اَنساب ع جمع ہے نسب کی -
اِنساق ع قاعدہ اور دستور باندھنا -
اَنساق ع جمع نسق کی ہے - قاعدے - دستور -
اَنسال ع جمع ہے نسل کی -
اِنسان ع آدمی - پتلی -
اِنسان عین ع پتلی آنکھ کی -
اِنسانیت ع آدمیت - بھلمنسائی -
اَنسب ع بہت مناسب -
اِنسباک گل جانا سونے چاندی
وغیرہ کا کٹھالی میں -
اِنسجام ع آنسو اور پانی کا جاری ہونا -
اِنسداد ع بند ہوجانا راہ کا -
اِنسکاب ع پانی کا گرنا - بہت سا رونا -
اِنسلاب ع گم اور نیست ہوجانا
اِنسلاک ع پرونا - موتیوں وغیرہ کا تاگے میں -
اِنشا ع عبارت لکھنا - کوئی بات دل
سے پیدا کرنی - پیدا کرنا - شروع کرنا -
اصطلاح علم منطق میں وہ کلام جس میں
صدق و کذب کا احتمال نہ ہو اور ایک علم کا بھی

اِنْشَاد ع شعر پڑھنا۔

اِنْشَاد سرایے ف شعر خوانی۔

اِنْشَار ع زندہ کرنا۔ پیدا کرنا۔

اِنْشِرَاح ع کھلنا۔ کشادہ ہونا۔

اَنْصَار ع مددگار لوگ۔ جمع ناصر کی پیغمبر کے اصحاب میں سے ایک گروہ جس نے آنحضرت کی ہجرت کے وقت مدینہ میں اُن کی مدد کی۔

اِنْصَاف ع نیاؤ چکانا۔ دو ٹکڑے کرنا۔ عدل کرنا۔

اِنْصِبَاب ع گرنا۔ ٹپکنا کسی مائع شئے کا۔

اِنْصِبَاغ ع رنگین ہونا۔ رنگا جانا۔

اِنْصِدَاع ع پھٹ جانا۔ شق ہونا۔

اِنْصِرَاف ع پھرنا۔ پلٹنا۔ واپس ہونا۔ مراجعت۔ انقلاب۔

اِنْصِرَام ع انجام کو پہنچانا۔ انتظام کرنا۔

اِنْضَاج ع پختہ کرنا۔ خلط و مادہ و زخم کا کمال پر پہنچانا میوہ کا۔ اور اصطلاح اطبا میں غلیظ کرنا خلط رقیق کا اور رقیق کرنا خلط غلیظ کا۔

اِنْضِبَاط ع مضبوطی کرنا۔ ضبط کرنا۔

اِنْضِبَاطِ اوقات ع ضبط کرنا وقتوں کا خاص خاص کاموں کے لئے۔

اِنْضِغَاط ع گھٹنا دینا۔ دب جانا۔

اِنْضِمَام ع جمع ہونا۔ پیوند ہونا۔ وصل ہونا۔

اِنْطَاکِیَہ ع ملک شام میں بحرِ روم کے کنارے پر ایک شہر ہے جس کی شہر پناہ کا دور ۱۲ میل کا ہے حضرت یحییٰ بن زکریا عم کی قبر وہیں ہے۔

اِنْطِبَاع ع نقش ہونا۔ ثبت ہونا۔

اِنْطِبَاق ع منطبق ہونا۔ آپس میں ملنا

اِنْطِفَا ع بجھ جانا۔ افسردہ ہونا۔

اِنْطِوَا ع لپیٹا جانا کاغذ وغیرہ کا۔

اَنْظَار ع جمع ہے نظر کی۔

اِنْظِام ع آہستہ اور مرتب کرنا۔

اِنْعَام ع نعمت دینا۔ تحفہ دینا۔ زیادہ ہونا۔

اَنْعَام ع چار پایے۔ نعم کی جمع ہے اور قرآن مجید کے ایک سورہ کا نام ہے۔

اِنْعِدَام ع نابود کرنا۔ معدوم کرنا۔

اِنْعِطَاف ع خم پکڑنا۔ ٹیڑھا ہونا واپس آنا۔ پھرنا۔

اِنْعِقَاد ع بندھنا۔ منعقد ہونا۔

اِنْعِکَاس ع الٹنا اور نمودار ہونا عکس شئے کا کسی شفاف چیز جیسے شیشہ یا پانی وغیرہ سے۔

اِنْغِرَاس ع پیدا ہونا اور سرسبز ہونا درخت کا۔

اِنْغِمَاس ع پانی میں جانا۔ دریا میں جانا۔

اِنْغِلَاق ع بند ہونا دروازہ کا۔

اِنْغِمَام ع غمگین ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

اَنْف ع ناک۔ بینی۔

اِنْفَاذ ع گذار دینا۔ چلانا کام کا۔ اجرا سے فرمان۔ بھیجنا۔ تلوار اور خنجر کا کسی شئے پر گذارنا۔

اَنْفَاس ع جمع ہے نفس کی۔ سانس۔ دم۔

اِنْفَاق ع نفقہ دینا۔ رزق دینا۔ خرچ کرنا۔

اَنْفَال ع جمع ہے نفل کی۔ مال غنیمتوں کا جو کفار سے اخذ کیا جائے ایک سورۂ کلام اللہ کا نام بھی ہے۔

اِنْفِتَاح ع کھلنا۔ کشادہ ہونا۔

اِنْفِجَار ع پھوٹنا۔ چشمہ پھوٹکر بہنا۔ دنبل سے پیپ کا جاری ہونا۔

اِنْفِرَاد ع اکیلا ہونا۔ تنہا ہونا۔

اَنْفُس ع جمع نفس کی جس کے معنے روح اور ذات کے ہیں۔ پس عالم انفس سے عالم ارواح اور عالم باطنی مراد ہے۔

اِنْفِصَال ع جدا کرنا۔ فیصل کرنا۔

اِنْفِصَام ع ٹوٹنا۔ شکستہ ہونا۔

اِنْفِطَار ع ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پیدا کرنا۔

اَنْفَع ع بہت فائدہ مند۔

اِنْفِعَال ع شرمندہ ہونا کسی شے کا اثر قبول کرنا۔

اِنْفِکَاک ع جدا ہونا۔ آزاد ہونا۔ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔

اَنْقَاب ع جمع ہے نقب کی سوراخ سرنگ اور یہ لفظ نقاب کی بھی جمع ہے۔

اَنْقَاس ع جمع ہے نقس کی جس کے معنے لکھنے کی سیاہی ہے۔

اِنْقَاص ع بہا کم کرنا۔

اِنْقَاص ع کم کرنا۔ ناقص کرنا۔

اِنْقِبَاض ع سکڑنا۔ کھنچنا۔

اِنْقِرَاض ع کاٹا جانا۔ آخر ہونا۔ مدت کا جو مقرر ہو۔

اِنْقِسَام ع منقسم ہونا۔ حصہ حصہ ہونا۔

اَنْقَص ع ناقص تر۔ کمتر۔ بہت گھٹا کر۔

اِنْقِصَام ع ٹوٹ جانا۔ ٹوٹ کر جدا ہو جانا۔

اِنْقِضَا ع گزرنا۔ پورا ہونا۔

اِنْقِطَاع ع کٹ جانا۔ منقطع ہونا۔

اِنْقِلَاب ع پھرنا۔ حالت کا بدلنا۔ دورِ زمانہ کا الٹ پلٹ۔ رجعت ستاروں کی۔

اِنْقِلَاع ع اکھڑ جانا۔

اِنْقِیَاد ع تابع ہونا۔ فرمانبرداری فروتنی۔

اِنْکَار ع نہ ماننا۔

اَنْگَار ف خیال کر۔ سمجھ۔ معلوم کر۔

اَنْگَارْدَن ف خیال کرنا۔ معلوم کرنا۔

اَنْگَارَہ ف نقش ناتمام۔ نقشہ۔ ڈول تصویر کی۔ ہر چیز ناتمام۔ کہانی۔ افسانہ۔ حساب کا دفتر۔

اَنْگَاشْتَن ف اٹکلنا۔ معلوم کرنا سمجھنا۔ جاننا۔

اَنْگَاہ ف اس وقت۔

اَنْگبِین ف شہد۔ عسل۔

اَنْگُشْتَر ف انگشتری۔ انگلی کا چھلا۔

اِنْکِسَار ع شکستہ ہونا۔ شکستگی۔ عاجزی۔

اِنْکِسَاف ع سورج کو گہن لگنا۔ کسوف ہونا۔

اِنْکِشَاف ع کھولنا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا۔

اَنْگُشْت ف کوٹلا جس کو جلاتے ہیں۔

اَنْگُشْت ف انگلی۔ اصبع۔

اَنْگُشْتَانَہ ف درزی لوگ جو انگلی پر چمڑے یا دھات کا خول بنا کر سوتے ہیں۔

اَنْگُشْت بدندان رہنا دل ف متعجب اور حیران ہونا۔

انگشت بدندان گزیدن } ف تاسف و
انگشت بدندان گرفتن } پشیمانی کرنا
انگشت برآتش زدن ف خلاف عقل کرنا۔
انگشت برجبین نہادن ف سلام کرنا۔
انگشت برچشم نہادن ف مان لینا۔
قبول کرنا۔
انگشت برحرف کسے نہادن ف
کسی کا عیب پکڑنا۔ عیب گیری کرنا۔
انگشت برلب گرفتن } ف تعجب ہونا۔
انگشت برلب نہادن } حیران رہنا۔
انگشت برلب کسے زدن ف کسی کو گونگا
کرنا کسی کو کلام کرنے سے منع کرنا۔
انگشت برکسے خائیدن ف تنبیہ
اور تہدید کرنا۔
انگشت پیچیدن ف گننا۔ شمار کرنا۔
انگشت پیچ ف عہد و پیمان دستاویز۔
انگشت تعجب بدندان بودن ف
تعجب اور حیرت ہونی۔
انگشت حیرت بدندان گرفتن ف
متعجب اور متحیر ہونا۔
انگشت در دہان ماندن ف افسوس کرنا۔
انگشت درچشم کردن ف مزاحمت
اور بغض کرنا۔
انگشت در سوراخ کژدم یا مار
کردن ف جان بوجھ کر اپنے تئیں
معرض ہلاکت میں ڈالنا۔

انگشتر } ف انگوٹھی
انگشتری }
انگشترین }

انگشتر زنہار ف وہ انگوٹھی جو بڑے
بڑے قاہر پادشاہ کسی شخص کو امان
اور پناہ دینے کے وقت واسطے تصدیق
اس امر کے دیتے ہیں۔
انگشت زنہار ف مغلوب کا غالب
کے سامنے انگشت شہادت کا اٹھانا۔
انگشت شہادت ف سبابہ۔ مسبحہ
انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔
انگشت کوچک ف خنصر۔
انگشت کش } م مشہور۔ متعارف شدہ۔
انگشت نما } ف عیب ناک۔
انگشت نر ف انگوٹھا۔
انگشت نیل کشیدن ف ترک کرنا
چھوڑ دینا۔ رسوا ہونا۔ پریشان ہونا
فقر و فاقہ سے۔
انگشت نیل بر خان و مان
کشیدن ف گھر بار تباہ کرنا۔
انگشتو ف ٹکڑے روٹی کے گھی اور
شکر میں ملے ہوئے۔
انگلیش الف انگلش۔ زبان
انگلش۔ انگریزی۔ زبان
انگریزی۔
انگور ف نام میوہ کا ہے۔
انگوریہ ف جسے عموریہ بھی کہتے ہیں
روم کا ایک شہر ہے۔ جس کا معرب
انقرہ ہے۔ خلیفہ معتصم وہیں فوت
ہوا تھا۔
انگوزہ }
انگژد } ف ہینگ
انگوژہ }
انگہ ف اس وقت

انگہ ف اتا۔ دایہ۔ مرضعہ۔ وہ عورت جو
بچے کو دودھ پلانے کے واسطے رکھی جائے
انگیانوت ایک شخص کا نام ہے جو سعد
بن زنگی کے وقت میں حاکم ایران تھا۔
انگیختن ف اٹھانا۔ بھڑکانا۔ اکسانا۔
اَنْمُلَہ ع سرانگشت۔ انامل اسکی جمع ہے
انموذج سب نمودہ کا ہے۔ جو
نمودن مصدر سے اسم مفعول کا
صیغہ ہے۔ بمعنی نمونہ و نمودار۔ فارسی
میں مجازاً اندک کے معنے میں بھی آتا
ہے۔
اَنناس ف نام ایک میوہ کا
ہے جو فرنگستان کے بندرگاہوں میں
پیدا ہوتا ہے۔
انوار ع جمع ہے نور کی۔ بمعنے روشنیاں
نیز جمع ہے نور کی۔ کلیاں۔ شگوفے۔
انواع ع جمع نوع کی۔ اقسام۔ نوعین۔
انوثیت ع عورت ہونا۔ مادہ ہونا۔
انوشہ } خورم خوشحال۔ شہزادہ جسکی
نوشہ } و نوجوان۔ داماد وہ شخص جسکی
شادی نئی ہوئی ہو۔ مرحبا۔ شاباش۔
اِنْہا ع خبر دینی۔ مطلع کرنا۔
اَنْہار ع جمع ہے نہر کی۔
اِنْہِدام ع ڈھا دینا۔ ڈھہ جانا۔
اِنْہِلاک ع اپنے تئیں تہلکہ میں ڈالنا۔
انہلال ع زور سے مینہ پڑنا۔ آنسو کا
بہنا۔
انہماک ع کسی کام میں نہایت
کوشش کرنا۔
اِنَّ ہٰذَا الْیَوْمُ عَسِیرٌ ع بیشک آج
کا دن بہت سخت ہے۔

اِنْہِزام ع شکست کھانا۔ شکستہ ہونا۔
انیران ف دیو یا سے مجہول۔ ہر شمسی
مہینے کے تیسویں دن کا نام ہے۔
انیس ع دوست۔ محبت کرنے والا۔
انس کرنے والا۔ غمخوار۔ ہمدم۔
انیق ع خوب۔ عجیب۔
انیقہ ع عجیب۔ نادر۔ انوکھا۔ خوش آیند۔
انین ع رونا۔ نالہ۔

باب الالف مع الواو

اُو ف وہ شخص۔ اکثر ذوالعقول کے
لئے آتا ہے۔
آو ف مبدل ہے آب کا۔ پانی۔
آو ف مخفف ہے آواز کا۔
اواخر ع جمع ہے آخر کی۔
پچھلے حصے۔
آوارجہ ف بہی۔ دفتر کی کتاب۔ رجسٹر
آوارجہ نگار ف وہ شخص جو سلطنت
ماتحت کے دفتروں کا حساب
کتاب رکھے۔ اور جمع اور پڑتال
کرے۔ محاسب۔
آوارہ ف بیہودہ۔ جس کا کوئی
ٹھکانا نہ ہو۔ مفقود۔ جدا۔ ویران۔
ظلم۔ تکلیف۔
آوسطے ع گیدڑ۔ مخفف ہے ابن آوی کا۔
آوارہ ف دفتر حساب۔
آوارگی ف بیسروسامانی۔ بیہودگی۔
آواز ف ٹکرانا دو شے کا۔ بول منہ کا۔ اور
علم طبیعیات کے رو سے اجسام کے آگے پیچھے
کی لرزشی حرکت سے جو ایک احساس پیدا

ہوا کے کانوں پر پہنچتی ہے۔

آواز کردن / آواز کشیدن } ف طلب کرنا۔ بلانا

آواز گرفتن ف گرفتگی آواز کی

آواز نشستن ف بیٹھ جانا آواز کا

آوازہ ف صیت۔ شہرت۔ ناموری۔

آواز چیزے شکستن ف اس کا محو اور ناپدید کرنا۔

آواز چیزے نشستن ف اس کا محو اور ناپدید کرنا۔ ہو جانا۔

آوازہ شدن / آوازہ گشتن / آوازہ افتادن } ف مشہور ہونا۔

اَوَاسِط ع جمع ہے وسط کی۔ درمیانی حصہ۔

اَوَامِر ع جمع امر۔ احکام۔

آوان ع وقت۔ لمحے۔ لحظے۔ جمع ہے آن کی۔

آوانی ع جمع آنیہ کی جو اِنا بمعنے برتن کے جمع ہے۔ برتن۔ ظروف۔

آواہ ع گریہ وزاری سے دعا کہنے والا۔ مومن۔ آہ کرنے والا وہ شخص جسے زبان سے کہنے کی حاجت نہ ہو۔ جو کچھ کرے دل سے کرے۔

اَوَائِل ع جمع اول کی۔ شروع کے حصے ابتدا کے اجزا۔ جیسے اوائل سال۔ سال کا ابتدائی حصہ (زمانہ) اواسط سال سال کے بیچ کا زمانہ۔ اواخر سال۔ سال کا آخری زمانہ۔

اوباریدن ف نگل جانا کسی شے کا حلق میں

اَوباش ع جمع بوش۔ کچے شہدے۔ رند۔ بد معاش۔ ف یہ لفظ واحد کے معنی میں مستعمل ہے۔

اوتاد ع جمع وتد کی میخیں اور ایک قسم کے اولیاء اللہ کو بھی اوتاد کہتے ہیں۔ جو تمام جہان میں کل چار ہوتے ہیں۔

اَوتار ع جمع ہے وتر کی۔ ساز کی تاریں۔

اوتاق / اوتاغ } ت گھر حجرہ۔

اوتراق ت مقام کرنا۔ ٹھہرنا۔

اوتوپ ت گذشتہ۔ گزرا ہوا۔

اَوثان ع جمع وثن کی۔ بت۔

اَوثق ع محکم تر۔ بہت مضبوط۔

اَوج معرب ہے اوگ کا۔ بلندی۔

اوج سروف ایک نغمے کا نام ہے۔

اوج مریخ ع برج اسد سے مراد ہے

اوجاع ع جمع ہے وجع کی۔ درد۔ دکھ

اوجاغ / اوجاق } ت دیگدان۔ چولہا۔

اَوجال ع جمع وجل۔ خوف۔ ڈر۔

اوجان ف ایران کے صوبہ آذربائیجان میں ایک چھوٹا سا قصبہ ہے۔

اَوجب ع واجب تر۔

اَوحد ع یگانہ۔ یکتا۔

اوحی ف ایک شاعر کا تخلص ہے۔

آوَخ ف آہ۔ افسوس قسمت نصیب۔

اَوِدّا ع جمع ہے ودید کی۔ دوست رکھنے والے۔

اَوداج ع جمع ہے وداج کی گردن کی رگیں۔

اودھ۔ ملک ہندوستان میں ایک ملک کا نام ہے لکھنؤ اس کا بڑا شہر ہے۔

آوُرد ف چچا۔ بھائی باپ کا۔

اَوراد ع جمع ورد کی۔ وظیفہ ہر روز جو تھوڑا سا قرآن وغیرہ پڑھا جائے۔

اوراق ع جمع ہے ورق کی۔

اورام ع جمع ہے ورم کی۔

اورچہ ف نام ایک قصبہ کا ہے۔

آورد ف حملہ۔ لڑائی اور آوردن کا ماضی مطلق۔

آوردگاہ ف میدان جنگ۔ مصاف۔

آوردن ف لانا۔ حملہ کرنا۔ لڑائی کرنا

آوردہ ع جمع ہے ورید کی۔ رگیں۔

آورشلیم ف بحیرہ روم کے کنارے پر مشہور شہر ہے۔ جس میں بیت المقدس واقع ہے۔

آورند ف تخت۔ دبدبہ۔ مکر و حیلہ۔

اورنگ ف تخت شاہی۔ عقل و دانش۔ فریب و حیلہ۔ اور نام ایک کرم کا ہے۔ جسے دیمک کہتے ہیں۔

اورنگ خورشید شورانیدن ف محال کام کرنا۔ لغو حرکت کرنی۔

اورق ع خاکستری رنگ کا اونٹ مطلق۔ اونٹ۔ سانڈنی۔

آورق ت آبادی۔ ازدحام۔ انبوہ۔

اَورک ف وہ رسی جو کسی جشن یا عید کی تقریب میں کسی درخت وغیرہ کی ٹہنی میں لٹکا کر لڑکے اس پر بیٹھتے ہیں۔ اور ہوا میں جھولتے ہیں پنجابی کھم نوٹ۔

اَورمزد ف ہر شمسی مہینے کا پہلا دن اور نام ستارہ مشتری کا ہے۔

اَورہ ف رضائی یا قبا کا اوپر کا کپڑا جسے ابرہ بھی کہتے ہیں۔

آوریدن ف حملہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔

اَوز ع مرغابی۔

اَوزار ف ہتھیار۔ کام کرنے کا ہتھیار گرم مصالح۔

اَوزار ع جمع وزر۔ گناہ۔

اَوزان ع جمع وزن۔ بوجھ۔ باٹ۔

اوزم / ازم } ت انگور

اوژن ف صیغہ امر کا ہے۔ اور ژندیدن سے جس کے معنے ہیں۔ گرا دینا۔ مار ڈالنا۔

اوزبک ت ترکوں کی ایک مشہور قوم کا نام ہے۔ یہ لفظ اوزی (وہ گروہ جو کسی سے نہ دبے) اور بیگ (سردار رئیس) سے مرکب ہے) اس کے معنے ہیں کسی سے نہ دبنے والے رئیس امرائے خود مختار۔

آوس ع عرب کے ایک قبیلہ کا نام ہے اور معنے (امید۔ عطا۔ عوض۔ گرگ درندہ) بھی آیا ہے اور آن حضرت کے ایک صحابی کا نام ہے جو حسان بن ثابت کا بھائی تھا۔

اَوساخ ع جمع ہے وسخ کی جس کے معنے چکنا ہٹ اور میل کے ہیں۔

اَوستاخ ع گستاخ۔

اَوسط ع درمیان والا۔ بیچ والا۔
اوسط قضایا ع حد اوسط سے مراد ہے قیاس کے صغریٰ اور کبریٰ قضیئے میں مکرر لفظ آتا ہے۔
اَوش ف فرغانہ کی ولایت میں چین اور سمرقند کے مابین ایک قصبہ کا نام ہے۔
اَوشاق ت بچہ۔ امرد۔
اَوشنگ ف الگنی۔ وہ رسّی جس سے کپڑے اور خوشہ انگور وغیرہ کے لٹکاتے ہیں پنجابی۔ ٹنگنا۔
اَوصاف ع جمع وصف کی صفتیں تعریفیں۔
اَوصِیاء ع جمع ہے وصی کی۔
اوضاع ع جمع وضع کی۔ ڈھنگ
اوطار ع جمع وطر کی۔ حاجتیں۔
اوطان ع جمع ہے وطن کی۔
اوعیہ ع جمع وعا کی۔ برتن۔ آوند۔ ظرف۔
اَوغاف ہوا۔ باد۔ ریح۔
اَوغول ت لڑکا۔ مجازاً محبوب معشوق
اوغلی ت منسوب بہ اوغلان جو اوزبکوں میں سے ایک قوم کا نام ہے۔ اس کا لڑکا بھی اس لفظ کے معنے ہیں۔
اوفتادن ف گر پڑنا۔ اتفاق پڑنا۔ اور پڑنا۔
اوفر ع بہت ہی۔ نہایت ہی۔
اَوفق ع بہت موافق۔ زیادہ موافق۔
اَوقات ع جمع وقت کی۔
اَوقاف ع وہ مال جو وقف کئے جائیں۔
اَوقیہ ع ۴۰ درم کا وزن ہے سات مثقال ½ ا سیر۔
آوقیانوس ی یونانی لفظ ہے اس کے معنے مطلق دریائے محیط یا سمندر کے ہیں۔ خاص کر نام اس بحر کا ہے جو بر اعظم یورپ اور افریقہ کے مغرب کی طرف اور بر اعظم امریکہ کے مشرق کی سمت ہے اسے بحر ظلمات اور بحر اٹلانٹک بھی کہتے ہیں۔
اَوّل ع پہلا۔ سرے۔
اُوَل ع جمع ہے اولے کی۔
آوَل ت اس کے ساتھ۔
اَوّل شب ف ترکیب اضافی بفک اضافت۔
اَوّل قنُوت ع صبح کاذب سے مراد ہے۔
اَولیٰ ع بہتر۔ سب سے اچھا۔
اُولیٰ ع پہلی عورت۔ پہلی چیز۔
اُولی ع واو غیر ملفوظ ہے۔ بمعنے خداوندان۔
اُولیٰ تر ف سب سے بہتر۔
اَولاد ع نسل۔ بیٹا۔ بیٹی۔ مازندران کے ایک دیو کا نام ہے جس کو رستم نے مازندران فتح کر کے دیدیا تھا۔
اولنگ ت سبزہ زار۔ مرغزار۔
اُولُوالالباب ع صاحبان دانش دانا لوگ۔
اُولُوالابصار ع صاحبان بینش بینا لوگ۔
اُولُوالامر ع صاحبان حکم۔ حکم والے حاکم لوگ۔
اُولُوالعزم ع صاحبان عزم۔ وہ پانچ پیغمبر جن کے آنے سے اگلے دین منسوخ ہوگئے یعنے نوحؑ۔ ابراہیمؑ موسےٰؑ۔ عیسےٰؑ۔ محمدؐ۔ بقول بعض اِن نو پیغمبروں سے مراد ہے جن پر خدا کی طرف سے بڑی بڑی مصیبتیں اور بلائیں نازل ہوئیں۔ اور وہ ہر حال میں رضائے الٰہی پر شاکر صابر رہے نوحؑ۔ ابراہیمؑ۔ داؤدؑ۔ یعقوبؑ۔ یوسفؑ۔ ایوبؑ۔ موسےٰؑ۔ عیسےٰؑ۔ محمد علیہم الصلوٰۃ والسلام۔
اُولِی اَجنِحہ ع صاحبان بازو۔ پروالے فرشتوں سے مراد ہے۔
اَولِیا ع جمع ولی کی بمعنے مالک۔ دوست۔ صاحب۔ مددگار۔
اَولیائے دولت ع دولت (سلطنت) کے مددگار امراء وزرا سے مراد ہے۔
اوّلین ع پہلا۔
اوّلین ع پہلے لوگ۔
اوّلین نقش ف قضا و قدر سے مراد ہے۔
آوند ف اصل میں آب وند تھا۔ پانی ڈالنے کا برتن۔ باسن۔ اور مکر و فریب کے معنی میں بھی آیا ہے۔
آوِنہ ع جمع آوان کی۔ وقتہا۔
آوہ ف آہ۔
اَوہام ع جمع ہے وہم کی۔
اَوہَنُ البُیُوت ع نہایت بودا گھر۔ سب سے سست گھر۔
آویختن ف لٹکنا۔ لٹکانا۔
آویز ف لٹکا۔
آویزش ف لٹکاؤ۔ لٹک۔
آویزہ ف لٹکا ہوا۔ اور ایک قسم کا زیور ہے جو کان میں پہنتے ہیں۔ گوشوارہ۔
آویزگان ف خواصیں معشوق دلبر۔
آویژہ ف خالص۔ خاصہ۔ پاکیزہ شراب انگوری۔
اُویس ع بھیڑیا۔ اور نام ایک ولی کامل کا ہے جو ۳۶ھ ہجری میں جنگ صفین میں شہید ہوئے۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے رفیقوں میں تھے۔ آنحضرت کے وقت میں تھے۔ مگر اپنی والدہ ضعیفہ کی خدمت میں رہنے کے سبب باریاب ملازمت نہ ہوئے اور چونکہ یمن کے قصبہ قرن سے تھے۔ اُویس قرنی کہلائے جاتے ہیں۔
اُویماق ت (بواو غیر ملفوظہ) قبیلہ۔ تیار۔

باب الالف مع ہائے ہوز

آہ ف ہائے افسوس۔
اہل ادب ع اہل علم۔ عالم۔ زباندان
اہلاً وسہلاً ومرحباً ع اہل عرب جب کوئی مسافر راہ دور سے آئے۔ تو یہ کلمے بولتے ہیں۔
اہل سجیہ ف رند۔ خراباتی۔
آہا ف خوشی اور انبساط کا کلمہ ہے۔
اِہاب ع حیوان کا بے دباغت چمڑا۔ چمڑا۔
آہِ آتشیں ف گرم آہ۔ دردناک آہ۔

آہار } وہ نشاستہ جو پکا کر کاغذ پر لگاتے
آہار } ہیں۔ کلف۔ ماوا پنجابی میں مایہ۔
اَہَالی ع جمع اہل۔ اشراف ۔ ملک
صاحبان۔ کام والے لوگ ۔
اہانت ع بُرا جاننا۔ نفرت کرنا۔ ذلیل
سمجھنا۔
اُہُت ع ساز۔ یراق۔ بعض کتابوں
میں اُہتی بھی مستعمل ہوا ہے جس کی
یا یائے تعظیم ہے یا غلط۔
اہتدا ع راہ پر لانا۔ ہدایت کرنا۔
اہتزاز ع گھاس کا بڑھنا۔ ہلنا اور
خوش ہو کر ہلنا اونٹ کا ساربان
سے۔ اور ستارہ چمکنا۔ اور خوشی اور
غمخواری۔ خوشحال ہونا کھلنا۔
اِہتمام ع غمگین ہونا۔ غمخواری کوشش
کرنی۔ سعی بندوبست۔ انتظام۔
اہدا ع تحفہ بھیجنا۔
اَہرام مصری ع مصر کے مثلث نما
چوپہل مینار جو دریائے نیل سے
پانچ میل کے فاصلہ پر واقع ہیں۔
ان میں سے ایک مینار دنیا کے سات
عجائبات میں شمار ہوتا ہے ۔
اَہرامن ف شیطان۔ سانپ کا بڑا اور
موٹا پھن ۔
اَہرمن } مجوسیوں کے اعتقاد میں
اَہریمن } ف دو خدا ہیں۔ ایک خالق
اَہرمن } خیر دوسرا خالق شر خالق
خیر کو یزدان اور خالق شر کو اہرمن
کہتے ہیں۔ شیطان۔
آہ سرد ف سرد آہ۔ ٹھنڈی سانس
وہ آہ جو سبب دلخواہ راز کے افشا کے
خوف سے بلند آواز کے ساتھ دل
کے جوش سے نکالیں ۔
آہستہ ف ہولا۔ دھیما۔
اَہَک ف چونا۔ قلعی ۔
اَہل ع گھر کے لوگ۔ لائق۔ صاحب
مالک۔ مہذب۔ شائستہ۔ بیاہا جانا۔
اہلاک ع ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا۔
اَہل حرم ع گھر والیاں ۔
اَہل خانہ ف گھر کی بیویاں ۔
اَہل دردن ف مقرب الٰہی۔ خواص محرم
اسرار ۔
اَہل دعوے ع اہل دنیا سے مراد ہے جو ظاہر
پر نظر رکھتے ہیں۔ اور حقیقت سے ناواقف ہیں
اَہل ذمہ ع وہ کافر جو بادشاہ اسلام
کے مطیع ہوں۔ رعیت۔
اَہل رائے ع دانشمند۔ صاحب علم۔
اَہل رزم ف جنگی آدمی۔ سپاہی ۔
اَہل شناخت ف صاحب تمیز
سمجھدار۔
اَہل شوکت ع قدرت والا۔
دبدبہ والا ۔
اَہل صورت ع اہل دنیا۔ جو اشیا کو
صرف ظاہری نظر سے دیکھتے ہیں۔
اور ان کی باطنی حقیقت سے ناواقف
ہیں ۔
اَہل فراش ع بستر ہی پر رہنے والا
بیمار سے مراد ہے۔
اَہل قیاس ع حکما سے مراد ہے۔
جو اشیاء کی حقیقت قیاس اور دلیل
سے ثابت کرتے ہیں۔
اَہلّہ ع جمع ہے ہلال کی نئے چاند۔
اَہلیت ع لیاقت۔ شرافت۔
اہل تیاق ع چوکیدار پاسبان۔
اہلیلج معرب ہے ہلیلہ کا
اَہلیہ جورو۔ بیوی۔ گھر کی عورت۔
اَہَم ف بہت سخت اندوہ میں
ڈالنے والا۔ اصطلاحاً بہت ضروری
بہت مشکل۔
اِہمال ع بے معنے چھوڑنا۔ بے مطلب
چھوڑ دینا۔ توقف کرنا۔ دیر لگانی۔
اِہتمام ع غمگین ہونا۔
آہن ف لوہا۔ تلوار۔ شمشیر۔
آہن انداختن ف الگ کر دینا
بند اور زنجیر کا۔
آہن جان } سخت جان۔ جفا
آہنین جان } ف کش محنت کش۔
آہنین جگر } بہادر۔ دلیر۔
آہیج ف عزم۔ ارادہ۔ ابتدا۔ اندازہ
آہن دلی ف سخت دلی۔
آہن ربا ف سنگ مقناطیس سے
مراد ہے جو لوہے کو اپنی طرف کشش
کرتا ہے۔
آہن سرد کوفتن } بیہودہ کام کرنا بیفائدہ
آہن افسردہ کوفتن } کوشش کرنی۔
آہنگ ف موزون ہونا ساز و آواز
کا۔ راگ۔ وقت۔ قصد۔ ارادہ۔ توجہ۔
نیت۔ شتاب۔ تعجیل۔ کنارے صف اور
حوض وغیرہ کے طرز۔ روش قاعدہ قانون
صف آدمیوں کی۔ قطار جانوروں
کی ۔
آہنگ حجازی ف حجاز کی الاپ۔
حجاز بارہ راگوں میں ایک راگ کا نام ہے۔
آہنگ دور ف آواز بلند۔
آہنگر ف لوہار۔
آہنگ سازی ف الاپنا۔ گانا۔
آہنوخوشی ف (خ پر فتحہ۔ اور واو
معدولہ) اہل حرفت۔ پیشہ ور لوگ۔
شاہ جمشید نے اپنی کل رعیت کو چار
حصوں پر تقسیم کر رکھا تھا۔ پہلے کاتوزی
یعنی پجاری اور گوشہ نشین لوگ۔
دوسرے نیساری یعنی سپاہی لوگ۔
تیسرے نسودی یعنے کاشتکار لوگ
چوتھے اہتوخوشی یعنے پیشہ ور لوگ۔ اور
یہ تقسیم ایسی ہی ہے جیسے ہندوں
میں چار ذاتیں یعنے برہمن۔ چھتری۔
ویش۔ شودر قرار دی گئی ہیں ۔
آہنی } ف لوہے کی چیز۔
آہنین }
آہنین چنگال ف وہ شخص جس کا پنجہ
لوہے جیسا سخت اور مضبوط ہو
بہادر آدمی۔
آہنین راہ ف دشوار گذار رستہ
وہ رستہ جس سے بمشکل گذر سکیں۔
آہو ف ہرن۔ غزال۔ عیب۔ اونچی آواز
فریاد۔ دمہ کی بیماری۔ معشوق کی
آنکھوں اور معشوق سے بھی مراد ہے۔
آہوئے تر ف سیاہ و سفید بادل
سے مراد ہے ۔
آہو پرستی ف شکار کی محبت۔
شکار کا شوق ۔
آہو بچہ ف ہرن کا بچہ۔
آہوئے حرم ف وہ ہرن جو کہ
جنگل میں چرے اور اس کا شکار

حرام ہے۔ اور حرم کی مشرق کو ۶ کروہ اور جنوب کو ۱۲ کروہ۔ اور مغرب کو ۱۸ کروہ اور شمال کو ۲۴ کروہ تک حرم کی حد ہے۔

آہوے خاوری / آہوے ختن / آہوے زرین / آہوے فلک } ف آفتاب سے مراد ہے۔

آہو گرفتن ف عیب پکڑنا۔

آہوا ع خواہشیں نفس کی۔

آہواز ف خوزستان میں ایک شہر کا نام ہے جس کی آب و ہوا ایسی گرم اور خراب ہے کہ جو آدمی وہاں رہے بہت جلد اس کی عقل میں نقصان آجاتا ہے وہاں بچھو وغیرہ حشرات کثرت سے پیدا ہوتے ہیں اور اسی وجہ سے اب وہ شہر بیرونق ہوگیا ہے۔

آہوال ع جمع ہے ہول کی۔ وہشت۔ ڈر۔

آہوج ع احمق و شتاب کار۔ موٹا آدمی۔

آہون ع بہت آسان۔

آہون ف نقب۔ سوراخ رخنہ۔

آہویہ ع جمع ہوا کی۔ خواہشیں۔

آہیختن ف لٹکانا۔ تلوار کھینچنا۔

باب الالف مع یاے تحتانی

ای / اے } ف کلمہ ندا کا ہے۔

آیا ف بمعنی اے کلمہ ندا کا ہے حسرت اور افسوس کے مقام میں بھی بولا جاتا ہے۔

آیا ف کلمہ افسوس کا ہے۔ استفہام اور استعجاب کے لئے بھی آتا ہے۔

ایاب ع بازگشت۔ رجوع۔

آیات ع جمع ہے آیت کی نشانی فقرہ کسی کتاب آسمانی کا۔ درس

آیات متشابہ ع وہ آیتیں جن کے معنے صاف نہ ہوں اور ان میں بہت سے معنوں کا احتمال ہو۔ جیسے یہ آیت الرحمٰن علی العرش استوا ہے۔

آیات محکمات ع وہ آیتیں جن کے معنے صاف اور کھلے ہوں اور اُن میں تاویل کی ضرورت نہ ہو۔

ایارج ع ایک مرکب دوائی ہے جو مسہل اور منقی دماغ ہے۔

آیار ف رومی مہینوں میں سے ایک مہینے کا نام ہے جو بہار کی تیسرے مہینے (جیٹھ) سے ملتا ہوا ہے۔ اور بمعنے حساب۔

ایارگیر / ایارہ گیر } ف محاسب۔ کاتب۔

ایاز / ایاس } ف سلطان محمود غزنوی کے ترکی غلام کا نام ہے جس پہ وہ عاشق تھا

آیادی ع جمع ہے ید کی بہت سے ہاتھ۔ نعمتیں۔ نیکیاں۔

ایاغ / ایاق } ف پیالہ شراب پینے کا۔

ایالت ع سرداری۔ پاسبانی۔ حکومت

آیام ع جمع یوم کی۔ دن۔ وقت۔ زمانہ

آیام الرہان ع وہ دن جن میں اہل عرب بازی باندھ کر گھوڑ دوڑ کیا کرتے ہیں۔

آیام بسر بردن ف زمانہ بسر کرنا عمر بسر کرنی۔ زمانہ کا انجام کو پہنچانا۔

آیان ع کب۔ سوال کا لفظ ہے۔

ایان ف آنے والا۔

ایانی ف شایستگی۔ خوبی۔

آیبک ف (بیاے مجہول) بت۔ قاصد۔ غلام۔ مجازاً معشوق۔

ایبت ت بیاے معروف بمعنے کتا۔ سگ۔

آیت ع فقرہ کتاب آسمانی کا۔ درس۔

ایتاء کسی کو کوئی چیز دینی۔ پاداش و جزا دینی۔ دینا۔

ایتام ع جمع ہے یتیم کی۔

آیت صلح خواندن ف صلح کی باتیں کرنی۔

آیت یزدان ف خدا کی نشانی۔ بادشاہ سے مراد ہے۔ جیسے سایہ یزدان۔

ایتلاف ع مجتمع ہونا۔ موافقت کرنا۔ الفت کرنا۔

آیتگین ت ایک ترکی غلام کا نام ہے۔

ایتلاق ع سفید ہو جانا۔ مجازاً چمکنا روشن ہونا۔

ایثار ع اختیار کرنا۔ دوسرے کا مطلب اپنے مطلب پر مقدم کرنا۔ بزرگی کرنا۔

ایجاب ع ماننا۔ منظور کرنا۔ لازم کرنا۔

ایجاد ع پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔

ایچ ف بروزن و بمعنے ہیچ۔

ایدر ف اب۔ ادھر۔ ابھی۔ یہ ہے۔ اسی وقت۔

ایدوں ف اب۔ اس وقت۔

ایدون ف ایسا۔ یہاں۔ اب اس وقت۔

ایذا ع دکھ دینا۔ دکھ۔

ایراث ع میراث پہنچانا کسی چیز کا بقایا دینا۔

ایراد ع وارد کرنا۔ اوتارنا۔ لانا

ایراق ع درخت کا پتے نکالنا۔ نیا شگوفہ نکلنا۔

ایران ف نام ایک ملک کا ہے جو براعظم ایشیا میں افغانستان کی مغرب کی طرف اور عرب کے مشرق کی سمت واقع ہے۔ اسے فارس بھی کہتے ہیں۔ فارسی یہیں کی زبان ہے۔ عراق۔ خراسان۔ فارس۔ آذربائیجان۔ مازندران۔ گیلان۔ لارستان۔ کردستان وغیرہ ممالک اسی میں ہیں اور فریدون کے بیٹے ایرج یا ایر کے نام پر اس کا نام ایران رکھا گیا ہے۔

ایرتیش ف سائبیریا میں دریاے اوبے کے کنارے پر ایک قصبہ ہے

ایرج ف (بیاے مجہول) فریدون بادشاہ کے چھوٹے بیٹے کا نام ہے جس کو اس کے بڑے بھائیوں سلم اور تور نے مروا ڈالا تھا اور منوچہر شاہ ایران اس کا دوہتا تھا۔ بابل کے بادشاہ کا بھی نام ہے۔

ابیرسا (بیاے معروف) قوس قزح
دھنک۔ شیطان کی کمان سوسن
کی جڑ۔
ابیروان ت آرمینیہ کے ایک شہر کا
نام ہے جو کوہ ارارات کے نیچے واقع
ہے۔
ابیرمان ف طفیلی جو مہمان کے ہمراہ
آوے حسرت۔ ندامت۔ عاریت۔
ایزاد ع زیادہ۔ ایک جعلی عربی مصدر ہے۔
ایزد / **ایزد تعالےٰ** } ف خدا تعالےٰ کا نام
ایزدی ف خدائی۔
ایسان ہندی لفظ معلوم ہوتا ہے
اس کے معنے ہیں گوشۂ شمال و مشرق
ایست ف ٹھہر۔ کھڑا رہ امر ہے
مصدر ایستادن سے۔
ایستادن ف کھڑا ہونا۔
ایسر ع بہت آسان۔ بائیں طرف۔
ایسوی ف منسوب بہ ایسو۔ ملک
ایسو کے رہنے والے۔ اور ایسو
ملک روس کا ایک حصہ تھا۔
ایشان ف یہ لوگ۔ یہ۔
ایشک اقاسی ت ایشک
ایشیک اور اشک کے معنے ہیں
دیوانخانہ۔ دربار۔ محل۔ اقاسی
کے معنے ہیں۔ داروغہ۔ مرکب کے
معنے ہیں داروغۂ دیوانخانہ۔
میر سامان۔
ایشیا ف دنیا کے ایک بڑے
حصے کا نام ہے۔ جس میں ۱۶
ملک شامل ہیں۔ ایران اور
ہندوستان بھی اسی میں ہیں۔
ایصال ع پہنچانا۔ مطلب کو پہنچانا
ملانا۔
ایضاً ع بھی۔ وہی۔ یعنے وہی چیز
جو اوّل مذکور ہو چکی۔
ایضاح ع روشن کرنا۔ واضح کرنا
ظاہر کرنا۔
ایطاء ع لتاڑنا۔ پامال کرنا۔ مکرر کرنا
قافیہ کا خفی طور پر جس میں تکرار ظاہر
نہ ہو۔ جیسے دانا۔ بینا۔ گلاب۔ آب
یا جلی طور پر جس میں تکرار ظاہر ہو جیسے
زیبا تر۔ خوشتر۔ گریاں۔ خنداں وغیرہ۔
ایفا ع پورا کرنا۔ وفا کرنا۔
ایفاغ ف مدار الافاضل میں اس
کے معنے غماز اور غنودہ کے لکھے ہیں
اور دیوان حافظ کے شارحوں نے اس
کے معنے روشنائی اور شوخ لئے ہیں۔
ایقاظ ع بفتح اول یعنے جاگنے والے
اور بکسر اول یعنے جگانا۔
ایقاع ع واقع کرنا۔ لڑانا۔
ایقان ع یقین کرنا۔ یقین لانا۔
ایکدش ت دیکھو اکدش۔
ایکہ ع درخت گنجان باہم پیچیدہ یا جنگل
درختوں کا جہاں پر بہت گنجان
درخت ہوں۔ جن کو گیچھا
ہندی میں کہتے ہیں۔ ایک اس
کی جمع آتی ہے۔
ایل ع گوزن۔ بز کوہی۔
ایل س سریانی زبان میں خدا وند
تعالےٰ کا ایک نام ہے۔ جبرائیل اور اسرافیل
وغیرہ فرشتے اسی نام کے ساتھ منسوب ہیں۔
ایل ت ترکی زبان میں دوست اور
تابع اور موافق آدمی اور جماعت کو کہتے
ہیں۔ سال کے معنی میں بھی آیا ہے۔
ایلات ت جمع ہے ایل کی۔ فرقے۔
جماعتیں۔ قومیں۔ خانہ بدوش قومیں۔
ایلاج ع کسی چیز کو کسی چیز میں داخل
کرنا دو چیزوں کا ملانا۔
ایلاد ع جننا۔
ایلاق ت ترکستان میں فرغانہ کے
شمال کی طرف ایک شہر ہے۔
ایلاقیان ف باشندگان ایلاق۔
ایلاؤس یونانی۔ قولنج کی ایک قسم
ہے جو مہلک ہوتی ہے۔
ایلام ع الم پہنچانا۔ دکھ دینا۔
ایلچی ف قاصد۔ نامہ بر۔ تابعدار۔
فرمانبردار۔
ایلنج / **ایلخہ** / **ایلخی** } ت گھوڑوں کا گلہ۔ اصطبل۔
ایلدرم ت بجلی۔ برق۔
ایلغار / **الغر** } ت تاخت۔ چڑھائی دشمن پر۔ دھاوا۔
ایلول س نام بارھویں مہینے رومی
کا ہے جو ہندی میں کنوار سے ملتا
ہوا ہے۔
ایلی ت اطاعت۔ محبت۔ موافقت
قومی۔
ایلیا س بروزن کیمیا۔ سریانی لفظ ہے
اس کے معنے ہیں صدیق اکبر۔ نام ایک
پیغمبر کا ہے بنی اسرائیل میں سے حضرت
خضر علیہ السلام کا بھی اصلی نام یہی ہے۔
حضرت علی کا بھی لقب ہے بیت المقدس
کا نام بھی ہے اور ایک اور شہر کا
بھی نام ہے۔
ایماء اشارہ کرنا۔ اشارہ۔
برگزیدن ۔ ف ۔ چھانٹنا ۔ چننا ۔ انتخاب کرنا +
برگپ ۔ ف ۔ پوشیدہ ۔ پنہاں ۔ چھپا ہوا
برگس / برگشت } ف ۔ نعوذ باللہ ۔ معاذ اللہ
برگ سبز ۔ ف ۔ بہت تھوڑی چیز سے کنایہ ہے ۔ اور درویشوں کا تحفہ جو بیچاری انعام کے واسطے امرا کو دیتے ہیں +
برگستوان ۔ برگستان ۔ ف ۔ گھوڑے کی پاکھر اور لڑائی کا لباس جو بروقت جنگ کے آپ بھی پہنتے ہیں ۔ اور گھوڑے کو بھی پہناتے ہیں +
برگشتن ۔ ف ۔ پھر جانا ۔ حکم نہ ماننا +
برگشتہ ۔ ف ۔ پھرا ہوا ۔ باغی +
برگشتہ بخت ۔ ف ۔ بدنصیب +
برکشیدہ ۔ ف ۔ پالا ہوا ۔ نوازش کیا ہوا +
برکف دست نہادن / برکف نہادن } ہتھیلی پر رکھنا ۔ ظاہر کرنا
برکشدن ۔ ف ۔ کھینچنا ۔ اکھاڑنا چھین لینا +
برگ و ساز / برگ نوا } ف ۔ ساز و سامان کھانے کا سامان توشہ خوراک کا
برکہ ۔ ع ۔ حوض ۔ پانی کا +
برکہ لاجورد ۔ ف ۔ آسمان سے مراد ہے
برکی ۔ ع ۔ ایک لمبی سی کلاہ جسے درویش اور زاہد لوگ سر پر پہنتے ہیں +
برلاس ۔ ف ۔ ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے ۔ بہادر اور جوان کو بھی کہتے ہیں +
برلنگ زدن ۔ ف ۔ بھاگ جانا +
برم ۔ ف ۔ بہت پاس ۔ اس چیز کو بھی کہتے ہیں جس پر انگور یا کسی قسم کی بیل چڑھاتے ہیں +
برم ۔ ع ۔ ملول ہونا ۔ درخت عفاہ کا پھل ۔ وہ شخص جو جواریوں کی مجلس میں بیٹھے اور خود جواری نہو +
برم ۔ ف ۔ یاد کرنا جسے ازبر بھی کہتے ہیں ۔ تالاب جسے برخ بھی کہتے ہیں انتظار جسے برموزہ بھی لکھتے ہیں ۔ ایک سبزہ کا نام ہے جسے فریز بھی کہتے ہیں +
برماس ۔ ف ۔ چھونا ۔ لمس ۔ لامسہ +
برمالیدن ۔ ف ۔ عضو کا ملنا +
برمایون / برمایہ } ف ۔ اس گائے کا نام ہے جس کے دودھ سے فریدوں پلا تھا ۔
برمجیدن ۔ ف ۔ آہستگی کے ساتھ کسی کے بدن پر ہاتھ ملنا +
برمحک زدن ۔ ف ۔ کسوٹی پر لگانا کھرا کھوٹا دریافت کرنا +
برمغار / برمغارہ } ف ۔ وہ زرجو شاگرد استاد کو دیتا ہے +
برملا ۔ ف ۔ برسر مجلس ۔ لوگوں کے سامنے
برمرو / برمسو } ف ۔ انتظار ۔ امید ۔ شہد کی مکھی +
برمیزان نہادن ۔ ف ۔ تولنا ۔ جانچنا ۔ پڑتال کرنا +
برنا ۔ برناک / برناہ } ف ۔ جوان ۔ گبرو ۔ ظریف ۔ جنا +
برناختن ایستادن ۔ ف ۔ اطاعت کرنا ۔ ادب سے کھڑا ہونا +
برنامہ ۔ ف ۔ سرنامہ ۔ القاب عنوان +
برنایشی ۔ ف ۔ حمایت ۔ پشتی تعصب +
برنائی ۔ ف ۔ جوانی +
برنج ۔ ف ۔ چاول
برنج آمدن مغز ۔ ف ۔ بیحواس ہونا مختل ہو جانا دماغ کا +
برنج ۔ ف ۔ برنگ کاہی ۔ پیتل ۔ کانسی
برنج شمالہ / برنج مزعفر } ف ۔ زردہ پلاؤ ۔
برنجن ۔ ف ۔ حلقہ ۔ مدور سونے یا چاندی کا ۔ جسے عورتیں ہاتھ یا پاؤں میں پہنتی ہیں ۔ پاؤں کا حلقہ (خلخال) پا برنجن کہلاتا ہے ۔ اور ہاتھوں کا حلقہ (کنگن) دست برنجن +
برنس ۔ ع ۔ سیاہ پشم کا کپڑا جو کبھی سفید بھی ہوتا ہے اور یہودی اور نصرانی لوگ پہنتے ہیں ۔ پادریوں کی لمبی ٹوپی کو بھی کہتے ہیں +
برنشاندن ۔ ف ۔ بٹھلانا +
برنشستن ۔ ف ۔ سوار ہونا +
برنغار ۔ ت ۔ لڑائی کے وقت بادشاہ کے دائیں ہاتھ کی فوج +
برنگ ۔ ف ۔ بفتحتین جرس بضمتین بمعنی ذخیرہ اور ایک ولایت کا نام ہے ۔ جہاں سے قطب جنوبی نظر آتی ہے اور بکسرتین ایک قسم کی دوائی ہے جو کابل سے آتی ہے اور برنگ کابلی کے نام سے مشہور ہے +
برنیشں ۔ ف ۔ ۔ ۔ زنجیر +
برو ۔ ف ۔ ۔ ۔ ابرو کا +
برواب ۔ ف ۔ سرنامہ ۔ ظرف +
برونا ۔ ف ۔ ۔ ۔ [illegible]

بروانہ۔ف۔قرار کی جگہ۔آرام کی جگہ ✦
بُروت۔ف۔مونچھ۔سبلت ✦
بُروج۔ع۔جمع برج کی ✦
بروجہی۔ف۔ایسی وجہ پر۔اسطرح پر ✦
برودت۔ع۔ٹھنڈک خنکی۔سردی ✦
بروز۔ع۔باہر نکلنا۔ظاہر ہونا ✦
بروز۔ف۔کپڑے کا سنجاف ✦
برون۔ف۔باہر۔باہر کی طرف ✦
بروز سیاہ نشاندن۔ف۔ خراب اور بدحال کرنا ✦
بروز دشمنان نشاندن۔ف۔ دشمنوں کا سا حال کرنا۔خراب اور بدحال کرنا ✦
بروسا۔ف۔بحیرہ مارمورا کے کنارے پر ایک مشہور شہر ہے ✦
بروسان۔بروشان۔ف۔ امت۔گروہ ✦
برومند۔ف۔متمتع۔اچھا پھل حاصل کرنیوالا ✦
برون سرا۔ف۔وہ سکہ جو ٹکسال کے سوا کہیں اور بنا ہو ✦
برہ۔ف۔رسنہ میں۔بکری کا بچہ۔ابرہ ✦
برّہ۔ع۔بکری کا بچہ۔حلوان۔لیلا۔ برج۔حمل ✦
برہ آہو۔ف۔ہرن کا بچہ ✦
برہ بند۔ف۔تجربہ کار۔ماہر۔ایک قوم کا نام ہے۔جو لڑکے بینڈھے پالتے ہیں۔اور بڑی قیمت پر بیچتے ہیں ✦
برہان۔ع۔دلیل قاطع۔حجت روشن وجہ کامل۔فرق۔درمیان دلیل اور برہان کے یہ ہے کہ دلیل عام ہے اور برہان خاص۔اور اصطلاح علم منطق۔برہان ایک قیاس ہے جو مرکب ہوتا ہے۔مقدمات یقینیہ سے تاکہ نتیجہ ہے ایک اور مقدمہ یقینیہ کا۔جیسے ہر انسان حیوان ہیں۔اور ہر حیوان جسم ہے۔یہ ایک قیاس ہے۔جو مقدمات یقینیہ سے مرکب ہے نتیجہ اس سے یہ نکلا۔کہ ہر انسان جسم ہے ✦
برہان انی۔ع۔ایک قسم دلیل کی ہے جس میں معلول سے علت کی طرف استدلال کرتے ہیں ✦
برہان لمی۔ع۔ایک قسم دلیل کی ہے۔جس میں علت سے معلول کیطرف استدلال کرتے ہیں ✦
برۂ فلک۔ع۔برج حمل سے مراد ہے ✦
برہم۔ف۔الٹ پلٹ۔خفا۔ناراض ✦
برہم خوردن۔ف۔بگڑ جانا۔الٹ پلٹ ہو جانا۔رنجیدہ ہونا ✦
برہم زدن۔ف۔پریشان کرنا۔بگاڑ دینا۔الٹ پلٹ کرنا ✦
برہمن۔برہمن۔ف۔بت پرست جینو باندھنے والا پیشوا بت پرستوں کا۔عالم قوم ہنود کا۔حکیم۔دانشمند ہندوؤں کی ایک قوم کا نام ہے ✦
برہنگی۔برہنگی۔ف۔ننگا پن۔عریانی۔لچ پن ✦
برہنہ۔برہنہ۔ف۔ننگا۔عریاں لچا۔مجازاً۔خالی ✦
برہنہ گو۔ف۔بیحیایانہ گفتگو کرنے والا۔صریح اور فاش کہنے والا ✦
برہون۔ف۔آرائش زینت۔دایرہ۔صابون ✦
برہوہ۔ف۔(بروزن انبوہ) صابون جس سے کپڑے دھوتے ہیں) ✦
برہیختن۔ف۔کھینچنا۔اختیار کرنا تعلیم و تقسیم کرنا ✦
بری۔ع۔پاک۔الگ۔بےقصور۔بےعیب ✦
برّی۔ع۔منسوب ہے بر خلاف بحری کے ✦
بریان۔ف۔بھنا ہوا ✦
بریانی۔ف۔بھنی ہوئی۔نام ایک قسم کے نمکین پلاؤ کا ہے ✦
بریت۔ع۔خلعت ✦
بریخ زدن۔ف۔نیست و نابود خیال کرنا۔فراموش کرنا۔دل سے محو کر دینا ✦
بریخ نوشتن۔ف۔نیست و نابود خیال کرنا۔بے ثبات اور ناپائدار خیال کرنا ✦
بُریدن۔ف۔کاٹنا۔جدا کرنا۔قطع کرنا۔کپڑا قطع کرنا۔سیو تنا
برید۔ع۔قاصد۔نامہ بر ✦
برید فلک۔ع۔چاند سے مراد ہے ✦
بریزن۔ف۔بروزن نشیمن پرویزن۔غربال۔چھالنی۔آٹا چھاننے کی ✦
بریشہ۔ف۔ایک قسم کی چیز ہے جو دوائی میں کام آتی ہے ✦
برلیسمان خود بچاہ افتادن۔ف۔اپنا کیا پیش آنا۔اپنے آپ بلا میں پھنسنا ✦
برلیسمان کسے بچاہ افتادن۔ ف۔کسی کے مکر و فریب سے بلا میں پھنسنا ✦
بریشم۔ف۔ریشم ✦
بریق۔ع۔درخشندگی۔روشن چمکا چوندھی لگانے والا ✦
برّین۔ع۔بر کا تثنیہ اور اس سے عرب اور روم مراد ہیں ✦
برّیں۔ف۔بلند۔بہت اوپر۔برتر۔رخنہ۔شگاف ✦
بُریں۔ف۔خربزہ یا ہندوانہ کا ایک ٹکڑا جو بشکل ہلال کے ہوتا ہے۔پھانک۔پنجابی پھاڑی ✦
بریون۔ف۔ایک بیماری کا نام ہے۔جسے ہندی میں داد اور عربی میں قوبا کہتے ہیں ✦
بریہ۔ع۔خلق اللہ۔مخلوق۔دنیا کے لوگ ✦

باب الباء موحدہ مع زائے معجمہ

بُز۔ف۔گوسفند۔بکری۔مسخرہ اور برج حمل سے بھی مراد ہے ✦
بز۔ف۔بھڑ۔زنبور ✦
بزہ۔ف۔دستور۔قاعدہ۔قانون روش ✦
بزّ۔ع۔کپڑا۔جامہ۔پونجی گھر کے اسباب کی ✦
بزّاز۔ع۔کپڑا بیچنے والا۔اسباب بیچنے والا ✦
بز اخفش۔ف۔کہتے ہیں۔اخفش نحوی کے ہاں ایک بز تھی۔جب تک وہ آواز نہ کرتی تھی اخفش سبق کا حفظ کرنا نہ چھوڑتا تھا۔سبا سبق حفظ کئے جاتا تھا۔اور اسکی آواز کو

سبق کے عمدہ حفظ ہو جانے پر دلالت کیا کرتا تھا ✣

بُزاق ۔ ع ۔ تھوک ۔ تف ✣

بزانو آمدن ۔ ف ۔ زانو کے بل بیٹھنا ✣

بُز آویز ۔ ف ۔ کشتی کا ایک داؤ ہے ۔ جس میں اپنے حریف کو اوندھا گرایا جاتا ہے ✣

بز بازی ۔ ف ۔ نچانا بکری اور بندر کو ✣

بزبان افتادن ۔ ف ۔ رسوا ہونا مشہور ہونا عیب سے ✣

بزبان برداشتن و گرفتن ۔ ف ۔ ناسزا باتیں کہنی ۔ رُسوا کرنا ✣

بز جگر ۔ ف ۔ ڈرپوک ✣

بزداغ ۔ ف مصقلہ ۔ صیقل کرنیکا آلہ ✣

بزر ۔ ع ۔ وہ بیج کہ جس سے ساگ اور مصالح طعام پیدا ہوتے ہیں ✣

بَزْرا ۔ ف ۔ وہ بیج جو چارپایوں کی خوراک کے لیئے بویا جائے ✣

بُزرچمہر ۔ معرب ہے بزرگ مہر کا ۔ نوشیروان کے وزیر اعظم کا نام ہے ✣

بزر قطونا ۔ ع ۔ اسپغول ۔ ایک مشہور دوا ہے ✣

بزرگ ۔ ف ۔ السی ۔ کتان ✣

بزرگ ۔ ف ۔ بڑا ۔ لحاظ والا آدمی ۔ وہ شخص جو تعظیم کے قابل ہو ✣

بزرگ امید ۔ ف ۔ نام حکیم کا ہے ۔ جو پرویز بن نوشیروان کا اتالیق تھا ✣

بزرگوار ۔ ف ۔ مانند بزرگ کی بزرگ ✣

بزغ ۔ ف ۔ ایک جانور ہے جسکو وزغ بھی کہتے ہیں ✣

بزشک ۔ ف ۔ طبیب ۔ ڈاکٹر جراح ✣

بزشم ۔ ف ۔ نرم پشم جس سے شال بنتے ہیں ✣

بُزغالہ ۔ ف ۔ بکری کا بچہ ✣

بُزغالہ فلک ۔ ف ۔ برج جدی سے مراد ہے ✣

بزغنج ۔ ف ۔ بے مغز پستہ پستے کے درخت پر جو پھل لگتا ہے ۔ ایک سال تو اس میں مغز ہوتا ہے اور دوسرے سال نہیں ہوتا ۔ پس بے مغز پستے کو بزغنج کہتے ہیں ✣

بُزقدم ۔ ف حقیر ۔ ناتوان بطو الحرکت ✣

بُزگر ۔ ف ۔ مینڈھے لڑانے والا ✣

بُز گرفتن ۔ ف ۔ ٹھٹھا مخول کرنا یا تمسخر کرنا ✣

بزگیری ۔ ف ۔ مکر و حیلہ کرنا چوری ✣

بزل ۔ ف ۔ سختی ۔ شدت ✣

بزم ۔ ف ۔ سبھا ۔ مجلس ۔ جشن ایک گاؤں کا بھی نام ہے ✣

بزم ۔ ع ۔ اگلے دانتوں سے کاٹنا انگشت سبابہ اور وسطی سے دودھ دُہنا ✣

بزم افروز ۔ بزم آرای ۔ ف ۔ میر مجلس ✣

بزمان ۔ ف ۔ مخمور ۔ بیدماغ ✣

بزم سنگین ۔ ف ۔ وہ مجلس جس میں بیشمار آدمی جمع ہوں ✣

بزمگاہ ۔ ف ۔ وہ جگہ جہاں مجلس منعقد ہو ✣

بزمہ ۔ ف ۔ گوشہ ✣

بزن ۔ ف ۔ سہاگہ جس سے زیوریں صاف کرتے ہیں ✣

بزور ۔ ع ۔ جمع ہے بزر کی بیج تخم ✣

بزور ۔ ف ۔ ساتھ زور کے ۔ زور سے ✣

بزونہ ۔ ف ۔ زانو ۔ گھٹنا

بَزَہ ۔ ف ۔ گناہ ۔ خطا ۔ ظلم ۔ بدنصیب آدمی ✣

بَزَہ کار ۔ ف ۔ خطاکار ۔ گنہگار ✣

بُزبچہ ۔ ف ۔ بکری کا بچہ ۔ برج حمل ✣

بزیر قلم داشتن ۔ بزیر نگین داشتن ۔ ف ۔ مطیع و منقاد کرنا ۔ مسخر و محکوم کرنا ✣

بزلیشہ ۔ ف ۔ کھلی تلون کی ✣

باب الباے موحدہ مع سین مہملہ

بَس ۔ ف ۔ بہت ۔ بسیار ۔ کافی ۔ بستہ فقط ۔ مانند ✣

بُس ۔ ف ۔ کباب کرنے کی سیخ ✣

بسا ۔ ف ۔ بہت ۔ اکثر ۔ اور نام ایک شہر کا ہے ملک فارس میں ✣

بَساتین ۔ ع ۔ جمع ہے بستان کی ۔ باغ ✣

بِسار ۔ ف ۔ چھونا ۔ لمس ✣

بَسارہ ۔ ف ۔ بفتح ایوان ۔ صُفّہ اور بکسر نام صحیفہ ✣

بساز کردن ۔ ف ۔ درست کرنا ✣

بساط ۔ ع ۔ فرش ۔ بچھونا ۔ چٹائی ۔ شطرنج ۔ دسترخوان ۔ پونجی گھر کی ۔ دشتگاہ ۔ چمڑے کا دسترخوان ✣

بساط آراستن ۔ ف ۔ بارونق کرنا ✣

بساط آرائے ۔ ف ۔ صاحب صدر ✣

بساط افگن ۔ ف ۔ فراش ✣

بساط خانہ ۔ ع ۔ مال خانہ ۔ متاع خانہ ✣

بساط گستردن ۔ ف ۔ دعوت کرنی دسترخوان بچھانا ✣

بساط گل فروشان ۔ ف ۔ پارچہ گل فروشوں کا جسپر پھول رکھ کر چھینٹے پانی کے مارتے ہیں ۔ جس سے وہ پژمردہ نہیں ہوتے ✣

بَسالت ۔ ع ۔ شجاعت ۔ دلیری ✣

بسام ۔ ع ۔ شگفتہ ۔ خندان ✣

بسامان ۔ ف ۔ باسامان ✣

بس آمدن باکسے ۔ ف ۔ مقابل ہونا ۔ برابر آسکنا ✣

بسان ۔ ف ۔ مانند ۔ ویسا ہی ✣

بساوند ۔ ف ۔ قافیہ شعر کا ✣

بسائط ۔ ع ۔ جمع ہے بسیط کی ۔ اربعہ عناصر ۔ چار آخشیج ✣

بسباس ۔ ف ۔ ہرزہ ۔ بیہودہ ✣

بست ۔ ف ۔ بیس ۔ عدد ۲۰ ۔ ۲۰ ✣

بُست ۔ ف ۔ امر ہے بستن سے اور معنی سدّ پہاڑ ۔ گرہ بھی آیا ہے ✣

بُست ۔ ف ۔ ایران میں ایک شہر کا نام ہے ۔ اور نام ایک قلعہ مشہور کا ہے ۔ اور گلزار کے معنے میں بھی آیا ہے اور ایک منحوس وقت کا نام ہے ۔ جو تین رات کے بعد آتا ہے ۔ اور ۲ گھڑی تک رہتا ہے ۔ ہندی میں اسے بھدرا کہتے ہیں ✣

بستاخ ۔ ف ۔ گستاخ ✣

بستار ۔ ف ۔ سُست ۔ نا استوار ✣

بُستام ۔ ف ۔ مرجان جسے بسد بھی کہتے ہیں ✣

بُستان ۔ ف ۔ باغ ۔ پھلواری ۔ مخفف ہے بوستان کا ✣

بُستان افروز ۔ ف ۔ نام ایک سرخ رنگ

پھول کا ہے ۔ جیسے ہندی میں کلغا کہتے ہیں +
بستان پیرائے ۔ ف ۔ باغبان +
بستان سرائے ۔ ف ۔ وہ گھر جس میں باغ ہو ۔ وہ باغ جو گھر کے صحن میں لگا ہو +
بستر آہنگ ۔ ف ۔ وہ چادر جو بستر پر گرد و غبار کے بچاؤ کے واسطے بچھاتے ہیں +
بستر ۔ ف ۔ بچھونا +
بستردن ۔ ف ۔ صاف کرنا ۔ مٹا دینا ۔ اور بمعنے ستردن +
بست شکستن ۔ ف ۔ حد سے گزر جانا +
بستم ۔ ف ۔ بیسواں یعنی ۲۰ واں +
بستن ۔ ف ۔ باندھنا ۔ پیدا کرنا ۔ پیدا ہونا ۔ پہننا ۔ بنا کرنا +
بست و بند ۔ ف ۔ بند و بست ۔ انتظام ۔ ربط و ضبط +
بست و کشاد ۔ ف ۔ ترجمہ حل و عقد +
بستہ ۔ ف ۔ بندھا ہوا بقچہ اور لفافہ کو بھی کہتے ہیں +
بستہ رحم ۔ ف ۔ بانجھ عورت عقیمہ +
بستہ میان ۔ ف ۔ مستعد ۔ کمر بستہ +
بستہ نگار ۔ ف ۔ ایک قسم کا سرود یا راگنی ہے +
بستو ۔ ف ۔ (بروزن بدرو) مٹی کا چھوٹا سا مرتبان ۔ وہ آلہ جسکے ذریعے دہی کو بلو کر اس سے مکھن نکالتے ہیں پنجابی میں اسے مدھانی کہتے ہیں +
بسحاق اطعمہ ۔ ع ۔ ایک فارسی زبان کے شاعر کا نام ہے ۔ جو بڑا ظریف اور بذلہ گو تھا ۔ اور شاہزادہ سکندر بن عمر شیخ کے محفل کے ندیموں میں تھا ۔ اس کے اشعار میں کھانے پینے کا بیان ہے +
بسد ۔ بسذ ۔ ع ۔ مونگا ۔ مرجان ۔ جو درمیان نباتات اور جماد کے برزخ ہے +
بسدین ۔ ف ۔ مرجان کا ۔ سرخ +
بسراق ۔ مب ۔ پکھراج +
بسر آمدن ۔ ف ۔ ہو چکنا ۔ تمام ہونا ۔
بستر پا آمدن ۔ ف ۔ بیماری سے شفا پانا +
بسر بردن ۔ ف ۔ پورا کرنا ۔ انجام کو پہنچانا +
بسر پیچیدن ۔ ف ۔ منت و سماجت کرنا اور کشتی کے ایک داؤ کا نام بھی ہے +
بسریا ۔ ف ۔ لحم ۔ گوشت +
بسر تازیانہ گرفتن ۔ ف ۔ بسہولیت سے لے لینا بغیر لڑائی ہوئے لے لینا +
بسر دویدن ۔ ف ۔ نہایت سرعت سے دوڑنا +
بسر رسیدن ۔ ف ۔ ہو چکنا ۔ برباد ہونا ۔ ختم ہونا +
بسر زلف حرف زدن ۔ ف ۔ استغنا اور بے پروائی سے بات کرنا ۔ ناز اور تبختر سے کلام کرنا +
بسر شدن ۔ ف ۔ بسر رسیدن +
بسر کردن ۔ ف ۔ بسر بردن +
بسر کسے گردیدن ۔ ف ۔ کسی پر فدا ہونا +
بسر و چشم ۔ ف ۔ سر آنکھوں سے +
بسر وقت کسے رسیدن ۔ ف ۔ کبھی کے سر پر مصیبت کیوقت آپہونچنا +
بسر ۔ ع ۔ کچی کھجوریں جو ابھی پکی نہ ہوں +
بسط ۔ ع ۔ بچھانا ۔ پھیلانا ۔ خوش کرنا فراخی ۔ کشادگی +
بسطام ۔ ع ۔ ملک فارس میں ایک شہر کا نام ہے ۔ جو خواجہ بایزید بسطامی کی جائے پیدائش ہے +
بسطت ۔ ع ۔ فراخی ۔ کشادگی +
بسط دادن ۔ ف ۔ لمبا چوڑا بیان کرنا شرح اور مفصل بیان کرنا +
بسفائج ۔ مب ۔ بس پایک ۔ نام ایک دوائی کا ہے ۔ جیسے عربی میں اضراس الکلب کہتے ہیں +
بسک ۔ ف ۔ پونی روئی کی جسے عورتیں ہاتھ میں پکڑ کر کاتتی ہیں +
بسلطنت برداشتن ۔ ف ۔ بادشاہ کر دینا +
بسم ۔ ع ۔ مخفف ہے بسم اللہ کا +
بسم اللہ ۔ ع ۔ تبرکاً اور تیمناً بجائے مبارکباد کے بولتے ہیں +
بسمل ۔ ع ۔ مذبوح ۔ ذبح کرنا +
بسمل گاہ ۔ ف ۔ مذبح ۔ ذبح کرنے کی جگہ +
بسملہ ۔ ع ۔ مخفف ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا +
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ ع ۔ شروع ساتھ نام اللہ کے جو بخشنے والا ہے ۔ نہایت مہربان +
بسند ۔ ف ۔ کافی ۔ کافی ہونا ۔ کفایت +
بسندہ ۔ ف ۔ سزاوار ۔ کافی ۔ تمام ۔ بس کیا ہوا ۔ پسند کیا ہوا +
بسور لب خمار گریختن ۔ ف ۔ ناچار ہونا ۔ بے اوسان ہونا ۔ بیقرار ہونا +
بسور ۔ بسول ۔ ف ۔ دعائے بد ۔ نفرین +
بسوہ ۔ ف ۔ بیسواں حصہ ہر شے کا ۔ عموماً بیسواں حصہ بگیہ کا خصوصاً +
بسے ۔ بسیار ۔ ف ۔ بہت ۔ اکثر +
بسیاران ۔ ف ۔ جماعت آدمیونکی +
بسیار بہر ۔ ف ۔ کامل حصہ رکھنے والا کسی چیز سے +
بسیار خوار ۔ ف ۔ بہت کھانیوالا +
بسیار دان ۔ ف ۔ بہت جاننے والا ۔ بڑا عالم +
بسیار فن ۔ ف ۔ وہ شخص جسے بہت سے جوڑ توڑ آتے ہوں ۔ ذوفنون آدمی +
بسیاری ۔ ف ۔ بہتات ۔ درازی +
بسیج ۔ ف ۔ (بیائے مجہول) قصد ارادہ ۔ آہنگ ۔ تیاری ۔ آمادگی ساختگی ۔ اور بسیچیدن کا امر ہے +
بسیچیدن ۔ ف ۔ ساز و سامان کرنا ۔ قصد کرنا ۔ کام کا آراستہ اور آمادہ کرنا +
بسیچیدہ ۔ ف ۔ سامان ۔ قصد +
بسیم ۔ ف ۔ خوش مزہ ۔ خوش لذت +
بسیط ۔ ع ۔ بچھائی ہوئی ۔ وسیع جگہ ۔ فراخ شے اور اصطلاح حکما میں وہ شے جو مرکب نہ ہو ۔ یعنی جسے پھاڑ کر دو یا زیادہ مختلف قسم کے اشیا نہ نکال سکیں ۔ یا یوں کہو کہ جس شے کا ہر جزو (تجزی) اپنے

کل کے مشابہ ہو۔ جیسے آکسیجن۔ ہیڈروجن سونا۔ چاندی۔ پارہ وغیرہ بسیط شے کے ہر جزو لایتجزی کو ہر جو ہر فرد کہتے ہیں۔ اور علم عروض کی بحروں میں سے تیسرے بحر کا نام بھی ہے +

بسیط زمین۔ ف۔ سطح زمین +

بسیط مُسَبَّع۔ ع۔ زمین سے مراد ہے باعتبار اس کے سات حصوں (اقلیموں) کے جو اگلے جغرافیہ والوں نے کئے تھے +

بَسِیم۔ ع۔ تبسم کرنے والا +

بسیلاب دادن۔ ف۔ غرق کرنا ڈبودینا +

باب الباء موحدہ مع شین معجمہ

بَشْتَن۔ ف۔ ہر چیز کا بند یا جوڑ۔ لوہے یا تانبے یا اور کسی دھات کے پتر سے جو صندوق وغیرہ کے جوڑ کے مقام پر لگاتے ہیں۔ اور وہ زراعت جو مینہ کے پانی سے طیار ہو۔ بارانی +

بَشَّش۔ ع۔ خرم۔ کشادہ ابرو خندان پیشانی۔ شادکام +

بِشْ۔ ف۔ مخفف ہے بدہش کا۔ اسکو دے +

بُشْ۔ ف۔ آدمی کی چوٹی کے بال۔ گھوڑے کی گردن کے بال +

بشار۔ ف۔ پایانہ کرفتار شاخ جھوٹا +

بشارت۔ ع۔ خوشخبری۔ مژدہ +

بَشَارت۔ ع۔ خوشش ہونا +

بشارت کشان۔ ف۔ بشیر مژدہ رسان +

بُشَاسپ۔ ف۔ خواب۔ نیند۔ نوم +

بَشَاشت۔ ع۔ کشادہ روئی۔ خوش طبعی اور لطف کلام سے پیش آنا۔ خوش ہو کر بات کرنا +

بَشَّاش۔ ع۔ تازہ۔ شگفتہ پیشانی۔ خوش طبع +

بشبولیدن۔ ف۔ پریشان کرنا +

بشبیو۔ بشبیون۔ ف۔ موٹا۔ فربہ +

بشبق۔ بشبہ۔ ف۔ مرد شاہجہان کے پاس ایک گاؤں ہے +

بشتالم۔ بشتام۔ ف۔ طفیلی۔ وہ آدمی جو بن بلائے کسی آدمی کے ساتھ دعوت میں چلا جائے +

بَشْتَر۔ ف۔ نام فرشتہ میکائیل کا ہے جو خلقت کو روزی پہنچانے پر موکل ہے۔ اور اس فرشتے کا بھی نام ہے جو مینہ اور نباتات پر موکل ہے۔ بادل کو بھی کہتے ہیں +

بشتر۔ بشترم۔ ف۔ ورم۔ آماس۔ سوجن +

بشخور۔ ف۔ جھوٹا۔ چوپائیوں کا جھوٹا پانی +

بَشَر۔ ع۔ آدمی۔ انسان۔ اس میں مونث اور مذکر برابر ہیں +

بِشْر حافی۔ ع۔ ایک ولی کامل کا نام ہے جن کی کنیت ابونصر ہے۔ چونکہ وہ ننگے پاؤں پھرا کرتا تھا۔ اسواسطے اسکا لقب حافی مشہور ہو گیا۔ ۲۲۷ھ ہجری میں فوت ہوا۔ اس کی قبر شہر بغداد کے باہر ہے +

بَشَرَہ۔ ع۔ چہرہ۔ مکھ +

بُشْرَاے۔ ع۔ خوشخبری۔ اچھی خبر اور اس غلام کا نام ہے۔ جسنے یوسفؑ کو کنوئیں سے نکالا تھا +

بَشَرِیَّت۔ ع۔ آدمیت +

بشرم رفتن۔ ف۔ شرمندہ ہونا +

بُشِع۔ ع۔ گلوگیر۔ بدمزہ +

بشقاب۔ ت۔ بڑی رکابی +

بشکال۔ ف۔ موسم برسات +

بشک۔ ف۔ عشوہ۔ غمزہ۔ شبنم۔ برف اولا۔ چلمن۔ ایک درخت کا نام بھی ہے اور باشدکہ کا مخفف ہے +

بشک۔ ف۔ زلف +

بشکاری۔ ف۔ کاشتکاری۔ زمیندار +

بشکلیدن۔ ف۔ چھونا +

بشکن بشکن۔ ف۔ بڑا جشن جس میں سب سامان رقص و سرود وغیرہ کا مہیا ہو +

بشگوفہ۔ ف۔ شگوفہ۔ قے کرنا +

بشکول۔ ف۔ جلدی۔ شتاب۔ چست۔ قوی +

بشکوہ۔ ف۔ مخفف ہے باشکوہ کا صاحب شکوہ +

بشم۔ ف۔ ملول خاطر۔ اندوہگین غمناک۔ ناگوار +

بشم۔ ف۔ شبنم کے قطرے۔ بیدین۔ بتقدیر۔ ایک گاؤں کا نام ہے جو طبرستان اور رے کے درمیان واقع ہے اور سرد اور سرسبز جگہ ہے +

بشمہ۔ ف۔ چاکسو جو ایک قسم کا سیاہ رنگ اور براق دانہ ہوتا ہے اور آنکھوں کی دوائی میں کام آتا ہے اور وہ چمڑا جسے دباغت نہ کیا ہو +

بشمشیر سخن گفتن۔ ف۔ لڑائی کرنا۔ قتال کرنا +

بشن۔ ف۔ قد۔ بالا۔ قامت +

بشوتن۔ ف۔ اسفندیار کے بھائی کا نام ہے۔ بندر کو بھی کہتے ہیں +

بشولیدن۔ ف۔ دیکھنا۔ جاننا خراب کرنا پریشان کرنا۔ حیران ہو بیٹھنا +

بَشِیر۔ ع۔ خوشخبری دینے والا۔ مژدہ رسان۔ مبشر۔ اور خوبصورت۔ رسولؐ مقبول کا ایک لقب بھی ہے +

باب الباء موحدہ مع صاد مہملہ

بَصَارت۔ ع۔ نظر۔ آنکھ کی بینائی +

بَصَائِر۔ ع۔ جمع بصیرت کی۔ بینائی حجت روشن +

بصد رنگ شدن۔ ف۔ متغیر ہونا چہرہ کا بسبب شرمندگی کے +

بَصَر۔ ع۔ آنکھ اور بینائی +

بُصَرا۔ ع۔ جمع ہے بصر کی +

بَصْرَہ۔ ع۔ ایشیائی روم کا مشہور شہر ہے +

بَصَرَۃ۔ ع۔ جمع ہے باصر کی +

بَصْرِی۔ ع۔ منسوب بہ شہر بصرہ +

بَصَل۔ ع۔ پیاز +

بَصَلَہ۔ ع۔ ایک گٹھی پیاز کی۔ اور خود لوہے کا +

بَصّی۔ ع۔ خصی +

بصیر - ع - دانا - دانشمند خداوند تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے - جس کے معنے ہیں کل اشیاء ظاہر و باطن کو بغیر آنکھ کے دیکھنے والا ✤
بَصیرت - ع - بینائی دل کی دانائی زیرکی - یقین ✤

باب الباء موحدہ مع ضاد معجمہ

بِضاعت - ع - پونجی - مال - اسباب - سرمایہ ✤
بِضع - ع - تین سے لے کر نو تک پر اسکا اطلاق ہوتا ہے ✤
بُضع - ع - نکاح - عورت کا فرج ✤
بَضع - ع - گوشت کاٹنا - سیراب ہونا ✤
بضع سنین - ع - چند برس جو تین اور نو کے درمیان ہوں ✤
بضعہ - ع - تازہ گوشت ✤

باب الباء موحدہ مع طائے مہملہ

بَط - ع - بطخ - اور مجازاً صراحی شراب کی ✤
بَطالت - ع - معطل ہونا بیکاری اور بیہودگی ✤
بطالت - ع - دلیر ہونا - دلیری ✤
بطال - ع - نکما آدمی - بیہودہ آدمی اور معطل و بیکار اور دلاور ✤
بطانت - ع - راز پوشیدہ - بھید ہر شے کا استر - ارادہ باطنی - دلی دوست ✤

بطاق ابروے کسے کار کردن - ف - کسی کی یاد پر کوئی کام کرنا ✤
بطاق بلند گذاشتن - ف - بھلا دینا - فراموش کرنا ✤
بطائح - ع - جمع بطحا کی - نیچی اور فراخ زمین جہاں سے رو پانی کی گذرے - اور اس کنکر بہت سے ہوں ✤
بطاقہ - کاسہ آنکھوں کا اور پارچہ کاغذ کا جس پر قیمت کپڑے کی لکھ کر تھان وغیرہ پر لگا دیتے ہیں ✤
بَطحا - ع - وادی مکہ معظمہ کی اور مکہ معظمہ سے بھی مراد ہے ✤
بطر - ع - بفتح اول بمعنے زخم کا کھل جانا - اور بفتحتین دہشت حیرانی غفلت - ناسپاسی - نافرمانی بہت خوشی - تونگری - عیش کی فراخی - پھٹی ہوئی زمین ✤
بطرح دادن - ف - کسی جنس کا اپنی رعیت یا نوکروں کے ہاتھ جبراً بیچ دینا ✤
بِطْریہ - ع - بے شرم - بے حیا - زبان دراز - گمراہ ✤
بِطْریق - ع - بجھند نصارا کا - متکبر آدمی - سرہنگ مرغ فربہ - سپہ سالار فوج روم کا - جس کے ماتحت دس ہزار آدمی ہوں - اس کے نیچے جو ہوتا ہے - اُسے طرخان کہتے ہیں - اسکے ماتحت اس سے آدھے آدمی ہوتے ہیں اور اُس سے بھی نیچے قومس ہوتا ہے جس کے زیر حکم دو سو آدمی ہوتے ہیں اسکی جمع بطارقہ آتی ہے ✤
بطِ سر خاب زائے - ف - شراب کی صراحی سے مراد ہے ✤
بَطش - ع - حملہ کرنا - حملہ - دلیری ✤
بَطک - ف - چھوٹی سی صراحی جو شراب کے واسطے بناتے ہیں ✤
بَطَل - ع - بہادر - پہلوان - جمع اس کی ابطال ہے ✤
بُطلان - ع - باطل ہونا - ضایع ہونا - ناچیز ہونا ✤
بطلیموس - یو - ایک یونانی حکیم کا نام ہے - جس کی کتاب مجسطی مشہور ہے ✤
بطن - ع - پیٹ - شکم ✤
بطون - ع - پوشیدگی - اور جمع ہے بطن کی ✤
بطیخ - ع - خربزہ ✤
بطین - ع - بڑے پیٹو ✤
بطی - ع - درنگ کرنے والا - آہستہ ✤
بطیہ - بطو - ع - دیر لگانی - توقف کرنا ✤
بطیطہ - ع - سُرفہ - کھانسی ✤

باب الباء موحدہ مع ظائے معجمہ

بظر - ع - رانجھان ✤
بَظرم - ع - انگوٹھی ✤

باب الباء موحدہ مع عین مہملہ

بعاد - ع - دور کرنا - دور ہونا لعنت نفرین - پھٹکار ✤
بعالمے برطرف افتادہ - ف - خود رائے اور خود پسند آدمی جو کسی کی نصیحت قبول نہ کرے ✤
بَعث - ع - برانگیختہ کرنا - اٹھانا روانہ کرنا - زندہ کرنا - نیند سے جگانا - پراگندہ کرنا - اور قیامت سے بھی مراد ہے ✤
بَعثرت - ع - برانگیختی - اٹھائی بیداری پراگندگی ✤
بعثرہ - ع - پراگندہ ہونا - بکھر جانا ✤
بعث و نشر - ع - روز قیامت سے مراد ہے ✤
بعد - ع - پیچھے - پس ✤
بُعد - دُوری - فاصلہ مرگ - لعنت ✤
بُعد البُعد - ع - اُس دائرے کا نام ہے جو سب افلاک سے اونچا ہے ✤
بُعد المشرقین - ع - فاصلہ مشرق اور مغرب کا - اطلاق دو مشرقوں کا بلحاظ شرافت طلوع آفتاب کے مشرق اور مغرب پر تغلیباً کیا گیا ہے ✤
بعر - بعرہ - ع - پشک مینگنی ✤
بعض - بعضے - ع - کوئی - کچھ ایک ✤
بعضا - ع - پشہ - مچھر ✤
بَعل - ع - نام ایک بت کا ہے - جسے حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم پوجتی تھی - اور بمعنے خداوند صاحب - مالک ✤

جورانیس کا بیٹا - اور اسقلینوس ثانی
کے شاگردوں میں سے تھا - کہتے
ہیں جسنے اول ہی اول فن طب
وضع کیا - یہی شخص تھا - اس کی
عمر ۹۵ برس کی ہوئی ہے - ۱۶ برس
تحصیل علم میں بسر کیے - اور ۷۹ برس
تصنیف و تعلیم و عبادت میں
گذارے - کہتے ہیں کہ بہمن بن اسفندیار
کا ہمعصر تھا ۔

بقعہ - ع - مکان رہنے کا - خانقاہ - مزار ۔
بقل - بقلہ - ع - ساگ پات
جو تخم سے اُگے ۔
بقلۃ الحمقا - ع - خرفہ کا ساگ
اس لفظ کے لغوی معنے احمق
ساگ کے ہیں - چونکہ وہ باوجود
فوائد کثیرہ کے رستوں اور خراب
جگہوں میں اُگ پڑتا ہے اسواسطے
احمق ساگ کہلایا ۔
بقم - ع - مجیٹھ - مشہور لکڑی جو
رنگنے کے کام آتی ہے - فارسی میں
بدون تشدید قاف کے استعمال کرتے
ہیں ۔
بقم کشت - ف - کھیت مجیٹھ کا -
مجازاً وہ جگہ جہاں سرخی ہی سرخی
نظر آئے ۔
بقیت عمر - ع - باقی عمر - عمر کا باقی
حصہ ۔
بقیع - ع - ایک گورستان کا نام ہے
جو مدینہ میں ہے اور جہاں رسول خدا
صلعم کی بیٹی حضرت فاطمہ اور اُن کے
بیٹے امام حسن کا مزار ہے ۔
بقیہ - ع - باقی کا - بچا ہوا - رعایت -
رحمت - طاعت ۔

باب الباء موحدہ مع کاف عجمی

بک - ف - رخسارہ - اور ایک قسم کا کوزہ
جسکا منہ تنگ اور گردن چھوٹی ہوتی
ہے - اور اسے تنگ بھی کہتے ہیں ۔
بک - ف - مینڈک - تربزکا - جنگل
جنگلی - خیار - ماورالنہر میں ایک
شہر بھی ہے ۔
بک - ف - کوئلہ - زغال ۔
بکا - ع - رونا - زاری ۔
بکارت - ع - چہرہ - کنوارا پن -
دوشیزگی ۔
بکار آب بودن - ف - دائم مخمور
رہنے سے مراد ہے ۔
بکار آوردن - بکار بردن -
ف - استعمال میں لانا ۔
بکاغذ بردن - ف - بڑی عزت
اور تعظیم کے ساتھ لے جانا ۔
بکاول - بکاؤل - ف - باورچی
یا باورچی خانہ کا داروغہ ۔
بکر - ع - دوشیزہ - کنواری - پہلوٹھی بچہ -
اول ہر شے کا - مجازاً نازک اور لطیف
اور بالفتح جوان اونٹ - اور نام ایک
قبیلہ اور ملک کا بھی ہے ۔
بکتران - ف - کھجوریں ۔
بکران بہشت - ف - حوران جنت ۔
بکران چرخ - ف - ستارے ۔
بکر پوشیدہ روے - ف - وہ
شراب جو ابھی مٹکے سے نہ نکالی گئی ہو ۔
بکر مشاطہ خزان - ف - شراب
انگوری - وہ شراب جس سے ابھی کچھ نہ لیا ہو
بکر تراشی - ف - کسی عجیب و غریب
امر کا اختراع ۔
بکر نگاہ - ف - وہ معشوق جو ہنوز دلربائی
اداؤں سے ناآشنا ہو ۔
بکرہ - ع - صبح - بامداد ۔
بکرہ - ع - چرخی جولاہوں کی - چرخی جو
پانی بھرنے کیلئے کنوؤں پر لگاتے ہیں ۔
بکسمہ - ف - بوٹی - ٹکڑا گوشت کا ۔
بکسے خلوت کردن - ف - کسی کے
ساتھ اکیلے ہو کر مشورہ کرنا ۔
بکم - ف - بقم اس کا معرب ہے اور عربی
میں اسکے معنے ہیں گونگا ہونا ۔
بکم - ع - جمع ابکم کی - بہت سے گونگے لوگ
جو بول نہیں سکتے ۔
بکمال - ف - پورا کامل ۔
بکور - ع - صبح اٹھنا ۔
بکنایہ رسانیدن - ف - اشارۃً
مطلب کہہ جانا ۔
بکوناک - بکوشہ - ف - لکڑی کی تلوار ۔
بکہ - ع - مکہ معظمہ کا قدیمی نام ہے ۔
بکیاسا - ف - وہ چھوٹی [illegible]
کٹھڑی جو [illegible]
[illegible] ۔

باب الباء موحدہ مع کاف فارسی

بگاہ - ف - [illegible]
[illegible] ۔
بگ - ف - خوک - مینڈک ۔
بگ - ت - مخفف ہے بیگ کا - امیر ۔
بگتارق - ت - ایک آقا کے غلام اور
ایک امیر کا بھی نام ہے ۔
بگتاش - ت - خوارزم کے ایک
بادشاہ کا نام ہے ۔
بگتیان - ف - شاہان ترک کی ایک
قوم کا نام ہے ۔
بگذاشتن - ف - چھوڑ دینا ۔
بگرد آوردن - ف - گردش میں
لانا - پھرنا ۔
بگردن در افتادن - ف - گردن
کے بل گر پڑنا
بگر درفت - ف - بگڑ گیا - تباہ ہو گیا ۔
بگلاسہ - ف - صوبہ بنگالہ کے نواح شرقی
میں ایک ملک کا ہے ۔
بگلر - ت - امیر - دولت مند اور
بزرگ آدمی ۔
بگلر بگ - ت - خان خانان ۔
بگماز - ف - شراب - شراب پینا - پیالہ ۔
بگنگ - ف - دُم کٹا حیوان ۔
بگنی - ف - بوزہ - نبیذ - وہ شراب جو
چاول - جو - جوار وغیرہ سے بنایا جاتا ہے ۔
بگوش دل شنیدن - ف - نہایت
محبت اور خلوص نیت سے سننا ۔

باب الباء موحدہ مع اللام

بل - ع - ترقی اور اضراب کے لئے
آتا ہے - فارسی والے اس کو تحقیق
کا قصد کر استعمال کرتے ہیں ۔

بُلْ۔ ف۔ احمق ۔ بیعقل ۔ ابلہ ۔ بہت جیسے بلہوس ۔ بہت لالچی ✤

بِلْ۔ ف۔ چھوڑ ۔ مخفف ہے ہِل کا۔ جو امر ہے ہلیدن مصدر سے ✤

بَلَا۔ ع۔ آزمانا ۔ امتحان کرنا ۔ زحمت دکھ ۔ تکلیف ۔ نہایت عجیب کام ✤

بلا بر کسے گماشتن۔ ف۔ کسی پر بلا اور مصیبت ڈالنی ۔ دکھ پہونچانا ✤

بلابل۔ ع۔ جمع ہے بلبل کی جو ایک مشہور پرندہ ہے ۔ اور جمع ہے بلبلہ کی جسکے معنے صراحی کے ہیں ✤

بلا یہ۔ ف۔ بیہودہ بکنے والا ۔ بدکار یہ لفظ عورتوں کی نسبت زیادہ مستعمل ہوتا ہے ✤

بلا تحاشی۔ ع۔ بے درنگ ۔ بے اجتناب فوراً ۔ فارسی والے شین پر فتحہ اور بجائے یا کے الف پڑھتے ہیں ✤

بلا تحاشے۔ ع۔ بلا درنگ ۔ بلا اجتناب ✤

بَلارج۔ ف۔ ایک قسم کی گھاس ہے جس سے بوریا بناتے ہیں ۔ بوریئے کو بھی کہتے ہیں ✤

بلا جرح۔ ع۔ بے روک ٹوک ✤

بلا جوے۔ ف۔ بدخواہ دشمن ۔ اور معشوق پر بھی اسکا اطلاق ہوتا ہے ✤

بلاد۔ ع۔ جمع بلد کی ✤

بلادت۔ ع۔ بیوقوفی ۔ کندذہنی ✤

بَلادُر ۔ بلا دُور۔ ف۔ ایک درخت کا نام ہے جسے یونانی میں القرا اور ہندی میں بھلاوہ نہ بھیلہ کہتے ہیں ۔ اور ایک زیور کا نام بھی ہے ۔ جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں ✤

بلادہ۔ ف۔ بدکار ۔ فاسق ۔ مفسد فتنہ انداز ✤

بَلارج۔ ف۔ نام ایک پرندہ کا ہے جسے لگ لگ کہتے ہیں ✤

بَلار۔ ف۔ نام ایک شخص کا ہے اور اشنان کو کہتے ہیں ✤

بلارک۔ ف۔ جوہر ۔ جوہردار تلوار ۔ جوہردار فولاد ✤

بلاز ۔ بلاش۔ ف۔ بلاسبب ۔ بیوجہ ۔ بے سبب ✤

بلاس۔ ف۔ مجازاً بمعنے مکر و فریب ✤

بلاغ۔ ع۔ پہنچانا ۔ کفایت ۔ بس کمال ✤

بلاغات۔ ع۔ جھوٹی سخن آرائیاں ✤

بلاغت۔ ع۔ جوان ہونا ۔ حسب موقع گفتگو کرنی ۔ جیسا حال دیکھنا ویسی گفتگو کرنی ۔ مخاطب کے لائق حال اور مناسب مقام کلام کرنی ۔ خالص اور پاک ہونا کلام کا عیب اور ضعف تالیف سے ✤

بلاق۔ ت۔ ایک مشہور زیور ہے ✤

بلا گردان ۔ بلا چین۔ ف۔ صدقہ ۔ قربان ✤

بلال۔ ع۔ جناب رسول خدا کے موذن کا نام ہے ۔ جو حبش کے رہنے والے تھے ۔ ابتدا میں صدیق اکبر کے غلام تھے انہوں نے اسکو آزاد کر دیا تھا ۔ وہ پہلا آدمی ہے جس نے مکہ میں اسلام قبول کیا آخر عمر میں شام میں سکونت اختیار کی ۔ ساٹھ برس سے زیادہ عمر پا کر سنہ ہجری میں حلب میں وفات پائی ✤

بلالانہ۔ ف۔ بلال جیسے ۔ صالحانہ بے تکلفانہ ✤

بلاہت۔ ع۔ احمق پن ۔ بیوقوفی ۔ سادگی ✤

بلائے سیہ۔ ف۔ آفت بزرگ ✤

بلا یہ۔ ف۔ بمعنے بلابہ جو مذکور ہوا ✤

بلبال۔ ع۔ بمعنے غم ۔ سخت اندوہ ✤

بلبان۔ ف۔ نام ایک ساز کا ہے جو لب اور ہاتھ دونوں کے اشتراک سے بجاتے ہیں ۔ اور اسی سبب سے ہندی میں اُسے مُنہ چنگ کہتے ہیں ✤

بُلبُل۔ ع۔ نام ایک پرندہ خوش الحان کا ہے ۔ جو ولایت میں اکثر ہوتا ہے ۔ ہند میں بھی اس نام کا ایک پرند مشہور ہے لیکن وہ اور ہے ✤

بلبل آملی۔ ع۔ لقب طالب آملی شاعر مشہور کا ہے ✤

بلبل بوستان مازاغ۔ ف۔ پیغمبر آخر الزمان علیہ السلام سے مراد ہے ✤

بلبل شدن۔ ف۔ عاشق ہونا ✤

بلبل رنج۔ ف۔ چغد ۔ اُلّو ✤

بُلبُلہ۔ ع۔ صراحی ۔ آواز صراحی کی ✤

بَلبَلہ۔ ع۔ شدت کا غم ۔ نہایت وسواس ✤

بُلبُلی۔ ف۔ پیالہ ۔ شراب ۔ زرد آلو ایک قسم کا بہت نازک اور لطیف چرخ دار

بَلبَن۔ ف۔ خرفہ ۔ جو ایک قسم کا ساگ ہے ۔ ہندوستان کے ایک بادشاہ کا نام بھی ہے ۔ جو دہلی کے خاندان غلامان میں ایک بڑا با اقتدار بادشاہ تھا ✤

بَلبُوس۔ ف۔ بَصَلُ الذّئب ۔ صحرائی پیاز ۔ خشخاس زبدی ✤

بلچار۔ ت۔ وعدہ ✤

بَلخ۔ ع۔ خراسان کے ایک مشہور شہر کا نام ہے ۔ جو دریائے جیحون کے کنارے پر آباد ہے اور ان دنوں امیر قابل کے زیر فرمان ہے ✤

بلخم۔ ف۔ گوپھیا ۔ فلاخن ۔ پنجابی ۔ گھبانی ✤

بَلَد۔ ع۔ شہر ۔ اور فارسی میں رہبر پیشوا ۔ واقف ✤

بُلدان۔ ع۔ جمع بلد کی ۔ شہر ✤

بلدہ۔ ع۔ شہر ✤

بلسان۔ ع۔ بیندھی کے درخت کے برابر ایک چھوٹا سا درخت ہے جو سوائے مقام عین الشمس کے جو علاقۂ مصر میں ہے کہیں نہیں اُگتا۔ اس کا تیل بہت مفید ہوتا ہے ✤

بلسک ۔ بلشک۔ ف۔ لوہے کی ایک میخ ایک طرف سے چوڑی ہوتی ہے۔ جو نان بائی اپنے پاس رکھتے ہیں اور اس سے تنور کی آگ کو ہلاتے اور روٹی کے جلے ہوئے ٹکڑے اُتارتے ہیں ✤

بلسن۔ ف۔ عدس ۔ مسور جو ایک قسم کا غلہ ہے ✤

بلع۔ ع۔ نگل جانا ✤

بلعام ۔ بلعم باعور۔ ع۔ بنی اسرائیل میں سے ایک ولی کامل کا نام ہے جسکی

دعاسے موسیٰ علیہ السلام چالیس برس تک بیابان میں سرگرداں رہے آخر یوشعؑ کی دعا سے خلعت ولایت اُس سے چھینا گیا۔ اور وہ کمبخت مردود ازلی ہوا۔ باعور اسکے باپ کا نام تھا +

بَلَغ۔ ع۔ پہونچا۔ منزل مقصود پر آگیا صیغہ ماضی کا ہے +

بُلغار۔ ف۔ اصل میں بُن غار تھا۔ نام ایک شہر کا ہے جو سکندر نے قریب ظلمات کے بسایا تھا۔ شمالی روس کا ایک حصہ جو سائبیریا کہلاتا ہے۔ اِسکے ایک بڑے شہر کا نام بھی ہے +

بلغاق۔ بلغاک۔ ف۔ غوغا۔ فتنہ۔ فساد +

بُلَغا۔ ع۔ جمع بلیغ کی +

بلغد۔ بلغدہ۔ بلغند۔ بلغندہ ف۔ ایک دوسرے پر رکھا ہوا۔ اکٹھا۔ گندہ اور خراب کے معنوں میں مستعمل ہے +

بلغم۔ ع۔ اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام ہے +

بلغمی ع۔ بلغم والا +

بلغندر۔ ف۔ بیفید۔ بیدیانت +

بلغور۔ ف۔ دَلیا جو پکا کر کھاتے ہیں گندم وجو کا دلیا +

بلغونہ۔ ف۔ گلگونہ کے وزن اور معنوں میں اسے الغونہ۔ الگونہ۔ گلغونہ بھی کہتے ہیں +

بَلَغَہ۔ ع۔ علامت مقابلہ کی جو حاشیہ کتاب پر لکھی جاتی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کتاب یہاں تک صحیح ہو چکی۔ اور جمع ہے بالغ کی +

بلقدر۔ بلقندر۔ ف۔ بیدین۔ بیدیانت۔ مُلحِد +

بلقیس۔ ع۔ ملکہ شہر سبا کی جس کے حسن وجمال اور فضل وکمال کی خبر ہدہد نے حضرت سلیمان کو پہونچائی تھی۔ اور انہوں نے اس سے نکاح کیا تھا۔ اس کا قصہ مشہور ہے +

بلکہ۔ ف۔ کلمہ اضراب اور ترقی کا ہے +

بَلَک۔ ف۔ تحفہ جو دوست دوستوں کو دیتے ہیں۔ نئی چیز +

بلکفدہ۔ بلکفد۔ ف۔ رشوت +

بلکامہ۔ ف۔ وہ شخص جو بہت آرزو رکھتا ہو +

بلکک۔ بلکل۔ ف۔ شیر گرم پانی +

بلمہ۔ ف۔ دراز ریش۔ پنجابی میں ڈاڑھا اس شخص کو بھی کہتے ہیں کہ جس کی ڈاڑھی گھنی ہو +

بلند۔ ف۔ اونچا۔ دراز۔ بزرگ۔ کثیر۔ بسیار +

بلند بالا۔ ف۔ اونچے قد والا +

بلند شدن بہا۔ ف۔ بڑھ جانا نرخ کا۔ گراں ہو جانا +

بلند شدن روز و سخن و شب ف۔ انکا دراز ہونا +

بلند شنیدن۔ ف۔ کم سننا +

بلند نظر۔ ف۔ عالی ہمت +

بلندی۔ ف۔ درازی۔ رفعت اونچائی +

بلند گرائے۔ ف۔ وہ شخص جس کا میلان بلندی اور رفعت کی طرف ہو۔ معزز۔ مفتخر۔ رفیع القدر +

بلند۔ بلندین۔ ف۔ چوکھٹے یا دروازے کے اوپر کی لکڑی +

بلوا۔ ع۔ زحمت۔ دکھ۔ بلا +

بلوچ۔ ت۔ پٹھانوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے۔ مرغ کے تاج کو بھی کہتے ہیں +

بلوچستان۔ ف۔ افغانستان کے جنوب میں ہند اور ایران کے درمیان ایک ملک ہے۔ جس میں کیچ۔ مکران۔ اور قلات بڑے شہر ہیں +

بلّور۔ بلور۔ ع۔ نام ایک قسم کے صاف وشفاف پتھر کا ہے۔ جس کے برتن بنتے ہیں +

بلوط۔ ع۔ نام ہے ایک بڑے درخت کا جس کی چھال سے چمڑے رنگے جاتے ہیں اور جس کا پھل سستا سپاری ہوتا ہے +

بُلوغ۔ بُلوغت۔ ف۔ پہونچنا۔ حد جوانی کو پہونچنا۔ بالغ ہونا +

بُلوک۔ ف۔ شراب پینے کا ایک ظرف ہوتا ہے۔ جو کسی حیوان کی صورت پر بنایا گیا ہو +

بُلوکات۔ ت۔ جمع ہے بلوک کی پرگنہ قصبہ۔ دہ +

بُلَہ۔ ع۔ جمع ابلہ کی۔ بیوقوف۔ نادان بھولا۔ سیدھا سادہ +

بلی۔ بلے۔ ف۔ آرے۔ ہاں +

بلیات۔ ع۔ جمع بلا کی +

بلید۔ ع۔ کند ذہن آدمی۔ کم سمجھ افسردہ دل۔ کودن +

بلیغ۔ ع۔ رسا۔ قابل۔ خوش تقریر آدمی جو بمقتضائے مقام کلام کرے +

بلیلہ۔ ع۔ بہیڑہ +

بلیناس۔ ع۔ نام ایک حکیم کا ہے جو سکندر کا انیس وجلیس تھا +

بلیّہ۔ ع۔ دکھ۔ رنج۔ سختی۔ آزمائش +

باب البائے موحدہ مع المیم

بم۔ ف۔ آواز راگ کی جو اونچی ہو اونچی سُر بخلاف زیر کے جو نیچے سُر ہوتی ہے۔ کرمان کے نزدیک ایک قلعہ بھی اس نام کا ہے۔ کسی کے سر اور دستار پر ہاتھ مارنے کو بھی کہتے ہیں +

بمان۔ ف۔ چھوڑ۔ رہ۔ ماندن سے امر حاضر کا صیغہ ہے +

بمجرّد۔ ع۔ فوراً۔ جبھی +

باب البائے موحدہ مع النون

بن۔ ف۔ باغ۔ زراعت۔ کھلیان ایک میوے کا نام بھی ہے +

بُن۔ ف۔ جڑ۔ اصل۔ بنیاد۔ پیلیان رخت۔ اسباب۔ قہوہ +

بِنا۔ ع۔ عمارت۔ بنیاد۔ مکان۔ بنیاد مکان کی +

بنّاء۔ ع۔ معمار۔ عمارت بنانیوالا +

بناءً علیہ ۔ بناءً علیٰ ہٰذا ۔ ع ۔ بنا بر آں ۔ اس لئے ۔ +
بنا برین ۔ ف ۔ اسلئے ۔ اسواسطے ۔ +
بنات ۔ ع ۔ جمع بنت کی ۔ بیٹیاں ۔ لڑکیاں ۔ +
بنات الدہر ۔ ع ۔ حوادث زمانہ ۔ تکلیفیں ۔ +
بنات النعش ۔ ع ۔ بنات تین ستارے نعش کے پایۂ شرقی کے قریب ہیں ۔ اور نعش چار ستارے پلنگ کی صورت کے یہ سب مل کر سات ستارے ہوئے ۔ یہ ساتوں قطب شمالی کے قریب ہیں ۔ اور سب کے سب قطب کے گرد پھرتے ہیں ۔ انہیں سات سہیلیوں کا جھمکا بھی کہتے ہیں ۔ +
بناچار ۔ ف ۔ ضرور ۔ لابد ۔ +
بنادر ۔ ف ۔ جمع بندر کی وہ منڈیاں جو ساحل بحر پر واقع ہوں ۔ +
بنادیق ۔ ع ۔ جمع ہے بندوق کی ۔ +
بناغ ۔ ف ۔ سوکھی لکڑی ۔ تار عنکبوت ۔ لکھنے والا دبیر ۔ دو عورتیں جو ایک ہی مرد کے نکاح میں ہوں ۔ وہ ایک دوسرے کی بناغ کہلاتی ہیں ۔ +
بناف کسے چیزے نہادن ۔ ف ۔ رشوت دینا ۔ +
بنا کردن ۔ بنا نہادن ۔ ف ۔ بنیاد ڈالنی ۔ تعمیر کرنا ۔ +
بناگوش ۔ ف ۔ نرمۂ گوش ۔ کان کی لو ۔ +

بناگوش کردن ۔ ف ۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو دائی بچے کے منہ میں انگلی ڈالتی ہے ۔ اور اس کا تالو اٹھاتی ہے ۔ اطاعت سے بھی مراد ہے ۔ +
بنام ۔ ف ۔ ہمنام ۔ جیسے ترکی میں آدرش کہتے ہیں ۔ +
بنام ایزد ۔ ف ۔ بمعنی بنام خدا ۔ تعجب کے مقام پر یہ کلمہ بولا جاتا ہے ۔ اور دفع چشم زخم کے لیئے بھی ۔ +
بنان ۔ ع ۔ انگلیوں کی پوریاں ۔ جمع بنانہ کی ۔ +
بنانج ۔ ف ۔ سوت ۔ سوکن ۔ بمعنے آخر بن بناغ ۔ +
بن بخت بر زمین بالیدن ۔ ف ۔ بخت و دولت کی استواری سے مراد ہے ۔ +
بنایان فلک ۔ ع ۔ عقول عشرہ ۔ +
بنت ۔ ع ۔ بیٹی ۔ لڑکی ۔ +
بنت العنب ۔ بنت الکرم ۔ ف ۔ دختر رز ۔ انگوری شراب ۔ +
بنج ۔ ف ۔ بھنگ ۔ دو عورتیں جو ایک دوسرے کی سوت ہوں ۔ +
بنجشک ۔ ف ۔ گنجشک ۔ چڑیا ۔ +
بند ۔ ف ۔ بدن کا جوڑ ۔ بند حسن قید فکر ۔ تدبیر ۔ عہد و پیمان و شرط ۔ کشتی کا داؤ ۔ غم وغصہ و محنت ۔ قفل ۔ رہن ۔ گرہ ۔ مکر ۔ حیلہ ۔ کمربند ۔ تکمہ کرتے یا کرتی کا ۔ رسی ۔ نظم ترجیع اور ترکیب کا بند جو ایک شعر کا ٹکڑا کہتا ہے جو کچھ اشعار کے بعد لاتے ہیں ۔ روک ۔ جو پانی کے بہاؤ کے آگے باندھتے ہیں ۔ عقد ۔ گرہ ۔ خیال ۔ مقام زنجیر جو مجرموں اور دیوانوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں ۔ پترے جو صندوقوں وغیرہ کے جوڑ کے مقام پر لگاتے ہیں ۔ +
بند امیر ۔ ف ۔ شیراز کے گرد و نواح میں ایک بند ہے جو عضدالدولہ دیلمی کے زمانے میں اسکے حکم سے کسی امیر یا امیر نام ایک مسافر نے بنوایا ۔ +
بند بر درم نہادن ۔ ف ۔ اس کو روکے رکھنا ۔ صرف میں نہ لانا ۔ +
بند بر گرفتن ۔ ف ۔ قید اٹھا دینی ۔ چھوڑ دینا ۔ +
بند بستن ۔ ف ۔ توقع رکھنا ۔ امید رکھنا ۔ +
بند خانۂ نے ۔ ف ۔ پوری گنے کی ۔ +
بندر ۔ ف ۔ کنارہ سمندر کا جہاں کشتیاں اور جہاز ٹھہرتے ہیں ۔ وہ شہر جو ساحل بحر کے قریب واقع ہو ۔ اور وہاں کشتیاں اور جہاز آکر لنگر ڈالیں جیسے سورت ۔ بمبئی ۔ وغیرہ ۔ یہ لفظ اصل میں بند در ہے روک دریا یا سمندر کی اسے ۔ کبھی الٹ کر دربند بھی بولتے ہیں ۔ +
بندق شکستن ۔ ف ۔ بوسہ دینا ۔ +
بندک ۔ بنجک ۔ بندش ۔ ف ۔ دھنکی ہوئی روئی کا گالہ سا جو کاتنے کے واسطے بنایا جاتا ہے ۔ +
بندگی ۔ ف ۔ خدمت کرنی ۔ غلامی ۔ عبادت ۔ سلام ۔ +

بند نہادن ۔ ف ۔ پاؤں میں بیڑی ڈالنی ۔ قید کرنا ۔ روکے رکھنا ۔ +
بندمہ ۔ بندیمہ ۔ ف ۔ وہ تکمہ جو گریبان میں لگاتے ہیں اور انکے توے گریبان بھی کہتے ہیں ۔ +
بندوق ۔ ف ۔ تفنگ ۔ اصل میں بندق تھا جسکے معنے غلولہ کے ہیں از قبل تسمیۃ الشئے باسم ما فیہ ۔ +
بندوبست ۔ ف ۔ ربط و ضبط ۔ انتظام ۔ +
بندہ ۔ ف ۔ غلام ۔ عبد ۔ +
بندی ۔ ف ۔ قیدی ۔ اسیر ۔ +
بندیخانہ ۔ ف ۔ قیدخانہ ۔ حوالات ۔ +
بندیوان ۔ ف ۔ نگہبان قیدیوں کا ۔
بنفس نفیس ۔ ع ۔ اپنی ذات پاک سے اپنے آپ ۔ تعظیم کے موقع پر استعمال کرتے ہیں ۔ +
بنفسہ ۔ ف ۔ بذات خود ۔ +
بنفش ۔ ف ۔ بنفشئی ۔ نیلا ۔ +
بنفشہ ۔ ف ۔ ایک قسم کی مشہور گھاس ہے ۔ جس کی ٹہنیاں باریک اور پھول نیلے رنگ کا ہوتا ہے ۔ دوائی کے بہت کام آتا ہے ۔ اور اس کا شربت مشہور ہے معرب اس کا بنفسج ہے ۔ اور مزاج اسکی سرد و تر ہے ۔ +
بنفشہ گون طارم ۔ ف ۔ آسمان سے مراد ہے ۔ +
بنفشہ گون مہد ۔ ف ۔ آسمان اور زمین دونوں سے مراد ہے ۔ +
بنصر ۔ ع ۔ انگلی جو وسطی ۔

ریچ کی انگلی) اور خنصر (چھنگلیا) کے بیچ میں ہے +

بنقد - ف - فی الفور - فی الحال - اسی وقت +

بنگ - ف - بھنگ +

بن کار خوردن - ف - کام کی انتہا اور عاقبت کے واسطے اندیشہ کرنا +

بنگالہ - ف - ایک مشہور ولایت جو ہندوستان کے مشرق کی جانب ہے - کلکتہ جو سارے ہندوستان کا دارالسلطنت ہے - اسی میں ہے +

بنگاہ - ف - مکان - پڑاؤ - خیمہ - منزل - اور جگہ جہاں پر اسباب اور جنس رکھیں +

بنگران - ف - کھرین - قرابہ +

بنگرہ - ف - اور ... جو عورتیں بچوں کو سلانے کے وقت گاتی ہیں +

بنگش - ف - ماوراءالنہر میں ایک ولایت کا نام ہے - وہاں کے باشندوں کو بھی بنگش کہتے ہیں +

بنگو - ف - اسبغول - بزرقطونا +

بن گوش - ف - کان کی لو - اطاعت اور انقیاد اور صدق اور ادب تمام سے مراد ہے +

بنوان - ف - زراعت اور کھلیان کا نگہبان +

بنو ماش - ف - مونگ - ماش +

بنون - بنین - ع - بیٹے - جمع ابن کی +

بنوۃ - ع - بیٹا ہونا +

بنہ - ف - اسباب - رخت - جڑ - بنیاد +

بنہ بستن - ف - سفر کرنا - سفر کو تیار ہونا - تہیۂ سفر +

بنی - ع - جمع ابن کی - پسران - بیٹے +

بنیاد - ف - نیو - کسی چیز کی جڑ +

بنیاد بد نہادن - ف - بری رسم ایجاد کرنی +

بنیاد بر سنج نہادن - ف - بیثباتی سے مراد ہے +

بنیاد بر افگندن - بنیاد بر انداختن - ف - خراب اور منہدم کرنا +

بنی اسرائیل - ع - یعقوبؑ کی اولاد +

بنی اعمام - ع - چچیرے بھائی +

بنیامین - ع - بس (بر وزن اسرافیل) یوسفؑ کے حقیقی چھوٹے بھائی کا نام ہے +

بنیان - ع - بنا گھر کی - نیو +

بنی تمیم - ع - عرب کے ایک قبیلہ کا نام ہے +

بنی شیبہ - ع - عرب کے ایک قبیلہ کا نام ہے +

بنی طے - ع - یمن کے ایک قبیلہ کا نام ہے - حاتم طائی اسی میں ہوا ہے +

بنی عامر - ع - عرب کے ایک قبیلہ کا نام ہے +

بنی فاطمہ - ع - اولاد حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی +

بنی نوع البشر - بیٹے جنس انسان کے +

بنیہ - ع - بنیاد - سرشت +

باب الباء الموحدہ مع الواو

بو - ف - رایحہ - اور مخفف ہے بود کا +

بوا - ع - جواب - اقرار کرنا +

بواب - ع - دربان - چوکیدار دروازے کا +

بوابت - ع - دربانی - چوکیداری +

بوادیہ - ع - جمع بادیہ کی - صحرا - جنگل +

بوار - ع - ہلاکت - خرابی +

بوارق - ع - جمع ہے بارقہ کی - جس کے معنے ہیں روشن چیز - چمک - روشنی - تلوار +

بو اسحاقی - ع - نیشاپور میں فیروزہ کی ایک کان ہے +

بواطن - ع - جمع باطن کی +

بواعث - ع - جمع باعث کی +

بوا فراز - ف - گرم مصالح +

بواقی - ع - جمع ہے باقی کی +

بوالحسن - ع - کنیت جناب علی مرتضیٰ کی ہے +

بوالعجب - ع - تعجب - حیرانی +

بوالفضول - ع - سست آدمی - جو بیٹھا ہوا باتیں بنایا کرے +

بوالہوس - ع - ہوسناک - حریص +

بو الہیجا - ع - حضرت علیؓ کی کنیت ہے +

بوبک - ف - کنواری لڑکی - پدبد - ہندی میں احمق کو بھی کہتے ہیں +

بوتراب - ع - امیر المومنین حضرت علیؓ کی کنیت ہے +

بوتہ - ف - شاخدار درخت - پودا - جھاڑی - پنجابی میں اسے بوٹا کہتے ہیں - پانی پینے کی عادت والی اونٹ کا بچہ +

بوتہ خار - ف - خاردار جھاڑی +

بوتہ خاک - ف - قالب انسانی - آدمی کا بدن +

بوتیم - ف - (بواو معروف) ایک پرندہ ہے +

بوتمام - ع - عرب کے ایک نامی گرامی شاعر کا نام ہے - جس کی تصنیف سے ایک بڑا فصیح دیوان حماسہ نام ہے - دوسری صدی ہجری کے اواخر میں وہ پیدا ہوا اور ۲۳۱ہ ہجری میں موصل ... میں وفات پائی +

بوتیمار - ف - بگلا - اندرونی معنے اس لفظ کے صاحب غمخوار کے ہیں - غم کھانے والا کے ہیں - چونکہ وہ دریا کے کنارے بیٹھا رہتا ہے - اور اس وہم سے کہ کہیں اس کے پینے سے دریا کا پانی کم نہ ہو جائے - باوجود پیاس کے پانی نہیں پیتا - اس سبب سے بوتیمار کہلایا +

بوحنیفہ - ع - امام اعظم رحمۃ اللہ کوفی کی کنیت ہے +

بوخلاف - ع - شیطان کی کنیت ہے +

بود - بودش - ف - ہستی - وجود - بود - بودن مصدر سے - ماضی مطلق کا صیغہ ہے +

بودادن - ف - بھونا - میوون کا +

بودن - ف - ہونا - رہنا +

بوذرہ - ف - نام ایک پرندہ کا ہے

جسے عربی میں سلویٰ کہتے ہیں +
بود و باش۔ ف۔ بناس رہنا سہنا +
بور۔ ف۔ (بواو مجہول) سرخ رنگ گھوڑا۔ شتر۔ وہ۔ ہو۔ ورقی سے اعربی ہے +
بورک۔ ف (بر وزن کوچک)۔ سموسہ +
بورہ۔ ف۔ کھانڈ۔ معرب اس کا بورق ہے +
بوریا۔ ف۔ چٹائی۔ حصیر +
بوریا باف۔ ف۔ بوریا بننے والا +
بوز۔ بوزنگ۔ ف۔ سبزی یا سفیدی جو پرانی روٹی یا اچار پر بباعث رطوبت کے مثل روئی کے بیٹھ جاتی ہے۔ پنجابی میں اُسے اُلّی کہتے ہیں۔ ایک سیاہ رنگ کی بھڑ بھی ہوتی ہے۔ جو پھولوں پر اکثر بیٹھتی ہے۔ درخت کے تنے کو بھی کہتے ہیں +
بوز۔ ف۔ نیلے رنگ کا سفیدی مائل گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑا۔ کنایۃً تیز فہم اور صاحب ادراک آدمی +
بوزار۔ ف۔ گرم مصالح +
بوزہ۔ ف۔ ایک قسم کی ہلکی شراب جسے انگریزی میں بیر شراب کہتے ہیں۔ درخت کا تنہ +
بوزنہ۔ بوزینہ۔ ع۔ مخفف ابو ہے اور زنہ بمعنے تہمت کے ہیں۔ باپ تہمت کا کنیت بندر کی ہے
بوس۔ ف۔ چومنا۔ بوسہ
بُوس۔ ع۔ شدت۔ دُکھ۔ رنج +
بوستان۔ ف۔ پھلواڑی +

بوستان افروز۔ ف۔ گلخہ +
بوستان گل نما۔ ف۔ آسمان سے کنایہ ہے +
بوسعید۔ ع۔ کنیت جناب محبوب سبحانی شیخ عبد القادر جیلانی کی ہے +
بوسلیک۔ ف۔ موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک مقام کا نام ہے +
بوس و کنار۔ ف۔ پیار کرنا۔ اور بغل میں لینا +
بوسہ۔ ف۔ چومنا۔ پیار +
بوسہ شکستن۔ ف۔ چومنا۔ اس طرح چومنا جس سے آواز پیدا ہو +
بوسہ گرفتن۔ بوسہ خوردن
بوسہ زدن۔ ف۔ چومنا۔ بوسہ لینا +
بوسیدن۔ ف۔ چومنا۔ بوسیدہ ہونا
بوسیدہ۔ ف۔ کہنہ۔ پُرانا۔ گلا ہوا۔ سڑا ہوا +
بوش۔ ف۔ قدرت رکھنا۔ قدرت اور بہ سکون ثانی بمعنے کر و فر۔ تجمل۔ خود نمائی +
بوشاسب۔ بوشباس۔ ف۔ خواب دیکھنا +
بوشناس۔ ف۔ وہ شخص جس کی قوت شامہ ٹھیک اور درست ہو +
بُوطالب۔ ع۔ جناب رسولؐ خدا کے چچا کی کنیت ہے۔ جو حضرت علیؑ کے باپ تھے +
بوعمر۔ ع۔ علم قرأت کے ایک امام کا نام ہے +
بوعلی سینا۔ ع۔ نام ایک حکیم مشہور کا ہے۔ جس کا باپ عبد اللہ نام ابتدا میں بلخ کا عامل تھا۔ بعدہ حمید نوح بن منصور کے زمانہ میں بخارا آیا۔ اور حرمن نام ایک گاؤں کا عامل مقرر ہوا۔ چند عرصہ کے بعد ستارہ نام ایک عورت سے نکاح کیا۔ شہر صفر ۳۷۰ھ ہجری میں اس کے ہاں بوعلی پیدا ہوا۔ ۱۲ برس کی عمر میں اس نے اکثر ضروری علوم و فنون سے فراغت حاصل کی۔ اور بعض علوم اس پر بعدہ منکشف ہوئے شمس الدولہ کے ہاں عہدہ وزارت پر ممتاز ہوا آخر ۴۲۸ھ ہجری رحلت کی۔ اٹھارہ بڑی عمدہ اور نفیس کتابیں تصنیف کر گیا۔ چنانچہ اشارات اور حاصل محصول اور شفا۔ نجات و قانون اس کی تصنیف سے مشہور ہیں +
بُوغرہ۔ ف۔ ایک قسم کا کھانا ہے۔ جو گوشت اور آٹا ڈال کر پکاتے ہیں +
بوف۔ ف۔ الو۔ بوم۔ چغد +
بوفروش۔ ف۔ مشک فروش عطار +
بوق۔ ت۔ کرنائی۔ سرنائی۔ نفیری +
بگل شکار کے وقت جو سینگ بجاتے ہیں۔ اسکو بھی بوق کہتے ہیں +
بوقلمون۔ ع۔ ایک قسم کا رومی دیبا جو بلحاظ مختلف رنگوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ گرگٹ۔ جرباء۔ یہ لفظ اصل میں ابو قلمون ہے۔ فارسی والوں نے اس کا الف اُڑا دیا۔ اور بقاعدہ تجرید اسے صرف ،، رنگا رنگ ،، کے معنے میں استعمال طرح کرنے لگے اس عالم اور دنیا سے بھی مراد ہے +
بوقبیس۔ ع۔ مکہ معظمہ کے قرب و جوار میں ایک پہاڑ کا نام ہے +
بُوک۔ ف۔ (بواو معروف) مخفف ہے بودکہ کا۔ جو آرزو ظاہر کرنے کو بجائے کاشکے۔ جیسے لعل کے آتا ہے +
بوک و مگر۔ ف۔ مرکب ہے بوک اور مگر سے جو شتے اور نہری کے لگتے ہیں۔ مرکب بمعنے لیت و لعل۔ حیلہ و حوالہ۔ ٹال مٹول +
بَول۔ ع۔ موت۔ پیشاب۔ شاشہ +
بولہب۔ ع۔ جناب رسولؐ خدا کے چچا کا نام ہے جسکا آنحضرت سے عداوت رکھنے کے باعث یہ نام ہوا +
بُوم۔ ع۔ اُلّو۔ نام ایک پرند منحوس کا ہے۔ جو رات کو اُڑتا اور بولتا ہے +
بُوم۔ ف۔ زمین جس میں ہل نہ چلا ہو۔ بخلاف مرز کے جس میں ہل چلا ہوا ہوتا ہے۔ مطلق منزل جگہ مقام +
بومھن۔ ف۔ زلزلہ۔ بھونچال +
بوھیمن۔ ف۔ بروزن خوشہ چین زمین لرزہ۔ بھونچال +
بُون۔ ف۔ حصہ۔ بخرہ +
بُون۔ بوگان۔ ف۔ رحم عورت کا۔ بچہ دان۔ آسمان +
بُوند۔ ف۔ آہستگی۔ نرمی +
بَوندہ۔ بَوند۔ ف۔ بمعنے باشندہ مغرور آدمی +

بوہمان ف۔ عورت کا رحم۔ بچہ دان ملان اور بہمان کے معنوں میں بھی آیا ہے۔
بوہی ف۔ رایحہ۔ بہرہ۔ نصیب خو۔ طبیعت۔ امید۔ آرزو۔ خواہش طمع۔
بوہی ف باشی۔
بویا ف۔ بو دینے والی شے۔
بویا فتن ف۔ سراغ پالینا۔
بوی افزار ف۔ مصالح طعام۔
بو یزید ع خواجہ بایزید بسطامی جن کا ذکر ہو چکا۔
بوی پرست۔ ف وہ شکاری کتا جو بو سونگھ کر شکار کا پتہ لگاتا ہے۔
بویژہ ف دبیاے مجہول) خاص کر
بوی شیر آمدن از دہان کسی ف۔ کسی کے ہونٹوں سے دودھ کی بو آنا۔ اس کا شیر خوارہ ہونا۔ بچہ ہونا۔ بچہ کی سی عقل رکھنا۔ انجان ہونا۔
بوئیدن ف۔ سونگھنا سونگھانا۔
بویہ۔ ف۔ آرزومندی۔ خواہش شاہترہ۔ بویہ ایک آدمی کا نام بھی ہے جس کی اولاد سے امیر عماد الدولہ نے آل بویہ کی سلطنت کی بنیاد ڈالی۔ اسی خاندان کے بادشاہوں کو ملوک دیالمہ بھی کہتے ہیں۔ ان میں سے سترہ آدمیوں نے کوئی تین سو سال تک سلطنت کی۔

باب الباے موحدہ مع ہاے ہوز

بہ۔ ف۔ اچھا۔ خوب۔ نیک۔ اور نام ایک میوہ مشہور کا ہے۔
بہاء ع۔ روشنی۔ رونق۔ حسن خوبصورتی۔ زیبائی۔ فارسی والے اسے اکثر قیمت کے معنے میں استعمال کرتے ہیں۔
بہادر۔ بیر۔ سورما۔ شجاع۔
بہار۔ ف۔ بسنت۔ فصل ربیع۔
بہار۔ ف۔ ہندوستان میں ایک ولایت کا نام ہے۔
بہاران ف۔ بہار کا موسم فصل ربیع۔
بہارخانہ۔ ف۔ بت خانہ۔ مندر۔
بہارستان ف۔ نام ایک کتاب کا ہے۔ جو مولانا جامی کی تصنیف سے گلستان سعدی کے جواب میں ہے۔
بہارلو۔ ف۔ ملک ایران میں ایک قوم کا نام ہے۔ آصف الدولہ بہادر شاہی اسی قوم سے تھا۔
بہاری۔ ف۔ منسوب بہ بہار اور اکبر بادشاہ کے ایک بیٹے کا لقب ہے۔
بہ افتاد ف۔ بہبودی۔ بہتری رفاہ حال۔
بہ آفرید۔ بہ آفرین ف۔ اسفندیار بن گشتاسپ کی بہن کا نام ہے۔ جس کو ارجاسپ شاہ چین نے قید کر لیا تھا۔ اور اسفندیار نے ارجاسپ کو قتل کر کے چھڑا لایا تھا۔
بہادر۔ **بہاگیر**۔ ف۔ قیمتی چیز۔ وہ چیز جس کی قیمت بہت ہو۔
بہانہ ف۔ حوالہ۔ سبب وجہ۔
بہانگر۔ ف۔ نام ایک شہر کا ہے جس کا اصلی نام بھونگر ہے۔
بہایم۔ ع۔ جمع بہیمہ کی۔ چوپایہ جانور۔
بہ ہاے ہاے گریستن ف۔ زار زار رونا
بہبود / **بہبودی** ف۔ بہتری۔ بھلائی کسی کے حق میں اچھی بات ہونی۔
بہت / **بھٹ** ف۔ شیر برنج۔ کھیر۔
بہت ف۔ دریاے جہلم کا نام ہے۔
بہتان ع۔ دوس۔ افترا۔ جھوٹ دروغ بندی۔
بہتت۔ ع۔ حیرت۔ تحیر۔ حیرانی
بہتر۔ ف۔ بہت اچھی چیز
بہترین۔ ف۔ بہت ہی اچھی چیز نہایت اچھی چیز۔
بہجت ع۔ خوشی۔ تازگی۔ زیبائش خوبی۔
بہر۔ ف۔ واسطے۔ لئے۔ باعث حصہ۔ نصیبہ۔
بہرام۔ ف۔ ستارۂ مریخ جو پانچویں آسمان پر ہے۔ عراق کے ایک بادشاہ کا نام ہے۔ جو بڑا عادل اور سخی تھا چونکہ گورخر کے شکار کی طرف نہایت قلبی میلان رکھتا تھا۔ اس واسطے بہرام گور بھی مشہور ہے۔ ہرمز بن نوشیرواں کے سپہ سالار کا نام بھی تھا۔ ہر شمسی مہینے کا بیسواں دن۔
بہرام چرخ ف۔ ستارۂ مریخ۔
بہرام چوبین ف۔ ہرمز بن نوشیرواں کے سپہ سالار کا نام ہے۔ چونکہ اس کا بدن سوکھا ہوا اور نہایت دبلا تھا۔ اس واسطے اس نام سے مشہور ہوا۔
بہرام صحرانشین ف۔ بہرام گور جو گورخر کے شکار کے واسطے اکثر جنگل میں پھرا کرتا تھا۔
بہر حال ف۔ ہر طرح سے۔ سب طرح سے۔
بہرمہ ف۔ برما جس سے ترکھان لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں۔
بہروج۔ بہروجہ۔ بہروز۔ بہروزہ ف۔ سیاہ رنگ کے کم قیمت بلور کو کہتے ہیں۔
بہرہ ف۔ حصہ۔ نصیب۔ قسمت
بہرہ۔ ف۔ گجرات میں ایک قوم ہے۔
بھیرہ۔ ہ۔ بھیرہ جو دریاے جہلم کے کنارے شاہ پور کے ضلع میں ایک پرانا مشہور شہر ہے۔
بہرہ ور / **بہرہ مند** ف۔ نصیبہ والا۔ خوش قسمت

بہرمان ف گل معصفر ۔ کسنب

بہزاد ف نام ایک بے نظیر نقاش کا ہے جو بادشاہ اسمٰعیل صفوی کے زمانہ میں ہؤا ہے ۔

بہشت ف جنت ۔ باغ

بہشت خوردن ف ۔ اس کی نعمتوں سے متمتع ہونا ۔ حصہ پانا

بہشت ۔ بہشتی رو ۔ بہشت سیما ف ۔ محبوب خوبصورت

بہفت آب شستن / بہفتاد آب شستن } ف ۔ بڑی کوشش سے دھونا ۔

بہق ع ۔ چھیپ ۔ جسم پر داغ جو پڑ جاتے ہیں ۔

بہ گزیں ف ۔ چھانٹ پر چھانٹ ۔ چھانٹتا ہؤا ۔ چھانٹنے والا ۔ چھانٹنا

بہل ف چھوڑ دے ۔

بہلول ع (بواو معروف) ہنس مکھ آدمی ۔ سردار قوم ۔ نام ایک ولی کامل کا ہے ۔ جو زمانہ کے حالت دیکھ کر آپ سے دیوانہ ہو گئے تھے ۔

بہم / باہم } ف ۔ ساتھ ۔ اکٹھے

بہم آور ف ۔ جمع کی ہوئی شے ۔ تالیف کردہ شدہ ۔

بہم آوردن ف اکٹھا کرنا ۔

بہم آمدن ف اکٹھا ہونا ۔ کئی چیزوں کا آپس میں ملنا ۔

بہم برآمدن ف ۔ خفا ہونا ۔ غصہ ہونا ۔ بے دماغ ہونا

بہم بر کردن ف ۔ تہ و بالا کرنا ۔ خراب اور پریشان کرنا ۔

بہم بستہ ف ۔ بہتان ۔ افترا

بہم رسیدن ف ۔ اکٹھا ہونا

بہم ریختن لشکر ۔ ف انبوہ اور ہجوم ہونا لشکر کا ۔

بہم بر زدن ف ۔ تہ و بالا کرنا ۔ خراب اور پریشان کرنا

بہم زدن ف ۔ برہم زدن

بہمن ف ہر شمسی مہینے کا دوسرا دن ۔ ایک قسم کا پودہ بھی ہے ۔ جس کی جڑ دوائیوں میں کام آتی ہے ۔ سفید و سرخ اس کے دو قسم ہیں ۔ گیارھواں مہینہ فارسی کا جو ہندی میں اگہن سے ملتا ہے اور نام بادشاہ جو اسفندیار کا بیٹا تھا ۔ نام فرشتہ کا ۔

بہمنجہ ف ۔ بہمن مہینے کی دوسری تاریخ کو فارسیوں کے ہاں عید ہؤا کرتی ہے ۔ اس عید کا نام بہمنجہ ہے ۔

بہمانہ ۔ ع بوزنہ ۔ بندر ۔ بیمون ۔

بہو ع ۔ قصر ۔ ایوان ۔ کوشک ۔ بالاخانہ ۔

بہی ف ۔ بہتری ۔ بہبودی ۔ صحت ترقی ۔ تندرستی اور نام ایک میوہ کا ہے جس کا تخم بہدانہ ہے ۔

بہی / بہیہ } ع ۔ روشن ۔ تاباں ۔ خوب زیبا ۔ عمدہ

بہیج ۔ ع ۔ خوش ۔ شاداں

بہیمہ ع ۔ چوپایہ مثل گائے بھینس وغیرہ کے

بہیں ف سب سے بہتر ۔ بہت تحفہ ۔

باب الباء موحدہ مع الیائے تحتانی

بے ف (بنا) بدوں ۔ سوائے ۔ بغیر

بیا ف آ ۔ آمدن سے امر حاضر کا صیغہ ہے ۔

بیا ف ۔ بھرا ہؤا ۔ گھر یا سرائے کا دروازہ ۔

بے آب ف بے رونق ۔ شرمندہ

بیاباں ف مرکب ہے ۔ بے آب ۔ ان سے بے آب شوندہ ۔ صحرا ۔ بے آب

بیاباں نشیں / بیاباں نورد / بیابانی } ف ۔ بیابان کا رہنے والا

بیات ۔ رات کا وقت ۔ رات کی روٹی باسی روٹی

بیات ت ترکوں کے ایک فرقہ کا نام ہے ۔

بیدار ف ۔ جاگتا ۔ بیداری جو نیند کی ضد ہے ۔

بیاد کسی جام نوشیدن / بیاد کسے شراب خوردن } ف کسی کی یاد پر شراب پینی ۔

بیارہ ف ۔ وہ درخت جس کی ساق پر پھل نہ ہو ۔ جیسے ۔ خربزہ ۔ ہندوانہ حنظل وغیرہ

بے آشنا / بے یار } ف ۔ جس کا کوئی یار آشنا نہ ہو ۔ بیدل ۔ بے نظیر ۔

بیاض ع ۔ سفیدی ۔ سادہ کاغذ جس پر کچھ لکھا نہ ہو

بیاض تیغ ف ۔ چمک تلوار کی

بیاعات ع ۔ جمع ہے بیاعت کی ۔ بیچنے کی چیزیں ۔ زبان آوری ۔ فصاحت

بے اعتدالی ف ۔ زیادتی ۔ بد حرکتی ۔ بد پرہیزی

بے انتہا / بے انجام } جس کا انجام نہ ہو

بیان ع ظاہر کرنا ما فی الضمیر کا تقریر کرنا ۔ فصاحت

بے اندامی ف بے ادبی

بیانہ ف ہندوستان میں ایک ملک کا نام ہے ۔ جہاں کا نیل عمدہ ہوتا ہے ۔

بیاہ ۔ ہ صوبہ پنجاب میں ایک دریا ہے ۔ جسے بیاس بھی کہتے ہیں

بیباق ف جو کچھ باقی نہ رہے ۔

بیباک ف ۔ نڈر ۔ بے خوف ۔ دلیر شجاع ۔

بے پایاب ف گہرا دریا

بے پایاں ف جس کا نہایت نہ ہو ۔

بے پردہ گفتن ف ۔ صاف صاف کہ دینا ۔ صریح اور آشکارا کہدینا

بے برگ ف بے ساز و ساماں

بے پرواہ ف ۔ بے نیاز

بے بصر ف نابینا ۔ اندھا ۔ کور

بے بہا ف ۔ انمول ۔ بیش قیمت

بے بہرہ ۔ ف بے نصیب

بی بی ۔ ف نیک عورت گھر کی ۔ عورت خاتون

بیت ع ۔ گھر ۔ مکان ۔ بیوت ۔ جمع بیوتات ۔ جمع الجمع ۔ شعر نظم کا ۔ ابیات جمع ۔

بیتاب ف ۔ مضطرب ۔ بے قرار ۔ بے طاقت

بیت اقصےٰ ع بیت المقدس سے مراد ہے۔ کیونکہ وہ اہل مکہ کے لئے سب سے دور تر مسجد ہے۔
بیت الاحزان ع غمکدہ۔ غموں کا گھر غریبوں اور بیکسوں کا گھر وہ گھر جس میں یعقوبؑ یوسفؑ کی مفارقت پر غم کیا کرتے تھے۔
بیت الحرام ع وہ گھر جس میں بعض مباحات سے منع کیا گیا ہے۔ خانہ کعبہ
**بیت الخلا}
بیت افراغ } ع پاخانہ طہارت خانہ
بیت الدعا ع مکہ معظمہ سے مراد ہے
بیت الدواء ع شفا خانہ
بیت الشرف ع ۔ بزرگی اور بلندی کا گھر اور نجومیوں کی اصطلاح میں وہ برج جس میں سات سیار ستاروں میں سے کسی ایک کو شرف اور سعادت حاصل ہو۔ چنانچہ نیرّ اعظم (آفتاب) کا شرف برج حمل میں ہے۔ اور قمر کا شرف برج ثور میں اور مشتری کا برج سرطان میں اور زہرہ کا برج حوت میں اور عطارد کا سنبلہ میں اور مریخ کا جدی میں اور زحل کا میزان میں
بیت الصنم ع بتخانہ
بیت العتیق ع ۔ پرانا گھر ۔ چونکہ خانہ کعبہ سب سے پہلا اور پرانا مکان ہے کیونکہ پہلے اُسے حضرت آدمؑ نے بنایا تھا اور پھر حضرت ابراہیمؑ نے اس واسطے اس کو بیت العتیق کہتے ہیں۔ عتیق کے معنے کریم اور معزز کے بھی آئے ہیں۔ معزز اور مکرم گھر۔
بیت العروس ع وہ مکلف مکان جو نئی دلہن کے واسطے مہیا کریں اور مکہ معظمہ سے بھی مراد ہے
بیت الغزل ع ۔ چھانٹا ہوا شعر سب سے عمدہ اور جستہ شعر۔
بیت اللہ ع ۔ خانۂ خدا ۔ خدا کا گھر ۔ خانہ کعبہ ۔
بیت المال
بیت المامول } ع ۔ وہ گھر جس میں مال غنیمت یا لاوارث متوفی کا مال بعد ضبط کے رکھ چھوڑیں وہ مال جس میں سب مسلمانوں کا حق ہو۔
بیت المالچی ف وہ شخص جو بادشاہ کی طرف سے بیت المال پر قابض اور متصرف ہو۔
بیت المعمور ۔ ع ۔ خانہ کعبہ کے عین مقابل میں چوتھے آسمان پر زمرد یا یاقوت کی بنی ہوئی ایک مسجد ہے جو طوفان سے پہلے وہیں تھی ۔ جہاں اب کعبہ ہے ۔ چونکہ وہ مسجد ملائکہ سے معمور اور آباد ہے ۔ اس واسطے بیت المعمور کہلاتی ہے ۔
بیت المقدس ع نام ایک مسجد کا ہے ملک شام میں جن کی بنا حضرت داؤدؑ نے ڈالی تھی ۔ اور تکمیل حضرت سلیمانؑ نے کی تھی ۔ یہود اور نصاریٰ ادھر ہی منہ کر کے عبادت کرتے ہیں اور پہلے مسلمانوں کا بھی وہی قبلہ تھا۔
بیوتت ع ۔ رات رہنا ۔ شب باش ہونا۔
بےتہ ف ۔ بے اصل
بیجا ف بےموقع ۔ نامناسب
بیجاد ف کہربا ۔ اور نام ایک قسم کے یاقوت کا ہے۔
بیجادہ ف ۔ نام ایک قسم کے یاقوت کا ہے اور کہربا کے معنے میں بھی آیا ہے۔
بےجا ساخت ف متفرق اور پریشان کر دیا ۔ پراگندہ کر دیا ۔
بےچشم و رو ف ۔ بےحیا ۔ بےشرم
بےجرأت ف ۔ جو کام کرنے میں جرأت نہ رکھتا ہو۔
بےجگر ف ۔ بزدلی
بےجن ف بیژن جو گیو بن گودرز کا بیٹا تھا۔
بےجواب ف ۔ وہ قابل جواب دینے کے نہ ہو۔
بےچوبا ف ایک قسم کا خیمہ جس میں چوب نہیں ہوتی ۔
بےچون ف ۔ بےمثل ۔ بےمانند جس کا کوئی نظیر اور ہمسر نہ ہو خدا ۔
بےجوہر ف ۔ بےہنر ۔ بےعقل نکما ۔
بےحد و عد ف ۔ بےانتہا بیشما ان گنت
بےحرمتی ف ۔ بےعزتی
بےحساب ۔ ف ان گنت اور ظلم و بیداد سے بھی مراد ہے ۔
بےحضوری ف بیماری ناتوانی ۔
بےحفاظتی ف بےحمیتی بےغیرتی ۔
بےحمیت ف بےحیا ۔ بےشرم
بےحوصلہ ف ۔ کم ہمت آدمی
بیخ ف جڑ ۔ اصل
بیخ از بن برآوردن ف ۔ جڑ بنیاد سے اکھاڑ پھینکنا ۔ نیست و نابود کر دینا۔
بیخ برکندن ف ۔ جڑ اکھاڑنا استیصال
بیختن ۔ ف چھاننا
بیخ کردن
بیخ زدن } ف ۔ جڑ پھیلانا ۔ ریشہ دوڑانا ۔
بےخواست ف بےتلاش بےفکر جو چیز بےسوال ملے ۔
بےخویش
بےخویشتن } ف مدہوش و متحیر
بےخود
بیخچلہ ف بقلتہ الحمقا ۔ خرفہ کا ساگ
بید ف (بیائے مجہول) بیت کا درخت نیز مخفف ہے بوید کا بمعنے باشید ۔ اور بمعنے شورہ آگاہی اور نام برہمنوں کی کتاب آسمانی کا ہے جس کے چار دفتر ہیں ۔ رگ وید ۔ شام وید ۔ اتھرون وید ۔ یجر وید ۔
بیَد ۔ ع جمع بیدا ۔ بیابان
بیداء ع بیابان وشت ۔ پیوند ۔ ہلاک ہونا ۔
بیداد ف ۔ ظلم ۔ ستم ۔ ظالم ۔ ترکستان میں ایک شہر بھی تھا ۔ جسے رستم نے فتح کیا تھا۔

بیدادپیشہ / بیدادگر } ف ظالم۔ ستمگر
بیدار ف۔ جاگتا ہوا۔ ہوشیار۔ جو سوتا ہوا نہ ہو مرکب ہے بیدار بمعنے (شعور و آگاہی) اور آر (کلمہ نسبت) سے
بیدار بخت / بیدار دولت } ف۔ طالع مند۔ خوش نصیب
بیدار دل / بیدار خاطر / بیدار مغز / بیدار ہوش } ف۔ عاقل ہوشیار
بیداری ف۔ جاگتے رہنا۔ سونے کے برخلاف۔ شعور آگاہی
بیدانجیر ف ارنڈ کا درخت
بیدپا ف۔ ہندوستان کے ایک عظیم الشان حکیم کا نام ہے۔ جو راجہ رائے دابشلیم کو نصیحت اور حکمت کی باتیں بتایا کرتا تھا +
بیدبرگ ف۔ نام ایک قسم کے پیکان کا جو بید کے پتے کی شکل کا بنایا جاتا ہے
بیدخام ف۔ عودخام
بیدماغی ف۔ بے اتفاقی طبیعت کی
بے دست و پا شدن ف بے ضبط کرنے غصہ کے حیران ہو جانا۔ سراسیمہ ہونا
بیدطبری ف ایک قسم کا بید ہے۔ بعضے تو بیدمشک کو اور بعضے بید مجنوں کو کہتے ہیں +
بیدسیم ف۔ ستارہ سے مراد ہے۔
بیدمال ف۔ زنگ کو شیشے یا تلوار وغیرہ سے بید کی لکڑی یا اور کسی قسم کی لکڑی سے صاف کرنا

بیدمجنوں ف ایک قسم بید کی ہے۔ جس کے پتے باریک اور ٹہنیاں نازک ہوتی ہیں +
بیدمشک / بیدموش } ف۔ ایک قسم بید کی ہے جس کے پھول زرد تھوڑی سی سبزی اور سیاہی لئے ہوتے ہیں اور بہار کے موسم میں پتوں سے پہلے کھلتے ہیں۔ اور نہایت خوشبودار ہوتے ہیں۔ ان کا عرق بیدمشک مشہور ہے جو بہت مفرح اور مبرد ہوتا ہے +
بیدیدہ۔ ف اندھا۔ کور
بیذق۔ معرب پیادہ کا ہے نرد شطرنج
بیر ع کنواں۔ چاہ
بیر ف۔ سونے کا رخت جیسے نہالی رضائی۔ بچھونا وغیرہ۔ صبا عقد۔ طوفان +
بیراز ف سینگ۔ حیوان کی شاخ
بیران ف ویران۔ ضد آباد کی
بیرانہ ف۔ ویرانہ۔ خرابہ
بیراہ ف ناشایستہ کام۔ نالائق آدمی
بے ربط ف غیر منتظم
بیرق ع چھوٹا نیزہ۔ چھوٹا جھنڈا۔ اور کپڑا جو علم پر لگاتے ہیں۔
بیرگ ف۔ بے عزت۔ بے ناموس
بیرم ف۔ عید جشن
بیرم گلہ ف۔ کشمیر میں ایک درہ ہے
تعلل ۔ دوبارہ شراب پلانا۔ بہانہ
ڈھونڈنا۔ دیر کرنا۔ بہانہ سے بچ چھٹنا
طب کی اصطلاح میں کسی چیز کو تھوڑا
تھوڑا کھانا +
تعلّم ۔ سیکھنا۔ علم سیکھنا +
تعلیق ۔ لٹکانا۔ کسی چیز کو دوسری
چیز سے متعلق کرنا +
تعلیقہ ۔ اسباب کا ضبط کرنا +
تعلیل ۔ وجہ بیان کرنا۔ علت بیان
کرنا۔ دلیل لانا +
تعلیم ۔ سکھلانا۔ علم پڑھانا +
تعلیمے ۔ ف وہ تسمہ جو گھوڑے کی لگام کے
سرے پر ہوتا ہے +
تعمق ۔ غور کرنا۔ کسی چیز کی تہ میں پہنچنا +
تعمل ۔ عمل میں لانا۔ کام کرنا +
تعمیر ۔ عمارت بنانا۔ آباد کرنا +
تعمیق ۔ کسی کام میں غور اندیشی کرنا۔
غور کرنا۔ خوب سوچنا +
تعمیل ۔ کام کرنا۔ کام دینا۔ کسی کے
حکم کو پورا کرنا +
تعمیم ۔ عام کرنا۔ سب کو شامل کرنا +
تعمیہ ۔ اندھا کرنا۔ ڈھانک دینا۔ کسی چیز
کو مجازاً معما کہنا +
تعنت ۔ عیب جوئی۔ بدگوئی۔
عیب۔ طعنہ +

تعند ۔ دشمنی کرنا۔ لڑنا جھگڑنا +
تعنیف ۔ سرزنش کرنا۔ ظلم اور
سختی کرنا +
تعوّد ۔ خوگیر ہونا۔ عادت پکڑنا +
تعویذ ۔ پناہ دینا۔ پناہ میں لانا۔
بھوت پریت اور ہر طرح کی آفت
سے بچانے کے واسطے دعائیں یا خدا
کے ناموں کے عدد لکھ کر گلے یا بازو
میں باندھنا۔ بچاؤ +
تعویق ۔ باز رکھنا۔ روکنا۔ بند کرنا۔
تاخیر میں ڈال دینا +
تعویل ۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا +
تعہد ۔ کسی کام کا سر انجام کرنا۔ اپنے
ذمہ پر لینا۔ حفاظت کرنا +
تعیش ۔ عیش کے سامان کرنے +
تعیین ۔ معین کرنا۔ خاص کرنا۔ کئی
چیزوں سے ایک شے کو خاص کرنا +
تعینات ۔ تخصیصات۔ خصوصیات
تعییر ۔ سرزنش۔ ملامت کرنا۔ عار
لانا +
تعیّن ۔ مقرر کرنا۔ مخصوص کرنا +
تعیّنات ۔ جمع تعین کی ہے فارسی
والے مجازاً متعین کے معنے میں
استعمال کرتے ہیں +

باب التائے فوقانی مع غین معجمہ

تغابن ۔ باہم نقصان اٹھانا۔ غبن
کھانا۔ زیانکاری۔ مجازاً افسوس +
تغار ۔ ف تھال مٹی کا اور راتب اور
آذوقہ کے معنے میں بھی آیا ہے +
تغاری ۔ ف مٹی کا کونڈا +

تغافل ع جان بوجھ کر باہم غفلت کرنا +

تغالی ت ماموں +

تغایر ع فرق - باہم متغایر ہونا +

تغذیہ ع غذا دینا - پالنا - خورش دینا +

تغشی ع ڈھانپنا +

تغلب ع غلبہ کرنا غالب ہونا زبردستی کر کے مال کسی کا لے لینا +

تغلق ت سردار - اور ہندوستان کے سلاطین افغانیہ میں سے ایک خاندان کا نام ہے - جس کے آٹھ بادشاہ تقریباً سو برس تک دہلی پر متمکن رہے - محمد تغلق بن غیاث الدین اور فیروز شاہ اس کا بھتیجا - اور سلطان محمود فیروز شاہ کا پوتا ان سب میں مشہور ہوئے ہیں - یہ خاندان ۷۲۰ھ سے ۸۱۵ھ تک فرمانروا رہا +

تفلیس ف ارمن کا دار السلطنت +

تغمہ ت یہ لفظ غلط مشہور ہے - اصل میں تمغا ہے +

تغیر ع بدلنا - پہلی حالت سے دوسری حالت میں جانا +

تغییر ع بدل دینا +

باب التای فوقانی مع فاء

تف ف بخار - حرارت - روشنی - بدبو - سڑاند +

تف ت تھوک اور تھوکنا +

تفاح ع سیب جو مشہور میوہ ہے +

تفاخر ع باہم فخر کرنا - اوروں سے آپ کو بڑا سمجھنا +

تفاریق ع جمع تفریق کی - فرق جدائیاں تفریقیں - بہ دفعات - کئی دفعہ کر کے +

تفاسیر ع جمع تفسیر کی جس کے معنے ہیں کلام الہی کے معنے اور شرح بیان کرنا +

تفاصیل ع جمع تفصیل کی بمفصل بیان کرنا +

تفاصل ع جدا کرنا - فرق کرنا - الگ کرنا +

تفاضل ع ایک دوسرے سے بڑھ نکلنا +

تفاغ ف شراب پینے کا پیالہ +

تفاوت ع فرق - فاصلہ - دو چیزوں کا درمیانی فرق واو کی فتحہ اور کسرہ سے بھی آیا ہے +

تفاول ع فال لینا - آپس میں شگون لینا +

تفت ف گرم - سوختہ - غضبناک - جلد شتاب - خرام - خراماں - غصے سے بھڑک اٹھنا - مجازاً بمعنے مفلس - اور علاقہ یزد میں ایک شہر ہے جو علامہ تفتازانی صاحب مطول کی جائے پیدائش ہے - اور تفتن مصدر کا ماضی بھی ہے +

تفتان ف بمعنے تفتیدہ - پراٹھا +

تفتت ع ٹکڑے ٹکڑے ہونا +

تفت تیغ ف نیام سے تلوار کے کھینچنے کی آواز اور تلوار کی چمک +

تفتہ ف سوختہ - جلا ہوا - عاشق - تافتہ کا مخفف بھی ہے +

تفتہ جگر ف عاشق سے کنایہ ہے - وہ شخص جسے دق کی بیماری ہو +

تفتیح ع کھولنا - کھول دینا +

تفتیدن + تفتن ف گرم ہونا - خفا ہونا - جلنا +

تفتیدہ ف کوئی چیز جو دھوپ یا آگ سے گرم ہوئی ہو +

تفتیش ع کھودنا - ڈھونڈنا جستجو تلاش +

تفتیق ع پھاڑ دینا - کھولنا +

تفث ع مونچھ - ناخن - بغل اور سر کے بالوں کا مونڈنا حج کے دنوں میں بدن کا میل وغیرہ سے پاک کرنا حج کے روز غسل کرنا +

تفجع ع دردمند ہونا - دکھیا ہونا +

تفحص ع ڈھونڈنا - کھودنا تلاش کرنا - تلاش جستجو +

تفحیم ع سیاہ کرنا - اندھیری رات میں سیر کرنا +

تفخیم ع بڑا کرنا - حروف مخصوصہ کو پر کر کے پڑھنا +

تفرج ع کشائش - اور خوشحالی مجازاً سیر تماشہ +

تفرج گاہ ف تماشا گاہ +

تفرد ع یگانہ ہونا - اور خلوت پسند کرنا +

تفرر ع بھاگنا - ڈرنا - پرہیزگاری +

تفرس ع اول نظر میں دیکھتے ہی کسی شے کو اس کی علامات اور آثار سے پہچان جانا - قیافہ سے پہچان لینا - دیکھتے ہی تاڑ جانا - دانائی +

تفرق ع پراگندہ ہونا متفرق ہونا +

تفرق اتصال ع طبیبوں کی اصطلاح میں زخم و جراحت کو کہتے ہیں +

تفرقہ ع فرق - فاصلہ - جدائی +

تفریح ع خوش کرنا - فرحت دینا +

تفرید ع یگانہ کرنا - اکیلے رہ جانا +

تفریس پھاڑنا - درندہ بن - کسی غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنا لینا +

تفریط ع ضائع کرنا - کسی کام میں کوتاہی اور کمی کرنی - کسی کام کا حد اعتدال سے کم کرنا +

تفریق ع فرق کرنا - فاصلہ کرنا - علیحدہ کرنا - علم حساب کے مفرد قاعدوں سے دوسرا قاعدہ جس کے ذریعے بڑے عدد سے چھوٹے عدد کو گھٹایا جاتا ہے +

تفریع ع ڈرانا +

تفس ف گرمی - حرارت +

تفسان ف نہایت گرم +

تفسطط ع احمق ہونا - ہذیان سے خسطائی ہو جانا +

تفسہ ف چھائیاں جو منہ پر پڑ جاتی ہیں - دل کا اندوہ اور بے قراری - ہر آنکھوں دیکھی چیز کی خواہش جو حاملہ عورتوں اور اکثر آدمیوں کو ہوا کرتی ہے +

تفسیح ع وسیع کرنا - فراخ کرنا - وسعت فراخی +

تفسیدن ف گرم ہونا - تتا ہونا +

تفسیدہ ف جو چیز بہت گرم ہو گئی ہو +

تفسیر ع بیان کرنا - اور کلام خدا کی شرح کرنا اور شرح +

تفسیر دان ف علم تفسیر جاننے والا +

تفش ف نہایت گرمی حرارت کی زیادتی +

تفش / تفشل ف سرزنش - طعنہ +

تفشلہ ف طعنہ - سرزنش - طعنہ دینا - سرزنش کرنا +

تفنہ زن ف طعنہ زن +
تفصی ع تنگی اور دشواری سے چھوٹ جانا +
تفصیل ع جدا جدا کر کے بیان کرنا - کھولکر بیان کرنا - جدا کرنا - فاصلہ کرنا +
تفضل ع بزرگی - فضیلت - بڑائی عزت - فخر +
تفضیح ع رسوائی کرنا - فضیحت کرنا +
تفضیل ع فضیلت دینا - بڑھانا +
تفقد ع گم شدہ کو ڈھونڈنا - پرسش کرنا مجازاً مہربانی - دلجوئی - غمخواری کرنا +
تفک ف مبدل تپک مصغر و مخفف توپ - بندوق - اور گولی - اصل میں ایک لمبی سی کھوکھلی لکڑی کو کہتے ہیں جس میں غلولہ رکھکر چڑیا یا ایسے ہی جانوروں کے مارنے کے لئے زور سے پھونکیں +
تفکدہ ف بندوق - آتشدان +
تفکر ع اندیشہ کرنا - سوچنا +
تفکہ ع میوہ کھانا +
تفنگ انداز ف لفنگ مرکب ہے - (مبدل و مخفف توپ) اور نگ کلمہ تشبیہ سے الف جیسے ہوشنگ دیرنگ وغیرہ میں انداز انداختن سے امر کا صیغہ ہے تفنگ انداز اسم فاعل ترکیبی یعنے بندوق چھوڑنے والا - ایک گولی کا ٹپا یعنے وہ فاصلہ جہاں تک بندوق کی گولی پہنچے +
تفلسف ع حکمت +
تفنگچی ف بندوقچی - بندوق والا +
تفنن ع شاخ شاخ ہونا - گونہ گونہ ہونا - ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا +
تفنہ ⎫
تفنی ⎭ ف مکڑی کا جالا +
تفنید ع برا کہنا - کسی کی طرف رائے کے ضعف یا جھوٹ کی نسبت کرنا +
تفوف تھوک - تھوکنا +
تفور ⎫
تفود ⎭ ف مٹی - گل - طین +
تفوق ع برتری کرنا - اوپر ہونا +
تفول ع اچھی فال لینی - اچھا شگون لینا +
تفویض ع سپرد کرنا - اپنا کام دوسرے کو دینا - سونپ دینا +
تفویض کل ع سارے کام مسبب الاسباب پر چھوڑنے +
تفہ ع بیمزہ - جس چیز میں کچھ مزہ نہ ہو - جیسے کدو - کھیرا +
تفہم ع خود سمجھ جانا +
تفہیم ع سمجھانا +
تفیدن ف گرم ہونا - خفا ہونا - سوختہ ہونا +

باب التای فوقانی مع قاف

تقا ع پرہیزگاری +
تقابل ع باہم مقابل ہونا +
تقاتل ع ایک دوسرے کو مار ڈالنا +
تقادیر ع جمع تقدیر کی +
تقارب ع باہم قریب ہونا - پاس پاس ہونا علم عروض کی ایک بحر کا بھی نام ہے +
تقاریر ع جمع تقریر کی +
تقاضا ع خواہش - مانگنا +
تقاطر ع پے در پے قطرے ٹپکنے +
تقاطع ع باہم ایک دوسرے کو کاٹنا - قطع کرنا - جدا ہو جانا - دو ٹکڑے ہونا +
تقاعد ع کسی کام سے باز رہنا - کسی کام کرنے سے رک بیٹھنا +
تقالیب ع زمانہ کی گردشیں - جمع ہے تقلیب کی +
تقاوی ع قوت دینا - اور اصطلاح میں وہ روپیہ جو سرکار قرضہ کے طور پر زمینداروں کو کار زراعت کی درستی کے لئے دیتی ہے +
تقاویم ع جمع تقویم کی - جنتریاں پترے
تقبل ع قبول کرنا - منظور کرنا +
تقبیل ع بوسہ دینا کسی چیز کا چومنا +
تقتیر ع عیال کے ساتھ نفقہ دینے میں تنگی کرنا +
تقدس ع پاک کرنا - اور پاک کرنا +
تقدم ع آگے بڑھنا +
تقدم بالشرف ع تقدم کے معنے ہیں ایک شے کا دوسری شے سے مقدم (پہلے) ہونا - تقدم پانچ طرح پر ہے - ایک تقدم بالمکان جیسا کہ تقدم امام کا مقتدی پر اور اس کا نام تقدم بالمرتبہ ہے - دوسرے تقدم بالزمان جیسے تقدم حضرت آدم البشر کا جناب رسول خدا احمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم پر - تیسرے تقدم بالشرف جیسے تقدم جناب علیہ الصلوٰۃ والسلام خاتم النبیین کا حضرت آدم پر چوتھے تقدم بالعلت جیسا کہ ہاتھ کی حرکت کا تقدم کنجی کے ہلنے پر - پانچویں تقدم بالطبع اور وہ کسی شے کا متقدم ہونا ہے اس حیثیت سے کہ متأخر اسکا محتاج ہو اور متقدم علت تامہ متأخر کے لئے نہو جیسے وضو کا تقدم نماز پر اور واحد کا تقدم اثنین (۲) پر +
تقدمہ ع پیش کرنا - پیش ہونا - مقدمہ - پیشوا - وہ اجرت جو مزدور کو کام کرنے سے پہلے دیجائے - پیشدادہ +
تقدمۃ الجیش ع پیشوائے لشکر +
تقدیر ع اندازہ کرنا - اور اندازہ جو خدا نے پہلے سب کا کر لیا ہے +
تقدیس ع پاک کرنا - اور پاکی سے منسوب کرنا +
تقدیم ع آگے پہنچانا - مقدم کرنا +
تقذر ع پلید رکھنا +
تقرب ع نزدیکی +
تقرر ع مقرر کرنا - ٹھہرانا - ٹھہراؤ +
تقریب ع نزدیک کرنا - ایسی طرح پر بات کو کہنا کہ مطلب کو لازم ہو جائے +
تقریباً ع تخمیناً - قریب قریب +
تقریبات ع جمع ہے تقریب کی - فارسی میں موقع اور محل کے معنے میں مستعمل ہے +
تقریر ع مقرر کرنا - بیان کرنا - کہنا +
تقریر کردن ف بات کرنا - ایسی بات کہنا جس سے تعجب اور نصرت دیوانی ظاہر ہو +
تقریع ع سختی کرنا - ملامت کرنا - دھمکانا - بیقراری +
تقریظ ع کسی زندہ شے کی بھلی یا بری تعریف کرنی خواہ سچی ہو خواہ جھوٹی -

کسی شے پر اسے دینا - پیرو +

تقسیم ع بانٹنا - قسمت کرنا - حصے کرنا - پراگندہ کرنا - علم حساب کا چوتھا مفرد قاعدہ - علم صنائع و بدائع میں ایک صنعت کا نام بھی ہے +

تقشیر ع میوے یا دانے کا چھلکا اتارنا +

تقضی ع بر وزن تہجی ہو چکنا - بت کا انتہا کو پہنچنا +

تقصیر ع کمی کرنا کسی کام میں سستی اور کوتاہی کرنا - خطا - قصور +

تقصیر وار ف قصوروار آدمی - گنہگار +

تقطیر ع ٹپکانا - قطرہ قطرہ ڈالنا +

تقطیع ع ٹکڑے ٹکڑے کرنا - قطع بنانا بنانا و سنگار کا لباس - اور اصطلاح علم عروض میں کسی بیت کے اجزاء کو بحور مقررہ کے ساتھ وزن کرنا - اس طرح کہ متحرک کے مقابل میں متحرک اور ساکن کے مقابل میں ساکن حرف آنا چاہیے - پورے پورے قواعد تقطیع کے علم عروض کی کتابوں میں دیکھو +

تقطیع لباس ع آراستگی اور پیراستگی لباس کی +

تقلب ع پلٹنا - گردش - پھر جانا +

تقلد ع اپنی گردن پر کوئی کام لے لینا - پیروی - ذمہ - تعہد +

تقلقل ع بیقراری - اضطراب - اندوہ - شراب نکالتے وقت صراحی کا آواز کرنا +

تقلیب ع پلٹنا - الٹنا - بدلنا - ایک چیز کو دوسرے طرح سے بدل لینا +

تقلید ع گردن میں گلوبند باندھ لینا کسی کام کا اپنے ذمے لے لینا - کسی کے ذمہ کام کر دینا - مجازاً کسی کی پیروی اسکی حقیقت دریافت کیے بغیر کرنا +

تقلیدی ع وہ شخص جو کسی کا پیرو ہو - مقلد +

تقلیل ع کم کرنا تھوڑا کرنا +

تقناق ت سیخ کرنب - سیخچو +

تقوے ع ڈرنا - اور پرہیزگاری +

تقویت ع قوت دینا - طاقت +

تقویم ع قیمت کرنا - سیدھا کرنا - اور جنتری نجومیوں کی - پتری +

تقی ع ڈرنے والا خدا سے - پرہیزگار - بارہ اماموں میں سے نویں امام محمد تقی علیہ السلام کو بھی اختصاراً کہتے ہیں جو امام علی رضا کے بیٹے ۱۹۵ھ ہجری کے رمضان میں مدینے کے اندر پیدا ہوئے اور ۲۵ سال کی عمر پا کر ۲۲۰ھ ہجری میں بغداد کے اندر وفات پائی بعض نے لکھا ہے کہ معتصم باللہ نے ان کو زہر دے کر شہید کرایا +

تقیید ع قید کرنا - اور بند کرنا - بندش +

تقیّد ع قید کرنا - بند کرنا +

باب التاء فوقانی مع کاف عجمی

تک ف تھوڑا کم - مارنا ہر چیز کا عموماً اور مارنا ہاتھ کا تختہ نرد پر کعبتین کے درست بیٹھانے کو خصوصاً ایک گھاس کا نام بھی ہے - جو پانی میں اگتا ہے - اور مصری اس سے کاغذ بناتے ہیں کہ جو تیں یا حوض وغیرہ کی تہ +

تک ف جانوروں کی چونچ - نیزہ و خنجر وغیرہ کی نوک - تھوڑی روشنی والا چراغ +

تک ف لقمہ - ٹکڑا طعام کا +

تکاب ف درہ جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوتا ہے - ایسی زمین کو بھی کہتے ہیں - کہ جس میں کہیں تو پانی زمین میں غرق ہو جائے اور کہیں اس سے پانی نکل رہا ہو - کہیں خشک زمین ہو - کہیں چہ سبز ہو اور کہیں پانی چل رہا ہو - اور کہیں سبزہ زار ہو +

تکاثر ع کثرت مال پر باہم فخر کرنا - افزون ہونا - بہتات - کثرت +

تکاثف ع کثیف اور غلیظ ہونا - موٹا اور گاڑھا ہونا - اکٹھا ہونا +

تکارم ع آپس میں کرم کرنا - آپس میں بخشش کرنا +

تکاسل ع اپنے تئیں سست اور کاہل دکھلانا +

تکافو - تکافی ع آپس میں برابر ہونا +

تکالیف ع جمع تکلیف کی ہے +

تکاہل ع اپنے تئیں کاہل کرنا کاہل دکھلانا +

تکبر ع غرور کرنا - اپنے تئیں بڑا سمجھنا +

تکبند ف پیٹی - جو کمر میں باندھتے ہیں +

تکبیر ع بزرگ کرنا - بڑا کرنا - بڑا کہنا - اللہ اکبر پڑھنا +

تکبیر تحریمہ ع نماز کی پہلی تکبیر دیکھو - تحریمہ +

تکثر ع بہت ہونا - کثیر ہونا +

تکثیر ع زیادتی کرنا - افزونی کرنا +

تکثیف ع کثیف کرنا - گاڑھا کرنا - اکٹھا کرنا +

تکدر ع مکدر ہونا - تیرہ ہونا +

تکذیب ع جھٹلانا - جھوٹا کرنا +

تکرار / تکریر ع بار بار پھرانا +

تکرج ع طعام یا کسی شے کے رنگ یا بو یا مزہ کا بدل جانا +

تکرر ع بار بار کرنا - پھر پھر کر کوئی بات کرنا +

تکرع ع وضو کرنا +

تکرم ع بخشنا +

تکریت ع عراق میں ایک چھوٹا سا شہر ہے - جو تکریت بن وائل کے نام پر نامزد کیا گیا ہے - اسکے میوے بہت مشہور ہیں +

تکریم ع بزرگی کرنا - عزت کرنا +

تکسر ع شکستہ ہونا - ٹوٹ جانا +

تکسل ع کاہل اور سست ہونا +

تکسیر ع کسی شے کو بہت توڑنا - تعویذ لکھنے والوں کی اصطلاح میں عدد کو تقسیم کرکے تعویذ کے خانوں میں اس طرح لکھنا کہ ہر طرف کا مجموعہ برابر ہو +

تگش / تکش ت ترکوں کے ایک عظیم الشان بادشاہ کا نام ہے +

تکفل ع کسی امر کا ضامن اور ذمہ دار ہونا +

تکفیر ع کافر کہنا - اور کفارہ دینا - اور ڈھکنا +

تکفیل ع کفالت کرنا - ضمانت دینا +

تکفین ع مردہ کو کفن پہنانا +

تکلان ع اعتماد - توکل - بھروسا +

تکلتو ف گھوڑے کا خوگیر۔ نمدزین

تکلف ع اوپری دل سے کوئی کام کرنا۔ بناوٹ +

تکلم ع بولنا۔ بات کرنا +

تکلوت مغلوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے +

تکلہ ف اتابکان شیراز میں سے تیسرا بادشاہ جو اتابک زنگی کا بیٹا تھا۔ اس نے ۵۷۱ھ سے ۵۹۰ھ تک قریب ۲۰ سال کے حکمرانی کی اور خواجہ امین الدین گازرونی جو صاحب کشف و کرامت تھا اس کا وزیر تھا +

تکلیف ع دکھ۔ کسی کو رنج میں ڈالنا کسی سے وہ کام کرانا جو اس کی طاقت سے خارج ہو مطلق کام کرانا +

تکلیف کاری فرمودن ف کسی کام کے کرنے کی آرزو اور درخواست کرنی +

تکملہ ع جس سے کوئی شے مکمل ہوجائے +

تکمہ ف گریبان کی گھنڈی +

تکمید ع ٹکیر لگانا گرم پوٹلی سے بدن کا سینکنا۔ بیجا بی ٹکور کرنا +

تکمیل ع کامل کرنا۔ پورا کرنا +

تکون ع ہوجانا۔ وجود پانا +

تکوین ع پیدا کرنا۔ وجود دینا +

تکہ ع آزار ہند۔ اور فارسی میں بمعنی اقمرا اور ہر چیز کا ٹکڑا +

تکیف ع کیفیت پانا +

تکیہ ع جس پر سہارا لگایا جائے +

تکیہ جائی ف مسند پشت و پناہ +

تکیہ زدن ف بھروسا کرنا +

باب التای فوقانی مع کاف فارسی

تگ ف تہ۔ تھاہ۔ دوڑنا۔ زمین۔ فریاد۔ بلند آواز۔ ڈھنڈورا +

تگاب ف تبت۔ پلی جس سے تیل وغیرہ چیزوں کو پونل میں ڈالتے ہیں +

تگاپو ف دوڑ دھوپ۔ جلدی سے آمد و رفت کرنا +

تگاتشی ف تگ و پو۔ دوڑ دھوپ +

تگاور ف تیز رو گھوڑا +

تگاور ایلق ف دنیا۔ روزگار زمانہ +

تگ و پو ف دوڑ دھوپ۔ تلاش +

تگ و تاز تگ و تاز ف دوڑ۔ دھوپ۔ دوڑنا۔ حملہ کرنا۔ بھاگنا +

تگرگ ف ژالہ۔ اولہ شبنم کے معنے میں بھی آیا ہے +

تگل ف جنگی فوج اور بکسر اول و فتح ثانی سرقعہ +

باب التای فوقانی مع لام

تل ع تودہ۔ ٹیلا۔ پشتہ +

تلاف سونا +

تلاتوف ف شور و غوغا۔ میلا آدمی جو گندگی سے پرہیز نہ کرے +

تلاج ف آواز۔ شور و غوغا۔ غلغلہ مشغلہ

تلازم ع باہم لازم ہونا +

تلاش ف جستجو۔ ڈھونڈنا۔ سعی کوشش +

تلاشان ف صفاہان میں ایک بڑا مرغزار ہے +

تلاطم ع باہم طمانچہ زنی کرنا۔ اور موج زنی باہم ہونا +

تلافی ع تدارک پانا۔ اور ہاتھ میں لانا۔

تلا فیف ع جمع ہے تلفیف کی +

تلاقی ع باہم ملاقات کرنا۔ ملنا +

تلال ع ٹیلے۔ تودے +

تلالو ع چمکنا +

تلامذہ
تلامیذ } ع جمع تلمیذ کی شاگرد لوگ +

تلاوت ع پڑھنا۔ کلام خدا کا پڑھنا +

تلب ع گروہ۔ جماعت۔ آدمیوں کا مجمع ایک جگہ پر +

تلبیس ع لباس پہننا۔ مکر اور فریب

تلبیہ ع حاجیوں کا لبیک پکارنا +

تلپت
تلپتہ } ف نام ایک پرگنہ کا ہے۔ جو دہلی سے چھ کوس کے فاصلہ پر ہے +

تلتم و پتیالہ ف دو مقام ہیں سلطان پور کے نواح میں +

تلثم
تلثیم } ع چومنا۔ بوسہ دینا +

تلخ ف کڑوا۔ تند و تیز۔ ناگوار۔ نا ملایم دشنام +

تلخ ابرو ف بد دماغ +

تلخ بہر ف بدنصیب۔ بدبخت +

تلخ پاسخ
تلخ زبان } ف وہ شخص جسکی باتیں کڑوی لگیں۔ بدزبان۔ آدمی
تلخ گفتار

تلخ حرفان ف وہ لوگ جو نعمت کا شکریہ نہ ادا کریں۔ کافران نعمت +

تلخ شدن خواب و زندگانی و شراب و عیش ف بیمزہ ہونا بے لطف ہونا۔ ناخوش ہونا +

تلخ عیش ف وہ شخص جسکی زندگی تلخی اور برے حال میں گذرے +

تلخک ف تلخ کی تصغیر۔ حنظل یا کاسنی۔ سلطان محمود کے درباری ظریفوں میں سے ایک کا نام ہے +

تلخ کام ف مقابل شیرین کام +

تلخ نگاہ ف تند نگاہ +

تلخ و ترش ف دنیا کی محنت و مشقت سے کنایہ ہے +

تلخہ ف خلط صفرا کی۔ پتا +

تلخی ف کڑوا پن۔ تندی۔ تیزی۔ سختی۔ کاسنی کو بھی کہتے ہیں +

تلخیص ع خلاصہ کرنا۔ پاک و صاف کرنا۔ علم معانی میں ایک کتاب بھی ہے +

تلذذ ع مزہ پانا۔ لذت اٹھانا +

تلطف ع مہربانی کرنا لطف مہربانی +

تلف ع ضائع کرنا۔ کھو دینا۔ ہلاک کرنا ضایع تباہ۔ ہلاک +

تلفظ ع الفاظ کا منہ سے بولنا۔ بولنا +

تلفیف ع خوب لپیٹنا۔ خط کے اوپر لفافہ کرنا +

تلفیق ع اکٹھا کرنا۔ ترتیب دینا +

تلقا ع طرف۔ جانب۔ جہت۔ برابر دیکھنا۔ دیدار کرنا +

تلقف ع چالاکی کرنا۔ کسی چیز کو پھرتی سے لے بھاگنا +

تلقی ع ملاقات کرنا۔ قبول کرنا۔ مان لینا +

تلقیب ع ملقب کرنا - لقب دینا +

تلقین ع سمجھانا - تعلیم کرنا +

تلاک ف وہ آدمی جس کی داڑھی بہت گھنی ہو - بعض کتابوں میں اسکے معنی ایسا آدمی آیا ہے جسکی داڑھی نہ ہو +

تلاک ف تلخ کردہ +

تلک ع یہ - این - اشارہ قریب کے واسطے ہے - فارسی میں اس لفظ کے معنے ادرک +

تلمذ ع شاگرد ہونا +

تلمع ع روشن ہونا - چمکنا +

تلمیح ع کسی چیز کی طرف ہلکی (سبک) نگاہ کرنا - اور اصطلاح علم معانی میں کسی قصہ کی طرف اشارہ کرنے یا کسی علم (نجوم ریاضی - طبعی - موسیقی وغیرہ) کی اصطلاح یا اپنی کلام میں لائے قرآن شریف کی کوئی آیت یا حدیث کے لانے کو کہتے ہیں +

تلمیذ مب تلمذ کا ہے - شاگرد +

تلنگ ف حاجت - ضرورت - خواہش - آرزو - میل +

تلنگ ف دکن میں ایک ملک کا نام ہے جسکو تلنگانہ بھی کہتے ہیں +

تلنگی ف حاجتمند - گدا - مفلس +

تلنہ ف حاجت - خواہش - ضرورت +

تلو ع پیرو - پیچھے چلنے والا - اونٹ کا بچہ جو ماں کے پیچھے چلے +

تلواسہ - تلوسہ - تلوک ت غم - اضطراب - فکر - اندوہ - بیقراری

تلون ع رنگ رنگ ہونا - رنگ برنگ +

تلویح ع اشارہ کرنا - چمکانا - واضح اور روشن کرنا - اور اصول فقہ میں ایک کتاب کا بھی نام ہے +

تلویم ع ملامت کرنا +

تلوین ع طرح بطرح ہونا - اہل تصوف کی اصطلاح میں فقر کا ایک خاص مقام ہے +

تلہب ع آگ کا بھڑک اٹھنا +

تلہج ع شیفتگی - حرص - لالچ +

تلہف ع دریغ - اندوہ +

تلی مخفف ہے تالی کا جو ہندی لفظ ہے +

تلیمان / تلیمہ ف نام ایک پہلوان ایرانی کا ہے +

تلیین ع نرم کرنا - ملین کرنا +

باب التاے فوقانی مع المیم

تم ف ایک مرض ہے - جو آنکھوں میں پیدا ہو جاتی ہے - عربی میں اسے غشاوہ کہتے ہیں - مجازاً معنے تاریکی و سیاہی +

تماثل ع مشابہ ہونا - آپس میں ہم شکل ہونا +

تماثیل ع جمع تمثال کی - تصویریں اور فرمان شاہی +

تماثیل طلاء طلائی مورتیں - سونے کی تصویریں +

تماج ف لمبی سی نخلی پارچہ یا ریشم کی +

تماچہ ف دھپڑ - دھپہ +

تماخرہ ف ہزل - تمسخر - مزاح - ہنسی - ظرافت - خوش طبعی +

تمادی ع کشیدگی - درازی +

تمارض ع بیمار بن بیٹھنا - صحت کی حالت میں اپنے تئیں بیمار ظاہر کرنا +

تماسخ ع صورت کا بگڑ جانا - بدل جانا - مسخ ہو جانا +

تماسک ع ضبط کرنا - اپنے تئیں سنبھالے رہنا - باہم ملکر چنگل مارنا - مجازاً صبر - تحمل - وقار +

تماسیح ع جمع تمساح کی - نہنگ - مگرمچھ

تماشا ع اصل میں تماشی ہے تفاعل کے باب سے - فارسی والوں نے مثل بعضے اور لفظوں تمنا - تولا - تقاضا - وغیرہ کی اس کو بھی تماشا بنا لیا - لغوی معنے اسکے ہیں - باہم ملکر پیدل چلنا - چونکہ سیر اور تفرج کے موقع پر اکثر پیادہ ہی چلتے ہیں - اس واسطے عرف عام میں تماشا تفرج - اور شوق کے ساتھ دیکھنا کے معنے میں مستعمل ہو گیا ہے - اور اس سے بھی گذر کر تماشا کے معنے اس چیز کے ہو گئے ہیں جسے تعجب یا شوق کی نظر سے دیکھیں - دیکھنا - سیر کرنا - ہنگامہ +

تماشاگاہ / تماشاکدہ / تماشاخانہ ف تماشے کی جگہ +

تماشا کردن ف دیکھنا +

تماشاگر / تماشائی ف تماشے کا دیکھنے والا +

تماشائیان ف جمع تماشائی کی ہے +

تماغہ ف شاہین یا باز وغیرہ شکاری جانوروں کی ٹوپی +

تمالک ع اپنے نفس کو قابو میں رکھنا - بے اختیار نہ ہونا - اختیار - قبضہ - قدرت

تمام ع پورا - کامل - کافی - درست +

تمام اجزا ع کامل - بے قصور +

تمامت ع تمامی - کل - کے کل - سب کے سب

تمام شدن ف ختم ہو جانا کسی کام کا + مر جانا - فوت ہو جانا +

تمام عیار ع کامل عیار - خالص +

تمایم ع جمع تمیمہ کی - تعویذات +

تمتام ع توتلا +

تمتع ع برخورداری پانا - فائدہ اٹھانا - فائدہ - بہرہ +

تمثال ع صورت - پیکر - فرمان بادشاہی +

تمثال گر ف نقاش - صورتگر +

تمثل ع سامنے ہونا - مثال دینا - کسی شے کی مانند بن جانا +

تمثیل ع مثال دینا - تشبیہ دینا +

تمجید ع بزرگ کرنا +

تمحل ع مکر اور حیلہ کرنا +

تمدد ع کشیدگی - کھچاؤ +

تمدن ع شہر میں بود و باش کرنا - شہر کا انتظام کرنا - پیشہ وروں کا اکٹھا ہونا +

تمدیح ع مدح کرنا - تعریف کرنا +

تمر ع کھجور - سوکھی ہوئی کھجور +

تمرف نام ایک بیماری کا ہے - جو آنکھ میں ظاہر ہوتی ہے +

تمر ت تیمور جس سے خاندان مغلیہ کا سلسلہ شروع ہوا - لوہا +

تمرد ع سرکشی کرنا - مرتد ہو جانا +

تمرستان ف کھجوروں کا باغ +

تمرقرک ف کلام مجید - قرآن شریف +

تمرن ع نرم ہو جانا - عادت پکڑنا - معادی ہونا +

تمرہ ع خرما کا ایک دانہ +

تمریخ ع بدن پر روغن وغیرہ کا ملنا +

تمساح ع مگرمچھ - نہنگ - ناکو +

تمساح ف بسیاری +

تمسخر ع ہنسی کرنا۔ ٹھٹھہ کرنا +

تمسک ع کسی چیز میں چنگل مارنا کسی شے کا پکڑنا +

تمشی ع جاری کرنا۔ روان کرنا۔ ارادہ +

تمشیت ع روان کرنا۔ جاری کرنا +

تمطی ع انگڑائی لینا۔ انگڑائی۔ خمیازہ +

تمغات محصول۔ چنگی۔ اور وہ مہر جو اسباب سوداگری پر سرکار سے لگائی جاتی ہے مہر و فرمان بادشاہی۔ اور فرمان شاہی کو جو لوگ تمغہ بولتے ہیں۔ وہ غلط ہے +

تمغاجات ف تمغہ کی جمع عربی کے طور پر بنائی ہوئی ہے +

تمغا کردن ف شاعر کا اپنے مضمون کو مکرر باندھنا +

تمغاچی ف وہ شخص جو اجناس پر مہر لگا کر محصول لے لیا کرے چنگی خانہ کا محرر +

تمکن ع جگہ پکڑنا۔ قائم ہونا +

تمکنت ع غرور۔ ٹیپ ٹاپ +

تمکین ع جگہ دینا۔ اور عین جگہ پر پیر رکھنا۔ قدر۔ مرتبہ۔ سالکوں کے مقامات سے ایک مقام کا نام بھی ہے +

تمکین دادن / **تمکین کردن** / **تمکین نہادن** ف قدر و منزلت کرنی +

تمکین یافتن ف عزت حاصل کرنی +

تملق ع چاپلوسی کرنا۔ چاپلوسی خوشامد +

تملک ع کسی شخص کو مال یا کسی چیز کا مالک کرنا۔ مالک ہونا +

تململ ع بیقراری۔ بے آرامی +

تملیح ع نمکین کرنا کھاتے میں نمک ڈالنا +

تملیک ع کسی شخص کو مال یا کسی شے کا مالک کرنا +

تمم ع تمام کر۔ امر کا صیغہ ہے +

تمن ت دیکھو تومان +

تمنا ع آرزو کرنا۔ خواہش کرنا۔ آرزو۔ خواہش۔ اصل میں تمنی ہے فارسی والے تمنا پڑھنے لگے ہیں +

تموج ع پانی کا موج مارنا +

تموز ف شدت کی گرمی۔ ساون کا مہینا +

تمول ع مالدار ہونا۔ اور دولتمندی +

تمویہ ع زر اندود کرنا۔ سونے کا ملمع کرنا آراستہ کرنا۔ چکنی چپڑی باتیں کرنی۔ خوشامد اور مکر و فریب کی باتیں +

تمویہات ع جمع ہے۔ تمویہ کی۔

تمہل ع تاخیر کرنا۔ توقف کرنا +

تمہید ع بچھونا بچھانا۔ ہموار اور نیک کرنا۔ کام کو درستی سے کرنا۔ مجازاً دیباچہ کلام کا ابتدا +

تمیز ع اصل میں تمییز ہے جس کا روٹ (مادہ) میز ہے۔ فارسی والے تخفیف کے لیے ایک یا اڑا کر استعمال کرتے ہیں۔ اسکے معنے ہیں۔ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ وہ قوت جسکے باعث حق کو باطل سے الگ کرلیں قوت متمیزہ +

تمیشہ ف (بیاے مجہول) نام ایک شہر کا ہے۔ اور شہر آمل کے نواح میں ایک جنگل کا بھی نام ہے +

تمیمہ ع تعویذ +

باب التای فوقانی مع النون

تن ف بدن۔ پنڈا۔ اور تنخواہ +

تناد ع ایک دوسرے کو پکارنا۔ اور یوم التناد روز قیامت سے مراد ہے +

تنازع ع باہم جھگڑا کرنا۔ جھگڑا +

تنازل ع باہم اترنا ایک مقام میں +

تن آسان ف آرام طلب آدمی +

تن آسانی ف آرام طلبی۔ آرام۔ راحت

تناسب ع باہم نسبت رکھنا۔ متناسب ہونا۔ اور علم حساب میں دو نسبتوں کے باہم برابر ہونے کو تناسب کہتے ہیں جیسے ۳ : ۴ :: ۲۷ : ۳۶ ان میں ۳ : ۴ برابر ہے ۲۷ : ۳۶ کے اسواسطے یہ دونوں نسبتیں آپس میں تناسب رکھتی ہیں +

تناسخ ع زائل ہونا۔ ایک صورت سے دوسری صورت میں ہونا۔ روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں آنا۔ آواگون +

تناسل ع باہم اولاد جننا۔ باہم نسل چلانا اولاد پیدا کرنا +

تنافر ع نفرت کرنا۔ بھاگنا۔ اور اصطلاح علم معانی میں اکٹھا ہونا۔ کئی ایک ایسے لفظوں کا جنکا تلفظ زبان پر ثقیل ہو اور جنکے پڑھنے سے طبع کو نفرت حاصل ہو جیسے قول عبارت توران خواجہ توجہ تجارت میکنی +

تنافس ع باہم دم لینا۔ فخر کرنا +

تنافی ع ایک دوسرے کی نفی کرنا۔ منافی ہونا +

تناقض ع ایک دوسرے کو توڑنا۔ ایک دوسرے کی ضد ہونا +

تنانی ف جماتی +

تنائین ع جمع ہے تنین کی بہت اژدہا +

تناور ف قوی جثہ شخص جسیم فربہ مرکب ہے تن اور آور سے +

تناول ع لینا۔ اور پکڑنا کسی چیز کا۔ مجازاً کھانا کھانا +

تناہی منتہی ہونا۔ انتہا کو پہنچنا + اور رکنا کسی چیز سے +

تنباکو ف تماکو۔ تمباکو +

تنبان ت پاجامہ۔ ستھن۔ شلوار +

تنبک ف ڈھولک چھوٹا سا نقارہ طبلہ۔ انگلی کے سرے سے کشتی کو پکڑ کر کھانا +

تن بکاری دردادن / **تن دردادن** ف کسی کام کا منظور کر لینا۔ اور اس پر راضی ہو جانا +

تنبل ف نکما آدمی سست آدمی۔ مسخرہ موٹا۔ اور اھدی آدمی۔ اور بالضم مکر و حیلہ +

تنبوت ایک قسم کا خیمہ +

تنبور ف مشہور ساز کا نام ہے جس کا معرب طنبور ہے +

تنبوک ف لبادہ۔ بہت ہی کمزور کمان

تنبول ہ (بروزن مفعول) پان کا پتا کبادہ یعنے چھوٹی کمان +

تنبہ ع آگاہ ہونا۔ خبردار ہونا +

تنبیدن ف ہلنا۔ حرکت کرنا۔ مکین کرنا۔ گھات لگانا +

تنبیہ ع آگاہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔ جتلانا۔ آگاہی۔ لیکن مجازاً مارنا۔ قید کرنا +

تن پرست / **تن پرور** ف بدن کا پالنے والا۔ وہ شخص جو ہمیشہ کھانے پینے اور بدن پالنے میں مصروف ہے +

تن تن ف نغمہ۔ سرود۔ الاپ +

تن تنہا ف اکیلا آدمی +
تنجیم ع ستارہ شناسی - ساعت نیک دیکھ جاننا +
تنحنح ع گلا صاف کرنا +
تن خزیدن در چیزی ف اس شے میں سما جانا - گنجائش رکھنا +
تنخواہ ف مزدوری - روپیہ جو بابت نوکری کے ہو +
تند ف تیز - جلد - شوخ - غصہ - غصہ والا - سخت مزاج - توانا - فربہ +
تند باد ف آندھی - جھکڑ +
تند باز ف چست و چالاک - تیز مزاج +
تند خوے ف جلدی ناراض ہو جانے والا - بدخو بدمزاج +
تندر / تندر ف کڑک - گرج - رعد - گرجنے والا بادل +
تندرا سے ف ناعاقبت اندیش کوتہ بیں +
تن در دادن ف قبول کر لینا - راضی ہو جانا +
تندرست ف جس کو بیماری نہ ہو - چنگا +
تندرستی ف صحت - درستی سنوار +

تندر و ف چکل +
تند فہم ف تیز فہم +
تندو ف مکڑی - عنکبوت +
تندہی ف کوشش - سعی +
تندی ف غضب - غصہ - تیزی - جلدی - چالاکی +
تنذیر ع ڈرانا - خوف دلانا +
تن زدن ف خاموش ہونا - چپکے ہو جانا - صبر اور تحمل کرنا - آسودہ ہونا +
تنزل ع اترنا - درجے سے کم ہونا +
تنزہ ع دور ہونا عیب سے - باغ اور سبزہ کی سیر کرنا - مجازاً خوشی - بے غمی +
تنزہات ع خوبیاں - باغوں کی سیر +
تنزیب ف ایک قسم کے باریک کپڑے کا نام ہے +
تنزیل ع اتارنا - اترا ہوا قرآن شریف اور علم سلوک میں ایک کتاب کا بھی نام ہے +
تنزیہ ع دور کرنا - اور پاک کرنا بری چیزوں سے +
تنسخ ف بہت نادر اور کمیاب چیز - جو نفیس اور بیش ہو +
تنسق ع مرتب ہونا - منتظم ہونا +
تنسک ع خدا پرستی - سلوک تصوف +
تنسل ع اولاد جاری کرنا نسل ہونا +
تنسم ع دم لینا - سونگھنا +
تنسوقات ف عجائبات نادرات کمیاب چیزیں تحفے جمع تنسوق کی +

تنسیخ ع منسوخ کرنا +
تنسیق ع انتظام کرنا - ترتیب دینا +
تن شوئے ف عموماً حوض - ندی نالہ - پانی کا چشمہ اور خصوصاً وہ تختہ جس پر میت نہلاتے ہیں +
تنشر / تنشیر ع پراگندہ کرنا - بکھیرنا +
تنشیط ع خوش - اور شادمان ہونا +
تنصر ع نصارے بنا - مذہب عیسوی اختیار کرنا یا کہلانا +
تنصیص ع ظاہر کرنا +
تنصیف ع دو برابر حصے کرنا - آدھوں آدھ کرنا +
تنضیج ع پکارنا - پختن +
تنضید ع جڑنا - لڑی میں پرونا - چننا - سنوارنا - آراستہ کرنا +
تنظیر ع نظیر بنانا - ہم شکل بنانا - مثل بنانا کسی کا +
تنظیم ع موتی تاگے میں پرونا - انتظام کرنا درست کرنا مجازاً امورات شہر اور دربار وغیرہ کی درستی کرنا +
تنعم ع ناز و نعمت سے پرورش پانا - امن و چین سے زندگی بسر کرنا - ناز و نعمت +
تنعمات ع عیشیں عشرتیں +
تنعیش ع عیش دینا - عیش میں رہنا +
تنعیم ع مکہ معظمہ میں ایک مکان ہے - اور معنے ناز و نعمت دینا - ناز و نعمت میں پالنا +

تنفر ع نفرت کرنا - بھاگنا +
تنفس ع سانس لینا - اپنے تئیں تفسیر سمجھنا - صبح کی پو پھٹنی +
تنفیذ ع حکم - اور فرمان کا جاری کرنا +
تنفیر ع متنفر کرنا - بھگا دینا +
تنقطارت پاسبان - نگہبان - وہ چھوٹا سا چراغ جو بلندی پر رکھا ہو - اور شام سے صبح تک جلتا رہے +
تنقل ع نقل کرنا - کھانا +
تنقی ع پاک کرنا - صاف کرنا +
تنقیح ع کسی شے کو زوائد اور عیوب سے پاک کرنا - خالص کرنا +
تنقیش ع نقش کرنا +
تنقیص ع نقصان کرنا +
تنقیہ ع پاک اور صاف کرنا +
تنک ف کم - اندک - تھوڑا سا - باریک - نازک - لطیف اور تنکی - جو ایک قسم کی بہت پتلی چپاتی ہوتی ہے +
تنگ ف سکڑا ہوا - بھینچا ہوا - جو فراخ کے نقیض ہے - گونی - گون جس میں گیہوں وغیرہ بھرتے ہیں - نقاشوں یا مصوروں کا تختہ عموماً اور مانی کا نگار خانہ خصوصاً - درہ کوہ - نایاب - عدیم المثال - ملول - ستودہ - آزردہ سخت - بسیار - بہت قریب - نزدیک اور معشوق کے منہ سے بھی مراد ہے - ترکستان میں ایک ولایت اور ترکستان

کے ایک مقام کا نام بھی ہے۔
تِنقار بکسر اول منقار۔ چونچ جانوروں کی +
تنگار ف سہاگا۔ جو ایک کانی دوا ہے +
تنگ آمدن بر چیزے ف اس سے عاجز ہو جانا۔ ملول ہو جانا +
تنگ آمدن منزل بر کسے } ف
تنگ بودن جای بر کسے }
کسی کی تباہی اور بربادی کا وقت آ پہنچنا کسی کا عاجز اور ناچار ہو جانا +
تنگا تنگ ف بہت تنگ +
تنگبار ف وہ جگہ جہاں کسی کا دخل نہ ہو۔ اس آدمی کو بھی کہتے ہیں جو اپنے پاس آدمی کو نہ آنے دے۔ اور راستہ تنگ جہاں کسی کا گذر نہ ہو۔ عزیز الوجود شے کمیاب۔ باری تعالیٰ کے ناموں سے ایک نام بھی ہے +
تنگ بخت ف مفلس تہیدست فقیر +
تنگ بجدن قافیہ ف ناچار ہونا عاجز ہونا۔ سختی اور صعوبت سے مراد ہے +
تنگ پیغولہ ف دنیا اور روزگار سے کنایہ ہے +
تنگتاب ف ناطاقت۔ ناتواں ضعیف +
تنگ ترکان ف ترکستان میں ایک مقام ہے +
تنگ چشم ف بخیل۔ کنجوس۔ تو دولت معشوق جو غرور حسن یا فرط حیا سے باعث کسی کی طرف نگاہ نہ کرے +
تنگ چشمی ف بخل۔ کنجوسی۔ معشوق کی کم نگاہی بسبب غرور حسن یا فرط حیا کے +
تنگ حوصلگی } ف کم ہمتی۔ بات کا پیٹ میں ہضم نہ ہونا +
تنگ حوصلگی }
تنگ حوصلہ } ف وہ شخص جو دل اور بھید کو چھپا نہ سکے کم حوصلہ۔ کم ہمت +
تنگ دل }
تنگ داشتن عرصہ بر کسے ف کسی کو عاجز اور ناچار کر دینا سختی اور تباہی کی حالت میں رکھنا +
تنگ در آغوش کشیدن }
تنگ در آغوش گرفتن } ف خوب بغل میں لے لینا
تنگ در بر گرفتن }
تنگدست ف محتاج۔ مفلس۔ ممسک بخیل۔ چھوٹی مسند۔ کمیاب مسند +
تنگدستی ف مفلسی۔ فقیری +
تنگدل ف ملول۔ ناخوش۔ بخیل۔ کم ظرف +
تنگ روے ف حیا والا۔ صاحب شرم +
تنگری }
تنگری } ت خدا تعالیٰ
تنگز }
تنگوز } ت خوک۔ خنزیر۔ سور +
تنگ سال ف قحط کا برس۔ قحط سالی +
تنگ شدن قبا ف بیطاقت ہونا +
تنگ شدن وقت ف عدیم الفرصتی سے مراد ہے +
تنگ شکر ف شکر کی گون معشوق کے منہ سے بھی مراد ہے +
تنگ عیش ف مفلس غمگین دکھیا +
تنگ کردن }
تنگ گرفتن } ف سخت گیری کرنا سختی کرنا
تنگ میدان ف وہ شے جس کا میدان تنگ ہو چھوٹی شے +
تنگنا ئے ف تنگی۔ تنگ کوچہ تنگ جگہ۔ وہ پہاڑ کا تیرا اور دنیا اور آدمی کے بدن سے بھی مراد ہے +
تنگہ ف مفرس ٹکہ کا ہے۔ ٹکا۔ دو پیسہ کا رائج الوقت خواہ سونے یا چاندی کا ہو۔ خواہ تانبے کا +
تنگہ ف جانگیا چمڑے کا جو کشتی کے وقت پہنتے ہیں +
تنگی ف سکڑا پن۔ ضد فراخی کی۔ سختی +
تنگیاب ف وہ شے جو مشکل سے ہاتھ آئے عزیز الوجود۔ نادر۔ کمیاب +
تنکیر ع عام کرنا۔ بھیس بدلنا انجان کرنا۔ نکرہ بنانا +
تنگے سال ف قحط۔ مینہ کا نہ برسنا +
تنگی کشیدن ف سختی اٹھانا +
تنمیق ع لکھنا +
تنمیہ ع بڑھنا درخت یا انسان یا حیوان کا +
تنند۔ تنندو۔ تنندہ ف عنکبوت۔ اور پہلا لفظ کاہل آدمی بھی بولا جاتا ہے +
تنو ف قوت۔ توانائی +
تنور ع ف ت وہ روٹی پکانے کی جگہ۔ فارسی میں اکثر بے تشدید مستعمل ہے +
تنورخانہ ف مطبخ۔ باورچیخانہ +
تنورہ ف ایک قسم کی زرہ جو جنگ کے وقت پہنتے ہیں۔ انگرکھی
تنورہ زدن ف چکر کھانا۔ پھرنا حلقہ باندھنا +
تنوع ع طرح بطرح اور قسم بقسم ہونا +
تنوفہ ع بیابان +
تنومند ف مرکب ہے تن (یعنی جسم) اور مند (یعنی صاحب) سے جسم والا جسیم۔ قوی جسم۔ ہٹا کٹا۔ مند کا خاصہ ہے کہ جب یہ کسی لفظ خاص کے ساتھ دوسرے لفظ کے ساتھ ترکیب پاتا ہے تو اس لفظ کے آگے ایک اور واو زائد بڑھائی جاتی ہے۔ جیسے تنومند۔ برومند۔ دانشومند +
تنومندی ف قوی جثہ اور فربہ ہونا۔ موٹاپا +
تنویر ع روشن کرنا۔ نور دینا +
تنوین ع نون پیدا کرنا۔ ڈبل حرکت پڑھنا دو زیر یا دو زبر یا دو پیش پڑھنا (ۢ)
تنہ ف ترکیب۔ جثہ۔ عنکبوت کی تانتی ہوتی۔ اس کے معنی قبول رضا کے بھی لکھے ہیں۔ جڑ سے شاخوں کے نکلنے تک کا حصہ درخت کا +
تنہا ف اکیلا۔ مجرد۔ خالی تن کی جمع بھی ہے +

تنہائی ف تنہا ہونا - اکیلاپن +
تنہ خوارہی ف غم اور اندوہ
کے سبب تن کا گھٹنا - شکنجہ -
اور عذاب +
تنی ف تن والی چیز - جسمانی +
تنیان ف جمع ہے تنی کی +
تنیدن ف تننا - جولاہے کا کام
پسارنا +
تنیدہ ف تنا مشتق تنیدن سے اور
اس کے معنے خاموش شدہ کے
بھی ہیں +
تنین ع اژدہا - بڑا سانپ - اسکی
جمع تنانین آتی ہے +
تنین فلک ع کہکشاں سے مراد ہے +

باب التاء فوقانی مع واو

تو ف کلمہ مخاطب کا ہے - اور بمعنے خود
خویشتن - ضیافت - مہمانی +
تو ف پردہ - تہ - اندر - ملائی +
تو ف وصوپ - جوہڑ یا بچھیڑ - غدیر +
تواء ع ہلاکت - ضائع - خراب +
تواب ع توبہ قبول کرنے والا +
توابع ع جمع تابع کی ہے - پیچھے آنے
والی چیزیں +
توابل ع گرم مصالح جو کھانے
ہیں +
تواتر ع پے در پے ہونا +
تواجی ت نقیب - چوبدار +
توارد ع باہم ایک جگہ اترنا -
ایک ہی مضمون کا دو شاعروں
کو سوجھنا +

تواری ع پنہان ہونا - چھپنا - پوشیدگی +
تواریخ ع علم واقعات - اور علم السنون +
توازی ع باہم برابر بعد ہونا اس طرح
پر +
تواضع ع فروتنی کرنی - عاجزی کرنی +
تواضع سمرقندی ف چھوٹی
خاطرداری +
تواضع گری ف فروتنی کرنی +
توافر ع بہتایت - کثرت - وفور +
توافق ع باہم موافق ہونا - آپس
میں موافقت کرنا +
توافر ع وقر - حرمت - عزت +
توالد ع باہم ملکر جننا - اولاد
پیدا کرنا +
توالی ع پے در پے - متواتر +
توام ع جڑواں بچہ جو ایک بچہ
کے ہمراہ ایک ہی دفعہ پیدا ہو
برج جوزا +
توامان ع دو بچے جو ایک ساتھ
ایک ہی عورت سے پیدا ہوں +
توان ف قوت - قدرت - طاقت
بادل - ابر - ہر چیز کا حکم ہونا +
توانچہ ف طاپچہ +
توانا ف طاقتور - قوت ور +
توانائی ف طاقت - قوت +
توانائے مطلق ف قادر مطلق
حق تعالی +
توانستن ف سکنا - طاقت رکھنا +
توانگر ف مرکب ہے - توان (یعنی طاقت)
اور گر (کلمہ فاعلیت) سے سکت - مال
قدرت والا - سجانا - مالدار - دولتمند +

توانگری ف صاحب ثروت ہونا
مالداری +
توانی ع سستی کرنا - کوتاہی کرنا
توپ ت فوج - لشکر - اور توپ جو
مشہور ہے +
توپ توپ ف فوج فوج
بکثرت - بہت +
تو بر تو ف تہ بہ تہ - تہ پر تہ +
توبرہ ف گھوڑے کو دانہ کھلانے
کا تھیلا +
توپ زدن ف توپ چھوڑنا +
توپ زن ف توپ چھوڑنے
والا گولنداز +
توبک / توبک ت گنجینہ - مخزن - خزانہ +
توبہ ع گناہ سے پھرنا - باز آنا +
توبیخ ع ملامت کرنا - جھڑکنا - دھمکی +
توت ع مشہور درخت ہے جس کے
پتوں سے ریشم کے کیڑوں کو پالتے ہیں +
توتک ف بولنے والی طوطی چڑیا بول
کے بجانے کی بانسلی - قزوین میں
ایک خاص قسم کی روٹی پکتی ہے
شیراز کا ایک محلہ بھی اس نام
سے مشہور ہے +
توتی ف طوطی - جہاز وکشتی +
توتیا ف سرمہ - انجن +
توتیا شدن ف بہت باریک
ہونا - بہت پسنا +
توتیا کردن ف بہت باریک کرنا
بہت پیسنا +
توثیق ع محکم اور استوار کرنا - اور

مضبوط کرنا +
توجع ع درد پیدا ہونا +
توجہ ع کسی کی طرف منہ پھیرنا +
توجیہ ع کسی کی طرف منہ پھیرنا -
اور - اچھا بیان کرنا - وجہ بتلانا -
دلیل لانا - اور علم قافیہ میں روے
ساکن کے ماقبل حرکت کا نام توجیہ ہے +
توحد ع یکتائی - ایک ہونا -
وحدانیت +
توحش ع وحشی ہونا - نفرت کرنا +
توحید ع ایک ماننا - ایک جاننا -
خدا کو واحد (ایک) جاننا +
توخت ف جمع کیا - ادا کیا +
توختن ف جمع کرنا - کھینچنا - حاصل
کرنا - مانگنا - ادا کرنا - واپس دینا +
تود ف مبدل - توت کا ہے +
تودد ع دوستی - محبت +
تودہ ف انبار - ڈھیر - ٹیلا +
تودہ شمبلیہ ف سنبلیہ سورنجان
تودہ شمبلیہ مشہور دوائی
کے پھول کو کہتے ہیں - جو سرخ زرد
رنگ کا ہوتا ہے - اور تودہ شمبلیہ سے
مراد آفتاب ہے +
تودیع ع وداع کرنا - رخصت کرنا
سپرد کرنا - سونپنا +
تور - تورج ف فریدوں بادشاہ
کے بڑے بیٹے کا نام ہے -
جس کے نام پر ولایت توران
مشہور ہے - ولایت توران
کو بھی کہتے ہیں - ایک ترش مزہ گھاس
کا نام بھی ہے - بزرگ کو بھی کہتے ہیں

ایرج کی بیٹے - پہلوان اور بہادر کے معنے میں بھی آیا ہے - ڈھونڈھنا - اور تلاش کرنا بھی اس کے معنے ہیں اور وحشت کرنا - بھاگنا - دور ہونا - مہمانی - ضیافت - تھوڑا +

توران ف نام ایک ولایت کا ہے جو فریدوں کے بیٹے تور کی طرف منسوب ہے +

توران دخت ف خسرو پرویز کی بیٹی تھی جس نے ایک سال چار مہینے ایران کی سلطنت کی +

توران شاہ ف ایک مشہور وزیر کا نام ہے +

تورّع ع ورع - پرہیزگاری +

تورہ ت رسم - قاعدہ - قانون دستورالعمل - بادشاہ کا نیا حکم - مجازاً اس شریعت کو کہتے ہیں - جو چنگیز خان نے خود ایجاد کی تھی +

توریت ع کجی - ٹیڑھا پن +

توریت ع آسمانی کتاب جو حضرت موسےٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی - اور اب کسی کے پاس بھی اصل کتاب نہیں ہے - کیونکہ اصل کتاب مذکور یہودیوں سے جاتی رہی - اور عزیر ع نے جو کتاب لکھی تھی اس میں بہت کچھ تحریف ہوگئی ہے +

توزت بھوج پتر جو مشہور پتہ ہے - پہاڑ میں ہوتا ہے - تاخت وتاراج کرنے والا - اہواز کے پاس ایک شہر بھی اس نام کا ہے +

توزّع ع پراگندگی - پریشانی +

توزک ف سامان - آرائش - انتظام +

توزیدن ف جمع کرنا - اکٹھا کرنا +

توزیر ع جھوٹی تہمت لگائی +

توزیع ع پراگندہ کرنا - بانٹنا +

توزین ع تولنا - وزن کرنا +

توسط ع میانہ روی اور اعتدال اور واسطہ کرنا +

توسعہ ع فراخی - وسعت +

توسّع ع فراخ کرنا - کشادہ کرنا +

توسّل ع وسیلہ ڈھونڈنا - کسی کو بیچ میں ڈالنا +

توسن ف گھوڑے کا بچہ جو تند خو شوخ اور سرکش ہو - سرکش +

توسنگ ت قناعت - تھوڑے پر راضی ہو جانا +

توسیع ع فراخ کرنا - کشادہ کردینا +

توش ف تاب - طاقت - توانائی تن - جثہ - جسم - توشہ +

توشدان ف جس میں خوراک سفر کی رکھیں +

توشقان ت خرگوش +

توشک ف فرش - بچھونا - راحت بلی کو بھی کہتے ہیں +

توشکان ف گلخن - آتشدان - گرمابہ - حمام +

توشک خانہ ف وہ کمرہ جس میں پہننے کے کپڑے رکھے جاتے ہیں +

توشمال ت خانساماں - خوان سالار - بکاول +

توشہ ف زاد راہ - راہ کا خرچ خوراک +

توشہ برداشتن ف سفر کی تیاری کرنا - مسافر ہونا +

توشہ خانہ ف یہ لفظ غلط معلوم ہوتا ہے - اصل اسکی توشک خانہ ہے +

توشیح ع بدھی گردن میں ڈالنا - آرائش کرنا - اور نام ایک صنعت شعریہ کا ہے - جس میں شاعر ہر ایک مصرع یا بیت کے اول ایسے حروف لاتا ہے - کہ اگر ان سب کو جمع کیا جائے - تو خود شاعر کا یا کسی اور شخص کا نام (جسکی شاعر ان شعروں میں تعریف کررہا ہو) نکلے وہ بیتیں موشح کہلاتی ہیں +

توصف ع تعریف کرنا - وصف +

توصیہ ع نصیحت کرنا - وصیت کرنا +

توضیح ع واضح کرنا - روشن کرنا - اصول فقہ میں ایک کتاب بھی ہے +

توطن ع وطن اختیار کرنا +

توطیہ ع لتاڑنا - پامال کرنا - بچھانا - مجازاً - تمہید مدعا کی +

توظیف ع ہر روز رسد دینا - رسد مقرر کرنا +

توغ ت علم - نشان - جھنڈا - درخت تاغ کی لکڑی کو بھی کہتے ہیں +

توغیرہ ف جھنڈی - برچھی +

توغچی ت علم بردار +

توغل ع مشق کامل کرنا - ایک کام میں بہت لگا رہنا +

توغلق ت خود - لوہے کا ٹوپ +

توف ف شور و غوغا - ہنگامہ - ولولہ غلغلہ - وہ آواز جو پہاڑ سے آئے +

توفان ف شور و غوغا عموماً اور دریا کا شور خصوصاً - وامق کے دوست کا نام ہے +

توفق ع موافقت - یکسانی +

توفیر ع بہت کرنا - اور بہت ہونا - اور فائدہ جو اجارہ پر ہو +

توفیق ع موافق کر دینا - بہ اصطلاح اصطلاحی معنے خدا کا نیکی کے اسباب کو بندہ کی خواہش کے موافق کرنا +

توفیہ ع پورا دینا - اچھی طرح پورا کرنا +

توق } آرزومند اور غلبہ
توقان } شہوت کا +

توقد ع آگ کا بھڑکنا +

توقیر ع وقر کرنا - عزت کرنا +

توقع ع امید - بھروسا +

توقف ع ٹھہرنا - دیر کرنا - وقفہ کرنا +

توقی ع نگاہ بانی - بچاؤ +

توقیر ع عزت و حرمت کا نگاہ رکھنا +

توقیع ع بادشاہ کا فرمان پر دستخط کرنا - دستخط - خستگی - اور مستعار کتاب شاہی فرمان بخلاف منشور کے - فرمان شاہی +

توکل ع بھروسا کرنا خدا پر - دنیا سے دل اٹھا کر خدا پر لگانا +

توکید ع مضبوطی - استوار +

توکیل ع وکیل بنانا - کسی کے ذمہ کام کر دینا +

تولا ع محبت - امید و پھر جانا - حکومت کرنا اصل میں تولی ہے +
تولاک اللہ ع اللہ تجھے دوست رکھے +
تولب ع گدھے کا بچہ +
تولد ع پیدا ہونا - جننا +
تولع ع لالچ کرنا - لالچ +
تولہ ف کتے کا بچہ - بودا لڑکا - ہندوستان میں ایک معین وزن ہے +
تولچہ ف مصغر تولہ کا ہے جسکے معنے مشہور وزن کے ہیں +
تولّی ع پھرنا - رو برو کرنا - حکومت کرنا - کسی کے کام میں لگ جانا +
تولیت ع حاکم کرنا - والی کرنا - سپرد کرنا +
تولید ع جننا - پیدا کرنا - پرورش کرنا +
تومان } ع دو - حصہ - گروہ - پرگنہ -
تمن } دس ہزار آدمی - روپے ایران کا ایک طلائی رائج الوقت سکہ ہے جو حجم میں یہاں کی چونی کی مساوی اور قیمت میں قریباً پانچ روپے کے برابر ہے +
تومان عراق ف قریباً چالیس ہزار روپیہ (٤٠٠٠٠) کا ہوتا ہے +
توو خدا ف تجھے خدا کی قسم ہو کلمہ قسم کا ہے +
توہم ع وہم میں ڈالنا - وہم کرنا +
توہین ع اہانت کرنا - سست کرنا - ذلیل کرنا +
توئی ف اندرون - اندر - کسی چیز کے درمیان تہ جیسے دو توئی یعنی دو تہ اور بوا دھول جیسے جشن - مہمانی - شادی کے دن کا جشن +

باب التائے فوقانی مع ہائے ہوز

تہ ف نیچے تلے - تلا - طاق جو چھت کے مقابل ہے - تلوار وغیرہ کے منہ پر جو زنگار بیٹھ جاتا ہو اُسے بھی کہتے ہیں - اور بضم اول بمعنی تف +
تہادی ع باہم ہدیہ بھیجنا - ایک دوسرے کو تحفہ بھیجنا +
تہال ف پہاڑ کی غار +
تہالک ع باہم ہلاک ہونا +
تہانی ع باہم مبارکباد کرنا +
تہاون ع خوار اور ذلیل رکھنا - حقیر سمجھنا - سستی کرنا - سستی +
تہ بند - تہمد ف لنگوٹ جو چادر تلے باندھتے ہیں +
تہ بندی ف کتاب کی جز بندی - وہ رنگ جو اصلی رنگ سے پہلے کپڑے کو دیا جائے +
تہتک ع پردہ دری کرنا - رسوائی کرنا +
تہجد ع رات کو بیدار ہونا - مجازاً وہ نماز جو آدھی رات کے قریب اُٹھ کر گیارہ رکعت یا اس سے زیادہ پڑھا کرتے ہیں +
تہ جرعہ - تہ جرعگی ف وہ شراب جو پینے کے بعد پیالے میں رہ جاتی ہے +
تہجی ع ہجے کرنا - حروف مفردہ کا پڑھنا +
تہجین ع ذلیل کرنا - بے عزت کرنا +
تہ خانہ ف نیچے کا گھر +
تہدید ع ڈرانا - دھمکانا - خوف دلانا - دھمکی - سرزنش +
تہذیب ع آراستہ کرنا - پاک کرنا - سنوارنا - اصلاح دینا +
تہذیب اخلاق ع آراستہ کرنا خلقتوں کا - سنوارنا عادتوں کا - حکمت عملی کی تینوں قسموں میں سے ایک قسم ہے جس میں ان افعال کی درستگی کا ذکر ہوتا ہے جو خاص ایک ہی شخص کی طرف بالانفراد راجع ہوں یعنی ایک ایک فرد انسانی سے متعلق ہوں - اور اسے علم فرہنگ بھی کہتے ہیں - جسکے معنے ہیں ہر ایک شخص کا ادب اور اندازہ مناسب نگاہ رکھنا +
تہ ریش گذاشتن ف فریب دینا +
تہ کردن زانو ف مودب بیٹھنا +
تہلکہ ع ہلاک ہونا - مرنا - نیست ہونا +
تہلیل ع لا الٰہ الا اللہ کہنا +
تہم ف وہ شخص جو قد و قامت کی درازی اور مضبوطی اور شجاعت و مردانگی میں بے نظیر ہو +
تہمت ع عیب لگانا - برائی کرنا +
تہمتن ف مرکب ہے تہم اور تن (یعنی جسم) سے - قوی الجثہ - جسیم - رستم کا لقب تھا اور معنے سپہدار - سپہ سالار - لشکر کشی - دلاوری - نامبرداری کرنے کے معنوں میں بھی آیا ہے +
تہمورس ف ایران کے پیشدادی خاندانی میں ایک بادشاہ گذرا ہے جسے طہمورث دیوبند کہتے ہیں +
تہ نشین ف تہ میں بیٹھنے والا - تلچھٹ +
تہنیت ع مبارکباد دینی - مبارکباد - گوارا کرنا +
تہ و بالا ف زیر و زبر - پراگندہ +
تہور ع پرلے سرے کی مردانگی - قوت غضبی کی زیادتی +
تہوع ع ابکائی آنا یعنی قے کی آواز کرنا - اور کچھ مادہ نہ نکلے - متلی - ابکائی +
تہویل ع خوف دلانا - ڈرانا +
تہی ف خالی - جو بھرا ہوا نہ ہو +
تہیج ع ہوا اور بخار وغیرہ کا اُٹھنا +
تہی دست ف مفلس - خالی ہاتھ +
تہی دستی ف مفلسی +
تہیگاہ ف کوکھ - یعنی سرین کے اوپر اور پہلو کے نیچے جو جگہ ہے +
تہی مغز ف بیوقوف - جاہل - احمق - بیہودہ +
تہیہ ع تیاری - سامان +

باب التائے فوقانی مع یائے تحتانی

تی ف مخفف ہے تہی کا +
تیار ع موج زن - جلد رفتار - مجازاً موجود - قابل کام کے - آمادہ - مہیا +
تیان ف بڑی دیگ جسکا سر کھلا ہو +
تیانچہ ف چھوٹی دیگ جسکا سر کھلا ہو +
تیبا ف حیران - سرگشتہ - مدہوش - بیقرار +
تیتال ف فریب - چاپلوسی +
تی تی ف بفتح ہر دو تا جیسے تھئی تھئی جو ناچنے والے کہتے ہیں اور بکسر دو تا وہ آواز جو مرغوں کے بلانے کے لئے مخصوص ہے - گیلان کے بادشاہوں کی عورتوں کو بھی کہتے ہیں +
تیر ف سہم - کمان کا تیر - ستارہ عطارد - چوتھا مہینہ شمسی مہینوں کا - تیرھواں دن ہر مہینہ کا - تیرہ و تاریک - چھرا - بیابان - غضب - غصہ - قہر - طاقت - قدرت - چار پایوں کے موکل فرشتہ کا نام ہے - ہر سیدھی لکڑی جیسے چھت کی کڑیاں وغیرہ - طغیان - کھجور کا شگوفہ - ایک قسم کا سانپ اور ایک قسم کا مرغ بھی ہے +
تیر افگندن ف طعنہ مارنا - دعا کرنا +
تیر انداز ف تیر چھوڑنے والا +
تیر آور ف عیار - مکار - حیلہ گر +
تیر باران ف باران تیر - تیروں کا مینہ - بہت سے تیر جو کمان سے چھوٹے گئے ہوں +
تیر پرتاب - تیر پرتابی ف ایک قسم کا تیر جو بہت دور تک جاتا ہے +
تیر تکشے دادن ف بادشاہ جب کسی کو امان دیا چاہتے ہیں - تو ایک تیر جس پر بادشاہ کا نام کندہ ہوتا ہے - اُسے دیتے ہیں کوئی

اس سے متعرض نہیں ہوتا +
تیر بخش ف تیر ہوائی - تیر آتشبازی +
تیر تظلم ف مظلوم کی آہ +
تیر چرخ ف ستارہ عطارد - بان تیر ہوائی - لوہے کا تیر جو بارود سے بھر کر دشمن کی طرف چھوڑتے ہیں +
تیر عکسی ف وہ تیر جو کبھی نشانہ پر لگنے سے نہ چوکے +
تیرغا ف چھت کی کڑی +
تیر خدنگ ف خدنگ کا بنا ہوا تیر - خدنگ ایک درخت ہے جس کی لکڑی نہایت مضبوط اور سیدھی ہوتی ہے چونکہ تیر اکثر اسی کے بنتے ہیں اس واسطے مطلق خدنگ کے معنے بھی تیر کے ہو گئے ہیں +
تیردان ف ترکش - تیرکش +
تیر دستی ع ہاتھ بھر لمبی کی لکڑی جیسا
تیر دوکلا ف وہ تیر جو پہلی دفعہ کمان سے نکل کر کسی جگہ لگے اور پھر وہاں سے اچھل کر دوسری جگہ پر جا لگے +
تیر سا ف زخمہ - مضراب +
تیر سک زخمہ، تیر فلک زخمہ ف بے خطا تیر +
تیر سحر ف صبح کاذب کی روشنی صبح کی راہ جو سوز و درد سے کی جاتی ہے تاثیر +
تیرک ف مصغر ہے تیر کا - بلبلے جو گرم پانی یا گوشت وغیرہ پکانے کے وقت اٹھا کرتے ہیں +
تیرک زدن ف خون کا جاری ہونا +
تیرکش ف ترکش اسی کا مخفف ہے اس سوراخ کو بھی کہتے ہیں جو قلعے یا بادشاہ کے محل کی دیوار میں تیر اندازی کے لیے بنائے جاتے ہیں +

تیر کشیدن ف درد کرنا +
تیر گردانی ف جب کسی شخص کی کوئی چیز جاتی رہتی ہے - تو تیر پر افسوں پڑھتے ہیں اور وہ خود بخود حرکت کر کے چور کے نام پر ٹھہر جاتا ہے +
تیر گردوں ف آفتاب - عطارد اور آسمانی حوادث سے مراد ہے +
تیرگی ف اندھیرا - دھندلا پن - دلی کدورت
تیر ماہ ف سال شمسی کا چوتھا مہینہ +
تیرہ ف تاریک - سیاہ رنگ - خشمناک - دھندلا پن +
تیرہ بخت ف بدبخت - بدنصیب +
تیرہ ترک ف کاٹ کی کالی ٹوپی جو مجرموں اور قیدیوں کو ایران میں پہنا کر شہر میں تشہیر کیا کرتے ہیں +
تیرہ ترک نہادن مرگ کسے ف موت کا استقبال کر لینا ہے ہلاک کر دینا +
تیرہ دست ف دنیا جہان سے مراد ہے +
تیرہ رائے ف بے عقل - کج رائے والا +
تیرہ روز، تیرہ روزگار ف بدقسمت - بدنصیب
تیرہ روی ف عیاری - مکاری +
تیرہ شدن از چیزے ف اس چیز سے ناخوش ہونا - رنجیدہ ہونا +
تیرہ کردن ف پریشان کرنا - مکدر کرنا +
تیر ہوائی ف وہ تیر جو آسمان کی طرف بے نشانہ پھینکا جائے ایک قسم کی آتشبازی بھی ہے +
تیرہ و تاریک ف بہت اندھیری رات
تیز ف چالاک - جلد - اور دھار جو کاٹ اچھا کرے +
تیزاب ف تیز پانی - مشہور شے ہے -
کئی قسم کا ہوتا ہے - گندھک شورہ نمک کا زیادہ تر مشہور ہے بدن پر پڑ جائے تو زخم کر دیتا ہے کپڑا وغیرہ پر جا گرے تو جلا دیتا ہے +
تیز بال ف تیز رفتار - جلد رو +
تیز تاز ف چالاک +
تیزدان ف سفید +
تیز دندان ف لالچی - حریص +
تیز قلم ف زود نویس +
تیز گام ف جلد رو +
تیز کردن دندان بر چیزے ف اس چیز کا لالچ کرنا - حرص کرنا +
تیز کردن کسے را ف کسی کو گرم کرنا - برانگیختہ کرنا +
تیز گردیدن ف غصے ہونا - غضبناک ہونا
تیز گوش ف جلد سننے والا +
تیز مغز ف تند و تیز آدمی کنایہ ہے +
تیزی ف تیز ہونا - جو کند کے مقابل ہے - وہ لوگ جو عربی نژاد اور فارسی زبان والے ہوں تازی کہلاتے ہیں +
تیس ع بکرا جو بکریوں کے گلہ میں رہتا ہے فارسی میں اس کو نرتا اور ہندی میں بوک کہتے ہیں +
تیسر ع آسان ہونا - اور آسانی +
تیسیر ع آسان کرنا - آسانی +
تیش ف دندان - تیشہ جس سے ماخوذ ہے - اس کے آخر نسبت کی ہا لگی ہوئی ہے
تیشہ ف بسولا جس سے بڑھئی لکڑی چھیلتا ہے +
تیشہ بر پائے خود زدن یا بر پائے خود زدن ف تردد سے باز رہنا - کام کا درہم برہم کرنا - اپنا کام آپ بگاڑ لینا +

تیشہ بسوئے خود زدن ف حریص اور لالچی بننا - حرص - طمع - لالچ کرنا +
تیشہ فرہاد تیز کردن ف عشق میں شروع کرنا
تیغ ف مبدل ہے تیز کا - تلوار - شمشیر - خنجر - استرہ - چاند - آفتاب وغیرہ کی روشنی - فولاد کا جوہر - پہاڑ کی بلندی - ہر چیز جو بیچ میں اور بلند کھڑی ہو +
تیغا ف خنجر - چھوٹی تلوار +
تیغ افراسیاب ف شعاع کے خطوط شعاعیں - کرنیں +
تیغال ف گھونسلا جانوروں کا +
تیغ بخاک کردن ف فتنہ اور خونریزی کا ترک کرنا +
تیغ حوالہ فرق کردن ف سر پر تلوار مارنا
تیغ خم ف محراب جیسے ٹیڑھی تلوار +
تیغ خورشید ف سورج کا طلوع کرنا - سورج کی شعاعیں +
تیغ دو دستی زدن ف دونوں ہاتھ تلوار مارنی نہایت کوشش سے لڑنا - سخت خونریزی کرنی +
تیغ دودم ف وہ تلوار جس کی دونوں طرف تیزی اور آبداری ہو +
تیغ زن ف تلوار مارنے والا +
تیغ زن آسمان ف صبح صادق سورج سے مراد ہے +
تیغ ستم ف ظلم و ستم کا رواج +
تیغ سحر ف صبح صادق اور کاذب کی روشنی - صبح کی دعا - صبح کی آہ جو درد سے نکلے +
تیغ شدن ف [illegible] ہونا +
تیغ کوہ ف پہاڑ کی چوٹی +
تیغ گوشتین ف زبان سے مراد ہے +

تیغ محرف ف خمدار تلوار جسکا تیغ ٹیڑھا ہوتا ہے +
تیغ مغربی ف مغرب کی تلوار۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ شہر گجرات کے مغربی دروازے پر بنائی جاتی تھی اسلیے اس نام سے مشہور ہے +
تیغ مہند ف ہند کی بنی ہوئی تلوار جو عرب و ایران میں کمال شہرت رکھتی ہے +
تیغ نطق ف زبان فصیح +
تیغ و ترنج بیان آوردن ف امتحان سے مراد ہے یوسف ؑ کے دیدار سے مصر کی عورتوں کے ہاتھ کاٹنے والے قصے سے لیا گیا ہے +
تیغہ پشت ف پیٹھ کے مہروں کی قطار +
تیغہ کوہ / تیغ کوہ ف پہاڑ کی بلندی یا چوٹی +
تیق ف بدخو +
تیقظ ع بیدار ہونا - بیداری - جاگنا +
تیقن ع یقین کرنا - اعتبار کرنا +
تیقیظ ع جگانا - بیدار کرنا - بیداری +
تیم ف کاروان سرائے - دنیا سے کنایہ ہے +
تیمار ف غمخواری - غم - فکر اور خدمت کرنا - اور علاج +
تیمار کش ف غم اٹھانے والا - غمخوار +
تیماس ف بن - جنگل +
تیمم ع قصد کرنا (مٹی کا قصد کرنا) بجائے پانی کے مٹی سے وضو کرنا +
تیمن ع مبارکباد لینا - برکت لینا - بابرکت ہونا +
تیمور ف وہی تمر جو ایک مشہور بادشاہ ہو گذرا ہے +
تیول / تیولکی ف جاگیر جو پیشگی ادا ہو یعنی جو بخشش +

تیہ ع جنگل صحرا بن بھٹکر کرنا - اور اصطلاح میں وہ جنگل جسمیں حضرت موسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام بنی اسرائیل کے ساتھ چالیس برس تک سرگردان رہے +
تیہ اسرائیل ع وہ جنگل جسمیں حضرت موسیٰ سرگردان رہے +
تیہو یا تیہوج ف لوا - ایک مشہور پرند ہے +
تین ع انجیر - مشہور میوہ ہے +

باب ثای مثلثہ

باب الثای مثلثہ مع الالف

ثابت ع قائم - مضبوط +
ثاد ع نم - سرمایہ +
ثادق ع ایک گھوڑے کا نام ہے +
ثاقب ع روشن - چمکدار - اور نام ایک پہاڑی کا بھی ہے +
ثالث ع تیسرا +
ثالث ثلاثہ ع بقول عیسائیوں کے تین اقنوم خدا کے - یعنی اب (خدا) ابن (عیسیٰ) روح القدس اور قوم نصاریٰ سے بھی مراد ہے +
ثالیل ع جمع ثولول جسے ہندی میں مسہ کہتے ہیں +
ثامن ع آٹھواں - یعنی (۸) -
ثانی ع دوسرا +
ثانی اثنین ع دو میں کا دوسرا مثل - مانند - نظیر سے مراد ہے +
ثانیہ ع سکنڈ انگریزی میں دقیقہ - عربی میں یعنے ۱/۶۰ حصہ گھنٹہ کا +
ثانوی ع دوئمی - دوسرا

باب الثای مثلثہ مع بای موحدہ

ثبات ع پایداری - قرار و قیام +
ثبت ع لکھنا - تحریر کرنا - جست - معتمد آدمی مصدر ہے کبھی اسم مفعول کے معنی میں بھی آجاتا ہے - یعنی لکھا گیا - مرقوم +
ثبور ع ہلاکت - ہلاک ہو جانا +

باب الثای مثلثہ مع الجیم

ثج ع پانی اور خون کا گرانا یا پھینک دینا +

باب الثای مثلثہ مع خای معجمہ

ثخن ع حجم - موٹاپن +
ثخین ع موٹی - سخت +

باب الثای مثلثہ مع دال مہملہ

ثدی / ثدی ع پستان - چھاتی - چوچی +

باب الثای مثلثہ مع رای مہملہ

ثرا ع دولت - مال +
ثروت ع مال کی کثرت - تونگری - [illegible]
نعمت - سرداری - حشمت +
ثریا ع پروین - وہ چھ ستارے جو باہم متصل واقع ہیں - جاڑے کے موسم میں شام ہی سے [illegible] پنجابی میں کھتیاں [illegible] +
ثری ع [illegible] - خاک [illegible]

ثرید ع ٹکڑے روٹی کے شوربے میں بھگے ہوئے +

باب الثای مثلثہ مع عین مہملہ

ثعابین ع جمع ہے ثعبان کی +
ثعالب ع جمع ہے ثعلب کی لومڑیاں +
ثعبان ع بڑا سانپ - اژدہا +
ثعلب ع روباہ - لومڑی +
ثعلب مصری ایک مشہور دوائی ہے +

باب الثای مثلثہ مع غین معجمہ

ثغ ع بت +
ثغر ع دانت اور اگلے دانت - کفار اور اسلام کے ممالک کی سرحد +
ثغور ع جمع ہے ثغر کی +

باب الثای مثلثہ مع الفاء

ثفر ع پاسدم - دمچی +
ثفل ع پھوسی - پیچا نہ - پھوگ +

باب الثای مثلثہ مع القاف

ثقات ع جمع ہے ثقہ کی معتبر آدمی +
ثقالت ع گرانی - بوجھ - بھاری پن +
ثقب ع جمع ہے ثقبہ کی +
ثقبہ ع سوراخ - چھید +
ثقبہ عنبیہ ع ایک سوراخ ہے طبقہ عنبیہ میں - درمیان آنکھ کے - اسمیں سے روشنی آنکھ کے اندر جاتی ہے +
ثقافت ع مضبوطی - استواری +
ثقل ع گرانی - بوجھ - بھار - اور نام ایک قوت یا کشش کا ہے جو اجسام کو زمین کی طرف کھینچتی ہے یا ایک شئے دوسرے کی طرف

کھینچنے میں اثر کرتی ہے +
ثقلین: دو گروہ - انسان اور جن
دونوں جہان +
ثقہ: مرد معتمد - جسکے قول اور فعل پر اعتماد ہو +
ثقیل: گراں - بھاری - بوجھل +

باب الثائے مثلثہ مع اللام

ثلاثا: تین - منگل کا دن +
ثلاثہ غسالہ: ستنا - یعنی تین پیالے
شراب کے جو صبح کے وقت پیتے ہیں -
بدنی کثافتیں اور بشری کدورتیں اور غم
و اندوہ سب اس سے زائل ہو جاتے ہیں
طعام کے بعد جو پانچ پیالے ہضم طعام کے
واسطے پیئے جاتے ہیں خمسہ ہاضمہ
کہلاتے ہیں - اور اس سے کچھ دیر بعد
سات پیالے پی کر جو سو جاتے ہیں -
انہیں سبعہ نائمہ کہتے ہیں +
ثلاثی: وہ صیغہ جسمیں تین حرف ہوں +
ثلب: بوڑھا اونٹ - تنتر بیر +
ثلث: تہائی - تیسرا حصہ ⅓ -
ثلث: سات قسم کے خطوں میں سے
ایک قسم کا خط +
ثلثان: دو تہائی ⅔ -
ثلثون: تیس - ۳۰ - ل - 30
ثلج: برف +
ثلم: ناک کاٹ ڈالنا +

باب الثائے مثلثہ مع المیم

ثم: پھر - باز - پس +
ثم: وہاں +
ثمار: جمع ہے ثمر کی - میوے +
ثمان - ثمانیہ: آٹھ - ۸ - ح - 8 +
ثمانین: اسی - ۸۰ - ف - 80 +
ثمد: تھوڑا سا پانی +
ثمر: درخت کا پھل - نتیجہ - میوہ - انجام +
ثمر پیش رس: وہ میوہ جو اپنے موسم
سے پہلے حاصل ہو جائے +
ثمرہ: نتیجہ - پھل - انجام +
ثمن: قیمت - قدر - مول +
ثمن: آٹھواں حصہ یعنی ⅛ +
ثمود: صالح علیہ السلام کی قوم +
ثمیر: میوہ دار +
ثمین: قیمتی - گراں قیمت +
ثمینہ: قیمتی شے +

باب الثائے مثلثہ مع النون

ثنا: تعریف - مدح - ستایش +
ثنا خوان - ثنا گر - ثنا گستر - ثنا گو:
تعریف کرنے والا - سراہنے والا - مداح -
ثنائی: دو حرفی - اور اگلے دو دانت +
ثنایا: سامنے کے چار دانت - کچلیاں +

باب الثائے مثلثہ مع واو

ثواب: مزد - بدلہ - نیک عوض آخرت میں +
ثوابت: وہ ستارے جو حرکت نہیں کرتے
بخلاف سیارات کے +
ثواقب: روشنی دینے والی چیزیں +
ثوانی: جمع ہے ثانیہ کی - دوسرا - اور
$\frac{1}{60}$ حصہ دقیقہ کا +
ثوب: کپڑا - جامہ +
ثوبان: نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم
کے ایک غلام کا نام ہے +
ثور: بیل - نر گائے - دوسرا برج آسمان کا +
ثوران: جوش - گرد اور فتنہ کا اٹھنا +
ثولول: مسا - ثالیل اسکی جمع ہے +
ثوم: لہسن - مشہور ہے - پنجابی تھوم
(ہوا دھول) +

باب الثائے مثلثہ مع یائے تحتانی

ثیاب: کپڑے - جمع ہے ثوب کی +
ثیبات: زنان شوہر دیدہ یعنی وہ عورتیں
جو بیاہی جا چکی ہوں +
ثیبہ: شوہر دیدہ - عورت خواہ خاوند
اسکا زندہ ہو خواہ مر گیا ہو - بخلاف باکرہ کی +

باب جیم تازی

باب جیم تازی مع الالف

جا: جگہ - مکان - مقام +
جابجا: جگہ بجگہ - ہر ایک جگہ +
جابر: جبر کرنے والا - زیادتی کرنے والا
بھرنے والا +
جا بر کسے خالی کردن: تعظیم
و توقیر سے اسے اپنی جگہ پر بٹھانا +
جا بر سر دست بودن: نہایت معزز
و موقر ہونا +
جابلسا: مغرب کی طرف ایک مشہور
شہر ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ عالم مثال
کا مغربی شہر ہے سالک کی آخری منزل +
جابلقا: مشرق کی جانب ایک شہر ہے
بعض کہتے ہیں کہ وہ عالم مثال میں مشرقی شہر
ہے سالک کی پہلی منزل +
جاپلوس: فریب دینے والا خوشامدی
جاپوزف: ترکستان میں ایک شہر ہے +
جاتاغ: خیمہ - وہ ایک سوراخ دار
تختہ ہوتا ہے جو خیمے کے ستون پر لگتا ہے +
جاثلیق: بڑا پادری - اعظم دین نصاریٰ سے
بہت بڑا دینی افسر جو اسلامی [illegible]
جاثمین: ہلاک [illegible] اور بے حس و حرکت
ہونے والے - مر جانے والے لوگ +
جاجم: ایک قسم فرش کی ہے +
جاجنگر: [illegible] دو کوس کے
فاصلہ پر ایک شہر ہے +
جاحد: منکر - جو [illegible] انکار کرنے والا +
جاحظ: ایک عالم کا نام ہے [illegible]
[illegible]
جا دادن: [illegible]
جادادن: جگہ دینا +
جادل: لڑنے والا - اپیل بحث کرنے والا +
جادو: منتر - سحر - اور جادوگر کے
معنے میں بھی آیا ہے +
جادو خیال / جادو زبان / جادو سخن: بہت تاثیر تقریر کرنے والا شاعر - فصیح البیان +
جادوگر: جادو کرنے والا - ساحر +
جادوئی: سحر - ساحری - جادوگری +
جادہ: اصل میں دال کی تشدید مستعمل
ہے - باریک راہ - وہ سیدھی راہ
جو جنگل میں لوگوں کی آمد و رفت
سے بن جاتی ہے - بیٹا +
جادہ مستقیم: سیدھی راہ - راہ حق +

جام عالی ف بہت بڑا پیالہ +

جامع کوفہ ء کوفے کی جامع مسجد +

جامعیت ع سب طرح کی خوبیاں جمع کرنیوالا ہونا - جامع ہونا +

جامغول ف حرامزادہ - شریر +

جام فرعونی ف فرعون کا زرین پیالہ جسے چار آدمی اٹھا کر مجلس میں لاتے تھے +

جام گوہری ف بلوری پیالہ - معشوق کا منہ اور ہونٹ +

جامگی ف روزینہ - وظیفہ خوراک جو نوکر اور غلام کو دیتے ہیں - تلچھٹ جو پیالہ میں شراب پینے کے بعد بچ رہے +

جامگی خوار ف وظیفہ خوار - خدمتی نوکر - غلام +

جام کیخسرو / جام گوہر نگار / جام گیتی نما } ف پیالہ - کیخسرو نے ایک پیالہ بنایا تھا - جسپر خطوط بنے ہوئے تھے جسطرح اصطرلاب کے خطوط دائروں اور رقموں وغیرہ سے ستاروں کی بلندی وغیرہ کا حال معلوم ہو جایا کرتا ہے اسی طرح اس پیالہ سے زمانہ کے حادثات اور واقعات پہلے سے معلوم ہو جاتے تھے +

جاموس ف بھینسا - ارنا مشہور حیوان ہے پنجابی - سنڈھا +

جامہ ف کپڑا - لباس پہننے کا +

جامہ بدندان گرفتن ف بھاگنے سے مراد ہے - شراب کی صراحی اور پیالہ وغیرہ +

جامہ برکسے پارہ کردن ف اسکے بدن پر کے کپڑے پھاڑ لینے - پیچھے پڑ جانا - سر ہو جانا - دق کرنا - تنگ کرنا +

جامہ خانہ - جامہ دان ف توشک خانہ جہاں لباس اور ہر طرح کے کپڑے رکھے جاتے ہیں +

جامہ خورشید ف زمین اور درختوں کے پتوں سے مراد ہے - غبار اور وہ چیز جو سورج کے آگے آ جائے - سالکوں کی اصطلاح میں ہیولیٰ کا بیان +

جامہ درخون زدن ف کپڑوں کا سرخ کرنا +

جامہ درخون کشیدن ف کسی کے کپڑے خون میں رنگنا - قتل کرنا - مار ڈالنا +

جامہ در نیل زدن / جامہ در خم نیل زدن / جامہ در نیل کشیدن / جامہ در نیل گرفتن / جامہ بہ نیل فرو بردن } ف ماتمی لباس پہننا - سیاہ کپڑے کر لینے +

جامہ سحر ف بادصبا - آفتاب سے کنایہ ہے +

جامہ عید ف سرخ قبا اور کپڑے بہار کے شگوفے اور پھول +

جامہ سرخ پوشیدن سلطان ف بادشاہ کا قہر و غصہ میں ہونا +

جامہ صورت ف وہ کپڑا جس پر تصویریں نقش ہوں +

جامہ غوک ف کائی - جو ایک سبز سی شے سطح آب پر جم جاتی ہے +

جامہ فتح ف لباس جو لڑائی کے وقت زرہ کے نیچے پہن لیتے ہیں - اسپر آیتیں دعائیں اور نقش (جیسے انا فتحنا وغیرہ) منقوش ہوتے ہیں +

جامہ قبا کردن ف کپڑے کا پھاڑ ڈالنا +

جامہ قطران ف سیاہ کپڑے جو عاشورہ کے دنوں میں پہنتے ہیں +

جامہ کاغذی کردن ف کاغذی لباس پہن لینا - فریاد کرنا - دادخواہی کرنا +

جامہ کعبہ ف کعبہ کا غلاف +

جامہ کن ف حمام کا وہ کمرہ جہاں کپڑے اتارے جاتے ہیں +

جامی ف تخلص جناب مولانا [illegible] عبد الرحمن جامی رح کا ہے - جو شاعر اجل فاضل اکمل - عالم متبحر اور صوفی کامل تھے ماہ شعبان ۸۱۷ھ ہجری میں بمقام خرجرد من مضافات صوبہ جام متولد ہوئے (اسیواسطے آپ کا تخلص جامی ہوا) اور جمعہ کے دن ۸۱ برس کی عمر میں ۱۸ ماہ محرم ۸۹۸ھ ہجری کو رحلت فرمائے عالم جاوید ہوئے - ۴۸ کتابیں نہایت عمدہ آپکی تصنیفات سے ہیں - اور انہیں سے شرح ملا - یوسف زلیخا - تحفۃ الاحرار - زلیخا شواہد - لوایح - بہارستان مشہور ہیں +

جان ف روح - حیات - طاقت - جگر کے اوپر +

جانّ ع ابوالجن - جنوں کا باوا آدم - جو حضرت آدم علیہ السلام سے کئی ہزار برس پہلے ہوا ہے - یہ لفظ نوع جن کے لئے بھی مستعمل ہوتا ہے +

جان آزردن ف دکھ دینا +

جان افشاندن / جان باختن } ف جان قربان کرنا - جان دیدینا +

جانان / جاناں } ف جان - معشوق - پیارا +

جان آہنی ف بےرحم - دلاور - سخت جان +

جانب ع طرف +

جانباز ف بڑا مخلص - جان کھیل جانیوالا +

جان بردن / جان برد } ف سلامت رہنا - محفوظ رہنا +

جان برمیان بستن ف کسی کام کے لئے آمادہ اور تیار ہونا +

جان پریان ف شراب انگوری +

جان بلب ف جو مرتا ہو - اور اسکی جان لب پر آ گئی ہو +

جان بلب آمدن / جان بلب رسیدن } ف جان کا لب پر آنا - مرنے کے قریب ہونا +

جانبین ع دونوں طرف - طرفین +

جان جان ف روح اعظم - خداتعالیٰ - بساٹھا جو ایک قسم کی مشہور روئی ہے +

جان حیوان / جان خون حیوان } ف دودھ - دہی - گھی - گوشت - شہد سے مراد ہے +

جاندار ف انسان حیوان جو زندہ ہیں +

جاندارو ف تریاق - نوشدارو +

جان در بینی رسیدن ف جان کا ناک میں پہنچنا - نہایت ناچار ہونا +

جان در پائے کسے افشاندن و باختن و ریختن و کشیدن - جان در جان کسے کردن ف اپنی جان اسپر نثار کر دینا +

جان در میان داشتن ف نہایت الفت اور محبت سے مراد ہے +

جان زمین ف سبزہ گل بوٹے ہیں +

جان ستان ف عزرائیل علیہ السلام - معشوق سے بھی مراد ہے +

جانشین ف قائم مقام +

جان فزا ف تیسواں دن ملکی مہینوں میں سے - آب حیات - جان کا بڑھانیوالا - خوشی بڑھانے والا +

جانفشانی ف محنت۔ سعی +
جانفقی ت صلاح۔ مشورہ۔ سرگوشی۔ مصلحت
جان گزا ف جان کا گھٹانے والا۔ روح حیوانی حیوانات وغیرہ کی مقوی ہوتی ہے جو پاؤں سے۔ زہر قاتل +
جان کندن ف جان اکھڑنا۔ موت کا وقت نزع کی حالت +
جانماز ف مصلا +
جان من و جان شما ف تمہیں میری جان کی قسم۔ اور سمجھے تمہاری جان کی سوگند یا میری جان تم پر قربان ہو +
جان نثار ف جان قربان کرنیوالا +
جاں نواز ف جان کی نوازش کرنیوالا۔ معشوق
جانور ف حیوان۔ جاندار +
جانہ ف جان کا مزید علیہ +
جانہ ع رسول مقبولؐ کے انصار میں سے ایک شخص کا نام ہے +
جانی ف منسوب بجان +
جانی ع گنہگار۔ تقصیروار۔ مجرم۔ منسوب بہ جان جو پہلوں کا باوا آدم ہے +

جاودان
جاویدان
جاویدانہ
جاودانہ
ف ہمیشہ۔ سدا +

جاودانی ف ہمیشگی +
جاورس ف ایک قسم کا غلہ ہے جسے چینا یا کنگنی کہتے ہیں +
جاور کردن ف بدل دینا۔ تغیر کرنا +

جاوید
جاوید
ف ہمیشہ اور دائم +

جاوید نامہ ف وہ شخص جس کا نام باقی رہے

جاوہ
جاوا
ع مجمع الجزائر ہند میں سماٹرا کے جنوب مشرق کو ایک مشہور جزیرہ ہے۔ جو ولندیزوں یعنی ڈچ کے ماتحت ہے۔ ایک چھوٹا سا کاٹنے والا جانور بھی ہے +

جاہ ف رتبہ۔ مرتبہ۔ عزت +
جاہل ع ان پڑھ۔ نادان۔ بے علم +
جاہلیت ع وہ زمانہ جو مسلمانوں سے پہلے تھا۔ جبکہ لوگ بت پرستی کرتے تھے اور جاہل ہونا +
جاہل کار ف وہ شخص جس کا کام جہالت اور حماقت ہو +
جائے ف مقام۔ جگہ +
جائے باش ف سرا۔ منزل۔ گھر رہنے کی جگہ +
جائے بر کسے تنگ بودن ف اس کا عاجز اور لاچار ہونا۔ مغلوب ہونا +
جائے خود بہ کسے سپردن ف کسی کو اپنا قائم مقام بنانا +
جائداد ف اسباب اور مال +
جائے در دیدہ کسے کردن ف کسی کے دل میں گھس بیٹھنا۔ اس کا مرغوب طبع بن جانا +
جائر ع جور کرنے والا۔ ستمگار۔ وہ شخص جو راہ حق کو چھوڑ کر راہ باطل پر ہو جائے +
جائے رفتن ف دنیا سے مراد ہے +
جائز ع درست۔ مطابق شرع۔ روا +
جائزہ ع انعام۔ صلہ۔ تحفہ اور تکبیر اور علامت صحت کی +
جائے ضرور ف طہارت خانہ +
جائع ع بھوکا۔ گرسنہ +
جائے عزت ف مقام بزرگ۔ [illegible] مسجد سے مراد ہے +

جایگاہ
جائگہ
ف مقام۔ جگہ +

جائے کسے گرفتن ف اس کے قائم مقام ہونا +
جائی ف جائی جو ہی کا پھول جو ہندوستان میں بکثرت ہوتا ہے +

باب جیم تازی مع بای موحدہ

جب ع کنواں۔ چاہ +
جبات ف باج۔ خراج۔ تواضع کیلئے اپنا پیالہ دوسرے کو دینا +
جبا ع بفتح اول چھپنا۔ بدلی ہٹ کر کھڑا ہونا۔ بکسر الف کنوئیں کے ارد گرد کی مٹی اور بضم اول و تشدید ثانی یعنی بدلی اور کبسر اول او نٹوں کیلئے اکٹھا کیا ہوا پانی +
جبات ع خراج جمع کرنیوالی جبایت کی جمع ہے +
جبار ع جبر کرنیوالا۔ پھیرنیوالا۔ ظالم۔ زبردست۔ بزرگ۔ دوسرے معنے کے لحاظ سے خدا تعالیٰ کا بھی نام ہے +
جبا کردن ف حریف کو تواضع کے طور پر اپنا پیالہ دینا +
جبال ع جمع جبل کی۔ بہت سے پہاڑ +
جبال راسیات ع اونچے اور مضبوط پہاڑ +
جبان ع بزدل۔ بد دل۔ نامرد۔ ضد شجاع کی +
جبانہ ع صحرا۔ جنگل +
جباہ ع جمع جبہ کی۔ ماتھے۔ پیشانیاں +
جبایت ع خراج کا اکٹھا کرنا +
جبائر ع جمع جبیرہ کی پٹیاں جیسے ٹوٹی ہڈی کی پٹیاں [illegible]
[illegible] کسی کا حال [illegible]
[illegible]
[illegible]

میں بزرگی اور جلال خدا کا۔ اور وحدت +
جبر و مقابلہ ع جبر کے معنے ہیں ٹوٹی ہڈی باندھنا اور مقابلہ کے معنے ہیں کم کرنا اور ساقط کرنا۔ اصطلاح میں وہ علم جس میں مقداروں کی بحث عام طور پر حروف اور علامات معینہ کے ذریعے سے ہوتی ہے +
جبرئیل ع ایک مشہور فرشتہ کا نام ہے جو انبیا کو وحی پہنچایا کرتے ہیں اس کا لفظی ترجمہ ہے خدا میں خوبی یا خدا کا پہلوان +
جبریہ ع ایک اسلامی فرقہ ہے جس کا یہ اعتقاد ہے کہ بندہ کو اپنے افعال میں کچھ بھی اختیار نہیں ہے بلکہ اپنے کام کرنے میں بالکل مجبور ہے +
جبل ع پہاڑ۔ کوہ
جبل الرحمت ع عرفات میں ایک پہاڑ ہے +
جبلت ع پیدائش۔ خلقت۔ طبیعت۔ سرشت۔ نیچر +
جبلہ ع کوہان شتر +
جبلی ع طبعی۔ ذاتی +
جبلی ع پہاڑی۔ پہاڑ +
جبن ع پنیر۔ سفیدی جو دودھ کو پھاڑ کر نکالتے ہیں۔ نامردی۔ بزدلی۔ لڑائی سے ڈرنا
جبہ ع پیراہن۔ کرتہ کی صورت کا ایک خاص قسم کا صوفیوں کا لباس +
جبہ خورشید و ماہ ف دن اور رات سے مراد ہے +
جبہ در پوشیدن ف سردی کے دنوں کا [illegible]
پادل۔ [illegible] مراد ہے +
جبہ چرخ [illegible] ف آسمان [illegible]
[illegible]
[illegible] +
[illegible]
[illegible]

جبین گرفتہ ف تیوری چڑھائی ہوئی ترش ابرو +

باب جیم تازی مع تاے فوقانی

جتت ف مفرس جٹ یا جاٹ کا +

باب جیم تازی مع ثاے مثلثہ

جثثا ع جڑ سے اکھیڑنا +

جثمان / جثہ ع بدن - تن - جسم - لونڈہ +

باب جیم تازی مع حاے حطی

جحود / جحد / جحودا ع جان بوجھ کر نہ ماننا - دیدہ و دانستہ انکار کر دینا +

جحش ع گدھا یسے اور گھوڑے کا بچہ پہلے سال کے اور ایک صحابی کا بھی نام ہے +

جحمرش ع بڑھیا عورت +

جحی ع ایک مسخرے کا نام ہے +

جحیم ع دوزخ +

باب جیم تازی مع دال مہملہ

جد ع دادا - نانا - باپ کا باپ - ماں کا باپ بخت - نصیب - بزرگی - توانگری +

جد ع کوشش - سعی +

جدا ع از روی سعی کے از روی کوشش کے +

جدا ف الگ - علیحدہ +

جدار ع دیوار - بھیت - ایوان +

جداگانہ ف الگ الگ - منفرد +

جدال ع لڑائی - جنگ +

جداول ع جمع جدول کی +

جدائی ف دوری - جدا ہونا - تفرقہ +

جدت ع تازہ پن - تازگی +

جدر ع دیوار اور بمعنین جمع ہے جدری - دیواریں اور بمعنین چیچک کا نشان اور اس کا ظاہر ہونا داغ +

جدری ع چیچک - سیتلا +

جدل ع لڑائی - جنگ +

جدوار ع زہر بسی جڑ ایک بوٹی کا نام ہے +

جدول ع نہر پانی کی کھائی - مجازاً کسی ورق کی گرد کی سرخ لکیریں +

جدول تقویم / جدول مسطر ع مسطر اور تقویم کی لکیریں +

جدول کش ف لکیروں کا کھینچنے والا مسطر

جدہ ع عرب میں مکہ و قدیم کے کنارے پر ایک شہر ہے - جہاں ہندوستانی حاجی جہاز سے اترتے اور اسی کو وقت چڑھتے ہیں +

جدی ع بکرا - بزغالہ اور نام ایک برج آسمانی کا جو قطب شمالی کے پاس ہے - زمین کا ایک فرضی صغیرہ دائرہ جو خط استوا کے متوازی ۲۳½ درجہ کے فاصلہ پر جنوب کی طرف واقع ہے - خط جدی کہلاتا ہے +

جدی ع دادا کا +

جدید ع تازہ - نیا - نو اور علم عروض کی ایک بحر کا بھی نام ہے +

جدیدان ع رات اور دن سے مراد ہے +

جدیر ع لائق - موافق - سزاوار +

جذام ع کوڑھ - خون کے بگڑ جانے کی بیماری جس سے بدن گل جاتا ہے +

جذب ع کھینچنا - کشش کرنا +

جذبہ ع ایک بار کھینچنا - دل کا جوش کشش قلبی +

جذر ع اصل ہر چیز کا اور جڑ سے اکھیڑنا - اور علم حساب میں [illegible] ہے کہ اگر اس کو [illegible]

تو اصلی عدد ا جسکا یہ جذر ہے حاصل ہو جائے +

جذوہ ف آگ کی چنگاری +

جذع ع درخت کا تنہ اور جذع لگانے یا گھوڑا تین برس کا - اور بکری جو برس کی - اور اونٹ پانچ برس کا +

جذلان ف خوش - شادمان +

جذم ع ہر چیز کی بیخ اور اصل عمارت +

جذوع ع شاخیں جمع جذع کی +

جذوہ ع آگ کی چنگاری +

باب جیم تازی مع راے مہملہ

جر ع کشش - کھینچنا - پہاڑ کی بنیاد کو گرانا - زیر جو ایک حرکت ہے - اور جمع ہے جرۃ کی جس کے معنے سبو - گھڑے کے ہیں +

جراب ع ادھوڑی - گاؤ کا چمڑا +

جرات ع دلاوری - چالاکی - جوانمردی +

جراح ع زخم کے بیوالا - چیر پھاڑ کرنیوالا سرجن

جراحت ع زخم - گھاؤ +

جرادہ ع ٹڈی - پنجابی ٹڈی +

جرار ع کھینچنے والا - اور بہت بڑا لشکر +

جرارہ ع بھاری لشکر اور ایک قسم کا بچھو بھی

جراز ع تلوار - تیز شمشیر +

جراید ع جمع جریدہ کی - دفتر +

جرایم ع جمع جریمہ کی - گناہ - بہت سی خطائیں +

جرب ع کھجلی - خارش پنجابی کھرک +

جرثقیل ع نام ایک علم کا جس میں [illegible] اور حرکت دینے والی قوتوں [illegible] ہے - اس علم جر ثقیل سے انسان [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

جرجان معرب گرگان کا ہے - جو استرآباد میں ایک شہر ہے +

جرجیس / جرجیس یا قیا ع ایک پیغمبر کا نام ہے +

جرع ع زخم - گھاؤ +

جرعہ ع [illegible] - گلاس +

جرغنہ [illegible] جس میں گھاس بھی ہوتا ہو +

جرس ف [illegible] گھڑیال - گھنٹی کی آواز +

جرس [illegible] [illegible] [illegible]

جرس [illegible] [illegible]

جرعہ [illegible] [illegible]

جرعہ [illegible] [illegible]

جرعہ دان [illegible] [illegible] الہا ہے +

جرعہ [illegible] [illegible] اس سے نہاتے ہیں +

جرگ ف اکھاڑہ - کشتی کا میدان +

جرگہ ف گروہ - فرقہ - آدمیوں کی بھیڑ صف - قطار - حلقہ شکار جو کئی آدمی اکٹھے گھیرا ڈال کر کھیلتے ہیں +

جرم ع جسم - جسد - تن - اکثر اطلاق اس لفظ کا [illegible] پر ہوتا ہے +

جرم ع گناہ - قصور - تقصیر +

جرم [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] میں ایک [illegible] کا نام ہے +

[illegible]

جرنغار ت وہ فوج جو بروقت لڑائی کی بادشاہ کی بائیں ہاتھ پر ہوتی ہو برنغار دائیں ہاتھ کی فوج کو کہتے ہیں

جرنگیدن ف تلوار شمشیر گرز وغیرہ کا کام میں لاتے وقت آواز کرنا

جرہ ف دلیر شجاع سواری کا گھوڑا باز کا شہباز جو شکار رکھتا ہو مادہ تیسری ہو اسکے نر کو جرہ کہتے ہیں اور شاہین باز کو جرہ کہتے ہیں

جرہ ع چھاگل

جرہ باز ف باز کا نر مضبوط اور قوی باز

جریب ع وظیفہ راتبہ

جری ع دلیر دل چلا آدمی

جریان ع پانی کا رواں ہونا جاری ہونا والے دانتوں کا سائن پر سنتے ہیں

جریب ع سرسیا گز سی کا پیمائش ہی پیمائش کا ایک پیمانہ جسکی کئی اقسام ہیں انہیں گز کنہ ساٹھ کی جریب ۲۲ گز کی اور شاہانی ۵۵ گز کی ہوتی ہے

جریح ع زخمی گھائل مجروح

جریدہ ع تنہا اکیلا ۔ بیاض ۔ نامہ

جریدہ ع تنہا اور درخت کی شاخ ٹہنی والی کا دفتر

جریدہ ع لہرو صفتا بیلنے والا

جریدہ گرو ن ف تنہا تیرنے والا

جریدہ ع مشہور اخبار کا نام ہے

جریرہ ف پیران دیسہ کی بیٹی جو سیاؤش کی عورت تھی

جریش ع دلیا ۔ باشیرہ

جریم ع گناہ گار ۔ مجرم ۔ جرمانہ

جریمانہ ف جرمانہ

جریمہ ع تقصیر ۔ جرم ۔ تاوان

باب جیم تازی مع زائے معجمہ

جز ف بفتح اول جزیرہ خواہ دریا کے کنارے کے پاس ہو خواہ درمیان ۔ اور بضم اول سوا ۔ بغیر ۔ بدون

جزا ع بدلا ۔ عوض

جزالت ع مضبوطی ۔ خوبی بزرگی

جزائیہ ع [illegible]

جزائر جمع جزیرہ کی ۔ ایک قسم کی بندوق بھی

جزائل جمع جزیل کی بحکم اور بہت چیزیں

جزبدہ ف دیدہ اندھا ۔ نابینا

جزر ع جوار جو سمندر میں ہوتا ہے یعنے گھٹ جانا پانی کا

جزر ع سب کا مشہور ترکاری ہے اصل اسکی گزر ہے

جزر و مد ع گھٹا ؤ بڑھاؤ پانی کا جو چند کے سبب کشش چاند کو ہوتا ہے

جزع ع بے صبری ۔ ناشکیبائی

جزع ع مہرہ سلیمانی جو سیاہ اور سفید ہوتا ہے ۔ عجائب آنکھ

جزل ع سوکھی اور موٹی لکڑی سکا جمع ہتا اور اسکی بات درست ہو ایسا آدمی ۔ گاڑھا

جزم ع کاٹنا کسی حرف کو ساکن کرنا اور بالجزم پکا ارادہ جس بات آنے کی نیت ہو

جزو ع ٹکڑا ۔ پارہ حصہ ۔ بعض

جزو بدن ⎫
جزو تن ⎭ ف لازم جو نکل سکے

جزو رسی ف کفایت اندیشی ۔ بخل

جزو لایتجزی ع کسی شئی کا جزو صغرا جو نہایت ہی باریکی اور خردی کے باعث پھر قابل انقسام نہ ہو ۔ متکلمین کے نزدیک ہر شے کا ضرور کوئی نہ کوئی ایسا جزو صغر ہے جس سے وہ مرکب ہوا ہوتا ہے ۔ جو پھر قابلیت انقسام نہ رکھے لیکن حکما اس امر کے قائل نہیں وہ وجوہات اور دلائل سے اسکے خلاف ثابت کرتے ہیں

جزوی ع تھوڑا ۔ منسوب بہ جزو

جزویات ع افراد ۔ حصے جو کلیات کا ہوں

جزیرہ ع وہ قطعہ خشکی کا جو چاروں طرف پانی سے گھرا ہوا ہو

جزیل ع بڑی اور محکم چیز ۔ پرا اور بسیار

جزیلہ ع محکم ۔ بسیار

جزیہ ع تاوان ۔ ٹیکس ۔ محصول جو غیر مذہب والوں پر لگایا جاوے

باب جیم تازی مع سین مہملہ

جساد ع زعفران

جسارت ع دلیری ۔ مردانگی ۔ تجاوز اور گذرنا

جسامت ع جسیم ہونا ۔ کسی جسم کا حجم

جستجو ف تلاش ۔ ڈھونڈنا

جستن ف کودنا

جستن ف ڈھونڈنا ۔ تلاش کرنا

جستہ رگ ف خبردار

جسد ع تن ۔ بدن ۔ جثہ

جسدی ع منسوب بہ جسد ۔ جسمی

جسر ع پل جو نہروں ۔ دریاؤں ۔ سڑکوں کے گذرنے کی جگہ ہوتا ہے ۔ لفظ جسارت بھی اسے نکلا ہے جسکے معنے تجاوز اور گذرنا کے ہیں

جسک ف درد ۔ رنج ۔ بلا

جسم ع بدن ۔ اور جو شے طول عرض عمق رکھتی ہو

جسمانی ع جسم کا جسیم دار

جسم تعلیمی ع وہ جسم جو ابعاد ثلاثہ (طول عرض عمق) رکھتا ہو

جسمی ع جسم کا گوہر

جسیم ع فربہ ۔ موٹا

باب جیم تازی مع شین معجمہ

جشن ع روٹھنا ۔ توڑنا

جشنا ع ڈکار ۔ آروغ

جشن ف خوشی کی مجلس ۔ اور خوشی کا دن کامرانی ۔ عید کا دن

جشن سدہ ف سدہ کے معنے بھڑکتی آگ کے ہیں جشن سدہ وہ جشن ہے جس میں بہت سی آگ بھڑکائی جائے ۔ فارسیوں کا ایک جشن جو ماہ بہمن کی دسویں تاریخ کو ہوا کرتا ہے کہتے ہیں ۔ ہوشنگ بن سیامک ایک دن معہ متعلقین ایک پہاڑ کی طرف روانہ ہوا تھا رستے میں ایک لمبا کالا بھجنگ سانپ اسکے نظر پڑا ۔ چونکہ اس سے پہلے کبھی ایسے سانپ نہیں دیکھا تھا اسواسطے نہایت متعجب اور حیران کرکے لگا ۔ کہ سب (جانور) ہماری اطاعت میں ہیں ۔ لیکن یہ اژدہا جو جنگ سے باہر ہو گردن نہیں جھکاتا ۔ اور چاہو وہ اطاعت سے منحرف ہو رہا ہے ۔ یہ کہکر اسکے ہلاک کرنے کو آگے بڑھا ۔ اور ایک سخت پتھر اٹھا کر اسکی جانب پھینکا اتفاق سے تو اس (سانپ) کو اسوقت نہ پہنچا لیکن وہ پتھر ایک اور بہت بڑے پتھر پر جا لگا اور اسکو چورا کر دیا ۔ (رگڑ لگنے سے) جو شرارے نکلے تو انہوں نے اپنے گرد کی سب خس و خاشاک کو آگ لگا دی

اور اس سے وہ سانپ بھی جل گیا ہوشنگ یہ کیفیت دیکھکر نہایت خوش ہوا۔ اور خدا کی درگاہ میں کئی دفعہ سجدۂ شکر بجا لایا۔ اور آگ کا ظہور چونکہ اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا تھا۔ اس واسطے اسے اپنے دشمن کی ہلاکت کا باعث اور خدا کا نور خیال کرکے اسکی پرستش شروع کردی اسی دن سے جشن سدہ کی بنیاد پڑی +

جشنِ مریم ف مریم علیہ السلام کے اس جام اور شراب سے مراد ہے جو درخت کی ٹہنی ہلانے سے حاصل ہوتا تھا +

جشنِ نیلوفر ف خرداد مہینے کی ساتویں تاریخ کا جشن +

جشیر۔ جشیرہ ف ۔ بولا ہوا باشندہ +

باب جیم تازی مع صاد مہملہ

جص ع۔ سب گچ کا ہے ۔ عمارت کا چونہ +

باب جیم تازی مع عین مہملہ

جعبہ ع ترکش۔ تیردان +

جعد ع گھونگر یالے بال مڑے ہوئے بال +

جعد انگشت ف بخیل اور خسیس اسراف +

جعد [illegible] ہوا [illegible] جو [illegible] کی [illegible] ہوا

ہوتا ہے۔ موئے سر علم +

جعد شرف آدمی کے بدن پر بالوں کا بہت ہونا +

جعد قلم ف ۔ جو سیاہی قلم کے شگاف وغیرہ کے ساتھ لگی ہو ۔ اچھے اور لطیف سخن۔ مخفی خط +

جعدہ ع زلف اور بھیڑیا جو مشہور درندہ ہے +

جعفر ع ندی۔ پانی کا نالہ اور ایک شخص کا نام بھی ہے +

جعفر برمکی ع ہاروں رشید کے وزیر کا نام ہے +

جعفر طیار ع جناب رسول خدا کے چچیرے بھائی کا نام ہے +

جعفری ع ایک قسم کا گینڈا ۔ پھول ہے ۔ زرد رنگ کا اور مجازاً مطلق زرد رنگ +

جعل ع ۔ کالا سا گوبر کا کیڑا جو خوشبو پہنچنے سے مرجاتا ہے۔ گوبریلا +

جعل ع کرنا ۔ بنانا ۔ بناوٹ +

جعلی ع جو اصلی نہ ہو ۔ بنایا ہوا +

باب جیم تازی مع غین معجمہ

جغ ف جوا +

جغ ف ۔ وہ آلہ جس کے ذریعہ وہی سے مکھن الگ کرتے ہیں۔ پنجابی ۔ مدہانی +

جغالہ ف ۔ سپاہیوں کی فوج ۔ نارسیدہ وغیرہ +

جغد ف الو جو مشہور منحوس جانور ہے ۔ قلعہ اور حصار کا کنگرہ +

جغرات ف دہی +

جغرافیہ ع مرکب ہے ۔ دو لفظوں یونانی (جی اور گریفی) سے ۔ جی کے معنے زمین اور گریفی کے معنے بیان ۔ جغرافیہ وہ علم جس کے پڑھنے سے دنیا کی موجودات قدرتی و مصنوعی کا حال دریافت ہوتا ہے ۔ جغرافیہ طبعی ۔ ریاضی ۔ مدنی وغیرہ اس کے اقسام ہیں جن کی تعریفیں جغرافیہ کی کتابوں سے دیکھنی چاہیے +

باب جیم تازی مع فا

جف ع پژمردہ ۔ خوار +

جفا ف ۔ ظلم ۔ ستم ۔ جور زیادتی +

جفا پیشہ ۔ جفا جو ۔ جفاگستر ظالم ستمگار +

جفا زدہ ف مظلوم +

جفاف ع خشک ہونا +

جفت ف ٹیڑھا ۔ ٹیڑھا ہو۔ چھت ۔ سقف +

جُفت ف جوڑا ۔ طاق کی ضد +

جُفت ران ف ہل چلانے والا +

جُفت شدن ف جماع کرنا +

جُفت فلک ف آفتاب اور ماہتاب سے مراد ہے +

جفتک ف چکوا ۔ چکوی +

جُفت کردن نظر ف نہایت غور سے دیکھنا +

جُفت گاؤ ف بیل جو زراعت کے کام میں لگایا جاتا ہے +

جُفت مقوس ف طاق ایوان و عمارت +

جفتش ف جستن +

جفتہ ف ۔ سرین ۔ چوتڑ ۔ اونٹ گھوڑے کا لات مارنا ۔ جیسے پنجابی میں چھڑ کہتے ہیں +

جفتہ زدن ف اعلام کرنا +

جفتہ طاق ف دو دلو ابرو +

جفتی ف جفت ہونا جماع کرنا +

جفتیدن ف جفتی کرنا ۔ نر کا مادہ پر چڑھنا +

جفتی زدن ف ۔ حیوانوں کا جفت ہونا ۔ جماع ۔ و مباشرت +

جفتی کردن ف جماع کرنا۔ مباشرت +

جفر ع ایک علم کا نام ہے ۔ جس کے جاننے سے غیب کی باتوں پر اطلاع ہو سکتی ہے چھ ماہہ بکری کا بچہ +

جفری ف جفردان +

جفن ع پلک ۔ آنکھ کی پلک ۔ تلوار کا میان +

جفیر ع ترکش +

باب جیم تازی مع قاف

جق جق ع شور و غوغا۔ بے معنی ناحق کا شور و غل+

باب جیم تازی مع کاف فارسی

جگر ف کلیجہ۔ جگر۔ مجازاً حوصلہ رنج۔ غصہ۔ انتظار۔ تاب طاقت+

جگرہ ف جگارہ+

جگرپافتن ف ڈرپوک ہونا۔ ڈرنا خوف کھانا+

جگربند ف مجموعہ جگر اور پھیپھڑے اور دل کا۔ مجازاً فرزند۔ اور ہر حقیر اور لاغر شئے+

جگربندپیش زاغ نہادن ف محنت اور مصیبت اختیار کرنا+

جگرتاب۔ جگرجوش ف جگر جلانے والا۔ جگر پھونک دینے والا+

جگرخوارہ ف ساحروں کی ایک جماعت ہے۔ رنج اور مصیبت اٹھانے والا آدمی۔ جس شخص کو بہت غم و اندوہ لگا ہے+

جگرداشتن ف حوصلہ رکھنا۔ تاب وطاقت میں رہنا+

جگرسوختن بر کسے ف رحم کھانا ترس کھانا+

جگرگرمہ خوردن ف غم کرنا۔ نفیس چیز کا ہاتھ سے جاتے رہنا+

جگرگوشہ ف فرزند عزیز سے مراد ہے+

جگرخون کردن ف کسی کام کے لئے سخت محنت اٹھائی+

باب جیم تازی مع لام

جل ع بزرگ ہوا۔ ماضی کا صیغہ ہے+

جل ف نام ایک خوش آواز پرند کا ہے۔ ہندی میں پانی کو کہتے ہیں+

جل ف گھوڑے یا گدھی کی جھول+

جلا ف روغن کرنا۔ صاف کرنا۔ زنگ اتار کر مجلا کرنا+

جلاء ع گھر سے نکال دینا۔ دیس سے پردیس نکال دینا۔ دیس چھوڑ دینا+

جلاب ع کھینچنے والا۔ ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا۔ مجازاً مشہور کرنے والا شہرت دینے والا+

جل آب ف وہ سبزی جو کھڑے پانی پر آجاتی ہے۔ پنجابی۔ بور+

جلاب ع سبب گلاب کا ہے۔ اور ایک قسم کا شربت جو قند اور گلاب کو جوش دینے سے بنایا جاتا ہے+

جلاب ف ایک کامل شاعر کا نام ہے جس کا مسکن بخارا تھا+

جلاجل ع جمع ہے جلجل کی ٹلین جو چمڑے میں سی کر اونٹوں۔ گھوڑوں اور بیلوں کے گلے میں ڈال لیتے ہیں۔ جھانجھ باجا جو دو لو ہاتھوں میں ایک ایک لے کر بجاتے ہیں۔ مطلق دف۔ داڑہ۔ اور نام ایک خوش آواز جانور کا بھی ہے+

جلاد ع درہ مارنے والا۔ پوست کھینچنے والا۔ اور تلوار مارنے والا۔ بادشاہ کے حکم سے خونیوں کو قتل کرنے والا۔ ملازم+

جلادت ع چستی۔ چالاکی جوانمردی+

جلافت ع کمینہ پن۔ جہل۔ نادانی۔ حماقت+

جلال ع بزرگی۔ عظمت+

جلالت ع بزرگ ہونا۔ بزرگی+

جلالی ع جلال الدین اکبر بادشاہ سے منسوب ہے۔ ایران کے مشہور بادشاہ جلال الدین سے بھی منسوب ہے۔ سید جلال بخاری کے ساتھ منسوب ہو کر ایک صوفیوں کا گمراہ فرقہ بھی ہے+

جلاوت ع روشنی۔ جلا۔ صفائی+

جلاوطن ع پردیس سے نکال دینا+

جلائر ت قبیلہ۔ گروہ۔ اور قوم ازبک کا ایک قبیلہ ہے۔ مغلوں کی ایک قوم کا بھی نام ہے+

جلائل ع بزرگیاں جمع جلیلہ کی+

جلب ع کھینچنا۔ حاصل کرنا+

جلب ع بیچ۔ سودا۔ سود۔ نفع وہ مال جو ایک جگہ سے دوسری جگہ فروخت کیلئے لیجائیں+

جلب ف زن فاحشہ۔ شور وغوغا+

جلباب ع چادر۔ اوڑھنی+

جلبان ف سبز ماش+

جل جلالہ ع بڑی ہے بزرگی اور عظمت اسکی+

جلجلان ف کشنیز۔ دھنیاں+

جلد ع کوڑا مارنا۔ تازیانہ۔ چست و چالاک۔ تیز و تند تاب+

جلد ع چمڑا حیوان کا پوست+

جلدگر ف کتاب کی جلد بنانے والا مجلدی+

جلدو ت صلہ۔ انعام نیک بدلا+

جلدی ف شتابی۔ تیزی۔ چالاکی+

جل ذکرہ ع بڑی ہے یاد اسکی بزرگ ہے ذکر اس (خدا) کا+

جلسا ع جمع جلیس کی۔ مجلس کے لوگ+

جلسہ ع محفل۔ مجلس۔ ملاقات نشست+

جلف ع ظلم کرنے والا حیوان جس کا چمڑا اتار گیا ہو۔ اور پیٹ چاک کر ڈالا ہو۔ ہر چیز جو اندر سے خالی ہو+

جلف ف کمینہ۔ خود سر۔ بیخوف+

جلف ع کاٹنا - اکھیڑنا +

جلق ع مشت زنی کرنا - دخول سے پہلے منی گرانا +

جلق زدن ف مشت زنی کرنا - پنجابی مٹھ مارنا +

جلقی ع جلق زدن +

جلگہ ت مرغزار +

جلمود ع سخت پتھر +

جلنار ع معرب ہو گلنار کا +

جلوف شوخ اور بے حیا آدمی - کباب سیخ +

جلوت گھوڑے کی باگ اور کوتل گھوڑا - گھوڑے کا دوڑانا +

جلو انداختن ف کسی کے پیچھے گھوڑا ڈالنا - گھوڑا دوڑانا +

جلو ریز ف سبک عنان - ہلکی باگ گھوڑا دوڑائے ہوئے +

جلوت ع ظاہر کرنا - اپنے تئیں لوگوں کو دکھانا بخلاف خلوت کے +

جلود ع جمع جلد کی - حیوانات کا چمڑے +

جلوس ع - بیٹھنا - مجازاً تخت سلطنت پر بیٹھنا - کچہری کرنے کو بیٹھنا +

جلوہ ف چراغ +

جلوہ ع اپنے تئیں ایک طرز خاص سے لوگوں کو دکھانا - ظاہر کرنا - مجازاً خرام معشوق +

جلوہ ریز ف کنند - مفسد - چنچل - خود برگزیدہ - چھپا ہوا +

جلی ع روشن - ظاہر - آشکارا +

جلید ع برف - اولا +

جلیس ع ہمنشیں +

جلیل ع بزرگ - بڑا +

جلیل ف پردہ - چادر - گھوڑے کی جھول +

باب جیم تازی مع میم

جم ع تمام - بہت +

جم ف بڑا بادشاہ - جب یہ لفظ نگین اور وحش و طیر اور دیو پری کے ساتھ ہو - تو حضرت سلیمانؑ سے مراد ہوتی ہے - اور جب کام اور پیالہ کے ساتھ مذکور ہو - تو شاہ جمشید سے اور جب آئینہ اور سد کے ساتھ ہو تو شاہ اسکندر سے - اور بمعنے منزہ پاکیزہ بھی آیا ہے +

جماد ع جو چیز حیوانات اور نباتات سے نہ ہو - بمعنے بیجان چیز - جیسے پتھر مٹی معدن وغیرہ زمین جس پر بارش کا پانی نہ پہنچے +

جمادات ع جمع جماد کی - وہ چیزیں جو جاندار نہ ہوں - لیکن اکثر اطلاق اس لفظ کا پتھر اور معدنی اشیا پر آتا ہے

جمادی ع بیجان شے - پتھریلی +

جمادی الاولےٰ ع مسلمانوں کا پانچواں قمری مہینہ +

جمادی الاخراےٰ ع مسلمانوں چھٹا قمری مہینہ +

جمار ع جمع جمرہ کی - حاجیوں کے سنگریزے اور اس سے حاجیوں کا ادائے مناسک حج میں سنگریزہ پھینکنا مراد ہے +

جمازہ ع شتر تیز رفتار - تیز چلنے والا اونٹ - سانڈنی +

جماش ع - شوخ - دلیر - مست مستی - آرائش کرنے والا فریب دینے والا +

جماع ع عورت اور مرد کی صحبت صحبت کرنا +

جماع الاثم ع شراب پینا شراب +

جماعت ع آدمیوں کا گروہ - گروہ +

جماعہ دار ف جماعت کا سردار سپاہیوں کا افسر - جمعدار +

جمال ع - خوبصورتی - حسن خوبی +

جمام ع بفتح اول گھوڑے کا ماندگی کے بعد آسودہ ہونا - اور بضم و بکسر منی جو نر کو ترک جماع سے حاصل ہو - اور پہلے حرف کی تینوں حرکتوں سے ظرف و پیمانہ کا لبالب ہونا +

جمان ع موتی - گوہر +

جماہیر ع جمع جمہور کی - آدمیوں کے گروہ +

جمجمہ ع سر کی کھوپری - کاسہ سر +

جمد ع یخ +

جمدر ف ہتھیار ہے - جس کو ہندی میں کٹار کہتے ہیں +

جمرہ ع آگ کی چنگاری - اور مناسک حج میں سنگریزہ کا ڈالنا ایک مرض بھی ہے +

جمشید جمشیدن ف فارسی کے ایک بادشاہ کا نام ہے - شناخت اس لفظ کی بھی مثل لفظ جم کے ہے +

جمع ع اکٹھا کرنا - جماعت - گروہ جمع خاطر مطمئن - اور حساب کا پہلا ابتدائی قاعدہ نام ایک صنعت کا بھی ہے - جس میں شاعر کئی ایک چیزوں کو ایک وصف میں جمع کرتا ہے - جیسے سے فقر و گنج و خمول راحت دان - شہرت و مال و جاہ آفت دان +

جمع الجمع ع جمع کی جمع بنانا جیسے نعم کی جمع انعام اور اس کی جمع اناعیم - شہود خلق کا حق کے ساتھ قائم ہونا +

جمع انداز ف کم انداز +

جمع افگنی ف فن تیر اندازی کے کمالات سے ہے - جس میں بہت سے تیر ایک جگہ پھینکے جاتے ہیں +

جمعہ - جمعہ ع ساتواں دن مسلمانوں کی تعطیل کا - ہندی شنکر وار +

جمعدار ف یہ لفظ درست نہیں معلوم ہوتا بجائے اس کے جماعہ دار چاہیے +

جمعیت ع جمع ہونا - آدمیوں کا گروہ - دلجمعی - اطمینان +

جمعیت خاطر ع دلجمعی اطمینان +

جم غفیر ع ہجوم عام - جماعت کثیر جم کے معنے گروہ کے ہیں - اور غفیر کے معنے ڈھانپنے والا (زمین کا) چونکہ کثرت ہجوم سے زمین چھپ جاتی ہے - اس واسطے جم غفیر کے معنی ہجوم عام کے ہوئے +

جَمَل ع - خوبی - خوبصورتی +
جَمَل ع اونٹ - شتر نر +
جَمّل ع ساربان - شتربان +
جُمّل ع اعداد ابجد کا حساب - خوبرو - خوش سیرت +
جماگی ف تمام - سب +
جملہ ع تمام - سب - حصہ کلام کا کلام تام +
جمود ع جمنا - جم جانا +
جموع ع - جماعتیں - جمع جمع کی ہے +
جمہور ع آدمیوں کا گروہ +
جمیع ع تمام - سب +
جمیعاً ع سب کے سب - تمام +
جمیل - جمیلہ ع - خوبصورت حسین +

باب جیم تازی مع نون

جَن ف طرف - جانب - سمت - سواد - کنارہ +
جُن ع دفن کرنا - سپر - ڈھال +
جِن ع بھوت - دیو - جو نظر انسانی سے پوشیدہ ہیں - عربی میں جن لفظ کا روٹ (مادہ) ج ن ہوتا ہے - اس میں ضرور یعنے خفا اور پوشیدگی کی ملحوظ ہوتے ہیں اس امر کا اس سے زیادہ بیان ابھی جنت کے لفظ کے ساتھ کرتے ہیں - جن اسم جنس کا صیغہ ہے +

جُناب ع در و پہلو - یہ لفظ دل - قلب اور اول و تخت اور لوہی یا نیابن کے معنی میں بھی آتا ہے +
جَناب ع - درگاہ - آستانہ گھر کا گرد اگرد نعل
جناب ع وہ رسی جو چوپائے کے گلے میں باندھی جاتی ہے - اور اسے پکڑ کہ چوپایہ کو ادھر ادھر لے جاتے ہیں +
جنابت ع ناپاکی جو بسبب صحبت مرد و عورت کے ہو جاتی ہے حالت غسل کی اور دوری +
جُنابہ ف توام لڑکے - مجازاً دو دو +
جنات ع جمع جانی کی - گنہگار لوگ +
جناح ع پرند کے بازو - ہاتھ - مقدمہ لشکر یعنے ہراول جو آگے ہوتا ہے +
جناع ع جرم - گناہ +
جناحین ع صیغہ تثنیہ کا ہے - دو نوں بازو دونو لشکر یعنے دائیں اور بائیں جانب کا +
جنادل ع جمع جندل کی - بڑے پتھر سنگہا سے بزرگ +

جنازہ ع مردہ کی لاش جو دفن کرنے کو لیجاویں +
جناس ع کلام میں دو یا دو سے زیادہ تلفظ میں متشابہ اور معنے میں متغائر لفظوں کو لانا +
جناغ - جناق ف بفتح اول شرط اور گرو جو دو آدمی آپس میں باندھتے ہیں - مرغ کے سینے کی ہڈی - زین کے آگے کا طاق جسے پنجابی میں ہنہ کہتے ہیں - اور بضم اول دامنہ زین اسپ - رکاب کا تسمہ زین کا ز اندا سباب جو زینت کے لئے نقش کرتے ہیں +
جَنان ع بفتح اول دل اور جِنان بکسر اول جنت کی جمع ہے +
جنایات ع تقصیریں - گناہ +
جنایب ع جمع ہے جنیبت کی - کوتل گھوڑے جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے آگے چلتے ہیں - مطلق گھوڑے +
جنب ف ایک شہر ہے جہاں کے آدمی مہمان نوازی اور خوش طبع ہیں - اور وہاں شمشیر بہت عمدہ بنتی ہے +
جَنْب ع پہلو - طرف - قریب +
جُنُب ع ناپاک آدمی - بے غسل آدمی +
جنبان ف ہلنے والا - ہلانے والا +

جنبش ف حرکت - ہلنا +
جنبش آبا ف سات سیاروں کی حرکت اور جنبش +
جنبش اوّل ف - قلم قضا و قدر کی لوح محفوظ پر حرکت - فلک اول اور سیارات کی پہلی حرکت بوقت پیدائش +
جنبش زنخ ف مسخرہ پن +
جنبک ف جست کرنا +
جنبیدن ف ہلنا - جنبش کرنا +
جنت ع وہ باغ جس کی زمین - (سبز ٹہنیوں سے ڈھکی ہوئی ہو) باغ بہشت مادہ اس لفظ کا ج ن ہے - جس کے معنے زبان عرب میں پوشیدگی اور خفا کے ملحوظ ہوتے ہیں - جیسے جن جو نظر انسانی سے چھپا ہوا ہے - جنین بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ ہی میں چھپا ہوا ہو - جُنہ ڈھال جو انسان کو چھپا اور بچا لیتی ہے - جنوں - دیوانگی جس سے عقل انسانی پر پردہ حائل ہو جاتا ہے +
جنتر ع ہندی لفظ ہے - وہ ساز ہوتا ہے - بین کی طرح اور اس میں بین کی نسبت کچھ تار زیادہ ہوتے ہیں - آلات رصد کو ایک آلہ بھی ہے +
جُند ع لشکر - فوج +
جندل ع - بڑا پتھر - شہر ہے جندل کے نزدیکوں میں سے ایک شخص بھی تھا +
جنس ع جنس - کئی چیز کی نوعین

ہول - اور اصطلاح علم منطق میں جنس وہ کلی ہے - جس کا اطلاق امور مختلفۃ الحقائق پر ہو جیسے حیوان - کہ انسان، گھوڑے اونٹ وغیرہ پر صادق آتا ہے +

جنس بعید ع - جو جواب میں اپنے بعض مشارکات کے واقع ہو - جیسے جسم نامی جنس بعید انسان گھوڑے - اونٹ کا ہے +

جنس قریب ع - وہ جنس - جو جواب میں سوال اپنی جمیع مشارکات کے واقع ہو - جیسے حیوان جواب میں اس سوال کی کہ انسان گھوڑا - اونٹ سب کیا ہیں +

جنس عالی جنس الاجناس ع - جو سب جنسوں سے اوپر ہو - جیسے جوہر انسان کا جنس عالی ہے +

جنسیہ ع - ہم جنس ہونا - ایک شکل ہونا +

جنف ع - ظلم کی طرف میل کرنا +

جنگ ف - وہ اونٹ جو ابھی نہ لادا گیا ہو - کشتی اور بڑا سا جہاز - بڑا سا بیاض - تار کی ایک نوع بھی ہے +

جنگ ف - لڑائی +

جنگار ف - خرچنگ - لڑاکا +

جنگجو ف - لڑاکا - لڑنے والا +

جنگ زرگری ف - بناوٹی لڑائی مصنوعی لڑائی - دوسرے کو دھوکہ دینے کے لئے آپس میں لڑنا +

جنگ گاہ ف - میدان جنگ +

جنگ سود - جنگ فرسود ف - وہ شخص جو لڑائیاں لڑتے لڑتے گھس گیا ہو - میدان جنگ کا تجربہ کار +

جنگل ف - صحرا - دشت +

جنگلاہی ف - جبل - شیواج +

جنگلوک ف - بیمار جو لقا ہست کے باعث گھٹنے ٹیک کر یا دیوار پر ہاتھ رکھ کر اٹھے - وہ آدمی جس کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوں +

جنگلی بکیپا - جنگلی پایک ف - ایک قسم کا حیوان انسان کی صورت کا جس کی صرف ایک ٹانگ ہوتی ہے - اور نطق و عقل سے بے بہرہ ہوتا ہے - مجازاً مردم بے شعور و بے سروپا +

جنوب ع - دکھن +

جنود ع - جمع جُند کی +

جنون ع - دیوانگی - ایک مرض ہے +

جنون دوری ف - جنون کی ایک نوع ہے - جو بہار کے دنوں میں جوانوں کو ہو جاتی ہے +

جنود کبریا ع - گروہ ملائکہ سے مراد ہے +

جنہ ع - سپاہ +

جُنّہ ع - ڈھال - سپر +

جنیبت ع - کوتل گھوڑا جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے آگے چلتا ہے - مطلق گھوڑا +

جنیبت کش ف - کوتل گھوڑے کو چلانے والا - ساتھ لے جانے والا - میر آخور +

جُنید ع - بغداد کی ایک صوفی کامل اور عارف اکمل کا نام ہے - انہوں نے برسوں ایسا کیا - کہ عشا کی نماز کے بعد ساری رات کھڑے ہو کر باوضو اللہ اللہ کیا کرتے اور اسی وضو سے صبح کی نماز پڑھتے - ان کی وفات ۲۹۸ھ میں ہوئی +

جَنین ع - بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو +

باب جیم تازی مع واو

جوت - پانی کی نہر - ہل جس سے زمین باہتے ہیں +

جَوف - ایک مشہور غلہ ہے +

جوّ ع - ہوا جو زمین کے اوپر بڑا تنہا رگھری ہے +

جوآب ف - جو کا جوشاندہ - وہ پانی جس میں جو اُبال کر بیمار کو دیں +

جواب ع - پاسخ - اور اصطلاح میں مقابل نظیر +

جواب دادن ف - مقابلہ کرنا - سامنا کرنا - جواب دینا +

جواب دہ ف - جس سے مطالبہ کیا جاسکے +

جوّاد ع - بہت بخشش کرنے والا خدا تعالیٰ نیز رفتار گھوڑا - جو لوگ اس لفظ کو تشدید سے پڑھتے ہیں - غلطی کرتے ہیں +

جواذب ع - جمع جاذبہ کی - کشش کرنے والی شے +

جواذیبا ع - ایک طعام ہے - جو شکر - چاول - گوشت سے پکاتے ہیں +

جوار ع - ہمسائگی - پڑوس +

جوارش معرب گوارش کا ہے - مرکب دوائی جو بہت خوش ذائقہ اور ہاضم ہوتی ہے - بخلاف معجون کے جس کا لذیذ ہونا ضرور نہیں +

جوارح ع - جمع جارحہ کی - آدمی اور شکاری جانور کے ہاتھ - پاؤں - زبان اور دوسرے اعضا +

جواری ع - جمع جاریہ کی - کشتی کنیزک +

جواز - جوازان - جواز ف - ہاون (پنجابی - چھٹو) خواہ لوہے کا ہو - خواہ لکڑی کا - کولھو +

جواز - جوازان ع - درست ہونا - رہ گذر گذرنا - روان ہونا - دائی رخصت اجازت - راہداری کا کاغذ - کھیت یا چوپائے کو پانی پلانا +

جواسیس ع - جمع جاسوس کی - قاصد +

جوال معرب - اصل اس کی گوال ہے - گون کو کہتے ہیں - جس میں غلہ بھرتے ہیں - پنجابی چھٹ +

جوالق ف - وہی جوال - اس

کپڑے کو بھی کہتے ہیں - جس سے گون بنائی جاتی ہے - اور اسی سے فقیر اور قلندر اپنے کپڑے بناتے ہیں +

جوالہ ع بہت گرد پھرنے والا - مجازاً وہ لمبی لکڑی جس کے دونو سروں پر آگ لگا کر کمال سرعت سے اپنے گرداگرد پھرتے ہیں - شعلہ جوالہ اس کا شعلہ +

جوامع ع جمع جامع کی - تمام اور سب +

جوامع الکلم ع وہ کلام جس کے لفظ تھوڑے ہوں - مگر مطلب بہت نکلے - یعنی ما قل و دل ہو - چند حدیثیں ہیں - باوجود الفاظ اور عبارت کے اختصار کے مطالب کثیرہ پر دلالت کرتی ہیں - قرآن شریف +

جوان ف گبرو - بالغ - مجازاً تازہ - نو +

جوانب ع جمع جانب کی اطراف طرفین +

جوان دولت ف نو دولتیا +

جوان سال ف نیا جوان +

جوان سنگیدہ ف جوان ناتجربہ کار +

جوانمرد ف سخی - کریم - ہمت والا +

جوانی ف شباب بڑھاپے کی ضد - جوانگی +

جواہر ع جمع جوہر کی +

جواہر تسعہ ع - نو آسمان - نو جواہر یعنے لعل فیروزہ - مروارید الماس زمرد - یاقوت - فیروزہ - مرجان نیلم عقیق +

جوہر دارو ف - بہ اضافت مقلوب یعنے دارو کے جواہر - وہ دوا جس میں جواہر ملے ہوئے ہوں خاص کر جواہر والا سرمہ اکحل الجواہر جو آنکھ کے لئے نہایت تقویت بخش ہے +

جواہر مجردہ ع عقول عشرہ - دس فرشتے +

جوائز ع جمع جائزہ کی - انعامات - عطئے بخشے بخششیں +

جوبہ ف شہر کی منڈی جس میں مختلف چیزیں باہر سے آکر بکیں +

جوبرہ ف منارہ +

جوجہ ف چوزہ - مرغی کا بچہ +

جوجی ف ایک مسخرہ کا نام ہے +

جود ع نیکو - اچھی چیزیں - بہت بارش +

جود بخشش - سخاوت - ایک گاؤں کا نام بھی ہے +

جودان ع جودانہ ف ایک قسم کا کاڈر اور انار - چوپایوں کے دانتوں میں ایک قسم کی سیاہی ہوتی ہے جس سے اس کی عمر کا اندازہ کرتے ہیں +

جودت ع تیزی - خوبی +

جودت ع - گھوڑے کی تیزی

رفتاری +

جودر جودرہ ف ایک قسم کا خودرو غلہ ہے - جو گیہوں اور جو کے کھیت میں بہت اگتا ہے +

جودی روم کے حصہ آرمینیا میں کوہ ارارات کی ایک چوٹی ہے جس پر طوفان کے بعد نوح کی کشتی ٹھیری تھی +

جوذر ف پارہ پارہ - ذرہ ذرہ ریزہ ریزہ - اور معرب ہے گوذرہ کا جس کے معنے جنگلی گائے کا بچہ ہے +

جور ف - اوپر - بالا - پست کی ضد +

جور ع ظلم - ستم - زیادتی - پیالے کے کنارے کا خط - بھرا ہوا پیالہ جس کے پلانے سے حریف پر ستم کر سکتے ہیں +

جورب - جوراب ع موزہ جراب +

جور پیشہ ف ظالم - ستمگار +

جوز ع معرب گوز کا ہے - گردگان اخروٹ - ایک گاؤں کا نام بھی ہے +

جوزا ف بارہ آسمانی برجوں میں سے تیسرا برج - سیاہ گو جس کی کمر سپید ہو +

جوزاک ف غصہ کھانا - غمگین ہونا +

جوز بر گنبد انداختن ف بیہودہ کام کرنا - لغو حرکت کرنی +

جوز بر گنبد ف بیہودہ - اور لغو کام +

جوز بویہ ف - جائفل +

جوز خراسانی ف اخروٹ +

جوز شکستن ف ایک قسم کی فال ہے +

جوزق ع کپاس کا ڈوڈہ - ہرات کے پاس ایک گاؤں کا نام ہے +

جوزن ف ساحر - جادوگر - ہندوؤں کی وہ عبادت جسے ہوم کہتے ہیں +

جوز ہندی ف ناریل - ناریل کا مغز +

جوزی ع منسوب بہ جوز ایک عالم کا نام ہے +

جوسق - جوسہ ف کوشک - بارہ برج فلکی سے بھی کنایہ ہے +

جوسنگ ف - جو کے وزن کی چیز +

جوش ف ابال +

جوشاندن ف جوش دینا - ابالنا +

جوشق معرب جوسہ کا ہے کوشک بالاخانہ +

جوشن - جوشنہ ف ایک قسم کا جنگی لباس - جس میں کڑیاں (حلقے) اور لوہے کے پتر بالیں بھی ہوتی ہیں - بخلاف زرہ کے جس میں تمام کڑیاں ہوتی ہیں +

جوشن خاے ف جوشن کو چبا ڈالنے والا - توڑ دینے والا +

جوشن ور ف جوشن پوش - سپاہی آدمی +

جوشیدن ف اُبلنا - جوش مارنا پیچ و تاب کھانا - بیقرار ہونا +

جوشیدہ مغز خشمناک غضبناک آدمی

جوع ع بھوک +

جوع البقر ع ایک قسم کی بیماری جس میں باوجود سیری معدے کے جمیع اعضا پر بھوک کی سی حالت طاری رہتی ہے +

جوع الکلب ع - ایک قسم کی بیماری جس میں کتنا ہی کیوں نہ کھائیں ویسی ہی بھوک کا غلبہ رہتا ہے +

جوعان ع بھوکا - گرسنہ +

جوغ ف [illegible] - جوا - پنجالی - پنجالی +

جوف ع شکم - پیٹ - اندر کی طرف ہر ایک چیز کی جو خالی ہو +

جو فروش گندم نما ف گیہوں دکھا کر جو بیچنے والا - دغاباز اور بے ایمان آدمی +

جوق ف فوج - آدمیوں کا گروہ اور پرندوں اور چرندوں کا گروہ +

جوق جوق ف فوج فوج +

جوگندم ف - ڈاڑھی جو سیاہ وسفید ہوکر بڑی ڈاڑھی +

جولان ع - کودنا - دوڑنا - گھوڑے کا دوڑانا - گرد پھرنا - کاوا دینا +

جولان ف - بیڑی جو مجرموں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں +

جولانگاہ ف گھوڑدوڑ کی جگہ +

جولانی ف گھوڑا - شراب کا پیالہ +

جولانگری ف دوڑنا - پھرنا +

جولاہہ ف جولاہا - کپڑے بننے والا +

جولخی - جولقی ف - گدڑی پہننے والا - قلندر - پشمینہ پوش +

جولستان ف ہوا - بیابان +

جولکاے مغان ف چوال مقام جوار دبیل کے قریب سے دریا کے سر پر [illegible] فرسنگ لیا - اور یہی فرسنگ [illegible] ایک نہایت سرسبز مقام ہے +

جولہ ف مخفف ہے جولاہہ کا جس کے معنے [illegible] کے ہیں +

جولیدہ ف ژولیدہ - پریشان - بکھرا ہوا +

جون ف مشہور دریا ہے جمن (جمنا) کا +

جوہر ع گوہر - ہیرا - قیمتی پتھر - موتی - ہر چیز کا اصل - وہ شے جو بذات خود قائم ہو - بخلاف عرض کے جس کا قیام بوسیلہ جوہر کے ہوتا ہے - جیسے لوح اور نقش میں لوح جوہر ہے - اور نقش عرض اور جامہ اور رنگت میں کپڑا جوہر ہے - اور رنگ عرض +

جوہر اول ع حضرت جبرائیل ع سے مراد ہے - یا قلم ہے - یا نور محمدی صلعم ہے - یا حضرت آدم علیہ السلام ہے اور حکما کے نزدیک عقل اول سے مراد ہے +

جوہر این کار ندارد ف اپنے اس کام کے سرانجام کرنے کی لیاقت اور استعداد نہیں رکھتا +

جوہر ثانی ع عقول عشرہ میں سے دوسری عقل +

جوہر علوی ع وہ عناصر جن کا مقام زمین سے بلندی پر ہے جیسے آگ - ہوا +

جوہر فرد ع - وہ لا یتجزی جو متکلمین کے نزدیک کسی طرح پر قابل انقسام نہیں مگر حکما اسکے قسمت کے قائل ہیں [illegible] +

جوہر فعال ع عقول عشرہ میں سے دسویں عقل - جس نے خداوند تعالیٰ کے حکم سے نفوس فلکوں اور آٹھ اسماؤں کے سوا باقی کل مخلوقات کو پیدا کیا ہے +

جوہر گردن ف [illegible] کے خیال سے اپنے تئیں یا اپنے بال بچوں کو ہلاک کر ڈالنا +

جوہری ع صاحب جوہر - جو جواہر بیچتا ہو - ایک شاعر کا نام بھی ہے ایک فرقہ بھی ہے - جو خدا کو جوہر کہہ کر اس کا طول و عرض ثابت کرتے ہیں +

جوہی ف ایک قسم کے پھول کا نام ہے +

جوے ف نہر - ندی +

جویا - جویان - جویاے ف ڈھونڈنے والا +

جویبار ف جس جگہ پر نہریں بہت ہوں - وہ بڑی نہر جو کئی نہروں سے بنی ہو +

جوے شیر ف نہر جو فرہاد نے شیرین کے حکم بموجب پہاڑ سے شہر تک نکالی تھی - اس میں بکریوں کا دودھ دوہا جاتا تھا - اور شیرین کے محل میں ایک حوض میں آکے جمع ہوا کرتا تھا +

جویندہ ف ڈھونڈنے والا +

جوییدن ف ڈھونڈنا +

باب جیم تازی مع ہاے ہوز

جہات ع جمع جہت کی اطراف اور مال اور اسباب کے معنے میں بھی آیا ہے - اس صورت میں اکثر مال کا لفظ بھی اسکے ساتھ ہوتا ہے - جیسے مال و جہات +

جہاز ع [illegible] سب والوں سے

لڑنا - کافروں سے لڑنا +

جہادِ اصغر ع کافروں سے لڑنا - ظاہری جہاد +

جہادِ اکبر ع نفس کے ساتھ محاربہ اور مجادلہ کرنا - ریاضت فقر - نفس کشی - زُہد - باطنی جہاد +

جہار ع آشکارا ہونا - ظاہر ہونا - ظاہر - آشکارا +

جہاز ع بہت بڑی کشتیاں جو بحار میں چلتی ہیں +

جہاز ع اسبابِ عروس اور میت کے دفن کرنے کا اسباب - مطلق رخت اسباب +

جُہّال ع جمع جاہل کی +

جہالت ع نادانی - بے علمی - بے وقوفی +

جہان ف فتحہ اور کسرہ دونوں سے صحیح ہے - جہان کے معنے جہندہ کے ہیں - ناپائداری اور بے ثباتی کے باعث جہان کہلایا - جہان یا گیہان کا مبدل ہے - جو مخفف ہے گاہان کا اور گاہان مرکب اور ان کلمہ نسبت سے ہے - یعنے وقت اور زمانہ کے ساتھ نسبت رکھنے والا چونکہ موجودات عنصری کو لامحالہ اوقات و ازمنہ کے ساتھ پورا پورا تعلق ہے - اس واسطے گیہان - (جہان) کہلایا - دنیا عالم - دارِ اسباب بنا کا +

جہان بین ف جہان کو دیکھنے والا - آنکھ اور سیلح - اور خردمند سے مراد ہے +

جہان پہلو ف بہ ترکیب مقلوب پہلوے جہاں - (پہلوان جہان) +

جہان خواران ف مطیع اور مسخر کرنا - فائدہ اٹھانا +

جہان در جہان - جہان جہان ف بہت +

جہان دیدہ ف تجربہ کار - آزمودہ کار +

جہان سالار - جہاندار - جہان داور - جہان خسرو - جہان بادشاہ - جہان جوے - جہان پرور - جہان پہلوان

جہانگیر ف یہ لفظ اپنے اپنے موقعہ پر بادشاہوں کی تعریف میں واقعہ ہوتے ہیں - اور جہانگیر ہندوستان کے ایک بادشاہ کا نام ہے - جو مغلیہ خاندان کا چوتھا بادشاہ تھا +

جہان سوز ف ملک کو تباہ اور برباد کرنے والا - ظالم - علاء الدین غوری کا لقب بھی ہے +

جہان سیاہ کردن - جہان کندن ف ملک کو تباہ اور برباد کرنا - ویران اور خراب کرنا +

جہان گرد - جہان نورد ف سیاح - سیر +

جہان گرد کردن ف اس کا مسخر اور مطیع کرنا +

جہان کشادن ف مطیع و مسخر کرنا +

جہان کہین ف آدم صفی اللہ سے کنایہ ہے - عربی میں اسے عالم صغیر کہتے ہیں +

جہان مہین ف وہ عالم جو ما سوے اللہ ہے - عربی میں اسی عالم کبیر کہتے ہیں +

جہانیان ف دنیا کے لوگ - خلق اللہ +

جہانیدن ف کدانا - اچھالنا +

جہت ع طرف - جانب واسطے - لیئے - باعث +

جُہد ع طاقت - کوشش - سعی - صرف جیم کی فتحہ سے رنج و مشقت کے معنے میں بھی آیا ہے +

جہد المقل ع درویش کی کوشش تھوڑی سی کوشش +

جہد جہید ع بڑے سرے کی کوشش +

جہر ع کھلا ہوا - ظاہر - بہ آواز بلند پڑھنا +

جہرہ ف وہ چرخ جس کے ذریعے سوت کی نلی بناتے ہیں - پنجابی میں اسے اوڑا آڈ کہتے ہیں +

جہش ف سرشت - خلقت طبیعت +

جہل ع نادانی - بے علمی - نہ جاننا +

جہلا ع جمع جاہل کی +

جہل بسیط ع مطلق کسی شئے کا نہ جاننا - بغیر اس کے کہ اپنے حق میں عالم ہونے کا اعتقاد رکھتا ہو +

جہل مرکب ع ایک مرض نفسانی ہے - جس میں انسان باوجود عدم علم کے اس امر کے علم سے بھی ناواقف ہوتا ہے - کہ وہ ناواقف ہے - بلکہ خلاف واقع کے اپنے حق میں عالم ہونے کا اعتقاد رکھتا ہے - گویا دو جہلوں (عدم علم اور ناواقفیت عدم علم) میں مبتلا ہونا جہل مرکب ہے +

جہلہ ع جمع ہے - جاہل کی +

جہنم ع دوزخ گہرا کنواں - یہ لفظ اصل میں گیہنوم ایک عبرانی لفظ کا معرب ہے - اور گیہنوم کے معنے ہنوم کے وادی یا درہ کے ہیں - جو یروشلم کے پاس دکھن کی طرف تھی یوسیاہ بادشاہ کے وقت سے پیشتر یہودی لوگ یہاں مالک نام ایک بت کی پرستش کرتے تھے - یہ بت پیتل کا بنا ہوا تھا - اور اس کے ہاتھ پھیلے ہوئے - گویا اپنے پجاریوں کو گود میں لیا چاہتے ہیں یہ بت پرست یہودی اس بت کو آگ سے نہایت گرم کر کے اپنے لڑکوں کو اس کی گود میں ڈال دیتے اور ان کی فریاد اور چلانے کی آواز دبانے کے واسطے اس وقت ڈھولکیوں کو بجاتے تھے - یہ ڈھولکیں توف کہلاتی تھیں - اور اس واسطے اس جگہ کا نام توفت (وادی توفا) بھی ہے - بابل کی اسیری سے لوٹنے کے بعد اگلی بت پرستی سے ڈر کر یہودی اس مقام سے

بہت نفرت رکھتے تھے - اور
یوسیاہ (بادشاہ مذکور) کی تجویز
سے انہوں نے اس کو بہت خراب
اور تباہ کیا - چنانچہ تمام شہر کی غلاظت
وہاں پھینکی جاتی - اور غلاظت کو
جلانے کے واسطے وہاں تمام رات
آگ جلتی رہتی تھی - اس واسطے
وہ بہت ڈراؤنی اور گھنونی جگہ
(اور دوزخ سے کچھ ملتا بہت گھتی
تھی) یوں رفتہ رفتہ اس کا نام دوزخ
کا نام ہوگیا - جس طرح کہ فردوس بہشت
کا نام ہے - جو قدیم زمانہ میں اصل
زمین پر ایک بہت بڑا باغ آباد تھا
(منتخب از تاریخ بیت المقدس مصنفہ
جناب مولینا مولوی محمد ابوالمنصور
صاحب دہلوی امام فن مناظرہ)+
جہودی ف یہودی کو فارسی
بنالیا ہے+
جہود ف یہودی لوگ - قوم یہود+
جہول ع نہایت بیوقوف -
پرلے سرے کا احمق+
جہیدن ف کودنا - اچھلنا+
جہیز ف امالہ جہاز کا ہے سامان
اور اسباب جو لڑکی کو بروقت
شادی کے دیا جائے - مردہ کے
کفن دفن کا اسباب+

باب جیم تازی مع یای تحتانی

جی یونانی زبان میں زمین کو کہتے
ہیں - اور فارسی میں صفاہان کے
اردگرد کے ایک پرگنہ اور ملک
رے کے ایک گاؤں کا نام ہے+
جیاب ع جمع ہے جیب کی+
جیاد ع تیز رفتار گھوڑے - جمع
جواد کی گردنیں جمع جید کی - کھرے
خالص - جمع ہے جید کی+
جیب ع گریبان - پیرہن - اور
سینہ - دل مجازاً کیسہ جو گریبان
کے نیچے سیتے ہیں - اب دامن کے نیچے
جو کیسہ لگاتے ہیں اسکو بولتے ہیں+
جیبہ ت زرہ - بکتر+
جیپال ہ لاہور کے ایک راجہ کا
نام ہے جو سلطان محمود سے شکست
پانیکے بعد زہر کھاکر مرگیا - ایک مشہور
جادوگر بھی ہے - مطلق بادشاہ+
جیحون ت ملک تاتار کا - ایک
مشہور دریا جو جھیل ارل میں
جاگرتا ہے+
جید ع گردن+
جید ع خوب - کھرا - خالص
نیک+
جیران ع جمع جار کی - ہمسائے
پڑوسی+
جیرہ ف راتبہ - اور خوراک ہر
دن کی جو فوجی آدمیوں وغیرہ کو
دیا کرتے ہیں+
جیرہ خوار ف راتبہ خوار+
جیش ع لشکر - ہانڈی کا جوش
کھانا - اور دل کا شورش میں
آنا+
جیغہ ت ایک مرصع زیور جسکو پگڑی
پر باندھتے ہیں+ کلغی
جیغہ جیغہ ف ایک چیز ہے جسے
ابرک کے ساتھ ملاکر ولایت کی عورتیں
پیشانی پر لگاتی ہیں+
جیف ع جمع ہے جیفہ کی+
جیفہ ع حیوان - مردار - جس میں
بدبو پڑگئی ہو+
جیل ع آدمیوں کا گروہ - فوج+
جیل - جیلان ع نام ایک ملک کا
ہے - اور بغداد کے پاس ایک گاؤں
کا نام بھی+
جیوش ع جمع جیش کی - لشکر+
جیوہ ف پارا - سیماب+

باب جیم فارسی

باب جیم فارسی مع الف

چاف - چاے جو پیا کرتے ہیں
اسکا معرب صا ہے+
چاپانی ف چپاتی+
چابک ف چست - چالاک -
برجستہ - جلد - کوڑا+
چابک خرام ف تیز چلنے والا
چابک دست ف چالاک بہت
جو شخص ہاتھ کے کام میں چالاک
ہو+
چابک رکاب - چابک رکیب
چابک عنان ف تیز رو سوار
وہ سوار جو چالاکی سے گھوڑا دوڑائے
تیز رفتار گھوڑا+
چاپ کردن ف چھاپنا منطبع
کرنا+
چابکی ف چالاکی - چستی - وہ اہموار
گھوڑا جسے تازیانہ لگائیں تو راہ
سے کراہ نچلے+
چاپلوس ف خوشامد کرنے والا
چکنی چپڑی باتیں کرنے
والا+
چاپلوسی ف خوشامد+
چاپہ ف وہ کاٹ کا قالب جس سے
کپڑوں وغیرہ پر نقش کرتے
ہیں - چھاپہ+
چاپیدن ف خراب کرنا - پراگندہ
کرنا - تتر بتر کرنا+
چاچ ف ترکستان میں ایک
شہر ہے - جسے اب تاشقند کہتے
ہیں - وہاں کمان بہت عمدہ بنا
کرتی تھی - بعض کے نزدیک
چاچ کا شہر کا نام ہے - صاف کئے
ہوئے غلے کا ڈھیر+
چاچلہ ف چمڑے کی جوتی+
چاچی ف چاچ کا رہنے والا -
چاچ کی کمان+
چاچیان ف جمع ہے چاچی کی+
چادر ت چادر+
چادر آب ف پانی کی چادر -
آبشار+
چادر زرسا ف زرد کبود کپڑا
ہوتا ہے - کنایۃً - شفق - آفتاب
کی روشنائی - آفتاب+
چادر خون کشیدن ف تلوار
سے لڑنا+

چادرِ قیرگون ف رات سے مراد ہے +

چادرِ کافوری ف صبح صادق کی سپیدی +

چادرِ کبود - چادرِ کحلی ف - آسمان سے مراد ہے - اور رات سے بھی +

چادرِ لاجورد ف رات سے مراد ہے - اور آسمان سے بھی - سبزہ زار اور مرغزار کے معنے میں بھی آیا ہے +

چار ف مخفف چہار (۴) کا - اور چارہ (علاج) کا بھی - آوہ جس میں اینٹیں کوزے کا سے وغیرہ پکاتے ہیں +

چار اختر - چار عنصر - بنات النعش کے چار ستارے جو نعش کہلاتے ہیں +

چار ارکان ف اربعہ عناصر +

چار اژدہا - چار استاد ف چار عنصر +

چار اسباب ف چار علل علتیں یعنی علت مادی - علت فاعلی - علت صوری - علت غائی +

چار آئینہ ف ایک قسم کی زرہ کا نام ہے - جس میں چار لوہے کے تختے بانات اور مخمل میں مڑھ کر سینہ اور پشت کو گرد لگاتے ہیں +

چار پارہ ف ایک قسم کا رقص اور ساز ہے +

چار بالش - چار بالشت ف مسند بادشاہت کا تخت - عناصر اربعہ اور دنیا سے بھی مراد ہے +

چارپا - چارپایہ ف چوپایہ - ڈنگر +

چارپائی ف پلنگ - منجی +

چار برگ ف نام ایک قسم کے پھول کا ہے - بعض کے نزدیک لالہ کوہی کو کہتے ہیں +

چار پہلو ف پر شکم +

چار پہلو شدن ف بہت کھانا - پیٹ بھر لینا - بیٹھ کے بل سونا +

چار پیلہ ف دنیا +

چار پیخ ف چار دوائیں یعنے بہی دانہ بادیانہ کرفس - کبیر - اصول الاربعہ چار عنصر سے بھی مراد ہے +

چار تبینی ف ایک قسم کا باجا جو بادشاہ کی طرف سے ملا تھا +

چار تا - چار تار ف چار تارہ - دوتارا طنبورہ یا رباب - چار عنصر دنیا +

چار تکبیر زدن - چار تکبیر کردن

چار تکبیر گفتن ف سب کچھ چھوڑ دینا قطع تعلق کرنا - نماز جنازہ ادا کرنا +

چار چشم ف منتظر - نہایت مشتاق +

چار جوہر ف اربعہ عناصر بنات النعش کے چار ستارے نعش کے +

چار جوئے بہشتی - چار خوان ف پانی - دودھ - شراب - شہد کی چاروں نہریں بعض کے نزدیک جیحون - سیحون - نیل فرات سے مراد ہے +

چار خم ف کشتی کے فنون میں سے ایک فن ہے - ایک قسم کی خمدار کمان اور کمان کی اچھی طرح کھینچنے سے بھی مراد ہے +

چار دانگ ف وہ چیز جو اپنے امثال کی بہ نسبت دو چند ہو جیسا کہ دینار چھ دانگ کا ہوتا ہے اور دانگ چھٹا حصہ دینار کا ہے پس چار دانگ نسبت دو دانگ کے زیادہ ہوئے لفظ جو کبھی ہندوستان کی وصف میں واقع ہوتا ہے - تو اس کی بھی یہی وجہ ہے - کہ ہندوستان کا طول و عرض اکثر ملکوں سے سوائے روس کے زیادہ ہے - یا اس وجہ سے کہ ہندوستان کی آبادی اور حاصل اور ملکوں سے بڑھ کر ہے - یا اس باعث سے کہ ہندوستان چار اقلیموں میں واقع ہو

چار دہ ف چودہ - ۱۴ - ۱۴/ - ۱۴للعہ

چار دہ روایت ف علم قرائت کے سات اماموں کے دو دو شاگرد تھے - اسلئے ان کی چودہ روایت کی قرائت ہوئی +

چار دیوار النفس ف دنیا - آدمی کا قلب یا بدن +

چار زبان ف بیہودہ گو - بہت باتیں کرنے والا +

چار سو ف چار طرف - چوک چوراہا چھتہ مطلق بازار - چار پہلو یعنے پر شکم - انتظام کرنے سے بھی کنایہ ہے +

چار شاخ ف ایک قسم کی سزا ہے +

چار شانہ ف جسیم - فربہ اندام - تنومند ہٹا کٹا - بدشکل - ناموزون قد والا +

چار شنبہ ف بدھ +

چار ضرب ف صوفیوں کا ایک شغل ہے - چوتالا جو ایک قسم کا ساز بجاتا ہے - قلندروں کا ڈاڑھی مونچھ وغیرہ کا مونڈھ ڈالنا +

چار طاق ف راوٹی جو ایک قسم کا خیمہ ہوتا ہے - مطبخ کا خیمہ - عناصر اربعہ +

چار طاق افگن ف فراش +

چار طوفان ف پانی کا طوفان نوح علیہ السلام کی قوم پر ہوا کا طوفان ہود علیہ السلام کی قوم پر آگ کا طوفان لوط علیہ السلام کی قوم پر - مٹی کا طوفان صالح علیہ السلام کی قوم پر - بعض نے کہا ہے کہ اس لفظ سے جہل چیزیں حرص - جوع کی طرف اشارہ ہے +

چار ع - چارق ف جنگلیوں کا ایک قسم کا جوتا ہے +

چار قب ف امرا کا ایک طرح کا لباس ہے +

چار کان ف چار کانیں جس کی تفصیل یہ ہے - اوّل کان آتش جس سے گوگرد اور نوشادر کانی یا لعل و یاقوت نکلتے ہیں - دوم کان آبی جس سے مروارید اور مرجان نکلتے ہیں - سوم کان بادی

جس سے قیمتی نباتات پیدا ہوتی
ہیں - چہارم کان خاکی جس سے
الماس اور سونا چاندی حاصل
ہوتے ہیں +
چار گام - چار گامہ ف تیز رو
گھوڑا ہنگامہ عیش و عشرت کا
گرم کرنا +
چار گوشہ ف چوکھونٹی چیز -
تخت شاہی مردہ کا تابوت +
چار گوشی ف صراحی اور گھڑا
جس کے چار دستے ہوں +
چار مادر ف اربعہ عناصر نعش
کے چار ستارے جو بنات النعش
میں ہیں +
چار مذہب ف حنفی - شافعی
مالکی - حنبلی +
چارم اصطرلاب ف قرآن شریف
جو آسمانی کتابوں میں چوتھی کتاب
ہے +
چارم عرض ف انسانیت جو
جسم مطلق جسم نامی - حیوان کے
بعد چوتھے درجہ پر ہے +
چار مرغ خلیل ف کبوتر - کوا -
مرغ - مور جن کو حضرت خلیل نے
ذبح کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر کے
ہاون دستہ میں خوب کوٹ کر
چار پہاڑوں پر رکھ دیا تھا - اور ان
کے سر ہاتھ پر رکھ کر ہر ایک کو آواز دی
امر الٰہی سے ان میں سے ہر ایک
کے اجزا الگ الگ ہو کر ان کے
بدن درست ہو گئے - اور اپنے
سروں کی طرف دوڑنے لگے - چنانچہ
قرآن شریف کے تیسرے سیپارہ
میں اس کا ذکر موجود ہے - اور ان
چار جانوروں کے ذبح کرنے
سے علی الترتیب الفت خلق -
شہوت - حرص مال زینت آرائش
ظاہری کا ترک کرنا مراد ہے +
چار مغز ف اخروٹ +
چار منزل ف شریعت - طریقت
حقیقت - معرفت +
چار موجہ ف بھنور - گرداب +
چار میخ ف ایک قسم کی سزا
جس میں مجرم کے چاروں ہاتھ
پاؤں چار میخوں سے باندھ دیتے
ہیں - عناصر اربعہ اور لواطت سے
بھی مراد ہے +
چار میخ شدن ف نہایت مضبوط
ہونا - کمال محکم ہونا +
چار نفس ف امارہ - لوامہ - ملہمہ
مطمئنہ یہ چار نفس انسان کے
دلی ارادوں پر متعین ہیں - نفس
امارہ (کافروں اور فاسقوں کا
نفس) انسان کو بدی کی طرف
کھینچتا ہے - اور بُرے کاموں کا
حکم دیتا ہے - اس کی متابعت
سے انسان بُرے کام کرنے پر
آمادہ ہو جاتا ہے - لوامہ (تائب اور
نادم گنہگاروں کا نفس) بدی
اور گناہ کے کرنے پر اس کو ملامت
کرتا ہے - کہ تو نے یہ کام کیوں کیا!
ملہمہ (عام صلحا اور ابرار کا نفس)
خبردار کرنے والا ہر ایک امر خیر و شر
کا ہے - مطمئنہ (انبیا اور اولیا اور کا
ملین کا نفس) خدا کی یاد اور محبت
پر اطمینان دینے والا - اور وسوسوں
اور خطرات سے رہائی بخشنے والا +
چار وا ف چوپایہ - ڈنگر +
چارہ ف علاج - مدد - تدبیر - مکر و
فریب جدائی و مفارقت +
چارہ انداختن ف چارہ جوئی
کرنا - تدبیر کرنا +
چار یک ف ایک چوتھائی (ربع)
کابل کے نواح میں ایک قصبہ
بھی ہے +
چاش ف غلہ کا ڈھیر جو بھوسے
سے الگ کر لیا گیا ہو +
چاشت ف پہروں چڑھا ہوا
وہ وقت جبکہ چوتھائی دن گذر
چکے - چاشت کا طعام +
چاشت دادن ف طعام چاشت
کا کھانا +
چاشنی ف چکھنے کے موافق کوئی
چیز کھانی - شیرا - مزہ - شیرینی -
نقارے پر ابتدائی چوب کا
لگانا +
چاشنی دل ف لطیف اور دلکشا
باتیں +
چاشنی گیر ف باورچی - خانساماں +
چاغر ف حوصلہ - پوٹا +
چاق ف تندرستی - طاقتور
چالاک - تندرستی - صحت - زمانہ
وقت +
چاک ف پھٹا ہوا - چیرا ہوا مکان
یا باغ کا قبالہ - آمادہ - طیار -
دریچہ - صبح کی سفیدی - تلوار وغیرہ
مارنے کا آواز +
چاکا - چاک چاک چاک ف
تلوار اور خنجر وغیرہ کے مارنے کی
آواز +
چاکر ف نوکر - خدمتگار +
چاک ران ف فرج یا دبر سے
کنایہ ہے +
چال ف وہ گھوڑا جس کے بال
سرخ و سفید ہوں - گڑھا - خاک
کنواں - چکور - کبک - چولہا ہے
کی کھڑکی - قزوین کے پاس ایک
گاؤں بھی ہے - ہندی میں رفتار
کے معنے میں آیا ہے +
چالاک ف چست تیز - چور - خونی
اونچی جگہ +
چالاکی ف تیزی چستی +
چالش - چالیش ف متکبر کی
چال - گھمنڈ اور غرور کی چال -
حملہ - مباشرت اور جماع +
چالش گر ف حملہ آور جنگجو دلاور
وہ شخص جو جماع کرنے پر حریص
ہو +
چالیک ف گُلی ڈنڈا +
چامع ف گہرا کنواں +
چامہ ف شعر - غزل - بات +
چامہ گوے ف شاعر - سخنگو
غزل گو - خوش آوازی سے پڑھنے
والا +

چابیدن - ف بول کرنا +
چابین ف بول - پاخانہ +
چانہ ف منہ کا گرداگرد - تھوڑی کی ہڈی فک اسفل - ذقن - زنخیر کا ایک غلولہ جیسے پنجابی میں پیڑا کہتے ہیں - حرف و سخن - سو بھی کنایہ ہے +
چاؤش - چاوش ف لشکر اور قافلہ کا نقیب - چوبدار +
چاویدن ف چڑیا کا اپنے گھونسلے پر حملہ کرنے کے وقت چیخنا اور فریاد کرنا - مجازاً مطلق آواز کرنا - سب حیوانات اور انسان کا چبانا +
چاہ ف کنواں - گڑھا - چاہ غبب کو بھی کہتے ہیں +
چاہ بابل ف وہ کنواں جس میں ہاروت اور ماروت فرشتے محبوس ہیں +
چاہ پست ف دنیا سے مراد ہے +
چاہ زنخ ف ٹھوڑی کا گڑھا +
چاہ ظلمانی ف دنیا اور آدمی کے قالب سے مراد ہے +
چاہ کن ف ظالم - مکار +
چاہ مقنع - چاہ نخشب ف نام ایک کنوئیں کا ہے - جس میں سے حکیم ابن مقنع ہر رات ایک ایسا چاند نکالا کرتا تھا - جس کی روشنی چار فرسنگ تک جایا کرتی تھی +
چاہ یوسف ف وہ کنواں جس میں یوسف کو اس کے بھائیوں نے گرا دیا تھا - وہ ملک شام میں طبریہ کے پاس ہے +

چاے ف چاہ جو پکا کر پیا کرتے ہیں +

باب جیم فارسی مع باے فارسی

چپ ف بایاں - بائیں طرف - ٹیڑھا - مخالف ناموافق - دغا - فریب +
چپاتی ف پتلی روٹی جو توے پر پکاتے ہیں پھلکا +
چپ انداز ف جو شخص بازگشتی تیر چلاوے مکار - حیلہ ساز +
چپاول ف کسی فوج کا دشمن پر لشکر سے الگ ہو کر حملہ کرنا - تاخت و تاراج - لوٹ مار +
چپ دادن ف چھوڑ دینا - دھوکہ دینا +
چپر ف وہ شخص جسے بادشاہوں اور امیروں کی طرف سے ہر منزل پر نئی سواری ملتی ہے - جس سے وہ شخص ضروری خبر نہایت سرعت سے پہنچا دیتا ہے - جیسا کہ ہندوستان میں ڈاک چوکی کا انتظام تھا +
چپ رفتن ف مخالفت کرنا +
چپ شدن ف منحرف ہونا +
چپقلش ت تلوار کی لڑائی - انبوہ - ہجوم +
چپکن ف انگرکھا - اچکن +

باب جیم فارسی مع تاے فوقانی

چتر ف چھتری - چھوٹے بال ستر
چتر آبگون ف آسمان - اکاس +
چتر روز - چتر زرین - چتر سحر ف آفتاب
چتر سیمابی - چتر سیمین ف پورا چاند چودھویں رات کا چاند +
چتر عنبرین ف رات - شب +
چتر کحلی ف آسمان - سیاہ بادل +
چتر نور ف سورج - آفتاب +
چتوک - چغوک ف چڑیا - کنجشک +

باب جیم فارسی مع خاے معجمہ

چخ ف چھری تلوار وغیرہ کا غلاف - جھگڑا لڑائی میل - پیپ - چرک - کوشش - جلدی سے کوشش کرنا +
چخاچخ ف لڑائی کے وقت تلوار وغیرہ کی آواز +
چخان ف لڑائی کرتا ہوا - کوشش کرنیوالا ایک موضع کا نام بھی ہے +
چخماخ ف چقماق - بترزین +
چخیدن ف لڑائی کی خواہش کرنا - دم مارنا - کوشش کرنا - جنگ کرنا +

باب جیم فارسی مع راے مہملہ

چرا ف کس واسطے - کیوں ؟
چرا ف چرنا +
چراغ ف دیوا بتی جلتی ہوئی اور صرف بفتح اول چلائی کرنا لگے پیر جو گھوڑا اٹھاتا ہو اسکو بھی چراغ کہتے ہیں - پیرو مرشد اور روشنائی سے بھی مراد ہے +
چراغ از چشم پریدن - چراغ از چشم جستن ف دماغ کو سخت صدمہ پہنچنا جس سے آنکھوں کے سامنے بجلی کی سی چمک روشنی محسوس ہو +
چراغ آسمانی ف مہتاب - بجلی - سورج +
چراغان ف ایک قسم کی سزا ہے - جس میں مجرم کے سر میں کئی زخمیں لگا کر ہر ایک زخم پر جلتی ہوئی بتی رکھی جائے +
چراغ پا - چراغپایہ ف اگلے پیر جو گھوڑا اٹھاوے - اور جس چیز پر دیا رکھتے ہیں - پنجابی - دیوا کھا - ڈیوٹ +
چراغ چشم ف بیٹے سے مراد ہے +
چراغ خاموش کردن ف اس کا افسردہ کرنا - بجھانا +
چراغ روز ف چراغ بیفروغ آفتاب +
چراغ سپہر ف سورج چاند ستارے صبح +
چراغ سحر ف آفتاب صبح کا ستارہ +
چراغ علہ ف کرم شب تاب - جگنو پنجابی ٹٹہنا +
چراغ وارہ ف چراغدان - قندیل - مشکوٰۃ - لالٹین +
چراغ ہدایت ف مصحف صاف - کلام اللہ +
چراگاہ - چرام - چرامین ف حیوانات کے چرنے کی جگہ +
چرانیدن ف چرانا - حیوانات کو گھاس چرانا +
چرب ف غالب ہونا - اور غالب - اونچا +
چرب آخور ف وہ شخص جو عیش و عشرت میں عمر گذارے - وجہ معاش کی کثرت چارپاؤں کے لئے گھاس کی بہتات +
چرب پہلو ف فربہ - اور جس کے پہلو سے لوگوں کو فائدہ ہو +
چرب دست ف چالاک - تیز کار دستکار - ہنرمند +
چرب زبان - چرب گو ف چکنی چپڑی باتیں کر کے لوگوں کو اپنی طرف مائل کر لینے والا - خوشامد گو - فریبی - شیریں کلام +

تفریح کرنا +

چشم از چیزے پوشیدن ف اس کا دیکھنا چھوڑ دینا ۔ بے اعتنائی کرنی +

چشم از چیزے فرو بستن ۔ چشم از چیزے فرو دوختن ف اس چیز سے منہ پھیر لینا ۔ بے اعتنائی کرنی +

چشم افگندن بر چیزے ف اس چیز کو دیکھنا ۔ نگاہ کرنا +

چشم ارو ف لکڑی وغیرہ کی وہ چیز جو کھیتوں پر ان کے بچانے اور جانوروں کے ڈرانے کے لئے نصب کر دیتے ہیں ۔ کوئی شے جو واسطے دفع چشم زخم کے کھیتوں، باغوں، مکان وغیرہ پر کھڑی کر دیتے ہیں +

چشم باز کردن ف ۔ آنکھیں کھولنا +

چشم باطل کردن ف ۔ کسی کو اندھا اور نابینا کر دینا +

چشم بد ف نظر بد ۔ بد نظر +

چشم براہ ف منتظر ۔ نگران +

چشم براہ داشتن ۔ چشم براہ دوختن ۔ چشم براہ نہادن ف منتظر ہونا ۔ راہ تکنا ۔ بےتابی سے دیکھنا +

چشم بر چیزے بستن و دوختن ف اسکی طرف کمال توجہ کرنی +

چشم بر داشتن از چیزے ف اس شے کا دیکھنا چھوڑ دینا +

چشم بر زمین افگندن ف نیچے نگاہ رکھنا خواہ شرم و حیا کے باعث خواہ ادب اور تواضع کے سبب خواہ غم و اندوہ کے باعث سجدہ کرنے سے بھی مراد ہے +

چشم بر ہم زدن ف ۔ آنکھ جھپکانا ۔ پلک جھپکانا عرصہ قلیل سے مراد ہے +

چشم بند ف وہ منتر جس سے لوگوں کی نظر باندھ دیں +

چشم پوشی ف ۔ اغماض ۔ گناہ ظاہر نہ کرنا ۔ کسی کی خطا سے آنکھ بند کر لینا +

چشم پوشیدن ف ۔ اعراض کرنا بے اعتنائی ۔ اندھا ہونا ۔ اندھا کرنا +

چشم بے آب ف بے حیا ۔ بے شرم ۔ ڈھیٹ +

چشم بے آب داشتن ف بےحیا ہو شرم نہ رکھنا +

چشم پیش ف شرمسار ۔ منفعل شرمندہ +

چشم ترازو ف ترازو کا پلڑا +

چشم چار کردن ف ۔ انتظار کھینچنا +

چشم چیزے ندیدن ف اس امر کی طاقت نہ رکھنا +

چشم حسی ف ظاہری آنکھ +

چشم خانہ ف آنکھ کا گھر ۔ آنکھ کا حلقہ پیالی گڑھا +

چشم خروس ۔ چشم خروسان ف ایک قسم کا سرخ رنگ دانہ جس کا سر سیاہ ہوتا ہے ۔ ہندی میں اسے گھونگچی کہتے ہیں ۔ شراب سرخ اور لب سرخ سے بھی مراد ہے +

چشم خواباندن ف تغافل کرنا +

چشم خوردہ ف وہ شے جسے نظر بد کا اثر پہنچا ہو +

چشم داشت ف ۔ امید ۔ توقع بھروسہ +

چشم داشتن ف جب یہ لفظ بے صلہ (بنفسہ) یا بہ صلہ از واقع ہوتا ہے تو امید رکھنے بھروسا رکھنے کے معنے دیتا ہے ۔ اور جب اس کا صلہ بر واقع ہوتا ہے تو انتظار کرنے راہ دیکھنے کے معنی میں آتا ہے +

چشم در راہ ف منتظر ۔ نگران +

چشم دریدہ ف شوخ ۔ گستاخی بے حیا +

چشم را آب دادن ف مرغوب اور پسندیدہ شے کا ملاحظہ کرنا ۔ تماشا دیکھنا +

چشم رسانیدن ف نظر لگانا +

چشم رسیدن ف نظر لگنا +

چشم روزن آفتاب مراد ہے +

چشم روشنی ف مبارکباد +

چشم زاغ ف بےحیا ۔ دلیر +

چشم زاغ داشتن ف بےحیا اور دلیر ہونا +

چشم زخم ف زخم چشم ۔ آزار نظر بد نقصان ۔ اور آزار جو نظر بد کے اثر سے کسی مرغوب پسندیدہ اور خوبصورت شے پر پہنچے +

چشم زد ۔ چشم زدن ف طرفۃ العین آنکھ جھپکنے تک کا عرصہ ۔ پل +

چشم سفید گشتن ف آنکھوں کا بے نور ہو جانا +

چشم سیاہ کردن ۔ چشم سرخ کردن ف ۔ طمع کرنا ۔ عاشق ہونا ۔ غصہ ہونا +

چشم شدن ف ظاہر ہونا ۔ روشن ہونا ۔ منکشف ہونا +

چشم فرنگی ف عینک +

چشمک ف عینک ۔ انکھڑی چھدڑی آنکھ سے اشارہ کرنا +

چشم کردن ف چشم زخم ۔ پہنچانا ۔ کسی کو نظر لگانا +

چشم گرم کردن ف نظارہ کرنا ۔ دیکھنا تھوڑی دیر سو رہنا +

چشم نمائی ف ۔ دھمکانا ۔ ڈانٹنا ۔ دھمکی +

چشم نمائی کردن ف ۔ ڈرانا ۔ دھمکانا +

چشم و چراغ ۔ چشم چراغ ف باعث بینائی سرمایہ بصارت +

چشم ور داشتن ف حیا کرنا +

چشمہ ف پانی کا سوتا ۔ سوئی کا سوراخ +

چشمۂ آتش فشان ف آفتاب +

چشمۂ تدبیر ف انسان کا مغز ۔ قوت مفکرہ ۔ دانشمند اور صاحب تدبیر آدمی +

چشمۂ حیوان ۔ چشمۂ خضر ف ۔ آب حیات ۔ معشوق کا منہ +

چشمہ دار ف - حلقہ دار - کڑیاں رکھنے والا - کڑیاں رکھنے والی زرہ +

چشمہ درع ف زرہ کی کڑیاں +

چشمہ روشن ف سورج +

چشمہ سار ف وہ جگہ جہاں بہت سے چشمے ہوں +

چشمہ سلسبیل ف بہشت میں ایک نہر ہے +

چشمہ سیماب - چشمۂ سیماب ریز ف سورج اور چاند سے مراد ہے - دن کو بھی کہتے ہیں +

چشمہ نور - چشمۂ نور بخش چشمہ ہور ف سورج +

چشیدن ف چکھنا +

باب جیم فارسی مع غین معجمہ

چغ ف مدھانی - نیٔ عورتوں کے سوت کاتنے کا چرخہ +

چغار ف بیحیا عورت جو گالیاں دینے والی ہو - فحشہ +

چغانہ ف ایک ساز کا نام ہے - جسے مطرب لوگ بجاتے ہیں +

چغتائی ف مغلوں کا وہ فرقہ جو چغتائی بن چنگیز خان کی نسل سے منسوب ہے +

چغد ف الو جو منحوس پرندہ ہے +

چغرشتہ ف ہنڈیا - پنجابی سوت کی چھلی +

چغل ف غماز - چغلی کھانے والا +

چغل ف چین - شکنج - اور ایک برتن بھی ہے +

چغلی ف کسی کی برائی کرنا - سخن چینی +

باب جیم فارسی مع فاء

چفت ف وہ لکڑی جس پر انگور یا کدو وغیرہ کی بیل چڑھاتے ہیں +

چفت ف تنگ جو فراخ کا نقیض ہے - گری ہوئی عمارت کے نیچے جو لکڑی رکھی جاتی ہے +

چفت ف گھر کے دروازے کی زنجیر - کنڈی +

چفتہ ف تہمت بہتان - گوسفند کا سر +

چفیدن ف بمعنے چسپیدن +

باب جیم فارسی مع قاف

چق ف مدھانی - دودھ بلونے کی رسی +

چقاچاق - چقاچق ف تیروں اور تلواروں وغیرہ کے متواتر بدن پر پڑنے کی آواز - ہندی کھچا کھچ +

چقماق - چقمق ف وہ پتھر جس سے آگ نکلتی ہے - اور بمعنے طعنہ سرزنش +

چقندر ف ایک ترکاری کا نام ہے +

باب جیم فارسی مع کاف تازی

چک ف برات - وظیفہ - قبالہ بیعنامہ - تمسک +

چکاچاک - چکاچک ف تلوار یا گرز وغیرہ کے مارنے کی آواز +

چکاد - چکادہ ف پیشانی کا اوپر والا حصہ مطلق پیشانی - پہاڑ کی چوٹی +

چکان ف ٹپکتا ہوا +

چکاندن ف ٹپکانا - قطرہ قطرہ گرانا +

چکاوک ف راگ کی ایک آواز ہے - چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ بھی ہے - جسے ہندی میں چنڈول اور عربی میں قبرہ کہتے ہیں +

چکس ف چرخ - باز اور شاہین وغیرہ کا نشیمن - خجالت - و شرمندگی +

چکسہ ف کاغذ یا پتا جس میں پنساری دوا وغیرہ لپیٹ کر دیتے ہیں پڑیا - پنجابی پڑی +

چکسیدن ف شرمندہ ہونا شرمندگی اٹھانا +

چکس ف ہتوڑا - مطرقہ +

چگل چگل ف ترکستان کے ایک شہر کا نام ہے - جہاں کے باشندے نہایت خوبصورت ہوتے ہیں +

چکلہ ف قطرہ ٹپکنا - پرگنہ +

چکمہ ف موزہ +

چکچہ زک ف ایک مرض ہے - جس سے بول قطرہ قطرہ ہوکر نکلتا ہے - عربی میں اسے تقطیر البول کہتے ہیں +

چکن ف کشیدہ - زردوزی - بخیہ دوزی +

چگونہ ف کیونکر - کسطرح - کسطرح پر +

چگونگی ف کیفیت - حال کہ کسطرح پر +

چکیدن ف ٹپکنا +

چکیدہ ف ٹپکا ہوا - گرا ہوا +

چکیدہ خون ف انگوری سرخ شراب +

باب جیم فارسی مع لام

چل ف جاؤ - چلے جاؤ - وہ بند جو کسی ندی نالے کے آگے گھاس پھوس اور لکڑی پتھر ڈالکر باندھا جائے +

چل ف ذکر - آلۂ تناسل +

چل ف مخفف چہل کا یعنی چالیس (۴۰) کمعقل و غبی +

چلپاسہ ف چھپکلی پنجابی میں اسے کرلی کہتے ہیں +

چلتہ ف زرہ - خفتان +

چلغوزہ ف درخت صنوبر کا پھل +

چلہ ف چالیس دن جو فقیر لوگ گوشہ میں بیٹھکر عبادت کرتے ہیں اور ریاضت کھینچتے ہیں - اور چالیس دن زہ کمان +

چلیپا ف عیسائیوں کی صلیب جس پر ان کے اعتقاد کے بموجب جناب مسیح علیہ السلام سولی دئے گئے تھے - نصاریٰ لوگ اکثر ایک صلیب سونے یا چاندی کی بنواکر حضرت مسیح کی مصائب و تکالیف کو یاد کرنے کے لئے گردن میں لٹکا لیتے ہیں - اسی شکل سطرح کی چار گوشہ ہوتی ہے + صلیب اسی کا معرب ہے +

چلی ف بکسر اول حمق - بے عقلی - اور بفتح اول نامردی +

چلیدن ف چلنا +

چوبہ ف تیر۔ کوڑا۔ زخمہ۔ لاٹھی +

چوبین۔ چوبینک۔ چوبینہ ف لکڑی کا منسوب بہ چوب۔ منہ پاک کرنے کا سرخ رومال جو سر پر باندھتے ہیں۔ اور لقب بہرام کا بھی ہے +

چوترہ ف چوترہ جس غلطی سے چبوترہ کہتے ہیں +

چوزہ ف مرغی کا بچہ +

چوگان ف کھلی۔ بلا۔ ایک ڈنڈا جو سر پر سے کج ہو۔ مرکب ہے چول (رشتہ خمیدہ) اور گان (کلمۂ نسبت) سے معرب اسکا صولجان ہے +

چوگان رزم۔ چوگان زرف تلوار سے مراد ہے +

چوگان سنبل ف زلف معشوق کو کہتے ہیں +

چوگانی ف وہ گھوڑا جو چوگان بازی میں خوب دوڑے +

چوکیدار ف نگہبان۔ پاسبان۔ پہرہ دار +

چولہ ف ترکوں کی ایک قوم کا نام ہے +

چون ف چو۔ مانند۔ اگر +

چون حلقہ بر در بودن ف ثابت قدم رہنا۔ پاؤں جمائے رکھنا۔ چپکے رہنا +

چون وچرا ف کیوں اور کس واسطے؟ تکرار حجت +

چونی ف چون (چگونہ) ہستی تو کس طرح ہے +

باب جیم فارسی مع ہائے ہوز

چہ ف کیا۔ بہت۔ کیونکہ۔ ہرچہ۔ اور مساوات کے معنے بھی دیتا ہے +

چہ ف مخفف چاہ کا۔ کنواں +

چہا ف کیونکر؟ کیا؟ یہ لفظ اکثر حوادث اور مصائب کے موقعہ پر مستعمل ہوتا ہے +

چہار ف ۴۔ للعہ۔ اربعہ۔ ۴ +

چہار آخشیج۔ چہار بسیط۔ چہار جال۔ چہار رئیس۔ چہار عیال۔ چہار نقطہ ف اربعہ عناصر سے مراد ہے +

چہار ارکان۔ چہار اقران۔ چہار آئین۔ چہار طاق ف راوٹی جو ایک قسم کا خیمہ ہے +

چہار اقلیم ہند ف کل ہندوستان سے مراد ہے۔ کیونکہ چار اقلیموں میں واقعہ ہے +

چہار باد ف یہ چار ہوائیں۔ پروا (صبا) پچھوا (دبور) اور جنوب اور شمال کی ہوائیں +

چہار بالش۔ چہار بالشت ف اسکے چار معنے ہیں۔ اول تخت ومسند۔ دوم۔ اربعہ عناصر۔ سوم دنیا وعالم۔ چہارم۔ جہات اربعہ۔ یعنے مشرق۔ مغرب۔ شمال۔ جنوب +

چہار تارہ ف ایک ساز کا نام ہے +

چہار دانگ ف چار دانگ +

چہار دریچہ ف کان۔ آنکھ۔ ناک۔ منہ +

چہار دہ ف چودہ۔ ۱۴۔ للوصہ۔ ۱۴ +

چہار دہم ف چودھواں ۱/۱۴ +

چہار دیوار جہان ف جہان کی چاروں طرفیں۔ عناصر اربعہ +

چہار رکن ف مینار شامی۔ یمانی عراقی حجر اسود۔ اور یہ چاروں کعبے کے ارکان ہیں +

چہار زبان ف وہ شخص جو ایک بات پر نہ رہے۔ کبھی کچھ کہے اور کبھی کچھ +

چہار سو ف چوک۔ بازار۔ چہار پہلو۔ چو بیٹھ۔ چاروں طرف۔ شمال۔ جنوب۔ مشرق ومغرب +

چہار شنبہ ف بدھ کا دن +

چہار طبع ف گرمی۔ سردی۔ خشکی۔ تری +

چہار گامہ ف راہوار اور تیز رفتار گھوڑا +

چہار گانہ ف چار۔ اربع +

چہار گرگس ف چہار عنصر۔ شداد۔ یا کاؤس کا تخت +

چہار گلخن ف جہان کی چاروں حدیں۔ اربعہ عناصر +

چہارم ف چوتھا۔ ۱/۴ +

چہارم منظر ف چوتھا آسمان جس پر آفتاب ہے +

چہار موج ف گرداب۔ بھنور +

چہار میخ جیات ف چاروں عنصر +

چہار میر۔ چہار یار ف حضرت رسول خدا کے چاروں خلیفے۔ ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ۔ علیؓ رضوان اللہ علیہم اجمعین +

چہچہ ف کوئیں کے اوپر ایک گڑھا جو خراب پانی کے جمع ہونیکے واسطے بنا دیتے ہیں +

چہ باشد چہ نباشد ف ہوا نہوا برابر ہے۔

چہ بلاست ف تعجب کے موقعہ پر بولا جاتا ہے کیا؟

چہ بیژن ف وہ کنواں جس میں بیژن کو افراسیاب نے قید کر دیا تھا +

چہ توان کرد ف بے اختیاری کے موقعہ پر بولا جاتا ہے +

چہ جان دارد ف کیا قدرت رکھتا ہے اُسے کیا طاقت ہے +

چہچہہ ف آواز بلبل کی +

چہ حالت می کنند ف کیا دکھ درد اٹھاتا ہے

چہ در دماغ دارد۔ چہ بسر دارد یا فلانے چہ سر دارد ف کیا خیال رکھتا ہے۔ اُسے کیا منظور ہے +

چہر ف روے۔ چہرہ۔ اصل۔ ذات +

چہر آزاد ف بہمن کی لڑکی کا نام ہے۔ جس سے بہمن نے نکاح کیا تھا۔ اور داراب اسی کا بیٹا ہے۔ اسی کو چہرزاد بھی کہتے ہیں۔ اسفندیار کی لڑکی کا نام بھی ہے +

چہرہ ف صورت۔ منہ۔ مجازاً پیشانی ماتھا +

چہرہ پرداز۔ چہرہ کشا ف مصور۔ صورتگر

چہرہ پرداز جہان ف آفتاب سے مراد ہے +

چہرہ نغز ف روشن۔ اجلا۔ مصفا +

چہرہ شدن و گردیدن ف مقابل ہونا۔ حریف ہونا۔ آنکھ سے آنکھ لڑنی کوا۔ کھڑا ہونا +

چہرہ کشائی ف نقاش۔ صورتگری۔ مصوری

چہرہ مالیدن ف عجز کرنا۔ فروتنی کرنی +

چہ زند ف کیا کر سکتا ہے +

چہ زہرہ ف برج سنبلہ جو زہرہ کے ہبوط کی جگہ ہے +

چہ قیامت است ف تعجب کے مقام پر بولا جاتا ہے +

چہ گل شگفت۔ چہ گل شگفتہ ف کو نسا عجیب کام ظہور میں آیا ہے۔ کیا انوکھی بات ظاہر ہوئی ہے +

چہل تنان ف ابدال کا ایک گروہ ہے کہ جن کے وجود سے خدا تعالے جہان کو قائم رکھتا ہے +

چہلہ ف ابدال۔ کیچڑ +

چہ مہر کرد کہ او نہ خواہد کرد ف یہ فقرہ وہاں بولا جاتا ہے۔ جہاں کوئی ایسا کام کر ڈالے جو اس سے بڑھ ہی نہ سکیں +

باب جیم فارسی مع یائے تحتانی

چی ف مخفف چیز کا ہے۔ اور ترکی میں کلمہ فاعلیت کا ہے۔ جیسے لشکرچی۔ کمانچی۔ پالانچی دروغچی +

چیچک ف پھپھولا۔ آبلہ۔ اور سیتلا نام ایک مشہور بیماری کا ہے +

چپیدن ف دچنا - چکنا +
چیر ف غالب ہونا - غلبہ پانا - فتح پانی - شجاع - دلیر - غالب - مصدر بہرہ یافتہ +
چیرہ ف غالب ہونا - غلبہ پانا +
چیرہ بند ف رنگین اور منقش پگڑی باندھنے والا - پگڑی - کنوارسی +
چیرہ دست ف غالب - سرکش +
چیرہ دستی ف غلبہ - زبردستی - سرکشی - قوت - قدرت +
چیرہ زبان ف نرمی سے گفتگو کرنیوالا نرم گفتار +
چیز ف موجود - گراں مایہ - شے - کچھ +
چیز لیز ف گھٹیل پونجی +
چیز میز ف اندک - قلیل - تھوڑا سا +
چیزے بر چیزے دوختن ف استوار کرنا - مضبوط کرنا +
چیزے ابر چیزے افگندن ف موقوف رکھنا ایک شے کو دوسری شے پر +
چیست ف کیا ہے +
چیستان ف پہیلی - معما - غلط - اصل اسکی چیست آن ہے
چیک چیک ف آواز مرغاں +
چیلہ ف (پیا پھول) انعام +
چین ف شکن - بل - براعظم ایشیا میں ایک مشہور ملک ہے - جو ساری دنیا کے ملکوں سے زیادہ آباد ہے چنانچہ اسکی آبادی دس کروڑ ۴۰ لاکھ آدمی کی ہے جو دنیا کی تہائی (ربع) ہوتی ہے - یہیں ایران کا بڑھ ہے اور ایک دریا ہے ایک شہر یہاں کی بڑی مشہور ہے [illegible]
چین بر ابرو افگندن - چین بر ابرو کشیدن - چین بر ابرو زدن - چین بر جبیں زدن - چین بر چہرہ زدن - چین بر پیشانی زدن ف بوڑھا ہو جانا - بھوں پر بل ڈال لینے تیوری چڑھا لینی منہ بنانا ناخوش اور بے دماغ ہونا غضبناک ہونا +
چیدن ف بل ڈال لینے تیوری چڑھانی [illegible]
چینہ ف پرندوں کو جو دانہ دیتے ہیں اسکو چینہ کہتے ہیں پنجابی میں چوگا - چوگ اور پستہ کی ایک قسم +
چینہ دان ف مرغ کا پوٹا +
چینی ف چین کا - کھانڈ اور شکر سفید +

باب حائے حطی

باب حائے حطی مع الف

حاتم ع ایک مشہور سخی کا نام ہے - جو عبداللہ بن سعد کا بیٹا تھا اور عرب کے قبیلہ طے میں سے ہونے کے باعث حاتم طائی (بھی) کہلایا ہے +
حاتم اصم ع ایک ولی کامل کا نام ہے - جو زمانہ کی حالت ناملائم دیکھ آپ سے بہرے ہو گئے تھے - ملک خراسان کے رہنے والے تھے سنہ ہجری میں انہوں نے وفات پائی +
حاجب ع دربان - پردہ کرنیوالا - پردہ دار - چوبدار - ابرو +
حاجبان ف جمع ہے حاجب کی +
حاجب بار ف جبرائیل سے مراد ہے +
حاجت ع ضرورت - خواہش +
حاجت خواہ - حاجتمند - حاجتور ف خواہشمند - محتاج +
حاجت [illegible] ف [illegible]
جو حائل ہو سکے کی راہ میں ایک منزل ہے +
حاجی - حاج ع حج کرنیوالا - اور حاج حاجی کی جمع بھی ہے +
حاجیہ ع حج کرنے والی عورت +
حاد ع تیز - تنگ +
حادث ع نیا پیدا ہونیوالا - نیا امر ظہور پانیوالا - نئی پیدا شدہ شے بخلاف قدیم کے +
حادثہ ع نو پیدا - نئی پیدا ہوئی بات - واقعہ مصیبت - زمانہ کی گردش +
حاذق ع زیرک - دانا - استاد کسی کام کا استاد
حار ع گرم - اور گرمی کرنیوالا +
حارث ع فقیر درندہ - زراعت کرنیوالا کسان - لوگوں کا نام بھی ہوتا ہے +
حارس ع نگہبان - پاسبان - حراست کرنیوالا +
حارص ع حرص کرنیوالا - لالچی +
حارہ ع کھیت - کشت زار +
حازم ع دانا - اور ہوشیار - دوراندیش پیش بین - استوار +
حاسد ع حسد کرنیوالا - ڈاہ رکھنے والا - کسی کی نعمت کے چھن جانیکا انتظار کرنیوالا
حاسر ع رکنے والا - جو بات بولتے بولتے رک جائے
حاسہ ع ادراک کرنیوالی قوت حس کرنے والی - جیسے قوت سامعہ - باصرہ - لامسہ ذائقہ - شامہ - وغیرہ +
حاشا ع دوری - پاکی - ہرگز - سوا +
حاش للہ - حاشا للہ - حاشا کم حاشا - حاشا - حاشا و کلا ع پاک ہے خدا اسبات سے - دوری ہو خدا کو اس کام سے - خدا نہ کرے - پناہ بخدا - ہرگز نہیں یہ کلمے کسی کام سے انکار کرنیکے وقت قسم کے طور پر بولے جاتے ہیں +
حاشیہ ع کنارہ - نوکر - خدمتگار - شترجوان - جمع اسکی حواشی آتی ہے - شرح کی شرح کو بھی حاشیہ کہتے ہیں +
حاشیہ قدیمہ ف نصیرالدین طوسی نے عقائد شیعہ میں ایک کتاب لکھی ہے - جسکا نام تجرید ہے - اور علی قوشجی نے اسکی شرح لکھی ہے - اسپر جو حاشیہ محقق دوانی نے لکھا ہے - اسے حاشیہ قدیمہ کہتے ہیں +
حاشیہ نشین ف پاس بیٹھنے والے لوگ کسی امیر یا بادشاہ کے مصاحب +
حاصد ع کھیتی کاٹنے والا +
حاصر ع حصر کرنیوالا - روکنے والا +
حاصل ع نتیجہ - مطلب - خلاصہ +
حاصل چیزے ف محاصل پیداوار آمدنی +
حاصل کلام ع خلاصۂ مطلب +
حاضر ع موجود - سامنے ہونیوالا جسکا دل خدا کی یاد میں حاضر رہے +
حاضر جواب - حاضر سخن ع جسکے پاس آگے ہی جواب گھڑا ہو - جو فوراً جواب دے +
حاضری ع ماحضر - طعام موجودہ - موجودگی +
حافد ع یار دوست - خدمتگار - پوتا - نواسہ داماد - سالا - سسرا +
حافر ع سم گھوڑے کا - کھودنے والا - حوافر جمع +
حافظ ع حفظ کرنیوالا - نگہبان - وہ شخص جسکو قرآن شریف حفظ ہو - فارس کے لوگ حافظ منظر اور قوال کو کہتے ہیں - ایران کے ایک مشہور شاعر کا نام ہے - جسکا دیوان بنام حافظ مشہور ہے - وہ آل مظفر کے زمانے میں شیراز کے رئیس تھے - ان کا نام شمس الدین محمد ہے - تیمور نے جب فارس کو فتح کیا - اور شیراز میں گیا تو حافظ

سے ملاقات کی - وہ مصلائے شیراز میں
مدفون ہوئے - ان کی وفات ۷۹۱ھ
میں ہوئی +
حافظہ ع یاد رکھنے کی قوت +
حافل ع انبوہ اور دودھ بھری چھاتی +
حافی ع برہنہ پا - جس کے جوتا نہو +
حاق ع درمیان کسی چیز کا بیچ وسط +
حاکم ع حکم کرنیوالا - ملک کا والی +
حاکم نشین ف دارالسلطنت یا راجدھانی
صدر مقام +
حاکی ع حکایت کرنیوالا - بات کرنیوالا +
حال ع موجودہ زمانہ - موجودہ کیفیت رقص
اور وجد - عشق و محبت +
حال ع اترانے والا +
حال ف اصل میں ہال ہے - گیند بلا +
حالا ع ابھی - اسی وقت +
حالات ع جمع ہے حال کی +
حالب ع دودھ دوہنے والا - اور ران میں
ایک رگ ہے +
حال برگشتن ف اسکا متغیر ہونا بدل جانا +
حالت ع حال - واردات جو انسان پر گذرے
**حال دگر - حال دگرگون - حال
دیگر** ف بدلا ہوا حال - متغیر حالت خواہ
بری ہو - خواہ بھلی +
حال کردن ف وجد کرنا - رقص کرنا +
حال گاہ - حال گرنے کی جگہ یا کیفیتی
حال گردیدن ف حال کا بدل جانا +
حالی ع جلد - فی الحال - جو زیر آسمان
ہو - اور تخلص جناب خواجہ مولوی الطاف حسین
صاحب انصاری پانی پتی کا جو آج کل دہلی
گورنمنٹ سکول کے مدرس ہیں +

حالیاً ع فوراً - فی الحال +
حام ع نوح ؑ کے بیٹے کا نام ہے
جسکی اولاد میں حبشی لوگ ہیں +
حامد ع تعریف کرنیوالا - حمد کرنیوالا +
حامض ع ترش - کھٹا +
حامل ع بوجھ اُٹھانیوالا - اور نام ایک
فلک فرضی کا ہے +
حامل وحی ع جبرائیل ؑ ایک فرشتہ مقرب
کا نام ہے - جو انبیا کو وحی پہنچایا کرتے تھے +
حامل راس الغول ع آسمان کی
شکلوں میں سے گیارھویں شکل +
حاملہ ع پیٹ والی عورت جسکے پیٹ میں بچہ ہو +
حامی ع حمایت کرنیوالا - نگاہ رکھنے والا +
حانث ع قسم توڑنے والا - گنہگار قسم
توڑنے کے باعث +
حانوت ع دکان - ہٹی +
حاوی ع گھیرنے والا - احاطہ کرنیوالا +
حاویہ ع گھیرنیوالا - جو عورت حاوی ہو +
حایط ع دیوار - دیوال +
حایک ع جولاہا - کپڑا بننے والا +
حایل ع باز رکھنے والا - روکنے والا - دو
چیزوں کے بیچ میں آجانے والا - روک +

باب حائے حطی مع بائے موحدہ

حَب ع گولی - دانہ +
حُب ع محبت - دوستی +
حبا ف بخشنا +
حباب ع بکسر اول پانی کا بلبلہ اور بضم
اول سے دوستی دوست ... کیساتھ دوستی کرنا +
حبات ع جمع حبہ کی - دانہ ہا - گولیاں +
حُبار ... ایک مشہور ...

فارسی میں اسے چرز کہتے ہیں +
حبال ع رسیاں - پھندے جمع حبل کی
حبالہ ع جال - پھندا - رسی +
حُبالے ع پیٹ والی عورتیں جمع حبلے کی +
حبایل ع بہت سی پیٹ والی عورتیں جمع
الجمع حبلی کی ہے - عورتوں کا شیطان +
حبایل الشیطان ع فاحشہ عورتیں +
حبذا ع بہت اچھا ہے - خوب ہے - بہتر
ہے - کلمہ مدح کا ہے +
حبر ع دوات کی سیاہی عقلمند دانا دانشمند یہود کا عالم
حبس ع قید - بند +
حبس کردن ف قید کرنا +
حبش ع حبشیوں کا ملک ایک ملک کا نام ...
حبشی ع منسوب بہ حبش - حبش کا رہنے والا +
حبط ع ناچیز ہونا - معدوم ہونا - باطل ہونا
کھویا جانا - ثواب جاتا رہنا +
حبق ع پودنہ +
حبل ع رسی - تنگ - اور ایک گہرا گردن ...
حبل ع عورت کا حمل +
حبل المتین ع مضبوط رسی - قرآن شریف
سے مراد ہے +
حبل الورید ع شہرگ +
حبوب ع جمع حب کی گولے گولیاں +
حبور ع خوش کرنا - خوش ہونا +
حبوط ع ثواب جاتا رہنا عمل کا باطل ہوجانا +
حبہ ع دانہ - گولی - رتی +
حبیب ع دوست - یار - معشوق +
حبیب عجمی ع ایک مشہور ولی کا نام ہے جو
ابتدا میں سود خوار اور بڑا دولتمند تھا حسن
بصری کے ہاتھ پر توبہ کی - اسکی وفات ۱۵۶ھ
میں ہوئی - اور مدفن اس کا بصرہ ہے +

باب حائے حطی مع تائے فوقانی

حتّے ع یہاں تک - یہانتک کہ +
حتّے کہ ف یہانتک کہ +
حتف ع موت - مرگ +
حتم ع کام کا استوار کرنا واجب کرنا - حکم کرنا +

باب حائے حطی مع ثائے مثلثہ

حث ع برانگیختہ کرنا رغبت دلانا تحریص +

باب حائے حطی مع جیم تازی

حج ع مکہ معظمہ کی - موسم مقررہ پر زیارت
کرنا +
حجاب ع پردہ +
حُجّاب ع پردہ داران - دربان جمع
حاجب کی +
حجابت ع پاسبانی - دربانی - پردہ داری
ایلچی گری +
حُجاج ع جمع حاج کی حج کرنے والے
لوگ +
حجاج بن یوسف ثقفی ع یوسف کا
بیٹا حجاج جو ایک بڑا ظالم بادشاہ گذرا ہے
کہتے ہیں - اس نے ستر ہزار آدمیوں کو
ناحق قتل کیا ہے +
حجاز ع ملک عرب کا وہ حصہ جس میں
مکہ - مدینہ - طائف - اور وہ زمین جو درمیان
نجد اور تہامہ کے واقع ہے - شامل ہے -
اور نام ایک مقام موسیقی کا ہے +
حجال ع جمع ہے حجلہ کی +
حجام ع پچھنے لگانیوالا - مخصوص حجامت بنانے
والا - نائی +

حجامت ۔ پچھنے لگانا۔
حجب ۔ جمع ہے حجاب کی پردے۔
حجت ۔ دلیل ۔ برہان ۔ غلبہ (کسی طرح) حریف پر غالب آنا۔
حجت استوار ۔ آسمانی کتاب قرآن مجید۔
حجج ۔ جمع ہے حجت کی۔
حجر ۔ بفتحتین پتھر ۔ سنگ ۔ اسکی جمع احجار آتی ہے ۔ بکسر اول وسکون جیم خرد عقل اور بضم اول و فتح جیم جمع حجرہ اور بفتح اول وسکون ثانی ۔ بغل کنار۔
حجرات ۔ جمع حجرہ کی ۔ کوٹھریاں۔
حجر الاسود ۔ کالا پتھر ۔ کعبہ میں ایک پتھر جسکا چومنا گناہ کے دور ہونے کا باعث ہے اسو حضرت آدمؑ بہشت سے لائے تھے۔
حجرہ ۔ کوٹھری۔
حجل ۔ چکور ۔ ایک جو مشہور پرندہ ہے۔
حجلہ ۔ دلہن کا چھپر کھٹ۔
حجم ۔ جسامت جثہ۔
حجہ ۔ برس ۔ سال۔
حجیٰ ۔ عقل۔
حجیٰ ۔ کسی چیز کا کنارہ۔

باب حائے حطی مع دال مہملہ

حد ۔ انتہا ۔ کنارہ ۔ فاصلہ چیز کا گنہگار کو سزا دینا اور ماننا تاکہ پھر گناہ نہ کرے تعریف شئے کی اسکی ذاتیات سے کرنا ۔ جیسے انسان کی حیوان ناطق ۔ بخلاف اسم کے جو تعریف شئے کی اسکی عرضیات سے ہوتی ہے جیسے تعریف انسان کی ساتھ ماشی ۔ اور ضاحک کے۔
حدسے ۔ وہ گیت جو شتربان اونٹ سو ہانکتے وقت گاتے ہیں۔
حداثت ۔ نیاپن ۔ نوجوانی ۔ ہر چیز کا شروع۔
حداثت سن ۔ نوجوانی ۔ بچپن ۔ لڑکپن۔
حدّاد ۔ لوہار ۔ آہنگر۔
حداد ۔ ماتم کے سیاہ کپڑے۔
حدائج ۔ پردہ دار کجاوے ۔ جسمیں عورتیں بیٹھتی ہیں۔
حدائق ۔ جمع حدیقہ کی۔
حدب ۔ پشت کا باہر نکل آنا ۔ کبڑا پن زمین بلند۔
حدبہ ۔ کبڑاپن۔
حدت ۔ تیزی۔
حدث ۔ بےوضو ہونا۔
حدث ۔ امرد لڑکا ۔ نوجوان۔
حدثات ۔ نوجوان عورتیں۔
حدثان ۔ بفتح اول وسکون ثانی بمعنے واقعہ ۔ بفتحتین حادثہ ۔ اور بضم بمعنے نوجوان۔
حدر ۔ اوپر سے نیچے اترنا۔
حدس ۔ دانائی ۔ اور دریافت کرنا فراست۔
حدق ۔ جمع حدقہ کی ۔ بادنجان بینگن۔
حدقہ ۔ سیاہی آنکھ کی۔
حدقہ ۔ کاسہ چشم۔
حدوث ۔ نیا پیدا ہونا ۔ کسی چیز کا نو پیدا ہونا۔
حدود ۔ جمع حد کی ہے ۔ کنارے تعلیقیں حدیں۔
حد نہایت ۔ درجہ کمال ۔ نہایت انتہا۔
حدیبیہ ۔ ایک مقام کا نام ہے ۔ جو مکہ سے دو فرسنگ کے فاصلہ پر ہے۔
حدیث ۔ چیز اور بات اور نئی چیز اور اصطلاح میں جو کچھ جناب رسول خدا نے اپنی زبان مبارک سے ارشاد فرمایا یا خود کیا ۔ یا جو فعل آپ کے سامنے ہوا اور آپ نے اس سے منع نہ کیا ۔ جو کچھ اپنی زبان مبارک سے ارشاد فرمایا اسے حدیث قولی کہتے ہیں ۔ اور جو کچھ کیا اسے حدیث فعلی اور جو کام کسی نے آپ کے سامنے کیا ۔ اور آپ نے اس سے منع نہ کیا اسے حدیث تقریری کہتے ہیں۔
حدیث حسن جس کے راوی درجہ حفظ یاد میں حدیث کے راویوں سے کم ہوں۔
حدیث صحیح ۔ اس کو کہتے ہیں ۔ جس کو دیندار پرہیزگار خوب یاد رکھنے والے لوگوں نے ہر زمانے میں برابر روایت کیا ہو ۔ اور نہ اس میں کوئی پوشیدہ عیب ہو اور معتبر لوگوں کی مخالفت بھی نہ ہو۔
حدیث ضعیف ۔ جسکے راوی معتبر نہ ہوں ۔ یا کوئی اور وجہ ضعف کی ہو۔
حدیث کردن ۔ بات کرنی ۔ بیان کرنا۔
حدیث متواتر ۔ وہ حدیث جس کو ہر زمانے میں اتنے لوگوں نے روایت کیا ہو ۔ کہ احتمال کذب کا انکی طرح عقل کے نزدیک ممتنع ہو۔
حدید ۔ لوہا ۔ آہن۔
حدیقہ ۔ باغ جس کے گرداگرد دیوار یا احاطہ ہو۔

باب حائے حطی مع ذال معجمہ

حذا ۔ برابر ۔ مقابل۔
حذار ۔ ڈرنا ۔ خوف کرنا۔
حذاق ۔ دانا ۔ زیرک ۔ عقلمند۔
حذاقت ۔ زیرک ہونا ۔ خوب دریافت کرنا ۔ ماہر ہونا ۔ زیرکی ۔ دانائی ۔ مہارت۔
حذام ۔ عرب کی ایک عورت کا نام ہے۔
حذر ۔ پرہیز کرنا ۔ خوف کرنا ۔ اور پرہیز ۔ خوف۔
حذر ۔ حذور ۔ حذیر ۔ ڈرنے والا ۔ خائف۔
حذف ۔ گرا دینا ۔ ایک حرف کا کسی کلمہ سے گرا دینا۔
حذو ۔ دو چیزوں کو باہم برابر کرنا ۔ اور علم قافیہ میں روف اور قید کی ماقبل حرکت کا نام حذو ہے۔
حذیفہ ۔ رسول خدا صلعم کے دو صحابیوں کا نام ہے ۔ ایک اپنی کنیت کے لحاظ سے

عم، جنجال، لت۔ تفوّرات۔ تفکرات +
حَرکَت ع جنبش۔ ہلنا +
حَرکَتِ دَوری ع وہ حرکت جو گردش کرنے اور چکر لگانے سے حاصل ہو +
حَرکَتِ مَذبُوحی۔ حَرکَت کالمَذبُوح ع لفظی ترجمہ اس لفظ کا "ذبح کئے ہوئے جانور کی سی حرکت" کے ہیں۔ چونکہ اس کی اس وقت کی حرکت بہت تھوڑی اور بالکل بے فائدہ ہوتی ہے اس واسطے محاورہ میں اس لفظ کے معنے "تھوڑی سی اور بے فائدہ حرکت بے فائدہ ہاتھ پاؤں ہلانے۔ بیتابی اور بے اختیاری" کے ہو گئے ہیں +
حَرَم ع احاطہ جو گرداگرد خانہ کعبہ کے ہے۔ منکوحہ عورت یا لونڈی جو گھر میں ڈال لی جاوے +
حِرمَان ع محروم رہنا۔ کچھ نہ ملنا۔ مایوسی ناامیدی +
حُرمَت ع عزت۔ عزیز ہونا۔ حرام ہونا +
حَرَم سرا ف زنانہ مکان۔ زنان خانہ +
حَرَم شِکَستَن ف بے ستری کرنا +
حَرَم گاہ ف محل سرا۔ منکوحہ عورت +
حَرمَل۔ اسپند۔ ہرمل +
حَرَمَین شَرِیفَین ع کعبہ (جو مکہ معظمہ میں ہے) اور جناب رسول خدا کے روضہ (جو مدینہ منورہ میں ہے) سے مراد ہے مجازاً مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ +
حُرُوب ع جمع حرب کی۔ لڑائیاں +
حَرُور ع گرمی +
حَرُور ع گرم ہوا جو رات کو چلتی ہے اور آفتاب کی گرمی۔ دھوپ۔ آگ +
حُرُوف ع جمع حرف کی +
حُرُوفِ تَہَجّی ع وہ حروف جن میں گول گھیرے ہوں +
حُرُوفِ مُعجَم ع حروف منقوطہ +
حُرُوفِ مُہمَلہ ع بے نقطہ حروف +
حَرُوق ع بالن، ایندھن۔ جلانے کی لکڑیاں +
حَرُون ع سرکش بچھیرا۔ سرکش گھوڑا۔ سرکش +
حُرّہ ع آزاد عورت +
حَرِی ع لائق۔ سزاوار۔ زیبا +
حُرِّیَت ع آزادگی۔ آزادی۔ اور غلامی سے آزاد ہونا۔ یعنی کسی کا غلام نہ ہونا +
حَرِیر ع ریشمی کپڑا۔ وہ شخص جو حرارت غضبی سے گرم ہو رہا ہو +
حَرِیرہ ع ایک قسم کے کھانے کا نام ہے جو ترشی اور شیرینی ڈال کر پکاتے ہیں +
حَرِیری ع ریشمی کپڑا بیچنے والا اور نام ایک فاضل علوم ادبیہ عربیہ کا جس کی تصنیف سے مقامات حریری مشہور کتاب ہے ولادت اس کی ۴۴۶ھ ہجری میں واقع ہوئی۔ اور ۵۱۶ھ ہجری میں اس نے وفات پائی +
حَرِیص ع لالچی۔ حرص کرنے والا +
حَرِیف ع ہم پیشہ۔ ہمکار۔ شریک۔ مقابل۔ دوست۔ دشمن +
حَرِیفِ دَغَل ع کشتی کے ایک داؤ کا نام ہے
حَرِیفِ گلو گرفت دنیا سے مراد ہے۔ غرور و تکبر کو بھی کہتے ہیں +
حَرِیق ع سوزش۔ جلا ہوا۔ آگ کی لپٹ +
حَرِیم ع گھر کے چار طرف کی دیوار۔ خانہ کعبہ کا گرداگرد۔ فارسی والے "مطلق گھر مکان" کے معنے میں استعمال کرتے ہیں +

باب حائے حطی مع زائے معجمہ

حِزام ع تنگ ستور۔ دستینہ لڑکے کا گہوارہ ہیں +
حِزب ع آدمیوں کا گروہ +
حِزبُ الشَّیطان ع شیطان کا گروہ۔ کافر اور فاسق لوگ +
حِزبُ اللہ ع صالحین کا گروہ +
حَزم ع عاقبت بینی۔ مآل اندیشی۔ ہوشیاری۔ استواری +
حُزمہ ع کاغذ کا دستہ۔ خوشۂ گندم۔ دستہ کشتی +
حُزن۔ حَزَن ع غم۔ اندوہ۔ رنج +
حَزِن۔ حَزِین ع غمگین۔ اندوہناک۔ رنجیدہ
حُزُونَت ع سختی۔ درشتی +
حَزِیران ع رومیوں کا نواں مہینہ جو ماہ اساڑھ سے ملتا ہوا ہے +

باب حائے حطی مع سین مہملہ

حِسّ ع کسی شے کا حواس خمسہ سے ادراک کرنا +
حِساب ع گنتی۔ شمار۔ وہ علم جس میں عدد کے علم و عمل کی بحث ہوتی ہے۔ مجازاً معاملہ +
حساب از خود داشتن ف گھمنڈ کرنا مغرور ہونا +
حساب از کسے برداشتن۔ حساب از کسے بر گرفتن۔ حساب از کسے بردن ف ڈرنا۔ کسی شے سے عبرت پکڑنا +
حساب پاک شدن ف معاملہ صاف ہونا +
حساب پاک کردن ف معاملہ صاف کرنا +
حساب بر انداختن ف رائے بیان کرنا تدبیر سوچنا +
حساب گاہ ف کچہری +
حساب کردن چیزے را بچیزے۔ حساب کردن با کسے ف یکسان شمار کرنا۔ برابر خیال کرنا +
حساب نگرفتن ف معتبر نہ جاننا۔ توجہ نہ کرنا۔ حساب نہ لینا +
حِسابِیّہ ع منسوب بہ حساب +
حُسّاد ع جمع حاسد کی +
حَسّاس ع دریافت کرنے والا۔ حس کرنے والا +
حُسام ع تلوار۔ شمشیر۔ تیغ +
حَسّان ع بہت خوب اور حسان بن ثابت انصاری نام ایک شاعر عرب کا جو مداح جناب رسول مقبول کے تھے +
حِسانُ الوُجُوہ ع خوبصورت لوگ۔ حسین آدمی +
حسّان عجم ع فارس کے مشہور شاعر خاقانی کا لقب ہے جنہوں نے حسان بن ثابت کی طرح جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں بہت سے اشعار اور قصائد لکھے ہیں۔ خلاق معانی بھی انہی کا لقب ہے۔ ان کا نام افضل الدین ہے اس کی اصل شروان سے ہے تبریز میں ۵۸۲ھ ہجری میں وفات پائی۔ اس کی مرقد سرخاب میں ہے +
حَسَب ع کسی چیز کا اندازہ اور شمار۔ مال و جاہ اور دین کی بزرگی۔ شرف +
حَسب ع کفایت۔ کافی ہونا۔ بس ہونا۔ موافق۔ مماثل۔ مثل۔ گننا۔ شمار کرنا +
حسب الفرمایش۔ حسب الفرمودہ موافق فرمانے کے۔ بموجب کہنے کے۔ عربی اور فارسی لفظ کی اس طرح کی ترکیب ایک انوکھی اور غلط ترکیب ہے بجائے اس کے حسب الامر کہا جائے تو بہتر ہے +
حُسبان ع گننا۔ شمار کرنا۔ اندازہ کرنا۔ شمار۔ عذاب
حِسبان ع خیال کرنا۔ گمان کرنا +
حَسبِ حال ع حال کے موافق اور مناسب جس میں کمی بیشی کو دخل ہو +

حَسْبُکَ ع تجھ کو کفایت کرتا ہے +
حَسْبِیَ وَ کَفٰے ع کفایت کرتا ہے۔ مجھ کو اور کافی ہے مجھ کو +
حَسَد ع ڈاہ۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا کینہ۔ بدخواہی +
حَسْرَت ع دریغ۔ پشیمانی۔ ارمان۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس +
حَسَک ع خسک گا ہے۔ گوکھرو لوہے کے گانٹے گوکھرو کے صورت کے جو دشمن کی فوج کی گذرگاہ میں پھیلا دیتے ہیں۔ جس سے دشمن کے گھوڑے اور پیادے خستہ اور مجروح ہو جاتے ہیں +
حَسْم ع کاٹنا۔ قطع کرنا +
حِسِّ مُشْتَرَک ع ایک قوت ہے جس میں تمام صورتیں محسوسات کی منقش ہوتی ہیں گویا حواس خمسہ ظاہری مانند نہروں کے ہیں اور حس مشترک مثل ایک حوض کے ہے۔ اس میں سب نہریں جاکر ٹھیرتی ہیں +
حَسَن ع نیک۔ خوبصورت۔ اچھا۔ اور جناب رسول خدا کے بڑے نواسے کا نام ہے +
حُسْن ع خوبصورتی۔ خوش شکلی۔ خوبی۔ بہتری۔ عمدگی۔ محاسن جمع +
حَسْنَاء ع زن جمیلہ۔ خوبصورت عورت +
حُسْنٰی ع بہت خوبصورت عورت +
حَسَنْ اَبْدَال ع ایک بزرگ کا نام ہے اور نام ایک شہر کا جس میں اُن کی مزار ہے +
حَسَنَات ع جمع حسنہ کی۔ نیکیاں +
حُسْنِ التَّعْلِیْل ع ایک صنعت کا نام ہے جس میں کسی صفت کے لیئے ایک علت ایسی مناسب ادعا کرتے ہیں۔ جو درحقیقت اس کی علت نہیں ہوتی۔ جیسے اس شعر میں ؎

در وداع شب بہا تا خوں گریست + زاں شفق آلود زاں شد صبح + صبح کی سرخی کی علت وداع شب میں لال آنسو بہانا بیان کی گئی ہے جو اس سے فی الجملہ مناسبت رکھتی ہے لیکن درحقیقت اس کی وہ علت نہیں بلکہ اس (سرخی) کی علت شفق ہے جو قدرتی طور پر ہمیشہ آسمان پر نمایاں رہتی ہے +
حُسْنُ الْمَآب ع نیک بازگشت نیب آلہی
حُسْنِ بِرِشْتَہ ف وہ خوبصورتی جس کے رنگ میں سرخی جھلکتی ہو +
حَسَن لَسَن ع بہت نیک بہت اچھا بہت خوبصورت بس حسن کا تابع مہمل اور موکد ہے +
حسن بصری ع ایک ولی کامل کا نام ہے جس سے آنحضرت کا جھوٹا پانی پیا۔ اور اُن کی دعا سے کمالات علیہ پر پہنچا حضرت علیؑ سے ارادت رکھتے تھے سنہ ۱۱۰ ہجری میں انہوں نے وفات پائی +
حسن خدا داد ف قدرتی خوبصورتی جبلی حسن +
حَسَن سَبَّاح ع ایک ولی کامل کا نام ہے +
حُسْن شمسی ع ایک قسم کی نہایت عمدہ خوبصورت خوشنما روغنی رونق ہوتی ہے جیسے شیر مال یا باقرخانی +
حَسَن صَبَّاح ع نام ایک مکروہ باز فریبی آدمی کا ہے جس کی مکاری کا حال مفصلاً کتب تواریخ خصوصاً تذکرۂ دولت شاہی میں مندرج ہے +
حُسْن طلب ع کسی شے کو اشارۃً رکنایۃً مانگنا
حُسْن ظن ع گمان کی خوبی یعنی اچھا گمان نیک گمان +
حُسْن عاریتی حسن ساختہ ف وہ حسن جو خط و خال اور سرمہ اور آرائش وغیرہ سے کیا جائے بخلاف حُسن خدا داد کے +
حُسْن فرنگ ف سفید حسن۔ گورا پن +
حُسْن گلوسوز ف نہایت شیریں حُسن مطبوع اور دلچسپ حسن +
حُسْن گندم گون ف سرخ حسن گندم کے رنگ کا +
حُسْن مَطْلَع ع دوسرا بیت غزل قصیدہ کا جو مطلع کے بعد ہوتا ہے +
حُسْن مُطْلَق ع حسن خدا تعالےٰ کا جس کو زوال اور عدم اور تنزل نہیں ہے +
حُسْن مُقَیَّد ع حسن مخلوقات کا جو زوال اور عدم اور تنزل سے ایمن نہیں ہے اور ایک حد و نہایت رکھتا ہے بخلاف حسن مطلق کے جو نا محصور ہے +
حُسْن مَلِیح ع نمکین حُسن۔ یعنی اعضا کا متناسب خوبصورت اور سیاہی لئے ہونا +
حُسْن مَنْظَر ع خوبصورتی +
حسن مَنْظَر ع خوبصورت +
حسن مہتابی ف حسن سفید مائل بزردی +
حسن میمندی ف سلطان محمود غزنوی کے ایک مقرب غلام کا نام ہے۔ جو میمند (ایک قصبہ ہے نواح غزنی میں) کا رہنے والا تھا +
حَسَنَہ ع نیکی۔ بھلائی +
حَسَنی ع منسوب بہ امام حسن سیدوں کا ایک گروہ جو امام حسنؓ کی اولاد سے ہیں +
حَسُود ع بہت حسد کرنیوالا۔ بدخواہ +
حُسُود ع جمع ہے حاسد کی۔ برا چاہنے والا +
حُسُور ع تھک جانا بینائی کا دیکھنے سے عاجز ہو جانا
حَسَک ع خار دار۔ مجازاً برا۔ زشت شریر +
حسّی ع وہ جو حس سے علاقہ رکھے۔ جو محسوس ہو سکے +

حَسِیْب ع بزرگوار۔ کافی حساب کرنیوالا +
حَسِیْب ف بتیائے مجہول اللہ تعالےٰ کا ہے +
حَسِیر ع اندوہ۔ رنج۔ غمگین +
حَسِیس ع آہٹ۔ نرم آواز +
حَسِین ع خوبصورت۔ خوش شکل +
حُسَیْن ع تصغیر حسن کی ہے۔ اور جناب رسول خدا کے چھوٹے نواسے کا نام ہے جنہوں نے یزید پلید کے ساتھ لڑکر خدا کی راہ میں شہادت پائی +
حُسَیْنی ع منسوب بہ امام حسینؓ۔ گروہ سادات کا جو جناب امام حسینؓ کی اولاد سے ہیں نام ایک مقام موسیقی کا نام ایک چشمہ کا نواح نجف میں +

باب حائے حطی مع شین معجمہ

حَشَا ع جو چیز پیٹ میں ہو مثل معدہ و روده وغیرہ کے۔ دل +
حُشَاشَہ ع بقیہ جان رمق +
حُشَایِش ع جمع ہے حشیش کی سوکھی گھاس +
حَشْر ع اٹھانا۔ مجازاً قیامت +
حَشَر ع گروہ۔ انبوہ +
حَشَرَات حشرات الارض ع جمع ہے حشرہ کی۔ وہ جانور جو زمین میں سوراخ کرکے رہتے ہیں جیسے سانپ۔ نیولا۔ چوہا وغیرہ اسی واسطے ان کو حشرات الارض کہتے ہیں +
حشرگاہ ف میدان قیامت +
حَشَفَہ ع آلہ تناسل کا سرا +
حَشَم ع نوکر چاکر۔ نوکروں کی بھیڑ سپاہی وغیرہ
حِشْمَت ع دبدبہ۔ بزرگی۔ فتحہ پہنا کا خطا ہے
حَشْو ع بھرنا۔ درہ روئی یا اون تکیہ یا لحاف وغیرہ میں بھری جاوے۔ بھرتی مجازاً زائد کلام جو اوائے مطلب میں واقعہ ہو۔ بیہودہ بات +

حشیش ع سوکھی گھاس +

باب حائے حطی مع صاد مہملہ

حَصَا ع جمع ہے حصاۃ کی سنگریزے ٹھیکریاں +
حصاۃ ع ٹھیکری۔ سنگریزہ +
حصاد و حصاد ع کھیتی کاٹنا زراعت کا کاٹنا
حَصّاد ع کھیتی کاٹنے والا +
حِصَار ع قلعہ۔ گڑھی۔ احاطہ۔ محاصرہ کرنا
شہر حصار جو پنجاب کا ایک مشہور شہر ہے +
حِصَار شادمان ف ایک شہر کا نام ہے جو
خراسان میں قندھار کے قریب ہے +
حصار پولادی ف درزیوں کا انگشتوانہ
جو کپڑا سیتے وقت انگلی میں ڈال لیتے ہیں آسمان
پہلا آسمان۔ بہت سخت اور محکم قلعہ +
حِصَار فیروزہ ف شہر حصار جو آجکل پنجاب
کا ایک مشہور شہر ہے اور آسمان سے بھی مراد ہے
حصار معلق و حصار ہزار میخی ف
آسمان سے مراد ہے +
حِصَاری ع قلعہ بند۔ محصور۔ متحصن۔
شہر حصار کا رہنے والا +
حَصَافت ع پختگی عقل کی مضبوطی استواری
حِصَال ع قلعہ احاطہ موسیقی کا ایک شعبہ +
حِصَان ع وہ اچھا اور عمدہ نر گھوڑا جسکی
نسل رکھی جائے +
حَصَانت ع استواری مضبوطی +
حَصَانت ع پرہیزگاری +
حَصَب ع جلانے کی لکڑی۔ ایندھن +
حَصباء ع سنگریزہ +
حَصحَصَ الحق ع سچی بات ظاہر ہوگئی +
حَصر ع گھیرنا۔ گھیر کرنا کسی چیز کا احاطہ کرنا +
حَصرَم ع کچا انگور۔ نارسیدہ انگور جس کا

مزہ ترش ہوتا ہے +
حِصَص ع جمع حصہ کی +
حَصَص ع دوڑنا۔ سر کے تھوڑے بال ہونے +
حِصین ع جائے پناہ۔ قلعہ +
حُصن ع عورت کی عفت +
حصن فیروزہ ف حصن معلق +
حصن ہزار میخی ف بمعنے حصار فیروزہ
و معلق و ہزار میخی +
حَصُور ع وہ مرد جو باوجود قوت مردمی کے
عورت کے پاس نہ جاوے +
حُصُول ع حاصل ہونا۔ پیدا ہونا +
حُصُون ع قلعے۔ گڑھیاں +
حَصُون ع پرہیزگار آدمی +
حِصّہ ع ٹکڑا۔ جزو +
حَصِیر ع بوریا چٹائی۔ پنجالی۔ پھوڑی +
حَصِین ع محکم استوار مضبوط +

باب حائے حطی مع ضاد معجمہ

حَضَاجِر ع ہنڈار جو ایک درندہ جانور ہے بڑے پیٹ والا
حُضّار ع جمع حاضر کی حاضرین مجلس +
حِضَانت ع مرغ کا انڈے سینا +
حَضَن ع تازہ
حَضَر ع اقامت۔ شہر میں رہنا۔ خانہ باشی
وطن۔ حضر سفر کا مخفف بھی ہے +
حَضَرات ع جمع حضرت کی۔ بزرگ لوگ +
حَضرَت ع نزدیکی۔ حضور۔ درگاہ۔ اور
کلمہ تعظیم کا ہے جو بزرگوں اور بھلے لوگوں
کے نام کے ساتھ مذکور کرتے ہیں +
حَضرَموت ع عرب کا ایک صوبہ جو اسکی
جنوب کی طرف یمن میں ہے +
حَضحَض ع رسوت +

حضور ع حاضر ہونا۔ سامنے آنا۔ کچہری
میں حاضر ہونا۔ فارسی والے شگفتگی اور خرمی
کے معنے میں استعمال کرتے ہیں۔ اور کلمہ
تعظیم کا ہے +
حضیض ع نشیبی۔ نشیب۔ گڑھا +

باب حائے حطی مع طائے مہملہ

حُطَام ع سوکھی گھاس کا ریزہ۔ ہر چیز کا
ریزہ۔ بُرادہ۔ مجازاً دنیا کا تھوڑا سا مال
دنیا کا بے حقیقت مال۔ یہ لفظ طا کی تشدید
سے غلط ہے۔ غلام کے وزن پر ہے +
حَطَب ع لکڑی۔ چوب +
حَطَمہ ع آتش قوی اور نام دوزخ کا بھی ہے
حَطِیم ع شکستہ کعبے کا پتھر جو رکن اور
زمزم کے درمیان ہے۔ کعبے کی مغربی
باہر والی دیوار جہاں پرنالہ ہے +

باب حائے حطی مع ظائے معجمہ

حَظّ ع بہرہ۔ نصیب قسمت فارسی والے
خوشی و خرمی کے معنے میں استعمال کرتے
ہیں۔ اور بے تشدید بھی +
حَظَایِر ع جمع ہے حظیرہ کی +
حظوظ ع جمع حظ کی +
حَظِی ع صاحب منزلت۔ گھوڑا +
حَظِیرہ ع قبرستان کی چار دیواری مقبرہ کا گنبد

باب حائے حطی مع فا

حَفّ ع کسی چیز کے گرد ہونا۔ ڈاڑھی اور
مونچھوں کو سنوارنا۔ خدمت اور مہمانی کرنا
مرغ کے اُڑتے وقت اسکے پروں کی آواز
حِفَاظ ع عار۔ حمیت۔ مروت۔ نگہبانی۔

مواظبت کرنا۔ پرہیزگاری +
حفاظ ع حافظان جمع حافظ کی +
حفاوت ع حال پوچھنا مہربانی کرنا خوشی ظاہر کرنا
حِفَاظت ع نگہبانی۔ پاسبانی +
حَفد ع خدمت شتاب کرنا +
حَفَدَہ ع پوتے بیٹیاں خدمتگار۔ یار دوست
حَفر ع زمین کا کھودنا +
حُفرہ ع زمین کھودی ہوئی۔ گڑھا۔ سوراخ
حَفص ع جمع کرنا۔ آرام کرنا۔ شیر درندہ
کا بچہ۔ عاصم کوفی کا شاگرد بھی ہے
جو علم قرأت کا امام ہے +
حَفصہ ع حضرت عمر خطاب رضؓ کی دختر کا نام
ہے جو جناب رسول خدا کے نکاح میں تھیں
حِفظ ع یاد کرنا۔ یاد رکھنا۔ نگاہ رکھنا +
حفظ الغیب ع پیٹھ پیچھے کسی کو نیکی اور
بھلائی سے یاد رکھنا +
حَفلَہ ع انبوہی۔ بہتات +
حَفِی ع مہربان +
حَفِیر ع کھودی ہوئی چیز +

باب حائے حطی مع قاف

حَقّ ع راست۔ درست۔ ٹھیک۔ سچ۔
سزاوار۔ واجب لائق خدا تعالیٰ کا ایک نام
بھی ہے فارسی والے اس لفظ کو بے
تشدید استعمال کرتے ہیں +
حَقّا ع درست ہے۔ سچ ہے قسم ہے خدا کی +
حَقارت ع نفرت کرنا حقیر سمجھنا۔
ذلیل کرنا خواری
حق اللہ ع خدا کا حق +
حق العباد ع بندوں کا حق +
حق الناس ع آدمیوں کا حق +

حقانی ع خدائی۔ وہ شخص جو خدا کی محبت میں ہے
حقانیت ع خدا کا ذکر۔ خدا پن۔ سچائی و درستی
حقائق ع جمع ہے حقیقت کی +
حقائق شناس ف اشیاء کی حقیقتیں پہچاننے والا +
حقب حقب ع اسی برس +
حق پذیر ف سچی بات قبول کر لینے والا +
حق بر طرف کسے بودن حق بجانب کسے بودن ف حق امر اس شخص کی طرف ہونا اسکا کسی امر میں مجبور و معذور ہونا +
حق بدست اوست ف وہ اس کام میں سچا ہے جو کچھ کر رہا ہے اس میں مجبور و معذور ہے وہ کام اس سے بے اختیار سرزد ہوتا ہے +
حق بر کنار گذاشتن ف حق فراموش کر دینا۔ حق تلفی کرنا +
حق پرست ف سچا آدمی جو تابع حق کے ہو
حقبہ اسی برس کا عرصہ +
حقد ع کینہ۔ عناد۔ بغض۔ حسد۔ دشمنی +
حق دار ف جسکا حق ہو۔ وارث۔ حصہ والا
حق فراموش کردن ف کسی کا حق بھلا دینا
حق گفتن ف سچ بولنا۔ سچ بات کہنا +
حق گو ف سچ بولنے والا۔ انصاف کی بات کہنے والا۔ اور نام ایک جانور کا بھی ہے جو رات کے وقت اپنے تئیں ایک ہی پنجے سے کسی ٹہنی میں لٹکا دیتا ہے اور حق کہتا ہے اسے مرغ شبخیز اور مرغ شب آویز بھی کہتے ہیں +
حقن ع روکنا۔ کسی چیز کو نکلنے سے بند رکھنا
حقنہ ع وہ دوائی جو مقعد کی راہ دفع بیماری کے لئے اندر چڑھائی جاتی ہے +
حقوق ع جمع حق کی +
حقہ ع ڈبیہ جس میں زر یا جواہرات یا عطر وغیرہ رکھتے ہیں +
حقہ باز ف بازیگر۔ مداری۔ بھان متی۔ مجازاً عیاری۔ مکار۔ حیلہ گر۔ فریبی +
حقہ بمہر ف مردہ دل ہونا۔ اہل دل ہونا تا اہل خلل پہنچانیوالا +
حقہ سبز حقہ مینا آسمان سے مراد ہے +
حقہ نوش ف حقہ کے معنے ہیں ڈبیا اور نوش کے معنے ہیں آب حیات شہد تریاق۔ شیریں۔ گوارا۔ اس مرکب لفظ کے معنے ہیں۔ آب حیات یا تریاق کی ڈبیا۔ شہد یا کسی اور میٹھی اور خوشگوار چیز کی ڈبیا مجازاً دہن معشوق +
حقیت ع حق۔ حق داری +
حقیر ع ذلیل۔ خوار۔ زبون +
حقیق ع ثابت۔ لائق۔ سزاوار +
حقیقت ع اصل یا ماہیت کسی شے کی ذات
حقیقی ع اصلی جو بناوٹ نہ ہو +

باب حائے حطی مع کاف

حک ع چھیلنا۔ دور کرنا۔ کسی چیز کو دوسری چیز سے کھرچنا +
حکاک ع مہرکن۔ نگینہ ساز۔ حک کرنے والا۔ ایک مرض بھی ہے کہ اس میں اعضا کے کھجانے سے سوزش ہوتی ہے +
حکام ع جمع حاکم کی +
حکایت ع بات۔ کہانی۔ بیان کرنا +
حکم ع باز رکھنا گھوڑے کے منہ میں لگام دینا +
حکم ع وہ شخص جو دو شخصوں کے جھگڑے میں نیک و بد کی تمیز کر کے حکم دے۔ ثالث۔ ایک شخص کا نام بھی ہے +
حکم ع جمع حکمت کی +
حکم ع فرمان۔ پروانہ۔ فرمانا +
حکما ع جمع حکیم کی +
حکم انداز ف کامل تیر انداز جسکا نشانہ خطا نہ کرے
حکم بیاضی ع ایک قسم کا فرمان شاہی چونکہ سلطنت اور ریاست کے امور میں اکثر احکام ایسے ہوتے ہیں جن میں تاخیر و توقف کرنا کمال حرج کا باعث ہوتا ہے اسواسطے تعجیل اور اخفائے راز کے لیے بعض وقت بادشاہ اس قسم کے فرمان پر فقط اپنی مہر ہی لگا دیا کرتے ہیں۔ اور انہیں دفتر پر نہیں ڈالتے۔ ایسے احکام "حکم بیاضی" کہلاتے ہیں۔ اور ان کا رتبہ احکام دفتری سے بھی کہیں بڑھکر ہوتا ہے +
حکمت ع راست گفتاری اور درست کرداری دانائی عقلمندی۔ اور اصطلاح میں حکمت عبارت ہے۔ علم باحوال موجودات سے جیسا کہ وہ نفس الامر میں ہو۔ بقدر طاقت بشری کے۔ اور وہ تین قسم پر ہے۔ طبعی۔ ریاضی۔ الٰہی۔ طبعی وہ علم ہے جس میں ان امور کی بحث ہوتی ہے۔ جو تعقل اور وجود خارجی (دونوں) میں مادہ کے محتاج ہوں جیسے پانی ہوا وغیرہ اجسام مرکبہ و مفردہ کا علم۔ ریاضی وہ علم ہے جس میں ان امور کی بحث ہوتی ہے۔ جو فقط وجود خارجی میں مادہ کے محتاج ہوں لیکن تصور عقلی میں مادہ کے محتاج نہ ہوں جیسے مقدار اور عدد خاص کا علم "جو ملویات میں موجود ہے"۔ نہ مطلق عدد کا کیونکہ بعض ان میں مادہ کے بدول بھی خارج میں پائے جاتے ہیں۔ جیسے عقول عشرہ میں الٰہی وہ علم ہے جس میں ان امور کی بحث ہوتی ہے جو نہ تو وجود خارجی میں ہی مادہ کے محتاج ہوں۔ اور نہ تصور عقلی ہی میں جیسے خدا تعالیٰ اور عقول کا علم بعض محققین اس لفظ کی تعریف و تقسیم میں یوں بیان کرتے ہیں کہ وہ (یعنے حکمت) جاننا حقائق موجودات کا ہے۔ جیسا کہ نفس الامر میں ہے اور قیام کرنا اس پر جیسا کہ چاہیئے پس اس اعتبار سے حکمت کی دو قسمیں ہوئیں۔ علمی و عملی حکمت علمی۔ تصور حقائق موجودات کا نام ہے۔ اور اُسے حکمت نظری بھی کہتے ہیں اور حکمت عملی ممارست حرکات اور مزاولت صناعات کا نام ہے پھر آگے حکمت علمی کی تین قسمیں ہیں۔ ایک علم ما بعد الطبیعت۔ دوسرے علم ریاضی۔ تیسرے علم طبعی۔ پھر آگے ان میں سے ہر ایک کی کئی نوعیں ہیں۔ اور حکمت عملی کی بھی تین قسمیں ہیں۔ جیسا کہ ضمن میں حکمت عملی کے مذکور ہوتا ہے +
حکمت العین ع علم حکمت کی ایک کتاب کا نام
حکمت الٰہی ع وہ علم جس میں بیان الٰہیات کا ہو
حکمت عملی ع وہ علم جس میں معاش و معاد کے انتظام کا احوال بوجہ کامل مذکور ہوتا ہے اور وہ تین قسم پر ہے۔ تہذیب الاخلاق (جسکا ذکر ہو لیا) تدبیر منازل یا علم کتخدائی جس میں خاص اپنے اپنے اہل منزل کا انتظام و اہتمام بوجہ کافی مذکور ہوتا ہے علم سیاست مدن جس میں شہروں اور ولایتوں کے انتظام کا حال بیان ہوتا ہے +
حکمت مدنی ع شہروں کے انتظام کے قانون انتظام ملک کے قواعد۔ شریعت نبوی +
حکمت یمانیہ ع شریعت محمدی۔ کیونکہ عراق اور فارس والے مکہ کو یمن سے منسوب کرتے ہیں +
حکم حاکم مرگ مفاجات ف دولت کے

حکم سے چارہ نہیں ✦

حکمران ف حاکم۔ بادشاہ۔ فرمانروا ✦

حکم کش ف مطیع۔ فرمانبردار ✦

حکم کشیدن ف فرمانبرداری کرنی۔ حکم ماننا ✦

حکمنامہ ف پروانہ۔ حکمنامہ ✦

حکومت ع حکم کرنا۔ فرماں روائی ✦

حِکّہ ع کھجلی۔ خارش ✦

حکیم ع دانا۔ جسکے سب قول فعل موافق اندازہ کے اور محل ہوں سب علوم حکمت کا جانیوالا ✦

حکیم باشی ف سردفتر حکیموں کا حکیم ✦

حکیم گنجہ ف شہر گنجہ کا رہنے والا حکیم مولینا نظامی گنجوی سے مراد ہے ✦

باب حاے حطی مع لام

حَل ع کھولنا مشکل چیز کو آسان کردینا۔ اترنا۔ حلال ہونا۔ جائز ہونا۔ تلوں کا تیل

حِل ع روا ہونا۔ احرام سے باہر نکلنا ✦

حَلّاج ع دُھنیا۔ روئی دھنکنے والا۔ اور حسین بن منصور کا لقب ہے وہ اصل میں حلاج نہ تھے۔ ایک دن اپنے حلاج دوست کے مکان پر بیٹھے تھے وہ کہیں چلا گیا۔ انہوں نے اشارہ کیا تو روئی صاف ہونے لگی۔ اسی سے ان کو حلاج کہنے لگے وہ ایک بڑے کامل ولی تھے۔ اور عرب فارس کے بہت شہروں میں رہے اور آخر کار انالحق کہنے کے باعث دار پر چڑھائے گئے اور ان کا بدن جلا کر دریائے دجلہ میں ڈالا گیا۔ یہ واقعہ ۳۰۹ھ ہجری میں ہوا ✦

حلاجی کردن ف کسی کو نیچا دکھانا۔ سخت باتیں کہنی ✦

حلاحِل ع سردار قوم کا دونسرہ۔ چیرہ دستی

ایک قسم کا جنگلی پیاز بھی ہے ✦

حَلّاف ع بہت قسمیں کھانیوالا۔ بہت حلف اٹھانیوالا۔

حَلّاق ع استرہ۔ حجام ✦

حَلال ع روا۔ جائز۔ درست۔ موافق شرع ✦

حلال خور ف کاکروب۔ چوڑھا۔ مہتر ✦

حلالی خواستن ف مرتے وقت لوگوں سے اپنے گناہوں کو بخشوانا ✦

حُلّام۔ حُلّان ع بکری کا بچہ۔ حلوان ✦

حَلاوت ع شیرینی۔ مٹھائی ✦

حَلَب ع ایشیائے روم میں ایک مشہور شہر ہے ✦

حَلْب ع دودھ دوہنا ✦

حَلَبہ ع تختی سونا ایک قسم کی مشہور ترکاری ہے ✦

حَلَبی ع حلب کا۔ اکثر حلب کا آئینہ مشہور ہے ✦

حِلّت ع حلال ہونا۔ مباح ہونا۔ کشادگی ✦

حِلتیت ع ہینگ۔ انگوزہ ✦

حِلْس ع موٹا کپڑا۔ ملی گدڑی ✦

حِلِّس ع دلیر۔ بہادر۔ شجاع ✦

حَلْف ع قسم کھانا۔ سوگند ✦

حَلْفا ع ایک قسم کی گھاس جس سے بوریئے بناتے ہیں ✦

حُلَفا ع جمع ہے حلیف کی ✦

حَلْفہ ع ایک دفعہ قسم کھانی ✦

حَلْق ع گلا۔ گلو۔ بالوں کا مونڈنا ✦

حلقچی ع جلیبی جو مشہور شیرینی ہے ✦

حُلقُوم ع نرخرہ۔ نلسہ گلو ✦

حَلْقہ ع گھیرا۔ احاطہ۔ مجمع۔ مجلس۔ پیند ✦

حلقہ آبگون ف آسمان سے مراد ہے ✦

حلقہ اقبال ناممکن جنبانیدن ف ناممکن امر کی تلاش کرنا ✦

حلقہ انگشتری ف [illegible] ✦

حلقہ بر در زدن ف دروازہ کا کنڈا

کھٹکھٹانا۔ دروازہ کھلوانا۔ گھر والے کو دروازہ کھولنے کے لئے بلانا ✦

حلقہ برسندان زدن ف کنڈا کھٹکانا دروازہ کھلوانا ✦

حلقہ بگوش۔ حلقہ درگوش ف غلام مطیع۔ فرمانبردار۔ کیونکہ ولایت میں معمول ہے کہ غلاموں کے کان میں ایک حلقہ سونے یا چاندی کا ڈالدیا کرتے ہیں ✦

حلقہ بینی ف عورتوں کی نتھ ✦

حلقۂ دام ف گھوڑے کے بالوں بنا ہوا دام جس سے کبک پکڑتے ہیں۔ دام کی طرح بنا ہوا رومال ✦

حلقہ درگوش کشیدن ف اسے مطیع اور محکوم کرنا ✦

حلقۂ زدن ف کنڈا کھٹکانا۔ طواف کرنا ✦

حلقۂ سیمین ف چودھویں رات کا چاند۔ بدر

حلقۂ شست ف شست کے معنے ہیں کمند۔ کمان۔ حلقۂ شست کے معنے کمند کا پھندا۔ کمان۔ چلہ سیم شست کے معنے مچھلی پکڑنے کا کانٹا کے بھی ہیں ✦

حلقہ کشیدن ف منتر پڑھنے والوں کا بھوت پریت کی آسیب سے محفوظ رہنے کے لئے اپنے گرد ایک حلقہ کھینچ لینا ✦

حلقی ع منسوب بہ حلق وہ چھ حروف جن کا مخرج حلق ہے۔ یعنے ء۔ ح۔ خ۔ ع۔ غ۔ ہ

حُلَل ع جمع ہے حُلّہ کی ✦

حِلْم ع کسی کو سزا دینے میں آہستگی کرنا۔ بردباری کرنا۔ بُردباری۔ حلیمی ✦

حُلْم۔ حُلُم ع بالغ کا خواب دیکھنا۔ جو کچھ خواب میں دیکھا جائے ✦

حلمہ ع پستان کا سر۔ بھٹنی ✦

حُلْو ع شیریں۔ میٹھا ✦

حَلْوا ع میٹھی چیز۔ شیریں شے ✦

حَلْوائی ع شیرینی بیچنے والا ✦

حَلواے بے دود ف شیریں میوے جو آفتاب کی گرمی سے پکتے ہیں۔ اور دھواں آگ کا ان کو نہیں پہنچتا ✦

حَلواے تر ف میٹھے اور تازے میوے جیسے سیب۔ ناشپاتی۔ وغیرہ اور دہن معشوق ✦

حلواے شہید ع حلوے کی ایک قسم ہے ✦

حلواے مغزی ف حلوے کی ایک قسم جو بہت سفید ہوتا ہے اور اس میں مغزیات ڈالکر قرض سے بنا لیتے ہیں ✦

حلواے مقراضی ف وہ حلوا جس میں مغزیات بہت باریک کتر کر ملائے جاتے ہیں ✦

حَلّ و عقد ع کھولنا اور باندھنا ✦

حُلُول ع ایک چیز کا دوسری چیز میں ایسی طرح پر گھس جانا۔ کہ تمیز نہ ہو سکے ✦

حُلّہ ع جامہ۔ جبّہ۔ پوشاک یمن کی چادر بہشتی لباس ✦

حُلی ع چاندی یا سونے کا زیور۔ جمع حلیہ کی ہے

حَلیف ع قسم کھانیوالا ✦

حلیلہ ع منکوحہ عورت۔ بیوی۔ جورو ✦

حلیم ع بردبار۔ غصہ سہنے والا۔ اور ایک قسم کے کھانے کا نام بھی ہے ✦

حلیمہ ع جناب رسول خدا کی دائی کا نام ہے

حُلیہ ع زیور ✦

حِلیہ ع صورت آرایش۔ پیدایش۔ خلقت ✦

باب حاے حطی مع میم

حَم ع سسرا۔ سالا وغیرہ سسرال کا رشتہ دار ✦

حُماّ ع تپ۔ بخار ✦

حِمےٰ ع چراگاہ +
حَما۔ حَمات ع سیاہ مٹی۔ تر کی مٹی +
حُمَات ع جمع حامی کی۔ بہت سے حمایت کرنے والے +
حَمار ع گدھا۔ خر +
حَماست ع دلیری +
حُمّاض ع ایک قسم کا ساگ جسکا مزہ ترش ہوتا ہے۔ فارسی میں اسے ترشہ کہتے ہیں +
حَماقت ع بے وقوفی۔ بے عقلی +
حَمّال ع بوجھ اُٹھانے والا +
حَمّام ع نہانے کی جگہ۔ گرمابہ۔ جس میں گرم پانی سے نہاتے ہیں +
حَمام ع کبوتر۔ اور جمع حمامہ کی بھی ہے۔ جسکے معنے کبوتر۔ قمری۔ فاختہ اور ہر ایک طوقدار جانور کے ہیں +
حِمام ع مرگ۔ موت +
حَمّامِ زنان ف وہ جگہ جہاں بہت شور اور غل ہو
حَمامہ ع کبوتر۔ قمری۔ فاختہ اور ہر ایک طوقدار جانور
حمایت ع طرفداری۔ بچاؤ۔ نگہبانی +
حمایت گر ف حامی۔ حمایت کرنیوالا۔ نگہبان
حَمایِد ع جمع حمیدہ کی۔ خوبیاں۔ اچھی خصلتیں
حَمایل ع تلوار وہ شے جو بغل میں لٹکاتے ہیں۔ چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف +
حمایل کردن ف تلوار کے پرتلے وغیرہ کو اس طرح گلے میں ڈالنا۔ کہ اس کا نیچے کا رخ لٹکا رہے +
حَمائِم ع جمع ہے حمامہ کی +
حُمّت ع سخت گرمی۔ سیاہی +
حَمد ع سراہنا۔ تعریف کرنا۔ خدا کی بزرگی اور عظمت بیان کرنا +
حمدان ف آلہ تناسل +

حمدون ف آلہ تناسل۔ ایک استاد معمار کا نام بھی ہے۔ اس نام کی ایک عمارت بھی ہے
حمدونہ ف آلہ تناسل۔ بندر جسے میمون بھی کہتے ہیں +
حُمُر ع جمع حمار کی۔ گدھے +
حَمرا ع سخت سال۔ سرخ رنگ عورت۔ ہر وہ جو سرخ رنگ ہو +
حُمرت ع سرخی۔ لالی +
حُمرہ ع رمل کی سولہ شکلوں میں سے ایک ہے +
حُمری ع سرخ۔ منسوب بہ حمرت +
حمزہ ع جناب رسول خدا کے چچا کا نام ہے۔ جو مسلمان تھے۔ اور جنگ بدر میں شہید ہوئے بہت بڑے بہادر تھے۔ عوام لوگ انہیں امیر حمزہ کہتے ہیں۔ اور ان کے نام پر اکبر کے زمانے میں ایک چھوٹا قصہ گھڑا گیا ہے۔ جسے داستان امیر حمزہ کہتے ہیں +
حِمّص۔ حِمَّص ع نخود۔ چنا۔ جو مشہور غلہ ہے
حمض ع گھاس جو تلخ اور شور مزہ کا ہو
حُمق۔ حُمُق ع بیوقوفی۔ احمق پن +
حَمقا ع جمع احمق کی +
حَمل ع اٹھانا۔ بوجھ۔ شکم میں عورت کے جو بچہ ہو۔ گمان و قیاس +
حِمل ع گٹھڑی۔ گناہ +
حَمَل ع برہ۔ آسمان کا پہلا برج جو برہ کی شکل کا ہے جس روز آفتاب اس برج میں داخل ہوتا ہے وہی دن نو روز کا ہے جتنے عرصہ تک آفتاب اس برج میں رہتا ہے وہ عرصہ فروردین کہلاتا ہے۔ جو ہندی میں بیساکھ سے ملتا ہوا ہے۔ ولایت میں یہ مہینہ بہار کا پہلا مہینہ ہے اور ہندوستان میں موسم بہار اس مہینہ میں ختم ہو جاتا ہے +

حمل کردن ف لادنا۔ بوجھ ڈالنا۔ گمان کرنا
حَملہ ع ہلہ کرنا۔ دھاوا +
حملہ گیری ف تحمل۔ حملہ حریف +
حَمَلہ ع جمع حامل کی +
حُموضت ع ترشی۔ کھٹائی +
حُمول ع دوائی کا لتھڑا ہوا کپڑا جو ڈبریا فرج میں رکھتے ہیں۔ دوا کی بتی +
حَمول ع بہت بوجھ اٹھانیوالا۔ متحمل۔ صابر۔ حلیم۔ بردبار
حَمومی ع منسوب بہ حمومہ جو خدا کا نام ہے +
حُمہ ع بچھو کی زہر +
حِمیت ع پرہیز کرنا۔ حفاظت۔ بچ +
حَمیّت غیرت۔ شرم۔ ننگ +
حَمید ع خوبی۔ تعریف کی ہوئی شے +
حِمیر ع گدھا۔ حمار +
حِمیَر ع عرب میں بنی صبا کا ایک قبیلہ ہے جو کہ اسی قبیلہ سے تھا۔ عرب میں ایک موضع بھی ہے جہاں کے کبوتر بہت خونخوار ہوتے ہیں +
حُمیرا ع تصغیر حمرا کی اور لقب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کا +
حُمیقا ع چھوٹی سی عورت جو بیعقل ہو +
حَمیم ع گرم۔ آب گرم۔ دوست۔ شوردار بخار والا

باب حائے حطی مع نون

حِنا۔ حِنّا ف مہندی۔ جو ہاتھوں میں عورتیں لگاتی ہیں +
حنا بستن ف عورتوں کا مہندی لگانا +
حنا بندی ف بیاہ کے ایام میں دلہن کی مہندی کا جشن +
حَنّاط ع گندم فروش۔ گیہوں بیچنے والا۔ خوشبو فروش
حَنّان ع بخشنے والا۔ رحم کھانیوالا۔ خدا تعالے کا نام ہے +

حَنّانہ نوحہ کرنے والی عورت۔ وہ لکڑی کا ستون جس سے جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تکیہ لگا کر خطبہ پڑھا کرتے تھے منبر مقرر ہونے کے بعد جب آپ نے اس پر تکیہ لگانا چھوڑ دیا۔ تو وہ آپکے فراق میں ایسا چلایا۔ جس طرح چھوٹا بچہ ماں سے جدا ہونے کے وقت چلاتا ہے۔ اس واسطے اُس کا یہ نام پڑ گیا +
حِنائی ع حنائی رنگ +
حِنائے سر ناخن ف اس شے سے مراد ہے۔ جو بہت جلد زوال پذیر ہو +
حِنائے گریہ ف لال آنسو +
حِنائے مخون ف وسمہ۔ ایک قسم کے پتے ہیں۔ جنہیں حبش وغیرہ عورتیں تو ابرو اور مرد ڈاڑھی پر لگاتے ہیں +
حنجرہ۔ حنجرہ ع نرخرہ۔ گلے کا نل۔ گلا۔ حلق +
حنجرہ غلطان۔ حنجرہ غلطک ف خوش آوازی سے گانا۔ ایک قسم کا آواز ہے جسے ہندی میں گٹکڑی کہتے ہیں +
حَنش ع سانپ۔ مار +
حِنطہ گندم۔ گیہوں +
حَنظل ع اندرائن کا پھل۔ پنجابی تُمّا +
حَنفی ع وہ شخص جو امام اعظم ابو حنیفہ کوفی علیہ الرحمتہ کے مذہب پر ہو جنکی وفات ستر سال کی عمر میں ۱۵۰ ہجری میں ہوئی +
حَنق ع کینہ۔ دشمنی۔ بغض۔ بیحد غضبناک ہونا +
حَنک ع تالو۔ کام +
حَنوط ع چند خوشبودار چیزوں کا مرکب جو مردہ کو غسل دینے کے بعد ملتے ہیں +
حَنید ع لاغر۔ بدن غالب ککا بھنا ہوا +
حَنیف ع دین میں سچا۔ وہ شخص جو باطل کو چھوڑ کر حق کی طرف مائل ہو۔ وہ شخص جو حضرت

ابراہیم علیہ السلام کے دین پر ہو +
حَنِین ع آرزومندی۔ گریہ۔ نالہ۔ چلا کر رونا۔ نوحہ کرنا +
حُنَین ع ایک مقام کا نام ہے درمیان مکہ اور طائف کے جہاں کافر لوگ جناب رسول خدا صلعم مقابلہ میں کھڑے تھے +
حَنِینَہ ع وہ کمان جو تیر چھوٹتے وقت آواز کرے +

باب حائے حطی مع واو

حَوّا ع پہلی عورت کا نام ہے۔ جو حضرت آدم ع کی بیوی تھی +
حَوّاج ع حج کرنیوالے جمع ہے حاج کی +
حَوَاجِب ع جمع ہے حاجب کی +
حَوادِث ع جمع حادثہ کی +
حُوَار ع عیسیٰ ع کے حواری +
حُوّارہ ع سفید میدہ کی روٹی +
حَوارِیّ ع دھوبی اور سفید چھڑے والا۔ حضرت عیسیٰ ع کے اصحاب۔ مجازاً مددگار اور مدد دینے والا +
حُوارے ع سفید روٹی +
حواری ف دو دفعہ چھانا ہوا میدہ +
حواریان ف جمع ہے حواری کی +
حَواس ع جمع حاسہ کی +
حَواسِ خمسۂ باطنی ع پانچ حس باطنی یعنی حس مشترک۔ خیال۔ متصرفہ۔ واہمہ۔ حافظہ +
حَواسِ خمسۂ ظاہری ع پانچ حس ظاہری یعنی باصرہ۔ سامعہ۔ ذائقہ۔ لامسہ۔ شامہ +
حَواشی ع جمع حاشیہ کی +
حَواصِل ع جمع حوصلہ کی اور ایک جانور آبی کا نام ہے +
حوافر ع جمع حافر کی +
حوالشی ع نگہبان۔ نظر رکھنے والی +

حوالہ۔ حوالت ع سپرد کرنا دوسرے کو کوئی چیز دے دینا +
حَوالی ع گرداگرد کسی چیز کا +
حوالیِ شہر ع شہر کا نواح۔ شہر کے گرداگرد کی زمین
حوالنگاہ۔ حوالہ گاہ ف سیر گاہ کا مقام شہر کے گرداگرد تفرج کی جگہ۔ پہاڑ کے اطراف میں سیر کا مقام +
حَوامِل ع حاملہ عورتیں +
حَوائِج ع جمع حاجت کی +
حَوبا ع آدمی کا بدن +
حَوبَت ع گناہ کرنا +
حُوت ع مچھلی۔ بارھویں برج کا نام بھی ہے +
حَور ع نقصان +
حُور ع جمع ہے حوراء کی۔ سفید رنگ اور سیاہ آنکھ۔ سیاہ آنکھ والیاں۔ بہشتی محبوبہ جو مومنوں کو ملینگی۔ فارسی میں یہ لفظ مفرد کے معنے میں مستعمل ہے۔ اور اسکی جمع حوران آتی ہے +
حَوراء ع وہ عورت جو سفید رنگ کی ہو اور اسکی آنکھ اور اسکے بال نہایت سیاہ ہوں +
حُورُالعِین ع سفید رنگ اور سیاہ بال اور فراخ آنکھ والی عورت +
حور زبانی ساز ف تیغ و شمشیر سے کنایہ ہے +
حَوزَہ ع ناحیہ۔ ورمیانہ۔ مملکت +
حَوصَلہ ع پوٹہ۔ پرندہ جانوروں کا معدہ جو حلق کے نیچے ہوتا ہے۔ جس میں وہ دانہ جمع کر لیتا ہے۔ مجازاً مقدور۔ ہمت۔ تحمل۔ برداشت +
حَوض ع پانی کا بچہ۔ وہ جگہ جہاں پر پانی ہمیشہ ٹھیرا رہے +
حوضِ آب ف پانی کا حوض۔ برج حمل اور آسمان
حوضِ شرسار ف وہ حوض جس میں انگور ڈالکر پاؤں سے لتاڑ کر اس کا شیرہ نکالتے ہیں +

حوضک ف حوض کا مصغر ہے چھوٹا نالہ +
حوضِ ماہی ف برج حوت +
حوضِ نعمان ع ایک کڑوے پانی کا حوض تھا جو آنحضرت صلعم کے وجود سے شیریں ہو گیا +
حَوضَہ ع مشابہ بحوض۔ مانند حوض۔ ہ آخر میں تشبیہ کے واسطے ہے۔ یا آخر میں تائے وحدت ہے۔ جو ساکن ہو کر ہ ہو گئی ہے یعنی ایک حوض۔ یا ہ ہوز ہے۔ ہودج +
حوک ف پہاڑی ریحان کی ایک قسم ہے +
حَول ع بفتح بازگشت۔ گروہ۔ قوت۔ توانائی۔ سال۔ برس اور بفتحتین احول ہونا اور بکسر اول و فتح واو ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا +
حویلی ف اصل میں حوالی تھا۔ بیچارے سیبوں کا تصرف ہے۔ وہ مکان جسکی چار طرف دیوار ہو +

باب حائے حطی مع یائے

حَیّ ع عرب کے ایک قبیلے کا نام ہے لیلی اسی قبیلے میں سے تھی +
حَیّ ع زندہ۔ جیتا ہوا۔ اور خدا تعالیٰ کا نام بھی ہے +
حَیا ع باران۔ مینہ +
حِیاض ع جمع ہے حوض کی +
حِیاصَہ ع تنگ کا حلقہ۔ وہ دوال جس سے گھوڑے کا تنگ مضبوط کرتے ہیں +
حَیّال ع مکار۔ حیلہ گر +
حَیا ع شرم +
حَیات ع زندگی۔ جانداری +
حیات ع جمع حیہ کی۔ لیتے لپٹے کیڑے +
حیات سپردن ف جان سپرد کرن +
حیات زدہ ف ڈرناک +
حیاطت ع نگہبانی۔ احتیاط +
حیتان ع جمع ہے حوت کی۔ مچھلیاں +

حَیثِیَّت ع وضع۔ اسلوب۔ طور۔ طریق +
حَیدَر ع شیر درندہ۔ اور لقب حضرت علی کرم اللہ وجہ کا ہے۔ جو آں حضرت صلعم کے چچیرے بھائی اور داماد اور چوتھے خلیفہ تھے۔ وہ کعبہ کے اندر پیدا ہوئے گیارہ یا تیرہ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ آنحضرت کے زمانے میں بہت سے معرکوں میں شریک رہے۔ اور ان کی ذات سے بڑے بہادری کے کام ظہور میں آئے۔ اور آنحضرت کی وفات کے بعد خانہ نشین رہے۔ حضرت عثمان رضہ کے بعد امیرالمومنین ہوئے۔ مگر معاویہ کے ساتھ اس معاملے میں تکرار ہو گئی۔ اور آخر بہت سے جنگوں کے بعد ملک دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اور آخرکار سنہ ۴۰ ہجری میں نماز پڑھتے ہوئے پونے پانچ برس کی خلافت اور ۶۳ سال کی عمر میں شہید ہوئے +
حَیران ع بھوچکا۔ ہکا بکا +
حَیرانی ع حیرت۔ بھوچکا پن +
حَیرت ع بسبب تعجب کے ایک ہی حال پر رہ جانا +
حیرت زدہ ف بھوچکا +
حَیرَہ ع گدی۔ گردن کی پیٹھ۔ پشت گردن +
حِیزَہ ع مخنث۔ نامرد۔ ہیجڑا +
حَیِّز ع جگہ۔ مکان۔ اصطلاحی معنے یہ ہیں کہ جسم حاوی کی سطح باطنی جو جسم محوی کی سطح ظاہری کی مماس ہو +
حَیص بَیص ع لڑائی جھگڑا۔ حیص کے معنے ہیں بیراہ ہونا اور بیص کے معنے سختی اور تنگی +
حَیضَل ع بادنجان۔ بینگن +
حَیض ع خون جو عورتوں کو ہر مہینے آیا کرتا ہے +

حَیضا ع حیض والی عورت ✦
حَیضُ الرِّجال ع غیبت چغلی بیہودہ بات
حَیضِ عروس رزرِف انگوری شراب ✦
حِیطان ع جمع حائط کی - دیواریں ✦
حَیطہ ع احاطہ چاردیواری ✦
حَیف ع افسوس دریغ - ستم - ظلم ✦
حیے کردہ ف احاطہ کیا ہوا - قید کیا ہوا ✦
حِیَل ع جمع حیلہ کی ✦
حَیل ع توانائی - طاقت ✦
حِیلت ع مکر وفریب ✦
حِیلہ ع فریب - بہانہ ✦
حِین ع وقت - ہنگامہ - روز قیامت ✦
حَین ع موت - مرگ - ہلاکت ✦
حَیوان ع زندہ - جاندار - جانور - فارسی والے یائے کو ساکن پڑھتے ہیں ✦
حیوانات ع جمع حیوان کی ✦
حَیَوانی ع حیوان کا - جاندار کا - دودھ دہی وغیرہ چیزیں جو حیوانات سے پیدا ہوں ✦
حَیَّہ ع سانپ - مار ✦

باب خائے معجمہ

باب خائے معجمہ مع الف

خا ع حروف تہجی میں سے ایک حرف ہے فارسی والے اس گڑھے کو کہتے ہیں جس میں گندہ پانی جمع ہوتا ہے ✦
خابور ع پچھر - خانہ ترکستان میں ایک گاؤں بھی ہے ✦
خات - خا و ف ٹھیواڑ - چیلا ✦
خاتَم ع جس شے پر فرمان وغیرہ ختم کیا جاوے - انگوٹھی - انگشتری - مہر کرنا بھی صحیح ہے - لیکن فارسی میں بہ فتح تا فصیح ہے ✦
خاتِم ع ختم کرنے والا ✦
خاتم بند - خاتم کار ف چیزوں پر ہاتھی دانت یا ہڈی کے گل بنانے والا ✦
خاتمِ جمشید ف جمشید کی انگوٹھی کہتے ہیں سب سے پہلے جمشید نے انگوٹھی ہاتھ میں پہنی تھی ✦
خاتمِ سلیمان ع حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی جس پر اسم اعظم لکھا ہوا تھا اور اس کے سبب تمام مخلوقات آپکی مطیع اور فرمانبردار تھی ✦
خاتمِ گویا - خاتمِ سہیل نشان ف معشوق یا ساقی کا منہ ✦
خاتمہ ع انجام آخری کتاب کا آخری حصہ ✦
خاتمہ بالخیر ع انجام بخیر - نیک انجام ✦
خاتون ت بی بی - بیگم - گھر کی مالک ✦
خاتون آباد ف اصفہان کا ایک محلہ جو خاتون نام ایک عورت کے نام پر مشہور ہے ✦
خاتونِ جہان - خاتونِ شبستان فلک - خاتونِ فلک - خاتونِ دنیا ف آفتاب سے مراد ہے ✦
خاتونِ خم ف خالص شراب شراب کی قسم ✦
خاتونِ عنب ف انگوری شراب ✦
خاتونِ کائنات خاتونِ عرب ف کائنات اور جناب فاطمہ زہرا سے مراد ہے ✦
خاجَہ ف النسا راکی صاحب کان کی لونڈی گردش
خادع ع فریبی - مکار ✦
خادم ع خدمتگار - نوکر ✦
خادمِ سپہر ف ستارہ زحل ✦
خارش ف کانٹا - سول - مانگا خار پچو وغیرہ میں آب کا جاننا معشوق کا نازک شعر - انگور اسپرا - درے کے پاس ایک قصبہ بھی ہے ✦
خارا - خارہ ف ایک قسم کا سادہ اور مخطط ریشمی کپڑا جو سورج کے سامنے لانے سے پھٹ جاتا ہے جس طرح کتان چاند کے سامنے آنے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے - ایک قسم کا نہایت سخت اور مضبوط پتھر ✦
خار اشتر - خار شتر ف ایک قسم کی خاردار گھاس ہے جسے اونٹ رغبت سے کھاتا ہے ✦
خاربست - خاربند - خارچین ف کھیتوں کے گرد کی باڑ ✦
خارپشت ف جنگلی چوہا ✦
خار ترازو ف کانٹا - سونے - چاندی - جواہرات وغیرہ تولنے کی ترازو ✦
خارج ع باہر - الگ - نکلا ہوا ✦
خارج آہنگ ف ٹونگا - بے سرا - نقص پیدا کرنیوالا
خارج آہنگی ف بے سُرا - بے سُرے گانے والا ✦
خارج زدن ف کسی کام سے باہر کھو سکنا ✦
خارجی ع رافضیوں کے مخالف ایک فرقہ ہے جو صحابہ مثلاً شیخین حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ کو اچھا کہتے ہیں - اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو نہیں مانتے ✦
خارچشیدہ ف صوحیدہ - انگشت سیاہ اور ایسا سے کسی کے چوٹ لگے کو کہتے ہیں یعنی سیاہ پانا جسے پنجابی میں جو ہندی کہتے ہیں ✦
خار خار ف تردد - تکلیف - اندیشہ - فکر - میل - خواہش ✦
خارخسک ف گوکھرو - پنجابی بکھڑہ کا کانٹا
خار در پیراہن ستیزن خار در پیرہن ف بیقرار
افگندن ف ایذا دینا - ذلیل پہنچانا ✦
خار در جگر شکستن ف تنگ کرنا ✦
خار در راہ شکستن ف مخالفت کرنا ✦
خار در راہ نہادن ف مشکل کام سامنے کرنا ✦
خار راہ ف مانع - حایل - روک ✦
خارستان ف مخفف خارستان کا - وہ جگہ جہاں بہت سے کانٹے اور جھاڑیاں ہوں ویران جگہ ✦
خارش - خارشت ف کھجلی ✦
خار عقرب ف بہرام ستارہ مریخ ✦
خارق ع پھاڑنے والا - خلاف عادت ✦
خارقان ف بسطام کے پاس ایک گاؤں ہے ✦
خارقِ عادات ع عادت اور نیچر کو توڑنے والے امور - انبیا کے معجزے اولیا کی کرامتیں ✦
خارکش ف کانٹوں اور لکڑیوں کا بوجھ اٹھانے والا ✦
خار نہادن ف ظلم کرنا - زیادتی کرنا ✦
خاریدن ف کھجلانا - خارش کرنا ✦
خاریدن کوس ف نقارہ کا بجانا ✦
خازن ع جمع کرنیوالا - خزانچی ✦
خازنہ ف سالی - جورو کی بہن ✦
خازہ ف گوندھی ہوئی مٹی اور کہگل جو دیوار پر لگاتے ہیں ✦
خاسپ ف سیب - تفاح ✦
خاستن ف اٹھنا - کھڑا ہونا ✦
خاستن حکم ف حکم صادر ہونا ✦
خاسر ع زیانکار - نقصان پہنچانیوالا - جس کو نقصان ہوا ہو ✦
خاش ف ساس خواہ مرد کی ہو خواہ عورت کی
خاشاک - خاشک - خاشہ ف کوڑا کرکٹ ✦
خاشاک بر چیزے افشاندن ف اس چیز کے چھپا دینے سے مراد ہے ✦
خاشع ع عاجزی اور فروتنی کرنیوالا ✦
خاشی ع ڈرپوک - ڈرا ہوا ✦
خاص ع مخصوص - صحیح - ذاتی ✦
خاصان ف خاص لوگ ✦

خاصدان ف پان رکھنے کا برتن +
خاصرہ ع کمر۔ تہیگاہ +
خاصگی ف بادشاہ کا مقرب اور مصاحب فوج کا رسالہ دار۔ خزانچی۔ نفیس چیز۔ وہ لونڈی جو مباشرت اور معاشرت کیواسطے ہو +
خاصہ ع جو بات کسی شے کے لئے مخصوص ہو۔ وہ وصف جو ایک ہی شے میں پائی جاوے جیسے ہنسنا انسان کا خاصہ ہے۔ خاصیت۔ بادشاہوں کا کھانا۔ خاصکر۔ خصوصاً +
خاصیت ع طبیعت۔ اثر۔ خوبی۔ فارسی میں بغیر تشدید کے بھی مستعمل ہے +
خاشع ع عاجزی اور فروتنی کرنیوالا +
خاطب ع نکاح کرنیکی خواہش رکھنے والا داماد۔ شوہر +
خاطر ع جو دل میں گذرے۔ ارادہ۔ قصد۔ دھیان۔ دل
خاطر پریش ف دل کے پریشان کرنیوالی بات
خاطر پسند۔ خاطر خواہ ف مرغوب۔ پسند۔ حسب دلخواہ +
خاطر جمع ع اطمینان۔ دل کی تسلی +
خاطر کسے دریافتن ف اسکی دلجوئی و دلداری کرنی +
خاطر نشان ف خاطر نشین۔ جو بات دل میں بیٹھ سکے +
خاطف ع اُچک لیجانیوالا +
خاطی ع جان بوجھکر خطا کرنیوالا +
خافض ع ذلیل و خوار کرنیوالا۔ کسرہ دینا۔ خدا تعالےٰ
خافق ع دھڑکنے والا۔ جسکا سر ہلتا رہے جیسے کہ جھنڈا اور درخت +
خافقین ع مشرق و مغرب۔ پورب اور پچھم +
خاقان ت بادشاہ۔ بزرگ۔ اوّل میں بادشاہ چین کا خطاب تھا اب ہر بادشاہ کو کہنے لگے ہیں +

خاقانی ف دیکھو حسان عجم +
خاک ف مٹی۔ گرد آلود زمین۔ ملک۔ سلیم النفس آدمی۔ فروتنی۔ فرمانبردار۔ فریفتہ۔ حقیر۔ ناکارہ شے
خاک ف بیضہ۔ مرغی کا انڈا +
خاک انداز ف دیکھو خاک ریز +
خاک انگیختہ ف کرہ زمین سے مراد ہے +
خاکپا ف عاجز۔ مسکین۔ حقیر +
خاک بالا پیمودن ف آخر کا سفر کرنا۔ مرجانا
خاک برآوردن از چیزے ف اُس کو تباہ اور برباد کرنا +
خاک برلب ف کسی امر کے انکار میں قسم کھانا +
خاک بودن ف عاجزی کرنی۔ متواضع ہونا۔ مٹی ہونا۔ مٹی میں ملنا +
خاک بیز ف نیاریہ جو سناروں کی خاکستر لیکراس سے سونے چاندی کے ریزے نکالتا ہے۔ باریک بین +
خاک تاریک ف بدن انسانی +
خاک تودہ ف مٹی کا تودہ جو تیر لگانے کی مشق کے واسطے بناتے ہیں +
خاک جگر گیر ف دلچسپ زمین +
خاک خاموش۔ خاک خشک ف وہ زمین جس میں گھاس سبزی وغیرہ کچھ نہ ہوتا ہو +
خاک خفت ف مٹی میں پائی ہوئی چیز +
خاک خوردن تیر ف تیر کا نشانہ پر نہ لگنا اور زمین پر جا گرنا +
خاکدان ف مٹی اور کوڑا پھینکنے کی جگہ دنیا سے بھی مراد ہے +
خاکدان دیو۔ خاکدان غرور۔ خاکدان کہن ف دنیا سے مراد ہے +
خاک در ترازوے کسے افگندن ف اسے خوار اور ذلیل کرنا اسے ہنسی ٹھٹھا کرنا

اُسے مٹی کے برابر جاننا محض نکما خیال کرنا +
خاک در کاسۂ کسے کردن ف اُسے ذلیل اور خوار کرنا +
خاک ذلیلاں ف کافروں اور جاہلوں کا بدن
خاک رنگین ف طلا اور نقرہ سے مراد ہے گلزار اور آدمی زاد سے بھی کنایہ ہے +
خاکروب ف جھاڑو دینے والا۔ چوہڑا +
خاکروبہ ف کوڑا کرکٹ +
خاک روزی شدن ف نیست و نابود ہونا۔ زمین میں دفن ہونا +
خاکریز۔ خاک انداز ف سوراخ یا جگہ جو قلعہ کے اوپر سے کوڑا کرکٹ اور غنیم پر پتھر پھینکنے کے واسطے بنا لیتے ہیں خاک انداز کے معنے ساحر افسونگر اور جادوگر کے بھی آئے ہیں +
خاکزاد ف خاکی۔ دنیاوی +
خاک زدن ف جھاڑو دینا +
خاکسار ف غریب۔ حقیر۔ ذلیل۔ گرد آلودہ چیز۔ جوتیوں کے پاس بیٹھنے والا +
خاکستر ف راکھ۔ خاک +
خاکستر بہ مرآت زدن ف شیشہ کو مجلا کرنا۔ چمکانا +
خاک شدن ف اپنے تئیں ناچیز اور حقیر خیال کرنا۔ متواضع ہونا +
خاک شفا ف کربلائے معلّے کی خاک +
خاکشی ف ایک دوائی کا نام ہے۔ جسے خوبکلاں بھی کہتے ہیں +
خاک ظلمات رنگ ف دنیا سے مراد ہے
خاک فراموشان ف قبر سے مراد ہے +
خاک کرہ گون ف زمین سے مراد ہے +
خاک مال کردن ف پہلوان کو زمین پر گرانا
خاک مردہ ف وہ زمین جہاں سبزی گھاس

وغیرہ کچھ نہ ہوتا ہو +
خاک مرکب ف موالید ثلاثہ یعنے نباتات جمادات۔ حیوانات +
خاک معلق۔ خاک مطبق ف کرہ زمین +
خاک و آب ف آدمی کے جسم سے مراد ہے +
خاکہ ف ڈھانچ۔ تصویر کا مسودہ +
خاکی ف منسوب بہ خاک۔ برج۔ ثور و سنبلہ و جدی سے بھی مراد ہے بیعزت اور ذلیل آدمی +
خاکیان ف مٹی کے بنے ہوئے۔ ذلیل لوگ
خاکی کردن ف عاجزی اور بندگی کرنا۔ بیقراری کرنا +
خاگینہ۔ خایہ ریز ف انڈوں کا سالن +
خاکی نہاد ف وہ شخص جو خوش خلیق نرم دل اور متواضع ہو +
خال ع ماموں۔ ماں کا بھائی۔ تل +
خال ف تل۔ سیاہ نقطہ جو بدن پر ہوتا ہے کالا داغ +
خالد ع ہمیشہ رہنے والا۔ ایک نوعی نام ہے آنحضرتؐ کے ایک مشہور صحابی کا نام بھی ہے جو ولید کے بیٹے تھے اور حضرت عمرؓ کے زمانے میں ملک فارس انہوں نے فتح کیا +
خالص ع کھرا جو کسی دوسری شے سے ملا ہو +
خالصہ ع خاص۔ بے ملاوٹ۔ اصطلاحی معنے ملک یا زمین بادشاہی جو کسی کی جاگیر نہ ہو +
خالق ع پیدا کرنیوالا۔ خدا تعالےٰ +
خالو ف مزید علیہ خال کا۔ یعنے ماں یا ماسی کے شوہر کے معنے میں مشہور ہو گیا ہے +
خالہ ف ماسی۔ ماں کی بہن +
خالی ع جس میں کچھ بھرا ہوا نہ ہو۔ تہی +
خام ف کچا۔ کمزور۔ بے اصل۔ ناخالص شراب۔ منقطع۔ قلم۔ ناتجربہ کار آدمی۔ بن کمایا چمڑا اور کشمہ۔ ریسمان +
خام خو۔ خام طبع ف نادان۔ مزاج۔ احمق۔ کم عقل

خام خیال ۔ خام طمع ف بیہودہ اور فاسد خیالات کا آدمی +
خام دست ۔ خام مشق ف ناتجربہ کار آدمی +
خام دستی ف ناتجربہ کاری ۔ مال کو بے محل خرچ کرنا +
خام رائے ف کم عقل ۔ نادان +
خامس ع پنجم ۔ پانچواں +
خام سوز ف وہ شے جو اوپر سے جل جائے اور اندر سے کچی ہو +
خام کار ف وہ شخص جس کا کام ادھورا ہو +
خام کردن ف محو کرنا ۔ برطرف کرنا +
خام کن پختہ تدبیرہا ف پختہ تدبیروں کو باطل کرنیوالا +
خامش ف مخفف خاموش کا +
خامل ع گمنام ۔ کمینہ +
خاموش ف چپ ۔ چپکا ہو +
خاموش کار ف چپ رہنے والا آدمی +
خاموش کاری ف چپ چاپ رہنا +
خاموش کردن شمع ۔ خاموش ساختن چراغ ف شمع یا چراغ کو بجھا دینا ۔ گل کر دینا +
خاموشی ف چپکا ہو رہنا ۔ سکوت +
خاموشیدن ف چپکا ہونا +
خامہ ف قلم +
خامۂ تصویر ۔ خامۂ مو ف موقلم +
خامہ زدن ف قلم کو نقطہ لگانا +
خامۂ زریں ف آفتاب کے شعاعی خطوط
خامہ زن ف نقطہ زن جس پر قلم کو نقطہ لگاتے ہیں
خامہ فرسا ع ف لکھنا +
خان ف مخفف خانہ کا ۔ گھر ۔ خانہ +

خان ف سابق میں یہ لقب بادشاہان ترکستان کا تھا ۔ اب رئیس امیر کو کہتے ہیں ۔ گھر ۔ سرا ۔ کاروان سرا ۔ شہد کی مکھی کا چھتا +
خان بابا ف محمد جلال الدین اکبر بادشاہ بچپن میں اپنے اتالیق محمد بیرم خان ترکمان کو خان بابا کہا کرتا تھا +
خانچہ ف کاروانسرا ۔ چھوٹا سا گھر ۔ لکڑی کا طباق
خان خاناں ف مالک سرائے ۔ داروغۂ سرائے
خان خاناں ف سردار سرداران ۔ منصب خاندان کے زمانے میں ایک لقب تھا ۔ جو اکثر سپہ سالار کے لئے مخصوص تھا ۔ مگر علی العموم یہ لفظ بیرام خان اور اسکے بیٹے عبدالرحیم خان کے لئے مستعمل ہوتا ہے +
خاندان ف گھرانا ۔
خانساماں ف کھانے کا داروغہ +
خانق ع گلا گھونٹنے والا +
خانقاہ ف خانگاہ فقیروں اور درویشوں کے رہنے کی جگہ
خانقاہ بالا ف عالم بالا یعنی آسمان ملا اعلےٰ
خانقاہ کمان ف خانہ کمان +
خانوادہ ف خاندان +
خان و مان ۔ خانمان ف مخفف ہے خانہ و مان کا ۔ گھر بار ۔ گھر کا اسباب +
خانہ ف گھر ۔ مکان ۔ عورت سے بھی مراد ہے +
خانہ آفت زدہ ۔ خانہ ششدر
خانۂ غول ف دنیا سے مراد ہے +
خانہ باز ف وہ قمار باز جو اپنا گھر یا سب کچھ جوئے میں ہار بیٹھے +
خانہ با زمین یکے شدن ف گھر اجڑ جانا ۔ اسکا ملیامیٹ ہوا +
خانہ برانداز ف معشوق دلآشوب +
خانہ بدوش ف مسافر ۔ بیابانی ۔ بے ٹھکانا آدمی

خانہ بردن ۔ خانہ بریدن ف لوٹنا ۔ غارت کرنا ۔ چوری کرنا +
خانہ برہم خوردن ف گھر کا ویران ہونا ۔ اجڑ جانا
خانہ برہم زن ف گھر بار اجاڑ دینے والا +
خانۂ شیر ف برج جوزا ۔ برج اسد +
خانہ جنگی ف لڑائی ۔ فساد ۔ دنگہ +
خانہ خدا ف گھر کا مالک +
خانہ خراب ف وہ شخص جس کا گھر بار سب تباہ اور ویران ہو گیا ہو +
خانہ خراب کردن ف ویران کرنا +
خانہ دار ف گھر کا مالک ۔ گھر کے آدمی ۔ گھر کا نگہبان
خانۂ راستان ف خانۂ کعبہ +
خانہ رس ف میوہ پال کا پکا ہوا +
خانہ روشن کردن ف انتہا کو پہنچنا
خانۂ زر ۔ خانۂ زریں ف آفتاب ۔ چوتھا آسمان ۔ برج اسد +
خانہ زاد ف گھر کا پیدا ہوا ہو +
خانۂ فردا ف عالم عقبےٰ ۔ عالم آخرت +
خانہ فروش ف جو جیتے دنیا کی ترک کر دیتا ہے
خانہ کردن و گرفتن ف ٹھیر جانا ۔ قائم ہونا ۔ جگہ پکڑنا +
خانہ کردن کمان ف کمان کے گوشوں کا وضع اصلی سے ٹیڑھا ہو جانا +
خانہ کن ف امرد لڑکا جو عاشقوں سے میل جول رکھے ۔ اور جو کچھ ان کے پاس پائے اٹھنے چھین لے ۔ ناخلف آدمی ۔ گھر بار ویران کرنیوالا
خانۂ ماہی ف پانی +
خانۂ معمور ف بیت المعمور +
خانۂ نیشکر ف گنے کی پوری +
خانہ یک آشیانہ شد ف یکمنزلہ گھر +
خانی ف منسوب بخان ۔ نیز نالوں چھوٹا سا حوض ۔ پانی کا تسلہ ۔ اور ایک قسم کا سکہ جو توران میں رائج تھا

خاور ف مشرق یا مغرب +
خاوران ف خراسان میں ایک ولایت ہے جو حکیم انوری کی جائے پیدائش ہے ۔ مشرق و مغرب
خاور خدیو ف لقب آفتاب شاہ مشرق +
خاوری ف خاوران کے رہنے والے ۔ خراسان کے رہنے والے حکیم انوری کا ابتدائی تخلص
خاوند ف مالک ۔ صاحب خانہ +
خاوی ف خالی جس میں کچھ نہ ہو +
خاوی البطن ع خالی شکم جسکا پیٹ خالی ہو بھوکا
خائے ف چبا ۔ چبانے والا +
خایسک ف ہتوڑا ۔ مطرقہ +
خایسک تادیب سر خوردن ف تنبیہ ہونا ۔ مودب ہونا
خائیدہ ف چبایا ہوا +
خائض ع غور کرنیوالا ۔ خوض کرنیوالا +
خائف ع ڈرنیوالا ۔ ڈرپوک +
خائن ع امانت میں خیانت کرنیوالا ۔ فریبی +
خائن العین ع دزدیدہ نگاہ +
خایہ ف ع بیضہ ۔ آدمی اور حیوان کا انڈا ۔ انثیین
خایۂ ابلیس ف ایک قسم کا پھل ہے جو چین سے لاتے ہیں ۔ مکار ۔ اور حیلہ باز آدمی +
خایۂ زرنگار ۔ خایۂ زریں ف آفتاب ۔ سونے کا انڈا +
خایۂ غلامان ف انگور کی ایک قسم ۔ ... +
خایہ نہادن ۔ خایہ گذاشتن ف انڈا دینا ۔ ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ ننگ و عار ہو ۔ اور شرمندگی اٹھانا ۔ پشیمان ہونا ۔ ڈرنا +
خایۂ مرغ ف مرغ کا انڈا +
خائیدن ف چبانا +

باب خائے معجمہ مع بائے موحدہ

خب ف فریب ۔ دریا کا موج مارنا ۔ مکار ۔ دلیر ۔ مکر فریب دینا

خبا ع پنہاں کرنا۔ پوشیدگی۔ مینڈھی گھاس اور کمبل بمعنے خیمہ
خباثت ع پلیدی۔ ناپاکی۔ بدذاتی +
خبار ع نرم زمین +
خبّاز ع روٹی پکانے والا۔ نانبائی +
خبال ع جنون۔ دیوانگی +
خبایا ع جمع خبیہ کی۔ چھپے اور پوشیدگیاں +
خبث ع پلیدی۔ میل۔ ناخوش ہونا۔ بُرائی
خبث الحدید ع لوہے کی میل +
خب خب ف چلنے کی آواز +
خبر ع سندیسا۔ کسی کی بات۔ آگاہی۔ حدیث جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خبر دا
خبرت ع امتحان۔ آزمایش۔ جاننا +
خبردار ف واقف۔ جاننے والا +
خبر گرفتن ف حال پوچھنا +
خبرگیر ف چوکیدار۔ خبر لینے والا +
خبز ع روٹی +
خبط ع جنون کا عقل میں الجھانا۔ جنون +
خبن ع چھپانا۔ دامن کا لپیٹنا اور اس کا سی لینا تاکہ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] سے فعلاتن کر لینا +
خبیث ع پلید۔ ناپاک۔ بدباطن +
خبیر ع واقف۔ جاننے والا۔ دانا۔ خدا تعالیٰ
خبیص ع [illegible] +
خبیری ف [illegible] +

باب خائے معجمہ مع تائے فوقانی

ختا ف ملک چین میں ایک شہر ہے +
ختار ع کھیتی کو خود روگھاس سے پاک کرنا +
ختام۔ ختامہ ف کسی شے پر موم یا لاکھ لگا کر مہر کرنا +
ختلان۔ ختّل ف ملک بدخشاں کی نواح میں ایک حسن خیز ولایت ہے۔ جہاں کے گھوڑے خاصکر بہت مشہور ہیں +
ختلی ف منسوب بہ ختّل یعنی ختّل یا ختلان کا گھوڑا جو بہت مشہور ہے۔ عمدہ گھوڑا مطلق گھوڑا +
ختم ع پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ مہر کرنا +
ختن ع داماد +
ختن ف چینی تاتار میں ایک مشہور شہر ہے
ختنہ ع سنت کرنا +

باب خائے معجمہ مع جیم تازی

خج ف مخفف خجالت کا ہے +
خجالت ع شرمندگی۔ حیا +
خجستہ ف مبارک۔ ہمایوں +
خجستہ آباد۔ خجستہ بنیاد ف اورنگ آباد کا لقب ہے جو دکن میں ایک مشہور شہر ہے +
خجل ع شرمندہ +
خجلت ع شرمندہ ہونا۔ شرمندگی فارسی والے خ کو ساکن پڑھتے ہیں +
خجلت زدہ ف شرمندہ +
خجلت گری ف شرمندگی +
خجلت ناک ف شرمندہ +
خجند ف ماوراء النہر میں ایک شہر ہے +
خجیر ف خوبصورت۔ شکیل۔ حسین +

باب خائے معجمہ مع دال مہملہ

خد ع چہرہ۔ رخسارہ۔ گال +
خدا ف مرکب ہے کلمہ خود اور آ سے خود آیندہ جو ترجمہ لفظ واجب الوجود کا ہے۔ کثرت استعمال سے واو آ گر گئی۔ مجازاً صاحب مالک
خدا آفرید ف پیدایشی۔ قدرتی جس کام میں انسان کے ہاتھ نہ لگے ہوں +
خدا آگاہ ف خدا کے بھید جاننے والا عارف باللہ
خدا پسند ف وہ کام جو خدا کو پسند ہو۔ پسندیدہ کام۔ عمدہ کام +
خداترس ف خدا سے ڈرنے والا +
خداج ع نقصان۔ ناقص۔ ناتمام +
خدا جواب دے۔ خدا بیزار ف خدا تعالیٰ اسے موت دے +
خدا خدا کردن۔ خدا خدا داشتن ف ڈرتے ڈرتے کام کرنا۔ خدا کے ساتھ پناہ لانا +
خداداد ف وہ شے جو خدا نے بخشی ہو خدا کی عنایت کی ہوئی شے +
خدا را بندہ ایم خدا را بندہ ایم یعنی ہم خدا کے بندے ہیں مجبور ہیں
خدارت ع پردہ نشینی +
خداع ع فریب دینا۔ مکر و فریب +
خدا فروشاں ف فریبی اور ریاکار صوفی۔ خدائی کا دعوٰے کرنے والے +
خدام ع جمع خادم کی +
خدا نا ترس ف بیرحم خدا سے نہ ڈرنے
خدا ناکردہ۔ خدا نخواستہ۔ خدا نکردہ۔ خدا نہ کرے ایسا واقعہ ہو۔ خدا نخواستہ باشد +
خداوند ف صاحب۔ مالک۔ [illegible] نسبت رکھنے والا ہے +
خداوند زادہ ف صاحبزادہ +
خداوندگار ف مالک۔ آقا۔ صاحب +
خدائی ف مالکی۔ صاحبی۔ خدا ہونا +
خدایا ف اے خدایا! اے صاحب! +
خدایع ع جمع خدیعت کی +
خدایگان ف بڑا بادشاہ۔ خداوند +
خدر ع سن ہو جانا۔ پٹھوں کا سست ہو جانا +
خدر ع پردہ +
خدشہ ف شک۔ شبہ۔ خراش۔ خلش +
خدع ع فریب دینا۔ دغا کرنا +
خدعہ۔ خدعہ ف مکر و فریب +
خدک ف پل +
خدم ع خادم کی جمع ہے +
خدمات ع جمع خدمت کی +
خدمت ع چاکری کرنا۔ کام کرنا۔ کام۔ بندگی۔ تحفہ۔ سلام +
خدمت گزار۔ خدمت گر۔ خدمت نما ف خدمتگار۔ نوکر +
خدمتی ف تحفہ۔ پیشکش۔ نذرانہ +
خدنگ ف ایک درخت کا نام ہے مجازاً تیر +
خدنگ آتشی ف ایک قسم کی ہلکی لکڑی جس کے تیر بنتے ہیں +
خدو ف تھوک۔ تھوک +
خدوک۔ خدوک ف غصہ۔ غیرت۔ شرمندگی اندوہ وسواس و غصہ۔ پریشانی +
خدیجہ ع جناب رسول خدا کے پہلے حرم کا نام ہے۔ جو آپ پر سب سے پہلے ایمان لائیں حضرت فاطمہ زہرا انہی کے بطن سے تھیں +
خدیعت ع مکر و فریب +
خدیو ف خداوند۔ بادشاہ +

باب خائے معجمہ مع ذال معجمہ

خذف ع ٹھیکری +

خِذلان ع چھوڑ دینا۔ مدد و اعانت نہ کرنا بے نصیبی۔ خرابی۔ کم قسمتی۔ ویرانی +

خذ ما صفا ع پکڑ وہ شے جو (ہر قسم کی کدورت سے) صاف ہو +

خَذُول ع شرمندہ۔ بے بہرہ +

باب خائے معجمہ مع رائے مہملہ

خر ف گدھا۔ کھوتا۔ کلان +

خَراب ف ویران کرنا۔ ویران۔ ضایع مست۔ فقیر۔ ویرانہ +

خُرء ع جانور کی بیٹ +

خرابات ف بتخانہ۔ شرابخانہ۔ قمارخانہ +

خراباتی ف شراب خور +

خرابہ ع ویرانہ۔ اُجڑا ہوا مکان۔ خراب خستہ حال

خرابی ف ویرانی۔ تباہی +

خرابی زدہ ف مفلس۔ تہیدست +

خراج ع محصول زمین کا +

خراج آور۔ خراجی صرف خراج دینے والا +

خراخر ف سوئے ہوئے آدمی کے زور سے سانس لینے کی آواز۔ پنجابی گھوراڑا +

خَرّاد ف اصل اسکی خراط ہے فارسیوں نے خراد کر لیا ہے اور ایک ایرانی پہلوان کا نام بھی ہے

خَرّاز ع چرم دوز +

خَرّاس ع مٹی کے برتن بنانیوالا کمہار +

خَراس ف آٹا پیسنے کی چکی جسکو بیل گھما کر آٹا پیستے ہیں۔ مرکب ہے خر (کلان) اور آس (چکی) سے۔ بڑی چکی +

خُراسان ف مشرق۔ ملک ایران کے مشرق اور افغانستان کے مغرب میں ایک ملک ہے جس میں ہرات اور مشہد بڑے شہر ہیں۔ ایک پردہ موسیقی کا نام بھی ہے +

خُراسانی ف ایک قسم کا طعام ہے +

خراسِ خراب۔ خراسِ خسیان

خراسِ ہفت چشمہ ف آسمان سے مراد ہے

خراش ف چھیلنا +

خراشیدن ف چھیلنا +

خَرّاط۔ خراطی ع لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر جو شخص صاف کرتا ہے +

خَراطت ع چرخ پر لکڑی چڑھا کر صاف کرنا

خراطیم ع جمع خرطوم کی ہے +

خراطین ع معرب خراتین کا لمبے لمبے کیڑے جو نرم اور سیلی زمین میں پیدا ہو جاتے ہیں +

خُرافات خرافہ کی جمع ہے +

خُرافت۔ خرافہ ع کلام بیہودہ اور نام ہے ایک شخص کا جو عرب میں بڑا جھوٹا گذرا ہے +

خَرام ف نرم رفتار۔ نازکی چال +

خرامان ف مٹک کر چلنے والا۔ ٹہلنے والا۔ نازکی چال چلتا ہوا +

خرامیدن ف ناز سے چلنا۔ اکڑ اکڑ کر چلنا مٹک کر چلنا +

خِرب ع ویران +

خربچہ ف مخفف خربوزہ کا +

خربندہ ف اضافت مقلوب۔ بندۂ خر گدھے کا خدمتگار۔ گدھے کا مالک۔ گدھے والا +

خربط ف بڑی بطخ۔ احمق آدمی +

خربوزہ ف مشہور میوہ جسے معنے اسکے بڑا میوہ ہیں

خرپاچہ ع گدھے کا بچہ +

خُرپشتہ ع ناکا سوئی کا۔ پنجابی نکا +

خرچ ع باہر نکلنا۔ خارج ہونا۔ مال جسے خرچ کریں

خرچ ف زر جو ہاتھ سے نکل جائے۔ آمدنی کی ضد

خرچ چیزے شدن ف کسی شے کی تلاش میں ہلاک ہونا +

خرچ راہ شدن ف سفر میں مرجانا +

خرچ کردن کسے را ف ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا

خَرچنگ ف سرطان +

خَرچہ ف لاگت۔ صرف +

خرچی ف جماع کی قیمت +

خرچین ف کاٹھی کا تھیلا چار جامہ کا تھیلا +

خرخشہ ف بیموقع لڑائی کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ خلجان خاطر +

خرخیز ف ترکستان کے ایک شہر کا نام ہے جہاں کا مشک نہایت مشہور ہے +

خُرد ف چھوٹا ریزہ +

خِرد ف عقل۔ دانائی +

خرداد ف شمسی مہینوں میں تیسرے مہینے کا نام جو ہر سال تیسرے مہینے کا نام جو جدی بیں اساڑھ سے ملتا ہوتا ہے۔ ہر شمسی مہینہ کا چھٹا دن +

خردپرست۔ خردپرور۔ خردپیشہ خردمند۔ خردور ف دانشمند +

خرد پیش خانہ خود بستن۔ خرد راز نبستن ف بے غم ہو جانا۔ اور اپنی شان ظاہر کرنا +

خُردسال ف چھوٹی عمر کا +

خَردل۔ خردلہ ع رائی جو مشہور غلہ ہے +

خُردِل ف بزدل۔ نامرد۔ ڈرپوک +

خُرد۔ خُرد ف ریزہ۔ ریزہ +

خُردہ ف ریزہ۔ زر کا ٹکڑا۔ ایجیا منکہ +

خُردہ بین۔ خُردہ دان ف باریک بین۔ نکتہ دان +

خردہ بینی ف عیب نکالنا۔ بُرائی نکالنا۔ باریکی نکالنا۔ باریکی +

خردہ فروش ف بساطی۔ وہ شخص جو ہلکے ہلکے مول کی چیزیں بیچے +

خردہ کاری ف نازک کام کرنا +

خُردۂ کافور ف تارے +

خردہ گرفتن ف عیب جوئی کرنی +

خردہ گیر ف نکتہ گیر۔ عیب جو سے +

خُردۂ مینا ف سرخ رنگ شراب +

خُرزَہ ف آلۂ تناسل۔ قضیب۔ ایر +

خرز ف موٹے کا سینا۔ مشک یا موٹے کی درز سینا +

خرزن ف تازیانہ۔ بیٹنے گھوڑے کا چابک

خرزہرہ ف کنیر کا درخت جو دو قسم کا ہوتا ہے سفید اور سرخ +

خِرس ع ریچھ۔ بھالو۔ مشہور درندہ ہے اور آسمان پر شمال کی طرف دو شکلیں ہیں ریچھ کی صورت کی جن میں سے ایک کو دُبِ اکبر اور دوسری کو دُبِ اصغر کہتے ہیں +

خُرس ع ضیافت جشن ولادت اور جمع اخرس کی جسکے معنے گونگا اور ہو شیار بچے ہیں

خرس ع خم یعنی مٹکا +

خرس ع گونگ ہونا۔ بے زبان ہونا +

خرستہ ف جونک۔ زلو +

خرس در کوہ بوعلی سیناست نابلد لوگ کے محلے میں احمق بھی دانا کا حکم رکھتا ہے +

خرسک ف خرس کا مصغر ایک قسم کی بچوں کی کھیل جیسے یہاں چیل جھپٹا +

خُرسند ف خوش۔ شادمان۔ قانع۔ شاکر وہ شخص جو ہر حال میں رضائے الہی پر راضی رہے +

خُرسندی ف خوشی۔ رضا +

خرسنگ ف بڑا پتھر کیونکہ خر کے معنے کلان اور سنگ کے معنے پتھر کے ہیں +

خُرشید ف آفتاب روشن۔ مرکب ہے خر (بمعنی آفتاب) اور شید (بمعنی روشن) سے بعض لوگ خورشید بواؤ معدولہ بھی کہتے ہیں +

خَرص ع میوے کا درخت پر اور غلہ کا زراعت پر تخمینہ کرنا۔ اور جھوٹ بولنا +
خُرص ع شتر نوی +
خَرَص ع گرسنہ ہونا۔ بھوکا ہونا +
خَرط ع لکڑی چھیلنا اور ہر چیز تراشی ہوئی لکڑی کو صفائی دینا +
خرِ عیسیٰ ف وہ گدھا جس پر حضرت عیسیٰ سوار ہوا کرتے تھے +
خُرفہ ف مشہور ساگ جسے عربی میں بقلۃ الحمقا کہتے ہیں
خَرق ع پھاڑنا +
خرقانی ف خواجہ ابوالحسن خرقانی +
خرقِ عادت ع کرامت معجزہ جو خلافِ عادت ہو
خرقِ والتیام ع پھٹ جانا اور پھر باہم مل جانا
خِرقہ ع پرانا جامہ پھٹا پرانا فقیروں کا لباس گدڑی
خرقہ از دست کسے پوشیدن ف اس کا مرید ہونا +
خرقہ انداختن ع خرقہ عطا کرنا۔ اپنے گناہ کا اقرار کرنا۔ عاجز ہونا تسلیم کرنا۔ مجرد ہونا خودی چھوڑ دینا +
خرقہ بازی ف وجد اور حال میں صوفیوں کا خرقہ کے ساتھ بازی کرنا +
خرقہ بدست کسے تازہ کردن ف صوفیوں کی اصطلاح میں نئے سرے سے دوسرے کا مرید ہونا +
خِرقہ شدن خرقہ گشتن ف پھٹ جانا۔ پارہ پارہ ہونا +
خرقہ کردن خرقہ ساختن ف پھاڑنا پارہ پارہ کرنا
خرک ف چھوٹا گدھا۔ انگور خام +
خرگاہ ف مرکب ہے (خر بڑا) (گاہ جگہ) سے خیمہ لیے جگہ محل وسیع۔ بڑا خیمہ بادشاہوں اور امیروں کا خیمہ +
خرگاہِ قمر خرگاہِ ماہ ف چاند کا ہالہ اور یہ بخار کے باعث نظر آتا ہے +
خرگاہِ ازرق خرگاہِ خضر خرگاہِ سبز خرگاہِ مینا ف مراد آسمان سے ہے +
خرگاہِ صبح ف مشرق۔ پورب +
خرکس ف احمق۔ بیوقوف۔ جاہل۔ بے تمیز +
خرکسی ف حماقت نادانی +
خرگرفتن ف احمق فرض کرنا +
خرکمان ف بڑی اور کڑی کمان +
خرگوش ف سسا۔ مجازاً برج سرطان +
خرگہ ف مخفف خرگاہ کا +
خرگہِ مہ ف برج سرطان۔ چاند کا ہالہ +
خُرّم ف شادمان۔ خوشوقت۔ تروتازہ سبز اسے خورم (بواو معدولہ) بھی لکھتے ہیں اور بے تشدید بھی آیا ہے اور دسواں مہینہ سال شمسی کا
خُرّم آباد ف خوشی کی جگہ۔ خوش جگہ +
خُرمات چھہارا مشہور میوہ ہے +
خرماستان ف کھجوروں کا باغ چھہاروں کا باغ
خرمستِ ف کرا جو بیوقوفی سے کہنا نہ مانے
خرّم فضا ف آسمان
خَرمگس ف بڑی مکھی جس کے زخم پر بیٹھنے سے کیڑے پڑ جاتے ہیں +
خرم گاہ خرم گہ ف بڑا سا بلند خیمہ +
خِرمن ف مرکب ہے خر (بڑا) اور من (بوجھ) سے بڑا بوجھ کھلیان۔ غلہ کا تودہ جس سے بھوسا الگ نہ کیا گیا ہو۔ ڈھیر۔ انبار۔ ہالہ ماہ رفع قباحت کے واسطے جو لفظ خر (بمعنے گدھا) میں موجود ہے۔ خ کے نیچے کسرہ پڑھتے ہیں +
خِرمن سوختہ ف مفلس۔ بے سرمایہ +
خِرمن گدا ف وہ لوگ جو کھلیان پر مانگنے کو جائیں۔ اور بکسر لام وہ خرمن جو خوشے چن چن کر اکٹھا کیا جائے +
خرمن کشیدا دادن ف پہلی دولت پر شیخی کرنی۔ غرور کرنا +
خرمن گل ف محبوب +
خرمن ماہ ف چاند کا ہالہ +
خرموش ف ایک قسم کا بہت بڑا چوہا جو بلی کیساتھ مقابلہ کرتا ہے اور اس پر غالب آ جاتا ہے +
خرمُہرہ ف مرکب ہے خر (بمعنے بڑا) اور مہرہ (بمعنی کوڑی) سے سنکھ۔ ناقوس۔ جسے بجاتے ہیں کوڑی کے معنے میں کہو۔ تو خر (گدھا) اور مہرہ (کوڑی) سے مرکب سمجھو جس کے معنے ہیں وہ رنگی ہوئی کوڑیوں کا ہار جو گدھے کی گردن میں ڈالا جاتا ہے۔ مجازاً کوڑی گھونگے کے معنے میں کہو۔ تو خرہ (کیچڑ) اور مہرہ (کوڑی) سے مرکب خیال کرو +
خرمی ف تازگی۔ سبزی۔ خوشی +
خروار ف (خربار) تودہ بوجھ جسکو خر اٹھا سکے
خُروج ع باہر نکلنا باغی ہونا کسی کے حکم سے منحرف ہونا
خروس ف گھر کا پلا ہوا مرغ +
خروسان طاؤس دم ف شب کی چڑیاں
خروس عرش ع ایک مرغ عرش پر ہے صبح کو اول جب وہ بانگ دیتا ہے تو زمین پر کے سب مرغ آواز کرتے ہیں +
خروس کنگرۂ عقل ف روح نفسانی سے مراد ہے
خروش ف شور غل +
خُروشیدن ف شور کرنا غل کرنا +
خُروف ع بکری کا بچہ۔ برہ +
خرہ ف کنجارہ یعنی وہ کھل جو بعد نکالنے تیل کے تلوں وغیرہ سے نکلتی ہے کیچڑ حصہ بخش۔
خُرہ ف دیمک۔ ارضہ +
خریدار ف خرید کرنیوالا۔ مول لینے والا +
خریدن ف خریدنا۔ مول لینا +
خریدہ ع نابالغ لڑکی شرمگین عورت۔ دُر ناسفتہ
خریطہ ع تھیلی۔ امیروں کے خط کا لفافہ +
خریف ع موسم خریف جس میں جوار مکی وغیرہ ہوتی ہیں یعنی ساونی +

باب خائے معجمہ مع زائے معجمہ

خَز ع ریشمی کپڑا۔ جامہ ریشمی +
خزاعہ ع عرب کے ایک قبیلے کا نام ہے +
خزان ف موسم خریف۔ پتوں کا جھڑنے سے پہلے زرد ہونا +
خزانچی ف خزانہ رکھنے والا +
خزانِ حنا ف زرد رنگ حنا +
خزانہ ع نقد کا گودام جہاں نقد روپیہ رہتا ہو
خزانۂ عامرہ ع بھرا ہوا خزانہ +
خزائن ع جمع خزانہ کی +
خَزَر ت ترکستان کا شمالی حصہ اور گیلان کا ایک حصہ بھی ہے۔ اسکے قریب ہی ایک بحیرہ اسی نام کا ہے۔ جسے بحیرہ کیسپین بھی کہتے ہیں +
خَزران ت خزر کی ولایت +
خزرج ع عرب کا ایک قبیلہ +
خزری ف منسوب بہ خزر +
خُزعبیل ع ناحق باطل +
خَزَف ع ٹھیکری۔ سفال +
خِزی ع رسوائی۔ خواری +
خَزی ع رسوا +
خزیدن ف گھسنا۔ بچوں کی طرح بیٹھ کر چلنا
خزیرت جلتی ہوئی راکھ۔ وہ راکھ جس میں آگ بھی ہو۔ پنجابی بھبل +
خَزینہ ف خزانہ +

باب خائے معجمہ مع سین مہملہ

خس ف کوڑا۔ تنکے۔ گھاس +

خَسّ ع کمینہ آدمی۔ بخیل۔ تخم کا ہو فارسی میں بے تشدید مستعمل ہے +
خسارہ ف پیراستہ کرنا +
خسارہ۔ خسارت ع نقصان۔ زیان۔ ٹوٹا
خساست ع نالائقی۔ زبونی۔ بخل۔ کنجوسی
خسان ف جمع خس کی۔ کمینے لوگ۔ تنکے
خسائدن ف بھگونا۔ تر کرنا۔ ڈاڑھی دانتوں میں دبانا +
خسائیدن ف ڈاڑھی کا دانتوں میں دبانا +
خَسائِس ع ناکسی۔ زبونی۔ اور زبون چیزیں +
خس بدندان یا بدہن گرفتن ف نہایت عجز و فروتنی ظاہر کرنی۔ امن چاہنا +
خسپیدن ف سونا۔ نیند کرنا +
خِسّت ع کمینہ پن۔ بخیلی +
خستگی ف زخمی پن۔ ماندگی۔ رنج کی برداشت
خستن ف زخمی ہونا۔ زخمی کرنا +
خستو ف میوہ کا دانہ جیسے انبہ۔ خربوزہ۔ شفتالو وغیرہ بولتے ہیں +
خستوانہ۔ خستوبہ ف فقیروں کا خرقہ جو کئی طرح کے ٹکڑوں کا بنا ہو +
خستہ ف گھایل۔ زخمی۔ مجروح۔ خراب۔ عاشق۔ بیمار۔ مفلس۔ غریب۔ اور آلوچہ وغیرہ کی گٹھلی
خستہ جگر۔ خستہ حال۔ خستہ خاطر۔ خستہ دل۔ خستہ روان ف شکستہ دل آزردہ دل۔ پریشان۔ ناخوش +
خسخانہ ف خسخانہ۔ جو مشہور ہے +
خُسُر۔ خُسُرو ف سسرا +
خُسر ع نقصان۔ زیان۔ ٹوٹا +
خُسران ع نقصان۔ زیان +
خسر پورہ ف سالا +
خسرو ف سیاوش بن کیکاؤس کے بیٹے کا نام جو کیانیوں میں بہت بڑا صاحب اقبال بادشاہ ہو گزرا ہے اور نام پرویز بن ہرمز بن نوشیروان کا جو شیریں پر عاشق تھا مجازاً ہر ایک بادشاہ صاحب شوکت اسکا معرب کسرے ہے +
خسرو اقلیم چہارم۔ خسرو انجم ف آفتاب
خسروانہ ف بادشاہانہ۔ شاہانہ +
خسروانی ف ایک قسم کا الاپ +
خسروان عجم ف ضحاک۔ فریدون۔ جمشید وغیرہ سے مراد ہے +
خسرو پرست ف بادشاہ کی پرستش کرنیوالا۔ نوکر۔ خدمتی +
خسرو چہارم سریر۔ خسرو خاور۔ خسرو زریں عطا۔ خسرو سیارگان ف آفتاب
خسرو ہشتم بہشت ف جناب رسول خدا کی طرف اشارہ ہے +
خُسروی ف ایک قسم کی شراب +
خَسَف ف اخروٹ +
خَسف ع زمین میں دھس جانا اور چاند کا گہنا +
خَسَک ف کانٹے جنہیں گوکھرو کہتے ہیں۔ لوہے کے گوکھرو جو دشمن کی آمد و رفت کی جگہ میں بکھیر دیتے ہیں +
خسک آوردن ف چپ رہنا +
خسودن ف غلے اور گھاس کا کاٹنا +
خُسوع بے نقصان ع ہونا۔ فارسی میں بمعنے خسر
خُسوف ع زمین میں دھس جانا۔ چاند کا گہنا۔ چاند گہن۔ جب کہ کسی وقت چاند زمین کے سامنے آجاتا ہے۔ تو زمین آفتاب کی روشنی اس پر پڑنے نہیں دیتی یعنی زمین کا سایہ اس کو تاریک کر دیتا ہے۔ اس کو چاند گہن یا خسوف کہتے ہیں +
خُسیدن ف چبانا۔ دانتوں سے چبا کر نرم کرنا +
خسیر ع وہ شخص جو نقصان اٹھائے +
خسیس ع بخیل۔ زبون۔ نالائق +

باب خائے معجمہ مع شین معجمہ

خَوش ف ساس۔ خوش دامن۔ اور تیر دوڑنا
خَشَب ع لکڑی۔ ایندھن +
خِشت ف اینٹ۔ سانگ جو ایک چھوٹا سا نیزہ ہوتا ہے۔ جسکے بیچ میں سوت یا ریشم کا حلقہ بندھا ہوتا ہے اور اسی کو پکڑ کر دشمن کیطرف پھینکتے ہیں +
خشت باد ف بڑا پنکھا جو چھتوں وغیرہ میں لٹکا کر کھینچتے ہیں +
خشت تا سر ف پیادہ۔ پنجابی آدہ +
خشت خام در آب افگندن ف فتنہ و فساد اور لڑائی جھگڑے کا خواہاں ہونا۔ لغو حرکت کرنی۔ بیفائدہ کوشش کرنی +
خشت مہر۔ خشت زر۔ خشت زرین۔ خشت زر آفتاب
خشت زن ف اینٹیں بنانے والا +
خَشتُوک ف حرامزادہ۔ ولد الزنا +
خشخاش ف اربعہ عناصر
خشخاش ف مشہور دانہ ہے۔ جو افیم کے ڈوڈوں سے نکلتا ہے +
خشخاش کردن ف باریک کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا
خشف ع چلنا۔ پالینا۔ پتھر پر سر مارنا اور بکسر اول ہرن کا بچہ +
خشک ف سوکھا ہوا۔ خالص۔ خیالی۔ بخیل۔ بیفائدہ
خشکارف ان چھنا آٹا۔ خاکینہ +
خشک آوردن ف غرور سے چپ رہنا +
خشک پہلو ف بخیل +
خشک پے ف شوم قدم۔ نامبارک +
خشک جان ف وہ شخص جس نے لذت عشق نہ چکھی ہو۔ بے ہنر آدمی +
خشک دامن ف جسکا دامن گناہ میں تر نہ ہوا ہو۔ پاکدامن +
خشک دہان ف روزہ دار۔ صائم +
خشک ریش ف وہ زخم جو باہر کیطرف سے خشک ہو +
خشک سال ف کال کا برس +
خشک سالی ف قحط کال +
خشک شانہ ف مغرور آدمی +
خشک عنان ف سرکش گھوڑا +
خُشکفا۔ خُشکوا ف فطیری روٹی +
خشک مغز۔ خشک دماغ۔ خشک سر ف دیوانوں کی سی طبیعت والا۔ سودائی تندخو۔ بیہودہ گو +
خشک مغزی۔ خشک دماغی ف دیوانگی۔ جنون +
خشکہ ف ابلے ہوئے چاول +
خشکی ف سوکھا پن۔ تری نہ ہونا +
خشم ف غصہ۔ خفگی +
خشمگین ف غصہ ور۔ غضبناک +
خشمناک ف غصے کا بھرا ہوا۔ غصہ ور
خشن ع سخت ایک بیماری بھی ہے۔ جو کہ چہرے کو سخت کر دیتی ہے +
خُشنو۔ خُشنُد ف مخفف خوشنود کا ہے +
خوشنود ف خوش۔ مسرور۔ راضی +
خوشنودی ف خوشی۔ رضا +
خشوی ف ساس۔ خوشدامن +
خُشوع ع عاجزی۔ فروتنی۔ گڑگڑانا۔ نوث
خُشونت ع سختی۔ کھردرا پن۔ درشتی
خشی ع خوف +
خشینج ف مخفف ہے آخشیج کا +

خشیہ ا خوف۔ دہشت +

باب خائے معجمہ مع صاد مہملہ

خَصَاصہ ع درویشی۔ بدحالی۔ مفلسی +

خَصَّاف ع موچی۔ چمار +

خِصَال ع جمع خصلت کی +

خِصَام ع لڑنا جھگڑنا اور خصم کی جمع بھی ہے

خَصَائِص ع خصیصہ کی جمع۔ سبھاؤ۔ خصلت۔ خاصیت +

خَصَائِل ع جمع خصلت کی +

خِصب ع عیش کی فراخی آسودگی گھاس کی بہتات۔ ارزانی +

خَصل ف داؤ نرد کا جو قمار بازی میں نقد داؤ پر لگایا جائے

خَصلت ع خو۔ عادت۔ سبھاؤ +

خَصم ع دشمن۔ مالک اور صاحب جھگڑا کرنے والا۔ خاوند +

خصمان ف جمع خصم کی +

خَصمانِ سفلی ف اربعہ عناصر +

خصمانہ ف غرور و پرداخت۔ تربیت۔ دشمن کی طرح۔ حریف +

خصمی ع دشمنی۔ مالکیت +

خصم یک چشم ف دجال۔ شیطان۔ دل اور آسمان سے بھی مراد ہے +

خصوص ع خاص ہونا۔ خصوصیت +

خصوصاً ع خاصکر +

خصوصیات ع جمع خصوصیت کی +

خصوصیت ع خاص ہونا +

خُصُوم ع جھگڑالو۔ دشمن +

خُصُومت ع دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا +

خصومات ع جمع خصومت کی +

خُصُومت ع دشمنی۔ جھگڑا۔ کینہ +

خُصیتان ع دو نوں آنڈ کے بیضے خصیے۔

خَصِیم ع جھگڑا کرنے والا۔ دشمن +

خَصّی ع جس جانور کے خصیے نکالڈالیں نامرد

خصیبن ع گھاڑا +

خُصیہ ع بیضہ۔ انڈا +

خُصیہ بر کلہ جستن ف کمال دہشت کھانا۔ پریشان ہونا +

باب خائے معجمہ مع ضاد معجمہ

خِضاب ع مہرنگ عموماً وسمہ اور حنا خصوصاً۔ گلگونہ۔ رنگین +

خضارہ ع دریا +

خضب ع رنگنا۔ رنگ کرنا +

خِضر خضر ع ایک پیغمبر یا ولی کا نام ہے جو گمراہوں کو راہ بتلاتا ہے +

خَضِر ع شاخ سبز۔ ہری ٹہنی +

خَضَر ع تازگی۔ ہریاول۔ سبزی +

خَضرا ع سبزہ۔ ہری گھاس۔ مہر نشت سبز آسمان ہمدان میں ایک عمارت ہے۔ قوم کا سردار

خضرائے دمن ع وہ سبزی جو گھورے کوڑے کرکٹ اور کھاد وغیرہ میں آگ پڑتی ہے جیسے عورت جو صورت کی اچھی اور اصل کی بری ہو۔ جو شخص ظاہر میں آراستہ اور باطن میں بری ہو +

خضر خان ف ہندوستان کے بادشاہوں میں سے خاندان سادات کا پہلا بادشاہ جس نے سنہ ۸۱۷ھ سے سنہ ۸۲۴ھ تک سلطنت کی +

خُضرت ع سبزی۔ ہریالی نباتات کی اور انسان میں گندم گونی +

خضر خضر اخراہم ف حضرت خضر سے مراد ہے۔ کیونکہ وہ جہاں قدم رکھتے ہیں وہ زمین سرسبز اور شاداب ہو جاتی ہے +

خِضرِ راہ ف راہنما۔ رہبر +

خُضرَوات ع ترکاریاں۔ سبزیاں +

خضور ع بفتح اول سبز شوندہ بضمتین سبزی ہا

خُضُوع ع عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا +

خَضیب ع رنگین۔ رنگا ہوا +

باب خائے معجمہ مع طائے مہملہ

خَطّ ع لکیر جس میں صرف طول ہو عرض و عمق نہ ہو۔ ہر لکھی ہوئی شے عموماً اور نامہ مکتوب خصوصاً نیا سبزہ جو لبوں سے شروع ہو کر رخساروں کے گرد ظاہر ہوتا ہے مخصر حجت +

خطا ع گناہ کرنا۔ ناصواب۔ بھول +

خطا ع ترکستان اور چین کے مابین ایک ملک ہے +

خطِ آب ف نقش آب۔ محبوب۔ نشانہ ناپائیدار +

خِطاب ع وہ لقب جو بادشاہوں یا حاکموں کیطرف سے ملے۔ روبرو بات کہنا صفت غیبت کی حضور اور عتاب کے معنے میں بھی آیا ہے +

خِطابہ ع خطبہ پڑھنا۔ خطبہ خوانی +

خط از خون نوشتن ف کمال عاجزی کرنا

خط ازرق ف جمشید کے پیالے پر سات خط کھینچے ہوئے تھے ان میں سے اوپر کے کنارہ کیطرف سے چوتھا خط جسے خط سیاہ بھی کہتے ہیں +

خطِ استوا ع وہ دائرہ عظیمہ ہے جو زمین کے بیچوں بیچ قطبین سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب کی جانب کھینچا ہوا مانا گیا ہے اسکو خط استوا کہنے کی وجہ یہ ہے کہ جب آفتاب اس خط پر آتا ہے تمام دنیا میں دن رات برابر ہوتا ہے +

خطِ اشک ف جام جمشید کا پانچواں خط +

خَطّاط ع بہت لکھنے والا۔ خوشنویس +

خطِ اقلیسی ع دو متقاطع خط ایک دوسرے پر قائمہ زاویے بناتے ہوئے +

خُطّاف ع ابابیل جو ایک مشہور پرندہ ہے

خِطام ع اونٹ کی مہار +

خطِ اوّل ع الف سے مراد ہے۔ جو حروف تہجی کا پہلا حرف ہے عرش اعظم اور مکہ معظمہ سے مراد بھی ہے +

خَطایا ع جمع خطیہ کی۔ خطائیں +

خَطب ع کار دشوار۔ حادثہ +

خُطَب ع جمع خطبہ کی +

خُطَبا ع جمع خطیب کی +

خط بخون دادن ف اپنے قتل پر راضی ہو جانا۔ اپنا قتل منظور کر لینا +

خط بخون نوشتن ف کمال ہمدردی ظاہر کرکے خط لکھنا۔ لڑائی اور خونریزی کیواسطے بلانے کو خط لکھنا۔ یا اظہار کرکے خط لکھنا کہ جو شخص جس کیواسطے حاضر نہ ہوگا قتل کیا جائیگا

خط برآب کشیدن ف لغو حرکت کرنی عجیب کام کرنا +

خط بر خاک کشیدن ف شرمندہ ہونا +

خط بر عالم کشیدن۔ خط بر جہان کشیدن ف دنیا کو چھوڑ دینا۔ دنیا سے قطع تعلق کرنا +

خط پرکار ف وہ خط جو پرکار سے کھینچا جاوے دائرہ کا محیط۔ دائرہ +

خط بسر خود دادن ف مچلکا لکھدینا +

خط بصرہ ع جام جمشید کا تیسرا خط +

خطِ بغداد ع جام جمشید کا دوسرا خط +

خِطبہ ع منگنی کرنا۔ کسی عورت سے نکاح کرنے خواہش کرنا +

خُطبہ ع کتاب کا دیباچہ وہ کلام جس میں حمد نعت اور خلقت کے لئے وعظ و نصائح ہوں یہ خطبہ جمعہ اور عیدین کی نمازوں کیساتھ

امام ممبر پر کھڑا ہو کر سنایا کرتا ہے اِس میں حاکم
وقت کا نام بھی تعریف کیسا تھ لیا جاتا ہے +
خطِ تواماں ف خط کی ایک قسم ہے جس میں
دو ورقوں کے ایک صفحہ پر مختلف نقوش
کھینچے جاتے ہیں۔ اور اُن دونوں ورقوں
کے آپس میں ملا دینے سے موٹے موٹے سفید
حرف نمایاں ہوتے ہیں +
خطِ تیغ ف تلوار کا زخم +
خطِ جواز ع راہداری کا رقعہ یا پروانہ +
خطِ جور ف جام جمشید کا پہلا خط +
خطِ جوہری ع اصطلاح حکما میں وہ خط جو
صرف ایک طرف میں قسمت کو قبول کرے
مجازاً محبوب کا منہ۔ معشوق کی کمر +
خطِ خاک کشیدن ف شرمندہ ہونا۔ نجات
خطِ خطر ع بمعنے خط اشک +
خطِ درشکر ف جام جمشید کا پانچواں خط +
خطِ دمیدن ف رخساروں کے گرد نیا
سبزہ نکلنا +
خطِ دیوانی ف دفتر والوں کا شکستہ خط +
خَطر ع قدر و جاہ۔ عظمت و بزرگی آفت
دشواری۔ اندیشہ۔ ضرر +
خطِ راہ ف راہداری کا پروانہ۔ رقعہ +
خطرہ ع دل کا اندیشہ۔ کھٹکا +
خطِ ریحان۔ ابن مقلہ نے جو چھ خط
ایجاد کئے تھے ان میں ایک خط کا نام ہے
جسے خط گلنار بھی کہتے ہیں +
خطِ زبرجد رنگ۔ خط سبز محبوبوں
کے منہ کے گرد کا نیا سبزہ +
خطِ سرو ف خوشنویسوں کی اصطلاح میں
خط کی ایک قسم ہے +
خطِ شعاع ع آفتاب کی کرنیں +

خطِ صلیبی ع وہ متقاطع خط جو ایک دوسرے
کو زاویا۔ قائمہ پر تقاطع کریں +
خَطف ع اُچک لیجانا۔ بجلی کا آنکھوں کو
روشنی اور چمک کے سبب خیرہ کر دینا +
خطِ فرو دینہ ف جام جمشید کا ساتواں خط +
خطِ کاسہ گر ف جام جمشید کا چھٹا خط +
خطِ کردار ف نامہ اعمال۔ فرمان الٰہی +
خط کشیدن ف محو کرنا۔ مٹا دینا۔ برطرف
کرنا۔ متروک کرنا۔ سبزہ نکلنا۔ لکھنا +
خطِ گلنار ف خط ریحان +
خطِ محور ع محور زمین۔ یعنی زمین کا وہ فرضی
خط جو اسکے مرکز سے گزر کر محیط کے دو نو
طرف پہنچتا ہے۔ اور جسکے گرد زمین کو روزانہ
گردش ہے۔ جو ۲۴ گھنٹہ میں پوری ہوتی
ہے۔ محور کے دونو سرے قطبین کہلاتے ہیں +
خطِ مستقیم ع سیدھا اور ہموار خط دو نقطوں
کے درمیان چھوٹے سے چھوٹا خط +
خطِ مشکین ف خط سبز +
خطِ مندل خط حصار ع وہ دائرہ
جو منتر پڑھنے والے لوگ اپنے یا کسی اور
شخص کے گرد بھوت پریت کے آسیب
بچنے کے واسطے کھینچ لیتے ہیں +
خطمی ع گل خیرہ +
خطِ نسبین ف نقطہ سے مراد ہے +
خطِ نصف النہار ع ایک دائرہ نصف النہار
خطِ نیل ف الف کی شکل کا ایک سیاہ خط
جو بچوں کی پیشانی پر دفع چشم زخم کے واسطے
کھینچ دیتے ہیں +
خطوات ع جمع خطوہ کی +
خطور ع گذرنا۔ دل میں کوئی بات آنی۔ اندیشہ
خطوطِ شعاعی ع آفتاب کی کرنیں +

خُطوہ ع قدم۔ ڈگ +
خِطّہ ع شہر کلاں۔ زمین محدود۔ زمین کا ٹکڑا۔ قطعہ
خطّی ع ایک قسم کا نیزہ جو نہایت سیدھا ہوتا
ہے۔ منسوب خط جو نام ایک مقام کا ہے +
خطیب ع خطبہ پڑھنے والا۔ لوگوں کو
مخاطب کرکے بولنے والا +
خطیب الٰہی ع ہاتف غیبی۔ قاری قرآن
خطیب فلک ع ستارۂ مشتری +
خطیر ع بزرگ۔ بڑا۔ کلاں +
خطیّہ ع گناہ۔ جرم +

باب خائے معجمہ مع فائے

خَفت ف ایک قسم کی گھاس ہے جس کو
جلدی آگ لگ جاتی ہے +
خُف ع موزہ +
خَفا ف ناراض۔ غصے والا +
خِفا ع پوشیدگی۔ پنہائی +
خَفاجہ ع عرب میں ایک گروہ ہے۔ جو
راہزن اور چور ہے +
خفاش ع چمگادڑ۔ شپرہ +
خَفّاف ع موزہ فروش۔ موزہ دوز +
خفا کردن ف گلا گھونٹنا +
خفایا ع جمع ہے خفیہ کی۔ پوشیدگیاں +
خِفّت ع سبکی۔ ہلکا پن +
خَفتان ف ایک قسم کا جامہ جو کرتی کی مانند
ہوتا ہے۔ لڑائی کے روز پہنتے ہیں۔ اور
یوں بھی اور لوگ پہنتے ہیں +
خفتانیدن ف سلانا +
خفتِ عقل ع کم عقلی۔ بیوقوفی +
خفتن ف سونا۔ نیند کرنا +
خفت و خیز ف آہستگی۔ بتدریج۔ بیقراری
اضطراب۔ جماع +
خفتہ ف خمیدہ +
خفتہ ف سویا ہوا +
خفچاق ت ترکوں کی ایک صحرا نشین قوم
کا نام ہے۔ اس جنگل کا نام بھی ہے۔ جہاں
وہ قوم رہتی ہے +
خَفر ع شرم۔ حیا۔ نگہبانی +
خِفرق خُفرق ع بدرشت۔ بدخو بیغیرت
بعض کے نزدیک خفرق خفرگ کا معرب
ہے جو خفت (ایک قسم کا نہایت نرم گھاس)
اور رگ سے مرکب ہے۔ سست و نرم رگ
بیغیرت آدمی۔ بڑا پاجی +
خَفریق ع بُرا۔ بد۔ زشت۔ مجازاً شرم۔ ندامت
خَفض ع کسی کو اسکے مرتبہ سے گرانا۔ اور کلمہ کو
کسرہ دینا۔ تن آسانی عیش و عشرت نرم رفتاری +
خَفقان ع دل کا دھڑکا۔ دھڑکنا دل کا
فارسی والے ق پر جزم بھی پڑھتے ہیں +
خفگی ف ناراضگی۔ خفا ہونا +
خَفہ ف ناراض۔ گلو افشردہ۔ گلا گھونٹنا
خَفی ع پوشیدہ چھپا ہوا +
خَفیات ع جمع خفیہ کی۔ پوشیدگیاں +
خفیدن ف خفا ہونا +
خفیدن ف کھانسنا +
خفیر ع بدرقہ۔ نگاہبان۔ گارڈ کے سپاہی +
خفیف ع ہلکا +
خفیق ع پانی کے چلنے کی آواز۔ ہوا کے چلنے
کی آواز۔ وہ شخص جسے مرض خفقان ہو +
خفیہ ع پنہانی۔ پوشیدگی۔ چھپا ہوا +

باب خائے معجمہ مع لام

خَلّ ع سرکہ +

خِل ع دوست +
خَلَا ع پاخانہ۔ خلوت تنہائی۔ اور خالی جگہ
حکما کے نزدیک کسی شے کا خلا (بالکل خالی
ہونا) محالات سے ہے۔ اُن کے نزدیک ہر مکان
اور ہر شے ہوتی جس پر حصوناً خالی ہونے کا
اطلاق کیا جاتا ہے ہوا سے بھری ہوئی ہے +
خَلَاب۔ خلابش ع کیچڑ +
خَلَابہ ع کسی کو چکنی چپڑی باتیں کر کے پھسلا
لینا۔ داؤں میں لانا +
خَلَار ف شیراز کے پاس ایک گاؤں ہے +
خلانشان ف سدلوگ سفلہ دشمن پیارک +
خَلَاشہ ف خاشاک۔ کوڑا کرکٹ +
خَلَاص ع چھٹکارا۔ مخلصی۔ رہا۔ آزاد +
خِلَاص ع خالص برگزیدہ۔ صدق محبت
کٹھالی جس پر زرگر لوگ سونا چاندی گلاتے ہیں +
خَلَاصہ ع اصل۔ پاک۔ صاف۔ برگزیدہ +
خَلَاصی ف چھٹکارا نیز خلاص کے معنے بھی
چھٹکارے کے ہیں اس لحاظ سے خلاصی ہیں
یا یہ مسند ہی اُٹھانا۔ فارسیوں کا تصرف ہے +
خَلَاع ع جمع خلعت کی +
خِلَاعت ع بیماری سے غم اُٹھانا۔ کرتے رضا
خَلَاعت ع ماں باپ کا نافرمان ہونا۔ پریشان
ہونا۔ حیران ہونا۔ فسق و فجور +
خَلَاف ف بید کا درخت +
خِلَاف ع برعکس۔ مخالف۔ ناموافقت۔
ناانصافی جھوٹ۔ خلاف واقع +
خِلَافت ع جانشینی کسی کی جگہ پر بیٹھنا خلیفہ ہونا
خلاف جستن ف مخالفت کرنا۔ باہم نااتفاقی
ظاہر کرنی۔ ابتدائی جھگڑا کرنا +
خلاف کردن ف خلاف کرنا جھوٹ کہنا۔
خلاق ع ایک سرایک قسم کی خوشبو ہے اور

بفتح خوبی کا کافی حصہ اور بفتح اول و تشدید لام
بہت پیدا کرنیوالا۔ خدا تعالیٰ +
خَلَافت ع پرانا ہونا۔ کہنگی +
خلاق معانی ع خاقانی کا لقب ہے +
خِلَال ع درمیان۔ اثنا دو چیزوں کا درمیانی
فاصلہ۔ دانت کریدنے کا تنکا +
خلال کردن ف طعام سے منہ اٹھا لینا +
خلال ماموتی ع ایک قسم کا خوشبودار گھاس ہے
جسے عربی میں اذخر کہتے ہیں +
خلال مایدہ ف سوہان جو ایک قسم کا کھانا ہے
خِلَالہ ع دانت کریدنے کا تنکا +
خلال نماندن از چیزے ف سب کا
سب غارت ہو جانا +
خُلَّان ع جمع ہے خلیل کی +
خلانیدن ف چبھونا +
خلایف ع جمع ہے خلیفہ کی +
خَلَایق ع جمع ہے خلق کی +
خُلَّت ع دوستی محبت +
خَلْج ع باہر کھینچنا +
خَلْجان ع چبھنا۔ تردد۔ اور فکر اور وسوسہ
جھوں سے اشارہ کرنا میل خاطر خواہش فارسی
والے لام پر سکون بھی پڑھتے ہیں +
خَلْج ف ترکستان میں ایک حسن خیز شہر ہے +
خلخال ع پازیب۔ گوجری۔ پابرنجن آذر
بائیجان میں ایک شہر ہے +
خلخال زر ف سورج۔ آفتاب +
خلخال فلک ع سورج۔ چاند +
خُلْد ع بقائے اثم ہمیشگی ہمیشہ رہنے کی جگہ بہشت
خلسہ ع ربودگی ہوتی اور صاحب باطن
لوگ ایک قسم کے مراقبے میں مشغول ہوتے
ہیں۔ اور اُن پر بہت سے اسرار منکشف ہو جاتے

ہیں اسکو انکی اصطلاح میں غیبت بھی بولتے ہیں
خلش ف زخم کرنا۔ اور جہاں پر زخم ہو
وہاں تک کسی چیز کا چبھنا۔ دل میں جو
تکلیف پہنچتی ہے۔ جھگڑا +
خُلَّص ع خالص۔ صادق +
خِلْط ع ملی ہوئی شے اور اخلاط اربعہ میں
سے ایک خلط یعنے خون یا صفرا یا بلغم یا سودا
اور بالفتح ملنا۔ ملانا +
خُلْطہ ع شراکت۔ آمیزش معاشرت +
خَلْع ع بفتح اول کسی جگہ سے نکلنا۔ بدن سے
کپڑا یا موزہ اُتارنا۔ خلعت دینا۔ اور بضم اول
عورت کا حق مہر کے عوض طلاق لینا +
خلع بدن۔ خلع روح ع فعل سیمیا ہے یعنے
اپنا قلب چھوڑ کر دوسرے کے قالب میں
چلا جانا۔ اپنی جان دوسرے کے بدن میں
ڈال لینا۔ روح کا بدن سے الگ کرنا +
خِلْعَت ع لباس یا پوشاک جو امیر یا بادشاہ
کی طرف سے دیا جائے۔ سرپا +
خلعت انعامی ع ف وہ خلعت جو بدن
پر پوری اور ٹھیک آئے +
خلعت دادن ف بڑا دینا۔ نوازش کرنا
خلعت دادن حروف ف ان خطاطوں سے
مراد ہے جو خوشنویس لوگ اپنے شاگردوں کے
عمدہ حروف کے گرد کھینچ دیتے ہیں +
خَلَف ع پیچھے آنیوالا۔ نیک فرزند بیٹا۔ جانشین
خَلْف ع پیچھے۔ پس بدچلن بیٹا +
خُلْف ع خلاف وعدہ کرنا +
خَلِف ع جننے والی اونٹنیاں +
خُلَفا ع جمع خلیفہ کی +
خُلُق ع خوے۔ عادت۔ سبھاؤ +
خَلْق ع خلقت دنیا کے لوگ مخلوق پیدا کیا ہوا

خَلَق ع جامہ کہنہ پھٹا پرانا کپڑا۔ گدڑی +
خُلقان ع جمع ہے خلق کی +
خلق آتشین ف حرص شیطان صحبت پریت
خُلق آتشین ف غصہ تندی مزاج +
خلق پوش ف گدڑی پہننے والا۔ پھٹے
پرانے کپڑے پہننے والا +
خِلْقَت ع دنیا کے لوگ۔ مخلوق پیدا کیا ہوا
خَلَل ع کشادگی۔ رخنہ۔ کام میں تباہی آجانا
فتور پڑنا۔ بگاڑ۔ فساد +
خِلْم ف خلط غلیظ جو انسانوں اور حیوانوں
وغیرہ کے ناک سے نکلتی ہے۔ ناک کا فضلہ
پنجابی۔ سینڈھ۔ عربی میں یار دوست کو کہتے ہیں +
خُلم ف نواح بلخ میں ایک قصبہ ہے ناک کا فضلہ
خُلُوّ ع خالی ہونا +
خَلْوَت ع تنہائی۔ مکان کا خالی ہونا +
خلوت باصفا ف ایک مقام کا نام ہے
خلوت خانہ خلوت سرا۔ خلوت
گاہ ف تنہائی میں بیٹھنے کا مقام +
خلوت دوست ف وہ شخص جو اکیلا
رہنا پسند کرے۔ تنہائی پسند +
خلوت سرائے الست ف وہ جگہ جہاں
خداوند تعالیٰ نے تمام روحوں کو خطاب
کر کے فرمایا تھا۔ کہ "الست بربکم" یعنے کیا
میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں؟ اور سب نے
جواب میں کہا تھا کہ "بلیٰ" یعنے بے شک
تو ہمارا پروردگار ہے +
خلوت صحیح ع تنہا ہونا۔ خاوند جورو کا
ہمبستری کے لئے ایسے مقام میں اکٹھا ہونا
جہاں پر کوئی حیوان اور انسان نہ ہو +
خلوت گزیدہ۔ خلوت گزین
خلوت نشین ف تنہائی میں بیٹھنے والا

خلود ع ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی +
خلوص ع سادہ اور پاک ہونا۔ مجازاً دوستی خاص
خلوق ع خوشبو بوئے خوش +
خلہ ف سیخ۔ ہر نوکدار چیز +
خلی ع بے غم۔ بےفکر +
خلیتہ ف تھیلا +
خلیج ع دریا کی ایک شاخ جو تین طرف خشکی سے محیط اور ایک طرف سمندر سے ملی ہو +
خلیدن ف چبھنا زخم کرنا۔ گھایل کرنا +
خلیط ع شریک۔ انباز +
خلیع العذار ع باگ ڈور ٹوٹے ہوئے۔ مجازاً شتر بے مہار۔ اسے بے لگام انسان بے قید وہ شخص جو کسی کے کہنے سننے میں نہ ہو اور کسی امر کی پرواہ نہ کرے آزاد خیالات کا آدمی +
خلیفہ ع جانشین ولیعہد کسی کی جگہ جو اسکی وفات کے بعد مقرر ہونیوالا +
خلیق ع صاحب خلق اچھے برتاؤ کا آدمی +
خلیل ع دوست صادق۔ سچا دوست حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب بھی ہے +
خلیل اللہ ع خدا کا دوست لقب حضرت ابراہیم کا
خلیلے ہروی ف ایک قسم کا آلوچہ جو ہرات شہر میں ہوتا ہے +

باب خائے معجمہ مع میم

خم ف کج۔ ٹیڑھا +
خم ف شراب کا مٹکا شراب خیرہ کلوپیہ نقارہ جو لڑائی کے دن بجاتے ہیں۔ نفیری +
خم ابرو بلند کردن ف بھوؤں سے اشارہ کرنا
خمار ع عورتوں کی اوڑھنی +
خمار ع نشہ کا اتار جس سے ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں بدن کی جو نشے کے اترتے وقت لاحق ہوتی ہے +

خمار ع خمر ساز۔ مے فروش +
خماسی ع وہ کلمہ جسمیں پانچ اصلی حرف ہوں پانچوا
خمان ف کمان خم ہونا خم شدہ چیز +
خم اندر خم داشتن ف مساوی ہونا +
خمانیدن ف تمسخر کے طور پر کسی کی حرکات و سکنات کی نقل کرنا خم کرنا ٹیڑھا کرنا جھکانا +
خم آہن۔ خماہن۔ خماہان ف سیاہ سرخی مایل ایک قسم کا مضبوط پتھر ہوتا ہے۔ جسے عربی میں صندل حدیدی کہتے ہیں۔ سیاہی سرخی مایل ایک مہرہ +
خم آہن گون ف آسمان +
خمپارہ ف ایک قسم کی توپ جسکا منہ بڑا اور لمبائی کم ہوتی ہے +
خمبرہ ف چھوٹا مٹکا +
خم بستن بر چیزے ف اسپر نقارہ لادنا +
خمچہ ف چھوٹا مٹکا +
خمخانہ ف شراب خانہ +
خمرہ ف مغرورانہ بات کہنی ناز و تبختر سے کلام کرنا۔ بُرے طور پہ کھانا کھانا +
خم دادن ف روکرنا۔ دفع کرنا +
خم در خم گسستن و شکستن ف اسکی تباہی اور بربادی کے درپے ہونا +
خمر ع شراب +
خمرہ ف چھوٹا مٹکا +
خمرہ ع بوریا۔ چٹائی۔ حصیر +
خم زدن ف بھاگ جانا +
خم زدن ترازو ف ترازو کے کسی ایک پلڑے کا جھک جانا +
خمس ع پانچ یعنے ص۔ ۵۔ ی +
خمس ع پانچواں حصہ $\frac{1}{5}$ +
خمستان۔ خمکدہ ف شراب خانہ +

خمسون ع پچاس۔ ۵۰۔ ۵۰ +
خمسہ ع پانچ۔ ۵۔ مخمس۔ پانچ شعر والا آذربائیجان میں ایک شہر کا نام بھی ہے +
خمسہ متحیرہ ع سبعہ سیارہ میں سے سوا دو سیارہ (شمس و قمر) کے باقی پانچ ستارے یعنے عطارد زہرہ مریخ۔ مشتری۔ زحل خمسہ متحیرہ کہلاتے ہیں اسواسطے کہ وہ کبھی کبھی اپنی رفتار معمولی کو چھوڑ کر پیچھے کی طرف رجعت کرتے ہیں اور پھر پھر کر اپنی رفتار معمولی پر چلتے ہیں تو گویا ان میں تحیر ہوتا ہے +
خمسہ مسترقہ ع شمسی سال دراصل ۳۶۵ دن ۵ گھنٹہ ۴۸ منٹ ۴۸ سکنڈ یعنے $365\frac{1}{4}$ دن کا تقریباً ہوتا ہے لیکن فارس کے متاخرین مورخ ہر شمسی مہینہ ۳۰ دن کا قرار دیتے ہیں۔ اور پانچ دن ماہ اسفندار کے آگے بڑھا لیتے ہیں انہی پانچ دنوں کو خمسہ مسترقہ (گزشتہ سال میں سے چرا کر الگ کر لئے گئے ہوں) کہتے ہیں۔ اور چوتھائی دن جو باقی بچ رہتا ہے اسکے عوض ۱۲۰ برس کے بعد ایک مہینہ بڑھا کر ۱۳ ماہ کا سال قرار دیتے ہیں۔ ان پانچ دنوں کے نام یہ ہیں۔ اہنود۔ اشنود۔ سفندار۔ دہشت۔ ہشتویش۔ گویا یہ پانچ دن سال میں سے چرا کر لئے جاتے ہیں بعض محققین اس لفظ کی تشریح میں یوں بیان کرتے ہیں کہ عجم کے ایک بادشاہ کا وزیر ان پانچ دنوں کا محاصل تمام ملک سے وصول کر لیا کرتا اور ادا کرتے وقت حساب میں نہ لگاتا۔ اس واسطے ان دنوں کو خمسہ مسترقہ یعنی پانچ چرائے گئے دن کہا جاتا ہے +
خمسہ نظامی ف شیخ نظامی گنجوی کی پانچ کتابیں مشہورہ مخزن اسرار۔ لیلیٰ مجنوں۔ خسرو شیریں۔ ہفت پیکر۔ سکندرنامہ۔ خمسہ نظامی کہلاتی ہیں +
خمش ف مخفف خاموش کا +
خمط ع پیلو کا درخت ہر ترش ذائقہ چیز خاردار درخت
خمع ع پہاڑ پہ رہنیوالا بھیڑیا +
خم عیسے ف عیسے کے معجزات سے ایک یہ بھی تھا کہ ہر طرح کے رنگ کا کپڑا مٹکے میں ڈال دیتے۔ نکالتے تو سفید و سیاہ ہوتا +
خم فلاطون۔ خم افلاطون ف کتب فارسی میں لکھا ہے کہ جب افلاطون بہت بوڑھا ہوگیا۔ تو ایک مٹکے میں بیٹھا۔ اور شاگردوں نے اس کی وصیت کے بموجب مٹکے کو اوپر سے مضبوط باندھکر ایک پہاڑ کی غار میں رکھدیا۔ اسی مٹکے کو خم فلاطون کہتے ہیں مگر اس کی صحت کسی معتبر کتاب سے نہیں پائی +
خمک ف اصول موسیقی کے بموجب تالیاں بجانی۔ تال دینا۔ مطلق آواز +
خم کے خوردن ف کسی کے داؤ میں آنا۔ کسی سے فریب کھانا +
خم لاجورد ف آسمان +
خم نیل ناب ف خالص نیل کا مٹکا۔ آسمان سے بھی مراد ہے +
خم و چم ف اترانا معشوق کا ناز و ادا +
خمود ع آگ کا بجھ جانا۔ بیہوش ہونا آرام لینا
خموش ف چپ چاپ خاموش کا مخفف ہے
خموشیدن ف چپ رہنا چپ ہو جانا +
خموش کردن آتش ف آگ بجھانا +
خموش کردن شمع ف شمع کا گل کرنا +
خمول ع گمنام ہونا۔ گمنامی +
خمیازہ ف انگڑائی +
خمیازہ یا ف تھوڑا سا سبو جو کاہلی اور سستی کے دفع کرنے کے لئے پیتے ہیں +

خمیازہ بر چیزے کشیدن ف اس چیز کا مشتاق ہونا +
خمیازہ خشک ف آرزوے بے وصل
خمیازہ کردن ۔ خمیازہ زدن
خمیازہ کشیدن ف انگڑائی لینا +
خمیدن ف ٹیڑھا ہونا ۔ خم کھانا ۔ کبڑا ہونا +
خمیدہ ف کبڑا ۔ ٹیڑھا +
خمیر ع سڑا ہوا آٹا جو اور آٹے کو پھیلا دیتا ہے +
خمیر آمدن ف خمیر تیار ہونا ۔ خمیر اٹھنا +
خمیس ع جمعرات کا دن ۔ ۵ لشکر جسمیں پانچوں کی پانچوں قسم ہوتی ہیں یعنی مقدمہ ۔ قلب ۔ میمنہ ۔ میسرہ ۔ ساقہ ۔ جیسا کہ ترکی میں ہراول ۔ قول ۔ جرنغار ۔ برنغار ۔ چنداول

باب خائے معجمہ مع نون

خن ف مخفف خانہ کا +
خنادق ع جمع خندق کی ۔ کھائیاں +
خنازیر ع جمع خنزیر کی ۔ خوک +
خناس ع دیو ۔ شیطان جو دلمیں وسوسہ ڈالے
خنافس ع جمع خنفسا کی +
خناک خناق ع حلق کی مشہور بیماری ہے
خنام ع ایک بیماری کا نام ہے +
خنب ف خم ۔ شراب وغیرہ کا مٹکا +
خنبرہ ف چھوٹا مٹکا +
خنبرۂ دوار ف آسمان +
خنبک ف تال دینا ۔ تالی بجانا +
خنبوری ف بروزن طنبوری ۔ پل صراط ۔ قیامت ۔ کھینچنے والا کسان
خنبیدن ف تالی بجانا ۔ تال دینا +
خنثیٰ ع جو نہ مرد ہو نہ عورت ۔ اور سریانی میں بمعنی ہیرہ مستعمل ہے +
خنجر ف مشہور ہتھیار ہے اور شمشیر کے معنے میں بھی آیا ہے

خنجر زر ۔ خنجر صبح ۔ خنجر زر فشان ۔
خنجر فلک ف آفتاب کا نکلنا ۔ پو پھٹنی +
خنجر بر تن زدن ۔ خنجر بہ سنگ
کشیدن ف خنجر کا تیز کرنا +
خنجری ف ایک ساز کا نام ہے +
خندان ف ہنستا ہنسی کرتا ہوا ۔ عہ ہنستا ہوا
خندانیدن ف ہنسانا +
خند خندان ۔ خندان خندت
مخفف خندان خندان کا ۔ ہنستے ہنستے +
خندریس ع پرانی شراب ۔ پرانی گیہوں +
خندق ع معرب کندہ کا ۔ کھائی جو شہر کی چار طرف بناتے ہیں +
خندگار ف خداوندگار یا خواوندگار کا مخفف ہے
خندہ ف ہنسی +
خندۂ آفتاب ف طلوع آفتاب +
خندہ آمدن بر چیزے ف ہنسی آنا +
خندۂ برق ف بجلی کا کوندنا +
خندۂ تیغ ۔ خندۂ شمشیر ف اسکی خونریزی
خندۂ جام ف جام شراب کا پرتو +
خندۂ راز ف بھید کا کھل جانا ۔ فاش ہوجانا
خندہ خریش ۔ خندہ ریش ف وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں +
خندۂ زمین ف سبزی کا اگنا ۔ زمین کی ہریاول ۔ پھولوں کا کھلنا +
خندۂ زیرلبی ف تبسم ۔ مسکرانا +
خندۂ شیشہ ۔ خندۂ صراحی ف قلقل شیشہ +
خندۂ صبح ف طلوع صبح +
خندۂ غنچہ ف کلی کا کھلنا +
خندہ گرفتن از چیزے ف اسپر ہنسی آنا
خندیدن ف ہنسنا ۔ قہقہا کرنا +

خنزیر ع سور ۔ خوک +
خنستان ف مبارک ۔ فرخندہ ۔ میمون +
خنصر ع چھوٹی انگلی جسکو چھنگلی کہتے ہیں ۔ چھنگلیا بھی
خنفساء ع گبریلا ۔ گوبر کا کیڑا +
خنق ع گلا گھونٹنا ۔ مخنوق +
خنک ف سرد ۔ ٹھنڈا ۔ اور خوش آسانی +
خنک ف کونہ ۔ اوبہ ۔ عاشق زار ۔ بیہودہ +
خنگ ف بدذات ۔ بدنفس +
خنگ ف ہر سفید چیز ۔ سپید اسپ وہ گھوڑا جس کے بال سفید ہوں +
خنکا ف خوشا ۔ خوشخبری +
خنگا ف موٹا ۔ ہٹا کٹا +
خنگ بت ف بت سفید ۔ مجاز آبلور کا پیالہ اور نام ایک عاشق کا +
خنگ شب آہنگ ف چاند ۔ صبح صادق ۔ اسپ ابلق ۔ براق جس پر جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم چڑھکر شب معراج کو آسمان پر تشریف لیگئے
خنگ نگسی ف سفید گھوڑا جس پر سیاہ سرخ دھبے ہوں +
خنگ ولوک ف وہ شخص جس سے کوئی کام نہ ہو سکے ۔ محض نکما آدمی +
خنوف ف بدزبان ۔ پھوہڑ ۔ گفتگو میں بے سلیقہ بیہودہ
خنیا ف راگ ۔ ساز ۔ نغمہ +
خنیاگر ف گویا ۔ ڈوم ۔ مطرب +
خنیدہ ف پسندیدہ ۔ شہرت یافتہ +

باب خائے معجمہ مع واو

خو ف عادت ۔ سبھاؤ ۔ سرشت +
خوف ف خود رو گھاس جو کھیتوں اور باغوں میں اگے ۔ چند لکڑیاں جس پر بیٹھکر معمار لوگ عمارت بناتے ہیں ۔ پنجابی گرہ کا ٹنا و دور کرنا ۔ تفصیل عشق پیچاں

خواف گوشت ۔ لحم ۔ نکسیر ۔ رعاف +
خواب ف نیند ۔ اور نیند میں جو دکھلائی دے ۔ غفلت
خواب از چشم پریدن ۔ خواب از دیدہ رفتن ۔ خواب از دیدہ میدن ف نیند کا جاتے رہنا +
خواب آلودہ ۔ خواب آلود ف مست ۔ غفلت ۔ سویا ہوا
خواباندن چیزے را با چیزے ف اس چیز کا اسمیں ملا دینا +
خوابانیدن ف سلانا +
خوابانیدن تیغ ف تلوار کی چوٹ +
خواب پا ف دیر تک بیٹھنے کے سبب پاؤں یا کسی دوسرے عضو کا بے حس ہوجانا ۔ پنجابی میں اسے سوجانا کہتے ہیں +
خواب چراغ گفتن ف چراغ کے سامنے اپنا خواب بیان کرنا تا کہ کسی نااہل کی بری تعبیر کے اثر سے محفوظ رہیں +
خواب پریشان ف وحشت ناک سپنا ۔ بے آرامی کی نیند +
خواب جاوید ف موت +
خواب خرگوش ف خواب غفلت ۔ تغافل
خواب در دیدہ شکستن ۔ خواب در دیدہ سوختن ف نیند کا جاتے رہنا
خواب دوختن ۔ خواب بستن ف کسی کی نیند باندھ دینا +
خوابستان ف خوابگاہ +
خواب صیاد ف شکار کو پھندے میں پھنسانے کیلئے صیاد کا سو رہنا ۔ مکر و فریب
خوابگاہ ف سونے کی جگہ +
خوابگاہ غول ف دنیا وجہان سے مراد ہے +
خواب کردن ف سونا ۔ نیند کرنا +
خواب نادیدہ ف طفل نابالغ +

کا آپ ہی حساب کیا کرے +
خودداری ف اپنے تئیں لغو حرکات سے سنبھالے رکھنا
خودرا ف اپنے تئیں۔ اپنے لئے +
خودرائے ف جو اپنی رائے پر ہی کام کرے
اور اور کسی کی نہ مانے +
خودرا برچیزے دوختن ف اُس چیز کیلئے
کمال مشتاق ہونا +
خودرا بکسے ساختن ف برابری کرنا +
خودرا گنبد کشیدن ف تکبر کرنا۔ غرور کرنا
خودرا جمع کردن۔ خودرا گرفتن ف
اپنے تئیں سنبھالے رکھنا +
خودرا دریافتن ف اپنے تئیں سنبھالنا +
خودرا رسن کردن ف اپنے تئیں مقید کرنا
خودرنگ ف خودرو پودے +
خودزور ف طاقتور آدمی جسے دوسرے
کی مدد کی حاجت نہ ہو +
خودسازی ف اپنا ظاہر سنوارنا +
خودستائی ف اپنی تعریف آپ کرنا +
خودسر۔ خودسوار۔ خودکام ف خودرائے
خودسری ف کسی کی اطاعت سے تکبر اور سرکشی سے انکار کرنا
خودشکن ف منکسر +
خودشناس ف عارف +
خودفگن ف آئینہ ناز +
خودفروش ف لوگوں کے سامنے اپنے
باپ دادا کی تعریف کرنا +
خودک ف خجالت خاطر۔ سواس۔ جھنجلاہٹ۔ خشم
نامالائم کے دیکھنے سے طبیعت کا پریشان ہونا +
خودکاشت ف وہ شخص خود ہی مالک زمین
کا ہو۔ اور آپ ہی اُس کو بوئے +
خودکامگی ف خودغرضی +
خودکامہ ف خودسر +

خودکشی ف اپنے تئیں آپ مار ڈالنا +
خودنما ف خودستا۔ متکبر +
خور ف بہت سی شئے آفتاب کا۔ وکیل فرشتہ
شمسی مہینے کا گیارھواں دن۔ آفتاب کے ناموں
میں سے ایک نام مزہ۔ لذت۔ تھوڑا سا کھانا۔ قوت
لایموت۔ کھانیوالا مصدر خوردن سے امر بھی ہے
خورا ف لائق۔ سزاوار۔ قوت لایموت +
خوراک ف خورش۔ کھانا۔ طعام +
خورانیدن ف کھلانا۔ کھلوانا +
خورجین ف چمڑے کا تھیلا۔ خورجی +
خورد ف کھایا ہوا۔ ریزہ ریزہ کر دیا۔ سزاوار۔ لایق +
خورداد ف ایک شمسی مہینہ ہے جو اساڑھ سے ملتا ہوا ہے
خوردخوان ف خوان طعام +
خوردکاری ف باریک بینی +
خورد۔ خوردنی ف کھانے کی چیز۔ خورش۔ کھانا
خوردن ف کھانا۔ ملاقی ہونا۔ پینا +
خوردہ ف کھایا ہوا۔ نکتہ۔ عیب۔ ہر شئے کا
ریزہ۔ آگ کی چنگاری +
خوردہ پز ف باورچی +
خوردہ کار ف وقت پسند۔ باریک بین +
خورش ف کھانا۔ طعام۔ خوراک +
داخل ہونا۔ چپھنا۔
رفتہ ف بیخود۔ عاشق۔ حیران۔
رفتہ رفتہ ف آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔
رَفث ع بیہودہ اور فحش باتیں کہنا۔
رِفد ع بڑا کاسہ۔ بخشش۔
رَفرف ف جانور کا اڑنے کے واسطے بازو
پھڑپھڑانا۔ طاق۔ سبز کپڑے۔ تکیہ۔ خیمہ۔
اسرافیل فرشتہ کے رہنے کا مقام۔
رفس ع کسی چیز کو پاؤں یا لات سے ہٹانا
رَفض۔ رَفض ع چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
رَفع ع بلند کرنا۔ اٹھانا۔ کسی کلمہ کو پیش
کی حرکت دینی۔ حاکم کے پاس اپنا جھگڑا لے
جانا۔ نوکر کو معزول اور برخاست کر دینا
رِفعت ع بلندی۔
رِفق ع نرمی۔ ملاطفت۔
رُفقا ع جمع ہے رفیق کی۔
رُفقہ ع گروہ۔ ہم سفر۔
رَفو ع پھٹے ہوئے کپڑے یا کسی اور چیز
کو اس طرح پیوند کرنا کہ پیوند معلوم نہ ہو
رفوگر ف رفو کرنے والا۔
رَفہ ع تن آسانی۔
رَفیع ع بلند۔
رَفیع الشان ع بڑے شان والا۔
بڑے مرتبہ والا۔
رَفیق ع ساتھی۔ ہم سفر۔ دوست

رائے مہملہ مع قاف

رِق ع بندگی۔ غلامی۔
رَق ع ہرن کا چمڑا جس پر کچھ لکھیں۔
رِقاب ع جمع ہے رقبہ کی۔
رَقاب ع رقیب ہونا۔ نگہبانی کرنا۔
نگہبانی۔ انتظار۔
رُقاد ع خواب۔ سونا۔ خفتن۔
رَقّاص ع ناچنے والا۔
رقاص فلک ع زہرہ سے مراد ہے
رِقاع ع جمع ہے رقعہ کی۔ ابن مقلہ کا
وضع کیا ہوا خط۔
رُقاق ع پتلی روٹی جس کو ہندی میں
پھلکا کہتے ہیں۔
رَقائق ع جمع رقیق کی مجازاً نکتے۔
اسرار۔ رمزیں۔ اشارے
رَقائم ع جمع رقیمہ کی۔
رُقبا ع جمع ہے رقیب کی۔
رَقبہ ع گردن۔ غلام
رَقبہ ع دریا کے کنارے کی زمین۔
مجازاً مطلق زمین۔
رِقت ع نرمی۔ ملائمت۔ باریکی۔ پتلاپن
مجازاً رونا۔ کسی کا دکھ دیکھ کر متاثر
ہونا۔ الفت۔ محبت۔

رَقص ع ناچنا۔ ناچ۔
رقص بسمل ع ذبح کئے ہوئے جانور
کا پھڑپھڑانا۔
رقص درختاں ف ہوا کے زور سے
درخت کی ٹہنیوں اور پتوں کا ہلنا۔
رقص اصول۔ رقص چارپارہ
رقص روانی۔ رقص کجکلاہ۔
رقص مولوی۔ رقص فلاف یہ
سب علیحدہ علیحدہ رقص کے مختلف اقسام ہیں
رقصیدن ف ناچنا۔ یہ جعلی مصدر ہے۔
رَقطا ع ہر مونث شے جس پر سیاہ و سفید
دھبے ہوں ایک صنعت کا نام ہے۔
جس میں ایک حرف منقوط اور دوسرا
غیر منقوط ہوتا ہے
رُقعہ ع پیوند۔ چیتھڑا۔ خط۔ چٹھی۔
رقعہ پست نیلگون رقعہ غبرا۔ زمین۔
رقعہ پشت نیلگون۔ رقعہ بلند
نیلگون ف آسمان۔
رقعہ مہمانی ف دعوت اور ضیافت کی
تقریب پر جو باہم رقعہ لکھتے ہیں۔
رَقم ع لکھنا۔ روپیہ کا ہندسہ۔
رَقم ع خط۔ نوشتہ۔ فرمان۔ ارقام جمع۔
رقم اوّل ع نور محمدی یا عرش۔
رقم بر خود کشیدن ف اپنے اوپر
دھبا لگانا۔ عیب لگانا
رقم پرور۔ رقم زن۔ رقم سنج
رقم طراز۔ رقم کش ف لکھنیوالا محرر
رُقود ع سونا۔ راقد کی جمع بھی ہے۔
رُقوم ع جمع ہے رقم کی۔
رَقہ ع ملک شام میں ایک شہر ہے جو دریا ئے
فرات کے کنارہ پر واقع ہے۔

رَقیب ع نگاہباں۔ پاسباں۔ اُن دو
شخصوں میں سے جو ایک ہی معشوق پر
عاشق ہوں ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے
رقیبان راز ف عارفان الٰہی جو کسی
سے اپنا بھید بیان نہیں کرتے۔ اور
چپ چاپ ہیں۔
رقیبان شب ف پاسبان لوگ
پہرہ دار لوگ۔
رقیت ع بندگی کرنا۔ غلام ہونا۔ تابعدار
ہونا۔ خدمت کرنا۔
رَقیق ع پتلا۔ باریک۔
رَقیمہ ع لکھت۔ خط۔
رُقیہ ع منتر۔ افسون۔ سحر۔ جادو۔
رُقیہ ع جناب رسول خدا کی لڑکی کا نام ہے

راے مہملہ مع کاف

رک ع ضعیف ہونا۔
رِکاب ع سوار۔ بیکے۔ اونٹ گھوڑے
کی کاٹھی میں لوہے کا حلقہ ہوا کرتا ہے جس
میں پاؤں رکھتے ہیں۔ فارسی میں لمبے
سے ہشت پہلو پیالے کو کہتے ہیں اور سواری
کے گھوڑے کے معنی بھی مستعمل ہے۔
رکاب افشاندن ف سوار ہونا۔
رکابدار ف باورچی وہ شخص جو سوار
کے ساتھ ساتھ دوڑے۔
رکاب گران کردن ف سوار ہونا۔
رکابی برتن دراز منسوب بہ کاب سے تھالی چھوٹا
طباق وہ شخص جو سوار کے ساتھ ساتھ دوڑے کوتل گھوڑا
وہ شمشیر جو گھوڑے کے پہلو پر بندھی جائے
رِکاز ع خزانہ۔ دفینہ۔
رَکاکت ع سستی ضعیفی بیاریکی۔ بے عزتی

رکبۃ ع زانو۔ گھٹنا۔
رکض ع پاؤں ہلانا۔ گھوڑا دوڑانا۔
رکضات ع جمع ہے رکض کی۔
رُکَّعاً سُجَّداً ع رکوع کرتے ہوئے (جھکتے ہوئے) اور سجدہ کرتے ہوئے (زمین پر سر دھرتے ہوئے) یعنی کمال ادب و تعظیم اور عجز و فروتنی کرتے ہوئے۔
رکعت ع نماز کا اس قدر حصہ جس میں ایک رکوع بھی آجائے۔ چونکہ نماز میں دو یا تین یا چار رکعتیں ہوا کرتی ہیں۔ پس رکعت کسی نماز کا ½ یا ⅓ یا ¼ حصہ ہوا۔
رکن ع ستون۔ کھمبہ۔ جانب۔ قوی۔ جزو اعظم خویش و اقربا۔ رشتہ دار۔ دیوار کا گوشہ
رکناباد ف شیراز میں ایک سیرگاہ ہے اور ایک نہر کا نام بھی ہے
رکن حطیم کعبے کا ایک رکن ہے۔
رکنی ع زر خالص منسوب بہ رکن الدین کیمیاگر جس کا بنایا ہوا سونا خالص ہوا تھا
رکن یمانی ع کعبہ کا ایک رکن ہے۔
رکو۔ رکوے۔ رکوہ۔ رکوک ع لتہ۔ پرانا کپڑا۔ کپڑا۔
رکوب ع سوار ہونا۔
رکوب ع سواری کے لائق ستور۔ بہت سواری کرنے والا آدمی۔
رکوع ع جھکنا نماز میں پشت خم کرنا
رکون ع آرام کرنا۔ مائل ہونا۔ راغب ہونا
رِکوہ ع چھاگل۔
رکی ع جمع رکیۃ کی۔
رکیۃ ع کنواں۔ چاہ۔ جو۔
رکیب ف امالہ ہے رکاب کا۔
رکیدن ف غصہ میں چپکے چپکے بڑبڑانا
رکیک ع سست۔ ضعیف۔ باریک ناچیز۔ تکیل۔ کم درجے کا۔
رکین ع محکم۔ استوار۔ مرد آہستہ آسودہ

راے مہملہ مع کاف فارسی

رگ ف ناڑی۔ نس۔ اصل و نسب۔
رگال ف زغال۔ کوئلہ
رگ باز گرفتن ف کسی کام میں سستی اور کاہلی کرنا۔
رگ بسمل خاریدن ف ایسا کام کرنا جس سے اپنے آپکو موت کے منہ میں ڈالا جائے۔
رگ جان ف شہرگ۔ حبل الورید۔
رگ جان بکوشش استوار کردن ف جانفشانی کرنی۔
رگ خفتن ف سست اور کاہل ہو جانا سستی کرنا۔ باز رہنا۔
رگ در تن برخاستن و جستن ف غصہ ہونا۔
رگ زن ف فصد کھولنے والا جراح۔ فصّاد
رگ فلان چیز ندارد ف اس امر کی استعداد نہیں رکھتا۔ اس کے لایق نہیں
رگ گردن ف غرور۔ سرکشی۔ دعوے
رگ گردن قوی کردن ف اپنے دعوے پر اصرار کرنا۔ اپنی ہی کہے جانا۔
رگ گردن نرم کردن ف دعوے چھوڑ دینا سرکشی نہ کرنا۔
رگ گسلیدن و کشیدن ف جان نکال لینا
رگ کشادن ف فصد کھولنا۔

راے مہملہ مع میم

رم ف بھاگنا۔ کچھ کھانا۔ کسی چیز کی اصلاح کرنا
رَم ف بھاگنا۔ رمہ۔ ریوڑ۔ آدمیوں کا گروہ منہ کے اندر باہر کا گوشت ایک جنگل کا نام بھی ہے۔
رُم ف موے زہار۔ منہ کے اندر باہر کا گوشت ایک جنگل کا نام بھی ہے۔
رمّ ع گھر یا اسکے کسی حصے کی مرمت کرنا۔
رم ف مخفف ہے ریم کی۔
رِمّ ع بہت سامال ہر چیز کا مغز۔ مٹی
رِماح ع جمع رمح کی۔
رَمّاح ع کامل نیزہ باز۔
رُمّاح ع نیزہ بازاں نیزہ سازاں۔
رَماد ع راکھ۔ خاکستر۔
رماعہ ع تالو۔
رِماک ع جمع رمکہ کی۔
رِمال ع جمع رمل کی۔
رَمّال ع وہ شخص جو علم رمل خوب جانتا ہو
رُمان ع انار مشہور میوہ ہے۔
رمانیدن ف بھگانا۔
رَمایم ع جمع رمیمہ کی۔
رُمح ع نیزہ۔ بھالا۔
رَمَد ع آنکھ کی بیماری جس میں اس کی سفیدی سرخ ہو جاتی ہے آشوب چشم۔
رم دیدہ۔ رم زدہ ف بھاگا ہوا۔ گریختہ
رَمز ع اشارہ۔ پوشیدگی۔
رمش ف رمیدن کی حاصل مصدر ہے
رَمَص ع سفید چیز جو آنکھ کے گوشے میں اکٹھی ہوتی ہے پنجابی گِڈ۔ اردو چیپڑ۔
رَمَضان ع جلانے والا ماخوذ ہے رمض سے جس کے معنی جلانے کے ہیں نواں قمری مہینہ جس میں مسلمان روزہ رکھتے ہیں چونکہ یہ مہینہ گناہوں کو جلا دیتا دھو اور نابود کر دیتا ہے اس واسطے اس نام سے موسوم ہوا یا آنکہ رمض کے معنی ہیں زمین کی تپش سے پاؤں کا جلنا چونکہ اس مہینے میں تشنگی کی شدت وغیرہ بواعث سے جان کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اسواسطے اس کا یہ نام ہوا۔ اور کچھ عجب نہیں ہے کہ اس کے نام رکھنے کے وقت یہ مہینہ شدت گرما میں واقع ہوا ہو۔ اور اسی واسطے اس کا یہ نام رکھا گیا ہو۔
رَمَق ع بقیہ جان۔ تھوڑی سی جان سسکتی جان۔ مجازاً ہر ایک تھوڑی سی چیز
رم کردن ف بھاگنا۔ وحشت اور نفرت کرنی
رَمَکہ ع گھوڑی۔ اسپ مادہ۔ مادیان۔
رَمل ع ریت ایک مشہور علم بھی ہے۔
رَمَل ع لفظی معنی اس کے "بوریا بننے کے" ہیں۔ علم عروض کی انیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن چار دفعہ فاعلاتن ہے چونکہ اس بحر میں ہر ایک وتد درمیان دو سببوں کے ہے۔ اور دو سبب درمیان دو وتد کے پس گویا اسباب اور اوتاد باہم ایک طرح سے بنے ہوئے ہیں۔ اسی واسطے اس کا یہ نام ہوا۔ یا آنکہ یہ لفظ مشتق ہے رملان سے جس کے معنی اونٹ کے جلد جلد دوڑنے کے ہیں۔ چونکہ یہ بحر زبان پر بڑی سرعت سے جلدی ہوتا ہے۔ اور جلد جلد پڑھا جاتا ہے۔ اس واسطے اس کا نام رمل ہوا۔
رمنہ ف چراگاہ۔ وہ مقام جہاں ہرن چرتے ہیں۔
رُموز ع جمع ہے رمز کی۔
رمہ ف بکریوں کا ریوڑ۔ گھوڑوں کا گلہ۔

مطلق ریوڑ۔ آدمیوں کا گروہ۔ سپاہ ولشکر۔ پرویں جھمکا۔
رِمّہ ع بوسیدہ ہڈی کسی چیز کا بوسیدہ ہوجانا
رُمّہ ع پرانی رسّی۔ بوسیدہ رسی سب
رَمی ع ڈالنا۔ تیر چلانا۔ تہمت دینا۔ گالی دینا
رمیار ف گلہ بان۔ شبان۔
رمیدن ف بھاگنا۔ دہشت کرکے بھاگ جانا
رمیم۔ رمیمہ ع بوسیدہ کہنہ۔

رائے مہملہ مع نون۔

ران ف محنت۔ مشقت
رنب۔ رنبہ ف موئے زہار۔
رنج ف تکلیف۔ دکھ۔ بیماری۔ غصہ۔ غضب۔ رنگ۔ لون۔
رنجانیدن ف دکھ دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ خفا کرنا
رنج باریک ف تپ دق۔
رنجش ف رنج۔ دکھ۔
رنجور ف بیمار اصل میں رنج ور ہے۔
رنجور دار ف بیمار دار۔
رنجہ ف تکلیف۔ دکھ۔ ناز کے وقت خرامیدن کے معنی میں مستعمل کرتے ہیں۔
رنجیدن ف آزردہ ہونا۔
رند ف منکر۔ نالائق یعنی وہ شخص جو عقل کے سبب منکر ہو نہ جہل سے۔ شرع سے آزاد بے قید آدمی۔ محیل۔ وہ شخص جو بظاہر قابل ملامت ہو اور باطن میں اچھا۔
رندہ ف حرف درختن لکڑی کا برادہ جو رندہ کرنے سے بنتا ہے۔ رندہ۔ رندیدن سے امر بھی ہے۔ خوشبو۔ خوشگوار۔ گرد وغبار۔ مزہ میں کسیلی چیز۔
رندان خاک بیز ف باریک بین اور دقیق نظر۔ جو آدمی تحقیقات کا کوئی دقیقہ باقی نہ رکھیں۔
رندانہ کردن ف رندوں جیسا کام کرنا
رند دہل دریدہ ف شریعت کی پیروی سے نکلا ہوا۔
رندش ف لکڑی تانبے یا کسی دھات کا برادہ
رندہ ف بڑھئی کا اوزار لکڑی کے تختہ وغیرہ کو صاف اور ہموار کرنے کا۔
رندیدن ف رندہ کرنا ناز کے وقت خرامیدن کے معنی میں مستعمل کرتے ہیں
رنگ ف اس لفظ کے برہان قاطع میں ۳۳ معنی لکھے ہیں۔ اس جگہ قلیل الاستعمال کو چھوڑ کر باقی لکھے جاتے ہیں۔ رنگ۔ لون۔ حصہ۔ قسمت۔ نصیب۔ عیب۔ عار۔ رنج۔ دہشت۔ قوت۔ توانائی۔ روح وجان۔ قوی اونٹ۔ مال و زر۔ نفع۔ فائدہ۔ دلق گدڑی۔ طرز۔ روش۔ قاعدہ۔ قانون۔ مثل۔ مانند۔ نظیر۔ مکر و حیلہ۔ خوبی و لطافت۔ خوشی۔ خوش حالی۔ تندرستی۔ خجالت۔ شرمندگی۔ خون۔ دم۔ رونق۔ رواج۔ روشندگی۔ تھوڑی سی پونجی۔ والی۔ خداوند۔ صاحب۔ بڑا۔ شرم وحیا۔ آراستگی۔ وحشت۔ خشم و غضب۔
رنگ آزادن ف شعراء دل کی طرز
رنگ آمیختن ف مکر و فریب کرنا۔
رنگ آمیزی ف نقاشی۔
رنگ آوردن و برآوردن ف شرمندہ ہونا۔ شرمندگی کے ساتھ خشم و قہر کرنا۔
رنگ برآب زدن و ریختن ف تازہ منصوبہ نکالنا۔
رنگ بر رو شکستن ف کثرت غیرت وشرم یا کثرت دہشت وہیبت کے باعث رنگ فق ہوجانا۔ چہرہ کا رنگ اڑجانا۔
رنگ بروئے کار آوردن ف رونق دینا۔
رنگ برنگ شدن ف شرم کے مارے رنگ کا متغیر ہونا۔
رنگ بریدن ف رنگ کاٹنا۔
رنگ بریدن و برجستن و رم کردن و باختن و شکستن و گسیختن ف رنگ فق ہوجانا۔ رنگ اڑجانا۔
رنگ بست ف پختہ رنگ جو کبھی نہ بدلے
رنگ دادن و کردن ف رنگنا۔
رنگ دادن و گرفتن ف متغیر ہونا۔
رنگ ربیع ف موسم بہار کی رونق رواج
رنگ ریختن ف رنگ فق ہوجانا۔ منہ پر ہوائیاں اڑنی۔ عمارت شروع کرنی کام کی بنیاد رکھنی۔
رنگریز ف کپڑوں کا رنگنے والا۔ پنجابی نیلاری
رنگ فروش ف مکار۔ حیلہ گر۔ رنگریز۔ ریشم فروش۔
رنگ کردن ف مکر و فریب کرنا۔
رنگ نہ بستن ف فائدہ نہ اٹھانا۔
رنگ و آب ف آب و تاب۔ رونق۔
رنگ و آب بر روئے کار آوردن ف رونق دینا۔
رنگ و بوئے ف طمطراق۔ کر و فر۔ شان و شوکت۔ رونق۔ صفا۔
رنگ یافتن ف رنگین ہونا۔
رنگین ف رنگ کیا ہوا۔
رنگین کمان ف قوس قزح شیطان کی کمان۔ دھنک۔
رنود ف عربی کے قاعدے پر رند کی جمع۔

رائے مہملہ مع واو

رَو ف رفتن کا حاصل مصدر اور امر۔ [illegible]
رُو ف منہ۔ رخ۔ چہرہ۔ وجہ۔ سبب۔ ریا۔ بناوٹ۔ تمنا۔ امید۔ تلاش کرنا۔
رواء ع سیراب ہونا۔ وہ رسی جس سے اونٹ پر بوجھ باندھتے ہیں۔
رَوا ف جائز۔ مناسب۔ سزاوار۔ جاری۔ رواج۔ روان۔
رُواء ع دیوار۔ خوبی منظر۔
روابط ع جمع رابطہ کی۔
رُوات ع جمع ہے راوی کی۔
رَواج ع عام دستور۔ فارسی والے بکسر اول بھی پڑھتے ہیں۔
رواح ع دو گھڑی دن سے کا وقت شام تک۔ دن کا آخری وقت۔
رواحل ع جمع راحلہ کی
روا داشتن ف جائز رکھنا۔
روانستن و داشتن ف بھیجا ہونا
روازن ع جمع ہے روزن کی۔
رواشن ف عمارت کے تابدان۔
روا شدن امید ف آرزو کا بر آنا۔
روا شدن تمنا۔ روا شدن حاجت ف حاجت کا بر آنا آرزو کا بر آنا۔
روافض ع جمع رافضی کی ہے۔
رِواق ع مکان کا چھجہ۔ چھت۔ گھر کا صحن۔ پیشگاہ خانہ۔ ابر بادل صاف خالص
رواق بے ستون ف آسمان۔
رواق مسیح ع چوتھا آسمان جس پر حضرت مسیح علیہ السلام رہتے ہیں

روّاق منظرِ چشم ف آنکھ کی پُتلی
رواقیان ف حکمائے اشراقیین جو مکاشفہ
کے ذریعے احوال دلوں کا معلوم کرلیا
کرتے تھے۔ اور چونکہ وہ لوگ گھر کی چھت
پر کھڑے کھڑے ہی بیماروں کا علاج معالجہ
کرلیا کرتے تھے۔ اور کچھ احتیاج نبض کے
دیکھنے کی نہ رکھتے تھے۔ اس لئے اس نام
سے موسوم ہوئے۔
رواں ف جاری۔ بہتا ہُوا۔ فوراً۔ فی الحال
رُواں ف نفس ناطقہ۔ جان۔ روح۔
بعض کے نزدیک رواں کے معنی صرف
نفس ناطقہ ہی کے ہیں۔ اور جان روح
حیوانی کو کہتے ہیں۔ اور یہ لفظ بمعنی دانشمند
ذی عقل بھی آیا ہے۔
رواں آدرد ف حکیم۔ دانا۔
رواں بخش ف روح القدس۔
رواں خواہ ف گداگر۔
رواں انداختن ف سوال کرنا۔
رواں شدن عرق و اشک ف
پسینا جاری ہونا آنسو کا جاری ہونا۔
رواں گسستن ف روح حیوانی کا
بدن سے جدا ہونا۔ مرنا۔
روانہ ف رواں۔ زود۔ شتاب۔
روانی ف اصول موسیقی کی ایک نوع ہے۔
روائی ع ف حاجت کا بر آنا اور بر لانا۔
رواج۔ رونق۔
روایت ع کسی بات کی نقل کرنا۔ کسی
کی بات کہنا۔ بیان کرنا۔
روایت عرائض ع عرضیاں۔ سنانی۔
عرضیوں کا مضمون و خلاصہ بیان کرنا۔
روایح ع جمع ہے رائحہ کی۔

روباں ف جھاڑو دینے والا خاکروب جھاڑتا ہُوا
روباہ ف لومڑی
روباہ بازی ف مکر و فریب حیلہ۔
روباہ زرد ف آفتاب سے مراد ہے۔
روباہی کردن۔ روباہی بکار بردن ف
فریب کرنا مکر و حیلہ کام میں لانا۔
روبارو۔ روبرو ف سامنے مقابل
روبچیزے کردن و نہادن و
انداختن ف اس کی طرف متوجہ ہونا۔
روبدیوار ف حیران۔
روبکار ف سامنا۔ وہ کاغذ جس میں حاکم
کے روبرو فیصلہ لکھا جائے۔
روبکاری ف روبکار۔
روبند ف نقاب۔ گھونگٹ۔ برقع
روپوش ف چھپا ہُوا۔ جو شخص چھپ
جائے۔ ملمع کی ہوئی شے۔ مجازاً وہ شے
جو اوپر سے آراستہ ہو۔ اور اندر سے
بُری اور خراب ہو۔ منہ ڈھانپنے والا برقع
روبہ ف مخفف روباہ۔
روبہم کشیدن ف بیدماغ ہونا تیوری
چڑھانا۔ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا۔
روپیچیدن ف بیدماغ ہونا۔ ناخوش ہونا
روبیدن ف جھاڑو دینا۔ جھاڑنا۔
روث ع جمع روثہ کی۔
روثہ ع لید۔ لید کرنا۔
رَوح ع آسائش۔ فرحت۔ چین۔ خوشبو
تازگی۔ ہوائے خوش۔
رُوح ع جان۔ رحمت۔ قرآن۔ حضرت
عیسےٰ حضرت جبرائیل کا نام بھی ہے۔ اطبا کے
نزدیک وہ بخار لطیف جو دل سے پیدا
ہوکر انسان کی حیات اور حس و حرکت کا
باعث ہوتا ہے۔
روحات ع جمع ہے روح کی۔
روح اعظم روح مکرم جبرائیل علیہ السلام
رُوح القدس ع وہ روح جو حضرت
عیسےٰ پر نازل ہوتی تھی۔ حضرت جبرائیل
سے مراد ہے۔
رُوح اللہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام۔
رُوح الامین ع حضرت جبرائیل کا نام ہے
انہیں اس وجہ سے کہتے ہیں۔ کہ
وہ وحی کے پہنچانے میں امانت دار تھے
یعنی جو کچھ خداوند تعالےٰ کی طرف سے
پیغام لاتے تھے۔ بے کم و کاست بعینہ
جناب رسول خدا کے گوش گذار
کردیا کرتے تھے۔
رُوحانی ع روح کا۔ منسوب بروح۔ دلی عقلی
روحانیاں ف فرشتے۔ پریاں جن کی
پیدایش نور و نار سے ہے
روح توتیا ع جست۔ شراب۔
روح حیوانی ع حیوانات کی روح جو
تمام بدن میں دل سے پھیلتی ہے۔ اور
حیوانات کی زندگی اسی پر منحصر ہے۔
روح وار ف جاندار۔
روح طبعی ع جو جگر میں جاکر جدا کیفیت
حاصل کرتی ہے اس سے قوت طبعی قائم
رہتی ہے۔ ہضم غذا۔ تنمیہ (بالیدگی)
اور تولید اسی سے متعلق ہے۔
روح مجرد ع روح۔ جبرئیل ہ۔ عیسےٰ
روح نباتاتی ع نباتات کی روح جس سے
وہ تازہ رہتے ہیں۔ اور نشوونما پاتے ہیں
روح نفسانی ع وہ روح جو دماغ میں
جاکر کیفیت حاصل کرتی ہے۔ اس سے
انسان کا نفس ناطقہ مراد ہے۔
روخ ف ایک قسم کی لمبی لمبی گھاس
جس سے بوریا بنتے ہیں۔ پنجابی دب۔
رود ف ندی۔ نہر۔ نالا۔ تانت۔ ساز کی
تار۔ ایک باجہ کا نام بھی ہے۔ فرزند۔
انتڑیاں۔
رودابہ ف رستم کی ماں جو مہراب کابلی
کی بیٹی تھی۔
روداد ف کیفیت۔ حال۔
رودادن ف واقع ہونا۔ ہوجانا۔ ایک
ایک بات کا ظاہر ہونا۔ توجہ کرنا۔ حاصل ہونا۔
روداری ف شرم اور حیا
رودبار ف جہاں پر بہت سی نہریں
جاری ہوں۔ بڑی ندی۔ ایران میں
گیلان اور قزوین کے مابین ایک شہر
کا نام بھی ہے۔
رود تر ف تر نہر۔ آنسوؤں سے مراد ہے۔
رود خانہ ف جائے رود۔ وہ زمین جہاں سے
دریا یا ندی نالے کا پانی گزرتا ہو۔ دریا۔
رود خشک ف تانت جو سارنگی وغیرہ
پر چڑھتی ہے۔ ساز کی تار سے مراد ہے۔
رُود درہم کشیدن ف بیدماغ ہونا۔
تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔
رود خیز ف سیل۔ موج۔
رودساز۔ رودزن ف ساز بجانے والا
مطرب۔ ڈوم۔
رودگان۔ رودگانی ف انتڑی
رودگانی فراخ ف بہت کھانے
والا۔ بڑا پیٹو۔
رودکی ایک مشہور شاعر کا نام ہے۔ جو
مادر زاد نابینا تھا۔ سات سال کی عمر میں

قرآن حفظ کر کے شعر کہنے لگا اور خوش
آوازی کے باعث مطربی کرنے لگا۔
اسے نصر بن احمد سامانی نے اپنے پاس
رکھا اسلام میں سب سے پہلے فارسی
شعر اسی نے کہا۔ کلیلہ و دمنہ منظوم اسی نے
رَوَدَہ ف آنت۔ انتڑی۔
روز ف دن۔ دن کا کوئی حصہ آفتاب
ظاہر۔ آشکارا۔ روشن۔ فرصت۔
روزِ استفتاح و افتتاح ف
ماہ رجب کی پندرھویں تاریخ کہ جس
دن بہشت کے دروازے کھلتے ہیں۔
کعبہ کا دروازہ بھی کھولا جاتا ہے۔ اور
عیسیٰ علیہ السلام نے بھی اسی روز گہوارہ
میں کلام کیا تھا۔
روز افزون ف جو دن بدن بڑھے اور
ترقی کرے۔
روز افگن ف باری کا تپ یعنی تپ غب
وہ تپ جو ایک دن کی باری سے چڑھے۔
روزِ امید و بیم ف (رحمت الٰہی کی
امید اور غضب الٰہی سے ڈرنے کا دن
وہ دن جب بعض کو امید (جنت) ہوگی
اور بعض کو بیم دوزخ۔ روزِ قیامت)
روز بہ آخر رسیدن ف دن کا تمام
ہونا عمر کا پورا ہو جانا۔
روزِ بار ف بارِ عام کا دن۔ بادشاہوں
کے کچہری کرنے کا دن جس میں عوام کو آنے
کی اجازت ہو۔
روز بازار ف رونق گرم بازاری پہنچ گئی
روزِ باز خواست ف قیامت کا دن۔
روز بر کسے تاری کردن۔ روز بر کسے
سیاہ کردن ف کسی کو سخت مصیبت

پہنچانا کسی کو تباہ اور برباد اور خستہ حال کرنا
روزِ پسین ف عمر کا آخری دن۔ مرنے کا دن قیامت کا دن
روزِ نخست ف روزِ ازل۔
روزِ تاریک۔ روزِ تنگ۔ روزِ
سیاہ۔ روزِ سر نامبارک دن نحس دن
برا دن۔ مصیبت کا دن۔
روزِ جزا۔ روزِ دیگر۔ روزِ درنگ ف
روزِ قیامت۔
روزِ روشن۔ روزِ سپید ف
مبارک دن۔
روزِ سست ف بُرا ظاہر ہے
روزِ شمار ف حساب کتاب کا دن۔ روز
قیامت سے مراد ہے۔
روزِ شیرینی خوران ف منگنی کا دن
روزگار ف زمانہ۔ وقت۔ مہلت۔ فرصت
شغل۔ نوکری۔
روزگاراں ف روزگار کا مزید علیہ۔
روزگار برآوردن۔ و بُردن ف
عمر بسر کرنا۔
روزِ کوشش۔ روزِ ننگ و نام
روزِ ننگ و نبرد ف لڑائی کا دن۔
جنگ کا دن۔
روزگارے شمردن ف کچھ دن زندہ
رہنا۔ چند روز جینا۔
روز مرّہ ف ہمیشہ۔ ہر روز۔
روزن۔ روزنہ ف روشندان۔ تابدان
روزنامہ۔ روزنامچہ ف وہ کاغذ
جس میں روز مرّہ کا حال لکھا جائے
روزہ ف صبح کاذب سے لے کر غروب
آفتاب تک کھانا۔ پینا۔ جماع کرنا۔
اور بیہودہ بکنا چھوڑ دینا۔

روزہ داشتن ف روزہ رکھنا۔
روزہ کشادن و واکردن ف روزہ کھولنا
روزۂ تنفس۔ روزۂ مریم ف چپ
رہنے کا روزہ جس میں تمام دن چپ رہیں
خاموشی۔ سکوت۔ مرگ۔ موت۔
روزی ف رزق۔ حصّہ۔ نصیب۔
روزیانہ ف روزانہ۔
روزینہ ف ہر روز کا خرچ جو روز
بروز ملتا ہے۔
رُوس ف براعظم ایشیا اور یورپ کے
شمال کی طرف ایک مشہور ملک جو سب
ملکوں سے وسیع ہے۔
رُؤس جمع ہے راس کی۔
رؤسا جمع ہے رئیس کی۔
روساختن ف شرمندہ ہونا۔ تصویر
کھینچنا۔
روسپی ف زنِ فاحشہ۔ بدکار عورت۔
لولی۔ قحبہ۔
روستا ف گاؤں۔ دہقان۔ کسان گنوار
روستائی ف منسوب بہ روستا (گاؤں)
دہقان۔ کسان۔ جاٹ۔ گنوار۔
روستازادگان ف گنواروں کے بچے
کسانوں کے بیٹے۔
روسفید ف معزز۔ ممتاز۔
روسی ف منسوب بہ روس۔ روس کا رہنے
والا۔ ایک تورانی پہلوان کا نام بھی ہے۔
رَوِش ف طور۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ قانون
باغ کی پٹڑی۔ مثل۔ مانند۔
روش ف مخفف روشن کا۔
روشن (بواو مجہول و معروف و بفتح اوّل
ہر سہ صحیح) ف چمکتا ہوا۔ ظاہر۔ بیّن۔ آشکار

روشناس ف جان پہچان والا۔ جان
پہچان۔ مشہور و معروف آدمی۔
روشنانِ فلک ف کواکب۔ ستارے
روشنائی ف چمک۔ نور۔ ضیا۔ روشنی
روشندان ف تابدان۔
روشن دماغ۔ روشن رائے ف
مدبر۔ دانشمند۔
روشن ضمیر۔ روشن قیاس ف
دانشمند آدمی۔
روشنک ف دارا شاہ
ایران کی بیٹی جو اس کی وصیت کے
بموجب سکندر بن فیلقوس کے
ساتھ بیاہی گئی۔
روشن کردنِ سخن ف بات وضاحت
سے بیان کرنی۔
روشن کردنِ سبق ف سبق حفظ کرنا
روشن نہاد ف پاک ذات
روشن دل۔
روشنی ف چمکنا۔ چمک۔
روض۔ روضات ع جمع روضہ کی۔
رَوضہ ع باغ۔ باغیچہ۔ سبزہ زار۔
روضۂ باغِ رفیع ف بہشت۔
روضۂ دوزخ بار ف شمشیر آبدار
روضۂ فیروزہ رنگ ف آسمان۔
رَوعت ع خوف۔ ڈر۔
رُوعت ع دل۔ عقل۔
رَوغ ع لومڑی کا حیلہ۔ کسی کا حیلہ کرنا
کسی چیز کی طرف چھپ کر جانا۔ میل کرنا
بھاگنا۔ [illegible]
روغ ف مخفف آروغ کا۔ ڈکار۔
روغن ف تیل۔ گھی۔

روغن از خاک کشیدن -
روغن از سنگ کشیدن -
روغن از ریگ گرفتن ف کسی چیز کا ایسی جگہ سے تلاش کرنا جہاں سے اس کا ملنا ناممکن ہو - عجیب کام کرنا -
روغن بریگ ریختن ف لغو حرکت کرنی
روغن زبانی ف نرم گوئی - چرب زبانی - چکنی چپڑی باتیں کرنی - خوشامد کرنی -
روغن قاز بالیدن ف خوشامد کرنا فریب دینا -
روغنی ف روغن کی ہوئی چیز -
رؤف ع بڑا مہربان -
رو فراخ ف خوش وخرم - شگفتہ رو -
روفس ی ایک یونانی حکیم کا نام ہے -
رو فگندن ف عجز والحاح کرنا -
روگردان ف منہ پھیرنے والا بے دماغ - ناراض - ناخوش -
روگردانیدن ف منہ موڑنا - منہ پھیر لینا
روکردن بچیزے ف اس کی طرف متوجہ ہونا -
رو گرفتن منہ ڈھانک لینا چھپ جانا شرم کے باعث منہ پر پردہ ڈال لینا -
روکش ف حریف مقابل - شرمندہ -
روم ع ایک مشہور ملک ہے جس کا کچھ حصہ براعظم ایشیا میں واقع ہے اور کچھ فرنگستان میں - روما جو ملک اٹلی کا دارالخلافہ ہے کسی زمانے میں وہاں کی سلطنت تقریباً تمام دنیا پر غالب تھی - اس کے آخیر زمانے میں دو حصے ہو گئے شرقی حصہ کا دارالخلافہ قسطنطنیہ مقرر ہوا - اور اُس حصہ سلطنت کا نام روم قرار پایا چنانچہ اب تک جو ملک سلطان قسطنطنیہ کے زیر حکم ہے - روم کہلاتا ہے
رومال ف منہ پونچھنے کا کپڑا -
رومے ف بدن کے بال - موئے زہار -
رومی بچگان ف آنسوؤں سے مراد ہے
رومی وزنگی - رومی و ہندی ف دن اور رات سے مراد ہے
رو نداشتن ف بے حیا ہونا -
رو نیافتن ف توجہ اور شفقت نہ پانا -
رونده ف چلنے والا -
روندگان عالم ف ساتوں سیارے -
رونق ع چمک زیبائش - خوبی -
رونما ف تحفہ جو عروس کو منہ دیکھنے کے وقت دیا جائے -
روے ف منہ - چہرہ -
روے ف کھانسی -
روی ع سیراب - تازہ - وُہ رسّی جس سے اونٹ پر بوجھ باندھیں چونکہ قافیہ کی بنیاد حرف روی پر ہے اس لئے اس نام سے موسوم کیا گیا - وہ حرف جو سب سے پیچھے ہمیشہ ہر ایک قافیہ میں مکرر آئے روی کہلاتا ہے - جیسے تنزیل اور ترتیل دو مختلف لفظوں میں ی ل مکرر آیا ہے اسواسطے ان دونوں لفظوں میں قافیہ ل ہے جو سب سے پیچھے مکرر آیا ہے حرف روی ہے -
رؤیا ع خواب - سپنا -
روے افگندن - روے انداختن ف عجز والحاح کرنا -
روے آہنی - روے آہنیں ف خود - لوہے کی ٹوپی کانسی اور لوہے سے مرکب ہو کے بنی ہوئی چیز -
روے بآب کشیدن ف وضو کرنا -
روے باز کردن ف منہ پر سے پردہ اتار دینا -
روے بخود کردن ف اپنی طرف متوجہ کرنا
روے بدیوار کردن ف منہ پھیر لینا بیدماغ ہونا -
روے بر خاک مالیدن ف نہایت عجز اور فروتنی کرنی -
رؤیت ع دیکھنا - نظر کرنا -
رویت ع حاجت فکر و تامل -
روے تافتن - روے ترش کردن ف بے دماغ ہونا - تیوری چڑھانا - ناراض ہونا -
روے تلخ کردن ف ناخوش ہونا -
روے تیغ ف تلوار کی دھار -
روے چیزے انداشتن ف شرمندگی کے سبب اس کے سامنے نہ آسکنا -
روے خانداں ف فخر خانداں -
روداد ف حال - حقیقت - ماجرا -
روے در چیزے داشتن ف اُس چیز کی طرف توجہ رکھنی -
روے در خدا آوردن ف خدا کی طرف رجوع لانا -
روے درہم کشیدن - روے ترش کردن ف بے دماغ ہونا تیوری چڑھانا - غصہ ہونا - ناراض ہونا - ناخوش ہونا -
روئیدن ف اُگنا -
روے [illegible]
روے شستہ ترنج ف آفتاب
روے فلان در ترقی ست ف دن بدن ترقی کر رہا ہے -
روے کسے بر زمین انداختن -
روے کسے بر زمین مالیدن ف نہایت ذلیل کرنا -
روے کسے دیدن ف اس کی طرفداری کرنی -
روے کسے گرفتن ف تسخیر کرنا - طرفداری کرنی - حمایت کرنی -
روئین ف دھات - کانسی یا پیتل کی شے -
رویین ف مجیٹھ -
روئین تن - روئینہ تن ف اسفندیار کا لقب ہے جو گشتاسپ شاہ ایران کا ایک بڑا دلاور بیٹا تھا - اور رستم کے ہاتھ سے مقتول ہوا تھا - کہتے ہیں کہ اس کے بدن پر ایک خدا پرست بزرگ کی دعا کے سبب تیغ و تیر کارگر نہ ہوتے تھے -
روئین خم - روئینہ خم ف بڑا نقارہ جس کا خم دھات کا ہوتا ہے -
روئین دژ - روئینہ دژ ف توران کے ایک قلعہ کا نام ہے جہاں افراسیاب کے پوتے ارجاسب نے گشتاسپ کی لڑکیوں کو بلخ سے لیجا کر قید کر دیا تھا - اور اسفندیار نے ہفتخواں کے رستے جا کر اس قلعہ کو فتح کرکے اپنی بہنوں کو چھڑایا تھا -
روے نمودن چیزے ف اس کا ظاہر ہونا - وقوع میں آنا -
روے نہادن - ف متوجہ ہونا -

روے و رہ ف طور و طریقہ۔

رَوِیَّہ ع بمعنی رُویت مجازاً طریقہ۔ دستور۔

رَوِیَہ ف مرکب ہے رو (صیغہ امر کا ہے رفتن مصدر سے) اور کلمہ یہ سے (جو امر کے آخر میں حاصل مصدر کا افادہ کرتا ہے) بمعنی طریقہ۔ دستور۔ سمت۔ طرف۔

رائے مہملہ مع ہائے ہوز

رہ ف رستہ۔ طریقہ۔ دفعہ۔ بار۔ جہت سبب

رُہا ف چھوٹا ہوا۔ آزاد۔

رُہاق ع بلوغت کا ابتدا ہے۔

رُہام ف گودرز کے بیٹے کا نام ہے۔

رہان ع گھڑدوڑ میں شرط لگانا۔ گرد و غبار جو گھوڑوں کے دوڑنے کے سبب اٹھے۔

رہ انجام روحانی ف بُراق جس پر جناب رسول خدا سوار ہو کر معراج کو تشریف لے گئے۔

رہاندن۔ رہانیدن ف چھڑانا۔ رہائی دلانا۔

رہاوی ع موسیقی کے بارہ مقام سے ایک مقام ہے۔

رُہبان ع جمع ہے راہب کی جس کے معنی ہیں نصاریٰ کا زاہد۔

رَہبانیت ع نصاریٰ کے راہبوں کا عمر بھر جیتے رہنا۔

رہبر ف رہنما۔ ہادی۔

رہ بر گرفتن ف رستہ لینا۔ روانہ ہونا۔

رَہج ع گرد و غبار۔ شور و غوغا۔

رہ داشتن ف انتظار کرنا۔

رہرو ف رستہ چلنے والا۔

رہروان ازل ف طالبان حق۔ سالکان دین

رہروان گردون ف سبعہ سیارہ۔

رہزن ف لٹیرا۔ چور جو راہ میں لوٹتا ہو۔ بٹ مار۔

رہگذر ف راہ عام سڑک۔

رہص ع بیخ۔ بنیاد۔

رَہط ع مردوں کا گروہ یا جماعت۔

رَہق ع نزدیک ہونا۔ گمراہ ہونا جھوٹ بولنا۔ اپنے تئیں حرام و فساد پر آمادہ رکھنا۔ تکبر کرنا۔ بیہوشی ہو جانا۔ ظلم کرنا۔ دوڑنا۔

رہ کورہ آتش بموم آوردن ف آگ کی بھٹی کا منہ موم سے بند کرنا۔ محال کام کرنا۔

رہگذر ف شاہراہ مجازاً بمعنی سبب

رہن ع گرو۔ مال یا زمین کا گرو رکھنا۔

رہنمون ف ہادی۔ راہ نما۔

رہنمونی ف ہدایت۔ راہنمائی۔

رہ نورد ف تیز رفتار گھوڑا۔ مطلق تیز رفتار۔

رہو ف اونچی زمین۔ نیچی زمین۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے۔

رہوار ف تیز رفتار۔ اور خوش رفتار گھوڑا۔

رہی ف غلام۔ نوکر۔ چاکر۔

رہیدن ف چھوٹنا رہائی پانا۔

رہین ع گرو رکھی ہوئی شے۔

رائے مہملہ مع یائے تحتانی

رَے ف عراق عجم میں ایک شہر ہے۔

رَیّ ع سیراب ہونا۔

ریا ع ظاہر داری۔ دکھلاوا۔ نمود بے بود

ریاح ع جمع ہے ریح کی۔

ریاحین ع ریحان کی جمع ہے۔

ریاست ع سرداری۔ حکومت۔

ریاض ع روضہ کی جمع ہے۔

ریاضات ع جمع ہے ریاضت کی۔

ریاضت ع محنت کرنا۔ مشقت کرنا۔ ورزش کرنا۔ محنت مشقت۔ ورزش فرمانبرداری نفس کشی۔

ریاضی ع اس کی تعریف لفظ حکمت کی تشریح میں دیکھو۔ اس کے بعض اقسام یہ ہیں۔ علم ہندسہ علم حساب۔ علم نجوم۔ علم موسیقی علم مناظرہ و مرایا۔ علم جبر و مقابلہ۔ علم جر اثقال وغیرہ۔

ریاکار ف فریبی۔ منافق۔ ریا کرنے والا۔

ریّان سیراب۔ تر و تازہ۔ بہشت کا دروازہ جس میں سے روزہ دار داخل ہونگے

ریب ع شک۔ شبہ۔

ریباری ف سانڈنی سوار۔

ریب المنون ع زمانے کے حادثے

ریبت ع شک و شبہ۔ تہمت۔

ریچار۔ ریچال۔ ریچارہ ف اچار۔ مربا۔

ریح ع مطلق بو ہے خواہ خوش یا ناخوش۔ ہوا۔ وہ ہوا جو کسی کے شکم میں ہو۔

ریحان ع پھول۔ نبات۔ سبزہ۔ نازبو۔ خوشبودار ہر گھاس۔

ریحانہ ف جس میں ریحان بوئیں۔

ریحانی ف ایک قسم کی شراب اور تماکو

ریخ ف جانور کی بیٹ۔

ریختن ف ڈالنا بیٹنا۔

ریختن بہار ف موسم بہار کا ختم ہونا فصل ربیع کا ہو چکنا۔

ریختن صفراے جوشندہ ف آتش غضب کو فرد کرنا۔ کینے کی آگ کو بجھا دینا۔

ریختہ ف وہ شے جو قالب میں ڈھال کر بنائی جائے۔ دو یا زیادہ زبان سے مخلوط کلام۔ وہ معنی جو بے تکلف اور بے تأمل سمجھ میں آجائیں۔

ریختہ پا ف خوبصورت گھوڑا جس کے اعضا نہایت متناسب ہوں۔ گویا کہ سانچہ میں ڈھال کر رکھا ہے۔ تیز قدم۔

ریختہ دم ف وہ ہتھیار جس کی باڑھ گر گئی ہو۔

ریختہ گر ف وہ شخص جو دھات شیشہ وغیرہ کو گلا کر قالب میں ڈھالے اور اس سے برتن بنائے۔

ریدک ف نابالغ اور امرد۔

ریدن ف ہگنا۔

ریزان ف ڈالتا ہوا۔ گراتا ہوا۔

ریز ریز ف ریزہ ریزہ۔

ریزش ف ڈالنا۔ گرانا۔ انعام بخشش۔

ریزہ ف ٹکڑا۔ قطعہ۔

ریزہ سرائی ف گیت گانا۔ نغمہ سرائی۔

ریزہ سیمین ف ستارے۔

ریستن ف حوض یا کنوئیں کے اندر۔

اندراُترنا۔ نوحہ کرنا۔ بکنا۔
ریسماں ف رسی۔ ڈوری۔ سوت کی تار۔ تاگا۔
ریسمان باز ف نٹ۔ بازی گر۔
ریسمان بودن اسمان در چشم کسے ف بے تمیزی سے مراد ہے۔
ریسمان تابیدن برائے کسے ف اسکے تباہ اور برباد کرنے کی کوشش کرنا
ریسمان دراز کردن ف رسی ڈھیلی چھوڑ دینی۔ مہلت دینی۔ فرصت دینی۔ اغماض کرنا۔
ریسمان سوخت و کجیش۔ بیرون نرفت ف مثل مشہور ہے اُردو میں کہتے ہیں رسی جلی پر رسی کا بل نہ گیا۔
ریسیدن ف کاتنا۔
ریش ف مردوں کے منہ۔ ڈاڑھی۔
ریش ف گھاؤ۔ زخم۔ زخمی۔ گھایل۔
ریش از اسیاہ سفید کردن
ریش در آفتاب سفید کردن
ریش به دوغ سفید کردن ف دھوپ میں ڈاڑھی سفید کرنا۔ مجازاً کم عقلی ناتجربہ کاری۔
ریش بابا انگور کی ایک قسم ہے۔
ریش پرباد ف غرور۔ تکبر۔
ریش خند ف تمسخر۔ ہنسی
ریش قاضی ف شیشہ شراب کی ڈاٹ۔
ریش گاو ف احمق۔ لالچی۔ مسخرہ۔
ریش کندن ف بے فایدہ تکلیف اٹھانی
ریش نداشتن بے اعتبار ہونا۔ بے

وقعت ہونا۔
ریشمانی ف بے حمیتی۔ بے غیرتی۔ دیوثی۔
ریشہ ف سوت وغیرہ کی تار۔
ریشہ دواندن۔ ریشہ راندن ف ریشہ دوڑانا۔
ریشہ ریشہ شدن ف پارہ پارہ ہونا۔
ریشہ کن ف جڑا کھیڑنے والا۔
ریشیدن ف ملنا۔ ملانا۔ کسی چیز کو رنگ کرنا۔
ریع ع کھیتی کا بڑھنا۔ اور اُس کی آمد
ریعان ع ہر چیز کا شروع نوجوانی۔
ریق ع تھوک نہار۔
ریق زدن ف بکنا۔
ریک ف نیکوکار۔ نیک بخت آدمی۔
ریگ ف ریت۔
ریگ روان ف پانی کی طرح بہتی اور چمکتی ریت۔
ریگ ریختن ف خراب کرنا۔
ریگ ریگ ف ذرہ۔ ذرہ۔
ریم ف پیپ۔
ریم آہن ف لوہے کی میل جو آگ میں ڈالتے وقت نکلتی ہے۔
ریمن ف چرک آلودہ۔ سرکش۔ مکار دغاباز۔ فریبی۔
ریمیا ع ایک علم ہے جس کے عمل سے آدمی جہاں چاہے جا سکتا ہے۔
رین ع خبیث و گناہگار ہونا۔ بدکار و بدافعال ہونا گناہوں کا کسی پر

غالب ہونا۔
ریین ع ایسی جگہ میں گرنا۔ جہاں سے نکلنا میسر نہ ہو۔
ریو ف مکر۔ فریب۔ حیلہ۔
ریو خوردن ف فریب کھانا۔
ریوند ریوند چینی ف مشہور مسہل دوائی ہے۔
ریبر ف پھیپھڑا۔
رئیس ف سردار۔

باب الزائے تازی

زائے معجمہ مع الف

زابل ف سیستان کے ایک شہر کا نام ہے۔ وہاں کے باشندوں کو بھی زابل کہا کرتے تھے۔ جواب ایک قوم خیال کی جاتی ہے۔
زابلستان ف ملک سیستان کو کہتے ہیں۔ جو ایران میں ہے۔
زاج۔ زاج ابیض ع پھٹکری
زاجر ع زجر کرنے والا۔ منع کرنے والا۔
زاچہ ف زچہ۔
زاحف ع دشمن پر چڑھائی کرنے والا۔ لشکر یا سردار۔
زاحل ع زائل ہونے والا۔
زاخل ف شوہر کا درخت۔
زاخر ع دریا جو زور کر کے چڑھتا ہے موج زن۔
زاد ف ماضی اور حاصل مصدر ہے زادن سے۔ فرزند۔ سن و سال۔

زاد ع توشہ۔ راہ کا خرچ۔ کھانا۔
زاد بوم ف بہ اضافت مقلوب۔ بوم زاد وہ جگہ جہاں آدمی پیدا ہو۔ جنم بھوم۔
زادِ راہ ف راہ کا خرچ۔
زادسرو ف مخفف ہے آزاد سرو (سرو آزاد) کا۔
زادمرد ف مخفف ہے آزادہ مرد کا۔
زادن ف جننا۔ پیدا ہونا۔
زادہ ف جنا ہوا۔ فرزند۔
زادۂ تاک ف شراب انگوری شراب۔
زادۂ خاطر ف طبعزاد۔
زادۂ خاک ف زر و سیم۔
زادۂ شش روز ف جہان۔ مخلوقات۔
زار ف اُگنے کی جگہ۔ کثرت و انبوہی کا حرف بھی ہے۔ ضعیف۔ خوار نالان و گریان۔ شاہ روس کا لقب بھی ہے۔
زار زار گریستن ف بہت رونا۔
زاری ف رونا۔ ضعیفی۔ عاجزی۔
زاریدن ف رونا۔
زاغ ف کوّا۔ کاگ۔
زاغ پا ف طعنہ۔ سرزنش
زاغ دل ف سیاہ دل۔
زاغ کمان ف کمان کے گوشہ کی نوک۔
زاک ف پھٹکری۔
زال ف سفید بالوں والا۔ بڑھیا عورت۔ رستم کے باپ کا نام ہے۔

جو سفید بالوں کے ساتھ پیدا ہوا تھا۔

زال بمافعال و رعنا و سر سفید سیہ دل و سفید رو و عقیم و نحاطہ و موسسہ ف دنیا۔

زال ابرو و کوز پشت ف آسمان

زال زر ف رستم کا باپ جس کا بدن سرخ تھا۔

زال کوفہ کوفہ کی وہ عورت جس کے تنور سے طوفان نوح آیا تھا۔

زال مداین ف شہر مداین کی وہ بوڑھی عورت جس کا گھر نوشیرواں خریدنا چاہتا تھا۔ اور اُس نے نہ دیا۔

زالو ف گھٹنا۔

زانوں بر خاک مالیدن و بر زمین نہادن ف نہایت مؤدب اور متواضع ہونا کمال عجز اور فروتنی کرنا۔

زانو تہ کردن ف ادب سے بیٹھنا۔

زانو رصد نگاہ کردن ف مراقبہ میں بیٹھنا۔ متفکر ہونا۔

زانو زدن ف مؤدب بیٹھنا۔ دو زانو بیٹھنا۔ آداب بجالانا۔

زانی ع حرامکار۔ زنا کرنے والا مرد۔

زانیہ ع زنا کرنے والی عورت۔

زاد ف قوی۔ پرندہ۔ معمار۔ دائرہ۔ کوہ۔ ہر چیز کا شگاف اور رخنہ اینٹ کا ٹکڑا۔

زاول ف زابل۔

زاویہ ع کونا۔ گوشہ۔

زاویہ حادہ ع وہ زاویہ جو قائمے سے چھوٹا ہو۔

زاویۂ قائمہ ع جب ایک خط دوسرے پر واقع ہو کر اپنے پہلو کے متصل زاوئے برابر پیدا کرے تو انہیں سے ہر ایک کو زاویۂ قائمہ کہتے ہیں۔

زاویہ مسطحہ ع دو خطوں کا میلان جو ایک سطح پر ملیں مگر ایک ہی سیدھ میں نہ ہوں۔

زاویۂ مسطحہ مستقیم الخطین ع دو مستقیم خطوں کا میلان ہے۔ جو باہم ایک سطح پر ملیں مگر ایک سیدھ میں نہ ہوں۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔ قائمہ حادہ منفرجہ۔

زاویۂ منفرجہ ع قائمے سے بڑا زاویہ

زاہد ع دنیا سے خدا کی راہ کی طرف پھرنے والا۔ پرہیزگار۔

زاہد خشک ف جو عبادت میں پورا اہتمام کرے۔ پر (عشق الہی) کی لذت نہ چکھی ہو۔

زاہد کوہ ف آفتاب سے مراد ہے۔

زاہر ع کھلا ہوا پھول۔ روشن بلند۔

زاہل ع بھول لینے والا۔

زائچہ ف جنم پتری۔ رمل کی شکلیں جو رمال قرعہ ڈال کر کھینچتے ہیں۔

زائد ع بڑھا ہوا۔ حساب سے افزوں

زائیدگی ف پیدائش۔

زائیدن ف جننا۔ پیدا ہونا۔

زائر ع ملنے والا۔ زیارت کرنے والا۔

زائل ع دور ہونے والا۔

زائے معجمہ مع بائے موحدہ

زب ف مفت۔ رائگاں۔ آسان۔

زبان ف مشہور عضو ہے بولی۔

زبان از قفا بدر کردن و بیرون کشیدن ف زبان گدی سے نکال دینا۔

زبان آور ف شاعر۔ فصیح۔

زبان آوری ف شاعری۔ فصاحت زباندرازی۔ بکواس۔ سخن سازی۔

زبان بازی ف باہم کلام کرنا۔ ہمکلام ہونا۔ برابری خصومت۔

زبان بر خاک مالیدن ف عاجزی کرنا۔ حسرت کرنا۔ آرزو کرنا۔

زبان بر دیوار مالیدن ف توکل کرنا۔ قناعت کرنا۔

زبان بریدن ف مدعی کو دلیل قاطع سے لاجواب کر دینا عطا کرنا۔ بخشنا۔

زبان بستن ف چپ ہونا چپ کرانا

زبان بقفا ف گل نافرمان۔

زبان بکام در کشیدن۔ زبان در کام نگاہداشتن ف زبان تالو سے لگانی یعنی چپ رہنا۔

زبان بیکسے یکے کردن ف موافقت کرنی۔

زبان بسمار دوختن ف خاموش ہونا۔

زبان بند ف وہ تعویز جو جاسوسوں اور بدگوؤں کی زبان بندی کے واسطے لکھتے ہیں۔

زبان بستہ ف [illegible]

زبان بیہودہ ف بیہودہ بات

زبان ترازو ف کانٹے کی سوئی۔

زبان تر کردن ف بولنا۔ کلام کرنا۔

زبان تازہ کردن ف بار بار کہنا۔

زبان تیغ فولاد کردن ف زبان کا تیز اور سخت کرنا۔

زبان دادن ف اقرار کرنا شرط کرنا خوشامد کرنا۔

زباندان ف فصیح اور خوش تقریر شاعر بہت سی بولیاں جاننے والا۔

زبان دراز ف بیہودہ گو۔ بکواسی

زبان در تہ دندان گرفتن ف خاموش ہونا۔

زبان در تہ زبان داشتن ف ایک بات پر ثابت نہ رہنا۔

زبان در دہان نگہداشتن۔ زبان در کام دزدیدن در کام کردن۔ زبان در کشیدن ف چپ رہنا۔

زبان زدن ف کلام کرنا۔ بولنا۔

زبان زد۔ زبان زدہ ف مشہور زبان پر چڑھا ہوا۔

زبان سپید کردن ف [illegible]

زبان ستدن ف چپ کرانا۔

زبان سوختن ف کلام سے زبان ٹھہری۔ چپ ہونا۔

زبان شکستن ف توتلی زبان۔

زبان فروش ف بہت کہنے والا۔

زبانگیر ف جاسوس

زبان کشادن ف [illegible] زبان درازی کرنا۔

زبان گرفتن ف توتلا ہونا۔

(۱۱) جلنا۔جلانا۔روشن کرنا۔ کرنا شعلہ زدن آتش زدن (۱۲) ملنا۔روغن زدن (۱۳) نصب کرنا۔خیمہ زدن (۱۴) بچھانا تخت زدن (۱۵) باندھنا۔لگانا۔قفل زدن (۱۶) بجانا ستار زدن (۱۷) لینا بوسہ زدن (۱۸) دینا دشنام زدن (۱۹) لوٹنا۔راہ زدن (۲۰) کہنا۔ حرف زدن (۲۱) چھڑکنا۔آب زدن (۲۲) حملہ کرنا۔بر دشمن زدن۔ (۲۳) دیکھنا فال زدن (۲۴) داخل ہونا۔ بہ آب زدن (۲۵) قطع کرنا۔شاخ زدن (۲۶) ڈسنا۔زدن مار (۲۷) بنانا خشت زدن (۲۸) گانا۔ترانہ زدن (۲۹) طلوع کرنا۔ستارہ زدن (۳۰) دوڑانا اسپ زدن (۳۱) مارنا۔تیر زدن (۳۲) آراستہ کرنا۔صف زدن۔

زد و خورد موقع جنگ پر اگر کہیں یہ لفظ آئے تو اُس کے معنی ہیں۔ زخمی کرنا۔زخم کھانا۔گھائل کرنا۔گھائل ہونا۔

زد و کوب ف مار پیٹ۔

زدہ ف مارا ہوا۔پٹا ہوا۔چوٹ کھایا ہوا۔اصطلاح علم لغت میں وہ حرف جو ساکن ہو۔

زدہ زدہ آمدن ف دوڑے ہوئے آئے گھوڑا اپکائے ہوئے آئے۔ بھاگتے ہوئے آئے۔

زائے معجمہ مع رائے مہملہ

زر ف سونا۔روپیہ۔اشرفی۔پیسہ وغیرہ

زراب ف نواح بغداد میں ایک پہاڑ ہے زرد رنگ کی شراب حل کیا ہوا سونا۔

زراچہر ف زنگبار کے ایک پہلوان کا نام ہے جو زنگیوں کی طرف تھا۔ اور اُس نے پہلے میدان میں سکندر کے ۷۰ آدمیوں کو قتل کر دیا تھا۔ اور آخر کار سکندر نے خود اُس کا مقابلہ کر کے ایک ہی گرز سے مار ڈالا۔

زرّاد ع زرہ گر ایک فاضل کا نام بھی ہے۔

زرّاد خانہ ف سلاح خانہ۔

زراعت ع کھیتی۔کھیتی کرنا۔

زُرّاف۔زُرّافہ ع شتر گاؤ پلنگ وہ ایک قسم کا چوپایہ ہے۔جس کے سر اور کان اونٹ کی طرح ہوتے ہیں۔ آنکھیں ہرن جیسی پر اُبھری ہوئی۔ گردن اونٹ کی مانند لمبی مگر اوپر کی طرف سے گاجر کی طرح مخروط زبان ½ فٹ باہر نکلی ہوئی جو سونڈ کا کام دیتی ہے کھال شیر اور چیتے کی سی اونٹ جیسی چار ٹانگیں جن میں سے اگلی دو زیادہ لمبی پیچھے کی طرف ڈھلوان شکل۔

زرافشان ف سونا روپیہ عطا کرنا بخشش عطا۔سخاوت روپیہ۔وغیرہ بخشش کرنا۔

زرّاق ع مکار۔فریبی۔ریاکار۔

زرّاق ع وہ گروہ جس کے رہنے والے ریاکار اور منافق ہوں۔

زر اندود ف سونے کی ملمع کی ہوئی چیز۔

زر اندودن ف مطلا کرنا۔کسی چیز پر سونا چڑھانا۔

زرباف ف زربفت بُننے والا۔

زربافت ف زربفت زری کا کپڑا۔

زر بہ آتش زدن ف اُس کا تلف کرنا۔ضائع کرنا۔

زر بسنگ سیاہ کشیدن ف پرکھنا۔

زر پاک عیار و کامل عیار و تمام عیار زر۔ **زر خلاص** ف خالص سونا۔

زر بر سکہ زدن و رساندن ف روپیہ اشرفی پر سکہ لگانا۔

زربفت ف وہ کپڑا جو بادلہ اور ریشم سے تیار کیا جاتا ہے۔

زر بندہ ف بہ اضافت مقلوب بندۂ زر لالچی۔طامع۔حریص۔

زرت ع جوار۔

زراتشت۔زرادشت۔زرادہشت زرتشت۔زردشت۔زردہشت ف فیثا غورث کا شاگرد منوچہر کی نسل سے شاہ گشتاسپ کے زمانہ میں ایک حکیم تھا جس نے نبوت کا دعوٰی کیا اور دین آتش پرستی نکالا مجوس اُس کو پیغمبر جانتے ہیں۔ اور اُس کی کتاب "زند" کو، جو اُس نے بنا کر اپنی امت کو دی تھی، الہامی خیال کرتے ہیں۔

زرِ جعفری ف خالص سونا جعفر برمکی وزیر سے منسوب ہے جس نے صاف سونے کا استعمال جاری کیا تھا۔

زرد ف پیلا۔

زرد ع حلق میں لقمہ اتارنا۔زرہ بنانا۔

زرد ع زرہ۔بہت کھانا پیٹ بھر کے کھانا۔

زُرّہ جوار۔زرت۔

زرد آب ف پیپ۔زرد پانی۔صفرا۔

زرد آلو ف خوبانی۔

زرد چوب ف ہلدی۔

زرد رخ زرد رو ف ہراساں ترساں عاشق شرمندہ۔

زرد روئی ف شرمندگی خجالت۔

زردشت افشار ف سونا نہایت خالص اور موم کی طرح ملائم سونا جو خسرو پرویز کے پاس تھا۔

زرد شدن آفتاب و خور ف آفتاب کا زرد ہونا۔قریب زوال ہونا۔

زردک ف گاجر۔

زرد گوش ف منافق۔مذبذب۔

زردوزی ف سلمے ستارے اور کلابتوں سے کام کرنا۔

زردہ ف زرد رنگ گھوڑا۔ایک پہاڑ ہے جس میں سونے کی کان ہے۔

زر سارا ف خالص سونا۔

زر سرخ ف سونا۔اشرفی۔

زر سرخ سپہر ف آفتاب۔

زر سفید ف چاندی۔روپیہ

زر صامت ف سونا چاندی۔

زرع ع کھیتی اور کھیتی کرنا۔

زرق ع جھوٹ۔مکر۔نفاق۔پرندوں کا بیٹ کرنا۔

زرقا ع وہ عورت جس کی آنکھ میں سبزی اور نیلا پن ہو۔ایک عربی عورت کا نام ہے۔جو بہت تیز نظر تھی۔

زر قلب ف کھوٹا سونا۔

زرق و برق ع ٹیپ ٹاپ طمطراق۔کروفر

زرک ف سونے کے ورق کے ٹکڑے۔

زرگر ف سنار۔
زرگری ف سنار کا پیشہ
زرکوب ف سونے چاندی کے ورق بنانیوالا
زر مصری و خشک و شش سری
ورومی ف خالص اور عمدہ سونا۔
زرِ مغربی ف خالص سونا۔ آفتاب
زرناب ف خالص سونا۔
زرنگار ف سونے کی منقش کی ہوئی چیز
زرنیخ ع ہڑتال ۔
زَرُود ع مکہ معظمہ کے راہ میں ایک گاؤں ہے جہاں پانی نہیں ملتا۔
زرورق ف ابرک ۔
زرہ ف جلتہ۔ فولاد کا حلقہ دار کرتہ جو لڑائی میں پہنتے ہیں ۔
زریر ف ایک زرد رنگ کی گھاس مجازاً زرد رنگ ۔
زرّین ف وہ چیز جس پر سلمے ستارے کا کام ہو
زرّین کلاہ ف وہ شخص جس کے سر پہ سنہری ٹوپی ہو۔ مجازاً آفتاب ۔
زرّین گیاہ ف ایک گھاس ہے جو اکسیر کے کام آتا ہے ۔
زرّین نرگسہ ف ستارے ۔
زرّین نعل ف جس کے نعل سونے کے لگے ہوئے ہوں ۔
زرّین ہما ف آفتاب

زائے معجمہ مع شین معجمہ

زشت ف بُرا بھونڈا۔ بدشکل۔ بدنما۔
زشت خوئی ف بدخصلت ۔
زشت روئی ف بدصورت ۔
زشت کردن ف مغلوب کرنا۔ عاجز کرنا

زائے معجمہ مع عین مہملہ

زُعاف ع قاتل۔ مارڈالنے والا۔
زُعاق ع شور مزہ ۔ نمکین ۔
زُعرُور ع ایک میوہ ہے جو بیر کی قسم سے ہے اور کھانے میں لذیذ ہوتا ہے ۔
زعفران ع کیسر ۔
زعفران ریز ف بہت زرد۔
زُعم ع گمان ۔ کہنا۔ قول ۔
زَعیم ع کفیل۔ ضامن۔ وکیل۔ رئیس

زائے معجمہ مع غین معجمہ

زَغار ف نمناک اور سیلی زمین ۔
زُغال ع کوئلہ ۔
زَغن ف چیل جو مشہور پرند ہے ۔
زَغَنَد ف جست کود پھاند۔
زُغیر کتان ، السی ۔

زائے معجمہ مع فاے

زِفاف ع دلہن کو دولہا کے گھر روانہ کرنا۔ دولہا دلہن کو ہم بستر کرنا۔
زفاک ف برسنے والا بادل ۔
زُفان ف زبان ۔
زُفانہ ف زبانہ ۔
زُفت ف درشت سخت۔ فربہ۔ محکم سطبر۔ پُر۔ مالا مال ۔
زُفت ف بخیل ۔ بدخو۔ بدمزاج ۔
زَفیر ع آہستہ آہستہ چلانا۔ چلانا۔ بلاد سختی ۔

زائے معجمہ مع قاف معجمہ

زِق ع مشک۔ پانی وغیرہ کا مشکیزہ

زَقّوم ع تھوہڑ کا درخت فارسی میں بغیر تشدید مستعمل ہے ۔
زُقہ ع چوگا۔ گھُٹّی ۔

زائے معجمہ مع کاف

زک ف ہرادینا۔ الزام دینا ۔
زکاب ف سیاہی ۔ مداد ۔
زُگال ف کوئلہ ۔
زُکام ف سردی کی بیماری جسمیں ناک بہتی ہے
ذکاوت ع ذہانت ۔ ذہن کی تیزی آگ کا بھڑکنا ۔
زکوٰۃ ع مال نامی کا چالیسواں حصہ جو سالانہ خدا کے واسطے بطور فرض دیا جاتا ہے
زکریا ع ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے۔ عیسےٰ اُن کے وقت میں پیدا ہوئے تھے
زکی ع پاک اور صاف ۔ ذہین ۔ عقلمند
زکیدن ف آپ ہی آپ قہر سے بولنا۔

زائے معجمہ مع لام

زَلّات ع جمع ہے زلت کی ۔
زُلازِل ع جمع ہے زلزلہ کی ۔
زُلال ع ایک کیڑا ہے جو برف میں پیدا ہوتا ہے عرب اسکو نچوڑ کر برف سا ٹھنڈا پانی اس سے حاصل کرتے ہیں ۔ مجازاً آب سرد شیریں صاف ۔
زِلّت ع خواری بے عزتی ناپسندیدہ کام لغزش
زلزال ع ہلانا۔ لرزہ کرنا ۔
زلزلہ ع بھونچال ۔ زمین کا لرزنا۔
زُلف ع جمع زلفہ کی۔ پارۂ شب۔ رات کا کوئی ساحصہ فارسی والے اپنے طور پر اس میں تصرف کرکے زلف بسکون لام پڑھتے ہیں اور سیاہی مناسبت سے مجازاً زلف محبوب کو کہتے ہیں یا زلف مخفف زلفین کا ہے اور اس سے مجازاً زلف محبوب کے معنی لے گئے ہیں
زلف از عارض کشیدن ف رخسارہ پر سے زلف کو لٹکانا ۔
زلف بخون کسے شکستن ف کسی کے قتل کے واسطے زلف کو بل دینا ۔
زلف بستن ف اپنے تئیں عاشق کو دکھلانا ۔ اور اس کی آتش عشق کو بھڑکانا۔
زُلفت ع درجہ منزلت ۔ نزدیکی رات کا پہلا حصہ۔ فارسی میں مجازاً بمعنی دوستی
زلف چین ساختن ف زلف کو آراستہ کرنا
زلف زمین ف رات ۔ مٹی ۔ ارضی بلائیں
زُلف ساختن ف زلف کو آراستہ کرنا ۔
زُلفِ عروس ف ایک پھول ہے ۔
زُلف و خال ف عروس کی زفافت کی رات طلاہ لاجورد سے آرائش کرنی ۔
زُلفین ف زنجیر ۔
زُلفین ع عربی وان فارسیوں نے زلف کا تثنیہ بنا لیا ہے ۔
زلق ع پھسلنا۔ زمین ہموار بے گیاہ۔ ہاتھ سے انزال کرنا جلق زدن ۔ مجازاً خوشامد
زَلل ع لغزش ۔ نقصان ۔ خطا۔ قصور ۔ ترازو کی کجی ۔ لغزش کی جگہ ۔
زلو ۔ زلوک ف جونک ۔
زَلّہ ع جھوٹا کھانا ۔ جھینگر جو مشہور جانور ہے
زلّہ بند وہ شخص جو ایک وقت کا پس ماندہ طعام دوسرے وقت کے لئے رکھے
زلّہ ربا ف فائدہ اٹھانے والے ۔
زلیبیا ف جلیبی جو مشہور شرینی ہے ۔
زُلیخا ۔ زلیخا ع عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف ع پر عاشق ہو گئی تھیں

اور آخر کار بڑھاپے کے بعد ان کی دُعا سے جوانی پاکر ان کے نکاح میں آئیں۔

زائے معجمہ مع میم

زَم ف مرو میں ایک نہر ہے۔ آہستہ جاڑا سخت و تند ہوا۔

زُمّ ع اونٹ کی گردن کی مہار۔ سر کو اُوپر اٹھانا۔ تکبر نخوت۔

زِمام ع گھوڑے کی باگ۔ اونٹ کی نکیل کی رسی

زِمام تمالک و تماسک از دست دادن بے اختیار ہو جانا۔ بے صبر ہو جانا گھبرا جانا

زَمان ع وقت عرصہ۔ زمانہ۔ موت فرصت زمین کے مقابلے میں آئے تو معنی آسمان

زمان دادن ف مہلت اور فرصت دینی

زمانہ ع وقت۔

زمانہ ساز ف جس کی چال ڈھال زمانے کے موافق ہو۔

زَمانی منسوب زمانہ کا۔ نو پیدا جو قدیم نہ ہو۔

زمانیان ف زمانہ کے لوگ جو قدیم نہیں

زُمُخْت ف بے مزہ۔ کسیلا۔

زَمَخْشَر خوارزم کی نواح میں ایک قصبہ تفسیر کشاف کا مصنف جار اللہ زمخشری وہیں کا رہنے والا تھا۔

زُمَر ع آدمیوں کے گروہ قرآن شریف کی ایک سورۃ بھی ہے۔

زَمْر ع بانسری بجانا۔ سرود کہنا۔

زُمُرُّد ع ایک سبز رنگ جوہر ہے کہتے ہیں اسکے سامنے لانے سے سانپ اندھا ہو جاتا ہے

زُمُرُّدین ف سبز رنگ کی چیز۔

زُمْرَہ ع آدمیوں کی جماعت۔ گروہ۔

زَمْزَم۔ زَمْزَمَہ آہستہ آہستہ وہ دُعائیں جو آتش پرست لوگ خدا کی ستایش آگ کی پرستش کرنے اور کھانے پینے نہانے کے وقت پڑھتے ہیں۔

زَمْزَم ع بہت پانی مکہ معظمہ کے پاس ایک کنواں ہے جو حضرت اسمٰعیل کی پاؤں کی رگڑ سے پیدا ہوا تھا

زمزمۂ آتش فشان ف آفتاب۔

زِمِستان ف مرکب ہے زم (سردی) اور ستان (کلمہ ظرفیت یا کثرت) سے۔ جاڑا

زَمْعَم ع استوار ارادہ۔

زَمَن ع زمانہ۔ وقت۔

زَمِن ع وہ شخص جو ایک جگہ سے ہل نہ سکے وہ آدمی جو پاؤں سے نہ چل سکے اور ہاتھوں کے بل چلے وہ آدمی جو زمانہ کی آفت میں گرفتار ہو۔

زَمْہَرِیر ع سخت جاڑا۔ دوزخ کا ایک طبقہ ہے جس میں سردی کا عذاب ہوگا۔ کرۂ ہوا کے وسط میں ایک سرد طبقہ ہے جس میں بخارات پہنچکر سرد ہوتے اور مینہ یا اولے کی صورت میں زمین پر گرتے ہیں۔

زمی ف مخفف ہے زمین کا۔

زَمْیاد ف ہر شمسی مہینے کا ستائیسواں دن

زمین ف کرۂ ارض جس پر ہم آباد ہیں۔ یہ لفظ مرکب ہے زم (سردی) اور ین (کلمہ نسبت) سے۔ سردی والی۔ سرد کیونکہ جوہر ارض کی خاصیت سرد ہے۔

زمین از بوسیدن ف نہایت تعظیم و تکریم کرنی۔

زمین بدندان گرفتن ف عاجزی کرنی

زمین بوس ف زمین کو چومنے والا اور زمین بوسی۔ ادب بجا لانا۔

زمین پیما ف سیاح۔ مسافر۔

زمین حسن خیز ف حسن خیز مقام۔

زمیندار ف کسان۔ زمین کا مالک۔

زمیندوز ف محکم۔ استوار۔ ایک قسم کا خیمہ ہے

زمین را بہ آسمان دوختن ف کسی امر کی تلاش میں حد امکان سے بڑھ کر کوشش کرنی

زمین زاد ف خاکی نژاد۔

زمین زندہ داشتن ف زمین کو آباد رکھنا

زمین شگافہ ف زمین چھیدنے والا۔ سنبیدن مصدر کا اسم فاعل ترکیبی ہے۔

زمین سوختہ ف ناقابل زراعت زمین

زمین لرزہ۔ زمین لرزش ف بھونچال

زمین مردہ ف خشک زمین۔ ناقابل زراعت

زائے معجمہ مع نون

زَن ف عورت۔ جورو زدن مصدر سے امر حاضر کا صیغہ بھی ہے۔

زِنا ع حرامکاری۔ مرد کا غیر عورت سے اور عورت کا غیر مرد سے مجامعت کرنا۔

زُنّار ع جنیو۔

زنّار از زیر خرقہ کشیدن ف بھید ظاہر کرنا۔ ذلیل کرنا۔ خوار کرنا۔

زنّار بستن ف جنیو باندھنا۔

زنّار بند ف برہمن جنیو باندھنے والا۔

زن بارہ ف وہ شخص جو عورتوں کے ساتھ بہت اختلاط رکھے۔

زَنْبَق ع معرب چنبہ کا جو ایک مشہور پھول ہے

زن بمرد ف قرمساق۔ بھڑوا۔

زنبور ف بھڑ۔ سنڈاسی۔ آگ پکڑنے کا اوزار

زنبور خانہ ف بھڑوں کا چھتہ۔

زنبورک ف چھوٹی توپ۔

زنبور گیلی ف گیلان کی بھڑ جو بہت بڑی ہوتی ہے۔

زنبورہ ف تیر کے پیکان کی قسم ہے چھوٹی توپ کو بھی کہتے ہیں۔ مورچہ ابنوہ اور ایک ساز کا نام بھی ہے۔

زنبوری ف جامۂ مشبک۔ وہ شئے جس میں بہت سے سوراخ اور چھید ہوں

زَنْبِیل ع ٹوکرا جھولی بھیک کا کاسہ

زنجار معرب ہے زنگار کا۔

زنجان۔ زنگان ف ایران میں قزوین اور تبریز کے مابین اردشیر بابکان کا بسایا ہوا ایک شہر ہے۔

زَنْجَبِیل ع سونٹھ۔ سوکھی ہوئی ادرک

زنجیر ف کنڈی۔ کڑی بیڑی لوہے کا سلسلہ

زنجیر فیل ف زنجیر کا لفظ فیل کی تعداد کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے مبلغ روپیہ کے ساتھ اور راس گھوڑے کے ساتھ۔

زنجیری ف دیوانہ۔ قیدی۔

زنخ ف ٹھوڑی۔ طعنہ۔ بیہودہ بات۔

زنخ بر خون زدن ف شرمندہ ہونا۔

زنخدان ف ٹھوڑی۔

زنخدان بجیب و بردن ف ٹھوڑی کو گریبان سے لگانا۔ سر جھکانا۔ تامل کرنا۔ سوچنا۔ فکر کرنا

زنخ زدن ف بیہودہ بکنا۔

زن خواستن ف عورت کرنا۔ منگنی کرنا۔

زند ف جان۔ روح۔

زند ف زردشت کی کتاب جسے وہ آسمانی کہتا تھا۔ بزرگ۔

زندان ف قیدخانہ۔ بندیخانہ۔

زندان خاموشان ت قبرستان

زندان خانہ۔ زندان سرا قیدخانہ

زندان سکندر ف شہر یزد میں ایک تہ خانہ ہے جہاں سکندر کا تابوت رکھا ہے

زندان شحنہ ف کوتوالی کی حوالات۔
زندانیان ف قیدی لوگ۔
زندباف۔ زندخوان۔ زندلاف ف
مجازاً بلبل۔ قمری وغیرہ بولنے والا پرندہ
زندوست ف بازو کی ہڈی۔
زندگانی ف زندگی جینا۔
زندگانی کردن ف جینا۔
زندہ ف بزرگ بڑا۔
زندہ ف جیتا ہوا۔ جاندار۔
زندہ پیل ف عظیم الجثہ ہاتھی۔ ایک بزرگ کا
لقب ہے جس کا نام شیخ احمد اور وطن جام تھا
زندہ دل ف وہ شخص جس کا دل زندہ
ہو۔ عارف خدا شناس۔
زندہ رزم رستم کا بہنوئی اور سہراب کا ماموں
جو رستم کے ایک ہی مکے سے ناواقفی میں مرگیا تھا۔
زندہ رود ف بڑی نہر۔ اصفہان کے تلے ایک
ندی بہتی ہے جس کا پانی بہت صاف و شیریں ہے۔
زندہ شدن آتش ف آگ کا روشن ہونا
زندہ شدن امید ف حاجت بر آنا۔
زندہ شدن باد ف ہوا کا چلنا۔
زندہ شدن چراغ ف چراغ کا روشن ہونا
زندیق ع معرب زندیک کا ہے جو زند نام کتاب
زردشت اور یائے نسبت کاف تصغیر سے مرکب ہے
کتاب زند کا معتقد۔ بے دین۔ کافر۔ بے ایمان وغیرہ
زنگ ف گھنٹہ گھنگرو۔ ٹال۔ جھانجھ۔
ناقوس۔ لوہے وغیرہ کی میل اور ملک زنگبار۔
زنگار ف لوہے وغیرہ کی میل۔
زنگانہ رود ف زنگیوں کا باجہ جو لڑائی کے
وقت بجاتے ہیں۔ رودبار۔ زنگبار۔
زنگبار ف بر اعظم افریقہ کے مشرق کو ایک
مشہور ملک ہے جس کا دار السلطنت اسی نام

کے جزیرے پر واقع ہے۔ سیاہی کی دوات
زنگ بر آئینہ افتادن ف اس میں
سے چہرہ کا نہ نظر آنا۔
زنگ دل و سینہ ف اندوہ۔
زنگ روس و روسی ف روسی جرس
یا گھنٹہ جو عمدہ اور بلند آواز ہوتا ہے۔
زنگل۔ زنگلہ۔ زنگولہ ف جھانجھ گھنٹہ
موسیقی کا ایک مقام بھی ہے ایک طرح کا گھنگرو
ہوتا ہے جسے آواز دینے کے لئے ناچتے وقت پہنتے ہیں
زنگنہ ف ترکوں کی ایک قوم ہے۔
زنگولہ بستن ف بلند مرتبہ حاصل کرنا۔
زنگہ ف ترکستان میں ایک شہر ہے وہاں کے
ایک پہلوان شادران کے بیٹے کا بھی یہی نام تھا
زنگی ف زنگ کا باشندہ۔ حبشی۔
زنگی مزاج ف جو ہمیشہ خوشحال رہے۔
زنہار۔ زینہار ف امان۔ بچاؤ۔ پناہ۔
مہلت۔ البتہ ہرگز۔ شتاب۔ جلدی۔ شکوہ شکایت
زنہار خوار ف پیمان شکن۔ عہد توڑنے والا
زنہاری زنہار خواہ ف پناہ چاہنے
والا۔ ذمی کافر۔

زائے معجمہ مع دال مہملہ

زد ف اس کی اصل آزاد ہے۔ اس سے
زد ف مخفف ہے زدد کا۔
زد ف بحر۔ دریا۔ ایران کا ایک بادشاہ
ہے۔ جو طہماسپ کا بیٹا تھا۔
زواجر ع موانع۔ روکنے والا۔
زوار ع زائر کی جمع ہے۔
زوار ع بہت زیارت کرنے والا۔
زوارہ ف رستم کے بھائی کا نام ہے۔
زوال ع جاتا رہنا۔ دور ہونا۔

زوالہ ف آٹے کا غلولہ جسے پنجابی میں پیڑ کہتے ہیں
زواہر ع زاہر کی جمع۔
زوایا ع زاویہ کی جمع ہے۔
زوائد ع زاید کی جمع ہے۔
زوج ع عورت اور مرد کے جوڑے سے
کوئی ایک خواہ مرد ہو خواہ عورت۔
زوجہ ف جورو وہ عورت جس سے نکاح ہوا ہو
زود ف جلد۔ شتاب۔
زودا ف قریب ہے۔
زودازود ف بہت جلد۔
زود آشتی ف جلدی صلح کرنے والا
زود لود ف بیجا۔ بے حساب۔
زود پشیمان ف جلدی شرمندہ ہونے والا
زود خیز ف چالاک نوکر۔ چست ملازم۔
زود رام ف جلدی مطیع ہو جانیوالا۔
زود رنج ف جلدی خفا ہو جانے۔
زود سیر ف دوستوں کی صحبت سے
جلد ناراض ہو جانے والا۔
زودی ف جلدی۔ شتابی۔ پھرتی۔
زور ف۔ قوت۔ طاقت +
زور ف باطل۔ جھوٹ۔ فریب۔
زوراء ع قدح۔ چاندی کا برتن۔ دجلہ۔ شہر بغداد
مدینہ کی مسجد کے پاس ایک موضع اور ایک بازار بھی ہے
زور آور۔ زوردار۔ طاقتور۔ قوی۔
زورق ع چھوٹی کشتی۔
زورق زریں ف سورج۔
زورق سیمیں ف نیا چاند۔ ہلال۔
زورقی ف ایک قسم کی فقیرانہ ٹوپی کشتی کی شکل کی
زور گر ف پہلوان۔
زورناک۔ زورمند۔ زوردار زندہ آور
زوزہ ف ریڑھ۔ کمر کی ہڈی۔

زوزن ف ہرات کے پاس خراسان میں
ایک شہر ہے۔ ایک بادشاہ کا نام بھی ہے
زوزا۔ زوزہ ف نوحہ گریہ۔ شور و غوغا۔

زائے معجمہ مع ہائے ہوز

زہ ف شاباش۔ نیک بدلہ۔ کمان کا
چلہ کنارہ۔ نقطہ۔ بچہ جننا۔
زہاب ع پانی کا چشمے اور ندی وغیرہ کے
کنارہ سے نکلنا۔
زہاد ع زاہد کی جمع ہے۔
زہادت ع پرہیزگاری۔
زہار ع فرج زن ذکر مرد شرمگاہ۔ پیڑو اور
وہ سوراخ جو پتھر میں ہو۔ اور اس سے پانی نکلے
زہار ف مانگ۔ فریاد۔ نعرہ۔
زہازہ ف پے در پے شاباش۔ بہت تحسین آفرین
زہ بر زدن ف حد بندی۔ شیرازہ باندھنا
زہد و پارسائی۔ نفسانی خواہشوں سے نفرت
زہدان ع بچہ دان۔ عورت کا رحم جس
میں بچہ رہتا ہے۔ پنجابی دھرن۔
زہر ف بیں سم۔ غصہ۔ غضب۔ قہر۔
زہر ع جمع ہے زہرہ کی۔
زہر بات زہر ملا ہوا طعام۔
زہر بدندان مالیدہ است ف۔
بڑا بدزبان اور بیہودہ گو ہے۔
زہر چشم ف غصے کے مارے گھور کر دیکھنا
زہر چیزے گرفتن ف کسی کی تندی
اور غصہ کی برداشت کرنا۔
زہر خند ف رنج و مصیبت یا غضب
یا خجالت کے وقت کی ہنسی۔
زہر خویش بر کسے ریختن ف اپنا
زہر کسی پر اگل دینا۔ کسی پر سخت غضبناک ہونا

زہر دادن ف زہر دینا۔
زہر دارو ف تریاق۔
زہر کردن چیزے را ف کسی چیز کو بے مزہ کرنا۔ ناگوار کرنا۔
زہر گیا ف یہ ایک مہلک گھاس ہے جسے کھا کر جانور مر جاتا ہے۔
زہر مینا ف شراب تلخ
زہر مہرہ ف ایک مہرہ ہے جس سے افعی سانپ کی زہر کا دفعیہ ہوتا ہے۔
زہرا ع حضرت فاطمہ خاتون کا لقب ہے، کیونکہ انکا رنگ سفید اور خوبصورت تھا۔ اور زہرا ماخوذ ہے زہرہ سے جسکے معنی سفیدی اور خوبصورتی ہیں
زہرہ ع خوبی۔ آرایش۔ تازگی۔ نضارت
زہرہ ف پتہ دلیری شجاعت۔ حوصلہ قوت۔ توانائی
زہرہ ایک ستارہ کا نام ہے جسکو سوکہ کہتے ہیں فارسی میں بسکون دوم مستعمل ہے اس عورت کا نام بھی ہے جس پر ہاروت و ماروت فرشتے عاشق ہوگئے تھے
زہرہ سپیدی حسن شگوفہ زرد یا مطلق شگوفہ قریش کے ایک قبیلے کا نام بھی ہے۔
زہرہ باختن ف حوصلہ ہار دینا نامردی کرنا
زہرہ بناگوش۔ زہرہ جبین
زہرہ رخ ف محبوب معشوق۔
زہف ع سبک ہونا۔ دوڑنا۔
زہق ع جنگل کی زمین
زہق ع تیز رفتار۔
زہق ع نیست و نابود ہونا۔
زہگیر ف سینگ یا ہڈی کی بنی ہوئی انگشتری ایک چیز ہوتی ہے جو تیر اندازی کے وقت انگوٹھے میں ڈال لیتے ہیں۔
زہومت ف گوشت یا مچھلی کی بو۔
زاہ و زاد ف فرزند بیٹا ہو یا بیٹی۔ مجازاً عیال و اطفال

زہوق ع نیست ہونا۔ ہلاک ہونا۔ باطل ہونا۔ تیر کا نشانہ سے گذرنا۔
زہے ف آفرین۔ شاباش تحسین کا کلمہ ہے
زہیدن ف جوش کرنا۔ باہر آنا۔
زہیرہ ع کھلا ہوا۔ تابان۔ روشن۔

زائے معجمہ مع یائے تحتانی

زی ف اندازہ۔ حد۔ طرف۔ نزدیک۔ زندگی جیتا رہ
زی ع لباس۔ پوشاک۔
زیاد ع مخفف زیادہ کا اور آدمیوں کا نام بھی ہوا کرتا ہے فارسی میں دعا کے طور پر زید کا مزید علیہ ہے۔
زیادات ع فقہ حنفی میں امام محمد رح کی کتاب
زیادت ع زیادتی۔ افزونی۔ نہایت۔
زیادتی ف افزونی۔
زیادتی طلب ف قسمت و نصیبے سے زیادہ چاہنے والا
زیادہ ع بہت۔ افزون۔
زیادہ سر ف سرکش مغرور۔ خود پسند۔
زیادہ سری ف غرور سرکشی۔
زیارت ع ملاقات۔ درشن۔ کسی بزرگ شئے یا آدمی وغیرہ کو دیکھنا۔
زیارت آمدن ف زیارت کو آنا۔
زیارت کردن ف زیارت کرنا۔
زیافت ع کھوٹا پن۔ کھوٹ
زیان ف نقصان۔ ہرج۔
زیب ف زینت۔ زیبائش۔
زیبا۔ زیبان ف لائق آراستہ۔ زیب دینے والا
زیبائش ف خوبصورتی۔ آرائش۔
زیبارو ف خوبصورت۔
زیبق ع پارہ سیماب۔
زیبق بگوش ریختن ف کانوں کو سننے سے بہرہ کرنا

زیبق کردن ف نیست و نابود کرنا۔
زیبیدن ف زیبا ہونا آراستہ ہونا۔
زیت ع روغن زیتون۔ تیل۔
زیتون ع ایک درخت ہے جسکے پھل کو بھی زیتون کہتے ہیں۔ یہ درخت نہایت متبرک اور مفید ہے قرآن شریف میں اسکی تعریف میں شجرۂ مبارکہ وارد ہوا ہے نواح شام میں اکثر پیدا ہوتا ہے اور اسکی عمر سب درختوں سے زیادہ ہوتی ہے چنانچہ فلسطین میں بعض درخت زیتون کے سکندر کے عہد کے اب تک موجود ہیں۔ جنکی عمر قریب دو ہزار برس کی ہوتی ہے۔ اسکا تیل جو جلایا جاتا ہے۔ اسکی روشنی نہایت عمدہ اور صاف ہوتی ہے (تفسیر عزیزی مصنفہ مولوی شاہ عبدالعزیز صاحب)
زیتونی ف ایک رنگ ہے سرخ زردی لئے ہوئے
زیچ ف جنتری۔ پترہ۔
زیچ گیستن ف عمدہ کام کرنا۔
زیر ف نیچی آواز مدہم سُر۔
زیر ف نیچے۔ کمزور۔
زیرا کہ ف اس واسطے کہ۔
زیربا ف ایک قسم کے کھانے اور آش کا نام ہے
زیر باد ف ایک جزیرہ ہے
زیر بار ف بوجھ کے نیچے تھکا ہوا۔ جس پر بوجھ پڑا ہوا ہو۔
زیر بند ف ایک تسمہ ہے جو گھوڑے کے نیچے باندھا جاتا
زیر جامہ ف ازار۔ پاجامہ۔
زیر چاق ف کمزور۔
زیر خاک سپردن و کردن ف دفن کرنا نیست و نابود کرنا
زیر دامن پروردن ف نوازش کرنا پرورش کرنا
زیر دامن نگاہداشتن ف پناہ دینا۔
زیر دست ف عاجز۔ مغلوب۔

زیر دست۔ زیر دستاں شدن ف نہایت ذلیل ہونا۔
زیر زبان گفتن۔ زیر لب گفتن ف آہستہ آہستہ کہنا۔ چپکے سے کہنا۔
زیر قلم آوردن۔ زیر قلم گرفتن ف لکھنا۔ ثبت کرنا مطیع کرنا۔
زیرک ف حکیم۔ عقلمند۔ دانا۔
زیرکی ف دانائی۔ عقلمندی۔
زیر نگین داشتن و کردن و گرفتن ف مطیع کرنا و مسخر کرنا
زیر و بم ف زیر (آواز پست) بم (آواز بلند) ستار اور باجہ وغیرہ کی مدہم آواز۔ اونچی آواز۔
زیر و زار ف آواز حزیں۔ آہستہ آواز۔
زیر و زبر ف اوپر نیچے۔ الٹ پلٹ۔
زیر و زبر کردن ف الٹ پلٹ کرنا۔ دبالا کرنا خراب کرنا پامال کرنا۔
زیرہ ف ایک قسم کا مصالح ہے۔
زیرہ بہ کرمان بردن ف بیفائدہ کام کرنا
زیر ہر کاسہ نیم کاسہ یافتن ف کسی کا فریب ظاہر کرکے عجائبات دیکھنی۔
زیست ف زندگی۔ جینا جیا۔
زیستن ف جینا۔
زیغ ع حق کو چھوڑ کر کسی اور طرف مائل ہونا
زیلہ ف کھنگی۔
زین ف آراستگی۔ خوبی۔
زین ف گھوڑے کا زین۔
زینب ع آنحضرت کی ایک حرم کا نام ہے اور حضرت فاطمہ کی اور امام حسین کی بہن کا نام بھی ہے
زین بر گاؤ نہادن ف سفر کو تیار ہونا
زین بر گرگ نہادن ف اسے مطیع کرنا
زینت ع زیبائش۔ آراستگی۔ سجیلا پن۔
زینہ ف سیڑھی۔ نردبان۔

زنہار ف پناہ۔ امان۔ ترک کرنا عہد پیمان ہرگز
زین برہم مرکب بستن وتنگ کردن
وگرفتن ونہادن۔ زین ساختن
ونہادن مرکب راف گھوڑے پر
زین رکھنا۔
زیور ف مرکب ہے زیو (مبدل زیب) اور ور (کلمہ نسبت) سے زینت والا باعث
زینت۔ گہنا جو عورتیں پہنتی ہیں۔
زیور کشیدن وبستن ودادن و
زدن ف گہنا پہننا۔ بناؤ سنگار کرنا
آراستہ کرنا۔
زے وقاف ف بے ربط باتیں۔

باب ژائے فارسی

ژائے فارسی مع الف

ژاژ ف خار دار گھانس جو اونٹ کھاتا ہے
بیہودہ اور واہیات بات۔
ژاژخا ف بیہودہ بکنے والا شیخی مارنیوالا
ژاژخائی ف بیہودگی شیخی۔ لاف۔
ژاژیدن ف بیہودہ بکنا۔
ژاغ ف جانوروں کا پوٹ۔
ژالہ ف اولہ شبنم کو بھی کہتے ہیں

ژائے فارسی مع رائے مہملہ

ژرو ف بہت کھانا پُرخوری۔
ژرف ف گہرا۔ عمیق
ژرف نگاہ ف تہ کو پہنچنے والا۔ باریک بین
ژرفی ف غور وفکر۔ احتیاط۔ باریک بینی
کسی بات کی تہ کو پہنچنا۔

ژائے فارسی مع فاے

ژفت ف موٹا۔ چوڑا۔
ژفتی ف سختی۔ درشتی۔
ژفیدن ف بھگنا۔

ژائے فارسی مع گاف فارسی

ژگان ف جو اپنے آپ میں نہ ہو۔

ژائے فارسی مع نون

ژند ف آتش پرستوں کی کتاب زند۔
ژندباف ف بلبل وقمری وغیرہ
ژندہ ف خرقہ۔ گدڑی۔ دلق۔ سرٹہی
اور عظیم شے خوفناک۔
ژندہ پیل ف بڑا ہاتھی۔ مست ہاتھی
ژنگ ف مانی نقاش کی کتاب کا نام ہے
جس میں کئی قسم کی تصویریں اور نقشے اس کے اختراع کیئے ہوئے درج تھے۔
ژوپین ف ایک قسم کا چھوٹا سا نیزہ ہے
ژولیدن ف الجھنا۔
ژولیدہ ف درہم برہم۔ الجھا ہوا پریشان
ژولیدہ موئے ف جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں
ژوہیدن ف مینہ کے برسنے کے سبب
چھت میں سے پانی کا ٹپکنا۔
ژیاں ف غضبناک تند خو غصہ کا بھرا ہوا

باب سین مہملہ

سین مہملہ مع الف

سا ف مانند۔ مشابہ۔ نظیر۔ سوائق سودن
اور سائیدن مصدر سے امر بھی ہے باج
وخراج۔ جو بادشاہ ایک دوسرے سے لیتے ہیں
ساباط ع چھتا۔ مسقف گلی۔
سابع ع ساتواں حصہ ۱/۷ یا ۱/۷
سابغ ع پورا کامل۔ وسیع۔
سابق ع اگلا۔ بڑا ہوا۔ سبقت لے جانے
والا سبق دینے والا۔ خلیفہ مانیٹر۔
سابقاً ع پہلے۔ اول دفعہ۔
سابقہ ع پہلی۔ اگلی۔ زمانہ گذشتہ کی جان
پہچان۔ پہلے کا حق۔ پیش دستی۔
سابقہ سالار ف سرلشکر۔ فوج کا کمانڈر
اصطلاح میں رسول خدا صلعم سے مراد ہے
سابقین ع اگلے زمانے کے لوگ پرانے آدمی
سب سے پہلے کسی نیک کام کو شروع کرنیوالے
ساتر ع ڈھکنے والا۔ پردہ کرنے والا۔ پردہ
ساتگین ف محبوب مجازاً پیالہ شراب کا
ساتکی۔ ساتی۔ ساتگنی ف شراب پینے کا بڑا پیالہ
ساج ع سال کا درخت۔ توا جس پر
روٹیاں پکاتے ہیں صیقل کرنے کا پتھر
ایک پرند کا نام بھی ہے۔
ساجد ع سر جھکانے والا سجدہ کرنیوالا
ساجع ع گانے والا پرند جیسے بلبل وغیرہ
قافیہ دار بولنے والا۔
ساجور ع قلاوہ۔ وہ لکڑی جو کتے کے
گلے میں باندھ دیتے ہیں تاکہ بھاگ نہ سکے
ساچق ف شادی سے ایک دن پہلے کچھ ٹھلیاں
اور شرینی اور دلھن کا لباس و نقل دولہا کے گھر سے
دلھن کے گھر لے جاتے ہیں اسکو ساچق کہتے ہیں۔
ساچمہ ف بندوق کا چھرا جو بھر کر چلاتے ہیں
ساحبہ ع باراں شدید زور وشور کی بارش
ساحت ع میدان۔ آنگن۔ مکان کا صحن
ساحر ع جادوگر۔
ساحرہ ع جادوگر عورت۔
ساحری ع جادوگری۔
ساحق ع پیسنے والا۔ رگڑنے والا۔
ساحل ع دریا اور سمندر کا کنارہ۔ کنارہ
ساخت ف بناوٹ۔ بناؤ گھوڑے کا
ساز اور ساختن کا ماضی مطلق۔
ساختن ف موافقت کرنا۔ بنانا۔
ساختہ ف مہیا۔ آمادہ۔ تیار۔ مستعد۔ موجود
ساختہ رنگ ف موافق۔
ساختہ روئے ف شرمندہ۔ وہ شخص جس نے
تکلف کرکے اپنے منہ کو آراستہ کیا ہو
ساد ف سادہ۔ استادہ۔ جنگل خوک نر
سادات ع جمع الجمع سید کی۔ سرداراں
مسلمانوں کی معزز اور اعلےٰ شریف قوم
سادس ع چھٹا حصہ ۱/۶ یا ۱/۶
سادہ ف صاف۔ بے نقش۔ امرد بے ریش
احمق۔ نادان۔ خالص۔ صحرا۔ جنگل۔
سادہ پرکار ف شوخ وعیار معشوق
سادہ دشت ف چرخ اطلس
جو نقش کواکب سے سادہ ہے۔
سادہ دل ف بیوقوف آدمی۔ احمق
سچا اور بے نفاق آدمی۔
سادہ دلی ف سیدھا سادہ ہونا۔
بھولا ہونا۔ بھولاپن بے وقوفی۔
سادہ روے۔ سادہ زنخ۔ سادہ عذار
ف جوان بے ریش۔
سادہ طور ف بے تکلف آدمی۔
سادہ لوح ف احمق۔ بے شعور۔ سیدھا
سادہ۔ بھولا بھالا آدمی۔
سادین ف پٹاری۔

سارج ف سادہ کا معرب ہے تیزپات کو بھی کہتے ہیں جو ایک دوائی ہے۔
سار ف سر کا مزید علیہ۔ ایک خوش آواز پرند بھی ہے۔ شتر۔ اونٹ۔ کثرت اور انبوہی کا کلمہ بھی ہے جیسے شاخسار۔ چاہ سار۔ چشمہ سار وغیرہ ہیں بمعنی صاحب۔ خاوند جیسے شرمسار بمعنی مانند اور مثل بھی جیسے دیوسار خاکسار ہیں
ساراں ف خالص۔ یہ لفظ زر۔ عنبر۔ مشک ہی کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔
ساران ف بمعنی سرخس۔ عراق میں ایک قصبہ ہے
ساربان ف مرکب ہے سار (بمعنی اونٹ) اور بان وکلمہ محافظت سے اونٹ کا محافظ۔ شتربان
سارق ع چور۔ دزد۔
سارک ف ہدہد کے قد کا ایک خوش آواز جانور ہے۔
ساروان ف ساربان۔ شتربان۔
سارہ ف ایک قسم کی چادر۔ اور بمعنی پردہ رشوت۔ اور مخفف سارہ کا جو حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی بیوی تھیں۔
ساری ع سرایت کرنیوالا اثر کرنیوالا گھسنے والا۔
ساز ف بناؤ۔ سامان۔ ہتھیار۔ سامان سفر کا کام کی رونق۔ تجمل۔ مکر و حیلہ۔ ساختن سے امر بھی ہے۔ ضیافت۔ ... مثل و مانند نفع و فائدہ
ساز بر تار بستن ف ساز کا کوکنا۔
ساز بودن دماغ ف دماغ کا تازہ اور خوش ہونا
سازش ف لگاؤ۔ میل۔ اتفاق۔
سازگار۔ سازوار ف موافق۔ لائق۔
ساز کردن ف ساختہ اور آمادہ کرنا۔
سازمند ف ساختہ و آمادہ۔
سازندہ ف موافقت کرنے والا۔ موافق
ساز و برگ ف اسباب و سامان۔

سازور ف ساختہ و آمادہ۔
سازیدن ف سازش کرنا موافقت کرنا۔ راست کرنا
ساس ف کھٹمل۔ ساتگنو۔ گھن مشہور بدبودار سوزی کیڑا جو چارپائی میں پیدا ہو جاتا ہے۔
ساسان ف گدا۔ فقیر۔ اور بہمن بن اسفندیار کے بیٹے کا نام ہے جو اپنی بہن ہما دخت نام کے خوف سے فقیر ہو گیا تھا۔ شاہان ساسانی اسی کی اولاد ہیں
ساسانیہ ف شاہان ایران کا ایک خاندان ہے جو ساسان بن بہمن کی اولاد ہے۔
ساطع ع بلند۔ چمکتا ہوا۔
ساطور ع چھرا۔ بغدا۔ قصاب۔
ساعات ع جمع ساعت کی۔
ساعت ع ڈھائی گھڑی ۲½ گھڑی گھنٹہ
ساعت سنگین۔ ساعت عقرب ف منحوس ساعت نحس گھڑی۔
ساعت نجومی ع نجومیوں کی ساعت جو ۲½ گھڑی کی ہوتی ہے۔
ساعد ع بازو۔
ساعی ع کوشش کرنیوالا چغل خور۔
ساغر ف شراب کا پیالہ یا گلاس۔ مطلق شراب
ساغر سیارک شکستن بر سر کشیدن ف ایک ہی گھونٹ میں شراب کا پیالہ ختم کر دینا۔ ذوق و شوق سے شراب پینا۔
ساغر بسر کشیدن۔ ساغر خواستن ساغر خوردن زدن وکشیدن ونوشیدن ف شراب پینا۔
ساغر جم ف جام جم
ساغری ف ایک شاعر کا تخلص ہے جو مولوی عبدالرحمن جامی رح کا ہمعصر تھا۔
سافر ف سفر کرنے والا مسافر۔ ظاہر
سافل ع نیچے والا۔ زیر۔

ساق ع پنڈلی۔
ساق بر ساق مالیدن ف تڑپنا۔ تلملانا۔ نزع کی حالت میں ہاتھ پاؤں مارنا
ساق بلورین ف بلور جیسی پنڈلی۔ گوری پنڈلی۔
ساقط ع گرنے والا۔ گرا ہوا۔ نکما۔
ساقط شدن حق ف حق کا ادا ہو جانا
ساق عروس ع ایک قسم کی مٹھائی ہے
ساقہ ع دنبالہ لشکر۔ چنداول فوج کا پچھلا حصہ
ساقی ع شراب پلانے والا۔
ساقی روحانیاں ف حضرت آدم صفی اللہ سے مراد ہے اور حضرت جبرائیل سے بھی۔
ساقی شب ف چاند سے مراد ہے۔
ساقی کوثر ع جناب خاتم الانبیا حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے جو قیامت کے دن مومنوں کو حوض کوثر سے پیالے بھر بھر پلائینگے
ساکب ع خون یا پانی کا ڈالنے والا۔
ساکت ع خاموش چپکا۔
ساکن ع ٹھیرا ہوا بے حرکت۔ وہ حرف جس پر سکون جزم (۸) ہو۔
ساکنان گردون ف ستارے یا فرشتے
سال ف برس۔ سمت۔ اور سال کا درخت
سالار ف سردار۔
سالار بار ف عرض بیگی یعنی وہ شخص جو لوگوں کی عرض معروض بادشاہ تک پہنچانے کی خدمت پر متعین ہو۔
سالار بیت الحرام ف جناب رسول خدا سے مراد ہے
سالار خوان ف سفرچی چاشنی گیر خوان سالار
سالار هفت خروار گوس ف آفتاب
سال آزمائے سال دیدہ ف بوڑھا تجربہ کار آدمی۔

سالانہ ف برس برس بھر کا۔
سالب ع نفی کرنے والا مٹانے والا۔
سالبہ ع اصطلاح علم منطق میں وہ قضیہ جس میں حکم بالسلب ہو اس کے دو قسم ہیں ایک سالبہ کلیہ جس میں کل کی نفی ہو جیسے کوئی حیوان پتھر نہیں ہے۔ دوسری سالبہ جزیہ جس میں بعض کی نفی ہو جیسے بعض حیوان انسان نہیں ہیں۔
سال جلالی ف سال شمسی جو جلال الدین ملک شاہ سلجوق کی طرف منسوب ہے ۳۶۵¼ دن کا ہوتا ہے۔ اس میں ہر مہینہ کے ۳۰ دن شمار کرتے ہیں۔ اور اسفندارمذ کے اخیر میں پانچ دن بڑھا دیتے ہیں اور چوتھے برس چھ دن زیادہ کرتے ہیں۔
سال خرد ف چھوٹی عمر کا۔
سال خوردہ ف بوڑھا کہنہ۔
سال شمسی ف وہ برس جو سورج کی چال پر حساب کیا جاتا ہے۔ وہ ۳۶۵ دن ۵ گھنٹہ ۴۸ منٹ ۴۷½ سکنڈ کا ہوتا ہے عموماً ۳۶۵ دن کا سال استعمال میں آتا ہے۔ چوتھے برس (یعنی جو سنہ ۴ پر تقسیم ہو جائے) اس میں ایک دن بڑھا کر فروری کو ۲۹ دن کا شمار کرتے ہیں یہ ۳۶۶ دن کا سال سال لیپ کہلاتا ہے۔
سالغ ع گاؤ اور گوسفند شش سالہ۔
سالف ع اگلا۔ قدیم۔
سال قمری ف چاند کی چال پر جو سال حساب کیا جاتا ہے۔ وہ ۳۵۴ دن ۸ گھنٹہ ۴۸ منٹ کا ہوتا ہے۔
سالقہ ع زرہ۔ ماخوذ ہے سلوق سے جو یمن کا ایک گاؤں ہے اور جہاں کی زرہیں مشہور ہیں۔

سَالِک ع راہ چلنے والا۔ سند لو دست۔ اصطلاح صوفیہ میں اُس شخص کو کہتے ہیں جو تقرب خداوند تعالےٰ کا طالب ہو اور عقل معاش بھی رکھتا ہو
سالِکان ف جمع سالک کی۔
سالکانِ عرش ف فرشتے۔ اہل سلوک آدمی
سالگرہ ف عمر طبعی کے ہر نئے سال کے شروع ہونے کی تاریخ۔ سلاطین اور اُمرا اس دن میں جشن کیا کرتے ہیں۔
سالم ع ثابت۔ تندرست۔ پورا۔
سالماً غانماً ع لغوی معنی اس کے یہ ہیں (آؤ) اُس حال میں کہ سلامت ہو اور غنیمت رکھنے والے ہو لیکن دستور کے موافق۔ خوشی و تعظیم کے اظہار کے واسطے یہ کلمہ مہمان یا مسافر کے کسی گھر میں داخل ہونے کے وقت صاحب خانہ کہتا ہے۔
سالُوس ف فریب۔ فریبی۔ زبان دراز۔ مکار۔
سالُوسی ف چرب زبانی۔ فریب و مکر کرنا
سالُوک ع مبالغہ کا صیغہ ہے بہت رستہ چلنے والا۔ سیّاح۔ فارسی میں چور، رہزن کے معنوں میں بھی آتا ہے۔
سال و ماہ ف مدت۔ عرصہ۔
سالیان ف جمع ہے سال کی۔ خلاف قیاس کبھی مفرد (سال) کے معنی میں آتا ہے اور اس صورت میں ان زائد سمجھا جاتا ہے
سام ف حضرت نوح کے بڑے بیٹے کا نام ہے۔ رستم ایرانی پہلوان کے دادا کا نام بھی سام تھا۔ مرغوں سام کو بھی کہتے ہیں۔
سام ابرص ع چلپاسہ۔ گوہ۔
ساماچہ ف انگیا۔ عورتوں کا سینہ بند۔
سامان ف اسباب۔ کام کا بند و بست کرنا آرام و سکون۔ شہر و قصبہ۔ عصمت و عزت

قوت و قدرت۔ حد و کنارہ۔ حاصل ہونا تلوار وغیرہ اوزاروں کے تیز کرنے کا آلہ ایک آدمی کا بھی نام ہے جس کی اولادیں بخارا کے حکمرانوں کا خاندان سامانی ہے
سامت ع ملول ہونا۔ رنج ہونا۔
سامح ع چشم پوشی کرنے والا۔
سامری ع قوم حضرت موسےٰ میں ایک شخص تھا جو شہر سامرہ کا رہنے والا تھا اس نے مکر و فریب سے مال جمع کرکے سونے کا ایک بچھڑا بنایا۔ اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کو پہچان کر اُن کے پاؤں کے نیچے سے مٹھی بھر مٹی اٹھائی۔ اور اس سونے کے بچھڑے میں ڈال دی۔ اس متبرک مٹی کے پڑتے ہی حق او باطل ملکر ایک کرشمہ پیدا ہوگیا کہ روح جاندار کی اور آواز گائے کی سی اس میں پیدا ہوگئی۔ حضرت موسےٰ علیہ السلام تورات کے لئے قوم سے تیس دن کا وعدہ کر گئے تھے۔ وہاں حسب اتفاق اُن کو چالیس دن لگ گئے پیچھے قوم اس بچھڑے کو پوجنے لگ گئی۔ حضرت موسےٰ علیہ السلام آکر حضرت ہارون سے نہایت خفا ہوئے اور سامری کے لئے بد دعا کی جس کے سبب سے وہ بنی اسرائیل کے لشکر سے باہر الگ رہتا اگر وہ کسی سے یا کوئی اُس سے ملتا۔ دونو کو تپ چڑھتی۔ اس واسطے وہ لوگوں کو دور دور کرتا
سام سوار ف رستم کا دادا۔
سامع ع سُننے والا۔
سامعہ ع کان میں جو سُننے کی طاقت ہے
سامی ع بلند۔ اونچا۔
سان ف طرز۔ روش۔ رسم۔ عادت۔ وہ پتھر جس پر چاقو اور تلوار وغیرہ تیز کریں

سانح۔ سانحہ ع ظاہر ہونے والا۔ پیش آنے والا حادثہ۔ واقعہ۔ بائیں طرف سے جو شکار آجائے
سانِ لشکر۔ سانِ سپاہ۔ ف لشکر کا ملاحظہ کرنا۔ پریڈ کے میدان میں سپاہ کی موجودات لینی۔ عرض لشکر۔
ساو ف خراج ٹیکس۔ خالص طلا کے ٹکڑے۔ تلوار وغیرہ تیز کرنے والا لوہا۔
ساوری ف تحفہ۔ پیشکش۔ ایک تورانی پہلوان تھا جو رستم کے جنگ میں مارا گیا۔
ساوہ ف عراق عجم میں ایک مشہور شہر ہے مسلمان ساوگی نام ایک شاعر وہیں کا رہنے والا تھا۔
ساوین ف پٹاری جس میں کاتنے کے واسطے روئی رکھتے ہیں۔
ساہرہ ع روئے زمین ہموار اور ہموار میدان
ساہی ع غافل۔ فراموش کرنے والا۔
سایے ف مگس۔ رگڑ۔
سائبان ف آفتاب گیر جو دھوپ سے بچاوے۔ شامیانہ۔
سائبانِ سیمابی ف صبح کاذب سے مراد ہے
سائحات ع روزہ دار اور سیر کرنیوالی عورتیں
سائح ع تمام پھرنے والا۔ سیر کرنے والا رواں۔ جاری۔
سائر و دائر ع پھرنے والا۔ اور گردش کرنے والا۔ مجازاً جاری و مشہور۔
سائرین ع جمع سائر کی۔ کل۔ سب کے سب
سائیس ع سیاست کرنے والا۔ گھوڑے کا نگہبان۔ بخشی۔ یا کوتوال۔
سائیس ف اصل میں عربی لفظ سائس ہے جس کے معنی سیاست کنندہ کے ہیں۔ گھوڑے کا نگہبان۔

سایس نجم رواق ف کوکب مریخ۔
سائغ ع گوارندہ۔
سائق ع اندھے کو پیچھے سے چلانے والا دھکا دینے والا پیچھے سے دھکیلنے والا۔
سائل ع پوچھنے والا۔ سوال کرنے والا۔ چاہنے والا۔ رواں ہونے والا۔ جاری
سائیدن ف پیسنا۔
سایہ ف چھاؤں۔ پرچھائیں۔ حمایت مدد۔ اور رات سے بھی مراد ہے۔
سایہ اش رانمے تواند دید ف یعنی اس کا قدیمی جانی دشمن ہے۔
سایہ افگندن و انداختن ف متوجہ ہونا
سایہ افگن ف متوجہ۔ مہربان۔
سایہ بر سر کسے افگندن و انداختن ف اس پر مہربانی کرنی۔ متوجہ ہونا۔
سایہ پرست ف وہ شخص جو ہمیشہ فسق و فجور اور ناشائستہ کاموں میں لگا رہے
سایہ پرور۔ سایہ پروردہ۔ سایہ پرست ف نازو نعمت کا پلا ہوا۔
سایہ پوش ف سائبان۔ شامیانہ
سایۂ دست ف فیض۔ امداد۔ اعانت
سایۂ دست کسے گرفتن ف کسی سے فیض حاصل کرنا۔
سایہ وار۔ سایہ زدہ ف وہ شخص جس کو آسیب ہو۔
سایۂ رب النعیم ف خلیفہ و بادشاہ مراد ہے
سایۂ رکاب ف حمایت۔ تابعان۔
سایہ رو ف شب زندہ دار۔ رات کو جاگنے والا۔ چور۔ عیار۔
سایہ گستر ف متوجہ۔ مہربان۔
سایہ گستردن ف توجہ کرنی۔

سایہ کسے بہ تیر و خنجر زدن ف سخت عادات رکھنا۔
سایہ نشین ف وہ شخص جس نے دنیا کی تکالیف نہ دیکھی ہوں۔
سایہ و نور ف درخت کی چھاؤں۔

سین مہملہ مع بائے موحدہ

سَبّ ع گالی۔ برا کہنا۔
سِبّ ع پگڑی۔ دستار۔ عمامہ۔
سَبا ع یمن میں ایک شہر ہے جہاں کی حکمران بلقیس تھی جس کا حضرت سلیمانؑ کے ساتھ نکاح ہوا۔ ایک شخص کا نام بھی ہے
سبابہ ع انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔ انگشت شہادت۔ یہ لفظ سب سے نکلا ہے۔ جس کے معنی گالی دینا کے ہیں۔ ایام جاہلیت میں عرب میں دستور تھا کہ جب کسی کو گالی دیا کرتے تھے۔ اس انگلی سے دشمن کی طرف اشارہ کرتے تھے۔ اس واسطے اس کا نام سبابہ ہوا۔ اور اہل اسلام کے ہاں اس کا نام مسبحہ رکھا گیا۔
سُبات ع زمانہ۔ روزگار۔ خواب۔ نیند۔ راحت۔ آسائش۔ ایک مرض کا نام بھی ہے جس میں نیند اور بیہوشی بہت ہوتی ہے۔ نیند کی بیماری۔
سَبّاح ع تیرنے والا۔ تیراک۔ حسن نام ایک شخص کا لقب بھی ہے۔
سِباحت ع تیرنا۔ شناوری۔
سَباخ ع شور۔ زمین۔
سباع ع شیر۔ بھیڑیا وغیرہ کی قسم کے درندے جانور۔ جمع ہے سبع کی
سُباعی ع شعر کی ایک قسم ہے جس میں سات مصرعے ہوں۔ سات آسمان سبعہ سیارہ
سِباغ ف سالن۔ نانخورش۔
سَباغو ف ایک پہلوان کا نام ہے۔
سِباق ع دوڑ میں سبقت لیجانا آگے بڑھ جانا
سَبّاک ع سکہ ڈھالنے والا۔ روپیہ اشرفی بنانیوالا
سِبال ع جمع سبلت کی۔
سَبَب ع وجہ۔ باعث۔ رسی۔ اور اصطلاح علم عروض میں سبب کلمہ دو حرفی کو کہتے ہیں اگر دوسرا حرف ساکن ہو تو سبب خفیف کہتے ہیں اور اگر متحرک ہوں تو سبب ثقیل
سَبت ع ہفتے کا دن۔ سنیچر کا دن۔
سُبحان ع خدا کو پاکی سے یاد کرنا۔ پاک۔
سبحان اللہ ع پاک ہے اللہ پاکی سے یاد کرتا ہوں میں خدا کو۔ تعجب کا کلمہ ہے
سُبحہ ع سمرن۔ تسبیح۔ تسبیح کے دانے
سَبَد ع ٹوکرا۔ ٹوکری۔
سَبز ف ہرا۔ معشوق ملیح۔ بخارا کے پاس اس نام کا ایک گاؤں بھی ہے
سبز آخور ف ہرا اور عمدہ تھان۔ مجازاً وہ گھوڑا جو ہرے چارے اور عمدہ خوراک سے پلا ہوا ہو۔ اصیل اور عمدہ گھوڑا۔
سبزان ف سبز رنگ معشوق۔
سبزان چمن ف باغ کے درخت۔
سبز باغ ف آدمی کا بدن۔ آسمان۔ بہشت
سبز پائے ف بدبخت۔
سبز چیل۔ سبز خوان۔ سبز زاغ۔ سبزہ۔ سبز طاؤس۔ سبز طشت۔ سبز قبا۔ سبز کارگاہ۔ سبز گوشک ف آسمان
سبز پری ف فصل ربیع۔ موسم بہار۔
سبز پوش ف زاہد دانی۔
سبز پوشان بہشت ف حوران بہشتی۔
سبز پوشان فلک ف فرشتے۔
سبز تہ گلگوں ف سبز رنگ معشوق جس کے چہرے کے نیچے سے خون کی سرخی نمایاں
سبز شدن ف اگنا۔ ظاہر ہونا۔ سرسبز ہو جانا
سبز رگ ف نیل کنٹھ جو ایک مشہور پرند ہے
سبز کار ف جس سے عمدہ کام سرزد ہوں۔ جو اچھے کام کرے
سبز کردن ف بونا۔
سبزوار ف ایران میں ایک مشہور شہر ہے
سبزہ ف سبزی۔ مرتنی۔ نبات۔ نیل کنٹھ
سبزۂ بیگانہ ف خودرو سبزہ۔
سبزی ف ہریاول۔ ہریائی۔ گھاس۔ ترکاری
سبزینہ ف معشوق۔ سبز رنگ ملیح و جوان
سَبسَب ع بیابان۔ صحرا۔ جنگل۔
سِبط ع فرزند زادہ۔ پوتا۔ دوہتا۔ اسباط جمع پوتے۔ دوہتے۔ آل و اولاد حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد۔
سَبط ع وہ بال جو گوندھے ہوئے نہ ہوں یعنی کھلے ہوئے بال اور چھوڑی ہوئی زلفیں
سِبطین ع امام حسن و حسین رضی اللہ تعالے عنہما سبط اکبر سے امام حسنؓ اور سبط اصغر سے امام حسین علیہ السلام مراد ہیں۔
سَبع ع سات۔ ۷۔ معہ
سَبُع ع درندہ جانور۔
سبع المثانی ع سات آیتیں جو دو بار نازل ہوئیں یعنی سورۃ فاتحہ جو ایک دفعہ مکہ میں نازل ہوئی۔ اور ایک دفعہ مدینہ میں یا اس وجہ سے سبع المثانی سورۃ فاتحہ کو کہتے ہیں کہ وہ ہر دوگانہ میں دوبارہ پڑھی جاتی ہے۔ بعض کے نزدیک سبع المثانی سے تمام قرآن شریف مراد ہے
سبع الوان ع سات رنگ یعنی سرخ۔ نارنجی۔ زرد۔ سبز۔ آسمانی۔ نیلا۔ بنفشی۔ زمین و آسمان کے سات طبقوں سے بھی مراد ہے۔
سبعہ امعاء ع عبارت ہے معدہ اور انسان کی مندرجہ ذیل چھ آنتوں اثنا عشری صایم۔ دقیق۔ اعور۔ قولون۔ مستقیم سے
سبعہ سیارہ ع متحرک ستارے یعنی سورج۔ چاند۔ مریخ۔ عطارد۔ زہرہ۔ زحل
سبع شداد ع سات آسمان۔
سبعہ ع سات۔ ہفت قرآت۔
سبعہ معلقات سبع طوال ع قصائد عرب کے وہ سات قصیدے جو کعبہ کے دروازہ پر تفاخر کے لئے لٹکائے گئے تھے۔ کہ ہر شخص آئندہ و روندہ انہیں ملاحظہ کرے۔
سبعی۔ سبعیت ع درندگی۔ پھاڑ کھانا
سبعین ع ستر۔ ۷۰۔ معہ
سَبق ع بڑھنا۔ بڑھوتری۔
سَبَق ع گھوڑ دوڑ۔ اور تیراندازی وغیرہ میں شرط باندھنا۔ پڑھنے کا اندازہ جو ہر روز پڑھا جائے۔
سبقت ع کسی سے آگے بڑھ جانا۔ بڑھوتری۔ پیشی۔ دستی۔
سبق خواں ع طالب علم۔
سبق گفتن ف سبق پڑھانا۔ درس دینا۔ تعلیم کرنا۔
سبک ع سکہ کا ڈھالنا۔
سبک ف ہلکا۔ بے وقار۔ چست و چالاک بے تعلق۔ جلدی۔ شتاب۔ جھٹ پٹ
سبکبار ف ہلکے بوجھ والا۔ فارغ البال۔ خوشحال۔ وہ شخص جو ہر وقت خوش و خرم ہے
سبک پاے۔ سبک رو۔ سبک عنان ف تیز رو۔ ہرکارہ۔ ڈاک چوکی کا گھوڑا
سبکتگین ف سلطان محمود غزنوی کے باپ

کاام ہے۔ لفظاً معنی سبک قدم۔
سُبک خیز ف جلد اٹھنے والا۔ جلدباز۔
سُبک دست ف ہاتھ کے کام میں جلدی
کرنے والا۔ کام کو جلدی کر لینے والا۔
سُبک دل۔ سُبک روح۔ سبک لقا۔ سبک طبع
ظریف آدمی بے تعلق دیتے تکلیف آدمی نہیں کھ
سُبک روحی ف بے تعلقی۔ تجرید۔
سُبک دوش ف جس کے پاس کچھ بوجھ نہ ہو
سُبک سار۔ سبک سنگ ف بے وقار۔ کم قیمت
سُبک سایہ ف بے ثبات جس کو بقا نہ ہو
سُبکساری ف ہلکاپن چھچھوراپن خفت
ذلّت۔ بے وقری۔ کمینہ پن۔
سُبک سر ف کمینہ۔ احمق۔
سُبک سری ف کمینہ پن۔ حماقت۔
سُبک سیر ف تیز رو۔ تیز رفتار۔
سُبک مغز ف بے عقل۔ بے وقار۔
سُبک ہمت ف کم ہمت۔
سُبکی ف ہلکاپن۔ خفت
سَبَل ع ایک بیماری ہے جس کے سبب
آنکھوں میں سرخی چھاجاتی ہے آنکھیں
کھل جاتی ہیں پلکیں جھڑ جاتی ہیں۔ اور
آنکھوں سے پانی جاری رہتا ہے۔
سُبُل ع جمع سبیل کی۔ رستے۔
سَبَلت ع موچھ۔
سَبَلت سست کردن۔ سبلت
کندن ف عجز اور فروتنی کرنی۔
سَبُو ف ٹھلیا۔ گھڑا۔
سَبُّوح ع تعریف کرنے والا ثنا کرنے
والا۔ صفت کرنے والا۔
سُبُّوح ع بہت پاک۔ تعریف کیا گیا۔
خدائے تعالےٰ کا نام ہے کبھی اس سے

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنا وَرَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوحِ
کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔
سُبُوحیان ف خدا کی ثنا کرنے والے
فرشتے۔ خدا کو پاکی کے ساتھ یاد کرنے
والے۔ یا خود لوازم بشریت سے پاک۔
سَبُوس ف گندم وغیرہ کے آٹے کا
چھانس۔ چوکر۔
سبوسہ ع بفا۔ جو سر میں ہوجاتی ہے
سَبُو شکستن ف نوسیہ ہونا شراب گرد دینا
سَبِیل ع راہ۔ رستہ۔ طریق۔ وسیلہ۔ سبب
بھی فارسی والے وقف کے معنی میں
استعمال کرتے ہیں۔ اور چونکہ وقف شے کا
فیض ہمیشہ جاری رہتا ہے اسواسطے کبھی
یہ لفظ مجازاً بمعنی جاری کے بھی آجاتا ہے

سین مہملہ مع پائے فارسی

سِپار ف گھر کے برتن۔ انگور کے شیرہ نکالنے
کا چرخ۔ انگور کے شیرہ ڈالنے کا حوض۔ وہ
برتن جس میں انگور رکھ کر ایک جگہ سے دوسری
جگہ لے جائیں۔ سپردن سے امر بھی ہے
سُپار ف ہل جس سے زمین سے باھتے ہیں
سِپارش ف سونپنا کسی کو کسی کے سپرد کرنا
سِپارہ ف تیسواں حصہ قرآن شریف کا تیسواں حصہ
سپاس ف منّت۔ حمد۔ تعریف کرنا سراہنا
سپاسہ ف کسی پر احسان رکھنا شفقت کرنا
سپاسی ف گدا۔
سِپاناخ ف پالک کا ساگ۔
سِپاہ ف فوج۔
سپاہان ف ملک فارس کا مشہور شہر اصفہان
جب یہ شہر آباد ہوا تھا۔ پہلے پہل اس میں سپاہ
آکر ٹھہری تھی۔ اس واسطے اس کا یہ نام ہوا۔

سپاہ سالار ف سپاہ کا افسر کمانڈر انچیف
سِپَر ف ڈھال۔ جنہ۔
سِپَر آتشین ف سورج۔
سِپَر افگندن۔ سِپَر انداختن۔
سِپَر در آب انداختن ف ہتھیار ڈال دینے
نامردی کرنا۔ عاجز ہونا۔ ہار جانا۔ تابع ہونا
سِپَر بہ سِپَر باختن ف سپر سے سپر بھڑا
دینا۔ ڈھال ڈھال سے ملادینا۔
سِپَر بر کتف دوختن ف ڈھال کو
مونڈھوں پر استوار کرنا۔
سُپُرد ف کسی کے قبضے میں دینا یا ہونا
سُپُردن ف سونپنا۔ سپرد کرنا قناعت
وتسلیم اختیار کرنی۔ پائمال کرنا اور ہونا۔
سِپَردن ف طے کرنا۔ راہ چلنا۔
سُپُردنی ف سونپنے کے لائق۔
سِپَرغم۔ سِپَرم۔ سِپَرہم۔ ف ناز بو ریحان
سِپَردہ ف پائمال۔ طے کیا ہوا۔
سُپُرور ف پھیپڑا۔
سِپَر کسے در آب انداختن ف
کسی کو لڑائی میں مغلوب اور عاجز کرنا
سِپَری ف طے کیا ہوا۔ مجازاً وہ شے
جو ختم ہو چکی ہو۔ معدوم۔ ناچیز۔ تمام۔ آخر
سِپَری شدن ختم ہونا ہو چکنا طے ہونا
سِپَس ف پس۔ پستر۔ بعد۔
سپستان ف لسوڑی کا درخت اور
اس کا پھل۔ اصل اس کی سگ پستان
ہے کیونکہ اس کا پھل کتیا کے پستان
کے مشابہ ہوتا ہے۔
سُپُش ف جوں جو لوگوں کے کپڑوں اور
بالوں میں پیدا ہو جاتی ہیں۔
سِپَنج ف مہمان۔ عاریت۔ چراگاہ۔

جانوراں۔ مجازاً دنیا۔
سپنجی سرائے ف چرواہوں اور گڈریوں
کا جھونپڑا جو کھیت میں بنا لیتے ہیں۔
یعنی وہ مقام جس کو قیام نہ ہو۔
سِپَند ف نام کوہ۔ ہرمل۔ ایک قسم
کے مشہور بیج ہیں۔ بجو دفع چشم زخم وغیرہ
کے واسطے جلائے جاتے ہیں۔
سپندان ف ہرمل۔ رائی۔ اور مخفف
ہے سپنددان کا۔ یعنی انگیٹھی۔
سپوختن۔ سپوزیدن ف چبھونا۔
سپوز ف چبھونا۔ امر بھی ہے سپوختن سے
سِپَہ ف سپاہ۔ فوج۔
سِپَہبُد ف یہ لفظ مرکب ہے سپہ (سپاہ)
اور بُد بمعنی صاحب۔ خداوند (سے
خداوند سپاہ۔ سپہ سالار کمانڈر انچیف
سردار لشکر

سپہدار۔ سپہ سالار۔ سپہ کش ف
سپہ کا افسر اعلےٰ۔
سپہر شناس ف نجومی۔ کاہن۔
سپید ف بگلا۔ چٹا۔ سفید۔ ایک قلعے اور
ایک دیو اور ایک نہر کا نام ہے۔
سپیدار ف ایک قسم کا پیڑ ہے جو بڑا
خوش شکل اور بے ثمر ہوتا ہے۔
سپید آمدن وشدن ف ظاہر اور ہویدا
ہونا۔ سرخرو ہونا۔ معزز و محترم ہونا۔
سپید بالا ف صبح کاذب۔
سپید بخت ف نیک بخت خوش نصیب
سپید پائے ف مبارک قدم خجستہ پے
سپید پر ف پشہ۔ مچھر
سپید دست ف سخی آدمی اور حضرت

موسیٰ علیہ السلام کا لقب ہے۔ اور
بمعنی چور۔ خیانت کرنے والا۔
سپید رود ف ایک نہر کا نام ہے جو شیروان
اور گیلان کے درمیان ہے۔
سپید روے ف قلعی جس سے برتن
سفید کر لیتے ہیں۔ نیک بخت آدمی
سے بھی مراد ہے۔
سپید شدن چشم ف اندھا ہونا۔
بیہوش ہونا۔ سرخرو ہونا۔ جادہ دکھانا۔
سپید کار سپید نامہ ف پرہیزگار متقی اور
صالح آدمی۔
سپید کردن جامہ ف کپڑے دھونا۔
سپید کردن دندان ف مسکرانا۔
سپید کردن زبان ف عجز اور فروتنی ظاہر کرنا
سپید کردن لب ف مسکرانا۔
سپیدہ ف صبح کی روشنی ایک مشہور
دوائی کا نام بھی ہے۔
سپیدہ دم سپیدہ دمان ف
صبح صادق۔ تڑکا۔
سپیدی ف سفیدی۔ بیاض آنکھ
کی ایک بیماری کا نام بھی ہے۔

سین مہملہ مع تائے فوقانی

ست ستہ ع چھ سے ۔٦۔ 6 ۔
ستا ف ستایش۔ تعریف کرنا۔ تعریف
کرنے والا نعمت کا شکر۔ شامیانہ سائبان
امر ہے ستودن سے طنبورہ۔ اس معنی
میں ستار کا مخفف ہے۔
ستاخ ف شاخ درخت درخت کی ٹہنی
ستاوہ ف خیمہ۔ تنبو۔
ستادن ف مخفف ہے ایستادن کا

ستار ف ایک مشہور باجہ ہے۔ اصل
اس کی سہ تار ہے۔
ستار ع ڈھانپنے والا عیبوں کا ڈھانپنے
والا۔ پردہ پوش۔ خدائے تعالیٰ
ستارہ ف تارہ جو آسمان میں چمکتا ہے۔
ستارہ جو ایک مشہور باجہ ہے شامیانہ جالی
کی قسم کا کپڑا جو مکھی مچھر وغیرہ سے بچنے
کے واسطے دروازوں وغیرہ پر لٹکاتے ہیں
ستارہ بزیر آوردن ف ناممکن کام کرنا
عجیب کام کرنا۔
ستارۂ دمدار۔ ستارہ دنبالہ دار ف
پونچھ والا ستارہ۔ دم دار ستارہ۔
ستارۂ زمین ف ابرک۔ طلق۔
ستارہ شمر۔ ستارہ شناس ف نجومی منجم
ستارہ سوختہ ف بدبخت۔ بدنصیب
ستارہ شمردن ف بیدار رہنا ساری
رات جاگتے رہنا۔
ستارۂ صبح۔ ستارۂ سحر ف زہرہ۔
ستارۂ قلندران ف سورج۔
ستارن ف مخفف ستارزن۔ ستار
بجانے والا۔ سیخ کباب جو سہ شاخہ ہو۔
ستاغ ف کرۂ اسپ بچھیرا جس پر زین
نہ رکھا گیا ہو۔ مطلق گھوڑا۔ وہ آدمی جس
کی اولاد نہ ہوتی ہو۔
ستاخ ف شاخ درخت۔
ستام ف ساز اسپ گھوڑے کا ساز
لگام۔ یراق۔ آستان دروازہ۔ دروازے کی چوکھٹ
ستان ف چت لیٹا ہوا۔ وہ جگہ جہاں
کسی چیز کا بہت انبوہ ہو۔ آستان کا
کا مخفف بھی ہے۔ اور ستادن کا امر
حاضر بھی ہے۔

ستاندن ف لینا۔
ستائیدن ف سراہنا۔
ستایش ف سراہنا۔ تعریف کرنا۔ حمد و ثنا شکر
ستایشگاہ ف قصیدہ۔ یا قطعہ۔ یا مثنوی
کا آخری شعر۔ مقطع۔
ستایش گر ف سراہنے والا۔ تعریف کرنے والا
ستایش گری ف سراہنا۔ تعریف۔
ستبر ف موٹا۔ غفص۔ دلدار۔
ستبری ف موٹائی۔ گاڑھا پن۔
ستخر ف مخفف ہے استخر کا۔ تالاب آبگیر۔
فارس کا مشہور قلعہ جسے جمشید نے بنوایا
تھا چونکہ اس میں بہت بڑا تالاب تھا
اس واسطے اس نام سے مشہور ہوا
ستخوان ف مخفف استخوان۔
ستخیز ف مخفف ہے رستخیز کا۔
ستدن ف لینا۔
ستد ف لیا ستدن مصدر سے ماضی
مطلق کا صیغہ ہے۔ یاد رہے کہ ماضی
کے صیغہ میں دال ساکن ماقبل مفتوح جو
علامت مضارع کی ہو سوائے ان تین
ماضیوں کے کہیں نہیں آئی۔ زد۔ آمد۔ ستد
ستر ف مخفف استر کا۔ خچر۔
ستر ع پردہ۔
ستر ع چھپانا۔ بدن ڈھانکنا۔ بدن کا
اس قدر حصہ جس کا ڈھانکنا فرض ہے
ستاری ع پردہ پوشی۔
ستردن ف صاف کرنا۔ مونڈنا۔
سترگ سترک ف بڑے جثہ کا آدمی
قوی ہیکل۔ سخت غصہ ور۔ تند مزاج۔ لڑاکا
کھاری۔ ابڑا۔
ستر کبریٰ ع بڑا پردہ۔ بادشاہوں اور

امیروں کی بیویوں کو تعظیم کے طور پر عفت
و عصمت کے لحاظ سے اس لفظ کے ساتھ
خطاب کرتے ہیں۔ یعنی بڑے پردہ والی
سترون ف بانجھ عورت عقیمہ معنی ترکیبی
اس لفظ کے استرون را استر مانند ہیں
یعنی استر کی مانند نہ جننے والی۔
ستل ف حوض۔ برکہ۔ تالاب۔
ستم ف ظلم۔ بے انصافی۔
ستم آباد ف جہاں بہت ظلم ہو۔ دنیا
ستم اندیش ستم پرور ستم پیشہ ف ظلم
ستم دیدہ ستم زدہ ف مظلوم جس
پر ظلم ہوا ہو۔
ستم شکن ف عادل۔
ستمگار ستمگر ستم گستر ستم کیش ف
ظالم۔ ظلم کرنے والا۔
ستم کش ف مظلوم۔
ستنبہ ف درشت۔ قوی ہیکل۔ دلیر
ستو ف زر قلب۔ کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا
ستودان ف آتش پرستوں کا مقبرہ گورستان
ستودن ف تعریف کرنا۔ سراہنا۔
ستودہ ف سراہا ہوا۔ تعریف کیا ہوا
ستور ف چوپایہ۔ حیوان۔ گھوڑا خچر گدھا بیل
ستوریان ف گھوڑوں کا محافظ۔
ستوق ف معرب ستہ کا۔ کھوٹی چاندی یا
کھوٹا سونا۔ زر قلب۔
ستون ف پیلپایہ۔ مکان کا کھم۔
ستون ف ساٹھ۔ سے۔ ٦٠۔ 60۔
ستوہ ف عاجز تھکا ہوا۔ ملول۔
ستہ ع چھ۔ ٦۔ سے۔ 6
ستی ف پاک دامن عورت جو سوائے اپنے
خاوند کے کسی کی طرف توجہ نہ کرے وہ عورت

جو کمال محبت اور پیار کے باعث اپنے
خاوند کی ہمراہ آگ میں جل مرے ہندوؤں کے
ہاں ایسا کرنا کمال ثواب کا باعث ہے
ستیخ ستیغ ف اال رستاخ کا شاخ بلند و
راست ہر چیز بلند و راست ۔ راستی بلندی
ستیدن ف لینا ۔ لے لینا ۔
ستیز ستیزہ ف لڑائی جنگ جھگڑا
ستیزندہ ف لڑنے والا ۔
ستیزیدن ف لڑنا ۔
ستیہیدن ف لڑنا جھگڑنا ۔

سین مہملہ مع جیم تازی

سج ف رخسارہ ۔
سج ع سیریں گفل ۔
سج کنگل کرنا ۔ غلیظ چیز کا نرم ہونا ۔
سجا ف عنوان ۔ سرنامہ ۔ سرخی ۔
سجا ع دوام ۔ سکون ۔
سجاد ع سجدہ کرنے والا ۔ لقب ہے امام
زین العابدین ابن جناب امام حسین ع کا
شعبان ۳۸ھ ہجری میں پیدا ہوئے حادثہ
کربلا میں بیمار تھے اور اہل بیت کے ساتھ اسیر
ہو کر دمشق میں یزید کے پاس گئے اور وہاں
سے رہا ہو کر کربلا میں آئے ۔ اور وہاں سے
بیت الحرام میں آکر سکونت اختیار کی اوّل
درجہ کے عابد و زاہد تھے ۹۴ھ ہجری میں
وفات پائی اور مدینہ طیبہ کے گورستان
بقیع میں امام حسین کے پاس مدفون ہوئے
سجادہ ع جانماز مصلے جس پر نماز پڑھتے ہیں
سجادۂ محرابی ع جانماز جو محراب کی شکل کا ہو
سجادۂ نان ف دسترخوان ۔
سجاف ع جو کسی کپڑے کے چاروں طرف

زیبائش کے واسطے لگایا جاتا ہے
سجال ع جمع ہے سجل کی ۔ ڈول ۔ دلو ۔
سجاوندی ف علم قرائت میں ایک کتاب ہے
سجاوندی کردن ف منقش کرنا ۔
سجایا ع جمع ہے سجیۃ کی ۔ عادت ۔ خو
سجدات ع جمع ہے سجدہ کی ۔
سجدہ ع زمین پر سر رکھنا ۔ خدا کے سامنے
سر جھکانا ۔
سجدہ ع قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام ہے
سجع ع کبوتر اور قمری کی آواز اور اصطلاح
علم بدیع میں سجع ایسی عبارت کو کہتے ہیں
جس کے فقروں کے آخری کلمات قافیہ
رکھتے ہوں ۔ یا بصورت قافیہ واقع ہوں
اس کی تین قسمیں ہیں ۔ ایک سجع متوازی کہ
قافیہ کے کلمات شمار حروف میں برابر ہوں
اور آخیر حرف دونو میں مشترک جیسے از دو ست
مہجورم و برفراق مجبور ۔
دوسرا سجع مطرف کہ دونو لفظوں کا حرف
آخر ایک ہی ہو مگر شمار حروف مختلف ہو ۔
جیسے مردیا وقار خجستہ اطوار ۔
تیسرے سجع متوازی کے دونو لفظوں
کے شمار حروف اور وزن ایک ہوں ۔ مگر
حرف آخیر (روی) دونو میں جدا ہو جیسے
اعمار و ارزاق اور مراتب و مراسم کو قافیہ
میں لائیں ۔
اور اگر ایسے کلمات دونو فقروں میں جمع
کریں ۔ کہ ہر ایک کلمہ ایک فقرہ کا اپنے مقابل
کے کلمہ ثانیہ کے ہموزن اور حرف آخر (روی)
میں متحد ہو ۔ تو ایسے کلام کو مسجع کہتے ہیں
جیسے ؎ اختر برج شرف کا ثیات
گوہر درج صدف کائنات

سجع گو ف نثر میں ہم وزن اور ہم قافیہ
کلمے بولنے والا فصیح ۔ لسان ۔ زبان آور
سجف ع پردہ ۔ پردہ ڈالنا ۔
سجقان ت چوہا ۔ موش ۔
سجل ع قبالہ ۔ چک ۔ قاضی کا حکمنامہ ۔
سجن ع قید خانہ ۔ جیل خانہ ۔
سجنجل ی آئینہ ۔ یہ رومی لفظ ہے ۔
سجود ع سجدہ کرنا ۔
سجود صمدی ع کشتی کرنیوالوں کی اصطلاح میں
اس سجدہ کو کہتے ہیں جو کشتی کے شروع یا اخیر میں کریں
سجیات ع خصلتیں ۔ عادتیں ۔
سجیل ع کنکر ۔ سنگ گل ۔
سجین ع سخت قید خانہ ۔ وہ کتاب جس
میں شیاطین اور مجرموں کے اعمال لکھے ہیں یا
وہ مقام جس میں فاجروں اور کافروں کے
نامۂ اعمال ہیں جہنم میں ایک وادی بھی ہے
سجیۃ ع خصلت ۔ خو ۔ عادت ۔ سبھاؤ ۔

سین مہملہ مع حائے مہملہ

سحاب ع ۔ ابر ۔ بادل ۔
سحابی ع ایک شاعر کا نام ہے ۔
سحاے ع اگلے زمانے میں خطوط کو
ایک تاگے سے باندھا کرتے تھے تاکہ دوسرا
نہ کھول سکے جب سے لفافے کا رواج
نکلا تاگا باندھنا موقوف ہو گیا ۔
سحبان وائل ع ابن اضافت اہل عرب
کے ایک فصیح و بلیغ شخص کا نام ہے ۔
سحج ع پیٹ کی ایک بیماری ہے ۔ جو
خراش روده سے پیدا ہوتی ہے ۔
سحر ع رات کا نہایت آخری حصہ ۔ صبح
کے پھیلنے کا وقت ۔

سحر ع جادو کرنا ۔ جادو ۔ افسوس ۔
سحر بنان ع خوشنویس آدمی ۔
سحر بنان ع خط جو بہت خوشخط لکھا ہو
سحر بیان ع فصیح و بلیغ آدمی ۔ خوش تقریر
آدمی جس کا کلام تاثیر میں سے جادو کا سا کام
سحر حلال ع فصیح و بلیغ شعر و سخن جادو
کا سا کام دے ۔ اہلی شیرازی کی ایک مثنوی
کا نام بھی ہے ۔ جو دو بحر میں پڑھی جاتی ہے
اور اس کا ہر شعر ذو قافیتین ہے
سحرگاہ سحرگاہان ف صبح کا وقت
سحرہ ع جمع سحر کی ۔
سحرۂ فرعون ع وہ جادوگر جو فرعون نے
حضرت موسےٰ کے مقابلے کے واسطے اکٹھے
کئے تھے ۔ اور آخر کار ان کا معجزہ دیکھ کر
سب کے سب ایمان لائے اور فرعون نے ان کو
سخت اذیت سے قتل کرایا اور وہ سب اپنے
ایمان پر قائم رہے ۔
سحق ع پیسنا ۔ پسنا ۔
سحوج ع چمڑے کا چھیلا جانا ۔
سحنۃ ع آدمی کی شکل اور صورت اور
منہ ۔ منہ کے چمڑے کی نرمی و تازگی ۔
سحور ع سحری مسلمان لوگ ماہ رمضان
میں روزہ رکھنے کی خاطر صبح صادق سے
پہلے جو کھانا کھایا کرتے ہیں ۔
سحیق ع بہت پسا ہوا ۔
سحیل ع تاگا ۔ رشتہ جو بٹا ہوا نہ ہو ۔

سین مہملہ مع خائے معجمہ

سخافت ع ہلکا پن ۔ کم ظرفی ۔ بے عقلی
سخاوت ع سخی ہونا ۔ داتا پن ۔ بخشش کرنا
سخت ف کڑا جو نرم نہ ہو ۔ بخیل و رذیل

بست۔ چھلنے والا۔ مشکل۔ محکم۔
سخت استخوان ف وہ شخص جس کی نسل کے
لوگ سخت کشی اور بہادری میں مشہور و معروف ہوں
سخت بازو ف توانا۔ زورآور۔
سخت بوم ف سخت زمین ہلاک کرنے
والی زمین میدان جنگ۔
سخت پاے ف توانا۔ ثابت قدم۔
سخت پنجہ ف ممسک۔ بخیل۔ کنجوس۔
سخت جان ف سخت دل۔ بے رحم۔
سخت چادیدہ ف ہرزہ و پوچ۔
سخت چشم ف شوخ و بے حیا۔
سخت خوردن ف تصدیعہ اٹھانا
سخت دل ف بے مہر و سنگدل۔
سخت کمان۔ سخت رو ف پہلوان
شہزور۔ تیر انداز۔
سخت گرفتن بر کسے ف تنگی کرنا سختی کرنا
سخت لگام ف سرکش گھوڑا۔ گردنکش آدمی
سختن ف وزن کرنا۔ تولنا۔ جانچنا۔
سختو ف انتڑیوں میں گوشت۔ چاول
اور مصالح بھر کر گھی میں بھونتے ہیں اسے
سختو کہتے ہیں۔ اور آنت سل بھی کہا ہے
سختہ ف وزن کیا ہوا۔ تلا ہوا۔ سنجیدہ۔ معقول
سختی ف نرمی کی ضد۔ کڑاپن۔ تنگی۔
سختی دیوار و مہر سپہر ف زمانے کے حوادث
سخرہ ع ہنسی۔ ٹھٹھا۔ خوش طبعی۔ تمسخر
فارسی میں بمعنی بیگار مستعمل ہے۔
سخط ع غصہ۔ غضب۔
سخف ع سبک ہونا۔ کم ظرف ہونا۔
سخن۔ سخُن۔ سَخُن۔ سَخَن ف بات
کلام۔ گفتار۔ شعر۔ عبارت۔ لفظ۔
سخن اندر دہن کسے گرفتن ف کسی کے
کلام کو بیچ سے کاٹ کر آپ وہی کلام شروع کردینا
سخن افواہی ف سنی سنائی بات۔
سخن با کسے درمیان نہادن ف
کسی سے بات کہہ دینی۔
سخن برخاک افگندن۔ سخن بر زمین
افگندن ف بے اعتبار کرنا۔ ضائع کرنا
سخن پرور ف سوچ سمجھ کر کلام کرنے والا
عمدہ گفتگو کرنے والا۔
سخن بستن ف بات کو روک لینا۔ چپ
ہو جانا۔
سخن پیش بردن ف بہت اچھی طرح گفتگو کرنی
سخن بلند شدن ف کلام کا طویل ہوجانا
سخن تلخ ف گالی۔ کڑوی بات۔ ناگوار کلام
سخن چو حرف بے لطافت بات۔ دلشکن کلام
سخن چین ف ادھر کی بات ادھر جاکر کہنے
والا۔ عیب نکالنے والا۔ لترا۔ چغل۔
سخن چینی ف باتیں چھانٹنی۔ عیب نکالنے۔ چغلی
سخن دراز کردن۔ سخن دراز کشیدن
فضول چوڑی تقریر کرنی۔ گفتگو بڑھا دینا
سخن دلفروز۔ سخن دلفروش ف عمدہ
کلام۔ اچھی بات۔
سخن راندن ف کلام کرنا۔
سخن زہر سرشت بے مزہ بات۔
سخن زن ف شاعر۔ قصہ خواں۔ سخن
فہم۔ بہتان باندھنے والا۔
سخن ساز ف بات بنانے والا۔
سخن سرا۔ سخن سنج۔ سخنور ف شاعر
قصیدہ خواں۔ فہمیدہ۔ اور سخن فہم آدمی
سخن سنجیدن ف سوچ سمجھ کر کلام
کرنے والا۔ خوش تقریر آدمی۔
سخن شناس بات کی تہ کو پہنچ جانے والا
سخن گستردن ف لمبی چوڑی تقریر کرنی۔
سخن گفتن ف بات کہنا۔ شعر کہنا۔
سخنہاے پرورده ف عمدہ اور سنجیدہ باتیں
سخنہاے سرد ف نامناسب باتیں۔
سخوط ع مکروہ۔
سخون ف سخن۔ کلام۔
سخونت ع گرم ہونا۔
سخی ع داتا۔ خدا کے نام پر دینے والا۔
سخیف ع کم سمجھ۔ تنگ ظرف۔ بیہودہ۔
سخیف الراے ع کم عقل۔ کم سمجھ۔
سخین ع گرم پانی۔ ہر گرم شے۔

سین مہملہ مع دال مہملہ

سدّ ع دیوار۔ روک۔ مانع۔ آڑ۔ وہ چیز
جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔
سداب ع ایک قسم کی گھاس ہے جو
اسقاط حمل کے لئے کام آتی ہے ہندی
میں اسے تلی کہتے ہیں۔
سداد ع گفتار و کردار کی مضبوطی اور راستی
سد پایہ ف کٹہرہ۔
سدر ع بفتح اول و کسر دال بمعنی حیران
بفتحتین بمعنی آنکھوں کی تیرگی جو سر کی گردش
اور گرانی سے ظاہر ہو۔ بکسر اول و سکون
دال بیر جو بیری کا پھل ہے۔
سدرہ ع بیری۔
سدرۃ المنتہی ع ساتویں آسمان پر بہت
بلند بیری کا درخت ہے حضرت جبرائیل کا
یہی مقام ہے اس کے اوپر سوا خاتم النبیین
علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اور کوئی نہیں گیا
سد سکندر ف سکندر کی دیوار جو سکندر
ذوالقرنین نے شمالی وحشیوں کے روکنے
کے واسطے بنائی تھی۔
سدرہ نشینان ف ملائکہ۔ مقرب
مقرب فرشتے۔
سُدس۔ سُدُس ع چھٹا حصہ ۱/۶
سدق ت ترکش تیردان۔
سدنہ ع جمع سادن۔ دربان۔ خادم
سدوم ف شہر لوط کا قاضی تھا جس نے لواطت
کا فتویٰ دیا تھا۔ قوم لوط کا شہر بھی تھا جو
قہر الٰہی کے نازل ہونے پر الٹا گیا۔ اور اب وہاں
جھیل مردار ہے جو ملک شام میں واقع ہے
مجازاً حاکم ظالم کے معنی میں مستعمل ہے
سدہ ف دیکھو جشن سدہ۔
سدّہ ع مواد غلیظ کی گرہ جو انتڑیوں یا
رگوں میں ہو جاتی ہے۔
سدید ع محکم۔ استوار۔ راست و درست
سدیر مخفف سہ دیر۔ ایک عمارت
کا نام ہے جو نعمان بن منذر نے بہرام گور
کے واسطے بنائی تھی۔
سدیوف اس جن کا نام ہے جو حضرت سلیمان
علیہ السلام کی انگوٹھی اٹھا لے گیا تھا۔

سین مہملہ مع راے مہملہ

سر ف راس۔ سیس۔ فکر و خیال۔ زور۔ قوت
سردار و مقدم۔ میل و خواہش۔ فوق۔
اوپر۔ زبدہ۔ خلاصہ۔
سِرّ ع چھپانے کے قابل بات۔ راز پوشیدہ
بھید۔ راز۔ فارسی والے بے تشدید بھی
استعمال کرتے ہیں۔
سرا ف گھر۔ خانہ۔ مکان۔ سرائیدن سے
امر بھی ہے اردو میں بمعنی مسافرخانہ۔
سرّا و ضرّا ع راحت و رنج۔

سَراب ع دھوکا۔ شور زمین جو دھوپ میں چمک کر دور سے اس طرح نظر آتی ہے گویا وہاں پانی ہے اور حقیقت میں وہاں پانی نہیں ہوتا۔ صوبہ آذربائجان میں اردبیل کے پاس ایک گاؤں بھی ہے۔ سرچشمہ۔ دریا سے کسی نہر کے نکلنے کے مقام کو بھی سراب کہتے ہیں۔ زبدہ و خلاصہ۔ معدوم و نابود۔ غرور و تکبر سے بھی مراد ہے۔
سراپیلی ف ہیجڑا۔ مخنث۔
سراپا ف خلقت۔ سرو پا۔ تمام محبوب کے تمام اعضاء کی وصف۔
سراپردہ ف بارگاہِ بادشاہی۔ بڑا پردہ جو بطور دیوار کے خیمہ کے آگے کھینچتے ہیں۔ گھر کا پردہ۔
سراپردہ گُلی ف آسمان۔ سیاہ بادل
سرابُستان۔ سرابوستان ف وہ باغ جو گھر میں ہو۔ وہ گھر جس میں باغ ہو۔
سِراج ع چراغ۔ دیوا۔ دیا۔
سَرّاج ع زین فروش۔ زین ساز۔ ابونصر نام ایک ولی کامل کا لقب بھی جو طوس میں ہوئے ہیں اور سری سقطی اور سہل تستری وغیرہ مشائخ کی صحبت حاصل کی تھی ان کی قبر طوس میں ہے اور سال وفات ان کا ۳۷۸ھ ہے۔
سراچہ ف چھوٹا خیمہ۔ چھوٹا مکان۔
سرادار ف دار الشفا کے بیماروں کی خبر گیری کرنے والا۔ سرا کا مہتمم۔
سرادِق ع سراپردہ۔ خیمہ۔
سرادقات ع سراپردے۔ خیمے۔
سراری ع مدخولہ لونڈیاں۔ حرمیں۔ جمع سُرّیّہ کی۔
سر از آسمان بر تر بودن و گذاشتن ف بہت عالی رتبہ ہونا۔
سر از اطاعت پیچیدن۔ سر از خط بر داشتن۔ سر از خط بر گرفتن۔ سر از خط پرکار بُردن سرکشی کرنی۔ حکم نہ ماننا۔
سر از بالین تہی کردن ف یہ محاورہ الٹا مستعمل ہوا ہے۔ اصل میں یوں چاہئے تھا۔ بالین از سر تہی کردن۔ سرہانے کو سر سے خالی کر جانا۔ دنیا سے کوچ کر جانا۔ مر جانا
سر از چنبرے بیروں آوردن ف اس کے عہدے سے بر آنا۔
سر از خواب برکردن۔ سر از خواب تہی کردن۔ سر از خواب در آمدن ف جاگنا۔ بیدار ہونا۔
سر از خویش بر آوردن ف ہوش میں آنا
سر از زانو بر گرفتن ف مراقبہ سے سر اٹھانا
سر از سرا بدر کردن ف گھر سے قدم باہر نکالنا۔ گھر سے باہر نکلنا۔
سر از شمشیر بر داشتن ف تلوار سے سر کاٹ لینا۔
سر از کارے پیچیدن ف کسی کام سے منہ موڑنا۔ اُسے ترک کر دینا۔
سر از برف ڈھلان۔ سلامی جگہ۔
سر از زیر خاک زدن ف اُگنا۔ پیدا ہونا
سر از شیشہ تہی چرب کردن ف فکر کرنا۔ فریب دینا۔
سر از یک آستین بر آوردن۔ سر از یک جیب بر آوردن با کسے۔ سر از یک گریبان بر آوردن ف برابری کرنا
سراسر ف سراسر۔ اس سرے سے اس سرے تک۔ تمام۔
سراسیمہ ف آسیمہ کے بمعنی شوریدہ کے ہیں۔ سر آسیمہ شوریدہ سر۔ حیران پریشان۔ مضطرب۔ گھبرایا ہوا۔
سِراع ع انگور کے درخت کی تازہ سبز شاخیں
سُراغ ف کھوج۔ نشان۔ تلاش۔
سر افتادن ف حد سے نکل جانا۔
سر آغوج۔ سر آغوش۔ سر آگوش ف عورتوں کا گیسو پوش وہ ہمیانی کی طرح تین گز لمبا کیسہ بنا ہوا ہوتا ہے۔ اس کے ایک سرے پر ایک مکلّف زائد دو ٹوپی ہوتی ہے اس میں عورتیں بال ڈال دیتی ہیں اور اس کی دوسری طرف بھی پر تکلف بنی ہوتی ہے۔
سر افراز ف سربلند۔
سر افشاندن ف سر قربان کرنا۔
سر افگندگی ف عاجزی۔ فروتنی۔
سر افگندن ف سر نیچے کرنا۔ گردن نیچے ڈالنا
سر افگندہ ف شرمندہ سر نیچے ڈالے ہوئے۔
سرافیل ع اسرافیل۔ بارگاہِ الٰہی کے ایک مقرب فرشتے کا نام ہے جو منہ میں صور لئے حکم الٰہی کا منتظر کھڑا ہے اور اسے قیامت کے دن پھونکیگا۔
سُراقہ ع قریش کے بتوں میں سے ایک کا نام ہے۔
سر آماج ف بیل جوتنے کی لکڑی جسے پنجابی میں پنجالی کہتے ہیں۔
سر آماسی ف سر کا سوج جانا۔
سر آمد ف سردار۔ برگزیدہ۔
سر آمدن ف تمام ہونا۔ پورا ہونا۔ ہو چکنا۔ غالب آنا۔
سَران ف جمع سر جس کے معنی سردار کے ہیں۔
سر انجام ف آخر کار۔ کام کا سامان
سر انداز ف گھونگھٹ اور اوڑھنی غرور و ناز کے ساتھ ٹہلنے والا۔ سر افگندہ کی چالاک۔ بے پرواہ۔ خونی۔ ناپاک۔
سر اندر زدن ف خوف کے مارے چھپ جانا
سراندیپ ف ہندوستان کے جنوب کی طرف بحر ہند میں ایک مشہور جزیرہ ہے کسی زمانے میں راون نام ایک راجہ کے زیر حکومت تھا جس کو راجہ رام چندر جی نے قتل کیا تھا اب یہ جزیرہ سلطنت انگلشیہ کے زیر فرمان ہے کولمبو اس کا دار الحکومت ہے حضرت آدم بہشت سے نکال کر اس جزیرہ میں پھینکے گئے تھے۔
سر انگشت ف اس میں اضافت نہیں ہے۔ انگلی کا سرا۔
سر انگشتی ف انگلی کے سرے کی حنا۔
سر انگشتاں عُنّابی کردن ف کسی چیز کو رنگین کرنے میں مصروف ہونا۔
سر آوردن ف پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ بسر کرنا انجام کو پہنچانا۔
سر آوری ف گردآوری۔
سراویل ع پاجامہ۔ شُلوار۔
سر آہنگ ف چوبدار۔ فوج سردار۔ کوتوال۔
سرائے ف گھر۔ منزل۔ اردو میں بمعنی مسافر خانہ۔ سرائیدن سے امر کا صیغہ بھی ہے۔ تاتار کے شمال میں ایک شہر بھی ہے۔
سرایان ف گاتا ہوا۔
سرایت ع گھس جانا اس طرح پر جیسے شکر پانی میں سرایت کرتا ہے۔ اثر کرنا۔ رات کو چلنا
سرائے جاوید ف بہشت۔

سرائے جزاف عالم آخرت۔
سرائچہ ف چھوٹا گھر۔ چھوٹا سکان۔
سرائے دورنگ ف دار آخرت۔
سرائر ع جمع سریرت کی۔ پوشیدہ بھید
سرائے سرور ف شراب خانہ۔ بہشت۔
سرائیش ف سراہنا۔ پرندوں کا نغمہ
سرائے شرور ف شرابخانہ۔ خمار خانہ
دنیا۔ دوزخ۔
سرائے ششدر ف دنیا سے مراد ہے
سرائے محمود ف مقام محمود۔ مقام شفاعت
بہشت سے بھی مراد ہے۔
سرائیدہ ف گانے بجانے والا۔
سرائے نعمان ف نعمان بن منذر کا محل
سرائے نہفت ف عالم آخرت۔
سرائے ہفت درخشاں ف آسمان۔
سرائیدن ف گانا۔ الاپنا۔
سرائیلی ع اسرائیلی کا مخفف۔ اس سے
سامری اور بنی اسرائیل کے اور کفار مراد ہیں۔
سرب ع سیسہ جس کی گولیاں ڈھالتے ہیں
سرباختن ف سر قربان کرنا لڑائی کرنا لڑنا
سربار ف سر کا بوجھ۔ بار سر۔
سرباری ف وہ ذرا سا بوجھ جو بڑے
بوجھ پر رکھ لیا کرتے ہیں۔ عربی کے
نزدیک علاوہ کے بھی یہی معنی ہیں۔ اس
واسطے سرباری علاوہ۔ سوا اس کے
معنی میں بھی مستعمل ہے۔
سرباز ف بہادر۔ جان نثار۔ بے خوف
لڑنے والا۔
سرباز زدن از چیزے ف انکار کرنا
منہ پھیرنا۔
سربازاری ف بازار میں آوارہ پھرنا۔

سرباز ماندن ف حیران رہنا۔
سربازی ف لڑائی۔ بے خوف ہو کر
بہادری کا کام کرنا۔
سر بہ آسمان آمدن ف کمال عالی
رتبہ ہونا۔
سربال ع پیراہن۔
سربالا ف بلند سر۔
سربالا کردن۔ سر بربالا کردن ف
سر اٹھانا۔ سر اونچا کرنا۔
سر بہ تیغ خاریدن ف مار ڈالنا قتل کرنا
سرپا خوردن ف ٹھوکر کھانا۔
سرپا زدن ف ٹھوکر مارنا۔ رد کرنا۔
سرپایاں ف عمامہ۔ شملہ۔ لوہے کا
خود۔ شلوار۔
سر بجائے کشیدن ف اُس طرف
متوجہ ہونا۔ اس طرف توجہ کرنا۔
سر بجیب عدم در کشیدن ف نیست
و نابود ہو جانا۔
سرنجش ف بڑا حصہ۔
سر بخواب در آمدن ف سونا۔
سر بدیوار آمدن ف دیوار کے ساتھ
ٹکر لگنا۔
سربراہ منتظم۔ مہتمم۔
سربراہ کردن ف راہ پر لانا۔ پورا کرنا
انتظام کرنا۔
سربراہی ف اہتمام۔ انتظام۔
سر برآوردن ف سر اٹھانا۔ سرکشی
کرنی یا باغی ہونا۔
سر برآوردن صبح ف صبح کا نمودار
ہونا۔
سر بر خط داشتن و نہادن و سر بر

خط فرمان نہادن ف اطاعت کرنا
فرمانبردار ہو جانا۔
سر بر خطِ کسے نہادن۔ ف اس کی
فرمانبرداری کرنی۔
سر بر داشتن ف سر بلند کرنا۔ سر
اُٹھانا۔ حاکم سے پھر جانا۔ باغی ہونا۔
سر بر در کسے نہادن ف اس
کی منت و سماجت کرنی۔
سر بر زدن ف ایک بات کا واقع ہونا
ہو جانا۔
سر بزانو نشستن ف کبیدہ ہو جانا
مراقبہ کرنا۔ غمگین ہو کر بیٹھنا۔ فکر کرنا۔
سوچنا۔
سرپرست ف خانہ زاد نوکر۔ گھر کا نوکر۔
سرپرستی ف تیمارداری۔
سر بر کردن ف سر اٹھانا۔ سرکشی کرنا۔
نافرمانی کرنا۔
سر بر کمر زدن ف دیوانہ ہونا۔ سودائی
ہو جانا۔
سر بر گرفتن ف نیند سے جاگ اٹھنا
مسافر ہو جانا۔
سر بر گشتگان ف اطاعت نہ کرنے والے
سر بر نہادن ف چپ ہو جانا۔
سربزرگ ف عظیم الشان اور عالی رتبہ آدمی
سر بزیر لحاف کشیدن ف لیٹ جانا
سو جانا۔ چھپ جانا۔
سربست ف آزاد۔ بے قید۔
سربستن ف باندھنا۔
سربستہ ف بندھا ہوا۔ پوشیدہ راز۔
سربسر ف تمام۔ بالکل۔
سربصحرا دادہ ف دیوانہ۔ مجنون۔

سربلند ف اونچا۔ بلند۔
سر بگریبان بُردن ف سوچنا۔ فکر کرنا
سر بر کسے فرود آوردن ف کسی کے
سامنے سر جھکانا۔
سر بکوہ و بیابان دادن ف آوارہ ہونا
سربند ف کوچہ بند۔ اختیار و آگاہی۔
سرپنجگی ف۔ زور۔ شدت۔
سرپنجہ ف ہاتھ کا پنجہ اور مجازاً طاقتور
اور زبردست آدمی۔
سر بند کسے گرفتن ف کسی کام کی
تہ معلوم کرنا۔
سرپوش سرپوشہ ف ہنڈیا کا ڈھکنا
طباق کا ڈھکنا۔
سرپوش از روے راز افتادن ف
بھید کا ظاہر ہو جانا۔ راز کھل جانا۔
سرپوشیدہ ف کنواری عورت۔
سربہا ف آدمی کا خون بہا۔ دیت۔ فدیہ
سرپے ف ٹھوکر۔
سرپیچ ف جو ہر ہوتا ہے جو عمامہ یا
پگڑی پر لٹکایا جاتا ہے۔ پگڑی۔
سرپیچیدن ف سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔
سرتابی ف حکم نہ ماننا۔ بغاوت کرنا۔
سرتاج ف عورتوں کا گیسو پوش۔
سرتاسر ف تمام۔ بالکل۔ سب کا سب
سرتافتن ف سرکشی کرنی۔ حکم نہ ماننا
انکار کرنا۔
سرت سبز باد ف تیری عمر بڑی ہو۔
سرت گردم ف تیرے قربان جاؤں
سرتنہا ف یکہ۔ منفرد۔
سرتیپ ف تیپ ترکی میں صف کو
کہتے ہیں۔ سرتیپ سردار صف۔ فوج کے

ایک دستہ کا افسر۔ جیسے ہمارے ہاں رسالدار یا جمعدار ہوتا ہے۔
سر تیرف بزرگ آدمی۔ حکیم۔ فاضل۔ دانشمند
سر تیز ف ہر نوک دار شے۔ سرکش۔ جنگ جو معشوقاں کی مژگاں۔ خار نیزہ۔
سر تیغ ف سر شمشیر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ روشنائی۔
سرج ع گھوڑے کا زین۔
سرچشمہ ف چشمہ۔ پانی کا سوتا۔
سرچشمہ دار ف کسی کام کا مخترع اور موجد۔
سر جفت کردن ف سرگوشی کرنا۔
سر جملہ۔ سرچین ف خلاصہ۔ گزیدہ
سر جنبانیدن ف آفرین کرنا۔ اور کسی کام سے منع کرنا۔
سر جنگ ف سرہنگ۔
سر چنگ ف زور سے کسی کے سر پہ ہاتھ مارنا۔
سر جوش ف شوربا جو اوّل جوش کھا چکا ہو۔ میانا خلاصہ۔ زبدہ۔
سر چیزے داشتن ف اس چیز کا خواہاں ہونا۔
سرح ع چرنے والا ستور۔ چرنا۔ چرائی پر چھوڑنا۔ اونچے اونچے درخت۔ آسانی۔
سرحان ع بھیڑیا۔
سرحد ع حد۔
سر حرف باز کردن ف کلام شروع کرنا۔
سر حساب ف واقف۔ خبردار۔
سر حلقہ ف سردار کسی حلقہ کا حاکم۔
سر حلقۂ عقل ف عقل اول۔
سُرخ ف لال۔
سُرخاب ف ایک پرندہ کا نام ہے۔ جس کو ہر مہینے حیض آتا ہے۔ مجازاً گلاونہ۔ غازہ۔ شراب علم رمل کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔ سُہراب بن رستم کا دوسرا نام بھی ہے۔
سر خاریدن ف نا امید ہونا۔ تسلی کرنا۔ راغب ہونا۔ توقف کرنا۔
سر خانہ رساندن ف فن کو کمال پر پہنچانا۔ بلند آواز۔
سُرخ بال ف تیہو جو چکوے کی شکل کا لیکن اس سے بہت چھوٹا پرندہ ہے۔
سرخ بت ف ملک کابل میں بدخشاں کی سرحد پر شہر بامیاں کے پاس پتھر کے دو بت ہیں جن میں سے ہر ایک باون گز اونچا اور اندر سے کھوکھلا ہے۔ چنانچہ ان کے پاؤں کی انگلیوں کے اندر سے سر اور ہاتھوں کی انگلیوں تک چڑھ سکتے ہیں۔
سرخ بید ف ایک قسم کا بید ہے۔
سرخ چشم ف جلاد۔ خونریز آدمی۔
سر خجالت در پیش بودن ف نہایت شرمندہ ہونا۔
سرخجہ ف بچوں کے بدن میں جو سرخ رنگ کی دمیدگی نکل آتی ہے۔
سر خر ف گدھے کا سر۔ بے حیا۔ وہ آدمی جو اپنے رتبے کے موافق جگہ پر نہ بیٹھے اور جہاں جی چاہے بیٹھ جائے۔
سُرخرو ف خوش۔ جس کا دعوےٰ ثابت ہو جائے۔
سرخس ع خراسان میں ایک شہر ہے
سُرخ شدن ف غصہ ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
سرخط ف مکان کا کرایہ نامہ۔ نوکر ہونے کی تاریخ کی یادداشت کا کاغذ فروخت کا کاغذ۔
سر خود ف جو کسی کے تابع نہ ہو۔
سر خود گرفتن۔ سر خویش گرفتن
سر خویشتن گرفتن ف اپنا رستہ لینا۔ چل دینا۔ جو جی چاہے سو کرنا۔
سر خوش ف شراب سے مست خوشحال آدمی۔
سُرخہ ف افراسیاب شاہ توران کے بیٹے کا نام ہے جسے فرامرز نے گرفتار کیا اور رستم نے سیاوش کے بدلے اسے مروا ڈالا۔
سُرخی ف لالی۔
سر خیل ف سردار۔ امیر۔
سَرد ف ٹھنڈا۔ ناخوش۔ بے مزہ۔ بے اصل۔ بے تہ اور بمعنی سردی بھی آیا ہے
سَرد ع زرہ۔
سَرداب۔ سردابہ ف بھٹوڑا جو زمین میں بناتے ہیں۔ تہ خانہ جو زمین میں بناتے ہیں۔ سرد خانہ۔
سر دادن ف کھول دینا۔ موقوف کرنا توپ بندوق کو آگ دینا۔
سردار ف امیر۔
سر داستان ف سرخی۔ عنوان۔
سر داشتن ترازو ف ترازو کے ایک پلڑے کا جھک جانا۔
سر د بیان۔ سرد حرف ف جس کی بات مؤثر نہ ہو۔
سر در بیابان نہادن ف سر بصحرا چلا جانا۔
سر در پیش ف شرمندہ۔ فکرمند۔
سر در جہاں گرفتن۔ سر در جہاں نہادن ف آوارہ ہونا۔
سر در سر چیزے کردن ف اس چیز کی خواہش میں مر جانا۔
سر در دامن کسے انداختن ف وسیلہ ڈھونڈھنا۔
سردردی ف محنت۔ تکلیف۔ دردِ سر
سر در سر چیزے کردن ف کسی چیز کی خواہش میں اپنے تئیں ہلاک کرنا۔
سر در گریبان کشیدن ف سر جھکا لینا۔
سر در کشیدن ف تابع نہ ہونا۔ خودسر ہونا۔ باغی ہونا۔ سر جھکا لینا۔
سر در کلاہ کسے نہادن ف تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔
سر در نشیب ف سرنگوں اوندھا۔
سر در نشیب کردن ف شرمندہ ہونا
سر در ہوا ف مشتاق پریشان۔ آوارہ
سر دست ف فی الحال۔ ابھی۔ بلا اضافت ہو تو بمعنی حقیر ہے۔
سر دست افشاندن ف غصہ ہونا ترک کرنا۔ ناچنا۔ گت بھرنا۔
سر دستی ف ماحضر۔
سر دستی گرفتن ف امداد کرنا۔

سردسیر ف وہ زمین جہاں پانی زراعت کے لئے خود بخود جاری ہو۔ سرد ملک
سرد شدن ف ٹھنڈا ہوجانا۔ مرجانا کسی کام سے ملول ہونا۔
سردفتر ف دفتر کا افسر۔ سردار۔
سرد گوے ف کند۔ سخت کلام جس کی بات سے لوگ ناراض ہوجائیں۔ ناموزدن آدمی۔
سردم ف ایک بد آواز آدمی کا نام ہے۔
سردمہر ف بے مروت بے رحم۔
سردی ف ٹھنڈک۔ بے رحمی۔ بے مہری۔
سرراہ ف راہ کے سر پر۔
سرراہ گرفتن ف رستہ بند کرنا۔
سررشتہ ف مجازاً مدعا۔ مقصود مدعا۔ مقدار قبیل۔
سررشتہ ف تدبیر۔ علاج۔
سررشتہ از دست رفتن و بیروں رفتن ف معاملہ بگڑ جانا
سررشتہ یافتن ف مقصود کا حاصل ہوجانا۔
سررفتہ ف مقسوم۔ مقدر۔ نصیبہ سرنوشت۔
سرزدن ف گردن مارنا۔ کسی مجلس میں کسی شخص کا یکدفعہ ہی آجانا۔ ظاہر ہونا۔ وقوع میں آجانا۔
سرزدہ ف بے خبر۔
سرزدہ آمدن و رفتن ف بے خبر آنا یا جانا۔
سرزلف ف ناز و غمزہ۔ کرشمہ دستاں

سرزمین ف زمین۔ ملک۔
سرزن ف سرکش۔ نافرمان۔
سرزندہ ف سر بزرگ۔
سرزنش ف ملامت۔ برا بھلا کہنا۔
سرسال ف شروع سال۔
سرسام ف مرکب ہے سر اور سام (یونانی لفظ) سے (جس کے معنی ورم آماس کے ہیں) ایک مرض مہلک کا نام ہے جس سے آدمی کے دماغ میں ورم ہوجاتا ہے اور آفتاب کی روشنی تکلیف دیتی ہے۔
سرسامی ف جسے مرض سرسام ہوجائے۔
سرسبز ف لہلہاتا۔ ہرا بھرا۔ حیات و زندگی صاحب دولت جوان۔
سرسجدہ ف وہ مہرہ جو شیعہ لوگ سجدے کی جگہ پر رکھ لیتے ہیں۔
سرسخت خوردن ف سخت صدمہ پہنچنا۔
سرسخن ف سرخی۔ عنوان۔
سرسری ف کمینہ بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔
سرسلسلہ ف وہ شخص جس سے کسی خاندان کی ابتدا ہو۔ بانئے خاندان۔
سرشار ف لبریز۔ لباب۔
سرشب ف اول شب
سرشت ف پیدائش۔ طبیعت۔ آدمی کی خو۔
سرشتن ف گوندھنا۔ ملانا۔
سرشدن ف ہونا۔ جاری ہونا۔ توپ وغیرہ کا چھوٹنا۔
سرشف ف سرسوں جو مشہور غلہ ہے

سرشک ف آنسو۔ آنکھ کا پانی قطرہ۔ چنگاری۔
سرشک باراں ف مینہ کے قطرے
سرشک قدح ف پیالے کے قطرے مجازاً شراب کے قطرے۔
سرشوے ف حجام۔ سر دھونے کی ایک قسم مٹی کی۔
سرشیب ف سرنگوں۔
سرشیر ف ملائی۔ قماغ۔
سرطان ع کیکڑا۔ آسمان کا چوتھا برج جو کیکڑے کی شکل کا ہے۔ قمر کا یہی خانہ ہے۔
سرطبلدار ف کتاب کی بینی دار جلد جیسے کہ اکثر قرآن مجید کی ہوا کرتی ہے
سرع ع انگور کی تازہ و سرسبز شاخ۔
سرع ع دوڑنا۔
سرعت ع شتابی۔ تیزی۔ جلدی۔
سرعسکر ف سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔
سرعشر ف دس آیتیں ہیں۔ جو بچوں کو بسم اللہ شروع کرانے کے وقت لکھ کر تبرکاً دیتے ہیں۔
سرعطسۂ آدم ف عیسےٰ سے مراد ہے
سرغزل ف غزل کا مطلع۔ عمدہ غزل۔
سرغنہ ف بڑا۔ بے مانند۔ عظیم۔
سرغوغا ف بانی فساد۔ مفسدوں کا افسر فوج کا ہراول۔
سرغول ف اشکال فلکیہ میں سے ایک شکل ہے۔
سرف ع بیہودہ خرچ۔ فضول خرچ۔
سرفتیلہ چرب شدن ف جماع

سرفراز ف عزت و اعتبار میں رتبے کا بڑھنا۔ گردنکش۔ متکبر۔
سرفرازی ف سربلندی۔ غرور۔
سرفرد آوردن ف سر جھکا لینا۔ سلام کرنا۔
سرفرو بردن ف شرمندہ ہونا۔
سرفلانی مے جنبد ف یعنی ابھی جیتا ہے اور لائق اعتبار ہے۔
سرفوج ف سردار۔ فوج کا افسر۔
سُرفہ ع کھانسی۔
سرفیدن ف کھانسنا۔
سَرَق۔ سَرِقہ ع چوری۔ چوری کرنا۔
سرقافلہ ف قافلہ کا سردار۔
سرقدم ساختن ف نہایت عاجزی سے چلنا۔ بڑے ادب سے چلنا۔
سرقصیدہ ف قصیدہ کا مطلع۔ عمدہ قصیدہ۔
سرقین معب ہے سرگین کا۔
سرکا ف سرکہ۔
سرکار ف بادشاہی کچہری۔ گورنمنٹ مجازاً حاکم۔
سرکاری ف واردغگی۔ سربراہی۔ مختاری۔
سرگراں ف خفا۔ غصہ ور۔ متکبر۔ سست ملالت۔
سرگراں شدن ف خفا ہونا۔
سرگرداں ف پریشان۔
سرگردگی ف سرداری۔ افسری۔
سرگرم ف چالاک محنتی۔ گرم جوش۔

سرکردن ف شروع کرنا۔ کامل کرنا۔ توپ بندوق وغیرہ کا چھوڑنا۔
سرگروہ ف قوم کا سردار۔
سرگزشت ف گذرا ہُوا حال۔ واقعہ حادثہ۔ ماجرا۔
سرگذشتہ ف جان سے تنگ آچکا ہُوا۔
سرگزہ۔ سرگزیہ ف جزیہ جو کافروں سے لیا جاتا ہے۔
سر کسے بباد دادن ف اُس کا سر اڑا دینا۔ اُسے خستہ و خراب کرنا۔
سرکش ف مغرور۔ باغی۔
سرگشتہ ف حیران۔ بھٹکا ہُوا۔
سرکشی ف بغاوت۔ غرور پن۔ حاکم سے پھر جانا۔
سرکشیدن ف زور پکڑنا۔ نافرمان ہونا۔ حکم نہ ماننا۔
سرگُم ف بے ابتدا اور بے انتہا۔
سرکنڈ ف جائے پناہ۔ محفوظ جگہ۔
سرگن ف فوج کا سردار۔
سرکنگبیں ف سکنجبین۔
سرکوب۔ سرکوبہ ف امثال و اقران سے بڑھا ہُوا۔ افسر۔ لائق۔ انتظام کرنے والا۔ گرز۔ دمدمہ۔
سرگین۔ ف گوبر۔ بیٹ۔ جانور کا پاخانہ
سرکوچک ف بے قدر۔ حقیر۔ کمینہ۔ کم عقل۔
سرکوچکی ف کم عقلی۔ نامردی۔ حقارت
سرگوش گرفتن ف فرمانبردار ہو جانا
سرگوشی ف کان میں بات کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔

سرکہ ف خل۔ سرکہ۔
سرکہ ابرو ف چین پیشانی۔
سرکہ بر ابروان۔ سرکہ بر روئے مالیدہ
سرکہ پیشانی۔ سرکہ جبین ف بے دماغ۔ ترش رو۔ چیں بجبیں۔ تیوری چڑھائے ہوئے۔
سرکہ فروختن ف ترش رو ہونا۔
سرکہ فروش۔ سرکہ فشاں ف سخت بیدماغ۔ بدگو۔ طعنہ زن۔
سرگین گرداں۔ سرگین غلطاں ف گوبر کا کیڑا۔ گبریلا۔ جُعل۔
سرلشکر ف فوج کا سردار۔
سرلوح ف کتاب کے پہلے صفحہ پر بسم اللہ کی بجا سونے وغیرہ کے پانی سے جو نقش و نگار کرتے ہیں۔
سَرم ع انتڑیوں کا منہ جہاں سے پاخانہ نکلتا ہے۔
سِرم ت چھیلا ہُوا چمڑا یا دوال۔
سَرما ف جاڑا۔
سرمالک ف لڑکوں کی ایک مشہور کھیل ہے۔ ہندی میں دائی چھونا کہتے ہیں۔ اس کھیل میں ایک لڑکے کی گود میں دوسرا لڑکا آنکھیں بند کرا کے پڑا رہتا ہے۔ اور باقی چھپ جاتے ہیں۔ ان کے چھپنے پر اُس کی آنکھیں کھول دیتے ہیں۔ اور باقی لڑکے اس امر کی کوشش کرتے ہیں کہ اس لڑکے کے ہاتھ سے جس نے آنکھیں بندھوائی تھیں بچ کر اس لڑکے کو جس نے آنکھیں باندھی تھیں ہاتھ لگائیں۔
سرماہی ف مشاہرہ۔ ماہواری تنخواہ

سرمایہ ف پونجی۔
سَرمد ع جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو۔ یعنی خدائے تعالےٰ۔ لغوی معنی پیوستہ اور ہمیشہ۔
سَرمدی ع وہ شے جو منسوب ہے سرمد سے۔ ابدی۔ دامی۔
سرمدست ف وہ شخص جس کے ہاتھوں میں کام کی کثرت کے باعث پھپھولے پڑ گئے ہوں۔
سرمست ف متوالا۔ نشئی۔ جو شخص نشے میں مدہوش ہو۔
سرمشق ف استاد کا لکھا ہُوا جس کو روبرو رکھ کر مشق کیا کرتے ہیں۔ تعلیم۔
سرمل ف مغلوں کے ایک سردار کا نام ہے۔
سُرمہ ف آنکھوں میں ڈالنے کا سُرمہ
سرمہ چشم ف وہ شخص جس نے آنکھوں میں سرمہ ڈالا ہُوا ہو۔
سُرمہ چوب ف میل سرمہ۔ سرمچو۔
سرمۂ خاک بیں ف خسرو پرویز کے پاس ایک قسم کا نہایت عمدہ سُرمہ تھا جو آنکھوں کی بصارت بڑھاتا اور سال بھر تک کفایت کرتا تھا۔
سرمہ خوردن۔ سرمہ بگلو کشیدن ف گونگا ہونا۔
سرمۂ سلیمانی ف وہ سرمہ جسے آنکھوں میں ڈالنے سے دنیا کی مخفی چیزیں نظر آنے لگیں۔
سرمہ کش ف جو شخص آنکھوں میں سرمہ ڈالا کرے۔ اوروں کی آنکھوں میں سرمہ ڈالنے والا۔ آنکھوں کا روشن کرنے والا۔ اندھیری رات۔
سرمہ کشیدن چشم را ف آنکھوں میں سرمہ ڈالنا۔
سرمہ مست ف جو سرمہ شوخی کے لئے آنکھوں میں ڈالیں۔
سُرمئی ف سرمہ کے سے رنگ کی شے۔
سُرنا ف مخفف سورنا کا۔ نفیری۔ جو مشہور باجہ ہے۔
سرنامہ ف خط کے لفافہ پر جو پتہ اور نشان مکتوب الیہ کا لکھتے ہیں۔ عنوان۔
سرند ف جھولا جس پر جھولتے ہیں پنجابی پینگھ۔ کائی جو پانی پر ہوتی ہے پنجابی جھبل۔ عشق پیچہ۔
سرنگوں ف سر کے بل۔ افسردہ اوندھے منہ۔
سرنو ف نئے سرے سے
سرنوشت ف خط پیشانی۔ تقدیر۔ نصیب حکم ازلی۔
سرنہادن ف عاجزی کرنا۔ اطاعت کرنا۔ سو رہنا۔ مر جانا۔
سرنی ف حقے کی ٹونٹی جسے منہ میں لے کر تمباکو پیتے ہیں۔
سَرو ف ایک مشہور درخت کا نام ہے جس کے تین قسم ہیں۔ سرو آزاد سرو سہی۔ سرو ناز۔
سُرو ف حیوان کا سینگ ہرن کے سینگ کا ٹکڑا جو نظر بد کے دفعیے کے واسطے لڑکوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔
سرو آزاد ف سرو کی ایک قسم ہے

سیدھا اونچا چلا جاتا ہے۔ وہ سوکھنے (کی قید) سے آزاد ہے۔ اور سدا تازہ اور سرسبز رہتا ہے۔ اس وجہ سے سرو آزاد کہلاتا ہے۔

سروال۔ سروالہ ع پاجامہ۔ سُتھن شلوار۔

سروا زدن از چیزے ف منہ پھیرنا انکار کرنا۔

سروا کردن ف ماتم میں عورتوں کا بالوں کو بکھیرنا۔

سرو پا ف خلعت۔ سروپا۔

سرو پا گم کردن ف ہکّا بکّا رہ جانا۔ حواس گم کرنا۔ بے حواس ہو جانا۔

سرو بُن۔ سرو پا ف تمام۔ پورا۔

سرو بالا ف محبوب۔

سرو بند ف زمانہ۔ عصر۔ عہد۔

سرو پیادہ ف آدمی کے قد کا سرو جو خوشنما ہوتا ہے۔

سُرُوج ع جمع سراج کی۔ چراغ۔

سرو چمن طراز۔ سرو چماں۔ سرو خرام۔ سرو خراماں۔ سرو قامت۔ سرو رواں۔ سرو سمن اندام۔ سرو گل اندام ف محبوب۔ معشوق۔

سرود ف راگ۔ نغمہ۔ گیت۔

سُرُودن ف گانا۔

سُرُور ع خوشی۔

سَرْوَر ف سردار۔

سروِ رعنا ف خوشنما سرو۔ معشوق سے مراد ہے۔

سرورق ف کتاب کا پہلا ورق جس

پر نقش و نگار ہوتا ہے۔

سَرْوَری ف سرداری۔ صاحبی۔

سروسامان ف اسباب۔ سامان۔

سرو سہی ف دو شاخہ سرو جس کی دونوں شاخیں سیدھی اوپر کو چلی گئی ہوں۔ مجازاً۔ محبوب۔

سُروش ف فرشتہ۔ جبرائیل فرشتہ۔ غیب کی آواز۔ غیب کی خبر۔ الہام۔

سَرُوق ع بہت چوری کرنے والا۔

سروکار ف علاقہ۔ لگاؤ۔ معاملہ۔

سُرُون ف سینگ۔

سرو ناز ف سرو نورستہ وہ سرو جس کی شاخیں ہر طرف مائل ہوں۔

سرون گاہ ف سینگوں کے اُگنے کی جگہ۔

سُرّہ ع ناف۔

سَرَہ ف رواجی زر۔ زر رائج۔ کھرا جو کھوٹا نہ ہو۔ ہر اچھی چیز۔ بے عیب برگزیدہ۔

سرہ کردن ف پرکھنا۔ کھرا کھوٹا معلوم کرنا۔

سرہنگ ف سردار جو شخص لشکر و سپاہ کا پیش رو ہو۔ کیونکہ ہنگ کے معنی "سپاہ" کے ہیں۔ سرہنگ "سردار سپاہ" کا ہے۔ پہلوان۔ سوار۔ سپاہی۔

سرہنگ نوبت ف پہرہ کا سپاہی وہ سپاہی جو دروازہ پہ پہرہ دے رہا ہو۔

سری ف سرداری۔ سپہ سالاری سرلشکری۔

سرینچہ ف ممولا۔ صعوہ۔

سرید ف کائی۔ جھولا۔ سرند۔

سریر ع تخت۔

سریرت ع خو۔ خصلت۔ عادت۔ راز۔ بھید۔

سری سقطی ع بغداد کے مشہور ولی ہیں جن کی کنیت ابوالحسن ہے معروف کرخی کے شاگرد اور جنید کے استاد تھے رمضان ۲۵۳ھ ہجری میں وفات پا کر بغداد میں مدفون ہوئے۔

سریش۔ سریشم ف ایک قسم کا چیپ ہے جو چمڑے کو پکا کر نکالتے ہیں پھر اس سے اور چیزیں جوڑتے ہیں۔

سَرِیع ع جلدی کرنے والا۔ تیز۔ تیزی دار۔

سریع الانتقال ع جلدی حالت بدلنے والا۔ وہ کھانا جو جلدی صورت بدل کر کوئی خلط بن جائے۔ زود ہضم۔

سریع السیر ع جلدی چلنے والا تیز رو۔

سُرِین ع چوتڑ۔ آدمی کی نشستگاہ

سَرِیّہ ع پانچ آدمی سے زیادہ چار سو تک کا لشکر۔ رسول خدا کے زمانے کے وہ جنگ جن میں خود آنحضرت موجود نہ ہوتے تھے بلکہ کسی اصحابی کے ماتحت لشکر جنگ پر بھیجا جاتا ہے۔

سُرِّیّہ ع وہ کنیزک یا باندی جو جماع اور صحبت کے واسطے مقرر کی ہوئی ہو۔

سین مہملہ مع زائے معجمہ

سزا ف بدلہ۔ لائق۔ موافق۔

سزاوانی ف سزا دینے کے لائق

سزاوار ف لائق۔ مناسب۔

سزاول ف تحصیل کرنے والا محصّل۔

سزیدن ف لائق ہونا۔ مناسب ہونا

سین مہملہ مع سین مہملہ

سُسْت ف ڈھیلا جو چالاک نہ ہو۔ غافل۔ احدی۔

سست ریش ف احمق۔

سست مہر ف بے مہر۔ نامہربان

سست مہار ف سطیع فرمانبردار ہونا۔ ناقابل آدمی۔

سین مہملہ مع طائے مہملہ

سِطبر ع موٹا۔ گندہ۔ کبدا۔

سِطبری ع موٹائی۔

سَطح ع وہ ہے جس میں فقط طول اور عرض ہو۔ چھت۔

سَطر ع لکیر۔ پنکتی۔ لکھنا۔

سُطرلاب ع اصطرلاب۔

سطل ع تانبے یا پیتل کا تھال۔

سَطوَت ع دبدبہ۔ قہر۔ سختی کرنا۔

سُطوح ع جمع ہے سطح کی۔

سُطوح بلند ہونا۔

سُطور ع جمع ہے سطر کی۔

سَطیح خیبر کے قلعوں میں سے ایک کا نام ہے توشہ دان۔ آدمیوں کا نام بھی ہوا کرتا ہے۔

سین مہملہ مع عین مہملہ

سُعاد ع عرب کی ایک معشوقہ کا نام ہے

سعادت ع نیکی۔ نیکبختی۔ نحوست کی ضد۔ نیکبخت ہونا۔
سُعال ع۔ کھانسی۔ سرفہ۔
سِعایت ع چغلی کرنا۔ غمازی۔ بدگوئی۔
سَعَت ع وسعت۔ فراخی۔ گنجائش۔
سُعتر ع ایک گھانس ہے جسکو معشوق کی زلف سے تشبیہ دیتے ہیں۔
سُعتر باز۔ سُعتری ف چلبلی بازعورت مجازاً شوخ و بدکار۔
سَعد ع نیکبخت۔ باسعادت۔ نیکبختی قمر کی بائیسویں منزل کا نام بھی ہے۔
سعدآباد ف تبریز سے دو منزل کے فاصلہ پر ایک قصبہ ہے۔
سعد ابن ابی وقاص ع عشرہ مبشرہ میں سے ہے اُنیس برس کی عمر میں اسلام سے مشرف ہوئے۔ رسول خدا صلعم کے ساتھ سب غزوات میں ہمراہ رہے ممالک عجم۔ مداین کو حضرت عمر کے زمانے میں فتح کیا۔ کوفہ کو بسایا اکثر حدیثوں کے راوی ہیں راہ خدا میں سب سے اول تیر چلایا عشرہ مبشرہ میں سب سے پیچھے حضرت معاویہؓ کے زمانہ حکومت میں ۸۰ برس کی عمر پاکر ۵۵ھ ہجری میں وفات پائی۔
سعد ابن زنگی ع شیراز کے اتابکوں میں سے پانچواں بادشاہ جنے اپنے چچا قطب الدین بن مودود کو قید کرکے ۵۹۴ھ ہجری میں تخت نشین ہوا ۶۲۳ھ ہجری میں سلطان محمد خوارزم شاہ کے ہاتھ مقید ہوا اور جب اس نے اس کو چھوڑ دیا۔ تو شیراز میں آکر اپنے بیٹے ابوبکر سے جنگ کرکے دوبارہ تخت سلطنت حاصل کیا ۶۲۳ھ ہجری میں فوت ہوئے
سعد السعود ع ستارہ مشتری۔ قمر کی چوبیسویں منزل۔
سعد اکبر ع ستارہ مشتری جو سب ستاروں میں سعد مشہور ہے۔
سعدان ف شروان کے پاس ایک مقام ہے۔
سعد ذابح ع کواکب کے ایک مجموعہ کا نام ہے جو منازل قمر میں سے بائیسویں منزل ہے اور اس مجموعے کے پاس ایک اور ستارہ ہے جو شاۃ السعد (سعد کی بکری) کہلاتا ہے اور گویا سعد اُسے ذبح کر رہا ہے۔ اس سبب سے سعد ذابح کہلایا۔
سعد و اسما ع عرب کے عاشق و معشوق ہیں۔ پہلا عاشق کا نام ہے۔ دوسرا معشوقہ کا۔
سعدی ع فارس کے ایک مشہور شاعر کا نام ہے جن کا اصلی نام مصلح الدین (بن عبداللہ تھا) سعد بن زنگی کے زمانہ میں پیدا ہوئے اسی لئے اپنا تخلص بھی سعدی رکھا۔ مدرسہ نظامیہ میں تعلیم پائی۔ شیخ شہاب الدین سہروردی کے مرید تھے۔ نظم و نثر میں اعلےٰ درجہ کی نظم لکھتے ہیں۔ ان کی زبان فصیح و بلیغ اور سلیس ہے۔ آپ کی عمر کا بہت سا حصہ سیروں کی مزار و فتح ... پیادہ پا سے حج کرنے ممالک ایران۔ روم۔ عرب ترکستان۔ مصر۔ حبش میں سیر و سیاحت کرنے میں گذرا۔ آخیر عمر میں شیراز آرہے اور سلاطین زمان ان کی بہت عزت کرتے تھے ۶۹۱ھ ہجری میں وفات پاکر شیراز میں دفن ہوئے۔
سَعدَین ع زہرہ اور مشتری۔
سِعر ع نرخ ہر چیز کا جو بیچی جائے۔ اور اس کا اصلی بھاؤ۔
سَعفہ ع گنج کی بیماری جو سر پر ہو جاتی ہے۔
سُعود ع مبارک ہونا۔ نیک ہونا۔ ستارگاں باسعادت۔ سعید ستارے جیسے زہرہ۔ مشتری۔ قمر۔
سَعوط ع ناک میں دوا ڈالنا۔
سعی ع دوڑنا۔ کوشش کرنا۔ جلدی کرنا حج کے ایام میں مروہ اور صفا پہاڑیوں کے درمیان دوڑنا۔
سَعید ع نیک۔ مبارک۔ نیک بخت حضرت عمرؓ کے چچیرے بھائی سعید بن زید کا نام ہے۔ جو عشرہ مبشرہ سے ہیں امیر معاویہؓ کے زمانے میں ۵۱ھ ہجری میں ۷۰ سال عمر پاکر وفات پاکر وفات پائی۔
سَعیر ع آتش افروختہ۔ آگ کی لپیٹ دوزخ کا چوتھا طبقہ۔

سین مہملہ مع غین معجمہ

سَغب۔ سغبہ ع بھوک۔ گرسنگی جوع۔
سغبان ع بھوکا۔ گرسنہ۔
سُغبہ ف چرب اور روغنی چیز۔ فریفتہ۔
سُغد ع زمین نشیب جس میں بارش کا پانی جمع رہے۔ سمرقند کے پاس ایک شہر بھی ہے۔
سُغدی ف فارسی زبان کی سات قسموں میں سے ایک قسم کا نام ہے۔
سُغراق ت بڑا پیالہ۔ قدح بزرگ۔
سغراق ت شراب۔ شراب کا پیالہ ٹونٹی دار کوزہ۔

سین مہملہ مع فا

سِفاح ع زنا کرنا۔
سَفّاح ع بہت بخشش کرنے والا۔ ہر بات پر قادر فصیح۔ خونریز۔ خلفائے عباسیہ میں سے پہلے خلیفہ ابو العباس عبداللہ کا لقب بھی ہے کیونکہ اس کو بڑی خونریزی کے بعد خلافت ملی تھی ۳۴ برس کی عمر اور ساڑھے چار سال سلطنت کرکے ۱۳۶ھ ہجری میں وفات پائی۔
سَفّاک ع خونریز۔ قتل کرنے والا۔
سُفال ع ٹھیکری۔ ٹھیکرا۔ مٹی کا برتن
سُفال گر ف کمہار۔ مٹی کے برتن بنانیوالا
سفاہان ف دیکھو سپاہان۔
سفاہت ع کمینہ پن۔ بیوقوفی۔
سَفاین ع جمع ہے سفینہ کی۔ کشتیاں
سِفت ف گاڑھا۔ غلیظ۔ محکم۔ مضبوط کندھا۔
سُفت ف دوش۔ کندھا سفتن مصدر سے ماضی مطلق بھی ہے محکم مضبوط چھوٹا سا سوراخ۔ سوئی کا چھید۔
سفت گر ف وہ شخص جو موتی وغیرہ جواہرات کو سوراخ کیا کرے

سُفتن ف بیندھنا۔ پرونا۔ سوراخ کرنا۔
سُفتہ ف پرویا ہوا۔ تحفہ۔
سُفتہ ف ہنڈوی۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ تیر کا پیکان۔
سِفتہ ف گاڑھا کیا ہوا۔ موٹا۔ دلدار۔ مضبوط۔ سخت۔
سُفتہ لعل ف بہ قلب اضافت یعنی لعل سُفتہ۔ سرخ شراب۔ انگوری شراب مطلق شراب۔
سُفتہ گوش ف غلام۔ کنیز۔ مطیع محکوم۔
سَفَر ع مسافرت۔ شہر سے باہر جانا۔
سَفر ع لکھنا۔
سِفر ع کتاب۔ نامہ۔
سُفَرائے دُوَل خارجہ ع غیر سلطنتوں کے سفیر جو کسی سلطنت میں رہیں۔ یہ لفظ مرکب ہے سفرائے (جمع سفیر) اور دُوَل (جمع دولت) اور خارجہ (یعنی بیرونی غیر) سے
سَفَرجَل ع بہی جو ایک مشہور میوہ ہے
سفرِ خشک۔ سفرِ خشک رنگ ف سفر جس سے کوئی فائدہ حاصل نہ ہو۔
سُفرَہ ع عربی میں دسترخوان کو کہتے ہیں۔ اور فارسی میں بمعنی "مقعد" آتا ہے فصحا نے واسطے رفع التباس اور دفع کراہیت کے دسترخوان والے لفظ کے واسطے فتحہ (سَفرَہ) مقرر کر لیا ہے۔ اور دوسرے کے لئے ضمہ (سُفرہ) رہنے دیا ہے۔
سُفرہ پرداز ف پیٹو۔
سفرۂ فصاحت ف فصیح زبان۔

تصنیفات۔ تالیف۔
سَفَری ف مسافر۔
سَفسَطہ ع وہ حکمت جس کی بنا مغالطہ پر ہو۔
سَفق ع دروازہ کھولنا۔
سَفک ع خون بہانا۔ قتل کرنا۔
سُفل ع پستی۔ نیچا ہونا۔
سِفلہ گان ف کمینوں کی طرح۔
سِفلہ ع کمینہ۔ نالائق۔
سِفلہ نہاد ف جس کی طبیعت میں کمینہ پن پایا جائے۔
سَفلی ف لوہے کے کھلے منہ کی دیگ۔
سُفلی ع پستی۔
سُفُن ع جمع سفینہ کی۔ کشتیاں۔
سَفَن ع مچھلی یا مگرمچھ وغیرہ کا سخت اور کھردرا چمڑا جو اکثر تلواروں کے قبضوں پر اس لئے چڑھا دیتے ہیں کہ گرفت اچھی طرح ہو۔ اور قبضہ ہاتھوں سے پھسل نہ جائے۔
سفندارمذ ف دیکھو اسفندارمذ۔
سَفُّود ع کباب بھوننے کی سیخ۔ یا سلاخ۔
سُفُوف ع پھنکی۔ پیسا ہوا آٹا۔
سُفول ع پستی۔ نیچے اترنا۔
سَفَہ ع نادانی۔ حماقت۔ ہلکی عقل۔
سُفَہا ع جمع ہے سفیہ کی۔ کمینہ لوگ۔ نیچ۔
سُفیان ع علمائے حدیث میں سے دو آدمیوں کا نام ہے۔
سُفیان ثوری ع ایک مشہور ولی کا نام ہے جو سعید کوفی کا بیٹا تھا اس نے ۱۶۱ھ ہجری میں وفات پائی۔
سفید ف چٹا۔ بگّا۔
سفیدار ف سفید لکڑی کا ایک درخت ہے جس پر پھل نہیں لگتا اور اس کی شاخیں ذرا سی ہوا سے بھی ہلتی ہیں۔
سفید بخت ف نیک بخت۔ خوش نصیب
سفید چشم ف بے حیا۔
سفید چشمی ف بے حیائی۔ سماجت۔
سفید شدن و گردیدن ف ظاہر ہونا۔ معزز رہنا۔
سفید کاسہ ف جوانمردی و ہمت سے کنایہ ہے۔
سفید کردن ف ظاہر۔
سفید مہرہ ف خر مہرہ کلاں۔ سنکھ۔
سَفیر ع ایلچی۔ میانجی۔
سَفینہ ع کشتی۔ ناؤ۔
سَفیہ ع نیچ۔ کمینہ۔ ناکس۔ بے عقل

سین مہملہ مع قاف

سَقّا ع ماشکی۔ جو پانی دینے کا پیشہ کرتا ہے۔
سِقال ت ڈاڑھی۔ ریش۔
سِقام ع جمع ہے سقیم کی۔ بیماریاں۔
سِقایت ع پانی دینا۔ سیراب کرنا۔
سقائے مرغان ف جانوروں کی اوٹ۔
سقائے نیل ف دریائے نیل کو پانی دینے والا۔ بادل سے مراد ہے۔
سِقایہ ع پیمانہ آب۔ پانی پینے کا برتن وہ جگہ جہاں سے پانی لیں۔ پانی کا ذخیرہ جو مسجدوں میں رہتا ہے اسے بھی سقایہ کہنا چاہیئے تھا۔ لیکن عوام غلطی سے سقاوہ بولتے ہیں۔
سِقایۂ حاج ع حاجیوں کو پانی پلانا۔
سَقَر ع دوزخ۔
سُنقُر ع چرخ جو ایک مشہور شکاری جانور ہے۔
سُقراط ی ایک مشہور حکیم کا نام ہے۔ جو حضرت مسیح ع سے ۴۶۹ برس پہلے شہر اسے (مدینۃ الحکما) دارالخلافہ ملک یونان میں پیدا ہوا بچپن میں اپنے باپ سے پیشہ سنگ تراشی سیکھا جب ہوش سنبھالا۔ تو اہل علم کی صحبت میں حاضر ہو کر علوم حکمیہ کی تحقیق و تدقیق اور سعادت کی تکمیل میں مشغول ہوا۔ آخر عقل خداداد کی رسائی اور ذہن کی صفائی سے تھوڑے ہی عرصہ میں ہر علم میں طاق اور شہرۂ آفاق ہو گیا۔ وہ پرلے درجہ کا صابر شاکر۔ قانع۔ مستقل مزاج اور حکمت مجسم تھا۔ تمام عمر میں کوئی فعل خلاف حکمت اس سے سرزد نہیں ہوا آخر اس کے ہموطنوں نے بسبب اس کے کہ وہ ان کی بت پرستی اور شنائع پر ملامت کرتا تھا۔ اس پر طرح طرح کے الزام و اتہام لگائے اور وہاں کی عدالت کے حکم سے زہر دے کر ستر برس کی عمر میں ۳۹۹ ہجری قبل مسیح میں مارا گیا۔
سُقرلات سَقرلاط ف بانات۔
سَقسَطہ ع زیادہ گوئی۔ واہی چیزیں۔
سَقط ع خطا کرنا۔ حساب کتاب میں غلطی کھانا بھول۔ سہو۔ متاع زبون۔ بُرا بھلا کہنا

سَقط ع چوپایہ کا مرجانا خصوصاً گدھی اور گھوڑے کا مرجانا۔

سِقط ع ناتمام بچہ جو ماں کے پیٹ سے گر پڑے۔

سقط چین ف ہر چیز کے ریزے جمع کرنے والا۔

سَقط شدن ف چوپاؤں کا ہلاک ہو جانا۔ مر جانا۔ حمل گر پڑنا۔ کم قدر ہونا۔ بیہودہ ہونا۔

سقط فروشاں ف وہ لوگ جو گرے ہوئے میوے اٹھا کر سستے بیچیں۔

سقط گفتن ف بُرا بھلا کہنا۔ ناشائستہ کلام کرنا۔

سُقطہ ع کسی چیز کا علیحدہ شدہ ٹکڑا ابر کا ٹکڑا۔

سقطی ع دیکھو سری سقطی۔

سَقف ع مکان کی چھت۔

سَقف لاجورد۔ سقف محنت زاے سَقف مینا۔ سقفِ نیم خانہ ف آسمان۔

سَقلاب ف ایشیائی روم کا شمالی حصہ جو اب روم میں شامل ہو گیا ہے۔

سقلات۔ سقلاطون۔ سقلاط ف بانات۔

سُقم۔ سَقم۔ سَقَم ع بیماری۔ مجازاً عیب۔

سُقمونیا ع کسی درخت کا گوند ہے جو سبزی و زردی مائل تلخ مزہ ہوتا ہے اس کو محمودہ بھی کہتے ہیں۔

سقناق۔ سِقناق ت جا ئے پناہ۔ پناہ۔ آڑ۔ دیواڑ۔ مورچال۔ بہت مضبوط مکان۔

سقنقور ع ایک قسم کی مچھلی ہے جو خشکی کی ریت میں پائی جاتی ہے۔

سُقوط ع گر پڑنا۔ خطا کرنا۔

سقوطر۔ سقوطرہ ع عرب کے جنوب میں ایک جزیرہ ہے جہاں کا صبر بہت عمدہ ہوتا ہے۔

سُقوف ع سقف کی جمع ہے۔

سقیفہ ع مشورہ۔ سخن بیہودہ نکمی بات۔

سقیفہ بستن ف بہتان باندھنا۔

سَقیم ع بیمار۔ عیب دار۔

سین مہملہ مع کاف عربی

سُک ع تنگ کنواں۔ بچھو کا سوراخ۔ ایک قسم کی خوشبو بھی ہے۔

سِک ت سرکا۔

سَکّ ع لوہے کا حلقہ۔ سکاک۔ اس کی جمع ہے۔

سُکاچہ ف کابوس جو ایک بیماری ہے

سکّار ع شراب فروش۔

سُکارے ع جمع ہے سکران کی۔

سُکّاک ع لوہار۔ آہنگر۔ سکہ بنانے والا۔

سُکاک۔ سُکاکہ ع زمین آسمان کے درمیان کی ہوا یا جوف۔

سَکاکیں ع چاقو۔ چھریاں۔ جمع ہے سکین کی۔

سُکّان ع جمع ہے ساکن کی۔ رہنے والے باشندے دنبالۂ کشتی۔

سکاہن ف مرکب ہے سک (سرکہ) اور آہن (لوہا) سے ایک سیاہ رنگ جو سرکہ اور لوہ چون سے بنتا ہے۔ کٹ کا رنگ۔

سِکبا۔ سکباج ف ایک قسم کی آش ہے۔

سَکتہ ع ایک بیماری کا نام ہے جس میں حس و حرکت آدمی کی زائل ہو جاتی ہے۔ اور بیمار مردے کی طرح دکھلائی دیتا ہے۔ اصطلاح شعرا میں وزن کا پورا نہ ہونا۔

سَکَر ع مست ہونا۔

سُکر ع نشہ۔ بیہوشی۔

سُکّر ع معرب ہے شکر کا۔

سَکران ع مست۔

سَکرات ع سکرہ کی جمع ہے۔ موت کی سختی۔

سُکُرّہ ف مٹی کا کاسہ۔

سُکُشک ف کم چلنے والا گھوڑا ایک درخت بھی ہے جس کی آگ بہت دیر تک رہتی ہے۔

سَکَن ع آگ۔ وہ چیز جس سے آرام حاصل ہو۔ مثلاً بیوی۔ بیٹا۔ دوست

سَکن ع گھر کے رہنے والے۔

سکنات ع جمع ہے سکنہ کی۔

سکنجبین۔ سکنگبین ف ایک مشہور دوا ہے

سُکنیٰ ع سکونت۔ رہنا۔

سُکنج ف منہ کی بدبو۔ وہ شخص جس کے منہ سے بدبو آوے۔

سکنجیدن ف کھانسنا۔ تراشنا۔ ناخن سے کاٹنا۔ گلے میں آواز کرنا۔

سِکندر ف یونان کے بادشاہ کا نام ہے جو فیلقوس کا بیٹا تھا۔ اور اُس نے یونان سے ہندوستان بلکہ چین تک کے ممالک فتح کر لئے تھے۔ اور ۳۲ برس کی عمر میں بابل کے پاس ۳۲۳ سنہ قبل مسیح کے مر گیا۔ بعض لوگ اسی کو سکندر ذوالقرنین بھی کہتے ہیں مگر محققین کی رائے ہے کہ سکندر ذوالقرنین جو نبی بھی تھے۔ وہ اور ہیں۔ اور سکندر فیلقوس اور ہند کے لودھی خاندان کے دوسرے بادشاہ کا نام بھی سکندر ہے جس نے آگرہ کو دار الخلافہ مقرر کیا تھا۔

سکندری خوردن۔ سکندر خوردن ف سر کے بل گرنا۔ ٹھوکر کھانی۔

سَکنہ ع قرار پکڑنا۔ رہنے کی جگہ۔ ٹھیرنے کا مقام۔

سِکوف چھاج۔ ڈھینگلی جس سے دانے بھوسے سے جدا ہوتے ہیں۔

سُکوت ع چپکا رہنا۔ خاموش رہنا

سُکون ع ٹھیرنا آرام کرنا۔

سَکونت ع رہنا۔ آرام۔

سِکہ ع کوچہ۔ گلی۔ اس کی جمع سِکک آتی ہے۔ نقش کیا ہوا سونا چاندی اور تانبا۔ وہ لوہا جس پر سکہ رائج الوقت کے الفاظ کھدے ہوں۔ طرز۔ روش۔ قاعدہ۔ سیرت۔ ناموس۔ ہل جس سے زمین باہتے ہیں۔

سکہ بر زر زدن و کردن ف کسی کام کو اچھی طرح سر انجام کرنے کے موافق عمل میں لانا۔

سِکہ خوردن وغوطے ف دھوکے کا درست بیٹھنا۔
سِکۂ مردی ف غیرت حمیت۔ آبرو۔ ڈاڑھی اور آلۂ تناسل سے بھی مراد ہے۔
سکیزہ ف جست۔ چوپائے کا لات مارنا۔ خصومت۔
سکیزیدن ف کودنا جست مارنا۔
سِکّین ع چاقو۔ چھری۔
سکینہ ع آسائش آرام۔ آہستگی۔
سَکینہؑ ع حضرت امام حسینؑ کی ایک لڑکی کا نام ہے

سین مہملہ مع کاف فارسی

سگ ف کتّا۔ کلب۔
سگِ ابلق ف زمانہ۔
سگِ آبی۔ سگابی ف سگ آبی جو ایک مشہور دریائی جانور ہے۔ اودھ بلاؤ
سگال ف اندیشہ۔ فکر۔ سوچنے والا سخن گفتگی۔ کہنے والا۔ دشمن خصومت۔
سگالش ف دشمنی کرنا۔ فکر کرنا۔ مشورہ۔
سگالشگر ف صلاح لینے والا صلاح دینے والا
سگالیدن ف اندیشہ کرنا۔ دشمنی کرنا۔ برا کہنا۔
سگان آز ف دنیا کے طالب حریص آدمی
سگ پستان ف سپستان۔
سگ جان ف سخت جان سختی کش۔
سگ جانی ف سخت جانی۔ حریص ہونا
سگ جگر ف سخت جان۔ سخت کش۔ نامہربان۔
سگ دل ف رنج دینے والا دکھانے والا۔
سگ دندان ف ڈنگ مارنے کے دانت جو درندوں اور سانپ کے ہیں۔
سگز۔ سگزی ف ایک پہاڑ کا نام ہے جو زابلستان میں ہے رستم بن زال وہیں پیدا ہوا تھا اور اسی واسطے رستم سگزی بھی اسے کہتے ہیں۔
سگسار ف لوگوں کا خیال ہے کہ اس قسم کے آدمی بھی دنیا میں ہیں جن کے سر کتے اور تن آدمی کے سے ہیں۔ مجازاً اس سے طالب دنیا۔ دنیا دار مراد ہے۔
سُگُسْت ف انقطاع۔
سگِ غرچہ۔ ف عاجز اور بے جرأت کتا۔
سگلک واژونہ ف کشتی کا ایک داؤ ہے۔
سگلی ف کشتی کا داؤ ہے جس میں کشتی کرنے والے اسطرح آپس میں مل جاتے ہیں جیسے کتا اور کتیا جماع کے وقت۔
سگِ کیست ف کون ہے کس رنگ ڈھنگ کا ہے۔ کس کا حمایتی ہے۔
سگلاب۔ سگ لابی۔ سگلاو
سگلا آدمی ف سگ آبی۔

سین مہملہ مع لام

سِل ع ایک مرض کا نام ہے جس کے سبب منہ سے خون آنے لگ جاتا ہے۔ نطفہ وہ شے جو کسی اور سے نکالی جائے۔
سِل ف لکڑی اور گھاس پھوس کی بنی ہوئی کشتی پھیپڑا۔ کشتی۔ نیزہ ژوپین۔ سیلہ۔
سَل ع تلوار یا چھری وغیرہ کا کھینچنا بدن کی کسی رگ کا کاٹنا۔
سُلّاء کھجور کے کانٹے۔
سلاب ع ماتمی لباس۔ ماتم کے کپڑے
سلاجقہ ع جمع ہے سلجوق کی۔ افراسیاب کی نسل میں سے سلجوق نام ایک شخص کی اولاد خاندان سلجوقیہ یا سلاجقہ کے نام سے مختلف ممالک میں حکمران رہی ہے۔ اس میں سے ایک خاندان تو ۱۶۱ برس ۴۲۹ ہجری سے ۵۹۰ ہجری تک خراسان عراقین فارس آذربائیجان میں حکمران رہا اس کے ۱۲ بادشاہوں میں سے پہلا ابوطالب طغرل بیگ سلطان مسعود کے زمانے میں خود مختار ہوگیا تھا۔ اور آخری سلطان طغرل سلطان تکش خوارزم شاہ کے ہاتھ سے مقتول ہوا۔ الپ ارسلان۔ ملک شاہ۔ سلطان سنجر جو ایران کے مشہور بادشاہ ہیں۔ اسی خاندان میں سے تھے۔ دوسرا خاندان ڈیڑھ سو برس یعنی ۴۳۳ھ سے ۵۸۳ھ تک کرمان میں حکمران رہا۔ اس خاندان میں سے گیارہ بادشاہ ہوئے ہیں تیسرا خاندان روم میں سلطنت کرتا رہا اس نے قیاصرہ روم سے سلطنت لی اور اس کا آخری بادشاہ ۶۹۹ھ میں ہلاکو کے ہاتھ سے قتل ہوا اسی خاندان کو سلاجقۂ قونیہ کہتے ہیں۔
سلاجت ف سلاجیت جو ایک مشہور دوائی ہے۔
سِلاح ع لڑائی کا ہتھیار
سلاح دست۔ سلاح شور۔ سلاحی
سلحشور ف سپاہی ہتھیار رکھنے والا
سلاحف ع سلحفات کی جمع ہے۔
سَلّاخ ع حیوانوں کا چمڑا۔ ان کے بدن پر سے اکھیڑنے والا۔ کھال اتارنے والا۔
سُلاخی ع کھال اتارنی۔
سلاست ع روانگی۔ ہمواری۔ کلام کا ثقیل لفظوں سے پاک ہونا۔ آسانی سے پڑھا جانا۔
سَلاسِل ع سلسلہ کی جمع زنجیریں۔
سلاطین ع سلطان کی جمع۔ بادشاہ
سُلاف ع جو کچھ انگوریں سے نچوڑنے سے پہلے ٹپکے۔ شراب۔
سُلاق ع آنکھوں کی پلکوں کا سرخ اور غلیظ ہونا۔ دانتوں کی ڈاڑھوں کا سوج جانا۔ اندام کی آماس۔
سَلاک ف سلاخ۔
سُلالات ع سلالہ کی جمع۔
سَلالِم ع یمن خیبر کے قلعوں میں سے ایک قلعہ ہے۔
سُلالہ ع نطفہ۔ بچہ۔ کسی چیز سے باہر نکلا ہوا۔ خلاصہ۔
سَلام ع شیرباد۔ دعا۔ فرمانبرداری بے آزاری۔ بے عیبی۔ خدا تعالے کا نام بھی ہے
سَلام ف لاکھ۔ سو ہزار۔
سلامان آبسال ف عاشق اور معشوق کا نام ہے۔ اور جس کتاب میں اُن کا قصہ لکھا ہے وہ بھی اسی نام سے مشہور ہے۔

سلامانہ ف سلامی۔ نذرانہ جو سلام کے وقت اُمرا وغیرہ کو دیں۔
سلامت ع آرام سے ہونا۔ جیتے رہنا۔ بے عیب ہونا۔ رہائی پانا۔ فارسی میں یہ مصدر اکثر بمعنی مفعول (مسلم) مستعمل ہے۔
سلام ترازو ف بھاری پلڑے کا جھکاؤ
سلامیات ع ناخن کے شروع ہونے کی جگہ۔ انگلیوں کی ہڈیاں۔
سلب ع نفی۔ نفی کرنا۔
سلب ع سپاہیوں کا لباس جیسے جوشن خفتان وغیرہ۔
سُلت ع جو کے دانے جن پر چھلکا نہو۔
سلجوق۔ سالجوق ت خاندان سلجوق کے مورث اعلےٰ کا نام ہے۔
سلجم ف معرب ہے شلغم کا۔
سُلحفات ع کچھوا۔
سَلخ ع کھال کھینچنا۔ پوست اتارنا اور ہر ماہ قمری کا آخری دن۔
سلس ع روان۔ ہموار۔ نرم۔ آسان۔
سلسال ع صاف اور خوش مزہ پانی۔
سلس البول ع ایک بیماری ہے جس میں پیشاب قطرہ قطرہ ہو کر نکلتا ہے۔ یہ بیماری پتھری کے سبب ہوجاتی ہے۔
سلسبیل ع بہشت کے ایک چشمہ کا نام ہے۔ شراب۔
سِلسلہ ع زنجیر۔ مجازاً۔ خاندان۔ پیران طریقت کا شجرہ ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

سُلطان ع بادشاہ۔ والی۔ حجت۔ دلیل قدرت۔ غلبہ
سلطان محمود ع افغانستان کا ایک مشہور بہادر بادشاہ ہے جو سبکتگین کا بیٹا تھا۔ اور اس کا پایہ تخت غزنی تھا اس نے ۹۹۷ء ہجری سے لیکر ۱۰۳۰ء ہجری تک سلطنت کی۔
سلطان۔ اختران۔ سلطان فلک
سلطان یک اسپہ۔ سلطان یک سوارہ ف آفتاب۔
سُلطانیہ ع ایران کے صوبہ آذربائجان میں ایک مشہور شہر ہے جو سلطان الجایتو خان کا بسایا ہوا ہے۔
سلطنت ع بادشاہت۔ دراز دستی قہر و غلبہ۔ حکومت۔
سلطنت ران ف حکمران۔ بادشاہ۔
سَلَف ع گذشتہ۔ گذرنا۔ گذرے ہوئے لوگ۔ آباد اجداد۔
سِلف ع جورو کی بہن کا خاوند ہمزلف جیسے پنجابی میں ساندو کہتے ہیں۔
سَلَف ف کھانسی۔ سرقہ۔
سُلفہ ع ناشتا۔ شکن۔
سَلَفہ ع گذرے ہوئے لوگ۔ جمع سالف کی ہے۔
سِلق ع چقندر جو مشہور ترکاری ہے
سُلقل ت دست چپ۔
سِلک ع لڑی۔ موتیوں کی لڑی۔
سلک ع ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ پرونا۔
سِلک دور قمر ف دنیا۔ رات دن۔
سلک لآلی ف موتیوں کی لڑی معشوق کے

کے دانت۔
سِلم ع صلح۔ آشتی۔
سَلم ف فریدوں کے بڑے بیٹے کا نام ہے۔
سَلَم ع کسی چیز کی قیمت پہلے ہی سے دے دینا جیسا کہ اکثر زمینداروں کو غلے کی قیمت دیتے ہیں۔ ایک درخت کا نام بھی ہے۔ فارسی میں تختی کو بھی کہتے ہیں جس پر لڑکے لکھتے ہیں۔
سُلّم ع سیڑھی۔
سلمان ع جناب رسول خدا صلعم کے ایک صحابی کا نام ہے جو اصفہان کا رہنے والا اور منوچہر کی اولاد سے تھا۔ وہ ایک یہودی کی غلامی میں آگیا اور آنحضرتؐ نے اُسکو خرید کر آزاد کر دیا۔ حضرت عثمانؓ کے عہد میں ۳۵ھ ہجری میں وفات پائی اور اس کی عمر بہت بڑی تھی۔ انہیں سلمان فارسی کہتے ہیں۔ سلمان ساوجی ایک شاعر کا نام ہے جس نے ۷۶۹ھ میں وفات پائی سلمان انصاری بھی ایک شاعر تھا جو شاہ اسمٰعیل ثانی کے زمانے میں وزارت کے رتبہ پر پہنچ گیا تھا اور سلطان محمد کے زمانے میں قتل ہوا
سَلمہ ع آنحضرت کے چار پانچ صحابیوں کا نام ہے۔
سلمےٰ ع عرب کی ایک عورت کا نام ہے۔ اب ہر معشوق کے واسطے بولتے ہیں۔
سُلُو ع خوش ہونا۔ بھول جانا۔
سَلوت ع بیغمی۔ بے فکر ہو جانا۔ تسلی۔
سُلوک ع راہ چلنا۔ نیک روی کرنا۔ رویہ برتاؤ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں خدا تعالےٰ

کا قرب چاہنا۔
سُلوک نمودن ف چلنا۔ برتاؤ رکھنا رعایت کرنی۔
سَلوے ع بٹیر۔ پودنہ۔ بنی اسرائیل کو جنگل میں یہ جانور بھنا بھنایا کھانے کو ملا کرتا تھا۔
سَلہ ع پٹاری یا زنبیل۔
سُلیب ع لوٹا ہوا۔ چھینا گیا اسباب
سلیح ف سلاح کا امالہ ہے۔
سلیس ع روان۔ ہموار۔ وہ عبارت جس میں ثقیل الفاظ نہوں۔ اور بہ آسانی پڑھے جائیں۔
سلیط ع زبان دراز عورت حاضر جواب عورت۔
سلیقہ ع شعور۔ طبیعت۔ سرشت
سلیک ع لڑی میں پرو دی ہوئی کوئی چیز۔
سلیل ع فرزند۔ بچہ۔
سلیم ع صحیح و سلامت۔ وہ شخص جس میں سلامت روی کی خصلت ہو۔ سیدھا سادہ اور بھولا آدمی اور سانپ کا ڈسا ہوا۔
سُلیمان ع ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جو حضرت داؤد علیہ السلام کے بیٹے تھے۔ ہوا اور جن اُن کے حکم میں مسخر تھے۔ اور جو چاہتے تھے اُن سے کام لیتے تھے۔ بیت المقدس جس کی بنیاد حضرت داؤد علیہ السلام نے سنگ مرمر کی ڈالی تھی۔ اس کی تعمیر و تکمیل انہیں سے ہوئی۔ یہ مسجد چاندی سونے ہیرے لعل و یاقوت سے ایسی بے نظیر تیار ہوئی تھی

کہ جس کی روشنی اور چمک سے وہ عبادت گاہ شب تاریک میں روز روشن کی طرح منور و درخشاں تھی۔ لیکن جب بخت نصر شام پر مسلط ہوا۔ اُس نے وہ تمام جواہرات مسجد سے اکھڑوا کر اپنے ملک میں بھیج دیئے۔ پھر حضرت عزیرؑ کے عہد میں دوبارہ تعمیر ہوئی حضرت سلیمان مسیح علیہ السلام سے ۱۰۱۰ برس پہلے ہوئے ہیں۔ اُن کی امثال جو حکمت اور تعلیم سے مالا مال ہیں ابھی تک کتب عہد عتیق میں مندرج ہیں۔
سُلیمانیہ ع ایران کے مغرب میں ایک مشہور شہر ہے۔

سین مہملہ مع میم

سَمّ ع سوئی کا سوراخ۔ جسے ناکا کہتے ہیں۔ زہر۔
سُم ف۔ چوپائے کا کھر۔
سما ع آسمان۔
سمات ع سمت بالفتح اور سمت بالکسر کی جمع ہے۔
سماجت ع منت۔ خوشامد۔ زشتی۔ زشت ہونا۔
سماچہ۔ سماچچہ ف عورتوں کا سینہ بند۔ انگیا۔
سماح۔ سماحت ع جوانمردی بخشنا بہادری چشم پوشی کرنا۔ اغماض۔
سماخ۔ سِماخ ع کان۔ کان کا سوراخ
سماط ع دستر خوان۔
سماطین ع دو ردیہ۔ دو طرفہ۔ آگے پیچھے یا دائیں بائیں۔

سَماع ع سننا۔ رقص و سرود۔ وجد۔
سِماع ع راگ سننا۔ رقص و سرود۔
سَماعت ع سننا۔
سماعی ع سنا ہوا۔ جو سننے سے تعلق رکھتا ہو۔ جو سننے پر موقوف ہو۔
سماعیلی ع ایک قوم ہے جو گھوڑے کے قضیب کی پرستش کرتی ہے۔
سُم افتادن مرکب ف گھوڑے یا سواری کے کسی اور جانور کا لنگڑا ہو جانا۔ چلنے سے رہ جانا۔
سُم افگندن ف لنگڑا ہونا۔
سماک ف } ایک درخت کا پھل ہے
سماق مب } جو کھٹا ہوتا ہے۔
سِماک ع کواکب کے ایک مجموعہ کا نام ہے۔ جو منازل قمر میں سے چودھویں منزل ہے اور وہ دو ہیں۔ ایک کو سماک رامح اور دوسرے کو سماک اعزل کہتے ہیں۔ رامح کے معنی لغت میں نیزہ بردار کے ہیں۔ چونکہ سماک رامح کے پاس ایک اور ستارہ ہے۔ جو نیزہ سماک کہلاتا ہے اس لئے وہ اس نام سے نامزد ہے اور اعزل کے معنی مرد بے سلاح کے ہیں چونکہ اُس کے پاس کوئی ایسا ستارہ نہیں ہے۔ اس واسطے اس نام سے موسوم ہوا۔ اور قمر کی منزل بھی سماک اعزل ہے۔
سَمّ الخیاط ع سوئی کا سوراخ یعنی ناکا۔
سَمّ الفار ع سنکھیا جو چوہوں کا زہر ہے۔
سمان ف ہر مہینے کا ستائیسواں دن

آسمان کا مخفف بھی ہے۔
سَمانے ع سلوے۔ بٹیر۔
سماوات۔ سموات ع سما کی جمع ہے
سَماوی ع آسمانی۔ آسمان۔
سُم بارگی بر سر خون کشیدن ف دشمن کو قتل کرنے کے ارادہ پر سوار ہونا
سَمت ع طرف۔ جہت۔ صورت۔ راہ راست
سِمت ع داغ۔ نشان نقش۔ دھبا۔ علامت
سَمت الراس ع وہ طرف جو سر کے اوپر ہے
سَمج ع بُرا۔ ناخوش۔ زشت۔ بدمزہ۔
سمچ۔ سمچہ ف تہ خانہ۔
سَمَر ع کہانی۔ افسانہ۔ مجازاً سخن۔
سمرقند مب سمر کند کا مرکب ہے سمر (نام ایک بادشاہ کا ہے) اور کند ترکی میں شہر کو کہتے ہیں اسے یعنی سمر کا بنایا ہوا شہر۔ جو ترکستان میں ہے۔
سُمرت ع گندم گونی۔
سِمسار ع دلال۔
سَمسام ع تلوار۔ خنجر۔
سَمسم ع تل۔ کنجد جو مشہور غلہ ہے
سِمط ع رشتہ مروارید۔ موتیوں کی لڑی
سِمع ع بھیڑیے کا بچہ۔
سَمع ع سننا۔ کان۔
سمع الکیان ع علم حکمت میں ایک کتاب ہے جسے بادشاہ اپنے پاس رکھتے تھے
سُمعت ع اپنے بھلے کام لوگوں کو سنانا
سَمک ع مچھلی۔
سُمک ع چھت۔ سقف۔ بلندی۔ بلند کرنا
سمکیان ف اہل زمین۔
سَمَن ع گھی۔
سِمَن ع موٹاپا۔ فربہی۔

سَمَن ف چنبیلی۔
سمن اندام۔ سمن سیما۔ سمن عذار۔ سمن سینہ ف محبوب۔ معشوق۔
سمنار۔ سنمار ف قصر خورنق بنانے والا معمار
سمنان ف دامغان کے پاس ایک شہر ہے
سَمَند ف زردی لئے رنگ کا گھوڑا مطلق گھوڑا۔
سمند جلو دادن ف گھوڑا دوڑانا۔
سمندر۔ سمندل۔ سمندور۔ سمندل ف سمندون ف چوہے کی شکل کا ایک جانور ہے جو آتشکدہ میں پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر آگ سے باہر نکلے۔ فوراً مر جاتا ہے۔ اصل اس کی سام اندر ہے اور سام کے معنی آگ ہیں۔
سمنگان ف ایک ملک کا نام ہے۔ یہاں کے بادشاہ کی بیٹی رستم سے بیاہی گئی اور سہراب اسی سے پیدا ہوا۔
سمنہ ف چرونجی جو ایک دانہ ہے۔
سُمو ع بلندی۔ اونچائی۔
سُموت ع جمع ہے سمت بالکسر کی۔
سَمور ع لومڑی کی قسم کا ایک جانور ہے جس کی کھال کی پوستین بناتے ہیں اور اُسے بھی سمور کہتے ہیں۔
سُموط ع موتیوں کی لڑیاں۔
سُموک ع جمع ہے سمک کی مچھلیاں
سُموم ع جمع سم کی زہر۔
سَموم ع باد گرم لو۔
سمہ ف جو لاہوں کا ایک اوزار ہے۔ جسے اہل پنجابی کچ کہتے ہیں۔ پوشیدہ۔ پنہاں ع۔ بی میں داغ اور داغ کرنے کو کہتے ہیں
سمید ع سفید میدے کی روٹی۔
سمیرا ع مکہ معظمہ کے راہ میں ایک موضع ہے

سمیط ع موتیوں کی لڑی۔
سُمیلان ف اناج کے ڈنٹھوں کے ٹکڑے جو کھیتی کاٹ ڈالنے کے بعد پھوٹ نکلتے ہیں اور پھل نہیں لاتے۔
سمین ع فربہ۔ موٹا۔ چربی۔
سمینہ ف باریک اور نازک کپڑا۔
سمی ع ہمنام۔

سین مہملہ مع نون

سن ف عشق پیچہ۔ مخفف سناں۔ سان کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔
سن ت تُو۔ آنت۔ جو ضمیر واحد حاضر ہے
سن ع دانت۔ عمر کے برسوں کی مقدار
سنا ع نور سورج کی روشنی سے کم درجے کی روشنی
سناء ع بلندی۔ رفعت۔ ایک گھاس کے پتے ہیں مسہل ہیں۔
سنابرق ع روشن برق۔ روشن بجلی
سنابل ع سنبلہ کی جمع ہے۔
سناد ف بہت۔ فراواں۔
سناد ع مخالفت۔ اصطلاح علم قافیہ میں اختلاف ردوف کا نام سناد ہے جیسے داد اور دید۔ زمان اور زمین کا قافیہ۔
سنام ع اونٹ کی کوہان۔ ریاست پٹیالہ میں ایک مشہور شہر ہے۔
سنان ع بھالا۔ سرنیزہ۔ تیر کی نوک۔
سنان کش ف بھالا لگا ہوا نیزہ۔
سنانیر ع سنور کی جمع ہے۔
سنائی ع ایک مشہور ولی کا نام ہے جو حکمت اور شاعری میں ماہر کامل تھا۔
سنبک ف چھوٹی سی کشتی جو جہاز کے ساتھ ہوتی ہے ڈونگا
سُنبل ع ایک خوشبودار گھاس جسے بالچھڑ کہتے ہیں
سُنبل الطیب ع بالچھڑ
سُنبلہ ع خوشہ گندم۔ گیہوں کی بال۔ چھٹے برج آسمانی کا نام بھی ہے جو خوشہ کی شکل کا ہے
سنبوسہ ف مثلث کی شکل کی ہر ایک شے ترکونی چیز۔ ایک قسم کی خوراک کا نام بھی ہے
سُنبہ ف برما۔
سُنبیدن ف سوراخ کرنا۔ پرونا۔ پاؤں کے نیچے لانا
سُنت ع طور۔ طریقہ۔ طرز۔ روش۔ عادت اور اصطلاح فقہا میں وہ طریق جس پر پیغمبر خدا اور صحابۂ کرام نے عمل کیا ہو۔
سنج ف مفرس اور مبدل جھانجھ (لفظ ہندی) کا ہے جسے جھانجہ بھی کہتے ہیں وزن کرنا تولنا وزن اس صورت میں سنگ کا مبدل ہے
سنجاب ع ایک جانور کا نام ہے جو چوہے سے بڑا ہوتا ہے اسکی کھال کی پوستین بناتے ہیں اور اُسے بھی سنجاب کہتے ہیں ایک ملک کا نام بھی ہے جہاں کا حاکم افراسیاب کے زمانے میں کاموس کشانی تھا۔
سنجار ع ایشیائی روم میں موصل سے تین منزل کے فاصلہ پر ایک شہر ہے سلطان سنجر یہیں پیدا ہوا تھا
سنجر ف ایک شکاری پرند کا نام ہے صاحبان وجد و سماع کو بھی کہتے ہیں ایران کے خاندان سلجوقیہ میں سے چھٹے بادشاہ کا نام ہے جو ملکشاہ کا بیٹا تھا [illegible] ۴۲ برس سلطنت کر کے ۵۵۲ھ میں وفات پائی علما کا بڑا قدردان اور صاحب شان و شوکت تھا
سنجرستان ف تکیہ جہاں سماع و وجد کی مجلس لگے۔
سنجق سنجوق ت یہ لفظ رومی ہے اسکے معنے یہ ہیں جھنڈا۔ نشان فوج۔ علم۔ کربند۔ پٹکا
سنجہ ف تولنے کا پتھر۔
سنجیدگی ف وزن دار ہونا۔
سنجیدن ف تولنا۔ وزن کرنا۔
سند ع وثیقہ۔ سارٹیفکیٹ۔ سفارش نامہ
سندان ف اہرن جس پر لُہار لوہا وغیرہ رکھکر کوٹا کرتے ہیں۔
سِندھ ف وہ ملک ہند کے مغرب میں ایک ملک اور ایک مشہور دریا ہے۔
سندباد ف حکیم ارزقی کی ایک پند و نصائح کی کتاب ہے۔
سن رشاد ع سمجھ بوجھ آجانے کی عمر
سندروس ف سندرس جو ایک قسم کا گوند ہوتا ہے۔
سُندس ع نہایت باریک اور لطیف ریشم دیبا کے نازک لطیف بہشتیوں کا لباس اسی کا ہوگا
سُندہ ف اہرن۔ آدمی کا پاخانہ گوہ۔
سنقر ت چراغ کی قسم کا ایک شکاری پرند ہے جو ہند میں نہیں ملتا بادشاہ اسکا شکار کرتے ہیں بادشاہان ترک میں سے ایک نام بھی ہے۔
سنگ ف پتھر۔ حجارہ۔ معنی مقدار۔ گرانی۔ وزن۔ ثقل۔ وقار۔ قیمت و قدر۔ اعتبار۔
سنگ از موم ساختن ف عجیب کام کرنا۔ ناممکن کام کر دکھانا۔
سنگار ف ساختگی۔ [illegible]
سنگ آس۔ سنگ آسیا ف چکی کا پاٹ۔
سنگ امتحان۔ سنگ زر۔ سنگ دمشق ف کسوٹی۔
سنگ انداز ف فلاخن۔ گوپیا۔ قلعہ کی دیوار کے وہ مقام جہاں سے چھپکر گولا اور پتھر لشکر وغیرہ دشمن کو مارتے ہیں سوراخ مورچے بھی اسی کو کہتے ہیں اور قلعوں کی دیواروں میں اکثر سوراخ بنے ہوئے ہوتے ہیں ماہ شعبان کے آخر میں شرابی لوگ ایک جشن کرتے ہیں۔
سنگبا ف جھالوا۔
سنگ بالش۔ سنگ بالین ف وہ پتھر جو سرہانے کی بجائے سر کے نیچے رکھکر سو جائیں۔
سنگ پخت ف وہ روٹی جو پتھر کے توے پر بھوبل ڈالکر پکائی جائے۔
سنگ بر شکم بستن ف پیٹ پر پتھر باندھنا بزرگوں اور زاہدوں کا دستور تھا کہ خالی پیٹ پر بھوک کی حالت میں پتھر باندھ لیا کرتے تھے تاکہ انکا حال کسی پر ظاہر ہونے پائے اور انہیں پیٹ کے خالی ہونے سے تکلیف بھی نہ ہو۔
سنگ بر شیشہ افتادن ف ایسے امر کا وقوع میں آنا جس سے انسان بیدار ہو جیسے موت کا بھید کھل جانا۔ راز فاش ہوجانا۔ عیش کا منغص ہونا۔
سنگ بر شیشہ زدن۔ سنگ بہ سبو زدن۔ سنگ بر قرابہ زدن ف شراب پینے سے توبہ کرنی۔
سنگ بر شیشۂ امید زدن ف امید توڑ دینی۔ ناامید کر دینا۔
سنگ بر قندیل زدن ف اندھیر کرنا
سنگ بست۔ سنگ بستہ۔ سنگ پشت ف استوار۔ مضبوط۔ محکم۔ کچ پکا میوا کچھوا۔
سنگ ترازو ف تولنے کے باٹ۔
سنگ جانی ف بے رحمی۔
سنگ جراحت ف ایک قسم کا پتھر ہے جسکو پیسکر زخم پر چھڑکنے سے خون بند ہوجاتا ہے۔
سنگچہ ف اولا۔ ژالہ۔
سنگ خوار۔ سنگ خوارہ۔ سنگ خارک
سنگ خور۔ سنگ خورہ ف قطاۃ [illegible] ایک پرندہ ہے۔

سنگ دان ف پوٹا حوصلہ وہ تھیلی جس میں پرندہ اپنی غذا جمع کرتا ہے ۔
سنگ در دہان انداختن ف چپ رہنا
سنگ در آب افگندن ف ثابت قدم رہنا پاؤں جمائے رکھنا ہمت نہ ہارنی پوشیدہ کرنا چھپانا ۔
سنگ در دندان آمدن ف دکھ پانا تکلیف اٹھانا ۔
سنگ در سُم بودن ف چلنے سے راہ ترک سفر کرنا ۔
سنگ در موزہ افتادن ف چلنے سے رہ جانا ترک سفر کرنا ۔ بیقرار ہونا ۔
سنگ دل ف بیرحم ۔ سخت دل ۔
سنگرہ ف چھوٹا سا بیرہ ۔
سنگر ف پتھر وغیرہ کی دیوار جو لڑائی کے موقعہ پر بنا لیتے ہیں مورچال کانٹوں کا باڑ جو باغ یا کھیت وغیرہ کے گرد حفاظت کیلئے بنا لیتے ہیں
سنگ ف مانع ۔ حائل ۔
سنگِ راہ شدن ف مانع ہونا ۔ روکنا
سنگ رو ت شوخ بے حیا
سنگ روے بیخ ف محکم مطیع ۔
سنگریزہ ف کنکر ۔
سنگ زخم ف جبر العلاج سفید رنگ کا پتھر ہے جو گھسا کر زخم پر لگاتے ہیں تو خون کا نکلنا بند ہو جاتا ہے
سنگ زن ف کم وزن ترازو ۔
سنگسار ف پتھراؤ کرنا پتھر مار کر مار ڈالنا
سنگستان ف پہاڑ جہاں پر پتھر ہوں
سنگ سفتن ف عجیب کام کرنا ۔
سنگ شدن بیماری ف بیمار کا سخت ہونا
سنگ لاخ سنگ لاخہ ف پہاڑی زمین پتھریلی زمین ۔

سنگ مجاعت ف وہ پتھر جو وقت بھوک کیلئے پیٹ پر باندھتے ہیں ۔
سنگ سو ف سنگ مرمر ۔
سنگی ف سنگین ۔ بھاری ۔
سنگ یمن ف عقیق ۔
سنگین ف پتھر کا بھاری مضبوط ۔
سنگین دست ف جو بہیں کام کرے
سنگین دل ف سخت دل بے رحم ۔
سُنن ع سنت کی جمع ۔
سُنوات ع جمع ہے سنہ کی ۔
سنوح ع شکار کا بائیں طرف سے نمودار ہونا ۔ حادثہ کا پیدا ہونا ۔
سِنّور ع بلی گربہ ۔
سنون ع جمع سن کی سال برس ۔
سنہ ع برس ۔ سال ۔
سُنی ع رفیع و بلند ۔ روشن ۔ چمکتا ہو ۔
سُنّی ع اہل سنت و جماعت ۔
سنین ع جمع سن کی ۔ برس ۔ سال
سنیہ ع روشن ۔ بلند ۔

سین مہملہ مع واو

سُو ف طرف ۔ جہت ۔ مثل و مانند ۔ سود و نفع ۔ روشنائی ۔
سُوء ع بدی ۔ برائی ۔
سَواء ع برابر ۔ محاذی ۔
سِوا ع جز ۔ غیر ۔
سوابق ع جمع سابقہ کی اگلے ۔
سواحل ع دریا کے کنارے ۔
سَواد ع سیاہی شہر کی اطراف ۔ نواحی ذہن ملکہ ۔

سواد اعظم ع بہت بڑا شہر عموماً اور مکہ معظمہ خصوصاً
سُوءِ ادب ع بے ادبی ۔
سُوءِ خلق ع بد خلقی ۔
سواد بر گرفتن ف پڑھنا مطالعہ کرنا ۔
سواد روشن کردن ف نوشت خواند کا ملکہ پیدا کر لینا ۔ لکھنا پڑھنا سیکھ لینا
سُوءِ دماغ ف دماغ کی بیماری ۔
سواد کردن ف لکھنا ۔
سوار ع کنگن جو ہاتھ میں پہننے کا ایک زیور ہے
سوار ف راکب گھوڑے پر چڑھا ہوا اسکی اصل اسوار ہے جو اسپ آر کا مبدل ہے
سواران آب سوارگان آب ف پانی کے بلبلے ۔
سوار پا ف چالاک اور چست پیادہ ۔
سوار سیستان ف رستم بن زال ۔
سُوءِ طریق ع بدراہی ۔ راہ کی بدی ۔
سَواطع ع جمع ساطعہ (بلند کی)
سُواع ع نوح علیہ السلام کی قوم کے بت کا نام ہے جو عورت کی شکل کا تھا ۔
سواقی ع جمع ساقیہ (جوئے خورد) کی
سواک ع مسواک ۔
سَواک ع تیرے سوا ۔ نرم رفتار ۔
سواکن ع جمع ساکن کی ۔ باشندے
سوال ع پوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔ مانگنا
سَوالف ع جمع سالفہ کی گزرے ہوئے
سُوءُ القنیہ ع سُوء کے معنی روأت فساد اور قنیہ کے معنی ذخیرہ کے ہیں مرکب کے معنی ہیں ردائت ذخیرہ غذا ایک مرض کا بھی نام ہے جسکا باعث ضعف جگر ہے یعنی جگر میں ضعف اور خرابی آنیکے سبب غذا کا ذخیرہ فاسد ہو جاتا ہے اور غذا اعضا کے ساتھ جیسی کہ چاہیئے اسطرح ملنے

کے قابل نہیں ہوتی اور یہ مقدمہ مرض استسقا (جالندھر) کا ہے ۔
سوء المزاج ع مرض ۔ بیماری ۔
سوانح ع سانحہ کی جمع پیش آنیوالی واقعات احوالات ۔ روداد ہا ۔ لیکن اکثر یہ لفظ حسن ناپسند اور خراب حالت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔
سوانی ع جمع سانیہ کی پانی اٹھانیوالے اونٹ
سواے ع سوا پاس سے الگ ۔
سوچ سوجش ف سوز سوزش جلن
سوچی ت آبدار شراب فروش ۔
سوچی خانہ ت شراب خانہ ۔
سوخ ف پیمانہ فصل ۔
سوختن ف جلنا جلانا ۔
سوختن زر ف تنخواہ کے روپے کا کٹ جانا
سوختگی ف جلن ۔
سوختگی نفس ف ہانپنا ۔
سوختہ ف جلا ہوا خسرو پرویز کے خزانوں میں سے ایک کا نام ہے مصیبت رسیدہ ۔
سُود ف فائدہ ۔ نفع ۔ بیاج ۔
سُود ع اسود (سیاہ) کی جمع ۔
سَودا ع سیاہ آدمی کے جسم کے چاروں خلطوں میں سے ایک خلط جسکا رنگ سیاہ ہے سیاہ پت اور فارسی میں مجازاً بمعنی پاگل پن دیوانگی کیونکہ خلط سودا کی کثرت جنون کا باعث ہوتی ہے اور بمعنی عشق ۔
سودا ت خرید و فروخت ۔
سودابہ سوداوہ کیکاؤس کی عورت کا نام ہے جو شاہ ہاماوران کی بیٹی تھی اور سیاوش پر عاشق ہو گئی تھی آخرکار رستم نے اسکو مار ڈالا
سودا زدہ ف سودائی ۔ دیوانہ ۔

سوداگری ف تجارت۔ بنج۔
سوڈان ع سیاہ رنگ کے آدمی حبشی لوگ وسط افریقہ میں ایک ملک ہے۔
سوداور آمدن ف سیاہی چھاجانی۔
سوداور سوداگر ف تاجر۔
سودائی ف پاگل احمق تاجر۔ سوداگر۔
سوداشیاں ف سوداگر لوگ۔
سودائی مزاج ف وہ شخص جسکی مزاج میں خلط سودا اور خلطوں سے زیادہ ہو۔
سودمند ف فائدہ مند۔
سودن ف گھسنا۔ رگڑنا۔
سُور ع جھوٹا۔ پس ماندہ طعام یا پانی۔
سُور ع دیوار قلعہ۔ شہر پناہ۔
سُوَر ع جمع سورہ کی قرآن شریف کی سورتیں
سور ف خوشی شادی جشن سرخ رنگ خاکستری رنگ اور افغانوں کی ایک قسم کا نام بھی ہے
سوَرت ع تیزی۔ تندی۔ ظلم۔ غصہ
سُورت عربی میں بمعنی سورہ شرف منزلت ہندی میں بمبئی کے علاقہ میں ایک مشہور شہر اور بندرگاہ ہے۔
سُورہ ع قرآن کا ٹکڑا۔
سُورۂ اخلاص ع قل ہو اللہ احد۔
سُورۂ نور ع قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام ہے
سوراخ ف سوراخ۔ چھید۔
سوراخ شدن در آسمان ف مجازاً عظیم وقوع میں آنا۔ کوئی بڑا حادثہ واقعہ ہونا۔
سورن ت ترک لوگ دشمن پر حملہ کرنیکے وقت اللہ اکبر یا اسکا اور کوئی لفظ بولتے ہیں انکی اس آواز کو سورن کہتے ہیں۔
سورنا ــــے ف سرنا۔ شہنائی۔
سورستان ف ایک دوا کا نام ہے۔

سوری ع سرخ رنگ کا ایک پھول ہے ایک قسم کا پیکان بھی ہے۔
سوز ف سوزش۔ جلن
سوزاں ف جلتا ہوا۔
سوزاک ف مشہور بیماری ہے۔
سوزانیدن ف جلانا۔ جھلسنا۔
سوزش ف جلن۔
سوزن ف سوئی۔
سوزن عیسےٰ ف وہ سوئی جو آپکے دامن میں رہ گئی تھی اور جسکے باعث فلک چہارم پر ہی رہے آگے نہ بڑھ سکے۔
سوزنی ف وہ کپڑا جس پر سوئی سے کام کیا ہوا ہو۔ مشہور بچھونا ہے۔
سوزیاں ف نفع۔ سرمایہ۔ یائی الضمیر سرگوشی مہربان۔ غمخوار۔ سوغات۔ نیک دہ۔
سوزیدن ف جلنا۔
سوس ع ریشم کا کیڑا۔ کرم ابریشم۔
سوسمار ف بواو مجہول گوہ جو مشہور جانور ہے
سوسن ع سوسن ف بواو مجہول ایک قسم کے پھول کا نام ہے جو نیلے رنگ کا ہوتا ہے
سوسن آزاد ف سپید رنگ کا سوسن۔
سوسنی ف سپید رنگ کا گھوڑا۔
سُوسہ ف گیہوں کا کیڑا۔
سُوط ع کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک
سوغات ت تحفہ۔ ہدیہ۔ بخشش۔
سُوف ی یونانی لفظ ہے بمعنی حکمت
سُوفار سوفان ف تیر کا منہ مٹی کا پکا ہوا۔
بیرن۔ سوراخ۔ سوئی کا ناکا۔
سوفسطا ایک حکیم کا نام ہے جسکی بنیاد وہم پر ہے
سوفسطائی ع حکما کا ایک گروہ ہے جنکی بنیاد وہم پر ہے اور حقائق کو نہیں مانتے۔

سُوق ع بازار۔ ساق کی جمع بھی ہے۔
سَوق ع روانی۔ چلانا۔
سوق الثلاثاء بغداد کے ایک بازار کا نام ہے جہاں منگل کے دن خرید و فروخت ہوتی ہے
سُوقی ع بازاری۔ دوکاندار۔
سوگ ف مصیبت۔ ماتم غم۔
سوگدار ف سوگی۔ ماتم والا۔
سوگند ف قسم۔
سوگوار ف مصیبت زدہ۔ ماتم والا۔
سوگواری ف ماتم داری۔
سَوم ع گران بیچنا۔ رنج اٹھانا۔ چوپائے کا گھاس چرنا۔
سوم۔ سومین ف تیسرا۔ ثالث
سومنات ف ملک گجرات میں ایک بتخانہ تھا اب وہاں ایک شہر ہے۔ یہ لفظ اصل میں ہندی سومناتھ ہے جو سوم (بمعنی قمر) اور ناتھ بمعنی (خداوند) سے مرکب ہے کیونکہ وہ بت قمر کی شکل کا بنا ہوا تھا بعض کے نزدیک وہاں کے ایک بت ہی نام ہے۔
سوہان ف ریتی جس سے ہتھیار گھساتے ہیں
سوے ف طرف جانب۔
سوے پادیدن ف شرمندہ ہونا
سویت ع برابری۔ اعتدال۔
سویدا ع سیاہ نقطہ جو دل پر ہوا کرتا ہے
سویق ع ستو۔

سین مہملہ مع ہائے ہوز

سہ ف تین ۳ سے ۳
سُہا ع بنات النعش میں ایک بہت چھوٹا ستارہ ہے
سُہار ع بیخوابی۔

سہ اسپہ ف وہ شخص جو کسی جگہ جلدی پہنچنے کیلئے تین گھوڑے ہمراہ لیجائے تاکہ ایک کے تھک جانے سے دوسرے پر سوار ہو جائے نہایت جلدی چلنے والا کام میں جلدی کرنے والا۔
سہ اسپہ پوشیدن سہ اسپہ تاختن ف جلدی چلانا۔ تیز روی۔
سہام ع سہم کی جمع۔ تیر۔ حصے۔
سہ ایوان دماغ ف فکر۔ خیال۔ حفظ کرنیکے مقام۔
سہ برگہ ف ایک پھول کا نام ہے۔
سہ بُعد ع ابعاد ثلاثہ یعنی طول عرض عمق
سہ خوان ف نصاریٰ کی ایک قوم جو اللہ اور حضرت عیسیٰ اور مریم کو خدا بتاتی ہے۔
سہ خواہران سہ دختر ف بنات النعش کے تین ستارے۔
سہ دامنی ف ناچنے والوں کی ایک قبا ہوتی ہے جسکے چاک بہت لمبے ہوتے ہیں۔
سہ دیر ف تین گنبد کی ایک عمارت تھی جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کیواسطے بنائی تھی۔
سَہَر ع بیداری۔ جاگنا۔
سُہراب ف رستم کے بیٹے کا نام ہے جو بلا اطلاع اپنے باپ کے ایران پر حملہ آور ہوا اور آخر رستم ہی کے ہاتھ سے قتل ہوا۔
سہران ع جاگنے والا۔
سہ روح ف روح حیوانی و نباتی و جمادی
سُہروردی ف منسوب بہ سہرورد جو عراق عجم میں ایک شہر ہے۔
سُہروردیہ ف فقرا کا ایک گروہ ہے جو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے

سہرہ ف جو دولھا کے سر پر باندھتے ہیں

سہ شاخ ف مولید ثلاثہ یعنی حیوانات نباتات ۔ جمادات ۔

سہ شنبہ ف منگل کا دن ۔

سہ ظلمت سہ ظلمات ف صلب پدر اور شکم مادر اور زہدان سے مراد ہے ۔

سہ علم ف علم الٰہی علم طبعی ۔ علم ریاضی

سہ غرفہ دباغ سہ غرفہ مغز ف سہ الوان دماغ

سہ فرزند سہ گوہر سہ نوع ف مولید ثلاثہ

سہ قبلہ ف خانہ کعبہ بیت المقدس بیت المعمور سے مراد ہے ۔

سہل ع آسان زمین نرم و ہموار عبداللہ تستری کے بیٹے ابو محمد کا نام ہے جو ذوالنون کے شاگرد اور ایک مشہور ولی تھے انہوں نے اسی سال کی عمر پا کر محرم ۲۸۳ ہجری میں وفات پائی ۔

سہل جوی سہلی ف نرمی اور سہولت ڈھونڈھنے والا صلح جو ۔

سہل گرفتن ف آسان سمجھنا سہل لینا

سہم ف خوف ۔ ڈر ۔

سہم ع تیر ۔ حصہ ۔

سہم الحشم ع ایک عہدے کا نام ہے جیسے سر لشکر بخشی فوج ۔

سہم السعادت سہم الغیب ع علم نجوم کے قواعد مولود کے طالع کے وقت کواکب کا ایک خاص وضع پر واقع ہونے سے مراد ہے ۔

سہ مرتبہ ف لڑکپن جوانی اور بڑھاپے سے مراد ہے ۔

سہمگین سہمناک ف ڈراونا ہیبت ناک شخص جس سے ڈر لگے رعب داب کا آدمی ۔ خوفناک ۔ ڈرپوک ۔

سہمیدن ف ڈر جانا ۔ خوف کرنا ۔

سہ نوبت ف لڑکپن ۔ جوانی ۔ بڑھاپا ۔ نیز تہجد اشراق چاشت کی نمازیں امرا کے دروازے پر نقارہ بجنا جو پہلے دن رات میں تین دفعہ بجا کرتا تھا اور سلطان سنجر نے پانچ دفعہ مقرر کیا ۔

سہو ع بھول چوک فراموشی ۔

سہواً ع بھول کر ۔

سہولت ع آسانی ۔

سہی ف راست سیدھا ۔ سرو کی ایک قسم بھی ہے دیکھو سرو سہی ۔

سہیل ع ایک مشہور ستارہ ہے جس کی خاصیت سے ملک یمن میں چمڑا نہایت عمدہ تیار ہوتا ہے

سہیلہ ع ایک قسم کا خیمہ ہے ۔

سہیلی ع جو سہیل ستارہ سے منسوب ہو

سہیم ع شریک ۔ حصہ دار ۔

سین مہملہ مع یائے تحتانی

سے ف سنگ ۔ پتھر ۔

سی ف تیس ۔ سہ ۔ ۳۰ 30

سی ت وہ ۔ او جو ضمیر واحد غائب ہے ۔

سیّی ع گناہ ۔ بدی ۔ برائی ۔

سیئات ع سیئہ کی جمع ہے برائیاں ۔

سیاح ع بہت سیر کرنے والا ۔ مسافر

سیاحت ع سیر کرنا ۔ سفر کرنا ۔

سیادت ع بزرگی ۔ سرداری ۔

سیّار ع سیر کرنے والا ۔ تیز چلنے والا ۔

سیّارہ ع وہ ستارہ جو حرکت کیا کرتا ہو ۔ سیر کرنے والا ۔ مسافر ۔

سیّارات ع سیارے وہ ستارے جو حرکت کیا کرتے ہیں بخلاف ثوابت کے انکی تفصیل یہ ہے

نام ستارہ	فاصلہ آفتاب سے	گردش کرنیکا عرصہ	لمبائی قطر کی
ولکن	۱۳۰۸۲۰۰۰	۱۹٫۷۰	۷۰۵ میل
عطارد	۳۵۶۴۹۰۰۰	۸۷٫۹۷	۲۹۶۲ //
زہرہ	۶۶۶۱۴۰۰۰	۲۳۴٫۱۷۱	۷۵۱۰ //
زمین	۹۲۰۹۳۰۰۰	۳۶۵٫۲۵	۷۹۲۵ //
مریخ	۱۴۰۳۲۲۰۰۰	۸۶٫۹۸	۲۴۹۲ //
سیارات جدیدہ	۲۵۹۰۰۰۰۰۰	۱۶۸۴۴۷۴	۶۷۰ //
مشتری	۴۷۹۱۴۱۰۹۸	۴۳۳۲۶۲	۸۸۴۰۰ //
زحل	۸۷۸۴۶۱۰۰۰	۱۰۷۵۹۳۰	۷۱۹۱ //
یورینس	۱۷۶۶۵۶۵۰۰۰	۳۰۶۸۶۸۲	۳۳۰۲۴ //
نیپچن	۲۷۶۶۱۳۳۰۰۰	۶۰۱۲۶۷۱	۳۶۶۲۰ //
چاند	زمین کے گرد پھرتا ہے	½ ۲۹ دن	۲۱۵۸ //

سیاست ع ملک کی نگہبانی کرنی رعیت پر حکومت کرنا لوگوں کو گناہ کرنے سے سزا و جزا دے کر تنبیہ کرنا اور روکنا قانون ملکداری ۔

سیاستگر سیاستی ف سفاک خونریز ۔

سیاط ع جمع سوط کی ۔ کوڑے ۔

سیاع ع کہگل ۔

سیّاف ع تلوار مارنے والا قاتل جلاد خون ریز ۔

سیاق ع روان کرنا چلانا ۔ علم حساب طرز ۔ روش ۔ ترکیب ۔

شامگاہ ف شام کا وقت۔
شاملوت قزلباشوں کی ایک قوم کا نام ہے
شامہ ف اوڑھنی۔
شان ف بھڑوں کا چھتہ جس میں عسل ہو ضمیر جمع غائب کا صیغہ بھی ہے۔
شان ع قدر و منزلت شوکت و عظمت کار و حال۔ اور معنی حق۔ جیسے [illegible] شان او ستہ یعنی در حق او ست۔
شانہ ف کنگھی کرنا۔ [illegible] ان کا [illegible] بھی ہے۔
شانوت ف زبان۔ [illegible]
شانہ [illegible]
شانہ آویزی ف ایک قسم کی [illegible]
[illegible]
شانہ [illegible]
[illegible]
شانہ بین ف فال بین [illegible] شانہ کی ہڈی پر [illegible]
شانہ پیچ ف سرکش منہ پھیرنے والا۔
شانہ پیچی ف ایک قسم کا [illegible] ہے۔
شانہ خالی کردن ف منہ پھیرنا۔
شانہ در آب گذاشتن
شانہ در آب نہادن آرائش کی تیاری کرنا
شانہ سر ف ہد ہد۔ مرغ سلیمان۔
شانہ شکستن ف ڈرنا۔
شانہ کردن و زدن و کشیدن و نہادن ف کنگھی کرنا۔
شانہ گردانی۔ شانہ گری ف منہ پھیرنا
شانی ع دشمن۔
شاوران ف شروان کے پاس ایک شہر ہے
شاہ ف اصل۔ خداوند۔ صاحب۔ بادشاہ داماد شطرنج کا مہرہ جو سب مہروں کا شاہ ہوتا ہے۔ بزرگی کے واسطے بھی آتا ہے۔
شاہ اسمعیل ف ایران کے خاندان صفوی میں سے پہلا بادشاہ جو شیخ صفی الدین اسحٰق اردبیلی کی اولاد سے تھا ۹۰۵ ہجری میں گیلان سے روانہ ہو کر پہلے شروان کو فتح کیا اور پھر آہستہ آہستہ کل مملکت ایران پر قابض ہو گیا سلطان روم سے بھی مقابلہ کیا مگر شکست کھائی آخر [illegible] برس سلطنت کر کے ۹۳۰ [illegible] میں وفات پائی۔
شاہ بال [illegible]
شاہ [illegible]
[illegible]
شاہ [illegible]
شاہ [illegible] آفتاب۔
شاہ [illegible]
[illegible]
شاہ ترکان ف افراسیاب شاہ ترکستان
شاہ چین ف آفتاب سے مراد ہے اس واسطے کہ چین ایران کے مشرق میں ہے اور مطلع آفتاب کا بھی مشرق ہے۔
شاہ خاور۔ شاہ خرگاہ مینا ف آفتاب
شاہد ع حاضر گواہ حسین خوبصورت محبوب۔ خوب۔ خوشنما۔
شاہ دارو ف شراب انگوری۔
شاہد باز ف جو امردوں اور رنڈیوں کے ساتھ صحبت میل جول رکھے۔
شاہد رخ زرد۔ شاہد رو شاہد زعفرانی شاہد فلک شاہد طغان چرخ ف آفتاب۔
شاہد زربفت پوش ف آسمان آفتاب دن۔
شاہد عدل ع گواہ برحق۔ سچا گواہ۔
شاہد [illegible] شاہد لعمرک ع آنحضرت
شاہراہ ف بڑی سڑک۔ وسیع اور کلان راستہ۔
شاہ رخ ف تیمور کے بڑے بیٹے کا نام ہے جو اسکے بعد تخت سلطنت پر متمکن ہوا وہ اپنے بھتیجوں سے لڑتا اور آخر فتح پاتا رہا آذربائیجان پر فتح حاصل کی [illegible] سلطنت کر کے [illegible] ہجری میں وفات پائی۔
شاہ رگ ف حبل الورید۔
شاہ زاول ف سلطان محمود غزنوی۔
شاہ زنگ ف رات۔
شاہ سپرغم۔ شاہ سپرم۔ شاہ سپرہم ف نازبو۔
شاہ سیارات۔ شاہ [illegible] فلک ف آفتاب۔
شاہ عرب۔ شاہ کونین۔ شاہ [illegible] ف جناب رسول خدا صلعم۔
شاہق ع بلند۔
شاہ قائم ف شطرنج [illegible] ایسے [illegible] نہیں سکتا۔
شاہ کار ف بیگار۔
شاہ مثلث برج۔ شاہ مشرق ف آفتاب۔
شاہ مربع نشین ف خانہ کعبہ۔
شاہ مغرب ف چاند۔
شاہ نحل ف شہد کی مکھیوں کا بادشاہ جو سب سے بڑا ہوتا ہے عربی میں اسے یعسوب کہتے ہیں اردو میں رانی۔
شہنشاہ ف مخفف ہے شاہان شاہ کا یعنی شاہ شاہاں خدا تعالیٰ۔ وہ بادشاہ جسکے ماتحت کئی بادشاہ ہوں۔
شہنشاہ فلک ف آفتاب مراد ہے۔
شاہ نشین ف ایک قسم کی عمارت ہے گرا [illegible] بساط۔
شاہ نیمروز ف آفتاب سیستان کا بادشاہ
شاہوار ف ہر شے جو بادشاہ کے لائق ہو
شاہی ف ایران کا سکہ جو چہارم دینار کے مساوی [illegible] شاہی [illegible]
شاہ [illegible]
[illegible]
[illegible]
شاہ [illegible] آفتاب۔
شاہین [illegible]
شاہین [illegible]
[illegible]
[illegible]
شاہین [illegible]
[illegible]
شایان ف لائق [illegible] مناسب جائز [illegible]
شائبہ ع ملاوٹ۔ آمیزش۔ آلودگی۔
شایستگی ف لیاقت شایستہ ہونا لائق ہونا
شایستن۔ شائیدن ف لائق ہونا
شائستہ ف لائق بہتر
شائستہ بود۔ شائستہ ہستی ف واجب الوجود۔
شائع ع آشکار و فاش مشہور جاری
شائق ع مشتاق شوقین۔
شایگان ف اصل اسکی شاہگان ہے یعنی ہر شے جو بادشاہ کے لائق عمدہ خوب

سبت سامان واسباب ۔ و ذخیرہ ۔ فراخ کشادہ ۔ بیکار ۔ اور خسرو پرویز کے خزانے کا نام بھی گنج شایگان ہے اصطلاح علم قافیہ میں عیوب قافیہ میں سے ایک عیب ہے کہ کسی لفظ کو ایک ہی معنی میں مکرر لائیں اور وہ دو قسم پر ہے شایگان خفی اور شایگان جلی خفی جس میں تکرار ظاہر نہو ۔ جیسے دانا بینا کا قافیہ جلی جس میں تکرار ظاہر ہو جیسے دردمند حاجتمند ۔ زرین سیمین کا قافیہ اور یہ بھاری عیب ہے ۔ البتہ اگر قطعہ یا غزل یا قصیدہ میں فاصلہ پر آجاوے تو مضایقہ نہیں ۔

شین معجمہ مع بائے موحدہ

شب ف رات ۔ لیل ۔
شب ع چھوکری ۔ جوانی اور جوان ہونا
شباب ف ایک پردہ موسیقی کا نام ہے
شباب ع جوانی کبر ہونا اور جوانان جمع ہے شاب کی ۔
شباب ع نشاط ۔
شباب ع جمع شاب کی ۔ جوانان ۔
شبانروز ف رات دن ۔
شباط ر جاڑے کا آخری مہینہ جو ہندی میں پھاگن سے ملتا ہوا ہے ۔
شب افروز ف چاند ۔ جگنو ۔
شباک ع سوراخ کرنیوالا چھید لگانیوالا
شبان ف چرواہا ۔ گڈریا ۔
شبانی ف چرواہاپن ۔ گڈریاپن ۔
شبان وادی ایمن ف حضرت موسیٰ
شب اندر روز ف دھوپ چھاؤں کپڑا ۔
شبانگاہ ف رات کا وقت ۔
شبانہ ف ایک خوش آواز پرندہ ہے ۔

وہ چیز جس پر ایک رات گزر چکی ہو رات کو پینے کی شراب ۔ محافظ ۔ گڈریا ۔
شب آہنگ ف رات کیوقت کسی کام کا قصد کرنیوالا مطلق رات کا وقت یا رات بلبل جو اکثر رات کو بولا کرتا ہے ایک ستارہ کا نام بھی ہے جو کبھی اول شب میں اور کبھی آخر شب میں نکلا کرتا ہے ۔
شب بارہ ف رات کو پھرنیوالی عورت ۔
شب بازی بازی شب ف رات کے وقت کا تماشا بنا واقعہ یا حادثہ نئی بات ۔
شبت ع سویا جو ایک قسم کا ساگ ہے ۔
شب برات ف پندرھویں رات ماہ شعبان کی جو ایک مسلمانوں کا مشہور تہوار ہے ۔
شب پوش ف سونے کا سبز کلاہ ۔
شب چرا ف رات کو چرنا رات کو چرنیوالا ۔
شب چراغ ف ایک گوہر ہے جو رات کو مانند چراغ کے چمکتا ہے کہتے ہیں سمندر میں ایک قسم کی گائے ہے جو رات کیوقت چرنے کے لئے سمندر کے کنارہ پر آجاتی ہے اور اُس موتی کو اپنے منہ سے نکالکر زمین پر رکھ دیتی ہے اور اُس کی روشنی میں چرتی رہتی ہے اُس کو دُر شبگون بھی کہتے ہیں ۔
شب چک ف شب برات ۔
شبح ع جسم بدن دھڑ اسکی جمع اشباح آتی ہے
شب خانہ ف رات کے رہنے کا مکان ۔ فقیروں کے رات بسر کرنیکا مکان ۔
شب خانہ ف بادشاہوں اور فقیروں کے رات رہنے کا مکان شبستان ۔
شب خوش گفتن ف وداع کرنا رخصت کرنا
شبخون / شبیخون ف رات کو دھاوا کرکے لڑائی کرنا چھاپا مارنا ۔ جنگ قتال ۔

شب خیز ف رات کو اٹھنے والا ۔
شب درمیان دادن ف وعدہ کرنا ضامن دینا
شبخون زدن ف چھاپا مارنا ۔
شب دیجور ف اندھیری رات ۔
شبدیز ف خسرو پرویز کے سیاہ رنگ گھوڑے کا نام ہے ۔ ہر سیاہ رنگ گھوڑا ۔
شبدیز نقرہ خنگ ف آسمان لیل و نہار زمانہ
شبر ع بالشت ۔ وجب پنجابی گٹھ ۔
شبر ع حضرت ہارون کے بیٹے کا نام ہے اور حضرت امام حسن کا نام اسی کا ترجمہ ہے
شب رو ف رات کو چوری کرنیوالا ۔ اہل اللہ جو رات کو جاگتے ہیں ۔
شب روان ف جمع شب رو کی ۔
شبرنگ ف مشکی گھوڑا مطلق گھوڑا ۔ سیاوش کے گھوڑے کا نام ہے
شب زندہ داشتن ف شب بیدار ہونا رات بھر جاگنا ۔
شب زندہ دار ف شب بیدار آدمی رات بھر جاگنے والا ۔
شبستان ف خلوتخانہ بادشاہوں کے سونے کی جگہ ۔ حرم سرا ۔ اور مساجد میں شبستان وہ جگہ کہلاتی ہے جہاں پر رات کو عبادت کرتے ہیں
شب شکستن ف جوانی کا ڈھل جانا ۔
شبع ع شکم سیری پیٹ بھرا ہوا ہونا اناج جو ہو کے ۔
شبعان ع شکم سیر پیٹ بھرا ہوا آدمی
شب قدر ف ماہ رمضان کی ستائیسویں تاریخ
شبکات ع جمع ہے شبکہ کی ۔
شب کائنات ف دنیا ۔ زمانہ
شب گرد ف رات کا پھرنے والا کوتوال چاند ۔

شب کن ف آشیان ۔
شب کوک شب کو کا شب کوکت ایک قسم کے فقیر ہوتے ہیں جو رات کو کسی بازار یا دشت یا ٹیلے یا اور اونچی جگہ پر چڑھکر بہ آواز بلند محلہ والوں میں سے ایک ایک کا نام لیکے دعائے خیر کرتے ہیں تاکہ لوگ خوش ہوکر صبح کے وقت اُن کچھ صدقہ دیں ۔
شبک شبکہ ع لوہے وغیرہ کا سوراخدار جال لوہے کی جالی ۔ جال ۔
شبگیر ف صبح ۔ صبح ہونے سے پہلے ہی سفر کو جانا ۔ اخیر کی آدھی رات ۔ اخیر رات کو عبادت کرنیوالا ۔
شبگیر زدن ف آدھی رات کے بعد سفر کو جانا ۔
شبل ع شیر کا بچہ ۔
شبلی ع منسوب بہ شبل ۔ جعفر بن یونس کا بیٹا مصری الاصل ایک ولی کامل ہے جسکی کنیت ابوبکر ہے ۔ بغداد میں رہتا تھا جنید کا شاگرد ہے ۸۷ سال کی عمر پاکر ۳۳۴ ہجری میں وفات پائی ۔
شبم ع سردی ۔ سرد ۔
شبم ع سرد چیز ۔
شبنم ف باضافت غلط ولی نم شب دراصل شب کی نم ؛ اوس جو رات کو پڑتی ہے پنجابی میں اسے تریل کہتے ہیں ۔ یہ بھی نمی کی طرف منسوب ہونا معلوم ہوتا ہے پس یہ لفظ شبنم کا ہی ترجمہ ہے ؛ اور شبنم کے پڑنے کی وجہ علم طبعیات میں یوں لکھی ہے کہ رات کیوقت درختوں کے پتے وغیرہ اکثر اجسام ہوا کی تری سے سرد ہو جاتے ہیں ۔ ہوا میں جو بخارات جب اُن اجسام سے مس کرتے ہیں تو وہ

بھی سرد ہوکر چھوٹے چھوٹے قطروں کی صورت بنکر اسپر بیٹھ جاتے ہیں۔

شبو ف ایک قسم کا پھول ہے جسکی راتکو خوشبو نکلتی ہے۔

شبہ ع مثل۔ مانند۔ تصویر۔ ڈھانچ۔

شبورہ سب۔ شپور سکا ہے نفیری۔

شبہ ع شک۔

شبہ ع پوتھ۔

شبیر ع حضرت ہارون کے دوسرے بیٹے کا نام ہے اور اسی کا ترجمہ ہے حسینؑ جو حضرت علیؑ کے دوسرے بیٹے تھے۔

شبیہ ع نظیر۔ مانند۔ شباہ۔ تصویر۔ صورت

شبینہ ف رات کا۔ باسی۔

شین معجمہ مع بائے فارسی

شپاشپ ف تیر کے پیکان کے پے در پے کسی جگہ پر لگنے کی آواز۔

شپر شپرک شپرہ ف چمگادڑ۔

شپش ف جوں۔

شپش بر ناخن زدن ف جوں مارنا

شپلق ت طمانچہ۔

شپلیدن ف نچوڑنا۔ میٹھی بہانا۔

شین معجمہ مع تائے فوقانی

شتا ف ناشتا۔ نہار۔

شتا ع جاڑا۔ موسم سرما۔

شتی ع متفرق۔ الگ الگ۔ بھانت بھانت

شتاب ف جلد۔ تیز۔

شتابان ف تیزی کرتا ہوا جلدباز دوڑنے والا۔

شتابانیدن ف جلدی کروانا۔

شتاب زدگی ف جلدی۔ مارا مار۔

شتابندہ ف دوڑنے والا۔ مجازاً سعی دکوشش کرنے والا۔

شتافتن ف دوڑنا۔

شتالنگ ف ٹخنہ۔ بڑی جو پیر اور پنڈلی کے جوڑ پر ہے۔

شتان بینہما ع اُن دونوں کے درمیان بہت فرق ہے۔

شتر ف اونٹ۔

شتر ع کاٹنا۔

شتر ع کاٹا جانا اور ایک زحاف ہے علم عروض میں یعنی خرم اور قبض کا اجتماع سبب میں مفاعیلن سے فاعلن رہجاتا ہے۔

شتر ف کنارہ۔ گوشہ۔ طرف۔

شتر ف چوبیچ۔ منقار۔

شتر پاپے ف سورج مکھی ایک درخت کا پھول ہے

شتر بار ف اسباب لادنے کا اونٹ۔

شتربان ف اونٹ کا نگہبان۔ اونٹ والا۔

شتر بختی ف ایک قسم کا اونٹ جسکی نسل بخت نصر بادشاہ نے نکالی۔

شتر دیلی ف بزدل۔ نامرد۔

شتر دلی ف بزدلی۔ نامردی۔

شتر شتو ف ایک سانپ جو کاٹنے کے وقت بجایا جاتا ہے

شتر گاو پلنگ ف ایک جانور کا نام ہے جسے شیر شترا۔ زرافہ اور اونٹ گاو بھی کہتے ہیں۔ اسکی شکل اونٹ سے ملتی ہوئی ہوتی ہے اور سینہ اور شم اور سینگ گائے سے اور کھال چیتے کی سی۔ اسواسطے یہ نام ہوا۔

شتر گربہ ف دو ناموافق چیزیں۔ وہ الیسی چیزیں جنمیں سے ایک بلند اور دوسری پست

شتر گرہ ف اضافت مقلوب گرہ شتر اونٹ کا بچہ۔

شتر مرغ ف مشہور جانور ہے مانند اونٹ کے عربی میں اسکو نعامہ کہتے ہیں۔

شترنگ ف شطرنج۔

شترنجی ف بچھونا۔

شتل ف جیتے ہوئے روپے سے حاضرین مجلس کو کچھ دیا جائے۔

شتلم ف لوگوں پر ظلم کرنا۔ زبردستی کرنا تعدی کرنا ظلم۔ تعدی۔

شتم ع گالی۔ اور گالی دینا۔

شین معجمہ مع جیم عربی

شجاع ع بہادر۔ جوانمرد۔ پہلوان۔

شجاعت ع بہادری۔ جوانمردی۔ پہلوانی

شجر ع درخت۔ رُکھ۔

شجرہ ع درخت۔ رُکو نسبت نامہ مشایخ طریقت کا سلسلہ۔

شجرۂ کلیم ع وادئی ایمن میں کوہ طور کے پاس ایک درخت ہے جسپر حضرت موسیٰ کو تجلی ہوئی اور آواز انی انا اللہ رب العالمین کی خدا کی طرف سے ہوئی اُسے شجرہ طور اور نخل طور بھی کہتے ہیں۔

شجعان ع جمع شجاع کی۔

شجو ع غم۔ اندوہ۔

شجن ع اندوہ۔ حاجت۔ سرائے سخت

شجن ع کسی کو کار و بار سے روک لینا گنجان درختوں کے درمیان کا راستہ غم جلیت

شعبہ۔ شاخ آپس میں ملی ہوئی شاخیں۔

شین معجمہ مع حائے حطی

شحم ع چربی۔ موٹاپا۔

شحم حنظل ع حنظل کا گودا اندرائن کا گودا

شحمہ ع بناگوش۔ تھوڑی کی چربی۔

شحن ع پر کرنا۔ دور کرنا۔

شحنگی ف کوتوال گری۔

شحنہ ع کوتوال۔

شحنۂ پنجم حصار ف مریخ۔

شحنۂ چہارم شحنۂ چہارم کتاب ف حضرت رسول خدا صلعم۔

شحنۂ چہارم حصار ف آفتاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

شحنۂ دریائے عشق شحنۂ شب و سحر شحنۂ غوغائے قیامت ف رسول خدا صلعم

شحنۂ شب ف کوتوال۔ چور۔ عاشق۔

شحنۂ نجف ف حضرت علیؑ۔

شحون ع قوی۔ بزرگ۔

شح شحیح ع بخیل۔

شین معجمہ مع خائے معجمہ

شخ ف کوہ۔ پہاڑ۔ اور شاخ کا مخفف یعنی ٹہنی۔ سینگ۔

شخار ف سجی۔

شخص ع لوگ۔ جاندار جسم خواہ مرد ہو یا عورت جسم۔ کالبد۔ بدن۔

شخصی ع شخص سے منسوب شخص کا

شخوص ع اونچا ہونا آنکھ کا کھلا رہنا

شخول شخیل شخل ف گھوڑے کے پانی پینے کے وقت کی آواز۔ نالہ و فریاد نعرہ۔

شین معجمہ مع دال مہملہ

شُد ف ہوا۔ گیا۔ گزرا۔
شَدّ ع استوار کرنا۔ مضبوط کرنا۔ تشدید جو ایک اعراب ہے۔
شَدّاد ع قوم عاد کے ایک بادشاہ عظیم القدر کا نام ہے جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا اور بہشت کے نمونہ پر ایک باغ بنوایا تھا جو باغ ارم کے نام مشہور ہے یہ باغ ۱۲ کوس کی وسعت میں بہت عمدہ اور عالیشان عمارتوں اور قسم قسم کے درختوں سے مزین تھا مگر غیرت الٰہی نے اس بادشاہ کو اپنے اس باغ میں جانا نصیب ہونے دیا اور جب باغ مذکور تیار ہو چکا تو وہ بڑی شان و شوکت سے اسکے دیکھنے کو گیا تو دروازے ہی پر اسکی جان نکل گئی کہتے ہیں کہ باغ حضر موت میں بنایا گیا تھا۔
شَدائِد ع تکلیفیں سختیاں جمع ہے شدیدہ۔
شَد پہلوان ف کشتی کرتے وقت جو بلند آواز کشتی کرنیوالا کرتا ہے۔
شِدَّت ع سختی۔ تکلیف۔
شَد مخالف ف حریف کو گراتے وقت جو بلند آواز کیجاتی ہے۔
شُدَن ف ہونا۔ جانا۔
شَد و مَد ع شان و شوکت کر و فر عزت آبرو
شُدہ ف علم۔ نشان۔
شُدیار ف باہی ہوئی زمین۔
شَدید ع سخت۔ محکم۔ استوار۔
شَدید العمل ع جسکا کام سخت ہو سختی کرنیوالا۔
شَدید العداوت ع سخت عداوت رکھنے والا

شین معجمہ مع رائے مہملہ

شَر ع بدی۔ برائی۔
شِراء ع خریدنا بیچنا۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے۔
شَرَی ع وہ جنگل جسمیں درخت کثرت سے ہوں
شَراب ع پینے کی شے خواہ پانی ہو یا کچھ اور شربت وغیرہ۔ شراب۔
شراب انداختن ف شراب بنانی۔
شراب پشت وار ف مقوی ادویات ملی ہوئی شراب۔
شراب زدگی ف شراب کے نشے کے سبب بہت بیہوش ہوجانا۔
شراب شیراز ف ایک قسم کی انگوری شراب ہے جو شیراز میں بنتی اور ایران کی شرابوں میں اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے۔
شراب طہور ع پاک شراب جو بہشت میں مومنوں کو ملیگی۔
شراب گذشتہ ف بیہودہ شراب۔
شَرار ع آگ کی چنگاریاں شرارہ کی جمع ہے لیکن استعمال فارسی میں بمعنی واحد بھی آتا ہے یعنی چنگاری
شرار افگندن ف بہت گرم ہوجانا۔
شرارہ ع آگ کی چنگاری۔
شراسیف ع پسلیاں شرسوف کی جمع
شِراع ع بادبان کشتی۔
شرافت ع بزرگی بھلمنساہت
شِراک ع جوتی کا تسمہ جو اکثر اونٹ کی کھال یا کشمیری جوتے پر ہوتا ہے۔
شر انگیز ف شریر۔ مفسد۔
شرائط جمع شرط۔ شرطیں۔
شرائع ع جمع شریعت کی شریعتیں۔

شرائف ع بھلائیاں۔ بزرگیاں۔
شَرائین ع رگہائے جہندہ ذی روح کے جسکی جنبش کرنیوالی رگیں۔ شریان کی جمع
شُرب ع پانی کا کچھ حصہ۔ گھونٹ۔
شُرب ع پینا۔
شُربُ الیہود ع لغوی معنے اسکے یہود کا شراب پینا، چونکہ مسلمانوں کے ڈر سے اکثر وہ لوگ چھپکر شراب پیتے ہیں اسلئے مجازاً اسکے معنے (پوشیدہ شراب پینا) کے ہوگئے ہیں
شَربت ع ایک دفعہ پینا۔ وہ مقدار جو ایک دفعہ پی لی جائے۔ پینے کی شے۔
شربت حیوان شربت الماس و مسیحا۔ آب حیات
شربت الماس ف شمشیر آبدار
شربت دینار ع شربت تخم کشوث جو مسہل و دافع قبض ہے۔
شربتی ف ایک قسم کا باریک لطیف اور نازک کپڑا۔ ایک قسم کی شربتی بھی ہے۔
شرج ع پتھریلی جگہ سے پانی کا جاری ہونا یمن میں ایک رود ہے۔ جھوٹ بولنا۔ خریطہ کو خوب مضبوط باندھنا۔
شرح ع کشادہ کرنا۔ شگافتہ کرنا۔ بند جسم ایک خانہ کا دوسرے سے بڑھ جانا۔
شَرح ع کسی کتاب کی تفسیر مطلب کھولکر بیان کرنا۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا۔
شرح تجرید ع نصیر الدین طوسی کی کتاب تجرید کی شرح جو عقاید شیعہ میں ہے۔
شرح کشاف خواندن بہت بکنا۔ یا داس کرنا۔
شرح مطالع ع علم منطق کی ایک کتاب ہے
شرح مواقف ع میر سید شریف کی کتاب مواقف کی شرح جو علم عقاید اور کلام میں ہے

شَرحہ ع ٹکڑا۔
شَرر ع آگ کی چنگاری۔
شرر در پیراہن ف مضطرب و بیقرار
شِرذِمہ ع تھوڑے سے آدمیوں کی جماعت تھوڑا سا میوہ۔
شَرَرہ ع آگ کی ایک چنگاری شرر کی جمع بھی ہے۔
شَرزہ ف خشمناک ہیبت ناک ہمناک یہ لفظ اکثر شیر او پلنگ کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔
شرط ع بدنا جیسے کسی بات کا ہونا منحصر ہو لازم کرنا۔ لازم ہونا ایک کام کا دوسرے کام پر متعلق ہونا۔ نشتر مارنا۔ عہد و پیمان
شُرط باد موافق نشان۔ علامت اور باد موافق کو بھی شرط اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ طوفان کے دور ہونے اور جہاز کے چلنے کی علامت ہے۔
شَرَط ع نشان۔ علامت۔
شرطین تثنیہ ہے شرط (بمعنی علامت) کا منازل قمر میں سے پہلی منزل۔
شُرط ع باد موافق۔ نشان۔ علامت۔
شرطیہ ع وہ جملہ جسمیں حروف شرط ہوں
شرع راہ راست۔ شریعت۔
شرعہ ع کمان کا چلہ۔
شرف ع بزرگی۔ بڑائی۔ قریب ہونا اور شرف ستارہ کا کسی برج میں جانا جیسے آفتاب کا برج حمل میں ہے اور قمر کا برج ثور میں اور عطارد کا سنبلہ میں اور زہرہ کا حوت میں اور مریخ کا جدی میں اور مشتری کا سرطان میں اور زحل کا میزان میں
شُرَفا ع جمع ہے شریف کی۔

شرفہ ع کنگرہ ۔
شرق ع آفتاب کے نکلنے کی جگہ روشن ہونا طلوع ہونا ۔
شرک ع خدا کی ذات و صفات میں کسی غیر کو شریک کرنا ۔
شرک ف بڑا راستہ جال کے حلقے غلبہ خون سے ایک قسم کا جوش بھی ہوتا ہے
شرکا ع جمع ہے شریک کی حصہ دار لوگ
شرم ف حیا شرم ۔
شرمگین شرمناک شرمہ شرمندہ ف خجل شرمسار ۔
شرنگ ف حنظل ۔ اندرائن نمان ۔
شروان ف ٹریس کا کیشیا میں ایک مشہور شہر ہے خاقانی جو بڑا مشہور شاعر ہے وہیں کا رہنے والا تھا ۔
شروین ف قلعہ شروان کا نام ہے
شرور ع شر کی جمع شرارتیں ۔
شروط ع جمع شرط کی عہد و پیمان اقرار
شروف ع مشغل انگیٹھی ۔
شروق ع آفتاب کا نکلنا چمکنا وغیرہ کمان بھیرنا ۔ مجازاً روشنی ظہور ۔
شرہ ع غالب ہونا حرص لالچ ۔ طمع ۔
شریان ع رگ متحرک جو چھوٹی چھوٹی رگیں ہر ایک رگ کے نیچے ہیں اُن میں بہ نسبت خون کے روح زیادہ ہے اور وہ تڑپتی رہتی ہیں ۔
شریعت ع بڑی ندی جو سے بزرگ راہ طریقہ ۔ خدا کا بنایا ہوا وہ راستہ جو پیغمبروں کے وسیلے آدمیوں کو معلوم ہوا ۔
شریف بڑے رتبہ کی شے بزرگ قدر نجیب اصیل حاکم مکہ ۔

شین معجمہ مع سین مہملہ

ششت ف ساٹھ اسے صاد سے بھی لکھتے ہیں نشتر حجام تار ساز حلقہ زلف زنار جینو اور مخفف نشست کا جو صیغہ ماضی کا ہے مچھلی پکڑنے کا کانٹا مضراب جس سے ستار وغیرہ بجاتے ہیں ۔ انگوٹھا ۔
شستگیر ف تیرانداز ۔
شستمیر ف تیرانداز کامل ۔
شستن ف دھونا ۔

شین معجمہ مع شین معجمہ

شش ف چھ ۔ ۶ ۔ ۲ ۔ ۵ ۔
شُش ف پھیپھڑا ۔
شش ارکان ف وہ چھ ضروری چیزیں جنکے بغیر آدمی جی نہیں سکتا وہ یہ ہیں ۔ ہوا کھانا پینا حرکت و سکون بدنی حرکت و سکون نفسانی ۔ نیند اور بیداری ۔ استفراغ
شش آماسیدہ ف نامرد ۔ بزدل
شش پستان ف وہ عورت جسکے پستان نرم اور جھکے ہوئے ہوں بوڑھی عورت
شش پستان ف چونکہ کتیا کے چھ پستان ہوتے ہیں اسواسطے بدزبان عورتوں کیواسطے گالی طور پر مستعمل ہے ۔
شش جہت ف مشرق پورب مغرب پچھم شمال داہنے جنوب دکھن تحت نیچے ۔ فوق اوپر ۔
شش خاتون ف سبع سیارہ میں سے آفتاب کے سوا باقی چھ ستارے ۔
شش دانگ ف پوری شے کا مل چیز کیونکہ چھ دانگ کا ایک دینار ہوتا ہے ۔
شش در ف وہ جگہ جہاں سے رہائی مشکل ہو ۔ مجازاً حیران متحیر عاجز اور یہی شش جہت ۔
ششدر ننگ شش در فنا ۔
ششدری ف دنیا کی ۔
شش روز ف دنیا کی پیدائش کے دن جیسا کہ خداوند تعالے نے فرمایا ہے اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ خدا وہ ہے جس نے آسمان اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا ابتوا کے دن پیدائش شروع ہوئی اور جمعہ کو ختم ہوکر ہفتہ کو سب کام سے فراغت ہوئی
شش روزہ ف تمام مخلوقات سے مراد ہے جو چھ دن میں بنائی گئی ۔
ششم ف چھٹا حصہ ۔ $\frac{1}{6}$ ۔ $\frac{1}{6}$
ششم زمین ف ولایت روم

شین معجمہ مع صاد مہملہ

شصت ف ساٹھ ۔ ۶۰ ۔ ۶۰

شین معجمہ مع طائے مہملہ

شط ع دریا یا نالہ یا رود کا کنارہ
شطاحی ع بیحیائی ۔ شوخی ۔
شطحیات ع شریعت کے خلاف کلمات زبان پر لانا ۔ واصلین اُنہی کا بے اختیاری کہا لفن ہیں کوئی کلمہ زبان پر لانا جو بظاہر خلاف شرع معلوم ہو جیسے شیخ منصور کا انا الحق کہنا
شطر ع نیزہ ۔ جانب ۔ طرف حصہ ۔
شطرنج ع ایک مشہور کھیل ہے اسکا اصلی نام شش رنگ ہے کیونکہ اسکے مہرے چھ قسم کے ہوتے ہیں شاہ فرزین اسپ پیل رخ پیادہ اور یہ لفظ بفتح بھی صحیح ہے ۔
شطرنجی ف شطرنج باز اور ایک قسم کا بچھونا
شطر ع ایک حصہ ایک نصف تھوڑا سا کچھ
شطط ع اندازہ سے گذرنا حد سے بڑھنا دست درازی اور زبردستی کرنا ۔
شطل سب دیکھو شتل ۔

شین معجمہ مع عین مہملہ

شعاب ع پہاڑ کی راہیں تنگنائیں دریں شعبہ کی جمع ہے ۔
شعار ع انگرکھے کے نیچے جو کپڑے پہنتے ہیں یعنے بدن سے لگا ہوا کپڑا ۔
شعاع ع سورج اور تارا وغیرہ روشن اشیا کی روشنی ۔
شعائر ع عبادات اور قربانیاں جمع ہے شعیرہ کی
شعب ع تنگنائے دریں ۔ دہار
شعب ع جمع شعبہ کی ۔
شعب ع گھاٹی ۔
شعبان ع مسلمانوں کا آٹھواں قمری مہینہ چونکہ اہل اسلام کا عقیدہ ہے جمیع امورات مقدرہ خلائق اس مہینے میں منشعب اور پراگندہ ہوتے ہیں اسلئے اسکو شعبان کہتے ہیں ۔
شعبدہ ع وہ بازی جو صرف دکھانے کی ہو اصل میں کچھ نہ ہو ۔ بازیگری ۔ دھوکے کی باتیں
شعبدہ باز ف بازیگر ۔ بہان متی ۔
شعبہ ع ہر شے کا ٹکڑا ۔ درخت کی شاخ نغمہ جو کسی اور نغمہ سے نکلا ہو ۔
شعر ع جاننا دریافت کرنا دانائی سمجھ بالاصطلاح میں اُس کلام موزوں سے مراد ہے جو قافیہ رکھتی ہو ۔ اور کہنے والے نے اپنے قصد و ارادہ سے کہی ہو
شعر مردمک ف آنکھوں کی پلکیں ۔
شعرلے ع اصل میں شعری جو مشہور تارہ

ہے۔ دو ہیں۔ ایک کو شعرے شامیہ کہتے ہیں۔ اور دوسرے کو شعرے یمانیہ۔ پہلا جو کم روشن ہے جنوب کی طرف ہے اور چونکہ ملک شام عرب کے شمال میں واقع ہے اور یمن جنوب میں اسواسطے پہلے کو جسے غمیصا اور غموص بھی کہتے ہیں شام کی طرف منسوب کیا۔ اور دوسرے کو جسے عبور بھی کہتے ہیں یمن کی طرف۔

شعریان ع دونو شعری ستارے۔

شعشعہ ع آفتاب کی روشنی چمک چملاہٹ شے کا پرتو۔ شراب میں پانی ملانا۔ شراب

شعشعا ع پیارا اور مدہوش۔ دوستی کا دل کو دیوانہ و عاشق کر دینا۔

شعلہ ع روشنی۔ آگ کی لپیٹ۔

شعلہ ناک ف انگوری شراب۔

شعلہ جام ف شراب۔

شعلہ جوالہ ع گرداگرد بہت پھیرنیوالا شعلہ۔ بتی کا شعلہ۔

شعلہ زادہ ف شیطان۔ ابلیس۔

شعلین ع منسوب بہ شعلہ۔

شعور ع جاننا۔ دریافت کرنا۔

شعیب ع مدینہ میں ایک مشہور پیغمبر ہوئے ہیں حضرت موسےؑ مصر سے بھاگ کر انہیں کے پاس چارہے تھے اور انہوں نے اپنی بیٹی صفورا کا نکاح حضرت موسےؑ کے ساتھ دیا تھا۔

شعیر ع جو۔ مشہور غلہ ہے۔

شین معجمہ مع غین معجمہ

شغ ف حیوان کا سینگ جو اندر سے خالی ہو

شغاد رستم کے بھائی کا نام ہے جس نے مکر و فریب سے رستم کو اسکے گھوڑے رخش تمام سمیت کنوئیں میں ڈالدیا تھا اور آپ بھی اُسکے ایک تیر سے ہلاک ہوگیا تھا۔

شغاف ع قلب۔ دل۔ دل کا پردہ دل کا سیاہ نقطہ۔

شغال ف گیدڑ۔

شغب ع شور۔ خروش۔ فتنہ و فساد

شغبہ ع بدن کا وہ چمڑہ جو کام کرنے کے سبب سخت ہو جائے۔ مجازاً ذلیل خوار فریفتہ

شغف ع بہت سخت محبت ہونا۔

شغف ع دل کے غلاف کے اندر دوستی کا پہنچ جانا کسی کی محبت کا دل میں کھُب جانا

شَغل شُغل شَغَل ع کام بیکار فرصتی۔ روکنا۔

شغور ع زمین کا لاوارث ہونا۔ مددگار اور سلطان سے خالی ہونا۔

شین معجمہ مع فاء

شف ف رات۔ لیل۔ شب۔

شف ع نازک کپڑا بہت باریک پردہ لاغر کرنا۔ غمگین کرنا۔

شفّ ع افزونی کمی۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے۔

شفا ع آخر عمر۔ کنارہ۔ طرف۔

شفاء ع صحت۔ تندرستی حکیم بو علی سینا کی بنائی ہوئی کتاب کا نام بھی ہے۔

شفا جُرُف ع پانی تالاب کنارہ وادی

شفاخانہ ف شفاخانہ۔ جہاں مریضوں کا مفت دوا ہوتا ہے۔

شفاعت ع خواہش کرنا کسی کی نجات کیواسطے بھلائی کا کلمہ کہنا۔ سفارش۔

شفاعت گر ف سفارش کرنیوالا۔ سفارشی کسی کی نجات کیواسطے بھلائی کا کلمہ کہنے والا۔

شفاف ع وہ صاف شے جسکے وارپار نظر گزر سکے جیسے شیشہ۔ بلور وغیرہ۔

شفاہ ع جمع شفت کی۔ لب۔ ہونٹ۔

شفت ع لب۔ ہونٹ۔

شفتالو ع مشہور میوہ ہے۔ بوسہ معشوق کو بھی کہتے ہیں۔

شفتین ع دونوں ہونٹ شفت تثنیہ ہے

شفرہ ع اپنی چمڑہ کاٹنے کا اوزار چھری

شفعہ ع ہمسایگی۔ پڑوس۔

شفتالوے آردی وکاردی

ف دو قسم کے شفتالو ہیں۔

شفتہ ف سوت جو ابھی دوک پر ہو۔ یا بی سوت کی چھلی۔

شفق ع سرخی جو صبح اور شام کو آسمان کے کناروں پر نمودار ہوتی ہے اُس کا باعث علم طبعیات میں یوں لکھا ہے کہ چونکہ شام اور صبح کیوقت حدت آفتاب کم ہو جاتی ہے اسلئے بخارات آبی کثیف ہو جاتے ہیں بخارات آبی کی خاصیت ہے کہ سرخ رنگ کی شعاع کو کم جذب کرتے ہیں سرخ رنگ کی شعاع اور رنگ کی شعاع کی نسبت زیادہ تیز بھی ہوتی ہے پس تیزی کے سبب بھی شعاع زیادہ ہماری نظروں میں پہنچتی ہے اور سرخی نمایاں ہوتی ہے جسے ہم شفق کہتے ہیں بعض اہل اسلام کہتے ہیں کہ شفق سانحہ معرکہ کربلا کے بعد ہونے لگا ہے

شفقت ع مہربانی۔ غمخواری رحم ترس

شفقی ع سرخ رنگ۔

شفہی [illegible]

شفیع ع سفارشی سفارش کرنیوالا شفاعت گر

شفیق ع مہربان۔ غمخوار۔

شین معجمہ مع قاف

شق ع شگاف۔ چیرنا۔ کسی پر کام کا دشوار ہونا۔ خیبر کے قلعوں میں سے ایک قلعہ بھی ہے

شِق ع نصف کسی چیز کا حصہ ٹکڑا پہاڑ کا کنارہ۔ برادر۔ دوست۔ رفیق مہربان

شقات تیردان ترکش۔

شقاق ع دشمنی مخالفت۔ عداوت۔

شقاقل ع ایک دوائی کا نام ہے۔

شقاقی ع شقاق اور یائے نسبت مرکب ہے مخالفت کرنیوالی۔ (فوج) جنگی فوج لڑنیوالی سپاہ

شق النفس ع جانور کی مشقت۔

شقاوت ع بدبختی۔

شقایق ع لالہ کا پھول اسکا مفرد بھی یہی ہے اور جمع بھی یہی۔ مطلق پھول۔

شقایق نمط ع فرش گلدوز۔

شقایق النعمان ع ایک قسم کا نہایت سرخ رنگ لالہ ہے اور نعمان (بادشاہ عرب) کی طرف جو پہاڑ ہے اسکا نام ہے اسکا منسوب ہے بقول بعض نعمان کے معنے ہی سرخ ہیں اسواسطے شقایق نعمان کے معنی سرخ گل کے ہیں

شقدار ف دیہات کا حاکم پرگنات کا حاکم

شقر شقرت پہاڑی لالہ۔

شقرت ع ایک رنگ ہے جس میں سرخی بہت ہوتی ہے۔

شقشقہ ع اونٹ کا بولنا۔ اونٹ کی آواز

شقّہ ع کاغذ کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا پھیریرا

شقی ع بدبخت۔

شقیق ع برادر بھائی۔

رنگ زرد ہوتا ہے پیلیہی

شنجرف شنگرف ف شنگرف جو نقاشوں کے کام آتا ہے

شنزبہ ف ایک گائے کا نام ہے جس نے دمنہ (ایک گیدڑ کا نام ہے) کے مکر و فریب اور بھڑکانے سے شیر کے ساتھ مقابلہ در مقابلہ کیا اور ماری گئی۔

شنشنہ ع خو خصلت۔ عادت طبیعت

شنعت ع دیکھو شناعت۔

شنفتن شنودن ف سننا۔

شنقار شنقار ت عقاب کی شکل کا مگر اس سے طاقتور ایک شکاری پرندہ ہے جو عنقا کی طرح نایاب ہوتا ہے۔

شنقار شدن ت ناپید جانا بادشاہ کا فوت ہو جانا۔ چونکہ شنقار ایک بلند پرواز شکار کمیاب جانور ہے اسواسطے بادشاہوں کے دنیا سے ناپید ہونے کو ان کے شنقار ہونے سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

شنگ ف چور اچکا بدمعاش۔ ڈاکو۔ دیا نتدار شوخ۔ ظریف معشوق۔

شنگول شنگل ف شوخ۔ عیار

شنو ف سننے والا۔ سن ڈالنا جو ایک قسم کی ورزش ہے۔

شنوا ف سننے والا۔ سمیع

شنوسہ ف عطسہ چھینک۔

شنیدن ف سننا سمجھنا۔

شنیع ع برا۔ بد۔ نازیبا۔ قبیح زشت۔

شین معجمہ مع واو

شو ف ہو امر ہے شدن مصدر سے۔

شوا ف بیراہ اصم۔

شواء ع بھنا ہوا۔ بھنا ہوا گوشت۔

شواق کام کی کثرت کے سبب ہاتھ پاؤں کے چمڑے کا سخت ہو جانا ہاتھ پاؤں کے پھپھولے

دالان دہلیز۔

شوات شوارف ایک قسم کی غلاف جس پر خط ہیں کھنچے

شوارد ع جمع شارد کی بھاگنے والے پریشان۔

شوارع ت راستے بڑے راستے شاہراہیں سڑکیں شارع کی جمع ہے۔

شوارق ع روشن چیزیں۔ روشنیاں

شواظ ع آگ کا شعلہ۔

شواغل ع شغل کی جمع۔

شوال ع مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ شول (اٹھایا جانا) سے مشتق ہے چونکہ عرب اس مہینے میں سیر و شکار کیلئے گھر سے نکلتے ہیں اسلیئے اس نام سے موسوم ہوا۔

شواہد ع شاہد کی جمع ہے۔

شواہق ع بلندیاں بلند پہاڑ شاہق کی جمع ہے

شوامخ ع شامخہ کی جمع۔ بلندیاں۔

شوایب ع شایبہ کی جمع۔

شوبہ ف پگڑی دستار۔

شوب ع ملنا آپس میں مل جانا انگبین عسل

شوخ ف طرار بیباک۔ بےحیا۔ چور۔

شوخ ف بدن کی میل۔ چرک۔

شوخ تراز ف سکار۔ فریبی۔

شوخ چشم ف بےحیا۔ بےشرم۔

شوخ چشمی ف بےحیائی بےشرمی گستاخی

شوخ طبع شوخ طبیعت ف تیز طبع

شوخگن شوخگین ف میلا جس میں میل لگی ہو

شور ف نمک۔ شور، تلخی شہرت نمکین۔ کھاری نمک عشق۔ جنون۔

شوری ع مشورہ کرنا۔

شورے ع مشورہ مشورت صلاح کمیٹی۔

شورآبہ ف آب شور۔

شوراندن ف پریشان کرنا۔

شوربخت ف بدبخت۔ بدنصیب۔

شور چشم ف وہ شخص جس کی نظر سے ضرر پہنچے اور آدمی بیمار ہو جائے۔

شورش ف شور وغوغا۔ فتنہ و فساد آشفتگی پریشانی نمکینی۔ کھاری پن۔

شورگز ف شورہ زمین کا جھاؤ۔

شورمور ف بہت چھوٹی چیونٹی

شور و مور ف شوم وضعیف حقیر شے۔

شورہ ف مشہور شے ہے ایک گھاس نام بھی ہے زمین نمناک اور خاک شور۔

شورپشت ف شوخ۔

شورہ پشتی ف شوخی کج ادائی۔

شورہ بوم ف شور زمین جو قابل زراعت کے نہ ہو۔

شوریدہ شوریدہ ف آشفتہ پریشان حال مجازاً دیوانہ۔ عاشق۔

شوریدہ بخت ف بدبخت۔ بدنصیب

شوریدہ راہ گمراہ آدمی جو کتب سماوی کو نہ مانے۔

شوریدہ رائے ف بری رائے والا بد عقل دیوانہ پاگل۔

شوریدہ رنگ ف دیوانہ۔ دیوانہ وحشی

شوریدہ سر ف پریشان حال سرگشتہ۔ دیوانہ

شوریدہ غال ف دوزینہ۔ انعام۔

شوریدن ف پریشان ہونا۔ بےقرار ہونا

شوشتر ف خوزستان میں ایک شہر ہے

شوشہ ف ہر شے کا ریزہ۔

شوط ع دوڑ گشت۔ ہر شے کا تودہ سونے چاندی یا لوہے کی سلاک۔

شوق ع خواہش۔ آرزو۔

شوک ع چبھنا چبھونا۔ کانٹا۔ خار۔

شوکت ع قوت تیزی شدت۔ ہیبت دبدبہ

شولہ ف قمر کی انیسویں منزل کا نام ہے۔

شولہ ف گندگی پھینکنے کی جگہ شہاب کی روشنی۔

شوم ع بدفالی فارسی والے منحوس۔ بدفال نامبارک بد کے معنے میں استعمال کرتے ہیں

شومی ف نحوست۔

شونیز ف کلونجی جو مشہور دوائی ہے۔

شوہ شوہہ ع زشت ردہونا۔

شوہرہ ف سہرا جو شادی میں دولہا کے سر پر باندھتے ہیں۔

شوے ف خاوند۔

شین معجمہ مع ہائے ہوز

شہ ف مخفف شاہ کا۔

شہاب رنگ سرخ مخفف ہے شاہ آب کا۔

شہاب ع روشن ستارہ جو آسمان سے آتش بازی کے طور چھوٹتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

شہاب الدین ع مسلمانوں کا نام ہوا کرتا ہے شہاب الدین غوری افغانستان کے سلاطین میں سے ہے جس نے ہندوستان پر لو حملے کئے اور اس ملک میں اسلامی سلطنت کی بنیاد ڈالی اسکی وفات ۱۲۰۶ء میں ہوئی شہاب الدین سہروردی اپنے زمانے میں بغداد کے شیخ الشیوخ تھے علم و عمل میں فضیلت کا درجہ رکھتے تھے شیخ نجیب الدین سہروردی کا بھتیجے کے مرید تھے ۵۳۹ھ ہجری میں پیدا ہوئے اور ۶۳۲ ہجری میں فوت ہوئے۔

شہاب ثاقب - ع آگ کا چمکتا ہوا شعلہ
چمکتا انگارہ وہ ستارے جو شیاطین پر پھینکے جاتے
ہیں تاکہ آسمانی خبریں سننے نہ پائیں حضرت
عیسٰے علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے پہلے
شیاطین کا گزر آسمانوں پر ہوتا تھا اور وہ فرشتوں
سے جو لوح محفوظ کی خبروں کا ذکر کرتے تھے چپکے
چپکے باتیں سنکر کاہنوں کے روبرو آکر بیان کرتے
تھے جب حضرت عیسٰے علیہ السلام متولد
ہوئے تو شیاطین تین آسمانوں سے روکے گئے
اور چوتھے آسمان تک اُن کی آمد ورفت رہی مگر
جب نبی آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا
ہوئے تو وہ تمام آسمانوں سے بند کئے گئے اور
انکے ہٹانے کیلئے شہاب ثاقب مقرر ہوئے
جن سے شیطانوں کو مار پڑتی ہے - حکمائے
متقدمین کا ان کی نسبت یہ خیال ہے کہ
دخان ارضی کے کرۂ نار پر پہنچکر بھڑک اُٹھنے
سے یہ شہابیے پیدا ہوتے ہیں +
شہادت ع خبر درست سچی خبر گواہی دینا
خدا کے راہ میں مارا جانا جہاد میں مارا جانا حاضر
ہونا ظاہر ہونا - خدا تعالےٰ کی وحدانیت
اور رسول خدا صلعم کی رسالت کی گواہی دینا
اور کلمۂ شہادت +
شہادت سربستہ ف سچی اور اخلاص کی
گواہی جس میں کسی قسم کا شک وشبہہ غرض
اور بناوٹ نہ ہو +
شہادت مستور ع چھپی شہادت شہر میں
کسی کا اسطرح شہید ہونا کہ اُسکا قاتل معلوم نہ ہو -
شہامت ع بزرگی - بڑائی توانائی چستی
دلیری ایسے امور عظیمہ کی طرف رغبت کرنی
جو پیچھے ذکر جمیل کا باعث ہوں -
شہب ع شہاب کی جمع +

شہباء ع اشہب کی مونث - سفید وسیاہ
گھوڑیاں جنکی سیاہی پر سفیدی غالب ہو -
شہباز ف باز سے کچھ بڑا شکاری پرندہ بڑا باز
شہ بالا ف دولہا کا ساتھی جسے
پنجابی سبالا کہتے ہیں +
شہد ف انگبین عسل +
شہدا ع شہید کی جمع +
شہدو پاس ف رسول خدا صلعم جو روز جزا
تک شفاعت کرینگے آدم اور دل قلب سے
بھی مراد ہے +
شہر ع مہینہ - ماہ +
شہر ف شہر مدینہ - بلدہ - مصر +
شہربانو ف یزدجرد شاہ ایران کی بیٹی کا نام
ہے جو امام حسین علیہ السلام کی نکاح میں آئی
تھی - امام زین العابدین اُسی سے متولد ہوئے
شہر بند ف شہر پناہ فصیل - حصار قلعہ
قید خانہ گھرا ہوا - قیدی +
شہر بہم بر زدن ف شہر کو تباہ اور برباد
کر دینا -
شہرت ع مشہوری - چرچا +
شہر تاش ف ایک شہر کا باشندہ ہم شہر ہمسایہ
شہر خدا ف ماہ رجب - مسلمانوں کا ساتواں
قمری مہینہ -
شہر آئین بستن } ف شہر کو آراستہ کرنا زیب
آئین بستن شہر } وزینت دینی +
شہر زریں ف حضرت سلیمان علیہ السلام
کا بنایا ہوا ایک شہر ہے +
شہر سبز ف توران میں شہر سمرقند کے پاس ایک
شہر ہے اُسے کش بھی کہتے ہیں اور اصلی
وطن امیر تیمور گورگان کا وہی ہے +
شہر گیر شہرستان ف بادشاہ +

شہر گردان کردن ف تشہیر کرنا - مجرم
کو شہر میں پھرانا - رسوا کرنا کسی کی بے آبرو کرنا
شہر نا پرسان ف وہ شہر جس میں کوئی کسی
کا پرسان حال نہ ہو - اور کوئی داد فریاد کو نہ
پہنچے +
شہرناز ف جمشید کی بہن کا نام ہے جو پہلے
ضحاک کے اور اسکے مرنے کے بعد فریدوں کے
نکاح میں آئی - سلم جو حبشی میں ایک نوا بھی
ہے - شہر ہوں +
شہر نبی ف مدینہ منورہ +
شہروا ف اصل میں شہر روا تھا - ایک
رے حذف کی گئی - وہ سکہ جو ایک خاص شہر میں
رائج ہو ایک کھوٹے سکہ کا نام ہے جو کسی ظالم
بادشاہ نے جبراً اپنے ملک میں رائج کر دیا تھا -
اور کسی ملک میں نہیں چل سکتا تھا -
شہرود ف ایک باجہ کا نام ہے جو رومی سرنم
دیریم میں بجایا کرتے ہیں بڑی ناری عراق
میں اس نام کی ایک ندی اور اسکے کنارے پر
اسی نام کا ایک شہر بھی ہے +
شہرہ ع چرچا - مشہوری -
شہری ف شہر کا رہنے والا +
شہرۂ آفاق ع مشہور جہاں -
شہرۂ انام ع مشہور زمانہ -
شہریار ف بادشاہ عادل بزرگ سلطان بادشاہ
شہر اوریت [illegible] لیعنی سب
آفتاب برج سنبلہ میں ہو +
شہلا ع وہ عورت جسکی آنکھیں بھیڑ کی مانند
ہوں - بہشت چشم عورت نرگس کے پھول کی
ایک قسم بھی ہے جس کا پھول زرد ہونے
کے بجائے سیاہ ہوتا ہے اُسی سے انسان
کی آنکھ کو تشبیہ دیتے ہیں اور شہلا وہ سیاہ آنکھ

ہے جو مائل بسرخی ہو +
شہلہ ع بوڑھی عورت -
شہناز ع ایک راگ ہے جسکو سرنا کہتے ہیں نفیری
شہنشاہ ف مخفف ہے شاہان شاہ یعنی
شاہ شاہان کا جسکا ترجمہ بڑا بادشاہ -
شہنشاہ فلک ف آفتاب -
شہنشہ ف مخفف شہنشاہ کا -
شہ مرد ف حضرت آدم و رسول خدا صلعم
رستم بن زال - آدمی کا دل - آفتاب -
شہوار ف دیکھو شاہسوار -
شہوت ع خواہش آرزو - شوق لذت
نفع بھوک خواہش جماع +
شہوت کلبی ع ایک بیماری ہے جس میں
کتنا ہی کیوں نہ کھائیں ویسی ہی بھوک غالب
رہتی ہے اسکو جوع الکلب بھی کہتے ہیں +
شہود ع حاضر ہونا شاہد کی جمع بھی ہے
اہل تصوف کی اصطلاح میں ایک درجہ ہے
جس میں سالک مراتب کثرت اور موجودات
صوری سے گذر کر تشبیہ ذاتی کے مقام پر پہنچ
جاتا ہے اور اسکو تمام موجودات میں جلوہ حق بلکہ
ہر شے عین حق نظر آنے لگتی ہے +
شہور ع شہر کی جمع - مہینے +
شہوق ع بلند ہونا - اونچا ہونا - اکڑنا +
شہوی } منسوب بہ شہوت +
شہوانی } شہوت بھرا +
شہی ع مرغوب شے +
شہی ف بادشاہی دولت - ایک چیز نشاستہ
اور تخم کا حلوا +
شہید ع گواہ کشتہ شدہ خدا کی راہ میں مارا گیا
شہیر ع مشہور +
شہیق ع گدھے کی آواز رونے وقت گلے کسی

کی آوازہ کا بند ہو کر نکلنا +

شین معجمہ مع یائے تحتانی

شے ع چیز -
شیاد ع مکار - فریبی - حیلہ گر +
شیار ف باہی ہوئی زمین - کھیتی +
شیاریدن ف زمین باہنا - زراعت ہونا +
شیاف ابیض ع آنکھوں کی سُرخی اور سوزش کے واسطے بہت مفید ایک مرکب دوائی ہے جسکی جزو اعظم سفیدہ کاشغری ہے -
شیب ف مخفف نشیب کہ وہ زمین جس پر بارش ہونیکے بعد آدمی اور حیوانات میں وہ خشک ہونیکے بعد یا راہ چلنے کے قابل نہ رہے تا پانی نہ لگا آشفتہ - مدہوش بیخبر حیران گریہ نوحہ - کران یا دریا
شیبا ر جمع اشیب کی جس کے معنے ہیں بڑھا سفید سر +
شیب / **شیبت** } بڑھاپا پیری بالوں کا سفید ہو جانا -
شیبان ر ایک ولی اور ایک قبیلے کا نام ہے
شیبان ف ملا ہوا اور تہہ کیا ہوا - لرزان
شیبیدن ف آٹا گوندھنا - قرار نہ پانا ہونا +
شیب بلا ف دنیا - عالم -
شیپور ت نائے رومی -
شیپورسا ت نفیری بگل -
شیب و بالا ف زمین و آسمان -
شیب و شیبا ف سرگشتہ - مدہوش
شیث ع حضرت آدم کے بیٹے کا نام ہے جو اُن کے بعد پیغمبر ہو گئے -
شیخ ع بوڑھا - صاحب - بڑا عالم +
شیخ رئیس ع دیکھو بو علی سینا +
شیخ نجدی ع شیطان کا لقب ہے

شیخوخت ع بڑھاپا - پیری پچاس برس سے زیادہ عمر کا ہونا +
شید ع مکر فریب - کہگل کرنا -
شید ر چونہ وغیرہ چیزیں جن سے دیوار کہگل کریں -
شید ف روشنی - سورج -
شیدا ف دیوانہ لایعقل +
شیدوش ف گودرز کے بیٹے کا نام ہے
شیدی ف حبشیوں کا لقب ہے +
شیدمان ف گرگ درندہ ایک قسم کا بھیڑیا
شیر ف اسد جو مشہور جانور ہے +
شیر ف دودھ - لبن +
شیرابہ ف خشخاش - شیرہ خشخاش +
شیراز ف ایران میں ایک مشہور شہر ہے شیخ سعدی اور خواجہ حافظ شیرازی وہیں کے تھے
شیرازہ ف جلد کتاب کی جزو بندی کے لئے جو شیرازہ باندھتے ہیں +
شیرازہ شدن ف اکٹھا ہونا +
شیرازہ جمعیت کسے از ہم گسیختن ف جمعیت توڑ دینی - متفرق و پریشان کر دینا - جدا جدا کر دینا -
شیرازی ف منسوب بہ شیراز - شیراز کا باشندہ
شیر البشر ر رسول خدا صلعم +
شیر انداز ف دودھ کا بھرا ہوا پستان جس سے دودھ ٹپکا کرے +
شیر انداز ف شجاع - دلیر +
شیر اندام ف وہ شخص جس کا سینہ فراخ کمر باریک اور بازو موٹے ٹھوس ہوں +
شیر اوژن شیر افگن ف بہادر پر زور طاقتور آدمی +
شیر آبی ف مگرمچھ پنجابی سیسار +

شیر افگن خان ف نورجہاں بیگم ملکہ جہانگیر بادشاہ کے پہلے خاوند کا نام ہے +
شیر برفی ف برف کا بنایا ہوا شیر جو سرد ممالک میں بچے بناتے ہیں اسے دیکھ کر گھوڑا ڈرتا ہے
شیر بریدن بچہ سے ف کسی چیز کے ذریعے بچے کا دودھ چھڑانا +
شیر بہا ف بری ساہن پنجابی دودھ کی قیمت
شیر جامہ ف عورت یا کسی حیوان کے پستان سے دودھ لینے کا کاسہ یا پیالہ +
شیر چرخ ف برج اسد +
شیر خام خوردن ف غفلت کرنا خام طبعی
شیر خانہ ف شراب خانہ +
شیر خدا ف اسد اللہ کا ترجمہ ہے جو حضرت علی مرتضیٰ کا لقب ہے +
شیر خشت ف ایک مسہل دوائی ہے -
شیر دل ف قوی پر زور -
شیر زج ف چمگادڑ +
شیرزہ ف مدہانی -
شیرزہ ف قوت - قدرت - توانائی -
شیر ژیان ف درندہ شیر +
شیر سپہر ف برج اسد +
شیر سوار ف سورج +
شیرستان ف رستم بن زال -
شیر شادروان ف فرش یا پردے پر شیر کی بنی ہوئی تصویر +
شیر شاہ افغان ف خاندان سوری کا بانی جو ہمایوں بادشاہ کا حریف تھا اور جسکے تغلب سے ہمایوں بادشاہ ملک ہند سے نکل گیا تھا اس نے ۱۵۴۰ء سے ۱۵۴۵ء تک پانچ برس بادشاہت کی +
شیر شدن موے ف بالوں کا سفید ہو جانا

شیر علم ف شیر کی تصویر جو جھنڈے پر ہوتی
شیر غلط ف کشتی کا ایک داؤ ہے جس سے گرا ہوا کشتی باز اپنی پیٹھ زمین پر لگنے نہیں دیتا -
شیر فلک شیر گردون ف برج اسد -
شیر قالی ف شیر کی تصویر جو قالین پر بنی ہوئی ہو
شیر قلاب ف قلندروں کا بکسوا جو لوہے کا شیر کی شکل کا بنا ہوا ہوتا ہے کمر پر باندھتے ہیں
شیرک شدن ف دلیر اور غالب ہونا -
شیر گیر ف معزز صاحب رتبہ نیم مست
شیر ماہی ف ایک قسم کی بڑی مچھلی ہے جسکے دانتوں سے بیش قیمت دستے بنتے ہیں +
شیر مرغ ف چمگادڑ کہا ہے عجیب اور کمیاب چیز
شیر وشکر ف ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا ہے
شیر وشکر بودن ف بہت اختلاط رکھنا
شیرویہ ف خسرو پرویز بن نوشیرواں کے بیٹے کا نام ہے یہ لفظ شیر وی کا مزید علیہ ہے شیر وی اصل میں شیر روئے ہے یعنی وہ شخص جس کا چہرہ شیر جیسا ہو +
شیر مرد ف طاقتور - بہادر +
شیر مست ف بکری یا ہرن وغیرہ کا بچہ جو دودھ پی کر مست ہو جائے -
شیر مگس ف مکڑی - عنکبوت -
شیروان ف ایران کا ایک شہر ہے +
شیرہ ف جیب - لیس - شیرینی بنگی -
شیرہ انگور ف شراب انگوری -
شیرہ شتن ف حسرت کھانا -
شیری ف بہادری +
شیرین ف میٹھا - پیارا معشوقہ نایاب - فرہاد کی معشوقہ جو خسرو پرویز کی ملکہ تھی -
شیرین باف ف ایک قسم کا عمدہ کپڑا ہے
شیرین زبان ف خوش تقریر اور فصیح آدمی ہے

شیریں سخن ف خوش کلام آدمی +
شیریں شمایل ف خوش خلق خوش خو
شیریں کردن دہن کسے - ف رشوت دینا +
شیریں کاری ف کام کو عمدگی سے بنانا
شیریں نفس ف خوش کلام +
شیرینی ف مٹھاس - مٹھائی +
شیریں کار ف مسخرہ وہ شخص جس سے کام اچھے سرزد ہوں +
شیشہ ف - کانچ - آئینہ +
شیشہ باز شیشہ گرداں ف مکار حیلہ گر فریبی +
شیشہ بر سر بازار شکستن ف راز فاش کرنا بھید کھول دینا +
شیشہ بر سنگ ف شکستہ و خراب
شیشہ بر سر کسے شکستن ف عیش منغص کرنا
شیشہ بر سنگ زدن ف راز فاش کرنا
شیشہ بندی ف دانتوں پر انگلیاں رکھ کر سیٹی بجانا +
شیشہ خوناب ف آسمان +
شیشہ در جگر شکستن ف بیقرار کرنا -
شیشہ دل ف نامرد - نازک - مزاج -
شیشہ ساعت ف گھڑی کا شیشہ جس سے وقت معلوم کرتے ہیں +
شیطان ع عزازیل جو بنی آدم کا دشمن ہے +
شیعہ ع - قوم گروہ - مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علی کو مانتا اور اصحاب ثلاثہ کو نہیں مانتا +
شیعی ع منسوب بہ شیعہ علی +
شیفتگی ف بیہوشی - حیرانی +

شیفتن ف عاشق ہونا - بیہوش ہونا -
شیفتہ ف عاشق - مدہوش -
شیلان ف دسترخوان - طعام عناب جو ایک مشہور میوہ ہے
شیلانچی ت باورچیخانہ کا داروغہ - بنڈ قصاب +
شیم ع شیمہ کی جمع -
شیم ع بجلی کا دیکھنا -
شیم ف - ایک قسم کی فلوس دار مچھلی ہے حضرت یونس کی مچھلی - کلمہ تعظیم بھی ہے جیسے کہ شیخ وغیرہ -
شیمہ ع طبیعت خو خصلت - عادت -
شین ف دو رطلنے والا آدمی - حروف ابجد میں سے ایک حرف کا نام بھی ہے نشین کا مخفف بھی ہے -
شین ع برائی - عیب -
شیوا ف فصیح و بلیغ -
شیوا زبان ف فصیح و بلیغ اور تیز زبان آدمی +
شیوخ ع جمع شیخ کی -
شیوع ع ظاہر اور آشکار ہونا - رواج پانا - عام ہونا +
شیون ف نوحہ آواز ماتم گریہ زاری مجازاً فریاد
شیوہ ف اچھی طرح کام کرنا مجازاً طور طریق - دستور - ناز - کرشمہ - انداز خوبی - زیبائی ہنر گمان -
شیوہ سازی ف بزازوں کا قاعدہ ہے کہ پہلے کم قیمت کپڑا دکھاتے ہیں - پھر اس سے بہتر تاکہ خریدار اچھے برے کو پہچان کر مال کو قدر روانی سے خریدے -
شیہہ ف گھوڑے کا ہنہنانا +

باب صاد مہملہ

صاد مہملہ مع الف

صاب ع حنظل - اندرائن -
صاب ف وہ نباتات جن میں سے دودھ نکلے - سیب -
صابر ع صبر کرنے والا سنتوکھیا کام میں جلدی نہ کرنیوالا حضرت ایوب کا لقب بھی ہے
صابری ع ایک شاعر کا نام ہے -
صابون م صابن جس سے کپڑے دھوتے ہیں +
صابون زدن ف صابن سے دھونا -
صابون سلطانی ف حاکم کا کسی چیز کو ایک جماعت پر تقسیم کرنا +
صابونی ف ایک قسم کی مشہور مٹھائی ہے
صاحب ع مالک - یار - دوست - خداوند وزیر -
صاحب آخر الزمان ع حضرت امام مہدی علیہ السلام کا لقب ہے +
صاحب افسر گردون ف حضرت عیسےٰ
صاحب جوزا ع ستارہ عطارد +
صاحب خاطران ف شاعر اہل سخن لوگ - خوش طبع اصحاب -
صاحب خبر ع ایلچی - قاصد - پیک -
صاحب خطران ف بادشاہ اور امیر لوگ +
صاحبدل ف روشن دل دانشمند دانا -
صاحب رائے ف وزیر - بوعلی سینا -
صاحب سفران افلاک ف ساتوں ستارے
صاحب سنگ ف باوقار آدمی صاحب قدر غیبت کرنے والا - طعنہ مارنے والا -

صاحب صابی ع جیسے ستارہ پرستی کے موجد کا نام ہے -
صاحب علوم ع عالم - مورخ -
صاحب غرض ع غرضمند آدمی -
صاحب فراش ع مریض - بیمار سے کنایہ ہے کیونکہ اکثر بچھونے پر ہی پڑا رہتا ہے
صاحبقران ع وہ شخص جسکی ولادت کے وقت زحل اور مشتری کا قران ہوا ہو یعنی یہ دونوں ستارے ایک برج میں ہوں یہ بات بہت دنوں میں ہوتی ہے ایسے وقت کی پیدائش کا آدمی نہایت ہی اقبال مند اور اسکی سلطنت دیرپا ہوتی ہے - امیر تیمور گورگان کا لقب ہے کیونکہ وہ بھی ایسے ہی وقت میں پیدا ہوا تھا +
صاحبقران ثانی ع وہ شخص جو ہمپایہ امیر تیمور کے ہو اکبر کے پوتے شاہجہاں کا لقب ہے
صاحب کف بیضاء ع حضرت موسےٰ علیہ السلام سے مراد ہے -
صاحب نظر ع دانا - دوراندیش -
صاحب نیاز ف حاجتمند -
صاحب وجود ع ذی اعتبار - قدرت والا - با اختیار -
صاحب ولایت ع ولی اللہ جو اللہ کا دوست
صاحبہ ع سہیلی - جورو عورت - جو ہم صحبت ہو -
صاحبی ع ایک قسم کا انگور ہے
صادح ع بولنے والا بلند آواز -
صادر ع نکلنے والا ایک جگہ سے باہر نکلنے والا -
صادر و وارد ع جانے آنے والا -
صادق ع سچا - معنی کا کسی شے پر درست آجانا لقب ہے امام محمد جعفر کا +

جو امام محمد باقر بن امام زین العابدین علیہ السلام کے بیٹے تھے ان کی ۸۳ھ ہجری میں ولادت ہوئی اور ۱۴۸ھ ہجری میں وفات پائی۔

صادق نفس ع راست گو سچا۔

صاد کردن بر چیزے ف صاد کرنا۔ صحیح سمجھ لینا +

صادح ع چیخنے والا۔ چلانے والا۔

صارم ع تیغ برندہ کاٹنے والی تلوار۔

صاع ع ایک وزن ہے دو سو چونتیس (۲۳۴) تولہ کا +

صاع ستان ف زکوٰۃ خوار محتاج فقیر جو گیہوں یا جو صدقہ عید الفطر میں لے۔

صاعد ع اوپر چڑھنے والا صعود کرنیوالا۔

صاعقہ ع بجلی جو آسمان سے زمین پر گرے۔

صاف ع ہر چیز لطیف پاکیزہ بے غش بے ملاوٹ۔ شراب صاف +

صافع ع صنعت بنانے والا۔

صاف در گذشتن ف نکل جانا۔

صافن ع ایک رگ ہے جو پنڈلی میں ہوتی ہے۔ ایسا گھوڑا جو تین پاؤں اور چوتھے پاؤں کے سم کے کنارے پر کھڑا ہو۔ اس قسم کا گھوڑا تیز رفتار بھی ہوتا ہے +

صافی ع صاف بے غش بے کدورت چھاننے کا کپڑا۔

صالح ع نیکوکار نیک بخت۔ قوم ثمود کے ایک پیغمبر کا نام ہے قوم کے کہنے پر انکی دعا سے پتھر سے ایک اونٹنی بچے سمیت پیدا ہوئی تھی جسکو قوم نے مار ڈالا۔ اور اس جرم سے ایک سخت آواز کے ساتھ ان پر عذاب خدا نازل ہوا اور ساری قوم برباد ہو گئی۔

صالغ ع چھ سالہ گائے یا گوسفند۔

صامت ع چپکا سونے چاندی سے مراد ہے

صایب ع رسا پہنچنے والا دو مشہور شاعروں کا لقب بھی ہے جن میں سے ایک ایرانی اور دوسرا لکھنؤ کا رہنے والا تھا +

صایغ ع زرگر۔ سنار۔

صایم ع روزہ دار +

صایم الدہر ع وہ شخص جو ہمیشہ روزہ رکھے +

صاد مہملہ مع بائے موحدہ

صب ع ڈالنا۔ گرانا۔ عاشق۔

صبا ع وہ ہوا جو مشرق سے چلتی ہے پروا ہوا

صبا ع بچپن۔ لڑکپن۔ طفلی۔

صبا ع میل کرنا۔ لڑکوں سے کھیلنا عاشق ہونا

صباح ع صبح۔ تڑکا۔ تڑسبا۔

صباح ع حسین خوبصورت۔ قندیل کا شعلہ

صباح الخیر ع صبح کو دعا کے طور پر یہ کلمہ بولتے ہیں یعنے تجھے صبح مبارک اور اچھی ہو۔

صبح الخیر زدن ف صباح الخیر کہنا۔

صباحت ع خوبروئی سفید رنگ ہونا۔

صباح گویان ف صباح الخیر کہنے والے

صبار ع بہت صبر کرنیوالا۔

صبّاغ ع رنگریز رنگنے والا۔

صباغ الارض ع آفتاب سے مراد ہے کیونکہ رنگ کسی مادی شے کا جوہر ذاتی نہیں ہے بلکہ آفتاب کی شعاعوں کے مختلف ٹکڑوں سے مادی اشیا پر طرح طرح کے رنگ عارض ہوتے ہیں +

صباغ شبگار ف چاند۔ قمر۔

صباغ جواہر ف آفتاب۔

صباغ فلک ع چاند سے مراد ہے۔

صبح ع فجر۔ تڑکا۔

صبح آخرین صبح دوم صبح ثانی ف صبح صادق۔

صبح دل ف صاف دل۔ روشن ضمیر۔ متقی اور پرہیزگار آدمی۔

صبح راست صبح راست خانہ ف صبح صادق۔

صبح روان ف جوانان۔ مسافران

صبح لامع لقاب صبح نخست ف صبح کاذب۔

صبح نشینان ف صبح خیزان عابد و زاہد لوگ صبح کے وقت اٹھنے والے۔

صبح سفید شدن ف صبح کا نمودار ہونا۔ روشن ہونا ظاہر ہونا۔

صبر صبر ع ایلوا جو مشہور تلخ گوند ہے

صُبرہ ع غلے کا تودہ جو وزن نہ کیا گیا ہو کھلیان

صبغ ع رنگنا۔ رنگ کرنا۔

صبغ ع رنگ۔ لون۔

صبغۃ اللہ ع دین محمدی۔

صبوح ع صبح کی شراب کا وقت۔

صبوحی ع صبح کی شراب صبح کے وقت شراب پینا۔

صبور ع وہ شخص جو صبر کرے صبر کرنیوالا

صبوری ع صبر کرنا کام میں جلدی نہ کرنا صبر تحمل۔ بردباری۔

صبی ع لڑکا جو دودھ پیتا ہے۔

صبیان ع صبی کی جمع لڑکے۔

صبیح ع خوبصورت۔ سفید رنگ +

صبیہ ع لڑکی۔ دختر۔

صاد مہملہ مع حائے حطی

صَح ع درست تندرست۔

صحاب ع صاحب کی جمع یار لوگ۔

صحابت ع یار ہونا۔ صحبت میں رہنا۔

صحابہ ع یاران۔ یار لوگ۔ آنحضرت کی مجلس میں حاضر رہنے والے لوگ۔

صحاح ع جمع صحیح کی۔

صَحاح ع تندرستی۔ عیب سے پاک ہونا۔ علم لغت کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

صحاری ع صحرا کی جمع۔

صحاف ع بڑے بڑے پیالے۔ پانی کے جمع ہونیکی جگہیں۔

صحاف ع کتاب کی جلد بنانے والا مجلد کتاب فروش +

صحایف ع صحیفہ کی جمع کتابیں رسالے

صحب ع صاحب کی جمع یار۔

صحبت ع یاری۔ پاس رہنا۔

صحبت دریافتن ف صحبت حاصل کرنی ملاقی ہونا۔ ملنا۔

صحت ع تندرستی۔

صحت خانہ ف طہارت خانہ۔

صحرا ع وہ جنگل جس میں درخت نہ ہوں۔ بیابان۔ ریگستان۔

صحرائے قدسی ع عالم لاہوت۔

صحرائے اعظم ع افریقہ کا بڑا صحرا جو تین ہزار میل لمبا اور ایک ہزار میل چوڑا ہے گینڈا شتر گاؤ پلنگ ہرن شتر مرغ وغیرہ اس میں پیدا ہوتے ہیں۔

صحرائے سیم ف صبح صادق۔

صحرا نورد صحرا نبوش ف جنگل طے

کرنے والا۔ مسافر۔
صحرائے محشر ع میدان قیامت
صُحُف۔ صُحُف ع جمع صحیفہ۔
صحن ع بڑا اچھا ہموار زمین گھر کا آنگن
صحنات ع مصر میں ایک قسم کا سالن بنایا جاتا ہے۔
صحن سیم ع سفید کاغذ کا صفحہ چاندی کی ٹکیا
صحن عظیم ع سطح زمین روئے زمین
صحنک ف صحن کی تصغیر ہے چھوٹی رکابی۔
صحن وسیع ع سطح زمین۔
صحو ع ہوشیاری مستی سے ہوشیار ہونا آسمان میں ابر اور غبار کا نہ ہونا بیخابی کھرا ہونا
صحیح ع تندرست چنگا عیب سے پاک۔
صحیح النسب ع وہ شخص جس کی نسل میں عیب نہ ہو۔
صحیفہ ع کتاب۔ رسالہ
صحیفہ تیغ سحر ف صبح کاذب کی روشنائی
صحیفہ زرد ف سورج زرد منہ جھڑے ہوئے پتے۔ عاشق کا رخسارہ۔
صحیح نگار ف اخبار نویس جو راست راست حال درج اخبار کرے

صاد مہملہ مع خائے معجمہ

صخب ع تنبیہ کرنے کے وقت شور مچانا
صَخر ع بڑا پتھر
صَخرہ ع بڑا پتھر چٹان۔ بیت المقدس کا وہ پتھر جو ہوا میں معلق ہے ایک دیو کا نام ہے جو حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی لے گیا تھا۔
صخرۂ صما بیت المقدس کا پتھر جو ہوا میں معلق ہے
صخر اصم ع ٹھوس اور بھاری۔
صخریہ ع سنگستان۔ پہاڑی مقام۔

صاد مہملہ مع دال مہملہ

صَدف تنو ایک تنو اصل اسکی سد ہے
صَداء آواز گونج۔
صَدارت ع بالانشینی۔ شروع کرنا ایک عہدہ کا نام ہے جو وزارت سے نیچا اور سب سے اونچا ہوتا ہے۔
صَدارت اعظم ع عہدۂ وزارت۔
صُداع ع دردسر۔
صِداق ع عورت کا حق مہر۔ کابین۔
صَداقت ع دوستی۔ سچاپن۔
صدپا ف کنکھجورا۔
صدبرگ ف گیندا جو زرد رنگ کا پھول ہے ہر پھول جسکی پتیاں زیادہ ہوں ہزارہ۔
صدد ع مقابلہ۔ نزدیکی قصد کرنا درپے ہونا
صَدر ع سینہ دل بالا ابتدا شروع صحن انگنائی۔ بالانشین۔ امیر۔ سردار۔ وہ منصب دار جو وزیر سے نیچے اور سب سے اونچا ہو اور علم عروض میں شعر کا پہلا لفظ صدر کہلاتا ہے۔
صدر اعظم ع وزیر۔
صدر الممالک ع وزیر سلطنت۔
صدر خجند ف خجند توران میں ایک شہر ہے اُس کا صدر نشین۔ ایک بزرگ کا لقب ہے۔
صدرہ ع سینہ پوش چھوٹا کرتہ۔
صد شاخ کردن ف ٹکڑے ٹکڑے کرنا
صُدغ صُدغہ ع کنپٹی۔ شقیقہ۔
صدف ع ہر بلند شے جیسے دیوار وغیرہ سیپی۔ شراب کا چھوٹا پیالہ مثلث کی صورت تین ستارے قطب کے پاس ہیں جنہیں صدف قطب کہتے ہیں۔
صَدَف۔ صُدُف۔ صُدف ع بریدہ گئے کوہ کنارہ کوہ۔
صَدف آتشین۔ صُدف روز ف آفتاب۔
صِدق ع سچائی۔ سچ۔
صدف صد و چاردہ عقد ف قرآن مجید جس میں ۱۱۴ سورتیں ہیں۔
صدف فلک ف فلک الافلاک۔ آفتاب ماہ قطب شمالی کے پاس ایک آسمانی شکل بھی ہے
صدف گون ساغر ف بلور کا پیالہ۔
صدف مشکین رنگ ف آسمان۔
صدف ہزار سیدق ف آسمان کے تارے
صدقہ ع خدا کے نام پر جو فقیروں کو دیا جائے
صدقہ جاریہ ع ایسی چیزوں کا بنوانا جنکے باعث ہمیشہ لوگوں کو فیض پہنچے۔ جیسے نہر کنواں۔ مدرسہ۔ وغیرہ۔
صدمہ ع کسی کو آسیب و آزار پہنچانا اور ٹھوکنا۔ دھکا۔ آسیب۔
صدمہ خوردن ف دھکا کھانا۔
صدمہ دادن ف دھکا دینا۔
صدمہ رسیدن ف دھکا لگنا۔
صُدُور ع سینے چھاتیاں۔ بالانشینان کسی جگہ سے باہر نکلنا۔
صدی ف سو برس کا عرصہ
صدید ع زرد آب جو دنبل و زخم سے نکلتا ہے ریم پیپ۔
صدی ذات ف ہزار روپیہ والے منصب کا آدمی۔
صَدیق ع دوست۔ دوستان۔ مفرد جمع اسکی یکساں ہے۔
صِدّیق ع بہت سچا بہت تصدیق کرنے والا حضرت ابوبکر (خلیفہ اول) کا لقب ہے جنہوں نے بغیر معجزہ مانگے حضرت کی تصدیق کی تھی۔ اور آنحضرت صلعم کی وفات کی بعد خلیفہ ہوئے ان کے زمانے میں یمن عراق اور شام کے ممالک فتح ہوئے۔ اور بعض لوگ جو اسلام سے پھرنے لگے تھے ان کو تادیب کی مسیلمہ کذاب جس نے نبوت کا دعوے کیا تھا قتل کیا گیا۔

صاد مہملہ مع رائے مہملہ

صُراح ع خلاصہ۔ ہر چیز خالص روشنائی شراب خالص علم لغت کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔
صراحت ع آشکارا ہونا ظہور۔
صُراحی ع شراب یا پانی رکھنے کا برتن۔
صَراخ چیخنا چنگھاڑنا۔
صراط ع سیدھی راہ۔ راہ ایک پل کا نام ہے جو دوزخ کے سر پر قائم ہوگا وہ بال سے باریک تر اور تلوار سے تیز تر ہے ہر شخص کو وہاں سے گزرنا ہوگا۔
صَرّاف ع پرکھنے والا۔ وہ شخص جو نقدی کی تجارت کرتا ہو۔
صرافت ع خالص کرنا اور ہونا۔ باد خزان
صراف خزان ف سورج باد خزان فصل خزاں۔
صرامت ع دلاوری چالاکی۔ بزرگی کاٹنا قطع کرنا۔
صرائے ع ٹھیرا ہوا رنگ اور بوبدلا ہوا پانی۔

صرح ع قصر کوشک عالی شان عمارت ظاہر کرنا۔

صرح ع ہر خالص چیز۔

صرح ممرد ع ایسا محل جو چمکتا ہوا اور سادہ وہموار ہو۔ آسمان۔

صرخہ ع فریاد چیخ عذاب۔

صرد ع چڑیا کا شکاری بڑے سر والا ایک پنکھی ہے۔

صرصر ع باد تندی۔ آندھی جھکڑ۔

صرصر کوہ پیکر ت اونٹ گھوڑا جو قوی ہیکل اور تیز رفتار ہو۔

صرع ع پچھاڑنا۔ مرگی جو مشہور بیماری ہے۔

صرع ستارگان ف ستاروں کا جھمکنا ان کا لرزش کھاتے نظر آنا۔

صرعی ع مرگی والا۔

صرف ع خالص شے شراب خالص جس میں پانی نہ ملا ہوا ہو۔

صرف ع خرچ کرنا۔ پرکھنا پھیرنا۔ نوبہ حادثہ۔ زمانہ کی گردش۔ الٹانا ایک علم کا نام ہے جس سے کلمہ کے عوارض یعنی اسکی تقسیم و تعلیل اور اشتقاق اور اسکی اصلیت وگردان کا حال معلوم ہوتا ہے

صرف بیجادہ رنگ ف شراب ارغوانی

صرفہ ع ایک روشن ستارہ کا نام ہے جو قمر کی بارھویں منزل ہے خرچ میں تنگی کرنا فائدہ۔ نفع۔ افزونی۔ مکر۔ حیلہ۔ فرصت حزم۔ احتیاط۔

صرفہ بردن ف سبقت لے جانا غالب آنا۔ فائدہ اٹھانا۔

صرفی ع وہ شخص جو علم صرف جانتا ہو

صرم ع معرب چرم کا کاٹنا قطع کرنا۔

صرود ع جمع صرد جو معرب سرد کا ہے سرد زمینیں۔

صروف ع حادثے حوادث۔

صرہ ع تھیلی۔ ہمیان۔

صریح ع ظاہر۔ آشکارا۔

صریر آواز قلم۔ بانگ تلخ آواز نعلین۔ دروازے کی کھولنے اور بند کرنے کی آواز مطلق آواز۔

صریمہ ع ارادہ۔ عزیمت کسی کام کا قطع کرنا۔

صاد مہملہ مع طائے مہملہ

صطرب ع اضطراب کا مخفف ہے

صاد مہملہ مع عین مہملہ

صعاب ع جمع صعب۔ دشوار ہاں۔

صعب ع دشوار تند سخت سرکش۔

صعبتر ف سخت تر دشوار تر۔

صعدہ ع گورخر گورخران۔

صعقہ ع بیہوشی۔

صعلوک ع فقیر۔ درویش۔

صعوبت ع دشواری سختی مشکل پن

صعود ع اوپر چڑھنے والا بلندی عذاب علم حساب میں کسی عدد کا صعود وہ ہے جو اس عدد کو فی نفسہ کئی دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو۔

صعود ع بلند چڑھنا اوپر چڑھنا۔

صعوہ ع ممولا جو مشہور پرندہ ہے۔

صعید ع خاک رو کے زمین مٹی مصر میں ایک بڑا شہر بھی اس نام کا تھا۔

صاد مہملہ مع غین معجمہ

صغار ع جمع صغیر چھوٹے لڑکے چھوٹے خوار اور کم قدر لوگ جمع صغرے چھوٹی لڑکیاں چھوٹی چیزیں۔

صغار ع خواری بے عزتی کم قدری چھٹائی کوچکی۔ کم عمری۔

صغارت ع چھٹائی خردی چھوٹا پن۔

صغر ع چھٹائی خردی۔

صغر سن ع کم عمری خردسالی۔

صغرے ع ہر مونث شے جو چھوٹی ہو چھوٹی عورت منطقیوں کی اصطلاح میں شکل کا پہلا قضیہ حضرت امام حسینؑ کی ایک لڑکی کا نام بھی ہے جو دمشق میں لڑکپن ہی میں فوت ہوئی اسکا نام فاطمہ صغرے ہے۔

صغیر ع چھوٹا۔ خرد۔

صاد مہملہ مع فائے معجمہ

صف ع قطار آدمیوں کا پرہ لیکن فارسی میں بے تشدید مستعمل ہے۔

صفہ ع ایوان خانہ۔ دالان۔

صفاء صفائی۔ دوستی پاکیزگی مکہ معظمہ کے پاس ایک پہاڑی بھی ہے۔

صفات ع جمع صفت کی۔

صفار ع جمع صفر کی۔

صفار ع ٹھٹھیرا تانبے کے برتن بنانے والا

صفاریان ف ایران کے سلاطین کا ایک خاندان ہے جس کا بانی یعقوب بن لیث صفار ہے اس خاندان کے کل تین بادشاہ ہوئے ہیں جن میں یعقوب اور اس کا بھائی عمرو لیث مشہور ہیں۔

صفاق ع وہ پردہ جو اشتعالیعنی توتی جان کی آنتوں کے گرد ہوتا ہے۔

صفاہان مبت سپاہان۔

صفائح ع جمع صفیحہ۔ تختے چوڑے پتھر ہر چیز کے ٹکڑے۔

صفت ع حال کا بیان۔ علامت نشان گن تعریف علم صرف میں اسم صفت وہ اسم ہے جس سے ایک شے مع ایک خصوصیت کے سمجھی جائے۔

صفت مشبہ ع وہ صفت ہے جس میں صفت کے معنے ہمیشگی کے واسطے سمجھے جائیں

صفت تیغ ف تلوار کی دونوں طرفیں

صف خاصہ ف پیغمبر اور انبیاء۔

صفح ع معاف کرنا کسی کی خطا سے درگزر کرنا

صفحات ع جمع صفحہ کی۔

صفحہ ع ورق کا ایک رخ کسی لکھتے ہوئے خط کا رخ۔ کنارہ ایک طرف۔

صفدر ف صف لشکر کو پھاڑنے والا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا خطاب ہے۔

صفر ع خالی ہونا خالی اور یہ علامت ن صفر کی جو حساب بقرہ میں کار آمد ہے۔ اور ستارۂ زہرہ و برج حمل سے مراد ہے۔

صفر ع زردی۔ کانسی۔

صفر ع مسلمانوں کے دوسرے قمری مہینے کا نام ہے۔

صفرا ع چاروں خلطوں میں سے ایک خلط کا نام جو زرد رنگ ہے۔ فارسی میں تلخہ اور ہندی میں پت کہتے ہیں ہر زرد رنگ شے۔

صفراکردن ف غصہ ہونا منہ پھیرنا لڑنا کرنا

صفراوی ۔ منسوب صفرا سے یعنی صفرا کا
صفرت ۔ زردی ۔
صفر کردن ۔ ف خالی کرنا ۔
صفصف ۔ زمین ہموار ۔
صفصاف ۔ بید کا درخت ۔
صفع ۔ تپانچہ مارنا ۔
صفقہ ۔ بیعت یا بیع کرنے میں ایک دفعہ ہاتھ کو دوسرے کے ہاتھ پر مارنا ۔
صف نعال ۔ اخیر کی صف جوتیوں کے پاس ہو ۔
صفوراء ۔ حضرت شعیب پیغمبر کی ایک بیٹی کا نام ہے جو حضرت موسے علیہ السلام کے نکاح میں آئی تھیں ۔
صفوت ۔ برگزیدگی خالص اور برگزیدہ
صفوف ۔ جمع ہے صف کی ۔
صفوان ۔ سنگ ہموار ایک شخص کا نام بھی ہے
صفوی صفویہ ۔ ایران کے ایک شاہی خاندان کا نام ہے جو شاہ صفی سے منسوب ہے شاہ صفی ایک کامل فقیر تھا جس کا امیر تیمور کمال معتقد تھا ۔ اس کی اولاد میں مدت تک ایران کی بادشاہی رہی شاہ اسمعیل صفوی شاہ طہماسپ صفوی ۔ شاہ عباس صفوی اس خاندان میں نامی بادشاہ گزرے ہیں ۔
صفی ۔ برگزیدہ ۔ دوست خالص حضرت آدم علیہ السلام کا لقب ہے ۔
صفیر ۔ پرندوں کی آواز ۔
صفیق ۔ سخت چمڑا سخت بنا ہوا کپڑا اور وہ منہ جو حیا نہ رکھتا ہو ۔ بے حیا چہرہ
صفیہ ۔ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک حرم کا نام ہے ۔

صفین ۔ صف کا تثنیہ ہے لڑائی کے واسطے دو آمنے سامنے کھڑی ہونے والی صفیں ۔ عرب میں ایک مشہور میدان ہے جہاں پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور امیر معاویہ کے درمیان ۳۷ھ ہجری میں لڑائیاں ہوئیں اور ان معرکوں میں بہت سے صحابی شہید ہوئے اور آخر کار طرفین سے ثالث مقرر ہو کر مملکت دونوں میں تقسیم ہو گئی ۔

صاد مہملہ مع قاف

صقال ۔ صیقل کرنے والا ۔
صقال ۔ شمشیر و آئینہ کی نردگی ۔
صقالت ۔ صیقل کرنا جلا دینا صفا کرنا
صقر ۔ چرغ ۔ اور مطلق مرغ شکاری
صقیل ۔ صیقل کی ہوئی چیز ۔ روشن ۔

صاد مہملہ مع کاف تازی

صک ۔ ٹھوکنا ۔ مارنا اور معرب چک کا زمین یا مکان کا قبالہ ۔
صکاک ۔ جو شخص قبالہ شرعی لکھے قبالہ نویس ۔

صاد مہملہ مع لام

صلاء ۔ دعوت عام کرنا ضیافت کیواسطے آواز دینا ۔ بلانا ۔
صلابت ۔ سختی ۔ سخت ہونا ۔
صلات ۔ جمع صلہ ۔ عطیہ ۔ انعام ۔
صلواۃ ۔ نماز ۔ دعا (بندہ کی طرف سے) رحمت (خدا کی طرف سے) درود (پیغمبر پر فرشتوں سے)
صلاح ۔ نیکی ۔ خوبی ۔ بھلائی ۔

صلاح ۔ صلح ۔ باہم صلاح کرنی ۔
صلاحیت ۔ نیکی ۔ پارسائی ۔
صلاصل ۔ جمع صلصل کی ۔
صلب ۔ سخت ۔
صلب ۔ پیٹھ کے مہرے پشت کی ہڈیاں سخت
صلب ۔ سولی چڑھانا ۔
صلبی ۔ پشتی ۔ نسبی ۔
صلبیہ ۔ آنکھ کا سب سے نیچے کا ساتواں پردہ
صلت ۔ کشادہ پیشانی ظاہر شے سخاوت
صلح ۔ آشتی جو فساد کی ضد ہے ۔
صلحاء ۔ جمع صالح کی ۔ نیک آدمی ۔
صلح کل ۔ کسی اہل مذہب کے ساتھ دشمنی نہ رکھنی سب کے ساتھ صلح برتنی دشمن و دوست کے ساتھ سلوک رکھنا خیر خواہ کل مرد بے تعصب ۔
صلح موعود ۔ وہ زمانہ جب حضرت عیسے علیہ السلام آسمان سے نزول فرمائینگے
صلد ۔ سخت و صاف ۔
صلصال ۔ گوندھی ہوئی باریک مٹی ایسی سوکھی ہوئی کچی مٹی کہ جب اس پر ہاتھ ماریں آواز نکلے ۔ بجنے والی مٹی ۔
صلصل ۔ فاختہ گھوڑے کی پیشانی کے بال ۔ حوض میں اسکے پانی کا بقیہ ایک مقام اور ایک دریا کا نام بھی ہے ۔
صلصلہ ۔ زنجیر یا گھنٹے یا لوہے کی آواز
صلع ۔ سر کے بال نہ ہونا گنجا جس کے سر پر بال نہ ہوں ۔
صلف ۔ جھوٹ بولنا ۔ لاف مارنا ۔
صلوات ۔ جمع صلوٰۃ کی ۔
صلہ ۔ عطا بخشش انعام ۔
صلۂ رحم ۔ خویش و اقربا سے محبت اور سلوک کرنا

صلے اللہ علیہ وسلم ۔ اہل اسلام جب اپنے پیغمبر کا نام زبان پر لاتے ہیں یا کسی سے سنتے ہیں ۔ تو یہ فقرہ بولتے ہیں رحمت ہو خدا کی اس پر اور سلام ۔
صلیب ۔ سولی چلیپا ۔
صلیبی ۔ قوم نصارا ۔
صلیبی خط ۔ خط چہار گوشہ اور چیز کا نقش
صلیبی کردن ۔ ف کسی چیز میں تیر وغیرہ چبھو کر اس طرح اٹھا لینا کہ صلیبی شکل بن جائے ۔
صلیل ۔ لوہے کی آواز تلوار مارنے کی آواز

صاد مہملہ مع میم

صماخ ۔ سوراخ گوش ۔
صماد ۔ جمع صمد کی جائے بلند زمینہائے درشت ۔
صمت ۔ خاموشی ۔ چپ چاپ ۔
صمد ۔ بے نیاز جسکے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو ۔ وہ مرد جو بھوکا پیاسا نہ ہو ۔
صمدیت ۔ بے نیازی ۔
صمصام ۔ شمشیر برّاں ۔ تیز تلوار ۔
صمغ ۔ گوند ۔
صمم ۔ بہرا پن ۔ ناشنوائی ۔
صموت ۔ خاموش ہونا ۔
صم بکم ۔ یہ دونوں لفظ جمع اصم و ابکم کی ہیں ۔ اصم کے معنے بہرا اور ابکم کے معنے گونگا صم و بکم کے معنے بہرے گونگے لیکن فارسی والے بمعنے واحد استعمال کرتے ہیں یعنی بہرا گونگا
صمیم ۔ خالص ہر چیز کا خلاصہ خلوص

تہ دل سے فارسی والے بمعنے بیزار و ناخشنود کے استعمال کرتے ہیں۔

صاد مہملہ مع نون

صنادید ع جمع صندید۔ بزرگ سردار
صَنَادِیق ع صندوق کی جمع۔
صَنَاعت ع کاریگری۔
صَنَایع ع جمع ہے صنعت کی۔
صنج مب چنگ۔ ایک مشہور باجہ ہے
صندل ع مشہور خوشبو دار لکڑی ہے چندن۔
صَندلی ع چوکی۔ کرسی۔
صَندُوقچہ ف چھوٹا صندوق۔
صندوق گور ف قبر کی لوح۔
صُنع ع کام کرنا۔ صنعت کاری پیدا کرنا کسی کے ساتھ نیکی کرنی۔
صنعا ع ملک یمن میں ایک قصبہ ہے۔
صنعان ع ایک بزرگ کا نام ہے جن کے سات سو مرید تھے۔ شیخ فرید الدین عطار بھی انہیں کے مریدوں میں سے تھے۔ حضرت غوث الاعظم کی بد دعا سے ایک نصارے کی لڑکی پر عاشق ہو کر سور چرانے لگ گئے تھے۔ لیکن آخر ہدایت غیبی نے ان کا ہاتھ پکڑا اور راست پر آ گئے۔
صُنّان ع بوئے بغل گندہ بغل۔
صنعت ع کاریگری۔ حرفہ پیشہ۔
صنعت گر ف پیشہ ور کاریگر۔
صنعت گری ف کاریگری
صنف ع قسم۔ نوع مُقیّد بصفات
صنم ع بت۔ مجازاً معشوق۔
صنم خانہ صنم کدہ ف بتخانہ۔

صنوان ع کھجوروں کے درخت جنکے تنے زمین سے نکلنے کے مقام سے آپس میں ملے ہوئے ہوں۔ دو نالے جو ایک چشمے سے نکلیں دو بھائی جو ایک ہی ماں باپ کی اولاد ہوں۔
صُنوبر ع چیڑ کا درخت۔
صُنوف ع ہے صنف کی۔

صاد مہملہ مع واے

صَواب ع راست۔ درست۔ ٹھیک برخلاف خطا کے اور بمعنی راستی و درستی
صوابدید ف صلاح مشورہ۔ تجویز درست
صوارف ع جمع صارفہ۔ حادثے۔ زمانہ کی گردشیں۔
صوارم ع جمع ہے صارمہ کی۔ کاٹنے والی تلواریں۔
صَواعق ع جمع ہے صاعقہ کی بجلیاں
صواف ع گابھن اور گھوڑے اور اونٹ جو تیز رو ہوں اور تین پاؤں پر کھڑے ہوں قربانی کے واسطے رکھے گئے اونٹ۔
صَوامع ع جمع ہے صومعہ کی۔ تبخانے عبادتخانے۔ گرجے۔
صَوب ع طرف۔ جانب۔ راستی۔
صُوبہ ع بادشاہت کا ایک حصہ۔
صُوبہ دار ف صوبہ کا حاکم۔
صُوت ع آواز۔
صُوَر ع جمع صورت کی صورتیں۔
صُور ع جانور کا سینگ جسے بجاتے ہیں نرسنگھا اور نرسنگا جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونکینگے۔
صورت ع تصویر۔ شکل۔

صورت بازی ف بہروپ۔
صورت بستن کار / صورت پیدا کردن کار / صورت گرفتن کار ف کام کا اصلاح پذیر ہونا۔ درست ہونا وقوع میں آنا۔
صورت بند ف مصور۔ نقاش۔
صورت بے معنے ف جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن خراب۔
صورت دادن کار را ف اس کام کی اصلاح و درستی کرنی۔
صورت نوعی ع ایک جوہر ہے جو مطلق جسم سے لاحق ہو کر اس کو اور انواع سے الگ کر دیتا ہے۔
صورِ اسرافیل ع وہ نرسنگا جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل پھونکینگے۔ پہلی دفعہ کی آواز سے سب مر جائینگے اور دوسری دفعہ کی آواز سے سب زندہ ہو جائینگے اور ان دونوں آوازوں میں چالیس برس کا فاصلہ ہوگا۔
صُورِ عبد الرحمٰن ع آسمان کی مختلف اشکال کے بیان میں عبد الرحمٰن نام ایک صوفی کی کتاب ہے۔
صُورِ علمیہ ع صوفیوں کی اصطلاح میں موجودہ اور آیندہ موجود ہونیوالی سب چیزیں جو کہ حق سبحانہ تعالے کے علم میں پیدائش سے پہلے آچکی ہیں۔
صورت گری ف صورت بنانا نقاشی
صُورِ مرئیات ع وہ صورتیں جو نظر آتی ہیں
صورت نگار ف مصور۔ نقاش۔
صُوری ع ظاہری۔
صُوف ع پشم۔ اُون

صُوفی ع پشم پوش۔ اون کا کپڑا پہننے والا دل کو غیر حق کے خیال سے صاف کرنیوالا درویش۔ فقیر۔ مخلص۔
صوفیان ف جمع صوفی کی صوفی لوگ کیونکہ اکثر انکے موٹے موٹے کپڑے پہنے رہتے ہیں۔ یا دل کو غیر خدا کے خیال سے صاف رکھتے ہیں۔
صُوفیچہ ف صوفیوں کا ایک قسم کا کپڑا ہے
صُول ع حملہ کرنا۔ حملہ کرنا کسی پر پھبک کر جانا
صَولت ع دبدبہ رعب ہیبت۔
صولجان مب چوگان کا چول (بمعنی کجی اور گان حرف نسبت) سے مرکب ہے چوگان سر کج ہوا ڈنڈا۔
صَوم ع روزہ۔
صَوم العذرا صوم مریم ع چپ کا روزہ تمام دن کسی سے نہ بولنا۔
صَومعہ ع تبخانہ۔ عبادتخانہ۔ گرجا۔
صَون ع نگہبانی۔

صاد مہملہ مع ہائے ہوز

صَہ ع چپ رہ۔
صَہبائی ع انگوری شراب برانڈی شراب
صہر ع سُسر خواہ مرد کا ہو خواہ عورت کا مرد یا عورت کا رشتہ دار۔ لڑکی یا بہن کا خاوند۔
صَہریج ع پانی کا آواز۔ اس حوض کا آواز جس میں پانی جمع ہو۔
صُہَیب ع جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام ہے جو ملک روم کے رہنے والے اور نہایت فصیح و بلیغ تھے
صہیل ع گھوڑے کا ہنہنانا۔

صاد مہملہ مع یائے تحتانی

صیاح ۔ آواز ۔ نوحہ ۔ فغان ۔
صَیّاد ۔ شکاری ۔ شکار کرنے والا ۔ معشوق سے بھی مراد ہے ۔
صیاغ ۔ زرگر ۔ سنار ۔
صیام ۔ جمع صوم کی ۔
صیانت ۔ بچانا ۔ بچاؤ ۔ حفاظت ۔ نگہبانی
صیت ۔ آواز ۔ شہرت ۔ ذکر خیر ۔
صیحہ ۔ آواز ۔ زیادہ چیخ ۔ عذاب ۔
صید ۔ شکار ۔ وہ جانور جسکو شکار کریں ۔ شکار کرنا
صید حرم ۔ حرم کے جانور جنکا شکار کرنا حرام ہے
صیرفی ۔ صراف ۔ ایک خوشنویس کا نام اور شاعر کا تخلص بھی ہے ۔
صیرورت ۔ کسی چیز کا ہونا ۔
صیغہ ۔ ڈھالا لفظ ۔ کام ۔ ہیئت کی اصل ۔ طریقہ ۔ نکاح
صیف ۔ گرمی کا موسم ۔ موسم گرما ۔
صیقل ۔ زنگ دور کرنا ۔ صاف کرنا ۔ مجازاً زنگ دور کرنے کا آلہ ۔

باب ضاد معجمہ

ضاد معجمہ مع الف

ضاب ۔ کڑوا درخت جیسے اندرائن اور زقوم وغیرہ ۔
ضابطہ ۔ انتظام کرنیوالا ۔ حفاظت میں رکھنے والا ۔ ہوشیار ۔
ضابطہ ۔ قاعدہ ۔ قانون ۔ دستور ۔
ضاجر ۔ دلتنگ ۔ بیقرار ۔ بے آرام
ضاحک ۔ ہنسنے والا ۔

ضار ۔ مُضر ۔ ضرر پہنچانے والا ۔
ضارب ۔ مارنیوالا ۔
ضاری ۔ شکار کے پیچھے دوڑنیوالا کتا وغیرہ ۔
ضاغط ضاغوط ۔ یہ ایک حالت ہے کہ خواب میں آدمی ایسا جانتا ہے کہ اسکے گلے کو کوئی گھونٹ رہا ہے ۔
ضال ۔ گمراہ ۔ بھٹکا ہوا ۔
ضالین ۔ گمراہ لوگ ۔
ضامن ۔ ذمہ دار ۔ کفیل خاطر جمع کرنے والا ۔ درگیرندہ وہ شخص جو کسی کا طرفدار ہو مددگار ۔
ضامن وجہ ۔ مال ضامن ۔
ضامنی ۔ ضمانت ۔ ذمہ داری ۔
ضان ۔ بھیڑ ۔ بیش آدمی کے بدن

ضائع ۔ کھویا ہوا ۔ بے فائدہ کھویا گیا ۔ برباد شدہ ۔ تباہ ۔ خراب ۔

ضاد معجمہ مع بائے موحدہ

ضَب ۔ سوسمار ۔ گوہ ۔
ضُباح ۔ لومڑی کی آواز ۔
ضبط ۔ ہر شے کی نگہداشت اس کی حد سے انتظام ۔
ضَبع ۔ کفتار ۔ ہنڈار ۔
ضبعان ۔ کفتار نر ۔
ضبعانہ ۔ کفتار مادہ ۔
ضبع ۔ بازو ۔ بغل ۔

ضاد معجمہ مع جیم عربی

ضَج ۔ شور و غوغا کرنا ۔

ضجر ۔ قلق ۔ تنگی ۔ بیقرار ۔ کلام کے ساتھ نفس کی تنگی ۔
ضجر ضجور ۔ تنگدل ۔ مضطرب ۔ غمگین ۔ پریشان ۔
ضجرت ۔ بے آرامی ۔ تنگ دلی ۔
ضجیع ۔ ہمخواب ۔ ہم بستر ۔

ضاد معجمہ مع حائے حطی

ضُحےٰ ۔ پہر دن چڑھے کا وقت ۔ نہایت روشنی کا وقت ۔
ضحاک ۔ بہت ہنسنے والا ۔ ایران کے ایک ظالم بادشاہ کا نام ہے جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ اسکے دونوں مونڈھوں پر دو سانپ پیدا ہو گئے تھے اور آدمیوں کے دماغ انکی غذا تھی ۔ آخر بذریعہ کاوہ آہنگر کے فریدوں نے اسکو گرفتار کر لیا اور عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لی ۔ یہ لفظ دہ آک کا معرب ہے آک کے معنے ۔ دہ کے معنی دس عیب ہیں ۔ چونکہ اس میں دس عیب تھے ۔ اسلئے اس نام سے مشہور ہوا اور وہ عیب یہ ہیں بدصورتی ۔ پست قدی ۔ ظلم ۔ جھوٹ بولنا ۔ بددلی ۔ بے دینی ۔ بے شرمی ۔ بے عقلی ۔ بدزبانی ۔ بسیار خواری ۔ بعض ثقات کا یہ قول ہے کہ بر وقت تولد ہونے کے دو لمبے دانت اسکے نمودار تھے ۔ چونکہ والدین اسکے ملک عرب کے تھے ۔ دانتوں کے لحاظ سے اُسے ہنستا ہوا خیال کرکے اسکا ضحّاک (بہت ہنسنے والا) نام رکھدیا ۔
ضحک ۔ آواز کے ساتھ ہنسنا ۔ کھل کھلا کر ہنسنا ۔ خندہ ۔
ضحکہ ۔ جس پر لوگ ہنسیں اور تمسخر کریں ۔
ضحل ۔ تھوڑا پانی ۔
ضحو ۔ چاشتگاہ ۔ روشن ۔ ظاہر ۔ چاشت کا کھانا
ضحوکہ ۔ جو چیز لوگوں کو ہنسائے وہ تماشا جسے لوگ دیکھکر ہنسیں ۔
ضحیم ۔ وہ شخص جسکے منہ یا گردن یا زنخدان میں کجی ہو ۔

ضاد معجمہ مع خائے معجمہ

ضخامت ۔ موٹا ہونا ۔ جسامت ۔ موٹاپا
ضخیم ۔ بڑے جسم والا ۔ موٹا ۔

ضاد معجمہ مع دال مہملہ

ضِد ۔ برخلاف ۔ برعکس ۔ دو شے میں غایت درجہ کا بُعد ۔
ضدین ۔ دو ضدیں ۔ جیسے سیاہی اور سفیدی ۔

ضاد معجمہ مع رائے مہملہ

ضَرا ۔ تکلیف ۔ سختی ۔
ضراب ۔ نر کا مادہ پر چڑھنا ۔ کسیکو تلوار مارنی
ضراب ۔ سکہ بنانے والا ۔
ضرار ۔ ایک دوسرے کو تکلیف پہنچانی اور مسجد ضرار مدینہ میں وہ مسجد تھی جو منافقوں نے جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ستانے کیلئے تیار کی تھی خدا تعالےٰ نے اُسکے ڈھا دینے کا حکم فرمایا تھا ۔
ضرارت ۔ دکھ دینا ۔ ستانا ۔ اندھا ہونا

ضِرا ۔ بلا ۔ بلاؤ +

ضراعت زاری ۔ عاجزی +

ضِرام ۔ چھوٹی چھوٹی اور پتلی لکڑیاں جنسے آگ جلائیں +

ضرب ۔ مارنا ۔ بیان کرنا مانند ظاہر کرنا شعر کے آخر لفظ کو بھی کہتے ہیں ایک چیز کو دوسری میں ملا دینا +

ضرب الازب ۔ ایسے زخم جن کا نشان اسکے اچھے ہونے کے بعد بھی باقی رہے +

ضرب الفتح ۔ شادیانہ کا نقارہ جو فتح کے وقت بجایا جاتا ہے +

ضرب المثل ۔ کہاوت +

ضربان ۔ رگوں کا پھڑکنا ۔ لپک لپک کرنا دل دھڑکنا جو مہلک بیماری ہے

ضربہ ۔ چوٹ +

ضربتِ لازب ۔ ضربت چوٹ ۔ لازب پٹنے والی چپٹنے والی سے مرکب ہے وہ چوٹ جس کا نشان ہمیشہ باقی رہے ۔

ضرب کسور ۔ دو کسور رقموں کو آپس میں ضرب دینے کا قاعدہ +

ضرب و قسمت ۔ ضرب اور تقسیم

ضربی ۔ منسوب بضرب جسکے معنے مشہور کے ہیں +

ضرتان ۔ دو عورتیں جو ایک مرد کے نکاح میں ہوں +

ضروان ۔ ایک گاؤں کا نام ہے

ضرر ۔ تکلیف ۔ دکھ +

ضرزیک ۔ ایک قسم کی توپ ہے +

ضرس ۔ ڈاڑھ ۔ اندر کے جبڑے کے بڑے دانت +

ضَرع ۔ گائے بکری وغیرہ دودھ دینے والی ہوتی ہیں ۔ جانوروں کا پستان

ضرع ۔ زاری ۔ فروتنی ۔ خاکساری عجز و نیاز +

ضرغام ۔ شیر درندہ +

ضُرُوب ۔ انواع ۔ اقسام +

ضرور ۔ اُچت جسکا ہونا ہی چاہیے

ضروان ۔ نام ایک گاؤں کا ہے

ضرورت جسکے بغیر کام نہ چلے حاجت

ضروری ۔ منسوب بضرورت بضرورت نا

ضرہ ۔ سوت ۔ سوکن +

ضریبت ۔ خو ۔ عادت ۔ طبیعت +

ضریح ۔ قبر +

ضریر ۔ جو شخص اندھا ہو گیا ہو نابینا بیمار ۔ لاغر ۔ بدحالی ۔ لاغری ۔ زیان نقصان +

ضِرَرہ ۔ پہلی عورت کی زندگی میں دوسری عورت سے نکاح کرنا +

ضَریع ۔ ایک گھانس کا نام ہے جو دریا کے کنارے پیدا ہوتی ہے اوس کی بدمزگی اور سمیت سے کوئی جانور اُس کو نہیں کھاتا اور جو کھاتا ہے مر جاتا ہے +

ضاد معجمہ مع عین مہملہ

ضعاف ۔ جمع ضعیف کی +

ضَعف ۔ ناتوانی ناطاقتی سستی

ضَعف ۔ بیہوشی ۔ نقصان عقل +

ضِعف ۔ دوگنی شے ۔ دوچند +

ضُعَفا ۔ جمع ضعیف کی +

ضعف التالیف ۔ کوئی بات محاورہ کے برخلاف لکھنی +

ضعیف ۔ ناتوان ناطاقت ۔ بوڑھا

ضعیفی ۔ ناتوانی ۔ کمزوری +

ضاد معجمہ مع غین معجمہ

ضغاین ۔ جمع ضغینہ +

ضغط ۔ بھینچنا ۔ تنگ کرنا +

ضغطہ ۔ سختی ۔ مشقت ۔ تنگی ۔ فشارش

ضغن ۔ کینہ +

ضغیم ۔ کاٹنے والا ۔ پھاڑنے والا گزندہ درندہ +

ضغینہ ۔ کینہ +

ضاد معجمہ مع فاے

ضفادع ۔ جمع ضفدع کی +

ضفائر ۔ جمع ضفیرہ کی +

ضفدع ۔ مینڈک ۔ غوک +

ضفہ ۔ رود کا کنارہ نالے کا کنارہ ۔

ضفیر ضفیرہ ۔ چوٹی چونڈا +

ضاد معجمہ مع لام

ضل ۔ گمراہ ۔ نامعلوم شخص +

ضلال ۔ ضلالت ۔ گمراہی +

ضِلت ۔ گمراہی +

ضلع، ضلعہ ۔ پسلی ۔ پہلو کی ہڈی ملک کا حصہ

ضُلوع ۔ جمع ہے ضلع کی +

ضلیل ۔ گمراہ راہ بھولا ہوا بھٹکا ہوا +

ضاد معجمہ مع میم

ضم ۔ ملانا اور حرکت پیش (ـُ) کی +

ضماد ۔ لیپ ۔ دوا کو پانی وغیرہ میں ملاکر بدن پر لگانا اصطلاح اطبا میں اُس لیپ کو جسکا قوام غلیظ ہو ضماد کہتے ہیں اور جس کا قوام رقیق ہو طلا +

ضمان ضمانت ۔ ضامنی ذمہ داری

ضماندار ۔ کفیل ۔ ذمہ دار +

ضمایر ۔ جمع ضمیر کی +

ضمایم ۔ جمع ضمیمہ کی +

ضمن ۔ اندرون ۔ اندر +

ضمن اللفظ ۔ علم شعر میں ایک صنعت ہے جسکے ذریعے ایک لفظ میں دوسرا لفظ مذکور کریں جیسے اس بیت میں سے نوید نظر حبابی دمن نظر نکم ہو جاتے ہیں کہ ندارد تیغ تو تاب نظر +

ضمور ۔ ضعف ۔ لاغری +

ضموری ۔ لاغر ۔ دبلا +

ضمہ ضم ۔ پیش کو کہتے ہیں اسواسطے کہ ضم کے معنے ہیں ملانا چونکہ جس حرف پر حرکت ہو اُس کے ادا کرتے وقت دونوں ہونٹ ملجاتے ہیں اسواسطے ضمہ کہلایا +

ضمیر ۔ جو دل میں گزرے ۔ دل کا حال ۔ بھید ۔ جانا دل ۔ اور وہ اسم جو قائم مقام اسم ظاہر کے ہو ۔ اسم غیر مظہر +

ضمیران ۔ گل ریحان یعنے نازبو جو ایک مشہور پھول ہے +

ضمیم ۔ ملا ہوا ۔ شامل کیا گیا +

ضمیمہ ۔ وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگا دیویں +

ضمین ۔ جمع ضامن

ضاد معجمہ مع نون

ضِنّت ع بخل ۔ بخیلی +
ضَنک ع تنگی ۔ تنگ +
ضَنینی ع لاغر +
ضَنین ع بخیل ۔ کنجوس +

ضاد معجمہ مع واو

ضو ع آفتاب کی روشنی +
ضَوابط ع ضابطہ کی جمع ۔ قواعد +
ضَواحِک ع چار دانت ہیں جو کچلیوں اور ڈاڑھوں کے درمیان واقع ہیں +

ضاد معجمہ مع یائے تحتانی

ضِیا ع آفتاب کی روشنی +
ضِیاع ع جمع ہے ضیعہ کی مزروعہ زمینیں +
ضِیاعات ع مزروعہ زمینیں +
ضِیافت ع مہمانی ۔ کھانا کھلانا دعوت
ضَیر گزند ۔ نقصان +
ضَیغم درندہ شیر کاٹنے والا شیر +
ضَیف ع مہمان اسم جنس ہے واحد اور جمع دونوں پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے
ضِیق ع تنگی +
ضَیق ع تنگ +
ضیق النفس ع سانس کی تنگی ایک مشہور مرض ہے ہندی میں اُس کو دمہ کہتے ہیں +
ضَیم ع کسی کے حق میں نقصان کرنا ظلم کرنا ۔ اور مضرت انتقام سے اندیشہ کرنا +
ضُیُوف ع مہمانان +

باب طائے مہملہ

طائے مہملہ مع الف

طاب ع بوئے خوش ۔ طیب کا فعل ماضی بھی ہے +
طابق النّعل بالنّعل ع مطابق ہو گئی جوتی ساتھ جوتی کے یہ فقرہ ایسی جگہ بولتے ہیں ۔ جہاں ایک چیز دوسری چیز کے بالکل مطابق ہو جاتی ہے +
طابہ طیبہ ع دونوں مدینہ منورہ کے نام ہیں +
طابیہ ت چار دیواری +
طابق طاجن ع کڑاہی ۔ توا جس پر کوئی چیز بھونیں +
طاحُون طاحُونہ ع چکی ۔ آسیا ۔
طارک ع آزاد درخت کا پھل +
طارف ع نیا اور تازہ اور عمدہ مال
طارِق ع سخت حادثہ صبح کے قریب طلوع ہونے والا ستارہ جو تیسرے رات کو ظاہر ہو جو شخص رات کو پہلے چوتھا ۔ ساحر ایک شخص کا نام بھی ہے +
طارم ف بے ستارہ کا ۔ لکڑی کا گھر یا بالاخانہ ۔ کوٹھا +
طارم اخضر ۔ **طارم خضرا** ۔ **طارم فیروزہ** ۔ **طارم نیلگون** ف آسمان
طارِی ع ناگاہ ظاہر ہونے والا عارض ہونیوالا کسی جگہ سے پہنچنے ۔ اترنے والا +
طاریقہ منجب السلاطین جمال گوٹہ

طاس ف بڑے تاس کا بڑا تھال
طاس آبگون ف آسمان +
طاس بازی ف مکر ۔ فریب +
طاس زر ف آفتاب طاق فیروزہ +
طاسک ف مصغر ہے طاس کا چھوٹا طشت ۔ تسلا لگنی +
طاسک نگون ف اوندھا ہوا لگن
طاس نگون ف آسمان +
طاطا ع سر جھکانا جیسے کہ کوع میں کرتے ہیں
طاعات ع جمع طاعت کی +
طاعت ع بندگی ۔ عبادت +
طاعن ع نیزہ مارنے والا طعنہ دینے والا +
طاعُون ع مشہور وبا ہے ۔ اس میں ایک پھوڑا خصیہ یا پستان یا بغل کے نیچے نکلا کرتا ہے ۔ قے اور غشی اسکے ملحق لاحق ہوتی ہے +
طاغوت ع بت ۔ شیطان ایک دیو کا نام ہے +
طاغی ع بڑھا ہوا ۔ مفسد ۔ باغی +
طاغیان ع جمع ہے طاغی کی مفسد لوگ ۔ سرکش لوگ +
طاف ع گشت کرنے والا ۔ طواف کرنے والا +
طافِح بدمست ۔ متوالا ۔
طافی ع پانی پر تیرنے والی چیز +
طاق ع محراب ۔ دیوار میں خمدار بنائی ہوئی جگہ محراب دار عالیشان عمارت ۔ محل ۔ دوئی دار جبہ تنہا مفرد +
طاقات ع جمع طاقہ ۔ دستہ +

طاق ارزق ۔ **طاق بازیچہ رنگ** ۔ **طاق خضرا** ۔ **طاق طارم** ۔ **طاق فیروزہ رنگ** ۔ **طاق کحلی** ۔ **طاق لاجوردی** ۔ **طاق مقرنس** ۔ **طاق نیلوفری** ۔ **طاق نیم خانہ** ف سب سے مراد آسمان ہے +
طاقت ع قوت ۔ زور ۔ توانائی +
طاق برنہادن ف بھلا دینا فراموش

طاقچہ ف چھوٹا طاق +
طاقدیس ف خسرو پرویز کے تخت کا نام ہے +
طاقہ ع ایک عدد کپڑا ۔ تاب ۔ تحمل طاقت ۔ توانائی +
طاقی ع ایک قسم کی ٹوپی ہے +
طال ع دراز ہوا بڑھ گیا ہے +
طالب ع طلب کرنے والا ڈھونڈنے والا
طالح بدفعل ۔ بدآدمی بدکردار بخلاف
طالش کم بحیرہ خزر کے کنارے
تالش ملک آذربائیجان میں ایک منتظم وہاں کے باشندوں کو بھی طالش ہی کہتے ہیں
طالع ع چڑھنے والا ۔ طلوع کرنے والا ستارہ مجازاً نصیب +
طالعہ طلوع کرنیوالا ۔ روشنی +
طالق ع رہائی یافتہ ۔ رہا +
طالقان ع ایک شہر کا نام ہے +
طالُوت ع بنی اسرائیل کے ایک سردار کا نام ہے جس کے بعد داؤد بنی بادشاہ ہوئے +
طامات ع جمع طامہ کی ۔ فارسی والے

بحقیقت مندرجۂ ذیل معنی میں استعمال کرتے ہیں ۔ صوفیوں کی اظہار کشف و کرامات میں شیخی اور ڈینگ ۔ لاف وگزاف بیہودہ باتیں ✣

طاغی ء سرکش ۔ باغی ✣

طامع ء طمع کرنیوالا ۔ لالچی ۔ حریص ✣

طامہ ء حادثۂ عظیم ✣

طامۂ کبرےٰ ء قیامت ✣

طاؤس ء مور مشہور پرندہ ہے ✣

طاؤس آتش پر ف آسمان ✣

طاؤس پران اخضر ف ستارے

طاؤس خلد ء حور ۔ غلمان ✣

طاؤس علوی آشیان ف آگ ✣

طاؤس مشرق خرام ف سورج ۔ آسمان

طٰہٰ و یٰسین ء قرآن کی دو سورتوں کے نام ہیں جنکے ابتدا میں یہی لفظ آتے ہیں ۔ طٰہٰ سے مراد ہے یا طاہر اور یٰسین سے مراد ہے یا سید نام جناب رسول خدا صلعم کے ✣

طاہر ء پاک ۔ جو ناپاک نہو ✣

طائر اُڑنے والا ۔ پرندہ ✣

طائران قدس ف فرشتے ✣

طائر عرش ۔ طائر قدس ۔ طائر سدرہ ء جبرئیل ✣

طائر قدسی ء فرشتہ ۔ جبرئیل ✣

طائف ء طواف کرنیوالا ۔ خیال جو نیند میں دکھائی دے ۔ بھتنا ۔ عرب میں مکہ معظمہ کے پاس ایک زرخیز علاقہ ہے جہاں ہر قسم کے میوے پیدا ہوتے ہیں اور وہاں کی آب ہوا سرد اور نہایت عمدہ ہے ✣

طائع ء فرمانبردار ✣

طائفہ ء آدمیوں کا گروہ ۔ جماعت ۔ ٹکڑا ✣

طائل ء فائدہ ✣

طائی ء عرب میں ایک قبیلے کا نام ہے ۔ اس قبیلے کے آدمی کو طائی کہتے ہیں حاتم بھی اس قبیلے سے تھا اور حاتم طائی بھی جو ایک مشہور ولی ہیں اسی قبیلے سے ہیں ✣

طائے مہملہ مع بائے موحدہ

طب ء علم بیدک ۔ بیماریوں کے علاج کرنے کا علم ✣

طبابت ء علاج کرنا ✣

طبّاخ ء پکانیوالا ۔ باورچی ✣

طباشیر سب تباشیر کا بنسلوچن ✣

طباشیر صبح ء صبح صادق ✣

طبا طبا ء امام حسن کے پوتے اسمعیل کا نام ہے جو زبان میں لکنت ہونیکی وجہ سے قاف کی جگہ طا بولتا تھا ۔ ایک دفعہ عید کے دن اپنے باپ سے قبا مانگنے کے واسطے قبا قبا کو طبا طبا کررہا تھا اس سے اس کا نام طبا طبا پڑگیا اس کی اولاد میں جو سید ہیں انہیں سادات طبا طبا کہتے ہیں ✣

طباع ء سرشت ۔ خو ۔ عادت ۔ طبع اور طبیعت کی جمع بھی ہے ✣

طبّاع ء صاحب طبیعت ذکی ✣

طباق ء موافق اور برابر کرنا ۔ جمع طبق کی

طباق الاضداد ء اصطلاح علم بدیع میں ایسے الفاظ بیان کرنے جن کے معنے متضاد اور مخالف ہوں جیسے زندگی موت ۔ خندہ ۔ گریہ ۔ سردی ۔ گرمی

خشکی ۔ تری ۔ سیاہ ۔ سفید وغیرہ ✣

طبائع ء جمع ہے طبیعت کی ✣

طبائع اربعہ ء یہ ہیں (۱) سرد تر (۲) سرد خشک (۳) گرم تر (۴) گرم خشک ✣

طب جسمانی ء جسم کے متعلق امراض کے علاج کرنیکا علم

طبخ ء پکانا ۔ اور نضج کے بھی یہی معنے ہیں مگر اکثر طبخ کا استعمال اُن چیزوں میں ہوتا ہے جو آگ سے پکائی جائیں اور نضج کا اُن میں جو حرارت آفتاب اور اندوبہ اور ایسے ہی چیزوں سے پکی ہوں اور کبھی دونوں بجائے ایک دوسرے کے مستعمل ہوتے ہیں ✣

طب روحانی ء روح کی بیماریوں کے علاج کرنیکا علم ۔ روح کی اصلاح کرنیکا علم ۔ علم اخلاق ✣

طبرخون ف بید سرخ ۔ صندل سرخ اور ایک سرخ رنگ کڑوی لکڑی کا بھی نام ہے ✣

طبرزد سب تبرزد کا ہے ۔ مصری نبات ۔ گنے کو تبر سے کاٹتے ہیں اسواسطے اس کا یہ نام ہوا ✣

طبرزی ء منسوب بہ طبرزد ۔ لب معشوق سے مراد ہے ✣

طبس ف ایک شہر کا نام ہے ✣

طبع ء آدمی کی سرشت ۔ پیدائش ۔ خو ۔ چھاپنا ۔ نقش کرنا ۔ خارج از ذہن موجودات ✣

طبعی ء منسوب بہ طبع ۔ حکمت کی ایک قسم کا نام ہے جس میں مادہ کی بحث بہ حیثیت مجموعی کی جاتی ہے ✣

طبع تیز کردن ف طبیعت کو کسی امر پر راغب اور مشتاق کرنا ✣

طبق ء موافق برابر اور طباق جو مشہور برتن ہے ایک بیماری کا نام ہے جس سے گھوڑے کی ناف ورم کر جاتی ہے جیسے ✣

طبق ء طریق ۔ دستور ✣

طبقات ء جمع طبقہ کی ✣

طبق برگرفتن ف طعام کا سارا طباق اُڑانا

طبقری ء ایک مقام کا نام ہے جس کا ٹھیک پتہ نہیں مگر بعض اسے ترکستان میں بتاتے ہیں ✣

طبق زدن ف چپٹی لڑنا ✣

طبق زن ف چپٹ باز ✣

طبقہ ء درجہ ۔ جماعت آدمیوں کی گروہ رتبہ ✣

طبل ء ڈھول ۔ اسکی جمع اطبال اور طبول آتی ہے ✣

طبل از زیر گلیم برآمدن ف راز کا فاش ہونا بھید کا کھل جانا ✣

طبل امان زدن ف پناہ مانگنا امن چاہنا

طبل خوردن ف بھاگ جانا فرار ہونا کنارہ کرنا ✣

طبل در زیر گلیم بودن ف کسی کے بھید کا چھپا رہنا

طبل تہی ف لاف ۔ شیخی ✣

طبل رسوائی زدن ف اپنی رسوائی ظاہر کرنا

طبل زدن ف نقارہ بجانا ✣

طبل زیر گل زدن ف ایسے امر کا چھپانا جو نہایت آشکارا ہو ✣

طبلش دریدہ شد اُس کا راز فاش ہوگیا ۔ بھید کھل گیا ✣

طبل غازی ف منڈ کا ڈھول +
طبل فرو کوفتن ف نقارہ بجانا +
طبلہ ع چھوٹا ڈھول مشہور باجہ ہے
طبی ع منسوب بہ طب ۔ طب کا +
طبیب ع علاج کرنے والا بیدک چہ
طبیخ ع کسی چیز کا پانی جوش دیا ہوا مطبوخ پکی ہوئی چیز حلواہ
طبیعت ع مزاج ۔ خو ۔ عادت پیدائش
طبیعت شناس ف طبیب حاذق +
طبیعی ع منسوب بہ طبیعت پیدائشی خلقی

طائے مہملہ مع بائے فارسی

طپانچہ ف تھپڑ +
طپانچہ روزگار خوردن ف زمانے کے صدمے سہنے +
طپیدن ف بیقرار ہونا ۔ تڑپنا +

طائے مہملہ مع حائے حطی

طحال ع تلی +
طحال ع تلی کی بیماری +
طحلب ع کائی ۔ سبز سی شے جو بند پانی پر بیٹھ جاتی ہے پنجابی میں اسے لوریا جھیل کہتے ہیں +
طحن ع غلہ کا آٹا بنانا ۔ غلہ کا پیسنا

طائے مہملہ مع رائے مہملہ

طرّہ ع تیر کی پیکان کا تیز کرنا +
طرابلس ع ملک شام میں ایک شہر ہے اور افریقہ کے شمال کی طرف بربر کا ایک حصہ بھی ہے ۔ جسے طرفلی کہتے ہیں ۔
یہ لفظ رومی ہے اسکا لفظی ترجمہ تین شہر یا تین بستیاں ہیں +

طراثیث ع ایک میوے کا نام ہے +
طرّاح ع نقاش +
طرّاحی ع نقاشی +
طرّار } تیز زبان چور ۔ گرہ کاٹنے
طرّارہ } والا ۔ حیلہ گر +
طرازہ ع نقش و نگار ہر شے کا چھینٹ
طرازیدن ف نقش کرنا +
طراق } ع تازیانہ کوڑا وغیرہ مارنیکی
طراک } آواز +
طراوت ع تازگی ۔ تری +
طراوتناک ف تازہ ۔ سیراب +
طرادہ ع رنگین کپڑا جو نشان اور علم پر باندھتے ہیں
طرائر ع خوبصورتان تیز اور رواں چیزیں
طرائف ع جمع طریف کی +
طرب ع خوشی +
طربال ع بلند منارہ بلند عمارت بلند صومعہ
طرح ع وضع ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ پھینک دینا ۔ دور کرنا ۔ بنیاد ڈالنی ۔ نقاشی کنارہ کرنا ایک رسم ہے ۔ ظالم بادشاہ رعایا کو اپنی جنس کی قیمت بڑھا کر دیتے ہیں ۔ وہ فوج جو لڑنے والی ۔ افواج کی مدد کیواسطے کھڑی رہے ۔ تاکہ جدھر غنیم کا غلبہ ہو ادھر مدد کو پہنچے +
طرح برداشتن ف نقل اٹھانا +
طرح چیزے انداختن یا ریختن ف اس (چیز) کی بنا ڈالنی ۔ اسے شروع کرنا
طرح کردن و ریختن و افشاندن ف کسی چیز کی بنا ڈالنا +
طرح کش ف مغلوب ۔ زبون ۔ مقلد نقاش +

طرح دادن ف اعراض کرنا منہ پھیرنا
طرخان ف ترکستان کے ایک بادشاہ کا نام تھا ۔ وہ نوکر جس سے خدمت لینی بادشاہ کی طرف سے معاف ہو ۔ اور ایک ساگ کا نام ہے جو کھایا جاتا ہے +
طرخون ع نام درخت ۔ عاقر قرحا جسکی بیخ دوا میں مستعمل ہے +
طرد } ع ہانکنا ۔ بچھڑوں وغیرہ کا
طرد } دور کرنا ۔ ہانکنا ۔ چلانا +
طرر ع جمع طرہ کی +
طرز ع طرح ۔ روش ڈھنگ +
طرطوس ف ایک پہلوان اور گاؤں کا نام ہے +
طرف ع سمت جہت ۔ گوشہ ۔ کنارہ ہر شے کا حصہ فارسی والے بمعنے حریف بمقابل اور وقت کے استعمال کرتے ہیں اور لفظ بستن کے ساتھ فائدہ کے معنی میں آتا ہے
طرف ع جمع طرفہ کی +
طرف ع آنکھ پلک یا آنکھ کا جھپکنا دیکھنا گوشہ ۔ کنارہ +
طرفا ع جھاؤ کا درخت +
طرف بستن ف حاصل کرنا فائدہ اٹھانا
طرفۃ العین ع آنکھ کا جھپکنا اتنا وقت جتنا ایک دفعہ پلک جھپکنے میں گزرتا ہے بہت تھوڑا عرصہ +
طرفدار ف بادشاہ حاکم سرحد نشین جاگیردار ۔ زمیندار +
طرفدار انجم ف آفتاب +
طرفدار انجم ف بادشاہ ترکستان اور ستارہ مریخ جو پانچویں آسمان پر ہے +
طرف شدن ف مقابل ہونا +

طرف گرفتن ف حمایت کرنا اور گوشہ نشینی
طرفہ ع عجیب ۔ تحفہ +
طرفہ ع ایک دفعہ آنکھ کا جھپکنا ۔ لمحہ ۔ آنکھ میں جو سرخ نقطہ پیدا ہوجاتا ہے ۔ قمر کی نویں منزل +
طرفہ داشتن حرف ف ایک کلام کا کئی معنے اور کنایہ رکھنا +
طرفین دونوں طرف ۔ دو جانب +
طرفے ف اندکے ۔ تھوڑا سا +
طرق ع جمع طریق کی +
طرقوا ع ہٹتے رہو نقیبان عرب بادشاہوں کے آگے یہ لفظ پکارتے جاتے ہیں +
طراقو زدن ف طرقوا کہنا +
طرقوازن ف نقیب ۔ چوبدار +
طرم ع شہد غلیظ +
طروب ع شادمان ۔ خوش +
طروب ع شادیہا ۔ خوشیاں +
طرّہ ع زلف پیشانی کے بال کنارہ ہر چیز دکان کا چھجا +
طرہ ایوان } ف چھجا جسے عربی میں منظر
طرہ والان } اور فارسی میں بارانگیر
طرہ بام } کہتے ہیں +
طری ع تازہ ۔ نیا +
طریان ع حادث ہونا ۔ وارد ہونا +
طرید طریدہ حملہ +
طریر ع خوبصورت مرد +
طریف غریب ۔ نادر نوزاد عجیب تازہ شگفتہ ۔ خوش آیندہ +
طریق ع رستہ ۔ راہ باٹ ۔ طور دستور شرستہ +
طریق برداشتن ف رستہ لینا چل دینا

طریقت ع راہ۔ اصطلاح علم تصوف میں باطن کی صفائی کا طریقہ جیسے شریعت ظاہر کی صفائی کا طریقہ دل کی صفائی تزکیہ کے ہیں +

طریق سوگواری برداشتن ف ماتم کی رسم

طریق گشتہ ف شرمندہ شدہ +

طریقہ ع راہ روش۔ طور۔ ڈھنگ۔ مذہب

طائے مہملہ مع سین مہملہ

طسوج کنارہ کو نیز چوتھائی دانگ یعنی جب کے برابر معرب تسو کا چوبیسواں (۲۴) حصہ اہر چیز کا

طائے مہملہ مع شین معجمہ

طشت معرب تشت کا۔ تھال +

طشت خاک ف زمین +

طشت خون ف آسمان +

طشت زر ف آفتاب +

طشت سیمین ف صبح +

طشت کسے از بام افتادن ف کسی کا رسوا اور خوار ہونا کسی کا راز فاش ہوجانا +

طشت گر ف تھال بنانے والا۔ ایک مطرب کا نام بھی ہے +

طشت نگون ف آسمان +

طشت و خایہ ف زمین و آسمان سے مراد ہے اور ایک کھیل ہے جس میں مرغ کے خالی انڈے کو شبنم یا پارہ سے بھر کر تھال میں رکھتے ہیں اور آفتاب کے سامنے چھوڑ دیتے ہیں انڈا اچھلنے لگتا ہے علم نجوم کا نام بھی ہے

طائے مہملہ مع عین مہملہ

طعام ع خورش۔ کھانا +

طعان ع نیزہ مارنا۔ نیزہ مارنے والے اس صورت میں طاعن کی جمع ہے +

طعم ع لذت۔ مزہ +

طعم ع خورش کھانا +

طعمہ ع خورش۔ خوردنی کھانا +

طعمہ ع ایک بار چکھنا +

طعن ع نیزہ مارنا عیب گیری کرنا سیر و رفتار

طعن و ضرب ع نیزہ اور تلوار کا مارنا لڑائی سے مراد ہے +

طعنہ ع ایک بار نیزہ مارنا عیب گیری۔ سرزنش +

طائے مہملہ مع غین معجمہ

طغان طغان شاہ ت بادشاہان ترک میں سے ایک بادشاہ کا نام ہے +

طغرا ت خط پیچیدہ جس میں القاب اور نام بادشاہوں کا فرمان پر لکھا جاتا ہے ایک شاعر کا نام ہے جس کے رسائل طغرا مشہور ہیں +

طغرل ت خاندان سلجوق میں سے پہلے بادشاہ کا نام جو سلطان مودود بن سلطان محمود غزنوی کے زمانے میں خراسان پر قابض ہوگیا تھا +

طغرل ت ایک شکاری جانور کا نام ہے

طغرل شدن ف چغتائی خاندان کے بادشاہ کا فوت ہوجانا +

طغاچ ت ترکستان میں ایک شہر کا نام ہے

طغیان ع حد سے گزر جانا۔ مجازاً زیادتی ظلم سرکشی +

طغیانی ع زیادتی +

طائے مہملہ مع فائے

طفادہ ع ہالہ جو سورج یا چاند کے گرد ہوا کرتا ہے +

طفل ع بچہ۔ لڑکا +

طفل ع وقت شام جو غروب آفتاب کے قریب ہو

طفلان چمن ف پودے بوٹے +

طفل چہل روزہ ف آدم علیہ السلام

طفل خوبتن ف آفتاب +

طفل در گریبان نداشتن ف نیستی کرنا

طفل را از پستان بریدن / طفل را از شیر باز کردن } بچہ کا دودھ چھڑا دینا

طفل رزان ف شراب انگوری +

طفل زباندان ف وہ بچہ جو استاد سے ایک ہی دفعہ سنکر یاد کرلے اور پوچھنے پر صاف صاف بتادے +

طفل شب ف چاند +

طفل شش روزہ ف دنیا سے مراد ہے جو چھ دن میں پیدا کی گئی +

طفل شش ماہ رز ف انگوری شراب

طفلک ف چھوٹا بچہ +

طفل مکتب ف نو آموز +

طفل ہندو ف آنکھ کی پتلی +

طفولیت ع بچپن۔ لڑکپن یہ مصدر جعلی ہے +

طفیف ع تھوڑا۔ ناتمام +

طفیل ع ایک شاعر کوفی کا نام ہے بدون بلائے شراب کی مجلس میں ہر ایک شخص کے گھر جاتا تھا۔ پھر اب اس کو کہتے ہیں۔ جو کسی کے سبب دعوت میں جاوے متاخرین ایک یا اس پر زا لگا کر طفیلی کہنے لگے ہیں مجازاً معنی اسکے سبب وسیلہ۔ ذریعہ کے ہیں +

طفیلی ع وہ شخص جو بے بلائے ضیافت میں آئے بمعنی مفت خور +

طائے مہملہ مع قاف

طقطق ع دو سخت چیزوں کے ایک دوسرے پر مارنے کی آواز +

طائے مہملہ مع لام

طل ع شبنم۔ اوس +

طل ع وہ عورت جسکا خاوند نہ ہو +

طلاء ع زر خالص سونا بعض کہتے ہیں کہ طلا معرب تلا ہندی لفظ کا ہے جس کے معنے سونے کے ہیں اور اصطلاح اطبا میں وہ لیپ جسکا قوام رقیق ہو طلا کہتے ہیں

طلائے احمر ع عمدہ سونا کندن +

طلاب ع جمع ہے طالب کی +

طلاق ع عورت کا نکاح سے چھوٹ جانا کشادگی۔ آزادگی۔ آزادی +

طلاق بائنہ ع وہ طلاق جس میں بدون نکاح کئے خاوند عورت کو بیوی نہیں بنا سکتا اور وہ کنایات سے ہوتا ہے

طلاقت ع کشادہ رو ہونا تیز زبان تیز زبان ہونا۔ فصاحت +

طلاق رجعی ع وہ طلاق جسکی مدت عدت میں خاوند عورت کو بن نکاح کئے بیوی بنا سکتا ہے ایک یا دو بار طلاق کا لفظ کہنا +

طلاق مغلظ / طلاق ثلاثہ } ع وہ طلاق جس میں مرد عورت کو تب تک

پھر اپنے نکاح میں نہیں لوٹا سکتا جب تک وہ کسی اور خاوند کے ساتھ نکاح نہ کر چکے تین دفعہ طلاق کا لفظ کہدینا +
طلاوت ع تر و تازگی ـ خوبصورتی رونق
طلائی ع سونے کا منسوب طلا سے +
طلائے ناب ف زر خالص +
طلایہ ف وہ سپاہ جو لشکر اور شہر کی محافظت کرے اور اُس کے گرد پھرتی رہے +
طلب ع مانگنا ـ خواہش ـ تنخواہ +
طُلَبَا / **طَلَبَہ** ع جمع طالب کی طلب کرنے والے +
طلبی ع بلوانا ـ بلاوا +
طلبیدن ف بُلانا چاہنا +
طلح ع ایک بڑا خاردار درخت ریگستان میں ہوتا ہے شگوفہ خرما کیلہ کا درخت +
طلحہ ع ایک درخت کا نام ہے عشرہ مبشرہ میں سے ایک صحابی کا نام ہے جو صدیق اکبرؓ کا چچیرا بھائی تھا ـ اور جنگ جمل میں مروان کے ہاتھ سے شہید ہوا +
طلسم ی تماشا جو شکل عجیب و غریب نظر آوے مہیب شکل مصنوعی سانپ جیسے خزانوں پر نصب کر دیتے ہیں ـ یہ لفظ یونانی ہے +
طلسمات ع جمع ہے طلسم کی +
طلع ع شگوفہ خرما +
طلعت ع دیدار ـ منہ دیکھنا رخ صورت
طلق ع دردِ زہ ـ جننے کا وقت ـ ابرک یا ابرق یشراب +
طلقِ رواں ف شراب +
طلقِ محلول ع ابرق حل کیا ہوا

جو اکسیر اعظم ہے +
طَلَل ع جسم کالبدن ـ تن جُثہ ـ ویران گھروں کے کھنڈر اسکی جمع اطلال ہے
طُلوب ع طالب +
طُلوع ع آفتاب کا نکلنا ـ ہر ایک ستارہ کا ظاہر ہونا باہر آنا ـ نکلنا +
طلیعہ ع وہ لشکر جو فوج سے آگے آگے دشمن کے اترنے کی جگہ وغیرہ امور دریافت کرنے کو جایا کرتا ہے ـ شہر اور لشکر کی محافظت کرنے والی سپاہ +

طائے مہملہ مع میم

طمّاع ع بڑا لالچی بہت لالچ کرنیوالا
طُمّاع ع جمع طامع کی طمع کرنیوالا لالچی
طمانین **طمانینت** ع اطمینان تسلی سکونِ قلب +
طمث ع حیض کا خون حیض والی عورت جماع ـ
طُمطُراق ع کر و فر شان و شوکت تجمل
طمس ع مٹا دینا ـ ناپید کرنا +
طمع ع لالچ ـ حرص ـ امید +
طمع بستن ف لالچ کرنا +
طمع خام ف ناممکن امر کا ارادہ +
طمع کردن ف طمع کرنی لالچ کرنا
طمغا مب یہ لفظ ترکی ہے حرص کرنا دیکھو تمغا +
طمغاچ ت ترکستان میں ایک ولایت ہے
طمغاچیاں ف طمغاچ کے رہنے والے

طائے مہملہ مع نون

طناب ع رسّی خیمہ کی ڈور +
طنابِ امل ع امید کی رسّی +
طناب زدن و **نہادن بر چیزے** ف پیمائش کرنا ناپنا +
طنّاز ع بہت رمزوں سے بات کہنے والا اور ناز سے چلنے والا شوخ +
طنبک ف دھونسا نقارہ ڈھول اصل میں تنبک ہے
طنبور **طنبورہ** ع طنبورہ جو مشہور باجا ہے
طنبورہ از غلاف بیروں آوردن ف راز فاش کرنا +
طنجیر ع پاتیلہ جو مشہور برتن ہے +
طنز ع تمسخر ـ رمز کی بات کہنا طعنہ +
طنطنہ ع طنبورہ اور باجہ وغیرہ کی آواز + کر و فر ـ نقارہ کی آواز زیر اور آواز بم کو دبدبہ بولتے ہیں +
طنین ع صدا ـ آواز +
طنین ع مکھی پشہ وغیرہ چھوٹی مکھیوں کی آواز +

طائے مہملہ مع واو

طواف ع خانۂ کعبہ کے گرد اگرد پھرنا کسی چیز کے گرد پھرنا +
طوّاف ع بہت طواف کرنیوالے +
طوارق ع جمع طارقہ کی سخت زمانہ حوادث
طوالت ع درازی +
طوالع ع جمع ہے طالع کی علم منطق کی ایک کتاب کا نام ہے
طوامیر ع جمع طومار کی +
طوائح ع حادثے آفتیں ـ ہلاکی +
طوائف ع جمع طائفہ کی +
طوپ ت توپ +
طوپچی ت توپچی +
طوبےٰ ع مونث ہے اطیب کی بمعنے خوشبودار تر ـ پاک تر خوشی ـ بشارت خوشخبری ـ بہشت میں ایک درخت ہے جس کی ٹہنی بہشت کے ہر ایک گھر میں پہنچی ہوگی طرح طرح کے میوے اور خوشبوئیں اس سے حاصل ہونگی +
طوبےٰ قامت ع محبوب +
طود ع بڑا پہاڑ ـ بلند گھاٹی پہاڑ کی قُلّہ کوہ +
طور ع وضع ـ ڈھنگ +
طُور / **طُورِ سینا** ع ملک شام میں ایک پہاڑ ہے جس پر حضرت موسےٰ علیہ السلام کو تجلے ہوئی تھی طور بن اسمعیل کی طرف منسوب ہے +
طوس مب توس کا خراسان میں ایک شہر ہے جسے اب مشہد کہتے ہیں ملک الشعرا فردوسی مصنف شاہنامہ وہیں کا رہنے والا تھا نوذر کے بیٹے کا نام بھی ہے +
طُوطی مب توتی ـ طوطا ـ توتا ـ نیلبر
طوطی مقال ع فصیح +
طوطیا نوش ف سکندر کے منشی کا نام تھا
طوطیہ صبح تو طلیبہ ہے بچھانا تمہید کے طور پہ کچھ بیان کرنا +
طوع ع رغبت ـ اطاعت ـ مطیع فرمانبردار +
طوعاً ع از روئے اطاعت اور فرمانبرداری کے +
طوعاً و کرہاً ع فرمانبرداری اور دھینگا دھانگی سے ـ خواہ مخواہ +

طَوغ ت نشان فوج ۔ جھنڈا +
طُوف ف سخت بوڑھی عورت +
طَوف ع کسی چیز کے گرداگرد پھرنا سرگشت +
طُوفان ع بارانِ سخت ۔ آب کثیر پانی کی رو جو ڈبو دیوے ۔ باد تند آندھی جو بہت تیز ہو +
طُوفان کردن ف بڑا کام کرنا +
طوق ع طاقت ۔ توانائی وسعت گلوبند حلقہ گول پٹہ +
طوقِ سہار ف قوس قزح +
طوقدار ف بندہ اسیر گرفتار قمری +
طوقِ ماہ ف چاند کا ہالہ +
طَول ع بخشش ۔ عطا +
طُول ع درازی لمبائی +
طولِ امل ع امید کی درازی حرص و دنیا +
طُومار ع نامہ صحیفہ لمبا خط +
طومان ۔ تومان ۔ تُمَن } عدد دس ہزار گنہ دس ہزار بیس ہزار روپیہ ایران کا ایک رائج الوقت طلائی سکہ ہے جو حجم میں ہمارے ہاں کی چوّنی کے برابر اور قیمت میں چار روپے کے برابر ہوتا ہے +
طومانِ عراق ت چالیس ہزار روپیہ کے قریب ہوتا ہے +
طُوے ت شادی نکاح مطلق شادی جشن اصل میں یہ لفظ ہے
طُوے ع شام میں ایک وادی ہے جیسے وادئ ایمن کہتے ہیں اسی وادی میں حضرت موسے کو پہلی دفعہ الہام ہوا +
طَوے ع گرسنگی ۔ بھوک +
طویت ع نیت اور قصد اور اندیشے کی پیچیدگی +
طَوِیل ع لمبا دراز علم عروض میں ایک بحر ہے اور اس میں چار دفعہ فعولن مفاعیلن کا تکرار ہوتا ہے ۔ اس بحر میں عربی کے شعر زیادہ ہوتے ہیں اور فارسی کے بہت کم +
طَوِیلہ ع لمبی رسی جو گھوڑوں کے پیر میں باندھتے ہیں پچھاری مجازاً وہ مکان جس میں گھوڑے باندھتے ہیں فارسی والے اس لفظ کو بیائے مجہول پڑھتے ہیں جیسے غوطہ اور بے ہوش کو +
طویلہ بردن زدن صبح ف صبح ہونا +
طویلۂ دُر ف موتیوں کی لڑی سلک مروارید +

طائے مہملہ مع ہائے ہوز

طَہارت ع پاکی ۔ پاکیزگی +
طہارت ع پاک دامنی +
طُہر ع حیض سے پاک ہونا ۔ وہ ایام جن میں حیض نہ ہو دو حیضوں کے درمیانی دن
طِہران م تہران ایران میں ایک شہر کا نام ہے جو اس ملک کا آجکل دار الخلافہ ہے +
طہماسپ ف ایران کے مشہور بادشاہ منوچہر کے بیٹے کا نام ہے ۔ ایران کے بادشاہان صفویہ سے دوسرا بادشاہ تھا جسکے زمانہ میں خراسان میں مدتوں ہنگامہ کارزار گرم رہا ۔ اور سلطان سلیمان شاہ روم کے ساتھ بھی ایک دفعہ لڑا ۔ مگر آخر کو دونوں میں صلح ہوگئی ۔ اس نے ۵۴ برس سلطنت کرکے ۹۸۴ھ میں وفات پائی +
طہمورث ف ایران کے پیشدادی خاندان کے بادشاہوں سے تیسرا بادشاہ ہوشنگ کا پوتا تھا اسے دیوبند بھی کہتے ہیں +
طُہور طہیر ع پاک کرنے والا پاک +

طائے مہملہ مع یائے تحتانی

طی ع پیچیدگی ۔ لپیٹ ۔ لپٹنا ۔ ضمن درمیان بھوک +
طے ع یمن میں ایک قبیلہ کا نام ہے جس میں حاتم طائی مشہور سخی ہوا +
طَیّار ع اڑنے والا پرندہ جو خوب اڑ سکے ۔ مجازاً ۔ مہیا +
طیارہ ف تیز رو جہاز یا کشتی یا گھوڑا +
طیاش ع سبک عقل ۔ جس کی عقل جاتی رہی ہو ۔ ہلکا بیہودہ آدمی +
طیان ع بھوکا ۔ پیچیدہ ۔ ہلکا بیہودہ گو ۔ ایک شاعر کا نام بھی ہے +
طِیب خوشبو ۔ تحفہ ۔ اچھا خوش مزاجی ۔ خوش طبعی ۔ خوشی پاک ہونا +
طَیّب ع حلال ۔ لذیذ ۔ پاکیزہ ۔ پاک ہونا
طیّبات ع خوش طبعی ہا +
طیّبُ الادا ع خوش آواز خوش گو +
طیبت ع مزاح خوش طبعی +
طیّب و مطیّب ع حضرت خاتم الانبیا صلعم کے دو صاحبزادوں کے نام ہیں
طیبہ ع نام مدینہ منورہ کا +
طیر ع پرند اڑنے والا جانور واحد اور جمع دونوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے
طیران ع اڑنا +
طِیرگی ف غصہ غضب خشم +
طِیرَۃ ع غصہ خفگی بشرہ +
طیرہ ع بری فال +
طیرہ ع خفت سبکی شرمندگی عیب غمناک خجل
طیش ع خفگی غصہ جوش ۔ عقل کی سبکی خطا کرنا عقل کا جاتا رہنا +
طیف ع خیال اور سونے میں کسی شے کا خیال آنا +
طیفُ الخیال ع ایک کتاب کا نام ہے
طے کردن ف طے کرنا ۔ فیصل کرنا
طے کش ف طے کا روزہ رکھنے والا یہ روزہ تیسرے دن کھاتے ہیں یا ہر ایک دن شام کو پانی کے دو چار قطرے پی لیتے ہیں
طَیلَسان م تالسان کا چادر کی ایک قسم ہے جو قاضی اور خطیب پہنتے ہیں
طی لسان ع چپ رہنا ۔ استعداد کلام کی
طین ع مٹی نمناک مٹی +
طینُ الحکمتہ ع پتلی مٹی یا کھڑیا جس میں کپڑا آلودہ کرکے برتن پر لپیٹتے ہیں تاکہ وہ آگ میں نہ ٹوٹ جائے اسکو طین الحکمتہ یا گل حکمت کہتے ہیں +
طینت ع سرشت ۔ پیدائش اصلی خو
طینی ع گل مٹی کی چیز +
طیور ع جمع طیر کی +
طیوری ع پرندوں کی چیز منسوب طیور سے +
طیہوج ع لوا جو مشہور پرندہ ہے

باب الظائے معجمہ

ظائے معجمہ مع الف

ظافر ۔ فتح کرنے والا۔ فتحمند +
ظالم ۔ ظلم کرنے والا +
ظامی ۔ پیاسا +
ظاہر ۔ کھلا ہوا۔ شہر کا گرد نواح۔ شہر کے باہر کا میدان۔ اوپری سطح +

ظائے معجمہ مع بائے موحدہ

ظباء ۔ جمع ظبی کی +
ظبی ۔ ہرن +

ظائے معجمہ مع رائے مہملہ

ظُراف ۔ جو شخص بہت ہی ظریف ہو
ظرافت ۔ خوش طبعی۔ عقلمندی۔ زیرکی۔ ہنسی ٹھٹھول +
ظرف ۔ برتن۔ باسن۔ عقلمندی۔ زیرکی۔ فارسی والے بمعنی حوصلہ بھی استعمال کرتے ہیں جیسے کم ظرف اور تنگ ظرف۔ ظرف مکان۔ ظرف زمان
ظرف لبریز شدن ۔ حوصلہ ختم ہو جانا
ظرفیت ۔ استعداد۔ حوصلہ۔ گنجائش
ظروف ۔ جمع ظرف کی +
ظریف ۔ خوش طبع۔ ہنسوڑ۔ دانا۔ عقلمند۔ زیرک +

ظائے معجمہ مع عین مہملہ

ظعن ۔ کوچ کرنا۔ چلنا +
ظعین ۔ کوچ کرنے والا۔ چلنے والا +
ظعینہ ۔ منکوحہ عورت جو ہودج میں بیٹھی ہو +

ظائے معجمہ مع فے

ظفر ۔ فتح۔ جیت۔ کامیابی۔ سراج الدین ابوظفر کا تخلص ہے جو خاندان تیموری کا آخری بادشاہ تھا اور رنگون میں قید رہ کر فوت ہوا
ظفر ۔ ناخن +
ظفرنامہ ۔ تاریخ تیموری جو شرف علی یزدی نے تصنیف کی ہے +
ظفرہ ۔ ناخونہ جو آنکھوں پر چھا جاتا ہے آنکھ کی بیماری

ظائے معجمہ مع لام

ظل ۔ سایہ۔ چھاؤں۔ نمود۔ خیال +
ظلال ۔ جمع ظل کی سائے +
ظلال ۔ بادل کا سایہ۔ سایہ دار جگہ +
ظل اللہ ۔ سایۂ خدا۔ سایۂ یزداں۔ بادشاہ سے مراد ہے +
ظلام ۔ پہلی رات کا اندھیرا۔ اندھیرا +
ظلام ۔ جمع ظلمت +
ظلّام ۔ بہت ظلم کرنے والا۔ سخت ظالم
ظل حق۔ ظل خدا ۔ خلیفہ۔ بادشاہ
ظل زمین ۔ رات سے مراد ہے +
ظل ظلیل ۔ گھنا سایہ۔ کامل سایہ +
ظلف ۔ کھر جو پایہ کا سم جو بیچ میں سے پھٹا ہو جیسا گائے بکری ہرن وغیرہ کا بخلاف گھوڑے گدھے خچر وغیرہ +
ظلل ۔ جمع ظلہ کی +
ظلم ۔ جور۔ ستم۔ بے انصافی۔ بیداد +
ظلم ۔ اندھیرا +
ظلم ۔ جمع ظلمت کی +
ظلمات ۔ جمع ظلمت۔ ظلمت کی ایک جگہ کا نام بھی ہے جیسے اٹلانٹک اور بحر ظلمات بھی کہتے ہیں ضرورت شعری کے باعث لام ساکن پڑھنا بھی جائز ہے
ظلمات اسکندری ۔ آب حیوان جو تاریکی میں ہے اور جہاں سکندر گیا تھا +
ظلمات ثلاثہ ۔ بچے کے واسطے جو پیدا ہوتا ہے تین تاریکیاں ماں کا پیٹ جھلی باپ کی پیٹھ
ظلمانی ۔ منسوب بظلم۔ تاریک۔ سیاہ۔ وہ شے جو شفاف نہ ہو۔ بعض جگہ یائے نسبت سے پہلے ان زائد آجاتا ہے جیسے نورانی حقانی جسمانی ہیں
ظلمانیت ۔ تیرہ ہونا۔ تیرگی پیدا ہونا +
ظلمت ۔ اندھیرا۔ تیرگی۔ سیاہی۔ تاریکی +
ظلمتیان ۔ بت پرست لوگ۔ وہ لوگ جو مذہب حق کو قبول نہیں کرتے +
ظلم دوست ۔ ظالم +
ظلمہ ۔ ظالم کی جمع +
ظلوم ۔ سخت ظالم۔ بڑا ظلم کرنے والا +
ظلہ ۔ چھتری۔ سائبان۔ صفہ۔ جو چیز سایہ کرے۔ جو بادل سایہ ڈالے +
ظلیت ۔ سایہ ہونا +
ظلیم ۔ شتر مرغ +
ظلیم ۔ بہت بڑا ظالم +

ظائے معجمہ مع میم

ظما ۔ تشنگی۔ پیاس +
ظماء ۔ پیاسے +

ظائے معجمہ مع نون

ظن ۔ گمان۔ وہم۔ یقین۔ تہمت +
ظنانت ۔ تہمت +
ظنون ۔ جمع ظن کی +
ظنی ۔ اتفاقی۔ عقل کے قریب +
ظنیہ ۔ جو بات کہ منسوب ظن سے ہو۔ وہ مقدمہ جو قریب یقین کے ہو +

ظائے معجمہ مع واؤ

ظواہر ۔ جمع ظاہر کی +

ظائے معجمہ مع ہائے ہوز

ظہار ۔ اپنی عورت کو مرد کا انت علیّ کظہر امّی کہہ بیٹھنا یعنی مجھ پر تو میری ماں برابر حرام ہے۔ اپنی عورت کو ماں کہہ بیٹھنا +
ظہارہ ۔ ابرہ قبا وغیرہ کا +
ظہر ۔ کمر۔ پشت +
ظہر ۔ دن کے زوال کا وقت۔ دوپہر کے بعد ایک دو بجے کا وقت۔ نماز پیشین +
ظہور ۔ ظاہر ہونا۔ پیدا ہونا۔ غالب ہونا۔ دکھا جانا۔ کسی شے کا جلوہ اور روشنی پانا +
ظہوری ۔ نورالدین کا تخلص ہے جو فارسی زبان کا بڑا مشہور شاعر ہے ایرانی الاصل ہے دکن ہندوستان میں ابراہیم عادل شاہ والیٔ بیجاپور کے دربار میں بڑی عزت کے ساتھ رہا۔ سہ نثر ظہوری اسکی تصنیف ہے +
ظہیر ۔ مددگار۔ پشت پناہ۔ ہم پشت۔ یاری دینے والا۔ ایک شاعر کا نام ہے جس کا دیوان مشہور ہے وہ قزل ارسلان کا ہمعصر تھا

ظائے معجمہ مع یائے تحتانی

ظئر ۔ دایہ۔ دائی۔ دودھ پلائی +

باب العین مہملہ

عین مہملہ مع الف

عابث ۔ کھیلنے والا وقت ضائع کرنیوالا
عابد ۔ عبادت کرنے والا پجاری +
عابر ۔ عبور کرنیوالا راہ پر گزرنے والا
پُل پر سے اترنے والا پار جانے والا +
عابرین ۔ جمع عابر کی +
عابرین سبیل ۔ رستے سے گزرنے والے
عاج ۔ ہاتھی دانت +
عاجز ۔ لاچار جس سے کچھ نہ ہو سکے +
عاجل ۔ جلد باز جلدی کرنے والا جو شے
سر دست اور بالفعل ہو عجلت سے ملنے
والی شے دنیا سے بھی مراد ہے +
عاد ۔ ہود کی قوم شداد اسی سے تھا یہ لوگ
بہت متکبر اور قوی اور دراز قامت تھے
حضرت ہود علیہ السلام نے انکی ہدایت میں
از حد کوشش کی مگر وہ راہ راست پر نہ آئے
اور آندھی کے طوفان میں مبتلا ہو گئے +
عادات ۔ جمع عادت کی +
عادت ۔ خو سبھاؤ +
عادل ۔ منصف انصاف کرنے والا
عادی ۔ خو یافتہ جسکو عادت پڑی ہوئی ہو
عادیان ۔ قوم عاد سے جو لوگ منسوب ہوں
عاذر ۔ ایک شخص کا نام ہے جو بے ایمان
مر گیا تھا حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے چالیس
برس کے بعد اُسے زندہ کرکے پھر مسلمان کیا
عاذل ۔ ملامت کرنے والا +
عار ۔ غیرت شرم عیب +
عارج ۔ اوپر چڑھنے والا عروج کرنیوالا +
عارض ۔ رخسار گال ملنے والا لاحق
ہونے والا وہ بادل جو افق میں پھیلا ہوا ہو
ابر فوج کا بخشی فوج کی موجودات لینے
والا سپہ سالار کمانڈر انچیف +

عارض افروختن ۔ ف غضبناک ہونا غصہ ہونا
عارض سیمیں ۔ چاندی جیسا رخسار
گورا رخسارہ +
عارضہ ۔ لاحق ہونیوالی شے بیماری +
عارضین ۔ دونوں رخسارے تثنیہ
ہے عارض کا +
عارضی ۔ لاحقی جو اصلی نہو +
عارف ۔ پہچاننے والا جاننے والا ولی
خدا ۔ خدا شناس +
عارفہ ۔ خدا کے پہچاننے والی عورت
عاری ۔ ننگا ۔ خالی +
عاریت عاریت ۔ مانگنا مانگ کر کوئی
چیز لینی مستعار چیز ۔ مانگے کی چیز +
عازم ۔ قصد کرنے والا ۔ قاصد +
عاشر ۔ دسواں حصہ یا دسواں حصہ لینے والا
عاشق ۔ عشق رکھنے والا چاہنے والا
عاشق خشک ۔ ف خسیس اور ذلیل
عاشق بے صدق عاشق +
عاشق سگ جان ۔ دنیا طلب لب دنیا
عاشق و معشوق ۔ دو نگینے مختلف
رنگ کے جو ایک انگوٹھی میں ہوں +
عاشورا ۔ عاشورہ ۔ ماہ محرم کی دسویں
تاریخ کا دن جو مسلمانوں کے ہاں متبرک دن
شمار ہوتا ہے امام حسینؓ کی شہادت بھی اسی
دن ہوئی تھی +
عاصفہ ۔ باد تند و سخت جھکڑ آندھی
عاصم ۔ باز رکھنے والا نگاہ رکھنے والا
قرآن مجید کے ساتوں قاریوں میں سے ایک
قاری کا نام ہے کوفہ میں قرأت سکھانے پر
مامور تھا امام ابوحنیفہؒ علم قرأت میں
انہیں کے شاگرد تھے اور ہندوستان میں

علے العموم اسکی قرأت کے موافق کلام اللہ پڑھا جاتا ہے
عاصی ۔ گنہگار نافرمان مجرم خطاکار
ابر عاصی وہ سیاہ بادل جو برستے نہیں
طبیبوں کی اصطلاح میں وہ مسہل جس میں مسہل
کی تاثیر نہو یا وہ رگ جس سے خون نہ نکلے +
عاطر ۔ خوشبودار ۔ مجازاً پاکیزہ و نفیس
عاطف ۔ مڑنے والا مہربانی کرنے والا +
عاطفت ۔ مہربانی کرنی مہربانی شفقت
عاطل ۔ بیکار خالی +
عاف ۔ معاف کرنیوالا خطا بخشنے والا +
عافیت ۔ آرام +
عافین ۔ معاف کرنے والے جمع ہے
عاف کی +
عاق ۔ ماں باپ کا نافرمان +
عاقبت ۔ آخر انجام +
عاقبت الامر ۔ انجام کار آخر کار +
عاقبت ندارد ۔ ف اسکا انجام اچھا نہیں
عاقد ۔ عقد کرنے والا عہد کرنے والا +
عاقر ۔ بانجھ عورت عقیم نازاینده یہ لفظ
مذکر اور مونث میں یکساں استعمال کیا جاتا
ہے یعنی تانیث میں ت نہیں لاتے +
عاقرقرحا ۔ اکرکرہ ایک چھوٹے سے درخت
کی تند مزہ لکڑی ہے جو دانتوں کے درد کے
لیے مفید ہے +
عاقل ۔ عقلمند ۔ زیرک +
عاکف ۔ گوشہ نشین مسجد میں ایک گوشہ
کے اندر عبادت کیلئے بیٹھنے والا +
عاکفان ۔ جمع فارسی ہے عاکف کی +
عاکفین ۔ جمع عربی ہے عاکف کی +
عالِم ۔ علم والا ۔ پڑھا ہوا جاننے والا
عَالَم ۔ جہان موجودات جو چیز سوائے خدا

تعالےٰ کے ہے ۔ وہ عالم ہے یہ لفظ وفاعل
بفتح عین) کے وزن پر ہے جو مفید معنے
اسم آلہ کے ہوتا ہے چونکہ عجائبات جہان کے مشاہدہ
سے قدرت اور ذات الٰہی پر علم اور وقوف
حاصل ہوتا ہے اسواسطے جہان "عالم" کہلایا
محاورہ میں معنے انواع مخلوقات بھی آیا ہے
اور فارسی اور اردو محاورات میں معنے حالت
صورت قسم جنس کے آتا ہے +
عالم شرف ۔ وہ شخص جو اپنے تئیں فاضل
اور صالح ظاہر کرے در حقیقت جاہل و فاسق ہو
عالم شرف عالم جاہلیت +
عالم آب ۔ ف نشہ شراب +
عالم شراب ۔ ف حالت بیہوشی +
عالم اسباب ۔ سببوں کا عالم جس میں
امور اسباب سے وابستہ ہیں دنیا +
عالم السر و الخفیات ۔ بھید اور
چھپی ہوئی باتوں کا جاننے والا خدا تعالےٰ +
عالم الغیب ۔ غیب جاننے والا غیب
کی باتوں کا جاننے والا خدا تعالےٰ +
عالم امر ۔ عالم ارواح فرشتوں کا عالم
عالم انفس و آفاق ۔ ع عالم ظاہری
عالم برزخ ۔ روحوں کا مقام مابین
موت اور قیامت کے +
عالم بالا ۔ ف فرشتوں کا عالم +
عالم جان ۔ ف عالم ارواح دنیا عالم سفلی
عناصر اربعہ +
عالم جاوید ۔ ف عالم آخرت +
عالم جبروت ۔ صفات خدا کا مرتبہ +
عالم خاک ۔ ف دنیا آدمی کا جسم +
عالم دو رنگ ۔ ف دنیا منافق اور غدار آدمی
عالم صغرا ۔ عالم صغیر ۔ ع انسان

ہے انسان اور شیم انسان سے اس واسطے
کہ جو کچھ عالم کبیر میں موجود ہے نظیر اُس کی
اس عالم صغیر میں بھی پائی جاتی ہے چنانچہ
روح بادشاہ ہے ۔ عقل وزیر اور ملکات
رعیت جن میں سے ملکات ردیہ دشمن اور شریر
ملکات فاضلہ محب اور مشیر اعضا جیسے شہر
اور حواس جیسے مددگار قوتیں اور ذہن جیسے
عامل اور خزانچی ۔ ہاتھ پاؤں اور ارکان
جیسے خدمتگار اور غلام دماغ آسمان دونوں
آنکھیں دونوں کان دونوں نتھنیں اور منہ سیارہ
ہڈیاں پہاڑ بال نباتات رگیں نہریں وغیرہ +

عالم عالم = بہت ہی کثرت سے +
عالم کون = دنیا عالم سفلی +
عالم لاہوت = عالم ذات الٰہی جہاں سالک کو مقام فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے +
عالم مثال = ایک عالم ہے لطیف تر بہ نسبت اس عالم اجسام کے جو چیز کہ اس عالم میں نظر آتی ہے اُسکی نظیر اس عالم میں پائی جاتی ہے
عالم معقول = عالم عقلی عالم ذہنی +
عالم معنی = وہ عالم جو محسوس نہ ہو سکے
عالم ملکوت = مرتبہ اسماء الٰہی +
عالم ناسوت = دنیاے فانی +
عالم وجود = عالم ہستی زندگی کا عالم +
عالم ہیولائی = عالم اجسام +
عالمی = دنیاوی ۔ عالم کا رہنے والا +
عالمیان = جمع ہے عالم کی +
عالی = بلند ۔ بلند رتبہ +
عالی جناب = بلند درگاہ ۔ بلند مرتبہ +
عالی حضرت ۔ عالی مرتبت ۔ عالی محل بلند مرتبہ کا آدمی +
عالیہ = بلند ۔ بلندی +

عامّ = بہر را فرا رسندہ ۔ پھیلا ہوا مشہور فارسی والے بہ تشدید استعمال کرتے ہیں +
عام = سال ۔ برس +
عامر = آباد ۔ آباد کرنے والا +
عامرہ = آباد معمور آباد کنندہ +
عامری = قبیلہ بنی عامر کے ساتھ منسوب
عامل = کارندہ کارکن عمل کرنیوالا حاکم کاریگر
عامل دریا و کان = آفتاب +
عامل جان = خدا تعالیٰ عناصر اربعہ
عامل طبع = روح حیوانی +
عامہ = مشہور ۔ عام +
عامی = اصل میں بہ تشدید میم ہے فارسی والے بہ تخفیف استعمال کرتے ہیں ۔ منسوب طرف عامہ کی آدمی جاہل ۔ مجازاً رعیت +
عاند = دشمن عناد رکھنے والا +
عانہ = ناف سے نیچے کا مقام جہاں کہ بال ہوتے ہیں +
عاہات = جمع عاہت کی +
عاہت = آفت مصیبت سختی +
عائد = لوٹ کر آنے والا عود کرنے والا
عائق = روکنے والا ۔ حائل ۔ مانع +
عائل = درویش +
عائلی = درویشی +

عین مہملہ باے موحدہ

عَبّ = پانی کا پے در پے پینا پیٹ بھر کر پانی پینا
عَبا = کملی اون کا کپڑا ۔ پشم کا ایک لباس ہوتا ہے جو مفلس اور غریب لوگ پہنتے ہیں جیسے قبا امرا پہنتے ہیں +
عُباب = سیلاب پانی کی بڑی اور بہتات اور بلندی ۔ ہر چیز کا اول +
عِباد = جمع عبد کی +
عُبّاد = جمع عابد کی +
عبادت = بندگی ۔ پوجا +
عبادت خانہ عبادت گاہ = جگہ پرستش کرنے کی معبد +
عبادت گر = پجاری +
عبارت = بیان بات بیان کرنا گذشتن [illegible]
عبارت از آن است = اس سے مراد ہے
عبارت کردن = کنایہ سے بات کہنا
عباس = شیر درندہ ۔ پیغمبر صلعم کے چچا اور حضرت علی کے ایک بیٹے کا نام ہے +
عباسی = منسوب بعباس جو حضرت عباس کی اولاد میں سے ہو ۔ ارغوانی رنگ سے بھی مراد ہے کیونکہ خلفاے عباسیہ اکثر سیاہ لباس پہنا کرتے تھے +
عباسیان = جمع عباسی کی ہے جو لوگ حضرت عباس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کی اولاد میں سے ہیں ۔ اور ہاشمی کے اولاد کے خلفاے عباسیہ جن کی سلطنت سنہ ۱۳۲ ہجری میں [illegible] پہلا بادشاہ انکا ابو العباس عبد اللہ بن محمد بن علی بن عبد اللہ بن عباس بن عبد المطلب بن ہاشم تھا اور آخری بادشاہ مستعصم باللہ ابو احمد بن مستنصر باللہ تھا [illegible] برس سے اوپر انکا عہد حکومت رہا +
عبث = بیہودہ بے فائدہ +
عبد = بندہ ۔ غلام +
عبد الدنیا = دنیا کا بندہ جو دنیا کی چیزوں کے حاصل کرنے میں غرق رہے اور دین کی پرواہ نہ کرے ۔ بڑا دنیا دار +
عبد الرحمن = ایک علم ہے بہشت میں سے ایک کا نام ہے ۔ عبد الرحمن نام ایک کتاب جسکی تصنیف ہے خلفاے سپین میں سے ایک بڑے عالیشان سلطان کا نام ہے +
عبد الشہوت = شہوت کا بندہ جو شخص نفسانی خواہشوں میں ایسا پھنس گیا ہے کہ اُسے دین و دنیا کی کچھ خبر نہ ہو +
عبد القادر = محی الدین محبوب سبحانی قطب ربانی غوث صمدانی نور یزدانی غوث الاعظم جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا لقب ہے ۔ [illegible] النسبتین دونوں طرف سے یعنی باپ کی طرف سے سلسلہ انکا حضرت امام حسن کے ساتھ اور ماں کی طرف سے امام حسین کے ساتھ ملتا ہے ۔ علم فقہ و حدیث و تفسیر منطق و معانی [illegible] اصول و منقول و معقول و صرف و نحو میں طاق اور [illegible] ظاہر و باطن [illegible] آفاق تھے اور ہزاروں آدمی [illegible] اور آج تک انکا سلسلہ طریقت جاری ہے [illegible] صوفیہ قادریہ اس سلسلہ کے [illegible] ہیں [illegible] الغیب [illegible] الطالبین مشہور کتابیں انہی کی تصنیف ہیں [illegible] مبارک ہوئی اور ۹۱ برس کی عمر پا کر سنہ ۵۶۱ ہجری میں [illegible] ایک شاعر ان کی تاریخ ولادت عاشق اور معشوق الٰہی سال رحلت قرار دیا ہے [illegible] موسیقی کے ایک استاد کا نام بھی ہے
عبد المطلب = جناب رسول خدا صلعم کے دادا کا نام ہے +
عبد الملک بن مروان = خلفاے مروانیہ میں سے پانچواں بادشاہ تھا جسکے عہد میں مختار ابن ابی عبید ثقفی نے خروج

اور خاموش ہو رہتے تھے اسواسطے اہل عرب انکو عجم دیعنے گنگ و گندزبان) کہنے لگ گئے +

عُجُم ء گنگ گندزبان ملک عجم کے رہنے والے

عُجْم ء حروف پر نقطے دینا اعراب حروف

عَجَمِی ء جو شخص عرب کا باشندہ نہ ہو اکثر ایرانی و تورانی سے مراد ہوتی ہے +

عَجْن ء خمیر کرنا +

عَجُوز ء بڑھیا بڈھی عورت +

عجوزِ خشک پستان ف بے وفا دنیا وہ عورت جس نے کچھ جنا نہ ہو +

عجوزۂ فرتوت ف دنیا عالم +

عَجُول ء جلد کار جلدی کرنیوالا اجیران

عَجْوَہ ایک قسم کی کھجور ہے جو مدینہ منورہ میں نہایت ہی عمدہ ہوتی ہے جو شخص سات عدد ہر صبح کھالیا کرے اُس پر زہر اثر نہیں کرتا +

عَجِیب ء انوکھا وہ شئے جس سے تعجب پیدا ہو +

عَجُول ء شتاب کرنے والا جلد باز

عَجِین ء خمیر +

عین مہملہ مع دال مہملہ

عَدّ ء شمار کرنا ۔ گنتا شمار +

عِدا ء جمع عدو کی دشمن +

عُدات ء عادی کی جمع جس کے معنی ہیں دشمن ظالم تعدی کرنے والا +

عِداد ء گنتا شمار +

عَدالت ء انصاف کی کچہری انصاف کرنا نیاؤ برابری +

عَداوت ء دشمنی ۔ بیر +

عُدّت ء تیاری ۔ آمادگی ۔ سامان ۔

عِدّت ء گنتی ۔ شمار ۔ جماعت طلاق کے بعد وہ دن جس میں عورت کو دوسری شادی کرنی شرعاً ممنوع ہے چنانچہ مطلقہ عورت کے واسطے تین حیض مدت عدت ہے اور نابالغ اور آئسہ کے واسطے تین مہینے اور بیوہ عورت کے لئے چار مہینے دس دن اور حاملہ عورتوں کے لئے عدت وضع حمل ہے +

عَدَد ء گنتی ۔ شمار ہندسہ +

عَدَس ء مسور ۔ مسور کی دال +

عَدْل ء انصاف کرنیوالا دادگر سچا اور منصف آدمی جو گواہی دینے کے لایق ہو ۔ انصاف دادگری ۔ مانند نظیر +

عِدْل ء ایک طرفہ بار جو گھوڑے کی پیٹھ پر لادیں +

عَدْل پرور ف عادل منصف +

عَدْلِ تقدیری ء اسم کا اپنے اصلی صیغے سے بے قاعدہ نکالنا +

عَدْلَین ء دو متقی اور صالح گواہ +

عدم ء نیستی ۔ نفی نہ ہونا +

عَدْن ء اقامت ٹھیرنا کسی جگہ ہمیشہ رہنا بہشت کے باغ جن میں آدمی ہمیشہ رہینگے

عَدَن ء ملک عرب کے جنوبی سمت کو ایک بندرگاہ ہے اور اب انگریزوں سے متعلق ہے

عَدْنان ء رسول صلعم کے اجداد میں سے ایک شخص کا نام ہے +

عَدْو ۔ عَدُو ء دشمن بیری +

عَدْوا ء حد سے تجاوز کرنا +

عُدُول ء گواہ مقبول ۔ سچا آدمی عادل ہم وزن ہم رتبہ +

عُدُول ء راہ سے پھر جانا ۔ روگردانی کرنا

مُنہ پھیرنا اعراض +

عُدْوان ء دشمنی کرنا ظلم زیادتی تعدی اور جمع عادی کی بمعنی دشمنان +

عُدْوَہ ء ندی کا کنارہ +

عِدَّہ ء گروہ جماعت ۔ عورت کی عدت

عَدِید ء نظیر ۔ مانند گنے ہوئے گنتی کے کئی چند مجازاً بمعنے بہت سے کثرت سے

عَدِیدہ ء گنے ہوئے گنتی کے کئی چند مجازاً بمعنے بسیار ۔ فراوان بہت سے

عَدِیل ء برابر رتبہ اور قدر میں ہمرتبہ ہمسر مساوی ہم وزن کجاوے میں جو دو آدمی ایک ایک طرف بیٹھتے ہیں وہ بھی ایک دوسرے کے عدیل کہلاتے ہیں +

عَدِیم ء ناپید اگم ۔ نایاب +

عَدِیمُ المِثال ء بینظیر بے مانند لاثانی

عین مہملہ مع ذال معجمہ

عذاب ء دکھ ۔ شکنجہ +

عذابُ الحریق ء حریق کے معنے سوزش جلنا آگ کی لپٹ یا بھڑکتی آگ کے ہیں عذاب الحریق کے معنے جلنے کا عذاب بھڑکتی آگ میں جلنے کا دکھ +

عذاب الہُون ء دکھ کی ماخواری کا عذاب

عِذار ء رخسارہ چہرہ +

عذب ء شیریں میٹھا خوش مزہ خوشگوار

عذبُ البیان ء جسکی تقریر شیریں اور دلچسپ ہو ۔ شیریں کلام +

عُذْر ء بہانہ کسی بات کا سبب +

عَذْرا ء آنکھارا ظاہر صاف کنواری عورت کنواری لڑکی ایک معشوقہ کا نام ہے جس پر وامق عاشق تھا برج سنبلہ جس کی صورت لڑکی کی سی ہے وہ شخص جو ہاتھ میں خوشہ گندم لئے ہو +

عُذر پذیر ف عذر قبول کرنے والا +

عُذر تراشان ف حیلہ سے کنایہ ہے +

عُذر لنگ ف لاوچ اور کمزور بہانہ

عُذر نہادن ف عذر قبول کرلینا +

عُذر نیوش ف عذر قبول کرنے والا

عُذر نیوشی ف عذر سننا عذر قبول کرلینا

عَذوبت ء پانی کا میٹھا اور خوش مزہ ہونا مجازاً ہر شئے کا میٹھا ہونا مٹھاس +

عین مہملہ مع رائے مہملہ

عَرّابہ ء گاڑی چھکڑا +

عُرات ء جمع عاری کی ننگے +

عَرّادہ ء آلات قلعہ گیری میں سے ایک آلہ ہوتا ہے جیسے گوپھیا ۔ مگر محاورۂ حال میں پہیہ دار ہوتے ہیں جن پر توپ چڑھاتے ہیں) کو بولنے لگے ہیں یہ لفظ توپ کے ساتھ اس طرح استعمال کیا جاتا ہے جس طرح راس لدوا در عدد جیسے جانوروں کے ساتھ زنجیر فیل کے ساتھ نلا وہ در عدد کے ساتھ نفر آدمی کے ساتھ وغیرہ وغیرہ مگر کبھی صرف عرادہ ہی توپ کی جگہ لکھدیتے ہیں

عُرّآشہ ء سوغات جو سفر سے لائیں پیشکش تحفہ

عِراق ء لغت میں عراق کے معنی کنارۂ دریا کے ہیں مجازاً وہ ملک جو دریائے جیحوں اور دریائے دجلہ و فرات کے کناروں پر واقع ہیں اور کہا دریائے جیحوں کے کنارہ پر ہے وہ عراق عجم کے نام سے نامزد ہے خراسان اور اصفہان وغیرہ اسی میں داخل ہیں اور چونکہ کنارہ دریائے دجلہ و فرات پر واقع ہے

اسے عراق عرب کہتے ہیں بغداد بھی اسی میں شامل ہے عراق ایک مقام موسیقی کا نام بھی ہے جسے بوقت چاشت گاتے ہیں +

عِراقَین ع تثنیہ عراق کا ہے دونوں عراق یعنی عراق عجم و عراق عرب +

عِراک ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا +

عَرّاک ع سخت بلنے والا گوشمالی دینے والا لڑنے والا جنگی +

عَرائِس ع جمع ہے عروس کی عورت یا مرد جسکی ابھی شادی ہوئی ہو مگر اکثر اطلاق اس کا عورت پر کرتے ہیں +

عَرَب ع براعظم ایشیا میں اسکے مغرب اور افریقہ کے مشرق کی طرف ایک ملک ہے مکہ معظمہ جس میں نبی آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام بانی اسلام پیدا ہوئے اور مدینہ منورہ جس میں آنحضرت صلعم کا روضہ مبارک ہے اور عدن اور مخا اور مسقط وغیرہ اسی کے شہر ہیں لغوی عرب کے لفظ کے بیابان اور جنگل کے ہیں چونکہ اس میں صحرا بکثرت ہیں اور دریا کوئی نہیں اسواسطے عرب کہلایا اور نیز عرب کے معنے شہر کا رہنے والا عربی آدمی

عربان ف جمع فارسی عرب کی ہے +

عَربَدَہ ع لڑائی جنگ و دنگا فساد بدخوئی جنگجوئی +

عَربَدَہ جُو ۔ ف جنگجو ۔ چاپلوسی اور فریبی کے معنے میں بھی آتا ہے بازیگر کو بھی کہتے ہیں +

عَربِستان ف عرب کا ملک +

عَرب سرا ۔ ع شاہجہان آباد دہلی سے جنوب کی طرف مقبرہ ہمایوں شاہ کے پاس اسکی بیوی حاجی بیگم نے ایک بڑی شاندار سرائے بنائی ہے جسکے دروازے بڑی نمود کے ہیں چونکہ اس سرائے میں بیگم کے ملازم عرب رہتے تھے اسواسطے اس کا نام عرب سرائے پڑ گیا

عَرَبی ع منسوب عرب سے عرب کا +

عُرجُون ع کھجور کی ٹہنی +

عَرخو ع بلی اور کتے کا آواز اس کے غصے کے وقت +

عِرس ع خاوند والی عورت زن باشوے

عُرس ع شادی یا نکاح کا کھانا مجازاً مجلس طعام و فاتحہ کسی بزرگ کی اُسی دن جس روز کہ وہ فوت ہوا تھا +

عَرش ع تخت چھت خداتعالےٰ کا عرش +

عرش آشیانی ف وہ شخص جسکا گھر عرش پر ہو شاہان مغلیہ کو مرنیکے بعد ایک خطاب ملا کرتا تھا چنانچہ جلال الدین اکبر بادشاہ کا یہ خطاب ہے

عرش اعظم ع عرش خداتعالےٰ کا +

عرش اکبر ع آدمی کا دل قلب +

عرش ثانی ع کرسی سے مراد ہے +

عرش سبائی ع تخت بلقیس جو شہر سبا میں تھا

عرش داران ف انبیا اولیا اہل اللہ

عرشیان ف ملائکہ مقربین حاملان عرش

عَرصَہ ع میدان صحن انگنائی شطرنج کی بساط مدت +

عرصہ شطرنج ع شطرنج کی بساط +

عَرَصات ع جمع عرصہ کی قیامت +

عَرض ع کسی چیز کا کسی شخص پر ظاہر کرنا پیش کرنا بیان کرنا چوڑان پہنائی گھٹیا مال و متاع اسباب مجازاً عرصہ مدت در عرض معنے درمیان +

عَرَض ع جو بذاتہ قائم نہ ہو بلکہ قائم بالغیر ہو جیسے رنگ کپڑے پر حروف کاغذ پر کپڑا اور کاغذ جوہر قائم بذاتہ ہیں اور رنگ اور حروف عرض جنکا قیام کپڑے اور کاغذ کے وسیلے سے بیماری جو بسبب کسی اور بیماری کے عارض ہو جیسے درد سر تپ کے سبب سے پیدا ہو جائے یا تپ کسی درد کے سبب آنے لگے +

عُرض ع کنارہ طرف +

عِرض ع عزت آبرو بدن جسد +

عرض بیگی ت وہ شخص جو لوگوں کی عرض معروض بادشاہ کے پاس جاکر بیان کرے

عَرَض حیات عرض عمر ع لذت عمر عمر کو عیش و عشرت سے بسر کرنا +

عرضداشت ف عرضی +

عرض سپاہ عرض لشکر ف فوج کی موجودات لینی +

عرض سپاہ و بدن ف مرتب اور آراستہ کی سپاہ کا ملاحظہ کرنا +

عرض گاہ ف سپاہ کے شمار کرنیکا میدان پریڈ جہاں فوج کی موجودات لی جائے +

عَرضَہ ع ایکبار ظاہر کرنا کسی چیز کو کسی شخص پر آشکارا کرنا عرض کرنا عریضہ عرضی

عُرضَہ ع ہمت حیلہ آگے پھینک دیا ہوا پیش کیا ہوا سامنے لایا ہوا اور جو شے سامنے لائی جائے سپر ڈھال +

عرضہ شمشیر ساختن ف تلوار سے قتل کرنا تہ تیغ کرنا +

عرضی ع عارضی جو اصلی نہو جو عارض ہوا ہو

عَرعَر ع سرو کوہی چیڑ کا درخت +

عُرف ع مشہور نام عام نام پہچان نکوئی حسان

عَرف ع خوشبو +

عُرَفا ع جمع عارف کی +

عَرَفات ع ایک فراخ میدان کا نام ہے جو مکہ معظمہ سے نو کوس کے فاصلہ پر ہے عرفہ یعنی حج کے دن حاجی لوگ یہاں آکر ٹھہرتے ہیں اور لبیک اور دعائیں پڑھتے ہیں اور ظہر اور عصر کی نماز یہیں ادا کرتے ہیں اور پھر مکہ میں لوٹ آتے ہیں +

عِرفان ع شناخت پہچان پہچان خدا کی بے حجابی +

عَرَفہ ع ماہ ذی الحج کا نواں دن جس روز مسلمان لوگ حج کرتے ہیں اور حاجی عرفات میں جاکر احکام حج بجا لاتے ہیں +

عُرفی ع رسمی ظاہری ایک مشہور شاعر کا تخلص ہے جس کا نام جمال الدین تھا اور محمد جلال الدین اکبر بادشاہ غازی کے وقت میں ہند میں آیا تھا قصائد عرفی مشہور کتاب اسی کی تصنیف ہے عالم جوانی میں اس نے وفات پائی

عِرق ع درخت کی جڑ رگ نس +

عَرَق ع پسینا اور وہ پانی جو دوائیوں کا تجلہ بنا کر بناتے ہیں +

عِرق الشجر ع درخت کی جڑ +

عِرق النسا ع ایک رگ سرین سے نکلکر تا ٹخنہ لنگ تک جاتی ہے اور ایک بیماری کا نام بھی ہے جسے ہندی میں رانگھن کہتے ہیں

عرق انفعال ع شرمندگی کا پسینا

عرق برآمدن اختن ف پسینا بہانا +

عرق پاک کردن ف پسینا پونچھنا

عرق بہار ف گلی دوائیوں کے پھولوں کا عرق شراب +

عرق حیا عرق خجالت ع شرمندگی کا پسینا

عرق چین ف پسینا پونچھنے کی چیز ایک

قسم کی ٹوپی بھی ہے +
عرقِ دو آتشہ ف دو دفعہ کا کھنچا ہوا عرق
عرق دویدن و چکیدن و رفتن ف
پسینا بہنا +
عرق ریختن و راندن ف کسی کام
میں بہت کوشش کرنا شرمندہ ہونا +
عرق بروے کسے ریختن ف منہ پر
پانی کا چھینٹا دینا جگا دینا ہوشیار کرنا +
عرق ریز ف خادم اور بہت سعی کرنیوالا
عرق شفقت در حرکت آمدن ف
شفقت و محبت کا جوش میں آنا +
عرق کردن ف پسینا لے آنا شرمندگی
اُٹھانا ۔ شرمندہ ہونا عطا کرنا +
عرق کردہ ف وہ گھوڑا جسے بہت بھاگ
دوڑ کرنے کے باوجود بھی پسینا نہ آئے +
عرق گل ف گلاب +
عرق گیر ف چھوٹا سا رومال پسینا پونچھنے
کا شرمندہ منفعل +
عرق مدنی ع نارو ایک بیماری ہے
عُرقوب ع قوم عمالقہ میں سے ایک شخص
کا نام ہے جو وعدہ خلافی میں ضرب المثل ہے
عرقیہ ع پسینا پونچھنے کا چھوٹا سا رومال +
عرم ع رود خانہ بند جو نہر کے پانی کو روکنے
کو باندھا جائے +
عرمرم ف لشکر +
عروب ع وہ عورت جو اپنے خاوند سے بہت
محبت رکھے زن خندہ رو اور وہ عورت جس سے
اُس کا خاوند بہت محبت رکھے +
عُروج ع چڑھنا ۔ بلند ہونا +
عُروس ع دلہا ۔ دلھن اگرچہ اسکا اطلاق
دلھن اور دُلہا دونوں پر درست ہے مگر اکثر
دُلھن پر آتا ہے +
عروس ارغنون زن ف زہرہ
عروسانِ باغ عروسانِ چمن
ف پھول اور باغ کے سے پودے +
عروسانِ بیابان ف لدو اونٹ کے
کے راہ گئے لدو اونٹ خصوصاً +
عروس تاک ف شراب +
عروسِ عدن ع چاند رات +
عُروس عرب ع مکہ معظمہ +
عروسک ف چھوٹی سی دلھن جو جنگ کا ایک
ہتھیار ہے لڑکیوں کے کھیلنے کی گڑیا
آلو کی قسم کا ایک میوہ ہے +
عروس جہاں عروس خشک پستان
عروس شوے مردہ عروس مردہ شوے دنیا
عروس چہارم فلک عروس صبح
عروس خاوری عروس روز عروس
فلک عروس نہ فلک ف سورج
عروسک بازی ف لعبت باز +
عروس فلک ف شہر جو خوبی اور آراستگی
میں اور شہروں پر فائق ہو مجازاً ہر ایک ملک
عروسی ع نکاح ۔ شادی خوشی +
عروض ع ظہور عارض ہونا +
عُروض ع ایک مشہور علم کا نام ہے جس
میں نظم کی درستی کے قواعد مذکور ہوتے ہیں
اُس میں ذکر بحور اور اُن کے ارکان و زحافات
کا ہوتا ہے بحر کل ۱۹ ہیں طویل مدید بسیط
وافر کامل ہزج رجز رمل سریع منسرح
خفیف ۔ مضارع مقتضب مجتث متقارب
متدارک قریب جدید مشاکل ارکان یا
افاعیل ہشتگانہ یہ ہیں فعولن فاعلن مفاعلین
مستفعلن ۔ متفاعلن فاعلاتن مفعولات
زحافات اسم کے قریب ہیں مفصل حال
عروض کی کتابوں مثلاً عروض سیفی یا حدائق
البلاغت وغیرہ سے معلوم ہو سکتا ہے +
عُروق ع جمع عرق کی نچوڑا ہوا پانی رس
اور جمع عرق کی بھی ہے بمعنے رگیں نسیں
جڑیں نباتات کی +
عُروہ ع ہر چیز کا گوشہ ہر چیز کا دستہ کوزے
اور لوٹے وغیرہ کا دستہ جس سے اسکو پکڑ سکیں
مجازاً ذریعہ وسیلہ +
عُروۃ الوثقےٰ عُروۂ وثقےٰ ع اصل لغت
میں اس کے معنے ہیں کوزہ وغیرہ کا دستہ جو
محکم ہو اور آسانی نہ اکھڑ سکے دو محاورہ میں ہر شخص
جسے اختیار کر سکیں ہر شے جس سے متمسک
ہو سکیں دست آویز محکم +
عُریان ع ننگا ۔ برہنہ +
عریض ع چوڑا عرض دار +
عریضہ ع عرضی عرض +
عریکہ ع اونٹ کی کوہان +
عرین ع صحرا جنگل بن جہاں شیر و
وغیرہ درندے رہتے ہیں شیر عرین بن کا شیر +

عین مہملہ مع زائے معجمہ

عزّ ع عزیز ہوا معزز ہو گیا +
عزّ ع عزت +
عزّ ع غلبہ +
عزا ع مصیبت پر صبر کرنا شکایت کرنا کسی
چیز سے نسبت کرنا مجازاً ماتم پرسی ماتم
عُزّے ع ایک درخت تھا جسکو کفار عرب
پوجتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے
حکم سے خالد بن ولید نے اُسے جلا ڈالا تھا
فارسی والے اس لفظ کو بے تشدید بھی استعمال
کرتے ہیں +
عزا پرسی ف ماتم پرسی تعزیت +
عزازیل ع شیطان +
عزائم ع جمع عزیمت کی +
عزب ع مجرد آدمی وہ آدمی جس کی جورو
نہو بیوہ عورت کے معنی میں بھی آتا ہے
عزت ع عزیز ہونا غالب ہونا حرمت آبرو
پرتشٹا +
عزرائیل ع مرکب ہے عزرا بمعنے
بندہ اور ائیل بمعنے خدا ہے بندۂ خدا
وہ فرشتہ جو جانداروں کی روح قبض کیا کرتا ہے
عزل ع بیکاری اور بیکار کرنا +
عزلت ع گوشہ نشینی عبادت کیلئے
زن و فرزند سے الگ ہو بیٹھنا +
عزلت دوست عزلت گزین ف
گوشہ نشین ۔ عابد ۔ مرتاض +
عزل و نصب ع معزولی اور بحالی
عزم ع ارادہ قصد یہ لفظ ع کے پیش سے
سے بھی درست ہے +
عزمات ع جمع عزم کی +
عزیز ع ارجمند کمیاب بے مثل پیارا غالب
لقب بادشاہ مصر کا اور قدیم زمانہ مصر کا لقب
وزرائے مصر کو ملا کرتا تھا اب شاہ مصر کا
لقب خدیو مصر ہے +
عزیز مصر ع شاہ مصر +
عزیمت ع قصد دلی ارادہ منتر افسوں
عزو ع کسی چیز سے نسبت کرنا مصیبت پر صبر کرنا
عزہات ع نامرد جسکی قوت باہ زائل ہوچکی ہو

عین مہملہ مع سین مہملہ

عُسّ ع بڑا پیالہ +

عَسار ء درویشی مفلسی +
عَساکر ء عسکر کی جمع ہے فوجیں
عَسجد ء زر طلا - جواہر جیسے موتی یاقوت وغیرہ
عَسر ء دشواری تنگی اور کام کا دشوار ہونا
عُسر ء دشوار مشکل +
عُسرات ء تنگی مفلسی دشواری +
عَسس ء کوتوال محافظ شہر +
عَسعَس ء رات کا اندھیرا چھایا
عسقلان ء ملک شام میں ایک شہر اور ایک ندی بھی ہے +
عسقلانی ء عسقلان کا عسقلان کا رہنے والا
عَسکَر ء معرب ہے لشکر کا لشکر فوج جماعت رات کی تاریکی خوزستان میں شوستر کے پاس ایک شہر بھی ہے گنے کا بنا ہوا ایک قسم کا شراب بھی ہے حرمین کے درمیان ایک گاؤں ہے جسے سامرہ بھی کہتے ہیں
عسکری ء منسوب بہ عسکر یہ امام علی النقی اور ان کے بیٹے حسن کا لقب بھی ہے
عسل ء شہد انگبین اسکی تاثیر گرم ہے
عسل طبرزد ء شیرہ نبات +
عسٰے ء قریب ہے یقین ہے شاید +
عسیر ء دشوار مشکل +

عین مہملہ مع شین معجمہ

عشش ء آشیانہ گھونسلا +
عشا ء رات کا کھانا بیالو کرنا طعام شب
عَشا ء شب کوری رتوندا رات کو نہ دکھائی دینا رات کی نماز کا وقت نماز خفتن +
عشاء ء اول شام رات کا شروع شام کا وقت +
عُشّاق ء جمع عاشق کی اور نام ہے ایک مقام راگ کا جو دو گھڑی دن رہتے گاتے ہیں
عَشایر ء جمع ہے عشیرہ کی کنبے قبیلے
عُشب ء ہری گھاس گیاہ تر +
عُشر ء دسواں حصہ $\frac{1}{10}$ +
عَشَر ء دس عدد ۱۰ +
عشرات ء دہائیاں جو کل نو ہیں دس بیس تیس چالیس پچاس ساٹھ ستر اسی نوے +
عِشرت ء خوش دلی خوش زندگانی عیش و آرام +
عشر خوان ء بچہ نوآموز جس نے ابھی قرآن شریف شروع کیا ہو قرآن کا قاری وہ شخص جو مردہ کی قبر پہ قرآن شریف پڑھے
عُشر عشیر ء دسواں کا حصہ $\frac{1}{100}$
عشرہ ء دسواں دن مہینے کا +
عشرہ کاملہ ء پورے دس دس روزے حاجیوں کے جو تین حج سے پہلے اور سات حج کے بعد رکھا کرتے ہیں اور یہ حکم اُن لوگوں کے واسطے ہے جنہیں قربانی دینے کی طاقت نہیں ہوتی +
عشرین ء بیس عدد ۲۰ +
عشق ء کسی شے کیساتھ حد سے بڑھکر محبت کرنا جنون کے قسم کا ایک مرض ہے جو حسین صورت کے دیکھنے سے پیدا ہو جاتا ہے اصطلاح میں اس لفظ کے معنے سلام و داع کے ہیں چنانچہ اکثر آزاد لوگ یہاں بھی بجائے سلام علیک کے عشق اللہ کہا کرتے ہیں +
عشق باز ف عاشق چاہنے والا کبوتر باز
عشق پیچان ف عشق پیچہ +
عشقہ عشق پیچہ +
عشوق ء صاحب عشق بہت عشق کرنے والا
عشوہ ء پوشیدہ کام کرنا پوشیدہ کام آگ جو رات کے وقت دور سے نظر آئے ناز کرشمہ ایسی حرکت و ناز معشوق کا جو عاشق کو فریفتہ کرے معشوقوں کا انداز فریب +
عِشیت ء رات کا وقت پہر رات گئی کا وقت اندھیرے کا وقت +
عشیر ء کنبے کا آدمی ہمسایہ کسی کے ساتھ رہنے والا - دسواں حصہ +
عشیرہ ء دسواں حصہ کنبہ قبیلے +
عشیقہ ء معشوقہ +

عین مہملہ مع صاد مہملہ

عَصا ء لاٹھی چوب دستی +
عُصاب ء شاہترہ +
عصابہ ء ایک قسم کا کپڑا ہے جو سر پر باندھتے ہیں
عُصات ء جمع عاصی کی +
عَصار ء روغن گر تیلی یہ وزن فعال کا اکثر پیشہ وروں کیلئے آتا ہے جیسے قصار خباز حلاج قصاب سیاح قصاو جلاد صباغ وغیرہ +
عُصارہ ء شیرہ رس نچوڑا ہوا پانی +
عَصافیر ء عصفور کی جمع ہے +
عصام ء پانی بھرنے کی مشک کا وہ تسمہ جسکے ذریعہ اُسے اٹھاتے ہیں سید مشک ثانی بن منذر کے حاجب کا نام ہے جو بڑا نیک خصلت تھا
عصا و پاے افراشتن ف سفر کی تیاری کرنا سفر کو تیار ہونا +
عصاے کلیم ء حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی جو معجزہ سے اژدہا بن جایا کرتی تھی
عَصَب ء جمع عصبہ کی معنے پے پٹھہ
عُصبہ ء جماعت آدمیوں کی دس سے چالیس تک +
عَصَبات ء جمع عصبہ کی +
عَصَبہ پے پٹھہ اسکی جمع عصب و اعصاب آتی ہے +
عَصَبہ ء باپ کی طرف کا رشتہ دار اور بیٹے عصبات جمع +
عصبیت طرف داری تعصب استواری خویشاوندی +
عصر ء زمانہ روزگار دن کا آخر حصہ نماز عصر نچوڑنا +
عصف عصوف ء ہوا کا تند اور زور سے چلنا +
عُصفر ء کسنبہ سرخ جامہ +
عُصفور ء چڑیا کنجشک +
عصمت ء اپنے تئیں گناہ سے بچانا پاکدامنی پاکی +
عصمتیان ف انبیا اور اولیا اور ملائک اور اہل عزلت اور پردہ نشین عورتوں اور خلوت نشینوں سے مراد ہے حضرت مریم کو بھی کہتے ہیں
عصو ء عصا مارنا +
عصیان ء گناہگاری نافرمانی سرکشی
عَصیب ء طرفدار استوار خویشاوند رشتہ دار
عصیدہ ء ایک قسم کا طعام ہے جو آٹے کا بنایا جاتا ہے اور بہت گاڑھا ہوتا ہے
عصیر ء شیرہ انگور وغیرہ کا رس مجازاً شراب انگوری +

عین مہملہ مع ضاد معجمہ

عَضّ ء دانتوں سے کاٹنا +
عُضادہ ء دہلیز کے دونوں بازو کی

عَضب ع کاٹنا۔ تلوار +
عَضبیّت ع تیز زبانی +
عُضُد ع بازو ہاتھ۔ شیراز کے سلاطین میں سے ایک کا نام بھی ہے جو ملوک دیالمہ میں سے تھا۔ شیراز میں اسکا گنبد بھی ہے
عُضُدُ الدّولہ ع بازو سلطنت کا یعنی معاون مددگار اکثر امرا کا خطاب ہوتا ہے۔ عضد سلطان شیراز کا نام بھی ہے +
عَضَلہ ع ادل سخت گوشت +
عُضْو ع بدن کا کوئی جزو جوڑ اندام تن
عُضُوب ع جمع عضب کی تلواریں

عین مہملہ مع طائے مہملہ

عَطاء بخشش۔ دینا +
عطّار ع عطر بیچنے والا گندھی عام بول چال میں پنساری کو کہتے ہیں +
عُطارِد ع دوسرے آسمان پر ایک ستارہ ہے جسے دبیر فلک اور منشی فلک بھی کہتے ہیں علم و عقل اس سے متعلق ہے شرف اس کا برج سنبلہ میں ہے اور وبال اس کا برج قوس میں موسیقی کی اصطلاح میں جست کو کہتے ہیں
عطارِد منش ف ذکی۔ ذہین تیز طبع
عُطاس ع وہ شے جس سے چھینک پیدا ہو چھینک +
عطاش ع پیاسے تشنگاں +
عطالت ع بیکاری معطلی معتبر لغتوں میں یہ لفظ ان معنوں میں پایا نہیں گیا
عطایا ع جمع ہے عطیہ کی بخششیں
عطائے کبریٰ ع عمر طبعی سے مراد ہے جو ایک سو بیس سال ہے +
عطب ع ہلاکت ہلاکی +

عِطر ع خوشبو ہونا خوشبو کرنا خوشبو بوئے خوش +
عِطرِ جہانگیری ف عطر گلاب جو نور جہان بیگم نے جہانگیر بادشاہ کے عہد میں ایجاد کیا تھا
عِطر فروش ف گندھی +
عِطر مُثلّث ع مشہور خوشبو ہے جو مشک اور عنبر و کافور وغیرہ سے مرکب کر کے بناتے ہیں ارگجہ
عِطریات ع جمع عطری کی یعنی وہ اشیا جو خوشبودار ہیں +
عطس ع چھینکنا چھینک +
عطسہ ع چھینک پنجابی نچھ +
عطسۂ تیغ ف تلوار مارنے کے وقت جو آواز نکلتی ہے +
عطسۂ چاہ ف کنوئیں کے منہ پر کھڑے ہو کر بولنے سے جو آواز کنوئیں سے نکلتی ہے
عطسۂ شب ف صبح +
عطسۂ صبح ع آفتاب +
عطسۂ عنبرین ف بوئے خوش خواہ پھول کی خواہ کسی اور چیز کی +
عطسۂ کمان ف تیر +
عطسۂ گرز ف پے در پے گرز مارنے کی آواز
عَطَش ع پیاس تشنگی +
عَطشان ع پیاسا تشنہ تشنگی +
عِطف ع پہلو جانب مجازاً قامت قد
عَطف ع پھیرنا موڑنا میل کرنا مہربانی سنجاف دامن جامہ +
عطف گاہ زمین ف منتہائے زمین جو متصل دریائے محیط (سمندر) کے ہے +
عطف گردن ف ایک صرف ہونا راہ سے ہٹ جانا +
عطف گردن ف اعراض انحراف منہ پھیر لینا خواہ خشم و ناز سے خواہ قہر و غضب سے
عَطِل ع عورت بدن زیبائش کے بے زیور بے نقطہ حرف +
عُطلت ع بیکاری +
عطن ع اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ پانی کے پاس گوسپندوں کی آرامگاہ
عطوف ع مہربان شفیق +
عُطوفت ع مہربانی +
عَطوفہ ع مہربان شفیق عورت +
عطیّات ع جمع عطیہ کی +
عطیّہ ع بخشش۔ انعام دی ہوئی چیز

عین مہملہ مع ظائے معجمہ

عِظام ع جمع عظیم کی بزرگاں بزرگ لوگ اور جمع عظم کی ہڈیاں استخوانہا +
عُظام ع بزرگ +
عِظامِ رمیم ع کھوکھلی ہڈیاں پنجابی پھکی ہٹی ہڈیاں
عَظم ع ہڈی استخوان +
عُظم ع بزرگی +
عِظم ع کلانی۔ کلاں ہونا ضد صغر کی
عُظَما ع جمع عظیم کی بزرگ لوگ +
عُظمیٰ ع بزرگ عورت بڑا مقدمہ +
عظمت ع بزرگی بڑائی قدر +
عظیم ع بڑا بزرگ +
عظیم الشان ع بلند قدر عالی رتبہ اور اورنگ زیب عالمگیر کے بڑے بیٹے شاہ عالم بادشاہ کے بیٹے کا نام بھی ہے جو بنگالہ کا صوبیدار تھا اور اپنے باپ کے وقت اسکا نائب السلطنت مقرر ہوا تھا

عین مہملہ مع فائے

عفاریت ع جمع عفریت کی +
عَفاف ع پارسائی پرہیزگاری +
عِفّت ع پارسائی پرہیزگاری +
عِفریت ع دیو۔ بھوت +
عَفص ع مازو ماجو مشہور دوا ہے +
عفص ع کسیلا بے مزہ تلخی وہ چیز جس میں زبان کی گرفتگی ہو +
عَفعف ع کتے کے بھونکنے کی آواز
عفعف کردن سگ ف کتے کا بھونکنا
عَفَن ع بدبو گندہ +
عُفن ع ہوا گوشت وغیرہ کا بدبودار ہونا
عفو عفو ع معاف کرنا خطا بخشنا
عفوّ ع بہت درگزر کرنے والا خطاؤں سے بہت گناہ معاف کرنے والا +
عُفوصت ع بے مزگی کسیلا پن +
عفونت ع سڑ جانا بدبو سڑاند +
عفیف ع پارسا پرہیزگار جو شخص حرامکاری نہ کرتا ہو +
عفیفہ ع پارسا عورت بدکاری سے بچنے والی عورت +

عین مہملہ مع قاف

عُقاب ع ایک سیاہ رنگ کا شکاری پرندہ ہے جو بہت تیز پرواز اور طاقتور ہوتا ہے ہر اونچی چیز جو بہت بلند ہو کیمیاگروں کی اصطلاح میں نوشادر کو کہتے ہیں ایک چھوٹا سا ناکا جو کانوں کے سوراخ میں چھید کرنے کے بعد ڈال دیتے ہیں +
عِقاب ع دکھ عذاب +
عقابِ آہنین منقار ف تیر پیکان دار سے کنایہ ہے +
عقاب شدن ف کسی چیز کا طلبگار ہونا

عقابِ آسمان ف نسر طائر +
عقاب افگن ف مطیع غلام فرمانبردار
عقاب بین ع خار ہائے آہنیں +
عقابین ع دو لکڑیاں جسپر مجرموں کو
باندھتے ہیں +
عُقار ع شراب ۔ مے
عَقار ع آب و زمین زراعت املاک و قریہ
درخت خرما متاع و اسباب +
عَقّار ع درخت یا گھاس یا کسی نبات کی
جڑ جو دوا کے کام میں آتی ہے +
عَقارِب ع جمع عقرب کی بچھو +
عِقال ع وہ رسن جس سے اونٹ باندھیں
عقاقیر ع جمع عقار کی +
عقائد ع جمع عقیدہ کی +
عَقِب ع پیر کی ایڑی بیٹا ۔ پوتا +
عُقْب عُقْبیٰ ع انجام پایان کار +
عَقَب ع کسی کے پیچھے پیچھے آنا +
عَقَبات ع دشوار گزار رستے گھاٹیاں
جمع عقبہ کی +
عِقبان ع جمع عقاب کی جسکے معنے
شکنجہ عذاب ہیں تکلیف رنج دکھ +
عُقبان ع جمع عُقاب کی جو ایک مشہور
شکاری جانور کا نام ہے +
عَقَبہ ع پہاڑ کی گھاٹی دشوار گزار راستہ
جہاں سے دشوار جایا جائے امر سخت و عظیم دشوار
امر جسکا ظہور میں آنا مشکل ہو +
عُقبیٰ آخرت دوسرا جہان اسکا ضد عقب پیچھے پیچھے
عُقدہ ع بولنے کا تتلانا +
عَقد ع گرہ لگانا باندھنا عہد بیع نکاح
عِقد ع موتیوں کی لڑی ہار +
عُقد ع عقدہ کی جمع +

عقد انامل ع انگلیوں پر شمار کرنا اپنے ہاتھ پر
اکائیاں دہائیاں اور سینکڑے اور ہزار ہوتے ہیں
عقد بستن ف عہد کرنا +
عقد زفاف ع نکاح سے مراد ہے
عقد رواں عقد تمکیں ف نکاح متعہ
جو شیعوں میں جائز ہے اور اہل سنت جماعت
کے نزدیک حرام ہے +
عقد شب افروز ف ثوابت اور سیارے
عقد شب و روز ف چاند سورج اور دنیا
و روزگار سے مراد ہے +
عُقدہ ع گرہ مشکل بات +
عُقدہ در کار افتادن ف کام میں مشکل پڑ جانا
عقدہ در کار زدن ف کام میں مشکل ڈال دینا
عقدہ کشادن ف گرہ کھولنا +
عُقدہ وا کردن ف مشکل حل کر دینا
عقر ع بانجھ ہونا عقیم ہونا +
عَقرب ع بچھو یا وہ آسمانی برج جو بارہ برجوں میں سے
آٹھواں برج ہے جس کی شکل بچھو کی سی ہے
مجازاً منحوس ۔ نامبارک +
عقرب قمری ف برج عقرب
عقربی ع لعل کی ایک قسم ہے +
عَقعَق ع ایک سیاہ رنگ کا جانور دراز پرندہ
ہے زاغ دشتی +
عقل ع دانش ادراک خرد دانائی باندھنا
عُقلا ع جمع ہے عاقل کی عقلمند لوگ
عقل اولیں عقل کل عقل کلی
عقل فعال ع اہل اسلام کے ہاں
جناب رسول خدا صلعم کے نور پاک سے
اور جبرئیل فرشتہ سے مراد ہے حکما کے
نزدیک وہ پہلا فرشتہ جس نے پہلا آسمان
اور دوسرا فرشتہ پیدا کیا +

عقل گزیں ف وہ شے جو عقل کے نزدیک
پسندیدہ ہو +
عقل مجردہ ع عقول عشرہ میں سے ایک
عقلی ع منسوب بعقل جو بات صرف ذہن
میں آسکے خارج میں نہ ہو +
عُقوبت ع عذاب دکھ سزا +
عُقود ع جمع ہے عقد کی گرہ ہا عہد و پیما نہا
عقور ع سگ گزندہ کاٹنے والا کتا بہت کاٹنے والا
عُقوق ع ماں باپ کی نافرمانی کرنی ماں باپ
کی نافرمانی شفقت و احسان کا ترک کرنا قطع
رحم کرنا معقوق متروک الاحسان مردود
عَقول ع دانشمند +
عُقول ع جمع عقل کی دانائیاں فرشتے
عقول اوسط ع عقول عشرہ دس فرشتے
عقول عشرہ ع دس فرشتے حکما کے
نزدیک خدا تعالےٰ نے اول ایک فرشتہ پیدا
کیا اُسنے دوسرا فرشتہ اور پہلا آسمان پیدا کیا
دوسرے نے تیسرا فرشتہ اور دوسرا آسمان پیدا کیا
وعلیٰ ہذا القیاس نو آسمان اور دس فرشتے
پیدا ہو گئے ۔ دسویں نے تمام عالم کو پیدا کیا
عُقوہ ع میدان گھر کا آنگن گھر کا صحن +
عَقیان ع زر خالص +
عَقیب ع پیر پیچھے چلنے والا پیروی کرنیوالا
عقیدہ عقیدت ع کسی امر کو دین اعتقاد
حق جان کر اُس پر دل جمانا اعتقاد دل
کا بھروسا مذہب کے اصول جن پر
یقین کرنے سے اُس میں شامل ہو سکیں
عَقیر ع نار اشدہ ۔ بانجھ عقیم ۔ ناامید +
عقیق ع سرخ رنگ کا ایک پتھر ہے جو
عمدہ اور قیمتی ہوتا ہے مجازاً آنسو یا لب معشوق
عقیق ناب ف لب معشوق عاشق کے

اشک خونیں ۔ انگوری شراب +
عقیقہ ع بچہ کے پیدا ہونیکے بعد ساتویں
دن اُسکے نام رکھنے اور بال اتروانے کی
ضیافت +
عقیل ع دانشمند آدمی دانا زانو بند
شتر ابو طالب کے بیٹے کا نام ہے جو بہت دانا
آدمی تھے اور حضرت علیؓ سے بیس برس بڑے
تھے وہ حضرت علیؓ کے زمانے میں اُنکو چھوڑ کر
معاویہ کے پاس چلے گئے تھے اور یزید کی اوائل
سلطنت میں فوت ہو گئے +
عقیلہ ع قوم کا سردار برگزیدہ رسن
پاسے بند +
عقیم ع جسکے ہاں اولاد نہ ہو خواہ مرد ہو
خواہ عورت ۔ اطلاق اس لفظ کا مونث
اور مذکر دونوں پر یکساں ہے +

عین مہملہ مع کاف تازی

عُکاشہ ع عنکبوت ۔ مکڑی +
عُکاوہ ع گردن و دم کے درمیان ایک
پارہ کا نام ہے +
عکس ع اُلٹا ۔ اوندھا ۔ شبیہ جو پانی اور آئینہ
وغیرہ اشیاء میں دکھائی دے +
عکس مستوی ع اصطلاح علم منطق
میں عکس مستوی قضیہ کا وہ قضیہ ہے کہ
جزو ثانی کو جزو اول اور جزو اول کو جزو ثانی
کر دیں ۔ و قضیہ حملیہ میں موضوع کو
محمول اور محمول کو موضوع کر دیں اور قضیہ شرطیہ
میں مقدم کو تالی اور تالی کو مقدم کر دیں)
اس طرح ایجاب و سلب و صدق اصلی میں
فانوس خیال۔ فانوس خیالی وہ چراغ جس کے گرد گھومتی تصویریں نکلتی ہیں۔
فانہ ف پھنی۔ پچڑ۔ پچڑا۔ علم جر ثقیل ہیں یہ ایک آلہ ہے جو اکثر لکڑی یا لوہے کا ہوتا ہے اسکی شکل مستطیل کی سی ہوتی ہے۔ اور وہ دو ڈھلوان سطحوں کا اجتماع ہے کہ ایک قاعدہ پر کھڑی ہوں۔ اور اوپر سے ایک خط پر ملی ہوئی ہوں۔ پتھر لکڑی وغیرہ سخت چیزوں کے چیرنے میں بہت کام آتا ہے
فانی ع فنا ہونے والا۔ مرنے والا۔
فانیذ ف مصری۔ کھانڈ۔
فاواف شرمندہ۔ رسوا۔ شرمندگی۔ رسوائی۔
فؤاد ع دل۔ افئدہ۔ جمع۔
فئۃ ع گروہ۔ جماعت۔
فئتین ع دو گروہ۔ دو جماعتیں۔ تثنیہ ہے فئۃ کا۔
فائح۔ فائحہ۔ خوشبو دینے والی چیز۔ بوئے خوش۔ خوشبو۔
فائدہ ع نفع
فائز ع پہنچنے والا۔ مقصد کو پہنچنے والا۔ کامیاب۔
فائض ع فیض پہنچانے والا۔
فائق ع بلند ہونے والا۔ فوقیت رکھنے والا۔ بہتر۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔ زیادہ

فائے معجمہ مع بائے موحدہ

فبہا ع لغوی معنی اسکے ۔۔پس ساتھ اس کے۔۔ مجازاً اچھا۔ بہت خوب۔

فائے معجمہ مع تائے فوقانی

فتا ع جوان آدمی۔ شجاع۔ سخی۔
فتات ع جوان عورت۔ زن جوان۔
فتات۔ فتاتہ ف روٹی کا ٹکڑا۔ ہر چیز کا ٹکڑا
فتادن ف گرنا۔ پڑنا۔
فتاریدن۔ فتالیدن ف کھودنا۔ پھٹنا۔ پراگندہ کرنا۔ جدا کرنا۔
فتان ع فتنہ انگیز۔ یہ لفظ اکثر محبوب کی آنکھوں کی تعریف میں آتا ہے۔
فتح ع کھولنا۔ مجازاً ملک جیتنا فتوح جمع فتوحات۔ جمع الجمع۔
فتح الباب ع دروازہ کا کھلنا کشادگی کارہا۔ موسم برسات کا آغاز۔
فتحہ ع زبر جیسے حد کی ح پر ہے۔
فتح یاب ع فتح پانے والا۔ کامیاب جیتنے والا۔
فتر ع انگوٹھے اور اس کے ساتھ کی انگلی کی کشادگی۔
فترات ع جمع فترت کی۔
فتراک ف شکار بند یعنی وہ تسمہ جو گھوڑے کے زین کے آگے پیچھے لگا رہتا ہے۔ ترکی ہیں اُسے قنجغہ اور تنچاپی کنچکہ بولتے ہیں۔
فترت ع ضعف۔ سستی۔ وہ زمانہ جو دو پیغمبروں کے درمیان واقع ہو۔
فتردن ف پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کردینا۔
فتش ع کھودنا۔ جستجو کرنا۔
فتق ع کشادگی چیرنا۔ چاک کرنا۔ ایک بیماری کا نام ہے جس سے خصیے بڑھ جاتے ہیں
فتن ع جمع فتنہ کی۔
فتنہ ع آزمایش۔ عذاب۔ بلا۔ شرارت شور و فساد۔ دیوانگی۔ مجازاً اپنے معشوق دیوانہ۔ عاشق اور اپنے معشوق بھی آیا ہے
فتنہ بہ چہرہ شدن ف عاشق ہونا
فتنہ در زیر سر داشتن ف فتنہ و فساد اٹھانا
فتنہ راز جائے بجائے بردن ف چغلی کھانی۔ سخن چینی کرنی۔ باتیں چھپانی۔
فتنہ را اکر کشادن ف شور و غوغا مٹا دینا
فتو۔ فتودہ ع بدہ جو۔ مغرور۔
فتولے ع شرع کا حکم۔ فیصلہ۔
فتوت ع جوانمردی۔ مروت۔ سخاوت
فتوح ع کشائش۔ جمع ہے فتح کی۔
فتوحات ع جمع ہے فتوح جمع الجمع فتح کی
فتوحی ف ایک قسم کی کرتی یا جاکٹ ہے۔
فتور ع سستی۔ سست ہونا مجازاً خرابی
فتی ع جوان۔ گبرو۔
فتیان ع جوان آدمی۔
فتیلہ ع بٹی ہوئی چیز۔ بتی۔

فائے معجمہ مع جیم تازی

فج ع خام۔ کچا۔ دو پہاڑوں کے درمیان کھلا راستہ۔
فج ف وہ آدمی جسکے ہونٹ نیچے لٹکے ہوئے ہوں
فجا۔ فجاءۃ ع ناگاہ۔ اچانک۔
فجاجت ع خامی۔ ناپختگی۔
فجار ع جمع فاجر کی۔
فجار ع بہت بدکاری کرنے والا آدمی نہایت نافرمان و گنہگار آدمی۔ بڑا گنہگار۔
فجر ع صبح۔ تڑکا۔
فجرہ ع جمع فاجر کی۔
فجیعت ع دردمندی۔ مصیبت۔ دکھ
فجل۔ فجل ع مولی جو مشہور ترکاری ہے
فجل۔ فجل ع سست ہونا۔ موٹا ہوجانا
فجور ع گنہگاری۔ گناہ کرنا۔ زنا کرنا۔
فجور ع بدکار مرد۔
فجیعت ع دردمندی۔ مصیبت۔ غم۔

فائے معجمہ مع حائے حطی

فحاوی ع جمع ہے فحوے کی۔ سخنہا۔ مضامین۔ مطالب۔ معانی۔
فحش ع بدی کا حد سے گذر جانا۔
فحص ع ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ جستجو کرنا
فحل ع نر۔ ضد مادہ کی۔ سہیل ستارہ
فحلی ع بیا سے صدی۔ نر ہونا۔
فحم۔ فحم ع کوئلہ۔ انگشت۔ زگال۔
فحول ع جمع فحل کی۔ نرہا
فحوے ع مضمون۔ مطلب۔

فائے معجمہ مع خائے معجمہ

فخ ف شکار۔ شکارگاہ۔ پرندوں کے شکار کرنے کا ایک آلہ ہے۔
فخ ع جال۔ پھندا۔
فخامت ع بڑا ہونا۔ بزرگی۔ قدر۔ سیطری موٹا ہونا۔ بلندی۔
فخار ع ناز کرنا۔ فخر کرنا۔ بڑائی کرنا۔ اترانا۔
فخار ع بہت ناز کرنے والا۔ بہت فخر کرنیوالا۔ بہت گھمنڈ کرنے والا۔

فخّار ع سفال پختہ۔ ٹھیکری۔ گلِ خشک
فخت ع چاند کی چاندنی۔
فخذ۔ فخذ ع ران۔ جانگھ۔
فخر ع گھمنڈ۔ غرور۔ ناز۔ بزرگی۔ بڑائی۔
فخر الدین رازی ع امام فخر الدین رازی عالم اجل اور فاضل اکمل ماہرِ علوم ادبیہ فاضل فنونِ حکمیہ صاحب تصانیف کثیرہ مثل تفسیر کبیر مطالب العالیہ نہایۃ العقول وغیرہ گذرے ہیں ۲۵ ماہ رمضان ۵۴۳ یا ۵۴۴ ہجری میں متولّد ہوئے اور یکم شوال ۶۰۶ ہجری میں ہرات کے مدرسہ میں فوت ہوئے۔ شہاب الدین غوری کے عہد میں ان کا بڑا درجہ اور رتبہ رہا۔ جب یہ کہیں سوار ہو کر جایا کرتے تو تین سو شاگرد ہمراہ ہوا کرتے۔ ان کا سلسلۂ نسب حضرت ابو بکر صدیقؓ سے ملتا ہے۔ یہ رباعی انہیں سے ہے ؎

ہرگز دلِ من ز علم محروم نشد
کم بود ز اسرار کہ مفہوم نشد
ہفتاد و دو سال سعی کردم شب و روز
معلوم شد کہ ہیچ معلوم نشد

فخری ع ایک قسم کا انگور ہے۔
فخمہ ف بنولے الگ کی ہوئی روئی۔
فخیدن ف روئی سے بنولے الگ کرنا۔
فخور ع ناز کرنا۔ اترانا۔ بڑائی کرنا۔
فخور ع بہت ناز کرنے والا۔ اترانے والا۔ نازاں۔ متکبر۔ سرکش۔
فخیم ع بزرگ۔ قدر۔ اور بہ چیز بزرگ۔

فائے معجمہ مع دال مہملہ

فداء کسی کے عوض جان دینا۔ جو چیز فدا کی جاوے۔ سر خرید۔
فدامت ع درشتی۔ جفا کاری۔ بیرحمی ظلم و ستم۔
فدان ع جوڑا۔ ہل کا جوڑا۔
فدائی ع وہ شخص جو جان بوجھ کر اپنی رضا و رغبت سے کسی ایسے امر کا مرتکب ہو جس میں صریح جان کا خطرہ ہو۔ فدا ہونے والا۔ جان نثار۔ عاشق۔ چور۔ لٹیرا۔ خونی۔
فدفد ع صحرا۔ جنگل۔ زمین ہموار۔
فدک ع ایک گاؤں کا نام ہے جس میں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک باغ کھجوروں کا تھا۔
فدوی ع قربان ہونے والا۔ کسی کے عوض جان دینے والا۔ سر بہار ہونے والا۔
فدیہ ع وہ مال جو کسی قیدی کے عوض دیکر اسکو سرکار سے خرید لیں۔ سر بہا صدقہ۔

فائے معجمہ مع ذال معجمہ

فذالک ع بروزنِ مسالک۔ صحیح املا اس کا اس طرح پر ہے۔ فذالک بمعنے پس یہ ہے۔ اصطلاح میں بمعنے باقی بقیۂ رقوم کی تفصیل کے بعد ان کی جمع اور میزان۔ جمع بعد از تفصیل۔ کیونکہ سیاق نویسوں کا قاعدہ ہے کہ رقوم کی تفصیل کے بعد لفظ فذالک بہت لمبا لکھکر اس کے نیچے سب کی جمع یا باقی لگا دیتے ہیں جس سے ان کی مراد لفظی معنے کے رو سے یہ ہوتی ہے کہ پس ان سب رقموں (مسطورہ بالا) کا مجموعہ یا بقیہ یہ ہے۔

فائے معجمہ مع رائے مہملہ

فرّ ف شان و شوکت۔ دبدبہ۔ ٹیپ ٹاپ نور۔ پرتو۔ ضیا۔ سیلاب۔ کسی پرندے کا پر۔ را پر تشدید بھی درست ہے۔
فرّ ع گریزندہ۔ بھاگ جانے والا۔
فُر ع یہودیوں کا کتاب خانہ۔
فراز ف آگے۔ پہلے۔ نزدیک۔ دور بلند طرف۔ جانب۔ گوشہ۔ کونا۔ اور یہ کلمہ زاید بھی آتا ہے۔
فرّاء ع پوستین دوز۔ لقب ایک نحوی کا ہے
فرابرز ف دارا کے سپہ سالاروں میں ایک شخص کا نام ہے۔
فرات ع آب شیریں۔ ایشیائی روم میں ایک مشہور دریا ہے۔
فراتر ف آگے۔ نزدیک۔
فراترک ف بہت پرے۔ بہت دور۔ بہت ورے۔ بہت نزدیک۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے۔
فراخ ف وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔ مجازاً بمعنے بسیار۔ بہت۔
فراخا ف مخفف فراخ نا کا۔ جائے فراخ مقابل تنگنا کے۔
فراخ ابرو ف کھلے چتونکا آدمی۔ ہنس مکھ۔
فراخ آستین ف سخی۔ جوانمرد
فراخ بیں ف وہ شخص جو سب کو ایک نظر سے دیکھے۔
فراختن ف بلند کرنا۔ اونچا لے جانا
فراخ حوصلہ ف بردبار۔ متحمل۔ باوقار۔
فراخ دامن۔ فراخ دست ف جوانمرد بخشندہ۔ سخی۔ توانگر۔ دولتمند۔
فراخ دہن ف باتونی۔ بکواسی۔
فراخ رفتن ف جلد جلد چلنا۔
فراخ رو ف تیز رو۔ فضول خرچ۔
فراخ رو ف کشادہ پیشانی۔ ہنس مکھ۔ خوش خلق۔
فراخ سخن ف بڑ گوئے۔ بکواسی۔
فراخور ف شائستہ۔ لائق۔ سزاوار۔ مناسب
فراخوری ف شائستگی۔ لیاقت۔ سزاواری
فراخی ف کشادگی۔ وسعت۔ آسودگی۔
فراخیدن ف رونگٹے کھڑے ہونے ایک دوسرے سے جدا ہو جانا۔
فراخی گاہ ف وہ جگہ جہاں سب چیزیں کھانے پینے کی بہ آسانی دستیاب ہو سکیں۔
فرادی ع ایک ایک۔ الگ الگ۔
فرادیس ع جمع فردوس کی۔
فرار ع بھاگنا۔ بھاگ جانا۔ ڈرنا۔
فرّار ع بہت بھاگنے والا۔
فرارسیدن ف پہنچنا۔ آگے پہنچنا۔
فرارفتن ف جانا۔ آگے بڑھنا۔
فراری ف بھاگا ہوا۔ بھگوڑا۔
فراریدن ف بھاگنا۔ فرار عربی لفظ سے یہ جعلی مصدر بنایا گیا ہے۔ جیسے طلب سے طلبیدن۔ رقص سے رقصیدن۔ فہم سے فہمیدن۔
فراز ف پھیلا ہوا۔ بندھا ہوا۔ کشادہ بند۔ نزدیک۔ دور۔ آگے پیچھے۔ اوپر نیچے۔ بلند۔ پست۔ بلندی۔ نشیب۔ ان معنوں میں لغات اضداد میں سے ہے۔ اور بمعنی جمع۔ فراہم۔ لب اسکے پر۔ سر۔ چھپر۔ سرکش۔ آلہ تناسل وصل

زیادہ - زائد - آنا - آگے جانا - خون چھڑانا - روشن -
فرازدن ف ظاہر کرنا معلوم کرنا ایک بات کا -
فرازماں ف - حکم - فرمان -
فرازندہ ف بلند کرنے والا -
فرازی ف بلندی - اونچائی -
فرازیدن ف کھڑا کرنا
فُراس ع شیر درندہ
فَرّاس ع سائیس - گھوڑے کا خدمتگار
فِراست ع دانائی عقلمندی - فہم کی تیزی - قیافہ -
فراست شناس ف قیافہ شناس
فراستوک - فراشترو - فراشتروک
فراشتک ف ابابیل - دیودلائی -
فَراسِخ ع جمع فرسخ کی -
فرسودہ ف بہت پرانا -
فراسیاب ف افراسیاب شاہ ترکستان -
فَراش ع فرش - بچھونا -
فَراش ع پروانہ مشہور جانور ہے -
فَرّاش ع فرش بچھانے والا مکان صاف کرنے والا نوکر -
فراشتن ف بلند کرنا -
فراشہ ع جاروب -
فَراعِنہ ع جمع فرعون کی -
فُراغ ف آگ یا چراغ کی روشنی -
فُراخ ع سنی -
فَراغ ع فرصت پانا - گرمی کے موسم کی سرد ہوا - دل کا سرور و خوشی -
فراغ بال ع فرصت - بیکاری -
فراغت خانہ ف خلوت خانہ -

فِراق ع جدائی -
فُراک ف پیٹھ - پشت - مخنث ہیجڑا - پلید اور زبون -
فَراکن ف بنا کھودا ہوا اونچا نالہ -
فراگرفتن ف سیکھنا - معلوم کرنا - یاد کرنا
فرامرز ف رستم بن زال کے بیٹے کا نام ہے
فَرامُش ف مخفف فراموش کا -
فرامشت ف مزید علیہ فرامش کا -
فراموش ف بھول - چوک -
فرامشتی فراموشی فراموشکاری ف بھولنا بھول جانا فراموشیدن ف بھولنا بھول جانا
فَرامین ف جمع ہے فرمان کی - بادشاہی پروانے حکمنامے - یہ عربی دان فارسیوں کا تصرف ہے - کہ فارسی الفاظ کی جمع عربی کے طور پر بنا لیتے ہیں جیسے خاقان کی جمع خواقین خاتون کی جمع خواتین وغیرہ -
فرانج - فرانک ف کابوس - ایک قسم کی گرانی ہے جو نیند میں آدمی پر غلبہ کر جاتی ہے -
فرانس فر بر اعظم یورپ میں ایک مشہور ملک کا نام ہے جسکا دارالخلافہ پیرس دریائے سین پر نہایت خوبصورت اور خوشنما شہر ہے - وہاں کے رہنے والوں کو فرانسیسی کہتے ہیں -
فرانمودن ف ظاہر کرنا - دکھلانا -
فراوان ف بہت - کثیر - زیادہ - مجازاً گہرا - عمیق -
فَراویز ف سنجاف
فَراہ ف سجستان کے قریب ایک شہر ہے - ابو نصر فراہی مصنف نصاب الصبیان یہیں کا رہنے والا تھا - بعض کے نزدیک فراہ ہرات کے پاس ہے -

فراہت ع زیرکی - استادی - گھوڑے کی اچھی چال -
فراہم ف اکٹھا -
فراہم آمدن ف اکٹھا ہونا
فَرایِد ع جمع ہے فریدہ کی جسکے معنی ہیں منفرد - تنہا - یکہ - یگانہ -
فرائض ع جمع فریضہ کی - وہ کام جسکا کرنا ضروری ہو - فرمودہ خدا کا - علم میراث -
فرائض پنجگانہ ف پانچوں وقت کی نمازیں یا اسلام کے پانچ ارکان - نماز - روزہ حج - زکوٰۃ - اور کلمہ شہادت پڑھنا -
فراوش ف بیہوش جسکی عقل ٹھکانے نہ ہو
فربارہ ف شان و شوکت -
فربال - فربالا ف ہوادار بالاخانہ گرمی کے موسم گزارنے کا گھر -
فرلواف راست اور درست -
فربہ ف موٹا -
فربہی ف موٹاپن - موٹاپا -
فربی ف فربہ - موٹا -
فِرِت ت شتابی - جلدی - ترت -
فرتاش ف وجود - ضد عدم -
فرتوت - فرتود - ف بہت بڑھا بہت بڑھی عمر کا -
فرتور - فرتوز - عکس - الٹ -
فرتوک ف ابابیل -
فرشہ ف سرنگوں - گوبر جیوانات کا -
فرج ف قدر و قیمت - مرتبہ اور حد -
فرج ع کشائش - آسائش -
فرج ع جمع فرجہ کی - شگاف -
فرج ع کھولنا چیرنا - کشادگی دو چیزوں میں - رخنہ - شگاف - دراڑ - دریچہ - عورت کا جسم نہانی -

فرجاد ف عقلمند - دانا -
فرجار ف پرکار کا -
فرجام ف انجام - انتہا - آخر -
فرجامگاہ ف فرسے مراد ہے -
فرجد ف پردادا - دادے کا باپ -
فرجمند ف ارجمند - مرتبے اور عزت والا - زیبائش -
فرجود ف معجزہ - کرامت -
فرجہ ع کشادگی شگاف - دراڑ مجازاً بمعنی فرصت -
فرجہ جو ف فرصت ڈھونڈنے والا -
فرجی ف ایک قسم کی قبا ہے -
فَرَح ع خوشی - شادمانی - اترانا -
فَرِح ع خوش - شادان - اترانے والا
فرحت ع خوشی -
فرخ - فرخندہ ف مبارک - خجستہ زیبا یہ لفظ فر (زیبا) رخ (چہرہ) سے مرکب ہے
فرخ ع پالتو مرغ کا چوزہ - ہر پنکھی کا بچہ -
فرخ آباد ف ایران میں ایک سیرگاہ ہے - ہندوستان کے صوبہ ممالک مغربی و شمالی میں ایک شہر ہے -
فرخاد ف غالب - ضد مغلوب -
فرخار ف ترکستان میں ایک شہر ہے جس کے باشندے بہت خوبصورت ہوتے ہیں - بتخانہ -
فرخاش ف پرخاش -
فرخاک - فرخال ف مے مجعد گھنگر یالے بال -
فرخمار ف جھینپنے والا -

فرخ تبار ف مبارک خاندان والا۔
فرخج۔ فرخچ ف نازیبا۔ زشت۔ بھونڈا۔ بھدا۔
فرخ زاد ف مبارک زاد۔ زمین کا موکل فرشتہ۔
فرخستہ ف خستہ زمین پر گرا ہوا۔
فرخش ف گھوڑے استر وغیرہ چار پایوں کا کفل۔
فرخمیدن ف روئی دھنکنا۔ روئی سے بنولے الگ کرنا۔
فرخندہ ف مبارک۔
فرخندہ رائے ف نیک تدبیر۔ دانشمند
فرخندہ فرجام ف نیک انجام۔
فرخندہ کیش ف مبارک طریقہ والا
مبارک خو۔ نیک خصلت خوش خلق۔
فرخ نہاد ف مبارک اصل نیک نہاد
فرخور۔ فرخور ف پانی کا گذرگاہ۔
تلیر کا بچہ۔
فرخوے ف خلق۔ عادت نیک۔
فرد ع طاق۔ تنہا۔ یگانہ۔
فردا ف کل کا دن جو آویگا۔ مجازاً قیامت کا دن
فرداً فرداً ع علحدہ علحدہ۔ جدا جدا۔ الگ الگ
فردوسے ف مخفف فردوسی کا۔
فردوس ع باغ۔ میوہ دار۔ بہشت
یہ لفظ دراصل فارسی میں پردوس ہے
اور سنسکرت میں پردیشا۔ اور گریک یعنی
یونانی میں پیراڈائیز۔ اور معرب فردوس
ہے۔ اور سب زبانوں میں ایک ہی معنی ہیں
فردوس مکانی ع وہ شخص جسکا گھر
فردوس (بہشت) میں ہو۔ لقب ظہیر الدین
بابر بادشاہ کا ہے۔

فردوسی ف ملک الشعرا حکیم ابو القاسم
فردوسی بن اسحاق بن شرف شاہ طوسی کا
تخلص ہے جو سلطان محمود غزنوی کے
دربار کا نیر رہتا۔ طوس واقعہ ملک
خراسان میں سنہ ۳۲۹ھ میں متولد ہوا۔ اور ۸۰
برس کی عمر میں سنہ ۴۱۱ھ میں اسنے وفات
پائی۔ اسکا باپ حاکم طوس کا باغبان تھا
شاہنامہ جو ایک بڑی ضخیم کتاب ساٹھ ہزار
شعر کی ہے۔ اوس نے تیس برس کے عرصہ
میں تصنیف کی۔
فرز ف فرزین کا مخفف ہے۔
فرزان ف علم۔ حکمت۔ دانش۔ استواری۔
فرزانگان ف جمع فرزانہ کی۔
فرزانگی ف دانائی۔ عقلمندی۔
فرزانہ ف حکیم۔ دانا۔ عقلمند۔
فرزانہ خوے ف پسندیدہ خوے۔ خوش خلق
فرزجہ معرب ہے پرچہ کا۔ وہ چیتھڑا جو دوا میں
تر کرکے دبر یا قبل میں رکھیں۔
فرزد۔ فرزدک ف ایک بہت ہی سبز گھاس
کا نام ہے۔
فرزدق ع عرب کے ایک مشہور شاعر کا
لقب ہے۔ جو حضرت امام زین العابدین
کا ہمعصر تھا۔ اسنے سنہ ۱۱۰ ہجری میں وفات
پائی۔ فرزدق کے لغوی معنی زشت اور زیر شرو
اور اس روٹی کی ٹکیا کے ہیں۔ جو تنور
میں گر کر جل جائے۔
فرزند ف بیٹا۔ بیٹی۔ پسر۔ پوت۔
فرزند آب ف آبی جانور۔ پانی کا بلبلا۔
فرزند آفتاب ف لعل یاقوت اور کان کے جواہر
فرزند خاور ف آفتاب
فرزند زن ف ربیب۔ گیلڑ بیٹا۔

وہ بیٹا جو عورت کے پہلے خاوند سے ہو۔
فرزند شاد ف مرافقہ۔
فرزندکان ف جمع فرزند کی۔ اسمیں
کاف تصغیر و ترحم کا ہے۔ چھوٹے چھوٹے
بچے۔ ننھے ننھے بچے۔
فرزند کسے در گریبان انداختن ف
بیٹا بنا لینا۔ متبنٰے کر لینا۔
فرزین ف شطرنج کا ایک مہرہ کا نام
ہے۔ جس کو وزیر کہتے ہیں۔
فرزین بند ف ایسا موقع جب پیادہ
فرزین کے زور پر بیٹھا ہو۔ اور جب
اوس پیادے کو حریف کا کوئی مہرا مارنا
چاہے۔ فرزین اسے مار سکے
فرزین نہادان ف کج نہاد لوگ۔
فرس ع گھوڑا۔
فرس ع ملک فارس کے رہنے والے اہل فارس
فرساد ف حکیم۔ دانشمند۔
فرس افگندن ف عاجز کر دینا۔
مغلوب کر دینا۔
فرشب ف شہتیر۔ بید یا کسی چوبی کے
بڑے کپڑے جو دوکانوں اور مکانوں کے
در و دیوار پر زینت و آرائش کے
لئے لگائے جائیں۔
فرستادن ف بھیجنا۔
فرستادہ۔ فرشتہ ف بھیجا ہوا ایلچی
قاصد۔ رسول۔
فرستید ف بھیجیں
فرستو۔ فرستوک ف ابابیل۔
فرس طنبور ف کسر پچ وہ ایک لکڑی
یا ہڈی ہوتی ہے۔ جو طنبورے پر لگاتے ہیں
فرسخ۔ فرسنگ ف تین میل کی مسافت

فرس نہادن ف مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا
فرسودن ف گھسنا۔ گھس جانا۔ گھٹنا۔
فرسودہ ف گھسی ہوئی (چیز) کہنہ مستعمل
فرسودہ گردیدن ف گھل جانا۔ گھٹ
جانا۔ رنجیدہ ہونا۔ افسردہ ہونا۔
فرش ع بچھونا۔ بچھانے کی چیز۔
فرش باستان ف زمین۔
فرشتہ ف مبدل فرستہ کا۔ جو صیغہ
اسم مفعول کا ہے فرستادن مصدر سے بمعنے
خدا کا بھیجا ہوا۔ مشہور معنی خدا کا
قاصد نورانی۔
فرشتگان ف روحانیاں۔
فرشتہ سحاب ف میکائیل علیہ السلام۔
فرش خاک ف زمین
فرشتہ وشاں ف جمع فرشتہ وش۔
(فرشتہ کی مانند) کی نیک ارواحیں۔
فرش خاک ف زمین۔
فرش دورنگ ف روزگار۔ زمانہ۔
فرش عاج ع برف
فرص ع جمع ہے فرصت کی۔
فرصاد ع توت۔
فرصت ع آرام پانا۔ مہلت دینا۔ مہلت
فراغت۔ قابو۔ موقع۔
فرض ع تعین کرنا۔ کسی چیز کا تشخص
کرنا۔ بخشش دینا۔ اندازہ کرنا۔
حکم خدا کا۔
فرض خفتن ف سونے کے وقت کی نماز
نماز عشا۔
فرض عین ع ہر ایک کا ذاتی فرض
جو ہر ایک کی ذات پر فرض ہو۔
فرض کفایہ ع وہ ہے جو کسی ایک کے

ادا کرنے سے سب کی طرف سے ادا ہو جاتے

فُرضَہ ع کسی بندر کا وہ مقام جہاں تاجروں اور آنے جانے والوں سے محصول لیا جاتا ہے

فَرط ع زیادتی۔ بہتایت۔ غلبہ۔

فَرع ع شاخ۔ ٹہنی۔

فَرعِ تودانِ خاک ف آدمیوں سے مراد ہے۔

فِرعَون ع لفظی معنی اس کے بدلا لینے والا یا مگر یا سورج ما ہیں۔ اور فرعون سابق میں مصر کے سب بادشاہوں کا لقب تھا۔ جیسے اب ہر ایک بادشاہ مصر خدیو مصر کہلاتا ہے۔ اور خاص کر ولیدبن مُصعب (جو اپنے تئیں خدا کہلاتا تھا) کا لقب وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں مصر کا بادشاہ تھا۔ اور اسکی ہدایت کے واسطے خداوند تعالےٰ کی طرف سے حضرت موسیٰؑ بہت سے معجزات اور نشانیوں کے ساتھ بھیجے گئے تھے۔ مگر وہ راہ راست پر نہ آیا۔ بلکہ ہر طرح ان کی تکذیب کی اور مار ڈالنے کے فکر میں ہوا۔ آخر خدا تعالیٰ کے قہر و غضب سے اپنی سب لشکر سمیت دریائے نیل میں غرق ہو گیا۔ اس کا زمانہ حضرت عیسےٰؑ سے قریباً ۱۵۰۰ برس پہلے ہوا ہے۔ مجازاً متکبر۔ سرکش۔ مغرور۔

فَرعی ع جو اصلی نہو۔ شاخ کا منسوب فرع سے۔

فَرغ ف چونہ۔ پنجابی۔ چیچہ

فرغاریدن ف کسی چیز کو پانی میں خوب بھگو نا ملا دینا۔

فَرغانہ ف ماورا ء النہر کے ایک صوبہ کا نام ہے۔ جو سمرقند اور اندجان کے مابین واقع ہے۔

فَرغَر ف چھوٹا سا تالاب۔

فَرغُل یہ معرب فرگل لفظ فارسی کا ہے۔ روئی بھرا ہوا لبادہ۔ جو سرما کے موسم میں پہنا جاتا ہے۔

فَرغَند ف ایک بیل ہے۔ جو خاردار درختوں پر لپیٹ جاتی ہے۔ اکاس بیل۔

فَرغُودہ ف لپٹا ہوا۔ ملا ہوا۔

فَرغُور ف تلیر۔ جل ککڑ۔ بینڈک۔

فَرغوک ف چپ چاپ۔ دیدے کاہلی۔

فَرغول ف غفلت۔ غافل ہونا کاہلی۔

فرغلبتن ف پرانی پوستین

فِرفتہ ف فریفتہ کا مخفف ہے

فَرفَخ ف خرفے کا ساگ۔

فَرفَر ف جلد۔ شتاب۔ جلدی۔

فرفرہ ف پھرکی جو ایک کھلونا ہے۔

فَرفوریُوس ر نوشیروان کا ہمعصر قیصر روم کے سپاہ سالار کا نام ہے۔ اسکندر کے مصاحب ایک حکیم کا بھی نام ہے۔

فَرق ع دو چیزوں میں امتیاز کرنا جدائی تفاوت۔ مانگ نکالنا۔ مانگ۔ سر۔

فِرق ع ریوڑ۔ بکریوں کا گلہ۔ پنجابی اجڑ۔ اجیڑ۔

فِرَق ع جمع فرقہ کی۔

فُرقان ع حق و باطل میں فرق کرنے والا حق کو باطل سے علیحدہ کر دینے والا۔ قرآن شریف کا نام ہے۔

فُرقت ع جدائی۔

فَرقَد ع گو سالہ بچھڑا۔ پنجابی بچھا۔ اور ایک ستارہ فرقدین میں سے۔

فرقدان۔ فرقدین ع ان دو ستاروں کا نام ہے۔ جو قطب شمالی کے پاس ہیں۔ اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہیں چھپتے نہیں۔

فِرقہ ع قوم۔ گروہ۔ ٹولی۔

فرفر ع بنفشہ۔

فَرکَند ف وہ زمین جس میں بسبب پانی۔ بیل یا رو کے گڑھے پڑ گئے ہوں۔ اور جابجا پانی بھرا ہوا ہو۔

فَرکَندن ف زمین کا خراب ہونا رو سے سیلاب سے بگڑنا زمین کا۔

فَرمان ف حکم بادشاہی۔ حکمنامہ۔ پروانہ۔ حکم۔

فرماں بر۔ فرماں بردار۔ فرماں پذیر۔

فرماں پرست ف حکم ماننے والا۔ حکم بجا لانے والا۔ نوکر۔ خدمتگار۔

فرماں بُردن۔ فرماں کردن ف حکم بجا لانے والا۔ فرمانبرداری کرنی۔

فرمان دادن بر کسے ف کسی پر حکم چلانا۔

فرمان دہ۔ فرمان گذار ف حاکم۔

فرماندہی ف حکومت

فرمان رسیدن ف اجل آجانی۔

فرمان روا ف حاکم۔ بادشاہ جس کا حکم سب جگہ جاری ہو۔

فرمائیش ف بطور حکم سفارش کرنا۔ بطور حکم کچھ کام کروانا۔ یا مانگنا۔

فرمودن ف فرمانا۔ حکم دینا۔

فرمودہ ف فرمان۔ حکم

فرناد ف پایاب۔

فرناس ف غافل ونادان۔ غفلت و نادانی۔ خواب آلودہ۔

فرغک ف ایک قسم کی گرانی جو خواب میں آدمی پر واقع ہوتی ہے۔

فِرِند ف شمشیر۔ جوہر شمشیر۔ ایک مشہور کپڑا بھی ہے۔

فرنگ ف یورپ۔ نصاریٰ کا ملک نصاریٰ سے۔ کنایۃً بمعنے سفید۔ پرنور۔

فرنگستان ف فرنگیوں کا ملک۔ برّاعظم یورپ جس میں یہ ملک داخل ہیں۔ برٹن کلاں (برطانیہ)۔ فرانس۔ بلجیم۔ ہالنڈ۔ جرمنی۔ پرشیا۔ آسٹریا۔ سوئٹزرلینڈ۔ ڈنمارک۔ سویڈن و نوروے۔ روس۔ روم۔ یونان۔ اٹلی۔ سپین۔ پرتگال۔

فرنگیس ف افراسیاب کی بیٹی کا نام ہے۔ جو سیاوش کے نکاح میں تھی۔ اور کیخسرو اُس کا بیٹا تھا۔

فرنور ف برہان ودلیل۔

فرنہ ف لعنت۔ نفریں۔ پھٹکار۔

فرکو ف لومڑی کی پوستین۔

فرو ف کم۔ نیچے۔ کم رُتبہ۔

فروار۔ فروارہ۔ فروال۔ فروالہ ف ہوادار۔ بالاخانہ۔

فرو آمدن بچیزے ف اس چیز کی رغبت کرنی۔ خواہش کرنی۔

فروتر ف بہت کم۔ بہت نیچے۔

فروترین ف بہت ہی نیچا۔

فروتن ف عاجز۔ تواضع کرنیوالا۔

فروتنی ف تواضع کرنا۔ اپنے تئیں کم رتبہ سمجھنا۔

فروث ع جمع ہے فرث کی۔

فروج ع جمع ہے فرج کی نشکا فتہا۔

عورتوں کی اندام نہانی۔
فرُوج۔ فراوج۔ فروجہ ع مرغ خانگی کا چوزہ۔
فروختہ ف بیچا۔ بیچا۔
فروختن ف بیچنا۔
فروختہ ف بیچا ہوا۔ روشن۔
فروخوردن ف تحمل کرنا۔ نگل جانا۔
فرود ف زیر۔ پائیں۔ نیچے۔ فریب دینے والا۔ زبون۔ بد۔ مغرور۔
فروداشت ف فروگذاشت۔
فرود آمدن ف اترنا۔ فروکش ہونا۔
فرود آمدن خانہ و دیوار و بنا ف ڈھے جانا۔ گر پڑنا۔
فرودست ف زیر حکم۔ کم رتبہ۔ ناطاقت ماتحت۔ چند اشخاص جو ملک کاتے ہیں۔
فرودگاہ ف اترنے کی جگہ جہاں پر سفر میں قیام کیا جاوے۔
فرودہ ف خستہ اور نارت۔ بچھونا ہوا۔
فرودین ف ایک مہینہ کا نام ہے۔
فرور ف جدائی۔ فراق۔
فرورفتن درچیزے ف کسی چیز میں دھنس جانا۔ اثر کرنا۔
فروردین ف ماہ شمسی کا پہلا مہینا جو ہندی میں بیساکھ سے ملتا ہوا ہے۔ بہار کا موسم اس مہینہ سے شروع ہوتا ہے۔ ۲۲ مارچ کو اس کی پہلی تاریخ ہوتی ہے۔ اور ہر ماہ شمسی کی انیسویں تاریخ۔
فروز ف تابش۔ روشنی۔ آفتاب کی چمک۔
فروزان ف روشن
فروزنگان ف صفیں
فروزینہ ف وہ چیز جس سے آگ جلائیں

جیسے گھاس پھوس۔ چقماق کے معنی میں بھی آیا ہے۔
فرُوس ع جمع فرس کی۔ گھوڑے۔
فروسیت۔ فروست ع گھوڑے کی سواری۔ گھوڑے کے عیب و صواب وغیرہ امور کو پہچاننا۔
فروش۔ فبیچ۔ بیچنے والا۔
فروشدن۔ روزنہ فروشدن مہر ڈوبنا۔ مہر چھپنا
فروشندہ ف بیچنے والا۔
فروشیدن ف بیچنا۔
فرُوع ع جمع فرع کی۔ اصطلاحاً علم فقہ۔
فروغ ف روشنی۔ شعاع۔ آفتاب۔ اور آگ کی تابش۔
فروغندہ۔ فروغدہ۔ فروغمند ف بیچا ہوا۔ روشن و درخشاں۔
فرُوق ع فرق کرنا۔
فرُوق ع فرق کرنے والا۔
فروگذاشت ف چھوڑنا۔ معاف کرنا۔ بھول جانا۔ بھول۔ تقصیر۔ سستی۔
فروکش ف اترنے والا۔ مقام کرنے والا۔ کبھی مصدر کے معنے دیتا ہے یعنی اترنا۔ قیام کرنا۔
فروکش شدن ف اتر پڑنا۔ مقام کرنا کسی جگہ پر آن ٹھیرنا۔
فروکش کردن ف منت سماجت کے ساتھ دعوت کرنا۔ کسی جگہ پر فروکش ہونا۔
فروکوفتن ف ٹھوکنا۔ دستہ مارنا
فروگذاشتن ف چھوڑ دینا۔ بھول جانا قصور معاف کرنا۔
فرومائدگان ف جمع فرومائدہ کی۔
فروماندگی ف عاجزی۔ لاچاری۔

فروماندن ف عاجز ہونا۔ ناچار ہونا۔ متحیر ہونا۔
فرومائدہ ف عاجز۔ تھکا ماندہ۔ اپاہج۔ متحیر۔ منتظر۔
فرومایگان ف کمینے لوگ۔ نالائق۔
فرومایہ ف کمینہ۔ نالائق۔ بداصل۔ بے ہنر۔ ٹٹ پونجیا۔ محتاج۔
فرونشستن آتش ف آگ کا بجھ جانا۔
فرویش ف تقصیر و فروگذاشت کاہلی۔ دیر کسی کام کو بھول جانا۔ درشتی۔ بیکاری بچھونا بچھا۔
فرہ ف شان و شوکت۔ ٹیپ ٹاپ دبدبہ۔ عظمت۔
فرہ ع زیادتی۔ غلبہ۔ سبقت۔ ظفر۔ غالب۔ مظفر۔
فرہ ف سبب۔ باعث۔
فرہ ع خوش منش۔ بہت خوش ہونا۔
فرہاد ف نام ہے فارس کے ایک مشہور عاشق کا جو شیریں پر عاشق ہوا تھا۔ اُسے کوہکن بھی کہتے ہیں۔ قصہ اُس کا مشہور ہے
فرہختن۔ فرہنجیدن ف ترتیب کرنا۔ ادب سکھانا۔ لٹکانا۔
فرہنگ ف عقل۔ علم۔ ادب۔ بزرگی سنجیدگی۔ مجازاً لغت کی کتاب۔ نام کیکاؤس کی ماں کا۔
فرہنگ سار ف زائل کرنا۔ باطل کرنا
فرہی ف شان و شوکت۔ ٹیپ ٹاپ دبدبہ۔ زیادتی۔ غلبہ۔
فرہیختہ ف ادب سکھایا گیا۔
فریاد ف دہائی۔ فریاد کرنا۔ شور کرنا۔ دہائی دینا۔
فریادخوان۔ فریادخواہ ف مظلوم

دادخواہ۔ فریادی۔
فریادی ف دہائی دینے والا۔
فریب ف مکر۔ عشوہ۔ ناز۔ دغا۔ دھوکا
فریبا۔ فریبندہ ف فریب دینے والا۔
فریبی۔ مکار۔ حیلہ گر۔
فرید ع بے مثل۔ بے مانند۔ یگانہ۔ یکتا۔
فریدون کا فر ورف ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے۔ جو جمشید کی نسل سے آبتین کا بیٹا تھا۔ ضحاک نے جب جمشید سے سلطنت چھین لی۔ تو نہایت ظلم و ستم اختیار کیا۔ لوگ اس سے تنگ آگئے۔ ایک دن اس نے خواب دیکھی کہ کوئی شخص اسکی گردن میں رسی ڈالے کوہ دنبند کی طرف لیجا رہا ہے۔ اس خواب سے وہ بہت پریشان حال اور نہایت اُداس ہوا۔ اور نجومیوں اور مُعبّروں سے اسکی تعبیر پوچھی۔ ایک شخص نے بیان کیا کہ ممکن ہے کہ جمشید کی نسل سے کوئی شخص آپ کے ساتھ اس طرح پیش پیش آوے۔ اس پر ضحاک نے جمشید کی نسل کے لوگوں کو چُن چُن کر قتل کرایا۔ چنانچہ فریدون کا باپ آبتین بھی مارا گیا فریدوں کی ماں (فرانک) اُس کے مارے جانے کے خوف سے اُسے لیکر گھر سے نکل گئی۔ اور ایک سبزہ زار میں پہنچی۔ اس سبزہ زار کے رکھوالے کے پاس ایک بڑی دودھیل گائے تھی۔ جس کا دودھ اس نے مسافروں کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ فرانک نے جسکے پستان میں خاوند کے مرنے کے غم اور ضحاک کے خوف سے دودھ نہ رہا تھا فریدون کو اس سبزہ زار کے رکھوالے

کے حوالے کر دیا۔ اُس نے بھی اس امر کو کارِ خیر سمجھ کر نہایت کوشش سے اُس گائے کے دودھ سے اسکی پرورش کی۔ اس واسطے اس کا نام فریدون گاؤ پرور مشہور ہے۔ ادھر کاوہ آہنگر نے جس کے دو بیٹے ضحاک کے ظلم و ستم کی نذر ہو چکے تھے لوگوں کو جمع کر کے ایک بڑا بھاری لشکر اپنے جھنڈے تلے جمع کیا۔ (یہ جھنڈا درفش کاویانی کے نام سے مشہور ہے۔ کیونکہ یہ کاوہ آہنگر کا بنایا ہوا تھا۔) اور اسکی یہ خاصیت بیان کی جاتی ہے کہ اُسے جو کوئی اپنے ساتھ لیتا مظفر و منصور ہوتا اس لشکر نے ضحاک کے ساتھ لڑ کر خراسان اور عراق کا بہت سا ملک فتح کر لیا ٭ اب کاوہ اصفہانی اس فکر میں ہوا کہ تختِ سلطنت کس کے حوالے کیجیے؟ آخر جستجو کرتے کرتے اسے فریدون کا پتا لگا تاجِ شاہی اس کے سر پر رکھا۔ اور ضحاک کو اسکے حوالہ کیا۔ فریدون نے ضحاک کو پہلے تو دماوند پہاڑ کے قید خانہ میں قید کیا۔ اور پھر کچھ عرصہ بعد قتل کر ڈالا ٭ فریدون بڑا منصف عادل اور ہردلعزیز بادشاہ تھا۔ اس کے عدل و انصاف کے سبب خود بخود ملک اسکے قبضہ میں آتا رہتا تھا۔ پہلے پہل ہاتھی پر یہی بادشاہ سوار ہوا۔ اور اس پر لڑائی کے ہتھیار سجائے علم نجوم میں باریکیاں نکالیں۔ حکما اور اطبا کی عزت کی۔ اور مسائل علم طب میں اُن سے بحث کی۔ ۵۰۰ برس سلطنت کر کے عنانِ حکومت اپنے بیٹوں کے سپرد کی۔ پایۂ تخت ایرج اپنے (چھوٹے بیٹے کو) دیا۔ اور باختر سلم کو اور خاور تور کو۔

فریدہ ف مغرور۔ خود رائے۔
فریس ع لکڑی کا بنایا ہوا چیپ۔
فریسہ ع وہ جانور جس کو شکار کریں۔
فریش (بیائے مجہول) ف تاخت و تاراج
فریضہ ع خدا کا فرمودہ۔ جو بات خدا کی طرف سے بندہ پر فرض ہے۔ جیسے نماز پڑھنا۔ روزہ رکھنا۔ حج کرنا۔ زکوٰۃ دینا وغیرہ
فریفتن ف فریب کھانا۔ فریب دینا۔
فریفتہ ف فریب خوردہ۔ مجازاً عاشق۔
فریق ع جدا کرنے والا۔ ٹولی۔ فرقہ۔
فریقین ع دونوں گروہ۔ دونوں فرقے۔
فریوک ف خربوزہ۔
فریہ ف نفرین
فریہ ع جھوٹ۔ بہتان

فائے معجمہ مع زائے معجمہ

فز ف آلۂ تناسل۔
فزا ف افزائش۔ زیادہ کر۔ انگڑائی۔
فزار ف پیشہ وروں کا کوئی آلہ۔
فزاک ف سر کی چوٹی۔ پلید۔ مردار۔ زشت
فزع ع ترساں۔ ڈرنے والا۔
فزع ع خوف۔ دہشت۔ گھبراہٹ۔
فزع اکبر ع بڑی دہشت۔ بڑی گھبراہٹ۔ بڑا خوف۔ روزِ قیامت سے مراد ہے۔
فزودن ف زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا
فزون ف زیادہ۔ بڑھا ہوا۔
فزونی ف زیادتی۔ بڑھوتری۔
فزونی نہادن ف فضیلت دینی۔ ترجیح دینی۔

فائے معجمہ مع زائے فارسی

فژ ف میل چرک۔ گھوڑے کے بال۔
فژاک۔ فژاکن۔ فژاکین ف میلا پلید
فژغند۔ فژغندہ۔ فژکند۔
فژگندہ ف میلی چیز۔
فژولیدن ف پژمردہ۔
فژولیدن ف تقاضا کرنا۔ لڑائی کے لئے ابھارنا۔ دور کرنا۔
فژہ ف زشت۔ ناخوش۔ میلا۔ بدبودار سڑا ہوا۔

فائے معجمہ مع سین مہملہ

فساد ع بگاڑ۔ بگڑنا۔ پہلی صورت کا بگڑ جانا۔
فسار ف پوزی جو گھوڑوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔
فسان ف ایک پتھر ہے۔ جس پر چاقو اور چھری تیز کرتے ہیں۔ سان۔
فسانہ ف سرگذشت۔ ماجرا۔ قصہ۔ کہانی۔ مخفف افسانہ کا ہے۔
فسانیدن۔ فسائیدن ف افسون کرنا۔ منتر پڑھنا۔ فرمانبردار کرنا۔ تابع بنانا
فسائیدہ ف افسوں گر۔
فستق ع سبز پستہ۔ مشہور میوہ ہے
فستقی سبز پستئی رنگ۔
فستقم ع اشارہ طرف آیت "فَاسْتَقِمْ کَمَا اُمِرْتَ" الخ۔ جس کے معنی ہیں "پس استوار رہو اوپر دین پر جیسا تو حکم دیا گیا ہے (مامور ہوا ہے) اے محمد۔"
فسحت ع فراخی جگہ کی کشادگی۔ فراخی۔
فسخ ع قصد کا پھیر دینا۔ ارادہ کا پلٹ دینا۔ رائے توڑنا۔
فسدہ ع جمع فاسد کی۔ فساد کرنے والے اور فتنہ انگیز لوگ۔
فسر ع بیان کرنا۔ مطلب کھولنا۔
فسردگی ف جم جانا۔ منجمد ہو جانا۔
فسردن ف ٹھٹھرنا۔ منجمد ہونا۔
فسردہ ف وہ آدمی جس کا ہاتھ اور دل کسی کام پر نہ پہنچ سکے۔ ناکارہ۔
فسردہ بیان ف وہ آدمی جس کا کلام بے مزہ اور بیہودہ ہو۔
فسردہ پستان ف عقیمہ۔ بوڑھی عورت
فسردہ دل ف وہ آدمی جس کا جی کسی کام پر نہ لگے۔ سخت دل۔ بے مہر۔
فسرہ ف لرزہ خواہ سردی کے مارے خواہ خوف کے مارے۔
فسق۔ فسوق ع خدا کے حکم سے باہر نکلنا۔ خدا کا حکم ترک کرنا۔ بد کام کرنا گناہ کرنا۔ گنہگاری۔ بدکاری۔
فسقہ ع جمع فاسق کی۔ گنہگار لوگ۔
فسوس ف بازی۔ ظرافت ہنسی۔ ٹھٹھا۔ مسخری۔ دریغ۔ حسرت۔
فسوں ف منتر۔ جادو۔
فسیح ع وسیع۔ فراخ مکان۔
فسیحہ ع فراخ
فسیلہ ف جانوروں کا گلہ۔ خاصکر گھوڑوں اونٹوں اور گدھوں کا گلہ۔ درخت کی ٹہنی

فائے معجمہ مع شین معجمہ

فش ف پریشان۔ وش۔ مانند۔ پگڑی کا شملہ۔ گھوڑے کی یال۔ ہر چیز کا دنبالہ۔

فَشْ ف چنگ وغیرہ کی آواز سے باہر نکالنا دودھ کا جلدی وہنا تالے کو تالی بغیر کھولنا۔

فَشَارْ ف بیہودہ بات بکواس۔ گالی۔

فِسار۔ فِشارش ف نچوڑ۔ نچوڑنا۔

فِشارون ف نچوڑنا۔ چھونا۔

فَشَافَشْ ف مخفف فشافاش کا بزوں کے متواتر چھوٹنے کی آواز۔

فِشَاندن ف جھاڑنا۔

فَشْرْ ع ہذیان۔ بیہودہ۔

فِشُردن ف نچوڑنا۔

فائے معجمہ مع صاد مہملہ

فَصّ فُصّ فِصّ ع نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ پر جڑتے ہیں۔

فَصَاحَت ع بات کھول کر اور اچھی طرح پر کہنی۔ خوش گوئی۔ خوش بیانی خوش تقریری۔ تیز زبانی۔ اصطلاح علم معانی میں کلام کا ایسے الفاظ سے خالی ہونا جسکو بلیغ لوگ نہ بولتے ہوں۔ اور انوکھی ترکیبیں۔ اور ثقیل و دُرشت الفاظ اور ایک جنس کے دو حروف ایک جگہ پر اور غیر مانوس متعلق اور خلافِ محاورہ الفاظ استعمال نہ کرنے۔

فَصَّاد ع فصد کھولنے والا۔

فِصَال ع جدائی۔ مفارقت۔ دودھ چھڑانا بچہ کا۔

فَصَّال ع بہت جدا کرنے والا نجارہ دربان۔ پردہ دار۔

فَصْح ع بات کھول کر اور اچھی طرح کہنی۔ واضح طور پہ کلام کرنا۔

فِصْح ع کو دجانا۔ یہود یوں کی ایک عید بھی ہے۔ اور اس دن عید کرنے کی وجہ یہ ہے کہ جب بنی اسرائیل مصر میں مقیم تھے۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام انکو فرعون کے ظلموں سے چھڑانے اور فرعون کو ایمان لانے کی دعوت کر رہے تھے۔ ان دنوں مصریوں پر کئی بلائیں نازل ہوئیں جنمیں ہزاروں مصری ہلاک ہوگئے۔ مگر بنی اسرائیل بچے رہے اور اسی نعمت الٰہی کے شکر کے لئے یہ عید مقرر ہوئی۔

فَصْد ع خون نکالنا رگ سے۔

فَصْل ع چاروں موسموں میں سے ایک موسم۔ کلام یا کتاب کا کوئی حصہ۔ جدا کرنا۔ جدا ہونا۔ پردہ و حجاب دو چیزوں میں باز رکھنا۔ کاٹنا۔ اصطلاح علم منطق میں جو نوع کو تمیز دے۔ اُس کے مشارکات جنسی سے الگ کرنا جیسے لفظ ناطق کہ اس کے سبب انسان دیگر حیوانات سے ممتاز ہوتا ہے۔

فَصْلُ الْخِطَاب ع احادیث نبویہ جو حق اور نفسِ باطل کو جدا کر دیتی ہے۔ ہر ایک کلام جو فصیح اور روشن ہو۔ اور حق و باطل میں امتیاز کر دے۔

فَصْلِ قَرِیب ع جو جنس قریب سے نوع کو جدا کرے جیسے لفظ ناطق بہ نسبت انسان کے۔

فَصْلِ بَعِید ع جو نوع کو جنس بعید سے جدا کرے۔ جیسے لفظ حساس بہ نسبت انسان کے۔

فَصْلی ع وہ سال کہ اکبر بادشاہ نے ۹۶۳ھ میں باعتبار فصل کے مقرر کیا۔ اور ابتدا اس کی کنوار ماہ ہندی سے مقرر کی چونکہ ہندی مہینوں میں لوند بڑھتا رہتا ہے۔ لہٰذا اب فصلی اور ہجری میں بارہ برس سے بھی زیادہ کا فرق ہو گیا ہے۔

فُصُوص ع جمع فص کی نگینے۔ نگ۔ علم تصوف میں شیخ محی الدین عربی کی تصنیف سے ایک کتاب بھی ہے۔

فُصُول ع جمع فصل کی۔

فُصُولِ چہارگانہ ف چاروں فصل یعنی تابستان۔ زمستان۔ ربیع۔ خریف

فَصِیح ع خوش گو۔ خوش بیان۔ خوش تقریر۔ صحیح اور واضح بیان کرنے والا وہ شخص جس کی کلام ثقیل الفاظ اور کڈھبی ترکیبوں سے پاک ہے۔

فَصِیل ع شہر پناہ۔ شہر کی چار دیواری اونٹ کا بچہ جس کا دودھ پینا چھڑایا جاوے۔

فائے معجمہ مع ضاد معجمہ

فَضَا ع زمین کی فراخی۔ کشادگی صحن خانہ اور میدان۔ کھلا میدان۔

فَضَاحَت ع رسوائی۔ خواری۔

فُضَالہ ع ہر شے سے زیادتی۔ اور بعض شاخہاے بے موقع۔ گرے ہوئے پتے۔ اور وہ شاخیں جن سے میوہ چُن لیا گیا ہو۔ اور پھر قابل پھل پھول کے نہ رہیں بچا ہوا کھانا۔ جناب رسولِ خدا صلعم کے ایک غلام کا نام بھی ہے۔

فُضَالہ چیں ف مالی۔ باغبان۔

فَضَائِح ع جمع فضیحت کی رسوائیاں

فَضَائِل ع زیادتیاں۔ اور ہنر۔ جاہِ بلند۔ جمع فضیلت۔

فَضَائِلِ اربعہ ع حکمت۔ شجاعت عِفّت۔ عدالت۔

فَضْح ع خواری۔ رسوائی

فَضْل ع زیادتی۔ افزونی۔ بخشش فضیلت اور ایک شاعر کا نام بھی ہے۔

فَضْلِ رَبِیع ع ہارون رشید کے وزیر کا نام ہے۔ جو بڑا سخی اور نکوکار تھا۔ اور ایک دربان کا نام بھی ہے۔ جو فراست میں یگانہ تھا۔

فُضَلَا ع جمع فاضل کی۔

فَضْلَات ع جمع فضلہ

فَضْلَہ ع پس ماندہ۔ بچا کچھا۔ جھوٹا کھانا۔ وہ ٹہنیاں (درخت کی) جن سے میوہ توڑ لیا جاوے۔ اور پھر قابل پھل پھول کے نہ رہیں۔ اصطلاح اطبا میں وہ پھوک ہے جو بعد ہضم غذا کے براہ معدہ یا مثانہ یا دماغ وغیرہ کے خارج ہو۔ مجازاً نجاست۔ پلیدی

فُضْلہٴ رَز ف انگور کی وہ ٹہنیاں جن سے انگور توڑ لئے جائیں۔ اور وہ چھانٹ ڈالنے کے قابل رہ جائیں۔

فُضْلہ زار ف کوڑا کرکٹ اور نجاست وغیرہ ڈالنے کی جگہ۔

فُضُوح ع رسوائی

فُضُول ع فزونی۔ زیادتی۔ اور جمع فضل کی۔

فَضُول ع زیادہ گو۔ بکواسی۔ اور وہ شخص جو بیہودہ کام کرے۔

فُضُولیِ نَفْس ف ناصح۔ واعظ سے کنایہ ہے

فُضُولی ع بیہودہ آدمی۔ زیادہ گو وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے۔

فِضَّہ ع چاندی۔ نقرہ۔

فَضِیحَت ع رسوائی۔ خواری۔ ذلت۔ بدنامی۔

فُضَیل ع ایک ولی کامل کا نام ہے۔ جنکے مرید سلطان ابراہیم بن ادہم تھے۔

فَضِیلَت ع بزرگی۔ بڑائی۔ زیادتی۔

ترجیح ہُنر۔ دانش۔ درجہ بلند۔ رفعت۔

فائے معجمہ مع طائے مہملہ

فِطَام ع دو برس کی عمر کے بعد بچے کا دود چُھڑانا۔ جدائی۔ مفارقت۔ شکستگی۔

فَطَانت ع زیرکی۔ دانائی۔

فَطر ع چیرنا۔ پیدا کرنا۔ روزہ کھولنا۔

فِطر ع روزہ کھولنا۔

فِطرت ع آفرینش۔ پیدائش۔ خلقت۔ سرشت۔ نیچر۔ دانائی۔ اور عیدالفطر کا صدقہ۔

فِطرتِ اوّل ع پیدائش ارواح جو سب سے پہلے ہوئی۔

فِطرہ۔ فِطرت ع عیدالفطر کا صدقہ جو فی آدمی دو سیر گیہوں یا چار سیر جَو کے حساب سے دیا جاتا ہے۔

فِطری ع خلقی۔ پیدائشی۔ منسوب بہ فطرت

فطس ع چوڑی ناک والا آدمی اور یہی مصدر بھی ہے یعنی چوڑی ناک والا ہونا۔

فطن فَطِن فُطُن فَطُن۔

فطن ع زیرک ہونا۔ دانا ہونا۔

فَطِن ع زیرک۔ دانا۔

فِطنت ع زیرکی۔ دانائی۔

فَطِیر ع تازہ گندھا ہوا آٹا۔ خمیر کی ضد فطیر ہے۔

فِطِّیس ع گھن جو لوہا سوں کا لوہا کوٹنے والا اسٹہورا وزار ہے۔

فائے معجمہ مع ظائے معجمہ

فَظّ ع سخت دل۔ بدخو۔ درشت سخن۔

فَظِیع ع قبیح شنیع۔ بد۔ زشت۔

فائے معجمہ مع عین مہملہ

فِعَال ع جمع فعل کی۔

فَعَّال ع بہت کام کرنے والا۔

فِعل ع کسی کام کا کرنا۔ کام۔ عمل اصطلاح علم صرف میں وہ کلمہ مستقبل جس میں زمانہ پایا جاوے۔

فِعلِ ناقص ع وہ فعل ہے جس کا فاعل اور مفعول نہیں ہوتا۔ بلکہ اسم اور خبر کو چاہتا ہے۔ اور فعل ناقص اُسے اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بدوں خبر کے اس میں کلام پوری نہیں ہوتی۔ جیسے زید ہے۔ کچھ فائدہ نہیں بخشتا۔ جب تک۔ قائم خبر اس کے ساتھ نہ بڑھاویں۔

فعل و انفعال ع فعل۔ کام کرنا۔ اثر پہنچانا۔ جیسے بڑھئی کی لکڑی کاٹنے میں حرکت۔ انفعال۔ اثر قبول کرنا۔ اثر پذیر ہونا جیسے کاٹ جانا لکڑی کا بڑھئی کے کاٹنے سے۔

فائے معجمہ مع غین معجمہ

فَغ فَغْفُ ف بت۔ صنم۔

فُغاک ف احمق۔ نادان۔

فُغان ف نالہ۔ فریاد۔ دُہائی۔

فُغاں کردن ف دہائی دینا۔

فُغانی ف ایک شاعر کا تخلص ہے۔

فغفور ع اصل میں فغ پور فغ بمعنی بُت پور بمعنی بیٹا یعنی پسر بُت کا تھا۔ بُت کا بیٹا نام ایک بادشاہ چین کا ہے۔ چونکہ اس کو اشرف یعنی ماں باپ نے بُت کی نذر کر دیا تھا۔ اس واسطے اس کا یہ نام ہوا تھا۔ اور جب سے بادشاہ چین کا یہی لقب ہو گیا ہے۔

فَغْم ع خوشبو کا سونگھنا۔

فائے معجمہ مع فائے معجمہ

فُف ف پھونک جو پھونکنا کا حاصل مصدر ہے۔

فائے معجمہ مع قاف معجمہ

فَقَار ع مُہرے پیٹھ کے گردن سے لیکر کمر تک۔

فُقّاع ع بوزہ جو جانوں سے بناتے ہیں اور اس کے پینے سے نشہ آتا ہے۔ شراب غیر مُسکر۔ شیشہ۔ حُباب۔ پیالہ۔ کوزہ۔ شربت۔ فارسی میں بتخفیف بھی مستعمل ہے۔

فقاع کشادن۔ کشودن ف شیخی مارنا گھمنڈ کرنا۔ ڈکار مارنا۔

فَقَاہ ع دانائی

فَقَاہت ع دانشمندی۔ دانائی دریافت کرنا۔ جاننا۔

فَقد ع گم کرنا۔ گم ہونا۔

فُقدان ع گم ہونا۔ کھویا جانا۔

فَقر ع افلاس۔ فقیری۔

فُقَرا ع جمع ہے فقیر کی

فَقَرات ع جمع فقرہ۔ مُہرہائے پشت۔ اور چونکہ فقرات الظہر (پیٹھ کے مُہرے) مرتب اور تو برتو باہم یکار رہتے ہیں۔ اس واسطے پارہائے عبارت کو بھی جو ترتیب سے نثر میں پیوستہ ہیں فقرات بولتے ہیں۔

فِقرہ ع مُہرہ پشت۔ استخوان پیٹھ کی کمر کا منکا۔ عبارت نثر کا ٹکڑا۔

فُقّع ع فقاع کا مخفف ہے۔

فَقَط ع بس۔

فِقہ ع دریافت کرنا۔ جاننا۔ علم معرفت احکام شریعت۔ شریعت کے احکام جاننا۔

فُقَہا ع جمع فقیہ کی۔

فَقِیدُ المِثل ع بے مثل۔ بے نظیر۔ لاثانی۔

فَقِیر ع مفلس۔ محتاج۔ درویش۔

فَقِیہ ع عالم۔ دانا۔ علم فقہ جاننے والا۔ ماہر علم شریعت۔

فائے معجمہ مع کاف تازی

فَکّ ع جُدا کرنا۔ رہا کرنا۔ چھوڑ دینا۔ آزاد کرنا۔ جبڑا۔

فَکِّ اَسفَل ع نیچے کا جبڑا۔

فَکِّ اِضافت ع چھوڑ دینا اضافت کا۔ چھوڑ دینا (کسرہ) علامت اضافت کا جیسے لفظ صاحب اور سر کے نیچے اکثر کسرہ فَک ہوتا ہے مثلاً صاحبدل۔ سرجنگل وغیرہ۔

فَکِّ اَعلیٰ ع اوپر کا جبڑا۔

فِکَاک ع جُدا کرنا۔ خلاص کرنا۔ آزاد کرنا چھڑوانا۔

فُکَاہت ع مزاح۔ ہنسی۔ خوش طبعی۔

فِکر۔ فِکرت ع سوچ۔ اندیشہ۔

فِکر ع فکرت کی جمع ہے۔

فکر مکرر اُتم قول ع سوچ بار بار۔ پھر مُنہ سے نکال۔

فکرش ف دو کش۔ دیگران علم کا آتش دان

فکندہ سر ف مراقبہ کرتا شرمندہ اور خجل۔

فکندہ سرین ف چار زانو بیٹھنا۔ اور وہ آدمی جو چار زانو ہو کر بیٹھے۔

فکیف ع پس کس طرح۔ پھر کیونکر۔ یہ کلمہ استفہام حالت کے لئے ایسے موقع پر بولا جاتا ہے جہاں کسی امر کا علوِ شان اور غرابت مرتبہ معلوم ہو۔ اور پھر اُس کا استفسار کیا جاوے۔ اور اُس کے آگے کاف (بیانیہ) وقت اور حالت کے بیان کے واسطے لاتے ہیں۔ جیسے سعدی کے اس شعر میں ؎

خداوندگارے کہ عبدے خرید
بدارد فکیف آنکہ عبد آفرید

فائے معجمہ مع کاف فارسی

فگار۔ فگال ف زخمی۔ زخم۔ اسی واسطے عاشق کو دلفگار کہتے ہیں۔ جو لوگ دلفگار کے معنے معشوق سمجھتے ہیں۔ بڑی ہی غلطی کرتے ہیں۔

فگانہ ف وہ بچہ جو جننے سے پہلے ماں کے پیٹ ہی میں مر جائے۔ وہ بچہ جو ایام ولادت سے پہلے ہی ساقط ہو جاوے۔

فگندن ف ڈالنا۔

فائے معجمہ مع لام

فُل ف نیلوفر اور اسکی جڑ۔ بھی کے درخت کی لکڑی۔

فَلّ ع توڑنا۔ رخنہ کرنا۔ شکست دینا۔ لڑائی سے بھاگا ہوا آدمی۔

فِلّ ع جس زمین میں کبھی مینہہ نہ برسے۔

فلا ع بیابان۔

فلاخت تاتا۔ بانا

فَلات ع وہ جنگل جس میں پانی اور گھاس کچھ نہ ہو۔ صحرائے فراخ۔

فلاتہ۔ فلاتتہ ف ایک قسم کا حلوا ہے۔

جو گوسفند کے دودھ سے پکاتے ہیں۔

فَلاح ع رستگاری۔ خلاصی۔ رہائی۔ فیروزمندی۔ فتحمندی۔ نیکی۔

فلّاح ع کسان۔ مزارع۔ زمیندار۔

فَلاحت ع نیکی بھلائی۔ کھیتی کرنا۔ زراعت۔

فَلاخان۔ فَلاخَن ف گوپھیا۔ جس میں ڈھیلا رکھکر اور گھماکر زمیندار کھیت میں جانوروں کو مارتا ہے۔

فلاد۔ فلادہ ف بیہودہ۔ بے فائدہ۔

فَلاسفہ ع جمع ہے فلسفی کی۔ حکما۔ دانشمند لوگ۔

فلاسنگ ف گوپھن۔ گوپھیا۔ بیابان۔

فلاطوس ع ایک حکیم کا نام ہے۔ بعض ایک پہلوان کا نام بتاتے ہیں۔ اور بعض کے نزدیک ایک قوم کا نام ہے۔ جو نہایت دلیر اور شجاع تھی۔ ایک مقام کا نام بھی ہے جہاں کے رہنے والے نہایت بے وقوف ہوتے ہیں۔ درم کا وزن یعنی ۱/۴ ماشہ

فَلاطُون ی۔ افلاطون جو نام ایک مشہور یونانی کا ہے۔ لغوی معنی اسکے عام منفعت۔ بڑے عالم کے ہیں۔

فَلاکت ع مفلسی۔ ناداری۔ زمانہ کی گردش میں آجانا۔ یہ مصدر جعلی ہے۔

فُلاں ع شخص فرضی۔ شخص غیر معلوم۔

فلاں از فلاں ف لاف مارنا۔

فلاں چیز بیک انگشت او بستہ است ف یعنی وہ شئے اُس کے قبضہ و تصرف میں ہے۔

فُلاں چیز سنگ شکستہ ف یعنی کم دستیاب ہوتی ہے۔ کم بہم پہنچتی ہے۔

فُلانی ف فلانا آدمی۔ شخص غیر معلوم۔ فُلان لفظ عربی ہے۔ فارسیوں نے اس کے آگے یائے بڑھادی ہے۔

فلادہ ف۔ حیران و سرگردان۔

فلج۔ فلجم ف دروازے کی تالی اور زنجیر

فلخ ف ابتدا۔ ہر کام کا شروع۔

فلخ ف روئی سے بنولے الگ کرنے کا کام

فلخم۔ فلخمہ۔ فلخمان ف گوپھیا۔

فلخم۔ فلخمہ ف دھنکی کا وہ اوزار جسے وہ اپنی کپاس اونٹنے کی کمان کی ندو پر مارکر کپاس اونٹتا ہے۔ صندوق وغیرہ کا تالا۔ آتش پرستوں کا گورستان۔

فلخیدن۔ فلخودن۔ فلخیدن ف کپاس اونٹنا۔

فِلْذ ع اونٹ کا جگر۔ جگر کے ٹکڑے۔

فَلْذ ع کاٹنا۔ قطع کرنا۔

فِلِز ع وہ جوہر کانی جو آگ میں پگھل سکے یہ معنی شامل ہیں۔ چاندی۔ سونے۔ تانبے وغیرہ سب معدنیات کو۔

فلزات ع جمع فلز کی۔ کانی چیزیں جو پگھل جائیں۔ یعنی سونا چاندی۔ لوہا۔ تانبا۔ قلعی سیسا۔ جست۔ پارہ وغیرہ۔

فِلِزّی ع معدنی۔ کانی۔

فلس ع پیسہ

فلس ع مچھلی کا چھلکا

فِلسطی عب پردیسی۔ ایک قوم کا نام بھی ہے۔

فَلَسطِین ع پلسٹائن۔ ملک شام میں ایک مشہور ولایت ہے۔ بیت اللحم۔ ناصرہ اور آورشلیم (جو زمانہ سابق میں اس کا دار السلطنت تھا) وغیرہ اسی میں واقع ہیں۔ اس ملک کے یہ بھی نام ہیں کنعان اس سبب سے کہ کنعان بن حام نے اُسے آباد کیا تھا) ملک یہودیہ عبرانیوں کا ملک۔ خداوند کی زمین۔ پاک زمین۔ وعدہ کی زمین (اس وجہ سے کہ اس کے عطا فرمانے کا وعدہ خداوند تعالے نے حضرت ابراہیمؑ و اسحاق و یعقوب و موسیٰ سے بار بار فرمایا تھا) اس کا حدود اربعہ یہ ہے شمال کی سرحد پہ سریا کی سلطنت مشرق کی طرف دریائے یردن اور بحر الموت جنوب کی طرف ملک عرب۔ مغرب کی طرف بحیرۂ روم۔ جنوب مغربی کونے پر ملک مصر۔ یہ ملک شمالاً جنوباً ۸۰ میل لمبا اور شرقاً غرباً ۴۴ میل چوڑا ہے۔

فَلَج۔ فِلَج ع چیرنے والے۔ تبر۔ کلہاڑا

فلسفہ ع حکیم اور دانشمند ہونا جعلی مصدر ہے۔ ماخوذ از "فیلاسوفا" علم موجودات کا۔ علم حکمت۔

فلسفی ع حکیم۔ دانشمند۔

فلفل۔ فلفل ع سیاہ مرچ

فلفل در آتش افگندن انداختن ف بیقرار کرنا۔

فَلْق ع چیرنا۔ پھاڑنا۔

فَلَق ع صبح کا سفیدہ۔ صبح کی روشنی جو ابتدا میں ہو۔ اور دوزخ میں ایک کنواں ہے

فلک ع آسمان

فلک ع کشتی۔ ناؤ۔ بیڑی۔ اور کشتیاں یہ لفظ مفرد اور جمع دونوں پر بولا جاتا ہے

فلک الافلاک ع نواں آسمان فلک کے معنی آسمان اور اطلس کے معنی وصاف

سادہ۔ اور بے نقش رکھے ہیں۔ چونکہ اس فلک پر کوئی ستارہ نہیں۔ اور نقوش کواکب سے سادہ ہے۔ اسواسطے فلک اطلس کہلایا۔ اور چونکہ وہ تمام افلاک کے اوپر اور سب کا مُحیط ہے۔ اسواسطے اُسے فلک الافلاک بھی کہتے ہیں۔ اہل شرع اُسے عرش کہتے ہیں۔

فلکُ الثّوابت۔ فلکِ ثابتہ۔ فَلکُ البُرُوج۔ آٹھواں آسمان وہ آسمان جس میں ثوابت (یعنی وہ کواکب جو سیاروں کی طرح حرکت نہیں کرتے۔ اور ثابت اور ساکن نظر آتے ہیں) گڑے ہیں۔ انہیں ثوابت سے برجوں کی شکلیں تعبیر کی گئی ہیں۔ اور اسی واسطے اسے فلک البروج بھی کہتے ہیں۔ اہل شرع کے نزدیک اس کا نام کرسی ہے۔ یہ تقسیم اور نام پُرانے ہیئت والوں کا رکھا ہوا ہے۔

فلکُ الافلاک۔ فلکِ اعظم۔ نواں آسمان۔ جو سب افلاک کے اوپر اور سب کا مُحیط ہے۔ جاننا چاہیئے کہ نظامِ عالم میں اجرام فلکی کا ٹھیک ٹھیک مقام سولھویں صدی مسیحی کے وسط تک معلوم نہیں تھا۔ کہ کہاں کہاں ہے ہماری دنیا کو بھی (جیسا کہ نظام بطلیموسی کا اصول ہے) یقین تھا۔ کہ ہماری زمین ہی مرکز عالم ہے جسکے گرد تمام افلاک اور اجرام فلکی گردش کرتے ہیں۔ نو آسمان ہیں جو پیاز کے چھلکوں کی طرح تہ بتہ ہیں۔ زمین اُن کے اندر ایسی ہے جیسے انڈے کے اندر زردی ہوتی ہے۔ سب سے اوپر

اور سب پر مُحیط فلک الافلاک ہے۔ جسے فلکِ اطلس اور فلک اعظم بھی کہتے ہیں پھر اس کے نیچے فلک الثوابت ہے جس کو فلک البروج بھی کہتے ہیں۔ اس میں ثوابت جمے ہوئے ہیں۔ (انہیں ثوابت سے برجوں کی شکلیں تعبیر کی گئی ہیں) اور صرف فلک الثوابت کے دورہ کرنے سے یہ ثوابت مُتحرک

معلوم ہوتے ہیں۔ اس کے نیچے ساتوں سیاروں کے سات فلک اس ترتیب سے ہیں۔ فلکِ زُحل۔ فلک مشتری۔ فلکِ مریخ۔ فلکِ زہرہ فلک عُطارد۔ فلکِ قمر۔ تمام سیارات اپنے اپنے فلک میں حرکت کرتے ہیں اور ان کے فلک زمین کے گرد دورہ کرتے ہیں۔ ان افلاک کے نیچے چار اور کُرے ہیں۔ فلکِ قمر کے نیچے کُرۂ نار ہے۔ اور اُس کے نیچے کُرۂ ہوا۔ اور پھر کُرۂ مائی (یعنی آبی) اور پھر کُرۂ ارضی۔ ان دوائر سے نظام بطلیموسی کی سب کیفیت کھل سکتی ہے۔

غرض مُدت تک نظام بطلیموسی کا رواج عرب۔ بابل۔ ایران۔ ہندوستان وغیرہ ممالک میں رہا۔ اور بعض مذاہب میں تو وہ بمنزلہ عقیدہ کے مشہور کیا جو شخص ذرا اُس کے خلاف کہتا۔ اس پر کفر اور الحاد کا فتوےٰ دیا جاتا۔ مگر پندرھویں صدی کے اخیر میں کوپرنیکس نے اس قدیم نظام میں بڑا انقلاب پیدا کیا۔ اور بجائے زمین کے آفتاب کو مرکز عالم مُقرر کیا۔ اور بیان کیا۔ کہ آفتاب ایک جگہ قائم ہے۔ اور اُس کے گرد تمام سیارے مع قمر مداروں میں دورہ کرتے ہیں۔ اور یہ جو تمام اجرام فلکی ظاہر میں روزانہ حرکت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اس کا باعث یہ ہے کہ زمین اپنے محور کے گرد روزانہ حرکت کرتی ہے۔ مگر یہ

بھی اکثر اُمور کے دلائل بیان کرنے میں قاصر رہا۔ آخر حکیم کسپلر نے سولھویں صدی کے اخیر میں بہت سے مشکلات کو رفع کیا۔ پھر حکیم آئزک نیوٹن نے سترھویں صدی کے وسط میں مسئلہ کشش ثقل وہ نکالا۔ کہ جس نے تمام مُشکلات کو حل کر دیا۔ سترھویں صدی کے آغاز میں مشتری کے چار چاند حکیم گیلیلیو نے دریافت کیے اور پھر اسی صدی کے نصف اخیر میں اور دو حکیموں نے زُحل کے چاند معلوم کیے ۱۷۸۱ء میں ہرشل صاحب نے یورینس کو دیکھا۔ آدم صاحب اور لوی بیر صاحب نے ایک ہی وقت میں ۱۸۴۶ء میں لیس کا پولٹ صاحب (ایک فرانسیسی طبیب) نے نیپچون کو ملاحظہ کیا۔ اور باقی اور چھوٹے چھوٹے سیارے اس حال کی صدی میں دریافت ہوئے ہیں۔ کوئی سال ایسا نہیں گذرتا کہ اس نظام میں کوئی نہ کوئی سیارہ تعداد میں بڑھتا نہو۔ جس قدر آلاتِ رصد کی ترقی اور مشاہدہ کرنے والوں کی زیادتی ہوتی جاتی ہے۔ وہ ہم کو ایک نیا عالم دکھاتے جاتے ہیں۔ غرض تقلید اور تعصب بری بلا ہے۔ اگر نظام بطلیموسی پر ہی اڑے رہتے۔ تو یہ نئے عالم کیونکر معلوم ہوتے ؟ انسان کو ہمیشہ ترقی کا قدم آگے ہی آگے بڑھانا مناسب ہے جبھی کہ اصلی اسرار و حقائق و رموز و دقائق کھلتے ہیں۔

فلک انداز۔ کرنا۔ دن دونی رات چوگنی ترقی دینا۔ بلند مرتبہ ہو جانا۔ برتری پانا۔

فلک پیر۔ دو ہمیدار۔ قیامت قائم ہو جانی

فلک پردہ ہزار ف عرش۔
فلک زدہ ف مفلس۔ تہیدست۔
فلک سیر ف تیز رو
فلک مرتبہ۔ فلک قدر۔ فلک محل ف عالی رتبہ آدمی۔
فلک لکوکب ع کرسی سے مراد ہے
فلک تورد ف تیز رفتار۔
فلک نہاد ف فلک بنیاد۔ وہ شے جسکی بنیاد مثل آسمان کے محکم اور پائیدار ہو
فلکہ ع چرخہ کی چرخی اور ایک چھوٹی لکڑی مدور سوراخ دار جو خیمہ کی چوب کے سر پر رکھتے ہیں۔ زمین کا گول ٹیلا۔ سینے کی گول ہڈی۔ پیٹھ کے گوشت کا گول ٹکڑا۔
فلکی ع آسمانی۔
فلو ع گھوڑے یا گدھے کا بچہ جس کا دودھ چھڑایا گیا ہو۔
فلوس ع جمع ہے فلس کی۔
فلہ ف پیوسی بچہ پیدا ہونے کے بعد حیوان کا دودھ جو تین دن نکلتا ہے جسکو پیوسی کہتے ہیں۔ پنجابی کوہلی۔
فلیو۔ فلیوہ ف بیہودہ۔ بیفائدہ۔

فائے معجمہ مع میم

فم ع منہ۔
فم معدہ ع معدہ کا منہ۔ کوڑی۔

فائے معجمہ مع نون

فن ع درخت کی شاخ ٹہنی۔ علم کی شاخ۔ فارسی میں بتخفیف بھی مستعمل ہے اور بمعنی مکروفریب۔ حیلہ ہنر۔ دانش۔ برائے کشتی کا داؤ کے بھی آیا ہے۔
فناوارد ف گرد۔ گھر کا آنگن۔
فنا ع مرنا۔ ہلاک ہونا۔ نیست و نابود ہونا۔
فنجان ف پیالی۔
فنجوس ف ریم آہن مصنوعی۔
فنجیدن ف تپ سے پہلے یا خمار شراب کی حالت میں اعضا شکنی۔
فنج ع اونٹ کا پیٹ بھرکر پانی نہ پینا۔
فن خوردن ف فریب کھانا۔
فندف جھوٹ۔ خطا۔ بڑھاپے کی سستی۔ مکروفریب۔ بیہودہ کلام۔
فندق ع ایک مشہور میوہ ہے۔ جو بیر کی طرح سرخ ہوتا ہے۔ لب معشوق کو کنایۃً کہتے ہیں۔ اسے مہندی لگی انگلیوں کے پوروں سے تشبیہ دیتے ہیں۔
فندق لبستن ف انگلیوں پہ مہندی لگانا
فندق زدن ف بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر داہنے ہاتھ کی انگلی اس طرح مارنی کہ آواز نکلے
فندق سنجاب رنگ ف زمین
فندق سیم ف آسمان کے ستارے
فندق شکستن ف بوسہ لینا
فنک ف ایک جانور ہے جسکی کھال سے پوستین بناتے ہیں۔ جونک کو بھی کہتے ہیں۔
فنودن ف فریفتہ ہونا۔ مغرور ہونا۔ آرام پکڑنا۔ ٹھہرنا۔
فنور ف جدائی۔ فراق۔
فنون ع جمع فن کی۔
فنون تفاضل ع شاخیں اور قسمیں فضیلتوں کی۔ ہر طرح کے علم و ہنر۔

فائے معجمہ مع واؤ

فو ع منہ۔
فوات ع گذرنا۔ کھویا جانا۔ مرجانا۔
فواحش ع جمع فاحشہ کی۔ بدکار عورتیں بدیاں۔ برے کام۔
فواد ع دل۔ افئدہ جمع۔
فوارہ ع چشمہ۔ پانی کا جھرنا۔ بہت جوش مارنا
فواصل ع کلمہائے آخر آیات قرآن مجید بمنزلہ قوافی جن کو آیا بھی کہتے ہیں۔
فواضل ع بڑی بخششیں عطیات جمع ہے فاضلہ کی۔
فواق ع ہچکی۔ وہ ہوا جو سینے سے نکلتی ہے
فواکہ ع جمع فاکہہ کی۔ میوہ جات۔
فوایح ع جمع فایحہ کی۔ خوشبو دینے والی چیزیں۔ خوشبوئیں۔
فوائد ع جمع فائدہ کی۔
فوت ع مرجانا۔ گم ہوجانا۔ گزر جانا۔
یہ لفظ اگرچہ مصدر ہے مگر عرف عام میں بمعنی اسم فاعل یعنی فایت بھی مستعمل ہے
فوج ع لشکر۔ سپاہ جنگی۔ گروہ۔
فور ع جوش مارنا۔ جلدی۔ وقت۔ ساعت
فور پور کا معرب ہے۔ جو ہندوستان کا راجہ تھا۔ اور سکندر سے لڑا تھا۔
فوران ع جوشش
فوران ف قنوج جو ہندوستان کا مشہور شہر ہے
فورک ف بہرام گور کی عورت جو قنوج کے راجہ کی بیٹی تھی۔
فوز ع بخوبی مطلب کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔
فوطہ ع کمر بند۔ جامہ نادوختہ۔ نہانیکی لنگی دستار۔ رومال۔ خصیہ۔ تھیلی۔ محصول۔
فوفل ع معرب ہے پوپل کا۔ سپاری
فوق ع اوپر۔ بالا۔
فوق العادۃ ع عادت سے بڑھکر۔
فوقانی ع اوپر کا۔ اوپر والا۔ وہ حرف جس کے اوپر نقطے ہوں۔
فولاد معرب پولاد کا۔ جوہر دار لوہا جسکی تلوار۔ چھری وغیرہ بنواتے ہیں۔
فوم ع لہسن۔
فوم ف گیہوں۔ گندم۔
فوہ ع مجیٹھ۔
فوہ ع بوے خوش
فوہ ع منہ
فوہات ع جمع فوہ جسکے معنے منہ ہے

فائے معجمہ مع ہائے ہوز

فہام ع بہت سمجھنے والا۔
فہانہ ف خانہ۔
فہد ع چیتا۔ یوز۔
فہرس معرب۔ فہرست کا۔
فہرست ف تفصیل اشیا کی۔
فہل ف فراخ۔ کشادہ۔
فہم ع عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔
فہمانیدن ف سمجھانا۔
فہمیدن ف سمجھنا۔
فہوم ع جمع ہے فہم کی۔
فہیم ع سمجھنے والا۔

فائے معجمہ مع یائے تحتانی

فے ع ہر چیز کا سایہ دوپہر کے پہلے اور پیچھے کا خراج۔ مال غنیمت۔ حجاج۔ درگذر کرنا۔
فی ع بیچ۔ بیں۔ درمیان۔
فے التنجیر الاخضر ع سبز درخت میں آگ۔
فیار ع شغل۔ کام۔ پیشہ۔ صنعت۔
فیاض ع فیض پہنچانے والا۔ بڑا فیض

فیافی ع بیابانہا۔ جمع فیفاء کی۔
فیال ف وہ زمین جسمیں پہلی دفعہ زراعت کی جائے۔ دوشاخہ پیکان کا تیر۔
فی الجملہ ع حاصل کلام۔ مختصر کلام۔ خلاصہ کلام۔
فی الحال ع فوراً۔ ابھی۔
فی المثل ع کہاوت ہیں۔ مثلاً۔ فرضاً مثال کے طور پر۔
فی الواقع ع حقیقت ہیں۔ واقعی۔
فیثاغورس ی مبدب۔ بیتاگورس کا۔ شہر صور کے رہنے والے ایک مشہور حکیم کا نام ہے۔ جس نے سب سے اوّل علم شنا یعنی دریا ہیں تیرنے کا جانا۔ یہ حکیم بڑا نامی گرامی گذرا ہے۔ حاکم انطاکیہ نے اسے اپنا بیٹا بنالیا تھا۔ اور دور دور سے بادشاہان وقت اُسکی زیارت کو آتے تھے۔ اس نے ۲۸۰ دوسو اسّی کتابیں علوم مختلفہ ہیں تصنیف کیں۔ ۴۷ ہم شکل مقالہ اوّل اُسی کی ایجاد ہے۔
فیجن ف سداب جو پودینے کی طرح کی ایک گھاس ہے۔
فیخدرج سب بیہارہ۔ تپ چڑھنے سے پہلے اعضا شکستگی کی حالت۔
فیخا جوشش جہنم
فیدار ؟ کہ مغطیہ کے راہ میں ایک قلعہ ہے جسے اسی نام کے ایک شخص نے بنوایا تھا یعضوں کے ایک موضع یا شہر کا نام بھی لکھا ہے
فیدیت ف بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ نفع۔ گھوڑے کے بال۔
فیدا رف شغل۔ کام۔ صنعت۔
فیدا قیرف ملک یہ ورع کی ؟ ایک

عورت کا نام ہے۔
فیرف تاسف۔ افسوس۔
فیروز ف مُبدّل پیروز کا۔ فتحمند کامیاب
فیروزگرد ف ایران کے شہر اردبیل کا نام ہے جسے نوشیروان کے دادا فیروز نے بسایا تھا
فیروزگشت ف مبارک گردش والا۔ مبارک سیر۔
فیروزمند ف فتحمند۔ کامیاب۔
فیروزین ف نیک کام۔
فیروزہ ف مُبدّل پیروزہ کا۔ نام ایک مشہور قیمتی پتھر سبز زنگاری رنگ کا ہے اس کا مُعرّب فیروزج ہے۔
فیروزہ بوسحاقی ف ایک قسم کا فیروزہ جو شہر نیشاپور کی کان سے نکلتا ہے۔
فیروزہ تارج۔ فیروزہ تخت فیروزہ دریا۔ فیروزہ سقف۔ فیروزہ گون دریا ف آسمان۔
فیروزہ طشت ف تخت کیخسرو۔ آسمان بنات النعش۔
فیروزہ کاخ۔ فیروزہ سرقد ف دنیا۔
فیروزہ کہن ف پرانا فیروزہ جو خوش رنگ اور بیش قیمت ہوتا ہے۔
فیروزی ف فتحمندی۔ کامیابی۔ فتح جیت
فیصل ع الفیصال ؟ چکانا۔ نیاو کرنا
فیصلہ ع جھگڑا چکانا۔
فیض ع پانی کا افراط سے ہوجانا۔ کہ کنارہ سے بہنے لگے۔ پانی بہنا۔ خبر ظاہر ہونی چیز بسیار۔ مجازاً بخشش۔ فائدہ۔
فیض اقدس ع خدا تعالے کی طرف سے بے واسطہ فیض۔
فیضان ع پانی کا افراط کے سبب بہنا۔

پانی بہنا۔ خبر ظاہر ہونی۔ مجازاً نفع فائدہ
فیض مقدس ع خدا تعالے کی طرف سے فیض باواسطہ
فیضی ع ہند کے مشہور شاعر کا نام ہے۔ جو شیخ ابوالفضل ابن مبارک کا بھائی تھا۔ وہ مسلمانوں ہیں سنسکرت کا پہلا عالم ہے
فیفاء چٹیل میدان۔ بیابان ہموار۔
فیل ع ہاتھی جو مشہور حیوان ہے۔
فیلا۔ فیل ی محب۔ دوستدار۔
فیل باران ف موسم کے اخیر کی بارش جو شدت سے ہوتی ہے۔
فیلبان ف ہاتھی کا ہانکنے والا۔
فیل بنا ف دیکھو پیل بند
فیل تل ف کسی چیز کا تودہ جو فیل کے قد کے برابر ہو
فیلسوف ی مُرکّب ہے فیل (یعنے مُحِب دوستدار) اور سُوف (یعنے علم و حکمت) سے۔ یعنے دوستدار علم و حکمت۔ مُحِب دانش۔ دانشمند۔ حکیم۔ مجازاً طرار اور زبان آور آدمی۔
فیلق۔ فیلاق ر لشکر سپاہ۔ فوج۔
فیلقوس فیلاقوس ر یہ لفظ مرکب ہے۔ فیلق یا فیلاق یعنے لشکر اور اوس یعنی سردار۔ امیر۔ سردار لشکر۔ سکندر کے باپ کا نام ہے۔ جو مقدونیہ کا بادشاہ تھا۔
فیل مُرغ ف ایک مشہور پرند کا نام ہے
فیلی ف گُردوں کا ایک گروہ ہے جو عیاری ہیں مشہور ہے۔
فیلولہ ع رائے و تدبیر کا ضعف عنصر کے وقت سونا۔
فیما بین ع درمیان۔ بیچ ہیں۔
فی نفسہٖ ع اپنی اصل ہیں یا اپنی ذات ہیں۔ خود
فیوجات ع خوشبوئیں۔ بہت سی فراخیاں

بہار کی زیادتیاں۔
فیوض ع جمع فیض کی۔
فیوضات ع فیوض کی جمع اور فیض کی جمع الجمع ہے۔
فیہج ع شراب۔ بادہ۔ مے۔

باب القاف معجمہ

قاف مع الف

قاآن ت بادشاہ جو بہت عادل اور سخی اور عاقل ہو۔ چنگیز خان کے بیٹے کا نام بھی ہے۔ اب یہ لقب بادشاہ ترکستان کا ہے۔ مجازاً ہر ایک بادشاہ جلیل القدر کو کہتے ہیں
قاب ت طباق۔ بڑا برتن بطور رکابی کے تھال۔
قاب ع موافق مقدار۔ اندازہ۔ کمان کا وہ فاصلہ جو موٹھ سے کونے تک ہے۔ تو گویا ایک کمان کی دو قابیں ہوتی ہیں۔
قابخانہ ف قمار خانہ۔ کیونکہ قاب ہڈی کو کہتے ہیں۔ اور پانسے قمار کے ہڈی کے ہوتے ہیں۔ اسواسطے قابخانہ نام رکھا گیا۔
قابض ع قبض۔ قبض کرنے والا۔
قابض ارواح ع روحوں کا قبض کرنے والا حضرت عزرائیل علیہ السلام
قاب قوسین ع مقدار دو کمان کی۔
قابل ع آگے آنے والا۔ قبول کرنے والا۔ سال آیندہ۔ لائق۔ سزاوار۔ پسندیدہ۔ ضامن
قابل امانت ع امانت الٰہی (جو خلافت الٰہی سے مراد ہے) کا قبول کرنے والا۔ اور اٹھا لینے والا۔ انسان سے مراد ہے۔

قابلہ ع ضامن متکفل۔ دائی۔ عورت جو بچہ جنائے۔
قابلیت ع قابل ہونا۔ لائق ہونا۔ لیاقت۔
قابو ف بوتا۔ موقع۔ داؤ۔
قابوچی ت دربان۔
قابوس سب ــــ کاؤس کا ایک بادشاہ کا نام ہے۔
قابول۔ قاپول۔ قابوک ف نادردان پرنالہ
قابو یافتن ف داؤ پانا۔ موقع پانا۔ فرصت پانا۔ بدلہ لینا۔
قاپی ت دروازہ
قاتل ع قتل کرنے والا۔ خونی۔
قاجار ت یا قراجار وہ خاندان ہے۔ جو آجکل ملک ایران میں تخت سلطنت پر متمکن ہے۔ اصل اس خاندان کی قراجار یونان میں سے ہے۔ جو قوم مغل میں سے ہلاکو خان کے پوتے ارغون خان کا اتالیق تھا۔ اسکی اولاد (جو اکثر ارمینیا میں ہلاکتی تھی) میں سے شاہ قلی خان استر آباد میں سے آیا۔ اور وہیں شادی کرکے سکونت اختیار کرلی۔ اسکے ہاں دو بیٹے پیدا ہوئے فتح علی خان اور فضل علی خان آقا۔ اس وقت ایران میں خاندان صفویہ کا دور دورہ تھا۔ فتح علی خان نے دربار شاہی میں رسائی پاکر بہت رسوخ حاصل کیا۔ یاوری قسمت سے رفتہ رفتہ یہاں تک نوبت پہنچی۔ کہ خود سلطنت ایران پر قابض ہو گیا۔ اور اگرچہ اس نے خود لقب شاہی اختیار نہیں کیا لیکن اوسکا بیٹا محمد حسن خان بادشاہ ہو گیا۔ چنانچہ آج تک ایران میں اسی کی اولاد سلطنت کر رہی ہے۔ ناصرالدین شاہ قاجار جو اس خاندان کا چھٹا بادشاہ تھا ۱۳۱۳ھ تک ایران کے تخت پر جلوس فرما رہا سلسلہ ان بادشاہوں کا اس طرح ہے۔ محمد حسن خان قاجار۔ حسین قلی خاں قاجار۔ آغا محمد شاہ قاجار۔ فتح علی شاہ قاجار۔ محمد شاہ قاجار۔ ناصرالدین شاہ قاجار۔ اب انکے بیٹے مظفرالدین شاہ قاجار ہیں۔
قادر ع قدرت والا۔ طاقت رکھنے والا۔
قادر انداز۔ قادر دست ف وہ تیر انداز جسکا کوئی تیر خطا نہ جائے۔ کامل تیر انداز۔
قادر علی الاطلاق۔ قادر مطلق۔ ہر کام پر قدرت رکھنے والا۔ خدا تعالےٰ۔
قادری ع ایک گروہ صوفیہ کا جو شیخ عبدالقادر جیلانی رح کے طریقہ پر ہیں۔
قادس ع بڑا جہاز۔
قادسیہ ع عراق عرب میں ایک شہر ہے اور علاوہ اسکے بغداد۔ بصرہ۔ کوفہ۔ بابل۔ مدائن۔ واسط بھی عراق عرب کے مشہور شہر ہیں۔
قاذورات ع جمع قاذورہ کی۔ پلیدیاں نجاستیں۔
قار ت برف۔
قار ع قیر جو سیاہ رنگ کا روغن ہوتا ہے۔ تارکول۔
قار ف لغات اضداد سے ہے سیاہ و سفید دونوں کی طرف نسبت کرکے کہتے ہیں۔
قارع ع قرعہ کے ساتھ فال نکالنے والا چوپائے کو خصی کرنے والا۔ وہ آدمی جسکے سر کے بال بیماری کے سبب گر گئے ہوں۔ مشورہ قبول کرنے والا۔ کسی کے کہنے پر اس کام سے باز آ جانے والا جسے کر رہا ہو
قارعہ ع ٹھوکنے والی۔ حادثہ۔ سختی۔ قیامت
قارن ف رستم بن زال کے زمانہ میں ایک پہلوان تھا۔ خانخاناں عبدالرحیم کے بیٹے کا نام بھی ہے۔
قارورہ ع ایک قسم کی بارود کی بھری ہوئی کپی جس میں آگ لگا کر دشمن کیطرف پھینکتے ہیں۔ ایک قسم کی پیکان بھالے۔ (اصطلاح اطبا میں) گول شیشی جسمیں بیمار کا بول بھر کر دیکھتے ہیں۔ مجازاً بیمار کا بول۔
قارورۂ برج ع بارود کی بھری ہوئی کپی۔ جو قلعہ کے برج پر سے دشمن پر پھینکتے ہیں۔
قارورہ بر سنگ زدن ف عیش منغص کرنا
قارون ع ایک بڑے دولتمند کا نام ہے۔ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچا زاد بھائی تھا۔ اُسکے چالیس خزانے مشہور ہیں۔ حضرت موسیٰؑ نے اُسے بہتیرا سمجھایا۔ اور بہت پند و نصائح کی۔ کہ مال کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہیئے لیکن اوس نے بسبب بخل اور خسّت کے ذرا نہ مانا۔ بلکہ حضرت موسیٰؑ پر ناراض ہو کر انکی توہین کے درپے ہوا۔ اور تہمت زنا کی لگائی جس سے خداتعالےٰ نے انکو بری کیا۔ انجام یہ ہوا۔ کہ حضرت موسیٰؑ کی دعا اور قہر الٰہی سے وہ اپنے تمام خزانوں سمیت زمین میں دھس گیا۔ جیسا کہ قرآن شریف میں خداوند تعالےٰ فرماتا ہے فخسفنا بہ وبدارہ الارض پس دھنسا دیا ہم نے اس کو اور اس کے گھر کو زمین میں۔
قاری ع پڑھنے والا۔ خواندہ مجازاً قرآن کو خوب طرح پڑھنے والا اور الفاظ قرآن کے مخارج سے ادا کرنے والا۔
قارزت (؟) مشہور و پسندیدہ ہے۔
قازغان۔ قازقان ت بڑا پتیلہ۔ دیگ کلاں
قاس ف بیند گھونگ۔ ابرو۔ بھوں۔ اندازہ
قاسر ع جبر کرنے والا۔ زبردستی سے کسی کام پر رکھنے والا۔
قاسم ع بانٹنے والا۔ تقسیم کرنے والا۔ اور امام حسن کے صاحبزادے کا نام ہے جو میدان کربلا میں شہید ہوئے۔
قاسی ع سخت دل۔ سنگدل۔
قاش ت ابرو۔ بھوں۔ پھانک۔
قاشر ع چھلکا اُتارنے والا۔
قاش زین ف زین کا حنا۔ زین کے آگے اور پیچھے کے تکئے جو پھانک کی شکل کے ہوتے ہیں۔
قاشق ت چمچہ۔
قاشقان ت ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے
قاص ع قصہ خوان۔ واعظ۔ کسی کے پیچھے آنے والا۔ خبر دینے والا۔
قاصد ع قصد کرنے والا۔ ارادہ کرنے والا۔ لکڑی توڑنے والا۔ فارسی والے جنگ کے لئے مستعد کو بھی کہتے ہیں۔ ہندی میں پیک کے معنے میں مستعمل ہے
قاصد چرخ ف چاند اور آفتاب بھی مراد ہے۔
قاصر ع کوتاہی کرنے والا۔
قاصرات الطرف ع نیچی نگاہ والیاں نیچی نگاہ رکھنے والی عورتیں بسبب شرم و حیا کے
قاصر ہمت ع کم ہمت۔ بے حوصلہ۔
قاصی ع منتہا ہست کو پہنچ جانے والا۔ دور دور کے رستے سے آنے والا۔
قاضب ع تیز۔ برندہ۔ کاٹنے والا۔
قاضی ع جھگڑا چکانے والا۔ مقدمات کا فیصل

کرنے والا۔ حکم کرنے والا۔ ادا کرنے والا۔

قاضی بیضا۔ قاضی بیضاوی ع عبداللہ انکا نام اور ناصر الدین لقب تھا مصنف تفسیر انوار التنزیل و نام اسرار التاویل مشہور بہ تفسیر بیضاوی کا ہے۔ علم فصاحت و بلاغت میں یگانہ آفاق تھا۔ اور سب علموں سے علم ادب و تفسیر پر غالب تھا تفسیر بیضاوی میں اکثر فلسفیوں کے طور پر دلائل بیان کرتا ہے۔ وفات اسکی ۶۸۵ ہجری میں بیضا میں ہوئی جو ملک فارس میں ایک گاؤں ہے جسکی طرف منسوب ہو کر بیضاوی مشہور ہو گیا۔

قاضی چرخ ف قاضی فلک ستارۂ مشتری بھی مراد ہے۔

قاطبۃً ع تمام۔ بالکل۔ سب کے سب

قاطر ت خچر۔ استر۔

قاطع ع قطع کرنے والا۔ کاٹنے والا۔

قاطع الطریق ع رہزن۔ رستہ لوٹنے والا چور۔ لٹیرا۔

قاطعین ع اجارہ دار لوگ۔ ٹھیکہ دار مسافر لوگ۔

قاطن ع ساکن۔ رہنے والا۔

قاطنین ع جمع قاطن کی۔

قاع ع چٹیل میدان۔

قاعد ع بیٹھنے والا۔ بیٹھا ہوا۔ وہ عورت جو حیض آنے اور اولاد جننے سے رہ چکی ہو۔

قاعدہ ع بیٹھنے والی بیٹھی ہوئی۔ پیندا تلے بیٹھی کی سندار۔ قانون۔ دستور۔ بنیاد

قاف ع ایک مشہور پہاڑ کا نام ہے۔ جو شیشی کا کیشیا (صوبہ روس) کے شمال کی طرف واقع ہے۔ اگلے زمانہ کے لوگ سمجھتے تھے۔ کہ یہ پہاڑ ساری دنیا کے گرد اگرد ہے۔

قافلہ ع یعنی مسافروں کا گروہ۔

قافلہ سالار ف میر قافلہ۔

قافلہ شد ف قافلہ سالار رفت۔ جس سے پیغمبر علیہ السلام کا فوت ہونا مراد ہے۔

قافلہ گاہ ف قافلہ کے اترنے کی جگہ۔

قاف و دال ف بیہودہ اور واہیات کلام قول و دلیل و طمطراق سے بھی کنایہ ہے

قافیہ ع پے در پے آنیوالا۔ مشتق ہے۔ قفو سے جسکے معنے "پے درپے" کے ہیں۔ اصطلاح علم عروض میں قافیہ مراد ہے کئی ایک حرکات و حروف معین سے جنہیں ہر بیت یا ہر مصرعہ کے اخیر میں الفاظ مختلفہ میں مکرر لائیں۔ خواہ وہ الفاظ لفظاً مختلف ہوں خواہ معناً۔ جیسے بیدل اور حاصل کہ الفاظ مختلف ہیں۔ اگر مصرعوں کے اخیر میں آویں تو لام اور اسکے ماقبل کا کسرہ مکرر ہوگا اور قافیہ کہلائے گا۔ اسیطرح بینی (مضارع حاضر کا صیغہ) اور بینی (ایک عضو ناک) کہ معناً دونوں لفظ مختلف ہیں۔ اور انکی حروف و حرکات بالکل مکرر ہیں۔ یہ بھی قافیہ کہلائیگا۔

قافیہ شائگان ف وہ قافیہ جو مشتمل ہو ایطائے جلی پر ایطائے جلی یہ ہے کہ حرف زاید کو اصلی کے ساتھ قافیہ میں لائیں جیسے دلبران و مردمان کو جہان اور زمان کے ساتھ آہنیں و رنگین کو نسرین و چین کے ساتھ یا خندان و گریان کو کمان و مکان کے ساتھ یا خوردن و خفتن کو گلشن و سوسن کیساتھ اس قسم کا قافیہ معیوب ہے۔ شائگان کے معنے بیگار کے ہیں۔ چونکہ اس قسم کے معیوب قافیے لانے بھی ایک طرح کی بیگار کاٹنی ہے اسواسطے ایسے قافیہ کا نام شائگان رکھا گیا۔

قافیہ تنگ شدن ف تقریر اور کلام میں عاجز ہو جانا۔

قافیہ سنجان ف شعرا۔ شاعر لوگ۔

قاق ت خشک گوشت۔ مجازاً۔ لاغر۔ دبلا۔

قاقلہ ع بڑی الائچی۔

قاقلتین ع چھوٹی اور بڑی دونوں الائچیاں۔

قاقم ف ایک جانور کا نام ہے جسکا چمڑا بہت سفید اور ملائم ہوتا ہے۔ اسکی پوستین بناتے ہیں۔

قاقم انگشت نما ف وہ قاقم جس پر انگل بھر لمبے بال ہوں۔

قاقم نماے ف روشن نما۔ سفید نما۔

قاقولس ی مسور۔ عدس۔ پنجابی مسر

قال ع گفتگو۔

قالب ع جسم۔ بدن۔ سانچہ۔ چھاپہ جس سے چھینٹ کپڑا وغیرہ چھاپتے ہیں۔

قالب تہی کردن ف بیہوش ہو جانا۔ جان دینا۔ مر جانا۔

قالع ع اکھیڑ ڈالنے والا۔ صیغہ اسم فاعل کا ہے۔ قلع مصدر سے۔

قال کردن ف گفتگو کرنا۔ بات چیت کرنا۔ [illegible]

قال مقال ع گفتگوی بسیار۔ بہت کلام

قالی۔ قالین ت بچھونا غالیچہ

قالیچہ ف چھوٹا بچھونا۔

قالیقوس ی ایشیائی روم میں انطاکیہ کے قریب ایک قلعہ ہے۔

قائم ع کھڑا ہوا۔ وہ شخص۔

قامت ع قد۔ اور اشارہ ہے طرف قد قامت الصلوٰۃ کی جو تکبیر میں امام کے کھڑے ہونے کے وقت پڑھتے ہیں۔

قامت کردن ف قد قامت الصلوٰۃ کہنا۔

قامع ع توڑنے والا۔ خوار کرنے والا۔

قامعہ ع توڑنے والی۔ خوار کرنے والی۔

قاموس ع دریائے عمیق۔ گہرا دریا۔ دریا میں سب سے گہری جگہ۔ میان دریا۔ لغت عربی میں شیخ مجدالدین بن یعقوب فیروز آبادی کی تصنیف سے ایک کتاب بھی ہے۔

قان ت لہو۔ خون۔

قانت ع نماز میں دعا پڑھنے والا۔ خدا کا حکم ماننے والا۔ خاموش۔ چپ چاپ۔

قانتین ع جمع قانت کی۔

قانصہ ع مرغ کا پوٹا۔

قانع ع قناعت کرنے والا۔ سنتوکھ کرنے والا۔ تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا۔

قانون ع کتاب کی سطر۔ ہر شے کی اصل ہر شے کا مقیاس یعنی آلہ اندازہ کرنے ہر شے کا۔ مجازاً شرع۔ دستور۔ قاعدہ بوعلی سینا کی ایک کتاب علم طب میں ہے۔ ایک مشہور باجہ کا نام بھی ہے۔

قانی ت سرخ۔ بہت سرخ۔

قاہر ع قہر کرنے والا۔ زور کرنے والا۔ غالب۔ زبردست۔

قاہرہ ع غالب۔ زبردست۔ ملک مصر کے دار الخلافہ کا نام ہے۔ جو براعظم افریقہ میں سب سے بڑا شہر دریائے نیل پر واقع ہے۔

قاہ قاہ ف قہقہا۔ آواز سے ہنسنا۔

قاید ع کھینچنے والا۔ حاکم۔

قائف ع علم قیافہ جاننے والا۔ شگونیا۔
قائل ع کہنے والا۔ قیلولہ کرنے والا۔ دوپہر کو سونے والا۔ اپنی خطا کا اقرار کرنے والا۔ مان لینے والا۔
قائم ع کھڑا ہونے والا۔ کھڑا ہوا۔ شطرنج بازوں کی اصطلاح میں دونوں حریفوں کا بازی میں برابر ہونا۔
قائم انداز ف کامل اور بے نظیر شطرنج باز مرادی معنے غالب۔
قائم نجم آسمان ف مریخ۔
قائم یختن ف عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا ہار جانا۔
قائمہ ع جبکہ ایک خط مستقیم پر دوسرا خط مستقیم اس طرح واقع ہو کہ ایک طرف کے دو زاویے متصلے برابر پیدا کرے۔ تو ان میں سے ہر ایک زاویہ کو قائمہ کہتے ہیں۔ اور کھڑا خط عمود کہلاتا ہے۔ زاویہ قائمہ میں نوّے درجے ہوتے ہیں۔ عمود زاویہ قائمہ
قائن ع خاوند یا زوجہ کا بھائی۔

قاف مع بائے موحدہ

قبا ع پوشاک۔ لباس اوپر کا۔ ایک خاص قسم کا لباس جو دوہرا ہوتا ہے۔
قُبا ع مدینہ منورہ کے قریب ایک مقام ہے مسجد قبا اسی کی طرف منسوب ہے۔
قباب ع جمع قبّہ کی۔
قبا بستن ف قبا پہننا۔ آمادہ اور مستعد ہونا
قبا بستہ ف مستعد و آمادہ۔
قبا تنگ شدن ف بے طاقت ہونا۔ معاش میں تنگی۔
قباحت ع برائی۔ زشتی۔ بدنمائی۔ ناشائستگی

قباچا۔ قباچہ ف چھوٹی قبا۔
قباد ف شاہان کیانیوں سے ایک بادشاہ کا نام ہے۔ اور ہر عظیم الشان بادشاہ کے معنی میں بھی آتا ہے۔
قباس ف آفتاب
قباق ت ایک بڑی اور اونچی لکڑی ہوتی ہے جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں نصب کر دیتے ہیں۔ اور اوپر ایک حلقہ چاندی یا سونے کا جڑ دیتے ہیں۔ سوار میدان میں گھوڑا دوڑاتے ہیں۔ اور اوپر تیر پھینکتے ہیں۔ جس کا تیر حلقہ پر جا لگتا ہے۔ حلقہ اسکو دیتے ہیں۔
قباق افگنی ف تیر مارنا۔ نشانہ لگانا۔
قبا کردن ف چاک کرنا۔ قبا پہننا۔
قبا گردانیدن ف لباس بدلنا۔
قبالہ ع مان لینا۔ قبول کر لینا۔ مجازاً سند مکان کی۔ کاغذ مکان کا۔ دستاویز بیع کی۔ جس سے مالک کی ملکیت ثابت ہو۔
قبا نو کردن ف نئی پوشاک پہننا۔
قباہ ف مزید علیہ ،،قبا،، کا۔
قبائح ع جمع قبیحہ کی۔ برائیاں۔
قبائے زربفت ف اندھیری راتوں میں جب آسمان پر بادل نہ ہوں۔ تو اسے اس نام سے پکارتے ہیں۔
قبائے نیلی ع آسمان۔
قبائل ع جمع قبیلہ کی۔ آدمیوں کے گروہ
قبب ع جمع قبّہ کی۔
قبج ف کبک کا۔ چکور۔
قبچاق ت ترکستان میں ایک جنگل ہے۔ جہاں کے رہنے والے بڑے بے رحم اور سرکش ہیں۔ متاخرین وہاں کے باشندوں کو بھی قبچاق کہہ دیتے ہیں مجازاً شوخ اور بیباک۔
قبح ع برائی۔ بدی۔
قبر ع گور۔
قبرس ع بحیرہ شام میں ایک جزیرہ ہے جو شاہ روس کے زیر حکم ہے۔
قبرستان ف وہ جگہ جہاں قبریں ہوں۔
قبرغہ ت پہلو۔ پہلو کی ہڈی۔
قبرہ ع چکاوک۔ چنڈول۔ بعض کے نزدیک بمعنی سرخاب۔
قبس ع چنگاری۔ آگ کا ٹکڑا۔
قبس ع بتی وغیرہ کا جلانا۔
قبص ع کسی چیز کو ناخون سے پکڑنا۔ چٹکی بھر لینا۔
قبص ع درد شکم۔ درد جگر۔ شادمانی بزرگی۔
قبص ع شادمان۔ مسرور۔ خوش۔
قبصہ ع چٹکی بھر۔
قبض ع پکڑنا۔ گرفتگی۔ اور علم عروض میں ایک زحاف ہے یعنی پانچوں حرف ساکن رکن کا گرا دینا۔ جیسے بحر ہزج میں مفاعیلن سے مفاعلن رہ جانا۔ اور بحر متقارب میں فعولن سے فعول رہ جانا۔
قبض ع درد و گرفتگی شکم۔
قبضہ ع مٹھی۔ تلوار وغیرہ کے پکڑنے کی جگہ۔ دستہ۔ قابو۔
قبط ع مصر کے اصلی باشندے فرعون کی قوم جو حضرت موسیٰ کے مخالف تھی۔
قبطی ع منسوب بہ قبط۔ مصر کے اصلی باشندے
قبعثرے ع بڑا اونٹ جو بہت بوجھ اٹھا سکے۔ اس نام کا ایک دریائی جانور بھی ہے۔ ایک مشہور شاعر کا نام بھی ہے۔
قبق ت کدو۔
قبقاب ع چوبی نعلین۔ جھوٹ بولنا۔ سست اونٹ جو بول کر شور بھی مچائے۔ غرندہ شیر۔
قبق انداز ف نشانے پر تیر مارنے والا تیر انداز۔
قبل ع آگے۔ سامنے۔ پہلے۔
قُبُل ع عورت کا اندام نہانی۔
قِبَل ع طرف۔ سمت۔ جانب۔ مجازاً طریق۔
قبل ع محاصرہ۔ گھیر لینا۔
قبل ع جمع قبیل کی۔ گروہہا۔
قبل کردن ف محاصرہ کرنا۔
قبلہ ع جس کی طرف منہ کریں اور کعبۃ اللہ
قبلہ ع چوما۔ بوسہ۔
قبلہ گاہ مجوس ف آتش پرستوں کا قبلہ آگ سے مراد ہے کیونکہ وہ آگ پوجتے ہیں۔ اور اسی کی طرف سجدہ کرتے ہیں۔
قبلہ زردشتیاں۔ قبلہ جمشید۔ قبلہ دہقان ف آگ سے مراد ہے۔
قبوح ع زبون۔ زشت۔
قبور ع جمع قبر کی۔
قبول ع ماننا۔ قبول کرنا۔ محاورہ فارسی میں اکثر بمعنے مقبول و پسندیدہ مستعمل
قبولی ف ایک قسم کا نذر پلاؤ ہوتا ہے جو چاول اور چنے کی دال ملا کر پکاتے ہیں۔
قبولیت ع مان لینا۔ قبول کرنا۔
قبہ ع گنبد۔ برج۔ ہر ایک شے جو مثل گنبد کے گول ہو۔ جیسے قبہ سر۔ قبہ عماری۔ چتر خیمہ۔ کلس۔ کنگرہ۔
قبہ آب ف پانی کا بلبلہ۔

قبۃ الاسلام ع لقب شہر بخارا کا منتخب میں بصرہ کا لقب لکھا ہے۔
قبۂ زبرجد۔ قبۂ زرلفت ف آسمان۔
قبۂ زریں ف آفتاب۔
قبۂ علیا۔ قبۂ گردندہ ف آسمان۔
قبۂ مینا ف آسمان۔
قبۂ فلک ف معدل النہار۔ فلک الافلاک
قبیح ع بد۔ بُرا۔ زبون۔ نازیبا۔ نامناسب
قبیل ع گروہ آدمیوں کا گروہ گروہ مان لینے والا۔ قبول کر لینے والا۔
قبیلہ ع گروہ۔ وہ جماعت جو ایک باپ کی اولاد سے ہوں۔

قاف معجمہ مع تائے فوقانی

قتال ع لڑائی۔ جنگ۔
قتّال ع بہت قتل کرنے والا۔
قتام ع گرد و غبار۔
قتق ت میٹھی دہی۔ ایک قسم کی ترشی جو سالن میں ڈالتے ہیں۔
قتل ع مار ڈالنا۔ تلوار وغیرہ ہتھیار سے مارنا۔
قتلا۔ قتلے ع جمع قتیل کی۔ مقتولان۔
قتل عام ع سبکو مار ڈالنا۔ خواہ انسان ہو یا کوئی اور۔
قتلق ت مبارک اور ترکی عورتوں کے نام بھی ہوتے ہیں۔
قتلگاہ ف مقتل۔ قتل کرنے کی جگہ۔
قتی ف صندوقچہ۔
قتیل ع مقتول۔ کشتہ۔ خواہ عورت ہو یا مرد۔ ہندوستان کے ایک مشہور شاعر کا تخلص بھی ہے۔

قاف معجمہ مع ثائے مثلثہ

قثّاء ع ککڑی۔ پنجابی تر۔

قاف معجمہ مع جیم فارسی

قچ ف میش نر۔ شاخدار جنگلی جسکو مینڈھا کہتے ہیں

قاف معجمہ مع حائے حطی

قح ع مرغ کے انڈے کی زردی۔
قح ع سادہ۔ خالص۔ درشت۔ جفاکار۔
قحاب ع کھانسی۔ وہ آواز جسے پنجابی میں کھنگور کہتے ہیں۔ اور اسکے ذریعہ بدکار عورتوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔
قحبہ ع بدکار۔ فاحشہ۔ کنچنی۔ یعنی گنہگار کو بلانے والی۔
قحط ع کال۔ مجازاً مہنگا ہو جانا غلہ کا بسبب نہ برسنے مینہ کے۔
قحطان ع سام بن نوح علیہ السلام کے پوتے کا نام ہے
قحف ع استخوان سر۔ کھوپڑی۔

قاف معجمہ مع دال مہملہ

قد ع بدن کی لمبائی۔ لمبائی میں تیر یا چھڑی سے کاٹنا۔ بات کو مختصر کرنا جنگل کو ٹکڑے کرنا۔ بکرے کا چمڑا۔
قد الصا خم کردن ف مراقبہ کرنا۔
قدام ع ہمیشگی۔ کہنگی۔
قدّام ع آگے۔ سامنے۔
قدامت ع دیرینہ ہونا۔ پرانا ہونا۔ ہمیشگی
قدح ع پھاڑنا۔ توڑنا۔ عیب کرنا۔ طعنہ دینا۔ ضد مدح کی۔
قدح ع بڑا پیالہ۔ مطلق پیالہ۔
قدح ع تیر بے پیکان و بے پر۔ قمار بازوں کے بارہ تیر جن سے جوا کھیلتے ہیں۔
قدح بسر شکستن ف کسی کو ذلیل و خوار کرنا۔
قدح لاجوردی ف آسمان۔
قدر ع ہانڈی۔ دیگ۔

قدر ع عزت۔ بزرگی۔ خوبی۔ اندازہ کرنا کسی چیز کا۔ اندازہ۔ مقدار۔ قسمت۔ روزی۔ توانگری۔ بے نیازی۔ طاقت۔
قدر ع تقدیر الٰہی حکم۔ ہر کام کی مقدار اور نہایت۔
قدر انداز ف تیر انداز کامل جسکا کوئی تیر خطا نہ کرے۔
قدر اوّل ف آسمانی ستارے اپنی چھوٹائی بڑائی اور روشنی وغیرہ کے لحاظ سے چھ درجوں میں تقسیم کئے گئے ہیں۔ انہیں میں سے قدر اوّل ۱۵ کوکب ہیں۔ قدر ثانی کے ۴۵۔ قدر ثالث کے ۲۰۸ قدر رابع کے ۴۶۴ قدر خامس کے ۲۱۷۔ قدر سادس کے ۴۹۔
قدرت ع طاقت۔ قوت۔
قدر خان ف بادشاہ چین کا لقب ہے اور بقول بعض لقب بادشاہ ترکستان۔
قدر دان ف قدر جاننے والا۔
قدر شناس ف قدر پہچاننے والا۔
قدرف ع ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں کی اشرفی قدرفی مشہور ہے
قدر مایہ ف تھوڑا سا۔ چند۔
قدر مشترک ع مفہوم کلی جو مراد ہے جو اپنے افراد میں مشترک ہوتا ہے جیسے مطلق وجود کہ ماہیت اپنے سب افراد انسان و حیوان وغیرہ میں مشترک [illegible] ہے۔
قدرکے ف تھوڑا سا۔ قلیل۔ کم۔
قدس۔ قدّوس ع پاکیزگی۔ پاک۔ [illegible]
[illegible] بیت المقدس [illegible]
[illegible]
[illegible]

قدسی ع پاک۔ پاکیزہ۔ مجازاً فرشتہ۔ صالح۔ ولی اللہ۔
قدسیان ف فرشتے۔ صلحا۔ اور اولیاء اللہ
قدغ ف وہ برتن یا پیالہ جو گائے کے سینگ سے بناتے ہیں اور اس میں شراب پیتے ہیں
قدغ ف گدھے کا بچہ۔
قدغن ت تاکید۔ تقید۔
قدغنچی ت تاکید کرنے والا۔ اور پہرہ دار۔ چوبدار۔ محصل۔
قد کشیدن ف تعظیم کے لئے اٹھنا۔
قدم ف کاموں کا انجام۔
قدم ع پیر۔ پاؤں۔
قدم ع دیرینگی۔ کہنگی۔ پرانا پن۔ ہمیشگی جو خدا تعالیٰ کی ایک صفت ہے۔
قدما ع جمع قدیم کی۔ اگلے لوگ۔ پرانے وقت کے آدمی۔
قدم از جا بریدن ف کسی جگہ کی آمد و رفت چھوڑ دینا۔
قدم از جادۂ متابعت بیرون نہادن ف فرمانبرداری کے رستہ سے قدم باہر رکھنا۔ نافرمانی اختیار کرنی۔ سرکشی ہو جانا۔
قدم از جان برآوردن ف ترک جان کرنا۔ مرنا۔ نقصان لینا۔
قدم از راہ کشیدن ف چلنے سے رہ جانا
قدم باز پس گرفتن ف الٹے پیر پھرنا۔ چلا جانا
قدم بر چیزے زدن ف سزا دینا۔ [illegible] اس چیز کو ترک کرنا۔ پامال کرنا۔
قدم بر گرفتن ف قدم اٹھانا۔ چلنا۔
قدم خاک ف [illegible]
قدم داشتن۔ قدم افشردن [illegible]
[illegible]

قدم درمیانِ دوکس گذاشتن ف طرفین کی خیر خواہی کیلئے واسطہ ہونا۔ طرفین میں صلح کرانا

قدم راگلبانگ زدن ف جلد جلد چلنا۔ تیزی سے چلنا۔

قدم زدن۔ قدم سودن۔ قدم کشادن ف رستہ چلنا۔

قدم شمردہ رفتن ف احتیاط سے چلنا

قدور ع جمع قدر کی۔ ہانڈیاں۔ دیگیں

قدوری ع منسوب بہ قدور۔ فقہ کی ایک مشہور کتاب ہے۔

قدوس ع بہت پاک۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام ہے

قدوم ع کسی جگہ سے آنا۔ سفر سے آنا۔

قدوہ ع پیشوا۔ برگزیدہ۔

قدید ع سوکھا ہوا گوشت۔ گوشت خشک

قدیر ع صاحب قدر۔ طاقتور۔ قادر مطلق

قدیم ع ہمیشہ۔ جو ہمیشہ سے ہو۔ پرانا۔

قاف معجمہ مع ذال معجمہ

قذی ع تنکا آنکھ میں پڑ جانا۔ خاشاک

قذی ع خاک باریک۔ غبار۔

قذر ع گندگی۔ پلیدی۔ نجاست ضد لطافت کی ہے

قذر ع پلید۔

قذعمل ع تنومند فربہ۔ موٹا تازہ اونٹ۔

قذف ع پتھر پھینکنا۔ گالی دینا۔ زنا کی تہمت دینا۔ قے کرنا۔

قذف ع فراخ جنگل۔

قاف معجمہ مع رائے مہملہ

قر ع جاڑے کا موسم۔ جاڑا۔

قر ع وہ چیز جو سرد ہو۔

قروء ع طہر حیض۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے۔

قراف تلعوں میں ایک قسم کی گوبھیا ہوتی ہے جس سے دشمن پر پٹی پتھر وغیرہ چیزیں مارتے ہیں

قرا ع مہمانی۔

قریٰ ع جمع قریہ کی۔ شہر۔ قصبے۔ گاؤں۔

قرا ع جمع قاری کی۔

قرا ع خوش خوان۔ چونکہ ایسا آدمی اکثر آرام دوست ہوتا ہے۔ اسلئے گراں جاں کے معنی میں آتا ہے۔

قرا ع رنگ سیاہ۔

قراب ع تلوار کی میان۔ نیام تیغ۔

قراب ع آپس میں ایک جگہ ملنا۔ نزدیکی۔ جریب مساحت۔ پانی کی مشک۔

قراباغ ت ایران کے مشرقی حصہ میں ایک شہر ہے۔

قرابت ع رشتہ داری۔ قریب ہونا۔

قرابتی ع منسوب بہ قرابت۔ قرابت دار۔ رشتہ دار۔

قرابت ایلی ف قومی قرابت۔ اس میں پہلا لفظ عربی ہے اور دوسرا ترکی۔ دونوں سے ملکر لفظ فارسی ترکیب قرابت ایلی ہو گیا۔

قرابہ۔ قرابہ ع شراب رکھنے کا شیشہ۔ صراحی۔

قرابہ زریں ف آفتاب۔

قراپور ف شمشیر۔ شمشیر دار۔

قراپوری ف شمشیر۔ شمشیر بردار۔ شمشیر زن

قراح ع صاف پانی۔ ہر خالص چیز۔

قراخان ف ہندوستان کے ایک بادشاہ کا نام ہے۔ جو سکندر کا ہمعصر تھا۔ افراسیاب کے پہلوانوں میں سے بھی ایک کا نام ہے۔

قراد ع چیچڑی۔ مشہور جانور ہے۔ جو کتے کے بدن پر ہوتا ہے۔

قرار ع ٹھہراؤ۔ جماؤ۔ سکون۔ آرام۔ قرار آرامگاہ۔

قرارات ف سپاہیوں کی خوراک اور تنخواہیں۔

قرارداد ف اقرار۔ جو بات بعد بحث کے ٹھہر جائے

قرارگاہ ف ٹھہرنے کی جگہ۔

قراسنقر ت ایک شکاری سیاہ رنگ جانور کا نام ہے۔ مجازاً رات۔ اور ایک بادشاہ کا نام بھی ہے۔ اور ترکی غلاموں کا نام بھی ہوا کرتا ہے۔ اور یہ مقابل میں آقسنقر کے ہے

قراسورن ف مرکب ہے قرا (یعنے سیاہ) اور سورن (یعنے رانندہ) سے سپاہی رانندہ وہ شخص جو بادشاہ کی طرف سے جوڑا لے کر رستہ میں بیٹھ جائے تاکہ قافلہ والے رہزنوں اور لٹیروں کے ہاتھ سے بے کھٹکے ہو جائیں

قراضہ ع چاندی یا سونے کا ریزہ۔ کترن ٹکڑا۔ مجازاً۔ دونی۔ چونی۔

قراضہ قراضہ ع ریزہ ریزہ۔

قراطغان ت عراق کے ایک بادشاہ کا نام ہے

قراطیس ع جمع قرطاس کی۔ کاغذات۔

قراقر ع جمع قرقرہ کی۔ وہ آواز جو پیٹ کے اندر ہوا کرتی ہے۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ مجازاً شور و غوغا۔

قراقرم ت ترکستان میں ایک شہر ہے۔

قراکوز ت قزلباشوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے۔

قرآن ع کلام اللہ۔ مسلمانوں کی کتاب مقدس۔ یہ لفظ مصدر ہے۔ جسکے معنے پڑھنا ہیں۔ مگر مفعول کے معنے میں مستعمل ہو کر کتاب خدا کا نام ہو گیا ہے۔ اس میں ۱۱۴ سورتیں اور ۶۶۶۶ آیات ہیں۔ تمام قرآن شریف میں ایک سورۃ ہے جسکے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں۔ اور ایک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایسی ہے جسکے آگے سورۃ شروع نہیں ہوتی۔

قران ع قریب ہونا۔ ملنا۔ حج اور عمرہ باہم ادا کرنا۔ اصطلاح علم نجوم میں سوائے آفتاب کے کوئی سے دو ستاروں کا اجتماع ایک برج میں قران کہلاتا ہے۔ بعض قران نہایت مبارک خیال کئے جاتے ہیں جیسے زہرہ و مشتری کا قران۔ قمر و مشتری کا قران قمر اور زہرہ کا قران۔ مولود کے حق میں اور ہر ایک کام کے آغاز کرنے کے واسطے نہایت مبارک سمجھا جاتا ہے۔

قرانات ع جمع الجمع قرآن کی۔

قرآن خوان ف وہ شخص جو ہمیشہ کلام اللہ پڑھتا رہے۔ اس شخص سے بھی مراد ہے جو حکومت یا کسی عہدہ سرکاری سے معزول کر دیا گیا ہو۔

قرام ع بہت باریک پردہ۔ رنگین اور منقش پردہ۔

قراول ت وہ سپاہی لوگ جو تعیین مکان جنگ کے واسطے آگے آگے چلیں۔ شیر و شکار بند وقت شکاری آدمی۔ فوج محافظ۔

قراولان ت جمع قراول۔

قراول باشی ت فوج محافظ کی سرداری

قرائت بروزن ہدایت قرأت بروزن حکمت ع پڑھنا۔ اصطلاح میں حرفوں کا ان کے مخارج سے ادا کرنا۔

قرائے طیلسان ف ستارہ زحل سے مراد ہے۔

قرائن ع جمع قرینہ کی۔ قرینے۔ مناسبتیں۔

قرب ع نزدیکی۔

قرب ع جمع قربہ کی۔ پانی کی مشکیں۔

قرباء ع جمع قریب کی۔

قربیٰ ع نزدیکی۔ خویشی۔

قرباقہ ت مینڈک۔

قربان ع نزدیک ہونا۔
قُربان ع وہ شے جسے خدا کی راہ میں صدقہ کر کے خدا کا تقرب حاصل کریں۔ وہ جانور جو خدا کی راہ پر ذبح کیا جائے (خدا کا قرب حاصل کرنے کے لیئے) ذبیحہ۔ قربانی۔ تیر دان۔ کمان یعنی وہ غلاف جس میں کمان رکھی جائے
قُربانگاہ ف جانوروں کو قربانی کرنیکی جگہہ
قُربان کردن ف خدا کی راہ میں جانور ذبح کرنا۔ قربانی کرنا۔
قُربانی ع ذبیحہ یعنی وہ جانور جو خدا کی راہ میں ذبح کیا جاوے۔ اسمیں یائے فارسیونکی زیادہ کی ہوئی ہے۔ جیسا کہ فلانی اور فضولی اور خلاصی ہیں۔
قُربت ع نزدیکی۔ قرابت۔ رشتہ داری
قربِ روحانی ع روحانی نزدیکی۔ باطنی نزدیکی۔ قربِ باطنی۔
قربِ فرائض ف خدا تعالےٰ سے وہ قرب جو ادائے فرائض سے حاصل ہو۔
قربِ نوافل ع التزام نوافل کے سبب بندہ کو جو قرب خدا کی درگاہ میں حاصل ہو۔
قربوس ع زین کا حنا۔ قاش زین۔
قربہ ع مشک۔ پانی کی مشک۔
قُرت ت پانی کا گھونٹ۔ جرعہ۔ جشکمی ہی۔
قرۃ العین ع آنکھ کی ٹھنڈک۔ فرزند سے مراد لیا کرتے ہیں۔
قرتبان۔ قرتبہ۔ قرتبوس ت بےحمیت۔ بےغیرت۔ بھڑوا۔
قرح ع زخم کرنا۔ گھاؤ کرنا۔
قرحان ع وہ اونٹ جسکو علت جرب کبھی نہ ہوئی ہو۔ وہ آدمی جو کبھی بیمار نہ ہوا ہو۔ اور نہ اسے کبھی درد ہوا ہو۔

قرحہ ع زخم جس میں پیپ پیدا ہو گئی ہو۔
قُرحہ ع ریش۔ جراحت۔ گھاؤ۔
قِرد ع بوزنہ۔ بندر۔
قرِدامن ف تخم سپند۔ ہرمل۔
قرزم ف بحر قلزم۔ کنایۃً پانی بھر لگنوان۔
قرستہ ف وہ میل جو کسی زخم کے منہ پر جم جاتی ہے۔
قرشی ت ماوراء النہر میں ایک شہر ہے۔
قرشی ع قریش قبیلہ کا منسوب بہ قریش
قُرص ع ٹکیا۔
قرصِ روئین ف گھڑیال۔
قرصِ زر ف آفتاب۔
قرصِ زرِ مغربی ف ڈوبتا ہوا سورج
قرصِ سیمیں ف چاند۔
قرصین گرم و سرد ف سورج اور چاند۔
قرص مار ف ایک مرکب دوائی ہے۔ جو سانپ کی زہر کی دافع ہے۔
قرصِ ہفت درہ قرصہ زر ف آفتاب
قرض ع دام۔ ادھار۔
قرض خواہ ف جس نے قرض لینا ہو۔
قرضدار ف جسنے قرض دینا ہو۔ مقروض۔
قرط ف پانی پیتے وقت اس کے گلے میں اترنے کی آواز۔ صبر و تحمل سے کبھی مراد ہے۔
قرط ع گوشوارہ بالی
قرطہ ع ایک گوشوارہ۔
قرطاس ع کاغذ۔
قرطبوس ع بلائے عظیم۔ داہیہ۔ مصیبت
قرطعب ع قلیل شے۔ تھوڑی سی چیز۔ تھوڑی سی مقدار
قرطق ع کرتہ کا معرب ہے۔
قرطمی ف سیاہ و سبز رنگ کا ایک کپڑا ہوتا ہے
قرطین ف دو گوشوارے جنسے مینہ بھی مراد ہے

قرع ع جمع قرعہ کی۔
قرع ع کدو جو مشہور نباتات ہے۔ کوشاکڑی مانند
قرع ع کسی بیماری کے سبب سر کے بالوں کا جھڑنا۔
قرعہ ع پانسہ تانبے یا پیتل یا جست وغیرہ کا جسکو ڈال کر فال غیب کی بات بتلاتے ہیں
قرف ت منع کرنا۔ باز رکھنا۔ روکنا۔ خشک
قرق ت نگہبانی۔ منع کرنا۔ باز رکھنا
قرق ع مرغی کی آواز۔
قرق ت دبہ۔
قرقاول ت سیاہ رنگ کے ایک خوبصورت پرندیکا نام ہے جسکا پر شاہان ایران تاج میں رکھتے ہیں۔ بعض محققوں کے نزدیک وہ تدرو (تیتر) ہی ہے۔
قرقف ع شراب۔ آتش پرستوں کی تین مذہبی کتابیں ہیں۔
قرم ع اونٹ شتر نر۔ قوم کا سردار۔
قرمز سب فارسی ہیں یہ لفظ دراصل کرم کز (وہ کیڑا جس سے ریشم رنگتے ہیں) ہے۔ اس کا معرب قرمز مقرر ہوا۔ بعدہ تخفیف کے لئے دوسرا ق حذف کیا گیا۔ قرمز ہوا۔ یہ چنے کے برابر کیڑے ہوتے ہیں۔ جن کو سکھا کر رکھ چھوڑتے ہیں)۔ اور بوقت حاجت ان کو جوش دے کر سرخ رنگ حاصل کرتے ہیں۔ اور بمعنے سرخ۔ لال۔
قرمزی ع لال رنگ کا۔ سرخ رنگ
قرمزی روزرف شفق سے مراد ہے جو سنگے طلوع اور غروب کے وقت ظاہر ہوتی ہے
قرمساک ت بھڑوا۔ قلتبان۔
قرمل ع بختی اونٹ کا بچہ۔
قرن ع حیوان کی شاخ۔ سینگ۔ گیسو۔

مدت دراز۔ اسکی تعیین میں اختلاف ہے۔ بعض سو برس کے عرصہ کو کہتے ہیں بعض ۸۰ برس کے عرصہ کو بعض تیس برس کی مدت کو نی زمانہ۔ پچھلا قول رائج ہے۔ نام ایک مقام کا اور نام ایک قبیلہ یمن کا۔ جسمیں سے حضرت اُویس قرنی ہیں پچھلے تینوں معنوں میں تفحتین بھی فارسی والے استعمال کرتے ہیں۔
قرناف کرنا جو اصل میں خرنا ہے نائے سرنگ۔ بڑی نائے۔
قرناس ع بینی کوہ۔ ایک دیو کا نام بھی ہے
قرناق۔ قرلق ت خدمتگار۔ کنیزک۔
قرنفل ع لونگ۔ یہ لفظ کرن پھول (کرن بمعنے کان۔ اور پھول۔ گل) کا معرب ہے۔ یعنے کان کا پھول۔ کیونکہ اکثر عورتیں اُن کو کان میں پہنتی ہیں۔
قرواط ع ناؤ کشتی بشکل چرمیں جس کو پھونک کر پانی پر تیرتے ہیں۔ سرنا سے بھی اسکو کہتے ہیں۔
قروت ت پنیر۔ جغرات خشک شدہ۔
قروت شدن صحبت ف صحبت کا برہم ہونا۔ صحبت کا بگڑ جانا۔
قروتی ف ایک قسم کی آش ہے جو خشک شدہ دہی سے پکاتے ہیں۔
قروتی شدن معاملہ ف معاملہ کا بگڑ جانا کام بگڑ جانا۔
قُروح ع جمع قرح کی۔ زخمہا۔
قُرون ع جمع قرن کی۔ سینگ حیوانوں کے عرصہ ہائے دراز۔
قُرونِ خالیہ ع گذشتہ زمانہ۔ ماہہائے گذشتہ
قُرہ ع خنکی۔ سردی۔ ٹھنڈک۔ روشنی۔

قریات ع۔ جمع قریہ کی۔ دیہات۔
قریب ع۔ نزدیک۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام بھی ہے۔
قریر ع۔ آنکھ کی خنکی۔ خوش و شادمان۔
قریش ع۔ اصل میں مصغر قرش کا ہے۔ اور قرش سمندر میں ایک عظیم الجثہ جانور ہے جو تمام بحری جانوروں پر غلبہ اور فوقیت رکھتا ہے اسی عظمت اور فوقیت کے اعتبار سے عرب کے اُس قبیلہ کا نام پڑ گیا جو نضر بن کنانہ کی اولاد سے عرب میں اشرف الشرفا اور سب پر غالب ہے۔ نبی آخر الزمان علیہ الصلوۃ والسلام اسی قبیلہ سے ہیں۔
قریض ع۔ شعر۔ کلام۔ منظوم۔
قریظہ ع۔ یہودیوں کے ایک قبیلے کا نام ہے۔
قریلتائی ت۔ عام اُمرا کا پارلیمنٹ۔ دربار مجلس جشن۔ سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف سردار فوج
قرین ع۔ پاس والا۔ ملا ہوا۔ ہم صحبت ہمنشین۔ یار۔ دوست مثل۔ مانند۔ نظیر
قرینہ ع۔ مناسبت ظاہری درمیان دو چیز کے مناسبت ایک چیز کا دوسری چیز سے ملا ہونا
قریہ ع۔ گاؤں۔ قصبہ۔ شہر۔

قاف معجمہ مع زائے معجمہ

قز مب۔ ریشم۔ کچا ریشم۔ یہ لفظ ترکی کا مرکب ہے۔
قزاق ت۔ رہزن۔ لٹیرا۔
قزاغند۔ قزاگند۔ قزاگنگ ف۔ قزاگندہ۔ آگندہ بہ قز۔ ریشم سے بھرا ہوا۔ وہ کوٹ جسمیں کچا ریشم بھرا ہوا ہوتا ہے اور لڑائی کے دن زرہ کے نیچے اسکو پہنتے ہیں کہ گدگدا ہونے کے سبب تلوار کاٹ نہ کر سکے جیسے خفتان
قزاوہ ف۔ کجاوہ۔
قزح ع۔ رنگا رنگ جسپر لکیریں وغیرہ ہوں ایک پہاڑ اور ایک بادل کے مؤکل فرشتے کا نام ہے
قزغان ف۔ دیگ۔ بڑا پتیلا۔
قزغان ت۔ کڑاہی۔
قزل ت۔ سرخ لال۔
قزل ع۔ لنگڑا۔
قزل ارسلان ت۔ مرکب ہے قزل (یعنے سرخ) اور ارسلان (یعنے شیر) سے شیر سرخ نام ایک بادشاہ (خاندان سلجوق) کا جو ممدوح ظہیر فاریابی کا تھا۔ شاہ مذکور کے بال سرخ تھے۔ اسلیئے اس کا یہ نام رکھا گیا۔
قزلباش ت۔ قزل (یعنے سرخ) اور باش (یعنے سر) سے مرکب ہے۔ سرخ سر والا چونکہ شاہ اسمعیل صفوی نے اپنی فوج کیلیئے سرخ ٹوپی بارہ گوشہ کی بنوائی تھی۔ اس واسطے اُن لشکریوں کا لقب قزلباش ہو گیا تھا پھر اُنکی اولاد کو بھی قزلباش کہنے لگے۔ مجازاً سپاہی
قزوین ف۔ ایران میں ایک مشہور شہر ہے۔
قزوینی شدن ف۔ غضبناک ہونے سے مراد ہے۔ کیونکہ قزوین کے رہنے والے بہت مغلوب الغضب ہوتے ہیں۔

قاف معجمہ مع زائے فارسی

قژاوہ ف۔ کجاوہ۔
قژہ ف۔ پلید اور ناپاک۔ شے۔

قاف معجمہ مع سین مہملہ

قساء ع۔ سخت دل ہونا۔ بے رحم ہونا۔
قساس ع۔ یمن میں عقیق کا پہاڑ ہے یا آرمینیا میں ایک گاؤں ہے۔ جہاں لوہے کی کان ہے
قسالاون ف۔ روغن نفت۔
قسام ع۔ بانٹنے والا۔ حصہ کرنے والا۔ بہت قسم کھانے والا۔
قسامہ ع۔ پچاس آدمیوں سے سوگند لینی۔ اور اس کا یہ طریق ہے۔ کہ جب کسی گاؤں میں کوئی چیز کھوئی جائے اور نہ ملے۔ اور وہاں کے لوگ اس سے لاعلمی ظاہر کریں۔ تو اُس گاؤں کے پچاس آدمیوں سے قسم اُٹھوائی جاتی ہے۔
قساوت۔ قسوت ع۔ سخت دلی۔ سیاہ دل ہونا۔
قسب ف۔ ایک قسم کی خشک کھجور ہے جو قابض ہے۔
قسر ع۔ زبردستی کسی سے کوئی کام لینا۔ بزور کوئی کام کروانا۔
قسط ع۔ عدل۔ انصاف۔ حصہ۔ پانی کا آفتابہ۔
قسط ع۔ ظلم۔ بے انصافی حق سے پھر جانا
قسط ع۔ کوٹ۔ مشہور جڑ ہے۔ جو دو قسم کی ہوتی ہے قسط شیریں (میٹھا کوٹ) جڑ ہے تند شیریں مزہ۔ اور قسط تلخ (کڑوا کوٹھ) جڑ ہے تند و تلخ مزہ۔
قسطا ع۔ آتش پرستی کے احکام میں لوقا نامی حکیم کی تصنیف کی ہوئی ایک کتاب ہے۔
قسطاس ع۔ ترازو۔ ترکڑی۔ یہ لفظ رومی ہے
قسط بندی ف۔ زمیندار لوگ جو روپیہ سرکاری کے حصے کر کے دیتے ہیں اُنکو قسط بندی کہتے ہیں۔
قسطلان ع۔ بیت المقدس کے قریب ایک شہر ہے۔
قسطلانی ع۔ منسوب بہ قسطلان۔
قسطنطین ع۔ ایک بادشاہ کا نام ہے۔ جس نے شہر قسطنطنیہ کو آباد کیا۔ اور ترک روم کا دار الخلافہ شہر روم (واقع اٹلی) سے اُٹھا کر شہر قسطنطنیہ مقرر کیا۔ پہلا شہنشاہ جس نے عیسوی مذہب اختیار کیا۔ یہی کانسٹن ٹین کبیر تھا۔ اُس نے ۳۲۳ء میں حکومت کرنی شروع کی۔ عیسائی حکومت یورپ میں اسی بادشاہ سے قائم ہوئی۔
قسطنطنیہ ع۔ فرنگستانی روم کا دار الخلافہ ہے۔ جس کو کانسٹینٹی نوپل اور استنبول (یا اسلام بول) بھی کہتے ہیں۔ یہ شہر سات پہاڑیوں پر بنا ہوا ہے۔ اول درجہ کا بندرگاہ ہے اس کا عظیم الشان لنگرگاہ "گولڈن ہورن" یعنی طلائی سینگ کہلاتا ہے۔ ترکوں نے اس شہر کو ۱۴۵۳ء میں فتح کیا تھا۔ اس کا نام اس کے بانی (شہنشاہ قسطنطین) کے نام پر قسطنطنیہ رکھا گیا ہے
قسم ع۔ حصہ۔ بہرہ۔ ایک بھانت یا طرح
قسم ع۔ حصہ کرنا۔ بانٹنا۔
قسم ع۔ سوگند۔
قسمت ع۔ بٹا ہوا حصہ۔ روزی نصیبہ
قسمت ع۔ حصہ کرنا۔ بانٹنا۔
قسمت خور ف۔ روزی خور۔
قسمت کردن ف۔ تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔
قسورہ ع۔ شیر۔ درندہ۔
قسوہ ع۔ سخت دلی۔ سنگدلی۔
قسیس مب۔ کشیش کا ہے۔ عالم دین نصاریٰ۔ بڑا پادری۔
قسیم ع۔ بانٹنے والا۔ شریک حصہ دار۔ اور یعنے خوبصورت بھی۔
قسیمہ ع۔ نافہ مشک۔

قاف معجمہ مع شین معجمہ

قش ع۔ آدمی یا چوپائے جانور کا لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
قشر ع۔ چھلکا۔ پوست درخت یا میوے کا۔ اور پوست

قشعریرہ ع بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جانے
قشعان ع بڑا کرگس جو نر ہو۔
قشف ع بدلا ہوا۔ رنگ پلٹا ہوا۔
قشف ع دھوپ سے منہ کا جلنا فقیری اور مفلسی سے منہ کا خشک ہو جانا۔
قشقہ ت تلک۔ ٹیکا۔ جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہیں۔
قشلاق ت گرم مقام۔ جہاں جاڑا بسر کیا جاوے۔ اور معنے "چھاؤنی" بھی۔
قشور ع جمع قشر کی۔ پوستہا۔
قشون ت اس کا صحیح تلفظ قشُن ہے۔ ترکی میں اکثر حرکت ضمہ کے اظہار کے لئے واو لکھ دیا کرتے ہیں۔ فارسی والے اسکو قشون (بواو معروف) ہی پڑھنے لگ گئے۔ فوج کا دستہ۔ لشکر۔ گروہ۔ لشکر گاہ۔ چھاؤنی۔ کمپ۔
قشیب ع نیا کپڑا۔ نئی چیز۔

قاف معجمہ مع صاد مہملہ

قص ع کرتا۔ کاٹنا۔ استخوان سینہ۔
قصاب ع کاٹنے والا (گوشت) کاٹنے والا اور بیچنے والا۔ قصائی بوچڑ۔ یہ لفظ قصب سے بنا ہے۔ جس کے معنے کاٹنے کے ہیں۔
قصابگان ف فارسی طریق پر جمع قصاب ایک پرندے کا نام ہے۔ غالبًا اس سے مراد کرگس ہے۔
قصار ع دھوبی۔ گاذر۔
قصارت ع کپڑے دھونا پیشہ گاذری
قصاص ع خون کا عوض لینا۔ زخم کا زخم سے قتل کا قتل سے خون کا بدلہ۔
قصائی ع کاٹنے والا۔ یہ لفظ قص سے بنا ہے
قصائد ع جمع قصیدہ کی۔

قصب ع نے۔ نیزہ قلم کا۔ کپڑا کتان کا۔ ریشمی کپڑا باریک۔
قصب ع کاٹنا۔ اسی سے قصاب کا لفظ بنا ہے۔ جو قصائی کو کہتے ہیں۔
قصبات ع جمع قصبہ کی چھوٹے شہر۔ نے۔ بانسلی۔
قصبات السبق ع وہ سرکنڈے ہیں جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں لگا دیتے ہیں اور سواران پیشرو لے لیتے ہیں۔
قصب الجیب ع ایک قسم کی کھجور اور ایک قسم کی گھانس ہے۔ جسے غالبًا کانس کہتے ہیں۔ جو دریا کے کنارے پیدا ہوتی ہے
قصب السبق ع ایک نیزہ میدان میں فاصلہ پر گاڑ کر سب سوار گھوڑا دوڑاتے ہیں۔ جو سوار آگے نکل کر اس نیزہ کو سب سے پہلے اٹھا لیتا ہے۔ وہ جیت جاتا ہے یہ ایک سپاہیانہ کھیل ہے۔ اور بازی جیت بھی اس میں ہوتی ہے۔
قصب السبق بردن ف غالب آنا۔ سبقت لے جانا۔
قصب الذریرہ ع چرائتہ جو ایک مشہور دوا ہے۔
قصب سہ دامنی ف دریا پھٹا ہوا کپڑا۔
قصب مصری ع مصر کا ریشمی کپڑا۔ سورج کی کرن۔ اور بجلی سے بھی مراد ہے
قصبہ ع چھوٹا شہر۔ بڑا گاؤں۔ نے۔ اور جو مانند نے کے ہو۔ جیسے قلم کا نیزہ۔
قصد ع ارادہ۔ اعتدال۔ ہر شئے معتدل چلنا راہ راست پر۔ مستعد ہونا کسی کام پر۔
قصد کسے کردن ف کسی کے خون کا ارادہ کرنا۔ کسی کے مار ڈالنے کے درپے ہونا۔ کسی کی گرفتاری کا ارادہ کرنا۔
قصر ع محل۔ کوشک۔ کپڑے دھونا۔ کوتاہی
قصر دوازدہ دری ف آسمان ہشتم۔ جس کے بارہ برج ہیں۔
قصر ہزار ستون ف یہ ایک نہایت عمدہ محل محمد عادل شاہ تغلق کا بنوایا ہوا تھا جو ۱۳۲۲ء میں بنا۔ اس میں ہزار ستون تھے۔ دہلی سے چند میل تغلق آباد کے جنوب کو اس کے کھنڈر پڑے ہیں۔
قصص ع بات کرنا۔
قصص ع جمع قصہ کی۔ کہانیاں۔
قصعہ ع کاسۂ بزرگ۔ بڑا پیالہ۔
قصویٰ ع انتہا۔ نہایت۔ مونث اقصیٰ کا
قصور ع کوتاہی۔ عاجز ہونا۔ قاصر رہنا۔ اور جمع قصر کی۔ بمعنے محلہا۔ پنجاب میں لاہور کے ضلع میں ایک قصبہ ہے۔
قصہ ع کہانی۔ بیان کسی شئے کا۔ حال۔ خبر۔ سرگذشت۔
قصہ دراز کردن ف لمبی چوڑی باتیں کرنی۔ بہت بکنا۔ بکواس کرنا۔
قصہ کوتاہ ف حاصل کلام کا۔ خلاصۂ کلام۔ المختصر۔ المقصہ۔
قصیچہ ف ایک قسم کا کتانی کپڑا ہے۔
قصیدہ ع مغز سطبر و غلیظ اور اصطلاح شعرا میں قصیدہ وہ نظم ہے۔ جس میں پہلے شعر کے دونوں مصرعے باقی ابیات کے دوسرے مصرعوں کے ساتھ ہم قافیہ ہوں اس میں مدح یا ذم وغیرہ کا بیان ہوتا ہے۔ کم از کم ۱۵ شعر کا قصیدہ ہوتا ہے۔ اور زیادہ کی کچھ حد نہیں۔ مضمون کے اعتبار سے قصیدہ کے کئی نام ہیں جس میں عشق کا مضمون ہو اس کو عشقیہ۔ اور بہار والے کو بہاریہ۔ اور شیخی والے کو فخریہ اور شکایت آسمان کا ذکر ہو۔ تو حالیہ۔ اور اگر شہر کے اونٰے اور اعلےٰ کی پریشانی کا ذکر ہو۔ تو جہان آشوب کہتے ہیں۔
قصیر ع کوتاہ۔ کوتاہی کرنے والا۔ نام ایک غلام کا ہے۔ جو مشہور بادفا تھا۔
قصیل ع خوید۔ درخت گیہوں یا جو کا سبز جانہ۔

قاف معجمہ مع ضاد معجمہ

قضا ع حکم کرنا۔ محکم۔ ادا کرنا۔ پیدا کرنا۔ تمام کرنا۔ بیان کرنا۔ عبادت کہ اس کا وقت گذر جائے۔ مرنا۔ موت۔ مرگ۔ اور حکم خدا کا مخلوقات کے حق میں جو مجموعتہً اور مجملاً روز ازل میں ہو چکا۔
قضات ع جمع قاضی کی۔
قضارا ف اتفاقاً۔ را بمعنے از ہے از قضا۔ قضا سے۔ خدا کے حکم سے۔ تقدیراً۔ اتفاقاً۔
قضاعہ ع عرب کے ایک قبیلے کا نام ہے
قضا و قدر ع تقدیر۔ قسمت۔ حکم قضا اور قدر میں فرق یہ ہے۔ کہ قضا تو وہ حکم ہے جو ایک دفعہ ہی مجملاً روز ازل میں تمام مخلوقات کی نسبت ہو چکا۔ اور قدر وہ حکم ہے۔ جو تدریج (تھوڑا تھوڑا) اس حکم ازلی (قضا) کے مطابق ہر ایک فرد مخلوقات کی نسبت علیحدہ اور با تفصیل ہوتا جاتا ہے۔ پس قضا کو گویا امر (حکم کرنے والا) کہنا چاہئے۔ اور قدر کو مامور (حکم کیا گیا) بعض حکما اسکے خلاف قدر کو آمر اور قضا کو مامور سمجھتے ہیں۔

قضایا ۔ جمع ہے قضیہ کی۔ عبارت کے جملے فقرے۔ جھگڑے۔ قضیے۔ مقدمات مطالب۔ خبریں ✦

قضائے حاجت ۔ حاجت کا رفع کرنا۔ پاخانہ پھرنا ✦

قضبان ۔ جمع قضیب ✦

قضیب ۔ ٹہنی۔ شاخ درخت۔ مجازاً ذکر۔ آلۂ تناسل مرد کا ✦

قضیم ۔ چارپائے کے چارے کے جو

قضیّہ ۔ مطلوب چیز۔ حکم۔ جھگڑا۔ مقدمہ۔ اصطلاح علم منطق میں وہ مرکب جو صدق اور کذب دونوں کا احتمال رکھے۔ جیسے نحوی لوگ جملہ خبریہ کہتے ہیں۔ جیسے زید کھڑا ہے ✦

قضیۂ جزئیہ ۔ وہ ہے جس میں حکم کیا جاوے۔ بعض افراد موضوع پر جیسے بعض حیوان انسان ہیں ✦

قضیۂ کلیہ ۔ وہ ہے جس میں حکم کیا جاوے۔ سب افراد موضوع پر جیسے سب انسان حیوان ہیں ✦

قضیۂ منعکس ۔ کوئی امر جو برخلاف مدعا کے واقع ہو۔ کوئی مقدمہ جو حسب خواہش ظہور میں نہ آئے۔ اور عکس قضیہ کا ✦

قضیۂ مہملہ ۔ وہ ہے جس میں موضوع شخص معین نہ ہو۔ اور اس میں کلیت وجزئیت کا بیان نہ ہو۔ لیکن وہ حکم میں جزئیہ کے ہوتا ہے۔ جیسے الانسان حیوان ✦

قاف معجمہ مع طائے مہملہ

قط ۔ چوڑان میں کاٹنا۔ اسی سے مشتق ہے۔ جو قط کرنا قلم کا بولتے ہیں اور بمعنی

قِط ۔ گربۂ نر۔ بلا ✦

قطّ ۔ ہرگز۔ ہمیشہ ✦

قطا ۔ سنگ خوارہ جو ایک جانور ہے۔ اور کنکر کھاتا ہے ✦

قطاب ۔ جیب۔ یعنی قبا اور کرتہ وغیرہ کا گریبان ✦

قِطاب ۔ ایک قسم کا سموسہ جو کھاتے ہیں ✦

قطائی ف ۔ سنبوسہ کے مانند ایک چیز ہے۔ جسے روغن میں بھونتے ہیں ✦

قطاۃ ف ۔ سنگ خوارہ ✦

قطاۃ ۔ کفل اسپ ✦

قطار ۔ اونٹوں کی جماعت جو برابر ہو صف۔ لائن۔ پرہ ✦

قطاریق ۔ شور و غوغا جو بوقت جنگ کے ہوتا ہے۔ ہائے وہوئے جنگ ✦

قطاس مب ۔ قوتاس لفظ ترکی کا ہے۔ جس کے معنے ہیں پہاڑی گائے کے دُم کے بال ✦

قطاع الطریق ۔ بٹ مار۔ لٹیرے رہزن ✦

قطاف ۔ میوہ چُننے کا وقت ✦

قطامہ ۔ بہت شہوت والی عورت ماخوذ قطم سے جس کے معنے تیزئ شہوت کے ہیں ✦

قطائف ۔ جمع قطیفہ۔ چادر ہائے پیچیدہ۔ لوزینہ۔ لوزینہ کی روٹی۔ ایک نفیس حلوے کا نام ہے ✦

قطب ۔ وہ کیلی جس کے گرد چکی پھرتی ہے۔ سردار قوم۔ افضل ہر شے۔ شیخ یگانہ۔ مدار شے۔ اصطلاح علم جغرافیہ میں وہ نقطہ کرۂ ارض کا جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔ محور زمین کا شمالی اور جنوبی سرا جو زمین کے ساتھ گردش نہیں کرتا۔ ہمیشہ ساکن ہے۔ اور اس کے سوا کرہ کے تمام نقطے حرکت کرتے ہیں۔ شمالی سرے کا نام قطب شمالی ہے۔ اور جنوبی کا قطب جنوبی ✦

قطر ۔ کنارہ۔ طرف۔ مس۔ تانبا۔ اصطلاح میں وہ خط مستقیم جو مرکز دائرہ سے گذر کر دائرے کے دو ٹکڑے کرے ✦

قطرات ۔ جمع قطرہ کی۔ بوندیں ✦

قطران ۔ ایک سیاہ بدبودار روغن ہے۔ جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے اور خارش والے اونٹوں پر ملا جاتا ہے۔ چیڑ کا تیل۔ ایک شاعر اور ایک شہر کا نام بھی ہے ✦

قطرب ۔ ایک بیماری ہے۔ جس کے سبب بیمار دیوانہ پن اور جنون کے مارے کہیں قرار نہیں پکڑتا۔ سب سے بھاگتا ہے۔ دراصل قطرب ایک سیاہ رنگ کیڑے کا نام ہے۔ جو پانی کی سطح پر بے ترتیبی سے دوڑتا رہتا ہے ✦

قطرہ ۔ پانی کی بوند۔ دوڑنا ✦

قطرۂ آب ف ۔ پانی کا قطرہ۔ تلوار۔ پیکان تیر اور ہتھیار صیقل کئے ہوئے ✦

قطرۂ دُرزُون ف ۔ بادل۔ آفتاب ✦

قطرہ زدن و کردن و فشاندن و کشیدن و برداشتن ف ۔ دوڑنا۔ سعی کرنا ✦

قطرۂ زرد ف ۔ سورج ✦

قطرہ زن ف ۔ دوڑنے والا۔ تیز رو۔

قط زن ف ۔ قط لگانے والا آدمی۔ مجازاً وہ شے جس پر قط لگاتے ہیں۔ مقط ✦

قطع ۔ کاٹنا ✦

قطعاً ۔ اصلاً۔ ہرگز ✦

قطع نظر کردن از چیزے ف ۔ اس چیز کا ذکر نہ کرنا۔ اس چیز کا خیال چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا ✦

قطعہ ۔ ٹکڑا۔ ابیات جو دو شعر یا اس سے زیادہ ہوں اور مطلع ان میں نہ ہو۔ قطعہ کو اسی لئے قطعہ کہتے ہیں۔ کہ گویا وہ غزل یا قصیدہ کا ٹکڑا ہوتا ہے۔ جو مطلع دور کر دیا جائے۔ قطعہ دو اشعار سے کم نہیں ہوتا۔ اور زیادہ کی کچھ حد متعین نہیں ✦

قطف ۔ میوہ چننا۔ چھیننا۔ چوپائے جانوروں کا راستہ میں آہستہ چلنا ✦

قطف ۔ میوہ پکے ہوئے درخت کا پھل ✦

قطف ۔ تھوئے کا ساگ ✦

قطمیر ۔ خرما کی گٹھلی کے اوپر کا چھلکا۔ مطلق چھلکا۔ اصحاب کہف کے کتے کا نام بھی ہے ✦

قطن قطن ۔ روئی۔ روئی کا کھیت

قطن ۔ وہ ہڈی جو درمیان دونوں کولہوں کے ہے۔ یعنی ریڑھ کی ہڈی ✦

قطنی ۔ روئی کا کپڑا۔ مشروع جس کا تانا ریشم اور بانا روئی کا ہو ✦

قطور ۔ رقیق چیز جو کان اور ناک میں ٹپکائی جائے ✦

قطوف ۔ میوہ ہا۔ جمع قطف کی ✦

قطیعت ۔ جدائی۔ دور ہونا۔ بریدگی ✦

قطیعہ۔ قطیع ۔ ریوڑ بکریوں اور گھوڑوں وغیرہ کا گلہ ✦

قطیفہ ۔ روئیں دار ہوئی چادر ✦

قاف معجمہ مع عین مہملہ

قعب ۔ بات کی تہ۔ تنگی سخن۔ بات کا

گہرائی - بڑا پیالہ جس سے ایک آدمی سیر ہو سکے

قعدہ ع بیٹھنا - نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا +

قعدہ ع ایک قسم نشست کی ہے - جو زانو دبا کر بیٹھتے ہیں +

قعدہ ع شتربان کی سواری +

قعر ع کنوئیں کا عمق - کنوئیں یا دریا کا گہراؤ - گہرا گڑھا +

قعقعہ ع ہتھیاروں کا کھڑکھڑانا - خشک اور سخت چیز کو آواز کے ساتھ حرکت دینا +

قعپی ت [illegible] +

قعود ع بیٹھنا - جلوس - سونے کے بعد بیٹھنا - جوان اونٹ +

قعید ع شوہر کی ہمنشین عورت - شوہر کے پاس بیٹھنے والی عورت +

قاف معجمہ مع فائے معجمہ

قفا ع گدی - گردن کی پشت - پیچھا - پیچھے - عقب - پس پشت - [illegible] +

قفا خوردن ف شرمندہ ہونا +

قفار ع بے سالن روٹی - وہ زمین جس پر پانی اور گھاس نہ ہو +

قفا گیراں ف نقیباں - چوبداراں +

قفا نمودن ف پیٹھ دکھانی - بھاگ جانا +

قفا [illegible] ف خوب - اچھی صورت +

قفا پیش ف [illegible] جس کی پیٹھ زمین سے نہ لگی +

قفاست فلک ف آسمانی حادثہ +

قفر ع وہ زمین جس پر پانی اور گھاس نہ ہو - پیاسا ہونا +

قفر ع مال کا کم ہو جانا - دُبلا ہو جانا +

قفس قفص ع جانوروں کا پنجرہ - یہ لفظ سین اور صاد دونوں سے درست ہے - مگر فارسی والے سین یا صاد دونو سے لکھتے ہیں - اور عربی والے حرف ص سے +

قفل قفل ع تالا - پنجابی جندرا +

قفل ابجد ع ایک قسم کا قفل ہوتا ہے جو بغیر کنجی حروف ابجد کھلتا ہے +

قفل آسمان ف کفر اور شرک سے مراد ہے جو مینہ کے نہ برسنے سے قحط سالی ہونے اور رحمت الٰہی کے مسدود ہونے کا باعث ہے +

قفل بر در آسمان زدن ف نماز ترک کرنا - شرع کے برخلاف کام کرنا +

قفل بر دست کردن ف فقیروں پر دروازہ بند کرنا - فقیروں کو گھر میں نہ گھسنے دینا -

قفل بر زبان کسے انداختن -

قفل بر دہن کسے زدن ف چپ کرا دینا اور رشوت دینا +

قفل بر لب خود زدن ف چپ ہو رہنا +

قفل در راہ بودن ف [illegible]

قفل رومی ف ایک قسم کا [illegible] تالا ہے +

قفل [illegible] دو گولیاں [illegible] +

قفیز ع [illegible] +

قفیز ع پیمانہ - غلہ کا ایک پیمانہ ہے اور ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے - ایک قفیز آدھ سیر کو کہتے ہیں - اور زمین کی پیمائش میں قفیز ایک سو چوالیس گز شرعی کو کہتے ہیں +

قفیز بر آمدن ف تمام ہو چکنا +

قاف مع قاف

ققدان ف عطار کا خریطہ +

ققنس ی یہ لفظ یونانی ہے - مخفف ققنوس کا جو ایک پرند کا نام ہے - اس کی آواز سے علم موسیقی حکماء نے نکالا ہے - کہتے ہیں - کہ اس کی عمر ہزار سال کی ہوتی ہے - اس کا جوڑا یعنی مادہ نہیں ہوتی - اور اس کا پیدا ہونا اس طور پر بیان کرتے ہیں - کہ جب وہ اپنی کامل عمر یعنی ہزار برس کو پہنچ جاتا ہے - تو لکڑیاں جمع کرکے اُن کے اندر بیٹھتا ہے - اور اس کی چونچ میں جو بہت سے سوراخ ہیں - اُن سے آواز کرنا شروع کرتا ہے - ہر سوراخ سے ایک ایک راگ علیحدہ علیحدہ نکلتا ہے - چنانچہ دیپک راگ جب نکلتا ہے - تو اُن لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے اور وہ جانور جل کر خاک ہو جاتا ہے - پھر جب قدرت الٰہی سے مینہ برستا ہے - تو اُس خاک میں سے ایک انڈا پیدا ہو جاتا ہے - اُس میں سے اُسی نوع کا ایک جانور پیدا ہو جاتا ہے - اس جانور کو فارسی میں اسی واسطے آتش زن بھی کہتے ہیں +

قاف معجمہ مع لام مہملہ

قُل ع کہہ - بول - اور نام سورۂ اخلاص کا +

قُل ت غلام +

قلا ف کوچیا - سیخی +

قلاع ع دشمنی - کسی سے دشمنی رکھنا +

قلار [illegible] بادامی رنگ کا گھوڑا - جس کی پیٹھ پر بال سے دم تک سیاہ خط ہو +

قلاب ع قلابہ - حلقہ - مچھلی پکڑنے کا کانٹا لوہے کا +

قلّاب ع کھوٹی چیز بنانے والا - دغاباز +

قلّابہ ع مچھلی پکڑنے کی کنڈی جس سے مچھلی پکڑی جاتی ہے +

قلّابی ع کھوٹی چیز بیچنی - دغاباز +

قلات ف بلوچستان کا دارالخلافہ ہے - جو کاروانوں کی تجارت کا مرکز ہے +

قلات گازران ف شیراز کے پاس ایک جگہ ہے - شیخ سعدی علیہ الرحمت کا مقبرہ وہیں ہے +

قلاج ت کسی چیز مثلاً کمان وغیرہ کو زور سے کھینچنا - دونو ہاتھوں کی لمبائی +

قلاچوری ف دیکھو قراچوری +

قلادہ ع کتے یا اونٹ وغیرہ کے گلے کا پٹا - گردن بند سگ و شتر +

قلازدن ف لشکر کے نقیب +

قلاری ف ایک قسم کی سفید انجیر - جس کا مزا ترش ہوتا ہے +

قلاسنگ ف ایک قسم کی گوپھیا - جس سے پتھر مارتے ہیں +

قلاش ت رند - بے نام و ننگ - مفلس - اُچکا - بدمعاش - بخیل - کنجوس +

قلاشیرہ ف سیخی

قلاع ع جمع قلعہ کی +

قلاق ت ترکستان میں ایک شہر اور ایک قوم ہے +

قلاق ت گوش - کان +

قلاقل ف جنگلی انار +

قلاوز ت رہبر - مقدمۂ لشکر - [illegible] لشکر - پاسبانان فوج +

قلاوزی ت رہبری - پیشروی +

قلائد ع جمع قلادہ کی +

قلب ع دل - الٹا - واژگون - اور دل کو بھی اسی واسطے کہتے ہیں - کہ سینہ میں

الٹا لٹکا ہوا ہے۔ ہر چیز کا درمیان۔ کھوٹا
چاندی سونا۔ دشوار گذار جگہ۔ کٹھن
رستہ۔ فوج کا درمیانی حصہ۔ منازل قمر سے
اٹھارویں منزل کا نام بھی ہے +
قلب داراں ف وہ سپاہی جن سے
لشکر کا قلب قائم ہو۔ فوج قلب کے
سپاہی اور افسر اور جتنے قوی دل بہادر
دلیر۔ جبکہ قلب کے معنے "دل" کے لئے جائیں +
قلب گاہ ف وہ جگہ جہاں درمیانی
فوج کھڑی ہو +
قُلبہ ع زمین جوتنے کا ہل +
قلبہ راں ف زمیندار۔ ہل جوتنے والا +
قلبی ع بدلا ہوا۔ الٹا کیا ہوا۔ دلی +
قلپاق ت ایک قسم کی ٹوپی ہے۔ کلاہ +
قلت ع گڑھا۔ مغاک۔ پہاڑ کا
پانی جس میں جمع ہو +
قلت ع کمی۔ کمیابی +
قلتک ف دیوث۔ بےشرم۔ زن بمزد
قلتت ف ماش +
قلپاق ت چوب زین +
قلتبان قلتبوس۔ قلتبہ ف
بےغیرت۔ دیوث۔ جسکی عورت
بدکار ہو اور وہ شخص جان بوجھ کر اُس
کو کچھ روک ٹوک نہ کرسکے +
قلتین ع دو بڑے خم جن میں بارہ سو
عراقی رطل پانی سما جائے۔ شافعی رحمۃ اللہ
کے مذہب میں اتنا پانی استعمال سے نجس
ہو جاتا ہے +
قلج ع دانتوں کی زردی اور انکی میل +
قلچاق ت دستانہ آہنی۔ جو ہاتھ پر
چڑھاتے ہیں +

قلزم ع مصر اور مکہ کے درمیان کوہ طور
کے پاس ایک شہر ہے جسکی طرف منسوب
کر کے اس سمندر کو جس پر وہ شہر واقع
ہے۔ قلزم کہتے ہیں۔ یہ سمندر ایک بحیرہ
ہے۔ جو عرب۔ ایشیائی روم اور مصر و
نوبہ و ابیسینیا سے گھرا ہوا ہے۔ بہت گہرا
دریا یا کنواں +
قلزم پنج شاخ ف سخی کے ہاتھ کی
پانچوں انگلیاں +
قلزم نگون ف آسمان +
قلس ع وہ کھانا جو ایک ہی دفعہ الکائی
میں گلے سے نکل پڑے۔ اور جب دو تین
دفعہ ایسا ہو تو اسے قے کہتے ہیں +
قلع ع اکھیڑ پھینکنا۔ قلعی کی ایک
کان کا نام بھی ہے +
قلعہ ع سنگین مکان محفوظ جس میں
بادشاہ وغیرہ رہتے ہیں +
قلعہ احمد آباد ف یہ قلعہ گجرات میں
شہر احمد آباد سے جانب مشرق واقع ہے۔
اسکی دیوار بہت مضبوط اور بلند خشتی
بنی ہوئی ہے مشرقی دروازہ جسکی تین
محرابیں ہیں بہت بڑا اور تین دروازہ
کے نام سے مشہور ہے۔ اس قلعہ کو ۱۴۱۱ء
میں احمد شاہ گجراتی نے بنوایا تھا +
قلعہ اکبر آباد ف یہ بے نظیر سنگ سرخ
کی فصیل ۸۰ فیٹ بلند اور کنگورہ دار
ہے۔ ۱۵۶۶ء میں اکبر بادشاہ نے اسے
بنوایا تھا اسکی وضع قلعہ شاہجہان آباد
سے بہت ملتی ہے۔ مگر یہ قلعہ اُس سے
بہت بڑا ہے۔ اس میں بارکیں بن گئی
ہیں اور سپاہی رہتے ہیں +

قلعہ الہ آباد ف شہر الہ آباد میں یہ قلعہ
اُس جگہ واقع ہے۔ جہاں اکبر بادشاہ
نے ۱۵۷۵ء میں قلعہ بنایا تھا ۱۸۰۱ء
میں جب وہ شاہ عالم کے قبضہ سے نکل کر
گورنمنٹ انگریزی کے قبضہ میں آیا۔ تو
سرکار نے اُسے از سر نو تعمیر کروایا پہلے قلعہ
مکان بود و باش تھا۔ اور یہ قلعہ لڑائی کے
کام کا ہے +
قلعہ بھٹنڈا ہ دریائے ستلج کے پار
ایک قلعہ ہے +
قلعہ بغداد ف پیٹ +
قلعہ سہسوال ہ دریائے سندھ
کے کنارے پر ایک قلعہ ہے +
قلعہ شاہجہان آباد ف شاہجہان
آباد دہلی میں دریائے جمنا کے غربی کنارہ پر
یہ خوبصورت قلعہ جس کو لوگ لال قلعہ
بھی کہتے ہیں۔ شاہجہان بادشاہ کا بنوایا
ہوا ہے۔ اس نے اپنے سنہ ۱۲ جلوس مطابق
۱۶۳۸ء میں بنوانا شروع کیا۔ اور دس
برس کے عرصہ میں تیار ہوا۔ اس قلعہ
کی فصیل جس میں اندر کی رخ محرابی حجرے
ہیں۔ بالکل سنگ سرخ کی کنگورہ دار ۶۰
فیٹ بلند یعنی قلعہ آگرہ کی دیوار سے
۱۰ فیٹ کم ہے اوپر سے دیوار کا آثار
۳۰ فیٹ ہے۔ اسکی وضع قلعہ آگرہ
سے بہت ملتی ہے +
قلعہ کہربا گوں ف دنیا۔ عالم سفلی +
قلعہ گلاب ف گوالیار میں ایک قلعہ ہے
جہاں قیدیوں کو قید رکھتے ہیں +
قلعہ گوالیار ف یہ بہت بڑا اور مشہور
قلعہ شہر گوالیار سے ۳۰۰ فٹ بلند گوپاگیری
نامی پہاڑی پر واقع ہے۔ اس کا طول
دو ہزار فٹ سے زیادہ اور بلندی فصیل
کی جو بہت مضبوط ہے ۳۰ اور ۳۵ فٹ
ہے۔ اس عالی شان قلعہ کو راجہ پاسونچی
نے ۷۷۳ء میں بنوانا شروع کیا تھا +
قلعہ قہقہہ ع آذربائیجان (صوبہ ایران)
میں ایک قلعہ کا نام ہے جو مضبوطی اور
استواری میں بے نظیر ہے +
قلعی ع منسوب قلعہ۔ یہ نام ہے
ایک کان کا۔ اُس میں سے خالص رانگ
نکلتا ہے۔ اسی واسطے رانگ کو قلعی کہتے ہیں +
قلق ع بے آرام۔ بیقرار۔ ڈرنے والا +
قلق ع بے قراری۔ بیتابی۔ بیآرامی +
قلقاس ف اروی جو مشہور ترکاری ہے +
قلقان ت سپر۔ ڈھال +
قلقچی ع تیغ کا ملازم۔ خدمتگار +
قلقطا ف کچھ تکاری +
قلقل قلقلہ ع صراحی سے شراب نکلنے
کی آواز۔ کلام مُہمل۔ اور نام دوا جسکو حب
قلقل کہتے ہیں۔ ظرافت اور سبکروحی +
قلقلہ ع جوش اور سختی ادا ساکن
حرف کو شدت کے ساتھ اس کے مخرج
میں ملانا +
قلل ع جمع قُلّہ۔ پہاڑ کی چوٹیاں +
قلر آقاسی ت مرکب ہے قُل (غلام)
اور لر (علامت جمع) اور آقاسی (افسر)
سے۔ سردار غلاماں +
قلم ع کاٹنا تراشنا۔ ناخن کاٹنا +
قلم ع لکھنے کا قلم۔ لکھنی +
قلماف ف کچھپا +
قلما ع اندک۔ تھوڑا +

قَلَم از چیزے بستن ف قلم بنانا +
قَلماش ف بیہودہ۔ نامعقول۔ متاع خانہ +
قَلماق ت ایشیائی روس کے جنوب میں ایک خانہ بدوش قوم ہے۔ جو گھر بنا کر رہنا عار سمجھتی ہے۔ کھیتی باڑی مطلق نہیں کرتی۔ اور مچھلی۔ مرغ کا گوشت۔ دودھ۔ مکھن۔ پنیر اُن کی غذا ہے +
قَلَم بدم شمشیر افتادن ف شمشیر کا دندانہ دار ہونا اور اسکی دھار کی آب نہ رہنی +
قَلَم برگرفتن و برداشتن از کسے ف مُعاف رکھنا۔ بازپرس نہ کرنا +
قَلَم بستن برکسے ف اس شخص میں لکھنے کی قدرت نہ رہنے دینا۔ مات کر دینا +
قَلَم بناخن شکستن ف سزا دینا +
قَلَم بند ف مو قلم بنانے والا۔ لکھا ہوا +
قَلَم بند کردن ف لکھ لینا +
قَلَم پاک کُن ف قلم صاف کرنے والا چیتھڑا +
قَلَم تیز کردن ف قط لگانا +
قَلَم جَلد کردن ف لکھنا +
قَلمدان ف قلمدان جسمیں قلمیں رکھی جاتی ہیں +
قَلَم داخل خط ساختن ف اصلاح دینا +
قَلَم در سیاہی نہادن ف کسی کی بات کو کاٹ دینا۔ کسی کو بدبخت بنانا۔ کسی کی عزت و آبرو پر قلم پھیر دینا +
قَلَم درکشیدن بر چیزے ف مٹا دینا کاٹ دینا۔ قلم پھیر دینا +
قَلَم دست ف دیکھو قلمزن +
قَلَم دست و پا ف پنڈلی اور آبنج کی ہڈی +
قَلَم راندن ف قلم چلانا۔ لکھنا +
قَلَم رفتن ف مقدر ہونا۔ تقدیر میں لکھا ہونا +
قَلَمرو ف سلطنت۔ مُلک +
قَلَم زدن ف لکھنا +
قَلَم زدن بر چیزے ف اُس کو مٹا دینا۔ اُس پر قلم پھیر دینا +
قَلَمزن۔ قَلَم دست ف کاتب لکھنے والا۔ محرّر۔ منشی۔ مصوّر۔ نقاش +
قَلَم ساختن ف قلم کرنا۔ دو ٹکڑے کر دینا۔ کاٹ دینا +
قَلَم سرب ع قلم فرنگی ف ریل پنسل +
قَلَم شدن ف کٹ جانا۔ قلم ہونا +
قَلَم شکستن برکسے ف قلم اسکے حوالے کرنا +
قَلَمکار ف رنگ بھرنے والا۔ نقاش ایک طرح کا بافتہ جس پر طرح طرح کے نقش ہوں +
قَلَم کردن ف دو ٹکڑے کرنا۔ کاٹ ڈالنا +
قَلَم کشیدن بر چیزے را ف اُس کو محو کر دینا۔ اُس پر قلم پھیر دینا +
قَلَم کشیدہ ف کٹا ہوا۔ بریدہ۔ مقطوع +
قَلَم موے ف بال کا قلم +
قَلَم نیست ف بازپرس نہیں ہے۔ معاف ہے +
قَلَنبک ف ایک قسم کا عود ہے +
قَلَندر ع مُعرب لفظ کلندر کا ہے۔ مست بے پرواہ فقیروں کی ایک قسم ہے۔ لغوی معنی اسکے کندہ ناتراشیدہ ہیں۔ اور اسی واسطے اس کا اطلاق مجازاً رند۔ اوباش۔ بے باک۔ نالائق۔ ناشائستہ۔ بدتہذیب لوگوں پر آتا ہے۔ کیونکہ وہ بھی مثل کندہ ناتراش کے ہوتے ہیں۔ اصطلاح میں قلندر اُس کو کہتے ہیں۔ جو نقوش اور اشکال عادتی اور آمال سعادتی سے بے تعلق ہو گیا ہو۔ اور روحانی ترقی یہاں تک کر گیا ہو کہ اپنے وجود اور دنیا کے سارے تعلقات سے بیخبر ہو کر ہمہ تن خدا کی ذات کیطرف متوجہ ہو +
قَلَندری ف ایک قسم کا خیمہ ہے +
قَلَنسَہ ع ٹوپی۔ کلاہ۔ مخفف قلنسوہ کا ہے +
قَلَنسُوہ ع ٹوپی۔ کلاہ +
قَلَنقَہ ت مُحاصرہ کرنا +
قُلُوب ع جمع قلب کی۔ دل +
قَلوص ع جوان اونٹنی +
قَلَولاء ع قاز جو مشہور پرندہ ہے +
قُلّہ ع پہاڑ کی چوٹی۔ سر کوہ۔ چوٹی +
قَلی ع توے پر کسی چیز کا بریاں کرنا۔ بھوننا +
قِلی ع سجی +
قُلی ت غلام +
قَلیان ع نیچہ حقہ کا۔ مجازاً حقہ +
قَلیان ع ابلنا +
قِلیچ ت تلوار۔ شمشیر +
قِلیدس ع مخفف اقلیدس +
قَلیل ع تھوڑا۔ کم +
قَلیہ ع گوشت بُھنا ہُوا۔ مجازاً ہنڈیا کا پکا ہُوا گوشت مع شوربہ کے +
قلیہ خوار ف دیوث۔ قلتبان +
قلیۂ سغدی ف قلیہ جو گوشت۔ انتڑیوں کی چربی اور مُرغ کے انڈے سے پکاتے ہیں +

قاف معجمہ مع میم مہملہ

قُم ع صیغہ امر کا ہے۔ اُٹھ کھڑا ہو +
قُم ع ملک ایران میں اصفہان کے قریب ایک شہر ہے +
قُمام ع جھاڑو دینا +
قُماشت کنیزک۔ ایک مقوی باہ دوائی بھی ہے +
قُماچ ت ایک قسم کی روٹی ہے +
قِمار ع جوا۔ بازی جس میں زر کی شرط ہو +
قُمار ع ہند میں ایک شہر ہے۔ جہاں کا عود بہت عمدہ ہوتا ہے +
قِمار باختن ف جوا کھیلنا +
قِمار باز ف جواری۔ پنجابی جوئے باز +
قَماری ع جمع قُمری کی۔ جو نام ایک مشہور پرند کا ہے +
قُماش ع اسباب۔ جامۂ ابریشمی۔ متاع خانہ۔ جوہر۔ صفت +
قِماط ع وہ کپڑا جس میں نوزائیدہ بچے کو لپیٹتے ہیں +
قُمامہ ع کوڑا۔ گھر میں جھاڑو دینے سے جو کوڑا کرکٹ اکٹھا ہو +
قُمبرہ ت خمپارہ۔ ایک قسم کی گرنل توپ +
قُمبرہ چی ت گرنل مارنے والا +
قَمچی ت کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک +
قَمح ع گندم۔ گیہوں۔ پنجابی کنک +
قَمحدوہ ع آسمان کی طرف مُنہ کر کے پڑا ہوا آدمی۔ مجازاً زمین سے ملا ہُوا سر +
قَمر ع چاند۔ اصطلاح علم کیمیا میں چاندی۔ قمر یعنی چاند زمین سے بہ اعتبار حجم کے ۱/۴۹ ہے۔ اُس کا قطر ۲۱۶۰ میل اور فاصلہ زمین سے دو لاکھ ۴۷ ہزار میل ہے۔ وہ زمین کے گرد اور اپنے

محور کے گرد بھی ۲۹ ½ دن میں گردش کرتا ہے۔ اسیواسطے ہمیشہ اُس کا ایک ہی رُخ ہماری طرف رہتا ہے۔ وہ بذاتِ خود روشن نہیں۔ بلکہ آفتاب کی روشنی سے مُنوّر ہوتا ہے۔ ہمیشہ اُس کا آدھا حصّہ (جیسا کہ کُرّہ کا خاصہ ہے) جو آفتاب کے سامنے ہوتا ہے۔ منوّر رہتا ہے۔ اور زمین کے گرد دورہ کرنے کے سبب ہمیں ہر شب کم و بیش دکھائی دیتا ہے اس کے اندر سیاہ دھبّے پہاڑ اور پہاڑیاں ہیں۔ جوار بھاٹا چاند ہی کی کشش کے سبب (سمندر میں) پیدا ہوتا ہے +

قمرا ع چاند کی روشنی۔ چاندنی +

قمران۔ قمرین ع تثنیہ قمر کا ہے۔ اور تغلیباً سورج اور چاند دونوں سے مراد لیا کرتے ہیں۔ اسواسطے کہ قمر محاورۂ عرب میں مُذکّر ہے اور شمس مؤنث جیسا کہ ماں اور باپ کو تغلیباً والدین کہتے ہیں (مذکر کا لحاظ کر کے)۔ والدتین نہیں کہتے

قمرغہ ت گھیرا دیکر شکار کرنا۔ شکار گاہ کا احاطہ +

قمرہ ع قمار خانہ۔ قمار +

قمری ع قمر سے منسوب۔ چاند کا +

قُمری ع فاختہ کی قسم سے ایک مشہور پرندہ

قمطر ع شتر فربہ۔ مرد کوتاہ +

قمطریر ع نہایت سخت روز +

قمع ع گرز سے مارنا۔ توڑنا۔ خوار کرنا +

قمقام ع کار و بزرگ۔ دریا۔ مہتر قوم +

قمقمہ ع کوزہ +

قمل ع جوں۔ سپش +

قمل ع جمع قملہ کی جیچڑ۔ ملخ +

قمم ع جمع قمّہ کی +

قمّہ ع ہر چیز کا سر۔ ہر چیز کی بلندی۔ گروہ +

قمی ع منسوب قُم سے۔ جو نام ایک شہر کا ہے۔ قریب اصفہان کے +

قمیص ع کرتہ۔ پیراہن +

قمین ع سزاوار۔ لائق +

قاف معجمہ مع نون

قنات ع نیزہ۔ مہرۂ پشت کی ہڈی +

قنات ت خیمے کی چاروں طرف کا پردہ +

قناد ع قندساز۔ حلوائی +

قنادخانہ ف وہ جگہ جہاں حلوائی کام کرتے ہیں۔ کھنڈساز +

قنادیل ع جمع قندیل کی۔ لالٹینیں۔ فانوس

قنادیل چرخ ف ستاروں سے مراد ہے +

قنارہ ع وہ لکڑی جس کے ساتھ قصاب ذبح کئے ہوئے جانور کو کھال اُتار کر لٹکا دیتے ہیں۔ اور ٹکڑے ٹکڑے کرکے بیچتے ہیں +

قناع ع اوڑھنی کے اوپر پہننے کا کپڑا +

قناعت ع تھوڑے پر ساجھی ہونا۔ سنتوکھ کرنا۔ کم پر +

قنب ع بھنگ +

قنبر ع حضرت علیؓ کے غلام کا نام ہے +

قنبورہ ع ایک قسم کا رنگین کپڑا ہوتا ہے۔ جسکا دامن چھوٹا ہوتا ہے۔ اور بند بہت لمبا۔ سقرلاب کی ایک چیز ہے جسے حباب پہ باندھتے ہیں۔ تو اس میں گرد و غبار نہیں جاتا +

قند مب کھانڈ۔ شکر۔ یہ معرب کند کا ہے۔ اور کند مفرس کھنڈ کا ہے۔ جو محاورہ اہل پنجاب کا ہے +

قنداق ت بندوق کا کندہ +

قندز ت ترکستان میں سیاہ رنگ کا جانور ہوتا ہے جسکی شکل کُتّے سے ملتی ہوئی ہے۔ اُس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں۔ مجازاً اُس کی کھال کو بھی قندز کہ دیتے ہیں۔ ترکستان کے ایک صوبے کا نام بھی ہے جسے خندوز بھی کہتے ہیں +

قندپارسی ف ایک قسم کی نہایت لذیذ و لطیف قند +

قند مکرر ع قندِ دوبارہ ف جو قند دوبارہ صاف کی جائے۔ اور کسیطرح کا غُبار اُس میں نہ رہے۔ وہ بات جو دو بار کی جائے۔ مجازاً لبِ محبوب کے +

قندِ عسکری ع ایک قسم کی نہایت لطیف و لذیذ قند +

قندھار ف ملک افغانستان میں ایک مشہور شہر ہے +

قندِ محمودی۔ قندِ مصری ع ایک قسم کی قند لطیف +

قندیل مب کندیل کا وہ ظرف جس میں چراغ جلاتے ہیں۔ فانوس۔ لالٹین۔ اور ایک قسم کا بنردان جس میں بنر بہت حفاظت سے رہتے ہیں +

قندیل آب ف ایک قسم کی قندیل بلوری جس میں پانی بھر کر اوپر تیل ڈالتے ہیں اور کیف میں بتی لگا کر روشن کر دیتے ہیں +

قندیل ترساف گرجا کی قندیل +

قندیلِ چرخ ف سورج اور چاند +

قندیل دو سرت آسمان +

قندیل شب ف رات کا اندھیرا +

قندیل عیسٰے ع آفتاب سے مراد ہے +

قنص ع شکار کرنا۔ جال بچھانا +

قنطار ع سونے یا چاندی سے بھری ہوئی گائے کی کھال +

قنطال ع سکندر کے زمانہ میں روس کا بادشاہ تھا +

قنطرہ ع پُل جو دریا پر باندھتے ہیں۔ اور اُس پر سے گذرتے ہیں۔ بڑا پُل + بنائے بلند +

قنطیر ف قنطار کا امالہ +

قنفذ ع سیہ جو ایک مشہور خاردار جانور ہے +

قنق ت مہمان +

قنور ع کھجور کا خوشہ +

قنوات ع جمع ہے قنات کی +

قنوان ع کھجور کے خوشے +

قنوت ع فرمانبرداری۔ اطاعت۔ دُعا خوانی۔ خاموشی۔ اور مشہور دعا جو نماز وتر میں پڑھتے ہیں +

قنوط ع ناامید۔ اور ناامید ہونا +

قنوع ع قانع ہونا۔ تھوڑے پہ قناعت کرنا +

قنوقن ت کاردیا شمشیر کا نیام +

قنینہ ع شراب بھرنے کا برتن +

قنیہ ع سرمایہ۔ پونجی +

قاف معجمہ مع واو

قوا ع جمع قوت کی۔ قوتیں۔ طاقتیں +

قواد ع جمع قائد کی لشکرکش۔ سپہ سالار +

قوّاد ع دلّال۔ مرد بے غیرت۔ بھڑوا۔ دیوث +

قوارع ع جمع قارعہ کی بیتیہا۔ حادثے +

قوادہ ف کشتی +

قوارہ ع ریزہ ٹھیکرا۔ اور گول کترن جو درزی گریبان کترنے کے وقت نکالتا ہے۔ کترن +

قوّارہ قوارہ ع ریزہ۔ ریزہ +

قوارير ع جمع قارورہ کی +
قواس ع کمان ساز۔ کمان گر +
قواعد ع جمع ہے قاعدہ کی۔ ایک کتاب کا نام بھی ہے +
قوافل ع جمع قافلہ کی +
قوّال ع گویّا۔ ڈوم کلاونت۔ بہت بولنے والا +
قوام ع راستی۔ عدل +
قوام ع نظام۔ عماد۔ اصل۔ وہ شے جسکے سبب سے کسی شے کا قیام ہو۔ کھڑا ہونا۔ باقی رہنا۔ قائم کرنا۔ بندش +
قوام گرفتن کا رف کام کا یا انتظام ہونا۔ سنور جانا +
قوانین ع جمع قانون کی +
قوائے حیوانی ع جو دل سے متعلق ہیں۔ جیسے۔ خوشی۔ غصہ +
قوائے طبیعی ع وہ قوتیں جن کا تعلق جگر سے ہے۔ اور وہ یہ ہیں۔ جاذبہ۔ ماسکہ۔ ہاضمہ۔ دافعہ۔ نامیہ۔ مولدہ +
قوائم ع جمع قائمہ کی۔ ہاتھ پیر +
قوائے نفسانی ع جو دماغ سے علاقہ رکھتی ہیں۔ وہ دس ہیں۔ پانچ قوائے ظاہری یعنی لامسہ۔ شامہ۔ باصرہ۔ سامعہ ذائقہ اور پانچ قوائے باطنی یعنی حس مشترک خیال۔ وہم۔ حافظہ۔ متفکرہ +
قوباء ایک جلدی بیماری ہے۔ جس کو داد کہتے ہیں +
قوت ع طاقت۔ زور۔ توانگری +
قوت: کھانا خوراک۔ خورش یومیہ +
قوت تسبیح ت یکشنبہ شراب +
قوت پیچ ت میندھا +
قوت تسبیح یکشنبہ ف خرما۔ کھجور +

قود ع قصاص +
قورت سلاح ہتھیار۔ دوا۔ دوائی۔ خصیہ۔ اعضا میں بر آمدگی یا گرہ +
قورت ت جغرات خشک۔ پنیر +
قورچی ت ہتھیار بند۔ سپاہی سلح دار لوہار۔ مہتمم دربار بادشاہ +
قورچی باشی ت سردار سلاحداران داروغہ سلاح خانہ +
قورخانہ ف سلاح خانہ میگزین۔ وہ جگہ جہاں پر ہتھیار رکھتے ہیں +
قورعی ت رسی جو خیمے کے گرد باندھتے ہیں +
کفار ع جمع ہے کافر کی +
کفارہ } ڈھانپنے والا (دور کرنیوالا) ۔
کفارت } ع گناہوں کا خطایا ان کا عوض قسم کا کفارہ ایک غلام آزاد کرنا یا تین دن روزہ رکھنا ۔ یا دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ۔ یا دس مسکینوں کو پوشاک پہنانا ہے ۔ اور روزہ توڑنے کا کفارہ دو مہینے روزہ رکھنا ۔ یا ساٹھ آدمیوں کو کھانا کھلانا ہے ۔ فارسی والے بہ تخفیف بھی استعمال کرتے ہیں +
کف از دامن کسے بر داشتن ف کسی کے دامن سے ہاتھ اٹھا لینا ۔ اس سے تعرض نہ کرنا +
کفاف ع اندازہ ۔ اس قدر معاش کہ کفایت کرے ۔ روزمرہ کا خرچ ۔ روزینہ +
کفالت ع ضامن ہونا ۔ متعہد کرنا ۔ ذمہ دار ہونا +
کف الخضیب ع شمال کی طرف سرخ رنگ کا ایک ستارہ ہے جس وقت وہ نصف النہار پر پہنچتا ہے ۔ اس وقت دعا کی جائے تو قبول ہو جاتی ہے +
کفانہ ف بچہ ناتمام جو ماں کے پیٹ سے گر پڑے +
کفانیدن ف ترکانیدن +
کفایت ۔ کفایہ ف کافی ہونا ۔ بہت ہونا ۔ سرانجام کرنا ۔ فائدہ اٹھانا +
کفایت کردن ف کافی ہونا ۔ اور بصلۂ از دور کرنا +
کف پا ف پاؤں کی ہتھیلی ۔ تلوا +
کف بیضا ع ید بیضا +
کفت ف کندھا ۔ مونڈھا +
کفتن ف پھٹنا ۔ پھٹ جانا +
کفتار ف ہونڈار ۔ ڈائن +
کفتر ف کبوتر +
کفتور ف ثبات و استقلال ثبات دل کے اطمینان کے ساتھ کسی کام میں باوجود تکالیف کے برابر لگا رہنا +
کفتین ع ترازو کے دو نو پلڑے +
کفج ف کفچہ ۔ کنک +
کفچل ف گھوڑے کا چو تڑ +
کفچل پوش ف دمچی +
کفچلیز ۔ کفچلیزک ۔ کفچلیزہ ۔ کفلیز ۔ کفلیزہ ف کفگیر ۔ مینڈک کا بچہ جو پہلے خلاف میں ہوتا ہے ۔ اور بڑا ہو کر اس سے نکل آتا ہے +
کفچہ ف ڈوئی ۔ بڑا چمچہ ۔ سانپ کا پھن

کفچۂ مار ۔ ف سانپ کا پھن ۔
کف خضیب ۔ ف رنگین ہاتھ ۔
کف دریا ۔ ف دریا کی جھاگ وہ ایک سفید شے ہڈی کی مانند ہوتی ہے جسے عربی میں زبد البحر کہتے ہیں ۔
کف دست ۔ ف ہاتھ کی ہتھیلی ۔
کف دعا برداشتن } دست بدعا ہونا ۔ دعا کے
کف دعا گرفتن } ف لیے ہاتھ اٹھانا ۔
کَفر ۔ ع ڈھانپنا ۔ بڑا آوزہ ۔
کُفر ۔ ع ناشکری ۔ نہ ماننا خدا کا ۔ انکار ۔
کُفرا ۔ ف کھجور کا شگوفہ ۔
کُفران ۔ ع ناشکری ۔ گمراہی ۔
کُفران نعمت ۔ ع نعمت کی ناشکری ۔
کفرلاتا ۔ حلب کے نواح میں ایک گاؤں ہے
کَفرہ ۔ ع جمع کافر کی ۔
کُفری ۔ ع بیائے نسبت ۔ کافرپن ۔
کفِ سفید ۔ ف صاحب بخت اور سخی آدمی جو سخاوت کے باعث مفلس ہو گیا ہو
کفِ سفید ۔ ف برف ۔
کفش ۔ ف جوتی ۔
کفش از پا افگندن } جوتی پاؤں
کفش از پا بیروں کردن } ف سے اتارنا ۔
کفش خواستن ۔ ف سفر کو تیار ہونا
کفشدوز ۔ ف موچی ۔
کفشن ۔ ف جنگل ۔ وہ زمین جس میں پہلے کاشت ہو چکی ہو اور اب خالی پڑی ہو ۔
کفش نہادن ۔ ف ٹھیرنا ۔ مقام کرنا ۔
کفشیر ۔ ف قلعی ۔ ارزیز ۔
کف غنچہ کردن ۔ ف کھلے ہوئے پنجے کو بند کرنا ۔
کفک ۔ ف کف دست ۔ پانی یا صابون یادود وغیرہ کی جھاگ ۔
کف کردن ۔ ف کھانا ۔
کف کردن نان ۔ ف حسرت سے منہ میں پانی بھر آنا ۔
کفشہا پارہ کردن ۔ ف کمال جستجو کرنا
کفگیر ۔ ف ڈوئی سوراخ دار بڑا سا چمچہ ۔
کِفل ۔ ع حصہ ۔ نصیبہ ۔ وہ شخص جو پالنے پر نہ بیٹھ سکے ۔ جھول جو ستور کی پیٹھ پر ڈالی جائے ۔
کَفَل ۔ ع سُرین ۔ چوتڑ آدمی یا حیوان کا
کفل پوش ۔ ف دُمچی ۔
کَفن ۔ ع مردے کی چادر جس میں لپیٹ کر گاڑتے ہیں ۔ فارسی والے فاء کو ساکن بھی استعمال کرتے ہیں ۔
کفن بر چوب کردن ۔ ف داد خواہی کرنا ۔ فریاد کرنا ۔
کفن پارہ کردن ۔ ف سخت بیماری سے شفا پانا ۔ آفت سے بچنا ۔
کفنی ۔ ع وہ کپڑا جو مردے کے گلے میں ڈالتے ہیں ۔ اور فقیر بھی ایسا ہی پہنتے ہیں
کف نیاز برداشتن ۔ ف دست بدعا ہونا ۔
کُفو ۔ کفو ۔ ع ہم قوم ۔ ہم ذات ہم خاندان ۔ ہمسر ۔ برابر کا ۔
کَفور ۔ ع ناشکری کرنے والا ۔ ناشکر گزار ۔
کُفور ۔ ع ناشکری ۔ ناسپاسی
کفہ ۔ ع ایک شہر کا نام ہے ۔
کُفہ ۔ ع پیراہن کا حاشیہ ۔
کَفہ ۔ ف اوس کا وہ قطرہ جس میں انڈا موجود ہوتا ہو
کِفہ ۔ ع ترازو کا پلڑا ۔ ہر شے جو بیچ میں گول ہو
کفیار ۔ ف نیک کام کے واسطے تکلیف اٹھانی
کفیت ۔ ع بچایا گیا تو ۔ کفایت کیا گیا تو
کفیدن ۔ ف پھٹنا ۔
کفیدہ ۔ ف پھٹا ہوا ۔ تڑخا ہوا ۔
کَفیل ۔ ع ضامن ۔ ذمہ دار ۔

کاف تازی مع کاف تازی

کک ۔ ف کاک ۔
کُک ۔ ف مرغی جیسے کڑک ہو گئی ہو ۔
ککچہ ۔ ف بنولا ۔
ککہ ۔ ککی ۔ ف گوہ ۔ فضلہ آدمی کا

کاف تازی مع لام

کُل ۔ ت گنجا ۔ کوتاہ ۔ ناقص ۔
کل ۔ ف وہ شخص جس کے سر یا کسی اور جگہ پر زخم ہو ۔ گنجا ۔ علے العموم ہر حیوان کا نر اور بالخصوص بھینس کا نر ۔ بھینسا ۔
کَلّ ۔ ع گونگا ۔ گنگ ۔
کُل ۔ ف کپڑا ۔ منہی ۔ دیہات ۔ کوتاہ ۔ ناقص
کُلّ ۔ ع تمام ۔ سب ۔ پورا ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کو جو واحد مطلق ہے کہتے ہیں ۔
کِلا ۔ ع تثنیہ کے واسطے ایک حرف ہے جو بدون اضافت مستعمل نہیں ہوتا
کَلّا ۔ ع ایک حرف ہے جو پچھلے کلام کے روکنے کے واسطے آتا ہے یعنی ایسا نہیں اور کبھی دوسرے کے سخن کو درست کہنے کے لیے مستعمل ہوتا ہے اس وقت اس کے معنے حق ہے ۔ ٹھیک ہے ۔ کے ہوتے ہیں ۔
کلا ۔ کلاو ۔ ف مینڈک ۔
کلاء ۔ ع تر و تازہ گھاس ۔
کلاپشت ۔ کلاپشتہ ۔ ف مانند راں کی شال ۔
کلاپیسہ ۔ ف آنکھ کا اپنی حالت سے بدل جانا خواہ غصے کے مارے خواہ لذت و شہوت کے سبب
کلابہ ۔ کلافہ ۔ کلادہ ۔ ف چرخے کی مال جو ایک تاگہ ہوتا ہے نکلے اور چرخے کے چرخ پر ۔ چرخہ ۔
کلات ۔ ف ترکستان میں ایک شہر ہے جہاں سیاوش کا بیٹا اپنی ماں سمیت رہا کرتا تھا ۔ پہاڑ یا ٹیلے پر کا بڑا گاؤں خواہ آباد ہو خواہ غیر آباد ۔ بلوچستان کا دار الخلافہ جسے قلات کہتے ہیں ۔
کلاتہ ۔ ف ٹیلے پر کا چھوٹا سا گاؤں محلہ وہ گاؤں جس میں کوئی دکان نہ ہو چھوٹا سا کھیت
کلانجو ۔ ف پیالہ ۔
کلاژہ ۔ ف بھینگا ۔ احول ۔
کلار ۔ ف مینڈک ۔
کلاژ ۔ کلاژہ ف بھینگا ۔ عقعق ۔
کِلاسہ ۔ ع چونے کی بنی ہوئی کوئی چیز
کلاسنگ ۔ ف فلاخن ۔ گوپھیا ۔
کلاش ۔ ف مکڑی ۔
کلاش خانہ ۔ ف مکڑی کا جالا ۔
کلاشکن ۔ ف ایک قسم کا سخت حلوا ہے
کلاغ ۔ ف جنگلی کوا ۔ کاگ ۔
کلاغ زدن ۔ کلاغ گرفتن ۔ ف طعنہ مارنا ۔ ٹھٹھہ کرنا ۔
کلاک ۔ ف وہ جنگل جس میں کبھی زراعت نہ ہوئی ہو تارک ۔ بادل پھٹنے کی جگہ سے وسط سر تک کا حصہ سر کا ۔
کَلال ۔ ع سستی اعضا کی ۔ ماندگی ۔ دکان ۔ ہندی میں شراب فروش ۔
کُلال ۔ ف وہ شخص جو مٹی کے برتن بناتا ہو
کلالت ۔ ع تھک جانا ۔ کند ہونا ۔

کلالہ - ع ہارا ہوا - ضعیف - اور وہ شخص جس کے وارثوں میں باپ اور بیٹا نہ ہو -
کلالہ - ف کھنگریالے بال - زلف پیچدار -
کلالیوہ - ف سراسیمہ - حیران -
کلام - ع عبارت جو مرکب ہو کلموں سے
کلام تام - ع جملہ وہ مرکب ہے کہ پوری بات ہو - اور سننے والے کو اس سے پورا فائدہ حاصل ہو - جیسے زید رفت -
کلام مستدام - ع کلام آلہی -
کلام ناقص - ع وہ مرکب ہے کہ پوری بات نہ ہو اور سننے والے کو اس سے پورا فائدہ حاصل نہ ہو - جیسے غلام زید - مرد نیک -
کلام نرم کردن - ف سنجیدہ اور ملائم گفتگو کرنا -
کلامی - ع منسوب بہ علم کلام - علم کلام وہ ہے جس کے ذریعے عقاید کو عقلی دلیلوں سے ثابت کیا جاتا ہے - کلامی سے مراد وہ شخص ہوتا ہے جس نے توحید عیانی کا ذوق نہ اٹھایا ہو اور دلیل کے ذریعے معرفت الٰہی کو پہنچا ہو
کلاں - ف بڑا - لمبا -
کلانتر - ف بہت بڑا - وزیر سے کم رتبے کا - امیر جو بسبب عہدہ داروں سے اعلیٰ اور رعایا پر اختیار رکھتا ہو -
کلاں روضہ - ف رسول خدا صلعم
کلاوت - س مطربوں سے ایک قوم ہے
کلاتہ - ف چھوٹا سا گاؤں - کھیتی -
کلانی - ف بڑائی - لمبائی -
کلاغ - کلاوو - ف مینڈک -
کلاوہ - ف گکڑی سوت کی - کچا سوت جو نکلے پر لگا ہوا ہو -
کلاوہ چرخ - ف منطقہ آسمان کا - گردش چرخ

کلاہ - ف ٹوپی - تاج -
کلاہ افگندن } تعظیم کرنا کیونکہ بعض
کلاہ برکشیدن } ملکوں میں یہ دستور ہے کہ دوسرے کی تعظیم کے لئے اپنے سر سے ٹوپی اتار دیتے ہیں - جیسا کہ یورپین کا معمول ہے -
کلاہ انداختن - کلاہ برانداختن
کلاہ بر ہوا افگندن - کلاہ بر آسمان انداختن - ف اپنی ٹوپی اچھالنی - کمال خوشی ظاہر کرنی - نہایت خوش ہونا جیسا کہ یورپین کا دستور ہے - کہ کمال خوشی کے وقت اپنی ٹوپیاں اچھالتے ہیں -
کلاہ از سر خود برداشتن - ف فخر کرنا - تعظیم کرنا -
کلاہ بارانی - ف وہ ٹوپی جو بارش کے وقت سر پر پہنتے ہیں -
کلاہ برافراختن - ف تاج سر پر رکھنا - بادشاہی کرنی - فخر کرنا -
کلاہ بر سر نہادن - ف کسی چیز کا اعتبار بڑھانا - اسے بڑا اور بزرگ کر دکھانا -
کلاہ بر کلاہ کسے زدن - ف برابری کا دعوے کرنا -
کلاہ پیش کسے نہادن - ف عاجزی ظاہر کرنی - اظہار اطاعت کرنا - تعظیم کرنا -
کلاہ چرخ - ف آسمان - سورج -
کلاہ داری - ف بادشاہی سلطنت
کلاہ زمین - ف آسمان - سورج چاند -
کلاہ شکستن - ف ٹوپی کے گوشے کا کھڑا ٹوپی کو ٹیڑھا کر کے سر پر رکھنا -
کلاہ کج کردن - ف فخر کرنا -
کلاہ گوشہ شکستن - ف فخر کرنا -

کلاہ گوشہ بہ آفتاب رسیدن - ف ٹوپی کا کونا آفتاب تک پہنچ جانا - مغرور اور سر بلند ہونا - بڑی عزت حاصل ہونی -
کلاہِ ملک - ف بادشاہ -
کلاہ نہادن - ف تواضع کرنا - عاجزی کرنا - سجدہ کرنا - زمین پر سر رکھ دینا -
کلاہ ہوا - ف ایک ماژندرانی پہلوان کا نام ہے
کلاءت - ع حراست - حفاظت -
کلب - ف چونچ - منقار -
کلب - ع کتا -
کلب - ع دیوانہ کاٹنے والا -
کلب الجبار - ع ایک ستارہ کا نام ہے جو کلب یعنی کتے کی شکل پر ہے -
کلباد - ف ایک تورانی پہلوان کا نام ہے جو فریبرز بن کاوس کے ہاتھ سے قتل ہوا -
کلبتان - کلبتین - ف سنڈاسی - لوہا گرم پکڑنے کا اوزار - زنبور -
کلبترہ - ف نادر - عجیب - بیہودہ - بیجے
کلب عوا - ع بہت بھونکنے والا کتا - منازل قمر سے ایک منزل ہے جس میں چار ستارے بھونکتے کتوں کی طرح ہیں -
کلب - کلیب - ع کاٹنے والا کتا -
کلبہ - ع چھوٹا سا گھر تنگ و تاریک جیسے پنجابی میں کلی کہتے ہیں - حجرہ - دوکان -
کلبۂ تنگ و تاریک - ف بلیک ہول - وہ ۱۸ مربع فٹ کی کوٹھری جس میں نواب بنگالہ سراج الدولہ نے ۱۷۵۶ء انگریزوں کو سخت محبوس کر دیا تھا جس میں سے صرف ۲۳ آدمی بری حالت سے جانبر ہوئے تھے
کلبتان - ف - دیوث آدمی - بے غیرت - بے حیا - بھڑوا -

کلبتہ - ف سونٹا - دم کٹا - ہر شے ناقص کام کے قابل نہ رہا ہوا حیوان - غیر فصیح آدمی -
کلچ - ف مہتر کا ٹوکرا جس میں نجاست ڈال کر باہر لے جاتے ہیں - میل چرک - غرور - خودستائی - تکبر -
کلچ - ف روئی جس کے ٹکڑے کر دئے گئے ہوں - پشم کا بنا ہوا ایک قسم کا لباس ہے جو کشمیر سے لاتے ہیں -
کلچان - ف جہاں مہتر وغیرہ لوگ گندگی اور پلیدی پھینکتے ہیں - پنجابی اروڑی -
کلچنگ - ف سرطان - خرچنگ -
کلز - کلس - ع جنگلی انار کے درخت کی جڑ
کلس - ع چونہ -
کلس - ہ قبہ -
کلس - ف - دھنکی ہوئی روئی -
کلف - ع چھائیاں وہ داغ جو منہ پر پڑ جاتے ہیں - عشق -
کلف - ف منقار - چونچ -
کلفت - ف - درشت - گرانسخت - ناہموار -
کلفت - ع کدورت - تکلیف - رنج - سختی - مصیبت
کلک - ف - دنبے کی نرم پشم -
کلک - ف - نشتر - پچھنہ - شوم - نامبارک - بلا - بدبختی - دردسر -
کلک - ف - بغل - آغوش -
کلک - ہر ایک نے جو اندر سے خالی ہو - مجازاً قلم کا نیزہ -
کلک بر سر کسے بستن - ف کسی کے سر پہ بلا ڈالنا - اس کو تنگ کرنا -
کلک خشپ - ف مفلس - پریشان حال -
کلکلچ - ف لڑنے والا -
کلک در بنان افگندن - ف لکھنے کو تیار ہونا -

کِلک فرنگی - ف رول پنسل -
کَل کَل - ف بکواس - بیہودہ بکنا -
کُلکُم - ف گوپھیا - منجنیق - کھودنا - توس قزح -
کلکی - کلل - ف قلغی - جیغہ -
کَلِم - ع جمع کلمہ کی -
کَلْم - ع گھائل کرنا -
کَلِمات - ع جمع کلمہ کی -
کُلکُل - ف شور وغوغا - غُل غپاڑا -
کَلِمہ - ع لفظِ مفرد جو با معنے ہو بات اور
کلمہ شریف یعنی (لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ)
جو رکن اسلام ہے -
کَلِمۃُ الحق - ع سچی بات -
کَلَمْحِ البرق - ع چمکتی بجلی کی طرح بجلی
چمکنے کا وقت - بہت جلدی سے -
کَلَمْحِ البَصَر - ع آنکھ جھپکنے کی طرح
آنکھ جھپکنے کا وقت نہایت جلدی سے -
کُلُّ مَنْ حَفَرَ بِئْرًا لِاَخِیْہِ فَقَدْ وَقَعَ فِیْہِ -
جس شخص نے کنواں اپنے بھائی کے گرانے
کے واسطے کھودا آپ ہی اس میں گر مرا -
(چاہ کن را چاہ در پیش -
کُلُّ اِنَاءٍ یَتَرَشَّحُ بِمَا فِیْہِ - ع برتن سے
وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہوتا ہے - (سے
تراود آنچہ در آوند ہست -
**کُلُّ بَیْتٍ لَا یَدْخُلُہُ الضَّیْفُ لَا
یَدْخُلُہُ الْمَلَائِکَۃُ** - ع جس گھر میں مہمان
نہیں داخل ہوتے اس میں فرشتے نہیں آتے
کلمریغ - ف ایک قسم کی گدھی جس کا
سر گنج ہوتا ہے اور اس پر بال نہیں ہوتے
کُلٌّ مُیَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَہٗ - ع ہر شخص آسان
کیا گیا ہے اس چیز کے واسطے جو اس
کے لئے پیدا کی گئی ہے -

کُلَنبہ - ف کلیچہ جس میں حلوا اور مغز بادام بھرا ہوا
کلنجر - ف کالنجر جو ہندوستان میں
ایک مشہور قلعہ ہے -
کَلَنْد - ف کستی - پھاوڑا -
کلندر - کلندرہ - ف نا معقول آدمی
ناہموار آدمی - لکڑی کا کندہ جو دروازے کے
آگے آگے رکھ دیتے ہیں تاکہ کھل نہ سکے اور
کبھی مجرموں کے پاؤں پر باندھ دیتے ہیں -
کالنگ - ف ایک پرندہ ہے جسے کونج
کہتے ہیں -
کُلنگ - ف ایک آلہ کا نام ہے جس سے
دیوار یا زمین کھودتے ہیں -
کلنگاں - ف جمع کلنگ کی - کونجیں
کُلنگی - ف طامع - حریص - لالچی - ایک قسم کا
مرغا ہے نادر وہ شخص جو اپنی طرف نیشہ مارے -
کلہ - ف رخسارہ گال ہنسنے وقت منہ کے دونوں طرف -
کلو - ع ہندوستان میں ایک ملک پہاڑی ہے
جو پنجاب کے ضلع کانگڑہ میں ہے -
کُلُو - ف کلاں تر - محلہ کا رئیس -
کُلُوا - ع - امر کا صیغہ ہے
کُلُوب - ع لوہاروں کا ایک اوزار ہے
جس سے گرم لوہے کو پکڑ لیتے ہیں -
کُلُوب - ف بدن کا لبد -
کُلوخ - ف مٹی کا ڈھیلا - پنجابی ڈھیم -
کلوخ انداز ف ڈھیلا مارنے والا - وہ
سوراخ جو قلعہ کی دیوار میں دشمن پر ڈھیلے
اور پتھر وغیرہ مارنے کے لئے بنا رکھتے ہیں -
اب انہیں سوراخوں میں سے بندوقیں مارا
کرتے ہیں - گوپھیا -
کلوخ برلب زدن و مہر نہادن - ف کسی
امر کو چھپا رکھنا اپنے کئے سے منکر ہو جانا اپنے

کئے کام سے اپنے آپ کو الگ ظاہر کرنا -
کلوخ خشک برلب مالیدن - ف
راز کا پوشیدہ رکھنا -
کلوخ در آب انداختن - ف لڑائی
جھگڑے کا طالب ہونا -
کلوخ راہ - ف مانع - حائل - روک - آڑ -
کلوخ کوب - ف موگری -
کلوک - ف بے ادب - بے حیا -
کُلُوم - ع جمع کلم - جراحتیں -
کلوز - کلوزہ - ف روئی کا ٹینٹ جو
پھٹ گیا ہو اور اس سے روئی نکل چکی ہو
کُلّہ - ف ٹوپی - تاج - مخفف کلاہ کا
آلت تناسل - جماع کی حرکت -
کَلّہ - ف سر کھوپڑی - گزا ہنی سیتے
وقت کپڑے سے ایک دفعہ سوئی کا نیچے
اوپر لانا - بخیہ کرنا - دیگدان -
کِلّہ - ف چھوٹے سے خیمے کی مانند کھیول
اور مچھروں سے مامن میں رہنے کیو اسطے
باریک کپڑے کی ایک چیز بنا لیا کرتے ہیں چھوٹا
سا خیمہ چھپر کٹ - مسہری - سائبان -
کلہ انداختن و برانداختن - ف دیکھو کلاہ انداختن
کلہ بر کلہ کسے زدن - ف برابری کا دعویدار ہونا
کلہ خشک - ف دیوانہ - سودائی -
کلہ خضرا - ف آسمان -
کلہ دار - ف بادشاہ جبار متکبر سرکش
کلہ دارہ - ف بادشاہی - سرکشی -
کِلّۂ دخانی - ف آسمان - ابر سیاہ - اندھیری رات
کلہری - ف گلہری -
کلہ زدہ - ف تکیہ اور سائبان - لگایا ہوا تخت
کلہ سائلی - ف بدبختی - کافر لوگ کنوؤں کا بھوت -
کُلّہ گوشہ بر آسمان - ف عظمت - مرتبہ -

کلہ گوشہ ملک - ف بادشاہ -
کلہ مشکین - ف زلف - کاکل -
کلہ قند - ف مصری کا کوزہ -
کلہ منار - ع بہ اضافت مقلوبی یعنی
منار کلہ چوروں اور لٹیروں اور دشمنوں
کے بہت سے سر جدا اوپر تلے چن دیتے ہیں -
تاکہ اوروں کو عبرت حاصل ہو -
کلہ نیلوفری - ف آسمان -
کُلّی - ع جس کے مفہوم میں بہت سے افراد
شامل ہیں جیسے انسان جہان - عہدنا کا الٹ جزئی
کُلی - ف دیہاتی - ایک قسم کی مچھلی اور ایک
قسم کا ساز ہے - ایک بیماری بھی ہے -
کِلیات - ف سبجی - کلمہ -
کُلّیات - ع جمع ہے کلی کی -
کُلّیاتِ خمس - ع پانچ کلی جن میں سے
اول جنس ہے وہ وہ کلی ہے جس کا اطلاق
امور مختلفۃ الحقائق پر ہو - جیسے حیوان کا اطلاق
گھوڑے - اونٹ - انسان وغیرہ پر - دوسرے
نوع اور وہ وہ کلی ہے جس کا اطلاق امور
متفقۃ الحقیقت پر جو تعداد میں مختلف ہوں یا
ہوتا ہو - یعنی اپنے افراد کی تمام ماہیت ہو
جیسے انسان کہ زید - عمر - بکر - خالد وغیرہ پر
اطلاق کیا جاتا ہے - اور یہ سب حیوان ناطق
کی حقیقت میں متفق ہیں - گو کہ عوارض
معینہ سے ان میں فرق ہے تیسری فصل
کہ جزو مساوی ماہیت باعث تمیز نوع
کا ہو مشارکات سے جیسے لفظِ ناطق کہ
اس کے سبب سے انسان دیگر حیوانات سے
ممتاز ہوتا ہے - یہ تینوں کلی ذاتی کہلاتی
ہیں چوتھی خاصہ - اور وہ وہ کلی ہے کہ ایک ہی
حقیقت سے مخصوص ہو - جیسے ضاحک

بہ نسبت انسان کے - پانچویں عرض عام اور وہ وہ کلی ہے کہ درمیان حقیقت یا زیادہ کے مشترک ہو - جیسے رماشی چلنے والا کہ درمیان انسان اور دیگر حیوانات کے مشترک ہے حیوان دونو پچھلی کلی کو عرضی کہتے ہیں کیونکہ حقیقت افراد سے خارج ہیں
کلیادہ - ف بہو - اصم -
کلیچ - ف مشہور شکر پٹو ستا بیل چرک
کلیچ - ف تنور سے کر آگ میں پکی ہوئی روٹی - بڑی سی روغنی روٹی -
کلیچ - ف وہ گھوڑا جس کے دو پاؤں ٹیڑھے ہو گئے ہوں -
کلیچہ - ف لکڑی کی نالی -
کلیچہ - ف روغنی ٹکیا - چاند سورج سے مراد ہے
کلیچۂ سیم - چودھویں رات کا چاند -
کلیچہ شدن - ف اکٹھے ہونا - فراہم ہونا -
کلید - ف کنجی - تالی -
کلیدان - ف لکڑی کا کندہ جو چور اور گنہگاروں کے پاؤں پر باندھتے ہیں -
کلیدان - ف گلی کوچے اور باغیچے کے دروازے کھولنے اور بند کرنے کا آلہ - قفل -
کلید ایمان - **کلید بہشت** - ف کلمۂ شہادت
کلید گنج حکیم - ف بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے مراد ہے -
کلیر - ف زنبور - بھڑ -
کلیر دان - ف بھڑوں کا چھتا -
کلیزہ - ف پانی کا گھڑا -
کلیسہ - **کلیسا** - **کلیسیا** - یو متفرق قوموں سے نکلے ہوئے لوگوں کی جماعت نصاریٰ کا معبد - گرجا -
کلیک - ف تخم گل - اُلو جو منحوس پرند ہے

بھینگا احول - چھوٹی انگلی - خنصر -
کلیل - ع کند - سست - تھکا ہوا گنگ
کلیلہ - ف نام ایک گیدڑ کا ہے جس کا قصہ انوار سہیلی میں مندرج ہے -
کلیم - ع سخنگو - کلام کرنے والا - نجی حضرت موسیٰ ع کا لقب ہے
کلیم اللہ - ع لقب حضرت موسیٰ علیہ السلام کا کیونکہ انہوں نے خدا تعالیٰ سے کوہ طور پر کلام کیا تھا -
کلیم دست - ف مبارک ہاتھ والا پاکیزہ ہاتھ والا - جو نہایت عمدہ کام کرے -
کُلیہ - ع گردہ - ایک عضو اندرونی ہے -
کُلیّہ - ع کلی - سب - منطق کی اصطلاح میں ایسا مفہوم کہ اُس کا تصور اُس میں شرکت کے وقوع کو منع نہ کرے - جیسا کہ مفہوم انسان کا جو حیوان ناطق ہے زید عمر بکر وغیرہ پر صادق آتا ہے -
کلیتین - ع تثنیہ کُلیہ ہے -
کلیواژ - ف چیل -
کلیون - ف سات رنگ کا کپڑا -

کاف عربی مع میم

کم - ف تھوڑا - کمی - تباہی - نقصان - نادر - چھوڑ دینا -
کم - ع چند - کتنا - بہت - وہ چیز جو تقسیم کے قابل ہو - اور اُس کی مقدار وزن یا عدد یا پیمائش سے ہو سکے -
کم - ف عراق میں ایک ولایت ہے اُسے معرب کر کے قم کہتے ہیں - کوزہ کنیز کا درخت -
کم - ع آستین - بانہہ - اکمام جمع -
کم - ع غلاف شگوفہ - اکمام جمع -

کما - ع جیسا کہ -
کما - ف نان بائیوں کا رفیدہ جس پہ روٹی رکھ کر تنور میں لگاتے ہیں -
کما بیش - ف کم و بیش -
کُمات - ع جمع کمی کی - بہادر لوگ -
کماج - **کماچ** - ف ایک قسم کی روٹی ہے کوئلے اور انگاروں پر پکی ہوئی روٹی - خیمے کے ستون پر ایک چھوٹا سا گول تختہ ہوتا ہے
کما حقہٗ - ع جیسا چاہیے - جیسا اُس کا حق ہے - بہت ٹھیک -
کماد - ع ٹکور لگانا - کسی عضو کو کسی آگ پر سینک لی ہوئی چیز سے گرم کرنا -
کماریدن - ف تبسم کرنا -
کماس - **کماش** - ف تنگ چھوٹی اور تنگ گردن کا کوزہ - کی قسم ہے جو لکڑی اور مٹی سے بناتے ہیں - لکڑی کا کاسہ - فقیروں کا کشکول اور کم اندک -
کما فی السابق - ع جیسا کہ پہلے تھا - بدستور سابق -
کمال - ع تمام اور تمام ہونا - ایران کے دو شاعروں کا نام ہے جن میں سے ایک اصفہان اور دوسرا خجند کا باشندہ تھا کمال اصفہانی بلاکو کے قتل عام میں ۶۳۵ھ میں شہید ہوا - اور کمال خجندی جو ہر وقت عبادت اور ریاضت میں مشغول رہتا تھا ۸۰۳ھ میں فوت ہو کر تبریز میں دفن ہوا -
کمالات - ع جمع ہے کمال کی -
کمالہ - ف ایک قسم کا کم قیمت ریشم ہے -
کمالیت - ع کمال ہونا - کاملیت -
کمان - ف دھنک - تیر پھینکنے کا مشہور ہتھیار ہے - یہ لفظ مبدل خمان کا ہے جو خم (کجی)

اور آن (کلمۂ نسبت) سے مرکب ہے -
کمان انطاق بلند آویختن - ف کسی بڑے کام سے فخر کرنا -
کمان انداختن - **کمان افگندن** - ف کمان ہاتھ سے پھینک دینا - ہار جانا - عاجز و مغلوب ہونا -
کمان بزہ راست کردن - ف کمان کو چلہ چڑھا کر درست کرنا - تیر لگانے کو آمادہ ہونا
کمان بہمن - ف قوس قزح -
کمان جولہ - ف کمان رکھنے کی جگہ جسے عربی میں قربان کہتے ہیں -
کمانچہ - ف چھوٹی کمان - وہ کمان جس سے عورتیں روئی دھنک لیتی ہیں - بادشاہوں کے فرمانوں پر ایک شکل کھینچی جاتی ہے -
کمان حکمت - ف ایک قسم کی گوپھیا ہے جس سے تیر مارتے ہیں -
کمان دار - ف کمان رکھنے والا -
کمان بزہ کردن - ف کمان پر چلہ چڑھانا
کمان رستم - **کمان سام** - **کمان شیطان** - ف دھنک - قوس قزح -
کمان زنبوری - ف تفنگ - بندوق
کمان سادہ - ف سورج چاند -
کمان گردان - ف بختی اونٹ - ٹیڑھا پتلا جس پر گوشت بہت ہی کم ہو -
کمان فلک - ف برج قوس -
کمان گروہہ - **کمان قروہہ** - **کمان گرہہ** - ف غلیل -
کمان گردون - ف برج قوس - قوس قزح
کمان کسے کشیدن - ف مقابل ہونا - عہدہ سے بر آنا -
کمان کشادن - ف کمان پر چلہ چڑھانا

نیزاندازی کے لیئے مستعد ہونا۔ جنگ کے واسطے تیار اور آمادہ ہونا ۔
کمان کیانی ف وہ کمان جو شاہان کے سے منسوب ہے۔ نہایت عمدہ کمان ۔
کمان گیر ف وہ شخص جو فن تیراندازی میں کمال رکھتا ہو۔ آرش نام ایک ایرانی پہلوان کا لقب بھی ہے جو اس فن میں یکتا تھا ۔
کمانہ ف کمان۔ خراد کا پیالہ بنانے والا۔ کنواں کھودنے والا۔ ترکھانوں کی کمان جس سے برما کو ہلاتے ہیں ۔
کمانچہ ف بازوبند۔ تعویذ ۔
کماہی ع جیسا کہ وہ ہے۔ جیسا کہ چاہیئے
کماینبغی ع جیسا کہ چاہیے ۔
کم بخت ف کم نصیب ۔
کمتر ف بہت کم ۔
کمتر کس ف گھٹیل آدمی۔ کم رتبہ آدمی ۔
کمترین ف بہت ہی کم ۔
کمثرے ع امرود۔ جو ایک مشہور میوہ ہے ۔
کم چیزے گرفتن ف اس چیز کو بہت سمجھنا
کمخاب ف ایک قسم کا کپڑا ہے زریں تار سے بنا ہوا ۔
کمر ف پیٹھ۔ میان۔ پٹکا۔ ہر شے کا میانہ۔ بلندی ۔
کمرہ ف چاردیواری جس میں رات کے وقت چارپاؤں کو بند کر دیتے ہیں طاق بلند۔ دیوار بلند۔ زنار۔ جینو ۔
کمر آفتاب ف محور آفتاب۔ پہاڑ سے بھی مراد ہے ۔
کمر از میان کسے کشادن ف معزول کرنا۔ اسکو اسکے کام سے ہٹا دینا۔ روک دینا۔ باز رکھنا ۔
کمر باختن ف خوف وغم کے مارے بے طاقت ہو جانا ۔
کمر بر کمر۔ کمر در کمر ف متصل برابر برابر
کمر بر میان بستن۔ کمر بر میان زدن ف کمر پٹکا باندھنا ۔
کمر بستن ف کمر باندھنی۔ آمادہ اور تیار ہونا
کمر بستن آب ف پانی کا جم جانا۔ منجمد ہونا
کمر بستن در کارسے ف کسی کام کے لئے کمر باندھنی۔ کسی کام کیلئے آمادہ و تیار ہونا
کمر بستہ ف آمادہ اور تیار۔ مستعد۔ خادم۔ نوکر
کمر بکوہ انداختن ف لغو حرکت کرنی بیفائدہ کوشش کرنی ۔
کمر بند ف پٹکا۔ کمر باندھنے کی چیز۔ نوکر چاکر ۔
کمر تنگ بستن ف مضبوط کمر باندھنا مصمم ارادہ کرنا ۔
کمر دار ف خادم۔ نوکر۔ خدمتگار
کمر دول۔ کمر رستم ف قوس قزح ۔
کمر ساز ف گھوڑے کا تنگ ۔
کمر شکستن ف پیٹھ توڑنی۔ نومید کرنا پیٹھ ٹوٹنی۔ مایوس ہونا ۔
کمر کش ف بہادر آدمی۔ دلیر۔ پہلوان
کمر کشادن و کشودن از کارے ف اس کام کو ترک کرنا اُس کام سے ہٹ جانا
کمر کشیدن بر چیزے ف کسی مقصد میں کامیاب ہونے کی امید پر کمر باندھ لینا اُس شے کے حصول کے واسطے مصمم ارادہ کرنا
کمر کوہ ف پہاڑ کا بیچ کا حصہ۔ میانہ کوہ سورج۔ چوتھا آسمان۔ جہاں حضرت عیسےٰ علیہ السلام ہیں بیت المعمور ۔
کمر و خدمت ف کند و سدت
کمرہائے زر ف سنہری پٹکے۔ کمر بند زریں ۔
کم زبان ف جو ہر حکم بجا لائے۔ کبھی کچھ عذر نہ کرے۔ کم بولنے والا ۔
کم زدہ چند ف کافردن اور منافقوں سے مراد ہے ۔
کم زن ف فضول خرچ۔ مسرف۔ آوارہ سرگشتہ۔ بے پرواہ۔ کم ہمت۔ بدنصیب مدبر۔ صاحب تدبیر۔ وہ شخص جو اپنے آپ کو اور اپنے کمالات کو بڑا نہ سمجھے ۔
کم سال ف چھوٹی عمر کا۔ خرد سال
کم عیار ف وہ روپیہ جو کم قیمت پر چلے
کمشت ف ایک قسم کا کم قیمت جو ہر ہے کنایۃً۔ بد اصل۔ نادان ۔
کم فرصتی ف فرصت کم ہونی۔ موقع ڈھونڈنا۔ قابو طلبی ۔
کمک ف مدد۔ اعانت۔ مددگار فوج
کم کاسہ ف بخیل۔ کم ہمت۔ ناقص ۔
کم گرفتن ف چھوڑ دینا۔ ان ہوا سمجھنا ۔
کم کم ف کنوئیں اور نقب کھودنے کی آواز جسے کم کم نقاب کہتے ہیں۔ سدوپے گننے کی آواز جسے کم کم آفتاب بولتے ہیں زعفران اور جلتی ریگ کے معنے میں بھی آیا ہے ۔
کم کم ف آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ ۔
کمکیان ف جمع کمکی کی۔ مددگار لوگ معاون لوگ ۔
کملہ ف احمق۔ نادان۔ بے سمجھ ۔
کملی ف کمبلی۔ فقیروں کے پہننے کا اونی کپڑا جو بہت سخت اور کم قیمت ہوتا ہے
کمم ف کشمیر میں ایک تالاب ہے ۔
کمند ف اصل میں خم بند۔ دخم دہد خم والی تھا۔ معنی مشہور ہیں۔ پھندا ۔
کمند بکوہ انداختن ف بیفائدہ کوشش کرنی۔ لغو حرکت کرنی ۔
کمند حلقہ کردن ف شکار یا پیکار کے لئے تیار اور آمادہ ہونا ۔
کمند وحدت ف ریشم وغیرہ کی ایک رسی ہوتی ہے جسے فقیر اور صوفی لوگ مراقبے کے وقت کمر اور زانو میں ڈال کر بیٹھتے ہیں
کموں ع زیرہ ۔
کمہ ع مادرزاد اندھا ۔
کمی ف کمی اور مخفف کمیں کا ۔
کمی ع سپاہی۔ دلاور۔ دلیر۔ ہتھیار بند
کمیاب ف جو بہت ہی کم مل سکے ۔
کمیت ع چندگی۔ کتنا ہونا۔ مقدار ۔ مقدار اُس چیز کی جو تولی جائے یا ناپی جائے۔ یا گنی جائے ۔
کمیت ع سیاہی مائل سرخ رنگ اور سیاہ دم اور یال والا گھوڑا۔ عرب کے ایک شاعر کا نام بھی ہے۔ شراب سرخ ۔
کمیت نشاط ف شراب ارغوانی ۔
کمیچہ ف کمانچہ جو ایک مشہور ساز ہے ۔ چھوٹی کمان ۔
کرم شب تاب ف جگنو ۔
کمیز۔ کمیزہ ف پیشاب۔ بول ۔
کمیزدان ف مونث کی پھکنی پیشاب کا پھندہ
کمین ع گھات میں بیٹھنا۔ کسی جگہ دشمن یا شکار کے مارنے کو چھپ کر بیٹھنا۔ گھات کی جگہ۔ گھات ۔
کمیں ف کم۔ تھوڑا ۔

کمین گاہ ف گھات کی جگہ ٭
کمین کردن ف گھات لگانا۔ دشمن یا شکار کے لئے گھات میں بیٹھنا ٭
کمینہ ف کم رتبہ۔ ہیچ۔ فرومایہ ٭

کاف عربی مع نون معجمہ

کُن ع ہو جا۔ ہو۔ وجود میں آجا ٭
کُن ف کرنے والا۔ کُون کا مخفف بھی ہے۔ جسکے معنی دُبر مقعد کے ہیں
کِن ع پردہ۔ پوشش ٭
کِن ف پیچھے۔ پس۔ عقب ٭
کِن ف بخیہ ٭
کَن ف کھود۔ کھودنے والا ٭
کُنا ف ارض۔ زمین۔ کیاری ٭
کُنابد ف ایک مقام ہے۔ جہاں افراسیاب کے لشکر سے کیخسرو کے لشکر کا مقابلہ ہوا تھا۔ اور اسمیں افراسیاب کا وزیر پیران ویسہ مع بہت سے ہمراہیوں کے گودرز وزیر کیخسرو کے ہاتھ سے مارا گیا ٭
کناد ف کرسے ٭
کِنار ف بغل۔ جدائی ٭
کَنار ف کنارہ۔ گوشہ۔ طرف۔ بغل کیسہ باہر۔ بیرون۔ جُدا۔ جدائی ٭
کُنار۔ کُنارہ ف بیری جو ایک درخت ہے اور اسکا پھل
کنار جستن و گرفتن ف الگ ہو گیا
کنار خشک داشتن ف مفلس اور تہیدست ہونا
کُنارنگ ف مرکب ہے کُنا (بمعنی زمین) اور رنگ (بمعنی خداوند۔ مالک) سے مرزبان زمین کا مالک۔ والی۔ حاکم۔ کوتوال نیز بلند کمان ٭
کنارہ ف گوشہ۔ طرف لو ہے کا کانٹا ٭

کنارہ گرفتن ف کنارہ پکڑنا۔ الگ ہو جانا
کنارُ ف کھجور کا خوشہ اور چھڑا ٭
کناس ع خاک روب۔ حلالخور۔ چوہڑا
کُناسہ ع کرگٹ ٭
کُناع ف ریشم کا کپڑا۔ تار خواہ ریشم کی ہو۔ خواہ مکڑی کے جالے کی۔ خواہ تاگے کی۔ طرف۔ کنارہ ٭
کُناک ف پیچش۔ درد شکم ٭
کُنام ف حیوانات کی آرامگاہ۔ پرندوں کا گھونسلا۔ جنگل۔ چراگاہ ٭
کَنان۔ کنا ف کنہ۔ پرانا ٭
کِنان ع پوشش۔ پوشاک۔ لباس
کنانہ ع ترکش۔ تیردان ٭
کنانہ ع ایک شخص کا نام ہے ٭
کنایس ع جمع کنیسہ کی۔ گرجے۔ مندر
کنایہ۔ کنایت ع پوشیدہ طور پر بات کہنی۔ تصریح کو چھوڑ دینا۔ سخن پوشیدہ مُراد اصطلاح علم بیان میں اس سے مُراد ہے۔ وہ لفظ کہ اُس کے معنی کا لازم ارادہ رکھیں پر ملزوم کا مُراد لینا بھی نا جائز ہو مجاز کے برخلاف کہ وہاں ملزوم مراد رکھنا ہرگز جائز نہیں ہوتا۔ اس میں اور استعارہ میں یہ فرق ہے کہ استعارہ میں ایک قرینہ مانع رہتا ہے جو لفظ کو اپنے اصلی معنوں سے ہٹا کرتا ہے۔ جو اس لفظ کے ملزوم (اصلی) معنی کو مُراد رکھنے سے روکتا ہے۔ اور کنایہ میں کوئی قرینہ صارفہ نہیں ہوا کرتا۔ جیسے استعارہ کی مثال رَأَیْتُ اَسَدًا یَرْمِیْ۔ دیکھا میں نے شیر کو تیر پھینک رہا تھا۔ میں یرمی (پھینک رہا تھا) قرینہ صارفہ ہے جو اسد کو اپنے حقیقی معنی میں (شیر) مستعمل نہیں ہونے دیتا ٭
کنایہ کی مثال حَیٌّ مُساوِی الْقَفا مِلْیَۃٌ عریض اللحیۃ طویل القفا (حیوان سیدھے قد والا، چوڑے ناخون والا) اگر انسان کو کہیں۔ تو اس میں کوئی قرینہ صارفہ نہیں جو اسکو اصلی معنی لینے سے روکے خواہ خون انسان سے مراد لے لو۔ خواہ حقیقی معنی میں رہنے دو۔ کیونکہ اگرچہ حیوان اور بھی ہیں۔ اور سیدھے قد والا انسان بن مانس بھی ہے۔ اور چوڑے ناخون ہاتھی کے بھی ہوتے ہیں۔ لیکن یہ سب اکٹھی صفتیں انسان کے سوا اور کسی میں نہیں پائے جاتیں خواہ ملزوم معنی مُراد رکھ لو۔ خواہ لازم معنی لے لو
کنایہ زدن ف پوشیدہ طور پر بات کہنی کنایہ آمیز گفتگو کرنی ٭
کَنَب ف ایک گھاس ہے۔ جس کی بان بٹتے ہیں۔ اور کاغذ بناتے ہیں۔ بعض کنان کی رسی کو کہتے ہیں جو بہت مضبوط ہوتی ہے بھنگ کے پتّے اور اس کا بیج ٭
کُنَب ع میل جو کام کرتے کرتے ہاتھ اور پاؤں پر بیٹھ جاتی ہے ٭
کَنَب ع ۲ ق ۴ ایک شہر ہے ٭
کَنْبت ف شہد کی مکھی ٭
کنبور بدن ف مکاری کرنا۔ فریب بنا حیلہ بازی کرنا
کَنَبہ ف کچی رسی ٭
کنبیدن ف کسی چیز کو کسی سے نکال لینا کھینچ لینا ٭
کنج ف احمق۔ خود نما۔ متکبر۔ خشک شدہ۔ دہی۔ باہر نکالا گیا ٭
کُنج ف کونا۔ گوشہ۔ شکن۔ سلوٹ۔ گھر کیطرح زمین میں کھودی ہوئی نقب

کنج۔ کنجر ف بڑا قوی ہیکل جنگی ہاتھی
کنجار۔ کنجارہ۔ کنجال۔ کنجالہ ف کھلی پنجابی کھل ٭
کُنج خلوت ف تنہائی کا گوشہ ٭
کُنج خلوت گزیدن ف گوشہ نشینی اختیار کرنی۔ خلقت سے کنارہ پکڑنا۔ تنہا نشینی
کُنجد ف تل۔ ایک قسم کا غلہ ہوتا ہے ٭
کُنجد مقشّر ف چھلکا اتارے ہوئے تل دھوئے ہوئے تل ٭
کنجر و پنجر ف چوہڑی ٭
کُنجشک ف چڑیا ٭
کنج کاوی ف تلاش۔ تجسس۔ غور ٭
کنج کنج ف چھوٹا۔ تھوڑا تھوڑا ٭
کُنجل ف وہ چیز جسمیں سلوٹ پڑ گئے ہوں ہاتھ اور پاؤں۔ جب اُنکی اُنگلیاں اکٹھی کرلی گئی ہوں۔ خمیری روٹی جو تنور سے گر کر آگ کی چنگاریوں پر پکی ہو ٭
کُنجلک ف سلوٹ خواہ قالین اور کپڑے پر ہو۔ خواہ منہ اور جسم پر ٭
کنج نیل ف دریائے نیل یعنی آسمان کا گوشہ۔ افق آسمان ٭
کنخت ف جوہر ٭
کَند ف دہ۔ گاؤں ٭
کَند ف شکر۔ قند۔ جراحت۔ ریش گریز۔ بھاگنا۔ ماوراء النہر میں کاشغر کی طرف پر ایک گاؤں ہے۔ جہاں کے بادام بہت عمدہ ہوتے ہیں ٭
کُند ف دلیر۔ پہلوان۔ دانا۔ حکیم۔ صندتیز کی۔ خصیہ۔ آلت تناسل ٭
کندا۔ کُندا ف حکیم فیلسوف۔ دانا منجم شجاع۔ دلیر پہلوان ایک نقاش اور مصور کا نام بھی

کُنداآگر۔ کُنداآور ف پہلوان۔ بہادر۔
بہادر۔ دانا۔ حکیم۔ سپہ سالار +
کُند پیر ف بوڑھی عورت +
کُندر ف شہر خراسان میں ایک شہر بھی تھا
کَندُر ف گیہوں اور روٹی رکھنے کا برتن
مٹی کا بنا ہُوا +
کُندُر ف مصطگی۔ یا اُس کے مشابہ کوئی
اور چیز ہے +
کُندُز ف جمشید کا آباد کیا ہُوا شہر۔ جو فریدوں
کا دارالخلافہ تھا +
کُندُز ف پرانا قلعہ۔ بالاخانہ۔ توران میں
فریدون کا آباد کیا ہُوا ایک شہر ہے جسے
اب سکند کہتے ہیں +
کُندش ف دُھنکی ہوئی روئی کا گولا
وہ آلہ جس سے دُھنیا دھنکی ہوئی روئی کا
گولا بناتا ہے +
کُند ذہن ف جس کا ذہن اچھا نہ ہو +
کُند شدن دنداں ف دانتوں کا کھٹائی
کھانے کے سبب کند ہو جانا +
کُند فہم ف جس کا فہم اچھا نہ ہو +
کُند گوش ف کم سننے والا۔ اونچا سننے والا
کُندلان ف خیمۂ کلاں جو بادشاہوں کے
دروازے کے سامنے کھڑا کرتے ہیں +
کَندن۔ کَندیدن ف کھودنا۔ بھاگنے
کے معنی میں بھی آتا ہے +
کَند۔ کَندِ ف گری ہوئی عمارت۔ اجڑا
ہُوا مکان +
کُندو ف مٹی کا بڑا ظرف جس میں غلہ ڈالتے
ہیں۔ پنجابی کڑولا +
کَندورہ۔ کَندوری ف سفرہ۔ دسترخوان
کَندو کو سیاہ ف پریشانی۔ بیزاری +

ویرانی۔ بربادی +
کُندہ ف خندق اسی کا معرب ہے +
کھائی۔ جنگل میں مسافروں کے لئے اور
دامن کوہ میں بھیڑوں کے لئے کھودی گئی ہیں
کُندہ ف ہر ایک بڑی موٹی لکڑی یہ
سوراخ دار بڑی سی لکڑی جس میں مجرم کے
پاؤں ڈال کر اُسے قید کر دیتے ہیں۔ ہندی
میں اُسے کاٹھ کہتے ہیں۔ بے ریش۔ قوی
بدن لڑکا غول بیابانی +
کُندۂ پا ف کاٹھ۔ دیکھو کندہ +
کُندۂ چہار بند ف دنیا +
کُندہ کار۔ کُندہ کر ف لکڑی پتھر سونے
یا کسی اور چیز میں بیل بوٹے کندہ کرنے والا
کُندہ کاری۔ کُندہ گری ف کندہ کار
کا کام
کُندہ شدن ف بند ہو جانا +
کُندہ کرن ف کشتی کا ایک داؤ ہے جس
میں اپنے پاؤں میں حریف کے پاؤں کو قابو
کر کے حریف کے سینے پر زور ڈالتے ہیں
کَندی ف کیوڑے کا پھول +
کُنز ع خزانہ۔ فقہ کی ایک مشہور کتاب کا نام بھی ہے
کُنشت ف آتش خانہ۔ آتش کدہ +
کُنش ف کردار۔ عمل۔ کام خواہ اچھا
ہو خواہ بُرا۔ کنشت کا مخفف بھی ہے +
کُنش۔ کُنشت ف آتش کدہ۔ یہودیوں
کا معبد۔ سوروں کے باندھنے کی جگہ۔ کام
کار +
کنعان ع حضرت نوح علیہ السلام کے
بیٹے کا نام ہے۔ جس نے کفر اختیار کر لیا تھا
اور نمرود کے باپ کا بھی نام ہے۔ ایک
ملک کا نام بھی ہے جسے فلسطین [illegible]

اور یہود اسے یہی کہتے ہیں۔ وہ شام کے جنوب
مغربی حصے ہے۔ حضرت یعقوب یعنی اسرائیل
بن اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام کا یہی مسکن
تھا۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام یہیں پیدا
ہوئے تھے۔ یہ ملک وسعت میں تنگ سا علاقہ
ہے۔ مذہبی مرکز ہونے کے باعث بڑا مشہور
ہے۔ مشہور شہر اس میں یہ ہیں۔ یروشلم
اس کا دارالخلافہ ہے۔ بیت اللحم یروشلم
سے چھ میل جنوب کی طرف حضرت مسیح علیہ السلام
کی جائے پیدائش ہے۔ ناصریہ یا ناصرہ
جہاں حضرت عیسٰے نے پرورش پائی۔ صیدا
(قدیم سیڈان)، صور (قدیم ٹایر) ہوکا یا عکو
گازا۔ یابن +
کُنج ف وہ میل جو آنکھ کے گوشے میں جمع
ہو جاتی ہے۔ چیپڑ۔ پنجابی گڈ +
کُنجال ف دوستوں کا چھپ کر دیکھنا +
کُنفالہ ف مانگنا۔ طلب کرنا۔ خواستگاری
اور بالخصوص کسی عورت سے نکاح کی خواہش
کرنا۔ منگنی۔ بدکار اور فاحشہ عورت
بخیل و ممسک۔ بدکاری۔ قحبگی۔ خراسان
میں اس نام کا ایک پہاڑ بھی ہے +
کَنَف ع جانب۔ کنارہ۔ پناہ +
کُن فکان ع ابتدائے آفرینش کے
وقت خدا نے تعالٰے نے ہر ایک شے
سے جو اُسے پیدا کرنی منظور تھی، مخاطب
ہو کر فرمایا تھا۔ کہ کُن یعنی ہو جا۔ وجود میں آ جا،
فکان۔ پس ہو گئی۔ وجود میں آ گئی۔
چونکہ ان لفظوں سے سارا عالم وجود میں
آیا ہے۔ اس لئے ان الفاظ سے تمام عالم
موجودات مراد لیتے ہیں +
کُن فیکون ع عالم موجودات +

کُنک۔ کُنگ۔ کُنگک ف ایک قسم کی
گھاس جس سے رسیاں بٹتے ہیں۔ ایک
گول چیز بھی ہے۔ جس کا سرکانا مشکل
کام ہے۔ بخیل اور ممسک آدمی کو بھی کہتے
ہیں اور بخیل کو +
کُنگ ف آدمی کی بانہہ۔ پرندہ جانور کے
بازو۔ درخت کی ٹہنی +
کُنگ ف ایک بندر کا نام ہے۔ موٹا اور
قوی ہیکل آدمی۔ خوشخرما کے بکنے کی
جگہ +
کُنگ ف بے ریش۔ قوی بدن لڑکا۔
بیحیا۔ بے شرم۔ خبیث۔ زبان آور +
کنکاج۔ کِنگاش۔ کنگش ف
صلاح۔ مشورہ کونسل +
کنکالہ ف کنگال +
کنگر ف ہندوستان کی ایک نبات
ہے جس کے پتوں کے کناروں پر کانٹے
ہوتے ہیں۔ اُس کو پکا کر کسی کے ساتھ
کھاتے ہیں۔ تو قوت باہ کو فائدہ ہوتا ہے
کنگریت ایک قسم کے فقیر ہیں۔ جو کہ سفید
کے شانے کی ہڈی اور اُس کا سینگ لے
کر انہیں ایک دوسرے پر مارتے اور
لوگوں کے گھروں سے مانگتے ہیں۔ اور
اگر کوئی انکو خیرات نہ دے تو کبھی اپنے
آپ کو کبھی اپنے کسی لڑکے کو چھری
مارتے ہیں۔ انگور کنگرہ۔ درخت کی ٹہنی
آگی ہوئی شاخ پھیلا +
کنگر۔ کنگرہ۔ کنگری ف دندانہ جو ایک
[illegible] ہے +
کنگرزد۔ کنگری ف کنار کی چیز جو سے
[illegible] ہے +

کنگر کندن ف بہت تکلیف اٹھا کر ایسا کام کرنا جس سے کچھ فایدہ نہ ہو ❖

کنگرہ ف ہر چیز کی بلندی۔ اور خصوصاً وہ گول سی چیز جو قلعوں اور دیواروں کے اوپر بناتے ہیں۔ اور جسے عربی میں شرفہ کہتے ہیں ❖

کن مکن ف حکومت امر و نہی متمرد آدمی باو چھا کم

کلنند ف کنواں کھودنے والوں اور کہاروں کا ایک آلہ ہے۔ جس سے زمین کھودتے ہیں۔ کسی جس کا سر ایٹر ھا ہو ❖

کلنندۂ درِ خیبر ف حضرت علی رضی کرم اللہ وجہ ❖

کنو۔ کنودان۔ کنودانہ ف بھنگ کا بیج

کنود ع ناشکری۔ ناسپاسی ❖

کنود ع ناسپاس۔ ناشکرا۔ ایسی زمین جس میں گھاس نہ اُگے ❖

کنور ف مٹی کا بڑا خم غلہ رکھنے کا۔ مکر و فریب۔ رعد۔ کڑک ❖

کنور بدن ف دھو کا دینا۔ فریب دینا

کنوز ع جمع کنز کی خزانے ❖

کنوزہ ف دھنکی ہوئی روئی ❖

کنوں ف اب۔ اس وقت ❖

کنوں ف کندو ❖

کنہ ع حقیقت۔ ماہیت۔ کسی چیز کا انتہا

کنہ ف پچھڑی ❖

کن ہزہ ف شطی۔ انگڑائی ❖

کنیت ف گنبد۔ گرد ❖

کنیت ع وہ نام جو ماں یا باپ یا بیٹے کی طرف نسبت کر کے بلائیں۔ جیسے ابوالحسن ابی بکر۔ اُم الکتاب۔ اُم القرا۔ ابن حاجب ابن السبیل۔ ابا ہریرہ وغیرہ فارسی میں کنیت کبھی مطلق لقب کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے ❖

کنیز۔ کنیزک ف لونڈی۔ باندی ❖

کنیسہ ع گرجا گھر۔ معبد۔ مندر ❖

کاف تازی مع واؤ مہملہ

کو ف عقلمند آدمی ❖

کو ف گلی۔ کوچہ۔ فراخ راہ۔ شاہ راہ

کو چہ شد۔ کجا شد۔ کہاں گیا۔ کیا ہوا ❖

کوادہ۔ کوارہ ف آشتان کی لکڑی ❖

کوار۔ کوارہ ف وہ ٹوکرا جس میں میوہ وانگور وغیرہ رکھ پیٹھ پر اُٹھائے لئے پھریں گندنا جو ایک ترکاری ہے۔ گرمی کے موسم میں رات کے وقت جو بادل ہوا میں چھا جاتا ہے ❖

کوارہ دان ف بھیڑ بکری اور گائے چرانے والا۔ چرواہا ❖

کواز۔ کوازہ ف تنگ اُس کی معنی لفظ کماس میں دیکھو۔ چھڑی جس سے گائے اور گدھے کو ہانکتے ہیں ❖

کواژ۔ کواژہ ف طعنہ۔ سرزنش مزاح

کواس۔ کواسہ۔ کورش۔ کورشت صفت۔ طرز۔ روش ❖

کواسمہ۔ کواسپہ۔ کواشمہ ف آسان سہل

کواشیر ف ایک جگہ کا نام ہے۔ جہاں سے کم قیمت فیروزہ لاتے ہیں ❖

کواعب ع جمع کاعب۔ اور کعاب کی کنواری عورتیں۔ نوجوان عورتیں جنکی ابھی چھاتی انار کی طرح اُبھری ہوئی ہو۔ زنان نارپستان۔ مصدر اس کا کعوب ہے ❖

کواکب ع جمع کوکب کی ستارے روشن

کواکب ثابتہ ع وہ ستارے جو سیارات کی طرح آفتاب کے گرد دورہ نہیں کرتے ایک ہی جگہ پر کھڑے اپنے محور کے گرد گھوم رہے ہیں ❖

کواکبِ سیارہ ع وہ ستارے جو آفتاب کے گرد مثل زمین کے دورہ کر رہے ہیں۔ اور وہ یہ ہیں۔ دلکن۔ عطارد زہرہ۔ زمین۔ مریخ۔ مشتری زحل۔ یورنیس نیپچن ❖

کواکب انجم ف بنات النعش ❖

کواکب مرصودہ ع ایک ہزار پچیس ستارے جنہیں اہل ہیئت نے قواعد رصد کے مطابق معلوم کر کے ۴۸ شکلوں میں منقسم کیا ہے۔ جنہیں بارہ منطقۃ البروج پر ہیں اور وہی دوازدہ برج کے نام سے مشہور ہیں۔ اور ۲۱ شکلیں اس سے شمال کی طرف اور ۱۵ جنوب کی طرف ہیں ❖

کوالیدن ف جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ❖ غلے کا اگنا۔ اور بڑھنا ❖

کوب ع کوزہ۔ جس کا دستہ نہ ہو اکواب جمع

کوب ف ضرب۔ صدمہ۔ چوٹ۔ آنکس پورے کی ایک قسم جسکا پٹھا نرم اور بہت گنجان ہو ❖

کوپ ف پہاڑ۔ کوہ۔

کوپارہ ف جانوروں کا گلہ ❖

کوپال ف گوپال۔ موٹی گردن ❖

کوپل ف شگوفہ

کوپلہ ف قبہ شادی کے دنوں بناتے ہیں۔ حباب۔ شگوفہ۔ صندوق کا آہنی قفل سر کے چوٹی کے بال۔ کلہ سر ❖

کوپلہ ف حوصلہ ❖

کوبن ف مطراق ❖

کوبہ ف موگری۔ ایک میٹھی گھاس بھی ہے۔ پانی کی سوج۔ ایک خاص قسم کا ڈھول ہے۔ مشک جسمیں دہی کو ملا کر گھی نکالتے ہیں

کوبیدن ف کوٹنا ❖

کوت ف سرین۔ چوتڑ ❖

کوت ہ قلعہ۔ کوٹ کا معرب ❖

کوتار ف کوچہ جس پر چھت ہو ❖

کوتاہ۔ کوتہ ف چھوٹا ❖

کوتاہ پا۔ کوتہ۔ کوتاہ پاچہ۔ کوتہ پاچہ گوزن کی شکل کا ایک جانور ہے۔ خرگوش کو بھی کہتے ہیں ❖

کوتاہ دست۔ کوتہ دست ف بے دسترس کم قوت۔ کم زور بے حوصلہ۔ کم ہمت

کوتاہ یا کوتہ شدنِ زبان ف خاموش ہونا۔ چپ ہونا ❖

کوتاہ نظر۔ کوتہ نظر ف ناعاقبت اندیش غافل۔ بخیل ❖

کوتاہی ف چھٹائی ❖

کوتاہی کردن ف کمی کرنا۔ قصور کرنا دریغ رکھنا ❖

کوتر ف کبوتر ❖

کوتل ف امیروں کی خاص سواری کا گھوڑا۔ خالی گھوڑا جو آرائش اور جلوس کے واسطے امیروں کی سواری کے ساتھ ساتھ چلے ❖

کوتل ہندوکش ف کوہ ہندوکش کی گھاٹی ❖

کوتنگ ف دھوبیوں کی موگری جس سے وہ کپڑوں کو کوٹتے ہیں مدقہ ❖

کوتوال ف اس لفظ میں اختلاف ہے

بعضے کہتے ہیں۔ کہ اصل میں کوتوال تھا
یعنی محافظ قلعہ۔ اور بعضے کہتے ہیں۔ کہ
کوتہ وال یعنی مالک کوتہ کا۔ کوتہ ان بندوقوں
کو کہتے ہیں۔ جو اکٹھی کرکے کوتوالی میں رکھ
دیتے ہیں۔ بہر تقدیر۔ یہ لفظ ہندی ہے
کوتہ پال ف کوتہ قد جزائر چین میں سے
کسی جزیرے کے آدمی جو بہت پست
قامت ہوتے ہیں۔ عنبر لاتے اور لوہا لے
جاتے ہیں ۔
کوتہ اندیش ف ناعاقبت اندیش ۔
کوتہ نظر ف کم نظر۔ ناعاقبت اندیش۔
غافل۔ بخیل۔ ممسک ۔
کوثر ع بہت۔ بہشت کی ایک نہر کا نام
ہے۔ جس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید
اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے۔ جو کوئی ایک
بار پیئے ساری عمر پیاس نہ لگے۔ اس کا
پانی ایک حوض میں بھرتا ہے۔ جس میں
ایک سنہری اور دو روپہلی دو پرنالے ہیں۔
حوض چوکنا ہے جسکی ایک طرف کی لمبائی
دو مہینے کی مسافت کے برابر ہے۔ اور اس
کے چاروں طرف روپہلی اور سنہری تختوں
کے فرش ہیں۔ کناروں پر ایک ایک
موتی کے اندر سے خالی بنگلے بنے ہوئے
ہیں اس حوض میں بے شمار روپہلی سنہری
آبخورے تیرتے رہتے ہیں۔ نبی آخر الزمان
علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وہ حوض قیامت
کے دن عطا ہوگا۔ اور آپ اپنے دست
مبارک سے امت کو اس میں سے
آبخورے بھر بھر کر پانی پلائیں گے پھر کبھی
کسی کو پیاس نہ لگیگی ۔
کوچ ف کوچ کرنا۔ روانہ ہونا ۔

کوچ ف احول۔ بھینگا۔ کنبہ۔ اہل
و عیال گھر بار خصوصاً بیوی جورو۔ کوچ
کرنا۔ روانہ ہونا۔ لو۔ پیادہ۔ رہزن
اوباش۔ بنگالہ اور خطا کے درمیان
ایک ولایت کا نام بھی ہے ۔
کوچانیدن ف کوچ کروانا۔ اٹھا دینا
کوچ بکوچ ف پے در پے جانا۔ روا رو جانا
کوچ دادن۔ کوچ کردن ف
کوچ کرنا۔ روانہ ہونا۔ چل دینا۔ بھاگ جانا
کوچک ف چھوٹا ۔
کوچک ابدال ف سب سے عمر میں چھوٹا
کوچک دل ف نازک دل۔ خوش خلق
کوچ گاہ ف کوچ کرنے کی جگہ۔ کوچ کرنے
کا وقت ۔
کوچ و بلوچ ف کرمان کے نواح
میں ایک قوم بستی ہے۔ جس کا کام ہی
خونریزی اور لڑائی ہے۔ بعض کہتے ہیں
کہ صفاہان اور کرمان کے درمیان ایک مقام ہے
کوچہ ف گلی۔ تنگ راہ ۔
کوچہ باستان۔ کوچہ خطر ف دنیا۔ جہان
کوچہ بند ف محفوظ۔ وہ کوچہ جس کے
دونو طرف یا اگر ایک ہی طرف ہو تو ایک دروازہ لگا ہو
کوچہ خموشان ف قبرستان ۔
کوچہ دادن ف راہ دینا ۔
کوچہ سلامت ف ایک قسم کی نقب یا
خندق قلعہ کے نیچے کھود لیتے ہیں جس میں
سے سپاہ دشمن کے قریب جا پہنچتی ہے ۔
کوچہ فتادن ف مسافر ہونا ۔
کوچہ لو ف کنجڑوں کا محلہ ۔
کوچہ یافتن ف کوچے کا رستہ پا لینا ۔
کوچیدن ف کوچ کرنا۔ روانہ ہونا ۔

کورخ ف جھونپڑا۔ ایک گھاس ہے۔
جس سے بوریئے بناتے ہیں۔ گھر جس میں
روشن دان نہ ہو۔ کرم۔ آنکھ کی میل۔
جو اس کے کونے میں جمع ہو جاتی ہے ۔
کورد ف غائط۔ گوہ۔ کھاد۔ کھلیان
مجموعہ ضد۔ پراگندہ ۔
کوواب ف دوشاب ۔
کودک ف لڑکا بچہ۔ کم عمر غلام ۔
کودک مزاج۔ کودک منش ف بچپن
کی سی مزاج والا۔ طفلانہ مزاج ۔
کودن ع ٹٹو جس پر پالان رکھ کر بوجھ
ڈالیں۔ احمق۔ کند ذہن۔ جس کا فہم
اچھا نہ ہو۔ کمینہ۔ فرومایہ۔ وہ گھوڑا جو
تیز رفتار نہ ہو۔ مٹھا گھوڑا ۔
کور ف کبر۔ ایک دوائی کا نام بھی ہے ۔
کور ف ایسی زمین جس میں ٹیلے اور گڑھے
بہت ہوں۔ اور وہاں کھیتی نہ ہو سکے ۔
کور ع جمع کورہ ۔
کور ع پگڑی کا پیچ اور اسکی افزونی ۔
کور ف اندھا ۔
کوراب ف بہت پیاسا جو تھوڑا پانی پیئے سیر
کورابین ف سعدل ۔
کور باطن۔ کور فہم ف کند ذہن کج طبع
کور بخت ف بد نصیب۔ بدبخت ۔
کور دل ف کند ذہن۔ بیوقوف ۔
کوردی۔ کوردیں ف پشمینے کا کپڑا۔
گلیم و پلاس ۔
کورت ف دیکھتا ہے ۔
کورس۔ کورس ف کھنگر۔ پاٹ۔ بال
چرک۔ میل ۔
کور۔ کور ف میل ۔

کورگان ف گورگان ۔
کورگہ ف نقارہ ۔
کور مغزی ف اندھا مادر زاد ۔
کور موش ف چھچھوندر ۔
کور میخ ف لکڑی کی میخ جس کا سر چوڑا
ہوتا ہے۔ اور گھوڑوں کے طویلے
میں کام آتی ہے ۔
کورنش ف جھک کر سلام کرنا۔ آداب
بجا لانا۔ اسکا صحیح تلفظ کرنش ہے ۔
کورنشات ف فارسی والوں نے کورنش
کی جمع عربی کے طور پر بنائی ہے ۔
کورنمک ف نمک حرام آدمی ۔
کورہ ف سیلاب۔ ایسی زمین۔ جس
پر سیلاب آکر کیچڑ ہو گئی ہو اور جا بجا گڑھے پڑ گئے ہوں
کورہ ف بھٹی۔ انگیٹھی۔ کمہاروں کا آوا
کورہ کے دو دیگر معنی میں بھی آیا ہے ۔
ولایت فارس کے پانچ حصے کئے ہیں
ان میں سے ہر ایک حصے کا نام کورہ ہے۔ اور
ان کے نام یہ ہیں۔ آردشیر۔ استخر۔ داراب
شاپور۔ قبادہ ۔
کورہ ع شہر۔ قصبہ ۔
کورہ۔ کپڑا یا برتن جو ابھی پہلی دفعہ بھی
نہ دھویا گیا ہو ۔
کورہ تابان کیمیا ف سپہر منجم اور رمال
لوگ ۔
کوری ف اندھاپن۔ جیسے بجواب لفظ ہے
کوری چشم فلان ف بزعم فلان ۔
کوژ ف کبڑا۔ جھکا ہوا۔ خمیدہ۔ آسمان ۔
کوزہ ع کوزہ۔ برتن دستہ دار ۔
کوژ پشت۔ کوژہ پشت ف کبڑا۔
جس کی پیٹھ ٹیڑھی ہو گئی ہو۔ آسمان سے

بھی مراد ہے ۔
کوزرف جو یا گیہوں کا خوشہ جو کھلیاں کے گاہتے وقت اچھی طرح کوٹا نہ گیا ہو۔ پھر دوبارہ کوٹ کر اُس سے دانے نکالیں عربی میں اُسے قصامہ۔ قصالہ کہتے ہیں ۔
کُوزہ ع دستے والا برتن۔ نسرین کے مشابہ سفید رنگ کا ایک پھول بھی ہے
کُوزۂ قمار ف قمار بازوں کو اُدھار دینے والے کا کوزہ۔ جس میں وہ قرض کے روپے واپس لیکر ڈالتا رہتا ہے ۔
کُوزہ گر ف کمہار ۔
کُوزۂ نبات مصری کا کوزہ جس میں مصری کا شیرہ جماتے ہیں ۔
کوزی ف حوض۔ تالاب ۔
کوس ف نقارہ کلاں۔ صدمہ۔ صف لشکر۔ فوج کی قطار۔ کپڑے یا گدڑی کا گوشہ جو اور کونوں سے لمبا ہو۔ ایک شاہ شطرنج کے مشابہ ایک کھیل بھی ہے ۔
کوسان ف ایک بنسلی بجانیوالے کا نام ہے۔ ماژندران میں ایک گاؤں ہے ۔
کوس بر سبل بستن ف جنگ کو تیار ہونا
کوس بر کشیدن ف نقارہ بجانا۔ جنگ کے لیئے آمادہ ہونا۔ کوچ کرنا ۔
کوستن ف بروزن و معنی کوفتن ۔
کوسج معرب کوسہ کا ۔
کوس چہر سے بلند ساختن شہرت دینا
کوس خوردن ف آسیب پہنچنا چوٹ آنا
کوس زدن ف نقارہ بجانا۔ جنگ کے لئے تیار ہونا۔ کوچ کا نقارہ بجانا۔ دنیا سے رخصت کرنا ۔
کوس زدن باکسے ف کسی کے ساتھ برابری کا دعوےٰ کرنا ۔
کوس صبح ف صبح کا آوازہ۔ ابھرات کی نوبت ۔
کوس فرد کوفتن ف نقارہ بجانا۔ لڑائی کا نقارہ بجانا۔ جنگ کے لیئے مستعد ہونا۔ کوچ کرنا ۔
کوسہ ف کھوسہ۔ وہ شخص جسکی ڈاڑھی جوانی پر بھی نہ نکلے پنجابی کھودا ۔
کوش ف کوشش۔ سعی۔ کوشش کر کوشش کرنے والا فارسی مہینہ کا ۲ تقاول
کوشا۔ کوشان ف کوشش کرنے والا ساعی۔ لڑائی میں کوشش کرنیوالا ۔
کوشاب ف دوشاب ۔
کوشاسب ف خواب۔ نیند۔ احتلام سوتے میں منی کا نکلنا۔ کابوس بے ریش امرد ۔
کوشش ف سعی جہد۔ جنگ جدل
کوشک ف کوچک۔ چھوٹے قد کا آدمی
کوشک ف محل۔ بلند مکان ۔
کوشیار ف ایک گیلانی حکیم کا نام ہے فارس کے ایک نامی گرامی حکیم اور منجم کا نام بھی ہے۔ جس کی کنیت ابوالحسن تھی شیخ ابو علی سینا نے اُسکی شاگردی کی تھی
کوشیدن ف کوشش کرنا ۔
کوغ ف اندھا ۔
کُوف ف اُلو۔ اُس کی دو قسمیں ہیں چھوٹے کو جغد۔ بڑے کو بوم کہتے ہیں ۔
کوفت ف کوٹنا۔ اور یہ اصل مصدر کوفتن کا۔ صدمہ۔ ضرب ۔
کوفتن ف کوٹنا ۔
کوفتہ ف آسیب رسیدہ۔ صدمہ اٹھائے ہوئے۔ محنت اور سفر کے باعث تھکا ہوا۔ قیمہ کیئے ہوئے گوشت کے گولے بناکر جو پکاتے ہیں احمق بے وقوف ۔
کوفتہ بریاں ف ایک کھانا ہے جو قیمہ میں مصالح ڈالکر گھی میں بھون کر شکے کے ساتھ کھاتے ہیں ۔
کوفتہ حال ف بدحال۔ تباہ حال ۔
کوفتہ خاطر ف رنجیدہ خاطر۔ خفا ۔
کوفج ف کرمان کے پہاڑوں میں ایک قوم ہے ۔
کوفجاں ف قفص۔ کوفج ۔
کوفشانہ ف جولاہا۔ بافندہ ۔
کوفہ ف عراق عرب میں ایک مشہور شہر نجف کے پاس بسا ہوا بحر الپٹ گیا
کوک ف کاہو۔ بخیہ۔ کمانی لگاتے وقت اوزاروں کا اکٹھا اٹھانا ۔
کوک اونچی آواز صدائے بلند۔ کمان
کوکا ف غوغا۔ قمر۔ چاند۔
کوکان ف دھوبیوں کا سامان
کوکب ع ستارہ۔ روشن ۔
کوکبہ ع ستارہ۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ جماعت مجازاً کروفر شکوہ۔ حشمت۔ شان و شوکت اور ایک اونچی نمدار لکڑی ہوتی ہے۔ جس کے سر پر صیقل کی ہوئی فولادی گیند لگا کر بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے لے چلتے ہیں
کُوک شدن ف موافق ہونا ۔
کُوک کردن ف موافق کرنا۔ اوزار اور ساز کا دوسرے ساز کے ساتھ ملانا ۔
کُوکلتاش ت برادر رضاعی۔ دو بچوں نے جو ایک دایہ کا دودھ پیا ہو۔ ایک دوسرے کا گوکلتاش کہلاتا ہے ۔
کوکلہ ف ہدہد۔ مرغ سلیمان ۔
کوکن۔ کلنگ۔ کوکوہ۔ کول ف الو ادھ پکے اناج کے بھنے ہوئے دانے ملک ہند میں دکن کے جنوب مغرب کو ایک ملک ہے جسے کوکان کہتے ہیں ۔
کوکنار ف غلاف خشخاش پنجابی پوست کا ڈوڈا ۔
کوکو ف فاختہ کی آواز۔ انڈا۔ ایک قسم کا پلاؤ۔ اور ایک قسم کا کھانا ہے جو مرغی کے انڈے سے بناتے ہیں ۔
کوکہ ت دودھ شریک بھائی۔ انّا کا بیٹا ۔
کول۔ کولاب ف حوض۔ تالاب اور کولاب بدخشان میں ایک شہر بھی ہے
کول ف پوستین جو بڑی بکری کی کھال سے بنائی جائے گلیم کہنہ ۔
کولم ف فلفل سیاہ ۔
کُولنج ف قولنج جو ایک بیماری کا نام ہے آتشدان۔ انگیٹھی ۔
کولنگ ف خُنثیٰ ۔
کولہ ف وہ گڑھا جس میں شکاری چھپ کر بیٹھتے ہیں۔ احمق۔ بیوقوف۔ حرام زادہ خارپشت کلان مخرد ۔
کولیدن ف زمین کا کھودنا ۔
کُون ف مقعد۔ دُبر ۔
کَون ع ہونا۔ ہوجانا۔ ہستی۔ دنیا ۔
کُون ف ایک قسم کا بید ہے۔ جس پر پھل نہیں لگتا۔ محنت ۔
کُون۔ کَون ف عاشورہ کے دن ہزاروں آدمیوں کا مجمع محنت ۔
کُون جنبان ف رقاص۔ ناچنے والا۔

ستوہ

کون خاریدن ف پشیمان ہونا پچھتانا ندامت اٹھانا +

کون خر ف احمق آدمی بے تمیز بے شعور

کوننده۔ کوند ف کون +

کون و فساد ع موجود ہونا۔ اور تباہ ہو جانا ہو کر بگڑ جانا۔ علم کون و فساد علم کیمیا +

کونیان ف نبید۔ نوم +

کونین ع دنیا اور دین۔ یہ جہان اور وہ دوسرا جہان +

کونیہ ع منسوب بہ کوں +

کوہ ف پہاڑ +

کوۃ روزن خانہ +

کوہ ف روٹی خشخاش کا ڈوڈا ریشم کا کویا

کوہ ابراہیم ف ولایت کرمان میں ایک پہاڑ کا نام ہے +

کوہ اخضر ف کوہ قاف +

کوہ اسد ف ایک آتش فشاں پہاڑ ہے جسمیں سے ہمیشہ آگ نکلتی رہتی ہے +

کوہان ف کندھا ابھرا ہوا +

کوہان ثور ف گائے کی کوہان۔ پروین ثریا +

کوہ پارہ ف پہاڑ کا کوئی ٹکڑا۔ گھوڑے سے بھی مراد ہے +

کوہ پایہ ف پہاڑ کے نیچے کی زمین دامن کوہ۔ کوہستان۔ مجازاً قلعہ +

کوہ پر کوہ ف ایک قسم کا عنبر ہے +

کوہ پشت ف کوزپشت

کوہ تیغ ف بہت سی تلواریں مجازاً آفتاب کی کرنیں۔ بہت سی روشنی +

کوہ جگر ف پُر حوصلہ آدمی شجاع دلیر +

کوہ جلیل ف اُس پہاڑ کا نام ہے جسپر نوح علیہ السلام کا گھر تھا۔ اور طوفان کا پانی پہلے وہیں سے نکلا تھا +

کوہ جودی ف کوہ اراراٹ جس پر حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی بعد طوفان کے ٹھیری تھی +

کوہچہ ف ٹیلا۔ اُبھری ہوئی زمین +

کوہ رحمت ف جبل الرحمت۔ مکہ معظمہ کے پاس ایک پہاڑ ہے +

کوہ رواں۔ کوہ رونده ف گھوڑے اور ہاتھی سے مراد ہے +

کوہ زمرّد ف محال شے +

کوہسار ف پہاڑی جگہ +

کوہستان ف پہاڑی جگہ۔ پہاڑ

کوہ سلیمان ف پنجاب اور افغانستان کے درمیان ایک پہاڑ ہے +

کوہ سنج ف پہاڑ کے برابر وزن رکھنے والی کوئی شے۔ بے اندازہ۔ بے حد و حساب

کوہ طور یا سیناہ ع عرب کے شمال مغرب میں ایک پہاڑ ہے۔ جس پر حضرت موسےٰ علیہ السلام خدا سے ہمکلام ہوئے۔ اور دس احکام شرعی یہودیوں کی ہدایت کے واسطے لائے +

کوہ طارس ف ایشیائی روم میں اس کے مغرب کی طرف ایک پہاڑ ہے +

کوہ قاف ف ایک مشہور پہاڑ کا نام ہے جو ٹرٹینس کا کیشیا (حصہ ایشیائی روس کے شمال کی طرف واقعہ ہے۔ اگلے لوگوں کا یہ خیال تھا۔ کہ یہ پہاڑ دنیا کے چاروں طرف محیط ہے۔ اور عالم کے گرداگرد اس کو گھیرے ہوئے ہے چنانچہ شعرا قاف تا قاف سے سارا عالم مراد لیتے تھے۔ لیکن اس کا باعث صرف علم جغرافیہ سے ناواقفیت تھی۔ فارسی شعرا نے کوہ قاف کو دور تک پھیلتا ہوا دیکھ کر اور اس کی آخری حد کو نہ پاکر ایسا خیال کیا ہوگا۔ کہ شاید یہ ساری دنیا کو گھیرے ہوئے ہے۔ لیکن اب یہ خیال غلط نکلا۔

کوہ کوب ف اونٹ اور گھوڑے سے مراد ہے۔ فرہاد شیریں کا عاشق +

کوہکن ف شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب ہے۔ جس سے شیریں کے وصال کا وعدہ دیکر خسرو پرویز نے پہاڑ میں راستہ کھدوایا تھا +

کوہ ماراں ف کشمیر میں ایک ٹیلہ ہے

کوہ معروق ف روم کے صوبہ ارمینا میں ایک سیاہ رنگ کا پہاڑ ہے +

کوہ ہلال ف سندھ کے مغرب میں ایک پہاڑ ہے۔ مکے کے راہ میں بھی اس نام کا ایک پہاڑ ہے +

کوہ ہمالیہ۔ کوہ ہمالہ ف اس کو ہمال اور ہمادری بھی کہتے ہیں۔ ہندوستان کے شمال میں مشرق سے مغرب تک چلا گیا ہے۔ اس کا طول دو ہزار میل اور عرض چار سو میل ہے۔ یہ پہاڑ دنیا کے سب پہاڑوں سے اونچا ہے۔ چنانچہ اس کی سب سے بڑی چوٹی ایورسٹ ۲۹۰۰۲ فیٹ بلند ہے یہ پہاڑ ہمیشہ برف سے مستور رہتا ہے +

کوہ ہندوکش ف یہ پہاڑ ترکستان اور افغانستان کے درمیان واقع ہے +

کوہہ ف آمدگی ہر چیز کی۔ آبیمار لگائے اور اونٹ کا ابھرا ہوا کندھا۔ مجازاً انسان کا کندھا۔ بلندی۔ حملہ۔ نمائشگری

کوہہ آب ف پانی کی بڑی موج +

کوہہ آسمان ف آسمان کی بلندی +

کوہہ بر زدن ف ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا اُبھرنا +

کوہہ گرفتہ ف جن گرفتہ۔ وہ شخص جس کو سائے کی بیماری ہو +

کوہی ف پہاڑی پہاڑ کا رہنے والا +

کوے ف گلی۔ کوچہ۔ محلہ۔ گھر۔

کویچہ ف چھوٹا سارا ستہ +

کویر ف شورہ زار۔ اور بے آب زمین۔ سراب ایسی زمین جسپر مینہ برسنے کے بعد بہت آمدورفت ہوئی ہو۔ اور وہ زمین خشک ہو کر آمدورفت کے قابل نہ رہی ہو شیر زبان

کویسنن ف اناج کا کوٹنا +

کوے ہفتاد راہ ف دنیا +

کاف تازی مع ہائے ہوز

کہ ف جو۔ کون۔ کیونکہ۔ اور +

کہ ف کہتر۔ ادنےٰ۔ چھوٹا گھٹیل +

کہ ف مخفف کوہ کا +

کہ ف مخفف کاہ کا +

کہاف شرمندہ۔ منفعل +

کہاہ ف گھاس یا کوئی دوا جو اُبال کر ورم پر باندھیں +

کہارہ ہندوں کی ایک ادنے درجے کی قوم ہے۔ جو پالکی اور ڈولی وغیرہ اُٹھاتے ہیں۔ فارسی والے ہا کو مشدد پڑھتے ہیں +
کہان ف جمع کہہ کی۔ کہتران۔ ادنے لوگ۔ کم رتبہ کے آدمی۔ عاجز اور ناتوان لوگ +
کہان ف جہان۔ دنیا۔ مخفف کیہان۔ جس کے معنی جہاں کے ہیں +
کہانت ع غیب کی بات بتلانا۔ فال گوئی۔ مقتدائے دین ہونا +
کہب ف ننگ وعار +
کہبد ف زاہد۔ عابد۔ گوشہ نشین۔ دہقان تحصیلدار۔ خزانچی۔ صراف۔ دلال +
کہبل۔ کہبلہ ف بے عقل۔ احمق +
کہپیک ف قوی ہیکل۔ ہاتھی اور گھوڑا +
کہتاب ف کباب +
کہتر ف چھوٹا۔ ادنے۔ کٹیل +
کہ چہ ف جب دو نواکٹھے آتے ہیں۔ کہ اُسکے معنی "کہو واسطے۔ کیونکر ہوتے ہیں
کہرت ف کیت گھوڑے اور خچر کا رنگ
کہربا ف کاہ ربا۔ گھاس کو اٹھا لینے والا زرد رنگ کا مہرہ ہوتا ہے۔ جس کی خاصیت یہ ہے کہ اگر چمڑے یا ریشم سے گھسکر اُسے تھوڑے فاصلے سے گھاس کے تنکے کے سامنے رکھیں۔ تو وہ گھاس کا تنکا جھٹ کھینچ کر مہرہ سے آلگتا ہے +
کہربا رنگ زرد رنگ۔ کہربا کی خاصیت کی شے۔ اٹھانے والا۔ یکدست +
کہربا گون ف کہربا کے رنگ کا زرد رنگ
کہربائی ف منسوب بہ کہربا +
کہسک ف احمق۔ نادان +

کہرم ف ایک تورانی پہلوان کا نام ہے
کہسار ف کوہسار +
کہشت ف بخصر +
کہستان ف کوہستان۔ قہستان جو ایک ولایت ہے +
کہسنہ ف پانی کا بھرا ہوا پیالہ۔ کوزہ
کہف ع پناہ غار۔ گڑھا +
کہکاہی ف فقیروں کی ٹوپی +
کہکشان ف کشان۔ اور وہ لمبا سا سفید خط آسمان پر ہے جو رات کو راہ کے مشابہ نظر آتا ہے۔ در حقیقت میں وہ نہایت باریک باریک ستاروں کے رجو بہت ہی دور ہونے کے سبب صرف چھوٹے چھوٹے نقطے نظر آتے ہیں) ملکر بنا ہے اور کہکشاں اُسے اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ اس طرح معلوم ہوتا ہے۔ جیسے کوئی شخص لمبے لمبے گھاس کو کسی رسی سے باندھکر ریتلی زمین پر گھسیٹتا ہوا چلا جائے اور اُس سے زمین پر اس طرح کی لکیروں کے نشان پڑجائیں +
کہکوب ف کوہ کوب +
کہل ع مرد میانہ سال۔ یعنی نہ جوان نہ بوڑھا۔ ادھیڑ۔ پنجابی۔ ادھکھڑا +
کہلم ف بادنجان۔ بینگن +
کہنام ف زروسیم کے رنگ سے +
کہن۔ کہنہ ف پرانا +
کہن خرابا شدہ ف دنیا +
کہن دز ف بدخشان میں ایک قلعہ ہے جسے قندز کہتے ہیں +
کہن دیر ف آسمان۔ دنیا۔ جہاں +
کہنشر ف انگڑائی +

کہن سال ف بوڑھا +
کہن فرش ف زمین +
کہن کیسہ ف جو قدیم الایام سے دولتمند ہو جو پرانا مالدار ہو۔ بخلاف نو کیسہ کے جس کو یکایک دولت مل جائے +
کہن گرگ ف دنیا۔ آسمان +
کہن لنگ ف وہ شخص یا وہ چیز جو ایسی جگہ ہو جہاں سے نکل نہ سکے۔ جو مدت دراز سے لنگڑا ہو +
کہنہ سوار ف پہلوانوں کا سرگروہ کشتی گیروں کے استاد کا نائب +
کہنہ عمل ف سکار۔ حیلہ گر۔ تجربہ کار آزمودہ کار +
کہول ع ادھیڑ آدمی +
کہولت ع میانہ سال ہونا۔ ادھیڑ ہونا
کہی ف ایک خاص فوج ہوتی ہے۔ جو ادھر اودھر جا کر لشکر کے واسطے دانہ گھاس اور لکڑیاں وغیرہ لاتی ہے +
کہیں۔ کہینہ ف سب سے چھوٹا۔ نہایت چھوٹا

کاف تازی مع یائے تحتانی

کے ف کب۔ کس وقت۔ شہنشاہ۔ مہاراج۔ جو بادشاہ اپنے زمانہ کے سب بادشاہوں پر غالب اور فائق ہو۔ بادشاہ بلند قدر۔ اور یہ معنی کیوان سے لئے گئے ہیں۔ جو نہایت اونچا ستارہ ہے عناصر اربعہ میں سے کوئی ایک عنصر پاکیزہ ولطیف۔ اصیل۔ نجیب +
کے ع داغ جو ہاتھ پاؤں وغیرہ پر دیں نشان
کیا ف بڑا بادشاہ۔ زمیندار۔ پہلوان صاحب خداوند۔ دہقان۔ طبائع یعنی برودت حرارت رطوبت یبوست۔ عناصر اربعہ میں سے کوئی ایک عنصر۔ پاکیزہ ولطیف۔ سریانی میں بمعنی مصطگی۔ سندر فم +
کیا چور ف عاقل۔ فاضل۔ دانا +
کیا خرہ۔ کیا خورہ ف اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں کو دیا ہوا نور جس کے سبب کوئی بادشاہ ہو جاتا ہے۔ کوئی رئیس۔ کوئی صالح
کیاد ع مکار۔ حیلہ گر۔ بڑا دغا باز +
کیادہ ف رسوا۔ خوار +
کیار ف کاہلی۔ سستی +
کیارات کلفت۔ کھانے پینے کی حد سے زیادہ خواہش ہونی۔ جیسے کہ اکثر حاملہ عورتوں کو ہوتی ہے +
کیارش ف کے قباد کے ایک لڑکے کا نام
کے اریس ف کے قباد کے ایک اور لڑکے کا نام ہے +
کیا رنگ ف پاکیزہ اور لطیف رنگ سفید
کیا زند ف بزرگ بادشاہ +
کیاست ع دانائی۔ زیرکی +
کیاغ ف گھاس +
کیا کین ف مخالف۔ درشت۔ دناہور
کیال ع ناپنے والا۔ کسی چیز کو پیمانے سے ناپنے والا +
کیان ف جمع کے کی۔ بادشاہان عظیم الشان اور وہ چار بڑے بڑے بادشاہ ایران کے جن کے نام کے اول "کے" کا لفظ ہے یعنی کے قباد کے کاؤس کے خسرو کے لہراسپ +
کیان ف ایک ستون پر کھڑا ہوا خیمہ جسے گنبذی بھی کہتے ہیں۔ ستارہ کوکب۔ مرکز دائرہ

کیانا ف طبائع اربعہ۔ ہر چیز کی اصل اور بنا۔ مرزبان۔ زمیندار ✽

کیانی ف منسوب بہ کیان۔ جو جمع کئی کی ہے۔ شاہان کے والی کوئی شے شاہان کے کے لائق کوئی چیز ✽

کیپات گوسپند کی انتڑیوں کو صاف کرکے اسمیں قیمہ چنے کی دال چاول اور مصالح ڈالکر گھی میں بھونکر جو طعام بناتے ہیں ✽

کے پشین ف کیقباد کے ایک بیٹے کا نام ہے ✽

کیبیدن ف ایک طرف جانا۔ ایک جگہ سے چلا جانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا ✽

کیت موذیت ع ابسا ذلیل چنان چنیں

کیچ ف پراگندہ۔ پریشان۔ سیستان میں ایک شہر اور ایک ولایت ہے۔ تھوڑا چھوٹا آہستہ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا بھی ہے ✽

کیچ کوچہ ✽

کیخ ف آنکھوں کے گوشے کی میل۔ ہاتھ پاؤں کی میل ✽

کیخسرو ف ایران کے مشہور بادشاہ کا نام ہے۔ جو کیکاؤس کے بعد تخت نشین ہوا یہ سیاوش کا بیٹا تھا۔ جسے اس کے باپ کے مارے جانے کی خبر پا کر کیکاؤس نے اپنے پاس بلا لیا تھا اور اپنا ولیعہد مقرر کیا اس نے بادشاہ ہوکر افراسیاب پر فتح پائی۔ اور وہ مارا گیا۔ ایران کے ✽ کیانی بادشاہوں میں سب سے زیادہ شاندار تھا۔ اس کے لفظی معنی بادشاہ عالی جاہ۔ امام عادل کے ہیں

کید ع مکر و فریب۔ عورت کا حائض ہونا

کید ف ہندوستان کا ایک راجہ تھا جس کی بیٹی سکندر کے نکاح میں آئی

کیدپا ف بروع کے بادشاہ نوشابہ کا نام ہے ✽

کیدرخ ف رحل جس پر قرآن شریف رکھکر پڑھتے ہیں ✽

کید قاطع ف ایک منحوس و بدار ستارہ ہے جو عمر کو گھٹانے والا ہے ✽

کیر ف آلت۔ مرد کے پیشاب کرنے کا عضو ✽

کیرو ف حفظ۔ آگاہ ہائی کرنا۔ ذہن میں آئی ہوئی بات کا حاصل ہونا ✽

کیر کاشی ف کاشان میں ایک کیر کی شکل کی چیز بناتے ہیں۔ جو چھپٹی باز عورتیں کام میں لاتی ہیں ✽

کیریاں ف فدا۔ قربان ✽

کیز ف نمد لبد ✽

کیس ف سلوٹ۔ شکن چین ✽

کیس ع تو برہ۔ خریطہ۔ ہمیانی ✽

کیس ع زیرکی۔ دانائی۔ عقلمند ہونا ✽

کیس ع زیرک۔ دانا۔ عقلمند ✽

کیسان ع حیلہ۔ سگالش مختار بن ابی عبید کا لقب بھی ہے ✽

کیست ف کون ہے۔ کلمہ استفہام کا

کیس فدا وہ شخص جو شکست کھانے کے وقت نقدی کے کیسے پھینک کر بھاگ جائے تاکہ دشمن زر کے حاصل کرنے میں مشغول رہے۔ اور اس کا تعاقب نہ کرے ✽

کیسہ ف تھیلی ✽

کیسہ از چیزے دوختن ف اس چیز کا مالک ہونا۔ اس شے پر قبضہ کرنا ✽

کیسہ بر چیزے دوختن ف اس چیز سے فائدے کی امید رکھنا ✽

کیسہ بصابون زدن۔ کیسہ پاک انداختن ف کیسہ خالی کرنا۔ خرچ کرنا

کیسہ وار ف وہ شخص جو ارزانی میں چیزیں خرید کر اپنے پاس رکھے اور گرانی کے وقت بیچ ڈالے ✽

کیسہ دوختن ف امید رکھنی ✽

کیسہ صورت کشادن ف اپنی اصلی صورت کو چھوڑ کر اس سے ذرا اچھی صورت اختیار کرنا ✽

کیش ف خو۔ عادت۔ دین۔ مذہب ترکش۔ نیروان۔ خلیج فارس میں ایک جزیرہ ہے۔ جس کا دورہ ۱۲ میل ہے چونکہ وہ اونچے مقام پر سے ترکش کی شکل کا نظر آتا ہے۔ اسواسطے اسکا یہ نام رکھا گیا پرندوں کا پر خصوصاً وہ پر جو تیر پر لگاتے ہیں۔ ایک جانور کا نام بھی ہے جس کے چمڑے کی پوستینیں بنتی ہیں۔ شاہ شطرنج کو کشت دینا۔ پرندوں کو اڑانے کی آواز ✽

کیغ ف بیمار آنکھوں کی میل۔ گیڈ۔ وہ شخص جس کی آنکھیں دکھتی ہوں ✽

کیغباد ف کیقباد۔ اس کے لفظی معنی عادل ہیں ✽

کیف ع چگونہ۔ کیونکر۔ اصطلاح میں وہ عرض جو بذاتہ تقسیم قبول نہ کرے ✽ فارسی والے بمعنی حالت نشہ و مستی بھی استعمال کرتے ہیں ✽

کیفال ف رند۔ گلیوں میں پھرنے والا آدمی۔ بدمست۔ پھکڑ ✽

کیفداں ف نشے اور معجون کا ڈبہ ✽

کیفر ف سزا۔ برے کام کا بدلہ۔ بدی کا عوض۔ پاداش۔ دہی بیچنے والوں کا ایک برتن ہے۔ جس میں وہ دہی رکھتے ہیں۔ ہر برتن جس میں دہی رکھی جائے ایک قلعہ کا نام بھی ہے۔ جس کو اس میں کسی طلسم ہونے کی وجہ سے کوئی فتح نہیں کر سکتا۔ پتھر جو قلعے کے کنگرے پر اس لئے رکھا جاتا ہے کہ جب موقع ہو دشمن کو مار ہیں۔ ندامت و پشیمانی پانی کی نہر یا نالہ محنت درد رنج ✽

کیف ما اتفق ع جس طرح پر کہ اتفاق پڑا ✽

کیف ما یتفق ع جس طرح اتفاق پڑے

کیف و کم ع کیسا اور کتنا۔ کیف کے معنی کیف میں اور کم کے معنی کم میں دیکھو

کیفیت ع چگونگی۔ حالت اور وضع جو کسی شے میں ہو۔ فارسی والے مستی اور اس حالت کو بھی جو نشہ پینے کے سبب عاید ہو۔ کیفیت میں اور تخفیف بھی استعمال کرتے ہیں ✽

کیقباد ف کے بمعنی عادل، اور قباد دمبدل غباد بمعنی برحق، سے مرکب ہے عادل برحق۔ ایران کے کیانی بادشاہوں میں سب کا پہلا بادشاہ جو زال نے تخت نشین کیا۔ اور وہ ۱۰۰ برس تک حکومت کرتا رہا دہلی کے غلام بادشاہوں میں سب کے آخری بادشاہ کا نام بھی ہے جو بلبن کا پوتا تھا اور جلال الدین فیروز خلجی نے اسے قتل کیا

امیر خسرو کا ممدوح ہے۔ اور قران السعدین میں اسی بادشاہ اور اس کے باپ بغراخان شاہ بنگالہ کے حالات درج ہیں ۔

کیک ف پِسّو ۔ برغوث ۔ جس کی عمر پانچ دن سے زیادہ نہیں ہوتی ۔

کیک ف آدمی ۔ آنکھ کی پتلی ۔

کیک ف ایک میوے کا نام ہے آبی رنگ کا گھوڑا ۔ بلی ۔ گربہ ۔

کیکاؤس ف ایران کے مشہور بادشاہ کا نام ہے ۔ جو اپنی ساری عمر افراسیاب سے لڑتا رہا ۔ رستم اسکا ایک جرار پہلوان تھا اس لفظ کا لفظی ترجمہ عادل نجیب ہے کیونکہ کے ۔ یعنی عادل ۔ اور کاؤس یعنی اصیل و نجیب ہے ۔

کیک بر گریبان بودن ف بے قرار ہونا ۔

کیک در پارچہ پارہ و شلوار افگندن بیقرار کرنا ۔

کیک در شلوار یا موزہ افتادن ف بیقرار ہونا ۔

کیل ع پیمانہ ۔ تولنا ۔ آنکنا ۔ اناج وغیرہ کا کسی پیمانہ سے ۔

کیل ف خمیدہ ۔ ٹیڑھا ۔ آرزومند خواہش والا ۔ گدڑی پوش ۔

کیلاس ف ہندوستان کا ایک شہر ہے ۔ جہاں شاکی منی گوتم بدھ بانی بودھ مذہب پیدا ہوا تھا ۔

کیلوس ی پکا ہوا ۔ پختہ ۔ غذا کا پہلا طبخ جو معدہ میں ہوتا ہے ۔

کیلوکھری ف دہلی کے پاس ایک گاؤں ہے ۔ جہاں ہمایوں کا مقبرہ ہے ۔ کیقباد غلام بادشاہ یہیں رہتا تھا ۔

کیلہ مشہور میوہ ہے ۔

کیلہ ف غلے وغیرہ کے ناپنے کا پیمانہ ۔

کے لہراسپ ف ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے ۔ جو کیخسرو کے بعد تخت نشین ہوا ۔

کیمخت ف گورخر وغیرہ کا چمڑا جو خاص طرح پر دباغت کر کے کام میں لاتے ہیں ۔

کیمخت باہ ف آسمان ۔

کیموس ی غذا کی اس صورت کا نام ہے جو جگر میں دوسرا طبخ کھانے سے ہوتی ہے ۔

کیمیا ع مکر و حیلہ ۔ سیمیا ہی چشم اصطلاح میں روح اور نفس اجساد وناقصہ کو ملاکر کمال کے مرتبے پر پہونچانا ۔ یعنی رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنانا ۔ اور چونکہ یہ امر خالی مکر و فریب سے نہیں ہے ۔ کیونکہ یہ سب عنصر ہیں اور عنصر کا حالت اور خواص بدل کر اور دوسری شکل بالکل متغایر اختیار کر کر پھر عنصر رہنا محال اور صرف ایک خیال ہے اس واسطے اس کو کیمیا کہتے ہیں ۔ ایشائی قوموں میں اب تک یہ خیال لوگوں کے دلوں میں جگہ پکڑے ہوئے ہے ۔ کہ دنیا میں اکسیر بھی کچھ شئے ہے ۔ جو رانگ کو چاندی ۔ اور تانبے کو سونا بنا دیتی ہے ۔ لیکن جنون نے علم کیمسٹری یا علم کیمیا جس میں مادہ کے اُن خواص سے بحث ہوتی ہے جو اندرونی ترکیبوں سے متعلق ہیں، کے میدان میں قدم رکھا ہے ۔ وہ اس کو صرف ایک خیال اور بالکل باطل سمجھتے ہیں اور انہیں ایک اور کیمیا ایسی ہاتھ لگ گئی ہے ۔ جس سے ہزاروں لاکھوں روپے آئے دن کماتے ہیں ۔ فارسی میں پیر و مرشد کامل کی نظر اور عشق کو کیمیا اور عشقبازی کو کیمیا گری کہتے ہیں ۔ اور زر خالص کو بھی کیمیا کہتے ہیں ۔

کیمیا ساز ف کیمیا بنانے والا ۔ منحوس ۔

کیمیا گر ف کیمیا بنانے والا ۔ منحوس ۔ فریب کرنے والا ۔ مکار فریبی ۔

کیمیائے جاں ف شراب ۔

کین ع عورت کے فرج کا اندرونی گوشت ۔

کین ۔ کینہ ف بغض ۔ عداوت دشمنی ۔ قصاص ۔ انتقام ۔

کنیال ف شراب خور ۔ بدمست ۔

کین ایرج ف ایک لحن اور نوا کا نام ہے ۔

کین توز ف کینہ کش ۔ کینے والا ۔ بدی کی تلافی کرنے والا ۔ کینہ توز ۔

کین خواہ ف بدلہ لینے والا ۔ بدلہ لینا

کین سیاوش ف علم موسیقی میں ایک لحن کا نام ہے ۔

کینونت ع ہونا ۔ آفرینش ۔ پیدائش

کینہ توز ف بدلہ لینے والا ۔ کینہ ور

کینہ دار ف کینہ ور ۔

کینہ کش ف جو شخص دشمنی رکھتا ہو

کینہ کوش ف بدلہ لینے والا ۔ کینہ خواہ

کینہ ور ف بہر کینے والا ۔ دشمنی دل میں رکھنے والا ۔

کیوان ف زحل ستارہ جو ساتویں آسمان پر ہے اور مجازاً ساتویں آسمان کو بھی کہتے ہیں ۔

کیو ۔ کیود ف مادہ ۔ سبب ۔ علت ۔

کئوس ع کاس کی جمع ہے ۔ پیالے ۔

کیوس ف ناراست ۔ کج ۔

کیوس ف ایک جزیرے کا نام ہے جہاں وامق کی معشوقہ عذرا بیچی گئی تھی نوشیرواں کے بھائی کا نام بھی ہے ۔

کیومرث مب کیو مرث کا جو کیو (یعنی زمین) اور مرث (سردار) پیشوا سے مرکب ہے ۔ یعنی سردار زمین ۔ جہان کا بادشاہ ۔ ایران کے سب سے پہلے بادشاہ کا نام ہے ۔ جو غالباً دنیا میں سب سے پہلا بادشاہ ہے ۔

کیہان ف جہان ۔ زمانہ ۔ دنیا ۔

کیہان خدیو ف گیہان خدیو ۔

باب کاف فارسی

کاف فارسی مع الف

گا ف باے الصاق اور حرف ربط کا ترجمہ ہے اور مفعولیت کے معنی میں بھی آتا ہے +
گابارہ ف پہاڑ کی غار یا کھو۔ گلہ گاؤ
گاخوارہ ف گہوارہ +
گادن ف جماع کرنا +
گار ف یہ ہمیشہ اسما کے آخر میں آتا ہے۔ کبھی بمعنی کرنے والے کے جیسے ستمگار گنہگار خدمتگار اور کبھی بمعنی لائق کے جیسے سنگسار پتھر سے چھپنے کے لائق اور کبھی سبب کے معنی میں آتا ہے جیسے روزگار سبب روز و شب اور یادگار سبب کسی کے یاد آنے کا +
گاری ف ناپدار شے +
گاز ف ایک قسم کی قینچی گلگیر شمع اور سفوس گھاس کا گیاہ۔ علف۔ دانت ہونٹ یا کسی اور عضو کو چبانا سوچنہ لینا پہاڑ کی غار اور کھو۔ پہاڑ پر بنا ہوا صومعہ +
گازر ف دھوبی +
گازرک ف مولا صعوہ +
گازرگاہ ف نام ایک مقام کا ہے ہرات میں جہاں خواجہ عبداللہ انصاری مدفون ہیں اور نام ایک مقام کا شیراز میں جہاں بلبل شیراز حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمت مدفون ہیں
گازروار ف نام ایک داؤ کشتی کا ہے جسے ہندی میں دھوبی پاٹ کہتے ہیں +
گازہ ف جھونپڑا۔ کھوپڑا۔ جو کھیت میں بنا ہو گھات کی جگہ پہاڑ پر بنا ہوا صومعہ +
گازی ف کیوڑہ کا پھول +
گاژ ف جگہ مقام +
گاس ف ہر سیال شے شل ہو کے جو اپنا حجم و شکل دونو بدل سکے گاس کہلاتی ہے جیسے آکسیجن ہائیڈروجن نیٹروجن کلورین وغیرہ
گاشت ف پھرا۔ چلا۔ ماضی گاشتن کی
گاشتن ف پھرنا پھرانا +
گاف ف بیہودہ باتیں۔ بکواس حد سے زیادہ بڑھ جانا شگاف کا مخفف بھی ہے +
گال ف چیزہ یکنگی مشغولی۔ تکرزیب زیبا دور امید گیدڑ شغال۔ ایک قسم کی گاڑی ہے جسے عربی میں انیلا کہتے ہیں عروس مہ گو جو گوسفند کے پاؤں لگ کر وہیں خشک ہو گیا ہو ہندی میں رنسا یورپ کے ایک مشہور ملک کا نام جسے اب فرانس کہتے ہیں
گالہ ف گالہ پنبہ یعنی روئی دھاوہ جوال کوئن چھٹ
گام ف قدم۔ پیر وہ مسافت جو چلتے وقت دونو پاؤں کے بیچ میں رہے گھوڑے کی لگام سست رفتار گھوڑا گاؤں +
گام بر گرفتن ف قدم اٹھانا۔ رستہ چلنا
گام شمردہ رفتن ف احتیاط سے چلنا
گان ف لائق سزاوار۔ ظالم بادشاہ اسم کی جمع کے واسطے اس صورت میں جبکہ اسم کے آخر ہاے مختفی ہو +
گانہ ف حروف زائدہ میں سے ہے جو تکرار کے واسطے عددوں کے بعد آتا ہے +
گاو ف گائے۔ بھینس۔ مجازاً احمق بیل کوس کا فاصلہ جو نو یا بارہ ہزار گز کا ہوتا ہے پہلوان۔ دلیر۔
گاواب ف کائی جامہ غوک +
گاوارہ ف مخفف گاہوارہ گہوارہ گابول کا
گاو آہن ف پھال +
گاو پرواری ف گھر کا پلا ہوا بیل موٹا تازہ بیل جو بڑی عمدہ عمدہ غذاؤں سے پلا ہو دیکھو پروار +
گاو پشت ف آسمان +
گاو پیشہ ف دنیا۔ زمانہ +
گاو پیکر۔ گاو چہر۔ گاو رنگ
گاو سار۔ گاو سر ف گائے کی شکل کا گائے کی طرح کا۔ فریدوں کی گرز کا نام ہے جس کے اوپر گائے کا کلہ دونے کا بنا ہوا تھا
گاو تازی ف دشمن کو ڈرانے کے لئے اپنی بہادری اور غضب جتلانا +
گاو تکیہ ف بڑا تکیہ امیروں کا جس سے مسند پر بیٹھ کر سہارا لگاتے ہیں +
گاو در خرمن کردن ف خراب تباہ کرنا
گاو دل ف احمق بے شعور +
گاو دم ف کرنائے۔ بگل۔ نفیری ہر مخروطی شے جو ایک طرف سے موٹی اور دوسری طرف سے پتلی ہو جیسے گاو کی دم ہوتی ہے +
گاو دنبال ف گائے کا دم۔ مخروطی شکل کی کوئی شے +
گاو دوش۔ گاو دوشہ ف جنکا جس میں گائے اور بھینس کا دودھ دوہتے ہیں
گاودی ف احمق ابلہ۔ نادان +
گاوراندن ف ہل چلانا +
گاورس ف چینہ۔ باجرہ +
گاورس چہ ف ستارہ +
گاورسہ نقرہ گون ف تارے جو کہکشاں
گاوریش ف احمق۔ مسخرہ۔ خام طمع +
گاوزادن ف فتح کبیر پانا +
گاوزبان ف گاوزبان جو ایک روئیدگی مشہور ہے۔ دوائی کے کام آتی ہے +
گاوزر۔ گاو زرین ف سونے کی طرح گائے کی شکل بنی ہوئی سامری کا گوسالہ
گاو زمین۔ گاو شرے۔ گاو ماہی
وہ گائے جس کے سر پر زمین قائم ہے یہ ایک پرانا دقیانوسی خیال لوگوں کے دل میں جاگزین ہے کہ پانی کے اوپر ایک بڑی مچھلی تیر رہی ہے اور اس کی پشت پر ایک گائے کھڑی ہے اور اس گائے کے ایک سینگ پر زمین قایم ہے جب وہ گائے تھک جاتی ہے تو ایک سینگ پر سے دوسرے سینگ پر زمین کو لے لیتی ہے۔ اور یہی حرکت بھونچال کا باعث ہوتی ہے مگر اب ایسے خیالات کی غلطی ثابت ہو گئی ہے +
گاوزور ف وہ آدمی جو کشتی کے ہنر سے بے بہرہ اور ریاضت کئے بغیر ہی بہت زور میں ہو +
گاوزوری ف کشتی کرنے کی قوت بزور کشتی کرنے کی خواہش کرنا +
گاو زہرہ ف گاو دل۔ ایک پتھر ہے جو گائے کے زہرہ میں ہوتا ہے +
گاو سامری۔ گاو زر۔ گاو زرین ف وہ بچھڑا جو سامری نے سونے کا بنایا ہوا تھا اور آواز کرتا تھا۔ دیکھو لفظ سامری +
گاو سفالین۔ گاو گلین ف شراب کا مٹکا
گاو سنگ۔ گاو دزن ف گاو زہرہ جو پتھر
گاو شانگ ف گائے ہانکنے کی لکڑی جس کے ایک سرے میں لوہے کی نیچ لگاتے ہیں
گاوش پیسہ ف اس مغرور آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس نے زمانے کی سختی و مصیبت نہ دیکھی ہو +
گاو عنبر ف ایک دریائی جانور ہے جس کا فضلہ عنبر ہے۔ اور گاو عنبر فامہ بخش مالدار سے مراد ہے +

گاوفلک ف آسمان +
گاوگ ف چرخی
گاوکار ف وہ بیل جس سے ہل چلاتے ہیں
گاو گردوں ف برج ثور +
گاوکوں ف بے عقل۔ احمق +
گاوکون کردن ف ہکنا +
گاومیش بھینس +
گاونلبیدہ ف وہ مغرور جنے کسی مربی کے زیر سایہ تربیت نہ پائی ہو۔
گاودرزہ ف گاوکار +
گاہ ف وقت۔ جگہ۔ خیمہ۔ تخت شاہی جوتے کا واو۔ صبح صادق سونا چاندی رکھنے کا تھیلہ جدی جو قطب شمالی کے پاس ایک ستارہ ہے
گاہ بیگاہ۔ بگاہ بگاہ ف وقت بے وقت
گاہ گاہ ف کبھی کبھی +
گاہوارہ ف گہوارہ۔ مہد +
گائیدن ف جماع کرنا عورت سے جفت ہونا

کاف فارسی مع بائے موحدہ

گبر ف آتش پرست۔ آگ کا پجاری
گبز ف قوی۔ سطبر +

کاف فارسی مع پائے فارسی

گپ ف بات کلام بیہودہ بات۔ شیخی مارنی۔ فپ۔ سطبر۔ موٹا۔ بزرگ۔
گپ ف صحبت۔ اختلاط۔ میل جول +
گپیتن ف گفتن کا بدل ہے
گپی ف مانند

کاف فارسی مع تائے فارسی

گت۔ گتہ ف بزرگ بڑا +
گنت ف کون و بر مقعد +
گترم ف لاف و گزاف +

کاف فارسی مع جیم تازی

گج ف چونا +
گجرات ف پنجاب میں ایک مشہور شہر ہے ہند کے پچھم میں ایک صوبہ بھی ہے جس میں سومنات کا مندر ہے +
گجیل ف تبریز میں ایک محلہ اور قبرستان ہے۔ شمس تبریز کی قبر وہیں ہے +

کاف فارسی مع جیم فارسی

گچ ف چونا +
گچک ف کمانچہ۔ جو ایک ساز ہے +
گچہ۔ گچے ف غیر فصیح +

کاف فارسی مع دال مہملہ

گد۔ گدیور۔ گدیہ ف گدائی کرنا۔ گداگر مانگنا۔ بھیک +
گدا ف فقیر +
گداختن ف پگھلنا۔ پگھلانا۔ گھلنا گلانا
گدازش ف پگھلاہٹ۔ گلنا +
گدازندہ ف پگھلنے والا +
گداطبع ف وہ شخص جس کی طبیعت گدایانہ ہو۔ خسیس۔ حریص۔ کمینہ۔ ندیدہ
گدا نمازی ف غازی منش +
گدائی ف گداگری۔ بھیک مانگنا +
گدر گدرگ ف جنگ کے ہتھیار +
گدست ف بافشت۔ پنجابی گٹھہ +
گدگدی ف چروا ہے ایک کلمہ بولتے ہیں جس سے بکری کو پیار کرتے اور اپنی طرف بلاتے ہیں گدگدی کرنا

کاف فارسی مع ذال معجمہ

گذارت راہ ادا کرنا۔ ادا +
گذاردن ف ادا کرنا۔ پیشکش کرنا بعض محققین لکھتے ہیں کہ گذاردن بذال معجمہ معنی ترک کرنا ہیں اور گزاردن بزائے معجمہ بمعنی ادا کرنا
گذارش ف ادا کرنا گذارنا۔ چھوڑ دینا +
گذارہ ف حد سے نکلا ہوا بجد بیجا کامل
گذاشتن چھوڑنا رکھنا ادا کرنا ہبہ کرنا
گذاشتنی ف چھوڑ دینے کے قابل ترک کرنے کے لائق۔ گذاشتن مصدر کے آگے یائے لیاقت بڑھی ہوئی ہے +
گذاف ف بیہودہ گفتگو +
گذافہ ف تخفیہ کیا ہوا بہت بیچ بیہودہ ہرزہ
گذار ف راہ۔ رستہ۔ گذرلو۔
گذراں ف گذرتے ہوئے خرچ کرتے ہوئے
گذرانیدن ف گذرانا +
گذربان ف راہدار۔ محافظ راہ کا +
گذرگاہ ف جگہ گزرنے کی گھاٹی +
گذرنامہ ف راہداری کا پروانہ +
گذر نیست ف چارہ نہیں ہے +
گذشت ف صیغہ ماضی مطلق کا ہے گذشتن مصدر سے اور حاصل مصدر گذشتن کا بھی ہے اور بمعنی راہ گذرگاہ طرف سو ...
گذشتن ف گذرنا۔ عبور کرنا۔ چھوڑ دینا ترک کرنا منقضی ہونا ہجانا مرجانا +
گذشتنی ف گذرجانے کے لائق منقضی ہونے کے قابل۔ چھوٹ جانے والا +
گذشتہ ف پرانا۔ کہنہ۔ بدمزہ بدبو +

کاف فارسی مع رائے مہملہ

گر ف اگر۔ جو۔ اور کلمہ فاعلیت کا۔ ایک بیماری کا نام بھی ہے۔ جیسے عربی میں جرب کہتے ہیں۔ مراد۔ مقصود۔ قدرت توانائی
گراف غلام۔ حجام۔ نائی سلفہ۔ سواط +
گرالبستن ف میل و رغبت کرنا +
گراو ف پرانا کپڑا +
گراز ف سور خوک جنگ کے وقت ناز و تکبر کرتے ہوئے چلنا۔ اس مطلب کے لئے امر کا صیغہ بھی ہے مٹو کو بھی کہتے ہیں بچوں کے سبب اضطراب پیدا ہونا خصوصاً عورت کا بچہ جننے وقت کا اضطراب گائے اور گدھے کے ہانکنے کی لکڑی ایک قسم کی تنگ بھی ہے مجاز دلیر بہادر سورما عالم
گرازان ف خراماں مٹک چال اور جمع گراز کی
گرازندہ ف مٹک چال چلنے والا خرامندہ
گرازہ ف خوک نر ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے جس نے سیامک کو قتل کیا تھا +
گرازی ف جرأت۔ دلیری +
گرازیدن ف مٹک کر چلنا جنگ کے وقت کسی خوف و اندیشے بغیر بڑے ناز و نخرے سے چلنا
گراس ف نوالہ۔ لقمہ +
گراشیدن ف بچھیلنا پریشان ہونا پریشان کرنا
گرامی ف بزرگ۔ عزیز۔ مکرم۔ محبوب +
گرامی منش ف بزرگ۔ طبیعت +
گراں ف بھاری بوجھل۔ مہنگا +
گراں ف جو اور گندم کے درخت مٹھی بھر کاٹے ہوئے جن پر ابھی خوشے ہوں پنجابی گلہ
گراں بار ف حاملہ۔ پھل دار بہت مال و اسباب اور مویشی والا +
گراں بار شدن ف حاملہ ہونا +

گران بودن ف بیمار ہونا۔ قریب بمرگ ہونا
گران پا ف بلند رتبہ والا آدمی۔ عالی قدر
گران پشت ف قوی پشت آدمی۔ بوجھ اٹھائے ہوئے حمّال +
گران جان ف سخت جان۔ سست کاہل بہت بوڑھا۔ فقیر اور بیمار جان سے تنگ آیا ہوا۔ اہل۔ پالودہ +
گران جانی ف سختی۔ سستی۔ کاہلی +
گران خواب ف جو دیر سے سوئے اور بہت دیر سے اٹھے +
گران خوار ف بہت کھانے والا۔ پیٹو +
گران دست ف کام کو سستی سے کرنے والا
گران دود ف سیاہ۔ دھوئیں دھار بادل
گران رکاب ف اس شخص کو کہتے ہیں جو لڑائی کے دن دشمن سے مقابلہ کرتے وقت پاؤں جمائے رکھے استقلال اور ثابت قدمی کو ہاتھ سے جانے نہ دے اور مرد باوقار و باتمکین متحمل آدمی +
گران رکاب شدن ف حملہ کرنا۔ جگہ سے نہ ہلنا +
گران سایہ ف بلند رتبہ والا۔ بڑے مرتبہ والا معزز آدمی +
گران سر ف متکبر۔ بدمغ۔ سپہ سالار +
گران سرشت ف متکبر۔ صاحب وقار کاہل سست +
گران سنج ف وزنی۔ بیش قیمت +
گران سنگ ف وزنی۔ بھاری۔ مجازاً مرد باتمکین و وقار۔ قانع۔ اور صابر آدمی
گران کردن رکاب ف سوار ہونا +
گران گوش ف بہرہ کہ دیر کے بعد سننے والا
گران گوشی ف بہرہ ہونا۔ کری +

گران رکیب ف سخت۔ کبر۔ ثابت قائم مستقل
گران کیسہ ف مسک۔ بخیل +
گران مایہ ف بہت قیمتی اور نفیس شے۔ سردار معزز۔ بزرگ۔ دولتمند +
گران مایگان ف سردار معزز لوگ +
گران مایگی ف بزرگی سرداری۔ دولتمندی عزت۔ قیمت +
گران مند ف بیش قیمت۔ بہت۔ کثیر +
گرانی ف بھار۔ بوجھ۔ مہنگا ہونا +
گراہ گرائے ف میلان ڈھلان رغبت خواہش۔ قصد۔ امر گرائیدن سے +
گرائش ف میل۔ رغبت۔ خواہش۔ قصد
گرائیدن۔ گرائستن ف خواہش کرنا حملہ کرنا۔ نافرمانی کرنا +
گرائیدہ ف رغبت کرنے والا۔ حملہ کرنے والا
گرباک ف بڑا بورا۔ طبق +
گربال ف غربال۔ چھلنی آٹا چھاننے کی
گربزہ ف یہ لفظ دراصل گرگ بزہ (بھیڑیا بکری) ہے یعنی وہ شخص جو بظاہر بکری جیسا اور باطن میں بھیڑیئے کی طرح ہو۔ مجازاً مکار۔ حیلہ گر فریبی۔ دلیر۔ شجاع۔ دانا۔ عقلمند +
گربزشت ف مکاری۔ حیلہ گری۔ گربز کے آگے فارسی یوں تا سے مصدری بڑھا دی ہے
گربزی ف مکاری۔ دغابازی۔ دلیری بزرگی دانائی۔ حکمت میں افراط ہونا +
گربکو ف بید مشک +
گربہ ف بلی۔ بید مشک۔ ایک گھاس کا نام بھی
گربہ آبی ف دریائی بلی +
گربہ از بغل افگندن ف بھید کھول دینا راز فاش کرنا۔ مکر و فریب چھوڑ دینا +
گربہ بید ف بید مشک یا اس کی ایک قسم

گربہ چشم ف جس کی آنکھ کبود ہو +
گربہ در انبان ف مکر و فریب۔ مکار +
گربہ در انبان داشتن۔ گربہ در بغل داشتن ف مکر و فریب کرنا +
گربہ در زندان کردن ف نہایت بخیل ہونا
گربہ در شلوار کردن ف رسوا کرنا۔ بیقرار کرنا
گربہ روس ف ملک روس کی بلی جو بہت خوبصورت ہوتی ہے ایران میں اکثر روس ہی کی بلی پالا کرتے ہیں۔ پلی ہوئی بلی۔ گربہ خانگی
گربہ کسے در انبان فرو شدن ف کمال کامیاب ہونا +
گربہ گون۔ گربہ سان ف بلی کے رنگ کا بلی کی طرح کا۔ مجازاً۔ مکار۔ حیلہ گر +
گربہ مشکین ف ایک قسم کی جنگلی بلی مشک بلائی۔ عربی میں سے زباد کہتے ہیں +
گرج ف گرجستان کو کہتے ہیں +
گرچ ف چونا +
گرنچ ف خربزے اور ہندوانے کی پھانک
گرنچ ف شگاف +
گرچہ ف اگرچہ +
گرچے ف چھوٹا سا گھر۔ لکڑی کا چھوٹا سا گھر نقب۔ کنواں۔ قید خانہ +
گرخفتن ف گرفتن کا مخفف ہے +
گرد ف دھول۔ غبار۔ مٹی۔ پھرنا۔ چرخ مارنا پھرنے والا۔ اس مطلب کے لئے امر کا صیغہ بھی ہے۔ آسمان۔ سورج کے ناموں میں بھی ایک نام ہے۔ بوسے خوش۔ نفع۔ فائدہ عکس غم و اندوہ۔ شادی۔ خوشی۔ برف۔ ایک قسم کا ریشم یا ریشمی کپڑا بھی ہے +
گرد ف پہلوان +
گرد ف گول چاروں طرف جمع ہونا۔ جیسے گرد آمد
بمعنی جمع شدہ۔ شہر اور بستی [illegible] +
گردا ف لٹو۔ گردان کا مخفف بھی ہے۔
گرد آباد شہر ہے جسے طہمورث دیو بند نے بسایا +
گرداب۔ گردابہ ف بھنور +
گرداس ف ظالم ستمگر +
گرد آفتاب ف کوٹھڑی کے اندر روشندان سے دھوپ پڑنے کی جگہ جو غبار سا اڑتا ہوا نظر آتا ہے +
گرداگرد ف چاروں طرف۔ سب طرف
گرد آلودہ ف غبار آلودہ۔ دنیا کے مال و اسباب والا آدمی +
گرد آمدن ف جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا +
گردان ف لوٹا۔ لپیٹ۔ ایک قسم کا کباب بھی ہے +
گردانیدن ف لوٹانا۔ لپیٹنا +
گرد آوردن ف جمع کرنا +
گرد آوری ف حکومت +
گرد باد ف بگولا +
گرد بازو ف وہ شخص جس کے بازو گول پر گوشت ہوں یعنی بہت موٹے موٹے اور ایسے خوبصورت ہوں کہ گویا سانچے میں ڈھلے ہوئے ہیں
گرد بالش۔ گرد بالین ف گول تکیہ +
گرد پائے ف تخت کے ارد گرد بیٹھنے کی جگہ
گرد بر ف بڑھئی کا برما +
گرد برآمدن ف تلاش کے لئے کسی چیز کے گرد پھرنا +
گرد برآوردن از چیزے ف پامال کرنا تباہ اور برباد کر دینا۔ ہلاک کرنا +
گردنیدن ف گردن بند +
گرد چیزے گردیدن ف اس چیز پاس

پچھانا۔ اس سے الگ رہنا ۔
گردران ف ران کی ہڈی جس پر بہت
گوشت ہو۔ عیش و وفا ہیت سے بھی مراد ہے
گردِ رو ف منہ کے گرد موتیوں کی مالا جسے
عورتیں منہ کے گرد باندھتی ہیں ۔
گُردِ زابل ف رستم پہلوان ۔
گردِ مرو ف معشوق کا سبزہ نیا نکلا ہوا
گردِ سر گشتہ گردیدن ف اس پر قربان ہونا
گردش ف پھرنا۔ دورہ ۔
گردِ شب ف رات کا اندھیرا ۔
گرد نشدہ ف حشرات الارض ۔
گردِ شہر ف شہر کا گردا ۔
گردک ف گلولہ۔ غلّہ۔ بڑا خیمہ۔ چھوٹا خیمہ
خاص بادشاہ کا کنیز۔ چبینالن۔ ڈولی جس
میں دُلہن کو بٹھاتے ہیں۔ جملہ نام ۔
گرد کار گشتن ف کسی کام کا مرتکب ہونا
گردگان ف اخروٹ ۔
گردگان بر گنبد نتن گنبد ناپائدار بے ثبات
گرد کردن ف جمع کرنا سمیٹنا۔ مجازاً گرفتار
کرنا اور بمعنی گول کرنا ۔
گردِ کسے گرفتن ف اس کے گرد چھا جانا
اس کو گھیر لینا ۔
گرد کوہ ف مازندران میں ایک پہاڑ ہے
گُرد گیر ف دلاوروں کو پکڑ لینے والا افراسیاب
کے ایک بیٹے کا نام ہے ۔
گردمان ف شروان کے علاقے میں ایک
گاؤں ہے ۔
گردَن ف ناڑ۔ گردن ۔
گُردن ف پہلوان۔ شجاع ۔
گردنا ف ہے یا لکڑی کی سیخ جس سے کباب
بناتے ہیں یا تنور سے روٹیاں اتارتے ہیں کباب جس

گوشت کو پہلے ابال کر پیچھے کباب بناویں ۔
گردن از بار کی بر کشیدن ف مطیع ہونا
مانوس ہونا ۔
گردن افراختن ف گردن بلند کرنی
فخر کرنا گھمنڈ کرنا ۔
گُردنان ف جمع گردن کی پہلوان لوگ
گُردنانِ نظم ف شعرائے نامدار نامی فیلسوف
گردنا سے ف لٹو ۔
گردنا سے چرخ ف آسمان ۔
گردناک ف غبار آلودہ۔ تباہ اور ویران ۔
گردن انداختن۔ گردن نرم گردنت
سر جھکا لینا مطیع ہو جانا ۔
گردن باریک ف ملائم۔ مطیع منقاد ۔
گردن بدوش فرو بردن فم گردن کشیدن
جھکا لینی سوچ میں بیٹھنا۔ تکیہ میں بیٹھنا۔ فکر مند بیٹھا کرنا
گردن بشمشیر خاریدن ف جی میں مار
جانے کا خیال سما جانا ۔
گردن بلند شدن ف گردن کا اونچا ہونا
کسی سے نادم اور شرمندہ نہ ہونا ۔
گردن بناخن خاریدن۔ گردن
خاریدن ف عذر لانا۔ بہانہ کرنا ۔
گردندہ ف آسمان ۔
گردن زدن ف گردن مارنا قتل کرنا
گردن زن ف جلاد ۔
گردن شتر ف ہمپائی ۔
گردن فراز ف گردن بلند۔ متکبر۔ مغرور۔ سرکش
گردنگ گردنگل ف احمق۔ بیوقوف۔ [illegible]
گردن کش ف متکبر۔ مغرور۔ سرکش
نافرمان۔ باغی۔
گردن کشادن ف گردن اٹھانی متوجہ ہونا
گردن کشی ف سرکشی۔ تکبر۔ غرور ۔

گردن کشانِ نظم ف صاحب قدرت
شاعر نامدار شاعر ۔
گردن نہادن ف سر جھکانا۔ عاجز ہونا
فروتنی کرنا۔ مطیع ہونا۔ راضی ہونا۔ قبول کرنا
گردنہ ف وہ اوزار جس سے پاپڑ اور روٹی بیلتے
ہیں۔ پنجابی ویلنا ۔
گردنی۔ گردنیں ف ریاست اور شجاعت
سے مراد ہے ۔
گردنی کردن ف سرکشی کرنی۔ نافرمانی کرنی
گردو ف گردکان ۔
گردون ف آسمان۔ چھکڑا۔ گاڑی۔ رتھ۔
بہل۔ چرخی۔ یہ لفظ مرکب ہے گرد بمعنی
(گردیدن) اور ون (کلمہ نسبت) ہے ۔
گردون سرشت ف متکبر۔ خونریز۔ سفاک۔ کینہ
گردون گرائے ف بلندی چاہنے والا۔
طالب بلندی۔ بلند قدر۔ عالی جاہ ۔
گردون مینا ف آسمان ۔
گردون ہمت ف بلند ہمت ۔
گُردہ ف گردہ جو مشہور عضو ہے ۔
گِردہ ف ٹکیا۔ روٹی جو پتلی نہ ہو۔ ہر گول شے
بیوپاریوں کا وہ مدور زرد کپڑا جسے [illegible]
سے امتیاز رکھنے کی خاطر اپنے مونڈھوں
پر باندھتے ہیں۔ سبب چہ۔ سرہانہ۔ تکاہ
گردہ ف خاک جو نقاش اپنے پاس رکھتے
ہیں۔ سنہری کاغذ ۔
گردہ بان ف نانبائیاں ۔
گردہ چرخ۔ گردہ گردون ف آفتاب۔ ماہتاب
گردہ گاہ ف گردہ کی جگہ یعنی کمر۔ پہلو ۔
گردہ نان ف ٹکیا ۔
گردیدن ف پھرنا۔ پلٹا کھانا۔ ہونا۔ مطالعہ کرنا
گُرز ف مشہور ہتیار ہے جس کا دستہ

آلہ تناسل سے بھی مراد ہے ۔
گرزدن۔ گرزیدن ف چارہ کرنا علاج کرنا
گرزش ف فریاد کرنا۔ داد خواہی۔ تضرع
گرزم اسفندیار کے بھائی کا نام ہے جس نے
باپ کے پاس اسفندیار کی چغلی کھائی
تھی اور اس لئے اسفندیار کو قید کر دیا ۔
گرزمان۔ گرزمین ف آسمان فلک الافلاک
گرزن ف کیانی بادشاہوں کا تاج جو بہت
بڑا تھا۔ اور بادشاہ کے سر کے اوپر طلائی زنجیر
کے ساتھ لٹکتا رہتا تھا۔ اور اس میں
چڑیا کے انڈے کے برابر سو موتیوں کے
والے تھے ۔
گرزہ گرزا اس میں ہ سے زائد ہے
سانپ کا پھن۔ مہیب۔ ہیبت ناک ۔
گرزہ گاو پیکر۔ گرزہ گاو چہر۔ گرزہ
گاو سار۔ گرزہ گاو سر۔ گرزہ گاو پیش ف
گاو پیکر جو فریدون کا گرز تھا ۔
گرس ف بھوک۔ کپڑے اور بدن کی
میل۔ کھنگریالے بال ۔
گرستن ف رونا ۔
گرستن گرفت ف رونے لگا ۔
گرسنگی ف بھوک پیاس مصدری ہے
اور ہائے مخفی (گرسنہ) کی ک سے بدلی ہوئی
گُرسنہ۔ گُرُستنہ۔ گُرُسنف
مرکب ہے گرس اور نہ کلمہ نسبت سے۔ بھوکا
گرسنہ چشم ف بخیل۔ کمینہ۔ حریص۔ فقیر و گدا۔ قحط
سے نکلے ہوئے آدمی ۔
گرسنہ چشمان کنعان ف حضرت
یوسف علیہ السلام کے بھائی
گرسنہ چشمی ف حرص۔ گدائی
گرشاسپ۔ گرشاسف۔ گرشسپ

ترجمہ مراد بخش ٭
گروزہ۔ گروہ ف جھنڈ۔ غول
گروغ ف دروغ۔ جھوٹ ٭
گروہہ ف بندوق کی گولی
کمان کا غلہ ٭
گروی۔ گروی زرہ ف افراسیاب
کے رشتہ داروں میں سے ایک شخص
تھا جس نے سیاوش کے مروانے
میں بہت کوشش کی ٭
گرویدن ف رغبت کرنا ایمان
لانا۔ فرمانبرداری کرنا۔ قبول کرلینا
کسی کی محبت کو دل میں جگہ
دینی ٭
گرہ ف گانٹھ۔ شکل۔ دل ٭
گرہ ف گھڑا۔ سبو ٭
گرہ بباد زدن ف لغو حرکت کرنی
بیہودہ کام کرنا۔ عمر پر بھروسا کرنا
بے بقا کام پر تکیہ کرنا ٭
گرہ بر ف گیسہ بر۔ جیب کترا یعنی وہ
شخص جو لوگوں کی جیب کتر کر مال نکالے
**گرہ برابرو زدن۔ وا آوردن
وانداختن** ف بھووں پر بل ڈال
لینا بھوں چڑھانے۔ تیوڑی چڑھانی
غصہ کرنا ٭
گرہ برابرو کردن ف تیوڑی
چڑھانی غصہ ہونا ٭
گرہ بر باد ف دنیا کی بے اعتباری
گرہ بر جبیں زدن ف تیوری
چڑھانی خفا ہونا ٭
گرہ بر چشمے زدن ف
اس کے اوپر گرہ لگانی۔ اس کو بند
کرنا۔ روک رکھنا ٭
گرہ بر گرہ ف پیچ در پیچ مشکل
پر مشکل ٭
گرہ بر گوش زدن ف بہرا
ہو جانا۔ کسی کی بات نہ سننا ٭
گرہ بسا بہ زدن ف لغو حرکت
کرنی بیہودہ کام کرنا۔ بے بقا کام
پر تکیہ کرنا ٭
**گرہ بکار زدن۔ گرہ بکار
انداختن** ف حاجت روا کرنا
مشکل ڈال دینا ٭
گرہ در ابرو زدن ف تیوری
چڑھانی بیدماغ ہونا ٭
گرہ در کار افتادن ف سخت
مشکل آپڑنا ٭
**گرہ در گلو شکستن۔ گرہ
در گلو بستن** ف گلا بند ہو جانا٭
دہشت اور گھبراہٹ ظاہر
ہونا ٭
**گرہ زدن۔ گرہ نہادن۔ گرہ
گوشت** ف گانٹھ دینا۔ دنیا کا
مال جمع کرنا ٭
گری ف امر گریستن مصدر کا ٭
گریال ف گھڑیال ٭
گریان ف روتے ہوئے رونے
والا ٭
گرہبان ف گرمابے کا آتش
دان۔ فدا قربان ٭
گریانیدن ف رلانا ٭
گریبان ف مرکب ہے گرے
دبیائے مجہول بمعنی گردن، اور
بان (کلمہ محافظت) سے۔ محافظ
گردن۔ گریبان۔ جیب۔ پوکٹ
گریبان چراغے گرفتن ف
پرتو اور نور صفائی حاصل کرنا ٭
گریبان کشیدن ف اپنی طرف
مائل کرنا رغبت دلانا۔ اُبھارنا
لے چلنا ٭
گریبان دامن کردن ف
مراقبہ میں سر جھکانا ٭
گریبان گرفتہ آوردن ف
زبردستی لانا ٭
گریبان گیر ف عذر کرنا۔ مقابلہ کرنا
گریبانی ف پیراہن۔ کرتہ ٭
گریچ۔ گریچہ ف گرچہ ٭
گریختن۔ گریغتن ف بھاگنا ٭
گریز ف بھاگنا۔ اصطلاح میں
ایک مضمون سے دوسرے
مضمون پر لانا ٭
گریزانیدن ف بھگا دینا ٭
گریز پا ف لونڈی اور غلام جو ہمیشہ
گھر سے نکل جاتا رہے ٭
گریزگاہ ف وہ جگہ جہاں بھاگ
کر پناہ لیں ٭
گریزیدن ف بھاگنا ٭
گریس۔ گریسہ ف مکر و حیلہ
فریب۔ چاپلوسی ٭
گریستن ف رونا ٭
گریستن ہوا ف ہوا کا رونا یعنی
مینہ برسنا ٭
گرینگ ف کھو۔ گڑھا ٭
گرینگ ف بلبل کی آواز قلندروں
کی آواز ٭
گرینغ ف گریز ٭
گریوارہ ف موتیوں یا لعلوں کا ہار
گریوہ ف ٹیلا ٭
گریودوم ف خیانت ٭
گریہ ف رونا ٭
گریہ از چشم کشادن ف آنکھ کو
رلانا ٭
**گریہ در گلو پیچیدن۔ گریہ در
گلو گرہ شدن** ف شدت
گریہ کے سبب دم رک جانا
گھگھی بندھ جانا ٭
گریہ در گلو داشتن ف رونے
کو تیار ہونا ٭
گریہ کردن ف آنسو بہانا۔ رونا

گاف فارسی مع زائے معجمہ

گز ف زمین کپڑے وغیرہ کو
پیمائش کرنے کا آلہ۔ گزیدن سے
امر بھی ہے۔ ایک قسم کا تیر بھی
ہے۔ جھاؤ کا درخت ٭
گز ف دندان۔ دانت ٭
گزار ف نشتر۔ تصویر کا خاکہ
ادا کرنا۔ ادا کر۔ ادا کرنے والا
خنید ٭
گزارا ف سخن ادا کرنے والا ٭
گزاردن۔ گزاریدن ف ادا کرنا
چھوڑنا۔ مہلت دینا۔ مصوروں
کا خاکہ کھینچنا ٭
گزارش۔ گزارش۔ گزارۃ
مطلب ادا کرنا۔ عرض۔ خواب کی تعبیر شرح تفسیر

گزارش گر ف خواب کی تعبیر بیان کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ عرض کرنے والا۔ قبول کرنے والا لے جانیوالا۔ ادا کرنے والا +
گزارش نامہ۔ گزارشی نامہ۔ گزارنامہ۔ گزارہ نامہ ف خواب کی تعبیر۔ تفسیر کی کتاب +
گزارہ ف قصیدہ +
گزاف۔ گزافہ۔ ف جھوٹ۔ فریب بیہودہ۔ بکواس بے حد۔ بے حساب +
گزاف لگاں۔ گزادر لگاں۔ گرو لگاں ف جلد۔ شتاب۔ جلدی +
گزالہی ف اکبر شاہی گز جو ۴۱ انگل کا ہوتا ہے +
گزاں ف کاٹتا ہوا +
گزاشیدن ف کٹوانا +
گزاوہ ف کجاوہ۔ ہودج +
گزاے ف کاٹنے والا۔ دکھ دینے والا کاٹ +
گزایش۔ گزائش۔ گزایش ف لائق سزاوار۔ درخور۔ گائے اور گدھے کو ہانکنے کی لکڑی۔ پینچش
گزبازی ف ایک قسم کا ناچ ہے
گزپا ف ایک جانور ہے۔ جس کے پاؤں لمبے ہوتے ہیں +
گزر ف گاجر +
گزر ف چارہ و علاج۔ مخفف گزیرہ
گزر ف رستہ چرواہوں کی خرچین چارہ و علاج +
گزردن ف علاج کرنا +
گزرنامہ ف خواب کی تعبیر +
گززدن ف گز سے پیمائش کرنا +
گزشائگاں۔ گزملک ف خراسان کا گز +
گزشتن ف ہو چکنا۔ ختم ہونا۔ گزرنا گزر جانا۔ مجازاً مر جانا +
گزف ف تیر +
گزک ف شراب کا خمار توڑنے کے لئے جو کھاتے ہیں۔ جیسے کباب پستہ۔ بادام۔ سیب۔ انار۔ وغیرہ جاڑے سے ٹھٹھرا ہوا +
گزکردن ف گز سے ناپنا +
گزلک ف چھوٹی سی سی چھری جس کا دستہ لمبا ہو۔ ایک قسم کی قلمتراش ہے۔ جس کا سرا پھرا ہوا۔ اور اس کے پیچھے کی طرف باریک ہوتی ہے یہ اکثر مصر سے لاتے ہیں
گزم ف جھاؤ کا درخت +
گزمازک۔ گزمازو ف جھاؤ کا پھل
گزند ف صدمہ۔ دکھ۔ تکلیف آسیب۔ آفت۔ رنج۔ نظر بد +
گزندر ف گھاس جیسے بھدی ہوئی جوال
گزنے ف زرد خشک۔ گل زرد۔ خشک +
گزہ ف ایک قسم کا تیر ہے چوب جس سے نقارہ بجاتے ہیں +
گزیت۔ گزیہ ف خراج ٹیکس جزیہ اسی کا معرب ہے +
گزیدہ ف انتخاب کیا ہوا۔ چنا ہوا
گزید ف جزیہ۔ رشوت مخفف گزیدن کا ماضی بھی ہے +
گزیدن ف کاٹنا خواہ انسان خواہ کوئی حیوان کاٹے کسی آلے سے یا منہ اور دانتوں سے۔ ڈرنا۔ قطع کرنا +
گزیدن ف چن لینا۔ پسند کرنا اختیار کرنا +
گزیدہ ف کاٹا ہوا۔ ڈرا ہوا۔ رنجیدہ
گزیدہ ف پسند کیا ہوا۔ چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ اختیار کیا ہوا۔ عمدہ۔ پسندیدہ۔ ایک تفسیر بھی ہے۔ اور ایک کھیل کا نام بھی ہے +
گزیر۔ گزیرہ ف چارہ۔ علاج تدبیر +
گزیر۔ گزیر ف پیشکار۔ کوتوال سرہنگ پہلوان +
گزیں ف پسندیدہ۔ چنا ہوا چھانٹا ہوا۔ عمدہ یہ اسم مفعول کے معنی ہیں امر کا صیغہ ہے +
گزینش۔ گزینہ ف چنا ہوا۔ پسندیدگی۔ خاصیت +
گزینہ ف ٹھٹھیروں کی اہرن جس سے وہ برتن کو عمیق کر سکتے ہیں۔ غزنہ۔ موٹا کپڑا جس سے خیمے بناتے ہیں
گزینی ف خاصیت +

کاف فارسی مع زائے معجمہ

گژاژ ف حوصلہ پرندوں کی تھیلی
گژدہم ف ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے
گژدف ف تیر +

گاف فارسی مع سین مہملہ

گسازدن۔ گساریدن ف چھوڑنا کھانا۔ توڑنا +
گسارندہ ف خورندہ۔ کھانیوالا +
گستاخ ف شوخ۔ چالاک بے ادب دلیر +
گستاخ چشم ف وہ شخص جس کی آنکھ سے خفگی اور غصہ ظاہر ہو۔ اور جو شخص اس کی طرف نظر کرے اس پر خوف اور ہیبت طاری ہو جائے یا وہ شخص اسکی آنکھ کسی آفت سے نہ جھپکے۔ اور یہ کمال شجاعت کی دلیل ہے۔ اسی واسطے مجازاً شجاع اور بہادر کو کہتے ہیں +
گستاخ دست ف چالاک سبک دست +
گستاخ روے ف بے شرم بے حیا بے ادب +
گستاخ گوے ف جو کلام کرتے ہیں پس و پیش نہ دیکھے۔ جو کچھ چاہے بکتا چلا جائے +
گستاخی ف شوخی۔ بے ادبی۔
گسترف ف بچھانے والا بچھاؤ۔
گستراندن ف بچھوانا +
گستردن ف بچھانا +
گسترش ف بچھانے کی چیز خواہ جال ہو۔ خواہ بچھونا۔ خواہ فرش +
گسستن ف ٹوٹنا۔ توڑنا شکستن اور گسستن میں یہ فرق ہے۔ کہ شکستن سخت چیزوں کے توڑنے کے واسطے آتا ہے۔ جیسے لکڑی وغیرہ اور گسستن لمبی اور نرم

چیزوں کے توڑنے کے لئے آتا ہے جیسے رسی اور تاریں وغیرہ +

گُشتہم ف نوذر بن منوچہر کے بیٹے کا نام ہے اور گشتہم ایک ایرانی پہلوان کے بیٹے کا نام بھی ہے +

گُسستہ دل ف رنجیدہ خاطر +

گُسستہ عنان ۔ گُسستہ لجام

گُسستہ مہار ف آزاد آدمی جس کا جو کچھ دل چاہے ویسا کرے ۔ سست ۔ بے مہار ۔ بے قید آدمی سرکش آدمی +

گُسستہ نور ف نیا چاند ۔ ہلال سونے چاندی کا پیالہ کشتی کی شکل کا بنا ہوا +

گُسِل ف امر گسیختن مصدر کا +

گُشن ۔ گُشنگی ف بھوک +

گُشنا مار ف بہت بھوک ۔ بھوک کا غلبہ +

گُشنہ ف بھوکا ۔ گرسنہ +

گسیختن ف ٹوٹنا +

گُسے ۔ گسیل ۔ ف رخصت کرنا ۔ وداع کرنا ۔ روانہ کرنا ۔ بھیجنا +

گاف فارسی مع شین معجمہ

گَش ف خوب ۔ خوش ۔ ناز و تکبر کی چال ۔ مٹک کر چلنا ۔ کشتی ۔ وسوسہ مزاحمت +

گُش ف بلغم +

گِش ف دل ۔ قلب +

گُشادہ ف کشادہ ۔ فراخ ۔ فتح وظفر ۔ خوشی ۔ تیر چلانا +

گُشادہ نامہ ف فرمان بادشاہ ۔ منشور عنوان ۔ سرخی +

گُشادہ دل ف کریم ۔ سخی ۔ خوش حال

گُشادہ زبان ف فصیح و بلیغ +

گُشادہ ہنگامان ف چاروں فصلیں یعنی بہار ۔ خزان ۔ گرمی ۔ جاڑا +

گُشاسب ف گشتاسب +

گَشت ف ہوا ۔ ہوگیا ۔ پھرا ۔ سیر پھرنا ۔ محو کرنا ۔ مٹا دینا ۔ خربزہ اندرائن ۔ دیکھنا +

گَشتاف ف بہشت ۔ جنت +

گُشتاسپ ف ایران کے ایک بادشاہ کا نام ہے ۔ جس نے ایک سو ساٹھ برس حکومت کی ۔ اسفندیار روئیں تن اسی کا بیٹا تھا ۔ زردشت آتش پرستوں کا پیغمبر اسی کے زمانے میں تھا اور اس نے اُس کا مذہب قبول کر کے دنیا میں پھیلایا +

گَشتر ف خوش تر ۔ بہت خوش +

گشت زدن ۔ گشت کردن ف سیر کرنا ۔ پھرنا +

گشتسب ۔ گشسب ف گشتاسب

گشتن ف ہونا ۔ پھرنا +

گشتہ ف ہوا ۔ الٹا ۔ معکوس اصل بھینگا +

گَشن ۔ گُشن ف ہر چیز کا گنجان اور بہت ہونا +

گُشن ف نر ۔ مادہ کا طالب نر ہونا مادہ کبوتر کی خواہش ہونا ۔ جانور کا حاملہ ہونا ۔ کھجور کے درخت کا پھل لانا +

گُشنی ف نر جانور کا مادہ کے ساتھ جفتی کرنا +

گشنیز ف دھنیا +

گشنیز ف مٹک کر چلنا +

گشنیز مصوم ف شراب انگوری +

گشی ۔ گشی ف خوشی خوشحالی تندرستی +

گاف فارسی مع فائے معجمہ

گفت ف کہا ۔ اور حاصل بالمصدر گفتن کا بھی ہے ۔ بمعنی گفتار گفتگو ۔ کلام ۔ بات +

گفتار ف بات چیت ۔ گفتگو ۔ بیان

گفتارِ درہم ف بے جوڑ بات سخن نامربوط +

گفتگو ف بات چیت +

گفتن ف کہنا ۔ بولنا ۔ کرنا +

گفتہ ف کہا ہوا ۔ قول +

گفتی ف تو کہے ۔ کلمہ تشبیہ کا ہے جیسے گوئی اور گویا +

کاف فارسی مع لام

گُل ف پھول ۔ جہاں یہ لفظ بلا اضافت آتا ہے ۔ وہاں گلاب کے پھول سے (جیسے عربی میں ورد کہتے ہیں) مراد ہوتی ہے ۔ اور جہاں مضاف ہوتا ہے ۔ وہاں اُسی (درخت کے) پھول سے مراد ہوتی ہے جس کی طرف اضافت کیا جاتا ہے ۔ جیسے گل سوسن ۔ گل نرگس وغیرہ اور بمعنی انگار چنگاری آگ کی ۔ مجازاً نتیجہ ۔ بہتر ۔ خوب سرخ رنگ ۔ دوست +

گِل ف کیچڑ ۔ مٹی ۔ پانی میں ملی ہوئی مٹی ۔ خاک منجمد اور خشک +

گُلاب ف کسی خاص پھول کا پانی یا عرق ۔ ایک مشہور پھول کا نام بھی ہے +

گلاب زن ف گلاب پاش +

گُلِ ابر ف بادل کا چھوٹا سا ٹکڑا +

گُلِ آسمان ف سورج +

گلاب افشاندن و زدن و انداختن و پاشیدن ف گلاب چھڑکنا +

گلاب طبری ف طبرستان کا گلاب +

گلاب کشیدن و گرفتن و ستدن ف گلاب نکالنا +

گِلابہ ف گارا جس سے عمارت بناتے ہیں ۔ اور دیوار کے ردّوں میں لگاتے ہیں +

گُلابی ف چھوٹی سی مدوّر شیشی رنگین جس میں گلاب وغیرہ ڈالتے ہیں ۔ یہ فارسی ہندیوں کی ہے ایران میں اسے گلاب افشان کہتے ہیں ۔ ایک قسم کا امرود ۔

گُلِ آتشی ف سدا گلاب جو مشہور پھول ہے +

گُلاج ف ایک پاکیزہ حلوے یا ایک قسم کی بہت پتلی روٹی کا نام ہے +

گل احمر گل حمرا ف گلاب کا پھول

گل ارمنی ف سیاہی مائل سُرخ رنگ کا پھول ہے ×

گل ز چراغ گرفتن ف گل لینا ×

گل افشان۔ گلفشان ف ایک قسم آتش بازی کی جسے ہندی میں پُھلجھڑی کہتے ہیں ×

گلا گوشہ ف گلگونہ۔ غازہ ×

گل آگین کردن ف بھر دینا۔ صُراحی یا پیالے کو شراب لعل سے بھرنا ×

گلالہ ف پیراہن۔ قمیص۔ زلف ×

گلال ف خلاف قاعدہ گل کی جمع ہے۔ جھاڑنا کا امر۔ ایک قسم کی بید کی روئی بھی ہے ×

گل اندام ف محبوب نازک اندام ×

گلائی ف گل فروش۔ باغبان

گلانیدن ف جھاڑنا ×

گلاہ ف سیاہ۔ شیخ زین الدین علی نام ایک فقیر کا لقب ہے۔ جو سیاہ پوش تھا ×

گُلبار ف ایک شہر کا نام ہے ×

گل پارسی۔ گلنار پارسی ف ایک قسم کا پھول ہے۔ نہایت سُرخ رنگ۔ اور خوبصورت ×

رگل پارسی ف ایک قسم کی مٹی ہے جس سے عورتیں سر دھوتی ہیں ×

گلبانگ۔ گلبام ف خوشی کے وقت کا شور وغل۔ آوازِ خوش خوشخبری۔ بلبل کا آواز۔ شاطروں اور پہلوانوں کا نعرہ ×

گلبانگ بر قدم زدن ف بہت جلد چلنا ×

گل بحالت ف تحسین و تعریف کے موقعہ پر بولتے ہیں ×

گل بدن ف محبوب۔ اور گُلبدن جو ایک مشہور کپڑا ہے۔ قماش ×

گُل پروردہ ف آدمی کا جسم ×

گُلبُن ف درخت گلِ سُرخ ×

گُلبند ف بازو بند جو ایک قسم کا رنگین کپڑا ہوتا ہے ×

گُل بیگانہ ف خود رو پھول ×

گُل پیادہ ف جس کا پیڑ چھوٹا ہو مثل نرگس اور لالہ کے ×

گُل تسبیح ف امام تسبیح جو تسبیح کا سب سے بڑا دانہ دھاگے کے دونوں سروں میں پرو دیا ہوتا ہے ×

گُل جعفری ف ایک زرد رنگ پھول کا نام ہے ×

گُل چشم ف تھوڑی سی سفیدی جو آنکھ پر چھا جاتی ہے ×

گُل چیدن ف پھول توڑنا۔ سیر کرنا ×

گُل حجرف آگ سے مُراد ہے ×

گُل حکمت ف کپڑ مٹی۔ دیکھو طین الحکمۃ ×

گُلخن ف مُرکب ہے گل (بمعنی چنگاری) اور خن (مخفف خانہ کا) سے خانۂ آتش آتشدان۔ بھٹی۔ بھاڑ اور بھٹی کوڑی کے بھی آیا ہے۔ اس صورت میں دراصل یہ لفظ گلخن (بکاف کلمن) سے ہے گل تر کی میں راکھ کو کہتے ہیں۔ اور خن مخفف

فنا نہ کیا ہے۔ اور کوڑی راکھ اور کوڑا کرکٹ وغیرہ پھینکنے کا ہی مقام ہے ×

گُل خواندن ف اپنا سارا روپیہ ایک داؤ پر لگا دینا۔ جُھل ×

گُل خودرو ف ایسے پھول جو جنگل اور باغ کے نواح میں خود بخود اُگ نکلیں ×

گُل داؤدی ف ایک قسم کا پھول ہے ہندوستان میں زرد رنگ کا بھی ہوتا ہے اور سفید بھی ×

گُل در آب انداختن ف تازہ فتنہ برپا کرنا ×

گُل در چراغ افتادن ف چراغ کا روشن ہونا ×

گُلدستہ ف پھولوں کا دستہ بندھا ہُوا ×

گُلدم ف بلبل ×

گُل دمیدن ف پھول کھلنا ×

گُل دورے ف ایک قسم کا پھول ہے اندر سے سُرخ اور باہر سے زرد ×

گُل رُخ ف وہ شخص جس کے رخسار گلاب کے رنگ کے ہوں ×

گُل رعنا ف ایک پھول کا نام ہے۔ جو اندر سے سُرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے ×

گلریز ف پھلجھڑی ×

گلزار ف گل (پھول) اور زار (کلمہ ظرفیت) سے مُرکب ہے۔ پھولوں کی جگہ۔ باغ۔ مجازاً خرم۔ شگفتہ ×

گلزارِ ابراہیم ف آگ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر گلزار ہوگئی تھی ×

گُل زدن ف حریف کو کشتی اور جنگ کے واسطے طلب کرنا ×

گُل زرد ف زرد رنگ کا ایک پھول ہے جو قسطنطنیہ کی طرف سے آتا ہے اور خونی اسہال کو بند کرتا ہے ×

گُل زرد فلک ف سورج ×

گُل زمین۔ گُل زمین ف زمین کا اچھا قطعہ۔ سرسبز اور شاداب زمین

گُلستان۔ گُلستان

گلستو گل (پھول) اور ستان (کلمۂ ظرفیت) سے مرکب ہے۔ پھولوں کی جگہ۔ باغ ×

گُلستان زادہ ف پھول اور سبزہ کنیزک زادہ۔ دایہ زادہ ×

گُل سُرخ ف گلاب کا پھول مجازاً آفتاب ×

گُل سرسبد ف سب سے عمدہ چیز ×

گلشاہ۔ گلشہ ف کیومرث

گُل شب افروز ف ایک قسم کے پھول کا نام ہے ×

گُل شبو ف ایک قسم کا پھول ہے جو رات کو خوشبو دیتا ہے ×

گُل شدن ف ظاہر ہونا ×

گُل شدن چراغ ف چراغ کا بجھ جانا ×

گُل شکر ف گلقند ×

گُلِ شگفت ف امرِ عجیب ہوا ۔
گُل شگفتن ف پھول کھلنا ۔ کوئی عجیب امر ظہور میں آنا ۔
گُلشن ف باغ ۔ یہ لفظ مرکب ہے گُل یعنی پھول، اور شن کلمہ ظرفیت ہے ۔
گلشنِ قدس ف عالمِ جبروت ۔
گلشتی ف ایک شاعر کا تخلص ہے
گلشہر ف افراسیاب کے سپہ سالار پیران ویسہ کی عورت کا نام ہے
گُلِ صد برگ ف سو پتے والا پھول گیندے اور گل کے پھول سے مراد ہے ۔
گُلِ صد برگِ آسمان ف سورج
گُلِ عذار ف محبوب ۔
گلغچہ ۔ گلغچہ ف گدگدی ۔
گلغر ف کلکر ۔ راج ۔
گلغر ف بکری کی ایک قسم کی پشم موتی ہے جس سے شال بنتے ہیں
گُلِ غنچہ ۔ گلغونہ ف آبٹنا ۔ غازہ
گلفندہ ۔ گلغوندہ ف دھنکی ہوئی روئی کا گولا ۔ موٹا اور سست آدمی ۔
گلفام ف پھول کے رنگ کا ۔
گُل فرستادن بر کسے و گل بھیجنی فرستادن ف مقابلہ کے لئے بلانا ۔
گُلِ قبرسی ف جزیرہ قبرس کا ایک طرح کا پھول ہے ۔ جسے ہاتھوں پر ملیں تو ہاتھ سُرخ ہو جاتے ہیں ۔

گُلِ قحبہ ف گلِ رعنا ۔
گلقند ف مشہور دوا ہے ۔ مجازاً لب محبوب ۔
گُلک ف تصغیر گل کی ۔ وہ بات جو طعنے اور سرزنش کے طور پر کہی جائے ۔
گُلِ کاغذی ف رنگ برنگ کے کاغذوں کے جو پھول بناتے ہیں ۔
گُل کردن ف ظاہر ہونا ۔ ظاہر کرنا بجھانا ۔ چراغ کا بجھانا ۔
گُل کردن چراغ ف روشن ہونا چراغ کا ۔ روشن کرنا چراغ کا چراغ کا بجھانا ۔
گُلکچہ ف وہ خوشی جو بچہ پیدا ہونے کے بعد اُس کے عقیقے کے دن تک کی جائے ۔
گُلگز ف جھاؤ کے پھول کا رنگ جسے رنگ عباسی کہتے ہیں ۔
گلگشت ف عمدہ اور خوش فضا جگہ کی سیر ۔ پھولوں کی سیر ۔ سیر ۔
گُلِ کشتی ف وہ پھول جو ایک پہلوان دوسرے پہلوان کے پاس کشتی کرنے کے ارادے سے بھیجتا ہے ۔ یہ ولایت کا قاعدہ ہے ۔ کشتی کی اصطلاحات کی ایک کتاب بھی ہے ۔
گلگل ف لیموں کی قسم کا ایک پھل ہے
گُلگل ف بہت بہت گل ۔
گُلِ گلاب ف گلاب کا پھول ۔
گلگندم ف ایک گھاس کی جڑ ہے جو دوائی کے طور پر کام آتی ہے اور اس کی شکل سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا کئی دانے گیہوں کے ملے ہوئے ہیں ۔
گُلکلہ سفرس گول گنڈہ کا جو حیدرآباد دکن میں ایک مشہور شہر ہے ۔ کوہ نور ہیرا جو رنجیت سنگھ والی پنجاب کے پاس تھا ۔ اور اب ملکہ معظمہ کے تاج میں لگا ہوا ہے بعد شاہجہان گول گنڈہ ہی کی کان سے نکلا تھا ۔
گلگونی ف بہار کی شروع میں باغ کی سیر ۔
گُل گوزہ ف نسرین ۔ نرگس ۔
گلگوں ف پھول کے رنگ کا سُرخ رنگ ۔ فرہاد کی معشوقہ شیریں کے گھوڑے کا نام ہے ۔
گلگونِ چرخ ف آسمان ۔
گلگونہ ف اُبٹنا ۔ پھول کے رنگ کا
گلگونۂ ادیم آدم ف حضرت رسول خدا صلعم ۔
گلگیر ف شمع کترنے کی مقراض ۔
گُلِ گیتی ف گلِ زمین ۔ ایک پھول کا نام بھی ہے ۔ جس کے پتے پر ہر طرف تین کانٹے ہوتے ہیں ۔
گُلالہ ف معماروں کا گلالہ ۔ کرنی ۔
گُلِ مختوم ف ایک سُرخ رنگ کی مٹی ہے جو تمام زہروں کے واسطے تریاق ہے ۔
گُلمر ف ایک خوشبودار پھول کا نام ہے بیر کا ایک قسم کا پھل بھی ہے ۔
گُلِ مشکی ف ایک سیاہ رنگ پھول کا نام ہے ۔ جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے ۔
گلموز ف چلپاسہ ۔ سوسمار ۔
گُلِ مہتاب ف ایک پھول کا نام ہے جسے چاندنی کہتے ہیں ۔ چاندنی کے ٹکیے جو درخت کے نیچے زمین پر معلوم دیتے ہیں ۔
گُلِ مہرہ ف مٹی کا گولہ ۔ غلولہ جو گھاٹی میں رکھکر مارتے ہیں ۔ کرۂ زمین آدمی ۔
گُلِ میزان ف زہرہ جو ستارہ ہے
گلنار ۔ گلنار فارسی ف ایک قسم کا درخت انار ہے ۔ جس پر پھول آتے ہیں کوئی پھل نہیں لگتا ۔ اُسکے پھول خوب صورت اور گلاب کے بڑے پھول کے برابر ہوتے ہیں ۔
گلناک ۔ گُلناک ف قلعے کا حصار
گُلِ نبشتہ ف گلِ مختوم ۔
گُلندہ ف بدکار عورت ۔
گُلِ نشاط ف شراب ۔
گُلِ نفسی ف خوش کلامی ۔ خوشبوئی
گلنگبین ف پھول اور شہد سے گلقند کی طرح ایک چیز بناتے ہیں ۔
گُلو ف گلا ۔
گُلوبستہ ف چپکا ۔ خاموش ۔ ساکت
گُلوبند ف وہ رومال جو گلے پر باندھتے ہیں ۔
گلوشنہ ف بچوں کی روئی سے بھری ہوئی گوشہ دار ٹوپی ۔
گلو در کشیدن ف گلا بھینچا گلو بند ہونا ۔

گلوسوز ف خوشنما - خوش آیندہ بہت میٹھا - نہایت شیریں اسواسطے کہ جو شے نہایت میٹھی ہوتی ہے اُس سے گلے میں ایک طرح کی سوزش پیدا ہوتی ہے ٭
گلولہ ف گولی - گولا ٭
گلوند ف وہ چیز جو ہدیے کے طور پر بھیجی جائے ٭
گلوہ ف روٹی پکانے کے تنور کا سوراخ ٭
گلوسے آسیا ف چکی کا وہ سوراخ جس میں دانے ڈالتے ہیں
گلہ گلوہ - شکایت - بڑبڑاہٹ - خوشے سے جدا شدہ دانۂ انگور - دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ
گلہ ف زلف معشوق ٭
گلہ - گلّہ ف بہ تخفیف و تشدید ریوڑ جانوروں کا غول ٭
گلّہ ف وہ کپڑا جو حمام کی چھت پر بطور سائبان لگاتے ہیں - آسمان - گبری ٭
گلہ بان ف ریوڑ والا - گڈریا چرواہا ٭
گلہ بانی ف گلے کی نگہبانی کرنا ریوڑ کی رکھوالی کرنا ٭
گلہ بھیجی گلہ ہرکاری ف گلہ گشتی ٭
گلہ دوست ف گلے کا درد ٭
گلہ موش ف بید مشک ٭
گلی ف مٹی کا ٭
گلیچہ ف ٹکلی - چاند یا سورج کی ٹکیا - روغنی روٹی کی ٹکیا ٭
گلیز - گلیز ف پانی اور لعاب جو کسی حیوان یا آدمی کے منہ سے نکلے پنجابی رال ٭
گلیگ ف گلگہ - راج ٭
گلیم ف کملی - اون کا کپڑا ٭
گلیم از آب بر آوردن - گلیم از دریا بیروں آوردن - گلیم بروں بردن ف اپنے تئیں تیرنا تیر کر نکل آنا - خطرناک جگہ سے بچ نکلنا ٭
گلیم خویشتن بیروں بردن ف آپ تیر کر نکل آنا - اپنے تئیں کسی طرح کی ہلاکت سے بچا لینا - صرف اپنی جان بچا لینا ٭
گلیم شوے ف گدڑی دھو گدڑی دھونے والا - اشنان یار زعفران کی جڑ ٭
گلین گوے ف کرۂ ارض زمین ٭

گاف فارسی مع میم

گم ف کھویا جانا - مفقود - ضائع ٭
گمار ف امر گماشتن مصدر [illegible] پاؤں کی آہٹ ٭
گماشتن ف مقرر کرنا - متعین کرنا چھوڑنا ٭
گماشتہ ف وہ شخص جو کسی کی طرف سے کسی کام کے واسطے مقرر ہو ٭
گمان ف وہم - شک - ظن خیال ٭
[illegible] خیال کرتا ہوں ٭
گمانہ ف گمان - آدمیوں کو شک میں ڈال دینا - وہ کنواں جو اس امر کے معلوم کرنے کے لئے کہ کنوئیں میں پانی کتنی گہرائی پر نکلیگا - کھودتے ہیں ٭
گم بودگی ف ڈرنا ٭
گمراہ ف راہ بھولا ہوا ٭
گمراہی ف راہ بھولنا ٭
گم رفتن ف گمراہ جانا ٭
گم زدہ ف گمراہ ٭
گم شدہ لب دریا ف وہ شخص جو تیرنا نہ جانتا ہو - اور پانی میں غرق ہو جاتے ٭
گم کردہ پے ف وہ شخص جس کا کھوج نہ لگے بے نشان و سراغ
گم کردہ فرزند ف حضرت یعقوب علیہ السلام سے مراد ہے ٭
گم گرفتن چیزے ف اسے [illegible] - اُس کی طرف [illegible]
گمک ف [illegible] کی آواز [illegible]

گاف فارسی مع نون

گناہ ف دوس - خطا ٭
گناہ بخش ف گناہ بخشنے والا - [illegible] ٭
گناہگار ف خطا کار - جس نے گناہ کیا ہو ٭
گناہ [illegible] خواستن ف اُسکا گناہ معاف کروانا - اُس کی سفارش کرنی ٭
گنبد ف گنبذ - برج - غنچہ قبہ پیالہ ٭
گنبد آب ف بلبلہ ٭
گنبد ازرق - گنبد آفت پذیر ف آسمان
گنبد اعظم ف عرش اعظم ٭
گنبد تیز رو - گنبد تیز گشت ف آسمان
گنبد چار بند ف عناصر اربعہ کے لحاظ سے دنیا کو - اور چار جہات و شمال و جنوب - مشرق - مغرب کے اعتبار سے آسمان کو کہتے ہیں ٭
گنبد جانستاں - گنبد حراقہ رنگ - گنبد خضرا - گنبد دوگشت - گنبد دولابی - گنبد دولاب رنگ - گنبد شگرف - گنبد صوفی لباس - گنبد طاقدیس - گنبد فیروزہ خشت - گنبد گیتی نورد - گنبد لاجورد - گنبد لاجوردی - گنبد مفرش - گنبد نارنج - گنبد نارنگ - گنبد نیلوفری - گنبد نیلگوں ف آسمان ٭
گنبد ساختن ف بدکاری کے لئے اپنے [illegible] اکٹھا [illegible] ٭
گنبد عضد ف شیراز کے بادشاہ عضد الدولہ دیلمی کا مقبرہ جو شیراز کے باہر واقع ہے ٭
گنبد گرداں ف پھرنے والا برج آسمان سے مراد ہے - کیونکہ تمام ستارے اُس میں گردش کرتے ہیں

نیز زمین کی حرکت روزانہ کے سبب بھی معلوم ہوتا ہے۔ کہ گویا آسمان پھر رہا ہے۔

گنبدِ گل ف غنچہ۔ کلی۔

گنبدِ مائل ف فلک آفتاب چوتھا آسمان۔

گنبدِ معنبر ف معشوق کے سر کے بال

گنبدی ف گنبد۔ ایک ستون والا خیمہ۔

گنج ف گنجائش۔ حصہ رسدی۔

گنج ف خزانہ۔

گنج ف سرگشتہ۔ متحیر۔ مغرور خودستا۔

گنجار۔ گنجارہ ف ابٹنا۔ گلگونہ

گنجِ افراسیاب ف خسرو پرویز کے چوتھے خزانہ کا نام تھا۔ جو افراسیاب کا خزانہ تھا۔ اور خسرو پرویز کے ہاتھ لگا۔

گنجِ الٰہی ف قرآن مجید۔ قناعت

گنجایش ف سمائی

گنجِ باد۔ گنجِ بادآورد ف خزانہ خسرو پرویز کے دوسرے خزانے کا نام ہے۔ اسی کو گنجِ شایگان بھی کہتے ہیں۔

گنجِ بار ف خسرو پرویز کا آٹھواں خزانہ جسے گنجِ گاو بھی کہتے ہیں یہ ایک دہقان کو ہل چلانے سے ملا تھا

گنجِ حکیم ف سورۂ فاتحہ۔ قرآن کی پہلی سورۃ۔

گنجِ خاکی ف آدم۔ بنی آدم۔

گنجِ خانہ ف مخزن۔ خزانہ رکھنے کی جگہ۔

گنجِ خضرا ف خسرو پرویز کے چھٹے خزانے کا نام ہے۔

گنجِ وار ف علم موسیقی میں ایک لحن کا نام ہے۔

گنجِ دبیہ ف خسرو پرویز کے تیسرے خزانے کا نام ہے۔

گنجِ دیوار بست ف وہ خزانہ جو اس دیوار کے نیچے تھا۔ جو گرنے کے قریب تھی۔ اور حضرت خضر علیہ السلام نے اس دیوار کو درست کر دیا تھا۔

گنجر۔ گنجرہ ف غازہ۔ گلگونہ۔

گنجِ رواں ف گنجِ قارون جو ابھی تک زمین کے نیچے دھنستا چلا جاتا ہے۔

گنجِ سوختہ ف خسرو پرویز کے پانچویں خزانے کا نام ہے۔

گنجِ شادآورد ف خسرو پرویز کا ساتواں خزانہ۔

گنجِ شایگان ف خسرو پرویز کے خزانہ بادآورد کا یہ بھی نام ہے چونکہ شایگان دراصل میں شاہگان ہے۔ یعنی لائق بادشاہان۔ کے معنی فراخ۔ لائق۔ سزاوار کے ہیں۔ اس لئے خزانہ مذکور کا یہ نام ہوا۔ مجازاً ہر ایک نادر اور عمدہ شئے۔

گنجشک ف چڑیا۔ عصفور چھوٹا مرغ۔ ہر چھوٹا پرندہ۔

گنجِ عروس ف خسرو پرویز کا پہلا خزانہ۔

گنجِ فریدون ف علم موسیقی میں ایک راگ ہے۔

گنجفہ ف چند ورق گول ایک کھیل کے ہوتے ہیں۔

گنجِ قارون ف قارون کا خزانہ جس کی مقدار یہ تھی۔ کہ چالیس قوت والے آدمی اس کے خزانوں کی کنجیوں کو اٹھاتے ہیں۔

گنجِ گاو۔ گنجِ گاوان۔ گنجِ گاومیش ف جمشید کا خزانہ جو بہرام گور کے وقت ایک کسان نے نکالا تھا۔

گنجور۔ گنجوبر ف اصل میں گنجور ہے۔ خزانہ رکھنے والا۔ خزانچی۔ مالک خزانہ۔

گنجہ ف تبریز اور شروان اور گرجستان کے مابین ایک شہر ہے حضرت نظامی گنجوری مصنف سکندرنامہ کا بھی مولد و موطن ہے۔

گنجیدن ف سمانا۔

گنجینہ ف خزانہ۔

گنجینہ دار ف خزانچی۔

گند۔ گندائی ف ناخوش بو۔ بدبو۔

گندا ف وہ چیز جس سے بدبو آئے

گند آور ف مردانہ۔ دلاور شجاع سپہ سالار

گند ف خایہ۔ خصیہ۔

گندز ف کنگ دژ۔

گندش ف گوگرد۔ گندھک۔

گندگ ف گوگرد گندھک بارود۔

گندم ف گیہوں۔ کنک۔

گندم نما و جو فروش ف دغا باز آدمی جس کا ظاہر کچھ ہو اور باطن کچھ۔

گندم گوں ف گیہوں کے رنگ۔

گندمہ ف ثولول۔ آژخ۔ مسا

گندنا ف ایک قسم کی ترکاری ہے

گندناگوں ف سبز رنگ مائل بہ اندک سیاہی۔

گندناگوہر ف اندرائن۔

گندہ ف باریک کی ضد۔ عفت گوشت کا بڑا سا گوفتہ۔ مسا۔

گندہ ف ناپاک۔

گندہ پیر ف بہت بوڑھی عورت

گندہ پیر کابلی ف کابل میں ایک جادوگر عورت تھی۔

گندہ دماغ۔ گندہ مغز ف متکبر سرکش۔

گندہ مغزی ف تکبر کی بات کہنی

گندیدن ف کسی چیز سے بدبو آنا

گنگ ف گونگا بے زبان۔

گنگ ف دریائے گنگا جو ملک ہندوستان کا ایک مشہور دریا ہے مقام گنگوتری سے نکل کر خلیج بنگالہ میں جا گرتا ہے۔ ترکستان اور چین میں اس نام کے دو بتخانے ہیں۔ ایک جزیرے کا نام بھی ہے ہر چیز بھی شئے۔ خصوصاً مادرزاد۔ کبڑا۔ ایک پہاڑ بھی ہے۔ گنگ دژ جو ایک قلعہ ہے خوب و زیبا۔ چارچ۔ جو ایک شہر ہے بیت المقدس۔

گنگا ر ف وہ سانپ جس نے تازہ کینچلی جھاڑی ہو ٭
گنگ بہشت ۔ گنگ دژ ف ایک قلعہ کا نام ہے جسے ضحاک نے شہر بابل میں بنایا تھا۔ ترکستان کے مشرق میں بھی ایک شہر ہے جہاں کی آب و ہوا عمدہ اور لوگ خوب صورت ہیں ٭
گنگ دژ ہخت ۔ گنگ دژ ہوخت ۔ گنگ دژ ہرج ف بیت المقدس ٭
گنگ وہ زبان ف گل سرخ
گنگل ف ہزل ۔ ظرافت ۔ مسخرگی
گنگلاج ف الکن وہ شخص جو صفائی سے نہ بول سکے بولنے والے نے تک ہایا کرے ٭
گنور ف ہندوستان کے صوبہ مالوہ کے علاقے میں ایک قلعہ ہے ٭
گنہ ف مخفف گناہ کا ٭
گنہگار ف گناہ کرنے والا خطاکار

گاف فارسی مع واو

گو ف گاو ۔ گائے ٭
گو ف گیند ۔ تکمہ ۔ گریبان چھوٹا خرد ٭
گوت گڑھا ۔ شجاع ۔ دلیر ٭
گوا ف مخفف گواہ کا ٭
گواچو ۔ گواچہ ف جھولا ۔ پنجابی پینگ ٭

گوار ف مزاج کے موافق پسند خوش مزہ ۔ زود ہضم ۔ اور جلد گلے سے نیچے اتر جانے والی شے ٭
گوارہ ف احمق ۔ بیوقوف ۔ گنوار
گوارہ کواراں ف خوش ذائقہ زود ہضم ٭
گوارش ف گوارا ہونا خوش مزہ ہونا ۔ جوارش جو ہاضمے کی ایک مرکب دوائی ہوتی ہے ٭
گوارندہ ف خوش ذائقہ ۔ زود ہضم ٭
گوارہ ف گہوارہ ۔ بچھڑوں کا چھپنا گائے بھینس کا گلہ ٭
گواریدن ف ہضم ہونا ۔ پسند ہونا
گوال ف جوال ۔ گون ٭
گوالیار ف بار سنگین بہت بھاری بوجھ
گوالیار ف ہند میں ایک شہر ہے
گوالیدن ف درخت وغیرہ کا بڑھنا ۔ نشوونما پانا ٭
گواز ۔ گوازہ ف چوپائے ہانکنے کی لکڑی ۔ لکڑی کی اوکھلی ٭
گوازہ ف مسخرگی ۔ مزاح ۔ خوش طبع آدمی لنگی ۔ دوپاک ٭
گواش ف صفت ۔ رنگ ٭
گواشمہ ف نقنقہ ۔ اوڑھنی ٭
گوان ف جمع گو کی ۔ پہلوان لوگ
گوانکلہ ف تکمہ اور اس کے ڈالنے کا حلقہ ۔ سوراخ ٭
گواہ ف گواہی دینے والا ۔ شاہد ٭
گواہی ف ہر چیز کا مغز ٭

گوبارہ ف گائیوں اور بھینسوں کا گلہ گایوں کے باندھنے کی جگہ ٭
گوپال ف گرز ۔ تخت خواہ لوہے کا ہو خواہ لکڑی کا ۔ شاہ روس کے رشتہ داروں میں سے ایک شخص کا نام ہے ٭
گوپان ف گڈریا ۔ گایوں اور بھینسوں کا چرانے والا ٭
گوبیازہ ف ایک قسم کا کھانا ہے
گوتازی ف لاف ۔ جھوٹا دعوے
گوچی ف چھوٹی سی غار ٭
گوداب ف دوشاب ٭
گودبال ف گودام ٭
گودر ف مرغابی کی قسم کا ایک جانور ہے ۔ جس کا گوشت بدبودار ہوتا ہے بچھڑا ۔ گوزن کا بچہ ۔ بچھڑے کا چھڑا ہوا اور ۔ گیہوں کے کھیت میں اگی ہوئی بوٹی ۔ شاپور شاہ ایران کے بیٹے کا اور ایران کے ایک پہلوان کا نام بھی ہے ٭
گودرز ف دو اشکانی خاندان کے بادشاہوں کا نام ہے جن میں سے ایک حضرت عیسے علیہ السلام کا ہمعصر تھا ۔ وہ شاپور کا بیٹا تھا ۔ دوسرا ایران شاہ کا بیٹا تھا ۔ دو ایرانی پہلوانوں کا نام بھی ہے ۔ ایک تو کاوہ آہنگر کا پوتا ۔ دوسرے گشواد کا بیٹا ٭
گودہ ف تن ۔ بدن ٭
گودہ ف ہر چیز کا مغز ٭

گودہ بجزام ف نکما اور سست آدمی ٭
گور ف گورخر ۔ بہ معنی مجازی ہیں اصل میں گور جنگل کو کہتے ہیں ۔ اور قبر ۔ شراب عیش و عشرت ۔ بہرام گور کا لقب بھی ہے ٭
گور ف گبر ۔ جو زردشت کے مذہب کے آتش پرست ہیں گوز جو پہلے بنگالہ کا دارالخلافہ تھا برہمنوں کی ایک ذات بھی ہے ٭
گوراپہ ف وہ گاؤں جس میں رستم کے بزرگوں کا گورستان تھا ۔ قبر کے اوپر کا گنبد ٭
گورا گور ف بہت ہی جلدی ٭
گورب ف جورب ۔ جراب پہننے کی جوتی ٭
گوربا مدفون ف وہ مچھلی جس کے پیٹ میں یونس علیہ السلام رہے تھے ٭
گوربافک ف ایک چھوٹا سا پرندہ ہے ۔ جو اپنا آشیانہ نرم گھاس سے جراب کی شکل کا بناتا ہے ٭
گورچشم ف ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں گورخر کی آنکھ کی طرح نقش ہوتے ہیں ٭
گورخان ف چین کے بادشاہوں کا لقب ہے ۔ بہرام گور کو بھی کہتے ہیں ٭
گورخانہ ف قبرستان ٭
گورخر ف صحرائی ۔ جنگلی گدھا ٭

گورشبین ف گلیم ـ پشم کا کپڑا
گورس ف بھوک ◆
گورستان ف قبرستان قبروں کی جگہ ◆
گورک ف دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا پتھر ◆
گورگان ف ترکیب ہے گور یعنی عیش و عشرت (شراب) اور کان (کمانے والا) سے وہ شخص جو لائق عیش و عشرت کے ہو۔ لقب شاہ تیمور کا مجازاً ہر بادشاہ جلیل الشان کو گورگان کہتے ہیں عربی تاریخ تیموری میں لکھا ہے کہ گورگان مغلوں کی زبان میں بمعنی داماد ہے چونکہ امیر تیمور بادشاہوں کا داماد ہوا ہے اور اکثر ان کے گھر میں اس کی نشست و برخاست رہی ہے اس واسطے اس کا لقب گورگان ہوا
گورکن ف بجو ◆
گور گور ف بہت جلد ◆
گورنا ہیدفون ف وہ مچھلی جس نے یونس کو نگل لیا تھا ◆
گورنفس ف آدمی کا بدن ◆
گوری ف عشرت و نشاط ـ گورخر کی طرح دوڑنا ـ عیش و نشاط میں پڑ جانا
گوزر ف مخفف گوزن کا ◆
گوز ف وہ ہوا جو پیچھے کی راہ سے باآواز نکلے ـ گیند ـ گلولہ ـ پرا ـ بد ـ گوگل ◆
گوزبان ف دیچی ◆
گوزو ف گبریلا ◆

گوز شاشنند ف آسمان ◆
گوزم ف بہری آنکھ ◆
گوزن ف بارہ سینگا ـ جو مشہور جانور ہے ◆
گوزہ ف غوزہ ◆
گوسالہ ف بچھڑا ـ گائے کا بچہ اونٹ اور ہاتھی کا بچہ ـ ہر چھوٹی عمر کا ـ مجازاً بے عقل نوعمر جوان ◆
گوسالۂ فلک ف برج ثور ◆
گوسپند ـ گوسفند ف بکری بھیڑ
گوسپندکشاں ف عید قربان کا دن
گوست ف کوتکی ـ کوس ◆
گوش ف کان ـ گوشہ ـ ہر شمسی مہینے کا چودھواں دن جو فارسیوں کے ہاں بہت مبارک ہے ◆
گوشاسپ ف خواب دیکھنا ـ رویا ـ احتلام ـ وہ جوان جس کی ڈاڑھی مونچھ ابھی نہ نکلی ہو ◆
گوش افتادن ف بہرا ہونا ◆
گوش افگندن ـ گوش انداختن ف متوجہ ہونا ـ کان کا دھرنا ◆
گوشان ف انگور کا پچوڑ ◆
گوشانہ ف گوشہ ـ کونا ـ کمین گاہ ـ گھات
گوش بدر ـ گوش برآواز ـ گوش بردر ـ گوش براہ ف منتظر ـ منتظر ـ کسی خبر کے آنے کا ـ امیدوار ◆
گوش برداشتن ف ناامید ہونا انتظار چھوڑ دینا ◆
گوش بردرداشتن ف انتظار کھینچنا ـ منتظر ہونا ◆

گوش برتافتن از کسے ف کسی سے منہ پھیر لینا ـ ٹال دینا ◆
گوش بشر ف ایک شخص کا نام ہے ـ جس کی نسبت یہ روایت ہے کہ سکندر کو بابل کی راہ میں ایک پہاڑ سے یہ شخص ملا تھا اور وہ اپنے ایک کان کا استر اور ایک کان کا لحاف بناکر سوتا تھا ـ کیونکہ اس کے کان بہت ہی لمبے تھے ◆
گوش پیچ ـ گوشت پیچ ـ گوشتاب ف کان کھینچنے ـ تنبیہ ـ سزا ـ وہ کپڑا جو جاڑے کے دنوں سردی بچنے کے لئے کان اور سر کے گرد لپیٹ لیتے ہیں ◆
گوش پیچیدہ ـ گوش خوردہ ف تنبیہ کیا ہوا ـ آگاہ کیا ہوا ـ مجازاً شاگرد ◆
گوشت ف ماس ◆
گوشاسپ ف احتلام ـ پرندوں کی چہچہ ◆
گوش تا گوش ف اس سرے سے اس سرے تک ◆
گوشت آرنج ـ گوشت آہنگ ف وہ کانٹے جس کے ساتھ دیگ سے گوشت نکالیں ـ چیل ◆
گوشت خر ف بیکار چیز ◆
گوشت ربا ف چیل ـ زغن ◆
گوش تیز شدن ف سننا ◆
گوش تیز کردن ـ گوش بپا کردن ف کان دیکر سننا ـ خوب متوجہ ہونا ◆
گوش خارک ف کان کھجانے کی

چیز ـ کنکھجورا ◆
گوش خاریدن ف دیر کرنا ـ توقف کرنا ـ فکر کرنا ـ متفکر ہونا ◆
گوش خچہ ـ گوش خر ـ گوش خرک ـ گوش خارک ـ گوش خراشیدن ف کان کو ایذا پہنچانا ◆
گوش خوردہ ف سزا یافتہ ◆
گوش دادن ف متوجہ ہونا ـ کان دیکر سننا ◆
گوش داشتن ف متوجہ ہونا ـ محافظت کرنا ـ نگاہ رکھنا ـ بچائے رکھنا ـ سنبھالے رکھنا ◆
گوش دریا ف سیپی ـ مجازاً چھوٹا سا پیالہ ـ پیالی ◆
گوش دریدہ ف وحشت ◆
گوش زدہ ف سنا گیا ـ شنیدہ شدہ مسموع ـ وہ بات جو کسی شخص کو اس لئے کہی جائے کہ کسی اور موقع پر اس یا کسی اور کے مفید مطلب ہو ◆
گوش سبک داشتن ف جو کچھ کوئی کہے وہی مان لینا ـ جدھر کوئی پھیرے ادھر ہی پھر جانا ◆
گوش ساغر مالیدن ف پیالہ کو ہاتھ میں لیکر شراب پینا ◆
گوش سرا ف سنی ہوئی بات کو اچھی طرح سمجھ لینے والا آدمی ◆
گوش شدن ـ گوش گشتن ـ گوش کشیدن ف ہمہ تن کان بن جانا ـ توجہ تام سے سننا ـ فقط سنا ہی کرنا ◆
گوش کردن ف سننا ـ دیکھنا

گوش گرفتن ف تنبہ ہونا۔ عبرت
پکڑنا۔ اپنی حماقت کا اقرار کرنا +
گوش گذار ف کان میں پہنچانا +
گوش کشودن ف توجہ سے سنا +
گوشمال ف گوشمالی۔ کان ملنا۔ سزا۔ تنبیہ
گوشمالیدن ف ہوشیار کرنا۔ تنبیہ
تنبیہ دینا۔ ہوشیار ہونا۔ مستعد ہونا +
گوش لب ف جسکے ابھی ڈاڑھی
مونچھ نہ نکلی ہو +
گوش ماہی ف سیپ۔ سیپ کا پیالہ +
گوش نہادن ف بات سننا۔ متوجہ ہونا
انتظار کھینچنا۔ چھوڑ دینا +
گوشوارہ ف ایک زیور کا نام ہے جسے کان
میں لٹکاتے ہیں۔ بالا۔ کسی چیز کا اختتام +
گوشوارہ فلک ف پہلی رات کا چاند۔ ہلال
گوشہ ف کونا +
گوشہ ابرو بلند کردن گوشہ ابرو بلند
شدن ف بے دماغ ہونا۔ خفا ہونا +
گوشہ ابرو جنبانیدن گوشہ ابرو نمودن
ف بھوں سے اشارہ کرنا +
گوشہ باعے گرفتن ف گوشہ نشینی اختیار کرنا
گوشہ بامش ف مسند کا کنارہ یا کونا +
گوشہ جام شکستہ ف ہلال +
گوشہ چشم بچیزے کردن ف اُس
کی طرف التفات کرنا۔ متوجہ ہونا +
گوشہ خاطر ف التفات۔ توجہ +
گوشہ خاطر سوے کسے کردن ف
اُسکی طرف التفات کرنا۔ متوجہ ہونا +
گوشہ زنجیر ف زنجیر کی کڑی +
گوشہ گرفتن ف خلوت میں جا بیٹھنا۔
گوشہ نشینی اختیار کرنا +

گوشیار ف فارس کے ایک حکیم ابوالحسن نام
کا لقب ہے۔ جو شیخ بو علی سینا کا اُستاد تھا +
گوک ف مغاک۔ چھوٹی خندق +
گوک ف آسمان۔ آسمانی رنگ +
گوگ۔ گوگر ف نکمہ۔ مساء۔ بچھڑا +
گوگار۔ گوگال۔ گوگرو رنگ
گوگیہ ف گندک +
گوگرد سرخ ف سرخ گندک۔ جو جزو
اعظم اکسیر کا ہے +
گوگرہ ف کہکشاں +
گول ف احمق۔ نادان۔ مکر۔ فریب۔ الو
وہ گڑھا جس میں تھوڑا سا پانی کھڑا ہو +
گول ف سرمئی کمبل +
گولاو ف ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے +
گولاج۔ گولانج ف ایک قسم کا حلوا ہے +
گولخ۔ گولخن ف گلخن +
گولغیچہ ف گلگونہ۔ غازہ +
گولہ ف گولہ خواہ کھیلنے کا گیند۔ خواہ
توپ کا گولہ جنگلی چوہا۔ پانی پینے کا کوزہ +
گومست ف مہوس پیغمبر کی کتاب
جسے زردشت لائے تھے +
گومہ ف گھاس پھوس کی جھونپڑی +
گون ف رنگ۔ طرح۔ طرز۔ روش۔ صفت
گونہ ف رنگ۔ لون۔ غازہ۔ طرز۔ طور۔
روش۔ قاعدہ +
گوناب ف سرخی اور گلگونہ +
گوناگون۔ گونہ گون ف نانا۔ طرح طرح
گونجی ف عزیز و گرامی۔ شجاع۔ دلیر +
گوشمہ ف گردن پتلا ہونا۔ جوالدوز +
گونہ ف رنگ۔ قسم۔ ڈھنگ۔ غازہ۔
رخسارہ۔ چہرے کی دو طرفیں +

گوتیا ف معماروں کا ایک اوزار ہے جو
اسی نام سے مشہور ہے +
گوارہ ف مخفف گہوارہ +
گوہ ف مخفف گواہ +
گوہر ف جوہر۔ موتی۔ ذات ہر شے کی۔
اصل چیز کی۔ عقل۔ عوض +
گوہر آدم ف آدم کی اصل۔ فرزند آدم۔ مٹی +
گوہر آسمان ف آسمان کا جرم۔ کواکب +
گوہر آگین ف جڑاؤ۔ وہ شے جس میں
موتی جڑے ہوئے ہوں +
گوہر آمای ف ہستی بخش۔ کیونکہ گوہر کے
معنے ہستی اور ذات کے بھی ہیں +
گوہران ف چار عنصر +
گوہر بار ف موتی برسانیوالا۔ موتی عطا
کرنے والا۔ واعظ۔ ناصح +
گوہر رشتہ کردن گوہر در رشتہ
کشیدن ف موتی لڑی میں پرونا +
گوہر شب ف آنسو +
گوہر خاتون ف سلطان سنجر کی بیوی کا نام ہے
گوہر خانہ خیز۔ گوہر خاصے ف جناب
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم +
گوہر زاے ف بزرگزادہ۔ اصیل
نیکو کار۔ عقلمند +
گوہر سفتن ف موتی بیندھنا۔ ازالہ بکارت
کرنا۔ عمدہ اور موزون کلام کرنا +
گوہر شکستن ف دولت اور منصب کا
ہاتھ سے کھو دینا۔ ہنسنا۔ مسکرانا +
گوہر ریستن بر چیزے ف اُس پر
موتی نثار کرنے +
گوہر کش ف وست بر کن۔ کنگن +
گوہر سنج سفت گوہر سنج و گوہر سفت ف کوزہ

گوہر مطہر ف پاک چیز۔ پاک اصل۔
نیک۔ خالص +
گوہر ملک ف شاہزادہ۔ بادشاہ +
گوہر نیم سفت ف ایسی کلام جو ہر ایک کی
سمجھ میں نہ آسکے ایسی کلام جس میں صرف و نحو اور
صنایع بدایع کے قانون کا لحاظ نکیا گیا ہو +
گوہری ف جوہری۔ موتی والا۔ ذاتی۔
ہر صاف اور چمکدار شے +
گوہر بدن ف بدلانا۔ ایک چیز کے بدلے
دوسری چیز لینا۔ معاوضہ +
گوے ف گیند۔ گھو +
گوئی ف تو کہے تشبیہ اور شک کا کلمہ ہے
گویا ف کہنے والا۔ ہاں تشبیہ کا کلمہ
ہے۔ ظاہرا۔ غالباً +
گوے انگلہ ف گوانگلہ +
گویائی ف گفتگو کی طاقت +
گویا ے گہوارہ ف حضرت عیسیٰ علیہ السلام
گوے باز ف گیند کھیلنے والا۔ وہ بازیگر جو
کئی گیند لیکر ہوا میں پھینکتا اور پکڑتا ہے +
گوے بردن ف گیند اچک لیجانا۔
آگے بڑھ جانا۔ غالب آنا۔ سبقت لیجانا
فائق ہونا +
گویر ف پیشکار۔ سراب۔ سوا +
گوے زر۔ گوے زری ف آفتاب
گویس۔ گویسہ۔ گویش۔ گویشدہ
دود اور لسی کا برتن +
گوے ساکن ف زمین کا مدور کے نقطے
گوے سبقت ربودن ف سبقت
لیجانی۔ بڑھ جانا۔ غالب ہونا +
گوے سیم۔ گوے سیمین ف چاندی
گوے شدان ف دوا لینے میں پانا +

گوے ف تکمہ گھنڈی +

گوے گرداں۔ گوے گردانک ف گوبر کا کیڑا۔ گبریلا +

گوے گریبان ف گریبان کا تکمہ +

گوئیدہ ف کہنے والا۔ مجازاً مخبر۔ زبان

مُترجم۔ گویا۔ پوچھنے والا۔ سائل +

گوئیا ف مزید علیہ گویا کا۔ گویا +

گویہ ف پہاڑ کی غار جس میں اکثر فقیر

لوگ جا رہتے ہیں +

گاف فارسی مع ہائے ہوز

گہ ف مخفف گاہ کا +

گہاں ف جہان۔ عالم۔ دنیا +

گہر ف مخفف گوہر کا +

گہربار ف موتیوں کا مینہ برسانے والا

جوانمرد۔ سخی۔ واعظ۔ ناصح +

گہرباری کردن ف آنسو بہانا۔ منہ سے

موتی جھاڑنے۔ عمدہ کلام کرنا +

گہرخانۂ اصلی ف خدا تعالےٰ کا قرب

گہرعقد فلک ف آسمانی ستارے +

گہرریز ف یعنی گہربار +

گہگیر ف وہ گھوڑا جو آدمی کو اپنے اوپر

سوار نہ ہونے دے۔ اور جو سوار بھی ہو

جائیں تو آگے قدم نہ بڑھائے سرکش گھوڑا

گہن ف گھن وہ کیڑا ہے جو لکڑی کو اندر

ہی اندر کھا جاتا ہے +

گہوارہ ف ایک قسم کی چارپائی ہوتی ہے

جو بچوں کے جھلانے کے واسطے ہوا

میں لٹکاتے ہیں۔ اور اس کو ہلاتے

رہتے ہیں۔ جھولا۔ ہنڈولا +

گہوارۂ دیو ف کشتی کا ایک فن ہے۔

مجازاً بدطینت آدمی +

گہوارہ فنا ف دنیا +

گہولی ف ایک چیز کو دوسری چیز سے

بدلانا +

گاف فارسی مع یائے تحتانی

گی ف علامت حاصل مصدر کی۔ جیسے

بخشندگی۔ آسودگی وغیرہ +

گیا ف مخفف گیاہ کا +

گیاخن ف نرمی۔ آہستگی۔ کسی کام کو

نرمی اور آہستگی کیساتھ کرنا +

گیاغ۔ گیاہ ف گھاس۔ کاہ +

گیاہ آبگینہ ف ایک گھاس ہے جس سے

شیشے کو جلا دیتے ہیں۔ اور وہ پرانی

کھانسی کے لئے مفید ہے +

گیاہ نمناک ف خرفہ۔ بقلۃ الحمقاء

گیپات ایک قسم کی پاپڑ ہے +

گیت ہ سرود +

گیتی ف دنیا۔ عالم۔ زمین ایک خوشبودار

پھول کا نام بھی ہے +

گیتی بان ف دنیا کا محافظ۔ ہفت

اقلیم کا بادشاہ +

گیتی پژوہ ف طالب دنیا۔ دنیادار

بادشاہ سے بھی مراد ہے +

گیتی فروز ف جہان کا روشن کرنے

والا۔ آفتاب سے مراد ہے +

گیتی نورد ف مسافر۔ اور آفتاب سے

بھی مراد ہے +

گیج ف پریشان۔ پراگندہ۔ خاطر۔

احمق۔ متحیر۔ مغرور۔ متکبر۔ خودستا +

گید ف چپل +

گیدی ف بے غیرت۔ منسوب بہ

گید (چپل) جس کی نسبت لوگوں کا یہ

خیال ہے۔ کہ وہ چھ مہینے مادہ اور چھ

مہینے نر رہتی ہے +

گیر ف پکڑ +

گیرا ف پکڑنے والا +

گیرخ ف رحل جس پر قرآن شریف

رکھکر پڑھا کرتے ہیں +

گیرنگ ف خراسان میں ایک قصبہ ہے

گیرودار ف فرمانبری۔ حکومت۔

حکمرانی۔ کرو فر۔ سلطنت۔ امیری

یہ دونو امر کے صیغے ہیں۔ اور چونکہ

(پکڑ لے۔ اس کو نگاہ رکھ) یہ دونو

کلمے اکثر حکومت کے وقت کہے جاتے

ہیں۔ اور حکمرانی پر دلالت کرتے

ہیں۔ اس واسطے۔ مجازاً اسے انہی

معنوں میں استعمال کرتے ہیں

اور بمعنے لڑائی۔ جنگ۔ مخمصہ۔

کیونکہ اس میں بھی اکثر ان

دونوں لفظوں کا استعمال ہوتا

ہے +

گیس۔ گیسو ف زلف۔ پہلا۔ دوسرے

کا مخفف ہے +

گیسواں ف جمع گیسو کی +

گیسو بریدہ ف بے حیا عورت۔

زن فاحشہ +

گیسودار ف گیسو والا۔ مجازاً سید۔

مولازادہ۔ پیرزادہ +

گیل۔ گیلان ف اس کا معرب جیل

اور جیلان ہے۔ اور یہ پہلے ایک صوبہ

ایران کا تھا۔ اب سلطنت روم کے

ماتحت ہے +

گیلی ف منسوب بہ گیل۔ عمدہ گھوڑا۔

کیونکہ گیلان کا گھوڑا مشہور ہے +

گیمن ف صاحب۔ خداوند۔ مالک

بھرا ہوا۔ پُر +

گینہ ف آئینہ۔ منہ دیکھنے کا شیشہ۔

مخفف آبگینہ کا +

گیو ف گودرز نامی ایرانی پہلوان کے

بیٹے کا نام ہے جو ترکستان میں جاکر

کیخسرو بن سیاوش کو افراسیاب کی

قید سے نکال لایا تھا +

گیو ف گویا بولنے والا۔ زبان۔ ظاہر

غالباً +

گیور ف قصہ خواں۔ افسانہ گو۔ سے۔

حس مشترک جو حواس خمسہ میں سے

ایک حس ہے +

گیوگاں ف ایک ایرانی پہلوان کا

نام ہے۔ کرازہ پہلوان اسی کا بیٹا

تھا +

گیومرث ف مرکب ہے گیو (گوے) مرث

(زندہ) سے فارس کے سب سے پہلے بادشاہ

کا نام ہے جو دنیا میں غالباً پہلا بادشاہ۔

زمین۔ خاوران کے بادشاہ کا نام ہے

جس نے کیخسرو کا بذات خود مقابلہ کیا تھا +

گیوہ ف ہند کی ایک طرح کی جوتی ہے

گیہ ف گیاہ کا مخفف +

گیہاں ف جہان۔ عالم۔ دنیا +

گیہاں خدیو ف بہ اضافت مقلوب

خدیو گیہاں۔ خداوند جہاں۔ جہان کا

بادشاہ۔ یہ لفظ ذات باری کے سوا

اور کسی پر بولا نہیں جاتا +

باب اللام

لام مع الف

لا ع نہیں یہ کلمہ نفی کا ہے +

لاف پردہ ت لاف وگزاف۔ بیہودہ بکنے والا +

لَا اُبالی ع صیغہ مضارع واحد متکلّم کا ہے لغوی معنے اسکے ہیں۔ میں پرواہ نہیں رکھتا ہوں۔ مجھے خوف نہیں ہے مجازاً بیباک بے پرواہ آدمی +

لَا اُحصی ع اشارہ ہے طرف حدیث نبوی کے لَا اُحصِی ثَنَاءً عَلَیکَ اَنتَ کَمَا اَثنَیتَ عَلٰی نَفسِکَ کے جسکے معنے ہیں۔ میں شمار نہیں لا سکتا تیری صفات (اے خداوند تعالیٰ) تو ہے جیسا تو نے تعریف کی ہے اپنی ذات کی آپ +

لاب ی یونانی زبان میں آفتاب کو کہتے ہیں۔ اور مراد ف لابہ کا ہے لعد یس علیہ السلام کے والد اور ایک حکیم اصطرلاب کے موجد کا نام بھی ہے

لَا بُدّ ع مرکب ہے لا (کلمہ نفی) اور بُدّ (معنے علاج۔ چارہ) سے جس سے چارہ نہ ہو۔ بالضرور۔ ناچار۔ ناگزیر۔ لا علاج +

لابدی ف ضروری +

لابرلاف ت برتہ۔ مقراض +

لابن ع دودھ والا۔ بہت دودھ کا مالک

لابہ ف نہایت عاجزی سے اپنی محبت کا ظاہر کرنا۔ چرب زبانی۔ چاپلوسی۔ تملق۔ خوشامد۔ مجازاً۔ دغا۔ فریب۔ عجز۔ خواہش +

لابیدن ف ڈینگ مارنا۔ بیہودہ بکنا +

لات ع ایک بت کا نام ہے۔ جسے حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پوجتی تھی۔ لا تُضِیعُ الحِکمَۃَ عِندَ غَیرِ اَھلِھَا تُظلِمُوھَا ۔ نہ ضایع کرو حکمت (کی باتوں) کو اُن لوگوں کے سامنے (کیونکہ) جو اُسکے لائق نہیں ہیں۔ کہ اُن پر ظلم ہوگا۔ یعنے ایسے لوگوں کے سامنے حکمت اور دانش کی باتیں بیان نہ کر جو اسکے قدرداں نہیں ہیں)

لا تذر ع مت چھوڑ +

لا تُعَدّ ع بیشمار۔ اَن گِنت +

لا تُنکَف ع پھر کھڑا نہ ہو۔ پھر کھڑا نہ کر +

لاثانی ع بیمثل۔ یگانہ۔ جسکا دوسرا نہ ہو +

لاج ت شوت۔ برہنہ ننگا۔ کتیا۔ سگ مادہ

لاچ ف مسخراپن۔ ہنسی۔ خوش طبعی۔ ظرافت +

لا جُرعَہ ع ایک گھونٹ میں پی جانا۔ جو پیالہ میں ہو۔ یعنی دم نہ لینا +

لا جَرَم ع مرکب ہے لا (کلمہ نفی) اور جَرَم (علاج) سے لا علاج۔ ناچار۔ بالضرور

لا جواب ع بے جواب۔ جسکا جواب نہ ہو سکے +

لاجورد ف نیلے رنگ کا ایک قیمتی پتھر ہے۔ جس کے نگینے بناتے ہیں! اور اسے پیسکر اس کا رنگ کتاب وغیرہ پر کرتے ہیں۔ اور دوا کے کام میں بھی آتا ہے +

لاجوردی بساط۔ لاجوردخم۔ لاجوردی سقف۔ لاجوردینہ خُم ف آسمان +

لاجوردی نقاب ف ماتمی لباس جو سیاہ یا نیلے رنگ کا ہوتا ہے +

لاچار ف جس کا چارہ نہ ہو۔ ضرور۔ عربی اور فارسی لفظ کی اس طرح کی ترکیب ایک اجنبی اور غلط ترکیب ہے۔ ناچار کہنا چاہئے +

لاچی ف الائچی

لاچین ت شاہین شکاری +

لاحق۔ لاحقہ ع جو پیچھے آکر ملے۔ جو کسی چیز کے پیچھے آکر لگے۔ چمٹا ہوا۔ لگا ہوا +

لاحَل ع جو حل نہ ہو سکے +

لاحَول ع نہیں ہے قوت۔ کلمہ نفی کا ہے +

لاحول گفتن ف لاحَولَ وَلاقُوَّۃَ اِلّا بِاللہ (نہیں طاقت نیکی کرنیکی اور نہ قوت بدی سے باز رہنے کی مگر اللہ کی توفیق سے) پڑھنا۔ اور یہ کلمہ نفرت ظاہر کرنے یا بُری بات سنکر تاسف ظاہر کرنے کے وقت پڑھا جاتا ہے +

لاخ ف جگہ اور مقام جیسا کہ (سنگلاخ) یعنی وہ جگہ جہاں پتھر ہوں +

لاخراج ع جس پر محصول سرکار نہ ہو +

لاخیرَ فی ما وقَع ع جو کچھ ہوا اُس میں خیر (بہتری) نہ تھی +

لاد ف دیوار۔ فاختہ ایک قسم کی دیبا اور ایک قسم کا عطر بھی ہے۔ ہر چیز کا اصل سبب جہت

لادعویٰ ع بے دعوے +

لادغ ع ایک بیماری کا نام ہے۔ اور کاٹنے والا مثل سانپ بچھو وغیرہ کے +

لادوا ع جس کی دوا نہ ہو +

لادن ف ایک قسم کی خوشبو جس کو عنبر عسلی کہتے ہیں +

لادنہ ف سن جس کی رسیاں بناتے ہیں +

لادہ ف احمق۔ بیوقوف +

لاذع ع جلتا ہوا۔ جلنے والا۔ جلانیوالا +

لاذقیہ ع روم میں سمندر کے کنارے ایک خوبصورت شہر اور بندر ہے +

لارجان ف طبرستان میں ایک پہاڑ ہے +

لارستان ت ایران کے ایک صوبہ کا نام ہے۔ جس میں لار بڑا شہر ہے +

لاریب ع جس میں کچھ شک نہ ہو۔ بیشک +

لاریب فیہ ع اسمیں کچھ شک نہیں ہے +

لازال ع ہمیشہ +

لازب ع چپکنے والا۔ مراد باقی رہنے والا ضربتِ لازب۔ وہ چوٹ جس کا نشان بعد اچھا ہونے کے بھی باقی رہے +

لازقہ ع ہر چیز چپکنے والی مثل لئی سریش گوند وغیرہ کے +

لازم ع چمٹا ہوا۔ لگا ہوا۔ ضرور اور فعل لازم جو مقابل میں فعل متعدی کے ہے۔ یعنی وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہے مفعول کو نہ چاہے +

لازمہ ع ضروری اسباب جو آدمی کو چاہیئے ضرورت +

لازمی ع منسوب لازم سے۔ ضروری وہ فعل جس کے معنے میں مفعول کی حاجت نہ ثابت ہو +

لازوال ع جس کو زوال نہ ہو۔ قدیم جو ہمیشہ رہے +

لاس ف کم قیمت ریشم۔ نہ صاف کیا ہوا ریشم۔ ہر حیوان کی مادہ عموماً اور کتیا خصوصاً +

لاش ت مردہ کا تن۔ مردہ کی لوتھ +

لاش ف تاخت وتاراج۔ فرومایہ۔ کمینہ تھوڑا سا۔ چھوٹا۔ اندک +

لاشک ع بیشک۔ بے شبہ +
لاشکن ف ملک روس کے ایک پہاڑ کا نام ہے
لاشہ ف زبون۔ لاغر۔ دبلا۔ ضعیف کمزور
خواہ انسان ہو خواہ حیوان۔ اور اکثر یہ
صفت گھوڑے اور گدھے کی واقع ہوتا ہے
اور گدھے کے معنے میں بھی آیا ہے۔
اور مردہ کا تن خواہ انسان خواہ حیوان +
لاشئے ع کچھ نہیں +
لاصِق ع لگا ہوا۔ ملا ہوا +
لاطائل ع بے فائدہ +
لاطن۔ لاطینی ف لیٹن جو ایک
زبان ہے +
لاعِب ع کھیلنے والا +
لاغ ف ہزل۔ ظرافت۔ خوش طبعی۔
مسخری۔ ہنسی +
لاغر ف دبلا۔ ماڑا۔ مجازاً باریک۔ خالی +
لاغری ف دبلاپن +
لاغوس۔ لاغون ر۔ رومی زبان
میں خرگوش کو کہتے ہیں +
لاغیہ ع باطل۔ زن بیہودہ گو۔
بیہودہ بکنے والی +
لاغیہ ف ایک قسم کی گھاس جس میں
سے دودھ نکلتا ہے +
لاف ف شیخی ڈینگ۔ بیجا۔ بیجائی +
لاف زن لاف سنج ف ڈینگ
مارنیوالا۔ بیہودہ گو +
لافیدن ف فضول بکنا۔ ڈینگ۔ مارنا
لاقیس۔ لاقیس ف شیطان جو نماز
پڑھتے وقت دل میں وسوسہ ڈالتا ہے +
لاقح ع حاملہ۔ گابھن۔ جیسے نر سے جفتی
کریں۔ بادل بنانیوالی۔ اور درختوں
کو پھل لگانے والی ہوا +
لاک ف کاسۂ چوبین۔ لکڑی کا پیالہ
لاکہ۔ کچھوا +
لاک ع چباتا +
لاک پشت ف سنگ پشت۔ کچھوا +
لاکلام ع بیشک۔ بے گفتگو۔ جس بات
میں کچھ گفتگو کی جگہ نہ رہے +
لٰکِن ع بمعنے لیکن +
لاکن ف مخفف ہے لاشکن کا +
لال ف گنگ۔ گونگا +
لال ہ سرخ رنگ +
لال ف ایک گوہر ہے جس کو معرب
کر کے لعل کہتے ہیں +
لالا ف بندہ۔ غلام۔ خدمتگار۔ روشن
درخشان۔ چمکیلا۔ مگر استعمال اسکا اکثر
لفظ لولو کے ساتھ آتا ہے۔ لولوے لالا
روشن اور چمکیلا موتی +
لالائے چشم ف آنکھ کی پتلی +
لالاسرائے ف خواجہ سرائے۔ خوجہ +
لال شہباز ف ایک صاحب کمال۔
فقیر کا نام ہے۔ جس کے بھنگڑ وغیرہ
لوگ معتقد ہیں +
لالک۔ لالکا ف ایک قسم کی جوتی
ہے مرغ کی کلغی +
لانگ ف چھوٹا کھانا جو شادی کے
موقع پر کمین لوگوں کو ملتا ہے۔ گدائی
کے ٹکڑے ہے +
لالہ ف (منسوب بہ لال) سرخ رنگ کا
ایک قسم کا پھول مشہور ہے۔ جو کئی قسم کا
ہوتا ہے۔ جیسے لالۂ صحرائی۔ لالہ
کوہی۔ لالۂ دورو۔ لالۂ شقائق۔ لالۂ
وسوز۔ لالۂ دل سوختہ۔ لالۂ نعمان یا لالۂ
خطائی۔ جب یہ لفظ اکیلا ہی آتا ہے
تو اس سے وہ لالہ مراد ہوتا ہے۔ جو باہر
سے سرخ رنگ کا اور اندر سے سیاہ ہوتا ہے
لالہ برگ ف (برگ لالہ) لالہ کے
پھول کی پنکھڑی۔ مراد رخسارۂ محبوب +
لالۂ دختری ف شقائق +
لالہ سار ف پرندے کا نام ہے +
لالہ سرا ف لالہ سرائے +
لالۂ طور ف آگ سے مراد ہے +
لالۂ عباسی ف گل عباسی +
لالۂ عذار۔ لالہ رخ۔ لالہ رخسار
لالہ لب ف محبوب +
لآلی ع جمع لولو کی۔ بہت سے موتی +
لآلئ فرائد ع لآلی جمع ہے لولو کی۔
(بمعنے موتی) اور فرائد جمع ہے فریدہ کی
(بمعنے یکہ وتنہا)۔ لآلی فرائد وہ بڑے بڑے
موتی جو ایک ایک سیپی میں ایک ہی
ایک پیدا ہوں۔ دُرِّ یتیم +
لآلئ منضود ع لآلی جمع ہے لولو
کی۔ (بمعنے موتی) اور منضود صیغہ اسم
مفعول کا ہے۔ (بمعنے تہ بر تہ۔ ایک
دوسرے پر چنے ہوئے) لآلی منضود
ترتیب سے لگے ہوئے موتی۔ یعنے
پروئے ہوئے موتی۔ موتیوں کی
لڑیوں سے مراد ہے +
لام ع جمع ہے لامہ کی جس کے معنے
زرہ کے ہیں۔ زرہ ہا ہے۔ اور حروف
تہجی میں سے ایک حرف جسکو محبوبوں
کی زلف سے تشبیہ دیتے ہیں +
لام ف فقیروں کی گدڑی۔ ایک قسم
کی نمدی ٹوپی جو فقیر اوڑھتے ہیں عنبر مشک
سپند سوختہ۔ نیل اور لاجورد کو باہم ملا کر
لام کی شکل (لا) جو بچوں کے ماتھے پر واسطے
دفع نظر بد کے بنا دیتے ہیں لاف گزاف
زیور۔ زینت۔ آرایش۔ میوہ دار درخت
زرد اونٹ۔ کالبد۔ قالب۔ بدن +
لامان ف فریب۔ جھوٹ۔ بہتان
انہونی۔ بیوفائی۔ گڑھا۔ مغاک۔ ہلا
بجنیاں۔ روٹی۔ نان +
لامانی ف لاف وگزاف۔ چاپلوسی
کرنیوالا۔ زرہ پوشی +
لامحالہ ع اصل میں یوں ہے۔
(لا محالۃ من ہذا الامر) جس کے لفظی
معنے (نہیں ہے پھرنا اس امر سے)
یعنی جس کام سے پھرنا نہ ہو۔ جو کام کرنا
ضروری ہو۔ فارسی محاورہ میں بمعنے
ناچار۔ بالضرور آتا ہے۔ بعض لوگ
م کو مضموم پڑھتے ہیں اور آخر میں
ضمیر کی ہا جانتے ہیں۔ سو غلط ہے
کیونکہ دراصل یہ ۃ مصدری ۃ
ہے۔ جو حالت وقف میں ہ بن گئی
ہے۔ سراج اور منتخب میں لکھا ہے
کہ محالہ کے معنے چارہ اور گزیر کے
ہیں۔ اور لامحالہ کے معنے ناچار
اور ناگزیر +
لامخ ع حضرت نوح علیہ السلام کے
باپ کا نام ہے +
لامس ع چھونے والا۔ چھونے والا +
لامسہ ع قوت لمس کی۔ یعنی وہ قوت
جس کے سبب انسان چھو کر دریافت
کر سکتا ہے +

لامع - لامعہ ع چمکنے والا - روشن - درخشان ✤

لامکان ع عالم الٰہی سے مراد ہے - جو مکان اور جہات سے مبرا ہے ✤

لامہ ع زرہ ✤

لانسلم ع صیغہ نفی جمع متکلم - مضارع اسکے معنے ہیں - ہم نہیں مانتے ✤

لان ت آذربائیجان میں ایک پہاڑ ہے بیوفائی - بے حقیقی - امر صنیا نیدن - کے معنے ہیں - جگہ و مقام اور انبوہی کے معنی میں بھی آتا ہے - جیسے نمک لان - بمعنی نمک سار ✤

لانہ ف بھڑوں کا چھتا - گھونسلا - صدا - آواز لگانا - بے غیرت - کاہل - بیکار آدمی - پھٹا ہؤا - دور کی گئی ✤

لانی ف منسوب بہ لان - تریاک - لانی مشہور ہے - بجنبانی کے معنے میں بھی آتا ہے ✤

لاد ف سفید مٹی جس سے گھر کی دیواریں سفید کرتے ہیں - چاپلوسی ✤

لا واللہ ع نہیں - قسم ہے خدا کی - واو قسمیہ ہے ✤

لا وَلَد ع جس کے اولاد نہ ہو ✤

لا و نعم ع یہ دونو ایجاب کے حرف ہیں - لا نفی و انکار کے واسطے آتا ہے بمعنے نہ - نہیں - نہیں ہے - اور نعم اثبات و اقرار کے لئے یعنی ہاں آرے - بلے نہیں اور ہاں ✤

لاوہ ف گلی ڈنڈا جو ایک مشہور کھیل کا نام ہے - تملق - چاپلوسی - فریب - دھوکا دینا ✤

لاہب ع شعلہ مارتی آگ - بھڑکتی آگ

لاہوت ع عالم ذات الٰہی کا جس میں سالک کو مقام فنا فی اللہ کا حاصل ہوتا ہے ✤

لاہور - لاہورہ ملک پنجاب کا دارالخلافہ جس کا بانی لَو یا لہور - یا لہا در رامچندر جی کا بیٹا ہے - یہ شہر دریائے راوی کے بائیں کنارے - قریباً ایک لاکھ آدمی کی بستی ہے - مفصلہ ذیل مقامات اس کے قابل دید ہیں - مثمن برج - بادشاہی مسجد - (جس کو عالمگیر بادشاہ نے بنوایا) وزیرخان کی مسجد (جو وزیرخان عرف حکیم علم الدین شاہجہانی کی تعمیر کی ہوئی ہے) سنہری مسجد - مقبرہ جہانگیر بادشاہ (جو شاہجہان بادشاہ کا بنوایا ہؤا ہے) شالامار باغ - (جو کشمیر کے باغ کی نقل شاہجہان بادشاہ نے بنوایا ہے -) عجائب گھر - چڑیا گھر - میو ہسپتال - گورنمنٹ کالج - چیف کورٹ ✤

لاہورہ ف خربزے اور ہند وانے کی پھانک ✤

لاے ف ملچھٹ شراب وغیرہ کی رسّی کاغذ اور کپڑے کا تہ - گفتار - کلام - ایک قسم کا ریشمی بافتہ بھی ہے ✤

لایح ع ظاہر - روشن - چمکنے والا ✤

لایزال ع صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف منفی کا ہے - اس کے معنے ہیں - زایل نہ ہوگا - نہ ٹیگا - دائم - بے زوال - ابدی - ازل ✤

لایعقل ع صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف منفی کا ہے - جو استمراری کے لئے آتا ہے اور حیوانوں کی صفت میں واقعہ ہوتا ہے - بسبب ان کی کمال نادانی اور بے عقلی کو ظاہر کرنے یعنی اب بھی بے عقل ہے - اور آئندہ بھی بے عقل رہیگا - ہر ایک بے عقل اور نادان کو بھی کہتے ہیں - فارسی والے ل کو ساکن پڑھتے ہیں ✤

لایعلم ع صیغہ واحد غائب مضارع معروف منفی کا ہے - اسکے معنی - نہیں جانتا ہے - بیوقوف - نادان - بے علم ✤

لایعنی ع بے فائدہ - بے بیہودہ ✤

لایق ع سزاوار - مناسب ✤

لایم ع ملامت کرنیوالا ✤

لایموت ع صیغہ واحد غائب مضارع معروف منفی کا ہے - اسکے معنے ہیں نہیں مرتا ہے - جس کو موت نہ ہو ✤

لاینبغی ع نہ چاہیئے - نامناسب ✤

لاینصرف ع صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف منفی کا ہے - انصراف مصدر ہے - اسکے معنے ہیں - منصرف نہیں ہوتا ہے نہیں ٹلتا ہے - نہیں ہٹتا ہے ✤

لابہ ف کپڑے کا تھان - کاغذ کا تا ✤

لائیدن ف شور کرنا - بیہودہ بکنا - رونا ✤

لئیم ع کمینہ - پاجی - کنجوس - وہ شخص جو نہ آپ کھائے نہ اوروں کو کھلائے ✤

لئیم الطبع کنجوس - لئیم ✤

لام مع بائے موحدہ

لَب ف ہونٹ - کنارہ - طرف ✤

لُب ع خلاصہ - عقل - مغز بادام ✤

لَبا ع کھیس - پیوسی - پنجابی بولی ✤

لُباب ع مغز - خالص ہر چیز کا - ایک کتاب کا نام بھی ہے ✤

لب آتش فشاں ف محبوب کے ہونٹ ✤

لَبادہ - لَپادہ - لُبادہ ع جامہ بارانی ✤

لبادہ ع نمدمال - نمد بنانیوالا ✤

لُبیا و ف قسم حبّ اس کا ترجمہ پنجابی پنجالی ہے جس میں بیلوں کا سر دیکر ہل یا کنوئیں وغیرہ میں جوتتے ہیں ✤

لِباس ع پوشاک ✤

لِباسات ع جمع لباس - کنایہ ہے چاپلوسی اور تملق سے ✤

لباس آسائش ف آرام کی پوشاک پوشاک شب خوابی - یعنی وہ پوشاک جو رات کو پہنکر سوئیں ✤

لباس تعلق ع دنیاداروں کا لباس دنیاداروں کی سی صورت ✤

لباسِ راہب ع لباس عنبر سات سیاہ پوشاک ✤

لباس عبّاسی ع سیاہ لباس - کیونکہ بعض تواریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ خلفائے عباسیہ سیاہ لباس پہنتے تھے ✤

لباس گردانیدن ف کپڑے بدلنا ✤

لباس نوکردن ف نئی پوشاک پہننا ✤

لباشن - لباشہ ف رسّی کا حلقہ ہوتا ہے جس کو لکڑی پر باندھ کر بدلگام گھوڑے وغیرہ جانوروں کے منہ پر باندھتے ہیں تا کہ وہ پھرنا اپسند ہو حرکت نکرسکیں ✤

لباس آفتاب ف سورج کی کرن ✤

لبالب ف کنارے تک بھرا ہؤا ✤

لبان ف جمع لب خلاف قیاس - ایک درخت کی چھڑیے - جسے کندر بھی کہتے ہیں ✤

لب بدندان گزیدن۔ لب بدندان خائیدن ف تعجب کرنا۔ پشیمان ہونا۔ نہایت غصہ ہونا۔ منع کرنا۔ روکنا +

لب بلب جُستن ف بہت ڈھونڈنا ہر کسی سے اپنے مقصود کا پتہ لینا +

لب برچیدن ف ہونٹوں کا رونے اور ہنسنے کے لیے ملانا +

لب بستن۔ لب بدندان کشیدن ف چپ رہنا۔ خاموش ہونا +

لب بلب جُستن ف بہت ڈھونڈنا۔ اور ہر شخص سے پوچھنا۔ بہت جستجو کرنا +

لَبَث ع دیر۔ درنگ +

لب چراں ف میوہ وغیرہ کہ چند آدمی باہم بیٹھکر بیچ میں رکھ لیتے ہیں اور کھاتے ہیں +

لب چش ف چاشی +

لب خائیدن ف نہایت غصہ ہونا +

لب خضراء ف آسمان کا کنارہ۔ اُفق +

لب خند۔ لب خندہ ف تبسم +

لِبَد ع نمد۔ نمدہ +

لَبَد ع اونٹ کا بہت کھانے سے حلق اور سینہ پکڑا جانا +

لُبَد ع مال کثیر +

لب دادن ف بوسہ دینا۔ اجازت دینا +

لب با چشمہ خضر ساختن ف ہمیشہ بلاناغہ شراب پینا +

لبریز ف اتنا بھرا ہوا کہ کنارے سے گرنا شروع کرے +

لب زدن ف بولنا اور خاموش ہونا۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے +

لُبس ع لباس پہننا +

لِبس ع پوشاک۔ لباس +

لَبس ع اشتباہ +

لب سفید کردن ف مسکرانا +

لب شیریں کردن ف مسکرانا +

لَبق ع زیرکی۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ تملق۔ خوشامد +

لَبِق ع دانا۔ زیرک۔ متملق۔ چرب زبان +

لب کشتگاہ ف گھاٹ۔ معبر +

لب گزیدن۔ لب بدندان گرفتن ف افسوس کرنا۔ منع کرنا۔ غصہ ہونا +

لب کسے گرفتن ف بات کرنے سے روکنا

لب کشادن ف بات کرنا۔ بولنا +

لَبلاب ف افسون خواں۔ افسون گر۔ جادوگر۔ منتری +

لِبلاب ع عشق پیچاں کا درخت۔ ایک قسم کی مشہور گھاس ہے +

لَبلَبُو ف پکا ہوا چقندر +

لب مکیدن ف لب چوسنا +

لَبَن ع شیر۔ دودھ +

لَبِن ع جمع لبنہ کی ہے +

لب نان ف روٹی کا کنارہ +

لُبنان ع ملک شام میں ایک پہاڑ ہے جو اولیاؤں اور فقراؤں کا مسکن ہے +

لبنگ ف دبیک +

لِبنہ ع کچی اینٹ۔ اصطرلاب کے ایک حصے کا نام بھی ہے +

لب و دندان داشتن۔ لب داشتن ف لیاقت رکھنا +

لُبوب ع خلاصہ ہائے ہر چیز۔ مغزہا۔ تخم +

لبود ع جمع لبد۔ نمدے +

لَبُوس ع جامہ۔ پوشش۔ زرہ +

لَبُون ع شیر دار ناقہ۔ جو دودھ دیتا ہے

لبیب ع عقلمند۔ دانا +

لبید ف بیہودہ کلام۔ شاعر۔ قصہ خوان +

لَبید ع چھوٹی سی گون ابن ربیعہ عرب کے ایک مشہور شاعر ہیں۔ سبعہ معلقہ میں سے چوتھا قصیدہ انہی کی تصنیف ہے۔ آخر مسلمان ہو گئے اور حضرت عثمانؓ خلیفہ سوم کے عہد میں ۱۵۷ سال کے ہو کر فوت ہو گئے +

لبیدی ف شاعری۔ قصہ خوانی +

لبیدن ف بیہودہ کلام کرنا۔ بکواس کرنا +

لبیش۔ لبیشہ۔ لبیشن ف اماله لباشہ کا ہے۔ بدزبان۔ یعنی وہ شے جس سے شریر اور بد لگام گھوڑے کی تھوتھنی جکڑ دیتے ہیں +

لبیشہ بکام افگندن ف مطیع زیر کر لینا۔ سرکشی سے باز رکھنا +

لَبَّیک ع مفعول مطلق ہے فعل محذوف کا اصل اس کی یوں ہے۔ اُلِبُّ لَکَ اِلبابًا حاضر ہوں میں تیری خدمت میں حاضر ہونا بار بار تثنیہ تکرار اور کثرت کے واسطے ہے حاجی لوگ احرام باندھنے کے بعد ہر وقت یہ الفاظ کہا کرتے ہیں۔ لَبَّیکَ اللّٰہُمَّ لَبَّیکَ لَا شَرِیکَ لَکَ لَبَّیکَ اِنَّ الحَمدَ وَالنِّعمَۃَ وَالمُلکَ لَکَ لَا شَرِیکَ لَکَ بار بار حاضر ہوں میں تیری خدمت میں الٰہی حاضر ہوں خدمت میں۔ کوئی تیرا شریک نہیں میں خدمت میں حاضر ہوں۔ مقرر حمد اور نعمت اور ملک تیرے ہی واسطے خاص ہے۔ (کوئی تیرا شریک نہیں) اور اسے تلبیہ کہتے ہیں۔ لبیک عرب میں پکارنے کے جواب میں کہتے ہیں۔ جیسے ہندی میں جی بولتے ہیں۔ کعبہ بنانے کے بعد حضرت ابراہیم کو حکم ہوا تھا۔ کہ تم سب لوگوں کو قیامت تک حج کے واسطے پکار دو۔ چنانچہ اُنھوں نے پکارا تھا۔ تو حاجیوں کا لبیک کہنا اُسی پکارنے کا جواب ہے +

لبیک گفتن ف لبیک کہنا۔ جواب دینا +

لام مع تاے فوقانی

لَت ف مارنا۔ پیٹنا۔ شکم۔ پیٹ۔ گرز۔ ٹکڑا۔ کتان +

لُت ف لذیذ طعام۔ عمدہ اور خوش ذائقہ کھانے +

لت انبان۔ لت انبان۔ لتنبر۔ لتنبان ف لت (یعنی پیٹ) اور انبان (چمڑے کا تھیلا) سے مرکب ہے۔ وہ شخص جس کا پیٹ تھیلے کی طرح بھرا ہوا ہو۔ مراد بسیار خوار۔ بہت کھانے والا۔ پیٹو۔ حریص۔ یا یہ لُت اور انبان سے مرکب ہے۔ یعنی جس کا پیٹ طرح طرح کے لذیذ کھانوں سے بھر رہا ہو +

لَترہ ف پرانا۔ پھٹا ہوا۔ بہت موٹا آدمی بیکار اور کاہل آدمی +

لُترہ ف دو آدمی کی بنائی ہوئی ایک خاص زبان۔ جسے دوسرا کوئی آدمی نہ سمجھ سکے۔ وہ شخص جس کے پیٹ میں کوئی بات نہ سما سکے۔ جو بات ایک جگہ سے سنے ہر جگہ کہتا پھرے۔ دورہ کیا گیا +

لتین ف فرنگی زبان۔ فرنگیوں کی زبان

لام مع ثائے مثلثہ

لِثَام ع دہان بند۔ ڈھاٹا پنجابی ٹھاٹھا +
لَثَق ع تری۔ اور تر ہونا۔ بہت نمناک ہونا۔ ہوا کا ٹھیر جانا +
لِثَقَہ ع بلغمی تپ کی ایک قسم ہے۔ جو بلغم کی خلط سے پیدا ہوتی ہے +
لَثْم ع دہان بند رکھنا۔ منہ پر دہان بند کا رہنا۔ بوسہ دینا +
لَثُوم ع چومنا۔ بوسہ دینا +
لِثَہ ع دانت کا مسوڑا +

لام مع جیم تازی

لَجَاج ۔ لَجَاجَت ع ستیزہ۔ لڑائی جھگڑا۔ اصرار +
لَج ف لات۔ لکد +
لِجَام مسب بے لگام کا +
لُجَج ع جمع لُجَہ کی +
لَجْلَاج ع شطرنج کے موجد کا نام ہے۔ اور وہ شخص جس کی زبان میں قدرتی رکاوٹ ہو اور تقریر صاف نہ کر سکے۔ پریشان خاطر +
لُجْم ۔ لُجُن ع لچھڑ +
لُجْم ع انگور کا دانہ جو ابھی نہ پکا ہو +
لَجُوج ع جھگڑنیوالا۔ لڑنیوالا +
لُجَّہ ع دریا کا بیچ۔ دریا کی سب سے گہری جگہ آئینہ۔ چاندی +
لُجِّی ع گہرا اور پر آب دریا +
لُجَین ع خالص چاندی +

لام مع جیم فارسی

لُچ ف برہنہ۔ ننگا +

لَچَک ف اصطلاح علم طبیعیات میں لچک وہ صفت ہے۔ جس سے اجسام خواہ دبائیں خواہ جھکائیں یا مروڑیں یا کھینچیں سب طرح سے وہ اصلی حالت میں آ جاویں۔ دبانے کی لچک گاسوں میں ہے اور جھکانے کی کمانیوں میں اور مروڑنے کی جب تاگا یا رسی بٹ کر چھوڑ دیتے ہیں اور کھینچنے کی ربڑ اور ستار کی تاروں میں +
لَچَک ف معجر عورتوں کا ایک کپڑا ہوتا ہے جو مربع شکل کا اور بہت تکلف سے بنا ہوتا ہے۔ اور منہ پر ڈالتی ہیں +
لُچِّن ف زن فاحشہ۔ بدکار عورت +

لام مع حائے حطی

لُحَا ع جمع لِحْیَہ کی۔ ڈاڑھی +
لِحَاظ ع کسی چیز کا آنکھ میں خیال رکھنا۔ دیکھنا۔ رعایت۔ آنکھ کا دنبالہ +
لِحَاف ع روئی دار کپڑا رات کے سونے کا بالاپوش۔ گھوڑے کی جھول۔ پاکھر +
لِحَام ع چاندی یا سونے کا ٹانکا۔ وہ چیز جس کا ٹانکا چاندی یا سونے میں لگا دیں +
لَحَد ع قبر کے اندر ایک طرف جو گڑھا سا مردے کی نعش رکھنے کے واسطے بناتے ہیں بغلی سامی
لَحْظَہ ع تھوڑی سی نظر کرنا۔ ایک دفعہ کن آنکھوں سے دیکھنا۔ کن آنکھوں سے ایکدفعہ دیکھنے کا عرصہ تھوڑا سا عرصہ۔ ذرا سی دیر +
لَحَقَہ ع جمع لاحق کی +
لَحْم ع گوشت۔ ماس +
لَحْمَہ ع باز کا طعمہ اسی کے شکار سے بنا۔ پود
لَحْن ع آواز۔ خوش آوازہ موزون آواز۔ سُریلی آواز +

لُحُوق ع لاحق ہونا۔ لگنا۔ پیچھے ملنا۔ شامل ہونا +
لِحْیَان ع لمبی ڈاڑھی والا آدمی بلند اڑھیا رمل کی ایک شکل کا نام ہے جس کی یہ صورت ہے۔ ⁞ +
لِحْیَہ ع ڈاڑھی +

لام مع خائے معجمہ

لُخ ف ایک گھاس ہے جو پانی کے کنارے اُگتا ہے اور اس سے بورئے بناتے ہیں +
لَخَا ف جوتی۔ کفش +
لِخَاف ع سفید چھوٹے پتھر +
لَخْت ف لوہے کا گرز۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ خود لوہے کی ٹوپی۔ جوتی۔ جوڑہ۔ قصابوں کی بڑی سی چھری +
لَخْتِ جگر ف جگر کا ٹکڑا۔ فرزند +
لَخْت ورف کوا‌ڑ۔ پٹ +
لَخْتَکے ف تھوڑا سا تھوڑا۔ کچھ ایک ذرا سا +
لَخْتِیاف جزئیات۔ جزئی باتیں +
لَخْچ ف سجی۔ کھار +
لَخْچَہ ف آگ کا شعلہ۔ چنگاڑی +
لَخْشَان ف صاف اور ہموار شے جس پر سے ہاتھ یا پاؤں پھسل جائیں +
لَخْشُو ف لخچہ +
لَخْشِیدن ف پھسلنا +
لَخْلَخ ف ضعیف۔ دُبلا +
لَخْلَخَہ ع چند خوشبویوں کا مرکب دماغ کی تقویت کے واسطے سونگھتے ہیں +

لام مع دال مہملہ

لُدّ ع جمع اَلَدّ کی جس کے معنے ہیں لڑاکا
جھگڑالو۔ فلسطین کے پاس ایک گاؤں ہے جس کی نسبت پیشینگوئی ہے۔ کہ عیسےٰ دجال کو اس کے دروازے پر قتل کرینگے +
لَدْغ ۔ لَدْغَہ ع سانپ یا بچھو کا ڈنک مارنا۔ کاٹنا۔ ڈسنا +
لَدُن ع نزدیک۔ پاس +
لَدُنّی ع منسوب بہ لَدُن جسکے معنے نزدیک اور پاس کے ہیں۔ جو کچھ خداوند تعالےٰ اپنے پاس سے محض اپنے فضل و کرم سے کسی کو بغیر اسکی سعی و کوشش کے عنایت فرمائے یا جو کچھ کوئی شخص بدون کسی کے سکھائے اپنی طبیعت و ذہن کی تیزی سے خود ہی حاصل کرے۔ جو چیز بے سعی صرف عطائے ربانی سے حاصل ہو جائے +
لَدِیغ ع مارگزیدہ جس کو سانپ نے ڈسا ہو +

لام مع ذال معجمہ

لَذَّات ۔ لَذائذ ع جمع لذت کی +
لَذَّاع ع جلانے والا +
لَذَّت ع مزہ۔ ذائقہ +
لَذْع ع آگ کا کسی کو جلا دینا۔ جلانا۔ سوزش۔ جلن +
لَذِیذ ع مزہ دار۔ خوش ذائقہ +

لام مع رائے مہملہ

لُر ف ایک قوم کا نام ہے۔ جو عیاری میں مشہور ہے۔ گنوار۔ احمق +
لَر ف ندی یا نالہ یا نہر۔ بغل۔ لاغر۔ دبلا +
لَرد ف گھوڑے دوڑانیکا میدان +
لَرزِش ف حاصل مصدر لرزیدن کا ہے۔ کپکپی۔ کانپنا +

لَرزَہ ف کپکپی۔ کانپنا +
لَرزیدن ف کانپنا +
لُرستان ف ایران کے جنوب کیطرف ایک ملک ہے۔ جو قوم لر کا مسکن ہے +
لَز لیرف خدا تعالٰے کے ناموں میں سے ایک نام ہے +

لام مع زاے معجمہ

لَزب ع چمٹنے والا۔ چپکنے والا +
لَزِج ع چپ دار شے۔ جیسے سریش وغیرہ ہوتا ہے +
لُزُوجت ع چسپیدگی چپ +
لُزُوم ع لازم ہونا +
لُزُوم ف لبادہ۔ نرم کمان +
لَزیرف عقلمند۔ دانا۔ پرہیزگار +

لام مع سین مہملہ

لِسان ع زبان +
لَسّان ع زبان ور۔ فصیح۔ تیز زبان +
لِسانُ الثّور ع گاؤزبان۔ جو مشہور دوائی ہے
لِسانُ الحَمَل ع نام تخم جسکو بارتنگ کہتے ہیں
لِسانُ العَصافیر ع اندرجو +
لِسانُ الغَیب ع غیب کی زبان حافظ شیرازی کا لقب ہے۔ اس وجہ سے اُس کے دیوان کو غیب کا ظاہر کرنے والا خیال کرتے ہیں۔ اور اس سے فال لیا کرتے ہیں +
لَسع ع سانپ یا بچھو وغیرہ کا کاٹنا +
لَسِن ع فصیح زبان آور +
لَسَن ع فصاحت۔ زبان آوری +
لُسُن ع جمع لسن کی۔ فصیح لوگ +

لام مع شین معجمہ

لُش ف تلچھٹ +
لَشکر ف فوج +
لشکر شکن۔ لشکر شگاف۔ لشکر شگوف ف بہادر آدمی۔ دلیر۔ شجاع +
لشکر شناس ف فوج کی گنتی کرنے والا۔ فوج کا بخشی +
لشکر کشیدن ف مقابلے کیلئے تیار ہونا +
لشکر گاہ ف خیمہ۔ ڈیرہ +
لشکر گاہ کردن ف مقام کرنا لشکر کا ٹھیرنا۔ ڈیرہ لگانا +
لشکری ف سپاہی +

لام مع صاد مہملہ

لِصّ ع چور +
لصوص ع جمع لص کی +
لُصُوق ع چسپاں ہونا چمٹنا +

لام مع طاے مہملہ

لَطافت ع پاکیزگی۔ باریکی۔ نازکی۔ نرمی۔ مہربانی +
لَطائف ع جمع لطیفہ کی +
لَطائفُ الحِیَل ع لطائف جمع ہے لطیفہ کی یعنی نیکی۔ خوبی۔ عمدگی۔ حیل جمع حیلہ کی۔ لطائف الحیل حیلوں کی خوبیاں۔ مجازاً اچھے حیلے +
لَطائفِ غیبی ع غیب کی نیکیاں یعنے وہ نیکیاں اور مہربانیاں جو غیب سے یعنی محض خدا تعالٰے کی طرف سے پہنچیں +
لَطخ ع لتھڑنا +
لُطف ع خوبی۔ نرمی۔ نازکی۔ مہربانی +
لَطمات ع جمع لطمہ۔ تپانچے +
لَطمَہ ع طبانچہ +
لَطیف ع باریک۔ پتلا۔ پاکیزہ۔ ستھرا۔ نیک۔ خوب۔ مہربان۔ باریک بین۔ خدا تعالٰے کا نام بھی ہے +
لَطیف خوے ف پاکیزہ خو۔ خوش خو۔ نیک خصلت +
لطیفہ ع نکوئی۔ خوبی۔ اچھی اور نازک چیز وہ بات جو طبیعت کو اچھی لگے۔ چٹکلا +
لَطیم ع سیلی خوردہ۔ جس کو طبانچہ لگا ہو +

لام مع ظاے معجمہ

لَظٰی ع دوزخ کا نام ہے شعلہ یا رہنے والی آگ۔ بھڑکتی ہوئی آگ +

لام مع عین مہملہ

لُعاب ع آبِ دہن۔ تھوک۔ اور ہر ایک شے کا رس یا پانی جس میں چسپیدگی اور غلظت ہو +
لُعابِ عنکبوت ع مکڑی کا جالا نقاشی
لُعابِ گاو ف سفید کاغذ صبح کی روشنی برف شبنم جو زمین کو سفید کردے
لُعابِ گوزن ف لعاب گاو۔ سورج اور بجلی کی روشنی۔ ایک قسم کی تریاک بھی ہے +
لُعابِ لعل ع آفتاب +
لُعابِ لعل ساں ف شراب انگوری +
لُعابِ مگس ف۔ لُعابِ نحل ع شہد۔ انگوری شراب +
لَعِب ع بازی۔ کھیل +
لُعبت ع کھلونا۔ کھیلنے کی چیز۔ گڑیا تصویر +
لُعبتانِ دیدہ ف آنکھ کی پتلیاں +
لُعبت باز ف بازیگر۔ نٹ +
لُعبتِ بربری ف سورنجاں جو ایک دوائی کا نام ہے +
لعبتِ زرینچ ف سورج +
لَعَلّ ع ترجی کا حرف ہے۔ یعنی امید کرنا ایسی شے کا جو ممکن ہو۔ شاید +
لَعل ب لال کا ہے۔ ہر ایک شے سرخ رنگ کی خصوصاً سرخ رنگ کا مشہور قیمتی جواہر +
لعل آبدار ف آبدار لعل معشوق کے ہونٹ
لعل از سنگ زادن ف نہایت رنج اور محنت سے کسی چیز کو حاصل کرکے کسی اور کو دیدینا +
لعل از سنگ زادن ف کوئی چیز نہایت محنت اور مشقت سے حاصل کرنی +
لعل باطرز جفت کردن ف نہایت شیریں کلام کرنا +
لعل بدخشاں ف دراصل بدخشان میں لعل نہیں پیدا ہوتے۔ اور جگہوں سے لاکر وہاں بیچتے ہیں۔ اور وہاں کے مشہور ہوگئے ہیں +
لعل پیکانی ف پیکان تیر کی شکل کا تراشا ہوا لعل جو عورتیں بندے کی طرح کان میں پہنتی ہیں +
لعل پیازی ف پیاز کے رنگ کا لعل +
لعل خیز ف وہ جگہ جہاں لعل پیدا ہوں اسم وامر بلکہ ظرفیت کے معنے دیتے ہیں +

لعل رواں۔ لعل سُفتہ۔ ف شراب سُرخ۔
لعل شکر بار ف لبِ معشوق
لعل قبائی ف مستی۔ سکر
لعل قطبی ف لعل کی ایک قسم ہے
لعل عقربی ع لعل کی ایک قسم ہے
لعل کہربا ف لبِ معشوق
لعل عَقَربی ع ایک قسم گل کی ہے
لعل فلک ع آفتاب
لعل قبا ف قبا کے بند۔ قبا کی گھنڈی۔ خون۔ لہو۔ جگر۔ انگوری شراب
لعل لب ف معشوق
لَعلِ مُذاب ع پگھلا ہؤا لعل۔ انگوری شراب۔ اور خون سے مراد ہے۔
لَعلِ ناسُفتہ ف وہ لعل جس میں سوراخ نہ ہو۔ نیا سرود۔ نئی تصنیف دلکش اور تازہ سخن
لعلی ع ایک قسم کا سُرخ رنگ جو مصوروں اور نقاشوں کے کام میں آتا ہے۔
لَعلین ف منسوب بہ لعل۔ لعل کی طرح کا۔ لعل کے رنگ کا۔ سُرخ
لَعَمرُکَ ع اشارہ طرف آیت لَعَمرُکَ اِنَّھُم لَفِی سَکرَتِھِم یَعمَھُونَ"۔ جس کے معنے ہیں۔ تیری زندگی کی قسم ہے (اسے محمدؐ) بیشک وے لوگ (کُفّار) "قوم لوط کی مانند" اپنی مستی اور گمراہی میں حیران و سرگردان ہیں۔
لَعنَت ع دور ہی رحمت سے۔ پھٹکار
لَعُوق ع پتلی دوا۔ جس کو چاٹ لیں یا پی لیں۔
لَعِین ع ملعون۔ مردود۔

لام مع غین معجمہ

لغ ف صاف جس پہ بال نہ ہوں۔ خشک جنگل جس میں گھاس نہ ہو۔ پرندے کا گندہ انڈا۔
لِغ ت ہے۔ ہست
لغات ع جمع ہے لُغَت کی
لغام ف لگام
لُغَت ع کسی قوم کی زبان۔ بولی۔ اصطلاح میں وے الفاظ جن کے معنی مشہور نہ ہوں۔
لُغز ع جنگلی چوہے کا بل۔ چیستان۔ پہیلی۔
لَغزان ف پھسلتا ہؤا۔
لَغزِش ف پاؤں کا پھسلنا۔ غلطی۔ خطا۔
لَغزِیدن ف پھسلنا۔
لَغشَر ف وہ شخص جس کے سر پہ بال نہ ہوں۔
لَغو ع بیہودہ بکنا۔ بیہودہ بات۔ بیہودہ۔
لُغُو ع نوع سخن۔ قوم کی زبان۔
لُغُوب ع ماندگی۔ تکان۔ رنج۔
لَغُوَنہ ف زیب وزینت۔ آرائش۔ گلگونہ۔ اُبٹنا۔
لُغَوی ع منسوب لُغَت سے یعنی لغت کا۔

لام مع فائے معجمہ

لَفّ ع لپیٹنا۔ لفافہ
لُفّاح ع ایک سونگھنے کی چیز ہے۔
لِفافَہ ع اوپر کا خول۔ جامہ بیرونی جو مردہ وغیرہ پہ ڈالتے ہیں۔ مجازاً لفافہ مشہور جس کے اندر خط لپیٹ کر رکھتے ہیں۔
لَفائِف ع جمع لفافہ کی۔
لِفت ع شلغم۔ پنجابی گونگلو۔
لَفتَرہ ف کمینہ۔ سفلہ
لَفچ ف مُچھ۔ موٹا ہونٹ۔ مطلق ہونٹ بدکار عورت۔
لَفچِن ف موٹا ہونٹ۔ موٹے ہونٹ والا۔ گوشت کا مُچھ۔ زنِ فاحشہ۔
لَفچِہ ف مُچھ۔ سری کا ٹکڑا۔
لَفظ ع مُنہ سے باہر ڈالنا۔ بولنا۔ بات کہنا۔ بات۔ جو آواز آدمی کے مُنہ سے نکلے۔
لَفق ع دو کپڑوں کو اکٹھا کر کے سینا۔ دوختن۔ درزوں کو ملا کر سینا۔
لَفّ و نَشر ع لف کے معنے ہیں لپیٹنا اور نشر کے معنے ہیں پھیلانا۔ اصطلاح میں دو یا کئی چیزوں کا اوّل کسی طرح ذکر کرنا۔ پھر بہ ترتیب یا بے ترتیب اُن کا کچھ اور بیان کرنا۔ جیسے اس مثال میں بروز نبرد آن یلِ ارجمند۔ بشمشیر و خنجر بگرز و کمند۔ برید و درید و شکست و ببست۔ یلاں را سر و سینہ و پا و دست۔
لَفِیف ع ہر چیز پیچیدہ اور درہم اور وہ کلمہ کہ جس میں دو حرف علت کے ہوں۔

لام مع قاف

لَق ف لَخ۔
لَق ع صاف جس پہ بال نہ ہوں۔
لِقا ع دیدار۔ ملاپ۔ ملاقات۔ صورت۔ چہرہ
لِقاح ع گابھن ہونا۔ حاملہ ہونا۔
لَقَب ع وہ نام جس میں کچھ مدح یا ذم نکلے۔
لَقط ع رستہ میں گری ہوئی چیز کو اُٹھا لینا
لُقطَہ ع وہ شئے جو رستہ میں گری ہوئی اُٹھا لی جائے۔
لَقلَق ع ایک آبی جانور ہے۔ جسے ہندی میں لکلک کہتے ہیں۔ جو سانپ اور مچھلی کا شکار کرتا ہے۔
لُقمان ع لُقمان بن باعور۔ یہ حکیم حضرت اَیُّوب علیہ السّلام کے بھانجے یا اُن کے خالہ زاد بھائی تھے۔ بقولِ بعض حضرت داؤد علیہ السلام کے شاگرد تھے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ کہ بنی اسرائیل کے قاضی تھے۔ اور دونوں باتیں جمع ہو سکتی ہیں۔ صاحب روضۃ الصفا لکھتے ہیں کہ آپ کا وطن دیار نوبہ علاقہ حبش تھا۔ ملک شام میں علم حاصل کیا۔ اور شہر رملہ علاقہ فلسطین میں مدفون ہوئے۔ ایک روایت میں ہے کہ کسی کے غلام تھے۔ سیاہ فام موٹے موٹے ہونٹ۔ بڑے بڑے پاؤں بکریاں چرایا کرتے۔ قرآن شریف میں اُن کو حکمت عطا ہونے کا ذکر آیا ہے۔ پر نبوت میں عالموں کا اختلاف ہے۔
لُقمَہ ع نوالہ
لُقمۂ آہن چشیدن و کشیدن ف زخم کھانا۔ پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا۔
لُقمہ بہ گلوئش فرو نمے رود ف یعنے نہایت بخیل اور خسیس ہے۔
لُقمۂ خلیفہ ف ایک قسم کا نفیس حلوا ہے۔
لَق و دَق ف ہموار۔ اور سخت میدان جس میں گھاس اور درخت کچھ نہ ہو۔
لَقُوماجِس۔ لَقُوماش۔ لَقُومَہ س حکیم ارسطو کے باپ کا نام تھے۔ خان آرزو نے شرح سکندر نامہ میں اس لفظ کو ت (لقوماتیس) کے ساتھ ثابت کیا ہے۔
لقوہ ع عقاب کی مادہ۔

لُقْوَہ ع بیماری ہے۔ جس میں مُنہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ جلد گابھن ہونے والی اونٹنی۔
لَقِیط ع وہ بچہ جو راستہ میں گرا ہُوا اُٹھا لیا گیا ہو۔
لُقْیَہ ع ملاقات۔

لام مع کاف تازی و فارسی

لَکَ ع تیرے لئے۔ تیرے واسطے۔
لَک ف لاکھ یعنی سو ہزار (۱۰۰۰۰۰) بے وقوف۔ نادان۔ بکواس۔ بیہودہ کلام پھٹا پُرانا کپڑا۔ دیہاتیوں کا لباس۔ کپڑے کا داغ۔ صاف جس پر بال نہ ہوں۔ کُردوں کے ایک گروہ کا نام بھی ہے۔
لُک ف بیرانِ تراشی شئے۔ اعضا میں برآمدگی۔ سُتھنا۔ لاکھ جو ایک رنگ کا نام بھی ہے۔ پیٹ کا زخم۔
لَکا ف جوتی۔ بے دباغت چمڑا جو مسافر لوگ پاؤں تلے باندھ لیتے ہیں۔ گل سرخ
لُکاف لاکھ زمین۔ ولایت۔ دریچہ۔
لُکام ف بے ادب۔ بے شرم۔ بے حیا۔ شیراز کے مقابل یا شام میں ایک پہاڑ ہے
لُکامہ۔ لُکانَہ ف گوسفند کی انتڑیاں جن میں گوشت چینے اور مصالح ڈالکر پکاتے ہیں۔ آلہ تناسل۔
لِگام ف گھوڑے کے مُنہ میں دینے اور اُس کے چلانے کا اوزار۔
لگام انداختن ف مطیع کرنا۔
لگام بر سرِ اسپ کشید۔ لگام بر اسپ کردن۔ لگام بر گردن اسپ نہادن ف گھوڑے کے مُنہ میں لگام دینا۔ گھوڑے کو مطیع و منقاد کرنا۔
لگام خائیدن ف سرکشی کرنا نافرمانی کرنا
لگام دادن بچیزے ف اِس کی طرف متوجہ ہونا۔ اُدھر رخ کرنا۔
لگام ریز ف جلدی کرنا۔ بہت جلدی چلنا
لَکَد ف لات
لَکَد بر گورِ حاتم زدن ف حاتم کی قبر پہ لات مارنا۔ سخاوت میں حاتم کو مات کرنا پہلے درجہ کی سخاوت کرنا۔
لَکَد زدن ف لات مارنا۔
لَکَد زن ف لات مارنے والا۔
لَکَد کوب۔ لَکَد کوبہ ف لات مارنا۔ لات مارنے کی ضرب۔ مطلق کوفت و ضرب۔ مجازاً پامال۔ لکد کوبہ میں ہائے زائدہ ہے۔
لَکْلَک ۔ ف لقلق۔
لَکْلَکہ ف بیہودہ کلام۔
لَگَن ف تھال جس میں ہاتھ دھوتے ہیں۔ سلفچی۔ شمعدان۔ انگیٹھی
لُکْنَت ع ہکلانا۔ بات کرتے وقت زبان کا رُکنا۔ توتلا پن۔
لکھنوتی ف لکھنوتی جو اگلے زمانے میں ملک بنگالہ کا دار الخلافہ تھا۔
لَیکَنہ ف لنگ پاؤں۔
لُکُوک ع جمع لک کا جو مُعَرَّب و مفرس لکھ (لاکھ) کا ہے۔
لَکَّہ ع داغ۔ پارچہ۔

لام مع لام

لِلّٰہِ الْحَمْد ع خدا کے لئے ہے بہت تعریف خدا کا سپاس۔ خُدا کا شکر ہے۔

لام مع میم

لَمْ ع نفی کا حرف ہے۔
لِمَ ع علت۔ سبب
لُم ف رحمت بخشش۔ آسایش
لِمْ ع مخفف لما کا ہے کس واسطے کیونکہ فارسی والے اس کو میم ساکن سے بولتے ہیں
لَمّا ع ہرگاہ۔ اِلّا
لمالم ف لبالب۔ مالامال
لَمْتَر ف بہت موٹا سُست
لَمْحَہ ع آنکھ کے جھپکنے تک کا عرصہ۔ ثانیہ۔ پل۔ سکنڈ۔ ذرا سی دیر۔
لَم زدن ف فراغت سے سونا کھینچ لینا
لَمْس ع چھونا۔ حاجت۔ جماع۔
لَمْس ف ہر نرم اور سُست شئے۔
لَمْع ع روشن ہونا۔
لَمْعات ع روشنیاں۔ جمع لَمْعَہ کی۔ علم حدیث میں ایک کتاب ہے۔
لَمَعان ع بجلی کا چمکنا۔ روشن ہونا۔
لَمْعَہ ع چمکارا۔ روشنی۔
لُمْعَہ ع وہ عضو کا حصہ جو غسل یا وضو کرتے وقت خشک رہ گیا ہو۔
لِمَنِ الْمُلْک زدن ف لِمَنِ الْمُلْک (کس کا ہے ملک۔ کس کی بادشاہی) کہنا فخر کرنا
لُمُوع ع چمکنا اور جمع لمعہ کی بھی ہے بمعنے روشنیاں۔ چمکارے۔
لِمَ وَلَا نُسَلِّم ع لِمَ اصل میں لِما ہے۔ لام کے معنے واسطے۔ لئے۔ اور ما استفہامیہ ہے یعنے کس واسطے کس لئے کیوں۔ ما کا الف حرف جار داخل ہونے کے بعد حذف ہو جایا کرتا ہے۔ اور یہ لفظ (لِمَ) مباحثہ میں دلیل طلب کرنے کے وقت کہا کرتے ہیں۔ یعنے یہ امر کیونکر ہے؟ اس کی کیا دلیل ہے۔ لا نُسَلِّم صیغہ منفی مضارع جمع متکلم کا ہے۔ تسلیم مصدر سے۔ اِس کے معنے ہیں۔ ہم نہیں مانتے۔ ہم نہیں تسلیم کرتے۔ اور یہ کلمہ مدعی کی بات تسلیم نہ کرنے کے وقت کہا کرتے ہیں۔
لِمَّہ ع وہ بال جو کانوں سے آگے بڑھ جائیں
لَمْ یَزَل ع ہمیشہ۔ بے زوال۔ خدا تعالےٰ
لَمْ یَزَلی ع لازوال۔ امٹ۔ جو سدا رہے

لام مع نون

لَنْ ع کلمۂ تاکید نفی کا ہے۔ ہرگز نہ۔
لَنْ تَرَانِی ع تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا۔ یہ کلمہ خدا تعالےٰ نے اُس وقت فرمایا تھا کہ جب حضرت موسےٰ علیہ السلام نے کہا تھا کہ رَبِّ اَرِنِی اَنْظُرْ اِلَیْکَ اے میرے پروردگار دکھا تو مجھے اپنے آپکو یعنی اپنا دیدار، تا کہ دیکھوں میں طرف تیری۔ محاورہ میں مجازاً کہنے خودستائی مشہور ہو گیا ہے
لَنْج ف مٹک چال۔ ناز و نخرہ سے چلنا
لَنْج ف ہونٹھ۔ لب۔ اندر کی جانب رُخسار کی۔ وہ آدمی جس کے ہاتھ اور پاؤں حرکت نہ کر سکیں۔
لَنْگ ف لنگڑا۔
لُنگ ف جو مشہور ہے۔
لنگان۔ لنگان ف لنگڑاتا۔ لنگڑاتا
لَنگ برہ ف ایک قسم کی آش ہے۔
لنگ برہ بر لنگ زدن ف بھاگنا
لنگ خاکی ۔ حریف کو زمین پر گرا کر اُس کی پیٹھ پر پاؤں مارنا

لنگر ف وہ لوہا ہوتا ہے۔ بست وزنی جس کے سبب کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہیں اور وہ جگہ جہاں پر ہر روز غریبوں مسافروں کو کھانا ملتا ہے۔ مجازاً بمعنی تمکین۔ وقار۔

لنگر افگندن۔ لنگر انداختن۔ لنگر نہادن ف لنگر ڈالنا۔ ٹھیرنا۔ مقام کرنا

لنگر بہ اندیشہ فرو بردن ف فکر اندیشہ میں مستغرق ہو جانا۔ اندیشہ میں ڈوب جانا

لنگر کردن در چیزے ف مقام کرنا۔ ٹھیر جانا

لنگری ف ایک قسم کا بڑا تھال۔

لنگ سر کشتی ف کشتی کے ایک داو کا نام ہے

لنگ کمر ف یہ بھی کشتی کا ایک داو ہے

لنگوتہ ہ مرکب ہے لنگ اور وات (بمعنی پناہ۔ پردہ) اور ہائے نسبتی سے۔ پناہ و پردۂ لنگ۔ لنگوٹہ جو مشہور ہے۔

لنگوتہ بستن ف دنیا سے ہاتھ اٹھانا گوشہ نشینی اختیار کرنا۔

لنگیدن ف لنگ کرنا۔ لنگڑا کر چلنا۔

لام مع واؤ

لَوف ایک قسم کے حلوے کا نام ہے بلندی۔ پشتہ۔ پیپ۔ صفرا۔ ہونٹ۔ لب۔ مازندران میں ایک قصبہ بھی ہے۔

لِواء نیزہ۔ جھنڈا۔ علم۔

لَواحِظ ع دنبالہ ہائے چشم۔

لَواحِق ع جمع ہے لاحقہ کی۔

لَوازِم ع جمع ہے لازمہ کی۔

لَواش ت نرم چپاتی۔

لَواشہ ف لباشہ۔

لَواطَت ع امردوں سے بدفعلی کرنا۔

لَواعِج ع شورشہا۔ جمع لاعجہ کی۔

لوامع ع چمکنے والے چمکتے ہوئے جمع لامعہ کی

لواہب ع جمع لاہب کی

لوایح ع جمع لایحہ کی۔ روشنیہا۔ مولوی جامی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک کتاب علم تصوف میں ہے

لوایم ع جمع ہے لائمہ کی

لُوبیا۔ لُوبیہ ع ایک قسم کی پھلی ہوتی ہے اس کی ترکاری پکاتے ہیں۔

لُوب ف پتھریلی زمین جس میں پانی بھی نہ ہو

لُوت۔ لُوچ ف ننگا۔ برہنہ

لُوت ف طرح طرح کے لذیذ کھانے بڑا لقمہ اور امرد یعنی بے ریش لڑکا۔

لوت پوت۔ لوت و پوت ف طرح طرح کے لذیذ کھانے اور مزیدار طعام

لُوث ع آمیزش۔ آلودگی۔ بھترانا۔ مجازاً عیب

لُوچ ف پھیکا۔ ننگا۔

لوح ع تختی۔ تختہ

لوح پا ف پا افشار۔ جولاہے کی کھڈی وہ دو تختے جن پر پاؤں رکھکر تانے کے لیے دو حصے کئے جاتے ہیں جن میں بانا ڈالتے ہیں

لوح تربت۔ لوح مرقد و پتھر کا تختہ جس پر آیات یا ابیات وغیرہ کندہ کر کے قبر پر رکھتے ہیں

لوح سادہ ف کوری تختی۔

لوحش اللہ ع اصل میں لا اوحش اللہ تھا یعنے وحشت نہ دے اسے اللہ تعالےٰ فارسی والے تعظیم و استعجاب کے موقع پر خواہش و تحسین کے معنے میں استعمال کرتے ہیں

لوح خاموشی ف خاموشی۔ چپ رہنا۔

لوح دو رنگ ف دنیا۔ جہان

لوح طلسم و وہ تختی جس پر طلسم کھولنے کی ترکیب لکھکر طلسم میں رکھدیتے ہیں

لوح محفوظ ع وہ لوح جس پر خداوند تعالےٰ نے ہر ایک امر جو وقوع ہوگا۔ ازل سے لکھا ہوا۔

لوح ناخواندہ ف عالم لدنی

لوح نادرست کردہ ف بن لکھی اور بغیر مشق کی ہوئی تختی۔ کوری تختی

لوخ ف ایک گھاس ہے جس کے بورئے بناتے ہیں۔ گنوار آدمی۔

لوخن ف چاند۔

لَوذعی ع نہایت زیرک۔ پرلے درجہ کا دانشمند زیرک

لور ف سیلاب وہ زمین جسے سیلاب نے اونچا نیچا کر دیا ہو۔ ایک قسم پنیر کی ہے۔ بے حیا۔ بے شرم دھنے کی کمان جس سے روئی دھنکتا ہے

لور ایک ملور اور ف گھی رکھنے کا برتن۔ خواہ چمڑے سے بنا ہو خواہ تانبے وغیرہ سے۔

لورکند۔ لورہ ف زمین جو سیلاب سے اونچی نیچی ہو گئی ہو۔

لوری ف جذام کی بیماری۔ ایک جنگلی قوم ہے۔ جن کا پیشہ راہزنی اور بازیگری ہے۔

لوز ع بادام

لوزہ ف ہر چرب اور میٹھی چیز خواہ کلام ہو خواہ طعام۔ چاپلوسی۔ عاجزی۔ فریب

لَوزِیات ع حلوائے بادام۔

لَوزینج۔ لوزینہ ف وہ حلوا جس میں مغز بادام پڑے ہوں۔

لوزینہ بگا دادن ف بے محل کام کرنا بے ٹھکانے کام کرنا۔

لَوس ف تملق۔ چاپلوسی۔ خوشامد۔ گوشت کا قورمہ ملاتے ہیں۔ ایسا کیچڑ جس میں پاؤں دھنس کر بڑی مشکل سے نکل سکے۔

لوسیدن ف فریبنا۔ چاپلوسی کرنا۔ عاجزی کرنا

لوش ف سیاہ کیچڑ جو حوض یا تالاب کے نیچے ہوتی ہے وہ شخص جس کا منہ بگڑا ہو۔ جذام کی بیماری والا۔ بیٹھا ہوا۔ بے خبر۔ بے ہوش۔

لوشاف ایک بے نظیر مصور و نقاش کا نام ہے جیسا کہ روم میں ایسا ہی مشہور گذرا ہے جیسا کہ مانی چین میں۔ اور جیسا کہ مانی کی کتاب ارژنگ مشہور ہے ویسا ہی اس کی کتاب انگلوشا نامی مشہور معروف ہے۔

لُوط ع ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ ان کا زمانہ قریباً حضرت مسیح علیہ السلام سے ۱۹۰۰ پیشتر ہوا ہے۔ لواطت ان کی قوم میں زیادہ شایع تھی حضرت لوط علیہ السلام نے اس فعل شنیع سے بہت ملامت و ممانعت کی لیکن وہ ذرا راہ راست پر نہ آئے بلکہ سرکشی اور بدفعلی میں بڑھتے ہی گئے۔ یہاں تک کہ صاف حضرت لوط علیہ السلام کو کہنے لگے کہ فاتنا بعذاب اللہ ان کنت من الصادقین لے آ عذاب الٰہی ہم پر اگر تو سچا ہے۔ آخر ان کے فعل کی شامت سے خداوند تعالیٰ نے ان پر گندھک اور آگ کا مینہ آسمان سے برسایا۔ اور ان کے مقام و ساکنوں کو غارت کر دیا۔ چنانچہ وہ مکان ایسا اجڑ گیا ہے کہ جہاں پیشتر خوشنما اور سبزہ زار میدان تھا۔ وہاں اب سمندر ہے جس کا پانی ایسا کھاری ہے کہ کوئی مچھلی اس میں زندہ نہیں رہ سکتی کوئی درخت اگ سکتا ہے۔ اس سمندر کا نام مردہ سمندر بحر مردار ہے۔ اور اس کے آس پاس کی زمین نہایت بے سود اور غیر آباد ہے۔

لُوطی ع اغلام کرنے والا۔ لونڈے باز۔

لَوعات ع جمع لوعت کی۔

لَوعت ع عشق کے سبب دل کی سوزش

جو عاشق کے دل میں ہوتی ہے۔ عشق و محبت کی جلن

لوعیدن ف ڈہنا۔ ہینا۔ گرا دینا۔

لوقای حضرت مسیح علیہ السلام کے ایک نبی کا نام ہے جو شہر انطاکیہ کے رہنے والے اور پیشہ طبابت کرتے تھے انجیل لوقا جو اناجیل اربعہ میں تیسری ہے ۶۳ء میں اور کتاب اعمال حواریین ۶۴ء میں انہوں نے تصنیف کی۔ ایک اور حکیم کا نام بھی ہے۔

لوک ف ایک قسم کا الد اونٹ ہے جس کے بدن پر چھوٹے چھوٹے بال ہوتے ہیں۔ وہ شخص جو بچوں کی طرح زانو کے بل چلے۔ عاجز۔ زبون۔ عشق پیچہ۔

لوکشور ف نردان۔ ایسا وجود جسے آواگون سے نجات حاصل ہو جائے۔

لوکر ف آٹا خواہ گیہوں کا ہو۔ خواہ مکئی اور غلے کا۔ روئی جس میں بنولے نہ ہوں یا ابھی دھنکی گئی ہو۔ بلی کی آواز۔ کتے کا نالہ۔

لوکیدن ف گھسٹ کر چلنا۔ بچوں کا زانو کے بل چلنا۔ جسے پنجابی میں اڑھنا کہتے ہیں۔

لول ف بے شرم۔ بے حیا۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ قحبہ

لولاک ع اشارہ ہے طرف اس حدیث قدسی کے "لولاک لما خلقت الافلاک" یعنے اگر نہ ہوتی تیری ذات پاک (اے محمد) البتہ نہ پیدا کرتا میں آسمانوں کو

لولانک۔ لوالاد ر ف لولانک۔

لولو ع موتی۔

لولوشم ف ایک پھول کا نام ہے۔

لولہ ف ٹونٹی

لولپیچ ف وہ کپڑا جو فیتے کی طرح لپیٹا جائے۔

لولی ف منسوب بہ لول۔ فاحشہ عورت۔ قحبہ۔ گھر گھر جا کر سرود و گانا بجانیوالی۔ نازک۔ لطیف۔ ظریف

لوم ع ملامت کرنا۔ ملامت۔ بخل۔

لون ع رنگ۔

لوند ف پھکڑ رند۔ وہ شخص جسکے اپنی عورت سے محبت ہو اور اسی کے ساتھ عیش و عشرت کرے۔ بیدکار۔ لڑکا۔ فاحشہ عورت۔ پیشکار۔ نیک خیر۔ ناخدا ترس۔ بے شرم کوتوال جو اوروں کا مال کھا جائے۔

لوہاور۔ لوہر۔ لوہار۔ لوہور۔ لوہاور۔ لاہور

لوید ف بھلے منہ کا دیگچہ۔ بڑا پتیلہ۔

لویزہ ف ہابیل کے ساتھ جو لڑکی حضرت آدم علیہ السلام کے ہاں پیدا ہوئی تھی۔

لام مع ہائے ہوز

لہ ع اس کے لئے۔ یا کا ترجمہ ہے۔

لہ ف انگوری شراب۔ تو خواہ اچھی ہو خواہ بری ترکستان میں ایک شہر ہے۔

لہ ف عقاب

لہاب۔ لہب ع آگ کی لپٹ۔ شعلہ

لہات ع وہ گوشت کا ٹکڑا جو گلے میں لٹکا رہتا ہے۔

لہاور ف لاہور

لہجہ ع اچارن۔ الفاظ کی ادا۔ زبان۔ محاورہ۔ آواز

لہخیرہ ف ناشتا۔ صبح کا کھانا جو روٹی سے پہلے کھائیں

لہذا ع لِ (یعنے واسطے) ہذا (یعنے یہ) یعنے اسی لئے

لہر ف شراب خانہ۔ قحبہ خانہ۔

لہراسپ۔ اعتدال حقیقی۔ ایران کے ایک بادشاہ کا نام ہے جس کو کیخسرو نے ترک سلطنت کے بعد تخت و تاج سپرد کیا تھا۔

لہز ع سینہ پر مکا مارنا۔

لہف ع افسوس کرنا۔ اندوہگین ہونا۔

لہنہ ف احمق۔ نادان۔ پیتھر

لہنہ ع جانگداز سمندر میں ایک عجیب پتھر ہے۔

لہنہ ع ناشتا۔ وہ طعام جو ضیافت کے کھانا دینے سے پہلے مہمان کو دیا جائے تاکہ شغل میں لگا رہے۔

لہو ع بازی۔ کھیل۔ جماع کرنا۔

لہو و لعب ع کھیل کود۔

لہیب ع شعلہ زن ہونیوالی آگ۔ بھڑکتی ہوئی آگ

لام مع یائے تحتانی

لی ع میرے لئے۔ میرے واسطے۔

لیاذ ع کسی کی پناہ میں آنا۔ پناہ لینی۔

لیاقت ع استعداد۔ حوصلہ۔

لیالی ع جمع لیل کی۔ راتیں۔

لیام ع جمع لئیم کی۔

لیامت ع ملامت کرنا۔

لیان ف درخشاں۔ تاباں۔ شیشے اور تلوار کی چمک۔ ایسی چمک جو پے در پے نظر آئے۔

لیت ع کاشکے۔ امید ہے۔ ناممکن چیزوں کی تمنا کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

لیتک ف مفلس۔ قلاش۔ بے خبر۔ پریشان۔ مقبول غلام اور لونڈی۔ موٹا۔ بد اصل۔

لیت و لعل ع یہ دو تمنا کے کلمے ہیں فارسی والے عذر و حیلہ بہانہ۔ ٹال مٹول کے معنے میں استعمال کرتے ہیں

لیث ع پھاڑنیوالا شیر۔ اسد۔ ایک ٹھٹھیرے کا نام ہے۔ ایران کا بادشاہ عمر اسی کا بیٹا تھا۔

لیثرغش ف سرسام بلغمی۔

لیچار۔ لیچال ف ریچار۔

لیرت ف خود آہنی۔ مغفر۔

لیشم ف مالیدہ۔ کمان نرم اور سست جس پر کمان کھینچنے کی مشق کرتے ہیں۔

لیزیدن ف آغشتن۔ لغزیدن۔

لیسیدن ف چاٹنا۔

لیغ ع جبل دل۔

لیف ع پوست درخت خرما۔

لیفہ دان ف خوشبو کی ذات شجر کی دو یا سیب

لیق ع دوات کی صوف۔

لیقہ ع صوف جو دوات میں ڈالکر سیاہی میں اسکو تر کرتے ہیں۔

لیک ف مخفف ہے لیکن کا۔

لیکن ف مگر۔ پر۔

لیل۔ لیلہ ع رات

لیلج۔ لیلنج۔ لیلنگ ف نیل جس سے چیزیں رنگتے ہیں

لیلوف تالاب۔ گڑھا۔

لیلوپر۔ لیلوپل۔ لیلوفر ف نیلوفر۔

لیلے ع قیس (مجنوں) کی معشوقہ کا نام ہے۔ جس کا قصہ مشہور ہے۔ یہ لفظ صیغہ افعل التفضیل مؤنث (فعلیٰ کے وزن پر) کا لیل سے مشتق ہے۔ اور اصل لیلاء ہے۔ اور اسکے معنے سیاہ فام عورت ہیں چونکہ اُس کا رنگ سانولا اور حسین نمکین تھا۔ اسواسطے یہ نام رکھا گیا۔ فارسی والے عربی حروف کے آخری ہمزہ کا کچھ لحاظ نہیں کرتے۔ اگرچہ لیلے بیائے دوم مجہول پڑھنے لگے ہیں۔ اور اس وجہ سے کہ اُن کے نزدیک اکثر جگہ یائے مجہول کو یائے معروف پڑھنا فصیح ہے۔ لیلی (بیائے معروف) پڑھنے لگے۔

لیلۃ الاسرٰی ع شب معراج۔ وہ رات جس میں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم معراج پر گئے۔

لیلۃ البدر ع چودھویں رات۔

لیلۃ القدر ع شب قدر یعنے ماہ رمضان کی ستائیسویں رات جس میں قرآن شریف (لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر) نازل ہوا۔

لیمو۔ لیموں ع نیبو۔

لین ع نرمی۔ ضد خشونت۔ واو اور الف یائے تحتانی ساکن ماقبل مفتوح حروف لین کہلاتے ہیں۔

لینت۔ لینہ ع نرمائی۔ نرمی۔

لینہ ع خرما کے درخت کا تنہ۔

لیوس ع بے غیرت۔

لئیم ع ناکس۔ بخیل۔ کنجوس۔ جو نہ آپ کھائے نہ اوروں کو کھلائے۔

لئیماں ف جمع فارسی لئیم کی۔ کنجوس لوگ۔

باب المیم مہملہ

میم مہملہ مع الف

ماف ہم

ما ع نہیں۔ کیا چیز ہے۔ آنچہ۔ جو کچھ۔ جو کہ۔

ما ع پانی۔

ماءُ الجُبن ع دودھ کا پانی جو اُس کو پھاڑ کر نکالتے ہیں۔

ماءُ الحیوٰۃ ع آب حیات۔ امرت۔ کیمیا گروں کی اصطلاح میں ایک مرکب دوائی ہے جسے کسی دھات کے کشتے میں ملا کر آگ دیں تو وہ دھات پھر درست اصلی حالت پر آجاتی ہے۔

ماءُ الوَرد ع گلاب کا عرق۔

ماءِ مَعین ع آب رواں جو پاک اور صاف ہو۔ مستقرا جاری پانی۔

مَآب ع ٹھکانا۔ پھرنے کی جگہ۔ جائے بازگشت وہ جگہ جہاں آدمی لوٹ کر جاوے۔

مَابعدُ الطّبیعیہ ف علم الٰہی جو علم طبعی کے بعد سمجھ میں آسکتا ہے۔

مَابَقِے ع جو باقی رہا ہو۔ بچا ہوا جھوٹا کھانا جو باقی رہ جائے۔ اصل اور صحیح مابقی ہے۔

مابُون ع بوبیار۔ یعنے وہ شخص جس کو غلام کروانے کی بیماری ہو۔

مابَین ع درمیان۔

مات۔ مائۃ ع سو...۔ صد

مَات ع مرگیا۔ ہار گیا۔ اصل میں صیغہ ماضی کا ہے اب بجائے اسم کے مستعمل ہوگیا ہے۔

مآت ع جمع مات کی۔ کئی سو۔

ماتح ع کنوئیں سے پانی کھینچنے والا۔ آب کش۔

ماتقدّم ع پہلا۔ جو پہلے گذر سے مذکورہ بالا

ماتم ع رونا پیٹنا۔ سوگ۔

ماتم دیدہ ف ماتمی۔

مائتین ع دو سو۔ یہ تثنیہ کا صیغہ ہے۔

ماثِر ع نشان کھوج۔ نشان نیک کار رہا ہے پسندیدہ۔ ماثرہ کی جمع۔

ماثِر ع نشان مکان کا جس کے آثار باقی نہ ہوں۔

مآثِم ع جمع ماثم کی جو مصدر میمی اثم کا ہے یعنی گناہ۔

ماثم ع گناہ

ماثور ع منقول نقل شدہ اور فارسی میں یعنی اثر پذیر شدہ کے بھی آتا ہے۔

ماثورہ ع منقولا ادعیہ یا ماثورہ وہ دعائیں جو آنحضرت اور صحابہ سے منقول ہیں۔

ماثوم ع گنہگار۔

ماج ف ماہ چاند۔ روایت کرنیوالا۔ اس شخص کا نام ہے جس کی روائتیں رودکی شاعر بیان کرتا ہے۔

ماجد ع مرد بزرگوار

ماجدہ ع زن بزرگوار

ماجرا ع جو کچھ گذر چکا۔ وہ (حال) جو گذرا سرگذشت بیتی واردات۔ احوال زمانہ گذشتہ۔

ماجرا گردن ف سرگذشت بیان کرنا۔ حال ظاہر کرنا

ماجوف ایک دوا کا نام ہے۔

ماجوج ع یافث بن نوح کی اولاد تاتاری لوگ

ماجوُر ع اجر دیا گیا۔ نبا۔ بدلا دیا گیا۔

ماچ۔ موچ ف بوسہ۔ چوما۔

ماچین ف چین کے جنوب اور ہندوستان کے مشرق میں ایک ملک ہے۔

ماح ع سفیدی جو مرغی کے انڈے میں ہوتی ہے

ماحصل ع محصول حاصل شدہ۔

ماحضر ع جو حاضر ہو۔ جو شے موجود ہو۔ خاص کر وہ کھانا جو وقت پر حاضر اور موجود ہو۔ مرکب ہے ما موصولہ اور حضر صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف سے جس کے معنے ہیں حاضر ہوا۔ موجود ہوا

ماحضرے ف ماحضر۔

ماحی ع محو کرتے والا۔ مٹانیوالا۔

ماخ ف کھوٹا سونا۔ زر قلب جس آدمی کمینہ منافق

ماخذ ع مصدر جگہ اخذ کی لینے کی جگہ۔ اصلی روٹ

ماخوذ ع گرفتار کیا گیا۔ پکڑا گیا۔ لیا گیا۔

ماخوذ ساختن ف گرفتار کر لینا۔ پکڑ لینا۔

ماخول۔ ماخولیا ی مخفف مالیخولیا۔

ماد ف مخفف مادر کا۔ ماں اُم۔

مادام ع ہمیشہ۔

مادام الحیوٰۃ۔ مادام العمر ع جب تک کہ زندگی ہے۔ جب تک عمر ہے۔ تا زیست عمر بھر

مادح ع مدح کرنیوالا۔ تعریف کرنیوالا۔

مادخ ع بزرگ۔ ارجمند۔

مادر ف ماں۔ والدہ

مادر آب و آتش ف سوز کے ساتھ روتا ہوا

مادر بخطاف یہ ایک گالی ہے یعنی تیری ماں حرام کار تھی۔

مادبہ ف ضیافت۔

مادرزاد ف وہ بچہ اپنی ماں کا جنا ہوا ہو۔

مادر یا مادر ف نانی۔

مادرہ ف پچھم کی طرف ایک ولایت ہے۔

مادری ف ماں کا۔

مادندر ف سوتیلی ماں باپ کی جورو جس کے پیٹ سے وہ شخص نہ ہو۔

مادون ع سوا۔ علاوہ۔ بجز۔

مادہ ف استری۔ عورت۔ جو مقابل نر کے ہے

مادّہ ع ہر چیز کی اصل ہر شے کے بننے کا سامان وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جائے۔ استعداد ملکہ دربارہ درباب۔ در مقدمہ۔

مادّی ع منسوب مادہ سے۔ وہ شے جو محسوس ہو سکے۔ اور کچھ وزن بھی رکھتی ہو۔

مادیان ف گھوڑی یہ لفظ مفرد ہے جمع نہیں اور اس کے ساتھ اسپ لگانے کی بھی کچھ ضرورت نہیں اس واسطے کہ اس کی خود یہی معنے آتے ہیں مادہ (گھوڑی) کے ہیں۔

ماذون ع اذن دیا گیا۔ حکم کردہ شدہ اجازت دیا ہوا

مار ف سانپ۔

مارا ف ہمارے تئیں۔ ہمکو۔ ہمارے لئے۔

مار اف ف سانپوں کا منتر جاننے والا افسونگر

مارب ع مطلب۔ مقصد۔ حاجت۔

مآرب جمع مارب کی۔

مار بدست دیگرے گرفتن ف کسی اور کو خطرناک کام دینا۔

مار بدست گرفتن ف خطرناک کام کرنا۔

ماربرہ ف دایہ مادر خواندہ۔

مارپیچ ف پرچم۔ جھنڈے کا پرچم جو لشکر میں ہوتا ہے۔ اور کئی سانپوں کی مانند باہم پیچیدہ۔ تصویر۔

مارپیکر درفش ف سانپ کی شکل کا جھنڈا رات سے مراد ہے۔

مارج ف شعلہ آگ کا۔ دھوئیں بغیر آگ جنوں کا باوا آدم۔

مارچوبہ ف ایک دوائی ہے جو سانپ اور بچھو کی زہر کو نافع ہے۔

مارخوار ف گوزن یا ایک قسم کا پہاڑی بکرا ہے

مارخوردن ف غم کھانا۔ سختی اٹھانا۔

مارد ع متمرد۔ سرکش۔ دیو سرکش۔

مار در پیراہن ف پاس کا دشمن۔

مار دو زبان ف منافق آدمی جس کا

ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔

مارحمیری ف ضحاک جو قبیلہ حمیر سے تھا۔

مارسان مارستان ف بیمارستان دارالشفا شفا خانہ۔ ہسپتال۔

مارش ف اصفہان کے پاس ایک بت خانہ تھا جس کو گشتاسپ نے بند کر کے آتشکدہ بنوایا۔

مارضحاکی ف بیڑی۔ وہ سانپ جو اس کے کندھوں پر تھے۔

مارفش ف ضحاک۔

مارق ع دین سے پھر جانیوالا۔ گمراہ۔ بے دین۔ مرتد

مارگیر ف مکار۔ حیلہ گر۔

مارگزرہ ف پھن دار کالا ناگ۔

مارگزیدہ از ریسمان مے ترسد ف چھاچھ کا جلا دودھ کو پھونک پھونک کر پیتا ہے یا یوں کی جگادر دو میں بولتے ہیں یعنی ایک دفعہ کسی چیز سے نقصان اٹھا کر پھر بڑا محتاط ہو جاتا ہے۔

مارمصری ف نیزہ و نشان مصری۔

مارمہر مارمہرہ ف وہ مہرہ جو سانپ کے سر سے نکالتے ہیں۔ فادزہر

مارن ع ناک کی پھننگ۔ سرینی جو بلند ہوتا ہے

مارنہ سر ف فلک آسمان۔

مارو ف مار۔

ماروت ع ایک فرشتہ کا نام ہے۔ ان دونوں فرشتوں (ہاروت و ماروت) میں سے جو شہر بابل میں آدمی کی صورت پر رہتے تھے ان کو علم سحر معلوم تھا۔ جو کوئی اس کو سیکھنے جاتا۔ تو پہلے کہہ دیتے کہ اس میں ایمان جاتا رہیگا۔ پھر اگر وہ چاہتا۔ تو وہ سکھا دیتے اللہ تعالے کو اس میں آزمائش منظور تھی۔

مارون ف ایک پتھر جو سرمہ کے ساتھ ملا کر آنکھوں میں ڈالتے ہیں۔

ماری ف ہلاک شدہ۔ مارا گیا۔

ماریعقوب ف یہودیوں کے ایک مجتہد کا نام ہے۔

ماز ف چین۔ شکنج۔ بل۔ مازو (ماجو) کا مخفف بھی ہے۔

مازار ف عطار۔ بیازار کا مخفف بھی ہے۔

مازاغ ع اشارہ ہے طرف آیت مازاغ البصر وماطغی کی یعنی آنحضرت نے شب معراج میں مقام قرب میں نہ پھیرا آنکھ کو (کسی اور طرف) اور نہ بے فرمانی کی حکم الٰہی سے ما نافیہ ہے اور زاغ صیغہ ماضی کا ہے زیغ مصدر سے۔

مازل ف ہندوستان کا ایک پہاڑ ہے۔

مازنی ع ایک نحوی کا نام ہے جو مازن نام ایک قبیلے میں سے تھا۔

مازند مازندران ف ایران کے شمال میں بحیرہ کیسپین کے کنارے اس کا ایک صوبہ ہے۔

مازو مازوں ف نام ایک دوا کا ہے۔

ماژ ماژدر ف بڑا سانپ ثعبان۔

ماس ف مخفف ہے آماس کا ورم سوجن۔

ماساف مخفف ہے میاسا کا جو صیغہ نہی ہے۔

ماسبق ع گزشتہ جو پہلے گذر چکا۔

ماست ف دہی۔ چھاچھ۔ مٹھا۔

ماست بند ف پنیر بنانے والا آدمی۔

ماست بستن ف دہی جمانا۔

ماست شدن ف دہی جمنا۔

ماسخ مسیخ ع بے مزہ۔ پھیکا۔

ماسک ع بیضوی شکل کا مرکز نقطہ ماسکہ

ماسکہ ع وہ قوت جو غذا کو معدہ میں روکتی ہے

ماسلف ع گزشتہ۔

ماسوا ع علاوہ۔ سوا۔ اصطلاح میں سوا ذات خداوند تعالے کے تمام موجودات اور مخلوقات۔

ماسورہ ع گرفتار۔ قیدی۔

ماسورین ع جمع ماسورہ کی۔

ماسی ف بے پرواہ۔ بے باک

ماسیدن ف دہی جمانا۔ چاٹنا۔ کسی چیز کا منجمد ہو جانا۔

ماش ف مونگ۔ اُرد۔

ماشرمی س سرخ۔ منہ اور پیشانی پر جو ایک قسم کی موسمی ورم ہوا کرتی ہے۔

ماشطہ ع مشاطہ یہ عورتوں کے سر میں کنگھی کرنیوالی عورت جو دلہن کو آرایش بھی دیتی ہے۔

ماشوف چھلنی۔ غربال۔ گدڑی۔

ماشوب ف چھلنی مخفف ہے میاشوب کا۔

ماشورہ ع جلاہوں کی نلی جس پر تار لپیٹ کر کپڑا بنتے ہیں۔ مطلق نلی۔ سوت جو نلکے پر ہو یعنی سوت کی پنڈ یا پنجابی میں اسے چھلی کہتے ہیں

ماشورہ عاج ف معشوق کی گردن۔

ماشورہ ف چھلنی۔

ماشہ ف لوہاروں کا دست پناہ جس سے گرم لوہا پکڑتے ہیں۔ مثلاً سونا آٹھ رتی کا وزن

ماشی ع چلنے والا۔ پاؤں سے چلنے والا۔

ماص ف ماہ یہ لفظ زبان سنسکرت کا ہے۔

ماص ع چوسنے والا۔

ماصدق ع وہ چیز جو صادق ہو یعنی مضمون

ماصول ع آلات موسیقی میں سے ایک آلہ کا نام ہے۔ جو منہ سے بجایا جاتا ہے۔

ماضغہ ع احمق۔ چبانے کی قوت۔

ماضی ع گزشتہ۔ گذرا ہوا زمانہ۔

ماضیہ ع گزشتہ۔

ماطر ع برسنے والا۔

ماعز ع بکری۔

ماعون ع مال کی زکوٰۃ اور وہ چیز جس سے مدد طلب کریں۔ گھر کا اسباب۔ جیسے ہانڈی توا۔ آگ۔ کڑاہی۔ فرش وغیرہ۔

ماغ ف ایک قسم کی مرغابی ہے جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ کالی گھٹا۔

مافات ع جو گذر گیا۔ جو فوت ہوا۔

مافارقین ف ایک ولایت کا نام ہے۔

مافوق ع اوپر

ماق ع آنکھ کا کونا جو ناک کی طرف ہوتا ہے۔ گوشہ چشم بطرف بینی۔

ماقبل ع پہلے جو حرف کسی دوسرے حرف کے پہلے ہو

ماقل ودل ع کلام قلیل جو معانئے کثیر پر دلالت کرے۔ تھوڑے الفاظ جن سے بہت مطلب نکلتا ہو جیسے قرآن شریف کی عبارت

ماقوت ف ایک قسم کا حلوا ہے۔

ماکان ف ایک ولایت اور ایک حاکم کا نام ہے

ماکانی ف منسوب بہ ماکان۔

ماکر ف کل۔ پس فردا۔

ماکل ع یہی مصدر ہے یعنے کھانا۔ چبانا کھانے کی شے۔

مآکل ع جمع ماکل کی ماکولات۔

ماکو ف صوبہ آذربائیجان میں ایک بڑا مضبوط قلعہ ہے۔ جولاہوں کی نال۔

ماکول ف گلے پر باندھنے کی چیز جیسے رسی وغیرہ۔ بہت کھانے والا۔ پیٹو۔ بزرگی کے رتبے کو پہنچا ہوا امام۔

ماکول ع کھایا گیا۔ کھانا۔ خوراک۔ غذا۔

ماکولات و مشروبات ع کھانے پینے کی چیزیں۔

ماکیان ف مرغی۔ پنجابی ککڑی۔ اور یہ لفظ جمع نہیں ہے۔ مفرد ہے۔

ماکیان پرور گردون ف غایت بخل سے مراد ہے

ماکیانِ زاغ رنگ ف رات -

مال ع دولت - روپیہ - دھن - مال کو مال اس وجہ سے کہتے ہیں - کہ انسان کی طبیعت اس پر بہت مائل ہے - مجذور یعنی کسی عدد کا حاصل ضرب فی نفسہٖ جیسے ۱۶ مال ۴ کا ہے -

مآل ع لوٹنے کی جگہ جائے رجوع - انجام کار

مالا کلام ع جس میں کچھ کلام نہ ہو - بے انداز

مالامال ع کثیر اور بہت مجازاً بھرا ہوا - پُر -

مالا یطاق ع طاقت سے بڑھکر جو کسی کی قدرت میں نہ ہو -

مالا ینحل ع جو حل نہ ہوسکے - بہت کٹھن -

مالا یعنی ع وہ چیز جس سے کسی کی کچھ مراد نہ ہو - بیہودہ - بے فائدہ -

مالح ع شور - نمکین - کھاری -

مالخ ع خلل دماغ - سودا -

مالداده ف قیمتاً - خریدی ہوئی شے - غلام

مالدار ف دولتمند -

مالس ی سیاہ -

مالش ف مالیدگی - ملنا طبیعت کا قے کرنے پر مستعد ہونا - مالیدن کا حاصل بالمصدر ہے

مالشکری ف عورتوں سے کھیلنا - کودنا -

مالِ صامت ع سونا - چاندی وغیرہ -

مال ضامن ع وہ شخص جو اس طرح پر ضامن ہو - کہ اگر یہ شخص چلا جائیگا - تو میں اس قدر مال سرکار میں حاضر کر دونگا -

مال ضامنی ع مال کی ضمانت دینا یعنی اتنا مال بھر دونگا -

مالک ع صاحب - خداوند - ملک - والد - اس سوداگر کا نام ہے - جس نے حضرت یوسف علیہ السلام کو اس کے بھائیوں سے خرید کیا تھا - اُس فرشتہ کا نام بھی ہے - جو موکل دوزخ ہے - دربانِ دوزخ -

مالکانہ ف مالک ہونے کا حق -

مالکِ دینار ع ایک ولی کامل کا نام ہے کہتے ہیں ایک دن وہ بزرگ کشتی میں سوار ہوکر کہیں جا رہے تھے - اتفاقاً ملاح کا ایک دینار گم ہوگیا - اس نے مفلس و نادار سمجھ کر ان پر طعن دھرا ولی موصوف نے خدا تعالےٰ کے آگے زاری کی حکم الٰہی سے دریا کی مچھلیوں نے اس قدر دینار کشتی میں پھینکے - کہ اگر فوراً وہ ملاح توبہ نہ کرتا - تو کشتی دیناروں کے بوجھ سے پانی میں ڈوب جاتی - اسی سبب سے ان کا لقب مالک دینار ہوگیا ہے - کتابت کرکے اپنا گذارہ چلاتے تھے ۱۳۱ھ میں فوت ہوئے

مالگذاری ف زمین کا سرکاری محصول

مالکِ علی الاطلاق ع مالک مطلق ہر کام کا مالک و مختار وہ شخص جس طرح چاہے کرے کوئی اس کا مانع و مارج نہ ہو اس سے مراد خدا تعالےٰ ہے -

مالکیت ع مالک ہونا -

مالِ ناطق ع حیوانات جیسے اونٹ گھوڑا بیل وغیرہ -

مال وجہات ع نقد و جنس اسباب و اشیاء -

مالوف ع الفت کیا گیا - خو گرفتہ - دوستی کیا گیا -

مالول ف بندگی کے مرتبے کو پہنچا ہوا غلام -

مال و متاع ع اسباب و روپیہ

مالہ ف ملنے کا اوزار - معماروں کا گھالہ وہ لکڑی جسے ہل باہنے کے بعد کسان لوگ زمین پر پھیرتے ہیں تاکہ زمین صاف ہوجائے اور مٹی کے ڈھیلے ٹوٹ جائیں - جولاہوں کا وہ اوزار - جسے پنجابی میں کُچ کہتے ہیں - مالش - مالا مال -

مالی ع پُر کرنے والا - پُر ہونے والا -

مالیخولیا ی ایک دماغی مرض ہے جس سے آخر کو جنون کی مرض لاحق ہوتی ہے - اسی واسطے مالیخولیا - خیال خام - سودا - دیوانگی دیوانہ پن کی باتوں کو کہتے ہیں -

مالیت ع مال پن - دھن - قیمتی -

مالیدہ گوش ع ہوشیار ہوا -

مالیدن ف ملنا - تنبیہ کرنی - سزا دینا -

مالیده ف ملا ہوا -

مالیہ ع منسوب بہ مال - زر - مال گزاران -

مام ف مادر - ماں - والدہ -

ماما ف بڑھیا - بوڑھی عورت -

مامضٰے ع وہ جو گذر گیا - جو کچھ ہو چکا گذشتہ

مامک ف مرکب ہے ام (یعنے ماں) اور ک تصغیر کا ہے پیار اور شفقت کے لئے) سے پیاری ماں - ماں کبھی پیار سے بیٹی کو بھی کہہ دیا کرتے ہیں -

مامن ع امن کی جگہ - آرام کی جگہ -

مامنِ رضا ع یعنی رضا کی امن کی جگہ یہ اشارہ مشہد مقدس کا ہے - کیونکہ وہاں پر مزار امام علی موسےٰ رضا کا ہے جو آٹھویں امام ہوئے ہیں - یہ مزار بعض لوگوں کے نزدیک بجائے کعبہ کے ہے وہ کہتے ہیں کہ جو گنہگار وہاں پہنچتا ہے - پھر اس سے گناہ کی پرسش نہیں ہوتی - گویا اُس نے امن پایا - عذاب و عقاب سے -

مامور ع حکم کیا گیا - امر کیا گیا -

مامول ع امید کیا گیا - وہ چیز جس کی امید ہو - امید -

مامون ع امن کیا گیا - محفوظ - بیخوف اور خلفائے عباسیہ میں سے بغداد کا ایک خلیفہ ہے جو ہارون رشید کا بیٹا تھا - اس نے ۱۹۸ھ سے ۲۱۸ھ تک حکومت کی سخاوت و شجاعت میں مشہور اور علوم عقلی و نقلی میں تمام خلفائے عباسیہ سے بڑھ کر تھا - اقلیدس کا ترجمہ اسی نے کرایا

ماميثاس ایک قسم کی بدمزہ گھاس ہے

مامیران ف ایک جڑ ہے جو آنکھوں کی دوائی میں پڑتی ہے -

مان ف خانہ اسباب متاع اور [illegible] - مانند تشبیہ

مانا ف مشابہ - مانند - شاید تحقیق -

مانح ع سخی - بخشنے والا - داتا -

ماندگی ف رہ جانا - تکان -

ماندن ف رہنا چھوڑنا - توقف کرنا -

مانده ف رہا ہوا - تھکا ہوا -

مانستن ف مانند ہونا - مشابہ ہونا -

مانع ع منع کرنے والا - روکنے والا -

مانگ ف ماہ - سورج -

مانند ف حرف تشبیہ کا ہے - جیسا -

مانند آباد ف عالم برزخ -

مانوس ع جس چیز سے اُنس ہوگیا ہو مرغوب

مانوسار ف دارا شاہ ایران کے قاتلوں میں سے ایک کا نام ہے -

مانوش و مانوشان ف ایک پہاڑ کا نام ہے جہاں منوچہر پیدا ہوا تھا -

مانی ف ایک مشہور نقاش کا نام ہے جس نے نبوت کا دعوےٰ کیا اور صنعت نقاشی کو اپنا معجزہ ٹھیرا کر خلقت کو اپنی آئین کی طرف دعوت کی کتاب ارژنگ اسی کی بنائی ہوئی ہے ایک شاعر کا نام ہے جو شیراز کا رہنے والا اور سلطان یعقوب کا [illegible] اور شاہ اسمٰعیل صفوی شاہ ایران کے پاس رہتا تھا

آخر یہ زہر دیا گیا۔ بادشاہ طبیعت کو اس پر گشتہ کر کے اسے مروا ڈالا۔

مانیا ف ایک بیماری ہے جس کے سبب بیمار میں تندی آ جاتی ہے اکثر غصہ میں بھرا رہتا ہے اور لوگوں کو دکھ دیتا ہے۔

ماندن ف ماند ہونا کسی چیز یا جگہ کو چھوڑ دینا۔

ماوا۔ ماوے ع جائے بازگشت۔ گھر۔ جائے پناہ۔ ٹھکانا۔

ماورا ع سوا۔ علاوہ۔

ماوراء النہر۔ ماوراءالنہر جو کچھ دریا کے پار ہو۔ توران سے مراد جو کہ دریائے جیحون کے پار ہے اس واسطے اہل ایران اسے ماوراءالنہر کہتے ہیں۔

ماہ ف چاند۔ مہینہ۔

ماہار ف ہار۔

ماہ آفرید ف منوچہر شاہ ایران کی ماں کا نام ہے۔

ماہا ماف بدھ بانی بدھ مذہب کی والدہ کا نام ہے۔

ماہانہ ف ماہواری۔

ماہ پارہ ف مخفف ماہ پارہ کا ہے یعنی حسین خوبصورت۔

ماہ پیکر و رقش ف رات۔

ماہتاب مہتاب ف چاند کی چاندنی مجازاً چاند۔

ماہتاب گز پیمودن ف محال کام کرنا لغو حرکت کرنی۔

ماہِ جلالی ف مراد ماہ شمسی جو جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کی تاریخ سے منسوب ہے۔

ماہِ چوشاخ گوزن ف پہلی سے تیسری تاریخ تک کا چاند جو باریک ہوتا ہے۔

ماہچہ ف مانند چاند کی چاندی یا سونے کا وہ گول چکر جو علم پر یا فوج کے جھنڈے پر لگایا جاتا ہے۔

ماہ چہاردہ شبہ ف بدر۔ ماہ دو ہفتہ۔

ماہ خرگہی ف وہ چاند جس کے گرد ہالہ ہو مراد معشوق۔

ماہ در عقرب ف وہ وقت جب چاند برج عقرب میں ہو ایسے وقت نیک کام کرنا ممنوع ہے۔

ماہر ف کامل۔ حد فرد۔

ماہر ع استاد کار۔ کام میں بڑا استاد۔

ماہِ رخ۔ ماہ رو ف معشوق جس کا چاند کی مانند چہرہ ہو۔

ماہ رمہ ف بڑا جس سے بڑھئی لکڑی میں سوراخ نکالتے ہیں۔

ماہ روزہ ف تاریخ رات دن کا حساب رکھنا۔

ماہ سیما ماہ طلعت ف محبوب۔ معشوق۔

ماہ سی روزہ ف پہلی رات کا ہلال۔ بہت باریک چاند۔ معشوق جو بیمار اور ضعیف ہو۔

ماہی شبہ ف مٹ گیا ہوا۔ دور شدہ۔

ماہ قصب پوش ماہ قصب دوختہ ف وہ معشوق جس نے کتان کے کپڑے پہنے ہوئے ہوں۔

ماہ کاشغر ف ماہ مقنع۔ ترکستان کے معشوق۔

ماہِ کنعان ماہِ مصر ف حضرت یوسف علیہ السلام۔

ماہِ سیام۔ ماہ کش۔ ماہِ مقنع۔ ماہِ مرور۔ ماہِ نخشب ف حکیم بن عطا نے جو ابن مقنع کے نام سے مشہور ہے چند اجزا سے سیماب وغیرہ سے ملا کر ایک چاند بنایا تھا جو دو مہینے تک ہر رات کو ایک کنوئیں سے نکلا کرتا تھا اور چار فرسنگ تک اس کا نور پہنچا کرتا تھا۔ وہ سیام نام ایک پہاڑ سے نکلتا تھا اور کش شہر کا نام ہے جس کے پاس وہ پہاڑ ہے اور نخشب بھی شہر کا نام ہے جسے قرشی بھی کہتے ہیں اس کے پاس ایک کنواں تھا وہاں یہ غروب ہو جایا کرتا تھا۔

ماہِ مجوق چتر ف چتر کا زریں قبہ جو اس کے اوپر ہوا کرتا ہے۔

ماہِ نو ف نیا چاند۔ ہلال۔

ماہو ف زیبائی بنت یزدجرد کے زمانے میں اس کے ماتحت سیستان کا ایک حاکم تھا جو نٹ چلانے کی لکڑی سے ریانوں کی۔

ماہوار ف ہر مہینے سے مہینے۔ مہینے کی تنخواہ۔

ماہور ف موسیقی کے ایک شعبے کا نام ہے۔

ماہ و سال ف ہمیشہ۔ مدام۔

ماہو ف سیستان کے حاکم کا نام ہے جو یزدجرد کے ماتحت تھا۔ اور جب وہ لشکر اسلام سے شکست پا کر اس کے پاس آیا تو اسے مار ڈالا۔

ماہہ ف برما جس سے سوراخ نکالا جاتا ہے۔

ماہی ف مچھلی۔ برج حوت منسوب بہ ماہ۔

ماہیانہ ف تنخواہ ماہواری۔

ماہیچے بلوریں ف معشوق کی انگلی۔

ماہی پشت ف وہ چیز جو درمیان سے اونچی اور آس پاس سے نیچی ہو۔ ٹراٹیلا۔ خرپشتہ۔

ماہیت ع یہ جعلی مصدر ہے اہل منطق و حکمت کی گھڑی ہوئی مرکب ہے مارموصولہ) اور ہی (ضمیر مؤنث واحد) اور یائے مشدد (علامت جعل) اور تائے مصدری یائی لفظ ہی کے بسبب اجتماع دو یاؤں (یعنی ی مشدد) سے گر گئی معنی اس کے ہیں حقیقت کسی چیز کی اصلیت کسی شے کی۔

ماہیچہ ف سیویاں۔

ماہی دان ف حوض۔

ماہی زریں ف ایک قسم کی مچھلی ہے جو بہت بیش ہوتی ہے بعض کہتے ہیں کہ وہ مستقور ہی ہے۔

ماہی سپہر ف برج حوت۔

ماہ یمانی ف جناب رسول خدا صلعم یمن سے مراد ہے۔

ماہی چشمہ خضر ف معشوق کی زبان اور منہ۔

ماہی ورق ف ڈھال۔ سپر۔

ماؤف ع آفت رسیدہ۔ دکھ پہنچا ہوا۔

ماوّل ع تاویل کیا گیا۔

مائی ع آبی۔ پانی کا۔

مایت ع مرنے والا۔ میرندہ۔

مایحتاج ع وہ شے جس کی طرف انسان کو حاجت پڑتی ہے۔

مائدہ ع دسترخوان خوان اور طعام نام ایک سورہ قرآن کا مائدہ۔

مائدہ خرگہی ف آسمانی نعمتیں۔

مائدہ سالار۔ مائدہ شہ ف چاشنی گیر۔

مائدہ مسیح ع وہ مائدہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا تھا۔

مائع ع رقیق شے جیسے پانی الکوحل شیر پارہ تیل شہد وغیرہ۔

مائعات ع بہنے والی چیزیں جو مثل پانی کے رقیق ہوں۔

مالیعرف جو چیز معلوم ہو مگر کمال انتہائی جو ہاں پہنچے کہا۔

مائق ع مرد نادان احمق آدمی یہ صیغہ اسم فاعل کا ہے موق مصدر سے جس کے معنی حماقت و نادانی ہیں۔

مالیقرأ ع بدخط لکھا ہوا جو پڑھا جا سکے۔

مائل ع متوجہ جس کی کھینچنے والا۔ خمیدہ۔ شائق۔

مائن ع دروغ گو۔ جھوٹا۔

ما ینطق عن الھوٰی ع یہ آیت قرآن مجید کی ہے نجم میں حضرت رسول خدا کی تعریف میں واقع ہوئی ہے اس کے معنے ہیں اور نہیں بولتے ہیں (حضرتؐ) اپنی خواہش نفس سے یعنے اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کہتے بلکہ ان کا ہر قول حسب فرمان الٰہی کے ہے یہ آیت انجیل کی اس آیت کے مطابق جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فارقلیط کی بشارت میں فرمایا ہوا ہے کہ جب وہ سچائی کی روح (جو فارقلیط مراد ہے) آوے گی تو ساری سچائی کی راہ بتاوے گی کیونکہ وہ اپنی نہ کہے گی بلکہ جو کچھ (خدا سے) سنے گی سو کہے گی (یوحنا باب ۱۶ آیت ۱۳)۔

مایوس ع ناامید۔ بے آس۔

مایہ ف پونجی۔ اصل مادہ مقدار۔

مایہ دار ف ہر چیز جو گف ہو اور ذخیم بھی چنڈا دل وہ فوج جو لشکر کے پیچھے ہوتی ہے۔

مایۂ شب ف رات کا اندھیرا۔

مایۂ صدق ف ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

مئین ع یہ جمع ہے مائۃ کی یعنی صدہا سینکڑوں۔

میم مع بائے موحدہ

مَبا ف مخفف ہے مباد کا۔

مَبات ع رات کاٹنا۔ رات کاٹنے کی جگہ۔

مُباح ع جائز رکھا گیا۔ حلال داشتہ شدہ روا جائز صیغہ اسم مفعول کا ہے اباحت مصدر سے۔

مُباحات ع جمع ہے مباح کی جائز امور جن کے کرنے یا نہ کرنے میں شریعت نے اختیار دیا ہوا ہے۔

مُباحث ع جمع مبحث کی بحث کے مقامات بحثیں۔

مُباحثہ ع باہم بحث کرنا۔

مُباد ف مت ہو جیو۔ دعا کا کلمہ ہے۔

مَبَادا ف خدا نہ کرے کہ یوں ہو ایسا نہو۔ نہو۔
مُبَادِر ع جلدی کرنیوالا۔ پیشی کرنے والا
مُبَادرت ع شتابی کرنا۔ سبقت لیجانا آگے بڑھ جانا۔ دلیری کرنا۔ جرأت۔ دلیری۔
مُبَادلہ ع بدلا کرنا۔ باہم بدلنا۔
مُبَادی ع ظاہر کرنیوالا۔ آشکار کرنیوالا۔
مَبَادِی ع جمع مَبدَء کی ہے۔ ابتدائی باتیں جو شروع میں سکھلانیکے قابل باتیں۔ ابتدا۔
مَبَادِیُ العلوم ع شروع کی باتیں جن پر اگلے علوم کا جاننا موقوف ہو۔ ایک کتاب کا بھی نام ہے جو علم طبعیات میں ہے۔
مَبَادِئے عالیہ ع فرشتے اور عقول عشرہ۔
مَبَار۔ مُبَارِف گوسفند کی انتڑیاں گوشت و چاول وغیرہ سے بھر کر بھنی ہوئیں۔
مُبَارا۔ مُبَارات ع خاوند بی بی کا ایک دوسرے سے جُدا ہو جانا۔
مُبَارِز ع لڑائی میں نکلنے والا جنگی آدمی۔ سپاہی بہادر
مُبَارزت ع لڑنے کے واسطے میدان جنگ میں آنا۔ جنگ۔ لڑائی۔ کارزار۔
مُبَارک ع برکت دادہ شدہ۔ خجستہ۔ بزرگ کردہ شدہ
مُبَارک حضور۔ مبارک قدم ع وہ شخص جس کا آنا باعث برکت ہو۔
مُبَارک دم ف جس کا دم انفس، بابرکت ہو۔ متبرک آدمی۔
مُبَاشر ع کسی کام کو آپ کرنے والا۔ مستعد آمادہ۔ جماع کرنے والا۔
مُبَاسطت ع کسی کے ساتھ فراخ دلی سے پیش آنا۔ دوستی۔
مُبَاشرت ع آپ کسی کام میں لگ جانا۔ مجامعت کرنی۔ خوب ملنا جلنا۔
مُبَاعدت ع دوری۔ مفارقت۔ جدائی۔

مُبَاقِل ع ترکاری کے کھیت جہاں لہسن پیاز، ساگ پات بوتے ہیں مفرد اس کا مبقل ہے۔
مَبَال ع پیشاب گاہ۔ مراد عورت کی فرج۔ مرد کا ذکر
مُبَالا۔ مُبَالات ع پروا رکھنا۔ خوف رکھنا۔ اندیشہ کرنا۔
مُبَالغہ ع کسی کام میں سخت کوشش کرنا۔ اصطلاح علم بدیع میں کسی مدح یا ذم میں یہاں تک نوبت پہنچا دینا کہ وہاں تک پہنچنا بعید یا محال دکھائی دے۔ اُس کی تین قسمیں ہیں۔ مبالغہ تبلیغ جو عقل و عادت دونو کے رو سے ممکن ہو جیسے ؎
اے ہمہ شکل تو مطبوع و ہمہ جائے تو خوش
دلم از عشوۂ شیریں شکر خائے تو خوش
مُبَالغہ اغراق جو عقل کی راہ سے ممکن ہو۔ مگر عادت کی رو سے محال جیسے ؎
نگارِ من کہ بہ مکتب نہ رفت و خط ننوشت
بہ غمزہ مسئلہ آموز صد مدرس شد
مُبَالغہ غلو جو عقل و عادت دونو کے راہ سے محال ہو جیسے ؎
ز سُمِّ ستوراں دراں پہن دشت
زمیں شش شد و آسماں گشت ہشت
مَبَانی ع جمع ہے مبنی کی۔ بنیادیں۔
مَبَانی نہادن ف بنیاد رکھنا۔
مُبَاہات ع فخر کرنا۔
مُبَاہجہ ع باہم فخر کرنا۔ نیکوئی اور حسن میں باہم خوش ہونا۔
مُبَاہلہ ع ایک دوسرے کو نفرین کرنا یعنی ایک دوسرے کے حق میں دعائے بد کرنا اور معجزۂ مُباہلہ جناب رسول خدا کا جو تفاسیر میں بسط و تفصیل کے ساتھ مذکور ہے۔ مختصر اس کا یہ ہے کہ قصبہ نجران جو یمن میں ہے وہاں کے چودہ پادری حضرت کی خدمت میں تحقیق و بحث لے کر آئے آپ نے اُنہیں مسجد نبوی میں مدینہ کے اندر اُتارا۔ بعد کلام اس پر فیصلہ ٹھیرا کہ اچھا کل صبح کو جنگل میں جا کر مُباہلہ و حلف کریں۔ تاکہ قدرت خدا و معجزہ ظاہر ہو۔ چنانچہ صبح کو سید المرسلینؐ اس شکل سے راہی صحرا ہوئے کہ امام حسینؑ تو زیب آغوش نبی تھے۔ اور حسنؑ ساتھ ساتھ تھے۔ پیچھے جناب فاطمہ خاتون۔ بعد ازاں علی مرتضٰےؓ پادری۔ ان مقبول صورتوں کو دیکھ کر گھبرا گئے اور انہوں نے مباہلہ سے ہاتھ اٹھایا دنیا کے مارے ایمان نہ لائے۔ مگر جزیہ دینا قبول کر گئے
مُبَاہی ع ناز کرنے والا۔ فخر کرنے والا۔
مُبَایعت ع بیعت کرنا۔ تابع ہونا۔
مُبَاینت ع باہم جدا ہونا۔ ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا۔
مُبْتَت ع عار۔ ننگ۔
مُبتدا ع شروع۔ جس سے کلام شروع ہو۔ اوّل جزو جملہ اسمیہ کا۔
مُبتدِع ع بدعت کرنیوالا۔ دین میں نئی بات نکالنے والا۔ بدعتی۔
مُبتدی ع شروع کرنے والا۔
مُبتذل ع ذلیل خوار۔ بے قدر۔
مُبتر ع دُم کٹا۔ بے اولاد۔ خراب۔ دشمن۔
مُبتسِم ع صیغہ اسم فاعل ابتسام مصدر سے جس کے معنے تبسم یعنی شگفتگی اور مسکرانا ہے۔
مُبتغا ع چاہا گیا۔ خواستہ شدہ۔ آرزو۔
مُبتغیات ع آرزوہا۔
مُبتلا ع گرفتار بلا۔ بلا میں پھنسا ہوا۔
مُبتنی ع بنانے والا۔ بننے والا۔

مُبتَنیٰ ع بنایا گیا۔ بنایا ہوا۔
مُبتہج ع شادان۔ خوش۔
مَبثوثہ ع پراگندہ۔ پریشان۔
مَبحث ع جائے بحث۔ مقام بحث۔ بحث معاملہ
مُبخِر ع بخار اُٹھانے والی چیز۔
مُبخّلی ع بخیلی۔ بخل سے منسوب ہونا۔ کنجوسی
مُبدأ۔ مُبدَء ع جائے شروع۔ جگہ ظاہر ہونے کی۔ آخری لفظ کے معنے غزل اور قصیدے کا مطلع بھی ہیں۔
مُبدِء ع آغاز کرنے والا۔ آشکارا کرنے والا پیدا کرنے والا۔
مَبدءِ فیض ع مراد خدائے تعالٰے فیض کا آغاز۔ بہت فیض رساں۔
مُبدءِ فیاض ع خدائے تعالٰے۔
مُبدرق ع رہبر۔
مُبدِع ع آپ ہی آپ کسی نئی چیز کا پیدا کرنے والا بے مادہ بنانے والا۔
مُبدّل ع بدلا ہوا۔ بدلا گیا۔
مُبذِّر ع اسراف کرنے والا۔ بیہودہ خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ۔
مُبذّری ع فضول خرچی۔ اسراف۔
مُبذّرین ع جمع مُبذِّر کی۔
مَبذول ع خرچ کیا گیا۔
مُبرّا ع پاک کیا گیا۔ پاک۔ بیزار شدہ۔ دور شدہ
مُبرّات ع پاک کی ہوئی سرگوشت۔
مَبرتاب ف برتافتن مصدر سے نہی حاضر معروف کا صیغہ ہے اس کے معنے ہیں مت پھیر۔
مُبَرِّد ع عربی نحو کے ایک بڑے عالم کا نام ہے جن کا سال پیدائش پیر کا دن یوم عیدالاضحٰے سنہ [illegible] ہجری ہے۔ اور سال وفات پیر کا دن ماہ ذی الحجہ [illegible] ہے۔ مدفن اُن کا شہر بغداد میں ہے۔

مُبَرِّد - مُبَرِّدہ ع سردی دینے والا - سردی کنندہ
مُبَرِّدات ع جمع مُبَرِّد کی ہے -
مُبَرَّز ع پاخانہ -
مُبَرَّز ع ظاہر روشن - بزرگ - نامور -
مُبَرْقَع ع ایک نغمۂ موسیقی کا نام ہے -
مُبْرَم ع استوار - مضبوط -
مُبَرْہَن ع دلیل سے ثابت کیا ہوا - روشن
واضح - برہان سے مشتق ہے -
مَبْرُور ع نیکی کیا گیا - پاک -
مَبْسُوط ع پھیلا ہوا - فراخ - علم فقہ میں
ایک کتاب بھی ہے -
مَبْسُوطہ ع فراخ - فراخی کردہ شدہ - چیز
غیر مرکب - بسیط شئے -
مُبَشِّر ع خوشخبری پہنچانے والا - بشارت دینے والا
مُبَشِّر بِاسْمِ احمد ع نام لیکر بشارت دینے والا حضرت
عیسیٰ علیہ السلام سے مراد ہے جنہوں نے جناب
نبی آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آمد کی نام لیکر
بشارت دی ہے چنانچہ انجیل یوحنا کے ۱۴ و ۱۶
باب میں فارقلیطا (پاراقلیطس) کا جو لفظ آیا ہے
وہ بعینہٖ لفظ احمد کا ترجمہ ہے -
مَپِشْکَل ف مت لٹک - مت لپٹ - مت سو -
مَپَشُول ف خفقے نہ ہو - پریشان نہ ہو - خفقے نکر
پریشان نہ کر دیکھنے بھنے اور کام کرنے سے باز رہ
مُبْصِر ع بینائی والا - بینا -
مُبَضَّع ع نشتر - نیشتر - فصاد -
مَبْطَخہ ع خربوزے کی بیل -
مُبْطِل ع باطل کنندہ - باطل کرنے والا -
مَبْعُوث ع اُٹھایا گیا - بھیجا گیا -
مُبْقِی ع کسی چیز کو باقی رکھنے والا - قائم رکھنے والا
مُبِل ع برخیزندہ - گرنے والا - بیماری سے شفا
پایا ہوا - آنسو ٹپکانے والا - آشکارا کرنے والا -

مُبَلِّغ ع پہنچانے والا -
مُبَلَّغ ع پہنچایا گیا -
مَبْلَغ ع زر کامل عیار - جید - کھرا - یہ لفظ
اکثر زر نقد کی صفت میں واقع ہوتا ہے اور
موصوف سے پہلے آتا ہے - جیسے مبلغ ہشتاد
روپیہ یعنے ایسے اسی روپے جو کامل اور
کھرے بنے ہوئے ہیں کھوٹے نہیں -
پہنچنے کا مقام - مقام - حد و نہایت -
مقدار - تھوڑا سا - بہت سا -
مُبَلَّغ ع پہنچایا گیا - رسانیدہ شدہ -
مَبْنِی ع بنایا گیا - عربی صرفیوں کی اصطلاح
میں وہ لفظ جس کا حرفِ آخر ایک طرح پر رہے
اختلاف عوامل متغیرہ نہ ہو -
مَبْنیٰ ع جگہ بنا کی - بنیاد - معیار - مضمون - عضو وغیرہ
مُبْہِج ع خوش اور شاد کرنے والا -
مُبْہَم ع در بستہ اور کار فروبستہ - مشتبہ - وہ کلام
وہ جو کسی طرح دریافت نہ ہو سکے کہ کیا مطلب ہے -
مَبْہُوت ع حیران - بھو چکا -
مَبِیت ع سبات -
مَنِیژہ ع منیژہ - دختر افراسیاب -
مَبِیع ع خریدی ہوئی شے - بکا ہوا اسباب -
مُبِین ع بیان کرنے والا - آشکارا کرنے والا -
آشکارا - واضح - روشن -
مُبَیِّن ع بیان کرنے والا -
مُبَیَّن ع بیان کیا گیا -
مُبْہِی ع قوت باہ کا پیدا کرنے والا -

میم مہملہ مع پائے فارسی

مَپاش ف امالہ ہے مپاش کا جو پاشیدن
سے نہی کا صیغہ ہے -

میم مہملہ مع تائے فوقانی

مَتیٰ ع کب - کس وقت - جس وقت -
مَتاب ع لوٹ جانا - جائے رجوع -
مَتاب ف مت پھیر - نہی کا صیغہ ہے -
تافتن مصدر سے -
مُتابِع ع پیروی کرنے والا - پیرو
مُتابَعت ع پیروی کرنی - پیروی - تابعداری
مُتاثِّر ع اثر پذیر - اثر قبول کرنے والا -
مُتاجَرہ ع آپس میں تجارت کرنا -
مُتاخِّر ع پیچھے آنے والا - جو آخر میں رہ
گیا ہو - جو پیچھے رہ گیا ہو -
مُتاخِّرین ع پچھلے لوگ حال کے زمانہ کے لوگ
مُتاذِّی ع تکلیف پانے والا -
مُتارہ ف آفتابہ چمڑے کا بنا ہوا - برتن
جسے مطہرہ کہتے ہیں -
مُتراف مطر - مینہ - بارش -
مُتاسِّف ع افسوس کرنے والا -
مَتاع ع پونجی - اسباب سوداگری -
اصل زر جس سے نفع کمائیں -
مَتاعِب ع جمع تعب کی - رنجہا - ماندگیہا -
مَتاعِ روے دست ف کم قیمت اسباب جو
دکان کے باہر رکھا رہتا ہے یا ہاتھ پر رکھکر بیچتے ہیں -
مُتالِّف ع تالیف کیا گیا - مرکب کیا گیا -
مُتالِّم ع دردناک - دردمند -
مُتالِّہین ع خدا کی پرستش کرنیوالے اللہ کی
عبادت کرنیوالے - حکمائے اہل اسلام -
مُتامِّل ع تامل کرنیوالا غور کرنیوالا - سوچنے والا -
مَتانت ع استواری - پختگی - مضبوطی -
مُتاہِّل ع بیاہا ہوا - قبیلہ دار - اہل و عیال والا -
مُتبادِر ع ذہن میں جلد آجانے والا -

مُتبایِن ع باہم جدا - ایک دوسرے سے الگ
دو مخالف ایسے کہ ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں -
علم حساب میں وہ عدد جس کی اجزائے ضربی نہ ہو سکے -
مُتَبَحِّر ع وہ آدمی جسکو بہت علم ہو - بڑا عالم - علم کا دریا
مُتَبَحَّر ع بحارات بنایا گیا -
مُتَبَدِّل ع بدلا گیا - تبدیل کیا گیا -
مُتَبَرَّک ع برکت یافتہ - برکت دار -
مُتَبَسِّم ع مسکرانے والا - شگفتہ -
مُتَبَلِّد ع کند ذہن - احمق -
مُتَبَنّیٰ ع فرزند کیا ہوا - فرزندی میں لیا ہوا
گود لیا ہوا لڑکا - منہ بولا بیٹا - لے پالک
مَتْبُوع ع سردار جس کا کوئی تابع ہو - پیروی کردہ شدہ
مُتَتابِعہ ع پے در پے آنے والا - ایک
دوسرے کے پیچھے چلنے والے -
مُتَجاوِز ع تجاوز کرنیوالا - حد سے گزرنیوالا -
مُتَجاہِل ع جان بوجھ کر جاہل ہونیوالا -
اپنے تئیں انجان بنانے والا -
مُتَجَبِّرہ ع ظالموں کا گروہ - ظالموں کی جماعت
مُتَجَسِّس ع تلاش کرنیوالا - ڈھونڈنے والا
مُتَجَلّی ع روشن - آشکارا - ظاہر - ہویدا -
مُتَحَتِّم ع واجب - واجب ہونیوالا - یقینی
مُتَّحِد ع اتحاد کرنیوالا ایک ہونیوالا - ملا ہوا -
مُتَحَرِّک ع حرکت کرنیوالا - ہلنے والا - اور حرکت
والا حرف یعنی وہ حرف جس پر پیش یا زبر یا زیر ہو -
مُتَحَصِّن ع قلعہ نشین جس نے قلعہ میں پناہ لی ہو -
مُتَحَظّی ع بہرہ مند - بہرہ ور -
مُتْحِف ع تحفہ دینے والا -
مُتْحَف ع تحفہ دیا گیا - وہ شخص جسے تحفہ دیں -
مُتَحَقَّق ع تحقیق کیا گیا - درست -
مُتَحَلّی ع زیور پہننے والا - آراستہ ہونیوالا -
مُتَحَلّیٰ ع زیور پوشیدہ - زیور سے آراستہ -

متحمل ع برداشت کرنیوالا۔ تحمل کرنیوالا۔ سہنے والا
متحیر ع حیران۔ بھونچکا
متحیرہ ع یہ پانچ ستارے خمسہ متحیرہ کہلاتے ہیں۔ عطارد۔ زہرہ۔ مریخ۔ مشتری زحل۔ اور ان کو متحیرہ اس وجہ سے کہتے ہیں۔ کہ وہ کبھی کبھی اپنی رفتار معمولی کو چھوڑ کر پیچھے کی طرف رجعت کرتے ہیں اور پھر پھر کر اپنی رفتار معمولی پر چلتے ہیں۔ تو گویا ان میں تحیر ہوتا ہے۔ پچھلے زمانے کی اہل ہیئت کا خیال ہے۔
متخاصم ع خصومت کرنیوالا۔ جھگڑالو۔
متخاصمین ع مدعی اور مدعا علیہ۔ طرفین جو جھگڑا کریں۔
متخصص ع خصوصیت رکھنے والا۔
متخلخل ع پولا جو ٹھوس نہ ہو۔ مسامدار
متخلل ع خلل ڈالنے والا۔
متخیل ع خیال کیا گیا۔
متخیلہ ع خیال کیا گیا۔ اور محل خیال یعنی دماغ
متخیلہ ع نام ایک قوت کا ہے دماغ میں جس کے سبب انسان مضامین حقیقیہ اور واقعات گذشتہ سے ایسے مرکبات جدیدہ بنا لیتا ہے جن کو واقعہ میں وجود نہیں ہوتا۔
متدارک ع علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔ جس کا وزن سالم (فاعلن) آٹھ بار ہے۔ اور متدارک اس کا اس واسطے نام رکھا ہے۔ کہ تدارک کے معنی لغت میں دریافتن اور پیوستن کے ہیں۔ اور اوتاد اور اسباب اس بحر کے باہم پیوستہ ہیں۔ یا اس وجہ سے کہ اس بحر کو ابوالحسن اخفش نے پیدا کرکے دیگر بحور کے ساتھ (جو خلیل بن احمد نے پیدا کی تھیں) ملا دیا ہے۔ اس بحر کو اکثر عروضی بنام غریب یعنی نادر کبھی مذکور کرتا ہے۔
متدارک ع کھوئی ہوئی چیز کا پا لینے والا۔
متداول۔ متداولہ ع جو چیز دست بدست پھری ہو۔ ہاتھوں ہاتھ پہنچی ہو۔ چیز مروّج۔ مشہور۔
متدرع ع زرہ پوش۔
متدین ع دیندار۔ دیانت دار۔
مترادف ع ہم معنے۔ دو ایسے لفظ جن کے معنے ایک ہوں۔ ایک دوسرے کے مترادف کہلاتے ہیں
متراقی ع منتر پڑھنے والا۔ افسوں خواں
متراکب ع ایک پر ایک چڑھا ہوا۔ باہم نشستہ
متراکم ع بہم نشستہ۔ گرد آمدہ۔ ہجوم و انبوہ کرنے والا۔
مترتب ع ترتیب پایا ہوا۔ درست کیا ہوا
مترجم ع ترجمہ کرنے والا۔
مترجم ع وہ کتاب جس کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ ترجمہ کی ہوئی کتاب۔
متردد ع متفکر۔ فکرمند۔ تردد کرنے والا۔ آنے جانے والا۔
مترس۔ مترس ف خندق۔ قلعہ در۔ وہ پتھر قلعے کے کنگرے پر دشمن کے مارنے کے واسطے رکھا رہتا ہے۔
مترسل ع رسالہ بھیجنے والا۔ خط بھیجنے والا
مترسم ع رسم رکھنے والا۔ دنیاوی رسوم پر چلنے والا۔ رسم ڈالنے والا۔ نویسندہ۔
مترشش ف ڈاڑھی منڈانے والا۔ تراشیدن سے عربی قاعدے کے موافق اسم مفعول کا صیغہ بنایا گیا ہے۔

مترشح ع ٹپکنے والا۔ تراوندہ۔ مجازاً ظاہر ہونے والا۔
مترصد ع امیدوار۔ امید رکھنے والا۔
مترقب ع منتظر۔ امیدوار۔
مترقب ع انتظار کیا گیا۔ امید کیا گیا۔
مترقی ع زیادہ ہونیوالا۔ بڑھنے والا۔
مترنم ع گایا گیا۔
مترنم ع گانے والا۔
متروک۔ متروکہ ع چھوڑا گیا۔ ترک کیا گیا
متروکات ع جمع متروک کی۔
متزاید ع بڑھنے والا۔ زیادہ ہونے والا۔
متزلزل ع ڈگمگانے والا۔ کانپنے والا۔
متساقط ع آپس میں ساقط ہونیوالے۔ باہم فرو ریزندہ۔
متساوی ع باہم برابر۔ ایک دوسرے کا مساوی
متسع ع فراخ ہونے والا۔
متسلط ع وہ شخص جس پر غالب آ جائیں۔ مقرر کیا ہوا۔ تسلط کیا گیا۔
متسلط ع غالب ہونیوالا۔ غلبہ کرنیوالا۔ قابض
متسم ع داغ دیا گیا۔ نشان کیا گیا۔
متشابہ ع باہم شکل۔ ایک صورت کے جن کے معنے میں کچھ شبہ ہو۔ مخفی المعنی۔
متشابہات ع متشابہ (مخفی المعنی) آیتیں جن کے معنے سوا خدا تعالےٰ کے کوئی نہیں جانتا۔
متشاعر ع جو شخص شاعر نہ ہو اور اپنے تئیں شاعر جتلا دے۔
متشکل ع شکل اختیار کرنیوالا۔
متشکی ع شکایت کرنے والا۔
متشیع ع شیعہ مذہب رکھنے والا۔
متصاعد ع اوپر چڑھنے والا۔ بلندی پر جانے والا۔

متصدع ع پراگندہ ہونیوالا۔ پھٹنے والا۔ پارہ پارہ ہونیوالا۔ وہ شخص جسے درد سر ہو۔
متصدی ع پیش آنیوالا۔ مجازاً پیشی میں کام کرنے والا۔ پیشکار۔
متصرف ع قابض۔ تصرف کرنے والا۔
متصرفہ ع پانچ قواے باطنی میں سے ایک قوت ہے جو تصرف کرتی ہے محسوسات میں اور اُن کے معانی جزئیہ میں ساتھ ترکیب اور تفصیل کے (جیسے دو سرے آدمی کا تصور (اس میں ایک سر پر دوسرا سر لانا پڑتا ہے) یا بے سر آدمی کا تصور (اس میں سر کو جدا کر کے تصور کرنا پڑتا ہے)۔
متصرف ع جو چیز تصرف میں آ گئی ہو۔ مقبوضہ
متصف ع موصوف جس کے ساتھ کوئی وصف لگا ہو
متصل ع پاس۔ قریب۔ لگا ہوا۔ اتصال رکھنے والا
متصور ع تصور کیا گیا۔
متضاد۔ متضادہ ع باہم ضد رکھنے والے۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنیوالے۔ مخالف۔
متضایف ع ایک دوسرے سے نسبت رکھنے والے
متضایق ع ایک دوسرے سے تنگی کرنے والے۔
متضرر ع ضرر پانے والا۔
متضرر ع ضرر یافتہ جس کو ضرر پہنچا ہو۔
متضرع ع زاری کرنیوالا۔ گڑگڑانے والا۔
متضعف ع ضعیف ہونیوالا۔ عاجز۔ ناتوان۔ مجازاً مفلس۔ نادار۔ بے مقدور۔
متضمن ع در ضمن گیرندہ۔ پیٹ میں لینے والا۔ ملا ہوا۔ شامل۔
متطرق ع راہ پانیوالا۔ راہ پیدا کرنیوالا
متطرفہ ع وسعدنیات جو کٹنے کے لائق ہیں
متظلم ع دادخواہ۔ فریادی۔

مُتَعارِض ع ٹکرانے والا۔ پیش آئندہ جھگڑا کرنیوالا۔ درپے ہونے والا۔ سوال کرنے والا۔ سائل۔ مجازاً مقابل۔ مخالف۔
مُتَعارَف ع معروف۔ آپس میں تعارف کیا گیا
مُتَعارِک ع کان ملنے والا۔ سزا دینے والا۔ شادینے والا۔ ماجسٹھ ایلی کرنیوالا کاجیا ہونے والا۔ جنگ کرنیوالا۔ اکٹھا ہو جانیوالا
مُتَعاقِب ع پیچھے دوڑنے والا پیچھے آنے والا۔ پس دوندہ۔ پس۔
مُتَعال ع بلند۔ عالی۔
مُتَعالی ع بلند ہونے والا۔
مُتَعَبِّد ع عبادت کرنے والا۔ پجاری تکلف عبادت کرنے والا۔
مُتَعَدِّد ع چند۔ گنتی کے۔ کئی۔
مُتَعَدّی ع تجاوز کرنے والا۔ قواعد میں وہ فعل جو فاعل و مفعول دونوں کو چاہے۔ مقابل فعل لازم کے جو صرف فاعل کو چاہتا ہے
مُتَعَذِّب ع خوش گوار۔ عذب سے مشتق ہے
مُتَعَذِّر ع کھانے پینے کی خوش گوار شے۔ عذاب کرنے والا۔
مُتَعَذِّر ع دشوار۔ مشکل۔
مُتَعَرِّض ع پیش آنے والا۔ سامنے آنے والا۔ روکنے والا۔ مزاحم۔ چھیڑنے والا۔
مُتَعَسِّر ع دشوار۔ مشکل۔
مُتَعَصِّب ع دین کی حمایت کرنے والا۔ تعصب کرنے والا۔
مُتَعَطِّش ع تشنہ۔ پیاسا۔
مُتَعَلِّق ع لگاؤ رکھنے والا۔ تعلق رکھنے والا
مُتَعَفِّف ع متقی۔ پارسا۔ عفت والا۔
مُتَعَلِّقِین ع تعلق رکھنے والے لوگ یعنی اہل و عیال و نوکر چاکر۔ جمع متعلق کی ہے۔

مُتَعَلِّم ع سیکھنے والا۔ طالب علم۔ شاگرد
مُتَعَنِّت ع کسی کا عیب ڈھونڈنے والا۔ عیب گیرندہ۔
مُتَعَنِّد ع عناد رکھنے والا۔ دشمنی رکھنے والا۔ بدخواہ
مُتَعَہِّدان فارسی قاعدے سے متعہد کی جمع۔
مُتَعَنِّف ع سرزنش کرنے والا۔ سختی سے پیش آنے والا۔
مُتَعَوَّب ع رنجیدہ۔ رنج کشیدہ۔
مُتَعَوِّد ع خوگر۔ عادی کرنے والا۔
مُتعہ ع میعادی نکاح جو شیعوں میں جائز ہے۔ اور اہل سنت و جماعت کے ہاں ناجائز۔
مُتَعَہِّد ع ذمہ دار کلام میں شغول۔ عہد کرنے والا۔ قسم اٹھانے والا۔
مُتَعَیِّب ع عیب پکڑنے والا۔ سہو و خطا پکڑنے والا۔
مُتَعَیَّن ع مقرر کیا ہوا۔ تعین کیا گیا۔
مُتَغاثی ع فریاد خواہ۔ نالشی۔ استغاثہ کرنے والا۔ یہ لفظ غلط ہے صحیح مستغاثی ہے۔
مُتَغَیَّر ع تغیر کیا گیا۔ بدلا گیا۔
مُتَفاوَت ع فرق کیا گیا۔ تفاوت کیا گیا۔
مُتَفاوِل ع صحیح متفائل ہے۔ فال نکالنے والا۔ فال لینے والا۔
مُتَفَحِّص ع ڈھونڈنے والا تفتیش کرنے والا۔
مُتَفَحِّص ع ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنیوالا
مُتَفَرَّج ع سیر و تماشا کی جگہ۔
مُتَفَرَّع ع شاخ کیا گیا۔ مترتب کسی چیز سے اس کی شاخ کی طرح نکلنے والا۔
مُتَفَرِّق ع فرق کیا گیا۔ پراگندہ۔ جدا جدا۔
مُتَّفِق ع ملا ہوا۔ اتفاق کرنے والا۔
مُتَّفِق الکلمہ۔ مُتَّفِق اللسان ع یکسان۔ ہم زبان۔

مُتَفَکِّر ع فکرمند۔ جس کو فکر ہو۔ اداس۔
مُتَفَنِّن ع فن فریب جاننے والا۔ متفنی۔
مُتَقارِب ع علم عروض میں ایک بحر ہے جس کا وزن سالم (فعولن) آٹھ بار ہے۔ متقارب کے لغوی معنے قریب یا نزدیک کے ہیں۔ چونکہ اس بحر میں کبھی وتد اور سبب قریب قریب ہیں اس وجہ سے اس کا یہ نام ہوا شاہنامہ۔ سکندرنامہ۔ بوستان کا وزن بحر متقارب مثمن مقصور یا محذوف ہے۔ (یعنی فعولن فعولن فعولن فعولن یا فعل)
مُتَقاضی ع تقاضا کرنے والا۔
مُتَقاعِد ع پست شوندہ۔ تقاعد قبول کرنے والا۔ سستی کرنے والا۔
مُتَقَبِّل ع قبول کرنے والا۔ منظور کرنے والا۔ چومنے والا۔
مُتَقَدِّم ع پیش ہونیوالا۔ آگے بڑھنے والا
مُتَقَدِّمین ع پہلے زمانے کے لوگ۔ جمع متقدم کی
مُتقن۔ مُتقنہ ع استوار۔ محکم۔
مُتَّقی ع ڈرنے والا۔ بچنے والا۔ پرہیزگار۔ خلفا بغداد میں سے ایک خلیفے کا نام ہے۔ جو ۳۲۹ھ سے ۳۳۳ھ تک حکمران رہا۔ یہ متقی و عالم تھا۔ ملوک دیالمہ نے نواح بغداد تک اس کے عہد میں اپنا بسلط جمایا۔
مُتَّکا ع تکیہ گاہ۔ تکیہ لگانے کی جگہ۔ کمند وحدت۔ فقیروں کی سیلی۔
مُتَکاثِف ع غلیظ ہونیوالا۔ جو غلیظ ہو۔ ٹھوس
مُتَکَبِّر ع مغرور۔ اپنی بڑائی کرنے والا تکبر کرنے والا۔
مُتَکَسِّر ع شکستہ ہونیوالا۔ ٹوٹنے والا۔
مُتَکَفِّل ع ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔
مُتَکَلِّف ع تکلف کرنے والا۔

مُتَکَلِّم ع کلام کرنے والا۔ بولنے والا۔
مُتَکَلِّمین ع کلام کرنے والے علم کلام جاننے والے۔ صاحبان علم کلام۔ اور علم کلام وہ ہے۔ جس میں مذہبی باتوں کو عقلی دلائل سے ثابت کرتے ہیں۔
مُتَکَوِّن ع ہونے والا۔ موجود ہونے والا
مُتَّکی ع تکیہ کرنے والا۔ بھروسا کرنے والا
مُتَلاشی ع خراب۔ خستہ۔ پریشان معدوم نیست و نابود ہونے والا۔ یہ لفظ لاشے سے بنا ہے۔ بعض آدمی جو اسے تلاش سے مشتق سمجھ کر تلاش کرنے والے اور تلاشی کرنے والے کے معنے میں استعمال کرتے ہیں۔ یہ محض غلط ہے۔ اس واسطے کہ تلاش ترکی لفظ ہے اور فارسی اور ترکی الفاظ پر اس طرح عربی کا قاعدہ نہیں چل سکتا۔
مُتَلاطِم ع امواج زن۔ موج زن۔
مُتَلالی ع روشن۔ تاباں۔ چمکتی ہوئی چیز
مُتَلَطِّخ ع لتھڑنے والا۔ آلودہ۔
مُتَلَبِّس ع لباس پہننے والا۔ پنہاں ہونے والا۔ پوشیدہ۔
مُتَلَذِّذ ع لذت اٹھانے والا۔
مُتلِف ع تلف کرنے والا۔ خراب اور ضایع کرنے والا۔
مُتَلَقّی ع ملاقات کرنے والا۔
مُتَلَقّٰے ع ملاقات کیا گیا۔ ملاقات کردہ شدہ
مُتَلَوِّن ع رنگ برنگ کا ہونے والا۔ رنگ اختیار کرنے والا۔ وہ شخص جس کی مزاج میں استقلال نہ ہو۔ رنگیلا آدمی اصطلاح علم بدیع میں متلون وہ نظم جو دو یا دو سے زیادہ بحروں میں

پڑھی جا سکے جیسا کہ مثنوی سحرِ حلال جو مولنا اہلی شیرازی کی تصنیف ہے اس کا ہر شعر دو بحروں میں پڑھا جا سکتا ہے۔ دیکھو یہ شعر

اے شدہ در خانۂ آں منزلت
خانۂ جاں یافتہ زاں منزلت

اِن دونو بحروں میں پڑھا جا سکتا ہے بحر سریع مطوی موقوف (مفتعلن مفتعلن فاعلان) اور بحر رمل مسدس مقصور (فاعلاتن فاعلاتن فاعلان ہیں)۔

مُتَأَسِّف ع افسوس کرنے والا۔ غمگین۔

مُتَماثِل ع مانند ہونے والا۔ ایکدوسرے کے مشابہ ہونے والے۔

مُتَمادی ع دراز۔ لمبا۔ بعید۔

مُتَمائِل ع میل کرنے والا۔ خواہش کرنے والا۔ پیچ کھانے والا۔ لپٹنے والا۔

مُتَمَتِّع ع فائدہ اٹھانیوالا۔ برخوردار۔

مُتَمَرِّد ع سرکش۔ نافرمان۔

مُتَمَزِّق ع پارہ شوندہ۔ پھٹ جانے والا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا۔

مُتَمَشّی ع رواں ہونیوالا۔ جاری۔ سرانجام پذیر۔

مُتَمَکِّن ع جگہ پکڑنے والا۔ برقرار۔

مُتَمَلِّق ع خوشامد کرنے والا۔ خوشامدی۔

مُتَمِّم ع تمام کرنے والا۔ کامل کرنے والا۔ پورا کرنے والا۔ علم اقلیدس میں اگر کسی سطح متوازی الاضلاع کا قطر کھینچکر قطر کے کسی نقطہ سے دو اضلاع متصلہ متوازی الاضلاع کے متوازی دو خط کھینچے جاویں۔ تو اس صورت میں وہ دو متوازی الاضلاع سطحیں متمم کہلائینگی۔ جو قطر کے گرد پیدا ہونگی اور قطر کے نقطہ پران کا ایک ایک زاویہ واقع ہوگا۔ مگر قطر ان زاویوں کی تجزی نہ کرتا ہوگا۔

مُتَمِّمات ع جمع ہے مُتَمِّم کی

مُتَمِّمِ مَکارِمِ اَخلاق ع اخلاق کی خوبیاں کامل کرنے والا۔ جس میں سب صفتیں اچھی ہوں۔ مفخر موجودات باعث ایجاد کائنات حضرت محمد مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے۔ کیونکہ اُن کی صفت میں قرآن شریف میں آیا ہے۔ وَ هُوَ عَلیٰ خُلُقٍ عَظِیمٍ اور وہ بڑے خلق پر ہے۔

مُتَمَنّی ع تمنا کرنے والا۔ آرزو رکھنے والا

مُتَمَنّٰے ع آرزو کیا گیا۔

مُتَمَنِّیات ع جمع ہے مُتَمَنّٰے کی۔

مُتَمَوِّج ع تموّج کرنے والا۔ موج زن لہریں مارنے والا۔

مُتَمَوِّل ع مالدار۔ دولتمند۔

مَتْن ع پشت پیٹھ۔ استوار جائے بلند اور سخت۔ اصل کتاب جس کی شرح کی جاوے۔

مُتَناهی ع انتہا کو پہنچنے والا ہے۔

مُتَناهیه ع انتہا کو پہنچنے والی کوئی چیز منتہی ہونے والی۔ مصدر اس کا تناہی ہے جس کے معنے ہیں۔ پایان کو پہنچنا۔ منتہی ہونا۔

مُتَنَبِّه ع واقف۔ مطلع۔ خبردار۔ آگاہ ہونیوالا۔

مُتَنَزِّه ع عیب سے دور ہونے والا۔ پاکیزہ۔ باغ۔ اور سبزہ اور عمارت وغیرہ۔ کی سیر کو نکلنے والا۔ سیر کرنے والا۔ سیر کرنے کے قابل۔ قابل دید۔

مُتَنَعِّم ع ناز و نعمت میں رہنے والا۔ خوش عیش۔

مُتَنَفِّر ع نفرت کرنے والا۔ وحشت کرنے والا۔ بھاگنے والا۔

مُتَنَوِّع، مُتَنَوِّعه ع نوع بنوع شوندہ گوناگون ہونے والا۔ اقسام اقسام کا ہونے والا۔ قسم قسم کا۔ طرح طرح کا۔

مُتَواتِر ع پے درپے آنے والا۔ پے درپے

مُتَواری ع پوشیدہ ہونے والا۔ چھپنے والا۔ حیران۔ سرگشتہ۔

مُتَوازی ع باہم برابر ہونے والا۔ برابری کرنے والا۔ علم اقلیدس میں جو خطوط ایک سطح میں ہوں اور ان دو خطوں کو دونو طرف خواہ کتنی ہی دور بڑھائیں آپس میں نہ ملیں خطوط متوازی کہتے ہیں۔

مُتَواضِع ع فروتن۔ عاجزی کرنے والا۔ ذلت اختیار کرنے والا۔

مُتَوافِر ع وافر ہونیوالا۔ زیادتی اختیار کرنے والا۔

مُتَوالی ع پے درپے آنے والا۔ پے درپے ہونے والا۔ بار بار ہونے والا۔ اصطلاح علم حساب میں جب کسی کسر عام کو کسر اعشاریہ کی طرف تحویل کریں اور شمار کنندہ کو نسب نما پر تقسیم کرنے سے تقسیم کبھی پوری نہ ہو۔ بلکہ پھر پھر کر ایک سے ہندسے آنے لگ جائیں تو ایسی کسر کو کسر مُتَوالی یا مُدَوَّر کہتے ہیں۔ پھر اگر شروع ہی سے ایک سے ہندسے آنے لگ جائیں۔ تو ایسی کسر کو کسر متوالی خالص کہتے ہیں۔ اور اگر پہلے چند ہندسے اور آکر پھر یکساں ہندسے مکرر آنے شروع ہوں تو ایسی کسر کو کسر متوالی مخلوط کہتے ہیں۔

مُتَوَّج ع تاج نہادہ شدہ۔ تاج دیا گیا۔ جس کے سر پر تاج ہو۔ تاج رکھا گیا ہو۔

مُتَوَجِّه ع توجہ کرنے والا۔ دھیان دینے والا

مُتَوَحِّش ع وحشت اختیار کرنے والا۔ نفرت کرنے والا۔

مُتَوَرِّع ع پارسا۔ پارسائی جتانے والا۔

مُتَوَزِّع ع پراگندہ۔ پریشان۔

مُتَوَسِّل ع رغبت کرنیوالا۔ وسیلہ ڈھونڈنے والا

مُتَوَصِّل ع وصل اختیار کرنیوالا۔ توصل پسند۔

مُتَوَطِّن ع رہنے والا۔ باشندہ۔

مُتَوَفّی ع وفات یافتہ۔ فوت شدہ۔ مرگیا ہوا

مُتَوَقِّع ع امید رکھنے والا۔ توقع رکھنے والا۔ امیدوار

مُتَوَقِّف ع دیر کرنے والا۔ توقف کرنے والا۔

مُتَوَکِّل ع بھروسہ کرنیوالا۔ توکل کرنے والا۔

مُتَوَکِّل علی اللّٰه ع خلفائے عباسیہ میں سے ایک خلیفہ کا نام ہے جس نے ۲۳۲ھ سے ۲۴۷ھ تک خلافت کی۔ وہ ہمیشہ درندہ جانوروں سے کھیلا کرتا تھا۔ اس نے حضرت علی رضہ اور اُن کی اولاد کے مقبروں کی بےحرمتی کی۔ اور لوگوں کو وہاں جانے سے روکا۔ آخرکار اپنے بیٹے کے ہاتھ سے قتل ہوا۔

مُتَوَکِّلاً عَلَی اللّٰه ع خدا پر بھروسا کرنیوالا ہوکر۔ خدا پر بھروسا کرکے۔

مُتَوَلِّد ع پیدا ہونے والا۔

مُتَوَلّی ع کام پر رہنے والا۔ دوستی رکھنے والا۔

مُتَوَلِّی چِہرہ زبان ف عطارد

مَتَّه ع بڑھئیوں کا برما جس سے سوراخ نکالتے ہیں

مُتَوَهِّم ع وہم کرنے والا۔

مُتَوَهَّم ع وہم کیا گیا۔ وہم میں پڑا ہوا۔

مُتَهاوِن ع سستی کرنیوالا۔ خوار۔ حقیر۔

مُتَهَتِّک ع پردہ دری کرنے والا۔ رسوائی کرنے والا۔ بےعزت کرنے والا۔ بےپرواہ۔

مُتَّهَم ع وہ شخص جس پر تہمت لگائی جائے۔

مُتَهَوِّر ع بہادر۔ اکھڑ۔

مَتّٰی ع عب خدا کا دیا ہوا۔ حضرت یونس علیہ السلام کے باپ کا نام ہے۔ اور حضرت عیسٰے علیہ السلام

کے ایک حواری کا نام بھی ہے - جن کی تصنیف سے پہلی انجیل (متی کی انجیل) ہے - جو انہوں نے غالباً عبرانی زبان میں ۳۸ء میں اور یونانی میں ۶۱ء میں لکھی -
مَتَّاس ع عطا خدا کا انعام
مُتَتَیِّم ع مشتاق - دردمند -
مُتَبِّن ع استوار - مضبوط - رسول خدا کے ناموں میں سے ایک نام ہے -

میم مہملہ مع ثائے مثلثہ

مَثَاب ع پھر آنے کی جگہ - بازگشت آدمی کے جمگھٹ کی جگہ - وہ جگہ جہاں بہت پانی ہو -
مُثَاب ع راستہ جو پہاڑ میں ہو - بدلہ جزا ثواب دیا گیا -
مَثَابَت - مَثَابہ ع مانند مشابہ - جائے ثواب - مرجع - لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ حد - مرتبہ - جائے - بمنزلہ -
مِثَال ع شبیہ - نظیر - تصویر - حکم نامہ قاضی - مانند - فرمان بادشاہی - پروانہ حکم - عالم مثال -
مَثَالِب ع عیب ہا - زبونی ہا -
مَثَالِث ع ستارہ - جو ایک مشہور ستارہ ہے -
مِثَالَہ ع شاہی فرمان - منشور -
مَثَانَہ ع حیوان کا وہ مقام جہاں پیشاب جمع ہوتا ہے - کیسۂ بول - پھکنا -
مَثَانِی ع سورۂ فاتحہ اور جمع ہے مثنےٰ کی ۔۔۔
مُثْبِت ع جو نفی نہو - اثبات کردہ شدہ -
مُثْبَت ع ثابت رکھا گیا - برقرار رکھا گیا -
مَثْرِدِیطُوس - مَثْرُودِیطُوس ع ایک معجون کا نام ہے -
مَثْرُوطَاس ع بڑا تھال -

مِثْقَال ع ساڑھے چار ماشہ کے وزن کو مثقال کہتے ہیں
مِثْقَب ع صیغہ اسم آلہ کا ہے - ثقب (یعنے سوراخ کرنا) مصدر سے آلہ سوراخ کرنے کا برما جس سے لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں -
مِثْل ع مانند - سب صفتوں میں مساوی -
مَثَل ع مثال - کہاوت - مانند - وصف یا افسانہ
مُثَلَّث ع وہ شکل جس کو تین خطوط گھیرے ہوں مثلث بلحاظ اضلاع اور زاویہ کے چھ قسم کے ہیں تین بلحاظ ضلعوں کے اور تین بلحاظ زاویوں کے ضلعوں کے لحاظ سے مثلث کے یہ اقسام ہیں مثلث متساوی الاضلاع جس کے تینوں ضلعے باہم برابر ہوں مثلث متساوی الساقین جس کے صرف دو ضلعے باہم برابر ہوں - مثلث مختلف الاضلاع جس کا کوئی ضلع آپس میں برابر نہ ہو - زاویوں کے لحاظ سے یہ قسمیں ہیں - مثلث قائم الزاویہ جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو - مثلث منفرجۃ الزاویہ جس کا ایک زاویہ منفرجہ (قائمہ سے بڑا) ہو - مثلث حادۃ الزاویہ جس کے سب زاویے حادے ہوں - اشکال مفصلہ ذیل ہیں -

مُثَلَّث ع ایک قسم کی شراب جو صاف کرنے کے بعد تہائی رہ جاتی ہے اور فارسی میں اُس کو سیکی کہتے ہیں اور اصطلاح فقہا میں شیرہ انگور کا جو آگ پر جوش کھانے کے بعد تہائی حصہ رہ جاوے - اس کا حکم قریب خمر کے ہے -
مُثَلَّثَاتِ افلاک ع آسمان کے بارہ برج
مُثَلَّث آبی - مُثَلَّثہ مائیہ ع برج سرطان اور عقرب اور حوت سے مراد ہے کیونکہ ان برجوں میں خطوط ملانے سے شکل مثلث پیدا ہوتی ہے - اور چونکہ سردی اور تری ان برجوں کی طرف منسوب ہے اور پانی کا بھی مزاج سرد تر ہے - اس واسطے یہ تینوں برج مثلثہ آبی کے نام سے نامزد ہوئے -
مُثَلَّث آتشی - مُثَلَّثہ آتشین ف
مُثَلَّثہ نار یہ ع برج حمل اور اسد اور قوس سے مراد ہے - کیونکہ ان برجوں میں خطوط ملانے سے شکل مثلث پیدا ہوتی ہے اور چونکہ گرمی اور خشکی ان برجوں کی طرف منسوب ہے - اور آگ کا مزاج بھی گرم خشک ہے - اس واسطے ان کو مثلثہ آتشی سے نامزد کیا گیا -
مُثَلَّث بادی ف **مُثَلَّثہ ہوائیہ** ع برج جوزا اور میزان اور دلو سے مراد ہے اور چونکہ ان کی طرف گرمی اور تری منسوب ہے اور ہوا کا مزاج بھی گرم تر ہے اس واسطے ان کا نام مثلثہ بادی ٹھیرا -
مُثَلَّث خاکی ف **مُثَلَّثہ ارضیہ** ع برج ثور اور سنبلہ اور جدی سے مراد ہے - چونکہ سردی اور خشکی ان کی طرف منسوب ہے اور مٹی کا بھی مزاج سرد خشک ہے - اس واسطے ان کا نام مثلثہ خاکی ہوا -
مِثْل نشان ف اوروں کو اپنے پاس ادب سے بٹھانے والا - اوروں کو اپنے پاس دوزانو بٹھلانے والا -
مَثَل زن ف کہاوت - بیان کرنے والا -
مَثَل شدن ف مشہور ہونا -
مَثَل عطارد بودن ف منشی وزیر اور دبیر ہونا
مُثْلَہ ع ناک کان کاٹ ڈالنے - عذاب کرنا -

لیکن اکثر یہ لفظ اسم مفعول کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے - یعنی ناک کان کٹا ہوا اور یعنی اعضا بریدہ شدہ (۔۔۔) اور بر پشت کشیدہ (کھال کھڑے ہوئے) کے بھی آیا ہے
مُثْمِر ع پھل دینے والا - انجام دینے والا نتیجہ دہندہ - میوہ آورندہ -
مُثَمَّن ع ہشت پہلو - اور ہشت کے بھی ۔۔۔
مُثَنّٰی ع تثنیہ - دوپارہ کردہ شدہ - دو کردہ شدہ
مَثْنَوِی ع منسوب بمثنےٰ جس کے معنے دو - دو ہیں - چونکہ مثنوی کے ہر بیت میں دو قافیے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں - اس واسطے ابیات مختلف القوافی کو مثنوی کہا گیا -
مُثَوَّب ع ثواب دیا گیا - بدلہ نیکی کا دیا گیا -
مَثُوبَات ع نیکیوں کے عوض بھلائیاں کے بدلے - مثوبت کی جمع ہے -
مَثُوبَت مَثُوبَہ ع عقبےٰ میں نیکی کا بدلہ عبادت کا اجر -
مَثْوٰی ع جائے آرام - قرار گاہ -
مُثِیب ع اجر دینے والا - پھر مزاج کے اعتدال پر آنے والا -
مَثِیل ع امالہ ہے مثال کا -

میم مہملہ مع جیم معجمہ

مَج ع ماش -
مُجّ ع سبز ماش -
مَج ف مخفف ہے ماج کا - کج کے معنے میں بھی آیا ہے -
مُجَاب ع جواب دیا گیا - قبول کیا گیا -
مُجَابَات ع جمع مجاب کی -
مُجَادِل ع لڑنے والا - جھگڑنے والا -
مُجَادَلَات ع جمع مجادلہ کی -

مجادلہ ع لڑنا۔ جھگڑنا۔ لڑائی دشمنی خصومت
مجاذبہ ع جگہ سے ہٹا دینا۔ آپس میں کھینچا
تانی کرنا۔ منازعہ اور مجادلہ کرنا۔
مجاذیب ع جمع ہے مجذوب کی۔ کشیدہ
شدہ لوگ۔ خدا کی محبت میں کھچے ہوئے۔
مجاری ع جمع مجرے کی۔ جاری ہونے
کی جگہیں۔ بہنے کے رستے۔
مجاری بدن ع بدن کی رگیں۔ جن
میں خون بہتا رہتا ہے۔
مجاز ع جب کسی لفظ کو اس معنے میں
استعمال کریں جس کے واسطے وہ موضوع
(بنایا گیا) ہو۔ تو اس کو حقیقت کہتے ہیں۔
اور اس معنے کو حقیقی۔ جیسے اسد کا لفظ
جو شیر (درندہ مشہور) کے لئے موضوع
ہے اس کا استعمال شیر ہی کے معنی میں کریں
یہ تو حقیقت ہے اور شیر اس کے حقیقی معنی
اور جب ایسے معنے میں استعمال کریں جس
کے واسطے وہ موضوع (بنایا گیا) نہیں ہے
تو اُسے مجاز کہتے ہیں۔ اور اس معنی کو
مجازی۔ مگر اس صورت میں یہ ضروری
امر ہے۔ کہ اس مجازی اور حقیقی معنی
میں کوئی علاقہ و مناسبت ہو۔ کیونکہ
اگر کوئی علاقہ نہ ہوگا۔ اس لفظ کا استعمال
اُس مجازی معنی میں ٹھیک نہ ہوگا۔ جیسے
کہا جائے کہ بگیر ایں اسپ را۔ اور اشارہ
کتاب کی طرف کیا جائے۔ تو یہ استعمال
ٹھیک نہ ہوگا۔ کیونکہ کتاب اور اسپ
میں کچھ بھی علاقہ نہیں۔ مجازی اور حقیقی
معنی میں تشبیہ کا علاقہ ہے۔ تو استعارہ
کہیں گے۔ جیسے اسد کا لفظ بول کر بہادر آدمی
مراد لیں۔ اور اگر تشبیہ کے سوا کوئی
اور علاقہ ہے۔ تو مجاز مرسل جیسے نہر
رواں شد کہ اس میں نہر سے پانی مراد ہے
یہ اعتبار ظرفیت کے۔ اور اس طرح کے
علاقے قریب ۲۵ کے ہیں۔ ہم چند ایک کا
یہاں ذکر کئے دیتے ہیں۔
(۱) ظرف بول کر مظروف مراد لینا (۲) اس کا عکس
(۳) سبب بول کر مسبب مراد لینا (۴) اس کا عکس
(۵) جزو بول کر کل مراد لینا (۶) اس کا عکس
(۷) لازم بول کر ملزوم مراد لینا (۸) اس کا عکس
(۹) خاص سے عام مراد لینا (۱۰) اس کا عکس
(۱۱) مادہ بول کر وہ شے مراد لینی وغیرہ
مجازاۃ ع اصل اس کی مجازات ہے۔ فارسی
والے بحذف تا استعمال کرتے ہیں۔
مجازات ع بدلہ دینا۔ اور جزا دینی نیکی اور بدی کی
مجازی ع جو حقیقی نہ ہو حقیقی کی ضد۔ مرادی معنے
مجازی ع جزا دینے والا۔ بدلہ دینے والا۔
مجاعت ع بھوک۔ گرسنگی۔
مجال ع جائے جولان۔ جولان گاہ۔ میدان۔
مجال ع موقع۔ حوصلہ۔ قدرت۔ طاقت امکان
مجالس ع مصاحب۔ جلیس۔ باہم
بیٹھنے والا۔ ہم نشین۔
مجالس ع جمع مجلس کی محفلیں۔ سبھائیں
مجالست ع باہم مل کر بیٹھنا۔ ہم نشینی
مجالی ع جمع مجلی کی۔ آئینہ ہا۔ جائے جلوہ
مجامع ع صحبت کرنیوالا۔ جماع کرنیوالا
مجامعت ع صحبت کرنا۔ جماع کرنا۔
مجاملت ع نیکی کرنی۔
مجانبت ع کسی کام سے یکسو ہونا۔ علیحدہ
ہونا۔ کنارہ کرنا۔ علیحدگی۔ کنارہ کشی۔
مجانس ع ہم جنس۔ اصطلاح علم بدیع
میں دو یا زیادہ کلموں کا لفظ میں مشابہ
ہونا۔ اور اُس کی بہت سی قسمیں ہیں جیسے
مفرد اور مرکب۔ اور مقرون اور مفروق وغیرہ
مجان ع بیہودہ کہنے والا۔ بکواسی۔
مجانست ع ہم جنس اور مشابہ ہونا
ہم جنسی۔ ہم قومی۔
مجانین ع جمع مجنون کی۔ دیوانے۔ پاگل
مجاوبہ ع جواب دینا۔
مجاور ع ہمسایہ۔ پڑوسی۔ درگاہوں اور [illegible]
مجاوران فلک ف سبعہ سیارہ سے مراد
ہے۔ اور ثوابت سے بھی۔
مجاورت ع ہمسائیگی۔ پڑوسی۔
مجاوز ع تجاوز کرنے والا۔ تجاوز۔
مجاہد ع کافروں سے جہاد کرنے والا۔
کوشش کرنے والا۔
مجاہدہ ع رنج و مشقت۔ سعی و کوشش
کافروں سے لڑنا۔
مجاہز ع تیاری کرنے والا۔ اسباب کسنے والا۔
مجاہز ارواح ع ذات الٰہی۔ سرور کائنات صلعم
مجاہزگان ف سورج۔
مجبور ع ناچار۔ جبر کیا گیا۔ زبردستی کسی
کام پر لگایا گیا۔ نقصان بھرا گیا۔
مجبوراً ع مجبوری کی حالت میں۔ بے
اختیاری کی حالت میں۔
مجبوری ع ناچاری۔ بے اختیاری۔
مجبول ع پیدا کیا گیا۔ پیدائشی طبعی
جبلت کردہ شدہ۔
مجتاز ع چھوڑا گیا۔ حد سے گذرنے والا
مجتبیٰ ع برگزیدہ۔ پسندیدہ۔ لقب امام حسن کا
مجتث ع اجتثاث مصدر سے اسم
مفعول کا ہے۔ اس کے معنے ہیں جڑ سے
اکھڑا ہوا۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام
ہے۔ جس کا وزن یہ ہے۔
مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلاتن۔ چونکہ
یہ بحر بحر خفیف کی جڑ سے اکھیڑ کر نکالا گیا
ہے۔ اس واسطے اس کا یہ نام ہوا۔
مجتمع ع صیغہ اسم فاعل کا ہے اجتماع
مصدر سے۔ اکٹھا ہونے والا۔ جمع ہونیوالا
مجتمع ع جمع کیا گیا۔ جمع ہونے کی جگہ۔
مجتنب ع دور رہنیوالا۔ پرہیز کرنیوالا
مجتہد ع کوشش کرنیوالا۔ راہ صواب
پیدا کرنے والا۔ دین کے مسئلے نکالنے والا۔
مجد ع بزرگی۔ بزرگوار ہونا۔
مجد ع کسی کام میں کوشش کرنیوالا۔ ساعی۔
مجداف ع کشتی کا پتوار۔ پنجابی چپّہ۔
مجدد ع از سر نو پیدا کرنے والا۔ نئے سرے
سے کرنے والا۔ کسی کام کا۔
مجدد وقت ع وہ ولی کامل جو ہر سو
برس کے بعد شروع صدی میں پیدا ہوتا ہے۔
مجدد الف ثانی ع دوسرے ہزار برس
کا مجدد۔ یہ ایک مشہور ولی کامل کا نام ہے
جن کا نام نامی شیخ احمد سرہندی ہے۔ وہ
۹۷۱ھ میں شہر سرہند میں پیدا ہوئے۔ بچپن
میں ہی کلام اللہ یاد کیا۔ علوم عقلیہ و نقلیہ
پڑھ کر اپنے والد کے مرید ہوئے۔ اور بیعت
سے لوگوں کو فیض پہنچا کر ۱۰۳۴ھ میں فوت
ہوئے۔ ان کی تصنیفات میں مکتوبات بہت مشہور ہیں
مجدد ع از سر نو پیدا کیا ہوا۔
مجدد ع از سر نو۔ نئے سرے سے۔
مجدر ع وہ شخص جس کے بدن پر چیچک کے داغ
ہوں۔ مجازاً منقش۔
مجدود ع صاحب نصیب۔ حکیم سنائی غزنوی کا نام ہے
مجذوب ع کھینچا گیا۔ خدا کی محبت میں کھنچا گیا

مُجَذِّور ع کسی عدد کا حاصل ضرب فی نفسہٖ جیسے ۴ کا مجذور ۱۶ ہے۔
مَجذُوم ع جس کو مرض جذام ہو۔ کوڑھی
مُجرا ع رواں کرنا۔ رواں کیا گیا۔ جاری کیا گیا۔ ملاقات امرا۔ سلام و تسلیمات۔
مُجرا ع مجرے۔
مُجَرَّب ع تجربہ کیا گیا۔ آزمایا ہوا۔
مُجَرَّد ع تنہا۔ تارک دنیا۔ آزاد۔ مرد بے زن۔ اور وہ شے جو مادہ سے پاک ہو۔
مُجَرَّدات ع عقول عشرہ۔ بعض کے نزدیک ارواح و ملائک۔
مجرد روی ف تنہا روی۔
مُجَرگ۔ مُجَرگ ف بیگار۔ لوگوں سے مزدوری دیئے بغیر زبردستی کام لینا۔
مُجرِم ع جرم کرنے والا۔ گنہگار۔
مَجرُوح ع زخمی۔ گھائل جس کو زخم لگا ہو۔
مَجَرَّہ ع کہکشاں۔
مَجرے ع جگہ جاری ہونے کی۔ جاری ہونا۔ میمی مصدر ہے۔ علم عروض میں نام حرکت روی کا۔
مجبرے ف عطار اور دوا فروش کا برتن جس میں وہ دارو رکھتا ہے۔
مُجَزّا ع جزو جزو علیحدہ کیا ہوا۔ پارہ پارہ کیا ہوا۔
مَجزُوم ع مقطوع۔ قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا یقین کیا گیا۔
مَجَسّ ع وہ جگہ جہاں طبیب مریض کی نبض دیکھنے کو ہاتھ رکھتا ہے۔
مجسطی ی یونانی میں اس لفظ کے معنے ترتیب ہیں۔ حکیم بطلیموس کی کتاب کا نام ہے۔ جس کو اس نے مرتب کیا۔ محقق طوسی نے اس کا ترجمہ کیا۔

مجسطی کشاف وہ شخص جو مجسطی کے مسائل حل کر سکے۔
مُجَسَّم ع جسم دار۔ جس میں طول اور عرض اور عمق ہو۔
مُجَصَّص ع گچ کیا ہوا۔ گچ کردہ شدہ
مُجَعَّد ع گھونگریالے بال۔ چھلے دار بال۔
مُجَفِّف ع خشک کرنے والا۔ خشک کنندہ
مُجَلِّد ع جلد بند۔
مُجَلَّد ع جلد بندی کیا ہوا۔ جلد بندھی ہوئی کتاب
مُجَلّی ع روشن کرنے والا۔ صاف کرنے والا۔ جلا دینے والا۔
مُجَلّے روشن۔ جلا کیا ہوا۔ صاف کیا ہوا صاف۔ آشکارا۔ ظاہر۔
مَجلِس ع جگہ بیٹھنے کی۔ مجازاً وہ مقام جہاں پر آدمیوں کا گروہ جمع ہو۔ وہ گھوڑا جو گھوڑ دوڑ میں سب سے اول نکل جائے۔
مجلس افروز ف شراب انگوری۔ شمع ایک نغمہ بھی ہے۔
مجلس نویس ف بادشاہی دربار میں وہ عہدہ دار جو واقعات کو لکھتا جائے۔
مُچلکا ت عہد نامہ مجرموں کا۔ اقرار نامہ تحریری جو تحریر کیا جائے۔
مُجَمَّد ع رقیق شے جو سردی کے مارے جم گئی ہو۔ منجمد
مِجمَر ع عود دان۔ وہ انگیٹھی جس میں عود جلاویں
مجمر آتش ف انگیٹھی۔ سورج۔
مجمرہ نقرہ پوش ف۔ دنیا۔ جہان۔
مَجمَع ع مجلس۔ جگہ جمع ہونے کی۔
مجمع البحرین ع دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔ وہ مقام جہاں حضرت موسیٰؑ اور خضر علیہ السلام کی باہم ملاقات ہوئی تھی۔
مجمع علیہ ع متفق علیہ جس بات پر ہر شخص کا اتفاق ہو۔

مُجمَل ع اکٹھا کیا ہوا۔ بہت سا مطلب ایک جگہ جمع کیا ہوا۔ بالاجمال۔ خلاصہ کے طور پر۔ جو محتاج تفصیل کا ہو۔
مُجمَلاً ع خلاصہ کے طور پر۔ بالاجمال۔
مُجمَلات ع وہ آیات قرآنی جو محتاج تفصیل کی ہیں
مَجمُوع ع جمع کیا گیا۔ جمع۔ تمام۔ سب
مَجمُوعہ ع جوڑ۔ جمع۔ حاصل جمع۔
مِجَنّ ع سپر۔ ڈھال۔
مَجَنَّہ ع مکہ معظمہ کے پاس ایک بازار ہے۔
مُجَنَّح ع صاحب بازو۔ صاحب جناح
مُجَنَّدہ ع جمع کیا گیا۔ جگہ جمع ہونے کی مشتق تجنید سے جس کے معنے دو لشکر جمع کرنے کے ہیں۔
مَجنُون ع پاگل۔ دیوانہ۔ لقب قیس کا جو لیلےٰ پر عاشق تھا۔ اس کا قصہ مشہور ہے باقی حال اس کا لفظ قیس میں دیکھو۔
مَجُوس ع قوم آتش پرست جو زردشت کے تابع ہیں۔ اس کا واحد مجوسی ہے۔
مَجُوسی ع وہ شخص جو آتش پرست ہو۔ گبر وہ شخص جو آفتاب اور چاند کی پرستش کرے یہ لفظ واحد ہے۔ جمع اس کی مجوس آتی ہے۔
مُجَوَّف ع جوف کیا گیا۔ کھوکھلا جو اندر سے خالی ہو
مُجُون ع شوخی۔ ہزل بیباکی کرنا۔ نڈر ہونا۔
مَجہُود ع طاقت دیا گیا۔ کوشش کی گئی
مَجہُورات ع قاریوں کی اصطلاح میں حروف مہموسہ کے سوا باقی کل حروف تہجی۔
مَجہُول ع نامعلوم۔ ناد انستہ شدہ۔ اور وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔
مَجِی۔ مَجِیئت ع آنا۔

مُجِیب ع جواب دینے والا۔ قبول کرنے والا۔
مُجیب الدعوات ع دعاؤں کا قبول کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔
مُجیب الدعوت ع وہ شخص جس کی دعا قبول ہو جائے۔
مَجِید ع بزرگوار۔ گرامی۔ بزرگ۔
مُجِیر ع دستگیر۔ پناہ دینے والا۔ بچانے والا۔

میم مہملہ مع حائے مہملہ

مُحّ ع مرغ کے انڈے کی زردی۔
مُحابا ع (مفاعلت کے وزن پر) اصل میں مُحابات ہے۔ فارسی والے اس لفظ کو مثل اور لفظوں مُدارا۔ مواسا۔ مجازا وغیرہ کے (ت کو اڑا کر) استعمال کرتے ہیں اس کا مادہ۔ حبو۔ حباء۔ (نزدیک ہونا) ہے پس محابا کے لغوی معنے باہم نزدیک کرنا۔ آپس میں سلوک کرنا کے ہوئے مجازاً یہ معنی فروگذاشت۔ مروت۔ اعانت۔ صلح۔ نگہداشت لحاظ۔ سلوک۔ دریغ۔ بے محابا۔ بے معنی بے کھٹکے۔ بے دھڑک۔ بے لحاظ۔ بیدریغ
مُحابات ع دیکھو مُحابا۔
مُحادثت ع باہم بات چیت کرنا
مُحاولت ع طلب کرنا۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔
مُحاذا ع مخفف محاذات کا
مُحاذات ع مقابلہ کرنا۔ روبرو ہونا۔ ایک چیز کا دوسری چیز سے برابر ہونا۔
مُحاذی ع مقابل۔ روبرو ہونے والا۔
مُحارِب ع لڑنے والا۔ جنگجو۔
مُحاربات ع جمع محاربہ کی
مُحارَبہ ع لڑائی۔ جنگ۔
مُحارَست ع نگہبانی کرنا۔

مَحَارِم ع جمع محرم کی۔ رازدار۔ پردہ دار
مَحَارِیب ع جمع محراب کی۔ محرابیں۔
مُحَاسِب ع حساب کرنیوالا۔ حساب داں۔
مُحَاسَبہ ع کسی سے حساب کرنا۔ حساب لینا۔ حساب۔ مجازاً۔ بازپرس۔
مَحَاسِن ع جمع ہے حُسن کی۔ خوبیاں۔ بھلائیاں۔ داڑھی۔
مَحَاسِن از اسیا سپید کردن ف کمال حماقت سے مراد ہے۔ اردو میں اس کی جگہ بولتے ہیں۔ ڈاڑھی۔ دھوپ میں سفید کرنا۔
مُحَاصِر ع گھیرنے والا۔ محاصرہ کرنیوالا
مُحَاصَرہ ع چاروں طرف سے گھیر لینا۔ گھیرا ڈالنا۔ گھیرا۔ کسی پر چاروں طرف سے رستہ بند کر دینا
مُحَاضَرات ع معلومات پچھلے لوگوں کے اقوال و احوال مطابق حال و مقام علم تواریخ
مُحَاط ع احاطہ کیا گیا۔
مُحَافِظ ع نگہبان۔ حفاظت کرنے والا۔
مُحَافَظَت ع نگہبانی
مَحَافِل ع جمع ہے محفل کی۔ محفلیں۔
مَحَافہ ع ڈولی جو کہار اٹھاتے ہیں۔ عورتوں کے بیٹھنے کا ہودہ۔
مُحَاق ع چاند کا گھٹنا۔ چاند کے گھٹنے کے دن جن کا ابتدا پندرھویں رات سے ہے ماہ قمری کے تین آخیر کے دن جن میں چاند نظر نہیں آتا۔
مُحَاکا ع مخفف محاکات کا ہے
مُحَاکَات ع باہم حکایت کرنا۔ کوئی کہانی آپس میں کہنی۔ آپس میں بات چیت کرنی
مُحَاکمات ع جمع محاکمہ کی۔
مُحَاکَمہ ع حاکم کے پاس جھگڑا چکانے کے لئے جانا۔ اور منصف ہو کر جھگڑا چکا دینا۔
مُحَال ع ان ہوت۔ ناممکن جس کا ہونا ممکن نہ ہو
مَحَال ع جمع محل کی مقامات جگہیں پرگنے ضلعے

مِحَال ع مکر۔ حیلہ۔
مُحَالَات ع ناممکنات۔ غیر ممکن باتیں یا چیزیں۔
مُحَامَات ع نگاہ رکھنا۔ حفاظت کرنا۔ کسی سے کسی چیز کو دفع کرنا۔
مَحَامِد ع جمع ہے محمدت کی تعریفیں نیک خصلتیں
مُحَامَلَت ع باہم بوجھ اٹھانا۔
مُحَاوَرات ع جمع ہے محاورہ کی۔
مُحَاوَرت۔ مُحَاوَرہ ع بات چیت کرنی گفتگو کرنی۔ جواب دینا۔ جواب۔
مُحَاوِل ع گرد پھرنے والا۔ سپرد کرنے والا۔ حوالہ کرنے والا۔
مُحَاوَلہ ع کسی شے کا قصد کرنا۔ کسی شے کا طلب کرنا۔ یا حیلہ سے اس کا طلب کرنا کسی شخص سے مدت تک حیلہ گری رکھنی۔
مُحِبّ ع دوستی کرنے والا۔ پیار رکھنے والا
مَحَبَّت ع دوستی پیار۔
مَحَبَّتِ کُل ع سب کی محبت یہ ایک اصطلاحی کلمہ صوفیہ کا ہے یعنی سب سے محبت رکھنی صلح کل ہونا
مَحْبَرہ ع دوات۔ قلمدان۔
مَحْبَس ع قید خانہ۔ جیل۔
مَحْبُوب ع پیارا۔ دوست۔
مَحْبُوس ع مقید۔ قید کیا گیا۔
مُحْتَاج ع ناچار۔ حاجتمند۔ غریب مفلس
مُحْتَاط ع احتیاط کردہ شدہ۔ وہ شخص جو بہت احتیاط رکھے۔
مُحْتَال ع فریبی۔ حیلہ گر۔ مکار
مُحْتَالہ ع زن حیلہ گر۔ مکار عورت۔
مُحْتَجِب ع پردہ نشین چھپا ہوا۔ پردہ میں رہنے والا
مُحْتَجِبات ع پردہ نشین عورتیں۔
مُحْتَرِز ع پرہیز کرنے والا اپنے تئیں بچانیوالا
مُحْتَرِف ع ہم پیشہ۔

مُحْتَرِفہ ع پیشہ ور لوگ۔ صنعتگراں۔ کاریگر لوگ۔ یہ لفظ ہمیشہ لفظ فرقہ یا جماعت کی صفت ہوا کرتا ہے۔
مُحْتَرِق ع جلنے والا۔ جلا ہوا۔ سوختہ۔
مُحْتَرَم ع عزت کیا گیا۔ حرمت کیا گیا۔
مُحْتَسِب ع مجسٹریٹ شمار کرنیوالا۔ وہ حاکم جو خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرے کوتوال
مُحْتَشِم ع خدم اور حشم والا۔ جس کے پاس نوکر اور دولت ہو۔
مُحْتَظِ ع بہرہ یاب۔ مجازاً۔ خوش مسرور
مُحْتَفِل ع صیغہ اسم فاعل کا ہے احتفال مصدر سے جس کے معنے ہیں کسی شے کی اچھی سربراہی کرنی۔ پرواہ کرنی۔
غیر محتفل۔ بے پرواہ آدمی۔
مُحْتَکِر ع غلہ فروش جو غلہ کو گرانی کی امید پر بند کر رکھے۔ بیچے نہیں۔
مُحْتَمَل ع احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔
مَحْتُوم ع واجب کیا گیا۔ حکم کیا گیا یا حتمی محکم
مُحْتَوِی ع شامل۔ محیط ہونیوالا گھیر لینے والا
مُحَجَّر جہاں آرا بیگم ف دہلی سے تین میل جانب جنوب درگاہ حضرت نظام الدین اولیا میں نہایت خوبصورت چھوٹی سی جالیدار عمارت سنگ مرمر سفید سے بنی ہوئی ہے اس کی وسط میں تعویذ مرقد کندہ کار اور مجلا نہایت نفیس بنا ہوا ہے۔ یہ مدفن جہاں آرا بیگم بنت شاہجہان کا ہے۔ جس کو خود شاہجہان نے ۱۰۸۱ھ میں تعمیر کرایا تھا۔
مُحَجَّل ع سرخ یا سیاہ رنگ کا گھوڑا جس کے چاروں پاؤں سفید ہوں۔
مُحَجَّمہ ع پچھنہ۔
مِحْجَن ع چوگان بلا۔

مَحْجُوب ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
مَحْجُوبہ ع پردہ نشین عورت۔ دروازے کے پیچھے کی لکڑی جس سے اس کو بند کر لیتے ہیں۔
مَحْجُوبہ احمد ف لفظ احمد کا الف۔
مَحْجُور ع منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
مُحَدَّب ع کُب کیا گیا۔ جو موافق قبہ کے ہو
مُحْدِث ع احداث کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔ بے وضو۔ ناپاک۔
مُحَدِّث ع حدیث بیان کرنیوالا۔ علم حدیث جاننے والا۔ بیان کرنیوالا۔ راوی۔
مَحْدُود ع حد کیا گیا۔ انتہا کیا گیا۔
مَحْذُور ع وہ چیز جس سے خوف کیا جائے۔
مَحْذُوف ع حذف کیا گیا۔ گرایا گیا۔ دُم کٹا گھوڑا۔ علم عروض کی اصطلاح میں وہ رکن جس کے سبب خفیف یعنی دو حرف گرا دئے جائیں
مُحَذِّے ع اپنی جو مد جیبوں کا ایک آوازہ ہے
مِحْرَاب ع صیغہ اسم آلہ کا ہے ضرب مصدر سے بمعنی مدار لڑنے کا۔ اصطلاح میں اُس قوس یا کمان کو کہتے ہیں۔ جو مسجد میں کعبہ کی طرف بناتے ہیں۔ چونکہ وہ ایک آلہ ہے شیطان کے ساتھ لڑائی (اور اُس سے مخالفت) کرنے کا اسواسطے اس کا نام محراب رکھا ہے۔
محراب جمشید ف سورج۔ آگ۔ جام جہاں نما
محراب شکر پورہ ف سنبوسہ۔
محراب گر ف مسجد میں سجدہ کرنیکی جگہ مسجد
محرابی ع مسجد۔ ایک قسم کی شمشیر ہے
مُحَرَّاک ع بہت پھرانے والا۔ بہت حرکت دینے والا۔ بہت افسوس کرنیوالا۔ اسرافیل کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔
مُحَرِّر ع لکھنے والا۔ آزاد کرنے والا۔
مُحَرَّر ع لکھا گیا۔ آزاد کیا گیا۔

محران فلک ع ساتوں سیارے۔
محرص ع حرص میں ڈالنے والا۔ لالچی بنا دینے والا۔
محرص ع حرص میں ڈالا گیا۔ لالچی کیا گیا۔
محرض ع برانگیختہ کرنیوالا۔ ورغلا دینے والا۔
محرض ع برانگیختہ کیا گیا۔ ورغلایا گیا۔
محرف ع راستی سے پھیرنے والا۔ بدل دینے والا
محرف ع راستی سے پھرا ہوا۔ کج۔ بدلا ہوا
محرق ع جلانے والا۔
محرقہ ع جلا دینے والی شے۔ اور ایک تپ بھی ہے۔ جس سے انسان کی سب خلطیں جل جاتی ہیں۔ اور وہ بہت جلد مر جاتا ہے۔
محرک ع تحریک کرنے والا۔ حرکت دینے والا۔ جنبش دینے والا۔
محرم ع وہ شخص جو حرم کعبہ میں آوے احرام باندھنے والا۔
محرم ع وہ شخص جس کے ساتھ نکاح کرنا درست نہ ہو۔ مجازاً قریب کا رشتہ دار۔ واقف کار۔ عورت
محرم ع حرام کیا گیا۔ حرام رکھا گیا۔ ایک قمری مہینے کا نام ہے جس سے سن ہجرت شروع ہوتا ہے۔ چونکہ ایام جاہلیت میں اس مہینے میں جنگ حرام تھی۔ اس واسطے اس نام سے موسوم ہو گیا ہے۔
محرمات ع حرام چیزیں۔ وہ باتیں جن کا توڑنا روا نہ ہو۔
محرمان ف فارسی جمع ہے محرم کی۔
محرم راز ف بھید کا واقف۔ بھید جاننے والا
محرور ع گرم۔ حرارت کیا گیا۔ لاغر گرم مزاج
محروس ع نگہبانی کیا گیا۔ حراست کیا گیا
محروسہ ع نگہبانی کیا گیا۔ جس چیز کی نگاہ بانی کی جائے۔ ممالک محروسہ وہ ملک جو بادشاہ کے اپنے قبضہ میں ہوں۔ ملک بادشاہی۔
محروم ع روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔ نومید۔ نامراد۔
محزون ع غمگین۔ اداس۔
محسن ع نیکی کرنیوالا۔ احسان کرنیوالا۔
محسنہ ع نیک کیا گیا۔ نیکی۔ خوبی۔
محسنات ع نیکیاں۔ خوبیاں۔
محسنین ع جمع ہے محسن کی۔
محسوب ع حساب کیا گیا۔ شمار کردہ شدہ
محسود ع حسد کیا گیا۔ رشک کردہ شدہ
محسوس ع جو کچھ پانچوں حواسوں (باصرہ۔ سامعہ۔ شامہ۔ ذائقہ۔ لامسہ) میں سے کسی کے ذریعہ سے دریافت ہو۔ آشکارا۔ ظاہر
محشر ع قیامت کے دن لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ۔ میدان قیامت۔
محشر خرام محشر قد ف محبوب۔ معشوق
محشو ع بھرا ہوا۔ پُر۔
محشور ع حشر کیا گیا۔ قیامت کے میدان میں اٹھایا گیا۔ اُٹھایا گیا۔
محشوش ع جلایا گیا۔ آلودہ شدہ۔ مکروہ
محصل ع تحصیل کرنیوالا۔ اگاہنے والا تحصیل کا سپاہی۔
محصل ع حاصل کردہ شدہ۔ حاصل۔
محصن ع جس مرد کی جورو ہو۔ بیاہا ہوا مرد
محصنات ع شوہر والی عورتیں۔ جمع ہے محصنہ کی۔
محصنہ ع شوہر والی عورت۔
محصود ع کٹی ہوئی کھیتی۔
محصور ع حصر کیا گیا۔ گھیرا گیا۔ قلعہ بند۔
محصورین ع جمع ہے محصور کی۔
محصول ع حاصل کردہ شدہ۔ خراج چنگی کی آمدنی
محض ع صرف۔ خالص۔
محضر ع قاضی کا تصدیق کیا ہوا کاغذ۔ حاضر ہونے کی جگہ۔ وقت حاضر ہونے کا۔ حضور۔ سامنا۔ حاضر ہونا۔ نیک محضر وہ شخص ہوتا ہے۔ جو غائب کو نیکی سے یاد کرے۔
محضر بر آب نوشتن ف لغو حرکت کرنی۔ بیہودہ کام کرنا۔
محضرون ع حاضر شدگان۔
محظور ع منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
محظوظ ع بہرہ مند۔ بخت ور۔ نصیب ور۔
محفل ع آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
محفوظ ع حفاظت کیا گیا۔ بچا ہوا۔
محفوظہ ع حفاظت میں رکھی ہوئی کوئی شے۔
محفوف ع گرداگرد پکڑا گیا۔ چاروں طرف سے گھیرا گیا۔
محفہ ع محافہ۔
محق ع باطل کرنا۔ پاک کرنا۔ گرمی کا کسی چیز کو جلا دینا۔ گھٹنا۔ گھٹانا۔
محق ع حق والا۔ حقدار۔
محقر ع حقیر سمجھا گیا۔ ذلیل کیا گیا۔
محقر ع حقیر شے۔
محقق ع تحقیق کیا گیا۔
محقق ع تحقیق کرنے والا۔ جو دلیل کے ساتھ بات کو ثابت کرے۔ اور مدقق۔ وہ شخص جو دلیل کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے۔ صوفیوں کی اصطلاح میں محقق وہ شخص ہے جس پر حقیقت اشیاء کی کماینبغی منکشف ہو گئی ہو۔ نہ دلیل و حجت سے۔ بلکہ مرتبہ کشف الٰہی پر پہنچ کر عین العیان سے مشاہدہ کر لیا ہو۔ کہ حقیقت سب اشیاء کی حق ہے اور وجود واحد مطلق کے سوا اور کچھ موجود نہیں ہے اور وجود اور اشیا کا صرف اضافی ہے۔
محققین ع محقق لوگ۔ جمع محقق کی۔
محقوق ع راست و درست کردہ شدہ
محک۔ محک ع کسوٹی۔ نام ہے ایک سیاہ پتھر کا جس پر سونے یا چاندی کے کھرے کھوٹے ہونے کی آزمائش کی جاتی ہے۔
محک ایمان ف حجر اسود۔
محک زرین ف کسوٹی۔ حجر اسود۔
محکم ع مضبوط۔ مستعد۔
محکمات ع کلام الٰہی کی وہ آیتیں جن کے معانی صریح ہوں بخلاف متشابہات کے۔
محکمہ ع کچہری۔ انصاف کرنے کی جگہ۔
محکوم ع حکم کیا گیا۔ فرمانبردار۔ ماتحت۔
محکوم علیہ و محکوم بہ ع مسند الیہ و مسند۔ مبتدا اور خبر۔
محکیہ ع حکایت کی گئی۔ کہی ہوئی بات۔
محل ع جگہ۔ مکان۔ منزل۔ بادشاہ یا امیر کا مکان۔ قدر و منزلت۔
محلات ع جمع محلہ کی۔
محلب ع دودھ دوہنے کا برتن۔ ایک خوشبودار درخت کا نام بھی ہے۔
محلت۔ محلہ ع اترنے کی جگہ۔ منزل آدمیوں کا مقام۔ مجازاً شہر کا کونہ۔ کوچہ۔
محل نظر ع مقام فکر۔ جائے تامل جائے اعتراض۔
محلوج ع روئی جس میں دانہ نہ ہو۔ پنبہ از دانہ پاک کردہ شدہ۔
محلول ع حل کیا ہوا۔
محلّٰی ع آراستہ شدہ۔ زیور پہنایا گیا۔ صفت کردہ شدہ۔
محمد ع بہت سراہا گیا۔ بہت تعریف کیا گیا

بسیار ستودہ ۔ نام حضرت سید المرسلین خاتم النبیین پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہے آپ عرب کے اشرف الشرفا قبیلہ قریش میں سے ہیں ۔ حضرت اسماعیل ؑ بن حضرت ابراہیم ؑ تک بقولِ بعض تیس اور بقولِ بعض آپ کی ساٹھ پشتیں ہوتی ہیں ۔ آپ کے باپ کا نام عبداللہ اور ماں کا نام آمنہ ہے ۔ ولادت آپ کی مکہ معظمہ میں بقول اصح دنیا کی پیدائش سے ۴۵۷۴ برس بعد ۱۰ نومبر ۵۷۱ء میں ہوئی ۔ چالیس برس کی عمر میں آپ نے نبوت کی دعوت شروع کی ۔ اور ۲۳ برس کے بعد ۶۳ سال کی عمر میں ۸ ۔ جون ۶۳۲ء میں آپ نے وفات پائی ۔ مزار مبارک آپ کا مدینہ منورہ میں ہے اور حضرت ابوبکر ؓ اور عمر ؓ آپ کے دست چپ کی طرف مدفون ہیں ۔

محمد کپیسر بیچیئے ف امام محمد غزالی رحمتہ اللہ

محمدت ۶ ثنا ۔ ستائش ۔ تعریف ۔

محمدی ۶ منسوب بہ محمد ۔ وہ شخص جو اُمت محمد سے ہے ۔

محمل ۶ کجاوہ ۔ اونٹ کا ہودہ ۔ گمان اٹکل قیاس

محمود ۶ تعریف کیا گیا ۔ عمدہ ۔ اچھا نام حبیبِ رسول خدا صلعم کا نام بادشاہ غزنی کا جو سبکتگین کا بیٹا تھا ۔ اس نے ۹۹۸ء سے ۱۰۳۰ء تک ۳۲ برس سلطنت کی ہے ۔ ایک ایرانی مسخرے کا نام بھی ہے جو اکبر کے عہد میں ہند میں آیا تھا ۔

محمودہ ۶ سقمونیا جو ایک مشہور دوا ہے اور بہت تلخ ہے ۔

محمول ۶ لادا ہوا ۔ گمان کیا ہوا منطق میں خبر جو مقابل مبتدا کے واقع ہوتی ہے ۔

محمول بالمواطات ۶ کسی شے کی بغیر واسطہ دوسری شے کی خبر واقع ہونا ۔

محمول بالاشتقاق ۶ کسی شے کی دوسرے کلمہ کے لگاؤ سے خبر واقع ہونا ۔

محن ۶ جمع ہے محنت کی ۔

محنت ۶ تکلیف ۔ دکھ ۔ رنج ۔

محو ۶ زائل کرنا ۔ صاف کرنا ۔ حروف یا نقوش مٹانا ۔ اصطلاح تصوف میں گم اور نابود ہونا ۔ فارسی والے شیفتہ عاشق ۔ مجنوں کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں ۔

محور ۶ دھری جس پر پہیہ گردش کرتا ہے ۔ مشتق ہے حور (گردگشتن) سے ۔ خط فرضی جس کے گرد کرۂ زمین کو گردش ہے ایک سرا اس کا قطب شمالی کہلاتا ہے ۔ اور دوسرا سرا قطب جنوبی ۔

محوطہ ۶ احاطہ کرنے کی جگہ ۔ گروہ گھیرا چار دیواری ۔

محوِّل ۶ سپرد کرنیوالا ۔ حوالے کرنے والا ۔

محوَّل ۶ سپرد کیا گیا ۔ حوالے کیا ہوا ۔

مُحیی ۔ مُحیی ۶ زندہ کرنے والا ۔

محیّا ۶ چہرہ ۔ منہ ۔

محیّات ۶ زندگی کی گئی جماعت ۔

محی الدین ۶ زندہ کرنے والا دین کا ۔ اسم شریف جناب محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا ۔

محیر ۶ موسیقی کے ایک پردے کا نام ہے ۔

محیص ۶ چھٹکارا پانا ۔ چھٹکارا پانیکی جگہ ۔

محیض ۶ حیض کی حالت جس میں عورت کو جماع اور قرآن کا چھونا ۔ اور نماز روزہ درست نہیں ۔

محیط ۶ احاطہ کرنے والا ۔ گھیرنے والا ۔ گھیرا ۔ دائرہ کا گول خط ۔ سمندر ۔ بحر ۔ علم فقہ میں ایک کتاب ہے جسے امام محمد رحمتہ اللہ علیہ نے تصنیف کیا ہے ۔ علم لغت عربی کی بھی ایک کتاب کا نام ہے ۔

محیل ۶ حیلہ گر ۔ مکار ۔ فریبی ۔

محیلہ ۶ حیلہ گر عورت ۔ مکار عورت ۔

میم مہملہ مع خائے معجمہ

مخ ف آگ ۔ بھڑ لپٹنے والا ۔ گھسنے والا ۔ ان آخیر کے دو نو معنوں میں امر کا صیغہ بھی ہے ۔ گم شدہ ۔ سخت لگام ۔ خلاصہ ۔

مخ ۶ مغز ۔ ہر چیز کا خلاصہ ۔

مخاتیم ۶ جمع مختوم کی ۔

مخادع ۶ مکار ۔ فریبی ۔ حیلہ گر ۔

مخادعات ۶ جمع مخادعت کی ۔

مخادعت ۶ مکر و فریب کرنا ۔ مکر و فریب ۔

مخادیم ۶ جمع مخدوم کی ۔

مخاذیل ۶ جمع مخذول کی ۔

مخاریج ۶ جمع مخرج کی ۔

مخازن ۶ جمع مخزن کی ۔ خزانے ۔

مخاصمت ۔ مخاصمہ ۶ باہم خصومت کرنا ۔ جنگ کرنا ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ بیر ۔

مخاض ۶ دردِ زہ ۔ حاملہ شیرنی ۔ اونٹ کا دو سالہ بچہ ۔ کسی کام میں لگنا ۔ آنے کی جگہ

مخاطہ ۶ آپ بینی ۔ سنگ ۔

مخاط ۶ لسوڑے کا درخت ۔ سپستان ۔

مخاطِب ۶ سامنے سے بولنے والا ۔ خطاب کرنے والا ۔ کبھی بمعنے عتاب کرنے والا ۔ غصے ہونیوالا کے بھی آجاتا ہے ۔

مخاطَب ۶ خطاب کیا گیا ۔ جس سے روبرو گفتگو کی جائے ۔ کبھی بمعنے مخاتب (عتاب کیا گیا) کے بھی آجاتا ہے ۔

مخاطبات ۶ مراد مراسلے ۔ مکاتیب

مخاطرات ۶ جمع مخاطرہ کی ۔

مخاطرہ ۶ خطرہ ۔ اندیشہ ۔ وہ بات جو ذہن میں آجاوے ۔

مخاطی ۶ خطا کرنیوالا ۔ بلغم کی ایک قسم ہے جو ناک کے پانی کے مشابہ ہوتی ہے ۔

مخافات ۶ جمع مخافت کی ۔

مخافت ۶ خوف ۔ ڈر ۔ ڈرنا ۔ خوف کرنا

مخافتت ۶ آہستہ پڑھنا ۔

مخالب ۶ جمع مخلب کی پنجے شکاری جانور کے ۔ اور چینگلدار شیر کے ۔

مخالطت ۶ میل جول کرنا ۔ مل جانا ۔ میل ۔ ملاپ ۔ دوستی ۔

مخالف ۶ خلاف کرنیوالا ۔ دشمن ۔ علم موسیقی کی اصطلاح میں مقام عراق کے ایک شعبہ کا نام ہے ۔

مخالفت ۶ ایک دوسرے کے خلاف کرنا ۔ دشمنی کرنا ۔ دشمنی ۔

مخالفِ مال ف سخی ۔ کریم ۔ صاحبِ ہمت

مخالفِ مال ف دشمنوں پر قہر کرنیوالا دشمنوں کو مغلوب کر لینے والا ۔

مخاوف ۶ جمع ہے مخوف کی ۔ خوف کی جگہیں ۔

مخائل ۶ جمع مخیلہ یعنی داغ ۔ آثار ۔ علامات ۔ خیال اور گمان کرنیکی جگہیں

مخبِر ۶ خبر دینے والا ۔ مجازاً انسان کا چہرہ ۔ جو اس کی خصلت کی خبر دیتا ہے

مخبَر ۶ خصلت ۔ خو ۔

مخبر صادق ۶ رسول خدا صلعم ۔

مُخبَّط ع درہم آمیختہ۔ ملا جلا۔ فاسد۔ تباہ
مُخبَت ع امید۔ رجا۔
مُختار ع اختیار دیا گیا۔
مختارِ حق ع نبی آخر الزمان۔
مُختال ع متکبر۔ اترانے والا۔
مختبط ع کسی سے اگلی جان پہچان بغیر وسیلہ مانگنے والا۔ شرم و حیا کے مارے رات کو سوال کرنے والا۔
مُختَرِع ع نئی بات نکالنے والا۔
مُختَرَع ع اختراع کیا گیا۔
مُختَرَعات ع نو ایجاد چیزیں۔ اختراع اور ایجاد کی گئی چیزیں۔
مُختَص ع خاص کیا گیا۔
مُختَصَر ع جو دراز نہ ہو۔ چھوٹا۔
مُختَصَران ف کم ہمت لوگ۔ کمینے۔
مُختَصِم ع جھگڑا کرنے والا۔ خصومت کنندہ۔
مُختَل ع خلل یافتہ شدہ۔
مُختَل الحواس ع حواس باختہ۔ جس کے حواس قائم نہ ہوں۔
مُختَلَف ع اختلاف کیا گیا۔ وہ لغت جس میں اس بات پر اختلاف ہو کہ وہ فارسی ہے یا عربی۔
مُختَلِف ع جو یکساں نہ ہو۔ ہندو جین کے مختلف فرقوں میں بہت اختلاف ہے۔
مُختَتَم ع مہر لگایا گیا۔ مُقفّل۔
مَختُوم ع مُہر لگایا ہوًا۔ مُقفّل اور بند کیا ہوًا۔
مَختُون ع ختنہ کیا گیا۔
مُخدِّر ع سُن کرنے والی چیز۔ پردہ میں بٹھلانے والا۔
مُخدَّر ع بے حس کیا ہوًا۔ سست کردہ شدہ۔ پردہ میں بٹھایا گیا۔
مُخدَّرات ع جمع مخدر کی۔
مُخدَّراتِ قُدسی ع اسرار الٰہی۔ رموز الٰہی
مُخدَّرہ ع پردہ نشین عورت۔
مَخدُوش ع چھیلا ہوًا۔ وسوسہ کیا ہوًا۔
مَخدُوم ع خدمت کیا گیا۔ آقا۔ بزرگ صاحب۔
مَخذُول ع ذلیل خوار۔ ذلیل کیا گیا۔
مِخراق ع دُرّہ جو روئی سے لپیٹ کر کسی کو ماریں۔
مُخرِّب ع ویران کرنے والا۔
مَخرَج ع نکلنے کی جگہ۔ خارج ہونے کی جگہ۔
مُخرِج ع باہر نکالنے والا۔
مُخَرِّق ع پھاڑ دینے والا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینے والا۔ خرق عادت ظاہر کرنے والا۔ معجزہ یا کرامت دکھلانے والا۔
مَخرَقہ ع شرمندگی۔ تیرگی۔
مِخرَقہ ع ایک کھیل کا آلہ ہے۔ قلندروں کی لکڑی تلوار۔ قلندروں کا خرقہ۔
مَخرُوش ع چھیلا ہوًا۔ خراشیدہ شدہ مشتق ہے خرش سے جس کے معنے خراشیدن (چھیلنا) ہیں۔ اور اس لفظ میں عربی و فارسی میں توافق لسانین ہے۔
مَخرُوط ع خراط کیا گیا۔ تراشا گیا۔ چھیلا گیا۔ گاجر کی شکل کی چیز۔
مَخرُوطی ع گاجر کی شکل کا۔
مَخزان۔ مَخزَان ع ایک گرجے کا نام ہے۔ جو اپنے بانی کے نام پر مشہور ہے
مَخزَن ع خزانہ کی جگہ۔ جمع کرنے کی جگہ۔ خزانہ۔
مَخزُون ع خزانہ میں رکھا ہوًا۔
مَخزُونہ ع خزانہ میں رکھی ہوئی چیز۔ گڑی اور دبی ہوئی چیز۔
مَخزُونات ع جمع مخزونہ کی۔ گڑی دبی چیزیں۔ پوشیدہ باتوں اور مخفی ارادوں سے کنایہ ہے۔
مَخستان ف نخلستان۔ خرماستان۔
مَخسطُوس ی ایک یونانی حکیم کا نام ہے۔
مُخصَّص ع خاص کردہ شدہ۔ خاص کیا گیا۔
مَخصُوص ع خاص کیا گیا۔
مخصوص دم بودن ف زندگی کا صرف ایک دم باقی رہنا۔
مُخضَّب ع رنگین کیا ہوًا۔ وسمہ لگایا ہوًا ہے۔ جس پر وسمہ لگایا ہوًا ہو۔
مَخضُود ع بے کانٹے کا درخت۔ وہ درخت جس پر کانٹے نہ ہوں۔
مُخطَّط ع لکیروں والا۔ وہ شے جس پر لکیریں پڑی ہوئی ہوں۔
مَخطُوبہ ع وہ عورت جس کی منگنی ہو چکی ہو۔
مَخطُور ع وہ چیز جس میں خوف و اندیشہ ہو۔ جو دل میں خیال گذرے۔ اندیشہ۔ فکر۔
مَخطُورات ع فکرہا۔ اندیشہ ہا۔ جو دل میں خیال گذریں۔ وہ چیزیں جن میں خوف و اندیشہ ہو۔
مُخطی ع جس سے بے ارادہ خطا سرزد ہو اور خاطی وہ جو بالارادہ خطا کرے۔
مُخفَت ع خفتن مصدر سے نہی کا صیغہ خلاف قیاس ہے۔
مُخفَّف ع ہلکا کیا گیا۔ تخفیف کیا گیا۔ وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف کم کیا جاوے۔ جیسے بُد مُخفّف ہے بود کا۔
مُخفی ع پوشیدہ۔ پنہاں۔
مُخِل ع خلل ڈالنے والا۔ خلل انداز
مِخلات ع توبرہ۔
مِخلَب ع شکاری پرندے کا پنجہ۔ شیر کا چنگل
مُخَلخَل ع مسامدار شئے۔ متخلخل۔
مُخلَّد ع ہمیشہ۔
مُخلِص ع اخلاص والا۔ خالص دوست۔ دوست
مُخلَص ع خالص کیا گیا۔
مَخلَص ع میمی مصدر ہے رہائی خلاصی۔
مَخلَصی ع رہائی۔ مخلص اصل میں میمی مصدر ہے۔ یاے اس کے آگے تصرف فارسیوں کا ہے۔
مُخلِط ع ملانے والا۔ گڈمڈ کرنے والا۔
مُخلَّط ع ملایا گیا۔ ملایا ہوًا۔
مُخلَّع ع خلعت دیا گیا۔
مُخلَّف ع واپس دیا گیا۔
مُخلِف ع نو سال سے زیادہ عمر کا اونٹ۔
مُخلِف ف کبوتر کا بچہ۔ چھوٹی عمر کی خوبصورت لڑکی۔
مَخلُوط ع گڈمڈ۔ ملا جُلا۔ آمیختہ شدہ۔
مَخلُوع ع خلع کیا گیا۔ نکالا گیا۔
مَخلُوق ع پیدا کیا ہوًا۔ ہر شے جو دنیا میں پیدا کی گئی ہے۔ خلقت۔
مَخلُوقات ع جمع مخلوقہ کی۔ دُنیا اور جو چیزیں دُنیا میں ہیں۔
مُخلّٰی ع خالی کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔ چھوڑا گیا
مُخلّٰی بالطبع ع وہ شخص جسے اُس کی طبیعت پر آزادانہ چھوڑ دیا جائے۔
مُخمَّر ع سرشتہ شدہ۔ گوندھا ہوًا

خمیر کیا گیا۔ تیار۔
مُخمّس ع پانچ گوشہ۔ پانچ کونیا۔ جس کے پانچ مصرعہ ہوں۔ یا پانچ ضلعے ہوں۔ یا پانچ چیزیں جو کسی شئے میں شامل ہوں۔ تال۔
مَخمَصہ ع نہایت بھوک۔ سوزش جو بھوک کے سبب سینہ اور شکم میں پیدا ہوتی ہے۔ مجازاً سخت غم جس سے دل مضطرب ہو جائے جھمیلا۔
مخمل ع ایک قسم کے مشہور کپڑے کا نام ہے۔
مخملِ دو خوابہ ف دونو طرف سے ایک جیسی مخمل۔
مخمل گوا گ۔ مخمل گرگ ف ایک قسم کی مخمل۔
مخمور ع متوالا۔ شراب نوشیدہ۔
مُخنّث ع ہیجڑا۔ نامرد۔ خنثٰے بنایا ہوا
مُخَندہ ف عاق کیا ہوا بیٹا۔ ماں باپ کا نافرمان لڑکا۔ لپٹ جانے والا۔ خواہ جاندار ہو یا بیجان چیز۔
مُختنق ع گلے سے پکڑا گیا۔ گلو گرفتہ شدہ۔
مخنوق ع گلے سے گھونٹا گیا۔ جس کا گلا گھونٹا جائے۔
مَخُوف ع ڈرا ہوا۔ خوفناک۔
مُخَوِّف ع خوف دینے والا۔ ڈرانے والا۔
مخیدہ ف پلا ہوا۔ پھسلا ہوا۔ خراب کیا ہوا۔
مُخیّر ع کسی کو اختیار دینے والا۔ بہت نیکی کرنے والا۔ بڑا نیکوکار۔ سخی۔
مُخَیَّر ع اختیار دیا گیا۔
مَخِیض ع دہی جس سے مکھن نکال لیا گیا ہو۔ لسی۔
مَخِیط ع سوئی۔
مُخیط ع سیا ہوا۔ سیا گیا۔
مُتخیَّل ع خیال کیا گیا۔
مُخَیِّلہ ع محل تخیل یعنی دماغ۔
مُتخیّلہ ع ایک قوت کا نام ہے۔ جسے خیال بھی کہتے ہیں۔
مُخَیَّم ع خیمہ لگانے کی جگہ۔ خیمہ کھڑا کرنے کی جگہ۔

میم مہملہ مع دال مہملہ

مَدَف ہر شمسی مہینے کا چھٹا دن۔
مَد ع کشش۔ کھینچنا۔ جوار جو دریا میں آتا ہے۔ افزونی۔ درازی۔ کسی چیز پر نظر کرنا۔ وہ خط جو الف پر کھینچتے ہیں وہ خط جو حساب کی کسی رقم پر کھینچتے ہیں
مُدّ ع ایک پیمانہ کا نام ہے۔ جس کی مقدار دو رطل ہوتی ہے۔
مدے ع غایت۔ منتہٰے۔ مسافت۔
مَدّاح ع تعریف کرنے والا۔ مدح کرنے والا
مُداخِل ع دخل دینے والا۔ کسی کام میں داخل ہونے والا۔
مَداخِل ع جمع مدخل کی۔ جاہائے دخل اور بمعنے زر کی آمد۔ دو چیزوں کو آپس میں ملا دینا۔ بوٹہ دار حنا جو عورتیں ہاتھ پاوں پر لگاتی ہیں۔ مکان۔ گھر۔
مُداخلت ع دخل دینا۔
مِداد ع سیاہی۔
مَدار ع ستارہ کے دورہ کرنے کی جگہ۔ گردش کی جگہ۔ مجازاً وہ جس پر کوئی بات ٹھیری ہوئی ہو۔ جو مرکز زمین سے بھی مراد ہے۔ چکّی۔
مُدارا ع مخفف ہے مدارات کا۔
مُدارات ع رعایت کرنا۔ صلح اور آشتی کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔ نرمی سے پیش آنا۔
مدارات ع ستاروں کی حرکت کے دائرے۔ جمع مدار کی۔
مَدارُالمہام ع وہ شخص جس سے سب کاروبار سلطنت کے متعلق ہوں۔ وزیر یا فوج کا اعلٰے حاکم۔
مَدارِج ع جمع ہے مدرج کی۔ درجے۔
مُدارِس ف ایک شخص کا نام ہے۔ جس نے عذرا معشوقہ وامق کے پاس ایک قاصد بھیجا تھا۔ اور اس نے اس قاصد کی آنکھ اپنی انگلی سے نکال ڈالی تھی۔
مَدارِس ع جمع مدرسہ کی۔
مُدارست ع باہم درس کرنا۔ باہم پڑھنا۔ اور پڑھانا۔
مُداعبت ع مزاح۔ خوش طبعی کھیلنا
مُدافِع ع دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا
مُدافعت ع ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
مُدام ع ہمیشہ رکھا گیا۔ ہمیشہ شراب
مُداوا ع مخفف ہے مداوات کا۔
مُداوات ع دوا کرنا۔ علاج کرنا۔ درمان کرنا۔
مُداومت ع ہمیشگی کرنا۔ ہمیشگی۔
مُداوے ع دوا کیا گیا۔ علاج کیا گیا۔
مُداہن ع سستی کرنے والا۔
مُداہنہ۔ مُداہنت ع سستی کرنا جھوٹ بولنا۔ چرب زبانی۔ خوشامد۔ نفاق۔ جو دل میں ہو۔ اس کے برخلاف ظاہر کرنا۔
مَدائِح ع جمع ہے مدیحہ کی۔ تعریفیں
مَدائِن ع جمع ہے مدینہ کی۔ شہرہا۔ عراق عرب میں بغداد کے پاس ایک شہر ہے۔ جو نوشیرواں کا پایہ تخت تھا۔ اور بڑے ہونے کے سبب بصیغہ جمع موسوم ہوا۔
مُدَبِّر ع تدبیر کرنے والا۔ صاحب تدبیر۔
مُدَبَّر ع وہ نیز دوا جس کی اصلاح اور درستی کی گئی ہو۔ تاکہ ضرر نہ دے وہ غلام جس کے لئے اُس کا آقا اپنے مرنے کے بعد آزادی کا اقرار کرے۔
مُدبَر ع پشت دیا گیا۔ یعنے وہ شخص جس کو اُس کے نصیبے نے پشت دی ہو۔ برگشتہ بخت۔ بدنصیب۔ بداقبال۔
مُدَبِّرانِ فلک ع سبعہ سیارہ۔
مُدَبلِبل ع بلبل کا نالہ۔
مُدّت ع عرصہ۔ دیر۔
مُدّتِ عِدّت ع طلاق کے بعد وہ مدت جس میں عورت کو دوسرا نکاح کرنا جائز نہیں۔ اور وہ مطلقہ کے لئے تین حیض یا تین ماہ ہے۔ اور بیوہ کے لئے چار ماہ اور دس دن۔ حاملہ عورتوں کے لئے ہر دو صورت میں وضع حمل عدت ہے
مُدَثِّر ع کپڑا اوڑھنے والا۔ لحاف میں

لیٹا - اِس کا مصدر تَدَثُّر ہے - جس کے معنے ہیں بالا پوش لحاف کا اوڑھنا - نام ایک سورۂ قرآن کا - اور نام نبیؐ آخر الزمان کا -
مَدح ع ستائش - تعریف -
مِدحت ع ستائش تعریف -
مَدخَل ع داخل ہونے کی جگہ - دخل کرنا - داخل ہونا -
مُدخَل ع بخیل - کنجوس -
مُدَخَّل ع داخل کرنے کی جگہ - داخل کرنا - داخل کیا گیا -
مَدخُول ع داخل کیا گیا -
مَدخُولہ ع وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو - زن جماع کردہ شدہ -
مَدَد ع کمک - اعانت -
مَدَر ع مٹی کا ڈھیلا - زمین اور کبھی زمین سے بھی مراد ہے - فارسی میں دریدن کا فعلِ نہی بھی ہے -
مُدِر ع بول جاری کرنے والی دوا - پیشاب لانے والی دوا - اصلی معنی اس کے ہیں "دودھ کا جاری کرنے والا - حرکت دینے والا" ہے - مدرا مینہ لانے والی -
مُدِرّات ع جمع مُدِرّ کی -
مِدرار ع ابر بسیار بارندہ - بہت برسنے والا - بادل - مینہ - باران -
مَدارِس ع جمع مدرسہ کی -
مُدَرِّس ع پڑھانے والا - درس دینے والا -
مَدرَسہ ع درس دینے کی جگہ -
مدرسۂ ماہم آنگہ ف دہلی کے پرانے قلعہ کے قریب شاہ جہاں آباد سے جنوب کو یہ خشتی چونہ گچ کی کہنہ ڈر عمارت "مدرسہ مع مسجد" اکبر بادشاہ کی دایۂ ماہم بیگم بنوایا ہؤا ہے - یہ محمد جلال الدین اکبر بادشاہ کی انا تھی جسے اکبر بادشاہ انگہ (انگہ ترکی میں دایۂ دودھ پلانے والی کو کہتے ہیں -) کہا کرتا تھا - اور اسی واسطے اُس کا نام ماہم انگہ مشہور ہوگیا تھا - اِس کا خاوند ادہم خان تھا - جس نے مالوہ فتح کیا اور بیٹا شمس الدین محمد انگہ (انگہ ترکی میں کوکہ یعنے انا کے بیٹے کو کہتے ہیں) اکبر بادشاہ کے عہد میں بڑے عروج پر رہا - اور اِس کا خطاب خان اعظم تھا - یہ مکان جسے خیر المنازل کہتے ہیں - شہاب الدین احمد خاں (جو ماہم بیگم کا داماد اور اکبر بادشاہ کی طرف سے شہر دہلی کا صوبہ دار تھا -) کے زیر اہتمام ۹۶۹ ہجری میں تیار ہؤا تھا - چنانچہ اِس کے دروازہ پر جو یہ کتبہ لکھا ہوا ہے اِس سے اِس کا تاریخی نام (خیر المنازل) سے ۹۶۹ برآمد ہوتے ہیں -

بدوران جلال الدین محمد
کہ باشد اکبر شاہان عادل
چو ماہم بیگم عصمت پناہی
بنا کرد این بنا بہر افاضل
ولے شد ساعی این بقعہ خیر
شہاب الدین احمد خاں باذل
زہے خیریت این بقعۂ خیر
کہ شد تاریخ او خیر المنازل ۹۶۹

مُدرَک ع سمجھا گیا - دریافت کیا گیا -
مُدرِک ع دریافت کرنے والا - سمجھنے والا - پانے والا -
مُدرِکات ع جمع مدرکہ کی - عقلیں -
مُدرِکہ ع وہ قوت جس سے انسان اشیاء کی حقیقت دریافت کرسکے - عقل - ذہن -
مَدرُوس ع کہنہ - پرانا - بوسیدہ - بے رونق - پڑھا ہؤا - خواندہ شدہ -
مُدّعا ع آرزو - مطلب -
مِدعَم ع جناب رسولِ خدا صلعم کے ایک غلام کا نام ہے -
مُدّعےٰ علیہ ع جس پر دعوے کیا گیا ہو -
مُدّعی ع دعوے کرنے والا -
مُدّعیات ع جمع ہے مدعا کی - مطالب -
مُدغَم ع ادغام کیا گیا - ایک حرف دوسرے حرف ہم جنس میں آیا ہؤا - گھوڑا لگام دیا ہؤا - چھپا ہؤا - پوشیدہ - ناہموار - پیوستہ -
مَدفَن ع گاڑنے کی جگہ - دفن کرنے کی جگہ -
مَدفُون ع دفن کیا گیا - گاڑا گیا -
مَدفُونِ یثرب ع جناب رسول خدا صلعم سے مراد ہے - جو یثرب (مدینہ) میں مدفون ہیں -
مُدقِّق ع دقیقہ رس - باریک بین - جو دلیل کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے -
مَدقُوق ع کوٹا ہؤا - باریک کیا ہؤا - لاغر - دبلا -
مَدَق - مَدَقہ ع دھوبیوں کی موگری -
کوتنگ -
مُدَلِّل ع دلیل قائم کرنے والا - دلیل کے ساتھ ثابت کرنے والا -
مُدَلَّل ع جس پر دلیل قائم کی گئی ہو - دلیل سے ثابت کیا ہؤا - با دلیل -
مَدلُول ع معنے بتلایا گیا - دلالت کیا گیا
مُدلَہِم ع بہت اندھیرا - سخت سیاہ -
مُدمِن ع کسی کام کو ہمیشہ کرنیوالا -
مَدَن ف عیش و عشرت کے لئے نہ جا - سیر اور خیانت کو نہ جا -
مُدُن ع جمع مدینہ کی - بہت سے شہر -
مَدَنی ع مدینہ کا - منسوب بہ مدینہ -
مدو جزر ع جوار - بھاٹا (سمندر کے پانی کا چڑھاؤ اُتار) جو کشش قمر کے سبب ہر روز سمندر میں ہوتا ہے مختصر کیفیت اِس کی یہ ہے - کہ کشش ثقل کے باعث چاند زمین کی سطح کے اُس پانی کو جو اُس کے مقابل ہے - زمین کی نسبت کچھ نزدیک اور پانی پر کشش ثقل کا اثر جلد ہی ہونے کے سبب زیادہ زور سے کھینچتا ہے - اس واسطے اُس مقام پر جس کی سمت الراس پر چاند نمایاں ہے - پہلا چڑھاؤ (پانی کے سمٹ کر ایک جگہ ڈھیر ہوجانے کے سبب) ہوتا ہے - اور اُس سے نوّے نوّے درجہ کے فاصلہ پر دو مقامات پر اُتار ہوتا ہے - مگر چونکہ زمین اس پانی کی نسبت (جو زمین کے اُس طرف ہے - جس طرف چاند نہیں) زیادہ زور سے اور پہلے چاند کی طرف کھنچ جاتی ہے - اس واسطے اُس دوسری طرف کا پانی پیچھے رہ کر

دوسرے چڑھاؤ کا باعث ہوتا ہے۔ اور اس مقام سے نتیجے نتیجے درجہ پران سے دو مقامات پر جہاں پہلی دفعہ اُتار ہوا تھا۔ اُتار کا اور بھی اثر ہوتا ہے پس اسی واسطے دن بھر میں ہر ایک جگہ پر دو ہی دفعہ اُتار۔ جب چاند اور سورج ایک ہی سمت سے پانی پر روشن ہوتے ہیں یعنے ان دونوں کی کشش ایک دوسرے کو مدد دیتی ہیں۔ اور دونوں کی قوت جاذبہ ایک ہی مقام پر ایک ہی وقت میں عمل کرتی ہے تو اس وقت مدوجزر اکبر پیدا ہوتی ہے۔ اور جب سورج اور چاند حالت تربیع میں ہوتے ہیں۔ یعنی اُن دونوں کی قوت جاذبہ مختلف سمتوں سے سمندر پر عمل کرتی ہے۔ تو اُس وقت مدوجزر اصغر پیدا ہوتی ہے +

مُدَوَّر ۶ گول +

مُدَوَّن ۶ جمع کیا ہوا +

مِدَّہ ۶ پیپ جو زخم سے نکلے +

مَدَّہ ۶ صرفیوں کی اصطلاح میں وہ حرف علت جس کے ماقبل کی حرکت اس کے موافق ہو۔ یعنے واو کے پہلے حرف پر پیش۔ الف کے پہلے حرف پر زبر اور ی کے ماقبل کے نیچے زیر ہو +

مدہوش ۶ عربی اسم مفعول ہے۔ دہشت مصدر سے۔ بمعنے دہشت آلودہ۔ حیرت زدہ۔ سرگشتہ۔ حیران فارسی والے اس لفظ کو بواو مجہول پڑھتے ہیں۔ اور مجازاً بمعنے مست۔ بیہوش استعمال کرتے ہیں +

مُدہوشی ف دہشت۔ حیرانی۔ حیرت زدگی۔ مجازاً مستی۔ بیہوشی +

مُدَّہ و لین ۶ مدہ کی تعریف ہو چکی لین الف کے سوا دو حرف علت ہیں سے کوئی ساکن حرف جس کا ماقبل مفتوح ہو +

مدہون ف دباغت کیا ہوا چمڑا +

مَدہُون ۶ روغن ملا ہوا +

مَدِیح ۶ تعریف۔ ستائش +

مَدِید ۶ دراز۔ لمبا۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔ جس میں فاعلاتن فاعلن چار دفعہ آتا ہے۔ چونکہ بحر طویل سے نکالا گیا ہے۔ اس لئے مدید کہلاتا ہے +

مُدِیر ۶ گول۔ حرکت دینے والا۔ مہتمم۔ افسر۔

مَدیَن ۶ مصر سے آٹھ منزل دریائے مغرب کے کنارے پر ایک شہر ہے حضرت شعیب پیغمبر یہیں سکونت رکھتے تھے +

مَدِینہ ۶ شہر عرب کا مشہور شہر۔ جس میں سید المرسلین خاتم النبیین حضرت محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مزار مقدس ہے +

مَدِینۃُ الحُکَماء ۶ شہر ایتھنز جو ملک یونان کا دارالخلافہ ہے۔ حکیم افلاطون ارسطو۔ سقراط۔ بقراط۔ یہیں ہوئے ہیں +

مَدینۃُ الاسلام ۶ شہر کوفہ کا لقب ہے +

مَدینۃُ السلام ۶ بغداد کا لقب ہے +

مَدِینۃُ العِلم ۶ لقب حضرت رسول خدا صلعم +

مَدیُون ۶ قرضدار +

میم مہملہ مع ذال معجمہ

مُذ ۶ ابتدائے زمان۔ آن زمان +

مُذ ف صاحب خداوند +

مُذاب ۶ گداختہ شدہ۔ گلا ہوا۔ پگھلا ہوا +

مَذاق ۶ چکھنا۔ چکھنے کی جگہ۔ محل ذائقہ۔ ذائقہ۔ لطف۔ معشوق کے سامنے ظرافت اور شوق کا اظہار کرنا +

مَذاق زدن ف شہوت کے وقت کا شوق۔ بوس و کنار کی بے اختیاری کا اظہار کرنا +

مُذاکرہ ۶ باہم ذکر کرنا۔ مباحثہ +

مَذاہب ۶ جمع مذہب کی +

مَذبَح ۶ ذبح کرنے کی جگہ +

مُذَبذَب ۶ دھکڑ پکڑ کرنے والا جس کا ارادہ مصمم نہ ہو۔ متردد +

مَذبوح ۶ ذبح کیا ہوا جانور۔ جس کو ذبح کر دیا ہو +

مُذخورہ ۶ ذخیرہ کیا گیا +

مُذَکَّر ۶ مرد۔ نر +

مُذَکِّر ۶ نصیحت دینے والا۔ سمجھانے والا۔ یاد دلانے والا +

مُذَکَّر سَماعی ۶ جو مرد اپنی زوجہ کا مطیع ہو۔ پنجابی میں اُسے زن مجور کہتے ہیں +

مَذکور ۶ ذکر کیا گیا۔ ذکر +

مُذکٹے ۶ گلا کٹا ہوا۔ بسمل +

مَذَلَّت ۶ خوار ہونا۔ رسوا ہونا۔ خواری۔ رسوائی +

مَذَمَّت ۶ ہجو۔ بُرائی۔ بدی +

مَذمُوم ۶ بد۔ بُرا۔ زشت وہ شے جس کی بُرائی کی جائے +

مَذمُومَہ ۶ بُری چیز۔ خراب شے +

مُذنِب ۶ گنہگار +

مَذہَب ۶ راہ۔ راستہ۔ دین +

مُذَہَّب ۶ سونا چڑھی ہوئی چیز۔ سونے کا ملمع یا گلٹ کی ہوئی چیز +

مُذَہِّب ۶ زر اندودہ کرنے والا۔ سونے کا ملمع یا گلٹ کرنے والا +

مَذہوب ۶ زرنگار۔ زراندود +

مَذی ۶ رطوبت جو غلبۂ شہوت میں ذکر سے نکلتی ہے +

میم مہملہ مع رائے مہملہ

مَر حرف خاص کبھی حصر کے لئے کبھی زینت کلام کے لئے زائد آتا ہے۔ حساب۔ پچاس۔ شمار۔ بیحد۔ بیشمار

مَر ۶ رستی۔ جانا۔ گزرنا۔ کسنی۔ پھاوڑا +

مُر ۶ تلخ۔ کڑوا۔ ببول کی جیسی ایک قبیلے کے جدا علیٰ کا نام بھی ہے +

مَرا ف مجھے۔ مجھ کو۔ مرے واسطے +

مِرا ۶ لڑنا۔ جھگڑنا۔ جھگڑا خودنمائی

مَرابِح ۶ جمع مربح کی۔ منافع۔ فائدے +

مُرابحت۔ مُرابحہ ۶ نفع پر بیچنا

بسود - بیع کردن +

مُرابِع ع جمع منزلیں - مکانات +

مُرابَطات ع جمع ہے مرابطہ کی - وہ چیزیں جو باہم رابطہ پیدا کریں +

مُرابَطہ ع دشمن کے ملک کی سرحد پر رہنا - فریقین میں سے ہر ایک کا اپنے گھوڑوں کو دشمن کی سرحد پر باندھے رکھنا - اور لڑائی کے لئے آمادہ رہنا - دشمن کا نگاہ رکھنا - اور اُس کے درپے رہنا +

مُرأۃ ع عورت - زن +

مِرآۃ ع آئینہ - مُنہ دیکھنے کا شیشہ +

مَرآتاب مرہٹے سے فارسی بنا لیا گیا ہے - مراتباں اِس کی جمع ہے +

مَراتِب ع جمع ہے مرتبہ کی - درجے - رتبے +

مَراتِبِ چہارگانہ ف شریعت - طریقت - معرفت - حقیقت +

مراتبِ ستّہ ع صوفیوں کی اصطلاح میں یہ چھ مقام (۱) احدیت یا عالم غیب - (۲) واحدیت (۳) ارواح مجردہ - (۴) ملکوت (۵) عالم ملک یا عالم شہادت (۶) عالم انسان کامل +

مَراتِع ع جمع مرتع کی - چراگاہیں +

مَراثی ع جمع مرثیہ کی +

مُراجَعَت ع لوٹنا - رجوع کرنا - اُلٹا پھرنا +

مَراح ع خوشی - فرحت - نشاط +

مَراح ع آرام پانے کی جگہ - راحت پانے کی جگہ +

مُراح ع اونٹوں کے آرام کی جگہ +

مَراحِل ع جمع مرحلہ کی - منزلیں +

مراحل نشین ف ساتوں سیاروں میں سے کوئی ایک مسافر +

مَراحِم ع جمع ہے مرحمت کی - مہربانیاں +

مُراد ع ارادہ کیا گیا - مطلب مقصد +

مُرادِف ع ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا - وہ دو لفظ جو معنوں میں شریک ہوں - یعنی جن کے ایک ہی معنے ہوں - جیسے نار اور آتش - آب اور ماء +

مُرادَفَت ع باہم ردیف ہونا - ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا - مرادف بننا - یک معنے ہونا +

مَرارت ع تلخی - کڑواپن +

مَرارہ ع پتہ +

مَرازِبہ ع جمع ہے مرزبان کی +

مُراسِل ع اُس عورت کو کہتے ہیں جس کی دونو پنڈلیوں کے بال لمبے اور بہت زیادہ ہوں - وہ عورت جو بیاہ کی خواہش کرنیوالے مردوں سے خط و کتابت یا پیغام جاری رکھے - یا وہ عورت جس کی اُس کے خاوند سے جدائی ہو گئی ہے - یا کلاں سال عورت +

مراسلات ع جمع مراسلہ کی - خطوط - چٹھیاں - جو مساوی درجے والوں کو لکھی جاتی ہیں +

مُراسَلَت ع باہم نامہ و پیغام کرنا

مُراسَلہ ع خط - چٹھی - نامہ +

مَراسِم ع رسمیں - قاعدے - دستور نشان جمع ہے رسم کی +

مَراش - مَرش ف قے +

مراصد ع جمع مرصد کی +

مُراضَعَت ع بچہ کو دایہ کا دودھ پلانا +

مُراعات ع خوشگن آنکھوں دیکھنا - غور کرنا - لحاظ کرنا - نگاہ رکھنا - باہم چرنا - چراگاہ میں اکٹھا ہونا - خاطر میں لانا - مجازاً سلوک - رعایت - نگہبانی +

مُراعاتُ النَّظیر ع رعایت رکھنی مناسبات کی - علم بدیع میں ایک صنعت ہے - جس کو صفت تناسب بھی کہتے ہیں - اور وہ یہ ہے کہ کئی چیزیں جن میں باہم مناسبت ہو ایک جا ذکر کریں - جیسے ؎

بہرام روز کوشش و ناہید روز بزم
برجیس روز بخشش و خورشید روز رزم

مُراعی ع نگاہ بانی کرنے والا - چرانے والا +

مَراعی ع چراگاہیں - جمع مرعیٰ کی - رعایت ہا +

مُراغَبَت ع خواہش - رغبت +

مَراغہ ع ایران کے صوبہ آذربائیجان میں تبریز کے مغرب کی طرف ایک شہر ہے - جہاں ہلاکو خان کی بنوائی ہوئی رصدگاہ اب تک موجود ہے - یہ رصدگاہ خواجہ نصیر الدین طوسی کے اہتمام سے تیار ہوئی تھی +

مَراغہ ع جانور کا لوٹنا - تڑپنا - غلطیدن جانور +

مَراغی ع منسوب بہ مراغہ - جو ولایت آذربائیجان میں ایک شہر ہے +

مُرافَعَت - مُرافَعہ ع حاکم کے سامنے اپنا دعوے پیش کرنا - اُردو محاورے میں مرافعہ " حاکم ماتحت سے ہار کر حاکم اعلےٰ کے پاس مقدمہ لے جانے یعنی اپیل کرنے کو کہتے ہیں +

مُرافِعات ع بزرگوں کی خدمت میں جو عریضے لکھے جاتے ہیں +

مَرافِق ع جمع مرفق کی - کہنیاں - وہ چیزیں جن سے نفع اُٹھائیں +

مُرافِق ع رفاقت کرنے والا - ساتھی ہمراہ +

مُرافَقَت ع باہم رفیق ہونا - کسی کے ساتھ رہنا - رفاقت کرنا - رفاقت ہمراہی +

مَراق ع پردہ غشائی جو پیٹ کے محسوس چمڑے کے نیچے ہے - ایک مرض بھی ہے جسے مالیخولیا مراقی کہتے ہیں +

مُراقِب ع امیدوار - ڈرنے والا - مراقبہ کرنے والا - نگہبان +

مراقبت ع امید رکھنا - نگہبانی حفاظت - ایک دوسرے کا رقیب بننا +

مُراقَبہ ع امید رکھنا - نگاہ رکھنا - گردن نیچے کو ڈالنا - اصطلاح میں ماسوا کو چھوڑ کر محض خدا کی طرف دل لگانا - قلب کی طرف رجوع

کرنا +

مَراکِب ع جمع ہے مرکب کی۔ سواریاں جیسے۔ گھوڑا۔ اونٹ۔ کشتی۔ جہاز وغیرہ +

مَرام ع مطلب۔ مقصد۔ مراد +

مَرامات ع جمع مرام کی +

مُراوَدت ع چاہنا۔ آمد و رفت کرنی آمد و رفت +

مُراہِق ع بلوغت کو پہنچنے والا لڑکا +

مَراہِم ع جمع مرہم کی +

مَرایا ع مرآۃ خلاف قیاس جمع ہے +

مُرائی ع ریاکار۔ دکھا کر عبادت کرنے والا۔ مکار +

مُرابح ع فائدہ مند۔ نفع بخش +

مَربَد ع اونٹ وغیرہ کو بٹھانے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں کھجوریں سکھائیں +

مَربِض ع گوسفندوں کی جگہ +

مَربِط ع باندھنے کی جگہ۔ خصوصاً جانوروں کے باندھنے کی جگہ +

مِربَط ع وہ چیز جس سے کسی چیز کو باندھیں +

مُربّع ع چوگوشہ۔ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں۔ سولہ خانے کا ایک تعویذ بھی ہے۔ امراء اور سلاطین کی ایک بیٹھک کا نام بھی ہے +

مربع خانۂ نور ف خانۂ کعبہ +

مربع طولانی ف کوئی چوکونی شے جس کا طول عرض سے زیادہ ہو +

مربع مستطیل ف وہ جسم جس کی ہر سطح مستطیل ہو۔ جیسے کتاب کی تقطیع +

مربع نشستن ف چار زانو بیٹھنا +

مَربوب ع مخلوق +

مَربوط ع بندھا ہوا۔ ربط کیا گیا۔ لگایا گیا +

مُربّی ع پرورش کرنے والا۔ تربیت کرنے والا۔ پالنے والا +

مُربّا ع تربیت کیا گیا۔ پرورده شده۔ قند یا شکر میں پکا ہوا میوہ +

مُرت ع زندہ جو مردہ کی ضد ہے +

مَرّۃ ع ایک دفعہ +

مُرتاح ع خوشی والا۔ صاحب راحت ایک قسم کا گھوڑا بھی ہے +

مُرتاض ع ریاضت کرنے والا۔ اصطلاح تصوف میں نفس سرکش کو تابع دار بنانے والا۔ علم اور ہنر یا عبادت میں رنج اٹھانے والا +

مُرتِّب ع ترتیب دینے والا۔ درست کرنے والا +

مُرتَّب ع ترتیب دیا گیا۔ انتظام کیا گیا +

مُرتبِط ع ارتباط کیا گیا۔ لگایا گیا +

مَرّۃً بعد اُخریٰ ع ایک دفعہ دوسری دفعہ کے بعد یعنی کئی کئی دفعہ۔ بار بار۔ متواتر۔ پے در پے +

مَرتبہ ع درجہ۔ رتبہ +

مرتبۂ اول حساب ف اکائیاں +

مرتبۂ جمع الجمع ف مقام وحدت +

مرتبۂ دوم حساب ف دہائیاں +

مُرتجیٰ ع امید کیا گیا۔ امید رکھا گیا +

مُرتجّ ع صیغہ اسم فاعل کا ہے ارتجاج مصدر سے جس کے معنے اضطراب و تحرک ہیں +

مُرتجّ الکفل ع موٹے چوتڑوں والا آدمی +

مُرتجَل ع قطعے کا شعر جو فی البدیہہ کہا گیا ہو۔ وہ لفظ جو ایک معنے سے دوسرے معنے میں بلا وجہ پہلے معنے کے لحاظ کے بغیر کسی مناسبت کے بدلا گیا ہو +

مُرتحَل ع کوچ۔ کوچ گاہ +

مُرتَد ع کافر۔ وہ شخص جو مذہب اسلام سے پھر گیا ہو۔ دین سے پھرا ہوا +

مُرتسِم ع نقش پکڑنے والا۔ منقش ہونے والا +

مُرتشی ع رشوت لینے والا +

مُرتضیٰ ع پسندیدہ۔ لقب حضرت علیؓ خلیفہ چہارم کا +

مُرتضوی ع منسوب بہ مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ +

مَرتع ع چراگاہ۔ سبزہ زار جس میں چوپائے چریں۔ وہ چراگاہ جس میں گھاس و پانی بہت ہو +

مُرتعِب ع رعب میں آیا ہوا۔ خائف ڈرنے والا +

مُرتعِش ع لرزان۔ رعشے والا +

مُرتفَع ع اٹھایا گیا۔ رفع کیا گیا۔ دور +

مُرتفِع ع بلند۔ اونچا +

مُرتقَد ع خوابگاہ +

مُرتقیٰ ع بلند کیا گیا +

مُرتقی ع اوپر چڑھنے والا +

مُرتک ع مردار سنگ +

مُرتکِب ع اختیار کرنے والا۔ ایک بات کا پسند کرنے والا۔ عمل میں لانے والا +

مُرتکوت چڑیا۔ کنجشک +

مُرتہِن ع رہن لینے والا۔ زیور یا کسی چیز کو گرو رکھنے والا +

مَرثیہ ع مردہ کے اوصاف اشعار میں اس طرح بیان کرنے کہ سننے والے کو رقت آئے۔ صفت مردہ +

مَرج ع کام کا بگڑ جانا۔ تباہی۔ فساد۔ خرابی۔ جب یہ لفظ ہرج کے ساتھ استعمال ہوتا ہے تو را ساکن پڑھی جاتی ہے۔ یعنی ہرج مرج جس کے معنے ہیں غلط ملط۔ بگاڑ فساد۔ اضطراب۔ انگلی میں انگشتری کا ہلنا +

مَرَج ف مبدل مرز۔ اس زمین کو بھی کہتے ہیں جس کے کنارے بلند کر کے اس کے اندر بیج بوئیں +

مَرج ع چراگاہ میں چارپائے کو چھوڑنا۔ چھوڑنا +

مَرَجَ البحرین ع چلا دیا دو دریا کو۔ چلائے دو دریا +

مرجادہ۔ مرجاوہ ہ چمڑے کی ایک بڑی سی گون بنا کر اس میں گھاس بھر دیتے ہیں۔ اور پھر اس پر اسباب لاد کر اور آدمی سوار کر کے دریا سے پار اتارا کرتے ہیں +

مَرجان ع مونگا جس کو دریا میں کیڑے بناتے ہیں +

مرجان پرورده ف لب معشوق [illegible]

مرجان جنوبی ع ایک قسم کی مرجان جو جنوب کی طرف سے اور جزائر سراندیپ سے آتی ہے +

مرجان مرسولی ع ایک قسم کی ناقص مرجان کی

مُرجّح ع غلبہ دینے والا۔ ترجیح دینے والا +

مُرجّز ع نثر کی تینوں قسموں (مرجز، مسجع، عاری) میں سے ایک قسم ہے یعنی ایسی نثر جس میں دو فقروں کے کلمات مقابل باہم ہم وزن ہوں اور قافیہ نہ ہوں۔ جیسے اس مثال میں صرف اوقات بطلب وصال کا ساز خرج انفاس بذکر قادر کردگار حضرت تمام [illegible]

مَرجِع ع جائے رجوع۔ ٹھکانا +

مِرجَل ع تانبے کی سب سے بڑی دیگ +

مُرجّیٰ ع امید رکھا گیا +

مَرجوس ع مقلوب +

مرجوف ع [illegible]

مرجوم ع رانده شده - سنگسار کرده شده +
مرح ع کمال خوش ہونا - اترانا - بگڑ جانا +
مرحب ع فراخ ہونا - فراخ جگہ +
مرحبا ع یہ لفظ عرب میں واسطے تعظیم مہمان
کے بولتے ہیں اور اس میں حسب ذیل معنی
کہے گئے ہیں ... نصب پڑھا ہوا ہے
کیونکہ یہ لفظ ترکیب میں فعل محذوف کا مفعول
مطلق ہے - اصل میں یوں تھا ...
مرحبا - فراخ ہوا تیرے لئے گھر فراخ ہونا تخفیف
لئے فعل کو متعلق سمیت حذف کر دیا اور نصب
واسطے دلالت حذف کے باقی رہنے دیا - مرحبا بہ
فارسی میں شاباش کے معنی میں مستعمل ہے +
مرحلہ ع منزل کی جگہ - کوچ کی جگہ - منزل
چار فرسنگ کا راستہ - اسباب رکھنے کی جگہ - ایک قسم
کی عمارت ہے جو جنگی قلعے کے گرد بناتے ہیں -
اور اس پر بیٹھ کر لڑائی کرتے ہیں +
مرحمت ع مہربانی - رحم +
مرحوم ع رحمت کیا گیا - محاورہ مرد جو مر گیا ہو +
مرحومہ ع رحمت کی گئی - محاورہ عورت جو مر گئی ہو +
مرخ ع روغن ملنا - ایک درخت بھی ہے جس کی
سبز ٹہنیوں کو آپس میں رگڑنے سے آگ نکلتی ہے +
مرخشہ ف سخن - کلام - سخن نامبارک +
مرخص ع رخصت کرنے والا +
مرخص ع رخصت کیا گیا - رخصت کردہ شدہ +
مرخم ع ترخیم کیا گیا - کلمہ بنا دیا جس کے آخر
کا حرف گرا دیا گیا ہو - ہر ایک حرف جس کے
اخیر سے کوئی حرف گرا دیا گیا ہو +
مرد ف - مانس - آدمی - نر - وہ شخص جو
بصفت مردی موصوف ہو - پورا انسان -
نیک مرد - شریف آدمی - جوان مرد - بہادر +
مرد ع ان دار ... ہونا - حد سے گزر جانا

مرد ع ہاتھ سے ملنا - پانی میں بھگونا - نانپیلا +
مرد ع جمع ہے امرد کی - یعنی وہ لڑکے جن
کی ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو +
مرداب ف تالاب - چھپڑ - گہرا گڑھا +
مرداد ف پانچواں شمسی مہینہ جو انگریزی میں
جولائی سے اور ہندی میں بھادوں سے ملتا
ہوا ہے - ہر شمسی مہینے کا ساتواں یا آٹھواں
دن - فصل رستاں کا موکل فرشتہ +
مردار ف مردہ کی لوتھ - لاش - ناپاک +
مردار سنگ ف ایک معدنی چیز ہے +
مردان ف مرد کی جمع بطور فارسی +
مرداں ف جمع ہے مرد کی +
مردانگی ف مردمی - مردی - بہادری +
مردان مرد ف مردوں کے مرد - وہ مرد جنہیں
بہ نسبت عام مردوں کے مرد کہنا چاہئے انہیں
فضیلت کے لحاظ سے یا شجاعت و قوت کے اعتبار +
مردان راہ ف خدا کے راہ کے لوگ - سالک
لوگ - خدا کے ولی - فقیر +
مردان علوی - مردان علوی
ہفت تن ف سبعہ سیارہ - ساتوں
سیارے - ساتوں اوتاد جو بزرگ آدمی اور
ولی کامل ہوتے ہیں +
مرد حق ف مرد خدا - خدا کا ولی +
مرد خدا ف خدا کا ولی - فقیر +
مردد ع رد کیا گیا - واپس دیا گیا +
مرد زبان ف زبان کا مرد - یعنی گفتگو
کرنے کے قابل +
مردشت ف شیراز کی نواح میں ایک
مقام ہے جہاں کمہار رہتے ہیں - اور
مٹی کے برتن بناتے ہیں +
مردک ف چھوٹا مرد - ناکارہ آدمی - نالائق +

پاجی - یہ حقارت کا لفظ بطور گالی کے بولتے ہیں +
مردگاں ف جمع مردہ کی - مردے - مرے ہوئے لوگ +
مردگیر ف چوگان کی طرح ایک ٹیڑھا
ہتھیار ہے +
مردگیران ف آتش پرستوں کا ایک جشن
ہے جو اسفندارماہ کے آخری پانچ دنوں
میں ہوتا ہے - اس جشن میں عورتیں مردوں سے
جو چاہتی ہیں کرا لیتی ہیں +
مردم ف آدمی یہ لفظ اسم جنس ہے - یعنی
واحد پر بھی اس کا اطلاق آتا ہے اور جمع
پر بھی - آنکھ کی پتلی - نامردم یعنی نالائق - نااہل +
مردم آبی ف ایک دریائی جانور ہے جس
کی صورت آدمی کی سی ہوتی ہے وہ بہت
نازک اندام ہے - اور اس کا چمڑا نہایت
سفید ہے +
مردم آزاری ف لوگوں کو تکلیف
دینا - ستانا - ظلم کرنا - ظلم +
مردم آزار ف لوگوں کو ستانے اور دکھ
دینے والا - ظالم +
مردماں ف جمع ہے مردم کی +
مردم آہنگ - مردم کش ف
لوگوں کو مار ڈالنے والا - مردگیر +
مردم زاد ف آدمی - آدمی زادہ +
مردم زن ف آدمیوں کے مار ڈالنے والا +
مردمک ف تصغیر مردم آنکھ کی پتلی +
مردمک چشم ف آنکھ کی پتلی +
مردم گزائے ف لوگوں کو ستانے والا +
مردم گیا ف چین میں ایک قسم کی گھاس
ہے جو آدمی سے ملتی ہے +
مردمہ ف پتلی +
مرد میدان ف جنگی آدمی - حریف مقابل +

مردمی ف مردانگی - مروت - وفا +
مردن ف مرنا +
مردود ع رد کیا گیا - کسی جگہ سے نکالا
گیا - بے عزت +
مرد و زن ف مرد و عورت - مرد و عام لوگ
سب خلقت +
مردہ ع مارد کی جمع ہے +
مردہ ف شجاع - بہادر +
مردہ ف مرا ہوا - موا ہوا - عاشق +
مردہ دل ف مرے ہوئے دل والا - جس
شخص میں علم اور معرفت نہ ہو - جاہل - نادان +
مردہ ری ف مال و اسباب جو مرنے کے
بعد باقی رہے - میراث +
مردہ ریگ ف ناچیز - نرماہ - بچا ہوا -
ہوا - میراث +
مردہ سنگ ف مردار سنگ +
مردی ف دلیری - بہادری - مردانیت
مردی ع چپو +
مرز ف زمین - سرحد - بعض آباد اور قابل
زراعت زمین کو کہتے ہیں - بخلاف بوم کے جو
ویران اور ناقابل زراعت ہوتی ہے +
مرز ع مقعد کا سوراخ - مجامعت +
مرزا ف مخفف امیرزادہ کا - امیر زادہ -
سردار زادہ +
مرزبان ف زمیندار - مالک زمین -
میر سرحد - مالک طرف - حاکم - بادشاہ -
نگہبان - سردار - مرزبان اس کا معرب ہے
مرزبان ع آتش پرستوں کا بزرگ -
عالم آتش پرست +
مرز و بوم ف جائے پیدائش - جنم بھوم +
مرزغان - مرزغن ف دوزخ - گورستان +

قبرستان - انگیٹھی +
مرزگوں ف آلتناسل +
مرزن ف چوہا - موش +
مرزنجوش معرب ہے مرزنگوش کا ہے جو ایک خوشبودار بوٹی ہے - ہندی میں اسے دونا مروا کہتے ہیں +
مرزہ - مرزد ف کھیتی کے واسطے تیار کی ہوئی زمین جس کی چاروں طرفیں بلند ہوں
مرزوال ف مرزباں +
مرزہ ف چراغدان - گُل الہ +
مَرَس ع گھوڑے اور کتے کے گلے میں باندھنے کی رسی - طبیب - کمال +
مَرِس ع بہت علاج کرنے والا - کھجور کو پانی میں بھگونا - انگلی کو چوسنا - رومال سے ہاتھ صاف کرنے - روش - خوہ +
مُرسِل ع نامہ بھیجنے والا - بھیجنے والا +
مُرسَل ع رسول - نبی پیغمبر جن کی کتاب
مُرسَلہ ع بھیجا ہوا - لٹکا یا ہوا - اور جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں +
مُرسلہ پیوند ف نظم +
مُرسَلین ع جمع مُرسَل کی - بہت سے پیغمبر
مُرشوب ع تنشین - تلچھٹ +
مرسول - مرسولہ ع بھیجا گیا - روانہ کیا گیا - عوام لوگ اُن کو بجائے مُرسَل و مُرسَلہ کے استعمال کرتے ہیں یہ غلط ہے - اس واسطے کہ کلام عرب میں رسالت مصدر سے اسم فاعل و اسم مفعول مستعمل نہیں ہے +
مرسوم ع جو قاعدہ باندھا گیا - آئین کردہ شدہ نشان کیا گیا - جاری کیا ہوا - تنخواہ - وظیفہ - روزینہ +
مرشح ع تو سیراب +

مُرشِد ع ہدایت کرنیوالا - راہ نیک بتانیوالا +
مرشوش ع ٹپکا ہوا - چھڑکا ہوا +
مِرصاد ع انتظار کنندہ - منتظر - کمات - گذرگاہ - ڈھکنے کی جگہ - فراخ رستہ +
مرصد ع جائے نگہداشتن - موضع چشم داشت - و انتظار چیزے +
مُرصَّع - مرصوع ع جڑاؤ کیا گیا - جڑا گیا جڑاؤ - اصطلاح علم بدیع میں وہ عبارت نثر یا نظم جس میں ایک فقرے یا ایک مصرعہ کا ہر ایک لفظ اپنے مقابل کے دوسرے فقرے یا مصرعہ کے ہر ایک لفظ کے ہموزن و ہم قافیہ واقع ہو جیسے نثر - در کوشے او گفتہ و روشے او نگذرے نظم - اے منور بتو نجوم جلال - وے مقرر بتو رسول کمال +
مرصود ع اسید رکھا گیا +
مرصودہ ع رسد سے معلوم کی ہوئی شے +
مرصوص - مرصوصہ ع تنگ ڈھالکر بچھ
مَرَض ع بیماری +
مرض الموت ع وہ بیماری جس میں آدمی مرجائے
مرضعہ ع بچہ کو دودھ پلانیوالی عورت - دائی ہما
مرض مہلک ع ہلاک کر دینے والی بیماری سخت بیماری جس میں جان کا خطرہ ہو +
مرضے ع جمع مریض کی - بیمار لوگ +
مرضی - مرضیہ ع پسندیدہ - پسند کیا ہوا - مہر - ع - گرڈھی - ایک قسم کی چادر ہے +
مرطوب ع تر - بھیگا ہوا - رطوبت دار +
مرطوبی ف بلغمی مزاج - موٹا آدمی جس کی فربہی اسباب ظاہری بغیر ہو +
مرطی ع اونٹ +
مرتعے ع چراگاہ - جانوروں کے چرنے کی جگہ - سبز گھاس - چرنا +

مرعوب ع رعب کیا گیا - خوف کیا گیا - رعب میں دبا ہوا - ڈرایا گیا +
مرعش ع ایک قسم کا کبوتر ہے جو ہوا میں اڑکر قلا بازیاں کھاتا ہے +
مرعی ع رعایت کیا گیا - لحاظ کیا گیا - چوپایہ جن کی حفاظت چراگاہ میں کیجاتی ہے +
مرتع ع چوپائے کا گھاس وغیرہ میں لیٹنا +
مرغ ف تھوک - منہ کا پانی - لعاب +
مرغ ف ایک قسم کی گھاس ہے - جس کو جانور بڑی خوشی سے چرتے ہیں - ہندی میں اس کو دوب کہتے ہیں +
مرغ ف سورج - پرند - چونچ والا پرندہ - جانور - ایک قسم کی صراحی ہے +
مرغاب ع خراسان میں ایک ندی ہے - جو مرو شاہجہان کے نیچے بہتی ہے +
مرغابی ف دریائی جانور +
مرغ آتشخوار ف چکور کبک - اور بعض کے نزدیک سمندر جو ایک آتشی کیڑا ہے +
مرغ آذرافروز ف ققنس +
مرغ آفتاب علم ف آگ +
مرغ الٰہی ف روح - نفس ناطقہ +
مرغ آمیں ف ستارہ کف الخضیب جس کے طلوع ہونے پر جو دعا کی جائے قبول ہو جاتی ہے - وہ فرشتہ جو ہوا میں اڑتا اور آمین کہتا پھرتا ہے - جس کی دعا پر وہ آمین کہے قبول ہو جاتی ہے +
مرغان ف جمع ہے مرغ کی - پرندے +
مرغان اولی اجنحہ ف طائران صاحب پا تو - بازو رکھنے والے پرندے - فرشتوں سے کنایہ ہے +
مرغان سدرہ - مرغان عرشی ف فرشتے

مرغوبات ع مرغوب چیزیں +
مرغ بیضۂ فولاد ف لوہے کی بنی ہوئی مرغ کی تصویر جو خود پر لگاتے ہیں +
مرغ باغ - مرغ بام - مرغ چمن - مرغ خوشخواں ف بلبل
مرغ حق گو ف مرغ زیرک +
مرغ دست آموز ف پلا ہوا جانور جو اڑکر پھر ہاتھ پر آ بیٹھے +
مرغ دل ف ڈرپوک - وہمی +
مرغ دل ف عقل - دل +
مرغ رنگین تاج ف مرغا +
مرغ روز ف سورج +
مرغز ف ایک گاؤں کا نام ہے +
مرغزار ف سبزہ زار اور وہ زمین جہاں پر مرغ (دوب) اگا ہوا ہو - یعنی دوب بہت ہو +
مرغزار عقبےٰ ف بہشت +
مرغ زر ف آفتاب - صراحی طلا +
مرغ زریں ف تیتر اور مور سے ملتا ہوا مرغی کے برابر کا ایک پرندہ ہے - جس کے پر چمکتے ہیں - اُس کا رنگ سبز ہوتا ہے اور اس کے سر پر کلغی بھی ہوتی ہے +
مرغزن ف قبرستان +
مرغ زیرک - مرغ زیرک ساز دانا پرندہ - ایک پرندہ کا نام ہے - جسے مرغ شب آویز بھی کہتے ہیں وہ کسی ٹہنی کے ساتھ ایک ہی پاؤں سے لٹک جاتا ہے - اور برابر حق حق بولے جاتا ہے بعض کے نزدیک طوطی - بعض شیطان سے مراد لیتے ہیں - بعض ہاروت ماروت سے +

مُرغِ سحر - مُرغِ سحر خواں ف بلبل - اور بعض کے نزدیک خروس ہے جسے پنجابی میں کُکڑ کہتے ہیں - اور بعض کے قمری ہے +
مُرغِ سلیمان ف ہُدہُد +
مَرعَش ع ملک شام کے ایک شہر کا نام ہے +
مُرغِ شب آویز ف مرغ زیرک +
مُرغِ شب آہنگ ف بلبل +
مُرغِ شب در رز ف چاند اور سورج
مُرغِ صبح - مُرغِ صبح خواں ف مرغ سحر
مُرغِ طرب ف بلبل +
مُرغِ عیسیٰ ف مرغ مسیح +
مُرغِ فلک ف فرشتہ +
مُرغِ قبلہ نما ف تانبے کی ایک شکل مرغ کی صورت کی بناتے ہیں جس کا سر ہمیشہ قبلے کی طرف رہتا ہے +
مُرغَک ف مُرغ کا بچہ - کاف اس میں تصغیر کا ہے۔ ایک سرود کا نام بھی ہے +
مُرغِ گوشت ربا ف چیل +
مُرغِ لب ف سخن - کلام +
مُرغِ مجنوں ف وہ جانور جس نے مجنوں کے سر میں گھونسلا بنا لیا ہوا تھا +
مُرغِ مسیح - مرغ مسیحا ف شپرہ - چمگادڑ
مُرغِ نامہ آور ف ہدہد - پیک - قاصد - نامہ بر کبوتر +
مُرغِ نامہ بر ف کبوتر - ہدہد +
مُرغوا ف بُری خبر - خبر بد +
مَرغُوب ع رغبت کیا گیا - پسندیدہ
مَرغُول - مَرغُولہ ف پیچ و تاب - زلفوں کو جو موڑتے ہیں - ان کی صفت میں یہ لفظ آتا ہے - یعنی پیچدار - اور گھونگریالے بال اور عیش و نشاط کے معنی میں بھی آتا ہے +
مُرغِ ہمایوں فال ف ہما ہے +
مُرغِ یاقوت پَر ف آگ +
مَرفَد ع بڑا کاسہ +
مِرفَق ع کہنی - آرنج +
مَرفُوع ع اُٹھایا گیا - مرافعہ - حاکم کے سامنے پیش کی ہوئی نالش - بلند - اونچا - نحو میں حالت - پیش والا حرف +
مُرَفَّہ ع آسودہ - خوش +
مُرَفَّہ الحال ع آسودہ حال - خوش معاش
مَرَق ع شوربا +
مَرقَات ع سیڑھی - زینہ - نردبان +
مَرقَد ع سونے کی جگہ - خوابگاہ - مجازاً قبر +
مُرقِد ف دھتورہ - افیون - تریاق +
مُرَقَّع ع تصویروں کی کتاب - فقیروں کی گدڑی جس میں رقعہ پر رقعہ سیا ہو یعنی پیوند پر پیوند لگے ہوں +
مُرَقَّعِ دارِ ابلیسی ف شیطان کا گروہ ناشائستہ عمل - تقوے اور تصوف کی حالت میں کرنے اس کی بابت خطاب بھی کبھی جاتی ہے یعنی مرقع دار ابلیس ہستی +
مَرقُوم ع لکھا ہوا +
مَرگ ف موت +
مرگا مرگ ف وبا - طاعون +
مَرکَب ع سواری کی چیز - کوئی جانور ہو یا کشتی - جس چیز پر سوار ہوں - مگر اکثر اطلاق اس کا گھوڑے اور کشتی پر آتا ہے +
مُرَکَّب ع ترکیب دیا گیا - کئی چیزوں سے ملکر بنا ہوا - سیاہی - روشنائی - کلام +
مُرَکَّبات امتزاجیہ ع گیارہ سے انیس تک کے عدد +
مرگ پیچ ف پگڑی کا پیچ جو ایک خاص قسم کا ہوتا ہے - اور وہ اکثر سپاہی باندھتے ہیں اور وہ پیچ اس بات کی علامت ہے کہ اس پیچ کے باندھنے والا موت پر آمادہ ہے +
مَرکَبِ تازی ف عربی گھوڑا +
مُرَکَّبِ تقییدی ع وہ مرکب جو مرکب اضافی یا مرکب توصیفی ہو +
مَرکَبِ زرین پشت ف دو کوہان والا اونٹ +
مَرکَز ع کسی چیز کا بیچوں بیچ - کسی چیز کے کھڑے کرنے کی جگہ - دائرہ کا وہ درمیانی نقطہ جس سے جتنے خطوط مستقیم محیط دائرہ تک نکالیں سب باہم برابر ہوں - مرکز صیغہ اسم ظرف کا ہے - رکز مصدر سے جس کے معنی ہیں - کوئی نوکدار شے مثل نیزہ وغیرہ کے - زمین میں گاڑ دینا - دائرہ کے نقطۂ وسط کو اسی وجہ سے مرکز کہتے ہیں کہ وہاں پرکار کو گاڑ کر گول خط دائرہ کھینچتے ہیں +
مرکزِ ثقل ع کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر اُس جسم کے سب اجزاء برابر تُلے رہیں +
مرکزِ چرخ ف زمین +
مرکزِ خاک ف کرۂ ارض کا بیچوں بیچ - زمین کا مرکز +
مرکزِ خورشید ف چوتھا آسمان +
مرکزِ دولت ع دارالسلطنت +
مرکزِ مثلث ع وہ زمین باعتبار ابعاد ثلاثہ
مرگِ ہوش ف قسم افیون - ایک مشہور دوا ہے - جو ہوش کا زہر +
مِرکَن ع تغار - لگن +
مرگِ نو ف نئی موت - مراد نیا حادثہ نیا عشق +
مرگِ نو مبارک باد ف یہ فقرہ وہاں بولتے ہیں - جہاں کوئی تازہ حادثہ وقوع میں آئے +
مَرکُوب ع سواری کیا گیا - جس پر کوئی سوار ہو - سواری +
مُرگُوف ف چڑیا - کنجشک - عصفور +
مرگ و میر ف وبا - طاعون +
مَرکُوز ع گڑا ہوا - محکم کیا ہوا - یہ لفظ مشتق ہے رکز سے جس کے معنی ہیں میں کوئی نوکدار شے - جیسے نیزہ وغیرہ گاڑنا مجازاً منظور کیا گیا - منظور +
مَرہَم ف مخفف ہے مرہم کا +
مَرَمَّت ع کسی چیز کا خلل درست کرنا - اصلاح دینا - ٹوٹی پھوٹی اور بگڑی ہوئی چیز کو جوڑنا +
مَرمَد ع وہ شخص جس کی آنکھیں دکھتی ہوں +
مرمر ع ایک قسم کا سفید پتھر ہوتا ہے - جس میں رگڑ بہت کم ہوتی ہے - اس کو سنگ مرمر کہتے ہیں +
مَرَند ف صوبہ آذربائیجان میں تبریز سے بارہ فرسنگ کے فاصلہ پر ایک مقام ہے +
مَرو ف اس نام کے دو شہر ایران کی حد خراسان میں واقع ہیں - ایک کو مروشاہجہان کہتے ہیں - اور دوسرے کو مرورود ان دونوں میں چار منزل کا فاصلہ ہے - مروشاہجہان شاہ طہمورث کا بسایا ہوا ہے - اور مرو کے لغوی معنی بادشاہ کی جان کے

ہیں۔ اور نام ایک قسم کے خوشبودار گھاس کا بھی ہے۔ چقماق +

مرواف نیک فال۔ دُعائے خیر +

مروارید ف موتی +

مروارید بستن ف نیا رتبہ حاصل کرنا۔ نئے منصب پر پہنچنا۔ ترقی حاصل کرنی شرمندہ ہونا +

مروان ع حکیم کا بیٹا تھا۔ جس نے رسولِ خدا کے زمانے میں اپنی شرارت کی وجہ سے سزا پائی۔ عثمانؓ نے اپنے رشتہ داری کی وجہ سے اپنا وزیر بنایا۔ پھر وہ معاویہ کے پاس رہا۔ معاویہ بن یزید کے بعد شام و مصر پر تسلط کر کے خاندان مروانیہ کی بنا ڈالی +

مروان الحمار ع خلفائے مروانیہ میں سے سب سے آخری ہے۔ سفاح کے ہاتھ سے جو خلفائے عباسیہ سے پہلا خلیفہ ہے مقتول +

مُروّت ع مردانگی۔ مجازاً احسان +

مُروّج ع رائج کیا گیا۔ ترویج کیا گیا۔ رائج

مُروِّح ع آسائش پہنچانے والا۔ خوشبو میں بسانے والا +

مُروَّح ع راحت و آسائش پہنچایا گیا۔ خوشبو میں بسایا گیا +

مِروحہ ع بادکش۔ پنکھا +

مُرور ع گذرنا۔ چلا جانا +

مرؤس ع تابع۔ خادم۔ رعیت +

مُروع ع ڈرایا گیا۔ نگہداشت +

مُروّض، مَروض ع ریاضت دیا گیا۔ مطیع کیا گیا +

مُروِّض ع ریاضت دینے والا +

مُروّق ع صاف کیا ہوا۔ مصفا۔ ٹپکایا ہوا۔ خالص +

مُروِّق ع معمار۔ وہ شخص جو گھر کی چھت پر پردہ ڈالے +

مِروق ع تعجب میں لانا۔ خوشحال کرنا +

مُروّہ ف مُروّح +

مروہ و صفا ع عرب میں خانہ کعبہ کے دروازے سے متصل دو پہاڑیاں ہیں جن کے درمیان حج کے دن دوڑنا اہلِ اسلام کے ہاں ارکانِ حج میں سے شمار کیا جاتا ہے +

مَروی ع روایت کیا گیا۔ نقل کیا گیا +

مِرّہ ع تلخہ یعنی پتّہ انسان کا جو صفرا کا گھر ہے۔ قوت۔ توانائی۔ عقل +

مَرّہ ع ایکبار۔ ایک دفعہ +

مرہم ع وہ دوا جو زخم کے اچھا ہونے کو لگاتے ہیں +

مرہم بر ریش سے نہادن ف کسی کے زخم پر مرہم لگانا۔ اُس کی غمخواری اور دلداری کرنی +

مرہم نِہ ف مرہم لگانے والا +

مرہون ع رہن کیا گیا۔ گرو رکھا گیا +

مَری ع چینی ہڈی۔ استخوان نرم سے گلے میں ایک نلی (گوشت کا) جسم انتڑی کی شکل کا ہے جس کے رستے پانی اور کھانا پیٹ میں جاتا ہے۔ گوارا ہضم

مُرّی ع ایک قسم کا پانی ہے جس میں پکا ہوا غلہ ڈال کر اُسے ترش کرتے ہیں +

مِرے ف کوشش کرنا۔ لڑنا۔ کسی کا رتبے میں ہمسری کا دعوی کرنا +

مِرّیخ ع منگل ستارہ جو آفتاب سے ۱۴ کروڑ ۳ لاکھ ۲۲ ہزار میل دور ہے اور آفتاب کے گرد ۶۸۶ر۹۸ دن میں ایک دورہ کرتا ہے۔ اس کی رفتار مدار میں فی گھنٹہ ۵۳۰۰۹ میل ہے اور قطر اس کا ۴۲۰۲ میل ہے +

مرّیخ آفتاب علم ف بھڑکتی ہوئی آگ +

مرّیخ زحل خوار ف کوئلا +

مرّیخ زرخوار ف انگیٹھی +

مرّیخ شُلب ف لباس سرخ۔ سرخ پوش +

مرّیخ و کیوان دیدن ف انگیٹھی میں کوئلے بھڑکتے ہوئے دیکھنے +

مُرید ع ارادہ کرنے والا۔ شاگرد دینی۔ ارادت مند۔ چیلہ +

مَرید ع سرکش۔ نافرمان۔ غیر مطیع۔ راندہ۔ ملعون۔ مردود +

مَریر ع طاقت والا آدمی۔ زور آور۔ بہت زور سے بٹی ہوئی لمبی رسی +

مَریش ف زخمی۔ خستہ۔ مریض کا مبدل بھی ہے +

مَریض ع بیمار۔ روگی +

مریم ع حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام ہے +

مریم غور ف موسم خزاں میں درخت انگور کی شاخ +

مریم مکانی ع مرنے کے بعد اکبر بادشاہ کی ماں کا لقب ہوا +

مَرئی ع جو چیز دیکھنے میں آئے جس کو دیکھ سکیں۔ دیکھی گئی +

مَرئیات ع وہ چیزیں جن کو دیکھ سکیں۔ جو چیزیں دیکھنے میں آتی ہیں +

میم مع زائے معجمہ

مَزّ ع چوسنا۔ چوس +

مُزّ ع کھٹ مٹھا +

مِزّ ع افزونی۔ زیادتی +

مزابلہ ع جمع مزبلہ کی +

مزاج ع آمیزش۔ اصطلاح اطبا میں وہ کیفیت جو اربع عناصر کے ملنے سے پیدا ہو۔ طبیعت۔ سرشت۔ خاصیت۔ خو۔ عادت۔ سبھاؤ +

مزاج گوہران ف اربعہ عناصر +

مزاج گوے ف خوشامدی +

مزاح ع خوش طبعی کرنا۔ ہنسی کرنا۔ خوش طبعی +

مُزاحِف ع زحاف والا۔ علم عروض کی اصطلاح میں وہ رکن جو سالم نہ رہا ہو اس میں کچھ تغیر کیا گیا ہو +

مُزاحفات ع کسی بحر میں زحاف کا واقع ہونا +

مُزاحِم ع روکنے والا۔ صدمہ کا روکنے والا

مُزاحمت ع صدمے کی ضد۔ کسی پہ تنگی کرنا۔ روکنا۔ مزاحم ہونا +

مِزاد ع توشہ دان۔ وہ چیز جس میں زادِ راہ رکھیں۔ زیادہ کرنا۔ فروخت کے وقت قیمت بڑھا دینا +

مُزاد ع زیادہ کردہ شدہ +

مزاد کردن متاع ف نرخ بڑھا دینا +

مزادہ ع توشہ دان +

مزار ع زیارت کرنے کی جگہ۔ زیارت گاہ۔ مجازاً قبر +

مزارع ع جمع مزرع کی +

مزارع ع کھیتی کرنے والا۔ کسان +

مزارعین ع جمع مزارع کی +

مزال ع پھسلنا۔ پھسلنے کی جگہ +

مزالف ع اکٹھا ہونے کے مقام۔ جمع ہونے کی جگہ +

مزالق ع پھسلنے کے مقامات +

مزامیر ع راگ۔ گیت۔ وہ عجو راگ میں کی جاتی ہے۔ بانسلیاں۔ مطربوں کے کل ساز۔ واحد اس کا مزمار ہے +

مزامیر داود ع حضرت داودؑ کی کتاب زبور۔ مجازاً مطربوں کے ساز +

مزاوجت ع ازدواج جفت۔ قرین شدن باہم۔ آپس میں قرب ہونا۔ اصطلاح علم بدیع میں مزاوجہ ایک صنعت کا نام ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ ایسے دو معنے شرط و جزا میں واقع ہوں۔ کہ پہلے معنی پر جو اثر مرتب ہو وہی دوسرے معنی پر مرتب ہو جیسے ~

چوں مرا بینی شود لطف سید دل با عتاب
چوں ترا بینم شود صبرم بدل با اضطراب +

مزاولہ ع مصدر ہے باب مفاعلہ سے۔ اس کے معنی ہیں معالجہ۔ مطالبہ مزاولت کسی کام کی عادت کرنی۔ اور اس کے لئے رنج کھینچنا +

مزاولت ع کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کسی چیز کے حصول کے لئے کوشش کرنا ایک چیز کو دوسری چیز کے نزدیک کرنا +

مزایا ع مزیت کی جمع ہے۔ زیادتیاں۔ انعامات۔ بخششیں +

مزبلہ ع کوڑی۔ گھات۔ جمع ہونے کی جگہ +

مزبور۔ مزبورہ ع لکھا ہوا۔ جس کا ذکر اوپر آچکا ہو +

مزج ع ملانا۔ ملنا +

مزجات ع تھوڑا۔ اندک۔ گھٹیل۔ بے اعتبار +

مزخرف ع جھوٹی بات جو سچی بات کی آراستہ کی گئی ہو۔ زر اندودہ +

مزخرفات ع جمع مزخرف کی۔ جھوٹی باتیں جو بظاہر راست معلوم ہوں +

مزد ع مزدوری۔ اُجرت خواہ دنیا کی ہو۔ خواہ دین کی +

مزدبرہ۔ مزدبرہ۔ مزدہ برف مزدور +

مزدحم ع ازدحام کردہ شدہ +

مزدحم ع ازدحام کنندہ۔ انبوہی کنندہ +

مزدک ف نوشیرواں کے باپ کے زمانے میں ایک بڑا فصیح و بلیغ آدمی تھا۔ جس نے ایک نیا مذہب نکالا تھا۔ نوشیرواں نے تخت نشین ہو کر اسے مروا ڈالا +

مزدلفہ ع مکہ معظمہ میں ایک مقام کا نام ہے +

مزدوندان ف غربا کو ضیافت میں بُلا کر روٹی کھلاتے اور کچھ رقم نقدی بھی اگلے زمانے میں دیتے تھے۔ ایسے مزدوندان کہتے ہیں۔ ہندوستان میں اسی طرح برہمنوں کو دیتے ہیں +

مزدوج۔ مزدوجہ ع ہم قرین۔ آپس میں ملا ہوا۔ مثنوی +

مزدور ف اجرت کرنے والا۔ مزدوری کرنے والا۔ یہ لفظ اصل میں مُزد (مزدوری۔ اُجرت) ور (کلمہ فاعلیت) سے مرکب ہے +

مزدورویہ۔ مزدوردیوان ف بیہودہ کام کرنے والا۔ ایسے کام کرنے والا جن میں دینی یا دنیاوی کسی طرح کا کوئی فائدہ نہ ہو۔ دیوان کے منصدی +

مزدوری ف اجرت +

مزر ف بوزہ۔ نبیذ۔ شراب +

مزر ع زرہ پوش +

مزرع۔ مزرعہ ع کھیت۔ چھوٹا سا گاؤں۔ بستی +

مزرعہ خاک ف زمین۔ آدمی یا کسی جانور کا بدن۔ قبر +

مزرعہ دانہ سوز ف دنیا۔ جہاں +

مزروع ع وہ شے جو کھیت میں بوئی جائے +

مزرہ ف چراغدان +

مزعفر ع زعفرانی۔ زرد رنگ۔ ایک قسم کا میٹھا پلاؤ ہے۔ جس میں زعفران ڈالتے ہیں +

مزکّٰی ع زکوٰۃ دیا گیا۔ پاک کیا گیا۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے تزکیہ مصدر سے +

مزکّی ع پاک کرنے والا۔ زکوٰۃ دینے والا +

مزگیت ف مسجد +

مزگرف ہوائے تیرہ +

مزلت ع لغزش کرنا +

مزلت ع پھسلنے کی جگہ +

مزلات ع جمع مزلت کی +

مزلف ع زلف والا معشوق +

مزلفہ ع نزدیک آوردہ شدہ۔ مزاہم آوردہ شدہ۔ انبوہ کردہ شدہ +

مزلقہ ع پھسلنے جگہ +

مزلق ع لغزش دہندہ +

مزمار ع نے۔ بانسلی +

مزمر ع عود جو ایک باجہ ہے۔ مخفف مزمار

مزمل ع تانبے یا پیتل کی ٹونٹی جو اکثر مسجدوں اور حماموں اور گھروں میں لگاتے ہیں۔ اس کے پھر راستے سے پانی نکلتا ہے۔ اور بند بھی ہو جاتا ہے +

مزمل ع کپڑے میں لپٹا ہوا۔ جناب رسول خدا صلعم کا ایک نام بھی ہے +

مزمن ع پرانا۔ دیرینہ۔ کہنہ۔ لنگڑا۔ جو چل نہ سکے +

مزن ع بادل۔ ابر سفید۔ مینہ۔ باران +

مزور ع فریبی۔ مکار۔ دھوکا باز۔ جھوٹا دروغ گو +

مزور۔ مزورہ ع مکر کیا گیا۔ مجازاً پرہیزی غذا۔ جو بیمار کی تسلی اور پھسلانے کے واسطے پکار کر کھلائی جائے۔ مثلاً اگر گوشت کو اس کا جی للچاتا ہو۔ اور وہ اس کے حق میں مضر ہو۔ تو اس کو پھسلانے اور ڈھارس دینے کے لئے کوئی ترکاری (جس کا شوربا مصالح دار مشابہ گوشت کے ہو) پکا کر گوشت کے نام سے کھلاویں چونکہ یہ اس بیمار کے لئے ایک طرح کا دھوکا اور فریب ہے۔ اس لئے اس کا نام مزور اور مزورہ رکھا گیا۔ ہر ملائم غذا جو مریض کو دی جائے +

مزہ ف چسکا۔ لذت +

مزیت ع افزونی۔ زیادتی۔ فضیلت +

مزی ع مخفف مزیت کا +

مزیب ع زیب دیا گیا۔ یہ لفظ فارسیوں کا گھڑا ہوا ہے +

مزیح ف ازالہ مزاج +

مزید ع زیادتی۔ افزونی۔ افزوں کردہ شدہ۔ زیادہ کیا گیا +

مُزیدن ف چوسنا +
مُزیر ع سخت +
مُزیل ع زائل کرنے والا - دور کرنے والا +
مُزیّن ع زینت دیا گیا +

میم مع زائے فارسی

مُژدگانی ف جو چیز خوشخبری پہنچانے والے کو بعوض خوشخبری کے دی جائے +
مُژدہ ف خوشخبری +
مُژگان ف آنکھ کی پلکیں - کبھی مفرد پر بھی اس کا اطلاق ہو جاتا ہے - اصل میں ژے پر فتح ہے - لیکن اکثر حضرات ضمہ ہی پڑھتے ہیں +
مُژگانِ آفتاب ف آفتاب کی کرنیں +
مُژگان برابرو زدن ف اعراض کرنا منہ پھیرنا +
مُژگان بر مُژگان کشیدن و مُژگان برہم زدن و بہم سودن وبہم بستن ف پلک مارنا +
مُژگان سفید کردن ف معمر ہونا بوڑھا ہونا +
مُژنگ ف ناخوشی - زشتی - چیز مجہنتت +
مُژہ ف آنکھ کی پلک - اصل میں م پر فتحہ ہے - لیکن مشہور بکسر م ہے +
مُژہ بر مُژہ خوردن ف پلک لگنا +

میم مع سین مہملہ

مِس ف تانبا +
مَس ع چھونا - ہاتھ ملنا - جماع کرنا +
مَس ف جس قید سے رہائی مشکل ہو - بیڑی - جھنتر بزرگ +

مَسَا ع شام - وقت شام کا +
مسابقت ع باہم سبقت لے جانا +
مساجد ع جمع مسجد کی +
مَسّاح ع پیمایش کرنے والا +
مَساحت ع زمین کو پیمائش کرنا - پیمائش
مُسارعت ع باہم سُرعت کرنا - جلدی کرنا
مُسارقت ع باہم سرقہ کرنا - چوری کرنا
مِساس ع ہاتھ ملنا - ہاتھ پھیرنا - چھونا - جماع کرنا +
مُساعِد ع مددگار - یاری دہندہ +
مُساعدت ع یاری کرنا - مدد کرنا +
مَساعی ع جمع مسعات کی - کوششیں +
مَسَاغ ع کسی چیز کی روانی - کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ - جواز +
مَسافات ع جمع مسافت کی +
مَسافت ع جنگل کی دوری - منزلوں کا فاصلہ - بُعد +
مُسافِر ع سفر کرنے والا - پردیسی +
مُسافرانِ والا ف اولیا اللہ - دین حق کے طالب - سالک لوگ +
مُسافرت ع سفر کرنا +
مَساق ع کھینچ کے لے جانا - چلنا - لے جانے کی جگہ +
مَساکن ع جمع مسکن کی - مکانات +
مَساکین ع جمع مسکین کی +
مَسئَلت ع سوال کرنا - مانگنا - درخواست کرنا - چاہنا +
مَسالِک ع جمع مسلک کی - راستے +
مُسالَمہ ع موافق ہونا - صلح کرنا +
مُسالمت ع صلح کرنا - صفائی کرنا - آشتی کرنا
مَسّال ع جوال دوز - گون سینے والا +

مَسائِل مَسئلہ ع درخواست - سوال پوچھنا - اور علم اقلیدس میں شکل نظری یا اثباتی کو مسئلہ کہتے ہیں اور عملی کو سوال +
مَسئلۂ شرعی ع شرع کا مسئلہ - مذہبی بات +
مَسام ع بال کی جڑ جہاں سے انسان کے بدن میں سے پسینہ نکلتا ہے - رونگٹا +
مَسامات ع جمع مسام کی - بدن کے چھوٹے چھوٹے سوراخ جن میں سے پسینہ نکلا کرتا ہے +
مُسامح ع صلح کرنیوالا - کسی کام میں کسی کے ساتھ آسانی برتنے والا - دلیر +
مُسامحت ع جوان مردی کرنی - کسی شئے کو حقیر سمجھ کر اس کی طرف خیال نہ کرنا - چشم پوشی کرنا - کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا - بزرگوں کی غلطی - دلیری +
مَسامع ع جمع مسمع کی - کان +
مُساوات ع برابری کرنی - برابر ہونا برابری - یکسانی +
مُساورہ ع ایک دوسرے پر کودنا +
مُساومت ع گرانی کی امید پر کسی چیز کے فروخت کرنے میں توقف کرنا - وتعجیل کرنی - دیر لگانی +
مَساوی ع گناہ - بدی +
مُساوی ع برابر +
مُساوی الاضلاع ع وہ شکل جن کے سب ضلعے برابر ہوں +
مُساوی الزاویہ ع وہ شکل جس کے سب زاویے برابر ہوں +
مُساہلت ع سہل انگاری کرنا - تساہل کرنا - سستی کرنا - سُستی +

مُساہِم ع شریک - حصہ دار +
مساہمت ع شریک ہونا - مشارکت کرنا - آپس میں ساجھی ہونا - شرکت - ساجھا +
مُسایَرہ ع برابری کرنا +
مَسائِل ع جمع ہے مسئلہ کی +
مُسبِّب ع سبب بنانے والا +
مُسبِّب الاسباب ع سبب پیدا کرنے والا - سبب بنانے والا - خدا تعالےٰ +
مُسبِّحانِ ملاءِ اعلےٰ ع فرشتوں سے مراد ہے +
مُسبِّحہ ع انگشت شہادت - کلمے کی انگلی - دیکھو سبابہ +
مُسبّع ع سات حصے کیا گیا - سات برابر ضلعوں کی شکل سات مصرعوں کے بند والے شعر +
مُستبند ف وہ شخص جو کسی کی پابندی کی وجہ سے کہیں نہ جا سکے +
مسبوق ع گذرا ہوا - گذشتہ - جس پر کوئی شخص یا شئے سبقت لے گئی ہو +
مَست ف متوالا +
مُست ف غم - اندوہ - رنج - گلہ - شکوہ وشکایت +
مُستاجر ع ٹھیکہ دار - ٹھیکہ پر کام لینے والا - اجارہ لینے والا +
مُستاصِل ع جڑھ سے اکھیڑنے والا برباد کرنے والا +
مُستاصَل ع جڑھ سے اکھڑا ہوا - تباہ - برباد +
مُستانِس ع اُلفت گیرندہ - خوگر - آرام پانے والا - اس کا مصدر استیناس ہے جس کے معنے ہیں آرام پانا کسی چیز کے ساتھ

مُسْتَانِسِینَ لِحَدِیث ع جی لگانیوالے باتوں میں۔ آرام گیراں براے سخن +

مُسْتَانِفَہ ع از سر نوگیرندہ۔ آغاز کنندہ۔ بآرام و آہستہ۔ یکسو استادہ شوندہ۔ مجازاً جدا۔ علیحدہ۔ الگ +

مَسْتَانَہ ف مست کی مانند۔ متوالے کے مواقق +

مُسْتَاہِل ع سزاوار۔ لائق۔ اہل والا۔ جس کے بال بیچے ہوں +

مُسْتَبِد ع کسی کام کے لئے اکیلا کھڑا ہوجانے والا +

مُسْتَبْدَع ع بدیع و عجیب شمردہ شدہ

مُسْتَبْدِل ع بدلانے والا +

مُسْتَبْدَل ع بدلا گیا۔ بدلا ہوا +

مُسْتَبْشِر ع خوشخبری چاہنے والا۔ خوشی حاصل کرنیوالا۔ خوش ہونے والا +

مُسْتَبْصِر ع بینائی کی طلب کرنیوالا + بنیا دل ہونیوالا۔ دل کی بینائی رکھنے والا۔ دانا۔ دانشمند +

مُسْتَبْعِد ع بعید جاننے والا۔ دوری خواہندہ۔ دور شمرندہ +

مُسْتَبْعَد یا ع دوری جستہ شدہ۔ دور شمردہ شدہ۔ بعید۔ دشوار +

مُسْتَبَنْد ف محبت و رنج میں گرفتار۔ مس بند +

مُسْتَبِین ع واضح روشن۔ ظاہر آشکارا

مُسْتَتْبِع ع پیروی کرنے والا۔ پیرو +

مُسْتَتِر ع چھپنے والا۔ پردہ میں ہونے والا۔ پنہاں۔ پوشیدہ دوسرے تا پر فتحہ پڑھنا غلط ہے۔ کیونکہ یہ لفظ استتار مصدر سے مشتق ہے۔ جو لازمی ہے اور مصدر لازمی سے اسم مفعول نہیں آتا +

مُسْتَتِم ع تمام ہونے کی خواہش کرنے والا۔ تمام +

مُسْتَثْنٰی یا ع استثنا کیا گیا۔ الگ کیا گیا۔ خاص کیا گیا +

مُسْتَثْنٰی مِنْہُ ع جس میں سے الگ کیا جائے +

مُسْتَجَاب ع قبول کیا گیا۔ قبول مانا گیا +

مُسْتَجَار ع امن طلب کیا گیا۔ وہ شخص جس امن طلب کیا جائے۔ پناہ مانگی جائے +

مُسْتَجَد ع نیا +

مُسْتَجَر ع کھینچا گیا۔ دور لیجایا گیا +

مُسْتَجْمِع ع جمع کرنے والا۔ اکٹھا کرنیوالا +

مُسْتَجِیب ع دعا قبول کرنے والا۔ قبول کرنے والا۔ جواب دینے والا +

مُسْتَجِیر ع امن ڈھونڈنے والا۔ پناہ مانگنے والا۔ اور بمعنی پناہ۔ پناہ دینے والے کے بھی آیا ہے +

مُسْتَحَاضَہ ع وہ عورت جسے عادت معہودہ سے زیادہ خون آئے +

مُسْتَحَب ع دوست داشتہ شدہ۔ اصطلاح فقہا میں وہ فعل جس کے کرنے سے ثواب ہے اور نہ کرنے سے کچھ عتاب نہیں +

مُسْتَحِث ع اٹھانے والا۔ برانگیختہ کرنے والا۔ برانگیزندہ +

مُسْتَحَث ع برانگیختہ شدہ +

مُسْتَحْدِث ع نئی چیز پیدا کرنے والا +

مُسْتَحْدَث ع نئی پیدا کیگئی چیز +

مُسْتَحْسِن ع نیک سمجھنے والا۔ پسند کرنیوالا

مُسْتَحْسَن ع نیک گنا گیا۔ پسند کیا گیا +

مُسْتَحْضِر ع یاد رکھنے والا۔ آگاہ۔ واقف +

مُسْتَحْضَر ع یاد رکھا ہو۔ جو بات یاد ہو +

مُسْتَحْفِظ ع حفاظت کرنیوالا۔ نگہبان +

مُسْتَحْفِظِین ع جمع ہے مُسْتَحْفِظ کی +

مُسْتَحِق ع حقدار۔ لائق۔ سزاوار +

مُسْتَحْکَم ع مضبوط۔ استوار +

مُسْتَحِیف ع ظلم کرنے والا۔ ظالم +

مُسْتَحِیل ع محال۔ ناممکن۔ اَن ہونی۔ حالت بدلنے والا۔ ایک حال سے دوسرے میں پھرنے والا۔ مکار۔ فریبی۔ حیلہ گر +

مُسْتَخْبِر ع خبر جویندہ +

مُسْتَخْدِم ع خدمت لینے والا +

مُسْتَخْدَم ع وہ شخص جس سے خدمت لی جائے +

مُسْتَخْرِج ع نکالنے والا +

مُسْتَخْرَج ع ایک مطلب نکلا ہوا۔ باہر نکالا ہوا +

مُسْتَخَف ع خفیف۔ حقیر۔ سُبک +

مُسْتَخْلَص ع خلاص کیا گیا۔ چھڑایا گیا +

مُسْتَخِیف ع ڈرنے والا۔ خوفندہ۔ خوفناک

مُسْتَدَام ع ہمیشہ۔ ہمیشگی چاہنے والا +

مُسْتَبْدَع ع عجیب و غریب۔ عجیب مانا گیا

مُسْتَدْعِی ع درخواست کرنیوالا۔ چاہنے والا۔ خواہشمند +

مُسْتَدِل ع دلیل مانگنے والا۔ دلیل کے طلب کرنے والا +

مُسْتَدِیر ع مُدَوَّر۔ گول +

مُسْتَذَل ع خوار ذلیل کیا گیا +

مُسْتَتِر ع پوشیدہ۔ پنہان +

مُسْتَرَاح ع جائے آسائش جائے راحت کبھی پاخانہ کو بھی کہدیتے ہیں۔ کیونکہ وہ بھی آسائش اور فراغت کا مقام ہے اور دنیا سے بھی مراد ہے +

مَسْتِ رَاح ف مست شراب۔ راح کے معنے شراب ہیں +

مُسْتَرْخِی ع سست۔ ڈھیلا +

مُسْتَرَد ع رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا۔ پھیر دیا گیا +

مُسْتَرْشِد ع ہدایت کی طلب کرنیوالا۔ سیدھی راہ کا خواہاں۔ مرید +

مُسْتَرْشِد بِاللہ ع خلفاے عباسیہ سے ہے جو سلطان سلجوقی سے لڑکر مقید ہوا۔ ۵۱۲ھ سے ۵۳۰ھ تک حکمران رہا +

مُسْتَرْضٰی ع راضی۔ رضامند +

مُسْتَرْضِی ع خوشنودی چاہنے والا۔ رضاجو +

مُسْتَرَق ع چرایا گیا +

مُسْتَرَق ع بندگی میں لیا گیا۔ مغلوب +

مُسْتَرْوِح ع آلودہ ہونے والا۔ خوشبو سونگھنے والا +

مُسْتَرْوَح ع آسائش کی جگہ +

مُسْتَزَاد ع زیادہ کیا گیا۔ بڑھایا گیا + اصطلاح شعرا میں مستزاد وہ نظم ہے جس کے ہر مصرع کے بعد ایک فقرہ نثر مسجع کا آوے۔ اور یہ ضرور نہیں کہ معنے اس شعر کے بغیر اس کے ختم ہوں مگر یہ لازم ہے کہ معنی اُس فقرہ کے مصرعہ ماقبل کے معنی کے ساتھ مربوط ہوں +

مُسْتَسْعِد ع نیکی کی طلب کرنیوالا۔ سعادت جویندہ۔ مدد چاہنے والا +

مُسْتَسْقِی ع سیرابی کی طلب کرنیوالا +

استسقا کی بیماری والا +

مُستَشار ع مشورت لیا گیا جس سے مشورت لیں

مُستَشرِق ع روشن - تاباں +

مُستَشعِر ع شعار پہنے ہوئے - دل ہی دل میں ڈرنے والا - وہ بچہ جو اپنی ماں شکم ہی میں بالدار ہوگیا ہو - شعور کی طلب کرنے والا +

مُستَشِم ع سونگھنے والا +

مُستَصحِب ع صحبت دارندہ +

مُستَبصِر ع بینا دل ہونے والا - دل کی بینائی والا +

مُستَصفٰے ع صاف - پاک +

مُستَصوَب ع بہتر - مناسب - درست +

مُستَضِی ع روشنی لینے والا - روشنی کی طلب کرنے والا +

مُستَضِی بامر اللہ ع ایک عباسی خلیفہ ہے جو ۵۶۶ھ سے ۵۷۵ھ تک حکمراں رہا +

مُستَطاب ع خوش - بامزہ +

مُستَطلَع ع فرمانبردار - مطیع +

مُستَطاعہ ع قدرد دیا گیا +

مُستَطَر ع لکھا ہوا - لکھنے میں آچکا ہوا +

مُستَطِیر ع پھیل پڑنے والی - پراگندہ ہونے والی - مصدر اس کا استطارۃ (پراگندہ ہونا) ہے +

مُستَطِیع ع استطاعت والا - صاحب قدرت -

مُستَطِیل ع جسم دراز - اور اصطلاح علم ہندسہ میں وہ ذوار بعۃ الاضلاع جس کے مقابل کے دو دو ضلعے برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں +

مُستَظہِر ع ظہور کی طلب کرنے والا - پشت پناہ کی طلب کرنے والا - مدد چاہنے والا - قوی پشت - قوی - اور یاد کے معنے میں بھی آتا ہے +

مُستَظہِر باللہ ع خلفائے عباسیہ سے ہے ۴۸۷ھ سے ۵۱۲ھ تک حکمران رہا اس کے عہد میں آل بویہ کی سلطنت ختم ہوئی +

مُستَعاد ع سود - جس کو منافع ہو +

مُستَعار ع مانگا ہوا - عاریتی +

مُستَعان ع مدد طلب کیا گیا +

مُستَعجِل ع شتابی چاہنے والا - جلدی کرنے والا - جلدکار +

مُستَعَدّ ع مہیا - تیار +

مُستَعذَب ع شیریں کیا گیا +

مُستَعصِم باللہ ع خلفائے عباسیہ میں سے آخری خلیفہ کا نام ہے - جو خلیفہ مستنصر باللہ کا بیٹا تھا - اس نے ۶۴۰ھ سے ۶۵۶ھ تک سلطنت کی حد سے بڑھ کر سختی تھا - ہلاکو خاں نے بغداد کو فتح کر کے اسے قتل کر ڈالا +

مُستَعفِی ع نوکری سے معافی مانگنے والا - نوکری چھوڑ دینے والا +

مُستَعلِیات ع وہ حرف جن کے پڑھنے سے زبان تالو کو پہنچے وہ یہ ہیں - خ غ - ق - ص - ض - ط - ظ +

مُستَعمَل ع عمل میں لایا ہوا - کام میں لایا ہوا

مُستَعیِر ع رعایت کا خواستگار - رعایت کی خواہش کرنے والا +

مُستَعِین ع اعانت طلب کرنے والا - مدد چاہنے والا - متوکل علی اللہ کا بھائی تھا - اپنے بھتیجے مستنصر باللہ کے بعد ۲۴۸ھ سے ۲۵۲ھ تک بادشاہ رہا +

مُستَغاث ع جس کے آگے فریاد دی جائیں - جس سے دادرسی چاہیں - اور در و مستغاث جو مشہور ہے +

مُستَغاثی ع فریادی - دادخواہ +

مُستَغرِق ع ڈوبنے والا - سب کو شامل و جامع ہونے والا - اپنی ساری طاقت سے کوئی کام کرنے والا - کامل - صیغہ اسم فاعل کا ہے - استغراق مصدر ہے +

مُستَغرَق ع صیغہ اسم مفعول کا ہے - استغراق مصدر ہے جس کے معنے ہیں سب کو حاصل کر لینا - سب کو شامل و جامع ہونا - مستغرق کے معنے ڈوبا ہوا غرق شدہ - ہمہ را فرا رسیدہ - سب کو شامل و جامع - کسی کام یا خیال میں بہت مشغول +

مُستَغفِر ع گناہوں کی بخشش کی طلب کرنے والا - بخشش مانگنے والا +

مُستَغِلّات ع وہ جائداد جس سے آمد ہو +

مُستَغنی ع بے پروا - دولتمند +

مُستَغِیث ع فریادی - جو شخص دادخواہ ہو

مُستَفاد ع حاصل فائدہ گرفتہ شدہ - جو فائدے کے طور پر حاصل ہو گیا ہو +

مُستَفِید ع فائدہ کی طلب کرنے والا فائدہ چاہنے والا +

مُستَفِیض ع فیض کی طلب کرنے والا فیض اٹھانے والا +

مُستَفتِح ع ربودن سے - معلوم کیا گیا - پڑھ

مُستَقبِل ع سامنے آنیوالا - زمانہ آئندہ

مُستَقَرّ ع قرارگاہ - جائے قرار - ٹھیرنے کی جگہ +

مُستَقَرُّ الخِلافہ ع دارالخلافہ - اکبر بادشاہ کے زمانہ میں یہ آگرہ کا لقب تھا +

مُستَقَرِ حکومت - مُستَقَرِ عزت ع دارالحکومت - دارالسلطنت +

مُستَقصی ع کسی چیز کی نہایت کو پہنچنے والا +

مُستَقِل ع صاحب استقلال محکم - مضبوط - پائدار - ثابت قدم - کسی کام پر تنہا جو قائم ہو - فارسی والے اکثر تخفیف استعمال کرتے ہیں +

مُستَقِیم ع سیدھا - راست - درست ٹھیک

مُستَکبِر ع اپنے تئیں بڑا سمجھنے والا - سرکش نافرمان - گردن کش - متکبر - مغرور +

مُستَکرِم ع بخشش کی طلب کرنے والا +

مُستَکرِہ ع مکروہ جاننے والا - برا جاننے والا +

مُستَکفِی ع کفایت چاہنے والا خلفائے بغداد میں سے ایک خلیفے کا نام ہے - جس کا نام ابو محمد علی بن احمد تھا - اپنے باپ کے بعد ۲۸۹ھ سے ۲۹۵ھ تک خلیفہ رہا +

مُستَلِذّ ع لذت حاصل کرنے والا - مزہ لینے والا +

مُستَلَذّات ع مرغوب چیزیں جن سے لذت حاصل ہو - لذتہا +

مُستَلزِم ع لازم پکڑنے والا - اپنے اوپر کوئی کام - لازم کر لینے والا +

مُستَلقِی ع پیٹھ کے بل سونے والا +

مُستَمال ع اپنی طرف مائل کیا گیا - تسلی و دلاسا دیا گیا - دلجوئی کیا گیا - رجوع کیا گیا +

مُستَمِر ع استوار - رواں - پیوستہ - دائم

مُستَمِرّہ ع رواں - استوار - دائمی +

مُستَمسِک ع چنگل مارنے والا - تمسک کرنے والا +

مُستَمِع ع سُننے والا +
مُستَملح ع نمکین +
مُستمَند ف مرکب ہے مُست (یعنے غم) اور مند (یعنے صاحب) سے - صاحب غم - غمگین - مجازاً - حاجتمند +
مُستَنبا ط ع یہ لفظ غلط ہے - صحیح مستنبطات ہے +
مُستَنبَط ع بیروں آوردہ شدہ - باہر نکالا گیا +
مُستَنبَطات ع جمع مستنبط کی بیروں آوردہ شدہ - چاہ سے بیروں اوردن چیزے
مُستَنجِد باللہ ع ایک عباسی خلیفہ ہے جو ۵۵۵ھ سے ۵۶۷ھ تک حکمران رہا - ذکی اور شاعر تھا +
مُستَنجِم ع طلب روشنائی کی کرنیوالا یا روشن +
مُستَند ع جس کی پناہ لیں - جس کا سہارا پکڑیں - قابل وثوق - صاحب وثوق +
مُستَنِد ع پناہ لینے والا +
مُستَنصِر مُستَنصَر باللہ ع ایک عباسی خلیفہ کا نام ہے - جس نے ۶۲۳ھ سے ۶۴۰ھ تک خلافت کی ہے - بغداد میں ایک مدرسہ مستنصریہ قائم کیا - داد و دہش میں بہت مشہور ہے +
مُستَنکَر ع بُرا - زشت +
مُستَنیر ع روشنی کی طلب کرنیوالا یا روشن +
مُستَوثِق ع مضبوط - استوار - مستحکم
مُستَوجِب ع واجب کرنیوالا - سزاوار - لائق
مُستَوحِش ع وحشت پکڑنے والا +
مُستَودَع ع امانت رکھنے کی جگہ - امانت گاہ - سونپنے کی جگہ +
مُستَودَعات ع امانت رکھی گئی چیزیں - امانتیں +
مَستُور ع چھپا ہُوا +
مَستُورات ع چھپی ہوئیں - پردہ نشین عورتیں +
مَستُورہ ع پوشیدہ شدہ +
مُستَوسِع ع فراخ - وسیع +
مُستَوفی ع پورا لینے والا - وہ عہدہ دار جو اپنے ماتحت محاسبوں کے حساب کی جانچ اور پڑتال کرے +
مُستَوفا مُستَوفے ع تمام لیا ہُوا - پورا کیا گیا +
مُستَوفِز ع صیغہ اسم فاعل کا ہے - استیفاز مصدر سے - جس کے معنے ہیں - زانو ٹیک کر اور رانیں اُٹھا کر بیٹھنا - اس طرح بیٹھنا کہ جست کرنے پر آمادگی پائی جائے - آمادہ - مستعد +
مُستَوقِد ع آگ بھڑکانے والا +
مُستَولی ع غالب زورآور - قابض +
مُستَوہِب ع طلب ہبہ کی کرنے والا - بخشش چاہنے والا +
مُستَوی ع برابر - ہموار +
مُستَہام ع سرگشتہ - حیران +
مُستہ ف ستہیدن یعنی ستیزیدن کا نہی +
مُشتہ ف شکاری پرندے کا طعمہ +
مُستَہان ع ذلیل - خوار - لوگوں کی نظر میں سبک +
مُستَہجَن ع مکروہ - زشت - بُرا +
مُستَہزِی ع مسخرہ کرنے والا یعنی ٹھٹھہ کرنے والا +
مُستَہِل ع نیا چاند دیکھنے والا - مینہ زور و شور سے برسنے والا +
مُستَہلِک ع تباہ ہونے والا - ہلاک ہونے والا +
مُستی ف نشہ - شہوت کا جوش - آرزومندی - عاشقی +
مُستَیسِر ع آمادہ ہونے والا - تیار +
مُستَیقِظ ع بیدار - نگہبانی کرنے والا +
مَسجِد ع جائے سجدہ - سر جھکانے کی جگہ - مسجد +
مَسجِد آدینہ ع جس مسجد میں نماز جمعہ ادا کریں +
مَسجِد اقصٰے ع پرلی مسجد - مکّے سے بہت دور کی مسجد - یعنی بیت المقدس جو اورشلیم (واقع ملک شام) میں ہے +
مَسجِد رَوشَنُ الدَّولہ - یا سُنہری مسجد دہلی ف شاہجہان آباد میں کوتوالی چبوترہ کے قریب یہ مسجد دکانوں پر بنی ہوئی ہے - دروازہ آمد و رفت شرقی رویہ ہے - اُس کی بارہ سیڑھیاں ہیں صحن کے گرد سنگین کٹہرہ اور جانب غرب دالان مسجد خشتی چونہ گچ کا بنا ہُوا ہے - اور اس کی تین محرابیں ہیں بیچ کی محراب پر کتبہ کندہ ہے - شمالی اور جنوبی دیوار دالان میں روشنی اور ہوا کے واسطے خوبصورت جالیاں لگی ہیں - اور دالان کے اوپر تین طلائی برج مع چھوٹی برجیوں کے نہایت خوبصورت بنے ہوئے ہیں - جانب جنوب دوسرا صحن مع ایک دالان اور کنوئیں کے واقع ہے وہاں لوگ وضو کرتے ہیں اس مسجد کو نواب روشن الدولہ نے محمد شاہ بادشاہ کے زمانہ میں ۱۱۳۱ھ میں بنوایا تھا - اسی واسطے اُسے مسجد روشن الدولہ کہتے ہیں - نادرشاہ نے دہلی میں قتل عام کا حکم اسی مسجد میں دیا تھا +
مُسَجَّع ع قافیہ دار سخن - مقفےٰ بات - وہ نثر جس کے فقروں کے آخر کے کلمات میں قافیہ ہو اور اصطلاح شعرا میں نام ایک صنعت کا ہے کہ شاعر شعر کے چار حصے کرے - اور تین سجعوں کے بعد چوتھے حصہ شعر کو اُس قافیہ پر جس پر بنا شعر کی رکھی ہے تمام کرے - جیسے ؎

باز آ و در چشم نشین - اے دلستان نازنین
کاشوب و فریاد از زمین - تا آسمانم میرود +

مُسَجَّل ع نامہ مہر کیا ہُوا قاضی کا +
مَسجُود ع سجدہ کیا گیا - جس کو سجدہ کریں
مَسجُور ع پانی سے بھرا ہُوا +
مَسجُون ع قیدی +
مَسح ع ہاتھ ملنا - ہاتھ پھیرنا - جماع کرنا
مِسحات ع بیلچہ - وہ کھپی جس کے ساتھ زمین سے مٹی کھودیں +
مِسحَل ع گورخر +
مَسحُوق مَسحُوقہ ع گھسا ہُوا - رگڑا ہُوا - پسا ہُوا - مصدر اس کا سحق ہے جس کے معنے ہیں گھسنا - پسنا - فرسودہ کرنا - تباہ کرنا - ہلاک کرنا +
مَسحی ع ایک قسم کا موزہ ہے جو صلحا اور امرا پہنتے ہیں +
مَسخ ع ایک صورت سے دوسری صورت بدلنا - مگر دوسری صورت بدتر ہو - اوّل سے - کسی شے کا مزہ جاتا رہنا - بے مزہ ہو جانا +
مُسَخَّر ع تابع کیا گیا - مطیع کیا گیا +

مُسْخَرگی ف ٹھٹھہ بازی۔ مسخرہ پن۔ ہنسی +
مُسْخَرَہ ع وہ شخص جس پر ٹھٹھہ کیا جائے +
مُسَخِّنات ع گرم کرنے والیاں۔ وے اشیا جن سے گرمی حاصل ہو +
مَسْخُوط ع غصہ کیا گیا۔ خفا کیا گیا +
مُسَدَّس ع اصطلاح علم ہندسہ میں چھ ضلعوں کی شکل ہے جس کے سب ضلعے اور زاویے آپس میں برابر ہوں اور دیکھو مسمط +
مُسَدَّس عالم ع چھ طرفیں۔ جہات ستہ +
مَسْدُود ع بند کیا گیا۔ روکا گیا۔ بند +
مُسْرَفنج ف سردی سے جم گیا ہوا پانی +
مَسَرّات ع جمع مسرت کی۔ خوشیاں +
مُسَرَّت ع خوشی +
مُسَرَّج ع وہ گھوڑا جس پر کاٹھی ڈالی گئی ہو +
مَسْرَجَہ ع چراغدان +
مِسْرَد ع لوہے کا وہ آلہ جس سے چمڑے میں سوراخ نکالتے ہیں۔ پنجابی آری +
مُسْرِع ع شتابی کرنے والا۔ تیز رو۔ قاصد۔ پیک۔ ہرکارہ +
مُسْرِف ع بیہودہ خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ +
مُسْرَفِیج ف سردی سے جم گیا ہوا پانی +
مَسْرُوف دغا۔ افسوں +
مَسْرُور ع خوش کیا گیا۔ خوش +
مَسْرُوق ع چرایا گیا۔ چوری کیا گیا +
مَسْرُوقہ ع چرائی ہوئی چیز +
مَسْرَہ چرخ ف چاند۔ قمر +
مُسَطَّح ع پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ سطح کیا گیا۔ چھت دار +

مِسْطَر ع مسطر جو مشہور ہے +
مَسْطُور ع لکھا گیا۔ سطر بندی کیا گیا +
مِسْعَات ع کوشش۔ کوشش کرنا +
مَسْعُود ع سعادت کیا گیا۔ نیک بخت۔ سلطان محمود غزنوی کے ایک بیٹے کا نام ہے جو اس کی وفات پر تخت نشین ہوا۔ اور طغرل سے شکست کھا کر لاہور آتا ہوا راہ میں مارا گیا +
مُسْفِر ع روشن۔ سفید +
مَسْقَط ع گرنے کی جگہ۔ اور ملک عرب میں اس کے جنوب مشرقی ساحل پر ایک شہر ہے۔ جہاں کا حلوا بہت مشہور ہے +
مَسْقَطُ الرّاس ع جائے پیدائش۔ زاد بوم۔ جنم بھوم۔ مولد۔ لفظی معنے اس کے ہیں۔ سر کے گرنے کی جگہ۔ چونکہ بچہ کے پیدا ہونے کے وقت پہلے اس کا سر زمین پر آتا ہے۔ اس لئے یہ لفظ مولد و موطن کے معنی میں مخصوص ہے +
مِسْک اسب سے ہے مشک کا +
مُسْکِت ع چپ کرانے والا +
مِس گر ف ٹھٹھیرا۔ تانبے کے برتن بنانے والا +
مُسْکِر ع نشہ پیدا کرنے والی چیز۔ مستی لانے والی چیز +
مُسْکِرات ع وہ چیزیں جن سے نشہ اور مستی پیدا ہو۔ جیسے شراب۔ بھنگ وغیرہ +
مَسْکَن ع جائے سکونت۔ رہنے کی جگہ۔ گھر +
مُسَکِّن ع تسکین دینے والا۔ تسلی دینے والا +
مَسْکَنَت ع مفلسی۔ عاجزی +
مسنگ پینگل ع ایک ساز ہے جسے منہ سے بجاتے ہیں +

مَسْکُو روسی۔ ماسکو۔ جو فرنگستانی روس کے مابین اس کا ایک مشہور شہر ہے پہلے یہی دارالسلطنت تھا۔ نپولین بوناپارٹ شاہ فرانس نے اس کو جلا دیا تھا +
مَسْکُوک ع سکہ کیا ہوا۔ سونا یا چاندی یا تانبا۔ جس پر سکہ لگایا گیا ہو +
مَسْکَہ ف مکھن +
مِسْکِین ع صیغہ مبالغہ کا ہے مفعیل کے وزن پر جس کے معنی ہیں بہت ہی بے حرکت + اور نہایت نا طاقت اور قاموس میں لکھا ہے۔ کہ مسکین وہ شخص ہے جس کو مفلسی اور فقیری نے بے حرکت اور نا طاقت کر دیا ہو۔ شریعت والے مسکین اسے کہتے ہیں جو بالکل ہی بے بضاعت اور نادار ہو۔ اور فقیر اسے کہتے ہیں جس کے پاس اس قدر مال نہ ہو کہ زکوٰۃ دینی اس پر واجب آئے۔ کچھ کفاف رکھتا ہو۔ مفلس۔ نادار۔ عاجز۔ فقیر۔ بے بضاعت +
مست گذارہ ف وہ مست جس کی حد سے گذر گئی ہو +
مُسَلَّح ع ہتھیار بند +
مَسْلَخ ع کھال اوتارنے کی جگہ۔ کمیلا +
مُسَلْسَل ع سلسلہ بندی کیا گیا۔ زنجیر سے جکڑا ہوا۔ زنجیر بند +
مُسَلَّط ع وہ شخص جس کو کسی پر مقرر کیا جائے۔ مجازاً مغلوب +
مُسَلِّط ع مقرر کرنے والا کسی آدمی کا دوسرے پر۔ تسلط کرنے والا۔ غالب۔ زورآور +
مِسْلَفَہ ع باہی ہوئی زمین۔ ناہموار کو ہموار کرنے کا آلہ +
مَسْلَک ع راہ۔ راستہ +
مُسَلَّم ع تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا۔ سونپا گیا۔ سلامت رکھا گیا۔ بحال۔ برقرار۔ مناسب +

مُسَلِّم ع ماننے والا۔ تسلیم کرنے والا +
مُسْلِم ع مسلمان۔ جو شخص دین اسلام پر ہو +
مُسَلْمان ف جو شخص دین اسلام میں آئے +
مُسْلِمِین ع جمع مسلم کی +
مَسْلُوب ع سلب کیا گیا۔ لے لیا گیا +
مَسْلُوخ ع کھال اتارا گیا۔ گوسفند یا بکری +
مَسْلُوک ع جاری کیا گیا۔ آمدورفت کیا گیا۔ سلوک کیا گیا +
مَسْلُول ع کھینچا گیا۔ باہر لایا گیا۔ جس شخص کو مرض سل ہو +
مُسَلِّی ع غم دور کرنے والا۔ گھوڑے کی ایک خاص قسم ہے +
مَسْلِی ع ایک بیماری کا نام ہے جس میں بیمار سمجھتا ہے کہ اس کے بدن میں سوئیاں چبھوئی جاتی ہیں +
مسمار ع میخ۔ کھونٹی۔ کیلی +
مسمار کردن ف ڈھا دینا +
مُسَمّٰے ع نام کیا گیا +
مُسَمَّر ع لوہے چاندی وغیرہ کی بنی ہوئی سیخیں +
مُسَمَّط ع صیغہ اسم مفعول کا ہے تسمیط مصدر سے جس کے معنی موتیوں کا لڑی میں پرونا ہے۔ اور اصطلاح شعرا میں چند ایسے مصرعوں کے جمع کرنے کو کہتے ہیں کہ وزن و قافیہ میں کسی شعر کے مصرعہ اول سے متفق ہوں۔ پس اگر مصرعہ اصلی پر دو مصرعے لگا دینگے تو اس کو مربع کہینگے۔ اور اگر تین لگا دینگے تو مخمس اور اگر چار تو مسدس اور اگر پانچ تو مسبع

اور اگر چھ تو مسدس اور اگر سات تو مسبع اور اگر آٹھ تو مثمن اور آٹھ سے زیادہ مصرعے ملانے کا دستور نہیں - اور اس قسم کے اشعار کہنے میں شرط یہ ہے کہ جتنے مصرعے ہموزن ہم قافیہ جمع کریں - آپس میں پیوند لفظی و معنوی رکھتے ہوں اور مسلسل مربوط ہوں - اصلی شعر کے آخر مصرعہ تک ✤

مُسْتَمِع ع کان ✤

مُسَمَّن ع موٹا - فربہ ✤

مُسَمِّن ع موٹا کرنے والا - فربہ کرنیوالا ✤

مُسَمَّن ع موٹا کیا گیا - فربہ کیا گیا ✤

مَسْمُوع ع سنا گیا ✤

مَسْمُوم ع زہر دیا گیا - جس نے زہر کھالیا ہو ✤

مِسَن ع وہ پتھر جس پہ کارد و شمشیر تیز کریں - فسان ✤

مُسِن ع سالخوردہ - سن رسیدہ - بوڑھا آدمی ✤

مُسْنَد ع زمانہ - پسر خواندہ - حرامزادہ جس کی اوٹ لیں - جس کی اوٹ میں کسی چیز کو رکھا گیا ہو - جس پر تکیہ لگائیں - اصطلاح نحو میں مبتدا کو مسند بھی کہتے ہیں ✤

مَسْنَد ع تکیہ گاہ - تکیہ ✤

مُسَنْدَف بہت چھوٹا آدمی - نکما - نالائق ✤

مَسْنَد آرا ف گدی نشین ✤

مَسْند آسودگاں ف آدمی کے دفن کرنے کی جگہ - قبرستان - دنیا ✤

مَسْنَدِ جَم ف ہوائے نفسانی ✤

مِسْواة ع زمین درست کرنے کا ایک آلہ ہے ✤

مِسْوَاط ع مسلفہ ✤

مِسْوَاک ع داتن - وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرتے ہیں ✤

مُسَوَّدَہ ع سیاہ - مجازاً نوشتہ - لکھا ہوا - وہ تحریر جو پہلی دفعہ سرسری طور پر لکھی گئی ہو - اور ابھی صاف نہ کی گئی ہو - یہ لفظ اسودہ مصدر سے مشتق ہے - جو افعال کے وزن پر ہے کیونکہ جو لفظ معنے لون (رنگ) میں ہو - اکثر اس باب میں آتا ہے جیسا کہ احمرار - اخضرار - صفرار - وغیرہ پس اس اعتبار سے جو لوگ مسودہ پڑھتے ہیں سو غلط ہے اس واسطے کہ مسودہ (صیغہ اسم مفعول کا ہے باب تفعیل سے) کلام عرب میں مستعمل نہیں ہے ✤

بعض محققین اس کے برخلاف ہیں - وہ کہتے ہیں - کہ کلام عرب میں یہ لفظ مطلق سیاہ کے معنے میں آیا ہے - نہ سیاہ کردہ شدہ اور نوشتہ شدہ اس کے معنے ہیں - پس اس لحاظ سے مُسَوَّدہ (صیغہ اسم مفعول) مصدر تسوید سے (جس کے معنے لکھنا ہیں) اور ثقات کی کلام میں اکثر جگہ آگیا ہے - درست ہے - اگرچہ کلام عرب میں نہیں آیا مُسَوَّدہ اور مُسْوَدَّہ پڑھنا بالکل غلط ہے ✤

مَسْؤُل ع سوال کیا گیا - مانگا گیا - درخواست

مَسْؤُلات ع وہ مقدمے جو واقعات میں موجود ہوں اور لوگوں کو ان سے اطلاع نہ ہو ✤

مَسْہُما سے ترانداز ف ظاہری دوستی - دکھاوے کی دوستی - جھوٹی باتیں جو سچی معلوم ہوں ✤

مُسَہَّد ع جگایا گیا ✤

مُسَہِّل ع وہ دوا جو اندرون شکم کو نرم کرے اور پاخانے کو رقیق کر کے نکالے - دست آور جلاب ✤

مُسِی ع بدکردار - بدافعال ✤

مِسِی ف دانتوں کے صاف کرنے کی دوائی ہے ✤

مَسیچہ ف موسیچہ ✤

مَسِیح ع مسح کیا گیا - ملا گیا - چونکہ فرشتوں نے حضرت عیسٰےؑ کے سر پہ تیل ملا تھا - اس واسطے انکو مسیح کہتے ہیں - دوست بہت زمین پیمائش کرنے والے - ان دونو معنوں کے لحاظ سے بھی لقب حضرت عیسٰےؑ کا ہے - کیونکہ آپ دوست حق تھے - اور بسبب تجرد کے اکثر سیر و سیاحت میں مشغول رہتے تھے - اور نیز مسیح کے معنے ہیں جھوٹا - دروغگو کا ان دو معنوں کے لحاظ سے لقب دجال کا ہے

مَسِیحُ الدَّجَّال ع دجال ملعون جو بائیں آنکھ کا کانا ہے - اس کے پاس ایک باغ ہوگا - جسے وہ جنت کہے گا - اور بہت سی آگ جسے دوزخ قرار دیگا - جو لوگ اس کا انکار کرینگے - اُن کو دوزخ میں ڈالیگا - سو نار اُن پہ گلزار ہو جائیگی - اور جو اس کی بات کو مان لینگے - اُنہیں جنت میں ڈالیگا - سو جنت ان پر دوزخ ہو جائیگا ✤

مَسِیحَا ع قرآن شریف میں صرف مسیح آیا ہے - پس زیادتی الف کی فارسی والوں کا تصرف ہے - بقول بعض مسیحا مشیحا کا معرب ہے جس کے معنے مبارک ہیں ✤

مَسِیحِ یک شبہ ف حمزہ و شاب ✤

مَسِیخ ع بے مزہ - بے ذائقہ چیز ✤

مَسِیر ع جانا - چلنا - سیر کرنا - سیر کی جگہ جائے رفتار ✤

مَسِیل ع پانی کے چلنے کی جگہ ✤

مُسَیْلِمَہ ع ایک شخص دروغگو باشندہ یمامہ کا نام ہے - جس نے جھوٹا دعوےٰ نبوت کا کیا تھا - اور اسی سبب اُس کا لقب کذاب ہو گیا - وہ پہلے مسلمان تھا پھر مرتد ہو کر پیغمبری کا دعوےٰ کرنے لگا - اور قرآن مجید کے مقابل بہت کچھ تک بندی بھی کی اور خرافات بھی بکے - آخر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں مارا گیا ✤

میم مع شین معجمہ

مُشَابِہ ع مانند - مثل - نظیر ✤

مُشَابَہَت ع مثل ہونا - مانند ہونا - نظیر ہونا - مثل ✤

مُشَاتَمَت ع ایک دوسرے کو گالیاں دینا ✤

مُشَاجَرَہ ع منازعت - مخالفت - باہم درختوں کی طرح لپٹنا ✤

مُشَار ع اشارہ کیا گیا ✤

مُشَارٌ اِلَیہ ع جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو - معتبر - ذی عزت ✤

مَشَارِب ع جمع ہے مشرب کی ✤

مُشَارَبَت ع باہم ملکر پانی پینا ✤

مَشَارِع ع جمع مشرع کی - راستے ✤

مُشَارِک ع شریک ہونے والا ✤

مُشَارَکَت ع باہم شریک ہونا ✤

مَشَّاطَہ ع کنگھی کرنے والی عورت جس کا پیشہ کنگھی کرنے کا ہوتا ہے - بناؤ سنگار کرانے والی عورت محاورۂ حال میں یعنی

مِشکوٰۃُ المَصَابِیح ع علم حدیث کی ایک مشہور کتاب ہے جس میں پچپن ۵۵ کم چھ ہزار حدیثیں ہیں +

مَشکُور ع شکر کیا گیا - پسندیدہ - ستودہ - ثواب دیا گیا +

مَشکُوک ع شک کیا گیا +

مُشکُوئی ف بیت خانہ - مجازاً حرم سرائے ملوک یا امرا کا +

مُشکُول - مشکولہ - مشکیزہ ف چھوٹی مشک +

مُشکیں ف سیاہ مشک آلودہ +

مُشکیں پرندہ ف سیاہ چادر والا - سیاہ

مَشلُول ع جس کے ہاتھ پیر بے حس ہو گئے ہوں +

مُشمَّر ع تیز رفتار گھوڑا جو دوڑنے کو تیار ہو +

مُشمِّر ع وہ شخص جو دامن اٹھا کر تیار ہونیوالا

مِشمِش ع زرد آلو جس کو خوبانی کہتے ہیں ایک شیریں میوہ ہے +

مَشمُول ع سب طرف سے احاطہ کیا گیا - گھیرا گیا - شامل کیا گیا +

مَشمُوم ع سونگھی ہوئی شے - معطر شے

مَشمُومات ع عطریات - خوشبو کی چیزیں جمع ہے مشموم کی +

مُشَنَّع ع بُرا - زشت - ملامت کیا گیا - تشنیع کیا گیا +

مُشنگ ف ایک قسم کا حلقہ ہے جو رہزن +

مَشُوب ع آمیختہ شدہ - ملا ہوا - مخلوط +

مَشوَرَہ ع کنگاش +

مُشَوِّش ع پریشان کرنے والا +

مُشَوَّش ع پریشان کیا گیا +

مُشَوَّق ع عاشق - شوق دیا گیا +

مُشَوِّق ع کسی کو خواہش کرانے والا +

مُشَوَّق ع خواہش کرایا گیا +

مَشؤُم ع منحوس +

مَشوِی ع بھنا ہوا - بریاں +

مَشہَد ع حاضر ہونے کی جگہ - حاضر ہونا - شہادت گاہ - شہیدوں کا قبرستان - ایران کا ایک مشہور شہر خراسان میں ہے جسے زمانۂ قدیم میں طوس کہتے تھے چونکہ وہاں مزار شریف حضرت علی موسیٰ رضا کا ہے اس واسطے اُس کو مشہد مقدس کہتے ہیں +

مُشتَہَر - مشہور ع شہرت دیا گیا +

مَشہُود ع حاضر کیا گیا - موجود +

مُشتَہی ع خواہش پیدا کرنے والا - بھوک پیدا کرنے والا - شہوت پیدا کرنے والا +

مَشی ع پیروں سے چلنا +

مَشِیَّت ع خواہش - ارادہ - خدا تعالیٰ کی مرضی +

مُشَیِّد ع محکم کرنیوالا - استوار کرنے والا +

مُشَیَّد ع گچ اور چونے سے محکم کیا ہوا - مرتفع +

مَشِید ع گچ کیا ہوا - محکم اور استوار کیا گیا +

مُشَیَّدہ ع محکم و مضبوط +

مُشِیر ع اشارہ کرنیوالا - مشورہ دینے والا +

مُشِیرُ الدَّولہ ع سلطنت کا صلاح کار - امرا کے خطابوں میں سے ہے +

مَشِیمہ ع عورت کا بچہ دان +

میم مع صاد مہملہ

مَصّ ع چوسنا +

مُصَاب ع مصیبت زدہ - رنج رسیدہ +

مُصَابَرَت ع باہم صبر کرنا - صبر کرنا +

مَصَابِیح ع جمع مصباح کی - علم حدیث کی ایک کتاب کا نام بھی ہے +

مُصَاحِب ع ہم صحبت - ہم نشین +

مُصَاحَبَت ع ہم صحبت ہونا - ایک دوسرے کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا +

مَصَاحِف ع جمع مصحف کی +

مَصَادِر ع جمع مصدر کی +

مُصَادَرہ ع تاوان لینا - تاوان دینا - تاوان

مُصَادَرَہ عَلَی المَطلُوب ع عین دعوے کو دلیل گرداننا +

مُصَادَقَت ع دوستی کرنی - دلی دوستی - محبت قلبی - اخلاص - سچائی +

مُصَادَمَت ع صدمہ پہنچانا - ضرر پہنچانا - آسیب پہنچانا +

مُصَارَعَت ع کشتی کرنا - ایک دوسرے کو پچھاڑنا +

مَصَارِف ع جمع مصرف کی +

مَصَارِیع ع جمع مصرع کی +

مَصَاعِب ع دشواریاں - جا بجا دشوار +

مَصَاعِد ع جمع ہے مصعد کی +

مَصَاف ع جمع مصف کی جو صیغۂ اسم ظرف کا ہے یعنی جگہیں - صف باندھنے کی جگہ یا تو میدان جنگ - جنگ گاہ - جنگ اصل میں فا مشدد ہے - لیکن چونکہ فارسی میں کوئی ایسا لفظ نہیں جس کا آخری حرف مشدد ہو - اس واسطے ہر ایسے لفظ کو جس کے آخر کا حرف مشدد ہو بہ تخفیف پڑھتے ہیں +

مُصَافَات ع دوستی - اخلاص +

مُصَافَحَہ ع ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا

مَصَاف دادن ف جنگ کرنا +

مَصَانِع ع جمع ہے مصنع کی +

مَصَاقِل ع جمع مصقل کی +

مَصَالِح ع جمع مصلحت کی - بھلائیاں - فارسی والے مفرد معنی میں استعمال کرتے ہیں اور بمعنی اسباب و سامان کسی شے کا - اصلاح پیدا کرنے والی چیزیں - ضروریات عمارت کی جیسے لکڑی اینٹیں چونہ وغیرہ - مصالح طعام یعنی گرم مصالح کے استعمال کرتے ہیں +

مُصَالَحَت ع آپس میں صلح کرنا - صلح - ملاپ +

مَصَانِع ع کاریگریاں - مضبوط محلات - استوار - مضبوط قلعے +

مُصَانَعَہ ع رشوت دینی - مدارات کرنی - ظاہرداری کرنی +

مُصَاہَرَت ع خسر کرنا - داماد کرنا - یہ لفظ دونو معنوں میں مشترک ہے +

مَصَائِب ع جمع ہے مصیبت کی +

مَصَائِد ع جمع ہے مصیدہ کی +

مَصَبّ ع پانی وغیرہ گرنے کی جگہ +

مِصبَاح ع چراغ - صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ - علم نحو کی ایک کتاب کا نام بھی ہے +

مُصبَغ ع رنگا ہوا - رنگ کیا ہوا +

مُصَحِّح ع صحیح کرنے والا +

مُصحَف ع وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں - اسی واسطے قرآن شریف کو کہتے ہیں کہ اس میں تمام پچھلی کتب و صحائف انبیا کا خلاصہ ہے و مفرد جمع ہے یا یہ کہ اس میں (۱۱۴) سورتیں ہیں +

مُصَحَّف ع اسم مفعول کا صیغہ ہے تصحیف مصدر سے - تصحیف کیا گیا - نقطے بدلا ہوا - وہ لفظ جو بغیر نقاط سے

اور لفظ بن جائے۔ جیسے عبید سے عبید۔ توشہ سے پوستہ +

مصحف بغلی ف حائل۔ چھوٹی تقطیع کا کلام اللہ +

مُصحف مجید ف کتاب بزرگ۔ قرآن شریف +

مُصحف مقدس ع کتاب مقدس قرآن مجید +

مُصحف یاقوت ف خط یاقوت سے لکھا ہوا کلام اللہ +

مَصحُوب ع ساتھ کیا گیا۔ ہمراہ +

مصداق ع معنی کے صادق آنے کا آوزار یعنی وہ شے جس پر کوئی معنی بولے جا سکیں۔ مثلاً انسان کے معنی زید عمر وغیرہ پر بولے جا سکتے ہیں۔ تو انسان کے معنے کے زید اور عمر مصداق ہیں +

مَصدَر ع نکلنے کی جگہ۔ جائے صُدور۔ اور وہ کلمہ جس سے افعال اور صفات بنائے جاویں +

مُصَدَّر ع مُقدم رکھا گیا۔ صدر بنایا گیا +

مَصدرِ فیوض ع فیضوں کے صادر ہونے کی جگہ۔ علم صرف و نحو فارسی میں ایک مشہور درسی کتاب کا نام ہے +

مُصَدِّع ع درد سر پیدا کرنے والا۔ جُدا جُدا کرنے والا +

مَصدُور ع صادر کیا گیا +

مصدوق ع صادق کیا گیا +

مِصر ع شہر۔ افریقہ کے شمال مشرق میں ایک ملک بھی ہے۔ شہر مصر اسی میں ہے۔ جسے القاہرہ کہتے ہیں۔ خدیو مصر وہیں رہتا ہے۔ اور علاوہ اس کے اسکندریہ۔ دمیاط۔ روزطہ۔ سویز۔ پورٹ۔ سعید وغیرہ شہر بھی ہیں۔ تیزی تلوار۔ دو چیزوں کے بیچ کی حد +

مُصِر ع اصرار کرنے والا۔ ہٹ کرنے والا۔ کسی کام کے کرنے پر استقلال سے کھڑا ہو جانے والا +

مِصراع۔ مِصرَع ع کیواڑ۔ آدھا بیت۔ آدھا شعر +

مِصران ع تثنیہ ہے مصر کا۔ اس سے مراد کوفہ و بصرہ ہیں +

مِصر لیخا پیتا ہ ف آدمی کا بدن +

مَصرَع ع مصدر میمی ہے اس کے معنی ہیں گرانا پچھاڑنا۔ اور ظرف بھی ہے یعنی گرانے کی جگہ +

مِصرع تند۔ مِصرع برجستہ۔ مِصرع آمد۔ مِصرع ریختہ ف مصرع خوب کہ بے فکر حاصل ہو +

مِصرع عجیدہ ف ایسا مصرع جس کا مضمون دقیق ہو +

مَصرَف ع خرچ کرنے کی جگہ۔ اور خرچ +

مُصرِف ع خرچ کرنیوالا۔ صرف کرنیوالا +

مَصرُوع ع پچھاڑا ہوا۔ مرگی کا بیمار جسے بیماری مرگی کی لاحق ہو +

مَصروع خاوری ف ڈوبتے اور طلوع ہوتے کا سورج +

مَصرُوف ع صرف کیا گیا۔ باز گردانیدہ شدہ +

مِصری ع منسوب بہ مصر۔ مصر کا۔ قلم تلوار۔ نبات۔ مصری +

مِصری مارف مصر کا نیزہ دستان +

مَصطَبہ ع میخانہ۔ شراب خانہ +

مَصطگی ع مصطگی رومی۔ گوند مشہور کا نام ہے +

مُصطَفےٰ ع برگزیدہ۔ چُنا ہوا۔ صاف کیا گیا بد خصلتوں سے۔ لقب جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا +

مُصطَفوی ع یوں تو یہ لفظ غلط ہے کیونکہ مصطفےٰ کے آگے یائے نسبت بڑھاتے وقت الف کو حذف کر کے یائے معروف کا بڑھا دینا کافی تھا۔ لیکن چونکہ اکثر معتبر اور ثقہ آدمیوں کی کلام میں یہ لفظ بہت جگہ آ گیا ہے۔ اس واسطے چنداں محل تعرض نہیں اسی طرح لفظ مرتضوی کا حال ہے +

مَصعَد ع اوپر چڑھنے کی جگہ۔ بلند جگہ +

مُصعِد ع اونچی جگہ پر چڑھنے والا +

مُصَفّا ع پاک۔ صاف +

مِصقع ع فصیح و بلیغ +

مِصفات ع کسی چیز کو صاف کرنے کا آلہ +

مِصقل۔ مِصقلہ ع صیقل کرنے کا آلہ۔ وہ چیز جس سے زنگ چھڑایا جائے +

مَصقُول ع زنگ دور کیا گیا۔ صیقل کیا گیا۔ صاف کیا گیا +

مُصَلّا۔ مُصَلّیٰ ع جائے نماز۔ عیدگاہ۔ جامع مسجد۔ نماز پڑھنے کا بوریہ۔ یا کپڑا

مُصلّا ئے شیراز ف شیراز کی عیدگاہ +

مُصلِح ع اصلاح دینے والا۔ درست کرنے والا۔ سنوارنے والا۔ اچھا بنانے والا +

مَصلحت ع نیک صلاح۔ نیک تجویز۔ صلاح۔ بہتری۔ بھلائی +

مَصلُوب ع سولی دیا گیا۔ پھانسی دیا گیا۔ حضرت مسیح جو بموجب عقیدہ نصاریٰ کے سولی دئے گئے +

مُصَلّی ع نماز پڑھنے والا۔ درود بھیجنے والا (پیغمبر پر) +

مُصمَت ع اندر سے بھرا ہوا۔ جو مجوف نہ ہو۔ وہ زخم جو اندر سے صاف ہو کر اس کے دونوں کنارے مل جائیں۔ یکرنگ گھوڑا +

مُصَمَّت ع چپ کرایا گیا +

مُصَمِّم ع پکا۔ مضبوط۔ پختہ عزم۔ جزم پکا ارادہ +

مَصنَع ع قلعہ۔ کاریز۔ حوض۔ آبگیر +

مُصَنَّع ع بنایا ہوا۔ کاریگری کیا ہوا +

مُصَنِّف ع کتاب تصنیف کرنے والا۔ بنانے والا کتاب کا +

مُصَنَّفات ع کتابیں۔ تصنیفات +

مُصَنَّفہ ع تصنیف کی ہوئی (کتاب وغیرہ) تصنیف کردہ شدہ +

مَصنُوع ع وہ شے جو کاریگر سے بنی ہوئی ہو +

مَصنُوعات ع مخلوقات +

مَصنُوعی ع بر خلاف قدرتی کے۔ وہ شے جس کے بنانے میں انسان کا ہاتھ لگا ہے +

مُصَوِّر ع تصویر کھینچنے والا +

مُصَوَّر ع تصویر۔ نقش کیا گیا +

مُصَوِّرہ ع وہ قوت جس سے نقاش حقیقی کے حکم سے رحم میں شکل بچہ کی بن جاتی ہے +

مَصُون۔ مَصُونہ ع محفوظ۔ نگہبانی کیا گیا۔ بعض لوگ مضمون پڑھتے ہیں۔ سو غلط ہے اس واسطے کہ اجوف ہے۔ (ماخوذ صون سے) مضموم العین نہیں +

مُصِیب ع درست پہنچنے والا۔ ٹھیک رسندہ۔ صواب یابندہ +

مصیبت ع دکھ۔ تکلیف۔ حادثہ +
مصیبت خانہ ف ماتم خانہ +
مصیر ع جائے بازگشت۔ مائل ہونا۔ پھرنا
مصیف ع سرد مکان جہاں گرمی میں بیٹھتے ہیں۔ گرما میں بیٹھنے کی جگہ۔ پانی کی ٹیڑھی نالی +
مصیقل ع روشن کیا گیا۔ زنگ و تیرگی سے صاف کیا گیا +
مصیقل ع صاف کرنیوالا۔ روشن کرنیوالا

میم مع ضاد معجمہ

مضا ع گزرنا۔ پورا ہونا۔ روانی +
مضاجع ع جمع مضجع کی۔ خوابگاہیں +
مضاجعت ع باہم ایک جگہ سونا +
مضادت۔ مضادہ ع دشمنی کرنا ضد کرنا۔ مخالفت رکھنا کسی سے +
مضار ع جمع مضرت کی +
مضار ع ضرر پہنچانے والا +
مضار ع روانی۔ گذر جانا۔ گذرنا +
مضارب ع جمع مضرب کی +
مضاربت ع نفع کی شراکت پر مال کسی کو دینا۔ تجارت میں شریک ہونا +
مضارع ع مشابہ۔ صیغہ اسم فاعل کا ہے مضارعت مصدر سے۔ اور وہ فعل ہے جس میں معنی حال اور استقبال دونو مفہوم ہوتے ہیں۔ چونکہ (عربی میں) مضارع حرکات و سکنات اور عدد حروف وغیرہ میں اسم فاعل سے بڑی مشابہت رکھتا ہے۔ اس واسطے مضارع (شبیہ۔ مشابہ) کہلایا۔ بقول بعض مضارع کے معنے ہیں "وہ بچہ جو دوسرے بچے کے ساتھ ایک ہی چھاتی سے دودھ پیئے۔ دودھ شریک" چونکہ اس میں بھی ایک بچہ (حال) دوسرے بچہ (استقبال) کے ساتھ ملکر ایک ہی چھاتی (لفظ) سے دودھ پیتا ہے۔ یعنی ایک ہی (لفظ) سے دو معنے مفہوم ہوتے ہیں۔ اس واسطے مضارع کہلایا۔ علم عروض کے ایک بحر کا نام بھی ہے۔ جس میں مفاعیل فاعلات چار دفعہ آتا ہے +
مضارعت ع مشابہت۔ مشابہ ہونا
مضاعف ع دوچند۔ اور وہ کلمہ کہ جس کے آخر میں دو حرف ایک جنس کے آویں +
مضاف ع منسوب۔ متعلق۔ اضافت کیا گیا۔ نسبت کیا گیا +
مضافات ع منسوبات۔ متعلقات کسی شہر کے آس پاس کے قصبات اور دیہات۔ وہ دیہات جو ایک شہر کے متعلق ہوں +
مضاف الیہ ع وہ اسم جس کی طرف کسی شے کو لگا دیں۔ جیسے اسپ زید (زید کا گھوڑا) میں اسپ مضاف ہے زید مضاف الیہ +
مضافین ع مضاف و مضاف الیہ
مضامیر ع جمع مضمار کی +
مضامین ع جمع مضمون کی۔ معنی۔ مطالب
مضاہات ع مشابہ ہونا۔ مانند ہونا +
مضاہی ع مانند۔ مشابہ +
مضایق ع جمع مضیق کی۔ تنگ جگہیں۔ جا بجا سے تنگ +
مضایقہ ع تنگی۔ دشواری۔ ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ پرواہ۔ [illegible] بالکل غلط ہے +
مضبوط ع ضبط کیا گیا۔ مستحکم +
مضج ع آواز کرنیوالا۔ نالہ کرنیوالا +
مضجع ع خوابگاہ۔ سونے کی جگہ +
مضحک ع ہنسی کی جگہ۔ جس چیز یا جس شخص پر ہنسیں اور ٹھٹھے اڑائیں +
مضحک ع ہنسی لانیوالا۔ ہنسانیوالا
مضحکات ع وہ لطیفے کہ جس سے ہنسی پیدا ہو۔ ہنسانیوالی چیزیں +
مضحکہ ع وہ شخص جس پر ہنسیں +
مضر ع ضرر پہنچانیوالا +
مضر ع عرب کے ایک قبیلے کے بزرگ کا نام ہے +
مضر ع جائے تنگی۔ ضرر پہنچنے کی جگہ۔
مضراب ع وہ آلہ جس سے ماریں بجانے کا آلہ۔ ستار بجانے کا اوزار +
مضرات ع ضرر دینے والی چیزیں +
مضرب ع جائے ضرب۔ خیمہ لگانے کی جگہ +
مضرت ع نقصان۔ دکھ۔ ضرر۔ تکلیف +
مضرور ع وہ شخص جس کو ضرر پہنچا ہو۔ ضرر رسیدہ +
مضطر ع ضرر رسیدہ۔ مجازاً بے اختیار بیچارہ۔ بے قرار۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے اضطرار مصدر سے۔ اور اضطرار افتعال کے وزن پر ہے۔ جو اصل میں اضترار تھا۔ کیونکہ باب افتعال کے جس مصدر میں فا کلمہ ص یا ض واقع ہوتا ہے۔ اس کی ت طا سے بدل جاتی ہے۔ جیسا کہ اضطراب۔ اصطبار کہ اصل میں اضتراب و اصتبار رکھتے +
مضطرب ع بیقرار۔ اضطراب والا +
مضغ ع چبانا۔ خائیدن +
مضغہ ع گوشت کا پارہ۔ گوشت کا ٹکڑا لقمہ اتنی مقدار جو ایک دفعہ چبائی جاوے +
مضل ع گمراہ کرنے والا +
مضلات۔ مضلہ ع جائے ضلالت جائے گمراہی۔ وہ زمین جس میں آدمی رستہ بھول جائے +
مضمار ع دبلا کرنے کا آلہ۔ گھوڑوں کی ریاضت کا میدان۔ مطلق میدان +
مضمر ع دل میں رکھا گیا۔ پنہاں۔ پوشیدہ
مضمر ع اسپ تیز رفتار و باریک میان اسپ قریہ +
مضمحل ع محو ہونیوالا۔ ناچیز۔ سست فارسی میں بہ تشدید لام بھی مستعمل ہے +
مضموم ع پیش کیا گیا۔ جس حرف پر پیش ہو۔ جیسے دال دُم کی +
مضمون ع ضمن میں لیا ہوا۔ درمیان میں آیا ہوا۔ مجازاً معنی۔ مطلب +
مضمون خطاب ع مضمون کے معنے ضمن میں لیا ہوا۔ اور مجازاً مطلب کے ہیں۔ اور خطاب کے معنے روبرو بات چیت کہنا۔ اور مجازاً قہر و غضب و خفگی کے ہیں۔ مرکب کے معنے ہیں مطلب خفگی غضب کا سبب یعنے وہ چیز جس پر خفگی ہوئی ہو +
مضی ع روشن ہونے والا۔ روشن کرنے والا +
مضیق ع تنگ جگہ +
مضے ما مضے ع گذرا۔ جو کچھ گذرا +

میم مع طائے مہملہ

مطا ع پشت۔ پیٹھ +
مطابق ع موافق۔ برابر +
مطابقت ع موافقت۔ برابری +
مطار ع اڑنا۔ اڑنے کی جگہ +

مَطَارِح ع جمع مطرح کی +

مُطَارَحات ع خوشامد کی باتیں۔ خوشامدیں +

مُطَارَحَہ ع کسی سے بات کا کہنا۔ مجازاً مشورہ کرنا۔ اور کبھی خوشامد کے معنی میں بھی آتا ہے +

مُطَاع ع اطاعت کیا گیا۔ سردار۔ مخدوم +

مَطَاعِم ع جمع ہے مطعم کی +

مَطَاعِن ع جمع ہے طعن کی۔ عیب۔ طعنے +

مَطَاف ع گرداگرد پھرنے کی جگہ۔ طواف کی جگہ +

مَطَالِب ع جمع مطلب کی۔ مرادیں +

مُطَالَبَہ ع طلب کرنا۔ مانگنا۔ تقاضا کرنا۔ اپنا حق چاہنا۔ مجازاً عاملوں۔ تحصیلداروں وغیرہ کی طرف سے سرکاری روپیہ طلب کیا جانا +

مَطَالِع ع جمع مطلع کی۔ طلوع ہونے کی جگہیں۔ علم کلام کی ایک کتاب کا نام بھی ہے +

مُطَالَعَہ ع کسی چیز کو اس سے واقفیت پیدا کرنے کے واسطے دیکھنا +

مَطَابِع ع جمع طبع کی +

مُطَاوِع ع فرمانبرداری کرنے والا +

مُطَاوَعَت ع اطاعت کرنی۔ فرمانبرداری کرنی +

مَطَاوِی ع جمع ہے مطوی کی +

مَطَایَا ع جمع ہے مطیہ کی۔ وہ چارپائے جن کی پشت پر سوار ہوتے ہیں۔ جیسے گھوڑا۔ اونٹ۔ گدھا۔ خچر وغیرہ سواریاں

مُطَایِبَات ع جمع مطایبہ کی۔ خوش طبعیاں۔ ٹھٹھے۔ ہنسیاں +

مُطَایَبَہ ع خوش طبعی۔ دل لگی۔ ہنسی۔ مزاح

مَطَب ع جس جگہ طبیب بیٹھ کر معالجہ بیماروں کا کرے۔ فارسی والے ب کو بہ تشدید استعمال کرتے ہیں +

مَطبَخ ع جائے طبخ۔ کھانا پکانے کی جگہ۔ باورچی خانہ +

مُطَبِّخ ع کھانا پکانے والا۔ باورچی۔ خانساماں +

مَطبَخی ع کھانا پکانے والا۔ باورچی +

مُطَبَّق ع تہ بہ تہ کیا گیا۔ سرپوش دار۔ ایک قسم کا کپڑا بھی ہے +

مَطبُوخ ع پکی ہوئی چیز۔ پکائی گئی۔ جوشاندہ +

مَطبُوع ع طبع کی گئی۔ چھاپی گئی۔ پسند کی گئی +

مِطحَن ع چکی۔ آسیا +

مَطَر ع بارش۔ باراں +

مِطَر ع تازگی +

مُطَرّا ع تازہ۔ مجازاً صاف و آبدار +

مَطَرات ع جمع ہے مطر کی۔ بارانہا مینہہ

مِطرَاق ع ہتھوڑا +

مِطرَان ع عیسائیوں کا سرگروہ۔ کافروں کا سردار +

مُطرِب ع خوش کرنے والا۔ در طرب آرندہ۔ مجازاً گویا۔ گانے والا۔ ڈوم +

مُطرِبَہ ع ڈومنی۔ گانے والی عورت۔ جس سے خوشی حاصل ہو +

مَطرَح ع جائے انداختن۔ ڈالنے کی جگہ۔ کہیں۔ شکاریوں کا ٹھیا جس میں شکار ڈالتے جاتے ہیں +

مُطَّرِد ع ایک وتیرہ ہونے والا پے در پے ایک دوسرے کے ہونے والا +

مِطرَد ع چھوٹا نیزہ۔ وہ کپڑا جو اور کپڑوں کے نیچے پہنیں +

مُطَرَّز ع زینت دیا گیا۔ مزین +

مُطَرَّف ع وہ گھوڑا جس کا سر اور دُم سیاہ یا سفید ہو۔ اور باقی اعضا کسی اور رنگ کے۔ مزین۔ پرزینت۔ سجع کی ایک قسم ہے جس میں ایسے لفظ ہوں جن کی ردی تو ایک ہو مگر لفظ کے حروف کی شمار برابر نہ ہو۔ اور وزن بھی ایک نہ ہو۔ جیسے حال و مقال و وقار و اطوار وغیرہ +

مُطرَف ع علم کی چادر +

مِطرَقَہ ع ہتھوڑا لوہاروں کا جس سے لوہا کوٹتے ہیں +

مَطرُود ع نکالا گیا۔ راندہ گیا۔ مردود +

مِطرِیس ع ت خندق +

مَطعَم ع خوراک۔ خورش۔ کھانا +

مَطعُومات ع خوردنیہا و طعامہا +

مطعون ع نیزہ مارا گیا۔ بھالا مارا گیا۔ مجازاً عیب لگایا گیا۔ معیوب +

مُطفِی ع بجھانے والا +

مُطَلّا ع طلا کیا گیا۔ طلائی۔ زر اندودہ +

مَطلَب ع طلب کی جگہ۔ مراد یعنی مقصود

مُطَّلِب ع عبد المناف کے بیٹے کا نام ہے۔ جو جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا دادا تھا +

مَطلَب ف طلبیدن مصدر سے نہی کا صیغہ ہے +

مَطلَس ع روپیہ جس پہ سکہ نہ ہو۔ بے نقش درم و دینار +

مُطلِع ع خبر دینے والا۔ اطلاع کرنے والا +

مُطلَع ع اطلاع دیا گیا۔ خبر دیا گیا +

مَطلَع ع طلوع ہونے کی جگہ۔ اصطلاح شعرا میں پہلا شعر غزل یا قصیدہ کا۔ اور دوسرے شعر کو حسن مطلع۔ اور آخر شعر کو مقطع بولتے ہیں +

مُطلَق ع آزاد۔ بے قید۔ رواں کیا گیا

مُطلَق العِنَان ع جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو۔ آزاد۔ بے قید۔ بے تعرض خود مختار۔ جو چاہے سو کر گذرنے والا شخص

مَطلُوب ع طلب کیا گیا۔ جس چیز کی خواہش ہو +

مَطمَح ع نظر رکھنے کی بلند جگہ۔ نظر پڑنے کی جگہ۔ جائے افتادن۔ طمع کرنے کی جگہ۔ جائے طمع +

مَطمَع ع کسی کے طمع رکھنے کی جگہ +

مطمورہ ع پوشیدہ کیا گیا۔ تہ خانہ۔ تہ خانہ۔ پوشیدہ مقام +

مَطمُوع ع لالچ دیا گیا۔ طمع دیا گیا +

مُطمَئِن ع آرمیدہ۔ سکون۔ گیرندہ تسکین پانے والا۔ اطمینان رکھنے والا بجمعیت۔ فارسی والے اپنے قاعدے کے بموجب ایسے بھی بے تشدید نون استعمال کرتے ہیں +

مُطنِب ع طول دینے والا۔ بہت بولنے والا۔ اطناب سے مشتق ہے +

مُطَوِّعَہ ع جہاد کرنے والی وہ جماعت جس پر جہاد واجب نہ ہو +

مُطَوَّق ع طوق کیا گیا۔ گردن میں طوق ڈالا گیا۔ قید کیا گیا +

مَطوِی ع لپٹا ہوا - لپیٹا گیا - پیچیدہ شدہ شکن +
مطویات ع لپٹی ہوئی چیزیں چیز یا پیچیدہ
مطویاتِ خاطر ع دل کے ارادے - آرزوئیں +
مُطَہِّر ع پاک کرنے والا +
مِطہَرہ ع وضو کرنے کا لوٹا - چھاگل آفتابہ
مُطَیِّب ع خوشبو دینے والا - پاک شوندہ +
مُطَیَّب ع خوشبو کیا گیا - پاک کیا گیا +
مُطَیِّر ع شر سندہ - پرندوں کی تصویریں بنانے والا +
مَطِیر ع برسنے والا +
مُطِیع ع فرمانبردار - اطاعت کرنے والا +
مطیع باللہ ع خلفائے بغداد سے ایک خلیفہ ہے - جس نے ۳۳۴ھ سے ۳۶۳ھ تک سلطنت کی - یہ خلیفہ مذہب امامیہ رکھتا تھا +
مُطَیَّن ع مٹی سے لتھڑا ہوا +
مَطِیّہ ع سواری - مرکب +

میم مع ظائے معجمہ

مَظالِم ع جمع ہے مَظلَمہ کی - بے انصافیاں - ستم ہا - اور وے جگہیں جہاں پر ظالموں کو سزا ملتی ہے عدالتیں کچہریاں +
مَظانّ ع شبہ کرنے کے موقعہ گمان کرنے کی جگہیں - کبھی یہ لفظ بمعنی واحد بھی مستعمل ہوتا ہے +
مُظاہِر ع پشتی دینے والا - مدد دینے والا
مُظاہَرت ع مدد دینی - حمایت کرنی +
مُظَفَّر ع فتحمند - فتح پایا ہوا +
مظفر الدنیا والدین ع فتح مند دنیا

اور دین میں +
مِظَلّ ع سائبان +
مَظلَم ع جائے تاریک +
مُظلِم ع تاریکی - اندھیارا +
مُظلِمہ ع تاریک +
مَظلِمہ ع ظلم ستم - بے انصافی دادخواہی کرنا +
مَظلُوم ع ظلم رسیدہ - جس پر بے انصافی ہوئی ہو +
مِظَلّہ ع سائبان +
مَظنُون ع گمان کیا گیا +
مَظِنّہ ع جگہ گمان لے جانے کی - جگہ شک کرنے کی +
مَظہَر ع جائے ظہور +
مُظہِر ع ظاہر کرنے والا +

میم مع عین مہملہ

مَعَ ع ساتھ - ہمراہ +
معے - مِعا ع انتڑی - رودہ +
مَعاً ع فوراً - اسی وقت +
مَعابِد ع جمع معبد کی +
مَعابِر ع جمع ہے مَعبَر کی +
مُعاتِب ع عتاب کرنے والا - خفگی کرنے والا +
مُعاتَب ع عتاب کیا گیا - خفگی کیا گیا - جس پر عتاب کیا جاوے +
مُعاتَبت ع عتاب کرنا +
مَعاد ع جائے بازگشت - لوٹ کر جانے کی جگہ - مجازاً آخرت - قیامت +
مُعاداۃ ع مخفف معادات کا +
مُعادات ع کسی سے عداوت رکھنا -

پے در پے کرنا +
مُعادِل ع برابر - مساوی - ہموزن ہم قیمت - مجازاً تخمیناً +
مُعادَلت - مُعادَلہ ع برابری - مساوات - انصاف +
مَعادِن ع جمع معدن کی - کانیں +
مَعاذ ع پناہ کی جگہ - اور پناہ دہی - رسولؐ کے ایک صحابی کا نام ہے - جو جبل کا بیٹا تھا - ۱۸ھ میں ۳۸ برس کی عمر پا کر شام میں فوت ہوا +
مَعاذَ اللہ ع یہ اصل میں اعوذ معاذ اللہ ہے - یعنی پناہ چاہتا ہوں میں خدا سے پناہ چاہنی - خدا کی پناہ +
مَعاذِیر ع جمع مَعذِرت کی +
مَعارِج ع جمع ہے معراج کی - سیڑھیاں +
مَعارِس ع جمع ہے معرس کی +
مُعارِض ع جھگڑا کرنیوالا - متعرض +
مُعارَضہ ع جھگڑا - مقدمہ - مناقشہ +
مَعارِف ع جمع ہے معرفہ کی - شناسائی جاہائے شناختن - آشنا لوگ - اہلِ علم اور فضل - نامور لوگ +
مَعارِک ع جمع معرکہ کی +
مُعارَکہ ع لڑائی - جنگ
مَعاش ع زندگی کرنا - اور وہ چیزیں جن سے زندگانی کی جائے - جائے زندگانی - مراد دنیا +
مَعاشِر ع جمع معشر کی +
مُعاشِر ع ہم صحبت - رفیق +
مُعاشَرت ع آپس میں مل جل کر زندگانی کرنا - کسی کے ہمراہ عیش کرنا +
مُعاصِر ع ہمعصر - اپنے زمانہ کا +

مَعاصِی ع جمع مَعصِیت کی - خطائیں +
مُعاضِد ع مددگار - یاری دینے والا +
مُعاضَدت ع یاری دینا - ایک دوسرے کا بازو بننا +
مُعاطَفت ع مہربانی کرنا +
مُعاف ع بخشا گیا - عفو کیا گیا - درگزر کیا گیا - یہ اصل میں معافٰے (صیغہ اسم مفعول ہے - باب مفاعلت سے جس کا مصدر مُعافات ہے) تھا - ماخوذ عفو سے - فارسی والے الف گرا کر استعمال کرنے لگے - بعض لوگ میم پر فتحہ پڑھتے ہیں - سو بالکل غلط ہے +
مُعافٰے ع اسم مفعول عفو سے مشتق باب مفاعلہ کا ہے - بخشا گیا - عفو کیا گیا +
مُعافِی ع صیغہ اسم فاعل کا - معاف کرنے والا +
مُعاقِب ع عذاب کرنے والا - عقوبت کرنے والا +
مُعاقَبت ع عذاب کرنا - دکھ دینا - یعنی مارنا - باندھنا وغیرہ +
مَعاقِد ع جمع ہے معقد کی +
مُعاقِد ع عقد کرنے والا - عہد باندھنے والا - نکاح کرنے والا +
مُعاقَدت ع باہم ایک بات میں عہد کرنا - نکاح کرنا - ضمان کرنا +
مَعاقِل ع معقل کی جمع ہیں - پناہ کی جگہیں - قلعے +
مُعالِج ع علاج کرنے والا - طبیب +
مُعالَجہ ع علاج کرنا - دوا دارو کرنا
مُعالَجات ع جمع معالجہ کی - [illegible]

مع الحدیث مع القصہ علاوہ القصہ الفرق

مَعالِم ؛ جمع ہے مَعلَم کی۔ جو صیغہ اسم آلہ کا ہے یعنی علامت کے چونکہ یہ جہان دلالت اور علامت صانع حقیقی کی ہے اس لیئے معالم کے معنے عالم دنیا۔ جہان کے ہیں۔

مَعالِمُ التَّنزِیل ؛ قرآن شریف کی ایک تفسیر کا نام ہے۔ جو امام محی السنۃ حضرت ابو محمد حسین بن مسعود بغوی کی تصنیف سے ہے ۔

مَعالی ؛ جمع ہے مُعلیٰ کی ۔

مُعامِل ؛ معاملہ کرنے والا۔ کنایۃً مشتاق ۔ آرزومند ۔

مُعامَلہ ؛ باہم ملکر کوئی کام کرنا ۔ عمل کرنا ۔ کام کرنا ۔

مُعاملہ کردن ف ؛ آپس میں لین دین کرنا

مَعان ؛ یاری دینے کی جگہ ۔ مدد کرنے کی جگہ ۔ مطلق جگہ ۔

مُعانِد ؛ عناد کرنے والا ۔ دشمن ۔

مُعانَدت ؛ باہم دشمنی کرنا ۔ جھگڑنا عناد ۔ دشمنی ۔

مُعانِق ؛ گلے سے لگنے والا ۔ گلے ملنے والا ۔

مَعانِس ؛ جمع معنس کی ۔

مُعانَقہ ؛ گلے ملنا ۔ بغلگیر ہونا ۔

مَعانی ؛ جمع ہے معنیٰ کی ۔ مطالب ۔ مرادیں ۔ ایک علم کا نام ہے ۔ جس کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے ۔ کہ جو لفظ استعمال عبارت میں آیا ہے ۔ وہ مقتضائے حال کے مطابق ہے یا نہیں ۔ اور یہ علم معانی کے ادا کرنے میں جو غلطی واقع ہو اس سے بھی اس کے ذریعے آگاہی اور مضمون کی سخت مشکلات اور اس کی بداسلوبی سے واقفیت حاصل ہوتی ہے ۔ اس کی دو قسمیں ہیں ۔ علم بیان علم بدیع ۔

مُعاوِد ؛ عود کرنے والا ۔ بازگشت کرنے والا ۔ پھر کرنے والا ۔

مُعاوَدت ؛ لوٹ آنا ۔ پھر کر آنا ۔

مُعاوَضت ؛ عوض کرنا ۔ بدلنا ۔

مُعاوِن ؛ مددگار ۔ مدد دینے والا ۔

مُعاوَنت ؛ مدد کرنا ۔ یاری کرنا ۔

مُعاویہ ؛ رسولِ خدا کے ایک صحابی کا نام ہے ۔ جو حضرت علیؓ کے زمانے میں ان کی مخالفت کرکے کئی لڑائیوں کے بعد شام کا مستقل حاکم ٹھہرا ۔ اس نے اپنے بیٹے یزید کو اپنا ولیعہد کرکے ۶۰ھ میں وفات پائی ۔ یزید بن معاویہ کے بیٹے کا نام بھی ہے ۔ جو اپنے باپ کے بعد تخت نشین ہوا ۔ مگر وہ بہت صالح اور نیک بخت آدمی تھا ۔ اس نے منبر پر چڑھ کر کہا کہ خلافت میرا حق نہیں ہے ۔ اولاد علیؓ کا حق ہے ۔ انہیں دیدو ۔ میں اس سے باز آیا ۔

مُعاہِد ؛ عہد کرنے والا ۔

مُعاہَدہ ؛ باہم عہد و پیمان کرنا ۔

مَعایِب ؛ جمع معیب کی ۔

مَعایِش ؛ جمع معیشت کی ۔

مُعایَنہ ؛ سامنے دیکھنا ۔ روبرو دیکھنا اپنی آنکھ سے دیکھنا ۔

مَعبُود ؛ عبادت کیا گیا ۔

مَعبَد ؛ عبادت پرستش ۔ عبادت کی جگہ ۔

مَعبَر ؛ گھاٹ ۔ پل ۔

مِعبَر ؛ دریا سے عبور کرنے کا آلہ ۔ کشتی ۔

مُعَبِّر ؛ تعبیر کرنے والا ۔ بیان کرنے والا ۔

مُعَبَّر ؛ تعبیر کیا گیا ۔ بیان کیا گیا ۔

مِعبَلہ ؛ لمبا اور چوڑا پیکان ۔

مَعبُود ؛ عبادت کیا گیا ۔ پوجا گیا ۔ الٰہ

مُعتاد ؛ عادت کیا گیا ۔ مقدار ہر روز کی ۔ جتنی عادت ہو ۔ عادت پکڑنے والا خوگیر ۔ عادی ۔

مُعتَبَر ؛ اعتبار کیا گیا ۔ جس پر لوگوں کو اعتبار ہو ۔

مُعتَدی ؛ حد سے گذرنے والا ۔ سخت ظالم ۔

مُعتَدبہ ؛ شمار میں آیا ہوا ۔ مُعتبر ۔ قابل اعتبار

مُعتَدِل ؛ مساوی مزاج ۔ جس میں افراط و تفریط نہ ہو ۔

مُعتَدِلُ المِزاج ؛ معتدل مزاج والا ۔ جس کا مزاج معتدل ہو ۔ یعنی جس میں چاروں خلطیں (حرارت ۔ برودت ۔ یبوست رطوبت) اندازۂ مناسب پر ہوں ۔

مُعتَذِر ؛ عذر کرنے والا ۔

مُعتَرِض ؛ اعتراض کرنے والا ۔

مُعتَرِف ؛ مُقِر ۔ اقرار کرنے والا ۔

مُعتَز باللہ ؛ مستعین باللہ کے بعد ۲۵۲ھ سے ۲۵۵ھ تک حکمران رہا ۔ ترکوں نے اسے بھوک یا پیاس کے مارے مار ڈالا

مُعتَزِل ؛ گوشہ نشین ۔ یکسو ہوکر بیٹھنے والا ۔

مُعتَزِلہ ؛ مشہور فرقہ ہے ۔ جو راہ حق سے برکنار رہے ۔ وہ رویتِ لقائے الٰہی کے منکر ہیں ۔ نیکی خدا کی طرف سے سمجھتے ہیں ۔ اور بدی اپنی جانب سے ۔ کبیرہ کے مرتکب کو نہ مومن خیال کرتے ہیں نہ کافر

مُعتَصِم ؛ کسی چیز میں اس سے مدد لینے کی خاطر چنگل مارنے والا ۔ پناہ لینے والا ۔

مُعتَصِم باللہ ؛ ابو اسحاق محمد بن ہارون رشید اپنے بھائی مامون کے بعد تخت نشین ہوا ۔ اس نے آذربائیجان کی بغاوت کو دبایا ۔ قیصر روم پر فتح پائی ۔ سُرّمن رای جسے سامرہ کہتے ہیں ۔ بسایا ۔ اسی نے ترک غلاموں کو سب سے پہلے خرید کر اپنا معتبر بنایا ۔ عباسی خلیفوں میں یہی آٹھواں تھا ۔ ۲۱۸ھ سے ۲۲۷ھ تک خلیفہ رہا ۔

مُعتَضِد ؛ مدد لینے والا ۔ خلفائے عباسی سے ایک خلیفہ ہے ۔ جو علویوں کی بہت رعایت کرتا تھا ۔ انہی کے عہد میں عمرو بن لیث کو اسمٰعیل سامانی نے قید کرکے اس کے پاس بھیجا ۔ یہ خونریزی ۔ عورتوں کی صحبت ۔ تعمیرِ عمارات سے بہت محبت رکھتا تھا ۔ چوروں کو زندہ نہ چھوڑتا ۔ ۲۷۹ھ سے ۲۸۹ھ تک حکمران رہا ۔

مُعتَقِد ؛ اعتقاد رکھنے والا ۔ دل کا بھروسا رکھنے والا ۔ یقین کرنے والا ۔

مُعتَکِف ؛ اعتکاف کرنے والا ۔ دنیا سے کنارہ کرنے والا ۔ مسجد میں عبادت کے واسطے جو شخص بیٹھ رہے ۔ اور باہر نہ نکلے ۔

مُعتَل ؛ بیمار ہونے والا ۔ اصطلاح صرف میں وہ فعل یا اسم جس میں حرف علت ہو ۔

مُعتَمِد ؛ اعتماد کرنے والا ۔

مُعتَمَد ؛ اعتماد کیا گیا ۔ جس پر لوگوں کو اعتماد ہو ۔

مُعتَمِد علی اللہ ؛ خلفائے عباسیہ سے

ہے - ۲۵۶ھ سے ۲۷۹ھ تک خلیفہ رہا یعقوب لیث نے اسی کے عہد میں بغاوت کی
مُعتُوہ - ع - بے عقل - بے ہوش دیوانہ وہ شخص جو کبھی دیوانوں کی سی باتیں کرنے لگ جائے اور کبھی داناؤں کی سی۔
مُعتَمَد - ع - معتمد آدمی - جس پر اعتماد ہو - جس کو کچھ سمجھا جائے -
مُعتَنی - ع - اہتمام کرنیوالا علاج کرنیوالا
مُعجِب - ع - صیغہ اسم فاعل کا ہے اعجاب مصدر سے - خودپسند - متکبر - مغرور - تعجب میں ڈالنے والا -
مِعجَر - ع - اوڑھنی عورت کے اوڑھنے کا دوپٹہ
مُعَجَّر زر بیخ - فا - خزاں کے مارے جھڑ ہوئے پتے - زرد پھول - صبح صادق -
مُعجِز - ع - عاجز کرنیوالا -
مُعجزات - ع - جمع معجزہ کی -
مُعجِزہ - مُعجِز - ع - عاجز کرنیوالا - خرق عادت - وہ بات جس کے کرنے پر انسان قادر نہ ہو - صرف خدا کی مہربانی سے کسی شخص کو ایسی قوت مل جائے جس سے وہ انسانی طاقت سے بڑھکر کام کر دکھلائے
معجزہ مسیح - ع - مائدہ جو حضرت عیسیٰؑ پر آسمان سے نازل ہؤا تھا حضرت عیسیٰؑ کا مردے کو زندہ کرنے کا معجزہ -
مُستَعجِل - ع - جلدی کرنیوالا -
مُستَعجَل - ع - جلدی - بے مہلت -
مُعجَم - ع - حروف تہجی - حروف تہجی میں سے نقطہ دار حرف -
مُعجَمہ - ع - وہ حرف کہ جس پر نقطہ ہو -
مَعجُون - ع - گوندھا ہؤا - اصطلاح اطبا میں معجون ایک مرکب دوا ہے جو چند پسی ہوئی دواؤں سے شہد یا قند وغیرہ کے قوام میں بنائی جائے +
معجون کش - فا - وہ چیز جس سے معجون کو برتن سے نکالیں -
مُعِد - ع - تیار کرنے والا - آمادہ کرنیوالا
مُعَدّ - ع - تیار - آمادہ - تیار کیا گیا -
مُعَدّد - شمار کیا گیا - ساز و سامان دیا گیا
مُعدِل - ع - بڑے ترازو کے پلڑے کی شکل کا ایک برتن ہے جو کھجور کے پتوں وغیرہ سے بناتے ہیں اور سکتے ہوئے مغز کسی چیز کے اس میں ڈالتے ہیں پھر شکنجہ میں رکھکر اس کا روغن نکالتے ہیں +
معدل النہار - ع - وہ دائرہ کہ خط استوا کے محاذات میں آسمان پر ہے اور جس پر آفتاب کے پہنچنے سے دن رات برابر ہوتے ہیں -
معدلت - ع - عدل و انصاف -
معدم - ع - نیست کرنے والا - نابود کرنے والا -
معدن - ع - کھان - سونے چاندی وغیرہ کی کان -
معدنی - ع - کانی - منسوب بہ معدن سرخ رنگ کا ایک کپڑا بھی ہے -
معدنیات - ع - کانی چیزیں - جیسا سونا چاندی وغیرہ -
معدود - ع - شمار کیا گیا - گنا ہؤا - تھوڑا سا مقدار - قلیل -
معدوم - ع - عدم کیا گیا - نیست کیا گیا -
مِعدہ - ع - اوجھ - جس میں کھانا ہضم ہوتا ہے -
معدہ تنگ کردن - معدہ پُر کردن - ف - پیٹ بھر کر کھانا - سیر ہوکر کھانا - بہت کھانا -
معدہ انبار - معدہ انبار ف بسیار خوار - بڑ پیٹو -
مُعَذِّب - ع - شکنجہ - عذاب کرنیوالا دکھ دینے والا -
معذر - ع - عذر کرنیوالا - حیلہ کرنے والا - بہانہ کرنے والا -
معذرت - ع - عذر - حیلہ - بہانہ -
معذل - ع - وہ شخص جس کی سخاوت و داد و دہش پر ملامت کیگئی ہو
معذور - ع - عذر کیا گیا - بہانہ کیا گیا جس کو کسی امر میں کوئی عذر ہو -
معذول - ع - ملامت کیا گیا -
مُعَرّا - ع - برہنہ - ننگا - وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ ہو -
معراج - ع - آلہ عروج - اوپر چڑھنے کی چیز - سیڑھی کا ڈنڈا - سیڑھی - اور جناب رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا معراج جو نبوت کے بارھویں سال ہؤا تھا - اُس کا مختصر بیان یہ ہے کہ ماہ رجب کی ستائیسویں شب کو حضرت جبرائیل علیہ السلام پیغمبر علیہ السلام کے واسطے براق لائے - اور آنحضرت سوار کرکے پہلے بیت المقدس[1] کی طرف لیگئے - وہاں فرشتوں کی فوج آپ کے استقبال کو کھڑی تھی سب نے ادب سے سلام کیا - پیغمبر خدا براق سے اُترے اور جس حلقے سے اور پیغمبر اپنی سواری کے جانور باندھا کرتے تھے اُسی حلقے سے براق کو باندھ دیا اور مسجد میں نماز پڑھی - پھر حضرت جبرائیلؑ پیغمبر خدا کو آسمان پر لے گئے - وہاں انبیا سے اُن کی ملاقات ہوئی - اور سب نے خوش ہوکر تعظیم و تکریم کی - اس کے بعد سدرۃ المنتہیٰ بیت المعمور - حوض کوثر نہر الرحمۃ نظر مبارک سے گذریں بہشت و دوزخ کو ملاحظہ فرمایا - جب اور بھی عروج پر پہنچے تو حضرت جبرائیلؑ نے رخصت چاہی اور کہا آج میں آپ کے سبب سے یہاں تک بھی آیا - اور اس سے آگے چونکہ مجھے مجال نہیں ہے - پھر آپ تنہا چلے اور ایسے مقام پر پہنچے کہ براق بھی چلنے سے رہ گیا - پھر رفرف پر آپ سوار ہوئے اور پایۂ عرش کے قریب پہنچے بارگاہِ قرب میں پہنچکر آپ نے نور الٰہی بخوبی مشاہدہ کیا - ہزاروں باریک نقطے معلوم ہوئے تمام مطلب اور مقصد خاطر خواہ درست ہوئے - وہاں سے رخصت ہوکر بیت المقدس اور پھر خوابگاہ میں تشریف لائے -
معارض - ع - بے پر تیر - جس کے دونوں سرے باریک ہوتے ہیں اور درمیان سے موٹا ہوتا ہے -

[1] بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ حضرت کے وقت بیت المقدس بنا ہؤا کہاں تھا وہ تو پہلے ہی ڈھ چکا تھا - وہاں نماز پڑھنی کیسی لیکن انکو یہ سمجھنا چاہیے کہ وہ مسجد گو ڈھ گیا اب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ کی مسجد ہے (زمین پر نہیں ڈھ گئی تھی وہاں پر (جیسے کہ اس جگہ کی حالت تھی) آپ رونق افروز اور شرف افزا ہوئے اور نماز پڑھ لی +

مُعَرَّب - ع - وہ لفظ جس کو عربی بنا لیا ہو - اور اصل میں کسی اور زبان کا ہو - جیسے مُشک (بمعنے کستوری) جو فارسی لفظ ہے - اس کا معرب (عربی بنالیا ہوا لفظ) مسک ہے -
معرۃ النعمان - ع - ایک آباد شہر کا نام ہے جو حلب سے پندرہ فرسنگ کے فاصلہ پر ہے
مَعْرَج - ع - زینہ - بان - سیڑھی
مَعْرَج - ع - اوپر چڑھنے کی جگہ -
مُعَرَّج - ع - ایک قسم کا نفیس منقش کپڑا ہے -
معرج گیر - ف - معرج بننے والا -
معرج گران فلک - ف - قضا و قدر - عقول عشرہ -
مُعْتَرِکَہ - ع - جنگ - جو - لڑاکا - بدخو
مُعَرَّس - مُعْرَس - ع - اترنے کی جگہ - وہ مقام جہاں اتریں -
مُعْتَرِض - ع - منہ پھیرنیوالا - اعراض کرنے والا - روگردانی کرنیوالا -
مَعْرَض - ع - عرض کرنیکی جگہ - ظاہر کرنیکی جگہ -
مُعَرَّف - ع - شناختہ شدہ - تعریف کردہ شدہ - معرفہ کیا گیا -
مُعَرِّف - ع - تعریف کرنیوالا - حد بتلانیوالا - پہچاننے والا - وہ شخص جو دربار اُمراء و سلاطین میں ہر ایک درباری کو اُس کے درجہ اور مرتبہ پر (رتبہ اور درجہ اُنکا پہچانکر) بٹھلاتا ہو - وہ شخص جو اہلِ حاجت آدمی کو بادشاہ کے سامنے پیش کر کے اس کا حال بیان کرتا ہو - چوبدار -

مَعْرِفَت - ع - شناخت - پہچان - خدا کی شناخت - خدا کی شناسی - لغوی معنی ایال گھوڑے کے -
مَعْرِفَہ - ع - وہ اسم ہے جو معین شے پر بولا جائے - اس کی سات قسمیں ہیں عَلَم - اسمِ ضمیر - اسمِ اشارہ - اسمِ موصول معہود ذہنی یا خارجی - مضاف پانچوں قسموں مذکورہ کی طرف - منادیٰ -
مُعْرِق - ع - وہ چیز جس سے پسینہ آجائے پسینہ لانیوالی شے -
مَعْرَکَہ - ع - میدانِ جنگ - لڑائی -
معرکہ گیر - ف - کشتی کرنیوالا - بازار میں تماشا کرنیوالا -
مَعْرُوری - ع - گھوڑے پر اس حالت میں سوار ہونیوالا - جبکہ گھوڑے پر زین وغیرہ کچھ نہ لگایا گیا ہو -
مَعْرُوض - ع - عرض کیا گیا - پیش کیا گیا
مَعْرُوف - ع - مشہور - جو معلوم ہو - احسان
مَعْرُوف کرخی - ع - ایک عارف کامل کا نام ہے - جو پہلے دین مسیحی رکھتے تھے جب اُن باپ نے اُنہیں مکتب میں بٹھلایا تو اُستاد نے تثلیث کی تعلیم دی - اپنے اُستاد کے برخلاف کہا کہ ہو اللہ احد - اور بار بار توحید کا ذکر کیا - اُستاد نے جھڑکا اور بہت تنبیہ دی - آپ وہاں سے نکل گئے اور علی بن موسیٰ رضا رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آکر مسلمان ہو گئے - کچھ عرصہ بعد پھر گھر میں آئے اور ماں باپ بھی آپکے مسلمان ہو گئے - تو بہت بڑے مرتبہ پر پہنچے کہ آپ ولیوں کے سرتاج بن گئے آپکی وفات سنہ ۲۰۰ھ میں ہوئی - آپکا مدفن کرخ (محلہ بغداد) ہے +

مَعْرُوفی - ع - مشہوری - شہرت نام آوری - گھمنڈ
مَعْز - ع - بکری - بکرا -
مُعِزّ - عزت والا - خدا تعالےٰ کا ایک نام ہے -
مُعَزّ - ع - عزت کیا گیا +
مُعَزّی - ع - ماتمی - سوگوار
مُعَزَّز - ع - عزت کردہ شدہ - جس کی لوگ عزت کریں - عزت دار +
مُعْتَزِم - ع - عزیمت خوان منتری
مَعْزُول - ع - برخاست کیا گیا - نوکری سے برطرف کیا گیا - بیکار
مَعْزُولی - ع - بیکاری
مُعَزِّی - ع - تعزیت کرنیوالا -
مُعِزّی - ع - منسوب بہ مُعِزّ - جو خدا تعالےٰ کا ایک نام ہے - ایک بادشاہ اور ایران کے متقدمین شعرا میں سے ایک شاعر کا نام بھی ہے +
مَعْزی - ع - منسوب +
مَعْزی الیہ - ع - منسوب الیہ - کسی کی طرف منسوب کیا گیا -
مُعْسِر - ع - تنگدست - درویش - فقیر - مفلس
مُعَسَّر - ع - دشوار
مُعَسْکَر - ع - لشکر کے اترنے کی جگہ چھاؤنی - کیمپ -
مُعَمَّم - ع - عمامے والا - پگڑی والا
مُعْشار - ع - دسواں حصہ لینا - دسواں حصہ -
مَعْشَر - ع - اقارب - رشتہ دار لوگ گروہ - دوستوں کا گروہ +
مُعَشَّر - ع - وہ چیز جس کے دس گوشے ہوں - دس کونے کی شے +

مَعْشُوش - ع - اکٹھا کیا ہوا - کمایا ہوا پیوند لگایا ہوا - پیراہن - ایک صنعت شعری کا نام بھی ہے +
معشوق - ع - عشق کیا گیا - یعنے وہ شخص جس پر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو +
مَعْشوق سنگدل - معشوق سنگدل - ف - دنیا - جہان - سخت دل والا -
معشوقہ - ع - عورت جس پر کوئی مرد عاشق ہو -
مِعْصَر - ع - نچوڑنے کا اوزار -
مَعْصَرَۃ - ع - شراب کھینچنے کی جگہ - نچوڑنے کی جگہ -
مَعْصَرہ - ع - جس سے کوئی چیز نچوڑی جائے - اور تیل نکالا جائے تیلیوں کا کولھو -
مُعْصِرات - ع - وہ بادل جو برسنے پر ہوں
مُعَصْفَر - ع - کسنبہ کے پھول -
مُعَصْفَر - ع - کسنبہ کے پھولوں سے رنگی ہوئی چیز -
مِعْصَم - ع - کلائی - پہنچا -
مَعْصُوم - ع - بے گناہ - گناہ سے بچایا گیا -
مَعْصُومی - ع - عصمت - پاکدامنی
مَعْصِیَت - ع - گناہ - نافرمانی -
مُعْضِل - مُعْضِلہ - ع - مشکل کرنے والا - مشکل -
مُعْضِلات - ع - جمع معضلہ کی
مُعَطَّر - ع - خوشبودار -
مُعَطِّش - ع - پیاس لگانیوالی شے
مُعَطَّل - ع - بیکار - کام سے خالی

مُعطُوف - ع - لپٹا ہوا - پلٹا ہوا
پھیرا گیا - عطف کیا گیا -
معطوف علیہ - ع - جس پر عطف
کیا جائے -
مُعْطِی - ع - عطا کرنیوالا - بخشنے والا -
مُعَظَّم - ع - بزرگ - بزرگی دیا گیا -
مُعَظَّم - ع - بڑا - کلان -
مُعَظَّمات - ع - بڑے بڑے کام - بڑے
مُعَظَّمہ - ع - صاحبِ عظمت و
بزرگ عورت -
مَعْفُوّ - ع - عفو کیا گیا - معاف کیا گیا
مُعاف - فارسی والے واؤ کو ساکن پڑھتے ہیں
مَعْقد - ع - باندھنے کی جگہ - جائے گرہ
ضمانت کی جگہ - عہد کرنے کی جگہ -
مُعَقَّل - ع - وہ اونٹ جس کے بازو اور
پنڈلی کو رسّی سے باندھ دیا گیا ہو -
مَعْقُود - ع - گرہ لگایا گیا - باندھا گیا -
مَعْقُوق - ع - ماں باپ کا نافرمان -
سرکش - متروک الاحسان - مردود -
مَعْقُول - ع - عقل میں لایا گیا - مناسب
اچھا - پسندیدہ - بندھا ہوا - پناہ بُردہ شُدہ
معقول کسے ساختن - ف - اسکو سمجھا
دینا - اس کے ذہن نشین کر دینا -
مَعَک - ع - تیرے ساتھ -
مَعْکُوس - ع - اُلٹا - اوندھا -
مِعْلَاق - ع - لٹکانے کی شئے - لوہے
کا وہ کانٹا جس سے قصائی لوگ گوشت
لٹکاتے ہیں +
مُعَلّٰی - ع - بلند کیا گیا - بلند
مَعْلَف - ع - گھاس کھانے کی جگہ -
پنجابی کھرلی جانوروں کی +

مُعَلَّق - لٹکا ہوا -
مُعَلَّقات - لٹکی ہوئی چیزیں +
مُعَلَّق زدن - ف - کلا بازی کھانا
بازی کرنا -
مُعَلَّق زدن مُعَلَّق زنان - ف -
کلا بازی کھانیوالا - چکپھیری کرنیوالا
ناچنے والا - رقاص - وار باز - بازیگر
نٹ - وہ شخص جو نماز میں جلدی جلدی
رکوع سجود کرے +
مُعَلَّق کشیدن و گرفتن - ف -
کلا بازی کھانا +
مُعَلَّقہ - ع - لٹکی ہوئی - وہ عورت
جو نہ بیوہ ہی ہو - اور نہ خاوند ہی اُس
سے موافقت کرے +
مُعَلِّم - ع - علم سکھانے والا - اُستاد
مَلّاح -
مُعَلَّم - ع - تعلیم دیا گیا - سکھایا گیا - سدھایا
ہوا جانور +
مَعْلَم - ع - علامت نشان -
مُعْلَم - ع - منقش نقش دار - وہ کپڑا
جس پر نقش و نگار ہوں - بیل بوٹے
دار - مخطط - دھاری دار کپڑا - صیغہ
اسمِ مفعول کا ہے - "اِعلام" مصدر سے
اور اسکا ماخذ عَلَم (بمعنی نشان و نقش) ہے -
مُعَلِّم الملکوت مُعَلِّم ملائکہ - ع - شیطان
مُعَلِّم اَوّل - ع - ارسطو جس نے حکمت
سب سے پہلے لکھ کر سکھائی - پہلے حکما زبانی
سکھایا کرتے تھے - اور باشوں کی اصطلاح
میں شیطان +
مُعَلِّم ثالث - ع - بو علی سینا
مُعَلِّم ثانی - ع - ابو نصر فارابی جس نے ارسطو

کی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کیا -
مُعَلِّم کتابی - ع - مُعَلِّم مکتب - مدرس
مدرسہ - کتاب کے معنے مکتب اور مدرسہ ہیں
مَعْلُول - ع - علت کیا گیا - وہ شئے کہ جس
کا کوئی سبب اور باعث ہو - فارسی والے
اُسے علیل (مریض) کی جگہ استعمال
کرتے ہیں - لیکن عربی میں اس معنی میں
نہیں آیا +
مَعْلُوم - ع - علم کیا گیا - جانا گیا - دریافت
فارسی والے اس سے مال و زر - درم و دینار
مراد لیتے ہیں - ذخیرہ +
مَعْلُومی - آگاہی - خبر - اطلاع +
مَعْلی - ع - علو اور بلندی کے معنے میں
مصدر میمی ہے +
مُعَمّا - ع - چھپا ہوا - اندھا - نابینا کیا گیا
پوشیدہ کلام - چیستان - پہیلی -
مِعْمَار - ع - راج - مستری - عمارت
بنانے والا - آباد کرنیوالا +
مُعَمّا کشادن - ف - معمے کو حل کر دینا
مَعْمَعَان - ع - گرمی کے دنوں میں گرمی
کی شدت +
مَعْمُورہ - ع - آباد بھرا ہوا - پُر +
مَعْمُورہ - ع - بستی - شہر +
مَعْمُورۂ عمرلیث - ف - شیراز جسے
عمرلیث نے بسایا +
مَعْمُوری - ع - آبادی +
مَعْمُول - ع - عمل کیا گیا - روزمرہ کی
بات جو کیجائے +
مَعن مَعَن زائدہ - ع - عرب کے ایک
شخص کا نام ہے - جو پہلے درجہ کا سخی
اور بلند ہمت تھا +

مُعَنْبَر - ع - عنبر کیا گیا جس میں عنبر ملایا ہو +
مَعْنُون - ع - عنوان کیا گیا - دیباچہ
کیا گیا - ابتدا کیا گیا +
مَعْنَوِی - ع - منسوب بہ معنی سے - باطنی +
مُعْنِس - ع - مصدر میمی فاعل کے معنی
میں ہے جس کے معنی ہیں - جوان کنواری
لڑکی یہ عنس و عنوس سے مشتق ہے -
جس کے معنے ہیں کنواری لڑکی کا بالغ
ہو کر باپ کے گھر میں دیر تک بیٹھے رہنا +
مَعْنیٰ - ع - مطلب - مراد - مضمون - حقیقت
باطن - کمالاتِ باطنی - گُن +
معنی بیگانہ - ف - اچھے اور عمدہ معنے
جو پہلے کسی کو نہ سوجھے ہوں +
مُعْوَج - ع - ٹیڑھا - کج +
مُعَوَّضَت - ع - وہ شئے جو کسی شے
کے عوض میں دیجائے +
مُعَوَّق - ع - بند کیا گیا - ٹھیرا رکھا ہوا
مشکل - دشوار +
مِعْوَل - ع - کلنگ آہنی (پھاوڑا) -
جس سے لوہا کان سے نکالتے ہیں -
بیلچہ +
مُعَوَّل - ع - صیغہ اسم مفعول کا ہے
عول سے - بمعنی اعتماد کردہ شدہ +
مُعَوَّل - ع - اعتماد کیا گیا - یہ صیغہ اسم
مفعول کا ہے - تعویل مصدر سے +
مَعُونَت - ع - مدد کرنی - مدد -
مَعَہٰذا - ع - باوجود اس (بات)
کے - اس سمیت +
مَعْہُود - ع - عہد کیا گیا - اقرار کیا گیا -
جس کا اقرار کریں - ٹھیرایا گیا - معمولی
مقرری - مجازاً قدیم - کہنہ +

مَعْہُودِ ذِہنی - ع - وہ اسم نکرہ ہے جو ذہن متکلم یا مخاطب میں مشخص ہو۔ مثلاً بلفظ دشمن سے اگر زید وغیرہ کوئی شخص معین مُراد ہو تو اُس وقت اُسے معہود ذہنی کہیں گے +
مَعْہُودِ خارجی - ع - وہ نکرہ ہے جو کسی خاص وجہ سے ذات معین پر دلالت کرے جیسے لفظ خلیل سے ذات حضرت ابراہیم کی سمجھی جاتی ہے - اور کلیم سے ذوات حضرت موسےٰ علیہ السلام کی +
مِعْیار - ع - سونا چاندی تولنے کا کانٹا - کسوٹی +
مَعِیب - ع - عیب کرنا -
مُعِیب - ع - عیب کرنیوالا - عیبدار -
مَعِیَّت - ع - ہمراہی ہونا - ساتھی بننا کبھی اس سے یہ آیت مراد ہوتی ہے إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِينَ - اللہ صابروں کے ساتھ ہے +
مُعِید - ع - اعادہ کرنیوالا - پھر کر آنیوالا کسی کام کو بار بار کرنیوالا +
مُعِیر - ع - کوئی چیز کسی کو عاریتاً دینیوالا
مَعِیشَت - ع - زندگی - جینا - عیش کرنا - وہ چیز جس سے زندگی گذاریں
مُعِیل - ع - عیالدار آدمی - بہت بال بچے والا +
مُعِین - ع - مدد کرنیوالا - مددگار -
مُعَیَّن - ع - مقرّر کیا گیا - مخصوص مجازاً وہ شکل جس کے چاروں ضلعے برابر ہوں مگر کوئی زاویہ قائمہ نہ ہو -
مَعِین - ع - جاری - رواں - نتھرا - عین سے صیغہ اسم مفعول کا ہے -
جیسے کہ بیع سے مبیع +
مَعْیُوب - ع - عیبدار - عیب کیا گیا +

میم مع غین معجمہ

مَغ - ف - گہراؤ - عمق -
مِغ - ف - مخفف ہے میغ کا -
مُغ - ف - آتش پرست -
مَغابِن - ع - ران کی جڑیں -
مَغاث - ع - جنگلی انار کی جڑ -
مُغادَرَت - ع - بیوفائی کرنا - کسی سے دغا کرنا +
مَغارَہ - ع - وہ غار جو پہاڑ میں ہو کھنڈ - غارت کرنیکی جگہ +
مُغازَلہ - ع - عورتوں سے باہم گفتگو کرنی عشقبازی کرنی عشقبازی میں باہم مقابلہ کرنا +
مَغاک - ف - مرکب ہے مغ (بمعنی گہراؤ) اور آک (کلمہ نسبت) سے گڑھا - پنجابی ٹوا +
مغاکِ ظلمت - ف - زمین آدمی کا جسم +
مُغاکِ غار - ف - قبر - گور +
مُغالَطہ - ع - غلطی میں ڈالنا -
مُغان - ع - جمع ہے مغ کی - آذربائیجان کے ایک ملک کا نام بھی ہے +
مُغانہ - ف - آتش پرستوں کا قاعدہ اور قانون +
مُغایَرَت - باہم غیر ہونا - مخالفت -
مُغْبَرّ - ع - غبار آلودہ - تیرہ رنگ
مَغْبُوط - مَغْبُوطہ - مُغْتَبِط - ع - محسود
مَغْثُول - ع - جس کو زیاں پہنچا ہو -
مُغْتَذِی - ع - غذا پانیوالا - غذا یابندہ +
مُغْتَنَم - مُغْتَنَمہ - ع - غنیمت سمجھا گیا - غنیمت +
مُغْتَنَمات - ع - جمع مغتنمہ کی غنیمت سمجھی گئیں چیزیں +
مَغْرِب - ع - سورج کے غروب ہونے کی جگہ - پچھم +
مُغْرِب - ع - نکل جانیوالا -
مُغْتَرِب - ع - دُور - بعید -
مُغَرِّب - ع - مغرب کی طرف جانیوالا -
مُغَرَّبہ - ع - خبر -
مَغْرِبی - ع - پچھم کا آدمی - مغرب کی طرف کا رہنے والا آدمی - اشرفی -
مَغْرَس - ع - درخت لگانیکی جگہ -
مُغْتَرِف - ع - ہاتھ کی ہتھیلی سے پانی پینے والا +
مِغْرَفَہ - ع - کفگیر - کفچہ - ڈوئی جو ہنڈیا میں پھیرتے ہیں +
مُغَرَّق - ع - جگمگا - چمکول +
مَغْرُور - ع - گھمنڈی - وہ شخص جس کو غرور ہو +
مَغْرُوق - ع - ڈوبا ہوا - غرق کیا گیا
مُغْرَہ - ع - گیرو جو سرخ رنگ کا پھول ہے
مُغْرِی - ع - لپٹنے والا - لزوجیت پیدا کرنیوالا - کسی کو جنگ کے لیے ورغلانیوالا -
مَغْز - ف - گودا - دماغ -
مَغْزِ اُستخواں - ف - ہڈیوں کا گودا
مَغْز بُردن - ف - بے دماغ کرنا - بہت بک بک کرکے سردردی کرنا +
مَغْز کردن - ف - بات کہنا - بولنا -
مَغْز در سر کردن - ف - خاموش ہونا -
مَغْز در سر ندارد - ف - بے عقل آدمی ہے +
مَغْز دیدہ بر مژگاں دویدن - ف - سُرخ آنسو بہانا +
مَغْز روشن کردن - ف - صحیح الفکر کرنا دماغ کو - روشن کردینا دماغ کو - آراستہ کردینا دماغ کو +
مَغْز سخن سوختن - ف - کلام کی بے ربطی اور بے ترتیبی سے مُراد ہے جو غصّہ کے وقت زبان سے نکلتی ہے +
مَغْز شیر برآوردن - ف - کمال شجاعت ظاہر کرنا +
مِغْزَل - ع - دوک - تکلا +
مغزی - مغزن - ف - ایک قسم کا نہایت سفید حلوا ہوتا ہے - جس میں پستہ اور بادام کے مغز ڈال کر قرص بناتے ہیں +
مَغْزِ سِیَہ - ف - دماغ -
مَغْز - ف - مست لڑکا نقریدی تہی ہے
مُغَسِّل - غسل دینے والا -
مُغْتَسِل - ع - غسل دیا گیا غسل دادہ شدہ
مَغْسُول - ع - دھویا ہوا - غسل دیا گیا نہایا گیا +
مَغْشُوش - ع - کھوٹ ملایا ہوا - خیانت کیا گیا - غیر خالص +
مَغْشِی - ع - جس پر غشی آگئی ہو بیہوش +
مَغْص - ع - مروڑا - شکم کی پیچش انتڑی اور پیٹ کا درد +

مَغضَب - ع - غصہ والا - غصہ دلانیوالا -
مَغضُوب - ع - جو شخص غصے میں خفا ہو -
مِغفَر - ع - خود آہنی - لوہے کی ٹوپی جو لڑائی میں سر پر پہنا کرتے ہیں - صیغہ اسم آلہ کا ہے - غفر (بمعنی ڈھانپنا - چھپانا) مصدر سے اور اس کے معنے آلہ پوشش ہیں - چونکہ خود بھی ایک سر کا سرپوش ہے اور اُسے چھپا لیتا ہے - اس لئے اُسے مغفر کہتے ہیں +
مَغفِرت - ع - بخشش - گناہ بخشنا -
مَغفُور - ع - بخشا گیا - مغفرت کیا گیا
مُغکدہ - ف - شراب خانہ - آتش پرستوں کا گھر +
مُغل - مُغول - ت - ترکستان کی ایک اعلا قوم کا نام ہے - اس لفظ کے معنے سادہ دل ہیں - بعض فرہنگوں میں اس کے معنی شیر بھی لکھتے ہیں +
مَغل - ف - سونا - استراحت
مِغلاق - ع - قفل - تالا - دروازے کی زنجیری -
مَغلَطہ - ع - غلطی کا مقام - وہ جگہ جہاں شہسوار غلطی میں پڑ جائیں +
مُغلَّظ - ع - سطبر - درشت - اور بمعنی استوار کردہ شدہ +
مُغلَق - ع - بند کیا ہوا دروازہ - وابستہ شدہ - وہ کلام جس کے معنے بمشکل دریافت ہوں - مشکل کلام +
مُغلَقہ - ع - بند کیا ہوا - دروازہ - وابستہ شدہ - سخن مشکل +
مغلگاہ - ف - آدمیوں اور جانوروں کی خوابگاہ -

مَغلُوب - ع - عاجز - غلبہ کیا گیا -
مَغلُوق - ع - بند کیا ہوا - دروازہ قفل لگا ہوا -
مَغلُول - ع - طوق گردن میں ڈالا ہوا عذاب کا طوق ڈالا گیا +
مُغمَد - ع - چھپایا ہوا - غلاف کی ہوئی شمشیر
مُغمِّز - ع - آنکھ اور بھوؤں سے اشارہ کرنیوالا - غمازی کرنیوالا - چغلخور +
مَغمُوز - ع - معیوب - متہم -
مَغمُوم - ع - غمگین - رنجیدہ -
مغناطیس - ف - مقناطیس +
مُغنی - ع - بے پرواہ کرنیوالا -
مُغنّی - ع - گانیوالا - گویا - ڈوم
مُغنّیہ - ع - گانیوالی - ڈومنی - کسبی جو گانیوالی ہو +
مُغیث - ع - فریادرس - فریاد کو پہنچنیوالا
مُغیر - غارت کرنے والا - لوٹنے والا شتابی کرنیوالا -
مُغیلان - ع - ببول کا درخت - کیکر - یہ لفظ دراصل ام غیلان ہے جو اُم (بمعنی ماں - اصل) اور غیلان (جمع غول کی بمعنے بھوت - دیو) سے مرکب ہے - بھوتوں کی ماں - یا بھوتوں کی اصل - وہ جگہ جہاں بھوت پریت رہا کریں - چونکہ یہ درخت اکثر جنگلوں میں ہوتا ہے - اس واسطے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس پر جن بھوت بسیرا رکھتے ہیں اور اُسی جہت سے اُسے اُم غیلان (مغیلاں) کہنے لگے +
مُغیلاں بانشاں مغیلاں گاہ شد دنیا

میم مع فاء

مَفاتِیح - ع - جمع مفتاح کی - کنجیاں -
مَفاتِیحُ الغَیب - ع - غیب کی کنجیاں
مُفاجا - ع - مخفف مفاجات -
مفاجات - ع - اچانک ہونا - یکایک ہونا - ناگاہ ہونا +
مُفاخَرت - ع - فخر کرنا - بزرگی جتانی
مُفاخِرہ - فخر کرنیوالی عورت -
مِفاد - ع - گوشت بھوننے کی لکڑی یا لوہے کی سیخ -
مُفارِق - ع - فرق کرنیوالا -
مُفارَقت - ع - جدائی -
مَفارَہ - ع - چوہیا کے رہنے کی جگہ چوہے کا بل +
مَفاز - ع - رسیدن گاہ - پہنچنے کی جگہ
مَفازَہ - ع - جنگل - بیابان - رہائی پانے کی جگہ - جائے کامیابی -
مَفاسِد - ع - جمع فساد کی - برائیاں خرابیاں -
مَفاصِل - ع - جمع مفصل کی - بدن کے جوڑ - جوڑ بند +
مُفاصَلہ - ع - فرق باہم -
مَفاوِز - مفازہ کی جمع ہے +
مُفاوَضَت - ع - صلاح کرنا - مشورہ کرنا - نرمی سے بات کہنا -
مُفاوَضات - ع - جمع مفاوضہ کی گفتگو بات جو بڑوں یا برابر والوں کو لکھے جاویں +
مُفاوَضہ - ع - سپرد کرنا - برابری کرنا - مکتوب - خط -
مُفت - ف - رائگاں - ضائع
مِفتاح - ع - کنجی - کلید - تالی - چابی

مِفتاحُ الارض - ع - زمین کی کنجی - علم جغرافیہ میں ایک مشہور درسی کتاب کا نام ہے جو کرہ ارض کے دریافت حال کے لئے بمنزلہ کلید کے ہے +
مُفتَتِن - ع - فریفتہ ہونیوالا - عاشق - صیغہ اسم فاعل کا ہے افتتان مصدر سے +
مَفتَح - ع - کھولنے کی جگہ - فتح کی جگہ -
مُفتَخِر - ع - فخر کرنیوالا - شیخی مارنیوالا -
مَفقُود - ع - گم شدہ - نہ ملا ہوا - ڈھونڈا گیا
مُفتَرَضات - ع - فرض کی ہوئی چیزیں
مُفتَرَع - ع - شاخ کیا گیا -
مُفتَرِق - ع - علیحدہ - فرق کرنیوالا -
مُفتَری - ع - بہتان لگانیوالا - جھوٹ باندھنے والا - جھوٹ بات بنانیوالا +
مُفتَتِش - ع - ڈھونڈنیوالا - تفتیش کرنے والا +
مُفتَقِر - ع - محتاج - فقیر - مفلس -
مُفتَل - ع - بٹا ہوا - بٹا ہوا - ڈورا بٹا ہوا خواہ رسی ہو - خواہ ڈورا +
مَفتُوح - ع - فتح کیا گیا - کھولا گیا - جس حرف پر حرکت فتحہ کی ہو -
مفتوحات - ع - فتح کئے گئے -
مفتوحہ - ع - فتح کیا گیا -
مفتول - ع - بٹا ہوا - پیچیدہ - ریشم یا سوت کا بٹا ہوا تار +
مفتنین - ع - فتنہ انداز لوگ -
مفتون - ع - فتنہ میں ڈالا ہوا - شیفتہ مبتلا - عاشق +
مُفتی - ع - فتوے دینے والا -
مُفَجِّج - ع - کچا رکھنے والا - خام و ناپختہ رکھنے والا +

مَفخر - ع - میمی مصدر ہے - فخر کرنا - ناز کرنا - فخر - ناز +
مُفَخَّر - ع - بہت عزت کیا گیا - بہت بزرگ +
مُفَخَّم - ع - بہت عزت کیا گیا - بہت بزرگ
مَفَر - ع - بھاگ جانے کی جگہ - جائے فرار - بھاگ جانا - بھاگ جانے کی راہ +
مفرح گرانِ فلک - ف - فرشتے - ستارے +
مَفرح - ع - جائے خوشی +
مُفَرِّح - ع - فرحت دینے والا - خوشی بخشنے والا - اصطلاح اطبا میں مفرح وہ دوا ہے کہ شیریں اور خوش ذائقہ اور دل اور جگر کی قوت دینے والی ہو +
مُفَرِّحات - ع - خوشی بخشنے والی چیزیں - فرحت دینے والی چیزیں - مفرح چیزیں +
مُفَرِّحُ القُلوب - ع - دلوں کو خوشی بخشنے والا - علم طب کی ایک کتاب کا نام بھی ہے +
مُفرد - مُفرَدہ - ع - جو مرکب نہ ہو - اکیلا - تنہا - یکتا - مطلق - فرد - نبردار -
مُفرَدات - ع - جمع مفرد کی - جس کے معنی تنہا ہیں - حروف تہجی جو الگ الگ لکھے جاتے ہیں - جیسے - ا ب ت ث ج وغیرہ +
مُفرد سوار - ف - یکہ تاز - یعنی وہ سوار جو تنہا میدانِ جنگ میں لڑے - اور محتاج مدد کا نہ ہو -
مُفَرَّس - ع - فارسی بنایا ہوا - غیر زبان کا لفظ جیسے فارسی زبان کا بنا لیں -
مَفرَش - ع - بچھونا - بساط - بستر - وہ چیز جس میں بستر رکھیں - جہیز کا صندوق سا بنا ہوا - جس میں کپڑے رکھتے ہیں +
مُفرِط - ع - حد سے گذرنے والا - زیادتی میں مجاز - اکثیر +
مَفرَغ - مَفرَغہ - ع - جائے ریختن آب - پانی گرنے کا مقام - جائے فراغت
مُفَرِّق - ع - پراگندہ کرنے والا -
مَفرَق - ع - سر کے بالوں کی مانگ +
مَفرور - ع - بھاگا ہوا -
مُفروز - ع - جدا کیا گیا -
مَفروش - ع - بچھونا - بچھایا گیا -
مَفروض - ع - فرض کیا گیا -
مَفروضہ - ع - فرض کیا ہوا -
مَفروغ - ع - گرا ہوا - کسی کام سے فراغت پایا ہوا +
مَفروق - ع - فرق کیا گیا - وہ عدد جسے تفریق کیا جائے +
مَفزَع - ع - پناہگاہ - پناہ لینے کی جگہ
مُفَسِّخ - ع - ایک بیماری کا نام ہے جس کا بیمار سمجھتا ہے کہ عضو کو ٹکڑے ٹکڑے کیا جا رہا ہے +
مُفسِد - ع - فساد کرنے والا - خرابی ڈالنے والا - بگاڑنے والا +
مَفسَدہ - ع - فساد - دنگا - بگاڑ -
مُفَسِّر - ع - کھول کر معنی بیان کرنے والا - تفسیر کرنے والا - کلام الٰہی کے معنی اور شرح بیان کرنے والا +
مَفسوخ - ع - فسخ کیا گیا - اگلی صورت بگاڑی گئی - یا عہدہ توڑا گیا -
مَفشوش - ع - سست عقل - بیہودہ - جھوٹا +
مَفصِد - ع - جگہ فصد کرنے کی خون نکالنے کی جگہ -
مَفصِل - ع - اعضا کا جوڑ - بدن کا جوڑ
مُفَصَّل - ع - تفصیل کیا گیا - کھول کر بیان کیا گیا - جدا جدا کر کے بیان کیا گیا +
مُفضِح - ع - رسوا کرنے والا - خوار کرنے والا
مُفَضِّل - ع - فضیلت دینے والا - فوقیت دینے والا -
مُفَضَّل - ع - فضیلت دیا گیا - فوقیت دیا گیا - بڑھایا گیا -
مُفضِل - نکوئی کنندہ - افزوں کنندہ
مَفضول - ع - زیادتی کیا گیا - فضیلت دیا گیا +
مُفضی - ع - پہنچانے والا - مباشرت کرنے والا +
مُفطِر - ع - افطار کرنے والا - روزہ کھولنے والا - اسکی جمع مفاطیر آتی ہے +
مُفطِن - ع - سمجھانے والا - فہمائش کرنے والا +
مَفطور - ع - پیدا کیا گیا - چیرا گیا - نکالا گیا - جدا کیا گیا -
مَفعول - ع - فعل کیا گیا - کردہ شدہ - جس پر فعل فاعل کا واقع ہو +
مُفقِر - ع - محتاج کرنے والا - فقیر کرنے والا -
مَفقود - ع - گم شدہ - کھو یا گیا -
مَفقودُ الخَبر - ع - جس کا کچھ پتہ نہ ملے
مُفَکِّر - ع - فکر کرنے والا - سوچنے والا -
مَفکوک - ع - جدا کیا گیا - چھوڑا گیا -
مِفلاک - ع - خالی ہاتھ - پریشان - فقیر - مفلس +
مُفلِح - ع - چھٹکارا پانے والا - نیکوکار - نیک بخت -
مُفلِس - جس کے پاس کچھ نہ ہو - محتاج -
مُفلِساں کو سے نقیعتی - ف - انسان سے مراد ہے - کیونکہ اس کی حیات ایسی بے ثبات اور ناپائدار ہے کہ گویا نقدِ حیات اس کے کیسہ ہی میں نہیں +
مَفلوج - ع - فالج زدہ - جس کو فالج کی بیماری ہو +
مَفلوک - ع - فلک زدہ - جسے گردشِ فلکی نے تباہ حال کر رکھا ہو - مصیبت زدہ - مفلس - تباہ حال - فلاکت - جعلی مصدر کا یہ اسم مفعول بنا لیا ہوا ہے +
مُفَوَّض - ع - سپرد کیا ہوا - سونپا ہوا
مُفَوِّض - ع - سپرد کرنے والا - سونپنے والا
مُفَوِّف - ع - صیغہ اسم فاعل کا ہے تفویف مصدر سے جس کے معنے ہیں نقش کھینچنا - خط دار کرنا - باریک کرنا - آرائش دینا +
مَفہوم - ع - سمجھا گیا - جو سمجھ میں آجائے وہ بات جو سمجھ لی گئی ہو +
مُفید - ع - فائدہ دینے والا -
مُفیض - ع - فیض پہنچانے والا -
مُفیق - ع - ہوشیار - ہوش میں لانے والا

میم مع قاف

مَقابِر - ع - جمع ہے مقبرہ کی -
مُقابِل - ع - سامنے والا - برابر کا - سامنے - روبرو - حریف - دشمن -
مُقابَلہ - برابری کرنا - روبرو ہونا - سامنے جانا - آمنا سامنا - علم جغرافیہ کی اصطلاح میں آفتاب اور چاند کا زمین کی مخالف سمتوں میں ہونا - یعنی زمین کا دونوں کے

بیچ ایک سیدھ میں ہونا +
مُقَابِح - ع - بُرائیاں - قباحتیں +
مُقَاتِل - ع - باہم لڑکر قتل کرنیوالا +
مُقَاتَلہ - ع - باہم قتل کرنا - لڑائی +
مَقَادِیر - ع - جمع مقدار کی - اندازے
مُقَارَبَت - ع - نزدیکی - قرب +
مُقَارِن - ع - نزدیک - قریب - درمیان
مُقَارَنَت - ع - قرین ہونا - دو ستاروں کا ایک بُرج میں اکٹھا ہونا - اصطلاح علم جغرافیہ میں سورج اور چاند کا زمین کے ایک سمت خطِ مستقیم میں ہونا مقابلہ اور مقارنہ کی شکلیں ذیل میں دکھائی ہیں +

مُقَاسات - ع - رنج کھینچنا - دکھ اٹھانا
مُقَاسَمہ - ع - باہم تقسیم کرنا - آپس میں بانٹ لینا - کسی سے قسم کھانی -
مَقَاصِد - ع - جمع مقصد کی - مقاصد - علم کلام کی ایک کتاب کا نام بھی ہے

مُقَاطِر - ع - ٹپکانیوالا پانی وغیرہ کا -
مَقَاطِع - ع - تمام ہونے کے مقام -
مُقَاطِع - ع - قطع کرنیوالے - کسی چیز کو اجارے پر دینے والے +
مَقَاطِیع - ع - جمع ہے مقطع کی +
مَقَاعِد - ع - جمع مقعد کی +
مَقَال - ع - گفتگو - بات چیت +
مَقَالات - ع - جمع مقال کی - باتیں -
مَقَالَت - مَقَالہ - ع - کلام +
مَقَالِید - ع - جمع ہے مقلید کی +
مَقَام - ع - ٹھہرنے کی جگہ - ٹھہرنا درجہ - مرتبہ - علم موسیقی میں پردۂ سرود +
مُقَام - ع - ٹھہرنا - ٹھہرنے کی جگہ +
مَقَامَات - ع - علم موسیقی میں مقام پردۂ سرود کو کہتے ہیں - اور اس علم میں بارہ بُرجوں کے موافق بارہ مقام مقرر کئے گئے ہیں اور ساعات روز و شب کے مطابق چوبیس شعبے - کیونکہ ہر مقام کے دو شعبے ہیں +
مَقَامَاتِ رِضوان - ع - بہشت +
مَقَامَاتِ حَرِیرِی - ع - عربی علم ادب میں ایک کتاب ہے جو پہلے درجہ کی فصیح و بلیغ ہے - مصنف اس کا ابو محمد قاسم حریری ہے - جو سنہ ۴۴۶ھ میں پیدا ہوا اور سنہ ۵۱۶ھ ہجری میں بصرہ کے کوچہ بنی حرام میں فوت ہوا +
مُقَامِر - ع - قمار باز - جواری +
مُقَامِر خانہ - ف - جوئے بازی کی جگہ
مُقَامَرَہ - ع - جوئے بازی - قمار بازی
مَقَامِ مَحمُود - ع - لفظی معنی اس کے مقام ستودہ ہیں - اور ہر مقام پر جہاں انواع کرامات سے حمد و ستائش حاصل ہو - اس کا اطلاق ہو سکتا ہے - مگر بالخصوص وہ مقام ہے جہاں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم مومنین کی شفاعت کرینگے - اور وہاں اُن کے ہاتھ میں ایک علم ہوگا کہ حضرت آدم علیہ السلام اور اور لوگ اُس کے نیچے ہونگے - اُس کا نام لواء الحمد ہے +
مَقَامِ مُصَلّٰی - ع - وہ جگہ جہاں ابراہیم علیہ السلام نے نماز پڑھی تھی +
مُقَاوَلہ - ع - باہم گفتگو کرنی - اور مجادلہ کرنا -
مُقَاوِم - ع - برابری کرنیوالا -
مُقَاوَمَت - برابری کرنا - مجازاً مقابلہ +
مَقَاہِیر - ع - جمع مقہور کی +
مُقَایَسہ - ع - فکر - قیاس کرنا -
مَقبَرَہ - ع - قبر کی جگہ - مردہ کی گور -
مِقبَص - ع - رسّے کھلے ہوئے جو گھوڑ دوڑ کے آگے تانتے ہیں - تاکہ سیدھے کھڑے ہیں
مُقبَل - ع - قبول کیا گیا - منہ چڑھا - عزت دار - جس کی بات حاکم مانے +
مُقبِل - ع - فرمانِ حق کا قبول کرنیوالا سامنے ہونیوالا - روبرو ہونے والا - اقبال مند - دولتمند +
مُقَبَّل - ع - بوسیدہ شدہ - چوما گیا -
مَقبُوح - ع - قبیح - زشت -
مَقبُوض - ع - قبض کیا گیا - پکڑا گیا -
مَقبُوضہ - ع - قبضہ کی ہوئی شے وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے -
مَقبُول - ع - قبول کیا گیا - مانا گیا - منظور
مَقت - ع - دشمنی -
مُقتَبِس - ع - روشنی لینے والا - آتش گیر فائدہ ڈھونڈنے والا - اس کا مصدر اقتباس ہے جس کے معنے ہیں نور حاصل کرنا - فائدہ طلب کرنا - اور اصطلاح علم بدیع میں آیت قرآنی یا پارۂ آیت قرآنی یا عبارت حدیث کو نثر یا نظم میں تضمین کرنا +
مُقتَحِم - ع - مختار - غالب - ظالم +
مُقتَدا - مُقتَدٰی - ع - اقتدا کیا گیا وہ شخص جس کی پیروی اور لوگ کریں -
مُقتَدِر - ع - قدرت رکھنے والا - طاقتور
مُقتَدِر بِاللّٰہ - ع - خلفائے عباسیہ سے ہے منصور حلاج اسی کے وقت میں سولی چڑھایا گیا - ۲۹۵ھ میں خلیفہ ہوا ۳۲۰ میں مارا گیا - ایک دفعہ لوگوں نے اسے قید کر کے معتضد کے بیٹے محمد کو خلیفہ کر دیا مگر یہ پھر رہا ہو کر تخت نشین ہوا - اس کے وقت میں بہت سا ملک خلفائے بغداد کے قبضے سے نکل گیا +
مُقتَدی - ع - پیروی کرنیوالا - پیرو
مُقتَدی بِامرِاللّٰہ - ع - خلفائے عباسیہ میں سے ہے - جو سنہ ۴۶۷ھ سے ۴۸۷ھ تک خلیفہ رہا - سلطان ملکشاہ اسی کے زمانے میں تھا جس نے اس سے اتحاد رکھا - یہ خلیفہ عدالت کرتا - اور امر معروف اور نہی منکر میں شاغل رہتا +
مُقتَصِر - ع - تھوڑے پر صبر کرنیوالا مختصر کرنے والا -
مُقتَضا - مُقتَضٰی - ع - چاہا گیا - خواہش کیا گیا - مجازاً مناسب - مراد - مطلب
مُقتَضَب - ع - کاٹا گیا - بریدہ شدہ نکالا گیا - مصدر اس کا اقتضاب ہے جس کے معنے ہیں ایک چیز کا دوسری

چیز میں سے نکالنا" علم عروض کے ایک بحر کا نام ہے۔ چونکہ وہ بھی بحر منسرح سے نکالی گئی ہے۔ اس طرح پر کہ ارکان بحر منسرح کی مستفعلن مفعولات (چار بار) ہے۔ اور بحر مقتضب کی مفعولات مستفعلن (چار بار) یعنی دونوں بحور کے ارکان ایک ہی ہیں۔ مگر ترتیب میں فرق ہے۔ اسی واسطے اس کا نام بحر مقتضب رکھا گیا +

مُقْتَضِی۔ ع۔ خواہش کرنے والا چاہنے والا۔ تقاضا کرنیوالا +

مُقْتَفِی۔ ع۔ پیچھے سے آنیوالا پیرو +

مُقْتَفِی لِاَمْرِ اللہ۔ ع۔ عباسی خلیفہ ہے ۵۳۰ھ سے ۵۵۵ھ تک حکمران رہا +

مَقْتَل۔ ع۔ قتل کرنیکی جگہ۔ بدن انسان کی وہ جگہ جہاں زخم لگنے سے آدمی زندہ نہ رہ سکے۔ اہل عرب کا قول ہے۔ مَقْتَلُ الرَّجُلِ بَیْنَ فَکَّیْہِ یعنی آدمی کا مقتل دونوں جبڑوں کے درمیان میں ہے +

مُقْتَنِص۔ ع۔ شکار کرنیوالا۔ اسیر کرنیوالا۔ کسب کرنیوالا +

مُقْتَنِی۔ ع۔ سرمایہ دار۔ صاحب جائداد

مُقْتَنَیات۔ ع۔ اسباب دنیوی مثل جائداد۔ سامان +

مَقْتُول۔ ع۔ قتل کیا گیا۔ مارڈالا گیا۔ کشتہ

مُقْحَم۔ ع۔ کسی چیز میں ڈالا گیا۔

مِقْدَار۔ ع۔ اندازہ۔ اصطلاح میں وہ شے جو قابل کمی بیشی کے ہو +

مِقْدَام۔ ع۔ بہادر۔ شجاع۔ دلاور۔ جو میدان جنگ میں آگے بڑھکر لڑے +

مُقَدَّر۔ ع۔ اندازہ کیا گیا۔ تقدیری بات

مَقْدِرَت۔ ع۔ قدرت۔ توانائی۔ تونگری

مُقَدَّس۔ ع۔ پاک مرد۔ یا پاک چیز

مُقَدَّسَہ۔ ع۔ پاک عورت۔ پاک چیز

مَقْدَم۔ ع۔ سفر سے یا کسی جگہ سے پھر آنا۔ قدم رکھنے کی جگہ +

مُقْدِم۔ ع۔ آگے جانیوالا۔ دلیر۔ ادم آنکھ کا ناک کی طرف کا کونا +

مُقَدِّم۔ ع۔ پیش کرنے والا۔

مُقَدَّم۔ ع۔ پیش کیا گیا۔ آگے بڑھا ہوا چودھری +

مُقْدِمُ الْعَیْنَیْن۔ ع۔ ناک کی طرف کا آنکھ کا گوشہ +

مُقَدِّمَہ۔ ع۔ آگے جانیوالا۔ وہ تھوڑی سی فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے۔ وہ تھوڑا سا مطلب جو کتاب یا کسی بیان کے شروع میں بیان کیا جاوے تاکہ وہ کتاب یا بیان آسانی سے سمجھ میں آجائے۔ دیباچہ۔ مجازاً ہر ایک امر کا شروع واردات +

مُقَدِّمَۃُ الْجَیْش۔ ع۔ مُقَدِّمہ لشکر۔ ف۔ پیش خیمہ۔ یعنی وہ تھوڑی سی فوج جو لشکر کے آگے آگے جاوے تاکہ اترنے کی جگہ تلاش کرکے تجویز کرے۔ وہ سپاہی جو کمال شجاعت اور بہادری کے سبب لشکر کے پیش رو ہوں۔ ہراول۔ لبن دوری

مُقَدِّمَہ نحو زمخشری۔ ع۔ علم نحو کی ایک کتاب کا نام ہے جو جار اللہ زمخشری صاحب تفسیر کشاف کی تصنیف ہے +

مَقْدُور۔ ع۔ طاقت۔ قوت۔ قدرت کیا گیا +

مَقْدُونِیَہ۔ ی۔ روم کے جنوب کی طرف ایک صوبہ ہے جو پہلے یونان سے متعلق تھا۔ سکندر اعظم اسی ملک کا بادشاہ تھا +

مَقَر۔ ع۔ قرار کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ قرارگاہ +

مِقْرَاض۔ کترنے کا اوزار۔ قینچی +

مِقْرَاض بر کسے راندن۔ ف۔ نوازش کرنا۔ قدر و منزلت بخشنا +

مِقْراض شدن۔ مِقْراض کردن۔ ف۔ قینچی سے کترنا +

مِقْرَاضَک۔ ف۔ کشتی کا ایک داؤں

مِقْرَاضَہ۔ ع۔ ایک قسم کا ایک تیر ہے جس کا پھل قینچی کیطرح دوشاخہ ہوتا ہے۔ ایک قسم کے حلوے کا نام بھی ہے +

مِقْرَاض شتر گردن۔ ف۔ ایک قسم کی مقراض ہے جو ٹیڑھی ہوتی ہے +

مِقْرَاض ہندی۔ ف۔ ہند کی مقراض جو بہت عمدہ ہوتی ہے۔ پان والوں کا وہ اوزار جس سے پان کو کتر کر درست کرتے ہیں +

مُقَرَّب۔ ع۔ نزدیک کیا گیا۔ نزدیکی دیا گیا۔ مجازاً خاص دوست +

مُقَرَّبِین۔ ع۔ جمع مقرب کی +

مُقَرَّر۔ ع۔ اقرار کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔

مُقَرَّض۔ ع۔ کاٹا ہوا۔ کترا ہوا۔

مُقَرَّط۔ ع۔ گوشوارے سے زینت دیا گیا۔

مِقْرَعَہ۔ ع۔ کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک۔

مُقَرَّم۔ ع۔ نر اونٹ۔

مُقَرْنَس۔ ع۔ وہ عمارت جو مسقل بنائی گئی ہو (نقش کرہ) مراد عمارت بلند بنائے عالی +

مَقْرُوض۔ ع۔ قرضدار۔ وہ شخص جس پر قرض ہو۔ قرض دیا ہوا +

مَقْرُون۔ ع۔ نزدیک کیا گیا۔ اصطلاح علم حساب میں وہ عدد جس کے ساتھ اس کا معدود بھی ہو۔ بخلاف مجرد کے جس کے ساتھ اس کا معدود نہیں ہوتا +

مُقْرِی۔ ع۔ پڑھانیوالا۔ کو مقری اس اندھے کو کہتے ہیں۔ جو لڑکوں کو قرآن مجید پڑھایا کرتا ہے۔ حافظ۔ نابینا +

مَقْسَم۔ ع۔ جائے تقسیم بانٹنے کی جگہ +

مُقْسَم۔ ع۔ قسم کھایا گیا۔

مُقْسَم بہ۔ ع۔ جس چیز کی قسم کھائیں۔

مَقْسُوم۔ ع۔ بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا۔ قسمت (تقدیر) کا لکھا ہوا۔ وہ عدد جسے کسی عدد پر تقسیم کریں +

مَقْسُوم عَلَیْہ۔ اس پر تقسیم کیا گیا۔ وہ عدد جس پر کسی عدد کو تقسیم کریں +

مَقْسُوم عَلَیْہ اعظم۔ ع۔ وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا تقسیم کرے +

مُقَشَّر۔ چھلکا اتارا ہوا۔ چھلا ہوا۔

مِقَصّ۔ ع۔ وہ رسی جس سے دودھ دوھنے کے وقت چارپایہ کے پاؤں باندھتے ہیں۔ پنجابی ڈپانا۔ ڈھنگا)

مَقْصَد۔ ع۔ قصد کرنیکی جگہ۔ جائے قصد وہ جگہ جہاں ارادہ کرکے جائیں۔ مطلب مراد۔ ارادہ +

مُقَصِّر۔ ع۔ قصور کرنیوالا۔ کم رہنے والا

مَقْصُود۔ ع۔ قصد کیا گیا۔ ارادہ کیا گیا مطلب۔ مراد +

مَقْصُودِ کُن فَکاں۔ ع۔ نبی آخر الزماں علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مراد ہے +

مَقْصُور۔ ع۔ کم کیا گیا۔ قصر کیا گیا چھوٹا کیا گیا۔ کوتاہ۔ کافی۔ منحصر +

مَقْصُورَہ۔ ع۔ کوٹھری۔ حجرہ۔ تخت

مجلہ مسجد میں وہ جگہ جہاں امام کھڑا ہوتا ہے

مُقضی - ع - تمام کیا گیا - ادا کیا گیا +

مِقط - ع - قطعزن - قط گیر +

مُقطّر - ع - ٹپکایا ہؤا - قطرہ قطرہ کر کے ڈالا ہؤا

مُقطّع - ع - کاٹا ہؤا - بریدہ شدہ - زائد اطراف کاٹی ہوئی - اور چھوٹے قد کا آدمی +

مَقطع - ع - غزل یا قصیدہ کا آخری شعر محل - انتہا و اتمام - کاٹنا +

مِقطع - ع - قینچی - مقراض +

مقطوع - ع - قطع کیا گیا - کاٹا گیا ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا - اور وہ شخص جو کسی سبب سے قافلے کے ہمراہ چلنے سے راہ میں رہ جاوے - کپڑا قطع کیا ہؤا +

مُقعَد - ع - جائے نشست - ڈھنڈی دُبر - کوُن +

مُقعَّر - ع - ڈونگھا - گہرا - کھودا ہؤا گڑھا

مُقفّل - ع - قفل دیا ہؤا +

مُقفّیٰ - ع - قافیہ کیا گیا +

مُقفّیٰ - ع - قافیہ دار عبارت - مسجع عبارت

مَقل - ع - سخن چینی کرنا - کسی کی برائی کسی اور کے سامنے بیان کرنی - کسی چیز کی طرف دیکھنا - پانی کو پینا - یا کسی اور چیز کو نگل جانا +

مُقل - ع - گوگل +

مُقِل - ع - درویش - فقیر - تھوڑا تونگر مال

مُقِل - ع - [illegible]

مُقلّد - تقلید کرنے والا - کسی بات پر بدون دلیل کے عمل کرنے والا - نقل کرنے والا - پیرو +

مُقلّد - [illegible] - نقال - نقل نویس [illegible]

مُقلقل - ع - بے قرار - شراب +

مُقلقلہ - ع - آواز صراحی و شیشہ

مقلوب - ع - اُلٹا ہؤا - پلٹا ہؤا -

مقلوبی - ع - اُلٹی ہوئی اضافت یعنی مضاف الیہ پہلے اور مضاف پیچھے جیسے جہاں شاہ - بمعنی شاہِ جہاں +

مُقلہ - ع - وہ پتھر جس سے پانی تقسیم کریں

مُقلہ - ع - آنکھ جس میں سفیدی و سیاہی شامل ہے - ایک شخص کا نام بھی ہے جس کا بیٹا ابن مقلہ بڑا خوشنویس تھا +

مقلیاثا - س - بالوں سے ساگ کا بیج -

مقلید - ف - تالی - کنجی +

مقناطیس - ع - چمک - پتھر سنگ آہن ربا -

مُقنّب - ع - بھونک ملا ہؤا کھانا - یا کوئی شے - کھیتی سے پتے نکالنے +

مِقنب - ع - شیر کی چنگال - توشہ دان شکاری کا جس میں شکار رکھا جاتا ہے - اور گلہ گھوڑوں کا (۳۰) سے (۴۰) تک یا تین سو گھوڑے کی مقدار +

مُقنّع - ع - دیکھو ماہ نخشب +

مقنعہ - ع - اوڑھنی +

مُقنّن - ع - قانون بنانیوالا +

مُقنّی - ع - نالی یا نہر کھودنے والا -

مقوّد - ع - ردیف (مادہ) اس نقطے کا قدر جس سے بمعنی [illegible] وغیرہ کا کھینچا جائے - مقود (اسم آلہ) بیلوں وغیرہ کے کھینچنے کا آلہ رسہ [illegible] وہ رسا جس سے [illegible] کھینچتے ہیں +

مُقوّرہ - ع - گولائی دار - [illegible] گول کیا گیا +

مِقوَس - ع - گھوڑوں کی رسّی

مُقوّس - ع - وہ شئے جو کمان کی طرح خمدار ہو - قوس دار +

مُقوقس - ع - نام مرغ طوق دار اور لقب ہر حاکم مصر و اسکندریہ کا وہاں کے ایک حاکم کا نام ہے - جو پہلے عیسائی مذہب رکھتا تھا - پھر مسلمان ہوگیا

مِقول - ع - زبان - جیب +

مقولات عشرہ - ع - دس باتیں جو حکمت میں پائی جاتی ہیں - ہر مخلوق شے یا جوہر ہوگی یا عرض - جوہر اس کو کہتے ہیں کہ بذات خود قائم ہو - اور عرض وہ ہے کہ قائم بالغیر دوسرے کے ساتھ قائم ہو - افراد جوہر پانچ ہیں - جسم، ہیولےٰ، صورت، نفس ناطقہ، عقل یعنی ملائکہ اور عرض نو ہیں - اوّل کیف یعنی کیفیت اور رنگ جیسے گرمی اور سیاہی - دوم کم یعنی مقدار کہ اتنی لمبی اور اتنی چوڑی - سوم این یعنی مکان میں ہونا - چہارم متی یعنی وقت میں ہونا - پنجم اضافت یعنی دوسری چیز کے ساتھ منسوب ہونا جیسے باپ ہونا یا بیٹا ہونا - ششم وضع یعنی وہ صورت جو بلحاظ امور خارجی کے چیز کو حاصل ہو - جیسے قبلہ رخ ہونا - اور بیٹھنا اور کھڑا ہونا - ہفتم فعل یعنی کام کرنے کی صورت - ہشتم انفعال - یعنی فاعل کا اثر قبول کرنے کی ہیئت - نہم ملک - یعنی چیز کا کسی ایسی چیز سے گھرا رہنا - جو اس کے ساتھ رہے - جیسے آدمی کے کپڑے - پس ایک جوہر اور نو عرض مل کر دس چیزیں ہوتی ہیں - ان سب کو مقولات عشرہ کہتے ہیں - اس بیت میں ان سب کی مثالیں موجود ہیں:

مردے دراز نیکو در شہر خویش امروز

جوہر کیف این اضافت متی

باخواستہ نشستہ از کرد خویش فیروز +

ملک وضع فعل منفعل

مقولہ - ع - بات - اور مصدر گفتن کے افعال کا مفعول جو کہا گیا کے جواب میں واقع ہو - وہ بھی مقولہ کہلاتا ہے +

مُقوِّم - ع - قیمت کرنیوالا - راست دارندہ - سیدھا رکھنے والا +

مُقوّی - ع - قوّت دینے والا - طاقت دینے والا +

مَقہور - ع - قہر کیا گیا - جس پر غصّہ اُتارا گیا ہو +

مِقیاس - ع - اندازہ اور وہ شئے جس سے اندازہ کریں +

مقیاس الحرارت - ع - آلہ اندازہ کرنے حرارت اشیا کا - نام ایک آلہ کا ہے جسے انگریزی میں تھرمامیٹر (Thermometer) کہتے ہیں - یہ ایک شیشے کی نلی ہوتی ہے جس میں ایک نہایت باریک سوراخ بمقدار ایک بال کے ہوتا ہے - اور اس نلی کے نچلی طرف شیشہ کا چھوٹا سا گول ہنڈیا ہوتا ہے جس میں پارہ بھرا ہوتا ہے - گرمی کی خاصیت ہے کہ ہر ایک چیز کو پھیلا دیتی ہے - اور سردی سکیڑ دیتی ہے پس جب گرمی زیادہ ہوتی ہے تو اس نلی کا پارہ [illegible] پھیل جاتا ہے - اور جب سردی زیادہ ہوتی ہے [illegible] نیچے اُتر آتا ہے - چونکہ اس نلی [illegible] درجوں [illegible] ہوتی ہے - [illegible] اسی سے پارہ [illegible]

اُس نے چڑھنے سے سردی گرمی کا اثر صحیح صحیح معلوم ہو جاتا ہے۔ ذرا غلطی نہیں ہونے پاتی۔ اِس آلہ مقیاس الحرارت کو پگھلتی ہوئی برف میں اگر رکھا جائے تو اُس وقت جس مقام پر پارہ ہو اُسے نقطۂ انجماد کہتے ہیں۔ اور اگر کھولتے ہوئے پانی میں رکھا جائے تو اُس وقت جس مقام پر پارہ ہوگا اُسے نقطۂ احتراق کہتے ہیں۔ نقطۂ انجماد اور احتراق کے درمیان جو فاصلہ ہے اُسے فارن ہیٹ صاحب نے ۱۸۰ حصّوں میں تقسیم کیا ہوا ہے اور سینٹی گریڈ میں یہ فاصلہ سو درجوں میں منقسم ہوتا ہے پس فارن ہیٹ صاحب کے تھرمامیٹر کا ایک درجہ سینٹی گریڈ کے $\frac{5}{9}$ کے برابر ہوا۔ سینٹی گریڈ مقیاس الحرارت میں بہت آسانی ہے۔ اور یہی اکثر استعمال ہوتا ہے انسان کے خون کی حرارت اس مقیاس الحرارت میں ۳۵ درجہ ہے ✤

مقیاس الحرارت

مِقْیَاسُ الْہَوا - ع - ہوا کے دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔ انگریزی میں اسے بیرومیٹر (Barometer) کہتے ہیں یہ ایک شیشے کی پتلی نلی ہوتی ہے ۳۰ انچ لمبی اور سوا انچ قطر کی جو ایک طرف کھلی ہوتی ہے۔ اور ایک طرف سے بند۔ پہلے اِس نلی کو پارہ سے بھر دیتے ہیں۔ پھر کھلے ہوئے منہ کو انگلی سے خوب بند کر کے اُسے ایک پارہ بھرے برتن میں احتیاط سے لوٹا کر انگلی ہٹا لیتے ہیں۔ اُنگلی ہٹاتے ہی ۲ انچ پارہ نلی سے نیچے اُتر آتا ہے اور وہاں بالکل خلا ہو جاتا ہے ہوا بھی نہیں رہتی۔ اور باقی نلی کا پارہ ہوا کے داب سے جو نلی کے باہر ہے۔ اور پارہ بھرے برتن کے پارہ پر اثر کر رہی ہے ٹھہرا رہتا ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ہوا صرف تیس انچ پارہ کو سہارا دے سکتی ہے۔ اس سے زیادہ کو نہیں۔ اسواسطے باقی کا پارہ نیچے گر پڑتا ہے بس جب کبھی ہوا کا دباؤ اس پر زیادہ پڑیگا پارہ اوپر چڑھ جائیگا اور جب ہوا کا دباؤ کم ہوگا۔ پارہ نیچے اُتر آئیگا اسواسطے پہاڑ پر اس آلہ کو لیجانے سے پارہ نیچے اُتر آتا ہے کیونکہ ہوا کا دباؤ کم ہو جاتا ہے اور بلند پہاڑوں اور بلند مقامات کی بلندی معلوم ہو جاتی ہے آلے کی شکل یہ ہے ✤

مقیاس الہوا

مُقِیْتی - ع - قوت دینے والی چیز ✤

مُقِیت - ع - قوت دینے والا۔ توانا۔ قوت بخش۔ روزی دینے والا۔ نگاہ رکھنے والا۔ گواہ حاضر ✤

مُقَیَّد - ع - قید کیا گیا۔ قیدی ✤

مُقَیَّش - ع - چاندی کی چوڑی تاریں

مَقِیل - ع - دوپہر کے وقت سونا۔

مُقِیم - ع - اقامت کرنے والا ٹھہرنے والا۔ رہنے والا۔ قائم ✤

مقیم منزل - ع - زحل ستارہ ✤

میم مع کاف تازی

مَک - ف - مکیدن سے امر ہے۔

مَک - ف - چھوٹا نیزہ۔ ڈروبین ✤

مَکاب - ف - کافتن کا مدینہ کا نہی ہے

مُکَابَدَہ - ع - رنج کھینچنا تکلیف اٹھانا

مُکَابِر - ع - وہ شخص جو اپنی بزرگی جتلانے کے واسطے بحث کرے۔ غلبہ کرنے والا جنگ کرنیوالا۔ سینہ زور ✤

مُکَابَرَہ - ع - اپنی بزرگی جتلانے کے واسطے بحث کرنا۔ غلبہ کرنا۔ جنگ کرنا سینہ زوری ✤

مَکَاتِب - ع - جمع مکتب کی ✤

مُکَاتَب - ع - وہ غلام جس کو اس کا آقا لکھدے۔ کہ اگر تو اتنا روپیہ مزدوری وغیرہ کر کے ادا کردے۔ تو تجھے آزاد کر دیا جائیگا ✤

مُکَاتَبَت - ع - باہم خط و کتابت کرنا

مُکَاتَبَات - ع - نامہ ہا۔ خطوط۔

مُکَاتَبَہ - ع - باہم خط و کتابت کرنا۔ عہد نامہ۔ نامہ۔ خدا۔ غلام کو اس کے مال کے عوض بیچنا ✤

مَکَاتِیب - ع - جمع مکتوب کی۔

مَکَّار - ع - مکر کرنیوالا مرد۔ فریبی آدمی

مَکَارِم - ع - جمع ہے مکرمت کی۔

مَکَارِہ - ع - مکروہ کی جمع ہے۔

مَکَّارہ - ع - مکر کرنیوالی عورت۔ فریب کرنیوالی عورت ✤

مَکَّاری - ع - مکر کرنا۔ مکار ہونا

مُکَارِی - ع - کسی چیز کو کرایہ پر دینے والا

مَکَاس - ف - تاکید کرنی۔ مبالغہ کرنا کسی سے اپنی چیز واپس لینے کے لئے تقاضا کرنا۔ محصول راہداری۔ محصول راہداری کے اُگاہنے والا۔ مال بیچنے میں دیر کرنیوالا ✤

مَکَاسِب - ع - جمع کسب کی ہے۔

مُکَاشَحَت - ع - دشمنی کرنا۔

مُکَاشَفَت - ع - کشف راز کرنا۔ بھید کھول دینا ✤

مُکَاشَفَہ - ع - دشمنی ظاہر کرنا جنگ برپا کرنا۔ اسرار کا ظاہر ہونا۔ ولی اللہ کو امور غیبی کا معلوم ہو جانا ✤

مُکَافَات - ع - باہم برابر ہونا۔ بدلا۔ عوض۔ بدی کا بدلہ۔ سزا۔

مُکَافَحَہ - ع - روبرو اور سامنے ہونا۔ بوسہ لینا ✤

مُکَافِی - ع - مساوی۔ برابر

مُکَالَمَہ - ع - ہمکلام ہونا۔ بات چیت کرنا۔ بات چیت ✤

مَکَامِن - ع - جمع مکمن کی۔

مَکَان - ع - جگہ۔ گھر

مَکَانَات - ع - بہت سی جگہیں بہت سے گھر ✤

مَکَانَت - ع - مرتبہ۔ عزت۔

قدر و منزلت - ہنر ٭
مَکانِ علیا - ع - ساتواں آسمان
مُکاوَحَت - ع - ظاہر طور پر دشمنی کرنا - گالی دینا - دشمنی - عداوت - کوشش کرنا - کوشش ٭
مُکاہَنَت - ع - غیب کی خبر بتلانا ٭
مَکایِد - ع - جمع مکیدہ کی -
مُکایَلہ - ع - باہم ملکر پیمانہ سے ناپنا ٭
مَکاییل - ع - جمع مکیال کی - پیمانے
مُکِب - ع - منہ کے بل گرنیوالا - اس کا مصدر اکباب ہے جس کے معنی ہیں منہ کے بل گرنا - اوندھے منہ گرنا ٭
مُکَب - ع - منہ کے بل گرا ہوا -
مَکبُول - ع - بند کیا گیا - قیدی محبوس -
مَکتَب - ع - لکھنے کی جگہ - مجازاً مدرسہ اسکول
مَکتَب خانہ - مکتب گاہ - ف - مدرسہ - اسکول -
مُکتَتِم - ع - پوشیدہ - چھپا ہوا ٭
مُکتَرِی - ع - کسی شئے کا کرایہ لینے والا
مُکتَسِب - ع - کسب کرنیوالا - حاصل کرنے والا ٭
مُکتَسَب - ع - حاصل کیا گیا - کسب کیا گیا - حاصل کرنا ٭
مُکتَسَبہ - ع - کسب کیا ہوا - محنت سے حاصل کیا ہوا ٭
مُکتَسِی - ع - حاصل کردہ شدہ حاصل کی ہوئی چیز - مکتسب بھی مصدر بھی ہے (یعنی اکتساب کے) - یائے نسبت مصدر کے آگے بڑھانے سے معنے مفعول کے بھی حاصل ہو جایا کرتے ہیں ٭

مُکتَسِی - ع - پہننے والا - گدڑی پہننے والا
مُکتَفِی - ع - کافی کرنیوالا - بس کرنیوالا - خلفائے عباسیہ سے ایک خلیفہ بھی ہے - جس نے ۲۸۹ھ سے ۲۹۵ھ تک حکمرانی کی - راہ حج میں جن لوگوں نے بغاوت کی تھی انہیں مغلوب کیا ٭
مُکتَنِس - ع - کوڑا کرکٹ جھاڑنیوالا -
مُکتَنِف - ع - پناہ ڈھونڈھنے والا یک سو ہونیوالا ٭
مَکتُوب - ع - لکھا ہوا - لکھا گیا - نامہ - خط ٭
مَکتُوم - ع - پوشیدہ کیا گیا چھپایا گیا - بھید ٭
مَکتُوم - ع - چھپا ہوا - پوشیدہ راز بھید ٭
مُکث - ع - دیر کرنا - انتظار کرنا -
مُکث - ع - دیر - درنگ -
مِکثار - ع - بیہودہ گو - بکواسی فضول گو
مُکحَل مَکحُول - ع - سرمہ کیا ہوا جس نے اپنی آنکھوں میں سرمہ لگایا ہوا ہو ٭
مُکحُلہ - ع - سرمہ دانی -
مُکَدَّر - ع - کدورت آمیز - گدلا -
مُکَدِّر - ع - کدورت میں ڈالنے والا
مَکر - ع - فریب - دغا - حیلہ - داؤ -
مَکران - ف - ایران کے جنوب میں ایک شہر اور ایک ملک کا نام ہے ٭
مُکَرَّر - ع - دوبارہ - مجازاً غیر مرغوب - فتح دوسری فتح - ڈبل فتح - بڑی فتح ٭
مُکَرَّم - ع - عزت دیا گیا - بزرگی کیا گیا
مُکَرِّم - ع - نوازش کرنیوالا - بخشش کرنے والا ٭

مُکرِم - ع - عزت بخشنے والا - بزرگی دینیوالا
مَکرُمَت - ع - بزرگی - نوازش - احسان - بخشش ٭
مَکرُوب - ع - اندوہناک -
مَکرُوہ - ع - کراہت کیا گیا - ناپسند - برا - بھونڈا ٭
مَکرُوہات - ع - جمع مکروہ کی ٭
مَکسُور - ع - زیر کیا گیا حرف - جس حرف کے نیچے زیر ہو ٭
مَکشُوف - ع - کھولا گیا - ظاہر کیا گیا
مُکَعَّب - ع - زندانِ تاریستان - اور کسی عدد کو تین دفعہ فی نفسہ ضرب کرنے سے جو عدد حاصل ہوتا ہے وہ اس عدد کا مکعب کہلاتا ہے اور وہ مجسم چارگوشہ جس کی چھیوں طرفیں مساوی مربع ہوں
مُکَفِّر - ع - کسی کو کافر کہنے والا - کفارہ دینے والا -
مَکفُوف - ع - لپٹا ہوا - پیراہن علم عروض میں ہفت حرفی رکن جس کے آخر کا حرف گرادیا گیا ہو جیسے مفاعیلن سے مفاعیل ٭
مُکفِی - ع - کفایت کر دینے والا - کافی ہونیوالا
مَکُوک - ف - جولاہے کی نال ٭
مَکُوک - ع - طاس جس میں پانی پلایا جاتا ہے اور ایک پیمانہ کا نام بھی ہے - جو کئی سیر کا ہوتا ہے ٭
مُکَوکَب - ع - روشن وہ چیز جس پر ستارے لگے ہوئے ہوں - وہ چیزیں جس پر سونے چاندی کی میخیں لگی ہوں ٭
مُکالَدَہ - ع - مکلاوہ - گونا -
مُکَلَّف - ع - تکلیف دیا گیا - ٹیپ ٹاپ کیا گیا ٭

مُکَلِّف - ع - تکلیف دینے والا
مُکَلَّل - ع - تاج سر پر رکھا گیا - درخشاں ملمع کیا گیا ٭
مُکَمِّل - ع - کامل کرنے والا ٭
مُکَمَّل - ع - پورا کیا گیا - کامل کیا گیا - کامل - پورا ٭
مَکمَن - ع - گھات کی جگہ - پوشیدہ ہو کر داؤ لگانیکی جگہ - چھپنے کی جگہ -
مَکمُون - ع - پوشیدہ - چھپا ہوا -
مِکناس - مِکنَسہ - ع - جاروب - جھاڑو
مُکنَت - ع - قدرت - تونگری -
مَکنُوز - ع - خزانہ کردہ شدہ - دفن کیا گیا - ذخیرہ کیا گیا - مجازاً پوشیدہ کیا ہوا - چھپا ہوا ٭
مَکنُون - ع - پوشیدہ - چھپا ہوا راز - دُرِّ مکنون بیش قیمت موتی - کیونکہ بیش بہا موتی کو حفاظت کے لئے چھپا کر رکھا کرتے ہیں ٭
مکنونِ خاطر - ع - دل کی پوشیدہ بات
مکنوناتِ خاطر - ع - دل کی پوشیدہ باتیں - اسرار ٭
مُکَوَّن - ع - پیدا کیا گیا - ہست کردہ شدہ
مُکَوَّنات - ع - مخلوقات - موجودات
مَکّہ - ع - حجاز میں ایک شہر ہے - جہاں خانہ کعبہ ہے ٭
مِکیال - ع - پیمانہ - ٹوپہ - اناج ناپنے کا برتن ٭
مُکِید - ع - مکر کرنیوالا - فریب کرنیوالا
مَکِیدَہ - مکیدہ - ع - فریب - پھندا - بداندیشی ٭
مَکِیدَن - ف - چوسنا -

مکیس ۔ ف ۔ مکاس کا آلہ ہے ۔
مکیفات ۔ ع ۔ نشہ آور چیزیں ۔ نشہ پیدا کرنیوالی چیزیں ۔ جمع مکیف کی ۔
مکیل ۔ ع ۔ پیمانے سے ناپا ہوا +
مکین ۔ مکان دار ۔ مکان میں رہنے والا ۔ صاحب مکان +

میم مع کاف فارسی

مگر ۔ ف ۔ پر ۔ لیکن ۔ سوا ۔ شاید ۔ کبھی زائد بھی آتا ہے +
مگس ۔ ف ۔ مکھی ۔
مگس پرانی ۔ ف ۔ بے رونق ہونا
مگس ران ۔ ف ۔ مورچھل ۔
مگس گیر ۔ ف ۔ مکڑی ۔
مگل ۔ ف ۔ مینڈک ۔ غوک
مگل ۔ ف ۔ جونک ۔ زلو ۔

میم مع لام

مل ۔ ف ۔ شراب انگوری ۔ امرود جو مشہور پھل ہے +
مل ۔ ف ۔ بال خواہ کسی جگہ کا ہو حیوان کا ہو یا انسان +
ملا ۔ ع ۔ سیر ۔ پیٹ بھر کر کھایا ہوا ۔ پیا ہوا ۔ اندوہگین ۔ صاحبِ ملال جیسے دکھ پہنچا ہو ۔ کپڑا ۔ سینا +
ملا ۔ ع ۔ آشکارا ۔ ظاہر ۔ مجلس محفل ۔ انجمن +
ملاء ۔ ع ۔ بزرگ اور اشراف قوم کے لوگ
ملاء الاعلیٰ ۔ ع ۔ عالم علوی کے فرشتے
ملا ۔ ع ۔ بہت پڑھا ہوا ۔ عالم ۔ بہت املا کرنے والا +

ملابس ۔ ع ۔ جمع ہے ملبس کی ۔
ملابست ۔ ع ۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا ۔ باہم مشابہت رکھنا +
ملا جلال ۔ ع ۔ علم منطق کی کتاب تہذیب کی شرح مصنفہ ملا جلال
ملاح ۔ ع ۔ ملح ۔ (بالفتح) سے مشتق ہے اور اُس کے معنے "جانور کا دونوں بازو سے پھڑ پھڑانا" ہیں ۔ ملاح اس سے مبالغہ کا صیغہ ہے ۔ بہت پھڑ پھڑانے والا ۔ چونکہ ملاح کو ناؤ کے چلانے اور بانس کو پکڑ کر آگے لیجانے میں بہت کچھ کام بازو سے لینا پڑتا ہے ۔ اس مناسبت سے کشتی بان (کشتی چلانے والے) کو ملاح کہنے لگے ۔ بقول بعض یہ لفظ ملح (بمعنی نمک) سے مشتق ہے ۔ چونکہ ملاح کو اکثر دریاؤں کے نمکین پانی میں رہنے کا اتفاق رہتا ہے ۔ اسواسطے ملاح کہلایا +
ملاحت ۔ ع ۔ نمکینی ۔ خوبصورتی ۔ سانولے رنگ کا ہونا +
ملاحدہ ۔ ملاحدہ ۔ ع ۔ جمع ملحد کی +
ملاحظہ ۔ ع ۔ کن انکھیوں سے دیکھنا ۔ گوشۂ چشم سے دیکھنا +
ملاحظہ مند ۔ ف ۔ صاحبِ لحاظ ۔ لحاظ والا +
ملاخ ۔ ف ۔ ایک مقام اور ایک جزیرہ کا نام ہے ۔
ملاد ۔ ملاذ ۔ ع ۔ جائے پناہ ۔ بچاؤ کی جگہ ۔ فارسی والے اکثر ذال کی دال بھی استعمال کرتے ہیں ۔ جیسے ضبیط اور منبیہ +
ملاذ ۔ ع ۔ جمع ملیذ کی +

ملاذ ۔ ع ۔ وہ شخص جو اپنے کہے پر نہ چلے +
ملازادہ ۔ ف ۔ علم معانی میں ایک کتاب ہے جو اپنے مصنف کے نام پر مشہور ہے ۔ آلۂ تناسل +
ملازم ۔ کسی کے ساتھ ہمیشہ رہنے والا ۔ کسی کام کو ہمیشہ کرنیوالا ۔ مجازاً نوکر
ملازمت ۔ ع ۔ کسی جگہ ہمیشہ ہونا ۔ کسی کے نزدیک ہمیشہ رہنا ۔ مجازاً نوکری
ملازہ ۔ ملاژہ ۔ ف ۔ وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق میں لٹکتا رہتا ہے ۔ کاگ ۔
ملاست ۔ ع ۔ نرمی ۔ صافی ۔ ہمواری
ملاصق ۔ ع ۔ لگا ہوا ۔ چسپیدہ
ملاط ۔ ع ۔ گارا جس سے دیوار کی اینٹیں اور پتھر کو چپکاتے ہیں +
ملاطف ۔ ع ۔ مہربانی کرنیوالا ۔
ملاطفت ۔ ملاطفہ ۔ ع ۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنی ۔ مہربانی کرنی ۔ احسان کرنا مجازاً ۔ خط ۔ نامہ ۔ مراسلہ +
ملاطیہ ۔ ع ۔ ایک شہر کا نام ہے دیکھو ملطیہ
ملاعب ۔ ع ۔ جمع لعب کی ۔ بازیاں ۔
ملاعبت ۔ ملاعبہ ۔ ع ۔ بازی کرنا لعب کرنا +
ملاعنہ ۔ ملاعین ۔ ع ۔ جمع ملعون کی
ملاقات ۔ ع ۔ باہم ملنا ۔ ایک دوسرے سے ملنا +
ملاقی ۔ ع ۔ ملنے والا ۔
ملاک ۔ ع ۔ اصل چیز جس سے کوئی شے قائم ہو ۔
ملال ۔ ع ۔ رنجیدگی ۔ دلگیری ۔ طبیعت کا اکتا جانا ۔ نفرت +

ملالت ۔ ع ۔ اداسی ۔ اداس ہونا ۔
ملام ۔ ع ۔ ملامت کرنا ۔ سرزنش ۔ ملامت ۔ سرزنش ۔ ملامت کی جگہ +
ملامت ۔ ع ۔ برا بھلا کہنا جھڑکنا برا کہنا ۔ ڈانٹنا +
ملامست ۔ ع ۔ لمس کرنا ۔ بدن سے بدن ملانا ۔ جماع کرنا +
ملاہی ۔ ع ۔ جمع لہو کی ۔ کھیل کود ۔ بازیاں وہ چیزیں جو یادِ الٰہی سے غافل کرتی ہیں +
ملائک ۔ ملائکہ ۔ ع ۔ جمع ہے ملک کی فرشتے +
ملائم ۔ ع ۔ مناسب ۔ موافق ۔ مجازاً فراہم ہونیوالا +
ملائمت ۔ ع ۔ سازواری ۔ مناسبت دو چیز کو باہم جمع کرنا ۔ مجازاً نرمی +
ملتب ۔ ف ۔ لبالب ۔ فارسیوں کا گھڑتی لفظ ہے ۔
ملبس ۔ ع ۔ پوشش ۔ لباس
ملبس ۔ ع ۔ لباس پہنایا گیا ۔ کپڑے پہنے ہوئے +
ملبوس ۔ ملبوسہ ۔ ع ۔ پہننے کا کپڑا ۔ جامہ پوشیدنی +
ملبوسات ۔ ع ۔ جمع ہے ملبوس کی ۔
ملت ۔ ع ۔ دین ۔ مذہب ۔ گروہ ۔ شریعت
ملتاع ۔ ع ۔ جلنے والا ۔ مجازاً ۔ مشتاق ۔ حریص +
ملتان ۔ ہ ۔ پنجاب کا ایک دریائے راوی کے مشرقی کنارے ایک شہر جو بہت مشہور ہے +
ملتانی ۔ ف ۔ ہندو ۔ ہندوستانی ۔
ملتبس ۔ ع ۔ پوشیدہ ۔ مشتبہ کردہ شدہ
ملتثم ۔ ع ۔ نقاب پہننے والا +

مُلتثَم - ع - جائے بوسہ - چومنے کی جگہ
بوسہ دیا گیا +
مُلتجا - ع - پناہ لینا - جائے پناہ -
مُلتجی - ع - پناہ ڈھونڈنے والا -
التجا کرنے والا -
مُلتجَد - ع - پناہ لینے کی جگہ - جائے پناہ
مُلتحَم - ع - انگور لایا ہوا زخم - بھرا ہوا زخم
زخم جو خشک ہونے کے قریب ہو -
مُلتحِمہ - ع - آنکھ کے سات طبقوں
میں سے پہلا طبقہ +
مُلتحی - ع - وہ شخص جس کی داڑھی
نکل آئی ہو +
مُلتزِم - ع - التزام کرنے والا - اپنے
اوپر لازم پکڑنے والا -
مُلتزَم - ع - کعبے کی رکن یمانی کے سامنے ایک
مقام ہے - جہاں حاجتمندوں کی دعا قبول ہوتی ہے
مُلتصِق - ع - ملا ہوا - لگا ہوا +
مُلتفِت - ع - التفات کرنیوالا - توجہ
کرنے والا +
مُلتقِط - ع - چگنے والا - کسی شے کا چگنے
والا - رفو کنندہ - بردارندہ +
مُلتقَط - ع - برچیدہ شدہ - رفو کردہ
شدہ - برداشتہ شدہ +
مُلتقِم - ع - لقمہ کھانے والا - طعام
کا نوالہ لینے والا +
مُلتقیٰ - ع - ملاقات کی جگہ - ملنے کی جگہ
وہ جگہ جہاں دو چیزیں ملیں +
مُلتمِس - ع - التماس کرنیوالا - ڈھونڈنے
والا - عرض کرنیوالا -
مُلتمَس - ع - التماس کردہ شدہ
عرض کردہ شدہ - عرض معروض +

مُلتوی - ع - دیر کرنے والا - لپیٹنے والا
نبض کی ایک خاص حرکت کا نام بھی ہے
مُلتہِب - ع - بھڑکتی ہوئی آگ بھڑکتا
ہوا شعلہ +
مُلتئم - ع - وہ زخم جو اچھا ہو گیا ہو -
وہ زخم جس کو مرہم کی حاجت نہ رہی ہو +
مُلتئِم - ع - التیام اور پیوستگی دینے والا
مُلثَّم - ع - بوسہ پیدہ شدہ - چوما گیا -
مَلثوم - چوما گیا - بوسہ دیا گیا -
مَلجا - ع - جائے پناہ - جہاں پر آدمی اپنی
جان بچانے کو جا کر قرار پکڑے +
مَلجائے نوح - ع - کوہ ارارات یا جودی
جس پر حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی طوفان
کے بعد ٹھہری تھی +
مَلچخ - ف - غلولہ - یا غلہ جس کو گوپھن
میں رکھ کر کھیت میں پھینکا کرتے ہیں +
مِلح - ع - نمک - پنجابی لون -
مَلح - ع - پرندوں کا دونوں بازوؤں
سے تڑپنا - پھڑ پھڑانا +
مُلِح - ع - کسی کام میں مبالغہ کرنیوالا -
مُلحِد - ع - راہِ حق سے پھرنیوالا -
فاسق - بے دین +
مُلحَق - ع - لگا ہوا - ملا ہوا
مُلحِق - ع - شامل - پیچھے لگ جانیوالا -
مُلحَقہ - ع - الحاق کردہ شدہ - لگی ہوئی
ملی ہوئی چیز +
مُلحَم - ع - ایک قسم کا ابریشمی کپڑا ہے
جو نہایت ملائم ہوتا ہے +
مَلحَمہ - ع - بڑی بھاری لڑائی - بہت
بڑا فتنہ +
مَلحوظ - ع - لحاظ کیا گیا - دیکھا گیا +

مَلخ - ف - ٹڈی - پنجابی - مکڑی
ملخ زدن کشت را - ف - ٹڈیوں کا
کھیت کو تباہ اور برباد کر دینا +
مُلخَّص - ع - پاک کیا گیا - خالص
خلاصہ کیا گیا - خلاصہ - مختصر +
مُلِذ - ع - لذت والی شئے - لذیذ چیز
مُلزِم - ع - کسی کے ذمے کوئی
کام ڈالنے والا - لازم اور واجب
کرنے والا +
مُلزَم - ع - لازم کیا گیا -
مُلصَق - ع - لگایا گیا - پیوستہ کیا گیا
قریب +
مَلَطیہ - ع - ملک روم میں ایک شہر ہے
جو ابتدائے اسلام میں کفار کا مسکن تھا
بعض جگہ اس لفظ کو مَلیطہ (قصیدہ
کے وزن پر) لکھا ہے سو غلط ہے +
مِلعقہ - ع - چمچہ - لوہے کا چمچہ - اطبا کی
اصطلاح میں ایک معین وزن ہے +
مَلعون - ع - لعنت کیا گیا - مردود +
مَلفوف - ع - لپٹا ہوا - لفافہ کیا گیا -
مَلِق - ع - ظاہر میں چاپلوسی کرنیوالا
ظاہر میں خوشامد کرنے والا -
مَلَق - ع - ہموار زمین +
مَلق - ع - مٹا دینا - دوست رکھنا - چاپلوسی
مُلق - ع - وہ آواز جو پانی میں اینٹ
ڈالنے سے نکلتا ہے +
مُلقَّب - ع - لقب دیا گیا - با معنی
وصفی نام دیا گیا +
مُلقِّن - ع - تلقین کرنے والا -
مُلقَّن - ع - تلقین کیا گیا +
مُلک - ع - بادشاہی ایک [illegible]
بادشاہ کے ماتحت ہو -
مَلَک - ع - فرشتہ - جمع [illegible] -
مَلِک - ع - بادشاہ -
مِلک - ع - جاگیر - اسباب - مال -
جس شئے پر قبضہ ہو - اصل رو سے ان
الفاظ (مِلک - مَلِک - مَلَک - مُلک) کا
(م ل ک) ہے - جس کا مفہوم عربی میں طاقت
(قوت و قدرت کا) کرنا ہے - یعنی یہ الفاظ
جس کا ماخذ (م ل ک) ہو گا - اس کے
معنی قوت کے ضرور شامل ہوں گے - مَلِک جو بادشاہ
کے معنی میں ہے اس لئے کہ اسے رعیت اور ملک
پر قدرت حاصل ہوتی ہے - مَلَک جو فرشتہ
کے معنی میں ہے - وہ بھی عالم میں تصرف
والے ہوتے ہیں - مِلک (جاگیر اسباب
مقبوضہ شئے) کا جو مالک ہوتا ہے - اسے
اس ملک کے سبب بیشک قوت حاصل ہوتی
ہے - مُلک (وہ ولایت جو ایک بادشاہ کے
ماتحت ہو) سے بادشاہ کو تقویت حاصل ہوتی
ہے - اور خود بھی قوت والا ہوتا ہے +
مَلکا - ع - یہودیوں کے ایک مجتہد
اور فقیہہ کا نام ہے +
مَلکات - ع - جمع ملکہ کی +
مَلکاتِ ردّیہ - ع - بری عادتیں -
مَلکاتِ ردّیہ ہشتگانہ - ف - حسد
بغض - بخل - حرص - کذب - غضب
کبر - بے حیائی +
مَلکاتِ فاضلہ - ع - اچھی خصلتیں +
مَلکاتِ فاضلہ چہارگانہ - ف - حکمت
شجاعت - عفت - عدالت +
مَلِکُ الاملاک - ع - بادشاہوں کا بادشاہ
شہنشاہ - مہاراج +

مَلِکُ الکلام - ع - لقب ملک قمی نام ایک شخص کا جو مصاحب اور ہمنشین ابراہیم عادل شاہ (شاہ دکن) کا تھا -
مَلَکِ آوازہ - فہ - بلند آواز +
مَلَکُ الموت - ع - وہ فرشتہ جو مرنے کے وقت روح قبض کرتا ہے - موت کا فرشتہ حضرت عزرائیل سے مراد ہے +
مَلِکت - بادشاہی -
مَلِک رانی - فہ - ملک کا انتظام کرنا - سیاست - بادشاہی +
مَلَک سیرت - ف - فرشتہ خو - فرشتہ کی سی خصلت کا آدمی +
مَلِک شاہ - ف - سلطان معزالدین ابوالفتح جلال الدین ملک شاہ جو ایران - طہران اور عراق کا بڑا صاحب اقبال بادشاہ گذرا ہے - ۴۶۵ھ سے ۴۸۵ھ تک سلطنت کی - شکار کا بڑا شائق تھا - اور جو شکار اپنے ہاتھ سے مارتا اسکے عوض ایک دینار صدقہ دیا کرتا - امیر معزی نے اس کے نام پر اپنا تخلص معزی رکھا - تاریخ جلالی اسی سے منسوب ہے سلطان سنجر اسی کا بیٹا تھا +
مَلِک عنبر - ع - دکن کی سلطنت نظام شاہیہ کا ایک حبشی غلام تھا - جو بعد میں بڑے مرتبہ کو پہنچا - جب اکبر نے اس سلطنت پر حملہ کیا تو ملک عنبر نے اس کا بڑی جوانمردی سے مقابلہ کیا -
مَلَک فرسہ کردن - فہ - یاد کرنا - توجہ دینا +
مَلِک قمی - ع - دیکھو ملک الکلام +
مَلِک نیمروز - ع - ملک نیمروز کا بادشاہ رستم سے مراد ہے جو سیستان کا بادشاہ تھا - اور سیستان کا نام نیمروز بھی ہے - سیستان کا بادشاہ حضرت آدم علیہ السلام اور جناب سرور کائنات سے مراد لیتے ہیں +
مَلَکوت - ع - بادشاہی - پروردگاری غلبہ - سلطان - تصرف - فرشتوں کا عالم صوفیوں کے نزدیک عالم ارواح کو کہتے ہیں +
مَلَکہ - ع - مہارت اور قوت جو علم یا ہنر سے انسان کو حاصل ہوتی ہے - استعداد ہر شے کے حاصل کرنیکی قوت جو طبیعت میں مرکوز ہو جاتی ہے +
مَلِکہ - ع - بادشاہ زادی - شاہزادی
مَلَکی - ع - منسوب ملک سے فرشتہ والی فرشتہ جیسی +
مُلکی - ع - ملک کا - ملک والا +
مِلکِ یمین - ع - لونڈی - غلام -
مِلَل - ع - جمع ملت کی - ادیان - مذاہب
مُلَمَّع - ع - روشن کیا گیا - درخشاں روشن - چاندی یا سونے کا پانی چڑھا ہوا - ایسے اشعار جن میں ایک مصرعہ یا ایک بیت عربی اور ایک فارسی ہو +
مُلَمَّع کار - ف - منافق - جو ظاہر میں کچھ ہو اور باطن میں کچھ اور +
مُلَمَّع کار شیطانی - ف - جھوٹ کو سچ بنا کر دکھانے والا +
مُلَمَّع گر - فہ - ملمع کرنیوالا -
مَلَنگ - ف - بکواس - نہ کر +
مَلَنگ - ف - سر اور پیر سے ننگا مجرد آدمی - بیہوش - مست - لنگیا - نہی کا صیغہ بھی ہے +
مِلْواح - ع - وہ پالتو جانور جو شکاری لوگ شکار کرنے کو ساتھ لیجاتے ہیں اور اس کو دیکھکر اور جانور جال میں آکر پھنس جاتے ہیں پنجابی میں اسے مہلن کہتے ہیں
مُلَوَّث - ع - لتھڑا ہوا - آلودہ +
مُلوک - ع - جمع ملک کی - بادشاہ لوگ
مَلول - ع - رنجیدہ - اداس -
مَلوم - ع - ملامت کیا گیا -
مُلَوَّن - ع - رنگ آمیزی کیا ہوا - رنگ برنگ کا +
مُلہِم - ع - الہام کرنیوالا - دل پر کوئی بات ڈالنے والا - خدائے تعالے +
مُلہَم - ع - الہام کیا گیا - القا کیا گیا دل پر کوئی بات خدا کی طرف سے پڑی ہوئی +
مُلہوب - ع - شعلہ زن کی ہوئی آگ بھڑکی ہوئی آگ -
مَلہوف - ع - غمگین - مظلوم +
مُلہی - ع - غافل کرنیوالا - غفلت میں ڈالنے والا -
مَلی - ع - دولت والا -
مَلیبار - ع - ہندوستان کے جنوب میں ایک جزیرہ ہے ہندوستان کے حصہ دکن کا مغربی ساحل یعنی سمندر کے کنارے کا ملک +
مَلیح - ع - نمکین - نمک آلودہ - سانولے رنگ کا +
مَلیک - ع - مالک - صاحب - خدا تعالے کا نام ہے +
مُلَیِّن - ع - نرمی کرنیوالا - تلیین کرنے والا - قبض دور کرنیوالی دوا +
مِلین - ا - انگریزی زبان میں دس لاکھ کو کہتے ہیں +

میم مع میم

مِمّا - ع - اس چیز سے -
مَمات - ع - موت - مرنا -
مُماثِل - ع - ہم مثل - اس جیسا -
مُماثلت - ع - مانند ہونا +
مَمَارات - ع - گذشتہ باتیں - ماجرائے سلف +
مُمارات - ع - کسی کے ساتھ چلنا عداوت کرنا - خصومت کرنا +
مُمارَسَت - ع - تجربہ کرنا - کوشش کرنا کسی کام میں مشق کرنا - علاج کرنا +
مُمازَجَت - ع - آمیختگی - ارتباط +
مَماس - ع - چھونا - دو چیزوں کا آپس میں ملنا +
مُماس - ع - مس کرنیوالا - چھونیوالا +
مُماس - ف - لپسنی - مذاک +
مُماسِخ - ع - صورت کو مسخ کرنیوالا بگاڑ دینے والا - اچھی صورت کو بری صورت کی طرف پھیر دینے والا +
مُماشات - ع - ہمراہی کرنا - کسی کے ساتھ چلنا +
مُماطَلَت - ع - دفع الوقتی کرنا - کام کو پیچھے ڈالنا -
مَمالِک - ع - جمع مملکت کی +
مَمالِک محروسہ - ع - وہ ملک جو بادشاہ کی اپنی حراست یعنی قبضہ میں ہوں - ملک ہائے محفوظ +
مَمالیک - ع - جمع مملوک کی +

مُمَانَعَت - ع - باز رکھنا منع کرنا - روکنا
مُمَایَزَت - ع - جُدا کرنا - علیحدہ کرنا - فرق کرنا - تمیز کرنا +
مُمْتَاز - ع - امتیاز دیا گیا - عزت دیا گیا
مُمْتَثَل - ع - ہم مثل کیا گیا -
مُمْتَحِن - ع - صیغہ اسم فاعل کا ہے امتحان مصدر سے - امتحان لینے والا آزمائش کرنیوالا +
مُمْتَحَن - ع - صیغہ اسم مفعول کا ہے امتحان مصدر سے - امتحان کیا گیا - آزمایا گیا - آزمائش کیا گیا +
مُمْتَد - ع - دراز کیا گیا - کھینچا گیا دراز +
مُمْتَزِج - ع - ملانے والا - ملنے والا +
مُمْتَلی - ع - بھرا ہوا - پُر +
مُمْتَنِع - ع - روکا گیا - باز رکھا گیا -
مُمْتَہَن - ع - خوار کیا گیا - ذلیل -
مُمَجَّد - ع - بزرگی دیا گیا - بزرگ -
مُمِد - ع - مدد کرنے والا +
مُمِدّ - ع - ایک درد کا نام ہے جس سے بدن کے پٹھے کھچ جاتے ہیں -
مَمْدُوح - ع - مدح کیا گیا - تعریف کیا گیا جس کی تعریف کی جائے +
مَمْدُود - ع - دراز کیا گیا - پھیلایا گیا
مَمَر - ع - گذرنے کی جگہ - گذرنے کی راہ راہ - مجازاً سبب -
مُمْرِضِیت - ع - بہت بیمار ہو جانا - غلطی
مُمَرَّد - ع - روشن کیا گیا - برابر کیا ہوا - منڈھا ہوا - سادہ ہموار -
مُمَزَّج - ع - کتان کی ایک قسم ہے

آب خانہ +
مَمْزُوج - ع - ملایا ہوا - آمیختہ شدہ اور شراب جس میں پانی یا کچھ عرق ملا کر پیویں +
مِمْسَحَہ - ع - معماروں کا کثّل مالہ - ملنے کا آلہ +
مُمْسِک - ع - چنگل مارنے والا - خرچ نہ کرنے والا - بخیل - کنجوس +
مُمْسِکُ الاعنہ - مُمْسِکُ العِنَان - آسمان کی بارہ شکلوں میں سے ایک شمالی کھڑی ہوئی شکل ہے جس میں ایک مرد ایک ہاتھ میں باگ پایہ اور دوسرے میں گھوڑے کی باگ لئے کھڑا ہوا معلوم ہوتا ہے
مَمْسُوح - ع - مسح کیا گیا - سر یا کسی عضو پر ہاتھ ملا گیا +
مَمْشُوط - ع - کنگھی کیا گیا +
مَمْضُوغ - ع - چبایا ہوا - چبایا گیا
مُمْضِی - ع - رواں کیا گیا - چھوڑا گیا -
مُمْطِر - ع - مینہ برسانے والا +
مَمْقُوت - ع - دشمن پکڑا گیا - دشمن بنایا گیا - مبغوض -
مُمْکِن - ع - جو بات ہوسکے - جو ان ہونی نہ ہو - ہوسکنے والی بات +
مُمْکِنُ الْوُجُود - ع - جس کا ہونا اور نہ ہونا دونوں ضروری نہ ہوں - اور وہ مخلوقات ہے -
مُمْکِنَات - ع - وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہو -
مُمِل - ع - اوداس کرنے والا - دلگیر کرنیوالا - ملول کنندہ +
مَمْلَکَت - ع - بادشاہت سلطنت

ملک -
مَمْلُو - ع - بھرا ہوا - پُر - فارسی والے اپنے قاعدہ کے مطابق واؤ مُشدد کو (جو کلمہ کے آخر میں ہے) ساکن پڑھتے ہیں -
مَمْلُوح - ع - نمکین دیکھا گیا +
مَمْلُوک - ع - مِلک - غلام - بندہ -
مَمْنُون - ع - نعمت دیا گیا - منت رکھا گیا - جس پر احسان کریں - نقصان کیا گیا
مُمَوَّہ - ع - زراندودہ - ملمع کی ہوئی چیز +
مَمَّہ - ع - عورت کی چھاتیاں - نشان جنگ کی
مُمَہَّد - ع - تمہید کیا گیا - بچھایا گیا - پہلے مطلب سے وہ بات لکھی گئی - جس پر مطلب کا سمجھنا موقوف ہو +
مُمَہِّد - ع - بچھانے والا -
مُمَیِّز - ع - جُدا کرنیوالا - بُرے کو بھلے سے اور نیک کو بد سے تمیز کرنیوالا +

میم مع نون

مَن - ع - وہ شخص - کون شخص +
مَن - ف - میں - ہ - سیر کا وزن جو وہ ڈھیر - طبیبوں کے نزدیک دو رطل یعنی سیر بھر کا وزن - کبھی یہ لفظ نسبت کے واسطے بھی آتا ہے - جیسے دشمن ہیں -
مَنّ - ع - نعمت دینا - احسان رکھنا - نقصان کرنا - وہ میٹھی رطوبت جو کسی درخت کے پتوں پر منجمد ہو جیسے ترنجبین وغیرہ
مِن - ع - سے - از - بہ - اوپر +
مِنا - ع - جائے قربانی - مکہ معظمہ کے پاس ایک جگہ ہے کہ جہاں حاجی لوگ قربانی کرتے ہیں +
مُنَا - ع - جمع مُنیہ کی - آرزوئیں - مقاصد
مَنَا - ع - مقدار - اندازہ - بعاید منازل کا مخفف بھی ہے +
مَنَاب - ع - کھڑا ہونے کی جگہ کسی کی جگہ پر کھڑا ہونا - قائم مقام ہونا -
مَنَابِر - ع - جمع منبر کی -
مَنَابِع - ع - جمع منبع کی -
مَنَات - ع - ایک بُت کا نام ہے جس کو قبیلہ ہذیل اور خزاعہ عرب میں پوجا کرتے تھے +
مُنَاجَات - ع - سرگوشی کرنا - کان میں بات کہنا - مجازاً خدا کی جناب میں اس کو حاضر جان کر اس طرح دعا کرنی جس طرح باتیں کیا کرتے ہیں +
مِنْ اَجْل - ع - واسطے سبب -
مِنْ اَجْلِ ذٰلِک - ع - اسی واسطے
مُنَاحَہ - ع - ماتم کرنا - نوحہ کرنا - آواز کے ساتھ رونا - ماتم کرنے کی جگہ -
مُنَاخ - ع - اونٹ بٹھانے کی جگہ - سونے کی جگہ - خوابگاہ - جائے آسودگی -
مَنَاخِر - ع - جمع ہے منخر کی -
مَنَاخِیر - ع - جمع ہے منخر کی - دروازے کی بینی - اس صورت میں مستعمل ہوتا ہے +
مُنَادٰے - ع - ندا کیا گیا - پکارا گیا - جس کو پکاریں +
مُنَادَمَت - ع - باہم ندیم ہونا - ہم صحبت ہونا - ہم نشینی +
مُنَادِی - ع - ندا کرنیوالا - پکارنے والا - ڈھنڈورا دیا +

منادئ اسلام - ف - مؤذن - حافظ - نابینا ۔

منادی گر - ف - منادی کرنیوالا ڈھنڈورچی ۔

منادیل - ع - جمع مندیل کی ۔

منارہ - منار - ع - جائے نور، چراغدان، چراغ پایہ - وہ اونچا ستون جس پر رات کو مسافروں کے واسطے چراغ روشن کیا جاتا ہے - جہاز کا ہیرا - ایک اونچا ستون، مینار - اذان کہنے کی جگہ ۔

منار کلہ - ف - کلہ منار، چوروں، ڈاکوؤں اور دشمنوں کے بہت سے سر جو اوروں کی عبرت کے واسطے اوپر تلے چن دیتے ہیں ۔

منازع - ع - جھگڑالو - جھگڑنیوالا ۔

منازعت - ع - باہم جھگڑا کرنا کسی سے اپنا حق لینے میں کوشش کرنا ۔

منازعہ فیہ - ع - وہ امر جس کی نسبت باہم جھگڑا ہو ۔

منازل - ع - جمع ہے منزل کی ۔

منازل شناسان - ف - معرفت الٰہی کی منزلوں کو پہچاننے والے عارفان الٰہی ۔

منازل قمر - ع - ہر مہینے کی ۲۸ راتوں میں چاند کی ۲۸ منزلیں مقرر ہیں - اور اگر مہینہ ۳۰ روز کا ہوتا ہے تو وہ دو رات نظر سے پوشیدہ رہتا ہے - اور اگر ۲۹ روز کا تو ایک رات ۔

مناسب - ع - نسبت رکھنے والا لگاؤ رکھنے والا ۔

مناسبت - ع - باہم لگاؤ رکھنا - آپس میں نسبت رکھنا ۔

مناسک - ع - حاجیوں کی عبادت کے مقام اور طریق - حج کے اعمال ۔

مناشیر - ع - جمع منشور کی ۔

مناص - ع - بھاگنے کی جگہ - جائے پناہ - بھاگنا - باز پس ہونا ۔

مناصب - ع - منصب کی جمع ہے

مناصحت - ع - نصیحت کرنی - سمجھانا

مناصر - ع - مدد دینے والا - مددگار ۔

مناصرت - ع - مدد دینا ۔

مناصفہ - ع - آدھم آدھ کرنا

مناضلہ - ع - کسی کے ساتھ تیر اندازی میں برابری کرنی - مسابقت ۔

مناضلہ - ع - تیر اندازی میں مقابلہ کرنا اصطلاح میں لفظا لفظا ہر قسم کے مسائل میں بحث کرنا ۔

مناط - ع - اس کا مصدر نوط ہے جس کے معنے لٹکانا ہیں۔ مناط کے معنے در لٹکانے کی جگہ " لیکن اصل ہو در ا ر مصدر میمی بھی ہے - اس صورت میں لٹکنا پیٹنا اس کے معنی ہیں ۔

مناطحت - ع - باہم سینگوں سے لڑنا مطلق لڑنا - مقابلہ کرنا ۔

مناظر - ع - جمع منظر کی ۔

مناظرات - ع - جمع مناظرہ کی ۔

مناظرہ - ع - باہم بحث کرنا - باہم نظر کرنا - نیک مطلب نکالنے کے واسطے حق بات ثابت کرنے کے لئے باہم بحث کرنا ۔

مناظم - ع - پیٹھ کی ہڈیاں - نظم و ترتیب کی جگہیں

مناع - ع - روکنے - امر کا صیغہ ہے ملے کے دو پہاڑوں کے درمیان ایک ٹیلا ہے ۔

مناع - ع - باز دارندہ - بہت روکنے والا - ایک شخص کا نام بھی ہے ۔

مناعت - ع - عرب کے قبیلہ ہذیل کا شہر ایک پہاڑ کا نام بھی ہے جگہ کا استوار ہونا - محکمی - استواری

مناع خیر - ع - بھلے کام سے منع کرنیوالا - کار خیر سے روکنے والا ۔

مناعم - ع - جمع ہے نعمت کی ۔

مناعمت - ع - استوار کرنا - ناز و نعمت میں پالنا

منافات - ع - ایک دوسرے کو نفی کرنا - باہم ایک دوسرے کی ضد ہونا - نسبت کرنا - ایک دوسرے کا نقیض اور ضد ہونا ۔

منافذ - ع - جمع منفذ کی ۔

منافر - ع - نفرت کرنیوالا ۔

منافرت - ع - باہم نفرت کرنا - حاکم کے پاس کسی شخص کے ساتھ حسب نسب ثابت کرنے کیلئے جانا ۔

منافسہ - ع - رغبت کرنا - معارضہ کرنا - جھگڑا - حسد کرنا

منافع - ع - فائدہ دینے والا - نفع پہنچانیوالا

منافع - ع - جمع نفع کی - فائدے ۔

منافق - ع - نفاق رکھنے والا - وہ شخص جس کے دل میں کچھ اور ظاہر اس کے برخلاف کرے ۔

منافی - ع - نیست کرنیوالا - باطل کرنیوالا - ضد

مناقب - ع - جمع منقبت کی - اوصاف حمیدہ

مناقشہ - ع - جھگڑا کرنا - جھگڑا ۔

مناقض - ع - توڑنے والا - مخالف ۔

مناقضہ - ع - نقض کرنا - اعتراض - باہم ایک دوسرے کی بات کو توڑنا - جھگڑا ۔

مناکب - ع - جمع ہے منکب کی ۔

مناکحت - ع - نکاح کرنا - بیاہ کرنا ۔

مناکحہ - ع - باہم نکاح ہونا - عورت مرد کا نکاح ہونا

مناکیب - ع - جمع منکوب کی ۔

مناکیر - ع - جمع منکر کی ۔

منال - ع - جائے یافت، کسی شے کے حاصل ہونے کی جگہ - جیسا کہ اراضی - ملک - جاگیر - باغ - کھیتی دوکان - یہ سب جگہ پیدا کرتی ہیں - انکو منال کہتے ہیں۔ منال نیل (یعنی پانا - حاصل کرنا) مصدر سے صیغہ ظرف کا ہے ۔

من الاخیر - ع - وہ بوجھ جسے بھری ہوئی کشتی پر رکھیں تو کشتی غرق ہو جائے ۔

منام - ع - خوابگاہ - جائے خفتن، سونے کی جگہ - خواب - نیند ۔

منامات - ع - جمع منام کی ۔

منان - ع - بہت احسان کرنیوالا - نیکی کرنے والا - خدا تعالیٰ کا ایک نام بھی ہے ۔

مناہج - ع - جمع ہے منہج کی ۔

مناہدت - ع - ایک دوسرے کی طرف درمیان لڑائی کے قصد کرنا - انگلیوں پر فال لینا - فال کھیلنے کسی کے ساتھ پانسہ ڈالنا ۔

مناہل - ع - جمع منہل کی - چشمے ۔

مناہی - ع - جمع ہے منہی کی ۔

منایا - ع - جمع ہے منیہ کی ۔

منبت - ع - جائے روئیدگی - اگنے کی جگہ

منبت - ع - اُگایا گیا - نقاشوں کی اصطلاح میں وہ نقش جو اپنی زمین سے اونچا ہو جیسا کہ روپے پر ہوتا ہے ۔

منبر - ع - مسجدوں میں پتھر یا لکڑی وغیرہ کی ایک سیڑھی سی بنی ہوتی ہے جس پر عالم لوگ بیٹھ کر خطبہ پڑھتے ہیں - اور وعظ کرتے ہیں - صیغہ اسم آلہ کا ہے - منبر (برداشتن - بلند شدہ) مصدر سے

منبر آلودگان - ف - فاسقوں کا بدن

منبر بند پایہ - ف - عرش اعظم ۔

منبسط - ع - پھیلنے والا - بچھنے والا - مجازاً مسرور - خوشحال ۔

مَنبَع - ع - چشمہ - پانی کے نکلنے کی جگہ - سوت - وہ جگہ جہاں سے دریا نکلتا ہے صیغہ اسم ظرف کا ہے - نبوع مصدر سے جس کے معنے ہیں زمین سے پانی کا نکلنا -
مَنبَعَث - ع - برانگیختہ کیا گیا -
مُنبَعِث - ع - برانگیختہ شوندہ -
مِن بَعد - ع - اس کے بعد - بعد ازیں
مَنبَل - ف - بداعتقاد سست - کاہل - زخم کی جگہ - تازہ زخم پر چھڑکنے کی ایک دوا بھی ہے
مَنبَلی - ف - بداعتقادی - کاہلی منکر ہونا
مُنَبِّہ - ع - خبردار کرنیوالا -
مُنَبَّہ - ع - خبردار کیا گیا -
مُنبِی - ع - خبر دینے والا -
مِنّت - ع - احسان - نکوئی - بھلائی کرنی کئے ہوئے احسان کو جتلانا +
مِنّت برکسے بُردن - ف - کسی کا احسان اُٹھانا - کسی کا ممنون اور احسانمند ہونا +
مُنتَبِہ - ع - آگاہ - خبردار
مُنتِج - ع - نتیجہ دینے والا -
مَنتَج - ع - نیکو کار - گھاس - پانی کی جگہ
مُنتَجِم - ع - روشن - تاباں +
مُنتَحِل - ع - بخشش لینے والا صیغہ اسم فاعل کا ہے - اِنتحال مصدر سے جس کے معنے بخشش کا لینا ہیں +
مُنتَخَب - ع - انتخاب کیا گیا - خلاصہ کیا گیا - چھانٹا گیا - چھانٹ - خلاصہ +
مُنتَزِع - ع - کسی چیز میں سے کھینچ کر نکالنے والا +
مُنتَسِب - ع - نسبت رکھنے والا لگاؤ رکھنے والا +

مُنتَسِبان - ف - کسی کیساتھ نسبت رکھنے والے تعلق رکھنے والے - لگاؤ رکھنے والے
مُنتَسَج - ع - بافتہ شدہ - بنا ہوا +
مُنتَسِخ - ع - نسخہ گیرندہ - اور نسخہ خوانندہ +
مُنتَسَخ - ع - نسخہ لیا گیا - رد کیا گیا +
مُنتَسِم - ع - خوشبو سونگھنے والا نسیم سونگھنے والا
مُنتَشِر - ع - بکھرنیوالا پھیلنے والا - پراگندہ
مُنتَصِب - ع - عہدہ پانے والا - قائم ہونیوالا کسی کام پر +
مُنتَصِر باللہ - ع - اپنے باپ کو قتل کر کے ۲۴۷ھ ہجری میں تخت نشین ہوا - اور چھ مہینے کے اندر ہی سرسام یا خناق کی بیماری سے یا ترکوں کے قتل کرنے سے مر گیا بغداد کے خلفائے عباسیہ سے تھا +
مُنتَضِد - ع - اقامت کرنیوالا کسی مکان پر ایک دوسرے پر چنا ہوا +
مُنتَظِم - ع - انتظام کرنیوالا - راست اور درست ہونیوالا - پرویا جانیوالا +
مُنتَعِل - ع - صیغہ اسم فاعل کا ہے اِنتعال (بمعنی جوتی یا موزہ پہننا) مصدر سے - منتعل کے معنے جوتی یا موزہ پہننے والا +
مُنتَفِع - ع - فائدہ مند -
مُنتَفی - ع - نیست ہونیوالا - ہو چکنے والا
مُنتَقِد - ع - نقد لینے والا - جو شخص اور دام پرکھ
مُنتَقّیٰ - ع - پاک - خالص کیا گیا +
مُنتَقَع - ع - بھیگا ہوا - تر شدہ
مُنتَقِل - ع - انتقال کرنے والا ایک مکان سے دوسرے مکان کو چلے جانے والا +
مُنتَقِم - ع - بدلا لینے والا - عوض لینے والا

کے برائی کرنیوالا -
مُنتَقیٰ - ع - برگزیدہ -
مُنتِن - ع - بدبودار شئے - گندہ - بدبو
مِنّت نہادن - ف - احسان جتلانا -
مُنتَہِج - ع - راہ اختیار کرنیوالا -
مُنتَہِز - ع - فرصت پانیوالا غنیمت سمجھنے والا - پانے والا +
مُنتَہی - ع - انتہا کو پہنچنے والا - کسی شئے کی حد تک پہنچنے والا +
مُنتَہی الجموع - ع - وزن جمع کا - جس کو پھر جمع نہ کر سکیں جس کا پھر جمع الجمع نہ ہو سکے - جیسے مفاعل و مفاعیل کا وزن +
مَنثنی - ع - سرنگوں - دوتا -
مَنثور - ع - درنا سفتہ - پراگندہ نثر برخلاف نظم کے -
مُنج - ف - سبز رنگ کی مکھی جو گوشت پر کرم ڈال جاتی ہے - ہر مکھی ضعیف اور ناتواں - گدھے کا لاشہ - کڑوے بادام کا درخت +
مَنج - ف - بیج خواہ پھول کا خواہ خربزہ وغیرہ کا +
مُنج - ف - رنج نہ +
مُنجاز - ع - حاجت روا کیا گیا - وعدہ وفا کیا گیا -
مُنجَذِب - ع - کھینچنے والا -
مُنجَرّ - کشیدہ شوندہ - کھینچا گیا
مَن جَرَّبَ المُجَرَّبَ حَلَّت بِہِ النَّدامَۃ
جو شخص آزمائی ہوئی بات کو آزماتا ہے اُسے ندامت حاصل ہوتی ہے +
مَنجِ زور کشاں - ف - سگل جبری +

مُنجِس - ع - نجس کرنے والا - ناپاک کرنیوالا +
مِنجَل - ع - گھاس کاٹنے کی درانتی -
مَنجلاب - ع - ف - خراب اور گندہ پانی ڈالنے کی جگہ - چہ بچہ - گندہ پانی +
مُنجَلی - ع - ظاہر - آشکارا - روشن وطن سے نکل جانے والا +
مُنَجِّم - ع - نجومی - جوتشی - علم نجوم جاننے والا +
مُنجَمِد - ع - سردی سے ٹھٹھرا ہوا - سردی سے جما ہوا +
مَنجَنیق - ب - ڈھینکلی - ایک آلہ ہے جس میں بڑے بڑے پتھر رکھکر قلعہ کی دیوار پر مارتے ہیں - تاکہ دیوار ٹوٹ جاوے یہ لفظ معرب ہے - چونکہ قلعہ گیری میں مفید ہے - اس واسطے یہ نام اس کا ہوا +
مَنجوق - ب - [illegible] علم کا ماہیچہ اور چتر یہ ایک چمکتا ہوا چاند سا (سونے چاندی وغیرہ کا) ہوتا ہے - جو لشکر کے جھنڈے پر چڑھتے ہیں - چھتری - جھنڈا +
مُنجیات و مُہلکات احیاء - ع جناب امام محمد غزالی علیہ الرحمۃ کی اخلاق کی مشہور و معروف کتاب احیاء العلوم کے دو باب جن کے اندر منجیات (نجات دینے والی باتوں) اور مُہلکات (ہلاک کرنے والی باتوں) کا بیان ہے +
مُنجیات - مُنحت - ع - [illegible]
مَنجار - ع - اونٹوں کو بہت [illegible]

کرنے والا ٭
مُنْحَدِر - ع - اوپر سے نیچے اُترنے والا
مَنْحَر - ع - پیش سینہ - قربانی کرنے کی جگہ -
مُنْحَرِف - ع - پھرنے والا - برگشتہ ہونیوالا
برگشتہ - خم کھانے والا - اصطلاح علم
ہندسہ میں برگشتہ ہونیوالا - (مربع
مستطیل - معین - شبہ بالمعین)
سے یعنی وہ ذو اربعۃ الاضلاع جس
کے چاروں اضلاع غیر مساوی ہوں
مُنْحَل - ع - کشادہ ہونیوالا ٭
مُنْحَنی - ع - خمیدہ - کوز پشت - ٹیڑھا
کبڑا - مجازاً ضعیف - ناتوان ٭
مَنْحُوت - ع - تراشیدہ شدہ - تراشا
گیا - چھیلا گیا - تندہ کی ہوئی چیز ٭
مَنْحُور - ع - سینہ کوٹا گیا - سینہ کاٹا گیا
اونٹ ذبح کیا گیا ٭
مَنْحُول - ع - دوسرے کا شعر جو بغیر
کسی تغیر کے اپنے نام سے مشہور کیا جائے
مِنْخَر - ع - ناک کا سوراخ - نتھنی ٭
مُنْخَرِط - ع - وہ چیز جس کے چھیلے جانے
کے سبب سب طرفیں صاف ہو گئی ہوں
آراستہ - درست ہونیوالا - کسی چیز میں
آنے والا ٭
مُنْخَرِق - ع - پھٹنے والا - دریدہ
شوندہ ٭
مُنْخَرِم - ع - ناک کٹا ہوا - کان پھٹا ہوا
مَنْخَرَین - ع - منخر کا تثنیہ ہے
مُنْخَفِض - ع - نشیب میں لیٹنے والا
پست ہونیوالا ٭
مُنْخُل - ع - آٹا چھاننے کی چھلنی -
مُنْخَل - ع - [illegible] - بہت نشیج ٭

مُنْد - ف - صاحب - والا ٭
مَنْدلور - ف - تھکا ہوا - ماندہ - پریشان
حال - بدنصیب - فلک زدہ - غمگین ٭
مُنَدِّد - ع - وہ شخص جو سب سے پہلے
کسی کا پردہ فاش کرے ٭
مُنْدَرِج - ع - درج کیا گیا - داخل
کیا گیا ٭
مُنْدَرِس - ع - پرانا - گھسا ہوا ٭
مُنْدَفِع - ع - دفع ہونیوالا ٭
مِنْدَفَہ - ع - روئی کا گالہ -
روئی کا گوڑھا ٭
مَنْدَک - ف - کساد بازاری ٭
مَنْدَل - ف - وہ دائرہ جو جادوگر
لوگ اپنے گرد کھینچ لیتے ہیں - نیز عود
جو ایک قسم کا باجھ ہے - عود خام ہند
کے ایک شہر کا نام بھی ہے - جہاں
سے عود آتا ہے ٭
مِنْدَلَک - ف - از انجملہ اصطلاح میں خیج
مُنْدَمِج - ع - ٹھسا ہوا - داخل شوندہ
مُنْدَمِل - ع - گھاؤ بھرنے والا - زخم
جو انگور کر لاوے ٭
مَنْدُو - ف - مانڈو جو ہندوستان
کا ایک شہر ہے ٭
مَنْدُوب - ع - رویا گیا - نوحہ کیا گیا
ماتم کیا گیا - مجازاً مردہ ٭
مَنْدُود - ف - مندلور ٭
مِنْدِیل - ع - رومال - دستار - ٹپکا
جو کمر میں باندھتے ہیں ٭
مُنْذَعِر - ع - [illegible] کرنے والا - باز رکھنے والا
[illegible] - ع - معقولیت سے دور ہونیوالا
[illegible] سے دور ہونیوالا ٭

مُنْذِر - ع - ڈرانیوالا - جناب رسول
خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے
اس واسطے کہ کافروں کو آپ عذاب
الٰہی سے ڈرایا کرتے تھے - نام ایک
حاکم یمن کا جو قیصر روم کا مطیع اور نوشیرواں
بادشاہ کا ہمعصر تھا ٭
مَنْزِل - ع - اُترنے کی جگہ - مکان گھر
مُنْزَل - ع - اتارا گیا - ٹھہرایا گیا -
مَنْزِلَت - ع - مرتبہ - درجہ -
مَنْزِلِ جان - ف - بدن انسانی -
مَنْزِلِ حُزْن ٭ مَنْزِلِ خاکی - ف
دُنیا ٭
مَنْزِل شناسانِ بے گم کردہ - ف
عارفانِ الٰہی ٭
مَنْزِل گاہ - ف - منزل - اُترنے کی جگہ
مزید علیہ منزل کا ہے ٭
مَنْزِل کردن - ف - مقام کرنا - نزول
کرنا - اُترنا ٭
مَنْزِلِ نُہ فریب - ف - دنیا ٭
مُنْتَزَع - ع - کھینچا گیا -
مُنْزَوِی - ع - گوشہ اختیار کرنیوالا
گوشہ نشین ٭
مُنَزَّہ - ع - پاک - صاف
مُنَزِّہ - ع - صوفیوں کی اصطلاح میں
وہ شخص جس نے خدا کی ذات کو صفت
تنزیہ سے پہچانا ہو - اور ظہور کی حیثیت
سے مظاہر میں نہ دیکھا اور نہ سمجھا ہو ٭
مِنْسَاۃ - ع - عصا - ہاتھ کی لکڑی ٭
مُنْسَبِج - ع - بہنے والا - جاری ٭
مُنْسَحِب - ع - کھینچنے والا - کھینچا جانیوالا
مُنْسَجِم - ع - بہا ہوا پانی [illegible] ٭

مُنْسَد - ع - انسداد کیا گیا - روکا گیا
بند باندھا گیا ٭
مُنْسَرِح - ع - آسان کیا گیا - آسان
علم عروض کے ایک بحر کا نام ہے
جس کو منسرح اس وجہ سے کہتے ہیں
کہ اس میں سبب وتد پر مقدم ہے
اور بآسانی پڑھا جاتا ہے - اصلی رکن
اس کے یہ ہیں مستفعلن فاعلات
مستفعلن فاعلات ٭
مِنْسَفَہ - ع - ڈھینگلی - وہ آلہ جس سے
گاہے ہوئے کھلیان کو ہلاتے اور برساتے
ہیں - گھاس ڈالنے کا آلہ ٭
مَنْسَک - ع - عبادت گاہ - وہ مقام
جہاں حاجی قربانی کریں ٭
مُنْسَکِب - ع - بہت رونے والا -
گرنے والا پانی ٭
مُنْسَلِک - ع - لڑی میں پرویا ہوا -
مَنْسُوب - ع - نسبت کیا گیا ٭
مَنْسُوبہ - ف - منصوبہ شطرنج کی کھیل
مَنْسُوج - ع - بُنا ہوا - بافتہ شدہ - زربفت
ایک قسم کا ریشمی کپڑا ہے جس پر کلابتون
سے تصویر بناتے - اور بیل بوٹے
نکالتے ہیں ٭
مَنْسُوج باف - ف - منسوج بننے والا
مَنْسُوخ - ع - رد کیا گیا - نیست کیا گیا
مُنْسِی - ع - بھولنے والا ٭
مَنْسِی - ع - بھولا ہوا - بسرا ہوا -
فراموش کردہ شدہ ٭
مَنِش - ف - طبیعت - مزاج - نزد
مَنْشا - ع - پیدا ہونے کی جگہ - نکلنے کی جگہ
کی جگہ - [illegible] ٭

مُنشآت ۔ ع ۔ مسودے ۔ عبارتیں تصنیفات ۔ یہ مفعلات کے وزن پر جمع ہے مُنشَئے کی جو مفعول کا صیغہ ہے +
مِنشار ۔ ع ۔ بڑھیوں کا آرہ ۔ آرّہ
مُنشِد ۔ ع ۔ شعر پڑھنے والا ۔
مُنشِط ۔ ع ۔ خوشی میں لانیوالا ۔
مُنشَعِب ۔ ع ۔ شاخ درشاخ ہونیوالا ۔ پراگندہ ۔ پھیلا ہوا ۔ علم صرف عربی کی ایک ابتدائی کتاب کا نام بھی ہے +
مُنشَق ۔ ع ۔ پارہ پارہ کیا گیا ۔ پھٹا ہوا
مَنِش گروا ۔ ف ۔ طبیعت کا باہم ہونا ۔ شگوفہ ۔ قے +
مَنِش گشتہ ۔ ف ۔ جس شخص کی طبیعت اعتدال سے برگشتہ ہوگئی ہو ۔ برگشتہ طبیعت مریض ۔ علیل +
مَنشُور ۔ ع ۔ پراگندہ شدہ ۔ پھیلا ہوا پریشان ۔ فرمان بادشاہی ۔ پروانہ مجازاً مشہور +
مَنشور نوبستانِ باغ ۔ ف ۔ باغ کے پرندے ۔ جیسے بلبل ۔ قمری ۔ وغیرہ +
مُنشی ۔ ع ۔ آغاز کرنیوالا ۔ کسی بات کا اپنے دل سے پیدا کرنیوالا +
مَنشی ۔ ف ۔ طبعی ۔ ذاتی +
مُنشیِ فلک ۔ ع ۔ عطارد +
مَنصِب ۔ ع ۔ قائم ہونے کی جگہ مجازاً رتبہ ۔ عہدہ ۔ جلیل القدر امراء کو ہوتا ہے +
منصب بر [illegible] ہونا ۔ ف ۔ اپنے منصب کی [illegible] رتبہ اور [illegible] کھونا ۔ اپنے رتبہ و اقتدار [illegible] گھمنڈ کرنا +
منصب [illegible] ۔ [illegible] اشیاء سے رنگین

ہونیوالا +
مُنصرِف ۔ ع ۔ ایک حال سے دوسرے حال پر لوٹ جانیوالا ۔ بدل جانیوالا ٹل جانیوالا +
مُنصِف ۔ ع ۔ انصاف کرنیوالا ۔ عادل
مَنصُوبہ ۔ ع ۔ کوئی شئے برپا کی ہوئی کسی کام کی تدبیر ۔ بازی شطرنج ۔ نرد کی ساتویں بازی کا نام ہے +
مَنصُور ۔ ع ۔ یاری دیا گیا ۔ مدد دیا گیا ایک ولی کامل کا نام ہے ۔ جنہیں منصور حلاج بھی کہتے ہیں ۔ دراصل اُن کا نام حسین تھا ۔ اور باپ کا نام منصور لیکن باپ کے نام سے مشہور ہوگئے دیکھو حلاج ۔ خلفائے عباسیہ میں سے دوسرے خلیفہ کا نام ہے ۔ جو ۱۳۶ھ سے ۱۵۸ھ تک خلیفہ رہا ۔ ابوجعفر اس کا نام ہے اور ممسک ہونیکی وجہ سے دوانیقی کہلاتا ہے اسمٰعیل سامانی کی اولاد سے دو بادشاہوں کا نام ہے جو دادا پوتا تھے +
مَنصُوریہ ۔ ع ۔ ایران میں یزد کے پاس ایک مقام ہے +
مَنصُوص ۔ ع ۔ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا تحقیق کیا گیا +
مِنَصّہ ۔ ع ۔ کسی چیز کے ظاہر ہونیکی جگہ ۔ تخت یا چھپر کھٹ جس پر دلہن کو بٹھلا کر جلوہ کرواتے ہیں +
مِنَصّہ ۔ ع ۔ تخت یا چھپر کھٹ جس پر دلہن کو بٹھلا کر جلوہ کرواتے ہیں +
مُنضَج ۔ ع ۔ پکانیوالا ۔ بہوسے یا زخم یا خلط یا مادہ کو پکا [illegible] والا ۔ وہ دوا [illegible] جو [illegible] سے پہلے کھا [illegible]

طبیعت نرم ہوجاتی ہے
مُنضَّد ۔ ع ۔ تو بہ تو ۔ ایک دوسرے پر چنا ہوا ۔ تہ بہ تہ رکھا ہوا +
مُنضَم ۔ ع ۔ ملا ہوا ۔ پیوستہ +
مَنضُود ۔ ع ۔ اوپر تلے چنے ہوئے ۔ مجازاً برابر برابر پرودے ہوئے ۔ تہ بر تہ ۔ تہ بہ تہ +
مُنطَبِع ۔ ع ۔ منقوش ہونیوالا ۔ چھاپا گیا +
مُنطَبِق ۔ ع ۔ برابر ۔ موافق ۔ مطابقت کیا گیا ۔ برہم نہادہ شدہ +
مُنطَقِی ۔ ع ۔ سمجھنے والا ۔ سمجھا ہوا +
مَنطِق ۔ ع ۔ مصدر میمی اور اصل مصدر نطق ہے ۔ اس کے معنی ہیں بولنا بولی ۔ گفتگو ۔ ایک علم کا نام ہے ۔ جس سے دلیل کرنی آتی ہے ۔ اور یہ تمیز ہوسکتی ہے کہ صحیح دلیل جس سے حق معلوم ہوجائے ۔ اور غلط دلیل جس سے آدمی غلطیوں میں پڑ کر مصیبت اُٹھاتے ہیں ۔ کونسی ہیں +
مِنطَقہ ۔ ع ۔ پٹکا ۔ کمربند ۔ اور پانچ منطقے جو سطح زمین پر دو قطبی اور خط سرطان وجدی کے مشرقاً مغرباً واقع ہونے کے سبب بن گئے ہیں ۔ وہ یہ ہیں منطقہ حارہ ۔ منطقہ معتدلہ شمالی منطقہ معتدلہ جنوبی منطقہ باردہ شمالی منطقہ باردہ جنوبی منطقہ حارہ ۔ وہ ہے جو ہر دو طرف خط استوا کے خط سرطان وجدی تک (۲۳½) واقع ہے ۔ افریقہ امریکہ جنوبی کا اکثر حصہ اس منطقہ [illegible] شدت کی گرمی پڑتی ہے منطقہ معتدلہ شمالی

وہ ہے ۔ جو خط سرطان سے دائرہ قطب شمالی تک (۴۳) واقع ہے ۔ اس منطقہ میں تقریباً تمام یوروپ ⅘ ایشیا اور ⅘ امریکہ شمالی واقع ہے ۔ منطقہ معتدلہ جنوبی وہ ہے جو خط جدی سے دائرہ قطب جنوبی تک (۴۳) واقع ہے ¼ افریقہ ½ امریکہ جنوبی ¾ آسٹریلیا اس میں ہیں ۔ منطقہ باردہ شمالی وہ ہے جو دائرہ قطب شمالی سے قطب شمالی تک (۲۳½) واقع ہے اس میں ایشیا و امریکہ شمالی کے اضلاع شامل ہیں ۔ منطقہ باردہ جنوبی وہ ہے جو دائرہ جنوبی سے قطب جنوبی تک (۲۳½) واقع ہے ۔ نیچے اسکی شکل نمبر ا پر دیکھئی ہے
مِنطَقَۃُ البُرُوج ۔ ع ۔ وہ بڑا دائرہ ہے جس میں بارہ برج آسمانی واقعہ ہیں ۔ یعنی حمل ۔ ثور ۔ جوزا ۔ سرطان اسد ۔ سنبلہ ۔ میزان ۔ عقرب ۔ قوس ۔ جدی ۔ دلو ۔ حوت ۔ یہ دائرہ دائرہ معتدل النہار سے متقاطع کرتا ہے ۔ جیسا کہ نیچے کی شکل نمبر ۲ میں ہے +

مُتنفِّر ع نفرت دینے والا ٭

مُتنفِّرہ ع نفرت دینے والی ٭

مُنفرِج ع کشادہ - کھلا ہؤا ٭

مُنفرِح ع خوش - شاد ٭

مُنفرِد ع تنہا - اکیلا ٭

مُنفسِخ ع فاسد - تباہ ٭

مُنفصِل ع جُدا - علیحدہ - انفصال یافتہ ٭

مُنفصِم ع ٹوٹا ہؤا - ختم کیا گیا ٭

مُنفطِر ع پھٹا ہؤا - چِرا ہؤا ٭

مُنفطِر ع پھٹنے والا چِرنے والا ٭

مُنفعت ع نفع - سودمندی - فائدہ ٭

مُنفعِل ع اثر قبول کرنے والا - شرمندہ ٭

مُنفِق ع خرچ کرنے والا ٭

مُنفَق ع نفقہ دیا گیا - خرچ دیا گیا ٭

مُنفَک ع جدا کیا گیا ٭

مَنفوش ع دُھنکی ہوئی روئی ٭

مَنفی ع نیست کیا گیا - نفی کیا گیا ٭

مُنقّے ع پاک کیا گیا - صاف کیا گیا - یہ لفظ مویز اور آملہ کی صفت میں واقع ہوتا ہے ٭

مُنقاد ع مطیع - فرمانبردار - عاجزی کرنے والا ٭

مِنقار ع پرندوں کی چونچ - وہ چگنے اور لکڑی کھودنے کا آلہ ٭

مِنقارِ قلم ف قلم کا وہ حصہ جس سے لکھتے ہیں ٭

مِنقارِ گُل ف زبان ٭

مِنقاش ع بال اکھیڑنے کا موچنہ - ناخن اُتارنے کا نہرنا ٭

مَنقبت ع ہنر - ستودگی - تعریف - اصطلاح میں اہلِ بیت عظام اور اصحاب کبار جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے محامد اور اوصاف ٭

مُنقبِض ع کھچنے والا - کھچا ہؤا - تنگ کر کے باندھا ہؤا - سمٹنے والا - سمٹا ہؤا ٭

مُنقّح ع پاک کیا گیا - صاف کیا گیا - وہ شے جس میں جھوٹ نہ ہو - جو چیز جھوٹ سے پاک ہو ٭

مُنقرِض ع کٹ جانے والا - الگ ہو جانے والا - گذرا ہؤا - گذرا ہؤا ٭

مُنقسِم ع تقسیم کیا گیا - بانٹا ہؤا ٭

مُنقّش ع نقش و نگار کیا ہؤا - پچی کاری کیا ہؤا ٭

مُنقشِر ع چھیلا ہؤا - چھلکا اُتارا ہؤا ٭

مُنقصت ع نقصان - عیب ٭

مُنقضت ع نقیض - شکستگی ٭

مُنقضی ع گذرنے والا - ہو چکنے والا ٭

مُنقطِع ع قطع کیا گیا ٭

مِنقَل، مَنقَل ع انگیٹھی - مجمر ٭

مُنقلا ع فوج ہراول - یعنی فوج کا وہ حصہ جو لشکر کے آگے رہے ٭

مُنقلِب ع گردش کھانے والا - اُلٹنے والا - پھر جانے والا - واژگون ٭

مُنقَلَب ع میمی مصدر ہے - پھر جانا - اُلٹ جانا - اسم ظرف بھی ہے - پھر جانے کی جگہ - اُلٹ جانے کی جگہ - واژگون شدن ٭

مُنقلبات ع بُرج حمل اور سرطان اور میزان اور جدی سے مراد ہے اور ان چاروں برجوں کو منجم لوگ منقلبات اِس وجہ سے کہتے ہیں - کہ سعادت اور نحوست کی تاثیرات کے لحاظ سے بُرج منقلب کے طالع میں کام درست اور راست نہیں آتا - اور یہ برج ایسے ہی ہیں برخلاف ثابتات کے کہ اُن کے طالع میں کام ثابت اور راست ہوتا ہے - اور اسی واسطے انہیں ثابتات کہتے ہیں - اور وہ ثور - اسد - عقرب اور دلو ہیں - باقی چار بُرج (یعنی جوزا - سنبلہ - قوس - حوت) ذوات جسدین کہلاتے ہیں - اس وجہ سے کہ ان میں سے ہر برج دو دو جسموں سے [illegible] چنانچہ جوزا - [illegible] ہے - اور اور سنبلہ [illegible] ایک کنواری [illegible] اور قوس [illegible] یعنی کہ ان ایک [illegible] ٭

مُنقلِع ع اکھڑنے والا ٭

مُنقَلہ ع انگیٹھی ٭

مُنقنِع ع قناعت کرنے والا ٭

مَنقوب ع سوراخ کیا گیا - چھیدا گیا ٭

مَنقوش ع نقش کیا گیا - کُندہ ہؤا ٭

مَنقوص ع کم کردہ شدہ - کم - ناقص ٭

مَنقول ع نقل کیا گیا - ذکر کیا گیا - بیان کیا گیا ٭

مَنکِب ع مونڈھا - دوش ٭

مَنکِبین ع تثنیہ ہے منکب کا ٭

مُنکدِر ع تیرہ - کدورت والا ٭

مُنکِر ع انکار کرنے والا - نہ ماننے والا - کافر ٭

مُنکَر ع انکار کی گئی بات - جس کو دیکھ کر ہر ایک انکار کرے - جو بات مذہب میں ممنوع ہو - غیر مشروع - بُرا کام - ناپسندیدہ بات - قبیح - ناشائستہ ٭

مُنکر و نکیر ع وہ دو فرشتے جو قبر میں آ کر مُردہ سے یہ تین سوال کرتے ہیں تیرا رب کون ہے ؟ تیرا دین کیا ہے ؟ تیرا نبی کون ہے ؟ پھر اگر وہ ان سوالوں کے جواب با صواب دیتا ہے - یعنی کہتا ہے کہ اللہ میرا رب ہے - اسلام میرا دین ہے - محمد میرا نبی ہے - تو اس پر رحمت الٰہی نازل ہوتی ہے - ورنہ عذاب میں مبتلا ہوتا ہے ٭

مُنکسِر ع ٹوٹا ہؤا - شکستہ حال ٭

مُنکشِف ع کھلنے والا - ظاہر ہونے والا - برہنہ ہونے والا ٭

مَنکوب ع خراب - بدحال - مصیبت رسیدہ ٭

مَنکوحہ ع نکاح کی ہوئی عورت۔ بیوی۔ جورو ✣

مَنکُوس ع اوندھا۔ سرنگون۔ نگون سار ✣

مَنگ ف قاعدہ۔ روش ✣ قمار۔ قمارخانہ۔ قمارباز۔ قماربازی۔ لاف وگزاف۔ واہیات بکنا۔ دغا دینا۔ چور۔ راہزن۔ ریوند ✣

مَنگل ف راہزن۔ چور ✣

مَنگلوس۔ منگلہ ف ایک شہر کا نام ہے۔ جس کے پاس قوی الجثہ اور جنگی ہاتھی ہوتے ہیں ✣

مَنگیا ف قمار۔ قمارخانہ ✣

مَنگیاگر ف قمارباز ✣

مَنگیدن ف پڑپڑانا ✣

مُنِمّ ع سخن چینی کرنے والا۔ سخن چین۔ لترا ✣

مِنَن ع جمع منت کی۔ احسانہا ✣

مِنوال ع جولاہے کی وہ لکڑی جس پر کپڑا بنا ہوا لپیٹا ہے۔ جولاہے کی تُر۔ مجازاً طریقہ۔ دستور۔ طور۔ طرح ✣

مَنُوب۔ منوب عنہ ع نیابت کیا گیا۔ وہ شخص جس کا کوئی نائب ہو ✣

مِنُوچہر ف مخفف ہے مینوچہر کا یعنی بہشت رو۔ کہ ایرج کا نواسا تھا۔ اور ایرج فریدون کا بیٹا ہے فریدوں کے بعد یہی بادشاہ ہوا۔ انگڑائی (?) ✣

مُنَوَّر یا منوّرہ ع روشن۔ چمکتا ہوا

مَنّ وسلوےٰ ع منّ ایک چیز مشہور جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر برستی تھی۔ ترنگبین۔ سلوےٰ ایک جانور کا نام ہے۔ شام کو حضرت موسےٰ علیہ السلام کے لشکر کے گرد ہزاروں جمع ہوتے۔ اندھیرا پڑے۔ اُن کی قوم پکڑ لاتی۔ کباب بنا کر کے کھاتے اس کی فارسی ورتج۔ ہندی لوا۔ نیز من سلوےٰ ایک چھوٹی سی کتاب بھی ہے۔ نان وحلوا کے جواب میں ✣

مَنوشان ف ایک شخص کا نام ہے جو کیخسرو کی طرف سے فارس کا حاکم تھا۔ منوشانیدن سے نہی کا صیغہ بھی ہے ✣

مَنُوط ع لٹکایا گیا۔ درآویختہ شدہ۔ چسپیدہ ✣

مَنُوع ع باز رکھنے والا۔ بہت منع کرنے والا ✣

مَنُون ع زمانہ۔ موت ✣

مُنَوَّن ع تنوین والا حرف۔ وہ حرف جس پر تنوین ہو ✣

مَنوی ع نیت کیا گیا۔ جو ارادہ میں ہو ✣

مِنہاج۔ مَنہَج ع راہ راست۔ راہ کشادہ ✣

مِنہاج العابدین ع امام محمد غزالی رحمۃ اللہ کی تصنیف کی ہوئی ایک کتاب کا نام ہے ✣

مُنہَدِم ع ویران ہونے والا۔ ڈھ گیا ہوا۔ گرا ہوا مکان ✣

مُنہَزِم ع لڑائی سے بھاگنے والا۔ شکست کھانے والا ✣

مُنہَضِم ع شکستہ ہونے والا۔ دبنے والا۔ ہضم ہونے والا۔ پچنے والا ✣

مَنہَل ع وہ چشمہ جو چراگاہ میں ہو۔ جس میں سے چوپائے آدمی وغیرہ پانی پیویں ✣

مُنہَتِک ع پردہ پھٹ جانے والا ✣

مُنہلِک ع اپنے تئیں ہلاکت میں ڈالنے والا ✣

مُنہمِک ع ایک کام میں بہت کوشش کرنے والا

مَنہُوم ع حریص۔ لالچی۔ بھوکا ✣

مُنہی ع خبر دینے والا۔ مخبر ✣

مَنہی ع وہ کام جس کا کرنا شرع میں منع کیا گیا ہے۔ بُرا۔ زبون ✣

مَنہیات ع وہ کام جن کا کرنا شرع میں منع ہے ✣

مَنہیان ف جمع فارسی منہی کی ہے ✣

منہیان ربع بسکون منہیان

سبع طاق ف ساتوں ستارے ✣

مِنےٰ ع مکہ میں ایک پہاڑی ہے جہاں قربانی کرتے ہیں ✣

منی ف مرکب ہے من اور یائے نسبت سے۔ خودی۔ تکبر۔ غرور ✣

منی ع پانی مرد کا۔ آب پشت ✣

مَنِیَّت۔ منیہ ع موت۔ مرگ ✣

مُنِیر ع روشنی دینے والا۔ روشن ✣

مَن یزید ع اس بیع کو کہتے ہیں جو بڑھے سو لے جیسے نیلام ہراج ✣

مَنیژہ ف افراسیاب کی لڑکی کا نام ہے جو گیو کے بیٹے بیژن پر عاشق ہو گئی۔ اور اسے اپنے گھر لے گئی تھی۔ افراسیاب کو جب اس کی خبر ہوئی تو اس نے بیژن کو ایک کنوئیں میں قید کر دیا اور منیژہ کو اس کے پاس چھوڑ دیا۔ گیو کی درخواست پر رستم ترکستان میں گیا۔ اور بیژن کو کنوئیں سے نکال کر منیژہ سمیت ایران میں لے آیا ✣

مَنِیع ع باز دارندہ۔ کسی کام سے رکنے والا۔ مجازاً محکم اور مضبوط عمارت جو دشمنوں کی مداخلت سے روکنے والی ہو ✣

مُنِیف ع پاک۔ بزرگ۔ بلند ✣

منیوش ف مت پی۔ نیوشیدن سے نہی ✣

مُنیہ ع آرزو۔ مطلب۔ مقصد ✣

میم مہملہ مع واو مہملہ

مُو ف بال ✣

مَو ف بلی کا آواز۔ میاؤں ✣

مَوات ف بیجان۔ زمین خشک جس میں پیداوار نہ ہو۔ اور اس کا کوئی مالک نہ ہو ✣

مُوات ع موت۔ مرگ ✣

مَواثیق ع میثاق کی جمع ہے ✣

مَواجِب ع تنخواہیں۔ وظیفے۔ جمع ہے مُوجب کی۔ مگر بمعنی مفرد مستعمل ہے۔ یعنے تنخواہ۔ وظیفہ۔

یا یہ کہ مُواجِب مقلوب مَاوَجب کا ہے۔ یعنی جو کچھ واجب ہو۔ واجب الادا +

مُواجَہَہ ع باہم روبرو ہونا۔ مُنہ درمُنہ ہونا +

مَواجِید ع جمع وَجد کی ہے +

مُواخَات ع باہم برادری رکھنا۔ بھائی چارہ آپس میں کرنا +

مُواخِذ ع گرفت کرنے والا۔ کسی سے کسی بات میں جواب لینے والا +

مُواخَذہ ع گرفت کرنا۔ کسی سے بات بات میں جواب لینا۔ گرفت۔ بازپرس۔ پکڑ +

مَوَاد ع جمع مادہ کی۔ مجازاً سامان مصالح +

مُوادَعت۔ مُوادَعہ ع رخصت کرنا۔ وداع کرنا۔ ایک دوسرے کو باہم وداع کرنا +

مَوَارِد ع جمع ہے مورِد کی +

مَوارِیث ع جمع میراث کی +

مُوازَات ع مقابلہ۔ برابری +

مُوازَرت ع وزیری کرنا۔ بادشاہ کا وزیر ہونا۔ مدد کرنا +

مُوازِن ع ہم پلہ۔ ہم وزن۔ برابر۔ اصطلاح علم بدیع میں شاعر کا تمام اجزاء عروضیہ کو ایک قافیہ پر لانا +

مُوازَنہ ع ہم وزن ہونا۔ دو چیزوں کا ہم وزن ہونا۔ ہمسوزنی۔ برابری +

مُوازِی ع برابر۔ مقابل۔ ہم قیمت۔ تخمیناً +

مَوازِین ع جمع ہے میزان کی +

مُواسَا ع مواسات کا مخفف ہے +

مُواسَات ع یاری کرنا۔ مال اور تن سے کسی کے ہمراہ غمخواری کرنا۔ غمخواری۔ رعایت۔ صلح +

مَواشِی ع جمع ہے ماشیہ کی۔ بہت چلنے والا بیل۔ مگر اطلاق اس کا مطلق بارکش چارپاؤں پر آتا ہے۔ جیسے گائے بیل۔ گھوڑا وغیرہ +

مُواصَلت ع ملنا۔ ملاقات کرنا۔ مِل جانا +

مَواضِع ع جمع موضع کی۔ جگہیں +

مُواضَعہ ع باہم شرکت کرنی۔ عہد وپیمان کرنا۔ قول وقرار کرنا +

مُواطَات ع موافقت کرنا۔ منطقیوں کی اصطلاح میں کسی کی خبر بلا واسطہ واقع ہونا جیسے زیدٌ قائمٌ

مَواطِن ع جمع ہے موطِن کی +

مُواظَبت ع ایک کام پر ہمیشگی کرنا +

مُواعَدت ع باہم وعدہ کرنا۔ آپس میں وعدہ کرنا +

مَواعِظ ع جمع ہے موعظت کی +

مَواعِید ع میعاد کی جمع ہے +

مُوافِق ع مطابق۔ موافقت کرنے والا +

مُوافَقت ع اتفاق رکھنا۔ ساتھ دوستی۔ برابری۔ مطابقت +

مَواقِع ع جمع ہے موقع کی +

مُواقَعہ ع مخالطت۔ عورت سے مجامعت۔ مرد سے لڑائی +

مَواقِف ع جمع ہے موقف کی +

مَواکِب ع جمع ہے موکب کی +

مُواکَلت ع باہم مِلکر کھانا کھانا +

مُوالَات ع پے در پے ایک کام کرنا باہم دوستی رکھنی۔ ایک دوسرے کا دوست ہونا۔ دوستی +

مُوالِف ع اُلفت کرنے والا۔ نزدیک ہونے والا۔ موافق +

مُوالَفت ع کسی کے ساتھ اُلفت کرنا۔ خوگر ہونا۔ باہم اُلفت کرنا +

مَوالِی ع جمع ہے مولےٰ کی +

مَوالِید ع جمع ہے مولود کی +

مَوالِید ثلاثہ ع مَوالِید سہ گانہ ف حیوانات۔ نباتات۔ جمادات +

مُوامَرت ع کسی کے ساتھ مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا +

مُوانَست ع باہم اُنس کرنا۔ دوستی کرنا +

مَوانِع ع جمع مانع کی +

مَواہِب ع جمع ہے موہبت کی +

مُواہَنَت ع سستی۔ باہم سستی کرنا

مَوائِد ع جمع مائدہ کی۔ خوانچے +

مُوبِد ف حکیم دانشمند۔ ناصح۔ عالم۔ دانا۔ دانشمند آتش پرستاں پیر مے فروش +

مُؤَبَّد ع ہمیشگی کیا گیا۔ ابدکیا گیا +

مو برآوردن زبان قلم ف قلم کا لکھنے سے رہ جانا +

مو برآوردن زبان ف امر محال کا ظاہر ہونا +

مو بر تن تیغ کشیدن ف کمال غضب میں آنا +

مو بکف برآمدن ف کام کا محال ہونا +

مو بموف سب باتوں میں۔ سب کا سب۔ محقق +

مَوتَت ع مرجانا۔ اجل +

موتِ احمر سخت موت +

موتُ الفُقَراءِ رَاحَۃٌ + فقیروں کی موت راحت ہے۔ فقیروں کا مرجانا راحت ہے (آخرت اور دنیا کی کلفتوں سے چھوٹ جانے کا باعث) ہے۔ برخلاف دولتمندوں کے کہ انہیں مرتے وقت اپنے مال ودولت کی حسرت ہوتی ہے +

مَوتیٰ ع جمع میت کی ہے +

موتراش ف بال مونڈنے کا اُسترا +

مُؤتَفِک ع کسی چیز کو پلٹنے والا۔ لوٹانے والا +

مُؤتَفِکات ع مُؤتَفِک کی جمع ہے۔ قوم لوط کا شہر جو اُلٹا دیا گیا تھا۔ وہ ہوائیں جو مختلف سمتوں سے چلیں +

مُؤتَلِف ع خوگرفتہ۔ الفت کیا گیا +

مُؤتَمِر ع فرمانبردار۔ مشورت کرنیوالا

مُؤتَمِن ع امانت دار۔ جو شخص کسی کے مال میں خیانت نہ کرے +

مُؤثِّر ع اثر کرنے والا۔ تاثیر کرنے والا +

مُؤثِر ع ایثار کرنے والا۔ اوروں (کی حاجت براری) کو اپنے اوپر مقدم سمجھنے والا +

مُؤثِّرات ع تاثیر کرنے والے۔ ستاروں سے بھی مراد ہے +

مُؤثَّق ع استوار۔ مضبوط۔ اس کا اعتماد وثوق ہے +

مُؤثِم ع گنہگار۔ مجرم +

مَوج ع لہر۔ پانی کی لہر +

مُوجِب ع واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا۔ باعث۔ سبب +

مُوجَب ع لازم کیا گیا۔ مقرر کیا گیا +

موج خیز ف دریا جس سے لہریں پانی کی ظاہر ہوں +

مُوجِد ع ایجاد کرنے والا۔ اپنی طبیعت سے کوئی نئی چیز بغیر نمونہ کے بنانے والا +

مُوجَز ع کوتاہ۔ مختصر۔ علم طب کی ایک کتاب کا نام بھی ہے +

موجزن ف لہراتا ہوا۔ موج مارنے والا +

مُوجِع ع دردناک۔ درد میں لانے والا۔ جس سے درد پیدا ہو +

مُوجَّل ع مہلت دیا گیا۔ وقت مقرر کیا گیا +

مَوجُود ع وجود کیا گیا۔ پیدا شدہ۔ حاضر +

مَوجُودات ع جمع ہے موجودہ کی۔ مخلوقات +

مُوجَّہ ع پسندیدہ۔ خوب۔ جس کی طرف منہ کیا جاوے +

مُوچِینہ ف بالوں کے اکھیڑنے کا موچنا +

مُوَحِّد ع قائل توحید۔ خدا کو ایک ماننے والا +

مُوحِش ع وحشت میں ڈالنے والا۔ اندوہگیں کرنے والا +

مُوَحِّش ع وحشت میں ڈالنے والا۔ مانند +

مُؤخَّر ع آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ ایک منزل قمر بھی ہے برج حوت میں +

مُؤخِر ع کان کی طرف والا آنکھ کا گوشہ +

موُوف عقاب جو مشہور پرندہ +

مو دادن۔ مو فرستادن ف عاشق کو معشوقہ سے کسی طرح وصال نہ ہو سکے تو وہ اپنے ضعف اور بیکسی جتانے کو اپنے بال کاغذ میں لپیٹ کر صندوق میں رکھ کر بھیجتا ہے۔ اگر معشوقہ کو بھی اس اشتیاق ہو تو وہ بھی جواب میں ایسا ہی کرتی ہے +

مُؤدِّب ع ادب دینے والا۔ اُستاد +

مُؤدَّب ع ادب دیا گیا۔ جس کو ادب سکھلائیں +

مُؤدَّت ع دوستی کرنا۔ دوستی +

مُوَدِّع ع رخصت کرنے والا۔ وداع کرنے والا +

مُوَدَّع ع رخصت کیا گیا۔ وداع کیا گیا +

مُودَع ع سپرد کی ہوئی شے +

مَودُود ع دوست داشتہ شدہ۔ سلطان محمود غزنوی کے پوتے کا نام ہے جو ۴۳۲ھ سے ۴۴۱ھ تک بادشاہ رہا۔ اس کے زمانے میں لاہور کو ہندوؤں نے گھیر لیا +

مُؤدّٰے ع ادا کیا گیا۔ پہنچایا گیا۔ مضمون۔ معنی +

مُؤدِّی ع ادا کرنے والا۔ پہنچانے والا +

مُؤذِّن ع اذان دینے والا۔ آگاہ کرنے والا۔ بانگ دہندہ +

مُؤذِی ع دُکھ دینے والا۔ ایذا دینے والا +

مؤذن تسبیح ف تسبیح کا امام جو ایک دانہ ہوتا ہے +

مؤذن تسبیح فلک ف سورج +

مور ف چیونٹی۔ کیڑی +

مُوَرِّث ع وارث کرنے والا۔ وہ مرنے والا جس کا مال ہو۔ اور وارث ہوں۔ میراث پہنچانے والا۔ مطلق پہنچانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ باعث +

مُوَرِّث اعلٰے ع کسی خاندان کا وہ بزرگ جس کی وراثت اس کے خاندان میں تقسیم ہوتی ہو +

مورچال ف فارس میں ایک پہاڑ ہے جس کی ایک غار سے قرور کے موافق پانی نکل آتا ہے +

مورچال۔ مورچل ف اُس گڑھے کو کہتے ہیں جو قلعہ کے لینے کے واسطے چار طرف کھودتے ہیں۔ مورچا +

مورچانہ ف زنگ جو لوہے کو لگ جاتا ہے +

مورچہ ف ایک قسم کی چیونٹی جو بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ زنگ جو لوہے کو لگ جاتا ہے۔ مجازاً ضعیف و حقیر آدمی +

مورچہ زدن ف ڈاڑھی کے بالوں کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینکنا +

مورچۂ عنبرین ف نوجوانوں کی ڈاڑھی کے بال۔ خطِ معشوق جسے پنجابی میں مس کہتے ہیں +

مُؤَرِّخ ع تاریخ نویس۔ تاریخ لکھنے والا +

مُؤَرِّخین ع جمع مُؤرِّخ کی +

مَورِد ع آدمیوں اور بہائم کے پانی پینے کا چشمہ۔ وارد ہونے کی جگہ۔ اُترنے کی جگہ +

مُوَرَّد ع گلگون۔ سرخ گلاب کے رنگ کا کیا گیا +

مورد ف درخت آس جس کے پتے بہت سبز اور تر و تازہ ہوتے ہیں +

مورسرج سب مور سمرہ ف آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے +

مورش ف چھوٹے منکے جو تاگے میں پرو کر عورتیں ہاتھوں اور گردن میں ڈالتی ہیں +

مَورُوث ع میراث گرفتہ شدہ +

مَورُوثی ع باپ دادا کا وہ شے جو ارثی ہو +

مَورُود ع وارد کیا گیا۔ وظیفہ مقرر کیا گیا

موری ف موری - پانی نکلنے کی بدررو - کوزے کی ٹونٹی +
موریانہ ف مورچانہ +
موز ف کیلے کا درخت +
موزّع ع پراگندہ کرنے والا - تقسیم کرنے والا +
موزون ع تلا ہوا - وزن کیا ہوا - خوش آئندہ - پسندیدہ +
موزہ ف جوتی - جراب - غلاف تیغ - تلوار کا میان +
موزہ در گل ماندن ف عاجز ہو جانا - پابند ہو جانا - مشکلات میں پڑنا +
موزہ نہادن ف سفر کو ترک کرنا - اقامت اختیار کرنا +
موژ - موژہ ف غم و اندوہ - تالاب - آبگیر +
موژال ف خواب آلودہ آنکھ - نیم شگفتہ نرگس - خواب آلودہ آدمی +
موسخ ف زنّار - جنیو +
موسر ع توانگر - جو مفلس نہ ہو +
موسّس ع مضبوط کرنے والا - استوار کنندہ - بنیاد ڈالنے والا +
موسم ع ہنگام - وقت +
موسّم ع نام رکھا گیا +
موسمی ع منسوب بہ موسم +
موسوم ع نام رکھا گیا - نشان کیا گیا - داغدار +
موسہ ف زنبور - بھڑ +
موسے ع ایک عجب بال مونڈنے کا استرہ ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے - یہ لفظ عبرانی ہے - اس کے معنی یہ ہیں - مو (تابوت) سا (پانی)، چونکہ موسے ع کو ان کی والدہ نے پانی میں بہا دیا تھا - اس لئے یہ نام رکھا گیا - توریت انہی پر نازل ہوئی - ان کی پیدائش حضرت عیسے سے ۱۵۷۱ برس پیشتر شہر مصر میں ہوئی - اور ۱۲۰ برس کی عمر میں ۱۴۵۱ برس قبل مسیح انہوں نے وفات پائی +
موسیچہ ف ممولا - صعوہ +
موسیقار ع ایک باجہ کا نام ہے جس میں چھوٹی بڑی نلیاں بشکل مثلث باہم جڑی ہوئی ہوتی ہیں - بقول بعض موسیقار ایک پرندہ کا نام ہے جس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں - جن میں سے طرح طرح کی آوازیں نکلتی ہیں - حکماء نے علم موسیقی وہیں سے نکالا ہے +
موسیقی ع گانے بجانے کا علم - علم سرود - موسیقار یونانی میں لحن کو کہتے ہیں - علم موسیقی کے بارہ مقام ہیں اور ہر ایک کے دو شعبے - پھر ہر ایک شعبے سے کئی نغمے - اس کے سوا دو دو مقام کے ملاپ سے چھ آہنگ نکلے ہیں +
موش ف چوہا +
موشّح ع زیور سے آراستہ کیا گیا - مزیّن - بدھی پہنایا گیا +
موش خرما ف گلہری +
موش خوار - موش خور ف چیل گدھ +
موش دشتی ف جنگلی چوہا +
موشکاف یہودیوں کے ایک عالم کا نام ہے +
موشک پراں ف گلہری +
موشک دوانی ف فتنہ انگیزی - چھچھوندر - جلانے کی کھیل +
موشکرف نوحہ گر عورت - وہ عورت جو اور عورتوں میں بیٹھ کر مردہ کے اوصاف اس طرح بیان کرے - کہ ان سے سنکر اور عورتیں بھی روئیں +
موش کور - موشک کور ف اندھا چوہا - چمگادڑ - چھچھوندر - چونکہ اس کو دکھائی نہیں دیتا - اسی واسطے اس کا یہ نام رکھا گیا - موشک کور بیش کی تصغیر +
موشگیر ف چیل - زغن +
موصٰے ع وہ شخص جس کو وصیت کی ہو - وصیت کیا گیا +
موصٰی الیہ ع وہ شخص جس کو وصیت کی جائے +
موصّف ع توصیف کیا گیا - وصف کیا گیا +
موصل ع وصل ہونے کی جگہ - ملنے کی جگہ - عراق عرب میں دریائے دجلہ کے کنارے ایک مشہور شہر ہے جس کے پاس نینوہ کے کھنڈرات ہیں +
موصِل ع پہنچانے والا +
موصّل ع وصل کیا گیا - پیوستہ کیا گیا +
موصوف ع وصف کیا گیا - تعریف کیا گیا +
موصول ع ملا ہوا - وصل کیا گیا - پہنچا ہوا - علم صرف میں وہ اسم ہے جو بجز صلہ پورے معنے نہ دے +
موصی ع وصیت کرنے والا +
موضِح ع واضح اور روشن کرنے والا +
موضَح ع واضح اور روشن کیا گیا +
موضع ع رکھنے کی جگہ - جگہ - مکان - گاؤں +
موضوع ع رکھا گیا - کیا گیا - اصطلاح میں وہ شے جس کا ذکر اس علم میں ہو اور منطقی مبتدا کو موضوع اور خبر کو محمول کہتے ہیں +
موضوعہ ع اصطلاح میں کسی علم کا موضوع وہ ہے جس کے عوارض ذاتیہ سے اس علم میں بحث کرتے ہیں +
موطن ع جائے وطن - اپنا دیس +
موطّن ع وطن کیا گیا - وہ شہر جس کے اندر کوئی جا بسے +
موظّف ع وظیفہ کیا گیا - وظیفہ دیا گیا +
موظِّف ع وظیفہ دینے والا - ہمیشہ ایک کام کا کرنے والا +
موعد ع وقت وعدہ کرنے کا - جگہ وعدہ کرنے کی +
موعدت ع وعدہ - عہد - پیمان +
موعظت ع نصیحت کرنا - نصیحت - وعظ +
موعود ع وعدہ کیا گیا - وہ شے جس کا وعدہ کیا جائے +

مَوغ ف مغ - آتش پرست +
مُوَفِّر ع زیادہ کرنے والا +
مُوَفَّر ع زیادہ کیا گیا -
مُوَفَّق ع توفیق دیا گیا - نیک کام کرنے کے اسباب مُہیّا کیا گیا - کوئی شخص جس کو نیکی کرنے کی توفیق ہو - صیغہ اسم مفعول کا ہے - توفیق مصدر سے +
مَوفُور ع وافر کیا گیا - زیادتی کیا گیا +
مُوَفّٰی ع تمام کردہ شدہ - وفا کیا گیا مجازاً کامل - تمام +
مُوق - مُؤق ع آنکھ کا کونہ جو کان کی طرف ہوتا ہے +
مُوَقَّت ع کسی وقت پر ٹھیرایا ہوا - وقت کیا گیا +
مَوقِع ع واقع ہونے کی جگہ - گرنے کی جگہ - جگہ - محل +
مُوَقَّع ع بلند کیا گیا - توقیع کیا گیا +
مَوقِف ع کھڑا ہونے کی جگہ - ایک مقام کا نام ہے - جو مکہ سے ۲ کوس کے فاصلہ پر ہے - اسے عرفات بھی کہتے ہیں +
مُوقِن ع یقین کرنے والا +
مُوقِنَہ ع یقین کرنے والی عورت +
مَوقُوف ع ٹھیرایا گیا - مجازاً خاست کیا گیا - اصطلاح میں حرف ساکن کہ اس سے پہلے حرف بھی ساکن ہو - جیسے کرد دال +
مَک ف تپش - ڈنگ +

مَوکِب ع اردل کے آدمی - خواہ سوار ہوں یا پیادے +
مَوکِب ع سپاہ و لشکر - سواروں کی جماعت - رسالہ +
موکبیاں سحر ف وہ فرشتے جو شب معراج کو پیغمبر خدا صلعم کے ساتھ تھے +
مُؤکِّد ع تاکید کرنے والا +
مُؤکَّد ع تاکید کیا گیا +
موکیدہ ف مطلق - مشتاق کی ضد +
مُؤکِّل ع وہ شخص جس کو کچھ کام سپرد ہو +
مُؤکَّل ع وہ شخص جو کسی کو کچھ کام سپرد کرے +
مول ف معشوق عورت - درنگ - تاخیر - حرامزادہ - توبہ - ناز و غمزہ + ٹھیر جو امر کا صیغہ ہے +
مَولے - مَولا ع آزاد کرنے والا - مددگار - رفیق - صاحب - خداوند - آقا - سردار - آزاد کیا گیا - غلام - ہمسایہ +
مُولِّد ع پیدا کرنے والا +
مُوَلَّد ع ایک عجمی شخص کا نام ہے - جس نے عرب میں پرورش پائی تھی - وہ عجمی لفظ جسے عرب اپنی زبان میں بولیں - دوغلہ +
مَولِد ع جائے ولادت - جنم بھوم - پیدا ہونے کی جگہ +
مُولِّدَہ ع جنانے کی قوت - وہ قوت جو خون سے منی نکال کر منی کو صورت انسان بننے کے قابل کرتی ہے +
مُولَع ع حریص - لالچی - راغب +
مُؤلَّف ع تالیف کیا گیا - جمع کیا گیا +
مُؤلِّف ع تالیف کرنے والا - جمع کرنے والا +
مُؤلَّفات ع وہ کتابیں جو تالیف کی گئی ہوں +
مُؤلِم ع درد دینے والا - الم دینے والا +
مَولُو ف حیوان کا سینگ جو فقیر بجاتے ہیں - سنگی +
مَولُود ع بچہ - خواہ لڑکا ہو یا لڑکی جنا ہوا فرزند - جننے کا زمانہ +
مَولَوِی ع اسم مفعول کا صیغہ ہے - سرداری دادہ شدہ - سردار منسوب مولا سے یعنی خداوند - صاحب یائے نسبت لگی تو چوتھا حرف بموجب قاعدہ کے واؤ سے بدل گیا - کیونکہ سہ حرفی اور چوحرفی کلموں میں نسبت کے وقت الف مقصورہ یا سے بدل جاتا ہے +
مُولَّہَہ ع شیفتہ - عاشق - دیوانہ ایک قسم کا بید جس کو بید مجنوں کہتے ہیں +
مولیدن ف گھسنا - پھسلنا - پھرنا - پھرانا - دیر تک رہنا - دیر کرنا +
موم ف موم جو مشہور شے ہے +
مُؤمِّر ع حکم کرنے والا +
مُؤمَّل ع امیدوار - ایک گھوڑے کا نام بھی ہے +
مُؤمِن ع ایمان لانے والا - ایماندار +
مُومِے ع اشارہ کیا گیا - اشارہ کردہ شدہ +
مُومے اِلَیہ ع اشارہ کردہ شدہ بسوئے او - وہ شخص جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو +
مومیا - مومیائی ف ایک سیاہ رنگ شے کا نام ہے - اور وہ دو قسم کی ہوتی ہے - عملی اور کانی - عملی اس طرح بنتی ہے کہ ایک سرخ رو اور سرخ مو بچہ لیکر پالتے ہیں - جب اس کی عمر قریب تیس ۳۰ سال کے پہنچ جاتی ہے - پتھر کا ایک بہت بڑا مٹکا (پنجابی بھرولا) تیار کرکے اس میں شہد اور بہت سی دوائیں بھر دیتے ہیں - اور جوان مذکور کو اس میں کھڑا کرکے اوپر سے بند کر دیتے ہیں - اور اس دن کی تاریخ اس پر لکھ دیتے ہیں - ۱۲۰ برس کے بعد اس شہد اور آدمی کی سب مومیائی بن جاتی ہے - ہر ایک ٹوٹے عضو کی درستی کے لئے کام آتی ہے - معدنی (مومیائی) فریدوں کے زمانے میں دستیاب ہوئی تھی - اس طرح پر کہ ایک دن یہ بادشاہ شکار کے لئے گیا تھا - اس کے ایک ملازم نے ہرن کے بچہ کو ایسا تیر مارا کہ وہ قریب بہ ہلاکت ہوگیا - لیکن رات

کے اندھیرے کے سبب
اس ہرن کے بچہ کو نہ پایا۔
اور واپس چلا آیا۔ ہرن کا بچہ
آہستہ آہستہ لنگڑاتا ہؤا ایک
پہاڑ کے شگاف کے قریب پہنچا۔
اور وہاں سے پانی پیا۔ پانی پیتے
ہی اُس کا زخم بالکل اچھا ہوگیا۔
اُس نواح کے لوگوں نے یہ حال
دیکھکر ہرن کو تو پھر شکار کرلیا۔ اور
کل کیفیت (گذشتہ) فریدون
کے پاس آکر بیان کی۔ فریدون
کمال متعجب ہؤا۔ اور حکماء کو بُلاکر
اُس امر کی کیفیت پوچھی۔ حکمانے
تجربتاً ایک اور جانور کی ٹانگ توڑ
کر وہ پانی پلایا۔ وہ بھی فوراً اچھا ہوگیا
پھر بادشاہ نے اُس مقام کو اپنی حفاظت
میں کرلیا +
بعض محققین یوں لکھتے ہیں۔ کہ
پارس کے مضافات میں سے
ایک گاؤں ہے۔ اس کے قریب
پہاڑ میں ایک تالاب ہے۔ برس
کے بعد جب چشمہ جوش مارتا ہے
تو اس کے کنارے پر موم جیسی کچھ
چکنائی سی جم جاتی ہے۔ وہاں کے
حاکم کی طرف سے کچھ لوگ مقرر
ہیں۔ وہ اُس کو اُٹھا لیتے ہیں۔
اور یہ مومیائی اسی گاؤں سے
منسوب ہے +
اور ایک صاحب لکھتے ہیں۔ کہ
اُس چشمہ پر ایک تانبے کی چھلنی
نصب کردیتے ہیں برس کے بعد کے
بعد جب اُس کو اُٹھاتے ہیں۔ تو
اُس پر کچھ مومیائی جمی پاتے ہیں +
اس کی وجہ تسمیہ میں بعض صاحبوں
نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ اصل میں
موم آئیں تھا۔ کان میں سے نکلتی
ہے۔ تو موم کی مانند نرم ہوتی ہے
کثرت استعمال سے مومیائی ہوگیا
مُؤنت ع محنت۔ رنج۔ رنج کھینچنا۔
اور بامحتاج معاش کا (جیسے نفقہ۔
لباس) خرچ ضروری +
مُؤنّث ع عورت۔ مادہ +
مُونِس ع ہمدم۔ آرام دینے والا۔
اُنس کرنے والا۔ یار۔ رفیق
غم خوار +
مَأوّل ع تاویل کیا گیا۔ پھیرا گیا۔
کلام کو ظاہری معنوں سے پھیرا گیا +
مُوہِب ع بخشنے والا۔ ہبہ کرنیوالا +
مَوہِبت ع بخشش۔ عطا +
مَوہبتِ عُظمےٰ ع بہت بڑی بخشش +
مُوہِم ع وہم ڈالنے والا +
مَوہُوب ع عطا کیا گیا۔ کوئی چیز
ہبہ کی گئی۔ بخشا گیا +
مَوہُوم ع وہم کیا گیا۔ وہمی +
مَوہُون ع سُست کیا گیا +
مُوے ف بال +
مُوے ازکف برآمدن ف
امر محال +
مویان ف مُویدن سے اسم
فاعل یا اسم حال ہے +
مویانہ ف مورچانہ +
موے بربستن ف مستعد
ہونا۔ تیار ہونا +
موے بینی ف موے دماغ +
مُؤیَّد ع تائید کیا گیا۔ مدد دیا گیا صیغہ
اسم مفعول کا ہے۔ تائید
مصدر سے +
مُؤیِّد ع تائید کرنے والا۔ مددگار
صیغہ اسم فاعل کا ہے۔ تائید
مصدر سے +
موے دماغ ف عیش میں خلل
ڈالنے والا۔ وہ شخص جو کسی کا بہت
مُنہ چڑھا ہو۔ سب سے زیادہ
معتمد۔ مصاحب +
مویز ف بڑے انگور سکھائے
ہوئے۔ داکھ۔ منقّےٰ +
مویہ ف نوحہ۔ مردہ پر رونا +
مویہ زال ف ایک لحن کا نام ہے
مویہ گر ف نوحہ کرنے والا +
مُوئیدن ف رونا۔ مردہ پر
رونا۔ نوحہ کرنا +
موئینہ ف بالوں کا کپڑا۔ حیوان
کا چمڑا جس پر بال ہوں۔ پوستین +

میم مہملہ مع ہائے ہوز

مَہ ف مُخفّف ماہ۔ چاند +
مِہ ف بڑا۔ بزرگ۔ سردار +
مَہ ع مت کر۔ اسمائے افعال
میں سے ہے +
مِہاف بزرگ۔ اے بزرگ۔
اے سردار +
مِہاف بلور کی طرح ایک پتھر ہے۔
بعض بلور ہی کو کہتے ہیں +
مُہاب ع ڈراونی شکل۔ ہیبت
ناک شخص +
مہ آباد ف عجم کا پہلا پیغمبر جس کی
کتاب کا نام وسانیر ہے +
مَہابت ع ہیبت۔ خوف۔ ڈر۔
خشم۔ شان و شکوہ +
مَہابت خاں ف جہانگیر شاہ
دہلی کے سپہسالار کا نام ہے۔
جو جہانگیر کے ولیعہد شاہ جہان
کی بغاوت کے وقت اس کا مقابلہ
کرتا رہا۔ اور آخر کار نورجہاں
کی مخالفت کی وجہ سے دربار
میں بلایا گیا۔ اس نے یہاں
آکر بادشاہ کو اپنے قابو میں کرلیا۔
مگر پیچھے بھاگ کر شاہ جہان کے
پاس چلا گیا۔ شاہ جہان جب بادشاہ
ہؤا تو یہ اس کے وقت سپہ سالار رہا +
مُہاجر ع ہجرت کرنے والا۔ ایک جگہ
چھوڑ کر چلا جانے والا +
مُہاجرت ع ہجرت کرنا۔ رہنے کی
جگہ چھوڑ جانا۔ وطن چھوڑ کر چلا جانا۔
کافروں کے دیس سے نکل جانا +
مُہاجرین ع ہجرت کرنے والے۔
خدا کے راہ میں وطن چھوڑنے والے
وے لوگ جو پیغمبر خدا کے ارشاد
کے موافق مکہ سے ہجرت کرکے چلے
گئے تھے +
مِہاد ع بستر۔ بچھونا۔ فرش۔ یہ لفظ
مفرد ہے۔ مہد کی جمع نہیں ہے +
مُہار ف اونٹ کی نکیل۔ وہ لکڑی

جو اونٹ کے ناک میں ڈالتے ہیں اور اس میں ایک رسی باندھتے ہیں +
مہاریب ع محراب کی جمع ہے +
مہاراشٹر ف مرہٹوں کا وطن جس میں مندرجہ ذیل علاقے شامل ہیں۔ بمبئی احاطہ کا کل جنوبی حصہ۔ ممالک متوسط و علاقہ اجنٹی وسط ہند و علاقہ نظام حیدر آباد کا ایک بڑا حصہ۔ ملک برار +
مہار بر سر کردن ف مطیع کرنا +
مہارت ع استادی۔ استعداد +
مہالک ع جمع ہے مہلکہ کی +
مہام ع اصل میں مہامم تھا۔ جمع ہے مہم کی۔ مہمیں۔ مہمات۔ خطرناک اور دشوار کام +
مہان ع اہانت کیا گیا۔ ذلیل +
مہان ف جمع ہے مہ کی۔ بزرگان +
مہب ع ہوا کے چلنے کی جگہ +
مہ پیچ گوہان ف ایک سرود کا نام
مہبط ع اترنے کی جگہ۔ جائے نزول +
مہبل ع عورت کے فرج کا منہ +
مہ پرستان ف عاشق لوگ +
مہتاب ف چاندنی اصل میں ماہ تاب تھا۔ چاند روشن +
مہتاب بہ گز پیمودن ف محال کام کرنا۔ ایسا کام کرنا جس کا سرانجام نا ممکن ہو۔ لغو حرکت کرنی۔ بیہودہ کام کرنا
مہتاب پیمودن ف بیہودہ کام کرنا۔ لغو حرکت کرنی +
مہتابی ف ایک قسم کی مشہور آتشبازی ہے۔ منسوب بہ ماہتاب۔ رنگ شکستہ۔ چھوٹی سی عمارت جو حوض کے کنارے رات کی چاندنی کی سیر دیکھنے کے لئے بنائی جاتی ہے +
مہتدی ع ہدایت پانے والا۔ راہ راست پانے والا۔ خلفائے عباسیہ سے ایک خلیفے کا نام ہے جو ۲۵۵ھ سے ۲۵۶ھ تک حکمران رہا۔ بڑا عابد زاہد تھا۔ لوگوں کو غیر شرع کاموں سے روکتا۔ سنہری روپہلی برتنوں کو توڑ ڈالا۔ راگ سننے اور شراب سے لوگوں کو منع کیا۔ خود ایک کتب میں بیٹھکر عدالت کرتا۔ آخر ترکوں نے اسے مار ڈالا
مہتدے ع ہدایت کیا گیا +
مہتر ف بزرگ۔ رئیس۔ سردار قوم +
مہتر رخت ف کپڑے پہنانے والا خدمتگار +
مہتری ف سرداری +
مہتوک ف مردہ۔ مرا ہوا +
مہتوک ع ہتک کیا گیا۔ پردہ دریدہ
مہج ع مہجہ کی جمع ہے +
مہجع ع سونے والا +
مہجع ع سونے کی جگہ۔ خوابگاہ +
مہجو ع ہجو کیا گیا جس کی ہجو کی جائے
مہجور ع چھوڑا گیا۔ جدائی کیا گیا۔ جدا۔ محزون پریشان و ناحق +
مہجوری ع جدائی
مہجہ ع خون۔ خون دل۔ جان۔ روح۔ ہر چیز کا خلاصہ +
مہجۃ الاحجار ع جواہرات۔ جیسے زمرد۔ لعل۔ یاقوت وغیرہ +
مہچہ ف جھنڈے کا سرا۔ ہر چیز جو جھنڈے کے اوپر ہوتا ہے +
مہد ع پنگوڑا۔ گہوارہ۔ بستر۔ بچھونا +
مہد علیا ع اونچا ہنڈولا۔ مگر محاورات میں اس کا اطلاق بادشاہ کی بیگم پر اور خاص کر اس پر جو ولیعہد کی ماں ہو۔ بلحاظ عفت و عظمت کے کیا جاتا ہے +
مہدم ف ایک شکاری پرند کا نام ہے۔ جس کا دم ابلق ہوتا ہے اس کبوتر کو بھی کہتے ہیں۔ جس کے تمام پر سیاہ ہوں اور دم سفید +
مہد مہتاب ف آسمان +
مہد نفس موسے ف وہ صندوق جس میں حضرت موسے علیہ السلام کو بند کر کے دریا میں بہا دیا گیا تھا +
مہدی ع ہدایت کنندہ۔ رہنما
مہدی ع ہدایت کیا گیا۔ خلفائے عباسیہ سے دوسرے خلیفہ کا نام ہے جو ۱۵۸ھ سے ۱۶۹ھ تک خلیفہ رہا۔ سب سے پہلے علم کلام میں کتب اسی کے وقت تصنیف ہوئیں۔ خزانے کو راہ خدا میں بانٹ دیا۔ حج اور زیارت روضہ مطہرہ رسول خدا کو گیا تو بیشمار روپیہ تقسیم کیا۔ اور امام مہدی بارھویں امام جو آنے والے ہیں۔ اُن کے آنے پر یہ آواز آئیگی۔ کہ ھٰذا خلیفۃ اللہ المہدی فاسمعوا لہ واطیعوا عبد اللہ اُن کے باپ کا نام ہوگا۔ حضرت عیسے کے ہمراہ ہوکر دجال ملعون سے قتال کرینگے۔ اور غالب آئینگے۔ اب تک کئی مہدی کاذب آچکے ہیں۔ مگر سچے کے نشان اور ہی ہیں +
مہدیہ ع عرب سے مغرب کے ممالک میں ایک شہر ہے +
مہذار ع بیہودہ گو +
مہذب ع آراستہ کیا گیا۔ شائستہ۔ لغت عربی کی ایک کتاب کا نام بھی ہے +
مہذب ع آراستہ کرنے والا +
مہذب الاخلاق ع خوش خلق۔ نیک خصلت +
مہر ف سورج۔ محبت۔ ایک شمسی مہینہ کا نام ہے۔ جو کاتک میں آتا ہے۔ ہر شمسی مہینے کی سولھویں تاریخ +
مہر ع وہ روپیہ یا جنس جو عورت کو نکاح کے عوض ٹھہرا دیتا ہے +
مُہر ف انگشتری۔ مُہر۔ حکم۔ فرمان +
مہرا ع وہ مہرہ جو پانی میں آگ کی گرمی سے پک کر خوب ملائم ہو جاتے +

مہراب ف کابل کے بادشاہ کا نام ہے۔ جو رستم کے رشتہ داروں میں سے تھا +

مہراج ف زنگبار کے بادشاہ کا لقب ہے۔ قیاساً یہ لفظ مہاراج کا مخفف معلوم ہوتا ہے۔ جو ہندی لفظ شاہنشاہان کے معنی میں آتا ہے +

مہراس ف ہاون جسے پنجابی میں چھٹو کہتے ہیں +

مہراسس ع پتھر کی اوکھلی۔ شتر قوی۔ حضرت الیاس علیہ السلام پیغمبر کے باپ اور قیصر روم کے ایک ایلچی کا نام ہے +

مہران ف ایک دوائی کا نام ہے +

مہران ف ایک دریا اور صاحب فضل و کمالات شخص اور ایک بادشاہ کا نام ہے +

مہرب ع گریزگاہ۔ بھاگنے کی جگہ +

مہربان ف محبت کرنے والا +

مہربانی ف محبت۔ مہر +

مہرجان مب۔ مہرگان ف آفتاب کی برج میزان میں رہنے کی مدت۔ ساتواں مہینہ شمسی۔ جو ہندی میں کاتک سے ملتا ہوا ہے +

مہر خاوران ف انوری جو خراسان کے علاقہ خاوران کا رہنے والا تھا۔ اور ابتدا میں اپنا تخلص خاوری کرتا تھا +

مہر خموش۔ مہر دہان ف خاموشی۔ آخری لفظ کے معنے روزہ بھی ہیں +

مہر دہان روزہ داران ف سوچ

مہر شریعت ف نبی آخر الزمان صلعم

مہر شفا ف تعویذ گنڈا جو لڑکوں کے گلے میں ڈالتے ہیں +

مہر کن ف وہ شخص جو مہر کھودتا ہے +

مہر گیتی فروز ف آفتاب +

مہر گیاہ ف یہ ایک گھاس ہے۔ جس کو انکھمی کہتے ہیں۔ اس کی جڑھ چہرۂ انسان کے ہمشکل ہے جو شخص اسے اپنے پاس رکھتا ہے۔ تمام زمانہ اس پر مہربان ہوجاتا ہے +

مہر نبوت ف وہ نقش جو رسول خدا صلعم کے مونڈھوں پر تھا +

مہر نہادن ف مہر لگانی +

مہروف چاند کی شکل والا +

مہروب ع گریختہ۔ بھاگا ہوا +

مہرور ف مہربان۔ محبت والا +

مہرہ ف کوڑی۔ گھونگا۔ سنکھ۔ سناروں اور لہاروں کا ہتھوڑا

مہرہ از کف بیرون افشاندن ف مغلوب ہونا۔ ہار جانا۔ کیونکہ شطرنج کھیلنے میں جیتے ہوئے مہرے ہاتھ سے پھینک دینے مغلوب اور مات ہو جانے کی نشانی ہے +

مہرہ از کمیں بیرون جہاندن ف غالب ہونا۔ مدعا کو پہنچنا۔ مقصد پر فائز ہونا۔ کیونکہ شطرنج باز قوی اور حریف کو نقصان پہنچانے والی چال جس کو وہ پہلے سے خوب سوچ رکھتا ہے۔ بہت پھرتی اور تیزی سے چلتا ہے +

مہرہائے سیمابی ف ستارے کواکب +

مہرہ بازی ف شعبدہ بازی۔ عیاری +

مہرہ بطاس و در طاس افگندن و انداختن۔ مہرہ بجام و در جام افگندن و انداختن ف آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ مطلع کرنا +

مہرۂ تپ ف ایک مہرہ ہے جو تپ کو دفع کرتا ہے +

مہرہ چین و مہرہ باز ف مداری +

مہرۂ خاک ف کرۂ زمین۔ آدمی کا بدن +

مہرہ در ششدر بودن ف قید ہوجانا۔ عاجز ہونا +

مہرہ در گردن جمع شدن ف گردن ٹوٹ جانا +

مہرہ درہم فتادن ف مہرے ٹوٹ کر اپنی جگہ سے ہٹ جانے مہرے کے درہم برہم ہو جانے +

مہرۂ زر ف آفتاب +

مہرۂ سفید ف سنکھ۔ ناقوس +

مہرۂ سیم۔ مہرۂ سیمابی ف چاند +

مہرۂ گلین ف زمین

مہرۂ کہربا ف ایک زرد رنگ کا مہرہ ہوتا ہے۔ کہ جب اس کو چمڑے یا کپڑے پر رگڑ کر تنکے یا گھاس کے پتے کے پاس لاتے ہیں تو وہ تنکا یا گھاس کا پتا کھچ کر مہرہ سے آلگتا ہے +

مہرۂ کہربا گون ف زردی اور گولائی کے لحاظ سے زمین کو کہتے ہیں +

مہرۂ لاجورد ف نیلاہٹ کے لحاظ سے آسمان کو کہتے ہیں +

مہرۂ نماز ف خاک شفا کا ایک مہرہ ہوتا ہے۔ جسے بعض شیعہ لوگ نماز میں سجدے کی جگہ رکھتے ہیں +

مہرہ و حقہ ف زمین و آسمان +

مہرہائے سیمابی۔ مہرہائے فلک ف ستارے +

مہزول ع لاغر۔ دبلا +

مہزوم ع شکست دیا گیا۔ شکست پایا گیا +

مہست ف متین اور باتمکین آدمی۔ سنگین۔ بھاری +

مہشید ف آفتاب۔ چاند +

مہضوم ع ہضم کیا گیا۔ پچایا گیا +

مہل ع آہستگی۔ دیر۔ زمانہ +

مہل ع گلا یا پگھلا ہوا۔ تانبا +

مہل ف مت چھوڑ۔ صیغہ نہی کا ہے ہلیدن مصدر سے +

مہلت ع فرصت۔ توقف۔

دیر - درنگ +

مَہلَک ع ہلاک ہونے کی جگہ +

مَہلِکہ ع جائے ہلاکت - ہلاکت مر جانا +

مُہلِّل ع کلمہ لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والا

مُہَنَّد ف ہندی تلوار +

مُہَلْہَل ع زہر دیا گیا - بہت پتلا کپڑا +

مُہِمّ ع غم میں ڈالنے والا - مجازاً بڑا کام - امرِ عظیم - کارِ دشوار - ضروری کام +

مُہِم ساز ف متعول - بڑا کام کرنے والا - عورتوں کا دلال +

مہما امکن ع جہاں تک ممکن ہو +

مُہِمّات ع جمع مُہِمّ کی مہمیں +

مِہمازہ ع ہمز کا اسم آلہ ہے جس کے معنے ہیں فشردن و زدن - مہمیز +

مہمان ف وہ شخص غیر جو کسی کے گھر آکر اترے - یہ لفظ مرکب ہے - مہ (بمعنی بزرگ سردار) اور مان (بمعنی مانند) سے یعنی مانندِ بزرگ - مانند سردار - یا مرکب ہے - مہ (بمعنی چاند) اور مان (مخفف مانند) سے - مانند چاند کے - چاند جیسا +

مہمان کدہ - مہمان سرائے

مہمان خانہ ف مسافر خانہ - سرائے - لنگر خانہ - وہ جگہ جہاں فقیروں اور محتاجوں کو ہمیشہ کھانا ملا کرے - اور دنیا سے بھی مراد ہے +

مِہمانی ف ضیافت کرنا - کسی غیر کو کھانا کھلانا +

مِہ مرد ف بزرگ آدمی - محلہ اور بازار میں سب سے بوڑھا سفید ریش +

مُہْمَل ع چھوڑا ہوا - بیکار - بے معنی بیہودہ لفظ +

مُہمل پناہ ف جاہل +

مُہمَلہ ع خالی - اور وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو +

مُہمل کدہ ف دنیا +

مَہموز ع عیب دار - معیوب - اور وہ کلمہ جس کے حروفِ اصلی میں سے ایک ہمزہ ہو +

مَہموسہ ع وہ حرف جو نرم و پست آواز سے ادا ہوں - اور وہ دس ہیں - ت - ث - خ - ح - ش - س - ک - ص - ف - ہ +

مَہموم ع اندوہگین - غمناک +

مُہمہ ف بیابان +

مُہِمَّہ ع غم میں ڈالنے والی بات - مجازاً کارِ ضروری - امرِ عظیم +

مہمیز ف ایک میخ لوہے کی - جو سواروں کی ایڑی پر لگی ہوئی ہوتی ہے - اور یہ امالہ مہماز کا ہے +

مُہَنّا ع گوارا - خوش مزہ - ہاضم - ذائقہ دار +

مُہنانہ ف بوزنہ - میمون - بندر +

مُہَنَّد ع ہندی تلوار - شمشیرِ ہندی +

مُہَندِس ع وہ شخص جو علم ہندسہ جانتا ہو - علم ہندسہ داں - منجم +

مہندسِ فلک ف زحل ستارہ منجم +

مہوارہ ف ماہانہ - مشاہرہ - تنخواہ +

مَہوَش ف چاند کی مانند - محبوب +

مہوبہ ف ہندوستان میں ایک جگہ ہے - جہاں کا نمک بہت ہی سفید ہوتا ہے +

مُہِیّ ع آمادہ کرنے والا - مہیا کرنے والا +

مِہی ف بزرگی - سرداری +

مُہَیّا ع تیار - موجود +

مَہیب ع خوفناک - ہیبت ناک - ڈراونا +

مَہیج - مُہَیِّج ع انگیزندہ - غیاظ پر انگیزندہ +

مَہیل ع خوف کی جگہ - اس صورت میں ہول سے مشتق ہے - فرد یکھتہ اس حالت میں ہیل سے مشتق ہے +

مُہَیمِن ع خوف سے بے خوف کرنے والا - خوف سے امن دینے والا - گواہ - صادق - مہربان - نگہبان - خدا تعالیٰ کا نام بھی ہے +

مِہین - مِہینہ ف بزرگ تر - بڑا بزرگ - بہت بڑا +

مَہین ع سست - ضعیف - حقیر - خوار +

میم مہملہ مع یائے تحتانی

مَے ف شراب - مجازاً گلاب - پیالہ +

مَیادین ع جمع میدان کی +

میافارقین ع ملک روم میں ایک مشہور شہر ہے - جو دیار بکر کا کبھی دار الخلافہ تھا +

مَیاق ت سعد زنگی شاہِ شیراز کے ایک حسین غلام کا لقب ہے جس کا اصلی نام شمس الدین تھا +

مَیامِن ع جمع میمنت اور میمنہ کی +

مَیامِین ع جمع میمون کی +

مِیان ف کمر - درمیان - ہمیانی تلوار وغیرہ کا غلاف +

میان بستن ف کمر باندھنی - تیار ہونا - مستعد ہونا +

میانجی ف ایلچی - قاصد +

میانداری ف دلالی کرنا - کشتی گیروں کی اصطلاح میں دو پہلوانوں کو جو کشتی کر رہے ہوں - کشتی کرنے سے باز رکھنا +

میانتہانہ ف متوسط آواز +

میان دو ابرو ف چتون +

مے انگوری - مے تاکی - مے عنبی - ف - انگوری شراب +

میان سرائے ف ایک قسم کا انگور جو خراسان میں بہت کثرت سے ہوتا ہے +

میانہ ف درمیان کا - بڑا نہ چھوٹا - منجھلا - بیچ کی راس کا - وسط - میانہ روہی - عراق اور آذر بائیجان کے درمیان ایک شہر کا نام ہے - موتیوں کی لڑی کا درمیانی موتی +

میانہ روی ف زیادتی اور کمی سے بچنا - افراط و تفریط سے بچنا -

اعتدال پر رہنا +
میاہ ع جمع مارکی - پانی +
مے برداشتن ف شراب پینی +
مے پرست ف دائم الخمر - جو ہمیشہ شراب پیا کرے
مے پرستی ف شراب خوری +
میّت - میت ع مردہ - لاش مری ہوئی لوتھ
میتین ف پتھر میں سوراخ کرنے اور اس کے تراشنے کا کدال +
میثاق ع وعدہ - عہد - قول و قرار - روز ازل - جس دن سب ارواحوں نے خدا کی ربوبیت پر اقرار کیا تھا +
میخ ف کیلی - خواہ لکڑی کی ہو یا لوہے کی - ٹھپا جس سے سکے پر حروف لگتے ہیں +
میخانہ ف شراب خانہ +
میختن ف موتنا - پیشاب کرنا +
میخ دوز - میخ قدم ف جسے حرکت نہ ہو - ساکن - جو چل نہ سکے +
میخک ف چھوٹی سی کیل - کوکا - قرنفل +
میخکدہ ف دار الضرب - ٹکسال +
میخوار - میخوارہ ف شراب پینے والا - شراب خوار +
میخوش ف کھٹا مزہ جس میں شیرینی بھی ہو +
میخی ف فقیروں کا ایک قسم کا جُبّہ ہے +
میدان ف زمین کی صاف سطح جہاں پہاڑ نہ ہوں - زمین فراخ +

میدانِ اغبر ع زمین +
میدانِ بر آمدن ف عمر کا ہو چکنا - قیامت کا قائم ہونا +
میدان خاک ف زمین +
میدان دادن ف کسی کی تعظیم کے لئے جگہ خالی کرنی +
میدانِ عاج ع کاغذ کا سفید ورق +
میدان کشادہ یافتن ف وسعت سے عیش و عشرت کرنا +
میدان کشیدن ف اپنے آپ کو اکٹھا کرکے کودنے کے لئے پیچھے ہٹنا +
مے در قدح کردن ف پیالہ میں شراب بھرنی - شراب پینی +
مے در گریبان کشیدن و کردن - ف زبردستی شراب پلانا +
میدن ف تباہ ہونا +
میدہ ف نفیس آٹا - باریک آرد - پارچہ پنیر - مخفف مائدہ کا - مجازاً نانِ میدہ +
میدہ سالار ف روٹی پکانے والا +
میدہ نہ ف چاشنی گیر +
میذنہ ع آذان کہنے کی جگہ +
میر ف مخفف امیر کا - حاکم - سردار +
میر آب ف باغبان جس کا ذمہ درختوں کے پانی دینے کا ہو - اور میر بحر +
میر آتش ف توپخانہ کا داروغہ +
میراث ع مردہ کا مال جو وارثوں کے ہاتھ آئے - ورثہ - ترکہ +
میر اجلّ ع میر مخفف امیر کا ہے - اور اجلّ بمعنی بہت بڑا - صیغہ افعل التفضیل کا ہے - میر اجلّ بہت بڑا امیر +
میر آخور ف اصطبل کا داروغہ +
میر آخور باشی ف سردار یا کارگذار اصطبل +
میر بحر - میر بحری ع دریا کے گھاٹ کا داروغہ +
میر بخشی ف جو سب کی تنخواہ تقسیم کرے تنخواہ بانٹنے والا +
میرٹھ ف — میرٹھ کا ہے دہلی سے شمال مشرق کی طرف ایک مشہور شہر ہے +
میر حاجّ ع حاجیوں کا سردار +
میر دہ - میر صد ف دس آدمیوں اور سَو آدمیوں کا سردار - قاصدوں اور چوبداروں کا افسر +
میرزا ف اصل میں امیرزادہ تھا - یعنی امیر زادہ - امیر کا بیٹا - پھر ی کو حذف کرکے مرزا ہی کہنے لگے - شاہزادوں اور امیرزادوں کا لقب ہے +
میرزائی کشیدن ف ناز اُٹھانا +
میر ساماں ف خانساماں +
میر شبگیر ف کوتوال - شہر جو رات کو کوچہ گردی کرتا ہے +
میر شکار ف شکاریوں کا سردار +
میر عدل ف داروغہ عدالت +
میر عرض ف عرضی سنانے والا - شلخواں +
میرک جلایر ف ترکوں کے قبیلہ جسلایر کے ایک شخص کا نام ہے +
میر مجلس ع رئیس مجلس - صدر مجلس پریزیڈنٹ +
میر منزل ع وہ شخص جو لشکر کے آنے سے پہلے اُن کا مکان اور سامان درست کرے +
میر میدان ف دلاور - شجاع +
میرہ ف خواجہ - عدالت - کینہ
میہشت - بہشت - ف رضوان +
میر ہفتم ف زحل ستارہ +
میرین ع قیصر روم کے داماد کا نام ہے - امیر خسرو اور امیر حسن دہلوی سے بھی کہتا ہے +
میز ف وہ تختہ جس پر کھانا کھاتے ہیں - اور کتابیں وغیرہ اسباب رکھتے ہیں +
میزاب ع پرنالا +
میزان ع ترازو - تُلا - تکڑی - بارہ آسمانی برجوں میں سے ایک برج کا نام ہے - جو ترازو کی شکل کا ہے +
میزبان ف ترکیب ہے میز بمعنی اسباب ضیافت و گرسی طعام

(میہمان دارندہ) ص۔ صاحب خانہ جو
ضیافت کرے۔ مہماندار۔
میزر ع تہبند۔ تہمد۔ چادر۔ پاجامہ۔
شلوار۔ پنجابی سُتھن +
میزک ف پول۔ شاشہ +
میزہ ف کاٹھی کے درمیان کی جگہ
جس پر بیٹھتے ہیں +
میزیدن ف موتنا۔ پول کرنا +
میسّر ع آسان کیا گیا۔ وہ شے جو
آسانی سے ہاتھ آ جائے +
میسِر ع جُوا کھیلنا۔ قماربازی +
میسَرہ ع توانگری۔ بائیں طرف
وہ فوج جو لڑائی کے وقت بادشاہ کے
بائیں طرف ہوتی ہے +
میسور ع آسان۔ آسان ہوا +
میسور ہ۔ دکن میں ایک ریاست ہے
جس کا دارالخلافہ سری رنگ پٹن ہے +
میسوسن ف شربت سوسن +
میش ف بھیڑ۔ بھیڑی +
میشوم ع غلط مشہور ہے صحیح مشؤوم ہے
میشہری نشش ف شراب
انگوری لعلی +
میش گوش ف ایک غلام کا نام ہے
میعاد ع باہم وعدہ کرنا۔ وعدہ۔ وعدہ
کرنے کی جگہ۔ وعدہ گاہ۔ وعدہ کا وقت
مقررہ +
میعادگاہ ف [illegible] وعدہ گاہ +
میغ ف [illegible] مطلق
[illegible] مقابل ہیں
آتا ہے۔ تو معنی تشبیہ کے دیتا ہے۔
[illegible] سیاہ [illegible] +

میق ع گریاں۔ رونے والا +
میقات ع وقت۔ اور ہنگام کا رشتہ/وعدہ
گاہ۔ اور وہ مقام جہاں حج کا احرام
باندھیں۔ وے پانچ مقام ہیں۔
ذوالحلیفہ۔ ذات عرق۔ جحفہ۔
قرن۔ یلملم +
میکال میکائیل ع ایک مشہور
فرشتے کا نام ہے۔ جو مخلوقات کی
روزی کا موکّل ہے +
میکدہ ف شراب خانہ +
میگسار ف شراب خوار۔ کیونکہ
گساروں کے معنے شراب پینے کے
بھی آتے ہیں +
میگون ف شراب کے رنگ کا +
میل ع سلائی جس سے آنکھوں میں
سرمہ ڈالتے ہیں۔ کوس یا میلوں کے
نشان کے پتھر یا منارے جو رستہ میں بنائے
جاتے ہیں۔ ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ۔ لوہے یا
تانبے کی کیل جو گنبذ کے سر پر نصب
کرتے ہیں۔ مطلق کیل۔ مگدر جو مشہور
ورزش کا آلہ ہوتا ہے +
مَیل ع رغبت۔ خواہش۔ توجہ۔
خم کرنا۔ خمیدگی۔ ہلنا۔ جنبش کرنا +
میلاد ع وقت ولادت۔ پیدا ہونے
کا زمانہ۔ ملک ایران کے ایک شہر اور
پہلوان کا نام ہے۔ یہ پہلوان کیکاؤس کا
ملازم اور گرگین کا باپ تھا +
میلار ف ایک فرضی شخص کا نام ہے
جس کا تذکرہ انوار سہیلی میں ہے +
میلان ع خواہش رغبت۔ مائل ہونا
[illegible] آدمی کا [illegible] ہے۔ جو [illegible]

آگ کی طرح خدا سمجھتا ہے +
میلاد ف شاگرد +
میل در دیدہ یا در چشم کشیدن ف
اندھا کرنا +
میلک ف ایک قسم کا کپڑا ہے۔
جو شہر نوشاد میں بنتا ہے +
میل کشیدن ف اندھا کرنا۔ اپنے
پاس سے ہٹا دینا۔ دور کرنا +
میل کلّی ع معدل النہار سے منطقۃ
البروج کا زیادہ سے زیادہ فاصلہ
جو ۲۳½ درجے کا ہے +
میم ف حروف تہجی میں سے ایک
حرف ہے جو کئی معنوں میں مستعمل ہوتا
ہے۔ صرف کی کتابوں میں اس کے
معنی مفصل لکھے ہیں +
میم کاتب ع اندھا۔ کور +
میم مطوق ع آلہ تناسل۔ قضیب +
میمنت ع برکت۔ سعادت +
میمند ع غزنی کے نواح میں ایک
قصبہ ہے +
میمندی ع منسوب بہ میمند۔ میمند کا
رہنے والا حسن (میمندی) جو سلطان
محمود کا ایک مقرب غلام تھا۔ میمند
کا رہنے والا تھا +
میمنہ ع داہنے ہاتھ کی جانب۔ دائیں
طرف۔ اور وہ فوج جو لڑائی کے وقت
داہنی طرف ہو +
میمون ع خجستہ۔ مبارک۔ بابرکت شخص یا
بابرکت شے۔ ایک آدمی کا نام بھی ہے +
میمون ف بندر۔ بوزنہ +
میمونہ ف کشتی کا ایک فن ہے +

مَین ع جھوٹ بولنا۔ جھوٹ +
مِیں ف مت۔ مَیں +
مینا ف شیشہ شراب کا۔ اور آبگینہ
رنگین۔ سمندر کے کنارے کے اکثر
شہروں میں سمندر میں ایک جگہ اس
طرح بنی ہوتی ہے۔ کہ سمندر کے
کنارے کنارے دیواریں بناتے
ہیں۔ اور سمندر کی طرف ان دیواروں
کے سروں میں زنجیر لگا دیتے ہیں۔
جب ضرورت ہوتی ہے۔ ان زنجیروں
کو اس طرح چھوڑ دیتے ہیں۔ کہ
پانی میں غرق ہو جاتے ہیں۔ اور
ان کے اوپر سے کشتی گذر جاتی ہے
پھر ان زنجیروں کو تان دیتے ہیں
اس صورت میں کشتی حفاظت کے
ساتھ سمندر میں رہتی ہے +
میناکار ف میناکا کام چاندی سونے
پر کرنے والا۔ جڑاؤ کا کام کرنے والا +
مین باشی گری ت منصب
یکہزاری۔ ہزار آدمیوں کی سرداری
کا منصب۔ یہ لفظ مرکب ہے مین
مخفف مینگ کا (جس کے معنے ترکی
میں ہزار ہیں) اور باشی (یعنی سردار)
اور گری (کلمۂ مفید مصدریت و نسبت ہے) +
مینو ف عالم علوی۔ بہشت۔ آسمان۔
رانگ۔ شیشہ جو زیور پر چڑھایا جاتا ہے +
مینوسے خاک ف قبر۔ گور +
میورہ ۔ میوڑا میو جو ہندوستان
کی ایک مشہور قوم ہے +
میوہ ف مرکب ہے مے اور وہ سے
رس والا۔ مزیدار۔ میوہ جو مشہور ہے +

نان بدیوار زدن ۔ نان بر دیوار بستن
نان در تنور سرد بستن ف لغو حرکت
کرنی ۔ بے فائدہ کام کرنا +
نان از تنور سرد پختہ برآمدن ف
امر عجیب وقوع میں آنا +
نان بستن ف تنور میں روٹی لگانا +
نان تلخ ف رات کی روٹی پنجابی بھی روٹی
نانِ چاشت ف وقت چاشت کی روٹی
صبح کے وقت کا کھانا +
نان جوے ف گدا ۔ طالب دنیا +
نان حادثہ خام بودن ف نامرد ہونا ۔
مغلوب ہونا +
نانِ حلال ف وہ روٹی جو اپنی محنت
اور کوشش سے کما کر کھائیں ۔ طاعت اور
زہد و تقوے سے بھی مراد ہے +
نانِ خرچنگ ف چاند +
نان خواہ ف اجوائن ۔ گرد اگرد +
نانِ خورش ف جس چیز کے ساتھ روٹی
کھائی جائے ۔ نمکین ہو یا شیریں ۔ یا ترش ۔
سالن ۔ لگاؤن +
نانِ خورش خانہ ف سرکہ انگوری +
نان در انبان نہادن ف سفر کو تیار ہونا ۔
نان در روغن افتادن ف خاطر
خواہ کام بن جانا +
نانِ دہقان ف بادشاہ کی روٹی +
نانِ رباط ف وہ روٹی جو خانقاہوں
میں ملتی ہے +
نان زدن و شکستن ف روٹی کھانی +
نانِ زریں ف سورج +
نانِ سفید فلک ۔ نانِ سیمین ف چاند +
نانِ شیریں بودن ف [illegible]

نانِ گرم چرخ ف سورج +
نانِ کلاج ف ایک قسم کا حلوا ہے ۔ وہ
نازک روٹی جو نشاستہ اور مرغ کے انڈے سے
پکا کر قند کے شیرے میں ڈال کر کھائیں +
نان کور ف کمینہ ۔ نمک حرام ۔ بخیل
ممسک +
نانِ مشق ف ان دیکھی چیز ۔ بیراہی کرنا +
نان مشیدن ف جہان میں نامراد رہنا +
نانوف وری ۔ لولی ۔ جو لڑکے کھیلنے کے
وقت دیکھاتی ہے ۔ مخفف نانوا بھی ہے +
نان و حلوا ف علم تصوف میں شیخ
بہاؤ الدین آملی کی تصنیف کی ہوئی ایک
چھوٹی سی مثنوی ہے +
نانوا ف نانبائی +
نانِ وقف ف خدا کے نام کی روٹی ۔
للہ کا کھانا +
نان و نمک شکستن ف حرام نمکی کرنا ۔
نانہادہ ف وہ شے جو تقدیر میں نہ ہو ۔
جو نہ موجود ہو ۔ ناموجود +
نانہوشاں ف ناگاہ ۔ بے خبر +
ناؤ ف کشتی ۔ پرنالہ ۔ نلی ۔ ہر لمبی شے جو
درمیان سے خالی ہو ۔ سوراخ +
ناوانیدن ف ختم دینا +
ناؤدان ف نالی ۔ پرنالہ ۔ نلی جو اندر
سے خالی ہو +
نادر ف ممکن +
نادراں ف ممکنات +
ناورد ف جنگ ۔ جدل ۔ لڑائی +
ناوردگاہ ف جنگ گاہ ۔ میدان جنگ +
ناورد تراش ف [illegible] الوجود +
ناوک ف [illegible] جس کے

معنی نفو تقی لکڑی ہیں ۔ مجازاً تیر +
ناوکِ سحری ف صبح کی بددعا +
ناوکِ قلبی ف دل کی آہ +
ناونوش ف مرکب ہے نلے (نے بنسری)
اور نوش (شراب سے مراد ہے) سے نے
نیوشی ۔ اور شراب نوشی ۔ راگ سننا ۔ اور
شراب پینی ۔ جو سامان عیش و عشرت کا
ہے ۔ مجازاً عیش و عشرت ۔ عیش و آرام +
ناویدن ف اونگھنا ۔ پیرونا ۔ مٹک کر
چلنا ۔ خم کھانا ۔ ماندہ ہونا +
ناویژہ ف ناپاک ۔ عیب والا ۔ کھوٹا +
ناہ ف وہ بو جو سرد خانوں اور زمین کے
نیچے سے آئے +
ناؤس ف آتشکدہ ۔ کفار کا معبد +
ناہار ف اصل میں ناہار تھا ۔ اہار کہتے ہیں
خورش کو یعنی وہ شخص جس نے صبح کو کچھ نہ کھایا ہو
ناہاری ف وہ تھوڑی سی شے جو صبح
کے وقت کھائیں +
ناہج ف راہ کا چلنے والا ۔ فراخ راہ
پیدا کرنے والا +
ناہد ہوتا پستان ۔ وہ لڑکی جس کی چھاتیاں
تھوڑی سی مدت سے اٹھی ہوں اور مخفف
ناہید کا بھی ہے +
ناہض ع پرند جو پر کھول کر اڑنے کی
تیاری کرے +
ناہق ع رینکنے والا گدھا +
ناہل ع پیاسا ۔ تشنہ +
ناہموار ف جو برابر نہ ہو ۔ مجازاً بے ادب +
ناہنجار ف بے راہ ۔ بدچلن ۔ بدذات ۔
بداصل +
ناہوشمند ف ناداں ۔ بے ہوش +

ناہی ف منع کرنے والا ۔ روکنے والا +
ناہی ۔ ناہید ۔ ناہیدہ ف ستارہ زہرہ
نائے ف نے ۔ بانسلی ۔ گلا ۔ حلق ۔ فخر +
نایاب ف جو چیز نہ پائی جائے +
نایافت ف نایاب +
نائب ف قائم مقام +
نائب لشکری ف خدا کا نائب بادشاہ خلیفہ
نائیان ف غار کا نگہبان +
نائبہ ع حادثہ ۔ واقعہ ۔ تپ گرم +
نائے ترکی ف کرنا +
نائیچہ ف حقہ کا نیچہ +
نائحہ ع گریہ ۔ نالہ ۔ مصیبت +
نائرہ ع شعلہ آگ کی لپیٹ +
نائیژہ ف لوٹے کی ٹونٹی سے جو اندر سے
خالی ہو ۔ نلی +
نائیک ف جماع کرنے والا +
نائل ع پہنچنے والا ۔ پانے والا +
نائم ع سونے والا ۔ سوتا ہوا ۔ خفتہ +
نائی ف نے بجانے والا ۔ بانسری بجانے
والا ۔ مرکب ہے نائے اور یائے فاعلیت سے +
نائیدن ف فخر کرنا ۔ ڈینگ مارنا +

نون معجمہ مع بائے موحدہ

نبا ع خبر +
نبات ع روئیدگی ۔ [illegible] گھاس پات ۔
ترکاری ۔ مصری +
نباتات ع نبات کی جمع ہے +
نباتی ع روئیدگی کا جو گھاس پات ہو +
نباج و نباغ ف سوکن +
نباح ع کتے کا بھونکنا +
نباش ع کفن چور ۔ قبر اکھیڑنے والا +

نبّاض ع نبض شناس۔ نبض دیکھنے والا۔ یہ مبالغہ کا صیغہ نہیں ہے۔ بلکہ صیغہ نسبت کا ہے۔ جیسے عطّار۔ حدّاد ✦
نَبالت ع بزرگی۔ آگاہی۔ مشہور ہونا ✦
نَباہ ع مشہور امیر۔ عزّت دار ✦
نَباہت ع بزرگی۔ آگاہی۔ مشہور ہونا
نبایَد ف نہ چاہئے۔ کبھی مبادا کے معنی میں بھی آتا ہے ✦
نبائر ف جمع نبیرہ کی۔ جو فارسی لفظ ہے اس طرح فارسی لفظ کی عربی کے طور پر جمع بنا لینا۔ عربی داں فارسیوں کا تصرّف ہے جیسے فرامین فرمان کی۔ خواتین خاتون کی۔ خوانین۔ خان کی وغیرہ ✦
نبائل ع جمع نبیلہ کی ✦
نَبت ع اُگنا۔ روئیدگی ✦
نُبذ ع تھوڑا۔ ٹکڑا ✦
نُبذے سے ف تھوڑا سا ✦
نَبر ع بلندی۔ بلند کرنا۔ اُٹھانا ✦
نبراس ع چراغ۔ لالٹین۔ شمع ✦
نبرد ف جنگ۔ پیکار۔ لڑائی ✦
نبرد آزما۔ نبرده ف جنگی آدمی۔ بہادر
نبردگاہ ف میدان جنگ ✦
نبس ف نواسی۔ نواسا ✦
نبیسہ ف نواسی۔ پوتی۔ پوتا ✦
نبشتن ف لکھنا ✦
نبض ع ناڑی ہاتھ کی۔ رگ کی حرکت ✦
نبضان ع نبض کی طرح حرکت کرنیوالا ✦
نبض چیزے بچنگ افتادن۔ نبض چیزے بدست آمدن۔ نبض چیزے بدست آوردن ف اس چیز کی حقیقت پر مطلع ہونا ✦

نبض خورشید ف آفتاب کی کرن ✦
نبض ملتوی ع نبض کی ایک حرکت ہے
نبع ع چشمہ زمین سے نکلنا۔ پانی کا زمین سے پھوٹ کر اوپر آنا ✦
نبک ف پانی کا حوض یا چشمے یا دریا کے کنارے سے باہر ٹپکنا ✦
نبق ع جھڑبیری کا بیر ✦
نبل ع تیر پھینکنا۔ تیر لگے کھینچ لینا ✦
نَبل ع چھو ✦
نُبلہ ع استنجا کرنے کا ڈھیلا پنجابی وٹوانی ✦
نُبوّت ع پیغمبری ✦
نَبّہ ع خبردار کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ یاد دلانا ✦
نبیہ۔ نُبیہ ع آنحضرت صلعم کے ایک غلام کا نام ہے جسے آپ نے آزاد کر دیا تھا ✦
نبی ع خبر دینے والا۔ پیغمبر۔ خدا کا فرستادہ خواہ صاحب شریعت جدیدہ یا پچھلی شریعت کا معاون ہو۔ یہ لفظ عام ہے۔ اور رسول خاص وہ وہی ہے جو صاحب کتاب ہو ✦
نبیذ ع شراب۔ فارسی والے دال مہملہ سے بھی استعمال کرتے ہیں ✦
نبیر ف پوتا یعنی بیٹے کا بیٹا ✦
نبیرہ۔ نبیسہ ف پوتا۔ پوتی۔ نواسا۔ نواسی
نبیل۔ نبیلہ ع بزرگ۔ دانا۔ نیک۔ موٹا۔ فربہ

نون معجمہ مع تائے فوقانی

نتاج ع بچہ جننا۔ پیدائش ✦
نتاس ف خوش و خورم۔ خوشحالی۔ تشویش۔ بافراغت ✦
نتائج ع جمع ہے نتیجہ کی۔ مرادیں۔ مطالب۔ انجام کار۔ بچے۔ اولاد ✦
نتائج و آثار ع موالید ثلاثہ۔ اور حرارت و برودت۔ و رطوبت و یبوست ✦
نتخ ع تراشیدن۔ بیروں کردن ✦
نتش ع بال اکھیڑنا۔ یا پر اکھیڑنا۔ کانٹے کا موچنے سے اکھیڑنا ✦
نتف ع بال اکھیڑنا ✦
نتن ع بوئے بد ✦
نتور ع ابھار۔ اونچا ہونا۔ کسی چیز کا ارتفاع
نتیجہ ع بچہ۔ حاصل مطلب۔ غرض۔ فائدہ۔ مشتق ہے نتج سے اور منطقیوں کی اصطلاح میں نتیجہ ایک قول ہے جو صغریٰ اور کبریٰ کی جزوں کو ملا کر لفظ مکرر (حدّ اوسط) کے نکال دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ جیسے العالم متغیّر و کل متغیر حادث سے العالم حادث حاصل ہوتا ہے ✦
نتیجۂ سنگ ف آگ۔ کان۔ معدن ✦
نتین ع وہ شے جس سے بدبو آئے۔ بدبودار شے ✦

نون معجمہ مع ثائے مثلثہ

نثّ ع پھیلانا۔ فاش کرنا۔ ظاہر کرنا ✦
نثا ع خبر۔ آگاہی ✦
نثار ع نچھاور کرنا۔ کسی کے سر پر سے روپیہ یا نقدی بطور صدقہ بکھیرنا ✦
نثار ع وہ شے جو نچھاور کی جائے ✦
نثر ع پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ۔ برخلاف نظم کے جو نظم نہ ہو ✦
نثرہ ع دو ستاروں کا نام ہے برج اسد میں منازل قمر سے آٹھویں منزل ✦

نون معجمہ مع جیم تازی

نج نج ف منہ۔ دہان ✦
نجابت ع شرافت۔ اصالت۔ بزرگی ✦
نجات ع رہائی۔ چھٹکارا۔ مخلصی ✦
نجاح ع حاجت روائی۔ رستگاری۔ چھٹکارا ✦
نجاد ع تلوار کا پرتلہ۔ جس سے تلوار کندھے پر ڈالتے ہیں ✦
نجار ف گلگونہ۔ غازہ ✦
نجار ع اصل۔ جڑھ ✦
نجّار ع بڑھئی ✦
نجار شروانی ع خاقانی شروانی ✦
نجاست ع پلیدی۔ گندگی ✦
نجاشی ع حبش کے عیسائی بادشاہ کا نام ہے جو رسول خدا صلعم کے زمانہ میں حبش میں فرمانروا تھا۔ آپ کے پاس مکّے کے مشرکوں کے ہاتھ سے تنگ آ کر جا رہے تھے۔ اُس نے اُن کو اپنے ہاں پناہ دی۔ اور انہیں اچھی طرح رکھا۔ اور خود بھی مسلمان ہو گیا ✦
نجاق ت ایک قسم کا اوزار۔ تبرزین ✦
نجائب ع جمع ہے نجیب کی ✦
نجبا ع جمع ہے نجیب کی ✦
نجح ع فتحمندی۔ حاجت کا پورا ہونا ✦
نجد ع بانگر۔ زمین بلند۔ گھر کی آرائش بہادری کے رو سے غالب آنا۔ پناہ۔ خوشی۔ خورمی۔ عرب میں ایک ملک ہے جس کی زمین بلند ہے حجاز سے مشرق کو خلیج فارس تک پھیلا ہوا ہے۔ اور ریگستانی ملک ہے ✦
نجدت ع شجاعت۔ دلیری ✦
نجدہ ع شجاعت۔ دلیری۔ مجازاً شجاع۔ دلیر۔ اور بمعنی سرد بھی ✦
نجدی ع منسوب بہ نجد۔ نجد کا ✦

اور شیخ نجدی شیطان کا لقب ہے +
نجس ع ناپاک ہونا۔ ناپاک۔ پلید +
نجس ع پلید۔ پاک +
نجف ع عراق عرب میں ایک شہر ہے جہاں پر حضرت علیؓ کی قبر ہے +
نجل ع نسل۔ اولاد۔ فرزند۔ کسی چیز کو پھینک دینا +
نجم ع ستارہ۔ کسی درخت کی بیل جیسے کدو۔ خیار۔ عشق پیچہ وغیرہ۔ پروین۔ جھمکا جو ستارے ہیں +
نجم الہند ع ستارہ ہند۔ ایک خطاب ہے جو ملکہ معظمہ قیصر ہند کی طرف سے بعض امیروں کو ملتا ہے۔ انگریزی میں سٹار آف انڈیا کہتے ہیں +
نجند ف نژند۔ غمگین۔ اندوہگین +
نجوے ع سرگوشی۔ کانا پھوسی۔ کان میں چپکے سے بات کہنا +
نجوم ع جمع نجم کی۔ ستارے +
نجیب ع شریف۔ بزرگ۔ شتر گزیدہ ونیک رفتار +
نجیر۔ نجیل ف جھاؤ کے درخت کا پھل +
نجیف ع چوڑے سر کا تیر +

نون معجمہ مع حائے حطی

نحاریر ع جمع نحریر کی +
نحاس ع تانبا۔ اور آگ اور دھواں +
نحاس ع اصل۔ طبیعت۔ سرشت +
نحافت ع دُبلاپن۔ لاغری۔ ناتوانی +
نحت ع چھیلنا۔ صاف کرنا +
نحر ع اونٹ کو ذبح کرنا۔ اور سینہ پر زخم لگانا +
نحریر ع دانشمند۔ زیرک۔ عالم
نحس ع نامبارک۔ بھونڈا +
نحسین فلک ع زحل اور مریخ +
نحل ع مگس شہد۔ شہد کی مکھی +
نحل ع جمع نحلت کی۔ مذہبہائے باطلہ۔ جھوٹے مذہب۔ مذاہب +
نحلت ع عورت کا حق مہر دینا۔ پیدا کرنا۔ دعوے کرنا۔ بخشش بے عوض۔ مذہب باطل۔ قرض حسنہ۔ وہ قرض جو بلا سود دیا جائے
نحلہ ع بخشش۔ عطا۔ صدقہ +
نحلہ ع عورت کا حق مہر دینا +
نحن ع ہم۔ مایاں۔
نَحْنُ مَعَاشِرَ الْاَنْبِیَاءِ اُمِرْنَا اَنْ نُکَلِّمَ النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِھِمْ ہم گروہ نبیوں کے حکم دیئے گئے ہیں اس امر کا کہ کلام کریں۔ آدمیوں سے موافق اُن کی سمجھ بوجھ کے +
نحو ع طریق۔ راہ۔ مانند۔ قصد۔ آہنگ۔ اسلوب۔ علم نحو۔ جملوں کا علم +
نحوست ع نامبارکی۔ بدشگنی +
نحول ع لاغری۔ دُبلاپا +
نحیب ع رونے کی آواز۔ آہ وزاری
نحیے ع گوسپند کے چمڑے کی مشک
نحیف ع دُبلا۔ لاغر +

نون معجمہ مع خائے معجمہ

نخ ف ریشمی دھاگا۔ کچا ریشم۔ سوت کا تار۔ صف لشکر۔ لوگ۔ چھوٹی سی شطرنجی یا نہالی۔ تھوڑا۔ اندک۔ ہل جس سے زمین باہتے ہیں +
نخاس ع سوق النخاسین وہ بازار جہاں ہیں حیوانات یا غلام فروخت کرتے ہیں اور یہ معنے اس لفظ کے مجازاً ہیں اصلی معنے نخاس کے بردہ فروش اور بہائم فروش کے ہیں +
نخاع ع حرام مغز یعنی مغز مہرہ ہائے پشت
نخالہ ع بھوسی جو آٹے کے چھاننے سے نکلتی ہے +
نخالہ گوے ف بیہودہ گوے +
نخب ع انتخاب کرنا۔ باہر نکالنا +
نخچل۔ نخچیل ف پنجابی چوہنڈی +
نخچیر ف جنگلی جانور۔ شکار۔ شکار کرنا۔ شکاری
نخچیر گاہ ف شکار کھیلنے کی جگہ۔ شکارگاہ +
نخچیروال ف شکاری آدمی۔ شکار کرنیوالا
نخری ف سب سے پہلا لڑکا۔ پلوٹھا پنجابی (پلیٹھی دا لڑکا) +
نخز۔ نخست ف اوّل۔ پہلے +
نخستین ف پہلا۔ اوّل +
نخشب ف ترکستان میں ایک شہر ہے۔ ماہ نخشب یہیں کا مشہور ہے +
نخشبی ف نخشب کا +
نخع ع رنگ۔ آب بینی۔ یمن کے ایک قبیلہ کا نام بھی ہے +
نخل ع کھجور کا درخت۔ آٹے کا چھاننا
نخل بُن ف درخت خرما +
نخلبند ف باغبان۔ مالی +
نخل طور ع وہ درخت جس پر سے حضرت موسیٰ کلیم اللہ کو تجلی معلوم ہوئی تھی +
نخل تابوت۔ نخل ماتم ف جو ان ہندوؤں کے مُردوں کا جو اونچا ہوتا ہے +
نخل مریم ع وہ سوکھا ہؤا کھجور کا درخت جس کے نیچے حضرت مریم رضی اللہ عنہا بر وقت تولد حضرت عیسےٰ علےٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے جا پڑی تھیں۔ اور ان کی برکت سے وہ درخت سرسبز اور تازہ ہوگیا تھا۔ اور ہلانے سے تروتازہ کھجوریں نیچے آگری تھیں۔ سورۂ مریم میں اس کا حال مفصل مندرج ہے +
نخل موم ف وہ درخت جو موم سے بناتے ہیں +
نخلہ ع خرما کا ایک درخت نخلستان +
نخل بنی محمود ع مکہ معظمہ کی راہ میں ایک نخلستان ہے۔ مکہ اور طائف کے درمیان ایک مقام ہے +
نخلہ بنی ہلال ع مکہ کی راہ میں ایک نخلستان کا نام ہے۔ منسوب بنی ہلال (نام ایک قبیلہ عرب) سے +
نخوت ع بزرگی۔ تکبر۔ غرور +
نخود۔ نخو ف چنا۔ چنا ایک قسم کا غلہ ہے
نخودی ف چنے کے مشابہ۔ ایک رنگ ہے
نخیر ع ناک کی آواز +
نخیز۔ نخیز ف کینہ۔ گھات۔ درختوں کا ذخیرہ جہاں ایک جگہ درختوں کا بیج بوئیں اور جب وہ درخت ذرا بڑے ہوجائیں وہاں سے اکھیڑ کر دوسری جگہ لگائیں +
نخیز گاہ ف کمین گاہ۔ گھات +
نخیل ع کھجور کا درخت۔ کھجوروں کے درخت مجازاً مطلق درخت +

نون معجمہ مع دال مہملہ

ندّ ع ترقی۔ بڑھاؤ۔ افراط +
ندّ ع مانند۔ ہمتا۔ نظیر۔ نام ایک بُت

کا بھی ہے +

نِدا ع آواز کرنا۔ پکارنا۔ آواز +

نِدائے ف ندی۔ آزادی +

نَدّاف ع دُھنیا۔ روئی کے دھنکنے والا

نِدامت ع شرمندگی۔ پشیمانی +

نِدامت زدہ ف پشیمان +

نِداوت ع تری۔ نمناکی +

نَدب۔ نُدبہ ع مردہ پر رونا۔ سیاپا کرنا

نَدَب ع زخم کا نشان۔ قمار میں شرط باندھنا

نَدَبہ ف نرد کی بازی میں داؤ لینا +

نُدرت ع نادر ہونا۔ عجوبا ہونا۔ تحفگی۔ کمی +

نَدف ع روئی کا دھنکنا +

نَدَم ع شرمندگی۔ پشیمانی +

نُدما ع جمع ندیم کی۔ مصاحب لوگ +

نَدمان ع پشیمان۔ شرمندہ +

نَدید ع ہمتا۔ نظیر +

نَدیدہ ع مفرد۔ تنہا۔ غریب +

نَدیم ع مصاحب +

نون معجمہ مع ذال معجمہ

نَذارت ع خوف۔ ڈرانا +

نَذر ع اپنے پر کوئی چیز واجب کر لینا۔ عہد و پیمان۔ منت ماننا۔ یعنی حاجت روائی کے واسطے خدا کے نام کچھ اپنے اوپر واجب کر لینا۔ جیسے روزہ یا صدقہ یا قربانی۔ جو کچھ نقد و جنس اُمرا اور بادشاہوں کی خدمت میں پیش کر کے ملاقات کریں +

نَذر ع ڈر۔ خوف۔ بیم۔ نذیر کی جمع بھی +

نُذُر ع حیران۔ ترساں +

نَذل ع کمینہ۔ مرد۔ فرومایہ +

نَذیر ع ڈرانے والا۔ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک نام بھی ہے +

نون معجمہ مع رائے مہملہ

نَرّ ف مرد۔ پُرش +

نِراف چھوٹی سی دیوار جو کسی چیز کے گرد اُسے ڈھانپنے کے لئے بناتے ہیں

نراک ف ہمیشہ +

نرجس ع نرگس کا +

نرخ ع اناج وغیرہ کسی چیز کا بھاؤ +

نرد ف چوسر کی گوٹ۔ شطرنج کی نرد۔ درخت کا تنہ +

نردبان ف سیڑھی۔ زینہ +

نرسک ف مسور۔ عدس +

نرسی ف گودرز کے بیٹے کا نام ہے +

نرگہ ف شکار کی حفاظت کے واسطے لشکر کا حلقہ باندھنا۔ پہلوانوں کا ورزش کرنے کا مکان۔ اکھاڑہ +

نرگان ف ناہموار اور سخت گرد آگر +

نرگاؤ ف بیل +

نرگدا ف بے شرم گدا +

نرگس ف ایک پھول کا نام ہے۔ مجازاً محبوب کی آنکھ +

نرگس شہلا ف وہ نرگس جس میں بجائے زردی کے سیاہی ہوتی ہے +

نرگس نیم خواب ف محبوب کی آنکھ +

نرگس و گل ف معشوق کی آنکھ اور کان +

نرگسہ ف نرگس کا مزید علیہ ہاتھی دانت یا کسی اور ہڈی سے نرگس کے پھول بنا کر جو چھتوں وغیرہ پر نصب کرتے ہیں۔ ستارہ کوکب +

نرگسی ف ایک قسم کا طعام۔ چشمک مارنی۔ طنز کرنا۔ ایک مشہور شاعر کا نام ہے +

نرگسی زدن ف چشمک مارنی +

نرم ف ملائم۔ گدگدا +

نرم آہن ف زبون۔ سُست +

نرم آہنی ف عاجزی۔ زبونی +

نرم پیرف لوہاروں اور ٹھٹھیاروں کا ایک اوزار ہے۔ چاپلوس آدمی۔ خوشامدی

نرم پیز ف چھاننی +

نرم چشم ف سخت رو +

نرم دست ف ایک قسم کا ملائم کپڑا ہے

نرمادہ ف مرد اور عورت۔ صندوق یا کواڑ وغیرہ کا پیچ +

نرمادگی ف چٹخ جس کے سبب سے قفل لگتا ہے +

نرم سار ف حلیم۔ صاحب علم +

نرم شانہ ف کاہل۔ سُست۔ مطیع۔

نرم گردن ف مطیع۔ فرمانبردار +

نرم کردن ف مطیع کرنا۔ فرمانبردار کرنا۔

نرم لگام ف وہ گھوڑا جو سرکش نہ ہو۔ مطیع۔ فرمانبردار +

نرم نرم ف آہستہ آہستہ +

نرمۂ گوش ف کان کی لو +

نرمی ف گدگداپن۔ سختی کی ضد ہے +

نرمیش ف مینڈھا +

نرہ ف نر۔ زشت۔ ناہموار۔ آلت۔ تالی کا دندانہ۔ خفیف۔ گداگر +

نرہ آب ف پانی کی موج۔ لہر +

نرہ دیو ف دیو نر +

نری ف چھڑا بکری۔ یا بکرے یا مینڈھے کا +

نریم۔ نریمان ف رستم پہلوان کے دادا کا نام ہے +

نون معجمہ مع زائے معجمہ

نِزار ف لاغر۔ دُبلا۔ ضعیف +

نِزاع ع آرزومند ہونا۔ جھگڑا۔ تکرار۔ خصومت +

نزاکت ف نازک پن۔ فارسیوں نے لفظ ناز سے عربی کے طور پر مصدر گھڑ لیا ہے۔ عربی میں اُس کی کچھ اصل نہیں +

نزاکت کردن ف اپنی نازک مزاجی کا اظہار کرنا +

نزاہت ع پاکیزگی۔ پاکی۔ بدی سے دور ہونا +

نزد۔ نزدیک ف پاس۔ قریب +

نزدیکی ف قربت +

نَزر ع اندک۔ قلیل۔ تھوڑا +

نَزع ع کسی شے کو اُس کی جگہ سے کھینچنا۔ جان کا نکلنا۔ جان کندن۔ جان کنی

نَزف ع کوئیں کا تمام پانی کھینچ لینا۔ سُست کرنا۔ خون چلنا۔ جریان خون +

نُزُل۔ نُزْل ع ضیافت۔ مہمانی۔ جو مہمان کے آگے رکھیں۔ کھانا جو مہمان کے واسطے رکھیں۔ رسد۔ تحفہ +

نزلہ ع رسا +

نَزم ف وہ بخار جو جاڑوں میں صبح کے وقت زمین پر ہوتا ہے۔ کہر۔ پنجابی دھند۔ عربی ضباب +

نُزول ع اُترنا۔ مجازاً منزل +

نُزول کردن ف اُترنا۔ مقام کرنا۔

ٹھیرنا +
نزولی ع بادشاہی لشکر و سپاہ کے اترنے کا میدان +
نزولی ساختن مکان ف مکان کو بادشاہی سپاہ و لشکر کے اترنے کی جگہ بنا لینا۔ مجازاً مکان کو سرکاری کر لینا +
نزہ ف چھت۔ سقف +
نزہت ع بے عیب ہونا۔ پاکیزگی۔ نکوئی۔ خوشحالی۔ تازگی۔ سیر +
نزہت گاہ۔ نزہت کدہ ع پاکیزہ جگہ۔ سرسبز اور تر و تازہ مقام +
نزیدن ف باہر کھینچنا۔ باہر نکالنا +
نزیف ع تپ زدہ۔ سست۔ بیہوش۔ جس کا خون نکلا ہو۔ اور اس سبب سے وہ سست ہو گیا ہو۔ اور وہ شخص جس کی پیاس کے سبب زبان خشک ہو گئی ہو +
نزیل ع مہمان۔ مسافر۔ پردیسی جو کہیں سرا وغیرہ میں جا کر اترے +

نون معجمہ مع رائے فارسی

نژاد ف اصل۔ نسب +
نژادہ ف اصیل۔ نجیب +
نژغار ف بانگ۔ فریاد۔ نعرہ +
نژم ف بمعنی نزم +
نژند ف سرنگوں۔ پست۔ خوار۔ سرگشتہ۔ غمگین۔ خفا +
نژیدن ف باہر کھینچنا +

نون معجمہ مع سین مہملہ

نس ف ہوش۔ شعور۔ عقل +
نس ع خشک ہونا۔ اونٹ کو چلانا +
نساف ف وہ جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچے۔ مردہ +
نساج ع بافندہ۔ بننے والا +
نسار ف وہ جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچے۔ سائبان۔ سایہ +
نسا ع عورتیں جمع امراۃ کی ہے۔ خلاف قیاس۔ اس لفظ کا مفرد نہیں ہے +
نسائج ع جمع نسیجہ کی +
نسائم ع جمع ہے نسیم کی +
نسب ع نسل۔ نژاد۔ خاندان +
نسپار ف انگوروں کے نچوڑنے کی جگہ +
نسبت ع لگاؤ۔ مناسبت۔ علاقہ۔ سرود کا وقت کے مناسب ہونا +
نسبت حکیمہ ع موضوع اور محمول کا درمیانی علاقہ جو اثبات یا نفی کے طور پر ہو۔ جیسے العالم حادث جہان حادث ہے العالم لیس بقدیم جہان قدیم نہیں ہے +
نسپہ ع مٹی کی کچی دیوار کی ایک تہ۔ جسے پنجابی وار کہتے ہیں +
نسترن۔ نستروں۔ نستر۔ نسترون ف سیوتی کا پھول۔ سیوتی +
نستعلیق ع اس کی اصل نسخ تعلیق تھا۔ چونکہ یہ خط نسخ اور خط تعلیق سے نکلا ہے اس واسطے یہ نام ہوا۔ بسبب کثرت استعمال کے خا معجمہ کو حذف کر دیا +
نستعلیق حرف زدن ف نکتہ سے فصیح و بلیغ الفاظ بولنا۔ لفظوں کو ان کے مخرج سے نکالنا +
نستعلیق گوے ف فصیح و بلیغ

کلام کرنے والا +
نستوہ ف نافرمان۔ غیر مطیع جنگی آدمی لڑاک جو لڑائی جھگڑے سے نہ ہٹے۔ ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے +
نستہن۔ نستیہن ف پیران ویسہ۔ سپہ سالار۔ افراسیاب کے بھائی کا نام ہے +
نسج ع بُننا۔ کپڑا بُننا +
نسخ ع جمع ہے نسخہ کی۔ کتابیں +
نسخ ع دور کرنا۔ رد کرنا۔ لکھنا۔ ایک عربی خط کا نام ہے۔ جو خواجہ عماد الدین یاقوت مستعصمی نے ایجاد کیا تھا۔ فی زمانا یہی عربی خط رائج ہے۔ اور چونکہ اس کے ایجاد ہونے سے اگلے سب خط منسوخ اور مات ہو گئے۔ اس واسطے اس کا نام خط نسخ رکھا ہوا ہے +
نسخہ ع نوشتہ شدہ۔ لکھا ہوا۔ کتاب حکیم جو بیمار کو دوا لکھ دے +
نسخہ بردن و برداشتن و بر گرفتن از چیزے ف نقل کرنا +
نسر ع کرگس۔ گدھ۔ ایک بت کا نام ہے جسے نوح ؑ کی قوم حضرت ادریس کی وفات کے بعد کرگس کی صورت بنا کے پوجتی تھی۔ اور اس کو مظہر قوت الٰہی کا سمجھتی تھی۔ اور حقیقت میں حضرت ادریس علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام تھا۔ ابلیس نے فریب سے اس کو بصورت بت کے بنایا تھا +
نسر ف منار +
نسر جنوب۔ نسر واقع ف آسمان کا گدھ۔ قطب جنوبی کی جانب ایک روشن ستارہ ہے اسے اس واسطے نسر واقع (اترنے والا گدھ)

کہتے ہیں کہ اس کی شکل دو اور ستاروں کے قرب کے سبب سے جو اس کے دونو پہلوؤں میں بمنزلہ دو بازوؤں کے ہیں ایسی ہو گئی ہے کہ گویا گدھ اوپر سے نیچے کی طرف اتر رہا ہے +
نسر طائر ع منطقۃ البروج سے شمال کی طرف ایک ستاروں کا مجموعہ ہے جس کی شکل مشابہ کرگس کے ہے۔ اور چونکہ وہ شکل پر پھیلائے اوپر کو اڑتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اس وجہ سے اسے نسر طائر (اڑتا ہوا گدھ) کہتے ہیں۔ اور اسی کو عقاب بھی کہتے ہیں +
نسرین ف سیوتی کا پھول۔ سیوتی کا درخت +
نسرین ع نسر طائر اور نسر واقع +
نسرین بدن۔ نسرین عذار ف محبوب +
نسرین نوش ف سقلاب روم کے بادشاہ کی بیٹی کا نام ہے۔ جو بہرام گور کی منکوحہ تھی +
نسطور ع ترساؤں کے ایک مجتہد حکیم مذہب کا نام ہے +
نسطوری ع دانشمند ترسایان۔ پادری ترسائی +
نسطوریہ ع نصاریٰ کا ایک فرقہ ہے +
نسف ع بنیاد کا اکھیڑنا +
نسف ع ایک شہر کا نام ہے +
نسق ع روش۔ دستور۔ ترتیب دینا +
نسق بند ف عامل ملک۔ منتظم +
نسق چی ف چوبدار شہر۔ اور لشکر کے لوگوں کا منتظم +
نسک ف مسور کی دال +
نسک ع دھونا۔ پاک کرنا +

نُسُک ع قربانی۔ عبادت +
نُسُک ع جمع ہے نُسک کی +
نَسل ع اولاد۔ کُنبہ +
نُسلِ اُدھم ف سیاہ انگور کا شراب +
نَسلاً بعد نَسل ع پشت بہ پشت +
نَسَم ع آدمی +
نَسمات ع دمہا۔ ہوہائے خوش +
نَسَمَت ع آدمی۔ روح۔ جان +
نَسناس ع بن مانس۔ انسان کے مشابہ ایک جانور ہے +
نَسو۔ نَسود ف نرم۔ ہموار +
نِسوان۔ نِسوہ ع جمع امراۃ کی ہے + غیر لفظ سے عورتیں +
نَسُودی ف کاشتکار لوگ۔ اور تیسری قسم ہے۔ طوائف مردم سے۔ جن کی تقسیم جمشید نے کی تھی۔ باقی تشریح دیکھو لفظ کا توزی بیں +
نَسی ع بہت بھولنے والا۔ اور وہ شخص جس کو قوم میں شمار نہ کریں +
نَسیٔ ع اُدھار۔ اور دیر کرنی +
نِسی ع بھولنا +
نَسیاً مَنسیّا ع فراموش از یاد رفتہ۔ یعنی بہت بھولا ہؤا۔ بھولا بسرا +
نِسیان ف مخالفت۔ خلاف کرنا +
نِسیان ع فراموشی۔ بھولنا۔ بھول +
نَسیان ع بھلکڑ۔ جو بہت جلد بھول جائے +
نَسیب ع شخص عالی نسب و ہمزادہ +
نَسیج۔ نَسیجہ ع بُنا ہؤا۔ جامہ حریر۔ زربافت +
نَسیق ع منتظم۔ آراستہ کیا گیا +

نَسیم ع نرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔ خوشبودار ہوا +
نَسیمِ سحر ع صبح کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا۔
نَسیمَن ف نماز پڑھنا۔ عبادت کرنا +
نَسیئہ ع قرض۔ دام۔ اُدھار +

نون معجمہ مع شین معجمہ

نَش ف سایہ۔ سایہ کی جگہ +
نَشا ف نشہ +
نَشاء ع پیدا کرنا۔ نو پیدا ہونا۔ مجازاً جہان و عالم۔ تیسرا حرف اس میں الف نہیں ہے۔ بلکہ ہمزہ ہے۔ جو بصورت الف لکھا جاتا ہے +
نَشاءِ تعلق۔ نَشاءِ صوری ع عالم تعلق۔ اور عالم ظاہر۔ دنیا سے کنایہ ہے +
نَشّاب ع تیرگر۔ تیر بنانے والا +
نِشاپور۔ نیشاپور ف ایران کے صوبہ خراسان میں ایک شہر ہے۔ اصل میں یہ لفظ نِہ شاپور تھا۔ نِہ بمعنی شہر ہے یعنے شاہ پور کا شہر۔ کثرت استعمال سے نیشاپور ہؤا۔ اور اُس کا مخفف نِشاپور ہو گیا +
نَشاءَت ع پیدائش۔ زمین سے سبزہ اُگنا۔ درخت کا جو ابھی پودا ہو +
نَشاءتین ع دونو جہان یعنی دنیا اور آخرت +
نِشاختن۔ نِشاخیدن ف بٹھلانا۔ تعین کرنا۔ خاص کرنا۔ خبر دینا۔ آشکارا کرنا +
نُشارہ ع لکڑی اور ہاتھی دانت وغیرہ کا بُرادہ +

نِشارہ ف چوب پوسیدہ۔ جو آٹے کی مانند ہو گئی ہو +
نَشاستہ ف نشاستہ جو مشہور کھانا ہے۔ چونکہ اس کے بنانے میں گیہوں کا گودا پانی میں بٹھاتے ہیں۔ اس واسطے یہ نام رکھا گیا +
نَشاستن ف بٹھلانا +
نَشاط ع خوشی۔ شادمانی۔ اور میرزا عبدالوہاب معتمد الدولہ کا تخلص بھی ہے۔ جو فتح علی شاہ قاجار بادشاہِ ایران کے عہد میں ہؤا ہے۔ فن انشا پردازی اور شاعری میں کامل دستگاہ رکھتا تھا اور عربی اور ترکی زبان سے بھی آگاہ تھا۔ گنجینۂ معتمد جو اس کے نظم و نثر کا کلیات ہے طہران دارالخلافہ ایران میں طبع ہؤا ہے +
نَشّاف ع جاذب۔ اپنی طرف کھینچنے والا
نُشاف ع جنون۔ دیوانگی۔ خبط +
نَشاک ف شکر +
نِشان ف فوج کا علم۔ لشکر کا جھنڈا۔ بادشاہ کا فرمان۔ تمغہ۔ علامت +
نِشاندن ف بٹھلانا۔ رکھنا +
نِشانہ ف تیر یا گولی مارنے کی جگہ +
نِشانی ف علامت +
نِشانیدن ف بٹھلانا +
نَشَب ع مال خواہ ناطق ہو یا صامت یا پانی۔ زمین +
نَشبَل ف کسی چیز پر ہاتھ مارنا۔ دو چیزوں کو ایک دوسرے پر سینا۔ یا چپٹانا +
نَشبیل ف قلاب +
نَشت ف خراب۔ ضائع۔ سست پژمردہ۔ زبون +

نِشتت ف خوش۔ نیک +
نِشتَر ف مخفف ہے نیشتر کا۔ فصد کھولنے کا اوزار +
نِشتن ف نشستن کا مخفف ہے +
نُشخار۔ نَشخوار۔ نِشخور۔ نِشوار ف جگالی کرنا +
نِشدَت ع جستجو کرنا۔ گم ہوئی چیز کا ڈھونڈنا +
نَشر ع بوئے خوش۔ دوبارہ گھاس کا سرسبز ہونا۔ آرہ سے لکڑی کاٹنا۔ پھیلانا۔ فاش کرنا۔ مجازاً زندگی +
نَشَر ع پراگندہ ہونا۔ پراگندہ۔ پراگندگان +
نُشرہ ع تعویذ۔ افسون۔ لڑکوں کے لیئے ہدیہ لکھنا۔ قرآن شریف ختم کرنے کی خوشی
نَشز۔ نَشَز ع اونچا بیٹھنا۔ بلندی چاہنا۔ اونچا مکان +
نِشستن ف بیٹھنا۔ رہنا +
نِشستنِ آتش و چراغ ف آگ اور چراغ کا بجھ جانا +
نشستنِ آفتاب و ماہ ف سورج اور چاند کا ڈوب جانا +
نشستن بر چیزے ف کسی چیز پر سوار ہونا +
نشستنِ تپ و رنج ف تپ اور رنج کا جاتا رہنا +
نشستنِ صورتِ کار ف کام کا اصلاح پذیر ہونا۔ کام کا سنور جانا +
نشستن گاہ ف اقامت گاہ +
نَشط ع بغیر چرخی کے ڈول سے پانی کھینچنا۔ سانپ کا کاٹنا +

نشف ع جذب کرنا۔ کپڑے کا پسینے یا عرق کو جذب کرنا +
نشق ع سونگھنا +
نشکروہ ف رانبی۔ چماروں کا اوزار جس سے چمڑا کاٹتے ہیں +
نشکنج ف چٹکی بھرنا۔ دو انگلیوں میں کسی کے گوشت کو دبانا۔ جس سے اس کو درد پہنچے۔ پنجابی میں چونڈی وڈھنا +
نشکنجیدن ف چٹکی لینا پنجابی چونڈی مارنا
نشو ع اگنا۔ بڑھنا۔ پیدا ہونا +
نشوف ف ہموار۔ صاف۔ سادہ۔ پھیلنے والا۔ نرم +
نشوان ع مست۔ متوالا +
نشور ع زندہ ہونا۔ اور یوم النشور روز قیامت۔ صبح نشور۔ صبح قیامت +
نشوز ع عورت کا خاوند سے موافقت نہ کرنا۔ خاوند کو چھوڑ کر بیٹھنا۔ عورت کی اپنے خاوند سے ناسازگاری +
نشوق ع رقیق دوائی جو ناک میں ڈالیں +
نشو و نما ع پیدا ہونا اور بڑھنا۔ اگنا۔ اور بڑھنا +
نشوہ ف مستی +
نشہ ف بیہوشی۔ ہوش و حواس کا شراب یا بھنگ کے سبب جاتے رہنا +
نشیب ف زمین پست۔ نیچان پستی +
نشید ع شعر خوانی کرنا۔ آواز بلند کرنا +
نشیدہ ف سرود۔ گیت +
نشیدن ف مخفف ہے نشاندن کا
نشیم نشیمن ف خلوت کی جگہ آرام کی جگہ۔ آشیانہ۔ پرندوں کا گھونسلا +
نشیمن دیو ف دنیا +
نشیمن گاہ ف خلوت خانہ۔ آرام گاہ پرندوں کا گھونسلا +
نشین ف بیٹھ۔ بیٹھنے والا۔ قطب آسمانی +

نون معجمہ مع صاد مہملہ

نص ع پوچھنے میں خوب باریکیاں نکالنی تاکہ اصل حال کھل جاوے۔ بلند کرنا۔ ظاہر کرنا۔ حکم قطعی۔ ہر کلام صریح و ظاہر۔ وہ آیت قرآنی جو صاف اور واضح طور پر اپنے معنوں کو ظاہر کرے کسی قسم کا شبہ و شک اس میں باقی نہ رہے +
نصاب ع [illegible]۔ مایہ۔ پونجی اتنا مال جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ مقدار اس کی چاندی میں اقل درجہ دو سو درم[1] ہے۔ سونے میں بیس مثقال[2]۔ چاندی میں چالیسواں حصہ ۵ درم زکوٰۃ آتی ہے۔ اور سونے میں ۱/۴۰ حصہ ۱/۲ مثقال یعنی دو ماشہ دو رتی آتی ہے +
نصاح ع جمع ہے ناصح کی +
نصارےٰ ع عیسوی۔ عیسائی۔ حضرت عیسے علیہ السلام کی امت کا آدمی اس واسطے کہ مولد آں جناب کا اگرچہ بیت اللحم تھا۔ لیکن تو بھی آپ کا لڑکپن اور جوانی کا وقت زیادہ تر ناصرہ ہی میں گزرا چنانچہ اسی واسطے آپ یسوع ناصری کہلائے۔ (دیکھو یوحنا ۱۹ باب آیت) یہ قریہ ناصری جو مضافات بیت المقدس سے ملک شام میں ہے قریباً اڑھائی سو حویلیاں اس میں ہونگی مگر سب پختہ اور سنگین سڑکیں کھڑی ہیں۔ اور اب سلطان روم کے عمل میں ناصرہ ملک کے بادشاہ کے تابع ہے +

[1] درم ۳ ۱/۲ ماشہ کا ہوتا ہے [2] مثقال ۴ ۱/۲ ماشہ کا ہوتا ہے

نصال ع جمع ہے نصل کی +
نصائح ع جمع نصیحت کی +
نصب ع برپا کرنا۔ دشمن رکھنا۔ زبر کی حرکت +
نصب ع بت۔ اور جو چیزیں پوجا کے واسطے قائم کریں +
نصب کردن ف استادہ کرنا۔ جمانا۔ لگانا +
نصب العین ع مد نظر۔ منظور خاطر۔ مقابل چشم۔ روبرو۔ سامنے +
نصح ع نصیحت۔ پند +
نصر ع مدد کرنا۔ یاری کرنا +
نصر ع جمع ناصر کی۔ ایک بت کا نام ہے قبیلہ بنی اسد کے بزرگ کا نام بھی ہے +
نصرانی ع جو شخص نصارے ہو +
نصرت ع مدد کرنا۔ کمک دینا۔ مدد۔ کمک
نصع ع سفید چمڑا +
نصف ع آدھا۔ ½ +
نصفت ع انصاف۔ نیاؤ +
نصفی ف شراب کا ایک قسم کا پیالہ۔ پیالہ +
نصل ع پیکان تیر و نیزہ۔ تیر یا نیزہ کی بھال +
نصوح ع صاف۔ خالص۔ توبۂ استوار کہ پھر گناہ کرنے کا ارادہ نہ ہو۔ ایک حجام کا نام ہے۔ جس کا قصہ مثنوی میں ہے +
نصوص ع قرآن مجید کی وہ آیتیں جن کے معنے ظاہر اور کھلے ہوں +
نصول ع نصل کی جمع ہے +
نصیب ع قسمت۔ حصہ۔ تقدیر
نصیبہ ع قسمت۔ حصہ +
نصیبین ف ملک روم کے مشرقی حصے میں ایک شہر ہے جو کوہ جودی کے پاس بستا ہے۔ وہاں بہت بچھو بھی ہوتے ہیں +
نصیح ع نصیحت کرنے والا +
نصیحت ع پند۔ بھلے کی بات۔ خیر خواہی
نصیحت پذیر ف نصیحت مان لینے والا
نصیحت گو نصیحت گر۔
نصیحت گزار ف ناصح +
نصیر ع مددگار۔ یاری دہندہ۔ نصیر الدین ابو جعفر محمد بن حسن کا تخلص ہے جو ایک بڑا بھاری فاضل و حکیم تھا۔ پہلے تو قہستان کے حاکم کا ملازم تھا۔ اور وہیں اس نے اخلاق ناصری تصنیف کی۔ پھر قید ہو گیا۔ اور جب ہلاکو نے ایران فتح کیا تو یہ اس کی خدمت میں پہنچا۔ اور بڑے درجے کو پہنچا۔ ہلاکو نے مستعصم باللہ خلیفہ بغداد پر اسی کے کہنے سے حملہ کر کے اسے قتل کیا۔ مذہب اس کا امامیہ تھا۔ شرح اشارات تجرید وغیرہ عمدہ کتب اس کی تصنیف سے ہیں ۶۷۲ھ میں وفات پائی +
نصیری ع ایک فرقہ کا نام ہے۔ جو منسوب نصیر سے ہیں۔ نصیر ایک شخص غلام حضرت علیؓ کا تھا۔ اب نصیری یعنی فدوی جان نثار کے ہیں +
نصیفہ ع چادر یا دوپٹہ۔ یعنی ایک عریض کپڑا [illegible] +

نون معجمہ مع ضاد معجمہ

نُضار ع زر۔ سونا خالص۔ طلا۔ ہر شے خالص +
نَضارت ع تازگی۔ آبداری +
نُضج ع میوہ کا پکنا۔ ہر شے کا پکنا۔ زخم یا مادہ اور خلط کا پک جانا۔ طبیبوں کی اصطلاح میں رقیق چیز کا غلیظ ہو کر اور غلیظ کا رقیق ہو کر نکلنا +
نَضح ع پانی کھینچنا +
نَضر ع زر۔ تازہ رو ہونا۔ تر و تازگی +
نُضر ع خالص چیز +
نَضرت ع تازگی +
نُضُو ع ورم کا بہٹ جانا۔ پانی کا زمین میں جذب ہو جانا +
نَضو ع کپڑے اتار کر ننگا کرنا۔ گھوڑے کا آگے نکل جانا۔ خضاب کا رنگ محو ہو جانا +
نُضُوب ع پانی کا زمین میں جذب ہونا۔ رواں ہونا۔ مرنا +
نَضیج ع پختہ۔ پکا ہوا +
نَضید ع توبرتو۔ تہ بر تہ +
نَضیر ع تازہ آبدار۔ زر۔ یہودیوں کے ایک قبیلہ کا نام

نون معجمہ مع طائے مہملہ

نِطاق ع خیمہ کے ایک قلعہ کا نام ہے +
نِطاق ع کمربند۔ مرد کا پٹکا +
نَطح ع بھیڑ وغیرہ کا سینگ مارنا +
نِطع ع چمڑے کا فرش۔ دستر خوان۔ فرش۔ وہ چمڑا جو قتل کے وقت مجرم کے نیچے بچھاتے ہیں +
جس پر خون کی گردن مارتے ہیں +
نطع پوش ف شاہی دسترخوان +
نِطعی ع چمڑے کا بنا ہوا ۔ چمڑے کا [illegible]

پہلوان پہنتے ہیں +
نَطَف ع عیب۔ بدی۔ تباہی۔ زخم پشت عیب آلودہ ہونا +
نُطَف ع جمع نُطفہ کی +
نُطفہ ع آب صاف۔ روشن۔ مرد کی منی +
نُطق ع بات کرنا۔ بولنا۔ گویائی +
نُطُو ع تنہا۔ دوری۔ خاموشی +
نُطُول ع شربتیا پانی کا دینا۔ یا پانی گرم کر کے بدن پر ڈالنا +
نَطی ع غلط لفظ ہے۔ در اصل نطی ہے +

نون معجمہ مع ظائے معجمہ

نُظّار ع ناظر کی جمع ہے +
نَظارت ع نظر کرنا۔ کسی چیز کو دیکھنا۔ نگہبانی +
نَظارت پیشہ ف نگاہبان۔ خواجہ سرا
نظارگیان۔ نظارگیان ف دیکھنے والے۔ بتخفیف و تشدید ظا استعمال ہے +
نظارگی ف دیکھنا۔ دیدبازی کرنا۔ مجازاً دیکھنے والا +
نَظارہ ع کسی چیز کا دیکھنا۔ فارسی والے بتشدید ظا بھی استعمال کرتے ہیں +
نَظافت ع پاکیزگی +
نِظام ع انتظام۔ کسی انتظام کا سلسلہ
نُظّام ع جمع ناظم کی +
نظام ع ا۔ شاہ سلجوقی کے وزیر نظام الملک کا نام ہے جس نے بغداد میں مدرسہ اسلامیہ نظامیہ بنایا تھا ۔ حیدرآباد دکن کے رئیس کا لقب بھی ہے ۔ اسی وجہ سے ان کو نظام کہتے ہیں +
نظام الدین اولیا ع خواجہ نظام الدین اولیا حضرت فرید الدین گنج شکر کے مرید تھے۔ ان کا لقب

جگہ لکھتے ہیں کہ غالباً لقب ان کا نظام الاولیا ہے۔ اہل ہند نظام الدین اولیا کہنے لگ گئے ہیں۔ اور اطلاق اولیا کا (جو جمع ولی کی ہے) ایک پر ہو سکتا ہے ۷۲۵ھ میں وفات پائی فرید الدین شکر گنج کے مرید تھے +
نظام بطلیموسی ع حکیم بطلیموس کا نظام جس میں زمین مرکز عالم قرار دی گئی ہے۔ اور اس کے گرد کل کواکب ورسورج اور چاند وغیرہ گردش کرتے مانے گئے ہیں +
نظام شمسی ع فیثاغورث کا نظام جس میں آفتاب مرکز عالم قرار دیا گیا ہے اور اس کے گرد زمین وغیرہ کل کواکب سیارہ گردش کرتے ہوئے مانے گئے ہیں +
نظایر ع جمع ہے نظیر کی۔ امثال +
نظر ع نگاہ۔ فکر +
نظر آب دادن۔ بہ نظر آب دادن ف مرغوب شے کے دیکھنے سے آنکھوں کو ٹھنڈک بخشنا۔ فیض دیدار حاصل کرنا +
نظر باز ف وہ شخص جو صرف دیکھنے کا مزا اٹھائے +
نظر بر چیزے دوختن۔ نظر بر چیزے بستن ف اس چیز کی طرف کمال توجہ کرنی +
نظر بند ف وہ قیدی جو نظر سے غائب نہ ہونے پاوے +
نظر تنگ ف کنجوس +
نظر داشتن بر چیزے ف دیکھنا +
نظر سیاہ کردن بہ چیزے ف کمال رغبت سے دیکھنا۔ ہر چیز پر شیفتہ اور مفتون ہو جانا +
نظر غلط انداز ف معشوق کی وہ نظر جو

عاشقوں کو دھوکا دے۔ یعنی ہر ایک عاشق یہی خیال کرے کہ خاص مجھ ہی کو دیکھ رہا ہے +
نظرگاہ ف اولیاؤں کی آستان +
نظر گردانیدن از چیزے۔ نظر گرفتن از چیزے ف منہ پھیرنا۔ اعراض کرنا +
نظر گرم کردن بچیزے۔ نظر نہادن بر چیزے ف ملاحظہ کرنا۔ دیکھنا +
نظری ع ایک قسم حکمت کی دونوں قسموں میں سے جس کو حکمت علمی بھی کہتے ہیں اور معنی اس کے تصدیق حقائق موجودات کے ہیں اور اس کی قسمیں بہت ہیں۔ جیسے علم ہیئت۔ مناظر و مرایا۔ تشریح۔ علم معادن و نباتات
نظر یافتن ف فیض اٹھانا +
نظم ع پرونا۔ موتیوں کو دھاگا میں پرونا مجازاً کلام موزون۔ شعر +
نظم آرائے شروان ف خاقانی +
نظم سنجی۔ نظم گستری ف شاعری
نظم و نسق ع انتظام کرنا۔ اور آراستگی انتظام اور بندوبست +
نظیر ع مانند۔ مثل +
نظیف ع حلال۔ پاک۔ طاہر۔ مصدر نظافت سے ہے +

نون معجمہ مع عین مہملہ

نُعاب ع کوے کا بچہ۔ بچۂ زاغ +
نِعاج ع جمع نعجہ کی +
نُعاس ع غنودگی۔ نیند کرنا +
نِعال ع جمع ہے نعل کی +
نُعامہ ع شتر مرغ +
نُعاطے ع چینے بکی ہوا +

نعائم ع منازل قمر سے بیسویں منزل کا نام ہے۔ نعامہ کی جمع بھی ہے +

نعت ع تعریف۔ صفت۔ بخصوصاً تعریف جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی +

نعج ع سپیدی خالص۔ گرانی دل +

نعجہ ع مادہ میش۔ بھیڑی +

نعرہ ع آواز جو زور سے کی جاوے۔ آوازِ بلند۔ للکار +

نعس ع نرمی اور سستی رائے کی۔ سستی جسم کی +

نعش ع مردہ کا جنازہ۔ لاش +

نعش کسے بہ تیر زدن ف کمال بغض اور عداوت رکھنا +

نعل ع جوتی۔ پاپوش۔ کفش۔ گھوڑے وغیرہ کے پاؤں کی نعل +

نعل افگندن۔ نعل ریختن ف چلنے سے رہ جانا۔ تھک جانا۔ دوڑنا۔ جلدی چلنا +

نعل بر آتش نہادن۔ نعل در آتش نہادن ف کسی کو بیقرار۔ بے چین کرنا +

نعل بستن ف گھوڑے وغیرہ کی نعل باندھنا +

نعل بند ف وہ شخص جو پاؤں کی نعل باندھتا ہے +

نعل بہا ف جو مال کہ کوئی چھوٹا رئیس یا بادشاہ اپنے ملک کی آمدنی میں سے دوسرے بڑے بادشاہ کو دے۔ وہ خراج جو چھوٹا بادشاہ بڑے بادشاہ کو دے +

نعلچہ چوبین ف کھڑاؤں +

نعل در آتش ف [illegible] بے چین

ساحروں کا دستور ہے۔ کہ جب کسی کا نام گھوڑے وغیرہ کی نعل پر نقش کرکے اس کو آگ میں ڈالتے ہیں اور کچھ منتر اُس کے مناسب حال اُس پر پڑھتے ہیں تو وہ شخص اپنے طالب کی محبت میں مضطرب اور بیقرار ہو کر حاضر ہو جاتا ہے +

نعل زرّیں۔ نعل شام ف چاند +

نعل و داغ ف ولایت کے عاشق مزاج اور قلندر اپنے سینے پر نعل کی شکل کا داغ کرتے ہیں +

نعل وارگون بستن ف لوگوں کو اپنی طلب میں تنگی کرکے مقصود کے خلاف سرگردان کرنا

نعلین ع دو جوتیاں۔ تثنیہ نعل کا ہے

نعم ع جمع نعمت کی۔ نعمتیں +

نعم ع ہاں۔ چارپایہ +

نعم ع تازگی۔ نرمی۔ خوبی +

نعما ع نعمت۔ صیغہ اسم جنس کا ہے جمع نہیں ہے بعضے اس کو اسم جمع کہتے ہیں +

نعمان ع ایک بادشاہ عرب کا نام ہے جس کو نعمان بن منذر کہتے ہیں۔ اور نام امام اعظم ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ کا +

نعم البدل ع بہتر بدلہ۔ اچھا عوض +

نعمت ع مال۔ روزی۔ ناز و آسائش۔ کوئی بخشش۔ عطا +

نعمت چشیدہ ف [illegible]

نعمت کدہ ف بہشت +

نعناع۔ نعنع ع پودینہ +

نعوت ع جمع نعت کی +

نعوذ ع پناہ مانگتے ہیں ہم +

نعوذ باللہ ع پناہ مانگتے ہیں [illegible] خدا کی پناہ۔ نفرت ظاہر کرنے کے موقع پر یہ کلمہ بولتے ہیں +

نعوس ع شیردار۔ دودھ والی اونٹنی +

نعومت ع نازکی۔ نرمی۔ نازک ہونا۔ نرم ہونا +

نعی ع خبر مرگ۔ موت کی خبر +

نعیب۔ نعیق ع کوّے کی آواز۔ بانگ زاغ

نعیم ع بہشت۔ نعمت۔ نیکی۔ دسترس مال۔ ناز +

نعیم پاک ف اعمالنامہ۔ طاعت۔ عبادت

نون معجمہ مع غین معجمہ

نغاک ف ابلہ۔ احمق۔ حرامزادہ۔ ولدالزنا +

نغز ف خوب۔ خوش۔ بہتر۔ نادر۔ عمدہ اچھا۔ چست و چالاک +

نغزلوے ف عمدہ۔ خوشبودار +

نغزک ف انبہ۔ آم +

نغل ف چارپاؤں کے رات گذارنے کی جگہ جو ویرانہ میں ہو۔ سیراب ہونا +

نغل ف تباہ ہونا۔ خراب و برباد ہونا +

نغم ع جمع نغمہ کی۔ گیت اور راگ +

نغمات ع خوش آوازیں۔ سادی آوازیں

نغمہائے نیم رنگ ف ناتمام نغمے +

نغمہ ف آواز لطیف۔ نغمہ سرود +

نغول ف سیڑھی۔ نردبان

نغول ف عمیق۔ ژرف۔ گہرا۔ دور [illegible]

نغول ف مویشیوں کی قیامگاہ۔ جو ویرانہ میں ہو +

نغولہ ف چوٹا۔ زلف خوبان +

نغولی ف احمق۔ مغرور +

نون معجمہ مع فاے

نفاثات ع جادوگر عورتیں۔ جادو کرکے پھونکنے والیں +

نفاخ ع پھلانیوالا +

نفاد ع ختم ہو جانا۔ ہو چکنا +

نفاذ ع حکم کا جاری ہونا۔ تیر کا کسی چیز میں سے گھس کر نکلنا۔ اصطلاح شعرا میں حرکت وصل اور خروج اور مزید کو نفاذ کہتے ہیں۔ جیسا موقعہ ہو +

نفّار ع بہت نفر کرنے والا +

نفاس ع عورت جب زچہ ہوتی ہے اور خون اُس کا جاری ہوتا ہے۔ اُس خون کے اجرا کو نفاس کہتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ مدت اُس کی چالیس دن ہے اور کم کی حد مقرر نہیں۔ خون ولادت +

نفاست ع خوبی۔ پسندیدگی۔ لطافت حسد و بخیلی کرنی۔ عورت کا بچہ جننا +

نفّاع ع بہت فائدہ پہنچانے والا +

نفاع ع جمع نافع کی +

نفاغ ع بڑا پیالہ۔ قدح بزرگ +

نفاق ع دل میں کچھ اور ہونا۔ اور ظاہر کچھ اور کرنا۔ دوروئی۔ دوغلاپن۔ دشمنی رکھنی۔ دشمنی۔ کینہ +

نفاق ع کسی چیز کی پرستش ہونی۔ گرم بازاری

نفام [illegible] سیاہ فام۔ زشت رو [illegible] +

نفائح ع بوہائے خوش +

نفائس ع جمع نفیسہ کی [illegible] نہایت عجیب +

نفت ف ایک قسم کا روغن [illegible]

کی زبین سے نکلتا ہے۔ وہ دو قسم کا ہوتا ہے سیاہ اور سفید۔ سیاہ کو جلاتے ہیں۔ اور سفید بہت عمدہ ہوتا ہے۔ اُس کو دواؤں میں استعمال کرتے ہیں۔ کبھی مجازاً آبِ روت کے معنے میں بھی آتا ہے۔ خیابان میں لکھا ہے کہ نفت ایک دوا حکیم بتاتے ہیں۔ کہ جہاں اُسے ڈال دیتے ہیں آگ لگ جاتی ہے۔ اُس کا مُعرّب لفظ ہے +

نَفث ع پھونکنا۔ کسی چیز کا فضلہ مُنہ سے پھینکنا

نَفَج ف۔ ۵ کاغذ جس پر کچھ لکھیں +

نَفج ع عورت کے پستان کی وجہ سے پیرہن کی بلندی۔ وہ شخص جس کے مُنہ سے بولتے وقت پانی ٹپکے +

نفح ع خوشبو۔ ہوا کا چلنا +

نفحات ع خوشبوئیں +

نفحت۔ نفحہ ع خوشبو۔ لپٹ +

نفخ ع پھونکنا۔ ہوا سے بھرنا +

نفخات ع جمع نفخہ کی +

نفخہ ع پھونک +

نفخۂ روح ع وہ دم جو جبرئیل علیہ السّلام نے مریمؑ کی آستین میں دیا تھا +

نفخۂ صُور ع وہ صُور جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل علیہ السّلام پھونکیں گے۔ اور تمام دنیا نیست و نابود ہو جائیگی +

نَفَذ ع روانی کسی شئے کی۔ جاری ہونا کسی چیز کا +

نَفَر ع تین سے دس تک آدمیوں کا گروہ فارسی والے ایک شخص پر اطلاق کرتے ہیں۔ چاکر +

نفرت ع کسی چیز سے بھاگنا گھن کرنا

نفرۃ ع ایک بار گھن کرنا۔ رمیدگی +

نفریدن ف ملامت کرنا۔ پھٹکارنا +

نفریں ف دعائے بد۔ ملامت۔ پھٹکار +

نَفَس ع سانس۔ دم۔ اِس کی جمع انفاس آتی ہے +

نَفس ع جان۔ روح۔ حقیقت شئے کی ہستی۔ عین ہر شئے کا۔ صوفیوں کے نزدیک نفس کی تین قسمیں ہیں۔ امّارہ۔ لوامہ۔ مطمئنہ۔ اور معنے آلۂ تناسل بھی ہے +

نفس آباد ف سینہ۔ پھیپھڑا۔ اور بدنِ انسانی سے مراد ہے +

نفس الامر ع واقعی کام۔ تحقیق۔ مدعا

نفس امّارہ ع نفسانی خواہشوں کے حکم کرنے والا نفس۔ انسان کی خواہش طبیعت جو لذاتِ دنیا کی طرف ہو۔ یہ نفس گنہگاروں کا ہے۔ امّارہ صیغہ مبالغہ کا ہے۔ اِس کے معنے ہیں بہت حکم کرنے والا +

نفسانی ع منسوب بہ نفس +

نفسانیت ع خود غرضی۔ آہنکاری + غرور +

نفس برآوردن ف کلام کرنا۔ بولنا +

نفس بہیمی ع حیوان کی جان۔ مراد نفس امّارہ +

نفس دراز ف بسیار گو +

نفس درست کردن۔ نفس راست کردن ف توقف کرنا۔ آرام لینا +

نفس ربا ف وہ کلام جس کا پڑھنا آسان ہو

نفس زدن ف سانس لینا +

نفس سوختن ف ہانپنا۔ سانس چڑھنا بہت محنت اور تکلیف اُٹھانا +

نفس شماری ف حالت جان کنی کی +

نفس فرو خوردن ف دم بند ہونا۔ خاموش ہونا +

نفس گسستہ۔ نفس سوختہ ف خاموش۔ ساکت۔ چپ +

نفس کشادن ف کلام کرنا +

نفس کُلّ ع عرش سے مراد ہے +

نفس لوّامہ ع لوّامہ مشتق ہے لوم اور لومت سے۔ اِس کے معنے بہت ملامت کرنے والا۔ اصطلاح صوفیہ میں بہت ملامت کرنے والا۔ اپنے تئیں گناہوں پر۔ نورِ دل کی ہدایت سے۔ یہ نفس صالحین اور اولیا کا ہے۔ ایک اور قسم کا نفس ہے جسے مطمئنہ کہتے ہیں۔ وہ اطمینان میں ہوتا ہے۔ گناہوں سے۔ صفاتِ ذمیمہ سے بالکل پاک و صفاتِ حمیدہ سے متصف۔ قربِ الٰہی پر پہنچکر مطمئن ہو جاتا ہے۔ یہ نفس پیغمبروں کا ہے +

نفس مُطمئنّہ ع آدمی کا جی اوّل کھیل میل اور مزوں میں غرق ہوتا ہے ہرگز نیکی کی رغبت نہیں کرتا۔ ایسے جی کو کہتے ہیں امّارہ بالسّوٓ پھر ہوش پکڑا۔ نیک و بد سمجھا۔ تو بارہا کبھی اپنی خو پر دوڑ پڑا پیچھے پھر آپ کو اُلاہنا دیا۔ ویسا جی ہے لوّامہ۔ پھر جب پورا ستور گیا۔ دل سے رغبت نیکی ہی پر رہی بیہودہ کام سے آپ ہی بھاگے۔ اور ابدا کھینچے۔ ویسے کا نام ہے مُطمئنّہ +

نفسِ ناطقہ ع بولنے والی روح۔ اصطلاح حکماء میں روح اور جان کو کہتے ہیں +

نفسِ نباتی ع روح نباتی +

نفسِ واپسیں ف مرتے وقت کا سانس۔ دمِ آخری +

نفسی ع اپنا۔ منسوب بہ نفس سے +

نَفَسی ع سانس کا۔ منسوب بہ نفس سے

نَفِیش ع پشم۔ ارزانی +

نفض ع افشاندن +

نفط ع مُعرّب نفت کا +

نَفطہ ع آبلہ +

نِفطت ع چیچک۔ آبلہ +

نَفق ع راہِ باریک زمین کے اندر جو کسی اور جائے پر نکلتا ہو۔ سوراخ +

نَفَقہ ع خرچ جو اولاد اور عیال کو یا بیوی کو دیا جا دے۔ خرچ خانہ +

نفل ع وہ عبادت جو بندے پر واجب نہ ہو۔ زائد +

نفوذ ع جاری ہونا۔ گذرنا۔ فرمان یا نامے کا۔ اثر کرنا +

نفور ع بھاگنے والا۔ نفرت کرنے والا +

نُفور ع نفرت۔ گریز +

نفوس ع جمع ہے نفس کی۔ جانہا۔ ارواح +

نفوسِ ثلاثہ ع تینوں نفس۔ یعنی نفسِ امّارہ۔ نفس لوّامہ نفس مُطمئنّہ یا ارواح ثلاثہ۔ یعنی روح حیوانی و نباتی و جمادی +

نفوسِ قدسیہ ع پاک نفوس۔ پاک روحیں۔ یعنی پیغمبر لوگ۔ فرشتے نیک لوگ +

نفول ف دور۔ عمیق۔ غور +

نفی ع دور کرنا۔ چلانا۔ دور ہونا۔ شہر بدر کرنا +

نفی کردن ف دور کرنا۔ شہر بدر کرنا نیست کرنا +

نفیر ع فریاد۔ نالہ۔ چیخ پکار۔ بھاگنا

والا۔ نفرت کرنیوالا۔ چھوٹی کرنا۔ نفیری +
نفیرچی ف نفیری بجانے والا +
نفیر نامہ ف بادشاہوں اور حاکموں کا فرمان۔ سپاہ و لشکر کے جمع کرنے کے واسطے
نفیس ع نفیسہ ع قیمتی چیز۔ گرانمایہ لطیف۔ پسندیدہ +

نون معجمہ مع قاف

نُقاء ع پاکیزگی +
نِقاب ع اردو۔ بند۔ پردہ جو منہ پر ڈالتے ہیں۔ یا کسی نفیس چیز پر ڈالیں +
نَقّاب ع نقب زن جسے پنجابی میں سن لگانے والا کہتے ہیں +
نَقابت ع ستودگی +
نُقابت ع تعریف کرنا۔ سراہنا +
نُقابِ خضرا ع آسمان +
نَقابِ لاجورد کشیدن ف ترک کرنا چھوڑ دینا۔ دُکھ نہ دینا +
نُقابِ نیلی ف رات +
نَقّاد ع زر کا پرکھنے والا۔ کھوٹے کو کھرے سے پرکھنے والا +
نِقار ع کینہ۔ عناد۔ دشمنی +
نقارچی ف نقارہ بجانے والا +
نقارہ ف نقارہ۔ کوس +
نقاری ع منبت کاری +
نَقّاش ع چترکار۔ نقش کرنیوالا +
نقاشانِ چین ف چین کے نقاش مراد چکن ساز۔ کپڑے پر ڈوری یا تاگوں سے پھول بیل بوٹے بنانے والے درزی +
نقاشی ع پیشہ نقش کرنے کا +
نقائط ع جمع نقطہ کی +

نَقاوت ع پاکیزگی +
نُقاوت ع برگزیدہ۔ پسندیدہ +
نقاہت ع ضعف۔ ناتوانی۔ ناطاقتی جو بیماری میں ہوتی ہے +
نَقایص ع جمع ہے نقیصہ کی۔ سختی عیب ہا۔ بدخوئی +
نَقب ع سوراخ کرنا دیوار وغیرہ میں سیندھ لگانا۔ سُرنگ +
نُقبا ع جمع نقیب کی +
نُقبہ ع خارش۔ کھجلی +
نَقد ع آمادہ کرنا۔ دینا۔ پرکھنا روپیہ پیسے کا۔ سیم و زر مسکوک۔ ردک بخلاف اُدھار کے۔ مجازاً دل و ذات۔ اور بمعنے پسر بھی آیا ہے +
نقداً ع بالفعل۔ فی الفور +
نقدِ جان ف روح۔ رائج سکہ +
نقدِ روان ف رائج۔ سونا چاندی۔ رائج سکہ +
نقدِ شش روزہ ف دنیا۔ مخلوقات +
نقد گیران ف رشوت خوار لوگ۔ طالبانِ دنیا +
نَقر ع کوٹنا۔ جانور کا دانہ چگنا۔ لکڑی چیرنا۔ نرسنگھا پھونکنا۔ عیب کرنا +
نِقرات ع سرود۔ تک۔ کڑی +
نِقرس ع وہ درد جو پیروں کی انگلیوں میں ہوتا ہے +
نُقرہ ع چاندی گلی ہوئی۔ اور گردن پیچھے انسان کے جو گڑھا ہوتا ہے +
نُقرہ یا آہن رسیدن ف نیکی بدی سے فراغت۔ ریاضت سے۔ خوشی غم سے بدل جاتی +

نُقرہ پاف ایک پرندہ ہے جس کے پاؤں سفید ہوتے ہیں +
نُقرہ خام ف خالص چاندی۔ خام بمعنی خالص بھی آتا ہے +
نقرہ خنگ زرنشتی ف سورج +
نقرہ زیبقی۔ نقرہ شاخدار ف خالص چاندی +
نُقرئی ف منسوب بہ نقرہ۔ چاندی کا۔
نقش ع صورت و نگار۔ لیاقت۔ سزاوار۔ اِکا کھیل میں مراد کے موافق داؤ لگنا۔ خراسان کے قوالوں کا وضع کیا ہوا ایک سرود بھی ہے +
نقش آب ف شراب سرخ +
نقش بہرام ف وہ آدمی جو قدو قامت تو رکھے۔ لیکن سست و کاہل ہو +
نقش بد نشستن ف حسب مراد کام نہ ہونا +
نقش بر آب ف پانی پر کا نقش۔ بے ثبات۔ ناپائدار۔ باطل و بے حاصل سے مراد ہے +
نقش بر آب زدن۔ نقش بر آب کشیدن ف بیفائدہ کام کرنا۔ لغو حرکت کرنا
نقش پرواز کردن۔ نقش بر خاستن
نقش بر فتن۔ نقش رستن ف بر صفحۂ اندازائل ہونا۔ مٹ جانا +
نقش پرکار کُن ف تمام مخلوقات +
نقش پر مور ف شہد کی مکھی یا بھڑ کا چھتہ
نقش بستن ف پیدا کر۔ تصویر بنانا تصور کرنا +
نقشبند ف نقاش۔ مصور +
نقشبندِ حوادث ف خدا تعالیٰ +
نقشبندی ف نقاشی۔ مصوری +

نقش بے عیار ف مظلوم دعا ظالم کے حق میں +
نقش جہان ف اصفہان کے ایک باغ کا نام ہے +
نقش چیزے داشتن ف استعداد اور حوصلہ اُس (چیز) کا رکھنا +
نقش بہرام ف نقش بہرام +
نقش خاک گوہری ف اصیل و نجیب آدمی +
نقش خوب نشستن ف حسب مراد کام ہونا
نقش دیوار ف حیران۔ سراسیمہ +
نقش زدن ف داؤ لیجانا +
نقش زیاد ف اسم بلا مسمے۔ جو دیکھنے کے قابل نہ ہو +
نقش نشستن۔ نقش بر دل
نقش ستردن ف (بصفائہ از) زائل کرنا۔ مٹا دینا +
نقش عروسی ع سہرہ جو دولہا سر پر باندھتا ہے۔ اور سہرا جو بروقت نکاح کے گایا جاتا ہے +
نقش طراز۔ نقش گر ف نقاش۔ مصور
نقش فرسیدن ف وہ نقش جو ایک نقش کے مقابلہ ہو +
نقش قندہار ف خوبان دلکش صورت
نقش کسے بخیر زدن ف اُس کا کمال عداوت رکھنا +
نقش گل ف مفرش سے مراد ہے +
نقش نشاندن ف اقتدار پیدا کرنا +
نقش نشستن ف اقتدار پیدا ہونا +
نقش نیکو ف اچھا زمانہ جو بیکار گذر جائے +

نقش و رنگ ف ڈیل ڈول +

نقشہ ع تصویر کسی چیز کا نمونہ +

نقص۔ نقصان۔ نقصانی ع کم کرنا۔ کم ہونا۔ کمی۔ آخیر۔ ضد کی یا سے زیادہ ہے +

نقض ع توڑنا +

نقض عہد ع عہد کا توڑنا۔ عہد شکنی +

نقط ع جمع نقطہ کی +

نقطہ ع خط کی انتہا۔ وہ مقدار جو تقسیم نہ قبول کر سکے۔ اور اس کی طرف اشارہ کر سکیں۔ جزء لایتجزیٰ۔ نقطہ۔ بندی +

نقطۂ انتخاب ع وہ نقطہ جو کسی کتاب کے حاشئے پر کسی عبارت یا مضمون یا شعر پسندیدہ پر اس کے یاد رکھنے کو لگایا جاتا ہے۔ [illegible] کی یاد داشت +

نقطۂ تقاطع ربیعی ع دائرہ منطقۃ البروج دائرہ معدل النہار سے حائلی تقاطع کرتا ہے۔ اس تقاطع سے جو دو نقطے پیدا ہوتے ہیں اُن میں سے ہر ایک کو نقطۂ اعتدال کہتے ہیں۔ اس لئے جب ۲۱۔ مارچ اور ۲۱۔ ستمبر کو سورج ان نقطوں پر پہنچتا ہے۔ تو تمام دنیا میں دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔ جس نقطہ سے گزر کر آفتاب شمال کی طرف جاتا ہے۔ اُسے نقطۂ اعتدال ربیعی کہتے ہیں۔ اور جس نقطہ سے گزر کر جنوب کی طرف جاتا ہے اُسے نقطۂ اعتدال خریفی کہتے ہیں۔ اوپر بنی ہوئی شکل سے یہ مطلب بخوبی سمجھ میں آ جائے گا +

نقطہ جا نگیرد۔ نقطہ جا بگیرد نیست +

نقطۂ دائرہ ع خط کی انتہا۔ وہ مقدار جو تقسیم قبول نہ کر سکے۔ اور اُس کی طرف اشارہ کر سکیں۔ جزء لایتجزیٰ۔ نقطہ۔ بندی +

نقطۂ روشن تیرہ گار ف قطب آسمانی۔ مرکز عالم۔ سرور کائنات صلعم +

نقطۂ ریختن ف رمل سے فال نکالنی +

نقطۂ زرہ ف زرہ کے حلقے میں لگانی کی میخ +

نقطۂ زریں ف آفتاب +

نقطۂ سہو ع وہ نقطہ جو غیر منقوط لفظ پر غلطی سے دیا جائے +

نقطۂ شک ف وہ نقطہ جو کسی مشکوک لفظ کے یاد رکھنے کے لئے کتاب کے حاشئے پر لکھیں۔ دنیا جہان +

نقطۂ کل ف مرکز زمین۔ مرکز زمین +

نقطۂ مقابل ع ہمسر۔ حریف +

نقطۂ موہوم ع وہمی نقطہ۔ فرضی نقطہ جو موجود فی الخارج نہ ہو۔ جیسے وہ نقطے جو افلاک میں فرض کرتے ہیں مثل نقطہ اوج و حضیض وغیرہ۔ اور یہ جوہر فرد جزو لایتجزیٰ کے سوا ہے۔ کیونکہ جو لوگ جوہر فرد کے موجود فی الخارج ہونے کے قائل ہیں ان کے نزدیک موہوم نہیں ہے۔ بعض لوگ نقطۂ موہوم جوہر فرد ہی کو سمجھتے ہیں +

نقطۂ نوک ریز ف جو سیاہی کی چھینٹ قلم سے گر جائے +

نقطۂ ہر دائرہ ف مرکز زمین۔ سرور کائنات صلعم +

نقع ع گرد۔ غبار +

نقل ع ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ حکایت۔ کسی چیز کی نقل بنانا +

نقل ع حاضر جوابی - تیز زبانی +
نقل ع حاضر جواب +
نقل ع شراب پینے کے بعد جو کچھ منہ کا مزا درست کرنے کے لئے کھاتے ہیں جیسے میوہ - کباب - کوئی ترش چیز - گزک +
نقل روح ع خلع بدن - اپنا روح اپنے بدن سے نکالکر کسی ایسے جسم میں جس میں جان نہو لیجانا +
نقل کردن ف ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا بیان کرنا +
نقل ماتم ف ماتم کے موقع کا کھانا - جو رشتہ داروں میں تقسیم ہوتا ہے +
نقل مذہب ع ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں جانا - مذہب بدل لینا +
نقل مکان ع ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا +
نقلہ ع ناقل کی جمع ہے +
نقمت ع عذاب - کینہ - بغض - عداوت +
نقود ع جمع نقد کی - زرہا +
نقوش ع جمع نقش کی +
نقوع ع ترکیا ہوا میوہ - بھیگی ہوئی دوا +
نقول ع جمع نقل کی +
نقوماجس ی ارسطو کے باپ کا نام ہے جو سکندر کا اُستاد تھا +
نقی ع پاک - خالص - بارہ ائمہ اہل بیت سے دسویں امام ہیں جو ۲۱۴ھ کو پیدا ہوئے اور متوکل خلیفہ کے عہد میں اس کے زہر کھلانے سے سُرّمن رائے میں ۲۵۴ھ میں شہید ہوئے +
نقئے ع ہڈیوں کا گودا - مغز اُستخواں +
نقیب ع گواہ قوم - سردار - وہ شخص جس کو نسب معلوم ہو + چوبدار +

نقیبان بارف فرشتے - ملائکہ +
نقیر ع اصل حسب کھجور کی گٹھلی کی پشت پر جو ایک گڑھا ہوتا ہے - حقیر +
نقیصت ع نقصان - عیب - بدی +
نقیض ع توڑنے والا - اصطلاح علم منطق میں کسی شئے کا رفع کرنا - یعنی اُس کی نفی کرنی - جیسے ہر انسان حیوان ہے - اور بعض انسان حیوان نہیں ہے - یہ دونوں قضیئے ایک دوسرے کی نقیض ہیں باعتبار نفی اور اثبات کے - پہلا صادق ہے اور دوسرا کاذب - جاننا چاہئے کہ نقیض اور ضد میں فرق ہے - کہ دو نقیضیں نہ تو باہم جمع ہوسکتی ہیں اور نہ دونوں معدوم جیسے زندگی اور موت - کہ نہ تو دونوں ایک جگہ جمع ہوسکتی ہیں - اور نہ یہ ممکن ہے کہ دونوں ہی نہ ہوں بلکہ ان دونوں میں سے ایک ضرور ہوتی - اور دو ضدیں ایک جگہ باہم جمع تو نہیں ہوسکتیں لیکن دونوں معدوم ہوسکتی ہیں - جیسے سیاہ اور سفید - کہ یہ دونوں ایک جگہ جمع تو نہیں ہوسکتے - لیکن ہاں یہ ممکن ہے - کہ دونوں ہی نہ ہوں - بلکہ زرد ہو +
نقیع ع آب استادہ خوشگوار - آب شیریں - خنک - بھیگا ہوا +
نقیعہ ع سفر سے واپس آنے کی ضیافت +
نقیق ع مینڈک اور مرغی کی آواز +
نقیہ ع کلمہ - سخن +

نون معجمہ مع کاف عربی

نک ف پھٹکری +
نک ف منقار - چونچ +
نکاب ف پھٹکری - پھٹکری کا پانی +
نکاب نکاف ف وہ چمڑے کا دستانہ جو میر شکار اپنے ہاتھ میں پہنتے ہیں +
نکاب - نکاف ف اونٹ کے کان کی نوک کی ورم +
نکایت ع دشمن کو تکلیف پہنچانا +
نکات ع جمع نکتہ کی - نکتے +
نکاح ع شادی کرنا - پیوند کرنا +
نکاحی ع شادی کی ہوئی عورت +
نکال ع عذاب - رنج - دکھ +
نکب ع رنج - سختی +
نکبا ع ہوا کا جھکڑ - وہ ہوا جو درمیان صبا اور شمال کے چلے +
نکبت ع خواری - ذلت - رنج - خستگی
نکبات ع جمع نکبا کی +
نکت ع جمع نکتہ کی - باریکیاں +
نکت ع زمین کا کھودنا - سر کے بل گرانا - طعام کی ایک قسم بھی ہے +
نکتہ ع پاکیزہ بات جو پوشیدہ ہو - اور ہر ایک نہ سمجھ سکے - کلام کی باریکی +
نکتہ بادی ع ملائم اور دلپذیر کلام - چیچوڑی اور بیہودہ باتیں +
نکتہ پرکار ف دل پسند کلام +
نکتہ دان ف باریک بات جاننے والا - دقیقہ رس +
نکتہ سنج ف سخن فہم - دانا - شاعر +
نکتہ گیر ف عیب گیر +
نکث ع رسی کے بل کھولنے - عہد توڑنا - عہد شکنی - مطلق توڑنا +
نکج ع خرچ +
نکد ع مرد بدفال - دشوار - [illegible]

نکر ع نہر کی +
نکر ع نہر کد +
نکرہ - نکرہ ع ناسپاسی - ناخوشی - مجازاً بمعنی عذاب +
نکشدہ ع مٹی کا کوزہ یا پانی پینے کا برتن +
نکرہ ع ناشناسی - ناشناختگی - معرفہ کی ضد +
نکس ع بیماری کا پھر عود کرنا +
نکس ع سرنگوں کرنا - اوندھا پٹنا +
نکص ع بیدل ہونا - کسی کام سے جس کے پہلے درپے ہوں - برگشتہ ہوجانا +
نکل ع بیڑی جو قیدیوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں +
نکو ف خوب - اچھا +
نکوب ع نکبہ کی جمع ہے +
نکوروے ف خوبصورت +
نکوکار ف وہ شخص جس کے کام اچھے ہوں - نیک کار آدمی +
نکول ع قسم کھانے سے انکار کرنا - انکار کرنا +
نکومحضر ف نیک خصلت +
نکوہش ف حاصل مصدر نکوہیدن مصدر کا ہے - دھمکی - سرزنش - ملامت +
نکوہیدن ف دھمکانا - سرزنش کرنا - ملامت کرنا +
نکوہیدہ رائے ف بدرائے - بے عقل جس کی رائے قابل ملامت کے ہو +
نکوئی ف بھلا - بھلائی +
نکوئی کن در آب انداز ف ایک ضرب المثل ہے - ایسی جگہ بولی جاتی ہے - جہاں کسی کے ساتھ نیکی کرے امید عوض کی نہ ہو +
نکہت ع منہ کی خوشبو - منہ کی بو -

خوشبو۔ خنک۔ گ سے بالکل غلط ہے۔
اس واسطے کہ یہ عربی لفظ ہے۔ اور عربی میں
گ نہیں آتا +
نکیر ع قبر میں جو دو فرشتے آکر مردہ سے سوال
کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک کا نام ہے +

نون معجمہ مع کاف فارسی

نگ ف منہ کا تالو۔ نگینہ +
نگار ف نقش۔ بت۔ معشوق اور
وہ نقش مہندی کا جو معشوق کے ہاتھ پر
ہوتا ہے۔ مجازاً آرائش +
نگار ارمنی ف فرہاد کی معشوقہ شیریں
سے مراد ہے +
نگار بستن ف مہندی لگانی +
نگار بستہ ف مہندی لگا ہوا —
مہندی سے ہاتھ پاؤں سرخ کئے ہوئے
مراد معشوق +
نگار خانہ ف وہ گھر جو نقش و نگار سے
آراستہ ہو۔ نقاشی کیا ہوا گھر +
نگار دادن ف نقش کرنا۔ لکھنا +
نگار دیدہ ف حنا مالیدہ۔ مہندی لگے ہوئے
نگارستان ف وہ جگہ جو نقش و نگار
سے آراستہ ہو +
نگارش ف لکھنا +
نگار عالم ف بہت خوبصورت +
نگارگر ف نقاش۔ مصور +
نگارین ف مہندی لگے ہوئے۔ محبوب
نگارین زبان ف جو بظاہر محبت اور
اخلاص کا دم بھرے اور باطن میں ایسا نہ ہو
نگارین لوز ف نامہ۔ کتاب +
نگارینہ ف معشوق +

نگاشتن۔ نگاریدن ف لکھنا۔
نقش و نگار کرنا +
نگاہ ف نگہ۔ نظر +
نگاہبان ف نگہبان۔ محافظ۔ چوکیدار
نگاہداشت ف حفاظت۔ ہوشیاری +
نگاہداشتن ف نگاہ رکھنا +
نگاہ کردن ف دیکھنا +
نگر ف دیکھ۔ دیکھو +
نگران ف دیکھنے والا۔ منتظر +
نگریدن۔ نگریستن۔ نگرستن ف
دیکھنا۔ نگاہ کرنا +
نگون ف تہ شدہ۔ گرا۔ اوندھا +
نگون بخت ف وہ شخص جس کا نصیب
الٹا ہو۔ بدبخت۔ بدنصیب +
نگونسار ف اوندھا۔ الٹا +
نگونسار بخت ف بدنصیب۔ بدبخت +
نگون طشت ف آسمان +
نگون ہمت ف کم ہمت +
نگہ ف مخفف نگاہ کا +
نگہبان ف چوکیدار۔ نگاہ رکھنے والا
نگہبانی ف حفاظت +
نکہت ف خوشبو +
نگیسا ف خسرو پرویز کے ایک
مطرب کا نام ہے +
نگین ف نگینہ +
نگین پیادہ ف وہ نگینہ جو انگوٹھی
یا کسی زیور میں جڑا ہوا نہ ہو +
نگین سوار ف وہ نگینہ جو انگوٹھی یا کسی
زیور میں جڑا ہوا ہو +
نگین عاشق و معشوق ف دو
مختلف رنگ کے نگینے جو ایک ہی خانے
میں جڑے ہوئے ہوں +

نون معجمہ مع لام مہملہ

نلج ف دنبل اور زخم کی رطوبت +
نلشاپ ف قرضدار۔ مقروض +
نلم ف خوب۔ زیبا +

نون معجمہ مع میم مہملہ

نم ف تری +
نما ع بڑھنا۔ بلند ہونا۔ درخت کا اگنا
نماو ف بستی نمود +
نمار ف اشارہ۔ ایما +
نمارق ع جمع نمرقہ کی +
نماز ف بندگی۔ پرستش۔ خدمتگاری +
فرمانبرداری۔ عجز و نیاز۔ اہل اسلام کی
مخصوص عبادت کا نام ہے۔ یہ لفظ ن
کے کسرہ اور ضمہ سے درست نہیں ہے
نماز استسقا ف مینہ مانگنے کے واسطے
جو نماز پڑھی جاتی ہے +
نماز استخارہ ف جب انسان کسی امر
میں متردد ہو۔ تو یہ نماز پڑھنے سے اس پر
اس کا حال منکشف ہو جاتا ہے +
نماز بردن ف عاجزی کرنی۔ تعظیم
کرنی۔ بندگی کرنی +
نماز بر کسے کردن ف اس کے جنازہ
پر نماز پڑھنا +
نماز پیشین۔ نماز نخستین ف دن
میں کی پہلی نماز +
نماز تحیۃ الوضو ف وضو کرکے دو رکعت
نفل جو پڑھتے ہیں۔ اسے نماز تحیۃ الوضو
(تحفہ وضو) کہتے ہیں

نماز تسبیح ف ایک مشہور نماز ہے جو
چار رکعت ہوتی ہے۔ ہر رکعت میں تسبیحات
پڑھتے ہیں +
نماز جماعت ف جماعت کے ساتھ
جو نماز پڑھی جائے +
نماز چاشت ف چاشت کے وقت کی نماز
نماز خسوف و کسوف ف وہ نماز جو چاند
یا سورج کو گہن کے وقت پڑھی جاتی ہے
نماز خفتن ف رات کو سونے کے وقت
کی نماز۔ نماز عشا +
نماز دیگر۔ نماز دیگر ف دن ہیں کی دوسری
نماز۔ نماز عصر +
نم از رخسار چیدن ف آنسو پونچھنا
دلاسا دینا +
نماز شام ف سورج غروب ہونے
کے وقت کی نماز۔ نماز مغرب +
نماز فجر ف صبح کی نماز۔ جو سورج طلوع
ہونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے +
نماز قصر ف ظہر اور عصر اور عشا کی نماز جو
میں جو مسافروں کو بجائے چار رکعت کے
دو دو پڑھنے کا حکم ہے۔ اس کو نماز
قصر کہتے ہیں +
نماز کردن ف نماز پڑھنا +
نمازی ف نماز پڑھنے والا۔ پاک۔ صاف +
نمازی کردن ف پاک کرنا۔ صاف کرنا
ستھرا کرنا۔ دھونا +
نماک ف رواج۔ رونق۔
زیبائش +
نمام ع چغل خور۔ لترا۔ غماز۔ ایک
خوشبودار گھاس کا نام بھی ہے
نمامی ع غمازی۔ چغل خوری۔ لتراپن

نُمایاں ف نمودار ہونے والا۔ ظاہر۔ واضح۔ مجازاً کلاں۔ بڑا۔ بہت۔ دراز۔ عمیق۔ گہرا +
نُمایش ف دکھلاوٹ۔ نموداری +
نُمایش آب ف شراب +
نَمائق ع نمیقہ کی جمع ہے
نَمچ ف ٹھنڈی سی رطوبت +
نَمد ف نمدہ۔ بارانی جو مینہ میں اُس سے بچنے کے لئے سر پہ پہنتے ہیں۔ آلۂ تناسل +
نَمد پوش ف نمدہ پہننے والا +
نَمد در آب داشتن ف مکر و فریب کرنا
نم در جگر داشتن ف مفلس اور شکستہ حال ہونا +
نم در جگر نداشتن ف مفلس ہونا +
نم دیدہ۔ نم زدہ ف نمناک۔ سیلا +
نَمد زین ف وہ نمدہ جو زین کے نیچے گھوڑے کی پشت پر ڈالتے ہیں۔ جسے خوگیر کہتے ہیں +
نَمد مال ف نمدہ بنانے والا +
نَمر ع چیتا جو مشہور درندہ ہے +
نُمرُق۔ نُمرُقہ ع تکیہ۔ بالش۔ سرہانہ
نَمرُود ع ایک کافر بادشاہ کا لقب ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں خدائی کا دعوےٰ کرتا تھا۔ معنی اس لفظ کے ہیں نہ مرے گا۔ اور غالباً یہ لفظ مُعرب نمرود کا ہے +
نَمس ف راسو۔ نیولا +
نَمش ع ایک مرض ہے جس کے سبب بدن کی کھال پر چھیپ اور نقطے پڑ جاتے ہیں۔ مکر۔ حیلہ۔ دغابازی +
نم شدن ف مقصود پانا۔ مطلب کو پہنچ جانا

نَمص ع بال چُننا +
نَمط ع بچھونا۔ فرش رنگین۔ شطرنج کی بساط۔ روش۔ دستور۔ طور۔ طرح طریقہ۔ پردۂ سرود +
نَمطہائے تنگ ف پردہ ہائے دقیق از سرود۔ سرود کے باریک پردے۔ راگ کی باریکیاں +
نم قوت در جگر داشتن ف قوت کی تری دل میں رکھنا۔ بے طاقت اور کمزور نہ ہونا +
نَمک ف نمک۔ پنجابی لون +
نمک انگیختن۔ نمک انگیزیدن ف آنسو بہانا۔ رونا +
نمک بر جراحت زدن۔ نمک بر زخم پاشیدن۔ نمک بر ریش راندن۔ نمک بر ریش افگندن ف زخم پر نمک چھڑکنا۔ دُکھ پہ دُکھ دینا +
نمک بر جگر داشتن ف دُکھ پہ دُکھ اُٹھانا +
نمک چش ف نمک چکھنا۔ مطلق چکھنا
نمک حرام۔ نمک بحرام ف وہ شخص جو طرف دار اپنے آقا کا نہ ہو +
نمک حلال ف اپنے آقا کا طرفدار +
نمک خوردن و نمکدان شکستن ف نمک حرامی کرنا +
نمک دان ف نمک رکھنے کا برتن معشوق کا منہ +
نمکدان در آتش افگندن۔ نمک در آتش افگندن ف شور و غوغا کرنا۔ غل مچانا۔ فتنہ اُٹھانا +
نمکدان شکستن ف نمک حرامی کرنا۔ بیوفائی کرنا

نمک ریزیدن ف رونا +
نمک سود ف وہ چیز جس پہ نمک چھڑکا گیا ہو۔ نمک لگا ہوا خشک گوشت اور اس کا کباب +
نمکین ف نمک دیا ہوا۔ نمک آلودہ۔ منسوب بہ نمک۔ اصطلاح میں بمعنی مسخرہ بھی آیا ہے +
نمکینہ ف وہ دہی اور لسی جس میں نمک زیرہ۔ دھنیا کوٹ کر ملا گئے ہوں +
نمگیرہ ف وہ کپڑا جو پلنگ پر بطور چھت کے لگاتے ہیں۔ تاکہ نمی شبنم کی نہ پہنچے +
نَمل ع چیونٹی۔ کیڑی۔ نملہ +
نملہ ع چھوٹی پھنسیاں صفراوی ہوتی ہیں جو بتدریج پھیل جاتی ہیں۔ اور بمعنے چیونٹی +
نملہ چادر سیہ ف گاورس کے مشابہ پھنسیاں ہوتی ہیں۔ جن کی جڑھ سُرخ اور مُنہ سفید ہوتا ہے +
نمناک ف تری سے بھرا ہوا۔ بھیگا ہوا۔ تر +
نم نداشتن ف مفلس و نادار ہونا +
نُمُوّ ع بالیدگی۔ اُگنا۔ افزائش۔ فارسی والے اپنے قاعدہ کے موافق اس کو ساکن الآخر پڑھتے ہیں۔ کیونکہ فارسی میں کوئی لفظ ایسا نہیں۔ جس کا آخری حرف مشدد ہو۔ بلکہ یوں بھی فارسی میں مشدد حرف ایک آدھ گنتی کے آئے ہیں +
نُمود ف علامت۔ نشان ظاہری۔ رونق اور خوبی۔ شان و شوکت۔ ظاہر ہونا۔ ظاہر۔ وجود +

نُمودار ف جو شے نظر آئے۔ نمونہ۔ ظاہر +
نُمودن ف دیکھنا۔ دکھانا۔ کرنا +
نُموذج مُعرب نمونہ کا ہے +
نموسک۔ نموشک ف تیتر۔ تیہو +
نموک ف تیر کا نشانہ +
نَموم ع بہت چغلی کھانے والا۔ بڑا چغل خور +
نموہ ف ناتمام۔ ناقص۔ شبیہ۔ مانند۔ نظیر +
نَمی ف تری +
نمیدن ف میل کرنی۔ توجہ کرنی +
نُمیدن ف ناامید ہونا +
نَمیر ع آب خوشگوار۔ شیریں میٹھا پانی +
نَمیرا ف شرح۔ کسی لفظ کے معنے بالتفصیل بیان کرنے +
نَمیقہ ع لکھا ہوا۔ مکتوب۔ نامہ۔ خط
نَمیم ع چغل خور۔ سخن چین۔ لُترا +
نَمیمہ ع چغل خوری +

نون معجمہ مع نون معجمہ

نُندل کند ف بند جسکا منہ کا بگڑا ہوا ہے +
ننگ ف شرم۔ عیب۔ عار۔ حیا۔ نیز جنگ و جدل
ننگسار ف مسخ۔ صورت کا بگڑ جانا +
ننگ نامہ ف جنگ نامہ۔ ہجو کے طور پہ لکھی ہوئی نظم یا نثر +
ننگین ف معیوب۔ عیبناک۔ زشت۔ بُرا +

نون معجمہ مع واو

نو ف نیا۔ تازہ۔ دلیر۔ پہلوان۔ نالہ و زاری کے لئے امر بھی ہے۔ جنبش و لرزہ

اور اس معنی کے لئے امر بھی ہے +
نَوَا ف آواز۔ راگ کے بارہ مقامات میں سے ایک مقام کا نام ہے۔ جمعیت۔ سامان۔ اسباب۔ تونگری۔ روزی خوراک۔ قوت۔ سپاہ۔ لشکر۔ گرفتار۔ مقید۔ گرفتاری۔ قید۔ فرزند۔ بیٹا۔ دوہتا پوتا۔ توشہ۔ آذوقہ۔ شکر۔ سپاس۔ پیشکش نذرانہ +
نَوا ع مخفف نواۃ کا۔ پنجابی کھجور دی گٹھک جدائی۔ آگاہی +
نَوّاب ع بہت نیابت کرنے والا۔ نائب صوبہ دار +
نُوّاب ع جمع نائب کی۔ نیابت کرنیوالے قائم مقام لوگ۔ ملک کے صوبہ دار +
نَوابِت ع جمع نابت کی +
نَوات ع کھجور کی گٹھلی +
نَوابستہ ف وہ باغ جس میں نئے درخت لگائے گئے ہوں +
نَوَاح ع اطراف آس پاس +
نَواحی ع ناحیہ کی جمع +
نَواخانہ ف زنداں۔ قیدخانہ۔ جیل خانہ +
نَواخانی ف گیت گانا۔ مجازاً عمدہ بات +
نَواخت ف موافق۔ مطابق۔ برابر۔ لائق۔ سجا۔ جیسے وقت ششش نواخت روز دن کے چھ بجے +
نَواختن ف نوازنا۔ سجانا۔ گانا +
نَواخل ع خلاف قیاس۔ نخل کی جمع ہے۔
نَواد ف چیزوں کے چھپا کر رکھنے کا سوراخ تہ خانہ۔ تہ بان +
نَوادِر ع جمع نادرہ کی۔ عجیب اشیاء +
نَوادہ ف بیٹے کا بیٹا۔ پوتا +

نَوادی ت ندیدی +
نَوار ف نواڑ جس سے پلنگ بُنتے ہیں +
نَواریدن ف چبائے بغیر نگل جانا +
نَوارہ ف چھوٹی کشتی۔ بیڑہ۔ مجموعۂ کشتی ہا +
نَواز ف امر ہے نواختن سے اور بمعنی نوازندہ جیسے دل نواز۔ جان نواز۔ چنگ نواز وغیرہ +
نَوازادہ ف پوتا۔ دوہتا +
نَوازان ف موسیقی کا ایک پردہ ہے +
نَوازِش ف حاصل مصدر ہے نواختن سے نوازنا۔ مہربانی۔ عنایت +
نَوازِشات ف جمع نوازش کی +
نَوازِل ع جمع نازلہ کی۔ مصیبتیں +
نَوازِندگی ف باجہ بجانا +
نَواساز ف گانے والا۔ چہچہانے والا +
نَوازیدن ف نواختن +
نَواسہ ف پوتا۔ دوہتا +
نَواشتہ ف اینٹ۔ پکی اینٹ۔ کچی پکی اینٹوں کی دیوار۔ ٹیڑھا۔ کج +
نَواصِب ع مسلمانوں کا ایک فرقہ ہے جو حضرت علیؓ سے دشمنی رکھتے ہیں۔ اُن کو ناصبی کہتے ہیں +
نَواصی ع جمع ناصیہ کی +
نَوافِج ع نافج معرب نافہ کی جمع ہے +
نَوافِل ع زوائد۔ مطلب سے زوائد اشیاء وہ عبادت جو بندہ پر واجب نہ ہو +
نَوال ع بخشش۔ عطا۔ دہش +
نَوالہ ف لقمہ +
نَوالہ بُر ف کارد۔ چھری +
نَوالیدن ف رونا۔ ملنا +
نَوآموز ف نیا سیکھنے والا۔ جس نے ابھی سیکھنا شروع ہی کیا ہو۔ مبتدی +

نَوامیس ع جمع ناموس کی +
نَوان ف خراماں۔ جنباں۔ لرزاں۔ ٹیڑھا۔ پرانا۔ دُبلا۔ آگاہ۔ ہوشیار +
نَوآورد ف اختراع۔ نئی بات نکالی ہوئی +
نَواہی ع جمع ہے نہی کی۔ ممنوعات +
نَوائِب ع جمع نائبہ کی۔ مصیبتیں +
نَوائِر ع نائرہ کی جمع ہے۔ شعلے +
نَوائیدن ف چلّانا۔ فریاد کرنا +
نَوآئین ف زیبا۔ آراستہ۔ نئی بات۔ نیا پودا آراستگی اور زیبائش۔ اور وہ شخص جو نئی بات نکالے +
نَوآئین تریں ف وہ شخص جو بہت سی عمدہ عمدہ نئی باتیں نکال جائے +
نُوَب ع جمع نوبت کی۔ باریاں +
نَوبادہ ف نئی چیز۔ نیا میوہ۔ نیا پودا۔ نیا اُگا ہوا درخت۔ خوش آئندہ شے۔ گلدستہ +
نَوبادہ کردن ف تازہ میوہ پہلے پہل کھانا۔ یعنے نیا کرنا +
نَوبَت ع کسی چیز کا وقت۔ مصیبت۔ باری مرتبہ۔ نقارہ۔ خیمہ۔ پہرہ۔ محافظت +
نَوبت خانہ ف جہاں پر نوبت بجاتے ہیں +
نَوبت زن۔ نوبت نواز ف نقارچی +
نَوبت گاہ ف پہرہ کی جگہ۔ زنداں۔ جیلخانہ نوبت خانہ +
نَوبتی ف نقارچی۔ پہرہ کا سپاہی۔ چوکیدار۔ بڑا خیمہ۔ کوتل گھوڑا +
نَوبتی دار ف خیمہ کا پہرہ دار سنتری +
نَوبتی گاہ ف وہ جگہ جہاں خیمہ لگائیں +
نَوبَر ف تازہ میوہ۔ نیا پکا ہوا۔ عورت نارپستان +

نَوبَردہ ف نیا خریدا ہوا غلام +
نَوبَر کردن ف نوبادہ کردن +
نُوبِہ ف برا اعظم افریقہ میں اُس کے مشرق کی طرف ایک ملک ہے جس میں خرطوم بڑا شہر ہے +
نَوبہار ف وہ شے جس پر نئی بہار ہو۔ موسم بسنت۔ بلخ کا آتشکدہ +
نَوبہاری ف موسیقی کے ایک نوا کا نام ہے +
نَوپیدا ف جو چیز ابھی پیدا ہوئی ہو +
نَوتاش ف ہمیشہ۔ دائم +
نَوتوبہ ف جس نے ابھی نئی توبہ کی ہو +
نُوج ف درخت صنوبر +
نَوجبہ ف سیلاب۔ فرشتہ +
نَوجوان ف گبرو۔ جس کی ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو +
نَوچہ ف نوخواستہ +
نَوح ع آواز قمری وکبوتر +
نُوحؑ ع ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جس کے زمانہ میں ۳۳۴۸ برس قبل مسیحؑ طوفان آیا اسلامی کتابوں سے ان کی عمر ۱۴۰۰ برس معلوم ہوتی ہے۔ طوفان سے پہلے ۹۵۰ برس اور بعدہٗ ۴۵۰ برس زندہ رہے۔ توراۃ سے ۶۰۰ برس پہلے اور ۳۵۰ برس بعد ان کا زندہ رہنا پایا جاتا ہے۔ یعنی کل ۹۵۰ برس۔ قوم ان کو از حد تکلیف دیتی پتھر مارتی۔ اور گٹھڑوں میں اٹھاتی۔ آپ کو ذرا چین نہ آتا۔ اپنی امت کی سنگدلی پر سدا روتے رہتے۔ اسی واسطے آپ کا نام نوحؑ ہے +
نَوحہ ع مردہ پر چلّا کر رونا۔ بین کرنا +
نَوحہ گر ف نوحہ کرنے والی عورت یا مرد

نوخاستہ ف نوعمر۔ نیا اُٹھا ہوا۔ گبرو۔ مجازاً ناتجربہ کار +
نوخط ف جوان نوخاستہ۔ معشوق نوخط و مبیدہ +
نوخطیٔ عالم ف موسم بہار کا اُگا ہوا۔ نیا سبزہ +
نَوَد ف نوّے۔ ۹۰۔ دُبر۔ مقعد +
نوداران ف شاگردانہ۔ اُستاد کا انعام شاگرد کو +
نودارانی ف شاگردانہ۔ وہ زر جو شاعروں یا خوشخبری دینے والوں کو دی جائے +
نودر ف حادث +
نودرہ ف عزیز و گرامی فرزند +
نَوَدہ ف نبیرہ۔ فرزندزادہ +
نَوَدہ ف ہوا کا کُرّہ +
نَوذَر ف منوچہر کے بیٹے کا نام ہے۔ جو اس کے بعد ایران میں سات برس سلطنت کرکے افراسیاب کے ہاتھ سے مارا گیا +
نُور ع روشنی۔ آتشہا۔ جمع انوار کی۔ بھاگنے والے ہرن۔ وہ عورتیں جنہیں کسی طرح کی تہمت نہ لگی ہو۔ زنانِ دور از تہمت۔ جمع نوار کی۔ خدا تعالےٰ اور قرآن مجید کی ایک سورت کا نام بھی ہے +
نَور ع کلی۔ پھول کا غنچہ +
نوراسپہبد۔ نوراسپہبود۔ نوراسفہبد
نوراسفہبود ف نفس ناطقہ۔ روح انسانی +
نُورِ الٰہی ع خدا کا نور +
نُورانی ع منور۔ روشن۔ جس میں نور ہو +
نُوراہان ف نورہاں +
نوربخش ف روشنی دینے والا۔ روشنی بخشنے والا

نُورِ یٰسین ف رسول خدا صلعم +
نورِ چشم ف آنکھ کا نور۔ مجازاً فرزند۔ بیٹا +
نوَرد ف پیچ و تاب۔ بساط۔ فرش ہوتا ہے کی تہ جس پر کپڑا لپیٹا جاتا ہے۔ برابر۔ جنگ جھگڑا۔ لائق۔ پیراہن کا دامن۔ سوراخ لومڑی کا بل +
نوردیدن۔ نوردن ف لپیٹنا۔ تہ کرنا +
نَورس ف تازہ میوہ۔ نیا پکا ہوا۔ سلطان ابراہیم عادل شاہ کی کتاب علم موسیقی میں ہے +
نورِ عذار ف بیٹے اور مریم کا نور +
نورگستریدن ف ظاہر کرنا۔ دیکھنا۔ التفات کرنا۔ نیک کہنا +
نورِ مُبین۔ نورِ نخستین ع نبی آخر الزمان صلے اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے +
نورنجہ ف تالاب۔ چھپڑ۔ جوہڑ +
نوروز ف اوّل روز ماہ فروردیں کا یعنی جس روز کہ آفتاب نقطۂ حمل پر آتا ہے۔ یعنی ۲۲۔ مارچ کی +
نوروزِ بزرگ ف علم موسیقی کا ایک نغمہ ہے +
نوروزِ خارا ف ایک نوا کا نام ہے +
نوروزِ خاصہ ف چھٹا دن فروردین کا +
نوروزِ عامہ ف پہلا دن ماہ فروردین کا +
نوروزِ عرب ف رہاوی نام راگ کا ایک شعبہ ہے +
نُوَرندہ ف ترجمہ کسی کلام کے ایک زبان سے دوسری زبان میں یعنے بیان کرنے +
نوروزی ف وہ تحفہ جو نوروز کے دن بادشاہ کی خدمت میں لے جائیں +
نُورَہ ع چونہ قلعی۔ مشہور ہے جس سے بال اکھڑ جاتے ہیں +

نوَرہان ف تحفہ۔ سوغات۔ بخشش مزدوری۔ شعر کا صلہ +
نوری ف سفید طوطی۔ ایک سُرخ رنگ کا جانور ہے۔ زردآلو کی ایک قسم بھی ہے +
نوز ف مخفف ہنوز کا۔ ابھی۔ اب تک۔ ابھی تک +
نوزادگانِ چمن ف بیٹے بیٹے نئی شاخیں نئے پھول نئے شگوفے وغیرہ +
نوزدہ ف اُنیس۔ ۱۹۔ [illegible]۔ ۱۹
نوش ف امر ہے نوشیدن سے اور بمعنے شہد۔ شیریں۔ گوارا۔ آبِ حیات تریاق۔ زندگی +
نوشابہ ف ایک عورت کا نام ہے۔ جو ملک بُردع کی شہزادی تھی۔ آبِ حیات +
نوشاد ف ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں لوگ بہت خوبصورت ہوتے ہیں +
نوشادُر ف مشہور کھار ہے۔ نوش کے معنی تریاق۔ آذر کے معنی آگ۔ یعنے وہ تریاق جو آگ سے ہم کو ملتا ہے +
نوشِ آذر ف ایک آتش کدہ کا نام ہے +
نوِشت ف تحریر۔ لکھت +
نوِشتن ف لکھنا۔ تحریر کرنا +
نوشتن ف پینا +
نوشتہ ف لکھا ہوا۔ سند +
نوشدارو ف تریاق یعنے وہ دوا جو زہر کا اثر زائل کرے۔ سو سیائی۔ جو زہر کو اچھا کرے۔ طب کی کتابوں میں لکھا ہے کہ وہ ایک معجون ہے شیریں مزہ۔ دل کو فرحت بخشنے والی۔ معدہ کو قوت دینے والی۔ مجازاً شراب +
نوشِ گیاہ ف [illegible] ایک گھاس ہے

نوشندہ ف پینے والا +
نوشہ ف مخفف انوشہ کا۔ خوش و خرم۔ خوشحال +
نوشہ ف نوجوان بادشاہ۔ نوداماد +
نوشہر ف شہروان کے پاس ایک قصبہ ہے +
نوشیدن ف پینا +
نوشین ف گوارا۔ شیریں۔ اور مخفف نیوشین کا بھی ہے۔ اس کے معنے سُننے اور کان رکھنے کے ہیں +
نوشین روان ف جان شیریں میٹھی جان +
نوشیروان ف فارس کے ایک بادشاہ کا نام ہے۔ جس کے زمانہ میں جناب رسولِ خدا صلعم متولد ہوئے۔ یہ لفظ مرکب ہے نوشین اور رواں سے۔ یعنی میٹھی جان والا۔ بسبب اُس کے کمال عادل اور خوش خو ہونے کے۔ یا مرکب ہے۔ نو (یعنے نیا) شیر (درندہ مشہور) واں حرف تشبیہ) سے یعنی نئے شیر کی مانند۔ شیرِ جوان +
نَوط ع لٹکنا لٹکانا +
نوع ع قسم۔ اور وہ کلی جو یکساں حقیقت رکھنے والے افراد کو شامل ہو جیسے انسان کہ زید۔ عمر۔ بکر۔ خالد وغیرہ پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے +
نوعِ سافل ع سب سے نیچے کی نوع جس کے نیچے اور نوع نہ ہو +
نوعروسانِ چمن ف نوزادگانِ چمن +
نوعروسانِ روز ف کھلے ہوئے غنچے شگوفے لگے درخت +
نوغ ع ایک شہر کا نام ہے +
نوفد ف [illegible]
نوفل ع [illegible] جمع نوافل [illegible]

نیک فرجام ف نیک انجام +
نیک محضر۔ نکو محضر ف وہ شخص جو اُس کے پیچھے لوگوں کو نیک یاد کرے۔ نیک خصلت۔ نیک حضور۔ جس کا سامنے آنا اچھا شگون سمجھا جائے +
نیکو ف اچھا۔ خوب +
نیکو شمائل ف نیک خصلت +
نیکو گفت ف (بقلب اضافت) تعریف ثنا
نیکوئی ف بھلائی +
نیکی ف بھلائی۔ خوبی +
نیکی کردن و در آب انداختن ف بدون توقع عوض کے کسی کے ساتھ نیکی کرنی
نیل ع پانا۔ حاصل کرنا۔ پہنچنا +
نیل ف مشہور چیز ہے جس سے نیلا کپڑے رنگتے ہیں۔ یہ ایک پودے سے حاصل ہوتا ہے۔ جو دو تین فٹ کے قریب اونچا ہوتا ہے۔ پتے کسی قدر میتھی کے پتوں سے ملتے ہیں۔ لیکن پیچھے کی طرف ذرا چوڑے اور اوپر کی طرف گاؤدم ہوتے ہیں۔ پھول سبزی مائل گلابی اور نیل چین ملتان۔ مظفر گڈھ۔ ڈیرہ غازیخاں۔ مرشد آباد وغیرہ سے مل سکتا ہے اور نام ایک مشہور دریا کا جو ملک مصر میں ہے +
نیل بر چہرہ مالیدن ف رو سیاہ کرنا۔ رحمت سے ناامید ہونا +
نیل بزیاں رفتن ف امر غیر ممکن کو شستر دینا۔ جس کو نیل کا ماٹ بگڑنا کہتے ہیں +
نیل چشم رخم۔ نیل چشم بد ف سیاہ داغ جو واسطے دفع نظر بد کے بچوں کے چہرہ [illegible]
[illegible] +
نیل [illegible] ف آسمانی نحوست +

نیل گاؤ ف ایک قسم کا جنگلی چوپایہ ہوتا ہے +
نیلگوں ف نیلا رنگ۔ اور سیاہ رنگ۔ اور سبز رنگ کو بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ فارسی والے ان تینوں رنگوں میں کچھ فرق نہیں کرتے نیلے کو سیاہ بھی کہہ دیتے ہیں +
نیلگوں پردہ۔ نیلگوں خیام۔ نیلگوں رواق ف آسمان +
نیل پر۔ نیلفر۔ نیلوفر۔ نیلوپر۔ نیلوپرک۔ نیلوپل۔ نیلوفل ف ایک قسم کا مشہور پھول ہے جو دو قسم کا ہوتا ہے ایک شمسی جو ہندی کول گٹے کا پھول ہے۔ اور بروقت طلوع آفتاب کے کھلتا ہے۔ دوسرا قمری جو دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک نرا سفید دوسرا کبود مائل سفیدی۔ یہ دونوں شام کے وقت کھلتے ہیں اور یونانی دواؤں میں بھی کام آتے ہیں۔ اور ایک اور قسم کے پھول کو بھی نیلوفر کہتے ہیں۔ جن کی بیلیں کسی اور درخت کے اوپر الجھ جاتی ہیں۔ اور اس کا پھول نیلی رنگت کا ہوتا ہے۔ اُسے کوئل کہتے ہیں +
نیل فلک ف آسمانی نحوست +
نیل کشیدن ف داغ دینا +
نیلم ف سیاہ رنگ کا ایک جوہر ہے جو دکن اور لنکا سے آتا ہے +
نیلہ ف ہر نیلی شے عموماً اور نیلے رنگ کا گھوڑا خصوصاً۔ نیل گاؤ جو ایک جنگلی چوپایہ جانور ہے +
نیلی خیمہ۔ نیلی پردہ۔ نیلی سقف۔ نیلی دوائر۔ نیلی طبق ف آسمان +
نیم ف آدھا۔ نصف۔ ایک مشہور درخت کا نام [illegible]

نیم آدمی ف عورت سے مراد ہے۔ اسواسطے کہ مقدمات شرعی میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر سمجھی جاتی ہے +
نیم برف کشتی کے ایک داؤ کا نام ہے +
نیم بسمل ف آدھا گھائل +
نیم تاج ف ویسا ہی بنا ہوا جواہر سے جڑاؤ کیا ہوا ایک قسم کا تاج ہے +
نیم ترک ف خود +
نیم تسلیم ف خم ہو کر ہاتھ ناف تک لیجانا +
نیم تہ کردن ف کر سے پکڑ کر دے مارنا +
نیم جاں ف عاشق +
نیمچہ ف چھوٹا کپڑا یا بالاپوش۔ چھوٹی تلوار اور بندوق +
نیم خانہ۔ نیم خانہ مینا ف آسمان سے مراد ہے۔ کیونکہ کروی شکل ہے اور ہمیشہ آدھا ہی نظر آتا ہے +
نیم خوردہ ف چھوٹا کھانا +
نیم دست ف چھوٹی مسند +
نیم راست ف موسیقی کا ایک پردہ ہے +
نیم رخ ف یک رخی تصویر +
نیم رنگ ف ناقص۔ اڑا ہوا رنگ +
نیمروز ف دوپہر۔ دوپہر کا وقت۔ ملک سیستان کو بھی کہتے ہیں۔ جو ایران کی شرقی حد پر افغانستان سے متصل واقع ہے۔ اُسے زابلستان بھی کہتے ہیں +
رستم کا یہی اصلی وطن تھا +
نیم سفت ف ناتمام +
نیم سیر ف آدھا پیٹ بھرا +
نیم کار ف جو دوسرے کے آزاد [illegible] کام کرے +
نیم کارہ۔ نیم کلہ ف ناقص۔ ناتمام

شاگرد۔ مزدور +
نیم کاسہ در زیر کاسہ داشتن ف فریب کرنا +
نیم لنگ ف کمان کا چلہ +
نیم مست ف آدھا مست۔ مست باخبر +
نیمہ ف ادھورا۔ آدھا۔ طرف۔ سمت جانب۔ برقع جو منہ پر ڈال لیتے ہیں +
نیمہ قندیل ف ماہ نو۔ نیا چاند +
نیم ہلال ف لب معشوق +
نے نواز ف بانسلی بجانے والا +
نے نے ف نہیں نہیں +
نینوہ ع ایک مشہور شہر کا نام ہے جہاں حضرت یونس علیہ السلام مبعوث ہوئے۔ یہ سلطنت اسور کا پایہ تخت اور بڑا دولتمند شہر تھا۔ جس کی شہر پناہ تین منزل کی راہ تھی +
نیو ف پہلوان۔ شجاع۔ دلیر +
نیوا ف شجاعت +
نیوار ف جو۔ خلا۔ اکاس۔ زمین و آسمان کا درمیانی خلا +
نیواردن۔ نیو باریدن ف نہ بھرنا۔ اصل میں نہ او باریدن ہے۔ او باریدن کے معنے میں پر کرنا۔ بھرنا۔ نگل جانا +
نیوتش ف جماع +
نیوتور ف غرور +
نیور ف کائنات +
نیوشیدن ف سننا۔ ڈھونڈنا طلب کرنا +
نیہس ف نے کا منسوب۔ یہ نے [illegible]
تانہ نہیں [illegible] +

باب الواو

واو مہملہ مع الف

وا ف کشادہ - کھلا ہوا - جدا - آشتی - پھر - بامعنی ساتھ - وا سے کا مخفف بھی ہے +

واافتادن ف لیٹ رہنا +

وایا ف سمجھنے کی قوت - قوت فہم +

واپرداختن ف خالی ہونا - فارغ ہونا +

واپروں ف چپاتی پکانے کے لئے خمیر کو چوڑا کرنا +

وابستگاں ف وابستہ کی جمع ہے +

وابستن ف باندھنا +

وابستہ ف بندھا ہوا - متعلق رشتہ دار +

واپس ف ہٹا ہوا - لوٹا ہوا - اور کبھی بازپس اور پیچھے کے بھی آیا ہے +

واپسیں ف پچھلا - آخریں +

وابل ع باران بزرگ قطرہ - موسلا دھار مینہ - عرب کے ایک قبیلہ کا نام بھی ہے +

واپوسیدن ف منہ پھیرنا +

وات ف حرف - سخن - بات - پوستین +

واتر ف دور تر +

واتگر ف شاعر - قصہ خواں - پوستین دوز ایک نائے کا نام بھی ہے +

واثق ع پختہ - مضبوط - استوار +

واثق باللہ ع خلفائے عباسیہ میں سے ہے جو ۲۲۷ھ سے ۲۳۲ھ تک سلطنت کرتا رہا - مذہب میں معتزلہ تھا - عمارات بنانے اور زراعت کی ترقی اور شہروں کے بسانے میں بہت کوشش کی - علماء حکماء اور طلبا کی سخاوت کرتا اور ان سے صحبت رکھتا - حرمین شریفین میں بے شمار روپیہ تقسیم مساکین کے لئے بھیجا کرتا تھا +

واج ف کہہ - بگو +

واجار ف بازار +

واجب ع دائم - ہمیشہ - لازم - سزاوار ہونے والا - اور وہ جو اپنے وجود اور بقا میں محتاج دوسرے کا نہ ہو - خدائے تعالیٰ - اور تنخواہ ماہوار سے بھی مراد ہے +

واجبات ع جمع واجب کی - فرائض +

واجب الوجود ع جس کی ذات مقتضی اس کے وجود کی ہو - خدا تعالیٰ +

واجبات شرعیہ ع شرع کے واجبات - ضروری مسائل شریعت کے جو ہر ایک مسلمان کے لئے لابد اور ضروری ہیں +

واجبی ع وہ بات جو درست ہو - واجب ہو - وظیفہ - روزینہ +

واجد ع پانے والا - نئی بات نکالنے والا - وجد دینے والا +

واجستن ف ڈھونڈنا - تلاش کرنا +

واجف ع جس کا دل دھڑکتا ہو +

واچیدن ف چننا - چگنا +

واحد ع ایک - یکتا +

واخریدن ف ظاہر خریدنا - سب کے سامنے خریدنا - خریدنا +

واخواست ف مطالبہ - بازخواست - اپنا

واخوردن - پرخوردن ف ملاقات کرنا

واخیدن ف جدائی کرنا - ایک دوسرے سے جدا ہونا +

واد ف باد - ہوا - بیٹا - پسر +

وادا ف پلٹنا +

وادادن ف سب کے ظاہر میں دینا +

واداشتن ف رکھنا +

وادع ع وداع کرنے والا - رخصت کرنے والا +

وادہ ف اصل - ہر چیز کی بنا - اپنی تعریف کر کے بڑبڑانا +

وادی ع دو پہاڑوں کے بیچ کی راہ - پانی کی نالی - پست اور ہموار زمین جہاں درخت کم ہوں - اور اس پر دریا کی طغیانی کا پانی بھرا کرے - گذرگاہ دریا - صحرا - جنگل بیابان - مجازاً مقدمہ - معاملہ +

وادیاں ف بادباں - پودینہ +

وادیٔ ایمن ع وہ جنگل جس میں حضرت موسیٰ نے جلوہ الٰہی درخت کے اوپر سے دیکھا تھا چونکہ وہ جنگل حضرت موسیٰ کے یا کوہ طور کے داہنے جانب تھا - اس واسطے وادیٔ ایمن کہلایا +

وادیٔ عروس ع مکہ معظمہ کی راہ میں ایک جنگل ہے +

وادیدن ف دیکھنا +

وار ف مانند - لائق - طرح - روش - بخوبی - یہ کلمہ نسبت کا ہے جیسے سوگوار - تقصیروار - دفعہ - مہر - محبت - اور تیغ یا گرز کا بوجھ - مقدار اور لیاقت کے واسطے بھی یہ لفظ آتا ہے

وارث ع میراث لینے والا +

وارث داؤد ع حضرت سلیمان علیہ السلام

وارث تاج و نگین ف شاہزادہ - ولیعہد

وارضہ ف کاہل آدمی +

وارد ف آنے والا - قاصد +

واردات ع وہ حال جو آدمی پر گذرے +

واردن ف روٹی بیلنے کا بیلنا +

وارستگی ف آزادگی - فارغ دل ہونا +

وارستہ ف آزاد - فارغ البال

وارسیدن ف جا پہنچنا - پانا +

وارغ ف بند جو پانی کے آگے مٹی اور لکڑی سے بنایا جائے - نیم جو ایک چیز ہے جس سے سونا چاندی وغیرہ کا ٹانکا لگاتے ہیں +

وارفتگی ف مضمحل ہونا - گدازپن +

وارفتن ف جانا +

وارن - وارنج ف آرنج - مرفق +

وارون ف الٹا - نگوں - معکوس +

وارف ع کھلا ہو - ظاہر +

وازع ع باز دارندہ - سردار لشکر - حاکم - سلطان +

وازف باج +

واژگوں - واژگونہ ف برگشتہ - بدنصیب - نامبارک - منحوس +

واژوں - واژونہ ف اوندھا - الٹا برگشتہ +

واژوں بخت ف اوندھے نصیب کا آدمی - بدنصیب - بدبخت +

واس ف گیہوں کا خوشہ +

واسط ع عراق عرب میں ایک شہر ہے اور وہ وسط میں ہے اس واسطے کہتے ہیں کہ وہ بغداد اور بصرہ کے درمیان واقع ہے - وہاں کا قلم مشہور ہے سوائے اس کے چار اور قریے بھی ہیں - جن کا یہی نام ہے +

واسطہ ع درمیان - بیچ والا - ایلچی +

واسطۃُ العِقد ع موتیوں کے ہار کے بیچ میں سب سے بڑا قیمتی موتی۔ اور یعنی امام تسبیح خلاصہ ہے

واسطۂ عِقدِ النبیین ع تمام نبیوں کے امام جناب رسول خدا صلعم سے مراد ہے +

واسطۂ عقدِ نجوم ع آفتاب سے مراد ہے +

واسطی ع واسط شہر کا جیسے واسطی قلم یعنی شہر واسط کا قلم +

واسِع ع پھیلنے والا۔ وسیع +

وَالسّلام ع اور سلام پہنچے +

واسوختگی ف سوختگی۔ جلن +

واسوخت ف ایک خاص قسم کے اشعار ہیں +

واسوختن ف بیزار ہونا۔ محبوب سے ناراض ہونا۔ روگردانی کرنا۔ عشق سے ہاتھ اٹھانا اسی لفظ سے واسوخت بنا ہے +

واشامہ ف عورتوں کی اوڑھنی +

واشہ ف باشہ جو مشہور پرندہ ہے +

واشدن ف شگفتہ ہونا۔ جدا ہونا۔ تکلیف سے نکلنا +

واشی ع جھوٹا۔ دروغگو۔ سخن چین۔ لترا

واصِف ع تعریف کرنے والا +

واصفی ع ایک شاعر کا نام ہے۔ جو اپنے زمانہ میں بڑا صاحب قدرت تھا۔ اُس نے ہرات میں پرورش پائی۔ یہ ایک غزل اس کی تصنیف سے ہے۔ جو چار بحروں میں پڑھی جا سکتی ہے۔ رمل مسدس محذوف فاعلاتن۔ فاعلاتن فاعلن۔ رمل مخبون سالم صدر وابتدا محذوف فاعلاتن فعلاتن فعلن۔ سریع مقطوع مستفعلن مستفعلن فاعلات۔ خفیف مخبون مقصور فاعلاتن۔ مفاعلن فعلات +

غزل

نرگسِ جادوئے تو آہوئے چین
نافۂ آہوئے تو خالِ جبیں۔
ہندوئے گیسوئے تو حامئ کفر
غمزۂ خوئے تو ماحئ دیں +
صورتِ ابروئے تو قبلہ نماد
ساجدِ ابروئے تو روئے زمیں
یک سرِ موئے تو درملک جہاں
یک گُلِ روئے تو در خُلد بریں
واصفی از حدِ تو دیوانہ است
مضطرب از خطِ تو زار و حزیں

واصِل ع ملنے والا۔ ملاقات کرنیوالا +

واضِح ع روشن۔ آشکارہ۔ کھلا ہوا۔ ظاہر +

واضِع ع کسی چیز کا اُس کی جگہ پر رکھنے والا۔ ترتیب دینے والا۔ پیدا کرنے والا۔ بنانے والا +

واضعِ چار کتاب ف حق تعالٰے جس نے توریت۔ زبور۔ انجیل۔ قرآن کو حضرت موسٰےؑ۔ حضرت داودؑ۔ حضرت عیسٰےؑ۔ حضرت محمد مصطفٰےؐ صلعم پر نازل کیا +

وَاعجبا۔ واعجباہ ع مقام افسوس پر کہتے ہیں۔ اے عجب +

واعِد ع وعدہ کرنے والا +

واعِظ ع نصیحت کرنے والا +

واعی ع نگہبان۔ یاد رکھنے والا۔ نگہ رکھنے والا +

واعِیہ ع یاد رکھنے والی۔ نگہ رکھنے والی۔ حافظ۔ نگہبان۔ فریاد کنندہ +

واف ف بلبل خوانندہ +

وافِد ع قاصد۔ کسی کے سامنے جانے والا۔ شتر سوار +

وافِر ع بہت۔ کثیر +

وافی ع پورا۔ تمام و کامل +

وافی الحسب ع وہ شخص جو مال اور دین اور علم اور سب کمالات میں کامل شرف رکھتا ہو +

واقِصہ ع مکے کے راہ میں ایک منزل ہے

واقِع ع ہونے والا +

واقِعات ع جمع ہے واقعہ کی +

واقع شدن ف واقع ہونا۔ ہونا۔ مجازاً دوچار ہونا +

واقع نگار ف حالات کا لکھنے والا۔ اخبار نویس۔ اڈیٹر۔ کارسپانڈنٹ +

واقِعہ ع سپنا۔ خواب۔ جنگ۔ حادثہ۔ سختی۔ قیامت۔ مرنا۔ حال۔ کار۔ قرآن کی ایک سورت کا نام بھی ہے +

واقعہ طلب ف مفسد۔ جنگجو۔ لڑاکا۔

واقعی ع درست۔ ٹھیک۔ فی الواقع منسوب بہ واقع +

واقِف ع کھڑا ہونے والا۔ جاننے والا۔ آگاہ۔ خبردار +

واقف گشتن از چیزے ف مطلع ہونا۔ خبردار ہونا +

واقِفیّت ع جان پہچان۔ علم +

واقی۔ واق ع نگاہ رکھنے والا۔ بچانے والا +

واق سب واک ف سیاہ رنگ کا ایک پرندہ ہے جو دریا کے کنارے رہتا ہے +

واکردن ف کھول دینا۔ فارغ کر دینا +

واگرفتن ف چھین لینا۔ واپس لے لینا +

واگرنہ ف اور نہیں تو +

واکشیدن ف لیٹنا +

واکشیدن چیزے راف ز دزیبا حیلہ سے اُس شے کو حاصل کرنا +

واگویہ ف بات چیت۔ چہ چہ +

واگیر ف پہلوانوں کی ایک طرح کی ورزش ہے +

وال ف ایک طرح کی مچھلی ہے +

وال ع پناہ۔ پناہ لینا +

والا ف بلند۔ بلند رتبہ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا بھی ہے +

والّا ع اور نہیں تو +

والا جاہ ف بلند رتبہ +

والاد ف چھت۔ سقف۔ گنبذ اور طاق کا کالبد۔ مٹی کی عمارت۔ رنگین عمارات پکی اینٹوں اور پتھروں سے بنی ہوئی دیوار +

والان ف سونف۔ بادیان +

والانہ ف زخم۔ ریش +

والِد ع باپ۔ جننے والا +

والِدہ ع ماں۔ جننے والی +

والِدین ع ماں باپ

وَالّذی لم یُخلق مثلہا فی البلاد قرآن شریف میں والتی لم یخلق الخ ہے۔ معنے اس کے اور وہ ایسا ہے کہ نہیں پیدا کیا گیا اُس جیسا شہروں میں۔ یہ آیت ارم کی صفت میں واقع ہوئی ہے +

والغورکی مب سفیر روس کا نام ہے جو ایران میں متعین تھا +

والغونہ ف غازہ۔ گلگونہ +
والمیدن ف لیٹنا +
والہ ع صیغۂ اسم فاعل کا ہے۔ بمعنی شیفتہ۔ سرگشتہ۔ عاشق۔ مفتون۔ ل پر فتح پڑھنا غلط ہے +
والہ ف بمعنی والا۔ سیرکلام میں مبالغہ کرنا +
واللہ ع قسم خدا کی +
وَاللّٰہُ اَعْلَم ع و ۔ خدا خوب جانتا ہے +
وَالی ع دوست۔ حاکم۔ مالک۔ قریب۔ رشتہ دار۔ نوشہ
وَالیِ سپہرِ پنجم ف ستارۂ مریخ جو پانچویں آسمان میں ہے +
وَالیِ عقرب ع ستارۂ مریخ سے مراد ہے۔ اسواسطے کہ برج عقرب خانۂ مریخ کا ہے
وام ف قرض۔ رنگ +
وامان ف بقا۔ قیام +
واماندگاں ف وامانده کی جمع ہے +
واماندن ف پیچھے رہنا۔ باقی رہنا۔ عاجز ہونا
وامانده ف پیچھے رہا ہوا۔ تھک کر رہ گیا ہوا عاجز۔ بچا ہوا کھانا۔ جھوٹا کھانا +
وام خواه ف قرض خواه +
وام دار۔ وامی ف قرضدار +
وامران ف مامیرہ جو آنکھوں کی بہت عمدہ دوائی ہے +
وام زمین ف مٹی کا وہ ذرّہ جس سے آدمی کا پتلا بنا ہوا ہے +
وامق ع عذرا کے عاشق کا نام ہے۔ اور بمعنے عاشق۔ دوست دارنده۔ چاہنے والا +
وال ف شروان کے پاس یا ترکستان میں ایک شہر ہے۔ بشبیہ۔ مانند +
وانگریستن ف دیکھنا +
وانمودن ف ظاہر کرنا +

وانِ یکاد ع آیت وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ کی طرف اشارہ ہے جو دفع نظر بد کے واسطے اکسیر کا حکم رکھتی ہے +
واویلا ف افسوس۔ مجازاً فریاد +
وَاہ۔ وَیہ ع چہ خوش۔ چہ خوب +
وَاہِب ع بخشنے والا +
وَاہِلہ ع نوح علیہ السّلام کی بیوی کا نام ہے +
واہِم ع وہم کرنے والا +
واہِمہ ع وہم کی قوت۔ وہ قوّت جو معنی جزیات کا ادراک کرے جو محسوسات سے متعلق ہیں۔ جیسے صداقت اور عداوت وغیرہ۔ بعض محققین کی رائے یوں ہے کہ واہمہ کا کام یہ ہے۔ کہ دیکھے اور ان دیکھے اور سچّے اور جھوٹے سب طرح کے نقش اور صورتیں دکھائے خواہ وہ چیزیں عالم صورت میں پائی جائیں یا نہ پائی جائیں۔ جیسے ہزار آفتاب نکلے ہوئے وہم میں دکھلائے۔ حالانکہ سورج ایک سے زیادہ نہیں۔ بخلاف اور قوتوں کے یہ قوت تابع عقل کے نہیں ہے۔ چنانچہ اگر کوئی شخص اکیلا کسی اندھیری کوٹھری میں ایک مردہ کے پاس بیٹھا ہو۔ تو ہر چند عقل بھی کہیگی کہ وہ مردہ اینٹ پتھر کی طرح جماد (بے جان شے) ہے۔ اُس سے خوف نہ کرنا چاہئے۔ لیکن قوّتِ واہمہ وسوسے پیدا کریگی اور اُس شخص کو ڈرائیگی +
واہ واہ ف بہت خوب۔ کلمہ تحسین کا ہے +

واہی ع سست۔ بیہودہ بات +
واہی العُرا ع دست آویز +
واہِیہ ع از ہم اُفتادہ +
وایے ف افسوس ہے۔ باولی جو ایک قسم کا کنُواں ہے جس میں زینہ بنا ہوا ہوتا ہے۔ اور ان کے ذریعہ نیچے جا کر پانی لے سکتے ہیں + گمراہ +
وائِل ف عرب کے ایک قبیلہ اور ایک گاؤں کا نام ہے +
وایا۔ وایست۔ وایہ ف خواہش آرزو۔ حاجت۔ مراد۔ مجازاً مقدمہ۔ ہر روز کی معمولی خوراک +

واو مہملہ مع بائے موحدہ

وَبا ع موت۔ عام موت جو ہوا کے فاسد ہو جانے کے سبب ہوتی ہے +
وَبال ع سختی گرانی۔ عذاب۔ بوجھ اور وبال کسی ستارہ کا جیسے آفتاب کا وبال دلو میں ہوتا ہے۔ اور قمر کا جدی میں۔ اور عطارد کا قوس اور حوت میں اور زہرہ کا عقرب اور حمل میں۔ اور مریخ کا میزان اور ثور میں اور مشتری کا جوزا اور سنبلہ میں اور زحل کا سرطان اور اسد میں +
وَبر ع بلّی کے مشابہ ایک جانور ہوتا ہے
وَبَر ع اون۔ پشم +
وبروک ف چیستان۔ پہیلی +
وبیص ع چمکنا +

واو مہملہ مع تائے فوقانی

وَت ف پوستین +

وَتَد ع لکڑی کی میخ۔ کیلی۔ کیلا۔ علم عروض میں وتد سہ حرفی کلمہ کو کہتے ہیں۔ اگر دو حرف ہوں اوّل اُس کے متحرک اور تیسرا حرف ساکن ہو جیسے سخن اور چمن میں تو اس کو وتد مقرون یا وتد مجموع کہتے ہیں۔ اور اگر حرف اوّل اور حرف آخر متحرک ہو۔ اور حرف میانہ ساکن تو اُس کو وتد مفروق کہتے ہیں۔ جیسے نیز تن کے تینوں حرف ہیں اول میں تے متحرک ہے۔ اور ر ساکن۔ اور پھر ۃ متحرک ہے اور اوّل کو وتد مجموع یا مقرون اس واسطے کہتے ہیں کہ اُس کے دو حرف متحرک باہم گرپیوستہ اور مجتمع ہیں اور لغت میں مجموع کے معنے جمع کردہ شدہ کے اور مقرون کے معنے پیوستہ ہیں اور دوسرے کو مفروق اس لئے کہا کہ اُس کے حروف متحرک متفرق ہیں۔ اور لغت میں مفروق فرق کردہ شدہ کو کہتے ہیں +
وِتر ع تنہا۔ طاق +
وَتَر ع کمان کی زہ۔ چلہ +
وَتَک ف سلوسے جو ایک جانور ہے +
وتگر ف پوستین دوز +
وَتنگر ف انگور کا دانہ + یا بیج
وَتیرہ ع راہ۔ روش۔ اصل۔ دستور
وَتین ع وہ رگ جس سے دل متعلق ہے +

واو مہملہ مع ثائے مثلثہ

وَثاق ع بند۔ قید +
وِثاق ع گھر۔ خانہ +
وُثوق ع اعتبار +
وَثَن ع پتھر یا کسی اور چیز کا بت +

وثنی ع بت پرست +
وثوق ع استواری۔ اعتماد +
وثیق ع استوار۔ مضبوط +
وثیقہ ع استواری۔ عہد و پیمان +
عہدنامہ۔ اقرارنامہ +

واؤ مہملہ مع جیم عربی

وج ع ایک دوا کا نام ہے +
وجا ع ترس۔ ضعف۔ غم۔ کشیدگی لگانا۔
وجاء ع خصی کرنا +
وجار ع بھیڑیئے اور کفتار کے رہنے کی جگہ
وجاہت ع خوبروئی۔ غیرت۔ چہرہ
کا روشن ہونا +
وجب ع بالشت۔ بچائی گرہ +
وجب کردن ف بالشت سے ماپنا +
وجد ع توانا ہونا۔ تونگر ہونا۔ پانا +
وجد ع غمگین ہونا۔ شیفتہ ہونا +
اصطلاح صوفیہ میں وہ حالت و کیفیت
جو یاد الٰہی میں دل پہ چھا کر انسان
کو بیخود کردے۔ ذوق اور شوق
کی حالت +
وجدان ع گم شدہ کو پانا۔ جاننا۔ دریافت کرنا
وجد کردن ف مستی اور شوق کی
حالت میں حرکت کرنا +
وجر ف فتوے۔ حاکم شرعی کا حکم
وجر گر ف مفتی۔ فتوے دینے والا +
وجع ع درد۔ دکھ۔ بیماری +
وجل ع ڈرپوک۔ وہ شخص جو بسبب
وہم کرنے کے خائف رہے +
وجل ع ڈرنا۔ خوف کرنا +
وجنات ع جمع وجنہ کی +

وجنگ ف چونچ +
وجنہ ع آدمی کے گال جو موٹے موٹے
اور ابھرے ہوئے ہوں۔ اور وہاں بال
داڑھی کے نہ نکلیں۔ یعنے آنکھ
کے نیچے ناک کے پہلو کی جگہ۔ مجازاً
گال۔ رخسار +
وجوب ع واجب ہونا۔ لازم ہونا۔
لائق ہونا۔ ذات کا اپنے وجود کا اقتضا
کرنا۔ اور اس کا ممکن ہونا۔ کبھی اس سے
ذات حق تعالیٰ مراد ہوتی ہے +
وجود ع مطلب حاصل ہونا۔ پانا۔ ذات
ہستی۔ زندگی۔ مجازاً جسم۔ بدن +
وجود ساز معاون ف سورج +
وجود عنقا دار ف نایاب کی تشبیہ
وجود نہادن چیزے را ف
کسی لائق سمجھنا اس شے کو۔ کسی قابل
جاننا +
وجور ع رقیق دارو جو حلق میں چوائیں +
وجوہ ع جمع وجہ کی۔ سردار
اور بزرگ لوگ +
وجہ ع رو۔ چہرہ۔ طریقہ۔ طور۔ برابر
روبرو۔ ذات۔ حقیقت کسی چیز کی۔
اور وہ چیز جس کے سبب معاش پیدا
کریں۔ جیسے زمین۔ مشاہرہ وغیرہ۔
سوئے۔ جانب۔ طرف +
وجہۃ ع طرف۔ قبلہ۔ جس کی طرف
منہ کیا جاوے +
وجہ معاش۔ وجہ معیشت ف
وہ چیز جس کے سبب معاش پیدا کریں
جیسے تنخواہ۔ زمین وغیرہ +
وجیز ع کوتاہ۔ مختصر +

وجیع ع دردمند۔ دکھ دینے والا +
وجیہ ع مرد صاحب جاہ۔ مرد خوبصورت
خوشنما شے +

واؤ مہملہ مع حاے مہملہ

وحدان ع جمع واحد کی +
واحدانیت ع واحد ہونا۔ ایک ہونا
وحدت ع یگانہ ہونا۔ تنہائی۔ ایک ہونا
وحدت ارادی ع ایک دل ہونا
آدمیوں کا اپنے ارادہ سے بدوں جبر کے جیسے
ایک نبی کی امت کے لوگ ہوتے ہیں +
وحدت قہر ع وہ وحدت جو بسبب
قرار و غلبہ پادشاہ کے لوگوں میں حاصل
ہوجائے۔ جیسے نوکروں میں ہوتی ہے +
وحدت الوجود ع سب موجودات کو
وجود حق تعالیٰ کا سمجھنا +
وحدت پیشہ ف موحد +
وحدت نوعی ع بسبب ایک نوع
ہونے کے جو وحدت حاصل ہو جیسے
انسان کے افراد میں ہے +
وحش ع جمع وحشی کی جنگلی جانور +
وحشت ع آدمیوں سے نفرت جیسے
جانوروں میں ہوتی ہے +
وحشی ع جنگلی جانور۔ جو آدمیوں سے
بھاگ جاوے +
وحل ع کیچڑ اور وہ زمین جو پانی کے
سبب نرم ہوگئی ہو +
وحوش ع جمع وحش کی جانوران صحرائی
جنگلی جانور جو آبادی سے دور رہیں +
وحی ع پیغام خدا۔ سخن نرم +
وحید ع یگانہ۔ یکتا۔ تنہا +

وحی منزل ع قرآن مجید +

واو مہملہ مع خاے معجمہ

وخ ف واہ واہ +
وخامت ع ناموافقت۔ دشواری۔ گرانی
وخر ف جگہ۔ مکان۔ مقام +
وخش ف ترکستان میں ایک شہر ہے +
وخش ف ایک مرض کا نام ہے جو گھوڑے
اور گدھے کے پاؤں میں ہوتی ہے۔
اور اس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے +
وخشور ف پیغمبر۔ رسول +
وخشور پسند۔ وخشور نہاد ف
شریعت +
وخم ع ناسازگار۔ ناموافق +
وخ وخ ف واہ واہ +
وخیم ع دشوار۔ گراں۔ ناگوار۔ بد۔
زشت۔ خراب +

واے مہملہ مع دال مہملہ

ودف عاقل اور دانشمند۔ حکیم۔ گرم +
ود ع دوستی۔ دانا +
ود ع نوح علیہ السلام کی قوم کے بت کا
نام ہے۔ جو مرد کی شکل کا تھا +
وداد ع دوستی۔ محبت +
وداج ع گردن کی رگ +
وداع ع رخصت کرنا۔ فارسی والے
بکسر اول بھی پڑھتے ہیں +
وداغ ف آگ۔ آتش +
ودائع ع جمع ودیعت کی۔ امانتیں +
ودغ ع سنگہ +
ودود ع دوست۔ خدا تعالیٰ کا نام بھی ہے

وَولیعت ع امانت - ودیعہ +

واو مہملہ مع رائے مہملہ

ورف سبعنی واگر سبق - اطفال کا تختہ جس سے معلم تعلیم کرتے ہیں - گرمی - حرارت +
وُراف مخفف اوراک +
ورا - ورے ع مخلوقات از قسم جن وانس - دنیا +
ورا ع پیچھے - عقب - جانب - سوا - بدون +
وراثت ع مردہ کے مال کا وارث ہونا +
وراروو - ورازوو ف ماوراء النہر +
وراز - وتراز ف گراز - خوک نر +
وراغ ف آگ کا شعلہ - روشنی +
وراق ع کاغذ کاٹنے والا - دولتمند آدمی - لکھنے والا +
وَراق ع گھاس اور نباتات کے سبب سبزی زمین کی +
ورام ف ہلکی پھلکی شے - ملک روم میں ایک شہر بھی ہے +
ورانبر ف اس پار - اس طرف +
ورائے پست و بلند ف آسمان +
ورپوشنہ - ورپوشہ ف اوڑھنی +
ورست ف ننگا - نیم برہنہ - عریاں +
ورتاج ف آتش پرست - آفتاب پرست - سنیاسی - کلک جنیودار +
ورتیج ف سوٹے جو ایک پرندہ ہے چکوٹ - آسمان +
وَرثہ ع جمع وارث کی - میراث پانے والے لوگ +
ورج ف قدر - مرتبہ - بزرگی - سخت - کھوٹا +
ورجج ف زبون - پلید +
ورخرچ ف فضول خرچ - زیادہ خرچ کرنے والا +
ورخش ف وہ ورم جو ناخن کی جڑ میں ہو +
ورخوردن ف ملنا - ملاقی ہونا +
ورد ع گل سرخ - گلاب کا پھول +
وَرد ف شاگرد - مرید +
وِرد ع ہر روز کا کام - پانی پینے کی جگہ - ہر روز کا وظیفہ +
وِردان ف ورد کی جمع ست تولول +
وردک ف جو چیز پیچ پیچ کر دیا جاتا ہے +
وردھرلے ع گلقند +
وردوک ف چوپ پیچ جبیرہ +
وردہ ف برج - برج کبوتر +
وردی ع گلاب کے رنگ کا +
ورزاد - ورگاؤ ف بیل جس سے ہل باہتے ہیں +
ورزش ف ڈنڈ پیلنا - کسرت کرنا - ریاضت - کاشتکاری - زراعت +
ورزگن ف پانی بھرا ہوا کوزہ +
ورزکار - ورزی ف زراعت کرنے والا - کاشتکار - کسان +
ورزیدن ف اختیار کرنا - مشق کرنا +
ورس ف جوار +
ورسا ف ظریف اور مقطع آدمی +
ورستاد - ورستاق ف وظیفہ - مشاہرہ جو کسی غریب کو اداکی ملے +
ورستان - ورستان ف کسی پیغمبر کی امت +
ورسنگ ف جبیبا - ترازو کا پلڑا +
ورطہ ع ہلاکت کی جگہ - وہ زمین جس میں راہ نہ ہو - مجازاً پانی کا بھنور +
ورع ع پرہیزگاری +
ورِع ع پرہیزگار - پارسا - نیک آدمی +
ورغلانیدن ف بہکانا +
ورقان ف شفاعت کرنے والا - شفیع +
ورق ع درخت کا پتا - ورق کاغذ +
وَرِق ع چاندی کا درم رائج وقت +
وُرق ع ورقاء کی جمع ہے +
ورقا ع فاختہ - کبوتر +
ورق الخیال ع بھنگ - بھنگ +
ورق آفتاب ف محبوب کا رخسار +
ورق باد ف زبان - لسان +
ورق چیزے خواندن ف اس چیز کا احوال اور اوصاف بیان کرنا +
ورق خام ف دفتر کا وہ کاغذ جو محکوک اور مشکوک ہو +
ورق را دفتر ساختن ف اکٹھا کرنا - جمع کرنا +
ورق در نوشتن ف سٹا کرنا +
ورق ریختن ف مات کرنا - خراب کرنا +
ورق گردانیدن ف بیہودہ کام کرنا - لغو حرکت کرنی - اپنی بے علمی کے عیب کو چھپانا - اپنی قدیمی وضع کو یکدفعہ ہی بدل دینا +
ورق کسے در نوشتن ف اسے بے نام و نشان کر دینا - مغلوب کر لینا +
ورق ورق گشتن ف خوب مطالعہ کرنا +
ورقہ ف گل شاہ کے عاشق کا نام ہے +
ورقہ ع کریم خسیس +
ورک ع چوتڑ - کولا - سرین +
ورکو - ورکونا ف عراق عجم میں ایک شہر ہے جو پہاڑ پر بستا ہے اور اس کے چاروں طرف چشمے جاری ہیں +
ورل ف سقنقور اور سوسمار کے مشابہ ایک جانور ہے +
ورلنگ زدن ف بھاگ جانا +
ورم ع سوج - جسم کا بیماری کے سبب پھول جانا +
ورمال زدن ف جان کے خوف سے بھاگ جانا +
ورمالیدن ف ازار کے پائنچے یا کپڑے کی آستین کو اوپر اٹھانا - بھاگ جانا +
ورماندگی ف پیٹ کا درد +
ورنا ف برنا - جوان +
ورناک ف کشمیر میں ایک چشمہ ہے جس سے دریائے جہلم نکلتا ہے +

ورنامہ ف سرنامہ عنوان +
ورنم نہادن ف کسی کو قتل کرکے زمین میں گاڑ کر اس پر پھول بو دینے۔ نظر سے غائب ہو جانا +
ورنہ ف اور نہیں تو +
ورواره ف بالاخانہ۔ غرفہ +
وُرُود ع وارد ہونا۔ نازل ہونا۔ اترنا داخل ہونا۔ آنا +
ورہ ف بے وقوف۔ احمق +
ورید ف گردن کی رگ +

واو مہملہ مع زائے معجمہ

وزارت ع وزیر ہونا۔ وزیری
وزان ف روان۔ چلتا ہوا کا +
وزّان ع بہت تولنے والا +
وُزّان ع وزان کی جمع ہے +
وِزر ع گرانی بوجھ۔ گناہ۔ ہتھیار۔ اِس کی جمع اوزار آتی ہے +
وُزرا ع جمع وزیر کی +
وَرزش ف حاصل مصدر ورزیدن کا +
وَزَغ۔ وزغہ ع گرگٹ۔ چھپکلی +
وزرگ ف برزگر +
وزق ور آستین ف میلا کچیلا آدمی۔ فتنہ پرداز۔ تکمیتی +
وزق وزین کردن ف فتنہ اٹھانا +
وَزن ع تولنا۔ بوجھ۔ اندازہ +
وزن برخویشتن گذاشتن ف اپنے تئیں بڑا سمجھنا +
وزن سنگ ف قدر و قیمت تمکین و وقار
وزیدن ف ہوا کا چلنا +
وزیدن بو ف بو کا منتشر ہونا۔ پھیلنا +
وَزیر ع باربرداری کا شریک۔ بوجھ بٹانے والا۔ چونکہ سلطنت کے کام کا بوجھ اٹھانے میں وزیر بھی بادشاہ کا شریک ہوتا ہے۔ اِس واسطے اس عہدہ دار کا نام وزیر رکھا گیا +
وزیر مختار ع سلطنت کے سفیر سے مراد ہے جو بااختیار ہوتا ہے +
وزیری ف انجیر کی ایک قسم ہے ایک شاعر کا تخلص بھی ہے +

واو مہملہ مع زائے فارسی

وَژن ف کثافت۔ نجاست +
وژول ف گلہ۔ شکوہ۔ شور وغوغا +
وژولیدن ف شور کرنا۔ تقاضا کرنا برانگیختہ کرنا +
وژه ف وجب۔ بالشت +

واو مہملہ مع سین مہملہ

وِسادہ ع تکیہ۔ بالش۔ بالین +
وَساطت ع درمیان ہونا۔ وسیلہ کرنا واسطہ ہونا +
وَسالت ع وسیلہ ہونا۔ ذریعہ بن وسیلہ بنّن
وَسامت ع خوبی۔ زیبائی +
وَساوس ع جمع وسوسہ کی۔ وسواس +
وسائد ع جمع وسادہ کی +
وسائط ع جمع واسطے کی +
وسائل ع جمع وسیلہ کی +
وَستا ف خدا کی ثنا۔ حمد الٰہی +
وَستی ف شرح۔ ترجمہ +
وُسد ف مرجان +
وَسخ ع چرک میل +
وَسْط ع درمیان۔ ہر چیز کا بیچ +
وسط ع میانہ۔ بیچ کی راس کا +
وُسطیٰ ع بیچ کی انگلی۔ انگشت میانگی (اوسط کی مؤنث)
وُسع ع فراخی۔ دسترس۔ توانائی +
وُسعت ع فراخی۔ چوڑاپن +
وَسکرده ف وہ شخص جو کام جلدی کر لیا کرے۔ چالاک۔ پھرتیلا +
وَسم ع نشان کرنا۔ عیب اور نشان اور داغ
وسمت ع داغ کرنا۔ مجازاً تہمت کرنا +
وسمہ ع نیل کے درخت کے پتے جو بالوں کے سیاہ ہونے کے لئے لگاتے ہیں +
وسمی ع موسلا دھار مینہ +
وَسَن ع نیند۔ غنودگی۔ اونگھنا +
وسن ف آلودہ آلائش۔ آلودگی +
وَسِن ع خفتہ۔ سویا ہوا +
وسنی ف سوت۔ دو جورویں جو ایک خاوند کی ہوں۔ تو وے دونوں آپس میں وسنی یعنے سوت کہلاتی ہیں +
وسواس۔ وَسوسہ ع وہم وسوسہ +
وسیت ع نزدیکی۔ دست آویز +
وسیط ع وہ شخص جو نسب میں میانہ یا محل رفیع میں ہو۔ عالی نسب +
وسیع ع فراخ۔ چوڑا +
وسیع الفضا ع وہ مکان جس کا صحن بہت لمبا چوڑا ہو +
وسیلہ۔ وسیلت ع ذریعہ واسطہ +
وَسیم ع خوب صورت۔ نشان کردہ شدہ +

واو مہملہ مع شین معجمہ

وَش ف خوب۔ خوش۔ مانند۔ ترکستان میں ایک شہر ہے۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا بھی ہے۔ پگڑی کا شملہ +
وُشات ع جمع واشی کی +
وِشاح ع ہار۔ بدّھی۔ گلوبند +
وشاق ت غلام۔ خدمتگار۔ غلام سادہ رو۔ لونڈی۔ کنیز +
وشاقان چمن ف پھولوں کے درخت نئے لگائے گئے درخت +
وشرک ف دار و باندھنے اور رکھنے کا کا کپڑا۔ باکیسہ +
وَشت ف خوب۔ خوش +
وشتا ف ژند کی شرح کا نام ہے جو آتش پرستوں کی کتاب ہے +
وَشتن ف ناچنا۔ رقص کرنا +
وشق ت ترکستان میں ایک جانور ہوتا ہے۔ جس کے چمڑے کی پوستین بناتے ہیں۔ پوستین +
وَشق ع ایک اونٹ کا بوجھ۔ ایک قسم کی پوستین بھی ہے +
وُشق ع وشاق کا مخفف ہے +
وشکرده ف تجربہ کار۔ عاقبت اندیش کام کو چستی و چالاکی سے کرنے والا +
وشکردیدن۔ وشکریدن۔ وشکلیدن۔ وشکولیدن ف کام کو چستی چالاکی اور جلدی سے کرنا +
وشکل ف گوسفند +
وشکلہ ف خوشہ سے جدا انگور کا دانہ +
وشکنہ۔ وشنگہ ف آلہ تناسل۔ قضیب +
وَشل ف تھوڑا پانی

وشمک ف جوتی چمڑے کی جوتی +
وشن ف آلودہ ۔ آلائش +
وشن ف ہندوؤں کے اعتقاد میں ان کا ایک پیغمبر ہوا ہے +
وشی ع ایک قسم کا ریشمی کپڑا ہے جو منسوب ہے شہر وش سے + چھینٹ
وشیک ع جلدی کرنے والا ۔ قاصد تیز رفتار +
وشینہ ف جوشن +

واو مہملہ مع صاد مہملہ

وصاف ع بہت تعریف کرنے والا +
وصال ع ملنا ۔ ملاقات کرنا +
وصال ع جمع واصل کی +
وصال ع بہت ٹانکے لگانے والا +
وصایا ع جمع وصیت کی +
وصب ع بیماری ۔ رنج +
وصعہ ع جواب یا نک +
وصف ع گن ۔ تعریف ۔ خوبی +
وصل ع ملاقات ۔ معشوق سے ملنا +
وصلہ ع کاغذ یا کپڑے وغیرہ کا ایک ٹکڑا
وصلہ ع پیوند ۔ خویشی ۔ اپنایت +
وصمت ع عیب +
وصول ع پہنچنا کسی کا کسی دوسری چیز کے پاس ۔ واصل ہونا +
وصی ع وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو ۔ کنایۃً مراد حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ہے +
وصیت ع مرتے وقت یا سفر کرتے وقت جو کچھ کوئی شخص کہے کہ میرے پیچھے اس طرح پر کرنا وہ وصیت ہے
نصیحت +
وصید ع آستانہ ۔ چوکھٹ +
وصیف ع خدمتگار ۔ خواہ غلام ہو خواہ کنیز +
وصیفہ ع باندی ۔ کنیز +
وصیلہ ع عمارت ۔ فراخی ۔ ارزانی ۔ گروہ ہمسفر ۔ تیغ ۔ عرب میں ایام جاہلیت میں اُس بکری کو کہتے تھے ۔ جو سات بار بچہ مادہ جنتی اور آٹھویں بار نر اور مادہ ملکر جنتی ۔ اُس بکری کو آزاد کر دیتے تھے +

واو مہملہ مع ضاد معجمہ

وضاءت ع پاکیزگی ۔ خوبی +
وضاح ع بہت روشن ۔ آشکارا + مرد سپید و نیکو رنگ ورو +
وضاحت ع واضح کرنا ۔ روشن کرنا ۔ آشکارا کرنا ۔ کھولکر بیان کرنا +
وضع ع وہ بچہ جو ایام حیض سے دو چار دن پہلے رحم مادر میں قرار پکڑے اور نطفہ اُس کا بن جاتا ہے +
وضع ع رکھنا ترتیب دینا ۔ بنانا ۔ طرز روش +
وضع حمل ع جننا ۔ جننے کے وقت حمل کا گرنا +
وضع جنگ ۔ وضع کرخت
وضع ناگوار ف طرز ناخوش ۔ بُری روش +
وضع کردن ف بچہ جننا ۔ رکھنا ۔ حساب سے خارج کرنا +
وضو ع منہ دھونا ۔ مجازاً نماز کے لئے خاص خاص مقامات معینہ کو قاعدۂ اسلام کے موافق دھونا +
وضوع وہ پانی جس سے وضو کریں ۔ وضو کرنے کا برتن +
وضیع ع نالائق ۔ ہیچ ۔ کمینہ ۔ ادنٰے ناکس +
وضیمہ ع ضیافت ماتم +

واو مہملہ مع طاے مہملہ

وطا ع لتاڑنا ۔ پائمال کرنا +
وطاء ع کسی کے ساتھ موافقت کرنا ۔ بستر نہالئیں ۔ لباس +
وطر ع حاجت +
وطن ع آدمیوں کے رہنے کی جگہ +
وطواط ع ابابیل ۔ پرستوک فارسی زبان کے ایک شاعر کا تخلص بھی ہے جس کا نام رشید الدین محمد بن عبد الملک ہے عالی درجہ کا شاعر ہے ۵۷۸ھ میں فوت ہوا +
وطی ع جماع کرنا عورت سے صحبت کرنا پائمال کرنا +

واو مہملہ مع ظاے معجمہ

وظائف ع جمع وظیفہ کی +
وظیفہ ع وہ چیز جو ہر روز کے واسطے مقرر ہو ۔ راتبہ ۔ روزینہ ۔ معمولی چیز +
وظیفہ خور ۔ وظیفہ خوار ف راتبہ خوار +

واو مہملہ مع عین مہملہ

وعا ع برتن ۔ ظرف +
وعاظ ع جمع واعظ کی +
وعدہ اقرار کرنا ۔ نیکی کرنیکا اقرار کرنا مجازاً اقرار خواہ نیک ہو یا بد +
وعدۂ حق رسیدن ف عمر کا ہو چکنا موت کا قریب آنا +
وعدہ خلاف ع وہ شخص جو اپنا اقرار پورا نہ کرے +
وعدہ گاہ ف وہ جگہ جہاں باہم اقرار کریں
وعظ ع پند ۔ نصیحت +
وعود ع جمع وعدہ کی +
وعور ع اترنے یا گذرنے کی مشکل جگہ +
وعوع ع کتے کی آواز ۔ گیدڑ اور بھیڑیئے کی آواز +
وعید ع بد وعدہ ۔ سزا دینے کا وعدہ +

واو مہملہ مع غین معجمہ

وغا ع لڑائی ۔ جنگ ۔ شور ۔ غوغا +
وغد ع ناکس کمینہ ۔ نالائق ۔ خدمت کرنا +
وغدف بینگن ۔ بادنجان +
وغستن ف ظاہر کرنا +
وغوغ ف مینڈک کا ٹرانا +
وغیر ذالک ع وغیرہ اور سوا اس کے +
وغیرہ ع اور سوا اس کے +
وغیرہما ع اور سوا ان دونوں کے +
وغیرہم ع اور سوا ان سب کے +

واو مہملہ مع فاے معجمہ

وفا ع عہد کا پورا کرنا ۔ دوستی کا نباہنا ۔ بجالانا ۔ پورا کرنا +
وفات ع پورا ہو جانا زندگی کا ۔ مرنا ۔ موت +
وفات شاہزادہ پرویز ف اس فقرہ کے حروف کے اعداد بحساب ابجد کے ۱۰۳۶ نکلتے ہیں اور یہ شاہزادہ پرویز کی وفات کا سال ہے ۔ جو جہانگیر کا بیٹا تھا +
وفادار ف نمک حلال جو وفا کرنیوالا ہو +

وِفَادت ع ایلچی ہونا - ایلچی گری - قاصدی
وِفَاق ع موافقت کرنا - سازگاری کرنا - موافقت - سازگاری +
وِفَاقت ع موافقت کرنا - سازگاری +
وفا کردن ف پورا کرنا - ادا کرنا +
وَفد ع وافد کا اسم جمع ہے +
وَفر ع بہتایت - زیادتی +
وَفقِ عدد ع نمبروں کا نقش - گنڈیوں کی چھوٹی جدول جس میں لکھ کر تعویذ رکھ لیتے ہیں +
وَفق ع موافق - سازوار - مطابق - علم حساب میں دو عدد جو کسی دوسرے عدد کو پورا پورا تقسیم کر دے +
وَفقِ اعظم ع مقسوم علیہ اعظم +
وُفُود ع جمع وافد کی - قاصد لوگ +
وُفور ع تمام ہونا - بہت ہونا - زیادتی - بسیاری +
وَفی ع تمام - کامل +

واو مہملہ مع قاف معجمہ

وَقاح ع بےشرم - ڈھیٹ - بےادب +
وَقاحت ع بےحیائی - بےشرمی - بےادبی +
وَقاد ع بھڑکنے والا - بہت اثر کرنے والا
وَقار ع آرام - آہستگی - حلم - بردباری - تمکین - گرانباری - قدر +
وَقاص ع گردن توڑنے والا - جنگجو - جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام ہے جو فن تیراندازی میں ماہر کامل تھا +
وِقاع ع جماع - لڑائی +
وِقایت ع حفاظت - نگہبانی - اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو محفوظ رکھ سکیں +
وِقایہ ع وقایت - کتاب کا مفعول - علم فقہ میں ایک مشہور کتاب ہے +
وَقائع ع جمع وقیعہ کی - حوادث - مصیبتیں - لڑائیاں - خبریں - حالات - واقعات +
وقائع نگار ف اخبار نویس +
وَقت ع زمانہ - عرصہ - ہنگام اور اصطلاح صوفیہ میں اُس حالت کو کہتے ہیں جو اُن پر یاد الٰہی اور حضور قلب کے وقت طاری ہوتی ہے +
وقتِ روز ف لڑائی کا وقت +
وقتِ فلاں تنگ است - وقتِ فلاں تارک است ف یعنی بہت کم فرصت رکھتا ہے +
وَقِح ع بےادب - کم شرم +
وَقر ع عزت - قدر - گرانی گوش - گراں ہونا - مجازاً بھیجنے - حلم - تمکین +
وَقرہ ع پتھر میں ایسا گڑھا جس میں پانی جمع ہو گیا ہو +
وقر نہادن - وقع نہادن ف کسی کو لائق سمجھنا - معتبر سمجھنا +
وَقع ع بلند جگہ - مجازاً اعتبار - عزت +
وقعت ع لڑائی کی سختی اور مصیبت - مجازاً اعتبار - عزت +
وَقف ع ٹھہرنا - توقف کرنا - جاننا - مطلع ہونا - خدا کی راہ میں ٹھہری ہوئی شے یعنی وہ شے جو کسی کی ملک میں نہ ہو اور خدا کے نام پر چھوڑ دی جائے +
وَقفہ ع تھوڑا سا ٹھہرنا - ٹھہراؤ - تھوڑی دیر +
وَقواق ع ایک درخت کا نام ہے جس کا پھل انسان کی شکل کا ہوتا ہے بقول بعض ایک جزیرہ کا نام ہے جہاں وہ درخت پیدا ہوتا ہے +
وُقُود ع آگ جلانا - آگ کا بھڑکنا +
وَقُود ع ایندھن (بالن) ہیزم +
وَقور ع صاحب وقر - مجازاً عزت آدمی +
وُقُوع ع پرندے کا گرنا - یا نیچے اترنا - واقعہ ہونا - مجازاً ظاہر ہونا +
وُقُوف ع جاننا - آگاہی - کھڑا ہونا +
وَقیہ ع نگاہ رکھنا - حفاظت کرنا +
وَقِیح ع بےحیا - بےشرم - بےادب +
وَقید ع آگ جلانے کا سامان - بالن - ایندھن +
وَقیع ع بلند اونچا +
وَقیعت ع کسی کو اُس کی پیٹھ پیچھے ملامت کرنا - عیب گوئی - غیبت - چغلخوری - غمازی +
وَقیہ ع ایک مقررہ وزن کا نام ہے - جس کی مقدار چالیس درم کی ہوتی ہے اور درم ۳ ½ ماشہ کا ہوتا ہے اس حساب سے وقیہ ۱۱ تولہ ۸ ماشہ کا وزن ہے +

واو مہملہ مع کاف تازی

وَک ف مینڈک +
وِکاف ع گدھے اور گھوڑے کا پالان +
وَکالت ع اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا +
وکانہ ف انگور یا کھجور کے خوشے کا ٹکڑا +
وَکتہ ف نقطہ +
وَکر ع جانور کا گھونسلا - آشیانہ +
واگر ف اور اگر +
وگرنہ ف اور نہیں تو +
وَکس ع نقصان - زیان - کم ہونا - کم کرنا +
وَکف ع عیب - گناہ - کرانہ کوہ +
وَکف ع چھت میں سے مینہ کے قطرے ٹپکنا - کسی چیز سے پانی ٹپکنا +
وَکل ع سست - عاجز جو اپنا کام دوسرے کے بھروسے پر چھوڑ دے +
وُکَلا ع جمع وکیل کی +
وکوک ق کتے کی آواز +
وَکِیرہ ع نئے مکان بنانے کی ضیافت +
وَکیل ع وہ شخص جس پر اپنا کام کوئی دوسرا شخص چھوڑ دے - کارساز +
وکیلِ در ف وکیل دربار +

واو مہملہ مع لام مہملہ

وَل ف شگوفہ خصوصاً شگوفہ انگور +
وِل ف سرخود - مطلق العنان +
وِلا ع دوستی محبت - پے درپے کسی کام کا کرنا +
وُلات ع والی کی جمع - حاکمان - دوستان +
وِلادت ع جننا - بچہ جننا +
ولاوہ ع تکلے کا منکا جو ہاتھی دانت یا چوب یا لکڑی کا ہوتا ہے +
وِلایت ع ایک بادشاہ کا ملک - نیز آباد - کسی کے کام کا کفیل ہونا - دوستی - حکومت - تصرف - امارت - خدا کا ولی ہونا +
وَلایت ع مدد دینا - صداقت +
ولایت ستان ف اولیاء اللہ سے مراد ہے +
ولایت عہد ع زمانہ کا والی اور مالک ہونا - ولی عہدی +

وِلایت قالو بلیٰ ع ایمان۔ عہد میثاق +
وَلَد ع بیٹا۔ بچہ +
وَلَدُ الزِّنا ع حرام کا بچہ۔ حرامزادہ۔
حشرات الارض جو ایام برسات میں
خود بخود پیدا ہو جاتے ہیں
وِلدان ع بچے۔ لڑکے +
وَلٰکن ع اور۔ لیکن۔ اور مگر۔ اور سوا +
وَلَع ع حرص۔ فریفتگی +
وُلَع ع جھوٹ +
ولگا۔ والگا فرنگستانی روس میں
ایک دریا ہے +
وُلُوج ع کسی چیز کا کسی چیز کے اندر
داخل ہونا۔ گھسنا +
وَلُود ع وہ عورت جو بچے بہت جنتی ہو
بہت بچے دینے والی بکری +
وُلُوع ع لالچی ہونا +
وَلُوع ع حریص۔ لالچی +
وُلُوغ ع کتے کا پانی پینا۔ کتے کا پانی
میں اس کے پینے کے لئے منہ رکھنا +
وَلوَلہ ع واویلا۔ شور۔ غل۔ غوغا۔
جوش و خروش۔ شوق +
وَلَہ ف عشق۔ غصہ۔ شیفتگی۔ تازہ
عاشق زار +
ولہ زدہ ف عاشق۔ غصے سے بھرا ہوا۔
دیوانہ۔ خشمگین۔ غضب ناک +
وَلَہ ع بے خودی اور حیرانی جو عشق کے
سبب ہو +
وَلہان ع غمگین۔ بے خود بسبب غم
کے۔ سرگشتہ۔ ترسناک +
وَلی ع دوست۔ یار۔ متصرف۔
خداوند۔ صاحب۔ خدا کا مقرب +

وَلید ع کودک۔ بچہ۔ کئی شخصوں کا
نام بھی ہے۔ از انجملہ رسول اللہ صلعم
کے ایک صحابی کا نام ہے جو فتح مکہ
کے دن مسلمان ہوا تھا۔ اور حضرت عثمانؓ
کا رشتہ دار تھا۔ اس کے باپ کا نام عقبہ
ہے۔ حضرت علیؓ کے زمانے میں عراق
و آذربائیجان کا حاکم تھا۔ مروان کے
پوتے کا نام بھی ہے جو اپنے باپ
عبدالملک کے بعد دمشق میں خلیفہ ہوا
اس کے وقت میں بہت سے ممالک
فتح ہوئے چنانچہ سپین سے ہندوستان
تک کے ممالک اس کے زیر حکم تھے۔
۸۶ھ سے ۹۶ھ تک بادشاہ رہا۔
ولید مرقومہ بالا کے بھتیجے کا نام ہے۔
جو یزید بن عبدالملک کا بیٹا تھا۔ وہ
۱۲۵ھ سے ۱۲۶ھ تک خلیفہ رہا۔
بڑا فاسق اور فاجر تھا۔ اس لئے اعیان
مملکت نے اسے مار ڈالا +
وَلیدات ع ہمزاد لڑکیاں +
وَلیج ع کلی نکلی ہوئی۔ شگفتہ۔ نا
شگفتہ۔ کھرا۔ حریص +
ولی عہد ع حاکم وقت۔ اور وہ شخص
جس کو بادشاہ اپنی زندگی میں اپنی جگہ
تخت پر بیٹھنے کا حکم اس طور پر دے
کہ بعد میرے یہ بادشاہ ہوگا +
وَلیمہ ع شادی کا کھانا۔ کد خدائی
کی ضیافت +
ولی نعمت ع وہ شخص جو کسی کو کھانے
کو دے۔ پرورش کرنے والا۔ خداوند۔ آقا +
وَلیہ ع گھوڑے اور گدھے کا پالان +
وَمَا یَنطِقُ عَنِ الہَوىٰ ع
اور نہیں کلام کرتا ہے اپنی خواہش
(نفس) سے۔ سورۃ نجم میں جناب
خاتم المرسلین کی شان میں یہ آیت
ہے کہ آپ اپنی خواہش نفس سے
کلام نہیں کرتے۔ بلکہ جو کچھ خداوند تعالیٰ
آپ کو بذریعہ وحی ارشاد فرماتا ہے۔
سو ہی لوگوں کے روبرو بیان کرتے
ہیں۔ مطابق اس کے انجیل یوحنا میں
فارقلیط یعنی حضرت صلعم کی تعریف
میں یوں واقع ہے وہ اپنی نہ کہیگا۔
بلکہ جو سنے گا وہ کہے گا +
وَمَن دَقَّ بَابَ الکَرِیمِ انفَتَح
اور جس نے کھٹکھٹایا دروازہ سخی کا
کھل گیا +

واو مہملہ مع نون

وَن ف شبہ۔ نظیر۔ مانند۔ نشان
بلکہ۔ وہ ہزار +
وَنیٰ ع کام میں سستی کرنا۔ ایک
شہر کا نام بھی ہے +
وَندرت برتن۔ ظرف۔ اور بیٹھنے کی جگہ
وَندہ بارہ ف مرکز +
وَنیٰ ع کاموں میں سستی کرنا
ماندگی۔ تکان +

واو مہملہ مع ہائے ہوز

وہ ف تحسین اور تعجب کا کلمہ ہے۔
اور افسوس کا بھی ہے +
وَہّاب ع بہت بخشنے والا +
وَہّاج ع درخشان۔ روشن۔ چمکتا ہوا
وِہَاد ع جمع وہدہ کی +
وَہب ع بخشش +
وَہبی ع بخشا ہوا۔ عطا کیا گیا +
وَہج ع آگ کا بھڑک اٹھنا +
وَہج ع سوزش۔ جلن۔ افروختگی +
وَہد۔ وہدہ ع زمین پست۔
نشیب۔ کھادر +
وَہق ع کمند +
وَہلہ ع ڈرنا۔ خوف۔ نوبت۔ کرت۔ دفعہ
وَہم ع وسواس۔ اور ایک قوت
ہے باطنی دماغ میں جو فاسد خیالات
پیدا کرتی ہے۔ دل کا بے قصد کسی
چیز کی طرف جانا۔ وسواس +
وَہمناک ف وہمی +
وَہمہ ع دردزہ۔ جننے وقت کا درد +
وَہمی ع وہ شخص جس کو وہم ہو یا
کوئی بات منسوب بہ وہم +
وَہن ع سستی +
وَہی ع سست ہونا۔ نرم ہونا +

واو مہملہ مع یائے تحتانی

وے ف وہ جیسا کہ دیدا۔ اس کے
تئیں۔ وائے کا مخفف بھی ہے۔
مقدار کے واسطے بھی آتا ہے +
وَیح ع رحم کا کلمہ ہے۔ تحسین
اور افسوس اور تنبیہ اور زجر کے
لئے بھی مستعمل ہے +
وید ف ہندوؤں کی ایک کتاب ہے
جسے وہ آسمانی سمجھتے ہیں۔ اس کے
یہ چار حصے ہیں۔ شام وید۔ اتھروَن
وید۔ یجر وید۔ رگ وید +
وید ف کم کم۔ کسیلی شے۔ چارہ۔ علاج

ویدن ف علاج کرنا +
ویدیدن ف گم ہو جانا - نقصان کرنا - علاج کرنا +
ویر ف یاد - حفظ - ازبر - فہم ہوش ادراک - نالہ و فریاد +
ویران - ویرانہ ف اجڑا ہوا - خراب - غیر آباد +
ویران گر ف غارت گر +
ویرانی ف غیر آباد +
ویژہ - ویژہ ف خصوصاً - خاص کر - خالص - خلاصہ - پاک - بے عیب - بے آمیزش +
ویژش ف تقدس - تقدیس - پاکی +
ویژگاں ف خاصان - خاص لوگ +
ویس ف رامین کی معشوقہ کا نام ہے
ویسہ ف رامین کی معشوقہ - افراسیاب کے سپہ سالار پیران کے باپ کا نام بھی ہے +
ویشہ ف جنگل - بیشہ +
ویک ف نفرت کا کلمہ ہے +
ویکہ ف ویک کا مخفف ہے - جس کے معنی ہیں اے نیک بخت - اے خوب - تاسف کا کلمہ بھی ہے - اے بدبخت - اے برے +
ویل ع افسوس کا کلمہ ہے - عداوت سختی - شور و فغاں کرنا مصیبت پر - ہلاکت دوزخ کی ایک وادی کا نام بھی ہے +
ویلہ ع صدا - آواز - فریاد - شور - واویلا +
ویں ف رنگ - سیاہ انگور +
ویو ف عروس - دلھن +
ویہ ع برانگیختہ کرنے اور بھڑکانے کا کلمہ ہے

باب ہائے ہوز

ہائے ہوز مع الف

ہا ف حروف تہجی میں سے ایک حرف ہے صرف ذی روح کی جمع کے لئے آتا ہے اینک کے معنے میں بھی مستعمل ہے - کسی کے منہ پر طمانچہ مارنا +
ہاع تکبیر - بچہ - مرغ کے منہ کی سفیدی +
ہابط ع اترنے والا - نیچے آنے والا +
ہابیغی ف حقیقی - اصلی +
ہابیل ع حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے - جو بھیڑ بکری کا چرواہا تھا - یہ قابین (قابیل) کے بعد جنا تھا - جس کا پیشہ کاشتکاری تھا - جب یہ دونو بھائی خدا کے واسطے نذر لائے - قابین کھیت کا حاصل اور ہابیل بھیڑ بکریوں کے پہلوٹھوں میں سے کچھ لایا - تو خدا نے ہابیل کا ہدیہ قبول کر لیا - کیونکہ وہ ایماندار تھا اور نیک نیت - اور قابین کا نہ قبول کیا کیونکہ وہ بے ایمان تھا - اور کینہ توز - اس سبب سے قابین ہابیل کا دشمن جانی بن گیا - اور آخر ایک دن موقعہ پا کر اس کو قتل کر ڈالا - (پیدائش ۴ باب ۱ - آیت ۱۶) +
ہاپور ف ہاپڑ جو ہندوستان میں دہلی کے پاس ایک قصبہ ہے +
ہات ع لا - بخشش کر +
ہاتف ع آواز دینے والا - وہ فرشتہ جو غیب سے آواز دے +

ہاجر ع پریشان بات کہنے والا - اور دو سے لائق و فائق +
ہاجرت ع دوپہر کے بعد کا وقت عصر تک - گرمی کی سختی +
ہاجرہ ع حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دوسری بیوی کا نام ہے - جو حضرت سارہ کی لونڈی اور فرعون مصر کی بیٹی تھی (پیدائش ۱۶ باب) حضرت اسمٰعیل ع پہلوٹھے بیٹے حضرت ابراہیم کے ۸۶ برس کی عمر میں انہیں کے پیٹ سے پیدا ہوئے تھے (پیدائش ۱۶ باب ۱) اور حضرت اسحاق ع بیوی سارہ سے سو برس کی عمر میں متولد ہوئے تھے - (پیدائش ۲۱ باب ۵) یہ عیسائیوں کا خیال ہے مسلمان حضرت ہاجرہ کو لونڈی نہیں جانتے +
ہاجس ع دل میں خیال آنے والا +
ہاجن ع کنواری لڑکی جس سے صحبت کی جائے - مشتاق +
ہاجی ع ہجو کرنے والا - حروف قطعات پڑھنے والا +
ہاد ع بے اعتبار آدمی +
ہادر ویش ف ترکستان میں ایک جنگل ہے جہاں ایسی سخت ہوا چلتی ہے کہ اونٹ اور گھوڑے تک اڑا لے جاتی ہے - وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جب لوگ اس جنگل میں چلتے ہیں اور ہوا کے جھونکوں میں ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے ہیں تو لوگ ایک دوسرے کو بلانے کے لئے ہادرویش پکارتے ہیں +
ہادم ع عمارت کا ڈھانے والا - شکستہ کرنے والا - اکھاڑنے والا +
ہادم اللذات ع لذتوں کے ڈھانے والا - موت اور ملک الموت سے مراد ہے +

ہادی ع ہدایت کرنے والا - راہ دکھانے والا - آرام کرنے والا - پیکان تیر - خلفائے عباسیہ سے چوتھا خلیفہ جو ۱۶۹ھ سے ۱۷۰ھ تک حکمران رہا
ہادی مہدی غلام ف رسول خدا صلعم
ہذا ع یہ +
ہار ف موتیوں یا پھولوں وغیرہ کی لڑی - ہار
ہار ع گر جانے والا - ڈھے جانے والا - گرا ہوا
ہارب ع بھاگنے والا +
ہارو ف ایک عورت کا نام ہے - جس کا اندروس عاشق تھا - یہ عورت ایک جزیرہ میں رہتی تھی - اور رات کے وقت آگ جلاتی - اندروس آگ کی روشنی پر جزیرے میں جاتا اور اس سے عیش مناتا - ایک دفعہ آگ جلتی ہوئی بجھ گئی اور اندروس دریا میں تیرتا ہوا ڈوب مرا +
ہاروت ع ایک فرشتہ کا نام ہے جو ان دونو فرشتوں میں سے ہے جو بابل کے کنوئیں میں لٹکتے ہیں اور ان لوگوں کو جو ان سے جادو سیکھتے ہیں جادو سکھلاتے ہیں +
ہاروت فن ع ساحر - جادوگر +
ہاروتی ع ساحرانہ - ساحری +
ہارون ع حضرت موسےٰ ع کے بڑے بھائی کا نام ہے جو امر نبوت میں آپکے معاون اور شریک تھے - بغداد کے ایک خلیفہ کا نام ہے جسے ہارون رشید کہتے ہیں - اس نے ۱۷۰ھ سے ۱۹۳ھ تک حکومت کی ہے - وہ پہلا خلیفہ ہے جس نے ظاہر ہو کر میدان میں چوگان کھیلا - اور شطرنج بھی کھیلتا تھا - قیصر روم نے اس سے لڑائی کرنی چاہی مگر آخر کار صلح کر کے اس کی اطاعت کی - محاورا فارسی میں معنی ہیکٹ قاصد - نقیب - پاسبان - چوکیدار مستعمل ہے

ہارونِ آشیانۂ گردوں ف چاند +
ہاروَنی ف قاصدی۔ پاسبانی۔ یقینی +
ہاروبیدن ف عاجز ہونا۔ حیران ہونا +
ہاری ف حلال خور۔ چوہڑا +
ہاژ ف بُری چیز۔ زشت۔ زبون۔ حیران۔ بھچکا۔ سرگشتہ۔ حقیر +
ہاژو۔ ہاژہ ف حیران۔ عاجز۔ بُری چیز۔ زشت۔ زبون +
ہاژوبیدن ف حیران رہنا۔ عاجز ہونا +
ہاژیدن ف رونا۔ دیکھنا +
ہاس ف دیگر۔ نیز۔ ہر اس کا مخفف بھی ہے +
ہاشم ع رسول خدا صلعم کے پڑدادے کا نام ہے۔ جو نہایت خوش خلق تھے +
ہاشمی ع ہاشم کی اولاد۔ وہ شخص جو ہاشم کی اولاد سے ہو +
ہاضم ع ہضم کرنے والا۔ ہضم ہونیوالا +
ہاضمہ ع ہضم کرنے کی قوت +
ہاطل ع بہت برسنے والا بادل +
ہاع ع بددل۔ بزدل +
ہاکرہ۔ ہاکل ف تو تلا۔ ہکلا۔ الکن +
ہال ع الائچی سپید۔ قرار۔ چوگان بازی کے میدان کے سیل +
ہالک ع مرنے والا۔ ہلاک ہونے والا +
ہالکہ ع نفسِ حریص +
ہالگاہ ف گیند بلا کھیلنے کا میدان۔ میدان چوگان بازی +
ہالہ ع چاند کا کنڈل۔ مفسد اور فتنہ پرداز آدمی۔ رنگ۔ قرار پکڑا ہوا۔

ایک پہاڑی لکڑی ہے جو مشعل میں بتی کی جگہ جلتی ہے +
ہامال ف ہمال +
ہامان ع فرعون مصر ولید بن مصعب جو حضرت موسےٰ ع کے وقت میں تھا۔ اُس کے وزیر کا یہ نام ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کے بھائی کا نام بھی ہے +
ہاماوران ف ولایت شام یا بلاد یمن۔ وہ ملک جہاں کا بادشاہ سودابہ کیکاؤس کی عورت کا باپ تھا +
ہامر ع ابر بہت برسنے والا +
ہامراہ ف ہمراہ۔ ساتھی +
ہامُن۔ ہامون ع میدان۔ جنگل +
ہاموار۔ ہامواره ف ہموار +
ہامی ف حیران۔ سرگشتہ +
ہامہ ع کاسۂ سر و پیشانی۔ مہتر۔ بوم۔ گھسنے والا جانور +
ہامیان ف ہمیان +
ہان ف خبردار رہ۔ یہ کلمہ تنبیہ کا ہے +
ہاوَش ف است۔ متعلق +
ہاوَن ف اوکھلی۔ وہ ظرف جس میں دوا وغیرہ ڈال کر کوٹیں۔ پنجابی چٹو۔ عورت کا فرج +
ہاوَن دستہ ف اوکھلی اور دستہ پنجابی چٹو ڈنڈا +
ہاوَن کوب ف وہ شخص جو طبیبوں اور عطاروں کے واسطے دوا کوٹا کرے۔ سیاہی بنانے والا۔ جماع کرنے والا +
ہاویہ ع ساتویں دوزخ کا نام ہے جو سب سے اسفل ہے +

ہاہنا ع اس جگہ۔ اینجا +
ہاہا ع ف ماتم کی آواز +
ہائے ف رونے کی آواز۔ ماتم کی آواز +
ہایاہائے ف ماتمیوں کا شور و غوغا +
ہایاہوے ف خوشی کا شور و غوغا +
ہائب ع ڈرنے والا۔ ہیبناک +
ہائع ع بددل آدمی۔ بزدلا +
ہائل ع ہولناک۔ شدید۔ ڈرانے والا اس کا مادہ ہول ہے +
ہائلہ ع ہولناک۔ جس سے خوف آوے ترسانندہ +
ہائم ع شیفتہ۔ سرگشتہ ہونے والا عشق میں۔ سرگردان۔ بے ستنندہ +
ہائے مشفق ع دو چشمی ہا +
ہائے ہائے ف جلدی۔ شتابی۔ ہایاہائے
ہائے ہوے ف جلدی۔ ہایاہوے
ہائے ہوائی ع ہائے ہوز +

ہائے ہوز مع بائے موحدہ

ہَبّہ ع نیند سے جاگ اٹھنا۔ نیز تلوار و شمشیر کا کسی چیز میں دھنس جانا +
ہَبا ع غبار۔ گرد۔ کرن جو دھوپ کے سبب کسی گھر میں آتی ہے۔ اور اس میں غبار دکھلائی دیتا ہے۔ مجازاً ذلیل و خوار +
ہباک ف تارک سر۔ سر کی چوٹی
ہباءً منثوراً ع ہبا کے معنی ہیں غبار دھوئیں کے مشابہ یا باریک مٹی جو زمین پر پھیلی ہوئی۔ ذرات جو سورج کی روشنی سے گھروں میں چمکتے ہیں اور منثورہ کے معنی پھیلے ہوئے۔ پھیلا ہوا غبار +

ہَبت ع بخشنا۔ بخشش +
ہَبیَد ف وہ لکڑی کا تختہ جو باہی ہوئی زمین پر اُس کے ہموار کرنے کے واسطے پھیرتے ہیں +
ہَبط ع نیچے اُتارنا۔ نقصان کرنا +
ہُبَل ع اُس بت کا نام ہے جو ایام جاہلیت میں کعبہ میں رکھا ہوا تھا +
ہَبِل ع کاہل۔ سست۔ گراں تن +
ہَب لی ع اشارہ اور تلمیح ہے طرف آیہ کریمہ کی جس میں حضرت سلیمان علیہ السلام دعا کرتے ہیں کہ رَبِّ ہَبْ لِیْ مُلْکاً لَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِیْ (اے پروردگار میرے بخش مجھ کو وہ بادشاہی کہ لائق ہو میرے پیچھے کسی اور کو +
ہَبنق ع چھوٹے قد کا احمق آدمی +
ہُبُوب ع ہوا کا چلنا +
ہبوط ع نیچے اُترنا۔ زمین نشیب یعنی بیماری سے دُبلا ہونا۔ شہر میں آنا۔ کسی شے کی قیمت کا کم ہونا۔ کسی ستارے کا ایسے برج میں آنا جس سے اس کا اثر نحوست ہو +
ہبہ ع بخشنا۔ بخشش +
ہبہ نامہ ف وہ کاغذ جس میں اقرار بخشش کا لکھا جاوے +
ہَبیُون ف افیون +

ہائے ہوز مع بائے فارسی

ہپاک ف ہباک۔ چوٹی +
ہپیر ف سبیل۔ ہیب +
ہپیون ف افیون +

ہائے ہوز مع تائے فوقانی

ہتاک ع پردہ در۔ رسوا کرنے والا +
ہتر ع بیفائدہ سخن۔ سختی زمانہ۔ مجازاً غیبت۔ پردہ دری +
ہتف ع آواز +
ہتک ع پردہ دری۔ رسوائی
ہتل ع بہت برسنے والا بادل +
ہتنال ف چھوٹی سی توپ جو ہاتھی کی پیٹھ پر رکھی جاتی ہے +
ہتنالچی ف ہتنال چلانے والا +

ہائے ہوز مع جیم تازی

ہج ف کسی چیز کو سیدھا کھڑا کرنا جیسے علم۔ نیزہ وغیرہ کو۔ زمین پر کسی چیز کا سیدھا کھڑا کرنا +
ہجا ع ہجو کرنا۔ بُرا کہنا۔ حروف کا اعراب سے ظاہر کرنا +
ہجاور ف خطا میں ایک شہر ہے جہاں کے لوگ خوبصورتی میں مشہور ہیں +
ہجر ع کسی شخص یا مقام سے جدائی جُدا ہونا۔ جدائی کرنا +
ہجیر ع جدائی +
ہجران ع جدائی کرنا +
ہجرت ع کنبے سے جدا ہونا۔ وطن کو چھوڑ جانا +
ہجری ع منسوب ہجرت سے۔ سن ہجری جو رسول خدا صلعم کے (مکہ سے مدینہ کو ہجرت کرنے کے وقت سے) شروع ہوتا ہے اور اب اس کتاب کے تالیف کرتے وقت ۱۳۰۱ ہے جو لفظ فرہنگ دلپذیر سے برآمد ہوتا ہے۔ حضرت عمرؓ کی خلافت میں حضرت علیؓ کی صلاح سے ہجری سنہ مقرر ہوا ہے +
ہجیع ع مدہوش۔ بیخود۔ بیوقوف +
ہجعت ع خواب۔ سونا۔ رات کے پہلے حصے میں سونا +
ہجف ع بھوکا ہونا۔ پیٹ کا بھوک کے مارے پیٹھ سے لگ جانا +
ہجل ع دو پہاڑوں کے درمیان کی پشت زمین +
ہجمہ ع چالیس سے زیادہ اونٹوں کا گلہ +
ہجو ع بُرائی کرنا۔ کسی کو بُرا کہنا۔ مذمت +
ہجود ع رات کو جاگتے رہنا۔ رات کو سونا۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے۔ رات کو نماز ادا کرنا +
ہجوع ع نیند۔ آرام +
ہجوم ع انبوہ کرنا +
ہجوم کردن ف لوگوں کا ٹوٹ پڑنا۔ ہجوم کرنا۔ گر پڑنا +
ہجیر ع عادت۔ خو +
ہجیر ع دوپہر کی گرمی۔ دوپہر۔ بڑا حوض۔ قارن بن کا وہ پہلوان کے بیٹے کا نام ہے۔ جسے سہراب نے قید کر لیا تھا +

ہائے ہوز مع دال مہملہ

ہُدا ع راستی۔ راہ راست +
ہُدات ع ہادی کی جمع +
ہداع ع ہدہد۔ یہ لفظ بنا بر غلط ہے صحیح ہزاع
ہدان ع بد دل۔ احمق +
ہدایا ع ہدیہ کی جمع ہے +
ہدایت ع راہنمونی کرنا۔ راہ دکھلانا۔ راہنمونی +
ہدر ع کسی کے خون کر ڈالنے کو مباح کرنا۔ باطل۔ ضائع۔ ناچیز ہونا +
ہدش ف نواح تفت میں ایک مقام ہے
ہدف ع نشانہ +
ہدم ع ویران کرنا۔ ڈھا دینا۔ گر پڑنا دیوار کا۔ بنیاد کا خراب ہونا +
ہدم ع پُرانا کپڑا +
ہُدن ع صلح +
ہُدہ ع حق۔ فائدہ۔ بیہودہ +
ہُدہُد ع مشہور پرندہ ہے۔ کھٹ بڑھئی +
ہُدہُد کردن ف ڈرانا۔ تہدید کرنا +
ہدی ع قربانی کا جانور جو کعبہ میں لے جاویں +
ہُدے ع ہُدا
ہدیر ع بانگ کبوتر۔ اونٹ کی آواز +
ہدیہ ع تحفہ۔ سوغات۔ فارسی والے بتخفیف استعمال کرتے ہیں +
ہدیۂ دنداں ف فقیروں کو ضیافت کھلانے کے بعد جو نقدی دی جائے +

ہائے ہوز مع ذال معجمہ

ہذر ع بہت ہیچکارہ سخن بیہودہ۔ ردی +
ہذیان ع بیہودہ باتیں کہنا۔ بکنا۔ بیہوشی میں بڑبڑانا +
ہذیل ع عرب کے ایک قبیلہ کا نام ہے +

ہائے ہوز مع رائے مہملہ

ہر ف عمومیت کا کلمہ ہے۔ ایک مضر غلہ ہے جو گیہوں میں اُگتا ہے +
ہر ع مکروہ سمجھنا۔ اچھی طرح جاننا +
ہُر ع ف ڈرنا +
ہر ف گوسپندوں کو اپنی طرف بلانے کی آواز +
ہر ع ایک عورت کا نام ہے۔ بلّی +
ہرا ف نیچے گرنا۔ گرنے کی آواز +
ہُرا ف خوف۔ ڈر۔ وحشت ناک آواز شور و فریاد۔ چمکنا۔ چمک +
ہرا ف ہلیلہ۔ ہلیلہ کی شکل کے نقرئی گلولے جو گھوڑے کی زین میں لگاتے ہیں۔ مجازاً گھوڑے کی حمائل اور زیور +
ہرا۔ ہرات۔ ہراہ ف خراسان میں ایک مشہور شہر ہے جو آج کل امیر افغانستان کے زیر فرمان ہے +
ہراس ف خوف۔ ڈر۔ اور امر ہے ہراسیدن سے +
ہراسان ف خوفناک۔ ڈرپوک +
ہراسندگاں ف ڈرنے والے پشیمان ہونے والے۔ صالح اور متقی لوگ۔ توبہ کرنے والے +
ہراسہ ف لکڑی وغیرہ کی وہ شے جو کھیتوں پہ جانوروں کے ڈرانے کو ان کی حفاظت کے لئے کھڑی کر دیتے ہیں خوفناک شکل جس سے کوئی ڈرے +
ہراسیدن ف ڈرنا۔ خوف کرنا۔ وہم کرنا
ہراش ف قے۔ استفراغ۔ شگوفہ +
ہراش ع کتوں کو لڑنے کے واسطے برانگیختہ کرنا +
ہرانجہ ف جو کچھ +
ہرانکہ ف جو شخص +

ہُزال ع لاغری۔ دُبلاپن ✣

ہزاہز ف بھاگڑ جو دشمن کے خوف سے لشکر میں پڑ جائے۔ فتنہ۔ ہلڑ ✣

ہزبر ع شیر۔ درندہ ✣

ہزبران ف ج ہزبر کی۔ بہادر لوگ ✣

ہزّت ع نشاط۔ طرب ✣

ہزج ع گیت کا نہایت جوش آواز۔ شعر کے بحر میں سے ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن آٹھ دفعہ مفاعیلن ہے۔ چونکہ اس بحر میں اکثر عرب کے گیت ہوتے ہیں۔ اسی لئے اس نام سے موسوم ہے ✣

ہزد ف قند۔ اوور ✣

ہژدہ ہزار عالم ف تمام مخلوقات جو اٹھارہ ہزار قسم کی دیکھی گئی ہے ✣

ہزل ع بیہودہ بات۔ مسخرگی۔ لاغر کرنا۔ دُبلا کرنا ✣

ہزمان ف مخفف ہر زمان کا۔ ہر وقت ✣

ہزّہ ع ہزّ۔ ہلانا ✣

ہزیز ع سواروں کی جنبش۔ جوشش۔ شور و غوغا ✣

ہزیمت ع شکست ✣

ہزینہ ف ہر روز کا خرچ۔ خزینہ۔ خرچ۔ نفقہ۔ بال بچوں کا خرچ۔ ہمیشہ ✣

ہائے ہوز مع زائے فارسی

ہژار ف گھوڑوں کی بیماری ہے۔ جس میں دانت بڑھ جاتا ہے۔ اور جب تک اوسے توڑ یا نکال نہ ڈالیں گھوڑے سے کھایا نہیں جاتا ✣

ہژیر ف تعریف کیا گیا۔ سراہا ہوا۔ پسندیدہ۔ اچھا۔ نیک۔ جلدی۔ چالاکی۔ ہوشیاری ✣

ہائے ہوز مع سین مہملہ

ہست ف ہے۔ موجود ✣

ہست و بود کردن ف موجود شے پر کفایت کرنا ✣

ہستوداں ف آذر بائیجان کے ایک بادشاہ کا نام ہے ✣

ہستہ ف کسی میوے کی گٹھلی ✣

ہستی ف موجودات۔ مخلوقات۔ موجود ہونا۔ ہونا۔ ہوت۔ تونگری۔ دولتمندی۔ توہے۔ خود پسندی۔ ذات خداوندی ✣

ہستیر ف گنج ✣

ہسک ف ڈھینکلی یا چھاج جس سے دانے بھوسے سے الگ کرتے ہیں ✣

ہائے ہوز مع شین معجمہ

ہشتن ف چلنا۔ جانا ✣

ہُش ف مخفف ہوش کا ✣

ہَش ع خوش۔ کشادہ رو ✣

ہشاش ع خنداں رو۔ خوش ہشاش بشاش ✣

ہشام ع ایک عرب کے آدمی کا نام ہے۔ خلفائے مروانیہ سے ایک خلیفہ بھی ہے ✣

ہشت ف آٹھ ✣

ہشت ف ہشتن سے ماضی کا صیغہ ہے ✣

ہشت باغ۔ ہشت بستاں۔ ہشت بادے۔ ہشت مرحلے۔ ہشت ہیکل رضواں۔ ہشت بہشت ف آٹھ بہشت۔ ان کے نام یہ ہیں خلد۔ دارالسلام۔ دارالقرار۔ جنت عدن۔ جنت الماوےٰ۔ جنت نعیم۔ جنت علیین۔ فردوس ✣

ہشت صفات ف یہ آٹھ صفتیں معرفت الٰہی۔ علم۔ ہر حال میں شکر۔ رضا بہ تقدیر الٰہی۔ بلا اور قلت رزق پر صبر۔ تعظیم امر اللہ۔ شفقت بخلق اللہ۔ عزت ✣

ہشت منظر ف ہشت بہشت۔ اور ہشت افلاک یعنی فلک البروج۔ فلک زحل۔ فلک مشتری۔ فلک مریخ۔ فلک آفتاب۔ فلک زہرہ۔ فلک عطارد۔ فلک قمر ✣

ہشتن ف چھوڑنا ✣

ہشت و چہارم پنجم فلک ف بارہ برج آسمان کے ✣

ہشت و مشت ف مکی تھپڑ اور لاتوں سے مارنا ✣

ہشنگ ف مفلس۔ بے سروپا آدمی ✣

ہشو ف ہوش۔ ذہن۔ عقل۔ قاصد۔ حسمار ✣

ہشوار۔ ہشومند۔ ہشیار ف عقلمند۔ دانا ✣

ہائے ہوز مع ضاد معجمہ

ہضبہ ع زمین بلند۔ ٹیلہ ✣

ہضم ع توڑنا۔ کھانے کا معدہ میں پچانا ✣

ہضیم ستم رسیدہ۔ مظلوم۔ زبان باریک شکم۔ غنچۂ ناشگفتہ ✣

ہضیمت ع ستم۔ خشمگینی ✣

ہائے ہوز مع طائے مہملہ

ہطل ع مینہ جو آہستہ آہستہ برابر برستا رہے۔ بڑے بڑے قطروں کے مینہ کا پیاپے برسنا۔ آنسو کا رواں ہونا ✣

ہائے ہوز مع فاے

ہفت ف جولاہے کی لکڑی ✣

ہفت ف سات۔ ۷۔ 7۔ سبعہ ✣

ہُفت ف شراب یا پانی کا گھونٹ ✣

ہفت آباد ف ساتوں آسمان ✣

ہفت اختران۔ ہفت اختر ف سات ستارے۔ قمر۔ عطارد۔ زہرہ۔ شمس۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل ✣

ہفتاد ف ستر۔ ۷۰۔ 70۔ سبعہ ✣

ہفتاد کشتی ف حیوانوں کی ستر بیماریاں ✣

ہفتادم ف ستروان حصہ ✣

ہفتاد و دو شاخ ف بہتر قومیں۔ قرآن کے پڑھنے کی بہتر قسمیں۔ اسلام کے بہتر فرقے ✣

ہفتاد و دو کشتی ف اسلام کے بہتر فرقے ✣

ہفتاد و دو ملت ف دراصل اسلام کے بہتر فرقے ہیں جن میں سے ایک فرقہ اہل سنت و جماعت کا اصلی مذہب پر ہے۔ باقی بہتر فرقوں کے اصل چھ فرقے ہیں۔ اور ہر ایک کے فروع بارہ بارہ ہیں۔ وہ چھ یہ ہیں۔ فرقہائے رافضیہ۔ خارجیہ۔ جبریہ۔ قدریہ۔ جہمیہ۔ مرجیہ ✣

ہفت اژدہا ف ساتوں ستارے ✣

ہفت آسیاف ساتوں آسمان +

ہفت اصل ف زمین کے ساتوں طبقے - ہفت اقلیم +

ہفت اعضاف ہفت اندام +

ہفت اقلیم ف زمین کرہ کی شکل کی ہے - اور ¾ پانی سے گھری ہوئی ہے باقی ¼ جسکو ربع مسکون کہتے ہیں ۔ کے سات حصے عرض میں مساوی اور خط استوا کے متوازی کر کے ہر حصہ کا نام اقلیم رکھا ہے +

پہلی اقلیم میں زنگبار - جبش - یمن - سراندیپ وغیرہ شامل ہیں - اور دوسری اقلیم میں ایک بڑا حصہ ملک مصر کا - حجاز - عرب تھامہ - کچھ حصہ ملک ہند کا - ماچین وغیرہ داخل ہیں - تیسری اقلیم میں تونس مصر کا باقی حصہ - نجد - عراق عرب - خوزستان - فارس - کرمان - سیستان ملک ہند کا ایک بڑا حصہ - ملک بنگالہ شامل ہیں - چوتھی اقلیم میں طرابلس - شام - عراق عجم - خراسان بدخشان - ملک کوہستان - ہند چین کا ایک بڑا حصہ داخل ہیں - پانچویں ولایت میں اندلس - روم - ارمنیہ - آذربائیجان - ملک ویلم - خوارزم - توران ماوراء النہر - جاپان - چھٹی اقلیم میں پرتگال - یونان - جرمنی کا کچھ حصہ - اسپین - روس کا ایک بڑا حصہ - ترکستان وغیرہ داخل ہیں - ساتویں اقلیم میں برٹن کلاں - ڈنمارک - سویڈن - ناروے - آئیلینڈ - بلجیم - پولینڈ - روس کا ایک بڑا حصہ - پرشیا - آسٹریا وغیرہ شامل ہیں - نقشہ منسلکہ سے مفصل کیفیت معلوم ہوگی - یہ پرانی تقسیم تھی - اب کل دنیا کے سات براعظم ہیں - نقشہ کرۂ عرض سے جو منسلک ہے - اسکی کیفیت معلوم ہوگی +

ہفت الوان ف رنگارنگ کے طعام - جو عیسےٰ پر آسمان سے نازل ہوئے +

ہفت امام ف امام اعظم - امام شافعی - امام مالک - امام احمد بن حنبل - امام ابو یوسف - امام محمد - امام زفر +

ہفت اندام ف سر - سینہ - پشت - دونو ہاتھ - دونو پاؤں - یہ ظاہر کے ہیں - اور باطن کے دماغ - دل - جگر - تلی - پھیپھڑا - پتا - معدہ یا گردہ - آنتیں بھی ہیں یہ ہیں - آنکھ - کان - زبان - پیٹ - فرج - ہاتھ پاؤں - اور نام ایک رگ کا ہے جس کی فصد سے خون سر - سینہ - پشت - ہاتھ - پاؤں کا نکل آتا ہے - عربی میں اُسے نہر البدن بولتے ہیں +

ہفت اورنگ ف بنات النعش کے سات ستارے +

ہفت آئینہ ہفت آئینہ ف ساتوں ستارے +

ہفت ایوان ہفت بام ف ہفت آسمان +

ہفت بانو ہفت پیکر ف ساتوں ستارے - آخری لفظ سے ساتوں آسمان کے بھی ہیں +

ہفت برادران ف بنات النعش کے ساتوں ستارے +

ہفت پاشیریا ف پروین کا سیٹ چھوٹا ستارہ +

ہفت پردہ ف ساتوں آسمان اور آنکھ کے ساتوں پردے +

ہفت پردہ ازرق ف ساتوں آسمان +

ہفت پردہ چشم ف ملتحمہ - قرنیہ - عنبیہ - عنکبوتیہ - شبکیہ - مشیمیہ - صلبیہ - اور پردوں میں تین رطوبتیں ہیں بیضیہ - جلیدیہ - زجاجیہ پہلی دوسرے پردے کے بعد اور دو چوتھے کے بعد +

ہفت پرکار ہفت بنا ہفت بنیاں ہفت پوست ف ساتوں آسمان +

ہفت پشت گئے بیک آبی رساندن ف کسیکی تعریف میں حد سے بڑھ جانا کسیکی تعریف میں کمال مبالغہ کرنا +

ہفت پیر ف ہفت قرا ساتوں قاری +

ہفت پیکر ف ساتوں آسمان - ساتوں ستارے - ایک کتاب کا نام بھی ہے +

ہفت تنان ف اصحاب کہف جن کے نام یہ ہیں یملیخا - مکشلینا - مرنوش - پرنوش - شاذنوش - مرطوش - اولیاء اللہ کی سات قسمیں قطب - غوث - اخیار - اوتاد - ابدال - نقبا - نجبا +

ہفت جوش ہفت جوش ف سات فلزات ہیں - انکو ملا کر جوش دیتے ہیں - اُسکو اُردو میں ہفت دھات کہتے ہیں - وہ سے یہ ہیں سونا - چاندی - تانبا - جست - روی - انگلہ (قلعی) لوہا - سیسہ - سکہ +

ہفت چنبر آبگون ف ساتوں آسمان +

ہفت چشم چرخ ف سبعہ سیارہ +

ہفت چشمہ خراس ف ساتوں آسمان +

ہفت چشمہ بہشت ف سلسبیل - کوثر - کافور - زنجبیل - رحیق - تسنیم - معین - زنجبیل +

ہفت حال ف ہمیشہ - دائم علی الدوام +

ہفت حجلۂ نور ف آنکھ کے ساتوں پردے +

ہفت حرف آبی ف یہ ساتوں حرف ج - ز - ک - س - ق - ث - ظ +

ہفت حرف آتشی ف یہ ساتوں حرف ا - ہ - ط - م - ف - ش - ذ +

ہفت حرف استعلا ف یہ ساتوں حرف ص - ض - غ - ط - ق - ظ +

ہفت حرف خاکی ف یہ ساتوں حرف د - ح - ل - ع - ر - خ - غ +

ہفت حرف ہوائی ف یہ ساتوں حرف ب - و - ی - ن - ص - ت - ض +

ہفت حکایت ف ہفت بہرام کے خواص - وہ سات کہانیاں جو بہرام گور کے سامنے کہی گئی تھیں - اور نظامی نے انہیں نظم کیا +

ہفت خاتون ف ساتوں ستارے +

ہفت خراس ہفت خم وارگون ف ساتوں آسمان +

ہفت خزینہ ف ساتوں باطنی عضو ہفت آسمان +

ہفت خضراء ف ساتوں آسمان +

ہفت خط ف جام جمشید کے ساتوں خط جنکے نام ترتیب وار اوپر سے نیچے کو لکھے جاتے ہیں - خط جور - خط بغداد - خط بصرہ - خط ازرق - خط سبز - خط سیاہ - خط شب - خط اشک - خط فرودینہ - اور خط کاسہ گر - خط فرودینہ (خط فرودینہ) +

ہفت خلیفہ ف ہفت اندام +

ہفت خم ف ساتوں آسمان +

ہفت خوان اسفندیار ف اسفندیار کی اُن سات منزلوں سے مراد ہے جو اسنے رؤیں دز کی راہ میں طے کی تھیں - اور ہفت خطرناک تھیں اسفندیار اپنی بہادری

رہائی کے واسطے اُس راہ سے گیا تھا پہلی منزل میں دو سخت خونخوار بھیڑیوں سے سامنا ہوا دوسری میں ایک بڑے شیر سے تیسری میں اژدہا سے - چوتھی میں ایک جادوگرنی سے - پانچویں میں سیمرغ سے - چھٹی میں آندھی مینہ - کڑک - برف - اور کوپالا پڑا - ساتویں میں بڑا گہرا پانی ملا - وہ ان ساتوں مشکلوں کو دفع کر کے روئیں دژ میں پہنچا اور چونکہ ہر منزل میں کھانا پینے اور سلامت بچنے کے شکریہ میں ایک بڑا دسترخوان بچھا کر سب کو کھانا کھلاتا تھا - اسواسطے ان منزلوں کا نام بھی ہفت خوان ہو گیا - روئیں دژ میں پہنچ کر اسفندیار نے مکر و حیلہ سے شاہ ارجاسپ کے لشکر کو جس کی قید میں اپنی دو بہنیں تھیں شکست دی - اس کے شہر کو جلا دیا - اور اپنی بہنوں کو چھڑا کر باپ پاس لے آیا +

ہفت خوان رستم ف رستم کی اُن سات منزلوں سے مراد ہے - جو اُسے کیکاؤس کو شاہ مازندران کی قید سے چھڑانے میں طے کرنی پڑیں - رستہ میں کئی جگہ دیوؤں اور جادوگروں سے سامنا ہوا - انہیں مار ڈالا - اور سات دن کے عرصہ میں مازندران میں پہنچ کر کیکاؤس کو چھڑا لایا - انہیں ہفت خوان عجم بھی کہتے ہیں - اسواسطے کہ ہر منزل سے گزرنے پر شکریہ کے طور پر دسترخوان بچھاتا تھا - اور لوگوں کو کھانا کھلاتا تھا +

ہفت خواہران ہفت دادران ف بنات النعش کے ساتوں ستارے +

ہفت دانہ ف عاشورہ کے دن کی آش +

ہفت دختر خضرا ہفت دور ف سبعہ سیارہ +

ہفت دریا ف دریائے چین - دریائے مغرب - دریائے روم - بحر نیطش - بحر طبریہ - بحر جرجاں - بحر خوارزم - یہ برہان میں لکھے ہیں - بحیرۂ خضر - دریائے عمان - بحیرۂ قلزم - دریائے بربر - بحیرۂ اوقیانوس - بحیرۂ روم - بحیرۂ اسود - جغرافیہ کے موافق یہ سمجھو - بحر الکاہل - بحر اوقیانوس - بحر ہند - بحر شمالی - بحر جنوبی - بحیرۂ روم - بحیرۂ قلزم +

ہفت درہفت ف ہر ہفت ہفت اندام - ہفت فلک - ہفت کوکب - ہفت اقلیم - ہفت زمین - ہفت شہر - ہفت دریا +

ہفت دریا ف ہفت کشور +

ہفت دوزخ ف دوزخ کے سات طبقے جن کے نام یہ ہیں سقر - سعیر - لظے - حطمہ - جحیم - جہنم - ہاویہ +

ہفتدہ ف سترہ - ۱۷ - آراستہ مزین +

ہفت پردہ ف ہفت آسمان ہفت اقلیم +

ہفتدہم ف سترہواں - ۱۷ +

ہفت راہ ف ہفت پردۂ چشم +

ہفت رخشاں ف سبعہ سیارہ +

ہفت صدف ہفت اقلیم +

ہفت رنگ ف یہ ساتوں رنگ سیاہ - سفید - سرخ - سبز - پیلا - نیلا - قرمزی +

ہفت زمین ف ساتوں زمینیں جنکے نام یہ ہیں - ابکا - اخلدہ - عرقہ - عربیا - ہوملنا - بجیس - بجیبا - کبھی اس سے ہفت اقلیم بھی مراد ہوتی ہے +

ہفت سلام ف یہ ساتوں سلام - سلامٌ قولاً من رب رحیم - سلامٌ علیٰ ابراہیم - سلامٌ علیٰ نوحٍ فی العالمین - سلامٌ علیٰ موسیٰ و ہارون - سلامٌ علیٰ اِل یاسین - سلامٌ علیکم طبتم فادخلوہا خالدین - سلامٌ ہی حتیٰ مطلع الفجر +

ہفت سبع ف ہفت منزل +

ہفت سلطان ف سبعہ سیارہ - یہ ساتوں سلطان - سلطان خراسان - سلطان ابراہیم ادہم - سلطان بایزید بسطامی - سلطان ابوسعید ابوالخیر - سلطان محمود غزنوی - سلطان سنجر ماضی - سلطان اسمٰعیل سامانی +

ہفت شمع ف سبعہ سیارہ +

ہفتصد ف سات سو - ۷۰۰ - ۷۰۰ [illegible]

ہفت طارم ف ساتوں آسمان +

ہفت طبق ف آسمان یا زمین کے ساتوں طبقے +

ہفت طبقہ ف آنکھ کے ساتوں پردے +

ہفت قراء ف قرآن کے سات قاری یعنی نافع - ابوعمرو - ابن عامر - عاصم - حمزہ - کسائی - عبداللہ بن کثیر +

ہفت قرأت ف قرآن کی ساتوں قرأتیں - پہلی قرأت نافع مدنی سے ہے دوسری عبداللہ بن کثیر مکی سے - تیسری ابوعمرو بصری سے - چوتھی ابن عامر شامی سے - پانچویں عاصم کوفی سے چھٹی حمزہ کوفی سے - ساتویں علی کوفی ملقب بہ کسائی سے +

ہفت قلعۂ خیبر ف یہ ساتوں قلعے خیبر کے - کمنیہ - طلالم - فسلق - قموص - قطاہ - طیح - سلالم +

ہفت قلعۂ مینا ساتوں آسمان +

ہفت قلم ف خط کے سات قلم - جو مشہور ہیں یعنی ثلث - محقق - توقیع - ریحان - رقاع - نسخ - تعلیق +

ہفتک ف کلام اللہ کا ایک سبع +

ہفت کشور ف چین - ترکستان - ہند - توران - ایران - شام +

ہفت کوہ ف سات پہاڑ - کوہ قاف - کوہ دماوند - کوہ سراندیپ - کوہ نگستان - جو طوس کے پاس ہے - کوہ درن بلاد مغرب میں ہے - کوہ نہ کیال جو بحیرۂ خضر کے کنارے ہے - کوہ چین جو چین - ہند - افغانستان وغیرہ میں پھیلا ہے - یہ پرانی تقسیم ہے - اب پہاڑوں کی تفصیل جغرافیہ کی کتابوں سے دیکھو +

ہفت گاہ - ہفت گرہ ف ہفت اقلیم - ہفت کشور - ہفت آسمان +

ہفت ہیکل ف ہفت آسمان +

ہفت گنجینہ ف سات خزانے بادشاہان ایران کے - اور مراد سات قلمرات سے بھی ہے +

ہفت کیسہ وار ف ۴۸ صور فلکی سے منتخب کی سات شکلیں جو اعنز - ذات الکرسی - حامل راس الغول - ممسک الاعنہ - مراۃ - سلسلہ - جبار +

ہفت لائے چشم ف آنکھ کے ساتوں پردے +
ہفتم ف ساتواں - لے - بجے +
ہفت مجمرہ ف ساتوں آسمان +
ہفت محراب فلک ف سبعہ سیارہ
ہفت محیط ف ہفت فلک - ہفت دریا
ہفت مرد ہفت مرداں ف رسول خدا صلعم اور خلفاے اربعہ - اور حسنینؓ سے مراد ہے - بقول بعض اصحاب کہف سے مراد ہے +
ہفت مشعلہ - ہفت مہرہ زرین ہفت نقطہ - ہفت نژاد فلک - ہفت نوبتی چرخ ف سبعہ سیارہ
ہفت منزل ف قرآن شریف کی ساتوں منزلیں جو ہفتہ بھر میں ختم کرنے کے واسطے مقرر کی گئی ہیں - پہلی منزل سورۂ فاتحہ سے شروع ہوتی ہے - دوسری منزل سورۂ مائدہ سے - تیسری منزل سورۂ یونس سے - چوتھی منزل سورۂ بنی اسرائیل سے - پانچویں سورۂ شعرا سے - چھٹی سورۂ والصّافات سے - ساتویں سورۂ قاف سے چنانچہ ان میں سے ہر سورت کا پہلا حرف لیا جائے تو مجموعہ فمی بشوق ہوتا ہے جو ساتوں منزلوں کی شروع سورت پر دلالت کرتا ہے +
ہفت ضہ ف آرائش و زیور - اور اسباب عروسی - ساز کی تاریں +
ہَفتَہ ف تھکا ہوا تماندہ - اور سات دن - اور سبت کا دن +
ہفت ہیکل ف سات دعائیں ہیں جو شخص ان میں سے ہر روز ایک ایک بلا ناغہ ہفتہ بھر میں پڑھتا رہے - ہمیشہ مسرور اور آفات و بلیات سے امن میں رہے +
ہفت و ہشت ف کن یہ ہے کلام خصومت انگیز سے +
ہَفوَت ع لغزش اور خطا کرنا مجازاً بیہودہ گوئی +
ہَفہَف ف کتّے کے بھونکنے کی آواز - عفعف +

ہاے ہوز مع قاف

ہَقعَہ ع نام پانچویں منزل کا ہے منازل قمر سے - اور وہ جوزا کے تین ستارے ایک دوسرے کے پاس ہیں +
ہُقعَہ ع بہت سونے والا آدمی +

ہاے ہوز مع کاف تازی

ہَکذا ع اسی طرح +
ہُکری ف یارانی - وہ کھیتی جو مینہ کے پانی پر ہو +
ہُکّہ - ہُکہک ف ہچکی - پنجابی ہڈکی +

ہاے ہوز مع لام

ہَل ع استفہام کا کلمہ ہے +
ہَل ف آغوش +
ہِل ف امر ہے ہلیدن سے - کھلی گنجائش - چھوٹی الائچی +
ہَلا ف آگاہ ہو - خبردار رہ - تنبیہ کا کلمہ ہے +
ہَلاک - ہلاکت ع نیست و نابود ہونا تلف ہونا - ضائع ہونا - مرنا - تلف کرنا +
ہلاکو ت نام ایک مشہور ظالم بادشاہ کا ہے - جس نے سنہ ۶۵۶ ہجری میں بغداد وغیرہ میں قتل عام کیا - یہ شخص تولی خاں کا بیٹا اور چنگیز خاں کا پوتا تھا - سنہ ۶۶۳ھ میں مر گیا +
ہلال ع ماہ نو - نیا چاند - پہلی رات کا چاند - مگر اس کا اطلاق "تین رات کے چاند تک" پر ہو سکتا ہے - یہ لفظ ماخوذ ہے ہَل سے جس کے معنی کمی و ضعیفی کے ہیں - فارسی والے بمعنی تراش ناخن بھی کہتے ہیں - اس کی جمع آہلّہ آتی ہے - مجازاً پیالہ +
ہلال ابرو ف محبوب +
ہلال معنبر ف محبوب کے ابرو معشوق کے بھوں +
ہلال منظراں ف خوبصورت حسین لوگ +
ہلال ہلال ہ ٹکڑے ٹکڑے - پارہ پارہ
ہلالی ف فارسی زبان کا ایک شاعر ہے جو خراسان کے بادشاہ عبداللہ خان اوزبک کا مقرب تھا - اور آخر کار اس کے حکم سے سنہ ۹۳۶ھ میں مارا گیا +
ہَلاہَل ف زہر قاتل جس کا کچھ علاج ہی نہ ہو +
ہلا ہلا ف آسان - سہل +
ہُلب ع سؤر کے بال +
ہُلک ع ہلاکی یا نیستی +
ہُلک ف ترازو کے پلڑے کی شکل کا چراغ جس سے دشمن پر پتھر مارتے ہیں +
ہَلمُم ف کرمان کے بچوں کی ایک کھیل کا نام ہے +
ہَلُمّ ع آؤ - بیا +
ہَل مِن مَزِید ع آیا کچھ اور بھی ہے؟ قرآن شریف میں یہ فقرہ دوزخ کی طرف سے بیان کیا گیا ہے - یعنی جس وقت سب گنہگار دوزخ میں جا چکیں گے تو وہ پکاریگی کہ کچھ اور بھی ہے؟ لاؤ +
ہَلناک ف برف +
ہَلہال ف چھلنی - غربال +
ہَلہَلہ ع آواز - نعرہ - للکار +
ہِلی ف امر کا صیغہ ہے - چھوڑ دے تو - بگذار - یہ مشتق ہے ہلیدن سے +
ہلیدن ف چھوڑنا +
ہَلیسَہ ف ایک ستون ہوتا ہے جس کے پاس کشتی کو زور کے ساتھ لوگ لاتے ہیں - اور اُس ستون میں رسّا ڈالکر اپنی طرف کھینچتے ہیں - تب کشتی کنارے پر جا لگتی ہے +
ہَلیَہ ف چھوٹا چمچہ +

ہاے ہوز مع میم

ہم ف بھی - نیز - ایضاً - دیگر اور ہمہ سب - یکدیگر - یکجا +
ہَمّ ع غم - اندوہ - اندیشہ - قصد کرنا +
ہُما ع ایک جانور کا نام ہے - جس کی نسبت مشہور ہے کہ جو آدمی اُس کے سایہ تلے آتا ہے - صاحب اقبال ہوتا ہے - بہمن شاہ ایران کی لڑکی کا نام ہے جو اُس کے بعد تخت نشین ہوئی دارا اسی کا بیٹا تھا +

ہماد ف ہمہ۔سب۔کُل +
ہمادی ف کلی۔ہمگی +
ہمار ف اندازہ۔گنتی +
ہمّار ع بہت بولنے والا۔بسیار گو +
ہمالا ف ہمیشہ۔دائم +
ہمارہ ف ہمیشہ۔اندازہ۔گنتی +
ہمّاس ع شیر۔درندہ +
ہُماس ف ہمتا۔شریک۔رفیق +
ہمال ع ہمتا۔مانند۔نظیر۔شریک +
ہُمام ع بزرگ۔ایک قوم کا سردار۔مہتر +
ہماں ف اصل اس کی ہم آن ہے یعنی وہ چیز۔اور۔دیگر۔بالضم غلط ہے +
ہمانا ف بیشک۔تحقیق۔یقیناً۔گویا۔شاید۔شبیہ۔نظیر +
ہم آواز ف وہ دو شخص جن کی آواز آپس میں موافق ہوں۔موافق۔رفیق۔موافقت +
ہم آور ف یمن یا شام کی ولایت۔وہ دو شخص جو ایک ہی کے غلام ہوں +
ہم آورد۔ہم نبرد۔ہماوند۔ف مقابل۔حریف۔سامنے۔کھڑا ہو کر جنگ کرنے والا۔ہمتا +
ہمائے سپیدۂ دین ع جناب رسول خدا صلعم
ہمایوں ف مرکب ہے ہُما اور یوں کلمہ نسبت سے۔مبارک۔خجستہ۔بابرکت۔ہندوستان کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے۔جو بابر کا بیٹا اور اکبر کا باپ تھا ۱۵۲۶ء سے ۱۵۵۶ء تک بادشاہت کی پھر خاندان سوری کے پہلے بادشاہ شیر شاہ سے شکست کھا کر ایران بھاگ گیا۔آخر کار ۱۵۵۶ء میں پھر ہندوستان فتح کر کے اسی سال فوت ہو گیا +
ہمایوں گاہ ف پایہ تخت +
ہمباز ف شریک۔ہمتا۔حریف +
ہمپا ف ہمراہ۔ساتھ +
ہم پشت ف مددگار +
ہم پشتی ف مدد۔اعانت +
ہمبر ف ہمراہ۔قرین۔نظیر۔برابر ہونا سامنے بیٹھنا +
ہمبو ف ہم خو۔ہم عادت۔ضحاک کے زمانے میں ایک عورت تھی جس نے اپنے بھائی کو ضحاک سے چھڑایا تھا +
ہم پنجگی ف مقابلہ کرنا۔لڑنا۔برابری +
ہمّت ع ارادہ۔قصد۔حوصلہ۔جرأت فکر۔مجازاً دعا +
ہمتا ف برابر۔مثل۔مانند +
ہمتازیاند ف وہ آدمی جو گھوڑا دوڑانے اور تاخت و تاراج کرنے میں شریک ہوں +
ہمّت خواستن ف مدد چاہنی۔یہ چاہنا کہ دعا مانگو۔دعا منگوانا +
ہم ترازو ف ہموزن۔ہم پلّہ۔برابر +
ہم تک ف رفیق۔رستہ میں چلنے والا۔ہمراہ۔ہم قدم +
ہم تنگ ف برابر۔موافق +
ہمچنیں ف اصل میں ہم چوں ایں ہے۔ایسا ہی۔اسی طرح +
ہم جنس ف ایک جنس کے۔ہم پیشہ۔ہم رتبہ +
ہم خوار ف پڑوسی۔ہمسایہ +
ہمچو ف حرف تشبیہ کا ہے۔مانند +
ہمچو روز ف روشن۔آشکار۔واضح +
ہمخانۂ مسیح ف سورج +
ہمخوابہ ف ساتھ سونے والی یا والا کیونکہ آخر کی ہا زائدہ ہے +
ہمخوے ف وہ شخص جس کی خو اپنے برابر ہو +
ہمداستاں ف ہم کلام اور ہم صحبت۔ہمراز۔راضی۔شاکر۔راضی ہونا۔شاکر ہونا +
ہمداماں۔ہمداماد ف دو شخص جو باہم ایک دوسرے کے ساڑھو ہوں۔ہمزلف +
ہمدان ف ایران کا ایک مشہور شہر ہے
ہمدان ع یمن کے ایک قبیلے کا نام ہے
ہمدست ف شریک۔رفیق۔متفق برابر۔ہم قدر۔ہم نشین۔ہم کار۔ہم پیشہ +
ہمدگر ف ایک دوسرے کے باہم +
ہمدل ف وہ شخص جو اپنے موافق دل رکھتا ہو +
ہمدم ف جو ہر وقت ساتھ رہے۔رفیق شراب پینے کا پیالہ۔وہ دو آدمی جو ملکر غوطہ لگائیں اور دونو کا دم ایک ہو +
ہم دیوار ف پڑوسی۔ہمسایہ +
ہم ذات ف جو اپنی ذات کا ہو +
ہمراد ف سخاوت و فیاضی میں برابر کے جوڑ کے آدمی +
ہمراز ف جو اپنا بھید جانتا ہو محرم راز +
ہمرافتہ ف مفہوم
ہمراہ ف ساتھی۔ساتھ چلنے والا شریک +
ہمراہی ف برابری۔مدد۔ساتھ +
ہمراہی کردن ف سننے میں برابری کا دعوے کرنا۔ساتھ دینا۔مدد کرنا +
ہمرس ف درم و دینار +
ہمرشتہ ف جو رشتہ میں برابر ہو
ہم رنگ ف جو ایک رنگ کا ہو +
ہمرو۔ہمراہ ف وہ مسافر جو ساتھ چلنے والا ہو +
ہمز ع آنکھ سے اشارہ کرنا۔عیب کرنا ہاتھ سے نچوڑنا +
ہمزات ع وسوسے +
ہمزاد ف جو ساتھ پیدا ہوا ہو۔ہم سن۔ہم سال۔سہیلی +
ہمزلف ف سالی کا خاوند۔جورو کی بہن کا خاوند۔ساڑھو +
ہم زبان ف ہم قول۔ہم کلام متفق +
ہمزہ ع آنکھ سے اشارہ کرنے والا اور عیب کرنے والا +
ہمزہ ع امزہ کا مبدل ہے +
ہمزۂ مسمار ف ٹیڑھی میخ +
ہمس ع آواز نرم۔آہٹ۔گھسگھس۔کھٹکا۔بھنک۔آواز کی نرمی
ہمساز ف موافق۔دوست۔یار
ہمسائگی ف پڑوس۔پڑوس پن +
ہمسایہ ف پڑوسی +
ہمسایۂ مسیح ف سورج +
ہم سبق ف ساتھ پڑھنے والا
ہمسر ف برابر۔جورو۔منکوحہ +

ہمسری ف برابری - زوجیت ہمرو بننا +

ہم سفر ف راہ کا ساتھی +

ہم سفران جاہل ف آدمی کا رُخ اور جسم +

ہم سُفرہ ف جو ہمراہ ایک دسترخوان پر کھاوے +

ہمسیلک ف سمدھی +

ہم سنگ ف برابر - ہم وزن +

ہمسراز ف ترجمہ +

ہم شکم ف توام - دو لڑکے جو اکٹھے ایک ہی ماں سے پیدا ہوں +

ہم شُوے ف وہ عورت جو دوسری عورت کے ساتھ خاوند میں شریک ہو +

ہمشیر - ہمشیرہ ف بہن +

ہم عناں ف ہمراہ - برابر +

ہم عیار ف ایکسا - ہم وزن - برابر +

ہم قدم ف ہمراہ - ہم سفر +

ہم قِراں ف یار و مصاحب +

ہم قلم ف ہم عہدہ - وہ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مقرر ہوں +

ہم کاسہ ف ہم پیالہ و ہم نوالہ +

ہمگاں ف سب - ہمہ - مجموع +

ہمگر ف جولاہہ - نسبت +

ہمگناں ف سب کے سب - تمام آدمی جمع ہے ہمگیں کی +

ہم گوشہ ف ہمجنس - ہمسایہ +

ہمگی - ہمگیں ف تمامی - تمام - سب

ہمکیشاں ف ہم مذہب لوگ - ایک ترکش میں رہنے والے (تیر) مجازاً ہم رتبہ +

ہم چشم ف جمع ہے ہم کیش کی +

ہِمم ع جمع ہے ہمت کی +

ہم مقیل ف ہمخوابہ +

ہم نفس ف رفیق - ہمکلام +

ہم نفس صبح قیامت ف مدت کا طویل ہونا - یعنی قیامت کی طرح بہت طویل ہے +

ہم نشست ف ہم نشین - ہم صحبت

ہم نشین ف پاس بیٹھنے والا مصاحب - مخلوقات اور موجودات کے سب باشندگاں سے مراد بھی ہے +

ہموار ف برابر - ایکسا - ہمیشہ - دائم +

ہموارہ ف ہمیشہ اصل میں ہم بارہ ہے یعنی سب دفعہ - ہر بار - سدا +

ہُمُوم ع جمع ہم کی +

ہمہ ف تمام - سب +

ہمہ داں ف سب کچھ جاننے والا +

ہمہ روزہ ف سدا - ہمیشہ +

ہمہ سال ف ہمیشہ +

ہَمہَمہ ع شیر درندہ کا گرجنا +

ہمیاں ف روپیوں کی تھیلی +

ہمیدوں ف مرکب ہے ہم (کہ مختصر) اور ایدوں (اس طرح) سے - اسی طرح یونہی +

ہائے ہوز مع نون

ہَن ف منت - احسان +

ہن ف ہے - ہست +

ہَنق ع اونٹنی کا شور و غل کرنا - آدمی کا رونا +

ہناہین ف گفتگو - آدمیوں کا ہجوم +

گھوڑوں کا ازجیب لشکر یا ایک جماعت سواروں جارہی ہو +

ہنایش ف تاثیر - اثر ہو گیا +

ہنباز ف انباز - شریک - نظیر +

ہنبان ف انبان - فقیروں کی زنبیل +

ہُنادہ ع سخت بھوکا ہونا - سخت بھوک +

ہنجار ف راہ - راستہ - مجازاً طرز روش - قاعدہ +

ہنجام ف نکما اور سُست آدمی +

ہنجیدن ف باہر کھینچ لینا - نکالنا +

ہند ف ملک ہندوستان - آدمیوں کے ایک گروہ کا نام ہے - ایک عورت کا نام بھی ہے +

ہَند ف ہستند - ہیں - راہ - طریق قاعدہ - قانون +

ہندبا ف تخم کاسنی +

ہندساں - ہندستاں ف مخفف ہندوستان +

ہندسہ ع یہ لفظ معرب اندازہ کا ہے نام ایک مشہور علم کا ہے جو علم ریاضی کی ایک شاخ ہے اور علم ریاضی علم حکمت کی ایک فرع ہے اسی علم کو اقلیدس کہتے ہیں +

ہندسہ داں ف علم ہندسہ جاننے والا - مہندس +

ہندو ف منسوب بہ ہند - واو واسطے نسبت کے ہے - چور - لوٹیرا - غلام نوکر +

ہندوانہ ف تربوز +

ہندوانہ افگندن ف نہایت خوف کھانا +

ہندوانہ درکون غلطانیدن ف نہایت ڈرانا +

ہندوانہ درکون غلطیدن ف سخت ڈرنا +

ہندویار ف ہندوستان - سیاہی کی دوات +

ہندوزن ف جادوگرنی عورت +

ہندوستان ف مشہور ملک کا نام ہے جو کوہ ہمالیہ کے جنوب پر ہمالیہ کے مغرب اور افغانستان وبلوچستان کے مشرق میں بحر ہند کے شمال کو واقع ہے اور تین احاطوں پر منقسم ہے بنگالہ - بمبئی - مدراس - اس کا دارالخلافہ کلکتہ ہے - مفصل حال جغرافیہ میں دیکھو +

ہندوکوہ ف کوہ ہندوکش +

ہندوی اژدہا ف تیغ ہندی +

ہندوے باریک بیں - ہندوے پیر ف ستارۂ زحل +

ہندوے دریا نشیں ف قلم +

ہندوے چرخ - ہندوے سپہر - ہندوے گنبد گرداں ف پاسبان - فلک - آسمان کا چوکیدار - ستارۂ زحل سے مراد ہے - جو سیاہ رنگ کا ساتویں آسمان پر ہے +

ہندی ف ہندوستان کی چیز - ہندوستان کا رہنے والا - ہندی تلوار - مطلق تلوار +

ہنر ف کاریگری - کمال +

ہنر پرور ف ہنرمند - اہل علم +

ہنگ ف قدرت - قوت - قصد -

ارادہ - دانا - عاقل - دانائی - ہوشیاری
قوم - قبیلہ - لشکر - سپاہ - صدمہ - شگاف
غار +
ہنگار ف جلدی - شتابی +
ہنگام ف وقت - ہنگامہ +
ہنگامہ ف ازدحام - لوگوں کا
انبوہ - وقت +
ہنگامۂ طفلاں ف دنیا +
ہنگامہ گیر ف بازیگر - وہ شخص جو
بازار میں بیٹھ کر دوائی یا تعویذات دینے
کے بہانے لوگوں سے کچھ لیا کرے +
ہنگفت ف سطبر - گندہ - غلیظ -
موٹا - غفص +
ہنگہ ف ہنگامہ کا مخفف ہے +
ہنود ع ہندو لوگ - جمع ہندو کی +
ہنوز ف ابھی - ابھی تک - اب تک - ابلہ
تا ہنوز کہنا غلط ہے +
ہنہ ف کیا یہ نہیں - نہیں تو +
ہنی ع رچتا ہوا - خوشگوار - بامزہ -
ہاضم - پسندیدہ +
ہنیغ ع بہت ہنسنے والی عورت +

ہائے ہوز مع واؤ

ہُوف غل - ہنگامہ مٹانے کی آواز +
ہُو ع نام خدائے تعالیٰ کا - خوف +
ہُو ع وہ - او +
ہوا ع جو ف فلک - یعنی وہ فضا جو
آسمان اور زمین کے درمیان ہے ایک
قسم کی مشہور گاس ہے جو کرۂ ارض کے
گرد چاروں طرف پچاس میل تک محیط ہے
اور آکسیجن اور ہیڈروجن سے
مرکب ہے - اور نیز ملے معنی ہیں -
آرزو - اشتیاق - دم - خیر خواہی
خواہش - حرص +
ہواف وامغاں کے پاس ایک قصبہ
ہے - جس کے پاس ایک ایسا چشمہ ہے
کہ اس میں مردار جا پڑے تو سخت
طوفان آتا ہے +
ہُواع خالی +
ہواپرست ف خواہشوں کو پینے
والا - خواہشوں کا بندہ - عیاش - مج
بیہودہ آدمی +
ہوا پست کردن ف خواہش کم کرنا
ہَواجس ع جمع ہے ہاجسہ کی خطرہ
شیطانی جو دل میں انسان کے گذرا کرتے
ہیں - وسوسے +
ہوا جوے ف طالب - عاشق +
ہوا خواہ ف خیر خواہ - دوست +
ہوا خوردن - ہوا یافتن ف
ہوا کا مزاج میں تصرف کرنا - ہوا کا مزاج
میں اثر کرنا +
ہوا خوردن بادہ ف شراب کی کیفیت
کا زائل ہو جانا +
ہوادار ف عاشق - ہوائی +
ہوادج ع جمع ہودج کی +
ہوا در گرہ بستن - ہوا پیمودن
ف لغو حرکت کرنی - بیہودہ کام کرنا +
ہوادی ف بڑا خیمہ - بارگاہ سلاطین +
ہوا گرفتن - ہوائی شدن
ف اُڑنا +
ہَوالک ع جمع ہے ہالک اور
ہلاک اور ہلکی - اور ہلک کی - مراد نیست
ہونے والے +
ہَوَالہ ع ہولناک +
ہَوامّ ع جمع ہامہ کی - حشرات الارض
کیڑے مکوڑے جیسے سانپ - بچھو - نیولا
چیونٹی - ہر ایک کاٹنے والا - کیڑا وغیرہ +
ہوان ع خواری - بے عزتی - ذلت +
ہوائی ع بیہودہ اور لغو کلام - غیر معین
محصول - معجب - عاشق - دوست آرزومند
بوالہوس - پریشان - ہوائی ایک قسم کی
آتشبازی بھی ہے جو مشہور ہے +
ہوبرہوبہ ف دوش - بغل - حمایت +
ہَوَج - ہَوَج ع نادانی - شتابی +
ہوخ ف بیت المقدس کا نام ہے +
ہوختن - ہوخیدن ف کھینچنا -
باہر نکالنا - آنا - ظاہر ہونا +
ہَود ع اونٹ کی کوہان +
ہُود ع ایک پیغمبر کا نام ہے جن کی بددعا
سے قوم عاد ہوا کے طوفان میں نیست ہو
گئی - قرآن کا ایک سورہ کا نام بھی ہے -
توبہ کرنا - پیچھے کی طرف پھرنا - دین سے
پھر جانا - یہودی بن جانا +
ہَودج ع اونٹ کا کجاوہ جس میں
عورتیں سوار ہوتی ہیں +
ہودل ف دد صد +
ہودہ ف کہہ - حق - درست - چنانچہ
بیہودہ بمعنی ناحق - باطل +
ہور ف آفتاب - بخت - نصیب - ایک
ستارہ کا نام ہے جس کا دورہ ایک
ہزار برس کا ہوتا ہے +
ہورخش ف سورج +
ہورمُز - ہورمَزد ف ستارہ مشتری +
ہَوَس ع ایک قسم کا جنون -
دیوانہ ہونا - فارسی میں آرزو - شوق
عشق خام +
ہوش ف دانائی - زیرکی - روح -
جان - دل - موت +
ہوش ف کر و فر - شان و شوکت
خود نمائی +
ہوشاف سُست - احدی - کم ہمت +
ہوشازیدن ف اونٹ - گھوڑے
وغیرہ جانوروں کا بہت پیاسا ہونا +
ہوشمند ف عقلمند - ہوش والا +
ہوشمندی ف عقلمندی +
ہوشنگ ف ہوش عقل - ایران
کے ایک خاندان پیشدادیاں میں سے
ایک بادشاہ کا نام ہے - جس کے باپ کا
نام سیامک اور دادا کا نام کیومرث تھا -
آگ - لوہا - اسی کے زمانہ میں ملا کانکنی
کے آلات تیار ہوئیں - ندیاں جاری
ہوئیں - عمارتیں تعمیر ہوئیں +
ہوشیار ف جو صاحب ہوش
ہو - چوکنا +
ہوشیاری ف خبرداری - ہوش رکھنا
ہوشیدن ف عقل کرنا - سمجھنا +
ہوغ ع بہت چیز - چیز بسیار +
ہوف ع گرم ہوا - سرد ہوا - دونوں
معنی میں آتا ہے +
ہول ف بلند - اونچا - راست
درست +
ہول ف خوف - ڈر - ڈرنا - کھیلنے
کا گیند +
ہَولاء ع یہ لوگ +

ہوشنگ ف نیلا اور کثیف آدمی +
ہولناک ف خوف کا بھرا ہوا +
ہولک ف ہاتھ پاؤں کے پھپولے۔ ہلاکت۔ خشک انگور +
ہولگی ف ڈرایا گیا۔ ہراساں مضطرب
ہولی ف بچھرا جس پر ابھی زین نہ رکھا ہو +
ہولی ہ ہندوؤں کا ایک تہوار ہے +
ہوم ف فریدون کی اولاد سے ایک شخص تھا جس نے افراسیاب کو گرفتار کر کے کیخسرو کے پاس پہنچایا +
ہومان ف پیران ویسہ سپہ سالار افراسیاب کے بھائی کا نام ہے۔ جو سہراب کے ساتھ ایران میں آیا تھا۔ اور آخر کار بیژن کے ہاتھ سے مقتول ہوا +
ہون ع آرام اور آہستگی۔ وقار نرمی سستی +
ہون ع خواری۔ بے عزتی۔ ذلت +
ہون ف تاکید اور استکراہ کا کلمہ ہے +
ہون ف ہل باہی ہوئی زمین۔ وہ زراعت جس میں پتھر اور مٹی کے ڈھیلے بہت ہوں +
ہون ۃ (دیوا معبد ولہ) ایک قسم کا سونے کا سکہ جو ملک دکن میں رائج ہے +
ہووف سوت۔ پنجابی سوکن +
ہوہو ع ہوں کا توں +
ہویت ع مرتبۂ وحدت وذات باری تعالیٰ لاہوت +
ہوے اول ف پہلی دفعہ +
ہویدا ف ظاہر۔ روشن۔ و +

ہائے ہوز مع یائے تحتانی

ہے ع تنبیہ کا کلمہ ہے۔ کبھی مقام تحسین میں بھی بولا جاتا ہے اور افسوس کا کلمہ بھی ہے۔ اور ہی اور دری میں ربط کا کلمہ۔ ہست کے معنی میں +
ہیئت ع صورت۔ شکل۔ ایک علم کا نام ہے۔ جس سے آسمان اجرام کے حرکات وغیرہ اور کرۂ زمین کیفیت کا حال معلوم ہوتا ہے
ہیاملہ ف ملک ہیتیال بادشاہوں کا لقب ہے +
ہیاسہ ع زوال +
ہیاکل ع جمع ہیکل کی +
ہیاہو ف شور وغوغا۔ غل غپاڑا +
ہیبت ع خوف۔ ڈر۔ رعب۔ دبدبہ +
ہیتال ف قوی اور توانا آدمی۔ بدخشاں میں ایک ولایت ہے
ہیتان ف جھوٹ۔
ہیج ع غبار۔ برانگیختہ ہونا +
ہیج ع برانگیزندہ +
ہیجا ع لڑائی۔ جنگ +
ہیجان ع برانگیختگی۔ ہیجان۔ برانگیختہ ہونا +
ہیچ ف کچھ۔ کچھ نہیں۔ تھوڑا سا۔ ذرا۔ نکما +
ہیچکارہ ف نالائق۔ بے فائدہ نکما کچھ کام کا نہیں +
ہیچکس ف کوئی آدمی۔ ناکس۔ نالائق
ہیچگونہ ف کسی طرح +
ہیچمدان ف نادان۔ بے علم +
ہیچ مرد ف مرد ضعیف وزبون +
ہیر ف آگ۔ عبادت +
ہیربد ف آتشکدہ کا مجاور۔ آتش پرستوں کا مفتی اور قاضی +
ہیرسا ف جنی مرد جو تمام عمر عورت کے پاس نہ گیا ہو +
ہیرک ف بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ +
ہیرمند ف عابد۔ گشتاسپ کا لقب ہے۔ سیستان میں ایک دریا ہے +
ہیز ف حمام کا ڈول۔ ہیجڑا۔ مخنث۔ پنجابی کھسرا +
ہیزم ف جلانے کی سوکھی لکڑی۔ ایندھن۔ بالن +
ہیزم تر فروختن۔ ہیمہ تر فروختن ف مکر وفریب کرنا +
ہیزم کش ف لکڑ ہارا۔ لکڑی لا کر بیچنے والا +
ہیش ف ہیچ۔ کتان کا بافتہ جو ہندوستان میں بنتا ہے۔ ہل جس سے زمین باہتے ہیں +
ہیصم ع شیر درندہ۔ پھاڑنے والا شیر
ہیص ع خوش ہونا +
ہیض ع سختی۔ درشتی چیز میں۔ مرغ کی بیٹ۔ سرگین انداختن۔ مرغ +
ہیضہ ع قے کرنا۔ طعام کا نہ پچنا +
ہیضہ زدن ف ہیضہ کرنا +
ہیف ع پیاس کی شدت۔ گرم ہوا ستم۔ ظلم +
ہیکر ف کمیت گھوڑا +
ہیکل ع جثہ۔ بزرگ۔ لمبے قد کا گھوڑا۔ شکوہ۔ عظمت۔ بلند عمارت۔ بتخانہ۔ صورت۔ شکل۔ تعویذ۔ بازو بند۔ حمائل +
ہیکل ع بیت المقدس جو اور شلیم میں ہے +
ہیکل الروم ع ملک روم کے ایک بتخانہ کا نام ہے +
ہیکل بستن ف قوت ہونا۔ مرنا +
ہیکل خاکی غبار ف آدمی کا بدن +
ہیل ع فرو ریختن +
ہیل ف الائچی سفید +
ہیلاج ف زائچہ۔ جنم پترہ +
ہیم ع سرگشتگی +
ہیام ع پیاسا اونٹ۔ شتر تشنہ +
ہیمہ ف جلانے کی سوکھی لکڑی +
ہیمان ع سرگشتگی۔ حیرانی +
ہیمہ ف جلانے کی لکڑیاں +
ہیمہ تر فروختن ف مکر وحیلہ کرنا +
ہیمیا ف علم طلسم +
ہیں ف سیلاب۔ ایک۔ چھوڑ۔ جلدی کر۔ خبردار ہو۔ زجر کا کلمہ بھی ہے +
ہیولا ع ہر شے کا مادہ۔ ہر چیز کی ماہیت۔ ہر شے کی اصل۔ بعض کے نزدیک یہ مرکب ہے۔ ہیئت اولیٰ را اصل شے ہے +
ہیولانی ع منسوب بہ ہیولا۔ اصلی مادہ +
ہیولائے اول ع جوہر اول +
ہیون ف اونٹ۔ گھوڑا۔ سانڈنی +
ہیہات ع دور ہوا۔ اسم فعل ہے +

بمعنی ماضی کے۔ یعنی یہ ایسا اسم ہے جس کے معنے ماضی کے لئے جاتے ہیں۔ مجازاً تاسّف کے مقام پر ہیہات ہیہات بولتے ہیں۔ یعنے افسوس کہ ہیں مقصود سے دور ہوا۔ فارسی والے حیرت و تعجب کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں +

باب الیاء

یائے تحتانی مع الف

یا ع اے یہ حرف ندا کا ہے +

یا ف عطف کا حرف ہے بمعنی یا تفصیل صرف کی کتب سے دیکھو +

یا اسفے ع اے افسوس۔ فریاد و آہ سے کنایہ ہے اور تعجب و تحیر کے مقام پر بھی بولا جاتا ہے +

یا اللہ ہو اے خدا +

یاب ف امر ہے یافتن سے یعنی پاؤ اور بمعنے یابندہ جیسے کامیاب۔ بہرہ یاب +

یابو ف وہ زمین یا گاؤں جو بادشاہ مستحقوں کو وجہ معاش کے لئے دیں سیورغال +

یابس ع سوکھا ہوا۔ خشک۔ خشکی کرنے والا +

یابشرے ع اے خوشخبری ہے اے عجب خوشخبری ہے +

یابوت گھوڑا بارکش۔ ٹٹو +

یاجوج و ماجوج ع عربی کی زبان میں ایک قوم کا نام ہے جو دو دا داؤں کی اولاد ہے ایک قوم کا نام ہے ایک یاجوج ایک ماجوج۔ ترکوں کے ملک سے لگتے تھے۔ اُن کا علاقہ ملتا تھا۔ اور وہ قوم میں ترکوں کے بھائی تھے۔ حذیفہ ابن یمان سے روایت ہے۔ کہ یاجوج ایک گروہ ہیں اور ماجوج ایک گروہ ہیں۔ ہر ایک گروہ چار چار ہزار گروہ ہیں۔ اور اُن میں سے کوئی مرد نہیں مرتا جب تک کہ اپنی اولاد میں ہزار مرد نہیں دیکھ لیتا۔ اور وہ اولاد ہتھیار اُٹھانے کے قابل نہیں ہوتی۔ اور وہ آدمؑ کی اولاد ہیں۔ لیکن آدم خور۔ ان کے قد ۱۲۰ گز کے ہوتے ہیں۔ اور کان بڑے لمبے یہ لوگوں کو سخت ایذا دیا کرتے تھے اِس واسطے سکندر ذوالقرنین نے ان کے درمیان ایک پہاڑ کی سی دیوار کھڑی کردی جس میں لوہے کے تختے سیسہ لگے ہیں اور درزوں میں تانبے کی سرخ لکیر۔ حضرت (صلعم) کے وقت میں روپے برابر سوراخ اُس میں پڑ گیا۔ اور حضرت عیسےٰ کے وقت میں ان کے پھر نکلنے کا وعدہ ہے۔ سب دنیا کو لڑائی سے عاجز کرینگے۔ آسمان پر تیر چلائینگے وہ لہو بھرے آوینگے۔ آخر حضرت عیسےٰ کی بددعا سے ایکبار سارے مر رہینگے۔ حال کے جغرافیہ دانوں نے اس جگہ کو ابھی نہیں دیکھا واللہ اعلم کہ اس سے۔ یا اس سے بطور استعارہ کچھ اور مطلب ہے +

یانستن ف کسی کام کا قصد کرنے ہاتھ ؟ ظاہر کرنا۔ باہر کھینچنا۔ پوچھنا

یاختہ ف کچا پکا ہوا۔ حجرہ۔ حمرہ مثل نند +

یاد ف خیال۔ حفظ۔ حافظہ۔ بیداری نقش و +

یاد آمدن ف یاد آنا +

یاد آوردن ف یاد کرنا +

یاد آوردن ف یاد کرنا +

یاد بود ف یادگار اور نشان جس سے انسان یاد جائے +

یاد بودن ف یاد ہونا +

یادداشت ف یاد رکھنے کا نشان۔ یاد

یادداشتن ف یاد رکھنا +

یادر ف ہر کسی مہینہ کا بارھواں دن

یاد کرد۔ کردن ف یاد کرنا۔ جینا +

یادگار۔ گاری ف تحفہ۔ ہدیہ نشان۔ مجازاً زند۔ اور یاد +

یاد گرفتن ف یاد رکھنا

یاد نداں ف بادشاہاں۔ خداوندان نسیان

یادہ ف قوت حافظہ +

یار ف دوست۔ مددگار۔ آشنا۔ یاون کا دستہ۔

یارا ف قوت قدرت۔ توانائی۔ طاقت حوصلہ۔ مجال۔ فرصت +

یاراپسند۔ یارا سفندر ف اسفندیار +

یاراں ف جمع ہے یار کی ارادہ کرتے ہوئے +

یارانہ ف دوستی کے طور پر دوستانہ

یارلسے ف چارہ۔ علاج۔ مدد۔ طاقت۔ حوصلہ +

یارب ع اے پروردگار۔ فارسی والے کبھی محل دعا میں اور کبھی مقام تعجب میں بھی استعمال کرتے ہیں +

یار باز ف چھنال عورت +

یارو ف بمعنی تواند +

یاری ف مددگار۔ معاون۔ مدد +

یارستن ف سکنا۔ طاقت پانا۔ ہاتھ بڑھانا +

یارفروشی ف تعریف کرنا۔ سراہنے سے مراد ہے +

یار غار ف سچا دوست۔ تکلیف میں بھی ساتھ نہ چھوڑنے والا۔ حضرت ابابکر صدیقؓ سے مراد ہے۔ جب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم مکہ کے کفار کے ستانے پر وہاں سے ہجرت کے ارادہ پر نکلے تو صرف حضرت ابوبکرؓ ان کے ساتھ تھے۔ رستے میں ایک غار کے اندر تین دن تک چھپے رہے۔ حضرت ابوبکرؓ آپ کی خدمت میں حاضر رہے۔ اور دل و جان سے خدمت میں مشغول رہے اور تکلیفیں سہہ گئے۔ اسیواسطے اُن کو یار غار کہتے ہیں +

یارق ف روشن۔ سفید +

یارک ف عورت رحم +

یارگی ف قدرت۔ توانائی۔ مجال فرصت +

یارمند ف دوست۔ مددگار +

یارنامہ ف نیک کام۔ نیکنامی +

یارہ ف کنگن۔ ایک ملیّن مرکب دوائی

ہوتی ہے۔ جو طبیب مسہل کے لئے دیتے ہیں۔ قوت۔ قدرت۔ مقدار۔ اندازہ +
یاری ف مددگاری کرنا۔ مدد کرنا۔ مجازاً دوستی۔ دو عورتیں جو ایک ہی مرد کے نکاح میں ہوں یا دو بھائیوں کی منکوحہ ہوں +
یاریگری ف مدد
یازاں ف حملہ کرتے ہوئے۔ ہاتھ بڑھاتے ہوئے۔ پیمائش کرتے ہوئے +
یازدن۔ یازیدن ف دست درازی کرنی۔ ہاتھ اٹھانا۔ قصد وارادہ کرنا +
یازدہ ف گیارہ +
یازدہم ف گیارھویں تاریخ۔ گیارھواں حصّہ۔ ۱/۱۱ +
یازدہ در ف بدن کے گیارہ منفذ اور مجری۔ کانوں کے دونوں سوراخ بینی کے دونوں سوراخ۔ آنکھوں کے دونوں مجری۔ منہ کے دونوں منفذ واسطہ پانی گذرنے اور تنفس (سانس لینے) کے آلۂ تناسل کے دونوں سوراخ۔ بول کرنے کا اور منی نکلنے کا۔ براز کا منفذ +
یازش ف قصد۔ ارادہ۔ بالیدگی دیرازی (درازی)
یازند ف شکل۔ ہیئت +
یازندہ ف کسی کام کرنے پر ہاتھ بڑھانے والا۔ ہاتھ اٹھانے والا۔ ارادہ کرنے والا +
یازہ ف لرزہ۔ کپکپی +
یازیدن ف بڑھنا۔ اگنا۔ ارادہ کرنا۔ بلند ہونا +
یاس ع بے امیدی۔ نراسی +
یاس ف مخفف یاسمن کا +
یاسا ت انتظام۔ قتل۔ غارت۔ قصاص +
یاساق رسم۔ قاعدہ۔ قانون +
یاساں ف لائق۔ سزاوار۔ عجم کے ایک پیغمبر کا نام بھی ہے +
یاسج ف پیکان والا تیر۔ وہ تیر جس پر بادشاہ کا نام لکھا ہو۔ دو پیکان کا تیر۔ نیزہ۔ مظلموں کی آہ +
یاسم۔ یاسمن۔ یاسموں۔ یاسمین ع چنبیلی۔ دو قسم کی ہوتی ہے سفید اور زرد۔ سفید بہتر ہوتی ہے اور مقوی دماغ ہے +
یاسہ ف آرزو۔ قانون محکم سیاست +
یاسین۔ یٰسین ع قرآن شریف کی ایک مشہور سورہ کا نام ہے۔ جس کے ابتدا میں یہی لفظ ہے۔ جس سے یا سید مراد ہے۔ جان کندن کے وقت بیمار کے پاس یہ سورت اکثر پڑھتے ہیں۔ رسول خدا صلعم کے اسمائے مبارک میں سے ایک ہے +
یاغ ع ف روغن +
یاغی ف دشمن۔ سرکش۔ نافرمان +
یاغی گری ف دشمنی۔ سرکشی۔ نافرمانی
یاف ف یاوہ +
یافت آباد ف ایران کے مغربی سرے پر سلیمانیہ کے قریب ایک شہر ہے +
یافتن ف پانا۔ حاصل کرنا +
یافتن بازی ف فریب کھانا +
یافتہ ف قبض الوصول۔ حجت اصل خط +
یافرف بازیگر۔ رقاص +
یافع ع جوان +
یافوخ ع بچے کا تالو جو شیر خوارگی کی حالت میں سر پر ہلا کرتا ہے۔ فارسی میں نرمۂ سر کو کہتے ہیں +
یافہ ف گم شدہ۔ ناپدید گشتہ۔ بیہودہ باتیں +
یافہ درائے ف بکواسی۔ بیہودہ بکنے والا
یاقوت ف خلیفہ مستعصم باللہ کے ایک غلام کا نام ہے۔ جو بڑا خوشنویس تھا۔ ایک قسم کا پلاؤ بھی ہے۔ جس کے چاول سرخ ہوتے ہیں۔ ایک جزیرے کا نام بھی ہے۔ ایک مشہور جوہر ہے جس کے چار قسم ہیں۔ سرخ۔ زرد۔ کبود۔ سفید۔ یاقوت سرخ ان سات رنگوں کا ہوتا ہے۔ بہرمانی۔ رمانی۔ ارغوانی۔ وردی۔ خمری۔ خلی۔ لحمی۔ اور بعضوں نے اس کی ایک قسم کبدی یا جگری بھی لکھی ہے +
یاقوت احمر ع سرخ یاقوت +
یاقوت خام ف محبوب کے ہونٹ +
یاقوت اسکندری ف وہ یاقوت جو سکندر کے ساتھ والوں نے ظلمات سے لوٹتے وقت اٹھائے تھے۔ اور کم اٹھانے سے پچھتائے تھے۔ بڑے بادشاہوں کے لائق یاقوت +
یاقوت جگری ف سرخ سیاہی مائل رنگ کا یاقوت +
یاقوت رمانی۔ یاقوت انار دانہ ع انار کے دانے جیسا سرخ یاقوت۔ عمدہ یاقوت۔ رمان انار کو کہتے ہیں +
یاقوت رواں ف سرخ شراب۔ اشک خونی +
یاقوت سربستہ ف لب خاموش سے کنایہ ہے +
یاقوت گرگانی ف گرگان (جرجان) کی کان کا یاقوت +
یاقوت مذاب ف شراب لعل۔ اشک خونی۔ خون +
یاقوت میدان دار ف مسطح ہموار یاقوت +
یاقوت ناسفتہ ف شفق سے مراد ہے +
یاقوت نوش ف پیالۂ شراب سے مراد ہے +
یاقہ ت کپڑے کا گریبان +
یاکند ف یاقوت +
یال ت گردن۔ گھوڑے کی گردن کے بال +
یال و کوپال ف شان و شوکت +
یالمتار ف عیالدار آدمی۔ کیونکہ یال کے معنی عیال کے بھی ہیں +
یالہ ف گائے کا سینگ +
یالیت ع اے کاشکے +
یالیت بینی و بینک بعد المشرقین ع کاشکے مجھ میں اور تجھ میں دوری دو مشرقوں (مشرق و مغرب) کی ہوتی +
یام۔ یامہ ف وہ گھوڑا جو منزل پر ڈاک کیواسطے رکھتے ہیں +
یاں ف ہذیان۔ بیماروں کی بیہوشی کی حالت کی بے تکی کلام۔ صوفیوں کی اصطلاح میں وہ چیز جس عالم غیب میں مشاہدہ ہو کشف +
یانع ع پکا ہوا میوہ +
یانہ ت طرف۔ جانب +
یاودال ف حرف ی جنتری میں برج دلو اور مشتری کی علامت ہے اور دال برج اسد اور عطارد کی +

یاور ف مددگار۔ہاون کا دستہ۔ہر مہینہ کا دسواں دن +
یاورِ توپخانہ ف توپخانہ کا افسر +
یاوری ف مددگاری۔مدد۔فتحمندی +
یاوگی ف گم ہونا۔بیہودگی +
یاوگیاں ف گمراہ لوگ +
یاوہ ف گم۔ناپدید۔بیہودہ۔ہرزہ +
یاوہ گو ف بیہودہ گو +
یاہو ف ایک قسم کے کبوتر کا نام ہے جو یاہو کی آواز کرتا ہے +
یاسے ف بیمار۔ناتندرست +
یاسے معکوس ف لمبی یاے جس کی یہ شکل ہے (ے) +

یائے تحتانی مع بائے موحدہ

یَبَ ف پیکان دار تیر +
یَباب ع خراب تیشک +
یبابت ف خراب۔غیر آباد +
یبروج۔یبروج الصنم ع مردم گیا۔لکھنی ایک گھاس کی جڑیں ہیں۔جو آپس میں گلے ملے ہوئے مرد اور عورت کی شکل کی ہوتی ہیں +
یُبس ع خشکی۔خشک ہونا +
یَبتاو ف منڈی۔گنج۔قافلہ۔متاع +
یُبوست ع خشکی +

یائے تحتانی مع تائے فوقانی

یتاق ت پاسبانی۔پہرہ۔چوکی +
یتاقی ت پاسبان۔پہرہ والا چوکیدار +
یتامے ع جمع ہے یتیم کی +

یتمش ت پہنچا۔پہنچ گیا +
یتورمش ت پہنچایا +
یتوع ع وہ درخت جس سے دودھ نکلے۔جیسے زقوم۔آک پیپل وغیرہ +
یتن ع وہ بچہ جو خلاف معمول پیدا ہو۔یعنی پیدا ہوتے وقت پہلے اس کے پاؤں باہر نکلیں +
یتیم ع وہ بچہ جس کی ماں یا باپ یا دونو نہ ہوں۔غلام۔چور۔بیمار۔چوپایہ۔بے نظیر +
یتیم خانہ ف چوروں اور عیاروں کا مسکن +
یتیم دریا ف بڑا موتی جس کے برابر کا نہ ہو +

یائے تحتانی مع ثائے مثلثہ

یثرب ع مدینہ منورہ کا نام ہے جہاں خاتم الانبیاء صلعم کا مزار مقدس ہے +

یائے تحتانی مع حائے حطی

یحییٰ ع ایک پیغمبر کا نام ہے۔اور ایک سخی کا نام ہے +
یحمور ع گورخر +
یحموم ع سیاہ دھواں +
یحییٰ برمکی ع ہارون الرشید خلیفہ بغداد کا وزیر تھا۔سخاوت و فضل میں بہت مشہور ہے ہارون اسی کی کوشش سے خلیفہ ہؤا۔اس لئے مدتوں پیچھے انتظام سلطنت میں مالک کل رہا +

یائے تحتانی مع خائے معجمہ

یخ ف یخ اور برف میں یہ فرق ہے کہ ہوا میں ملے ہوئے غیر مرئیہ بخارات جو یک لخت منجمد ہوکر چھوٹی چھوٹی سوئیاں سی بنکر گرتی ہیں۔وہ تو برف ہیں۔اور جب زمین کا پانی ہی سردی کی شدت سے جم جاتا ہے تو اسے یخ بولتے ہیں +
یخارچ ر حضرت عیسیٰؑ کی تصویر جو گرجا گھر کی دیوار پر بنی ہوتی ہے اور اس کے دھوون کا پانی تبرکاً اپنے پاس رکھتے ہیں +
یخچہ ف ژالہ۔اولہ۔پنجابی گڑا۔پتھرا +
یخ بستن ف یخ بندھنا +
یخ خوردن ف سرد مہری کرنا۔افسردہ دلی +
یخدان ف طعاموں اور حلوؤں کا صندوق +
یخ دربہشت ف ایک قسم کا حلوا ہے +
یخشی ت خوب۔بہتر۔نیک۔مبارک +
یخنی ف پختہ۔مطبوخ۔ذخیرہ جو کام آوے۔پکا ہؤا گوشت +
یخ گرفتہ ف یخ بستہ۔وہ جگہ جہاں یخ جمی ہوئی ہو +
یخ یخ ف ایک کلمہ ہے جو اونٹ والے اونٹ کو سلاتے وقت کہتے ہیں +

یائے تحتانی مع دال مہملہ

ید ع ہاتھ۔قدرت۔نعمت۔دولت۔نیکی۔ملک۔منت۔خواری +
ید بیضا۔ید بیضوی ع روشن اور سفید ہاتھ۔موسےٰ علیہ السلام کا ہاتھ جو بچپن میں آگ میں جل گیا تھا۔خدا تعالی نے اس کے عوض بطور معجزہ ان کا ہاتھ ایسا منور کردیا کہ جب اپنی بغل میں ڈالکر نکالتے تو سورج کی طرح روشن نظر آتا۔مجازاً کرامات۔خرق عادت +
ید بیضا نمودن ف معجزہ اور کرامات کھانی +
ید سفلے ع نچلا ہاتھ۔اس سے مانگنے کے لئے پھیلنے والا ہاتھ مراد ہے۔کیونکہ سائل کا ہاتھ دینے والے کے ہاتھ سے نیچا ہوتا ہے +
ید طولے ع بہت لمبا ہاتھ۔مجازاً مہارت کمال۔پوری پوری مہارت +
ید علیا ع اوپر کا ہاتھ۔اس سے بخشش کرنے والے کا ہاتھ مراد ہے جو سائل کے ہاتھ سے اوپر ہوتا ہے +
یدہ ف جادو اور سحر کے طور پر مینہ یا برف برسانی +
یدین ع ید کا تثنیہ ہے۔دونو ہاتھ

یائے تحتانی مع رائے مہملہ

یراف چین۔سلوٹ۔شکنج +
یُراش ع نہضت۔توجہ +
یراعہ ع جگنوں۔کرم شب تاب۔قلم کا نیزہ۔بد دل آدمی +
یراغ ق وہ گھوڑا جو سواری کثرت کے سبب اس قابل ہوگیا ہو کہ اس پر سوار ہوکر بہت جلدی کہیں سے کہیں چلے جایا کریں۔اتفاق۔مصلحت +
یراق ت لڑائی کا سامان۔ہتھیار۔مطلق سامان۔اسباب +
یُرت ت منزل +
یرغ ف سواری کیا ہؤا گھوڑا +
یرغات رہوار۔تیز رو +
یرغال ت کسی شخص کا اپنے بیٹے یا

متعلقین میں سے کسی اور شخص کو حاکموں کے سپرد کر دینا تاکہ وہ شخص حاکموں سے سرکشی نہ کر سکے۔ یا دا سے مالگذاری میں قصور نہ کرے ✤ اوّل

یرغوت سیاست۔ سرہنگ۔ کوتوال ✤

یرغہ ف تیز اور رہوار گھوڑا ✤

یرق ت گناہ ✤

یرقان ع آنکھوں اور بدن کی زردی یک بیماری کا نام ہے جس میں آنکھیں اور بدن زرد ہو جاتا ہے ✤

یرقانی ف یرقان والا۔ زرد شدہ۔ خزاں رسیدہ ✤

یرلیغ۔ یرلغ ت فرمان بادشاہی ✤

یرمرف انتظار ✤

یرمغان ف ارمغان ✤

یرمق ف درم و دینار ✤

یرملون ع علم قرأت کے ایک قاعدہ کی یادداشت کے لئے چھ حرفوں کو جمع کیا ہے اور وہ قاعدہ یہ ہے۔ کہ نون ساکن اور تنوین کے بعد جب کوئی حرف ان چھ حرفوں میں سے واقع ہوتا ہے تو اُس نون کو اُس حرف کی جنس سے ٹھیر اکر اُس میں ادغام کر دیتے ہیں۔ ی م ن و میں تو نون غنہ کرتے ہیں اور ل ر میں بے غنہ ✤

یرنا ف مہندی۔ حنا ✤

یروشلم عب علامتی کاروبار۔ ملک روم کے حصہ کنعان میں ایک مشہور شہر ہے۔ بیت المقدس وہیں ہے۔ جہاں اب مسجد الاقصےٰ حضرت عمرؓ کی بنوائی ہوئی موجود ہے۔ یہ شہر قدیم سے مسکن انبیاء بنی اسرائیل و معدن القائے مراتب جبرئیل چلا آتا ہے۔ اس کی عظمت دور سے دور تک مشہور ہے اس کی ہیکل نور جمال کبریائی سے معمور تھی۔ ۱ اول سلاطین ۸ باب ۱۰-۱۱ ✤

یرہ ت زمین ✤

یائے تحتانی مع زائے معجمہ

یزد ف شیراز کے نواح میں ایک شہر ہے ✤

یزدادی ف قیمہ جو مرغ کے بچے ہوئے انڈے پر ڈالیں۔ کوفتہ جس میں مرغ کا انڈا پکا ہو ✤

یزداں ف خدائے تعالےٰ۔ اسلام سے پہلے فارس والے دو خدا خیال کرتے تھے۔ فاعل خیر (نیک کام کرانے والے) کو یزداں کہتے تھے۔ اور فاعل شر (بُرے کام کرانے والے) کو اہرمن (شیطان) ✤

یزداں بخش ف ہُرمُزبن نوشیرواں کے وزیر کا نام ہے ✤

یزدجرد ف ایران کے دو بادشاہوں کا نام ہے۔ پہلا بہرام گور کا باپ ور بڑا ظالم تھا۔ اور دوسرا نوشیرواں کا پوتہ جو خلیفہ عمرؓ کے وقت میں شکست کھا کر اپنے ہی ملازموں کے ہاتھ سے مارا گیا ✤

یزدی ف منسوب بہ یزد۔ یزد کا رہنے والا ✤

یزک ت رات کو گشت کرنے والی فوج وہ سوار جو لشکر کی محافظت کریں۔ بکٹ فوج۔ مقدمۂ لشکر۔ پاسبان۔ چوکیدار۔ مطلق فوج۔ جاسوس ✤

یزکدار ف طلایہ فوج کا افسر ✤

یزکداری ف پاسبانی۔ حفاظت ✤

یزنہ ف بہن کا خاندان ✤

یزید ع معاویہ کے بیٹے کا نام ہے جو اپنے باپ کی وفات پر ۶۰ھ سے ۶۴ھ تک حکمران رہا۔ امام حسینؓ اسی کے حکم سے شہید ہوئے تھے۔ مکّہ اور مدینہ والو نے ۶۳ھ میں اس کے فسق و فجور کی وجہ سے اس کی اطاعت سے انحراف کیا اس لئے اس نے دونوں شہروں کی بے حرمتی کی۔ خلفائے مروانیہ میں عبدالملک کا بیٹا بھی تھا۔ جو ۱۰۲ھ سے ۱۰۵ھ تک حکمران رہا۔ ولید بن عبدالملک کے بیٹے کا نام بھی ہے۔ جو ۱۲۶ھ میں چھ مہینے کی حکومت کے بعد وبا میں مر گیا ✤

یائے تحتانی مع سین مہملہ

یسار ع تونگری۔ دولت۔ بایاں ہاتھ

یسار ف نامبارک آدمی۔ جس کا دیکھنا نامبارک ہو ✤

یسارت ع تونگری ✤

یساق ت مُہم۔ جنگ کی تیاری دیوان دربار۔ کچہری ✤

یسال ف پھولوں کا تاج جو تہوار کے دن سر پر رکھتے ہیں ✤

یسال۔ یسل ع فوج کا پرہ ✤

یساول ت سپر ترک۔ نقیب۔ چوبدار ✤

یُسر ع آسان ہونا۔ آسانی۔ تونگری ✤

یسیر ع تھوڑا۔ آسان ✤

یائے تحتانی مع شین معجمہ

یشب۔ یشپ۔ یشف ف ایک قیمتی پتھر ہے۔ جو سبزی مائل ہوتا ہے ✤

یشتن ف طعام کھاتے وقت کچھ پڑھنا پارسیوں کی ایک عبادت ہے ✤

یشک ف شبنم۔ قالص۔ کچلیاں ✤

یشم یشب کا معرب ہے ✤

یائے تحتانی مع صاد مہملہ

یصول ع حملہ کرتا ہے۔ ہلہ کرتا ہے ✤

یائے تحتانی مع عین مہملہ

یعسوب ع شہد کی مکھیوں کا سردار۔ جو نر اور تمام مکھیوں سے بڑا ہوتا ہے۔ اور سب اُس کی تابع ہوتی ہیں۔ مجازاً سرگروہ قوم۔ رانی مکھی ✤

یعسوب المؤمنین ع حضرت علیؓ خلیفہ چہارم کا لقب ہے ✤

یعقوب ع کبک نر۔ ایک مشہور پیغمبرؑ کا نام ہے۔ جو حضرت اسحاقؑ کے بیٹے اور حضرت یوسفؑ کے باپ تھے۔ اسرائیل بھی انہیں کو کہتے ہیں۔ امام ابو یوسفؒ شاگرد امام اعظم کا نام بھی ہے نصاریٰ کا ایک مجتہد بھی ہوا ہے۔ ایران میں یعقوب بن لیث خاندان صفاریان کا پہلا بادشاہ ہے جس نے خراسان میں اپنی حکومت بٹھائی ✤

یعنی ع مراد رکھتا ہے وہ - ارادہ رکھتا ہے وہ - مطلب - مراد - یہ لفظ عنایت مصدر سے صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا ہے - جس کے معنی قصد کرنے کے ہیں ٭

یعنی چہ ف براے چہ ٭

یعوق ع نوح علیہ السلام کی قوم کے بتوں میں سے ایک بت کا نام ہے جو گھوڑے کی شکل کا تھا ٭

یاے تحتانی مع غین معجمہ

یغام ف غول بیابانی ٭

یغلا - یغلاد - یغلادی - یغلو - یغلوے ف کرچھی ٭

یغما ف لوٹ - غارت - اور ترکستان میں ایک شہر کا نام ہے - جہاں پر معشوق بہت خوبصورت ہوتے ہیں ٭

یغمانار ف بہرام گور کی عورت کا نام ہے جو خاقان چین کی بیٹی تھی ٭

یغمائی ف غارت کی گئی - اور منسوب بیغما

یغوث ع نوح علیہ السلام کی قوم کا بت جو شیر کی صورت پر تھا ٭

یاے تحتانی مع فاے

یفاع ع بلند زمین ٭

یفج ف تھوک - وہ پانی جو کسی کے منہ سے بات کرتے وقت نکلے ٭

یفن ع بہت بوڑھا - پیر - فرتوت ٭

یاے تحتانی مع قاف

یقطین ع کدو کا درخت ٭

یقظ - یقظان ع بیدار - جاگتا ہوا ٭

یقظہ ع بیداری ٭

یقلمشت خوشش ٭

یقہ ف گریبان - کسی کے گریبان کو زور سے پکڑنا ٭

یقین ع بے شبہہ - جو کسی کے شک ڈالنے سے زائل نہ ہو - اور ظن اور مرگ کے معنی میں بھی آیا ہے ٭

یاے تحتانی مع کاف تازی

یک ف ایک ٭

یک اسپہ ف ایک گھوڑے والا - ایک اکیلا سوار - سورج ٭

یک انداز ف نکما سا تیر جو پھینکے جانے کے بعد تلاش کرنے کے قابل نہ ہو - چھوٹا سا تیر جو بہت دور جاتا ہے - پہاڑ اور دریا کا کنارہ جو اوپر سے نیچے تک ایسا ہموار ہو کہ وہاں چڑھ اتر نہ سکیں - یکساں ہموار ٭

یکایک ف دفعتہً - ہر ایک ٭

یک بارہ ف یکبارگی - دفعتہً - غافل ٭

یک نیمی ف یکبارگی - دفعتہً ٭

یک پشت ناخن ف بہت تھوڑا ٭

یک بین کشتی ف دین اسلام سے مراد ہے جس میں ہر ایک داخل ہو سکتا ہے ٭

یک بغل ف بہت - زیادہ - بمقدار ٭

یک بیک ف ہر ایک اور تمام ٭

یکتا ف ایک عدد - ایک تہ کا ایک کپڑا بھی ہے - خداے تعالے سے مراد ہے ٭

یکتار ف اندک - تھوڑا ٭

یک تنہ ف اکیلا - تنہا ٭

یک تہی ف ایک تہ کا کپڑا ٭

یک تیغ کردن ف درست اور برابر کرنا ٭

یک جہت ف متفق ٭

یک جہتی ف اتفاق ٭

یک چشم ف ایک آنکھ والا - کانا - ظاہر میں منافق - موحد - وہ شخص جس کو کم نظر آتا ہو - سورج ٭

یک چشمہ کار ف اچھا کام ٭

یک چشمی ف برے بھلے کو ایک نظر سے دیکھنا ٭

یک جلو ف تیز رو ٭

یک خانہ گشتن ف کمان کی ایک طرف کا غالب اور دوسری طرف کا مغلوب یعنی ٹیڑھا ہونا ٭

یک دانہ ف ایک قسم کا موتیوں کا ہار ہے - وہ جوہر جو بے مثل ہو - گردن بند ٭

یکدست ف یکساں ٭

یکدش ف دو چیزوں کا آپس میں ملنا - امتزاج - وہ گھوڑا جس کے ماں باپ دو رنگ نسلوں کے ہوں - انسان کا نفس خاصہ - محبوب - مطلوب ٭

یکدک ف نیم گرم پانی یا دودھ ٭

یکدل ف متفق ٭

یکدلہ ف متفق - موافق - بے ریا - بے نفاق - شجاع ٭

یکدانہ ف یکساں ٭

یکراں ف اچھا گھوڑا - گراں قیمت گھوڑا - اصیل گھوڑا - وہ گھوڑا جس کی گردن اور دم کے بال سفید ہوں - مطلق گھوڑا ٭

یکراں توسن ف سرکش گھوڑا ٭

یکرش ف آدھ گز - ایک قسم ٭

یکرشتہ ف موافق - متفق ٭

یک رقیب ف خداے تعالے ٭

یک رکابی ف وہ شخص جو گھوڑا دوڑ میں ہمرکاب ہو - کسی کام پر مستعد - کوتل گھوڑا ٭

یک رنگ ف سچے عقیدے کا آدمی - سچا دوست - پیارا دوست ٭

یکرنگی ف محبت - دوستی - اخلاص مندی ٭

یکرو ف مخلص - سچا دوست ٭

یکرو کردن ف دوستی چھوڑ دینا ٭

یکرویہ ف متفق - موافق - ظاہر - روشن ٭

یکروئی ف یکجہتی - اخلاص مندی ٭

یک رہ ف ایکبار - ایک دفعہ - بے نفاق - مخلص ٭

یک زبان ف ہم زبان - ہم قول - متفق ٭

یک زخم ف رستم کے دادے سام کا لقب ہے - جس نے ایک اژدہا کو ایک ہی زخم میں مار ڈالا تھا ٭

یکساں ف برابر - ہمیشہ ٭

یک سر - یکسرہ ف سراسر - بالکل - تمام - سب ٭

یک سوار - یک سوارہ ف اکیلا - تنہا - آزاد - چھڑا - یک اسپہ - اور آفتاب سے بھی مراد ہے ٭

یکسو شدن ف برگشتہ ہونا - الگ ہونا

یکسو کردن ف فیصل کرنا - یکسو کرنا

یکسوں - یکسونہ ف یکساں ٭

یکسو نہادن ف ایک طرف کو رکھ دینا -

چھوڑ دینا۔ الگ کر دینا ٭

یک نشست ف ہمنشین۔ ہم صحبت۔ رومصاحب ٭

یک صدی ذات ف ایک منصب ہے جس میں وہ لوگ شامل یا پانچ ہزار روپیہ مقرر ہوتے ہیں ٭

یک طرف فتادن ف مقابل ہونا ٭

یک قلم ف بالکل۔ تمام ٭

یک گرہ ف موافق۔ متفق ٭

یک نشست ف یک نشست ٭

یک نورد ف ایک طریق اور ایک طرز کے ٭

یکون ف ایک قسم کا ریشمی کپڑا ہے ٭

یکون ع ہوتا ہے ٭

یک نفس زدن ف کچھ کہنا ٭

یکہ تاز ف اکیلا دشمن پر حملہ کرنیوالا ٭

یکے ف ایک۔ یک ٭

یکیتا ف استاد۔ معلم ٭

یکے خوردن ف کسی کے دبدبے میں آکر اپنے تئیں چھوٹا سمجھنا۔ حیران ہو جانا ٭

یائے تحتانی مع کاف فارسی

یگاں ف واحد۔ ایک۔ اکیلا ٭

یگانہ ف اکیلا۔ بے مثل۔ بے مانند ٭

یگانہ گو ف سواحد آدمی ٭

یگونہ ف یک گونہ۔ یکساں ٭

یائے تحتانی مع لام

یل ف پہلوان۔ بہادر۔ آزاد ٭

یلاق ت ترکستان کے ایک بادشاہ کا نام ہے ٭

یلاق ت ٹھیکری جس میں کتے اور بلی کو دانہ پانی دیں ٭

یلمہ ع ایک قسم کی زرہ ہے جو کسی حیوان کے چمڑے سے بناتے ہیں ٭

یلچی ت راہبر۔ پیک۔ قاصد۔ راہ میں بیٹھنے والا۔ گداگر ٭

یلدا ع اندھیری اور لمبی رات سال بھر (وہ رات جو سب سے بڑی ہوتی ہے ۲۱۔ دسمبر کی رات۔ اسے اہل ایران اس منحوس سمجھتے ہیں ٭

یلدا گز ف قزل ارسلان شاہ ایران کے باپ کا نام ہے ٭

یلغار یلغر ف دشمن کی فوج پر دوڑنا اصل میں ایلغار تھا ٭

یلدرم ت بجلی۔ خاندان عثمانی جو روم پر ایک متسلط ہے اس کے ایک باقبال بادشاہ کا لقب ہے جس کا نام سلطان بایزید ہے اس نے ۷۹۱ھ سے ۸۰۵ھ تک سلطنت کی۔ یورپ میں بہت سی فتوحات حاصل کیں آخر کار تیمور کے ہاتھ گرفتار ہو کر مر گیا ٭

یلسپ ف وہ آدمی جو شادی کے لوازم کا انصرام کرے ٭

یلیلے ف ایک کلمہ ہے جو جوان لوگ خوشی کے وقت بولتے ہیں ٭

یلمسار ف تلوار کا میان میں کرنا ٭

یلمق | قبا۔ انگرکھا۔ پہلا
یلمہ ف | دوسرے کا معرب ہے ٭

یلوج ت پیغمبر ٭

یلہ ف رہا۔ آزاد۔ دوڑتا ہوا۔ فاحشہ عورت ٭

یلہ کردن ف رہا کرنا۔ آزاد کرنا ٭

یائے تحتانی مع میم

یم ع دریا ٭

یمام ع جنگلی کبوتر ٭

یماک ع ایک بادشاہ کا اور قیصر روم کے ایک غلام کا نام ہے ٭

یمانی ع منسوب بہ یمن ٭

یمک ف ایک حسن خیز شہر ہے۔ ایک بادشاہ کا نام بھی ہے ٭

یمکن ع ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے ٭

یمن۔ یمان ع عرب میں ایک ولایت ہے جو کعبہ کے یمین (دائیں طرف) ہے ٭

یمن ع مبارک ہونا۔ خجستہ ہونا ٭

یمہ ت خوراک ٭

یمین ع داہنا ہاتھ۔ دست راست۔ قسم۔ طاقت۔ عزت ٭

یمین الدولہ ع دولت کا دایاں ہاتھ دولت کی قوت۔ ایک خطاب ہے جو بادشاہوں کی طرف سے امیروں کو ملا کرتا ہے۔ اور امین الملۃ یمین الدولہ سلطان محمود غزنوی کا خطاب ہے جو قادر باللہ خلیفہ بغداد کی طرف سے اسے ملا تھا ٭

یمینہ ف میمنہ ٭

یائے تحتانی مع نون

ینابیع ع ینبوع کی جمع ہے ٭

ینبلو ف منڈی۔ قافلہ ٭

ینبوع ع چشمہ بزرگ ٭

ینگک ف آئین۔ روش ایک جزیرہ کا نام بھی ہے۔ ایک جانور بھی ہے ٭

ینگک ت آستین ٭

ینگا۔ ینگہ ت بھائی یا چچا کی زوجہ۔ کدبانو۔ مشاطہ ٭

ینگچریاں ت ینگی (یعنی نو) اور چریاں (جمع چری بمعنی فوج) سے مرکب ہے جماعت۔ بہادر۔ فوج بہادر۔ ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام بھی ہے۔ سلطان محمود غزنوی کے عہد میں ایک بڑی زبردست فوج اسی قبیلہ کی تھی اور یہ قبیلہ ایسا طاقت پکڑ گیا تھا کہ سرکار کو بھی کچھ خیال میں نہ لاتا تھا۔ اس لئے سلطان نے حکمت عملی سے آہستہ آہستہ ان کا زور گھٹانا شروع کیا اور آخر کو بالکل توڑ دیا ٭

یائے تحتانی مع واؤ

یوف ایک۔ واحد ٭

یواش ت کوتل گھوڑا ٭

یواقیت ع جمع ہے یاقوت کی

یوب ف قیمتی فرش یا بساط جسے بچھا کر گھر یا مکان کو سجائیں ٭

یوبہ ف آرزو۔ خواہش۔ تمنا ٭

یوپہ ف چوپاؤں کی وبا ٭

یوز ف چیتا۔ ایک جانور ٭

یوحہ ف قطرہ ٭

یوح۔ یوحنا ع آفتاب ٭

یوخہ ف جماع کی نہایت لذت ٭

یورت۔ یورٹ ت منزل۔ وطن ٭

یورت بیان کرتا ہے ٭

یورتگہ ت رہنے کی جگہ۔ گھر بار کی جگہ ٭

یورش یُرش ت دشمن پر حملہ کرنا - ہلہ کرنا - چڑھائی کرنی - کوچ کرنا ٭

یوزف چیتا - ڈھونڈنا - ڈھونڈنے والا ٭

یوزش ت صدمہ - سو ٭

یوزباشی ت یوز (بمعنی صد) اور باشی (سردار - افسر) سے مرکب ہے - سو آدمیوں کا افسر - میر صدی - ایک عہدہ کا نام ہے ٭

یوزہ ف درخشندہ کا تنہ ٭

یوزیدن ف طلب کرنا - ڈھونڈنا ٭

یوسف ع ایک پیغمبر کا نام ہے جو یعقوبؑ کے بیٹے اور دنیا میں اعلےٰ درجہ کے خوبصورت تھے - زلیخا انہیں پر عاشق تھی اور آخر ان کی بیوی بنی - وہ مصر کے بادشاہ کے وزیر تھے ٭

یوسف اروز - یوسف زرین رسن

یوسف زرین لقاب ف سورج ٭

یوسف گرگ مست ف محبوب ٭

یوسفی کردن ف بادشاہی کرنا ٭

یوسہ ف آرہ - ارہ ٭

یوش ف ڈھونڈنا - تلاش کرنا ٭

یوغ ت جوا ٭

یوفی ف بیہودہ گو ٭

یوقچی ت راہدار - محافظ راہ - ایلچی یول - (راہ) اور چی (کلمۂ محافظت) سے مرکب ہے - وہ فقیر جو بر سر راہ بیٹھکر مانگے ٭

یوم ع دن ٭

یوم الحساب - یوم النشور - یوم التناد ع روز قیامت ٭

یوم الباحور ع بحران کا دن - جو بیماری کے ابتدا سے ۵ یا ۷ یا ۹ یا ۱۱ یا ۱۴ یا ۱۷ یا ۱۹ یا ۲۰ یا ۲۱ یا ۲۴ یا ستائیسویں دن ہوتا ہے ٭

یوم یقوم الحساب ع جس دن حساب قائم ہوگا - روز قیامت ٭

یومیہ ع روزینہ - ہر روز کا معمولی ٭

یون ف فلوس - بندہ - نمدزین - رنگ ایک دریا کا نام بھی ہے ٭

یونان ف یورپ کے ایک مشہور ملک کا نام ہے جہاں اگلے زمانے میں بڑے حکیم گذرے ہیں - انتھینز اس کا دار الخلافہ ہے

یونت پیل ت سال اسپ جو ترکوں کا ایک سال ہے ٭

یونس ع متی کے بیٹے ایک پیغمبر کا نام ہے جن کو ذوالنون بھی بولتے ہیں - اس سبب سے کہ انہیں مچھلی نگل گئی تھی - اور بقول اصح تین رات دن مچھلی کے پیٹ میں رہے تھے اور پھر زندہ نکلکر اپنی قوم میں آئے عبد الحق ہیں انہیں یونس بن متی لکھا ہے - ان کا قصہ رسوم ہند میں مفصل مندرج ہے ٭

یونس در دہان ماہی شدن ف دن کا گذرنا اور رات کا آنا ٭

یوقی ف دیر - درنگ ٭

یوییدف قصد - ارادہ - عزم ٭

یائے تحتانی مع ہائے ہوز

یہود ع جمع یہودی - موسیٰ کی قوم ٭

یہودا ع یوسفؑ کے بڑے بھائی کا نام ہے اور اس کے لفظی معنی ہیں خدا کی تعریف کرو ٭

یہوداتہ ف زرد رنگ کے کپڑے کا ٹکڑا جو یہودی لوگ مسلمانوں سے متمیز ہونے کے لئے اپنے کپڑے پر سیتے ہیں ٭

یہوواہ ع (بدوواو) از خود موجود اسم ذات باری تعالےٰ اور اس کے معنی ہیں جو تھا اور جو ہے اور ہمیشہ تک ہیگا توریت میں یہ لفظ بجائے لفظ اللہ کے اسم ذات واقع ہوا ہے - اور خدا کے سوا اور کسی پر اس کا اطلاق نہیں ہوا - اور ترکیب اور تصریف سے کبھی مبرا ہے اس واسطے یہ زیادہ تر اس قابل ہے اسم ذات قرار دیا جائے ٭

یائے تحتانی مع یائے تحتانی

ییل ت سال - برس ٭

ییلان ت سانپ ٭

ییلاق ت ییل (گرمی) اور لاق (کلمۂ ظرف) سے مرکب ہے - موسم کاٹنے کی جگہ - سرد مقام - بخلاف قشلاق کے جو موسم زمستان کاٹنے کی جگہ ہوتی ہے ٭

لغات فیروزی خداوند کریم کے فضل و کرم سے ختم ہوئی

سنہ ۱۹۰۳ء

والحمد للہ علیٰ ذالک

LUGHAT-I-FEROZI,

A

PERSIAN DICTIONARY,

CONTAINING THE MEANINGS OF WORDS FROM THE ARABIC, PERSIAN, TURKISH AND OTHER LANGUAGES USED IN URDU.

COMPILED

Under the directions of Rai Sahib M. Gulab Singh & Sons, Publishers to the Punjab Education Department, and Managers. Central Book Depot, Punjab.

BY

Maulvi Muhammad Feroz-ud-din, Munshi Fazil, Head Persian Teacher, M. B. School, Sialkot *with the aid of Maulvi Ali Muhammad and M. Gulab Singh.*

Lahore:

RAI SAHIB MUNSHI GULAB SINGH & SONS,
Government Publishers and Booksellers.

1903.

3rd Edition. *Price* 2-8-0. *Bound* 3-0-0. *Postage* 0-8-0.

PRINTED AT THE MUFID-I-'AM PRESS, LAHORE.